کلمات و الفاظ کو ان کی جگہ سے بدل دیتے ہیں (تحریف کرتے ہیں) اور کہتے ہیں "ہم نے سنا" اور "نافرمانی کی" اور

اسْمَعْ غَيْرَ مُسْمَعٍ وَّرَاعِنَا لَيًّا بِاَلْسِنَتِهِمْ وَطَعْنًا فِى الدِّيْنِ ۭ وَلَوْ

اسْمَعْ	غَيْرَ	مُسْمَعٍ	وَّرَاعِنَا	لَيًّا	بِاَلْسِنَتِهِمْ	وَطَعْنًا	فِى الدِّيْنِ	وَلَوْ
سنو	نہ	سنوایا جائے	اور راعنا	موڑ کر	اپنی زبانوں کو	طعنہ کی نیت سے	دین میں	اور اگر

(کہتے ہیں ہماری) "سنو (تمہیں) نہ سنوایا جائے" اور "راعنا (کہتے ہیں)" اپنی زبانوں کو موڑ کر دین میں طعنے کی نیت سے، اور اگر

اَنَّهُمْ قَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا وَاسْمَعْ وَانْظُرْنَا لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ

اَنَّهُمْ	قَالُوْا	سَمِعْنَا	وَاَطَعْنَا	وَاسْمَعْ	وَانْظُرْنَا	لَكَانَ	خَيْرًا	لَّهُمْ
وہ	کہتے	ہم نے سنا	اور ہم نے اطاعت کی	اور سنیئے	اور ہم پر نظر کیجئے	تو ہوتا	بہتر	ان کے لئے

وہ کہتے "ہم نے سنا اور اطاعت کی" (اور کہتے) "سنیئے اور ہم پر نظر کیجئے" تو یہ ان کے لئے بہتر ہوتا،

وَاَقْوَمَ ۙ وَلٰكِنْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۴۶﴾

وَاَقْوَمَ	وَلٰكِنْ	لَّعَنَهُمُ	اللّٰهُ	بِكُفْرِهِمْ	فَلَا يُؤْمِنُوْنَ	اِلَّا	قَلِيْلًا
اور زیادہ درست	اور لیکن	ان پر لعنت کی	اللہ	انکے کفر کے سبب	پس ایمان نہیں لاتے	مگر	تھوڑے

اور زیادہ درست ہوتا، لیکن اللہ نے ان کے کفر کے سبب ان پر لعنت کی، پس وہ ایمان نہیں لاتے مگر تھوڑے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اٰمِنُوْا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِّمَا

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا الْكِتٰبَ	اٰمِنُوْا	بِمَا	نَزَّلْنَا	مُصَدِّقًا	لِّمَا
اے	وہ لوگ جو	کتاب دیئے گئے (اہل کتاب)	ایمان لاؤ	اس پر جو	ہم نے نازل کیا	تصدیق کرنے والا	جو

اے اہل کتاب! ایمان لاؤ اس پر جو ہم نے نازل کیا اس کی تصدیق کرنے والا جو

مَعَكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّطْمِسَ وُجُوْهًا فَنَرُدَّهَا عَلٰۤى اَدْبَارِهَاۤ اَوْ

مَعَكُمْ	مِنْ قَبْلِ	اَنْ	نَطْمِسَ	وُجُوْهًا	فَنَرُدَّهَا	عَلٰى	اَدْبَارِهَا	اَوْ
تمہارے پاس	اس سے پہلے	کہ	ہم مٹا دیں	چہرے	پھر الٹ دیں	پر	ان کی پیٹھ	یا

تمہارے پاس ہے، اس سے پہلے کہ ہم بہت سے چہرے مٹا ڈالیں (مسخ کر دیں) پھر ان چہروں کو الٹ دیں ان کی پیٹھ کی طرف، یا

نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّاۤ اَصْحٰبَ السَّبْتِ ۭ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ﴿۴۷﴾ اِنَّ

نَلْعَنَهُمْ	كَمَا	لَعَنَّا	اَصْحٰبَ السَّبْتِ	وَكَانَ	اَمْرُ	اللّٰهِ	مَفْعُوْلًا	اِنَّ
ہم ان پر لعنت کریں	جیسے	ہم نے لعنت کی	ہفتہ والے	اور ہے	حکم	اللہ	ہو کر رہنے والا	بیشک

ہم ان پر لعنت کریں جیسے "ہفتہ والوں" پر لعنت کی، اور اللہ کا حکم (پورا) ہو کر رہنے والا ہے۔ بیشک

اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَاۤءُ ۚ

اللّٰهَ	لَا يَغْفِرُ	اَنْ	يُّشْرَكَ بِهٖ	وَيَغْفِرُ	مَا	دُوْنَ ذٰلِكَ	لِمَنْ	يَّشَاۤءُ
اللہ	نہیں بخشتا	کہ	شریک ٹھہرائے اس کا	اور بخشتا ہے	جو	اس کے سوا	جس کو	وہ چاہے

اللہ (اس کو) نہیں بخشتا جو اس کا شریک ٹھہرائے، اور اس کے سوا جس کو چاہے بخش دے

وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدِ افْتَرٰۤى اِثْمًا عَظِيْمًا ﴿۴۸﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ

وَمَنْ	يُّشْرِكْ	بِاللّٰهِ	فَقَدِ افْتَرٰى	اِثْمًا	عَظِيْمًا	اَلَمْ تَرَ	اِلَى	الَّذِيْنَ
اور جو جس	شریک ٹھہرایا	اللہ کا	پس اس نے باندھا	گناہ	بڑا	کیا تم نے نہیں دیکھا	طرف (کو)	وہ جو کہ

اور جس نے اللہ کا شریک ٹھہرایا پس اس نے بڑا گناہ (بہتان) باندھا۔ کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا؟ جو

يُزَكُّوْنَ اَنْفُسَهُمْ ۭ بَلِ اللّٰهُ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَاۤءُ وَلَا يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ﴿۴۹﴾

يُزَكُّوْنَ	اَنْفُسَهُمْ	بَلِ	اللّٰهُ	يُزَكِّيْ	مَنْ	يَّشَاۤءُ	وَلَا يُظْلَمُوْنَ	فَتِيْلًا
پاک۔ مقدس کہتے ہیں	اپنے آپ کو	بلکہ	اللہ	مقدس بناتا ہے	جسے	وہ چاہتا ہے	اور ان پر ظلم نہ ہوگا	دھاگے برابر

جو اپنے آپ کو مقدس کہتے ہیں، بلکہ اللہ جسے چاہتا ہے مقدس بناتا ہے اور ان پر کھجور کی گٹھلی کے ریشہ کے برابر (دھاگہ کے برابر) بھی ظلم نہ ہوگا۔

اُنْظُرْ كَيْفَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ۭ وَكَفٰى بِهٖۤ اِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۵۰﴾ ع

اُنْظُرْ	كَيْفَ	يَفْتَرُوْنَ	عَلَى اللّٰهِ	الْكَذِبَ	وَكَفٰى	بِهٖ	اِثْمًا	مُّبِيْنًا
دیکھو	کیسا	باندھتے ہیں	اللہ پر	جھوٹ	اور کافی ہے	یہی	گناہ	صریح

دیکھو! اللہ پر کیسا جھوٹ (بہتان) باندھتے ہیں، اور یہی صریح گناہ کافی ہے۔

ع ۷ ۸ ۴

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يُؤْمِنُوْنَ بِالْجِبْتِ

اَلَمْ تَرَ	اِلَى	الَّذِيْنَ	اُوْتُوْا	نَصِيْبًا	مِّنَ	الْكِتٰبِ	يُؤْمِنُوْنَ	بِالْجِبْتِ
کیا تم نے نہیں دیکھا	طرف (کو)	وہ لوگ جو	دیا گیا	ایک حصہ	سے	کتاب	وہ مانتے ہیں	بُت (رجیع)

کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جنہیں کتاب کا ایک حصہ دیا گیا وہ مانتے ہیں بُتوں کو،

وَالطَّاغُوْتِ وَيَقُوْلُوْنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا هٰٓؤُلَآءِ اَهْدٰى مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

وَالطَّاغُوْتِ	وَيَقُوْلُوْنَ	لِلَّذِيْنَ + كَفَرُوْا	هٰٓؤُلَآءِ	اَهْدٰى	مِنَ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
اور سرکش (شیطان)	اور کہتے ہیں	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	یہ لوگ	راہِ راست پر	سے	جو لوگ ایمان لائے (مومن)

اور شیطان کو، اور کافروں کو کہتے ہیں کہ یہ مومنوں سے زیادہ راہِ

سَبِيْلًا ﴿۵۱﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ ۖ وَمَنْ يَّلْعَنِ اللّٰهُ فَلَنْ

سَبِيْلًا	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	لَعَنَهُمُ	اللّٰهُ	وَمَنْ	يَّلْعَنِ	اللّٰهُ	فَلَنْ
راہ	یہی لوگ	وہ لوگ جو	ان پر لعنت کی	اللہ	اور جس پر	لعنت کرے	اللہ	تو ہرگز نہیں

(راست) پر ہیں۔ یہی لوگ ہیں جن پر اللہ نے لعنت کی، اور جس پر اللہ لعنت کرے تو ہرگز

تَجِدَ لَهٗ نَصِيْرًا ﴿۵۲﴾ اَمْ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِّنَ الْمُلْكِ فَاِذًا لَّا يُؤْتُوْنَ

تَجِدَ لَهٗ	نَصِيْرًا	اَمْ	لَهُمْ	نَصِيْبٌ	مِّنَ	الْمُلْكِ	فَاِذًا	لَّا يُؤْتُوْنَ
تو پائے گا اس کا	کوئی مددگار	کیا	ان کا	کوئی حصہ	سے	سلطنت	پھر اس وقت	نہ دیں

تو اس کا کوئی مددگار نہیں پائے گا۔ کیا ان کے پاس سلطنت کا کوئی حصہ ہے؟ پھر اس وقت یہ نہ دیں

النَّاسَ نَقِيْرًا ﴿۵۳﴾ اَمْ يَحْسُدُوْنَ النَّاسَ عَلٰى مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ

النَّاسَ	نَقِيْرًا	اَمْ	يَحْسُدُوْنَ	النَّاسَ	عَلٰى	مَآ اٰتٰىهُمُ	اللّٰهُ
لوگ	تل برابر	یا	حسد کرتے ہیں	لوگ	پر	جو انہیں دیا	اللہ

لوگوں کو تل برابر بھی۔ یا لوگوں سے اس پر حسد کرتے ہیں جو اللہ نے انہیں دیا

مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَقَدْ اٰتَيْنَآ اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاٰتَيْنٰهُمْ

مِنْ	فَضْلِهٖ	فَقَدْ اٰتَيْنَا	اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ	الْكِتٰبَ	وَالْحِكْمَةَ	وَاٰتَيْنٰهُمْ
سے	اپنا فضل	سو ہم نے دیا	آلِ ابراہیمؑ	کتاب	اور حکمت	اور انہیں دیا

اپنے فضل سے، سو ہم نے دی ہے آلِ ابراہیمؑ کو کتاب اور حکمت، اور اُنہیں دیا ہے

مُّلْكًا عَظِيْمًا ﴿۵۴﴾ فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ بِهٖ وَ مِنْهُمْ مَّنْ صَدَّ عَنْهُ ؕ

عَنْهُ	صَدَّ	مَّنْ	وَ مِنْهُمْ	بِهٖ	مَّنْ اٰمَنَ	فَمِنْهُمْ	عَظِيْمًا	مُّلْكًا
اس سے	رُکا رہا	کوئی	اور ان میں سے	اس پر	کوئی ایمان لایا	پھر اُن میں سے	بڑا	مُلک

بڑا مُلک۔ پھر اُن میں سے کوئی اس پر ایمان لایا، اور ان میں سے کوئی رُکا رہا (ٹھٹکا رہا)،

وَكَفٰى بِجَهَنَّمَ سَعِيْرًا ﴿۵۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا سَوْفَ نُصْلِيْهِمْ نَارًا ؕ

نَارًا	نُصْلِيْهِمْ	سَوْفَ	بِاٰيٰتِنَا	كَفَرُوْا	الَّذِيْنَ	اِنَّ	سَعِيْرًا	بِجَهَنَّمَ	وَكَفٰى
آگ	ہم انہیں ڈالیں گے	عنقریب	ہماری آیتوں کا	کفر کیا	وہ لوگ	بیشک	بھڑکتی ہوئی آگ	جہنم	اور کافی

اور جہنم کافی ہے بھڑکتی ہوئی آگ۔ جن لوگوں نے کفر کیا بیشک انہیں ہم عنقریب آگ میں ڈال دیں گے،

كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ بَدَّلْنٰهُمْ جُلُوْدًا غَيْرَهَا لِيَذُوْقُوا الْعَذَابَ ؕ

الْعَذَابَ	لِيَذُوْقُوا	غَيْرَهَا	جُلُوْدًا	بَدَّلْنٰهُمْ	جُلُوْدُهُمْ	نَضِجَتْ	كُلَّمَا
عذاب	تاکہ وہ چکھیں	اس کے علاوہ	کھال	ہم بدل دیں گے	ان کی کھالیں	پک جائیں گی	جس وقت

جس وقت ان کی کھالیں پک (گل) جائیں گی ہم اس کے علاوہ (دوسری) بدل دیں گے تاکہ وہ عذاب چکھیں،

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۵۶﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

الصّٰلِحٰتِ	وَعَمِلُوا	اٰمَنُوْا	وَالَّذِيْنَ	حَكِيْمًا	عَزِيْزًا	كَانَ	اللّٰهَ	اِنَّ
نیک	اور اُنہوں نے عمل کئے	ایمان لائے	اور وہ لوگ جو	حکمت والا	غالب	ہے	اللہ	بیشک

بیشک اللہ غالب حکمت والا ہے۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک عمل کئے،

سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ

فِيْهَآ	خٰلِدِيْنَ	الْاَنْهٰرُ	مِنْ تَحْتِهَا	تَجْرِيْ	جَنّٰتٍ	سَنُدْخِلُهُمْ
اس میں	ہمیشہ رہیں گے	نہریں	ان کے نیچے	بہتی ہیں	باغات	عنقریب ہم انہیں داخل کرینگے

ہم عنقریب انہیں باغات میں داخل کریں گے جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں اور اس میں رہیں گے

اَبَدًا ؕ لَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ؗ وَّنُدْخِلُهُمْ ظِلًّا ظَلِيْلًا ﴿۵۷﴾

ظَلِيْلًا	ظِلًّا	وَنُدْخِلُهُمْ	مُّطَهَّرَةٌ	اَزْوَاجٌ	فِيْهَآ	لَهُمْ	اَبَدًا
گھنی	چھاؤں	اور ہم انہیں داخل کریں گے	پاک ستھری	بیبیاں	اس میں	ان کے لئے	ہمیشہ

ہمیشہ ہمیشہ، ان کے لئے اس میں پاک ستھری بیبیاں ہیں، اور ہم انہیں گھنی چھاؤں (سایہ) میں داخل کریں گے۔

إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُكُمْ أَنْ تُؤَدُّوا الْأَمٰنٰتِ إِلٰٓى أَهْلِهَا ۙ وَإِذَا

إِنَّ	اللّٰهَ	يَأْمُرُكُمْ	أَنْ	تُؤَدُّوا	الْأَمٰنٰتِ	إِلٰٓى	أَهْلِهَا	وَإِذَا
بیشک	اللہ	تمہیں حکم دیتا ہے	کہ	پہنچا دو	امانتیں	طرف (کو)	امانت والے	اور جب

بیشک اللہ تمہیں حکم دیتا ہے کہ امانتیں امانت والوں کو پہنچا دو، اور جب

حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ أَنْ تَحْكُمُوا بِالْعَدْلِ ۚ إِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا

حَكَمْتُمْ	بَيْنَ	النَّاسِ	أَنْ	تَحْكُمُوا	بِالْعَدْلِ	إِنَّ	اللّٰهَ	نِعِمَّا
تم فیصلہ کرنے لگو	درمیان	لوگ	تو	تم فیصلہ کرو	انصاف سے	بیشک	اللہ	اچھی

تم لوگوں کے درمیان فیصلہ کرنے لگو تو انصاف سے فیصلہ کرو۔ بیشک اللہ تمہیں اچھی

يَعِظُكُمْ بِهٖ ۗ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيعًا بَصِيرًا ﴿٥٨﴾ يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوٓا

يَعِظُكُمْ	بِهٖ	إِنَّ اللّٰهَ	كَانَ	سَمِيعًا	بَصِيرًا	يٰٓأَيُّهَا	الَّذِينَ	آمَنُوٓا
نصیحت کرتا ہے تمہیں	اس سے	بیشک اللہ	ہے	سننے والا	دیکھنے والا	اے	وہ لوگ جو	ایمان لائے (ایمان والے)

نصیحت کرتا ہے، بیشک اللہ سننے والا، دیکھنے والا ہے۔ اے ایمان والو!

أَطِيعُوا اللّٰهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ ۖ فَإِنْ تَنَازَعْتُمْ

أَطِيعُوا	اللّٰهَ	وَأَطِيعُوا	الرَّسُولَ	وَأُولِي الْأَمْرِ	مِنْكُمْ	فَإِنْ	تَنَازَعْتُمْ
اطاعت کرو	اللہ	اطاعت کرو	رسول	صاحب حکومت	تم میں سے	پھر اگر	تم جھگڑ پڑو

اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو رسولؐ کی اور اُن کی جو تم میں سے صاحب حکومت ہیں، پھر اگر تم جھگڑ پڑو

فِي شَيْءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُولِ إِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُونَ بِاللّٰهِ

فِي شَيْءٍ	فَرُدُّوهُ	إِلَى اللّٰهِ	وَ	الرَّسُولِ	إِنْ	كُنْتُمْ تُؤْمِنُونَ	بِاللّٰهِ
کسی بات میں	تو اسکو رجوع کرو	اللہ کی طرف	اور	رسول	اگر	تم ایمان رکھتے ہو	اللہ پر

کسی بات میں تو اس کو اللہ اور رسول کی طرف رجوع کرو، اگر تم ایمان رکھتے ہو اللہ پر

۸ ع۹ ۵

وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ۚ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَأَحْسَنُ تَأْوِيلًا ﴿٥٩﴾ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ

وَالْيَوْمِ	الْآخِرِ	ذٰلِكَ	خَيْرٌ	وَأَحْسَنُ	تَأْوِيلًا	أَلَمْ تَرَ	إِلَى	الَّذِينَ
اور روز	آخرت	یہ	بہتر	اور بہت اچھا	انجام	کیا تم نے نہیں دیکھا	طرف (کو)	وہ لوگ جو

اور یوم آخرت پر، یہ بہتر ہے اور اس کا انجام بہت اچھا ہے۔ کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا؟ جو

يَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ

يَزْعُمُوْنَ	اَنَّهُمْ	اٰمَنُوْا	بِمَآ اُنْزِلَ	اِلَيْكَ	وَمَآ اُنْزِلَ	مِنْ قَبْلِكَ
دعویٰ کرتے ہیں	کہ وہ	ایمان لائے	اس پر جو نازل کیا گیا	آپؐ کی طرف	اور جو نازل کیا گیا	آپ سے پہلے

دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ اس پر ایمان لے آئے جو آپؐ پر نازل کیا گیا اور جو آپؐ سے پہلے نازل کیا گیا

يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَحَاكَمُوْٓا اِلَى الطَّاغُوْتِ وَقَدْ اُمِرُوْٓا اَنْ يَّكْفُرُوْا بِهٖ ؕ

يُرِيْدُوْنَ	اَنْ	يَّتَحَاكَمُوْٓا	اِلَى	الطَّاغُوْتِ	وَقَدْ اُمِرُوْٓا	اَنْ	يَّكْفُرُوْا	بِهٖ
وہ چاہتے ہیں	کہ	مقدمہ لے جائیں	طرف (پاس)	طاغوت (سرکش)	حالانکہ انہیں حکم ہو چکا	کہ	وہ نہ مانیں	اس کو

وہ چاہتے ہیں کہ (اپنا) مقدمہ طاغوت (سرکش) شیطان کے پاس لے جائیں حالانکہ انہیں حکم ہو چکا ہے کہ وہ اس کو نہ مانیں

وَيُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّضِلَّهُمْ ضَلٰلًاۢ بَعِيْدًا ﴿۶۰﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ

وَيُرِيْدُ	الشَّيْطٰنُ	اَنْ	يُّضِلَّهُمْ	ضَلٰلًا	بَعِيْدًا	وَاِذَا	قِيْلَ	لَهُمْ
اور چاہتا ہے	شیطان	کہ	انہیں بہکا دے	گمراہی	دُور	اور جب	کہا جاتا ہے	انہیں

اور شیطان چاہتا ہے کہ انہیں بہکا کر دُور گمراہی (میں ڈال دے) اور جب انہیں کہا جاتا ہے

تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ رَاَيْتَ الْمُنٰفِقِيْنَ

تَعَالَوْا	اِلٰى	مَآ اَنْزَلَ	اللّٰهُ	وَاِلَى	الرَّسُوْلِ	رَاَيْتَ	الْمُنٰفِقِيْنَ
آؤ	طرف	جو نازل کیا	اللہ	اور طرف	رسولؐ	آپ دیکھیں گے	منافقین

کہ جو اللہ نے نازل کیا اس کی طرف آؤ اور رسولؐ کی طرف تو آپؐ منافقوں کو دیکھیں گے

يَصُدُّوْنَ عَنْكَ صُدُوْدًا ﴿۶۱﴾ فَكَيْفَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌۢ بِمَا

يَصُدُّوْنَ	عَنْكَ	صُدُوْدًا	فَكَيْفَ	اِذَا	اَصَابَتْهُمْ	مُّصِيْبَةٌ	بِمَا
ہٹتے ہیں	آپ سے	رُک کر	پھر کیسی	جب	انہیں پہنچے	کوئی مصیبت	اس کے سبب جو

کہ وہ رُک کر آپؐ سے ہٹتے ہیں (پہلوتہی کرتے ہیں) پھر کیسی (ندامت ہوگی) جب انہیں کوئی مصیبت پہنچے اس کے سبب

قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ثُمَّ جَآءُوْكَ يَحْلِفُوْنَ ۖ بِاللّٰهِ اِنْ اَرَدْنَآ اِلَّآ اِحْسَانًا

قَدَّمَتْ	اَيْدِيْهِمْ	ثُمَّ جَآءُوْكَ	يَحْلِفُوْنَ	بِاللّٰهِ	اِنْ	اَرَدْنَآ	اِلَّآ	اِحْسَانًا
آگے بھیجا	ان کے ہاتھ	پھر وہ آئیں آپ کے پاس	قسم کھاتے ہوئے	اللہ کی	کہ	ہم نے چاہا	سوائے (صرف)	بھلائی

جو اُن کے ہاتھوں نے آگے بھیجا پھر وہ آپؐ کے پاس اللہ کی قسم کھاتے ہوئے آئیں کہ ہم نے صرف بھلائی چاہی تھی،

وَّتَوْفِيْقًا ﴿۶۲﴾ أُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَعْلَمُ اللّٰهُ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۚ فَأَعْرِضْ

فَأَعْرِضْ	فِيْ قُلُوْبِهِمْ	مَا	يَعْلَمُ اللّٰهُ	الَّذِيْنَ	أُولٰٓئِكَ	وَتَوْفِيْقًا
تو آپ تغافل کریں	اُن کے دلوں میں	جو	اللہ جانتا ہے	وہ جو کہ	یہ لوگ	اور موافقت

اور موافقت - یہ لوگ ہیں کہ اللہ جانتا ہے جو ان کے دلوں میں ہے، تو آپ تغافل کریں

عَنْهُمْ وَعِظْهُمْ وَقُلْ لَّهُمْ فِيْٓ أَنْفُسِهِمْ قَوْلًا بَلِيْغًا ﴿۶۳﴾ وَمَآ أَرْسَلْنَا

أَرْسَلْنَا	وَمَا	قَوْلًا بَلِيْغًا	فِيْٓ أَنْفُسِهِمْ	لَّهُمْ	وَقُلْ	وَعِظْهُمْ	عَنْهُمْ
ہم نے بھیجا	اور نہیں	اثر کر جانے والی بات	ان کے حق میں	ان سے	اور کہیں	اور ان کو نصیحت کریں	ان سے

ان سے اور ان کو نصیحت کریں اور اُن سے ان کے حق میں اثر کر جانے والی بات کہیں۔ اور ہم نے نہیں بھیجا

مِنْ رَّسُوْلٍ إِلَّا لِيُطَاعَ بِإِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَلَوْ أَنَّهُمْ إِذْ ظَّلَمُوْٓا أَنْفُسَهُمْ

أَنْفُسَهُمْ	إِذْ ظَّلَمُوْٓا	أَنَّهُمْ	وَلَوْ	بِإِذْنِ اللّٰهِ	لِيُطَاعَ	إِلَّا	مِنْ رَّسُوْلٍ
اپنی جانوں پر	جب انہوں نے ظلم کیا	یہ لوگ	اور اگر	اللہ کے حکم سے	تاکہ اطاعت کی جائے	مگر	کوئی رسول

کوئی رسول مگر اس لئے کہ اللہ کے حکم سے اس کی اطاعت کی جائے، اور یہ لوگ جب انہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا تھا

جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا

لَوَجَدُوا	الرَّسُوْلُ	لَهُمُ	وَاسْتَغْفَرَ	اللّٰهَ	فَاسْتَغْفَرُوا	جَآءُوْكَ
تو وہ ضرور پاتے	رسول	ان کے لئے	اور مغفرت چاہتا	اللہ	پھر بخشش چاہتے	وہ آتے آپکے پاس

اگر آپ کے پاس آتے، پھر اللہ سے بخشش چاہتے اور ان کے لئے رسول (اللہ) سے مغفرت چاہتے تو وہ ضرور پاتے

اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ﴿۶۴﴾ فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ

يُحَكِّمُوْكَ	حَتّٰى	لَا يُؤْمِنُوْنَ	فَلَا وَرَبِّكَ	رَّحِيْمًا	تَوَّابًا	اللّٰهَ
آپ کو منصف بنائیں	جب تک	وہ مومن نہ ہوں گے	پس قسم ہے آپکے رب کی	مہربان	توبہ قبول کرنیوالا	اللہ

اللہ کو توبہ قبول کرنے والا مہربان۔ پس قسم ہے آپ کے رب کی وہ مومن نہ ہوں گے جب تک آپ کو منصف نہ بنائیں

فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ أَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ

قَضَيْتَ	مِّمَّا	حَرَجًا	فِيْٓ أَنْفُسِهِمْ	لَا يَجِدُوْا	ثُمَّ	بَيْنَهُمْ	شَجَرَ	فِيْمَا
آپ فیصلہ کریں	اس سے جو	کوئی تنگی	اپنے دلوں میں	وہ نہ پائیں	پھر	انکے درمیان	جھگڑا اٹھے	اس میں جو

اس جھگڑے میں جو ان کے درمیان اُٹھے، پھر وہ اپنے دلوں میں آپ کے فیصلہ سے کوئی تنگی نہ پائیں

وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴿۶۵﴾ وَلَوْ اَنَّا كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ اَنِ اقْتُلُوْا اَنْفُسَكُمْ

وَيُسَلِّمُوْا	تَسْلِيْمًا	وَلَوْ	اَنَّا كَتَبْنَا	عَلَيْهِمْ	اَنِ	اقْتُلُوْا	اَنْفُسَكُمْ
اور تسلیم کر لیں	خوشی سے	اور اگر	ہم لکھ دیتے (حکم کرتے)	اُن پر	کہ	قتل کرو	اپنے آپ

اور اُس کو خوشی سے (پوری طرح) تسلیم کر لیں۔ اور اگر ہم اُن پر لکھ دیتے (فرض کر دیتے) کہ اپنے آپ کو قتل کر ڈالو

اَوِ اخْرُجُوْا مِنْ دِيَارِكُمْ مَّا فَعَلُوْهُ اِلَّا قَلِيْلٌ مِّنْهُمْ ؕ وَلَوْ اَنَّهُمْ

اَوِ اخْرُجُوْا	مِنْ	دِيَارِكُمْ	مَا فَعَلُوْهُ	اِلَّا	قَلِيْلٌ	مِّنْهُمْ	وَلَوْ	اَنَّهُمْ
یا نکل جاؤ	سے	اپنے گھر	وہ یہ نہ کرتے	سوائے	چند ایک	اُن سے	اور اگر	یہ لوگ

یا اپنے گھر بار (چھوڑ کر) نکل جاؤ تو اُن میں سے چند ایک کے سوا وہ (کبھی ایسا) نہ کرتے۔ اور اگر یہ لوگ

فَعَلُوْا مَا يُوْعَظُوْنَ بِهٖ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَاَشَدَّ تَثْبِيْتًا ﴿۶۶﴾ وَّاِذًا

فَعَلُوْا	مَا	يُوْعَظُوْنَ	بِهٖ	لَكَانَ	خَيْرًا	لَّهُمْ	وَاَشَدَّ	تَثْبِيْتًا	وَّاِذًا
کریں	جو	نصیحت کی جاتی ہے	اس کی	البتہ ہو	بہتر	ان کیلئے	اور زیادہ	ثابت رکھنے والا	اور اس صورت میں

وہ کریں جس کی انہیں نصیحت کی جاتی ہے تو یہ ان کے لئے بہتر ہو اور (دین میں) زیادہ ثابت رکھنے والا ہو۔ اور اس صورت میں

لَّاٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ لَّدُنَّآ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۶۷﴾ وَّلَهَدَيْنٰهُمْ صِرَاطًا

لَّاٰتَيْنٰهُمْ	مِّنْ لَّدُنَّآ	اَجْرًا	عَظِيْمًا	وَ	لَهَدَيْنٰهُمْ	صِرَاطًا
ہم اُنہیں دیتے	اپنے پاس سے	ثواب	بڑا	اور	ہم انہیں ہدایت دیتے	راستہ

ہم انہیں اپنے پاس سے بڑا ثواب دیتے۔ اور انہیں سیدھے راستہ کی ہدایت دیتے۔

مُّسْتَقِيْمًا ﴿۶۸﴾ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ

مُّسْتَقِيْمًا	وَمَنْ	يُّطِعِ	اللّٰهَ	وَالرَّسُوْلَ	فَاُولٰٓئِكَ	مَعَ الَّذِيْنَ
سیدھا	اور جو	اطاعت کرے	اللہ	اور رسول	تو یہی لوگ	ان لوگوں کے ساتھ

اور جو اطاعت کرے اللہ اور رسول کی تو یہی لوگ ہیں ان لوگوں کے ساتھ

اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ

اَنْعَمَ	اللّٰهُ	عَلَيْهِمْ	مِّنَ	النَّبِيّٖنَ	وَالصِّدِّيْقِيْنَ	وَالشُّهَدَآءِ	وَالصّٰلِحِيْنَ
انعام کیا	اللہ	اُن پر	سے (یعنی)	انبیاء	اور صدیق	اور شہداء	اور صالحین

جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام کیا (یعنی) انبیاء، اور صدیق، اور شہداء، اور صالحین (نیک بندے)

وَحَسُنَ أُولٰٓئِكَ رَفِيقًا ﴿٦٩﴾ ذٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ

بِاللّٰهِ	وَكَفٰى	مِنَ اللّٰهِ	الْفَضْلُ	ذٰلِكَ	رَفِيقًا	أُولٰٓئِكَ	وَحَسُنَ
اللہ	اور کافی	اللہ سے	فضل	یہ	ساتھی	یہ لوگ	اور اچھے

اور یہ اچھے ساتھی ہیں۔ یہ اللہ کی طرف سے فضل ہے، اور اللہ کافی ہے

عَلِيمًا ﴿٧٠﴾ يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا خُذُوا حِذْرَكُمْ فَانْفِرُوا ثُبَاتٍ أَوِ

أَوِ	ثُبَاتٍ	فَانْفِرُوا	حِذْرَكُمْ	خُذُوا	الَّذِينَ + اٰمَنُوا	يٰٓأَيُّهَا	عَلِيمًا
یا	جُدا جُدا	پھر نکلو	اپنے بچاؤ، ہتھیار	لے لو	وہ لوگ جو ایمان لائے (ایمان والو)	اے	جاننے والا

جاننے والا۔ اے ایمان والو! اپنے بچاؤ (کا سامان ہتھیار) لے لو، پھر جُدا جُدا (دستوں کی صورت میں) یا

انْفِرُوا جَمِيعًا ﴿٧١﴾ وَإِنَّ مِنْكُمْ لَمَنْ لَيُبَطِّئَنَّ ۚ فَإِنْ أَصَابَتْكُمْ

أَصَابَتْكُمْ	فَإِنْ	لَيُبَطِّئَنَّ	لَمَنْ	مِنْكُمْ	وَإِنَّ	جَمِيعًا	انْفِرُوا
تمہیں پہنچے	پھر اگر	ضرور دیر لگا دے گا	وہ ہے جو	تم میں	اور بیشک	سب	نکلو (کوچ کرو)

سب اکٹھے ہو کر کوچ کرو۔ بیشک تم میں (کوئی ایسا بھی ہے) جو ضرور دیر لگا دے گا، پھر اگر تمہیں پہنچے

مُّصِيبَةٌ قَالَ قَدْ أَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيَّ إِذْ لَمْ أَكُنْ مَّعَهُمْ شَهِيدًا ﴿٧٢﴾

شَهِيدًا	مَعَهُمْ	لَمْ أَكُنْ	إِذْ	عَلَيَّ	اللّٰهُ	قَدْ أَنْعَمَ	قَالَ	مُّصِيبَةٌ
حاضر۔ موجود	ان کے ساتھ	میں نہ تھا	جب	مجھ پر	اللہ	بیشک انعام کیا	کہے	کوئی مصیبت

کوئی مصیبت تو کہے کہ اللہ نے مجھ پر انعام کیا کہ میں ان کے ساتھ نہ تھا۔

وَلَئِنْ أَصَابَكُمْ فَضْلٌ مِّنَ اللّٰهِ لَيَقُولَنَّ كَأَنْ لَّمْ تَكُنْ

لَّمْ تَكُنْ	كَأَنْ	لَيَقُولَنَّ	مِّنَ اللّٰهِ	فَضْلٌ	أَصَابَكُمْ	وَلَئِنْ
نہ تھی	گویا	تو ضرور کہے گا	اللہ سے	کوئی فضل	تمہیں پہنچے	اور اگر

اور تمہیں اللہ کی طرف سے کوئی فضل (نعمت) پہنچے تو ضرور کہے گا، گویا کہ (جیب کہ) نہ تھی

بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُ مَوَدَّةٌ يّٰلَيْتَنِي كُنْتُ مَعَهُمْ فَأَفُوزَ فَوْزًا عَظِيمًا ﴿٧٣﴾

عَظِيمًا	فَوْزًا	فَأَفُوزَ	مَعَهُمْ	كُنْتُ	يّٰلَيْتَنِي	مَوَدَّةٌ	وَبَيْنَهُ	بَيْنَكُمْ
بڑی	مُراد	تو مُراد پاتا	ان کے ساتھ	ہوتا	اے کاش میں	کوئی دوستی	اور اس کے درمیان	تمہارے درمیان

تمہارے اور اس کے درمیان کوئی دوستی "اے کاش! میں ان کے ساتھ ہوتا تو بڑی مُراد پاتا۔"

فَلْيُقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يَشْرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا

الدُّنْيَا	الْحَيٰوةَ	يَشْرُوْنَ	الَّذِيْنَ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	فِيْ	فَلْيُقَاتِلْ
دُنیا	زندگی	بیچتے ہیں	وہ جو کہ	اللہ کا راستہ	میں	سو چاہیئے کہ لڑیں

سو چاہیئے کہ اللہ کے راستہ میں لڑیں وہ لوگ جو دنیا کی زندگی بیچتے ہیں (قربان کرتے ہیں)

بِالْاٰخِرَةِ ؕ وَمَنْ يُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيُقْتَلْ اَوْ يَغْلِبْ

يَغْلِبْ	اَوْ	فَيُقْتَلْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	فِيْ	يُقَاتِلْ	مَنْ	وَ	بِالْاٰخِرَةِ
غالب آئے	یا	پھر مارا جائے	اللہ کا راستہ	میں	لڑے	جو	اور	آخرت کے بدلے

آخرت کے بدلے، اور جو اللہ کے راستہ میں لڑے پھر مارا جائے یا غالب آئے

فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۷۴﴾ وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

سَبِيْلِ اللّٰهِ	فِيْ	لَا تُقَاتِلُوْنَ	لَكُمْ	وَمَا	اَجْرًا عَظِيْمًا	نُؤْتِيْهِ	فَسَوْفَ
اللہ کا راستہ	میں	تم نہیں لڑتے	تمہیں	اور کیا	بڑا اجر	ہم اسے دیں گے	عنقریب

ہم عنقریب اسے بڑا اجر دیں گے۔ اور تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ تم اللہ کے راستہ میں نہیں لڑتے

وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ الَّذِيْنَ

الَّذِيْنَ	وَالْوِلْدَانِ	وَالنِّسَآءِ	الرِّجَالِ	مِنَ	الْمُسْتَضْعَفِيْنَ	وَ
جو	اور بچے	اور عورتیں	مرد (جمع)	سے	کمزور (بے بس)	اور

کمزور (بے بس) مردوں، اور عورتوں اور بچوں (کی خاطر) جو

يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا ۚ وَاجْعَلْ

وَاجْعَلْ	اَهْلُهَا	الظَّالِمِ	الْقَرْيَةِ	هٰذِهِ	مِنْ	اَخْرِجْنَا	رَبَّنَا	يَقُوْلُوْنَ
اور بنا دے	اس کے رہنے والے	ظالم	بستی	اس	سے	ہمیں نکال	اے ہمارے رب	کہتے ہیں (دعا)

دُعا کر رہے ہیں اے ہمارے رب! ہمیں اس بستی سے نکال جس کے رہنے والے ظالم ہیں اور بنا دے

لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۚ وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ﴿۷۵﴾

نَصِيْرًا	لَّدُنْكَ	مِنْ	لَّنَا	وَّاجْعَلْ	وَلِيًّا	لَّدُنْكَ	مِنْ	لَّنَا
مددگار	اپنے پاس	سے	ہمارے لئے	اور بنا دے	دوست (حمایتی)	اپنے پاس	سے	ہمارے لئے

ہمارے لئے اپنے پاس سے حمایتی اور بنا دے ہمارے لئے اپنے پاس سے مددگار۔

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُقَاتِلُوْنَ

اَلَّذِيْنَ + اٰمَنُوْا	يُقَاتِلُوْنَ	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	وَالَّذِيْنَ + كَفَرُوْا	يُقَاتِلُوْنَ
جو لوگ ایمان لائے (ایمان والے)	وہ لڑتے ہیں	میں	اللہ کا راستہ	وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا (کافر)	وہ لڑتے ہیں

ایمان لانے والے اللہ کے راستہ میں لڑتے ہیں اور کافر لڑتے ہیں

فِيْ سَبِيْلِ الطَّاغُوْتِ فَقَاتِلُوْٓا اَوْلِيَآءَ الشَّيْطٰنِ ۚ اِنَّ كَيْدَ الشَّيْطٰنِ

فِيْ	سَبِيْلِ	الطَّاغُوْتِ	فَقَاتِلُوْٓا	اَوْلِيَآءَ	الشَّيْطٰنِ	اِنَّ	كَيْدَ	الشَّيْطٰنِ
میں	راستہ	طاغوت (سرکش)	سو تم لڑو	دوست (ساتھی)	شیطان	بیشک	فریب	شیطان

طاغوت (سرکش مفسد) کے راستہ میں، سو تم شیطان کے ساتھیوں سے لڑو، بیشک شیطان کا فریب

۱۰ ع ۶ ۷

كَانَ ضَعِيْفًا ﴿٧٦﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ قِيْلَ لَهُمْ كُفُّوْٓا اَيْدِيَكُمْ وَ

كَانَ	ضَعِيْفًا	اَلَمْ تَرَ	اِلَى	الَّذِيْنَ	قِيْلَ	لَهُمْ	كُفُّوْٓا	اَيْدِيَكُمْ	وَ
ہے	کمزور (بودا)	کیا تم نے نہیں دیکھا	طرف	وہ لوگ جو	کہا گیا	ان کو	روک لو	اپنے ہاتھ	اور

کمزور (بودا) ہے۔ کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا؟ جنہیں کہا گیا اپنے ہاتھ روک لو، اور

اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۚ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ اِذَا

اَقِيْمُوا	الصَّلٰوةَ	وَاٰتُوا	الزَّكٰوةَ	فَلَمَّا	كُتِبَ + عَلَيْهِمُ	الْقِتَالُ	اِذَا
قائم کرو	نماز	اور ادا کرو	زکوٰۃ	پھر جب	ان پر فرض ہوا	لڑنا (جہاد)	ناگہاں (تو)

نماز قائم کرو، اور زکوٰۃ ادا کرو، پھر جب اُن پر جہاد فرض ہوا، تو

فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْيَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْيَةً ۚ

فَرِيْقٌ	مِّنْهُمْ	يَخْشَوْنَ	النَّاسَ	كَخَشْيَةِ	اللّٰهِ	اَوْ	اَشَدَّ	خَشْيَةً
ایک فریق	ان میں سے	ڈرتے ہیں	لوگ	جیسے ڈر	اللہ	یا	زیادہ	ڈر

ان میں سے ایک فریق لوگوں سے ڈرتا ہے، جیسے اللہ کا ڈر ہو یا اس سے بھی زیادہ ڈر،

وَقَالُوْا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ عَلَيْنَا الْقِتَالَ ۚ لَوْلَآ اَخَّرْتَنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۭ

وَقَالُوْا	رَبَّنَا	لِمَ كَتَبْتَ	عَلَيْنَا	الْقِتَالَ	لَوْ	لَآ اَخَّرْتَنَآ	اِلٰٓى	اَجَلٍ	قَرِيْبٍ
اور وہ کہتے ہیں	اے ہمارے رب	تو نے کیوں لکھا	ہم پر	لڑنا (جہاد)	کیوں	نہ ہمیں ڈھیل دی	تک	مدت	تھوڑی

اور وہ کہتے ہیں اے ہمارے رب! تو نے ہم پر جہاد کیوں فرض کر دیا ہمیں اور تھوڑی مدت کیوں نہ مہلت دی؟

قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيلٌ ۚ وَالْآخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ اتَّقَىٰ وَلَا تُظْلَمُونَ

لَا تُظْلَمُونَ	وَ	لِمَنِ اتَّقَىٰ	خَيْرٌ	وَالْآخِرَةُ	قَلِيلٌ	الدُّنْيَا	مَتَاعُ	قُلْ
نہ تم پر ظلم ہوگا	اور	پرہیزگار کے لئے	بہتر	اور آخرت	تھوڑا	دنیا	فائدہ	کہدیں

کہدیں، دنیا کا فائدہ تھوڑا ہے، اور آخرت بہتر ہے پرہیزگار کے لئے، اور تم پر ظلم نہ ہوگا

فَتِيلًا ﴿۷۷﴾ أَيْنَ مَا تَكُونُوا يُدْرِككُّمُ الْمَوْتُ وَلَوْ كُنتُمْ فِي بُرُوجٍ

فِي بُرُوجٍ	وَلَوْ كُنتُمْ	الْمَوْتُ	يُدْرِككُّمُ	تَكُونُوا	أَيْنَ مَا	فَتِيلًا
برجوں میں	اگرچہ تم ہو	موت	تمہیں پالے گی	تم ہوگے	جہاں کہیں	دھاگے برابر

دھاگے برابر (بھی)۔ تم جہاں کہیں ہوگے موت تمہیں پالے گی، اگرچہ تم ہوگے

مُّشَيَّدَةٍ ۗ وَإِن تُصِبْهُمْ حَسَنَةٌ يَقُولُوا هَٰذِهِ مِنْ عِندِ اللَّهِ ۖ

عِندِ اللَّهِ	مِنْ	هَٰذِهِ	يَقُولُوا	حَسَنَةٌ	تُصِبْهُمْ	وَإِن	مُّشَيَّدَةٍ
اللہ کے پاس (طرف)	سے	یہ	وہ کہتے ہیں	کوئی بھلائی	انہیں پہنچے	اور اگر	مضبوط

مضبوط برجوں میں، اور اگر انہیں کوئی بھلائی پہنچے تو وہ کہتے ہیں یہ اللہ کی طرف سے ہے

وَإِن تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَقُولُوا هَٰذِهِ مِنْ عِندِكَ ۚ قُلْ كُلٌّ مِّنْ

مِّنْ	كُلٌّ	قُلْ	عِندِكَ	مِنْ	هَٰذِهِ	يَقُولُوا	سَيِّئَةٌ	تُصِبْهُمْ	وَإِن
سے	سب	کہدیں	آپ کی طرف سے	سے	یہ	وہ کہتے ہیں	کچھ برائی	انہیں پہنچے	اور اگر

اور اگر انہیں کچھ برائی پہنچے تو کہتے ہیں یہ آپ کی طرف سے ہے۔ آپ کہدیں سب کچھ

عِندِ اللَّهِ ۖ فَمَالِ هَٰؤُلَاءِ الْقَوْمِ لَا يَكَادُونَ يَفْقَهُونَ حَدِيثًا ﴿۷۸﴾

عِندِ اللَّهِ	فَمَالِ	هَٰؤُلَاءِ	الْقَوْمِ	لَا يَكَادُونَ	يَفْقَهُونَ	حَدِيثًا
اللہ کے پاس (طرف)	تو کیا ہوا	اس	قوم	نہیں لگتے	کہ سمجھیں	بات

اللہ کی طرف سے ہے، اس قوم کو (ان لوگوں کو) کیا ہوگیا ہے کہ یہ بات سمجھتے نہیں لگتے (بات سمجھتے معلوم نہیں ہوتے)

مَّا أَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللَّهِ ۖ وَمَا أَصَابَكَ مِن سَيِّئَةٍ

مِن سَيِّئَةٍ	أَصَابَكَ	وَمَا	فَمِنَ اللَّهِ	مِنْ حَسَنَةٍ	أَصَابَكَ	مَا
کوئی برائی	تجھے پہنچے	اور جو	سو اللہ سے	کوئی بھلائی	تجھے پہنچے	جو

جو تمہیں کوئی بھلائی پہنچے سو وہ اللہ کی طرف سے ہے، اور جو تمہیں کوئی برائی پہنچے

فَمِنْ نَّفْسِكَ ؕ وَاَرْسَلْنٰكَ لِلنَّاسِ رَسُوْلًا ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ

فَمِنْ + نَّفْسِكَ	وَاَرْسَلْنٰكَ	لِلنَّاسِ	رَسُوْلًا	وَكَفٰى	بِاللّٰهِ
تو تیرے نفس سے	اور ہم نے تمہیں بھیجا	لوگوں کے لئے	رسول	اور کافی ہے	اللہ

تو وہ تمہارے نفس سے ہے، اور ہم نے تمہیں لوگوں کے لئے رسول بنا کر بھیجا ہے۔ اور اللہ کافی ہے

شَهِيْدًا ﴿۷۹﴾ مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ۚ وَمَنْ تَوَلّٰى فَمَآ

شَهِيْدًا	مَنْ	يُّطِعِ	الرَّسُوْلَ	فَقَدْ اَطَاعَ	اللّٰهَ	وَمَنْ	تَوَلّٰى	فَمَآ
گواہ	جو۔جس	اطاعت کی	رسول	پس تحقیق اطاعت کی	اللہ	اور جو جس	روگردانی کی	تو نہیں

گواہ۔ جس نے رسول کی اطاعت کی پس تحقیق اس نے اللہ کی اطاعت کی، اور جس نے روگردانی کی تو

اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ﴿۸۰﴾ وَيَقُوْلُوْنَ طَاعَةٌ ۫ فَاِذَا بَرَزُوْا

اَرْسَلْنٰكَ	عَلَيْهِمْ	حَفِيْظًا	وَيَقُوْلُوْنَ	طَاعَةٌ	فَاِذَا	بَرَزُوْا
ہم نے آپ کو بھیجا	ان پر	نگہبان	اور وہ کہتے ہیں	(ہم نے) حکم مانا	پھر جب	باہر جاتے ہیں

ہم نے آپ کو ان پر نگہبان نہیں بھیجا۔ وہ (منہ سے تو) یہ کہتے ہیں کہ ہم نے مانا، پھر جب باہر جاتے ہیں

مِنْ عِنْدِكَ بَيَّتَ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ غَيْرَ الَّذِىْ تَقُوْلُ ؕ وَاللّٰهُ

مِنْ	عِنْدِكَ	بَيَّتَ	طَآئِفَةٌ	مِّنْهُمْ	غَيْرَ الَّذِىْ	تَقُوْلُ	وَاللّٰهُ
سے	آپ کے پاس	رات کو مشورہ کرتا ہے	ایک گروہ	اُن سے	اس کے خلاف جو	کہتے ہیں	اور اللہ

آپ کے پاس سے تو ان میں سے ایک گروہ رات کو اس کے خلاف مشورہ کرتا ہے جو وہ کہہ چکے اور اللہ

يَكْتُبُ مَا يُبَيِّتُوْنَ ۚ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ

يَكْتُبُ	مَا يُبَيِّتُوْنَ	فَاَعْرِضْ	عَنْهُمْ	وَتَوَكَّلْ	عَلَى اللّٰهِ	وَكَفٰى	بِاللّٰهِ
لکھ لیتا ہے	جو وہ رات کو مشورے کرتے ہیں	منہ پھیر لیں	اُن سے	اور بھروسہ کریں	اللہ پر	اور کافی ہے	اللہ

لکھ لیتا ہے جو وہ رات کو مشورے کرتے ہیں، آپ اُن سے منہ پھیر لیں اور اللہ پر بھروسہ کریں، اور اللہ کافی ہے

وَكِيْلًا ﴿۸۱﴾ اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ ؕ وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ

وَكِيْلًا	اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ	الْقُرْاٰنَ	وَلَوْ كَانَ	مِنْ	عِنْدِ	غَيْرِ اللّٰهِ
کارساز	پھر کیا وہ غور نہیں کرتے؟	قرآن	اور اگر ہوتا	سے	پاس	اللہ کے سوا

کارساز۔ پھر کیا وہ قرآن پر غور نہیں کرتے؟ اور اگر اللہ کے سوا کسی اور کے پاس سے ہوتا

لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا ۝۸۲ وَاِذَا جَآءَهُمْ اَمْرٌ مِّنَ الْاَمْنِ اَوِ

لَوَجَدُوْا	فِيْهِ	اخْتِلَافًا	كَثِيْرًا	وَاِذَا	جَآءَهُمْ	اَمْرٌ	مِّنَ	الْاَمْنِ	اَوِ
ضرور پاتے	اس میں	اختلاف	بہت	اور جب	انکے پاس آتی ہے	کوئی خبر	سے (کی)	امن	یا

تو اس میں ضرور بہت اختلاف پاتے - اور جب ان کے پاس کوئی امن کی خبر آتی ہے، یا

الْخَوْفِ اَذَاعُوْا بِهٖ ؕ وَلَوْ رَدُّوْهُ اِلَى الرَّسُوْلِ وَاِلٰٓى اُولِي الْاَمْرِ

الْخَوْفِ	اَذَاعُوْا	بِهٖ	وَلَوْ	رَدُّوْهُ	اِلَى الرَّسُوْلِ	وَ	اِلٰٓى	اُولِي الْاَمْرِ
خوف	مشہور کر دیتے ہیں	اُسے	اور اگر	اسے پہنچاتے	رسول کی طرف	اور	طرف	حاکم

خوف کی تو اسے مشہور کر دیتے ہیں اور اگر اُسے پہنچاتے رسول کی طرف اور اپنے حاکموں کی طرف

مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِيْنَ يَسْتَنْۢبِطُوْنَهٗ مِنْهُمْ ؕ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ

مِنْهُمْ	لَعَلِمَهُ	الَّذِيْنَ	يَسْتَنْۢبِطُوْنَهٗ	مِنْهُمْ	وَلَوْ	لَا	فَضْلُ	اللّٰهِ
اپنے میں سے	تو اس کو جان لیتے	جو لوگ	تحقیق کر لیا کرتے ہیں	ان سے	اور اگر	نہ	فضل	اللہ

تو جو لوگ ان میں سے تحقیق کر لیا کرتے ہیں اس کو جان لیتے - اور اگر اللہ کا فضل نہ ہوتا

عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ لَاتَّبَعْتُمُ الشَّيْطٰنَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝۸۳ فَقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ

عَلَيْكُمْ	وَرَحْمَتُهٗ	لَاتَّبَعْتُمُ	الشَّيْطٰنَ	اِلَّا	قَلِيْلًا	فَقَاتِلْ	فِيْ	سَبِيْلِ	اللّٰهِ
تم پر	اور اسکی رحمت	تم پیچھے لگ جاتے	شیطان	سوائے	چند ایک	پس لڑیں	میں	راستہ	اللہ

تم پر، اور اس کی رحمت (نہ ہوتی) تو چند ایک کے سوا تم شیطان کے پیچھے لگ جاتے پس آپ اللہ کی راہ میں لڑیں،

لَا تُكَلَّفُ اِلَّا نَفْسَكَ وَحَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّكُفَّ

لَا تُكَلَّفُ	اِلَّا	نَفْسَكَ	وَحَرِّضِ	الْمُؤْمِنِيْنَ	عَسَى	اللّٰهُ	اَنْ	يَّكُفَّ
مکلف نہیں	مگر	اپنی ذات	اور آمادہ کریں	مومن (جمع)	قریب ہے	اللہ	کہ	روک دے

آپ مکلف نہیں مگر اپنی جان کے، اور مومنوں کو آمادہ کریں، قریب ہے کہ اللہ روک دے

بَاْسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ تَنْكِيْلًا ۝۸۴ مَنْ

بَاْسَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	وَاللّٰهُ	اَشَدُّ	بَاْسًا	وَ	اَشَدُّ	تَنْكِيْلًا	مَنْ
جنگ	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	اور اللہ	سخت تر	جنگ	اور	سب سے سخت	سزا دینا	جو

کافروں کی جنگ (کا زور) اور اللہ کی جنگ سخت تر ہے اور اس کی سزا سب سے سخت ہے" جو کوئی

يَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَّكُنْ لَّهٗ نَصِيْبٌ مِّنْهَا ۚ وَمَنْ يَّشْفَعْ

يَّشْفَعْ	شَفَاعَةً	حَسَنَةً	يَّكُنْ لَّهٗ	نَصِيْبٌ	مِّنْهَا	وَمَنْ	يَّشْفَعْ
سفارش کرے	سفارش	نیک بات	ہوگا۔ اس کے لئے	حصہ	اس میں سے	اور جو	سفارش کرے

نیک بات میں سفارش کرے اس کے لئے اس سے حصہ ہوگا، اور جو کوئی سفارش کرے

شَفَاعَةً سَيِّئَةً يَّكُنْ لَّهٗ كِفْلٌ مِّنْهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ مُّقِيْتًا ﴿٨٥﴾

شَفَاعَةً	سَيِّئَةً	يَّكُنْ لَّهٗ	كِفْلٌ	مِّنْهَا	وَكَانَ	اللّٰهُ	عَلٰي	كُلِّ شَيْءٍ	مُّقِيْتًا
سفارش	بُری بات	ہوگا اسکے لئے	بوجھ حصہ	اس سے	اور ہے	اللہ	پر	ہر چیز	قدرت رکھنے والا

بُری بات میں اس کو اس کا بوجھ (حصہ) ملے گا، اور اللہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔

وَاِذَا حُيِّيْتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوْا بِاَحْسَنَ مِنْهَآ اَوْ رُدُّوْهَا ۭ

وَاِذَا	حُيِّيْتُمْ	بِتَحِيَّةٍ	فَحَيُّوْا	بِاَحْسَنَ	مِنْهَآ	اَوْ	رُدُّوْهَا
اور جب	تمہیں دعا دے	کسی دعا (سلام) سے	تو تم دعا دو	بہتر	اس سے	یا	وہی لوٹا دو (کہدو)

اور جب تمہیں کوئی دُعا دے (سلام) کرے تو تم اس سے بہتر دُعا دو، یا وہی کہدو،

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ حَسِيْبًا ﴿٨٦﴾ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ

اِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	عَلٰي	كُلِّ شَيْءٍ	حَسِيْبًا	اَللّٰهُ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ
بیشک	اللہ	ہے	پر (کا)	ہر چیز	حساب کرنے والا	اللہ	نہیں	عبادت کے لائق	اس کے سوا

بے شک اللہ ہر چیز کا حساب کرنے والا ہے۔ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں؛

لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ۭ وَمَنْ اَصْدَقُ

لَيَجْمَعَنَّكُمْ	اِلٰى	يَوْمِ الْقِيٰمَةِ	لَا رَيْبَ	فِيْهِ	وَمَنْ	اَصْدَقُ
وہ تمہیں ضرور اکٹھا کرے گا	طرف	روزِ قیامت	نہیں شک	اس میں	اور کون؟	زیادہ سچا

وہ ضرور تمہیں قیامت کے دن اکٹھا کرے گا، اس میں کوئی شک نہیں، اور کون زیادہ سچا ہے؟

مِنَ اللّٰهِ حَدِيْثًا ﴿٨٧﴾ فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنٰفِقِيْنَ فِئَتَيْنِ وَاللّٰهُ اَرْكَسَهُمْ

مِنَ اللّٰهِ	حَدِيْثًا	فَمَا لَكُمْ	فِي الْمُنٰفِقِيْنَ	فِئَتَيْنِ	وَاللّٰهُ	اَرْكَسَهُمْ
اللہ سے	بات میں	سو کیا ہوا تمہیں؟	منافقین کے بارہ میں	دو فریق	اور اللہ	انہیں الٹا دیا (اوندھا کردیا)

بات میں اللہ سے۔ سو تمہیں کیا ہوگیا ہے؟ منافقین کے بارہ میں دو گروہ (ہو رہے ہو) اور اللہ نے انہیں اوندھا کر دیا

ع ۱۱ ۱۱ ۸

بِمَا كَسَبُوْا ؕ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَهْدُوْا مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ؕ وَمَنْ

وَمَنْ	اللّٰهُ	اَضَلَّ	مَنْ	اَنْ تَهْدُوْا	اَتُرِيْدُوْنَ	بِمَا كَسَبُوْا
اور جو۔جس	اور	گمراہ کیا	جو۔جس	کہ راہ پر لاؤ	کیا تم چاہتے ہو؟	اسکے سبب جو انہوں نے کمایا

اس کے سبب جو انہوں نے کیا، کیا تم چاہتے ہو کہ اسے راہ پر لاؤ جس کو اللہ نے گمراہ کیا؟ اور جس کو

يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ۝ وَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ كَمَا

كَمَا	لَوْ تَكْفُرُوْنَ	وَدُّوْا	سَبِيْلًا	لَهٗ	فَلَنْ تَجِدَ	اللّٰهُ	يُّضْلِلِ
جیسے	کاش تم کافر ہو	وہ چاہتے ہیں	کوئی راہ	اسکے لئے	پس تم ہرگز نہ پاؤ گے	اللہ	گمراہ کرے

اللہ گمراہ کرے تم ہرگز اس کے لئے کوئی راہ نہ پاؤ گے۔ وہ چاہتے ہیں کاش تم (بھی) کافر ہو جاؤ جیسے

كَفَرُوْا فَتَكُوْنُوْنَ سَوَآءً فَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ اَوْلِيَآءَ حَتّٰى يُهَاجِرُوْا

يُهَاجِرُوْا	حَتّٰى	اَوْلِيَآءَ	مِنْهُمْ	فَلَا تَتَّخِذُوْا	سَوَآءً	فَتَكُوْنُوْنَ	كَفَرُوْا
وہ ہجرت کریں	یہانتک کہ	دوست	ان سے	پس تم نہ بناؤ	برابر	تو تم ہو جاؤ	وہ کافر ہوئے

وہ کافر ہوئے، تو تم برابر ہو جاؤ۔ پس تم اُن میں سے (کسی کو) دوست نہ بناؤ یہاں تک کہ وہ ہجرت کریں

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ

وَجَدْتُّمُوْهُمْ	حَيْثُ	وَاقْتُلُوْهُمْ	فَخُذُوْهُمْ	تَوَلَّوْا	فَاِنْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	فِيْ
تم انہیں پاؤ	جہاں کہیں	اور انہیں قتل کرو	تو ان کو پکڑو	منہ موڑیں	پھر اگر	اللہ کی راہ	میں

اللہ کی راہ میں، پھر اگر وہ منہ موڑیں تو جہاں کہیں انہیں پاؤ پکڑو، اور قتل کرو،

وَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ

يَصِلُوْنَ	الَّذِيْنَ	اِلَّا	نَصِيْرًا	وَلَا	وَلِيًّا	مِنْهُمْ	تَتَّخِذُوْا	وَلَا
مل گئے ہیں (تعلق رکھتے ہیں)	جو لوگ	مگر	مددگار	اور نہ	دوست	اُن سے	بناؤ	اور نہ

اور اُن میں سے (کسی کو) نہ دوست بناؤ، نہ مددگار۔ مگر جو لوگ تعلق رکھتے ہیں

اِلٰى قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ اَوْ جَآءُوْكُمْ حَصِرَتْ

حَصِرَتْ	جَآءُوْكُمْ	اَوْ	مِّيْثَاقٌ	وَبَيْنَهُمْ	بَيْنَكُمْ	قَوْمٍ	اِلٰى
تنگ ہو گئے	وہ تمہارے پاس آئیں	یا	عہد (معاہدہ)	اور انکے درمیان	تمہارے درمیان	قوم	طرف (سے)

(ایسی) قوم سے کہ تمہارے اور ان کے درمیان معاہدہ ہے، یا تمہارے پاس آئیں (اس حال میں) کہ تنگ ہو گئے ہیں

صُدُوْرُهُمْ اَنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ اَوْ يُقَاتِلُوْا قَوْمَهُمْ ۭ وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ

صُدُوْرُهُمْ	اَنْ	يُّقَاتِلُوْكُمْ	اَوْ	يُقَاتِلُوْا	قَوْمَهُمْ	وَلَوْ	شَاۗءَ اللّٰهُ
ان کے سینے (ان کے دل)	کہ	وہ تم سے لڑیں	یا	لڑیں	اپنی قوم سے	اور اگر	چاہتا اللہ

اُن کے دل (اس بات سے) کہ تم سے لڑیں یا اپنی قوم سے لڑیں، اور اگر اللہ چاہتا

لَسَلَّطَهُمْ عَلَيْكُمْ فَلَقٰتَلُوْكُمْ ۚ فَاِنِ اعْتَزَلُوْكُمْ فَلَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ وَ

لَسَلَّطَهُمْ	عَلَيْكُمْ	فَلَقٰتَلُوْكُمْ	فَاِنِ	اعْتَزَلُوْكُمْ	فَلَمْ	يُقَاتِلُوْكُمْ	وَ
انہیں مسلط کر دیتا	تم پر	تو وہ تم سے ضرور لڑتے	پھر اگر	تم سے کنارہ کش ہوں	پھر نہ	وہ تم سے لڑیں	اور

تو انہیں تم پر مسلط کر دیتا تو وہ تم سے ضرور لڑتے، پھر اگر وہ تم سے کنارہ کش رہیں پھر تم سے نہ لڑیں، اور

اَلْقَوْا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ ۙ فَمَا جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ عَلَيْهِمْ سَبِيْلًا ۝۹۰

اَلْقَوْا	اِلَيْكُمُ	السَّلَمَ	فَمَا جَعَلَ	اللّٰهُ	لَكُمْ	عَلَيْهِمْ	سَبِيْلًا
ڈالیں	تمہاری طرف	صلح	تو نہیں دی	اللہ	تمہارے لئے	ان پر	کوئی راہ

تمہاری طرف صلح (کا پیام) ڈالیں، تو اللہ نے تمہارے لئے ان پر (ستانے کی) کوئی راہ نہیں رکھی۔

سَتَجِدُوْنَ اٰخَرِيْنَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّاْمَنُوْكُمْ وَيَاْمَنُوْا قَوْمَهُمْ ۭ

سَتَجِدُوْنَ	اٰخَرِيْنَ	يُرِيْدُوْنَ	اَنْ يَّاْمَنُوْكُمْ	وَ	يَاْمَنُوْا	قَوْمَهُمْ
اب تم پاؤ گے	اور لوگ	وہ چاہتے ہیں	کہ تم سے امن میں رہیں	اور	امن میں رہیں	اپنی قوم

اب تم اور لوگ پاؤ گے جو چاہتے ہیں کہ وہ تم سے (بھی) امن میں رہیں اور اپنی قوم سے (بھی) امن میں رہیں،

كُلَّمَا رُدُّوْٓا اِلَى الْفِتْنَةِ اُرْكِسُوْا فِيْهَا ۚ فَاِنْ لَّمْ يَعْتَزِلُوْكُمْ وَيُلْقُوْٓا

كُلَّمَا	رُدُّوْٓا	اِلَى الْفِتْنَةِ	اُرْكِسُوْا	فِيْهَا	فَاِنْ	لَّمْ يَعْتَزِلُوْكُمْ	وَيُلْقُوْٓا
جب کبھی	لوٹائے (بلائے جاتے ہیں)	فتنہ کی طرف	پلٹ جاتے ہیں	اس میں	پس اگر	تم سے کنارہ کشی نہ کریں	اور (نہ) ڈالیں

جب کبھی فتنہ (فساد) کی طرف بلائے جاتے ہیں تو اس میں پلٹ جاتے ہیں، پس اگر تم سے کنارہ کشی نہ کریں اور نہ ڈالیں

اِلَيْكُمُ السَّلَمَ وَيَكُفُّوْٓا اَيْدِيَهُمْ فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ

اِلَيْكُمُ	السَّلَمَ	وَيَكُفُّوْٓا	اَيْدِيَهُمْ	فَخُذُوْهُمْ	وَاقْتُلُوْهُمْ	حَيْثُ
تمہاری طرف	صلح	اور روکیں	اپنے ہاتھ	تو انہیں پکڑو	اور انہیں قتل کرو	جہاں کہیں

تمہاری طرف (پیغام) صلح اور (نہ) روکیں اپنے ہاتھ، تو انہیں پکڑو اور قتل کرو جہاں کہیں

ع ۱۳ ۹

ثَقِفْتُمُوْهُمْ ؕ وَ اُولٰٓئِكُمْ جَعَلْنَا لَكُمْ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿٩١﴾ وَ مَا

وَ مَا	مُّبِيْنًا	سُلْطٰنًا	عَلَيْهِمْ	لَكُمْ	جَعَلْنَا	وَ اُولٰٓئِكُمْ	ثَقِفْتُمُوْهُمْ
اور نہیں	کھلی	سند (حجت)	اُن پر	تمہارے لئے	ہم نے دی	اور یہی لوگ	تم انہیں پاؤ

تم انہیں پاؤ ، اور یہی لوگ ، ہیں ہم نے اِن پر تمہیں کھلی سند (حجت) دی - اور نہیں

كَانَ لِمُؤْمِنٍ اَنْ يَّقْتُلَ مُؤْمِنًا اِلَّا خَطَـًٔا ۚ وَ مَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا

مُؤْمِنًا	قَتَلَ	وَ مَنْ	اِلَّا خَطَـًٔا	مُؤْمِنًا	اَنْ يَّقْتُلَ	لِمُؤْمِنٍ	كَانَ
کسی مسلمان	قتل کرے	اور جو	مگر غلطی سے	کسی مسلمان	کہ وہ قتل کرے	کسی مسلمان کے لئے	ہے

کسی مسلمان کے (شایاں) کہ وہ کسی مسلمان کو قتل کر دے ، مگر غلطی سے - اور جو کسی مسلمان کو قتل کرے

خَطَـًٔا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ وَّ دِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ

اَنْ	اِلَّاۤ	اِلٰٓى اَهْلِهٖ	مُّسَلَّمَةٌ	وَّ دِيَةٌ	مُّؤْمِنَةٍ	رَقَبَةٍ	فَتَحْرِيْرُ	خَطَـًٔا
یہ کہ	مگر	اسکے وارثوں کو	حوالہ کرنا	اور خون بہا	مسلمان	ایک گردن (غلام)	تو آزاد کرے	غلطی سے

غلطی سے تو ایک غلام آزاد کرے ، اور خون بہا اس کے وارثوں کے حوالے کر دے ، مگر یہ کہ

يَّصَّدَّقُوْا ؕ فَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ عَدُوٍّ لَّكُمْ وَ هُوَ مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيْرُ

فَتَحْرِيْرُ	مُؤْمِنٌ	وَ هُوَ	لَّكُمْ	قَوْمٍ عَدُوٍّ	مِنْ	كَانَ	فَاِنْ	يَّصَّدَّقُوْا
تو آزاد کر دے	مسلمان	اور وہ	تمہاری	دشمن قوم	سے	ہو	پھر اگر	وہ معاف کر دیں

وہ معاف کر دیں - پھر اگر وہ تمہاری دشمن قوم سے ہو اور وہ خود مسلمان ہو تو آزاد کرے

رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ؕ وَ اِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَ بَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ

مِّيْثَاقٌ	وَ بَيْنَهُمْ	بَيْنَكُمْ	مِنْ قَوْمٍ	كَانَ	وَ اِنْ	مُّؤْمِنَةٍ	رَقَبَةٍ
عہد (معاہدہ)	اور ان کے درمیان	تمہارے درمیان	ایسی قوم سے	ہو	اور اگر	مسلمان	ایک گردن (غلام)

ایک مسلمان غلام - اور اگر ایسی قوم سے ہو کہ اُن کے اور تمہارے درمیان معاہدہ ہے

فَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖ وَ تَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۚ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ

لَّمْ يَجِدْ	فَمَنْ	مُّؤْمِنَةٍ	رَقَبَةٍ	وَ تَحْرِيْرُ	اِلٰٓى اَهْلِهٖ	مُّسَلَّمَةٌ	فَدِيَةٌ
نہ پائے	سو جو	مسلمان	ایک گردن (غلام)	اور آزاد کرنا	اس کے وارثوں کو	حوالہ کرنا	تو خون بہا

تو خون بہا اس کے وارثوں کے حوالے کر دے ، اور ایک مسلمان غلام کو آزاد کر دے ، سو جو نہ پائے (میسر نہ ہو)

فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ تَوْبَةً مِّنَ اللّٰهِ ۖ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا

فَصِيَامُ	شَهْرَيْنِ	مُتَتَابِعَيْنِ	تَوْبَةً	مِّنَ اللّٰهِ	وَكَانَ	اللّٰهُ	عَلِيْمًا
تو روزے رکھے	دو ماہ	لگاتار	توبہ	اللہ سے	اور ہے	اللہ	جاننے والا

تو دو ماہ لگاتار روزے رکھے، یہ توبہ ہے اللہ کی طرف سے، اور اللہ جاننے والا

حَكِيْمًا ﴿۹۲﴾ وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ خٰلِدًا

حَكِيْمًا	وَمَنْ	يَّقْتُلْ	مُؤْمِنًا	مُّتَعَمِّدًا	فَجَزَآؤُهٗ	جَهَنَّمُ	خٰلِدًا
حکمت والا	اور جو کوئی	قتل کردے	کسی مسلمان کو	دانستہ قصداً	تو اس کی سزا	جہنم	ہمیشہ رہے گا

حکمت والا ہے۔ اور جو کوئی کسی مسلمان کو دانستہ قتل کردے تو اس کی سزا جہنم ہے، وہ ہمیشہ رہے گا

فِيْهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهٗ وَاَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا عَظِيْمًا ﴿۹۳﴾

فِيْهَا	وَغَضِبَ اللّٰهُ	عَلَيْهِ	وَلَعَنَهٗ	وَاَعَدَّ لَهٗ	عَذَابًا	عَظِيْمًا
اس میں	اور اللہ کا غضب	اس پر	اور اس کی لعنت	اور اسکے لئے تیار کر رکھا ہے	عذاب	بڑا

اس میں، اور اس پر اللہ کا غضب ہوگا، اور اس کی لعنت، اور اس کے لئے (اللہ نے) بڑا عذاب تیار کر رکھا ہے

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا ضَرَبْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوْا

يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْۤا	اِذَا	ضَرَبْتُمْ	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	فَتَبَيَّنُوْا
اے	جو لوگ	ایمان لائے	جب	تم سفر کرو	میں	اللہ کی راہ	تو تحقیق کرلو

اے ایمان والو! جب تم اللہ کی راہ میں (جہاد کے لئے) سفر کرو تو تحقیق کر لیا کرو،

وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰۤى اِلَيْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا ۚ تَبْتَغُوْنَ

وَلَا	تَقُوْلُوْا	لِمَنْ	اَلْقٰۤى	اِلَيْكُمُ	السَّلٰمَ	لَسْتَ	مُؤْمِنًا	تَبْتَغُوْنَ
اور نہ	کہو	جو	ڈالے (کرے)	تمہاری طرف	سلام	تو نہیں ہے	مسلمان	تم چاہتے ہو

اور جو تمہیں سلام کرے اسے نہ کہو کہ تو مسلمان نہیں ہے، تم چاہتے ہو

عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۡ فَعِنْدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ كَثِيْرَةٌ ۭ كَذٰلِكَ كُنْتُمْ

عَرَضَ	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	فَعِنْدَ	اللّٰهِ	مَغَانِمُ	كَثِيْرَةٌ	كَذٰلِكَ	كُنْتُمْ
اسباب (سامان)	دنیا کی زندگی	پھر پاس	اللہ	غنیمتیں	بہت	اسی طرح	تم تھے

دنیا کی زندگی کا سامان، پھر اللہ کے پاس بہت غنیمتیں ہیں، تم اسی طرح تھے

مِنْ قَبْلُ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَتَبَيَّنُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

تَعْمَلُوْنَ	بِمَا	كَانَ	اللّٰهَ	اِنَّ	فَتَبَيَّنُوْا	عَلَيْكُمْ	اللّٰهُ	فَمَنَّ	مِنْ قَبْلُ
تم کرتے ہو	اس سے جو	ہے	اللہ	بیشک	سو تحقیق کرلو	تم پر	اللہ	تو احسان کیا	اس سے پہلے

اس سے پہلے، تو اللہ نے تم پر احسان کیا، سو تحقیق کر لیا کرو۔ بیشک جو تم کرتے ہو اس سے اللہ

خَبِيْرًا ۝ لَا يَسْتَوِي الْقٰعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ

اُولِي الضَّرَرِ	غَيْرُ	الْمُؤْمِنِيْنَ	مِنَ	الْقٰعِدُوْنَ	لَا يَسْتَوِي	خَبِيْرًا
عذر والے (معذور)	بغیر	مومن (مسلمان)	سے	بیٹھ رہنے والے	برابر نہیں	خوب باخبر

خوب باخبر ہے۔ بغیر عذر بیٹھ رہنے والے مسلمان، اور وہ برابر نہیں

وَالْمُجٰهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۭ فَضَّلَ اللّٰهُ

فَضَّلَ اللّٰهُ	وَاَنْفُسِهِمْ	بِاَمْوَالِهِمْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	فِيْ	الْمُجٰهِدُوْنَ	وَ
اللہ نے فضیلت دی	اور اپنی جانیں	اپنے مالوں سے	اللہ کی راہ	میں	مجاہد (جمع)	اور

جو اللہ کی راہ میں اپنے مالوں سے اور اپنی جانوں سے جہاد کرنے والے ہیں، اللہ نے فضیلت دی

الْمُجٰهِدِيْنَ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ دَرَجَةً ۭ وَكُلًّا

وَكُلًّا	دَرَجَةً	الْقٰعِدِيْنَ	عَلَى	وَاَنْفُسِهِمْ	بِاَمْوَالِهِمْ	الْمُجٰهِدِيْنَ
اور ہر ایک	درجے	بیٹھ رہنے والے	پر	اور اپنی جانیں	اپنے مالوں سے	جہاد کرنے والے

درجے میں) اپنے مالوں سے اور اپنی جانوں سے جہاد کرنے والوں کو بیٹھ رہنے والوں پر اور ہر ایک کو

وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ۭ وَفَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ

الْقٰعِدِيْنَ	عَلَى	الْمُجٰهِدِيْنَ	اللّٰهُ	فَضَّلَ	وَ	الْحُسْنٰى	اللّٰهُ	وَعَدَ
بیٹھ رہنے والے	پر	مجاہدین	اللہ	فضیلت دی	اور	اچھا	اللہ	وعدہ دیا

اللہ نے اچھا وعدہ دیا ہے، اور اللہ نے مجاہدوں کو بیٹھ رہنے والوں پر فضیلت دی ہے

اَجْرًا عَظِيْمًا ۝ دَرَجٰتٍ مِّنْهُ وَمَغْفِرَةً وَّرَحْمَةً ۭ وَكَانَ اللّٰهُ

اللّٰهُ	وَكَانَ	وَرَحْمَةً	وَمَغْفِرَةً	مِّنْهُ	دَرَجٰتٍ	اَجْرًا عَظِيْمًا
اللہ	اور ہے	اور رحمت	اور بخشش	اس کی طرف سے	درجے	اجرِ عظیم

اجرِ عظیم (کے اعتبار سے) اس کی طرف سے درجے ہیں اور بخشش اور رحمت ہے، اور اللہ ہے

غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۹۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ

غَفُوْرًا	رَّحِيْمًا	اِنَّ	الَّذِيْنَ	تَوَفّٰىهُمُ	الْمَلٰٓئِكَةُ	ظَالِمِيْٓ
بخشنے والا	مہربان	بیشک	وہ لوگ جو	ان کی جان نکالتے ہیں	فرشتے	ظلم کرتے تھے

بخشنے والا، مہربان ۔ بیشک وہ لوگ جن کی فرشتے جان نکالتے ہیں (اس حال میں کہ وہ) ظلم کرتے تھے

اَنْفُسِهِمْ قَالُوْا فِيْمَ كُنْتُمْ ؕ قَالُوْا كُنَّا مُسْتَضْعَفِيْنَ فِي

اَنْفُسِهِمْ	قَالُوْا	فِيْمَ	كُنْتُمْ	قَالُوْا كُنَّا	مُسْتَضْعَفِيْنَ	فِي
اپنی جانیں	وہ کہتے ہیں	کس (حال) میں	تم تھے	وہ کہتے ہیں ہم تھے	بے بس	میں

اپنی جانوں پر، وہ (فرشتے) کہتے ہیں تم کس حال میں تھے ؟ وہ کہتے ہیں کہ ہم بے بس تھے

الْاَرْضِ ؕ قَالُوْٓا اَلَمْ تَكُنْ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوْا فِيْهَا ؕ

الْاَرْضِ	قَالُوْٓا	اَلَمْ تَكُنْ	اَرْضُ	اللّٰهِ	وَاسِعَةً	فَتُهَاجِرُوْا	فِيْهَا
زمین (ملک)	وہ کہتے ہیں	کیا نہ تھی	زمین	اللہ	وسیع	پس تم ہجرت کر جاتے	اس میں

اس ملک میں، (فرشتے) کہتے ہیں کیا اللہ کی زمین وسیع نہ تھی پس تم اس میں ہجرت کر جاتے

فَاُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ﴿۹۷﴾ اِلَّا الْمُسْتَضْعَفِيْنَ

فَاُولٰٓئِكَ	مَاْوٰىهُمْ	جَهَنَّمُ	وَسَآءَتْ	مَصِيْرًا	اِلَّا	الْمُسْتَضْعَفِيْنَ
سو یہ لوگ	ان کا ٹھکانہ	جہنم	اور برا ہے	پہنچنے کی جگہ	مگر	بے بس

سو یہی لوگ ہیں ان کا ٹھکانہ جہنم ہے اور وہ پہنچنے (پلٹنے) کی بری جگہ ہے ۔ مگر جو بے بس ہیں

مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ حِيْلَةً وَّلَا

مِنَ	الرِّجَالِ	وَالنِّسَآءِ	وَالْوِلْدَانِ	لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ	حِيْلَةً	وَّلَا
سے	مرد (جمع)	اور عورتیں	اور بچے	نہیں کر سکتے	کوئی تدبیر	اور نہ

مرد، اور عورتیں، اور بچے کہ کوئی تدبیر نہیں کر سکتے، اور نہ

يَهْتَدُوْنَ سَبِيْلًا ﴿۹۸﴾ فَاُولٰٓئِكَ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّعْفُوَ عَنْهُمْ ؕ

يَهْتَدُوْنَ	سَبِيْلًا	فَاُولٰٓئِكَ	عَسَى	اللّٰهُ	اَنْ يَّعْفُوَ	عَنْهُمْ
پاتے ہیں	کوئی راستہ	سو ایسے لوگ ہیں	امید ہے	اللہ	کہ معاف فرمائے	ان سے (ان کو)

کوئی راستہ پاتے ہیں، سو امید ہے کہ ایسے لوگوں کو اللہ معاف فرمائے

وَكَانَ اللّٰهُ عَفُوًّا غَفُوْرًا ﴿٩٩﴾ وَمَنْ يُّهَاجِرْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يَجِدْ

وَكَانَ	اللّٰهُ	عَفُوًّا	غَفُوْرًا	وَمَنْ	يُّهَاجِرْ	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	يَجِدْ
اور ہے	اللہ	معاف کرنیوالا	بخشنے والا	اور جو	ہجرت کرے	میں	اللہ کا راستہ	وہ پائے گا

اور اللہ معاف کرنے والا ، بخشنے والا ہے - اور جو اللہ کے راستہ میں ہجرت کرے وہ پائے گا

فِي الْاَرْضِ مُرٰغَمًا كَثِيْرًا وَّسَعَةً ۭ وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا

فِي	الْاَرْضِ	مُرٰغَمًا كَثِيْرًا	وَّسَعَةً	وَمَنْ	يَّخْرُجْ	مِنْ	بَيْتِهٖ	مُهَاجِرًا
میں	زمین	بہت (وافر) جگہ	اور کشادگی	اور جو	نکلے	سے	اپنا گھر	ہجرت کرکے

زمین میں بہت (وافر) جگہ اور کشادگی ، اور جو اپنے گھر سے ہجرت کر کے نکلے

اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ۭ

اِلَى اللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	ثُمَّ	يُدْرِكْهُ	الْمَوْتُ	فَقَدْ وَقَعَ	اَجْرُهٗ	عَلَى اللّٰهِ
اللہ کی طرف	اور اس کا رسول	پھر	آپکڑے اس کو	موت	تو ثابت ہوگیا	اس کا اجر	اللہ پر

اللہ اور اس کے رسول کی طرف ، پھر اس کو موت آپکڑے ، تو اس کا اجر اللہ پر ثابت ہوگیا

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿١٠٠﴾ وَاِذَا ضَرَبْتُمْ فِي الْاَرْضِ فَلَيْسَ

وَكَانَ	اللّٰهُ	غَفُوْرًا	رَّحِيْمًا	وَاِذَا	ضَرَبْتُمْ	فِي الْاَرْضِ	فَلَيْسَ
اور ہے	اللہ	بخشنے والا	مہربان	اور جب	تم سفر کرو	ملک میں	پس نہیں

اور اللہ بخشنے والا ، مہربان ہے - اور جب تم ملک میں سفر کرو ، پس نہیں

عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوةِ ڰ اِنْ خِفْتُمْ اَنْ يَّفْتِنَكُمُ

عَلَيْكُمْ	جُنَاحٌ	اَنْ	تَقْصُرُوْا	مِنَ	الصَّلٰوةِ	اِنْ	خِفْتُمْ	اَنْ	يَّفْتِنَكُمُ
تم پر	کوئی گناہ	کہ	قصر کرو	سے	نماز	اگر	تم کو ڈر ہو	کہ	تمہیں ستائیں گے

تم پر کوئی گناہ کہ تم نماز قصر کرو (کم کرلو) اگر تم کو ڈر ہو کہ تمہیں ستائیں گے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ اِنَّ الْكٰفِرِيْنَ كَانُوْا لَكُمْ عَدُوًّا مُّبِيْنًا ﴿١٠١﴾ وَاِذَا

الَّذِيْنَ + كَفَرُوْا	اِنَّ	الْكٰفِرِيْنَ	كَانُوْا	لَكُمْ	عَدُوًّا مُّبِيْنًا	وَاِذَا
وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا (کافر)	بیشک	کافر (جمع)	ہیں	تمہارے	دشمن کھلے	اور جب

کافر ، بیشک کافر تمہارے کھلے دشمن ہیں - اور جب

كُنْتَ فِيْهِمْ فَاَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلٰوةَ فَلْتَقُمْ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ مَّعَكَ

كُنْتَ	فِيْهِمْ	فَاَقَمْتَ	لَهُمُ	الصَّلٰوةَ	فَلْتَقُمْ	طَآئِفَةٌ	مِّنْهُمْ	مَّعَكَ
آپ ہوں	اُن میں	پھر قائم کریں	انکے لئے	نماز	تو چاہئے کہ کھڑی ہو	ایک جماعت	ان میں سے	آپ کے ساتھ

آپ ان میں موجود ہوں، پھر اُن کے لئے نماز قائم کریں (نماز پڑھانے لگیں) تو چاہیئے کہ ان میں سے ایک جماعت آپکے ساتھ کھڑی ہو،

وَلْيَاْخُذُوْٓا اَسْلِحَتَهُمْ فَاِذَا سَجَدُوْا فَلْيَكُوْنُوْا مِنْ وَّرَآئِكُمْ وَلْتَاْتِ

وَلْيَاْخُذُوْٓا	اَسْلِحَتَهُمْ	فَاِذَا	سَجَدُوْا	فَلْيَكُوْنُوْا	مِنْ وَّرَآئِكُمْ	وَلْتَاْتِ
اور چاہیئے کہ وہ لے لیں	اپنے ہتھیار	پھر جب	وہ سجدہ کر لیں	تو ہو جائیں	تمہارے پیچھے	اور چاہیئے کہ آئے

اور چاہیئے کہ وہ اپنے ہتھیار لے لیں، پھر جب وہ سجدہ کر لیں تو تمہارے پیچھے ہو جائیں، اور اب آئے

طَآئِفَةٌ اُخْرٰى لَمْ يُصَلُّوْا فَلْيُصَلُّوْا مَعَكَ وَلْيَاْخُذُوْا حِذْرَهُمْ

طَآئِفَةٌ	اُخْرٰى	لَمْ يُصَلُّوْا	فَلْيُصَلُّوْا	مَعَكَ	وَلْيَاْخُذُوْا	حِذْرَهُمْ
جماعت	دوسری	نماز نہیں پڑھی	پس وہ نماز پڑھیں	آپ کے ساتھ	اور چاہیئے کہ لیں	اپنے بچاؤ

دوسری جماعت (جس نے) نماز نہیں پڑھی، پس وہ آپ کے ساتھ نماز پڑھیں، اور چاہیئے کہ وہ لئے رہیں اپنا بچاؤ

وَاَسْلِحَتَهُمْ وَدَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ تَغْفُلُوْنَ عَنْ اَسْلِحَتِكُمْ وَ

وَاَسْلِحَتَهُمْ	وَدَّ	الَّذِيْنَ + كَفَرُوْا	لَوْ تَغْفُلُوْنَ	عَنْ	اَسْلِحَتِكُمْ	وَ
اور اپنا اسلحہ	چاہتے ہیں	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	کہیں تم غافل ہو	سے	اپنے ہتھیار	اور

اور اپنا اسلحہ، کافر چاہتے ہیں کہ کہیں تم اپنے ہتھیار سے غافل ہو، اور

اَمْتِعَتِكُمْ فَيَمِيْلُوْنَ عَلَيْكُمْ مَّيْلَةً وَّاحِدَةً وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ

اَمْتِعَتِكُمْ	فَيَمِيْلُوْنَ	عَلَيْكُمْ	مَّيْلَةً	وَّاحِدَةً	وَلَا	جُنَاحَ	عَلَيْكُمْ
اپنے سامان	تو وہ جھک پڑیں (حملہ کریں)	تم پر	جھکنا	ایک بار (یکبارگی)	اور نہیں	گناہ	تم پر

اپنے سامان سے، تو تم پر یکبارگی جھک پڑیں (حملہ کر دیں) اور تم پر گناہ نہیں

اِنْ كَانَ بِكُمْ اَذًى مِّنْ مَّطَرٍ اَوْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَنْ تَضَعُوْٓا اَسْلِحَتَكُمْ

اِنْ	كَانَ	بِكُمْ	اَذًى	مِّنْ مَّطَرٍ	اَوْ كُنْتُمْ	مَّرْضٰٓى	اَنْ تَضَعُوْٓا	اَسْلِحَتَكُمْ
اگر	ہو	تمہیں	تکلیف	بارش سے	یا تم ہو	بیمار	کہ اُتار رکھو	اپنا اسلحہ

اگر تمہیں بارش کے سبب تکلیف ہو یا تم بیمار ہو کر اپنا اسلحہ اُتار رکھو

وَخُذُوْا حِذْرَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْكٰفِرِیْنَ عَذَابًا مُّهِیْنًا ۝۱۰۲ فَاِذَا

فَاِذَا	مُّهِیْنًا	عَذَابًا	لِلْكٰفِرِیْنَ	اَعَدَّ	اللّٰهَ	اِنَّ	حِذْرَكُمْ	وَخُذُوْا
پھر جب	ذلّت والا	عذاب	کافروں کے لئے	تیار کیا	اللہ	بیشک	اپنا بچاؤ	اور لے لو

اور اپنا بچاؤ لے لو' بیشک اللہ نے کافروں کیلئے ذلّت والا عذاب تیار کر رکھا ہے - پھر جب

قَضَیْتُمُ الصَّلٰوةَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِیٰمًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِكُمْ ۚ فَاِذَا

فَاِذَا	جُنُوْبِكُمْ	وَعَلٰى	وَّقُعُوْدًا	قِیٰمًا	اللّٰهَ	فَاذْكُرُوا	الصَّلٰوةَ	قَضَیْتُمُ
پھر جب	اپنی کروٹیں	اور پر	اور بیٹھے	کھڑے	اللہ	تو یاد کرو	نماز	تم ادا کر چکو

تم نماز ادا کر چکو تو اللہ کو یاد کرو کھڑے اور بیٹھے' اور اپنی کروٹوں پر لیٹے ہوئے، پھر جب

اطْمَاْنَنْتُمْ فَاَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ ۚ اِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِیْنَ

الْمُؤْمِنِیْنَ	عَلَى	كَانَتْ	الصَّلٰوةَ	اِنَّ	الصَّلٰوةَ	فَاَقِیْمُوا	اطْمَاْنَنْتُمْ
مومن (جمع)	پر	ہے	نماز	بیشک	نماز	تو قائم کرو	تم مطمئن ہو جاؤ

تم مطمئن (خاطر جمع) ہو جاؤ تو (حسبِ دستور) نماز قائم کرو' بیشک نماز مومنوں پر (بقیدِ وقت)

كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ۝۱۰۳ وَلَا تَهِنُوْا فِی ابْتِغَآءِ الْقَوْمِ ؕ اِنْ تَكُوْنُوْا تَاْلَمُوْنَ

تَكُوْنُوْا + تَاْلَمُوْنَ	اِنْ	الْقَوْمِ	ابْتِغَآءِ	فِی	وَلَا تَهِنُوْا	مَّوْقُوْتًا	كِتٰبًا
تمہیں دکھ پہنچتا ہے	اگر	قوم (کفار)	پیچھا کرنے	میں	اور ہمت نہ ہارو	مقررہ اوقات میں	فرض

مقررہ اوقات میں فرض ہے - اور کفار کا پیچھا (تعاقب) کرنے میں ہمت نہ ہارو' اگر تمہیں دکھ پہنچتا ہے'

فَاِنَّهُمْ یَاْلَمُوْنَ كَمَا تَاْلَمُوْنَ ۚ وَتَرْجُوْنَ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا یَرْجُوْنَ ؕ

یَرْجُوْنَ	مَا لَا	اللّٰهِ	مِنَ	وَتَرْجُوْنَ	كَمَا تَاْلَمُوْنَ	یَاْلَمُوْنَ	فَاِنَّهُمْ
وہ امید رکھتے	جو نہیں	اللہ	سے	اور تم امید رکھتے ہو	جیسے تمہیں دکھ پہنچتا ہے	دکھ پہنچتا ہے	تو بیشک انہیں

تو بیشک انہیں (بھی) دکھ پہنچتا ہے جیسے تمہیں دکھ پہنچتا ہے' اور تم اللہ سے امید رکھتے ہو جو وہ امید نہیں رکھتے'

وَكَانَ اللّٰهُ عَلِیْمًا حَكِیْمًا ۝۱۰۴ اِنَّاۤ اَنْزَلْنَاۤ اِلَیْكَ الْكِتٰبَ

الْكِتٰبَ	اِلَیْكَ	اَنْزَلْنَاۤ	اِنَّاۤ	حَكِیْمًا	عَلِیْمًا	اللّٰهُ	وَكَانَ
کتاب	آپ کی طرف	ہم نے نازل کیا	بیشک ہم	حکمت والا	جاننے والا	اللہ	اور ہے

اور اللہ جاننے والا' حکمت والا ہے - بیشک ہم نے آپ کی طرف کتاب نازل کی

ع ۱۵ ۱۲

بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَآ اَرٰىكَ اللّٰهُ ؕ وَلَا تَكُنْ

بِالْحَقِّ	لِتَحْكُمَ	بَيْنَ	النَّاسِ	بِمَآ اَرٰىكَ	اللّٰهُ	وَلَا	تَكُنْ
حق کے ساتھ (سچی)	تاکہ آپ فیصلہ کریں	درمیان	لوگ	جو دکھائے آپ کو	اللہ	اور نہ	ہوں

سچی تاکہ آپ لوگوں کے درمیان فیصلہ کر دیں جو آپ کو اللہ دکھا دے (سوجھا دے) اور آپ نہ ہوں

لِّلْخَآئِنِيْنَ خَصِيْمًا ﴿۱۰۵﴾ وَّاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا

لِّلْخَآئِنِيْنَ	خَصِيْمًا	وَّاسْتَغْفِرِ	اللّٰهَ	اِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	غَفُوْرًا
خیانت کرنیوالے (دغاباز) کیلئے	جھگڑنے والا (طرفدار)	اور بخشش مانگیں	اللہ	بیشک	اللہ	ہے	بخشنے والا

دغابازوں کے طرفدار، اور اللہ سے بخشش مانگیں، بیشک اللہ ہے بخشنے والا

رَّحِيْمًا ﴿۱۰۶﴾ وَلَا تُجَادِلْ عَنِ الَّذِيْنَ يَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ؕ اِنَّ

رَّحِيْمًا	وَلَا تُجَادِلْ	عَنِ	الَّذِيْنَ	يَخْتَانُوْنَ	اَنْفُسَهُمْ	اِنَّ
مہربان	اور نہ جھگڑیں	سے	جو لوگ	خیانت کرتے ہیں	اپنے تئیں	بیشک

مہربان - آپ اُن لوگوں کی طرف سے نہ جھگڑیں جو اپنے تئیں خیانت کرتے ہیں، بیشک

اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ خَوَّانًا اَثِيْمًا ﴿۱۰۷﴾ يَّسْتَخْفُوْنَ مِنَ النَّاسِ

اللّٰهَ	لَا يُحِبُّ	مَنْ كَانَ	خَوَّانًا	اَثِيْمًا	يَّسْتَخْفُوْنَ	مِنَ	النَّاسِ
اللہ	دوست نہیں رکھتا	جو ہو	خائن (دغاباز)	گنہگار	وہ چھپتے (شرماتے) ہیں	سے	لوگ

اللہ اسے دوست نہیں رکھتا جو خائن (دغاباز) گنہگار ہو - وہ لوگوں سے چھپتے (شرماتے) ہیں

وَلَا يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ اللّٰهِ وَهُوَ مَعَهُمْ اِذْ يُبَيِّتُوْنَ مَا لَا

وَلَا	يَسْتَخْفُوْنَ	مِنَ	اللّٰهِ	وَهُوَ	مَعَهُمْ	اِذْ يُبَيِّتُوْنَ	مَا لَا
اور نہیں	چھپتے (شرماتے)	سے	اللہ	حالانکہ وہ	ان کے ساتھ	جب راتوں کو مشورہ کرتے ہیں	جو نہیں

اور اللہ سے نہیں چھپتے (شرماتے)، حالانکہ وہ ان کے ساتھ ہے جبکہ وہ راتوں کو مشورہ کرتے ہیں وہ، جو

يَرْضٰى مِنَ الْقَوْلِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطًا ﴿۱۰۸﴾ هٰٓاَنْتُمْ

يَرْضٰى	مِنَ	الْقَوْلِ	وَكَانَ	اللّٰهُ	بِمَا	يَعْمَلُوْنَ	مُحِيْطًا	هٰٓاَنْتُمْ
پسند کرتا	سے	بات	اور ہے	اللہ	اسے جو	وہ کرتے ہیں	احاطہ کئے (گھیرے) ہوئے	ہاں تم

بات (اللہ کو) پسند نہیں، اور جو وہ کرتے ہیں اللہ اسے احاطہ کئے (گھیرے ہوئے) ہے - ہاں (سنو) تم

هٰۤؤُلَاۤءِ جٰدَلْتُمْ عَنْهُمْ فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ۫ فَمَنْ یُّجَادِلُ اللّٰهَ

هٰۤؤُلَاۤءِ	جٰدَلْتُمْ	عَنْهُمْ	فِی	الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا	فَمَنْ	یُّجَادِلُ	اللّٰهَ
وہ	تم نے جھگڑا کیا	ان سے	میں	دنیوی زندگی	سو۔کون	جھگڑے گا	اللہ

وہ لوگ ہو تم نے ان (کی طرف) سے دنیوی زندگی میں جھگڑا کیا، سو کون اللہ سے جھگڑے گا؟

عَنْهُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ اَمْ مَّنْ یَّكُوْنُ عَلَیْهِمْ وَكِیْلًا ﴿۱۰۹﴾ وَمَنْ یَّعْمَلْ

عَنْهُمْ	یَوْمَ الْقِیٰمَةِ	اَمْ	مَّنْ	یَّكُوْنُ	عَلَیْهِمْ	وَكِیْلًا	وَمَنْ	یَّعْمَلْ
ان (کی طرف) سے	روزِ قیامت	یا	کون؟	ہوگا	ان پر (ان کا)	وکیل	اور جو	کام کرے

روزِ قیامت اُن کی طرف سے، یا کون اُن کا وکیل ہوگا؟ اور جو کوئی کرے

سُوْۤءًا اَوْ یَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ یَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ یَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا ﴿۱۱۰﴾

سُوْۤءًا	اَوْ یَظْلِمْ	نَفْسَهٗ	ثُمَّ یَسْتَغْفِرِ	اللّٰهَ	یَجِدِ	اللّٰهَ	غَفُوْرًا	رَّحِیْمًا
بُرا کام	یا ظلم کرے	اپنی جان	پھر بخشش چاہے	اللہ	وہ پائے گا	اللہ	بخشنے والا	مہربان

بُرا کام یا اپنی جان پر ظلم کرے، پھر اللہ سے بخشش چاہے تو وہ اللہ کو بخشنے والا مہربان پائے گا

وَمَنْ یَّكْسِبْ اِثْمًا فَاِنَّمَا یَكْسِبُهٗ عَلٰی نَفْسِهٖ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

وَمَنْ	یَّكْسِبْ	اِثْمًا	فَاِنَّمَا	یَكْسِبُهٗ	عَلٰی نَفْسِهٖ	وَكَانَ	اللّٰهُ
اور جو	کمائے	گناہ	تو فقط	وہ کماتا ہے	اپنی جان پر	اور ہے	اللہ

اور جو کوئی گناہ کمائے تو وہ فقط اپنی جان پر (اپنے حق میں) کماتا ہے۔ اور اللہ ہے

عَلِیْمًا حَكِیْمًا ﴿۱۱۱﴾ وَمَنْ یَّكْسِبْ خَطِیْۤـَٔةً اَوْ اِثْمًا ثُمَّ یَرْمِ بِهٖ

عَلِیْمًا	حَكِیْمًا	وَمَنْ	یَّكْسِبْ	خَطِیْۤـَٔةً	اَوْ اِثْمًا	ثُمَّ	یَرْمِ بِهٖ
جاننے والا	حکمت والا	اور جو	کمائے	خطا	یا گناہ	پھر	اس کی تہمت لگادے

جاننے والا، حکمت والا۔ اور جو کوئی خطا یا گناہ کمائے، پھر اس کی تہمت لگا دے

بَرِیْۤـًٔا فَقَدِ احْتَمَلَ بُهْتَانًا وَّ اِثْمًا مُّبِیْنًا ﴿۱۱۲﴾ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ

بَرِیْۤـًٔا	فَقَدِ احْتَمَلَ	بُهْتَانًا	وَّ اِثْمًا	مُّبِیْنًا	وَلَوْ	لَا	فَضْلُ اللّٰهِ
کسی بے گناہ	تو اس نے لادا	بھاری بہتان	اور گناہ	صریح (کھلا)	اور اگر	نہ	اللہ کا فضل

کسی بے گناہ پر، تو اس نے بھاری بہتان اور صریح (کھلا) گناہ لادا۔ اور اگر اللہ کا فضل

عَلَيْكَ وَرَحْمَتُهٗ لَهَمَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ اَنْ يُّضِلُّوْكَ ؕ وَمَا يُضِلُّوْنَ

عَلَيْكَ	وَرَحْمَتُهٗ	لَهَمَّتْ	طَّآئِفَةٌ	مِّنْهُمْ	اَنْ يُّضِلُّوْكَ	وَمَا	يُضِلُّوْنَ
آپ پر	اور اس کی رحمت	تو قصد کیا ہی تھا	ایک جماعت	ان میں سے	کہ آپ کو بہکا دیں	اور نہیں	بہکا رہے ہیں

اور اس کی رحمت آپ پر نہ ہوتی تو اُن کی ایک جماعت نے قصد کر ہی لیا تھا کہ آپکو بہکا دیں، اور وہ نہیں بہکا رہے ہیں

اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَضُرُّوْنَكَ مِنْ شَيْءٍ ؕ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكَ

اِلَّآ	اَنْفُسَهُمْ	وَمَا يَضُرُّوْنَكَ	مِنْ شَيْءٍ	وَاَنْزَلَ	اللّٰهُ	عَلَيْكَ
مگر	اپنے آپ	اور نہیں بگاڑ سکتے آپ کا	کچھ بھی	اور نازل کی	اللہ	آپ پر

مگر اپنے آپ کو، اور آپ کا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکتے، اور اللہ نے آپ پر نازل کی

الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ؕ وَكَانَ فَضْلُ

اَلْكِتٰبَ	وَالْحِكْمَةَ	وَعَلَّمَكَ	مَا	لَمْ تَكُنْ	تَعْلَمُ	وَكَانَ	فَضْلُ
کتاب	اور حکمت	اور آپ کو سکھایا	جو	نہیں تھے	تم جانتے	اور ہے	فضل

کتاب اور حکمت، اور آپ کو سکھایا جو آپ نہ جانتے تھے، اور ہے

اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ﴿١١٣﴾ لَا خَيْرَ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْ نَّجْوٰىهُمْ اِلَّا مَنْ اَمَرَ

اللّٰهِ	عَلَيْكَ	عَظِيْمًا	لَا خَيْرَ	فِيْ	كَثِيْرٍ	مِّنْ	نَّجْوٰىهُمْ	اِلَّا	مَنْ اَمَرَ
اللہ	آپ پر	بڑا	نہیں کوئی بھلائی	میں	اکثر	سے	اُنکے مشورے	مگر	حکم دے

آپ پر اللہ کا بڑا فضل۔ ان کے اکثر مشوروں (سرگوشیوں) میں کوئی بھلائی نہیں، مگر یہ کہ جو حکم دے

بِصَدَقَةٍ اَوْ مَعْرُوْفٍ اَوْ اِصْلَاحٍ بَيْنَ النَّاسِ ؕ وَمَنْ يَّفْعَلْ

بِصَدَقَةٍ	اَوْ	مَعْرُوْفٍ	اَوْ اِصْلَاحٍ	بَيْنَ النَّاسِ	وَمَنْ	يَّفْعَلْ
خیرات کا	یا	اچھی بات کا	یا اصلاح کرانا	لوگوں کے درمیان	اور جو	کرے

خیرات کا یا اچھی بات کا، یا لوگوں کے درمیان اصلاح کرانے کا، اور جو یہ کرے

ذٰلِكَ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿١١٤﴾

ذٰلِكَ	ابْتِغَآءَ	مَرْضَاتِ اللّٰهِ	فَسَوْفَ	نُؤْتِيْهِ	اَجْرًا	عَظِيْمًا
یہ	حاصل کرنا	اللہ کی رضا	سو عنقریب	ہم اسے دیں گے	ثواب	بڑا

اللہ کی رضا حاصل کرنے کے لئے، سو ہم عنقریب اُسے بڑا ثواب دیں گے۔

وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَ

وَمَنْ	يُّشَاقِقِ	الرَّسُوْلَ	مِنْۢ بَعْدِ	مَا	تَبَيَّنَ	لَهُ	الْهُدٰى	وَ
اور جو	مخالفت کرے	رسول	اس کے بعد	جب	ظاہر ہو چکی	اسکے لئے	ہدایت	اور

اور جو کوئی اس کے بعد رسولؐ کی مخالفت کرے جب کہ اس پر ہدایت ظاہر ہو چکی، اور

يَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ وَ

يَتَّبِعْ	غَيْرَ	سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ	نُوَلِّهٖ	مَا تَوَلّٰى	وَنُصْلِهٖ	جَهَنَّمَ	وَ
چلے	خلاف	مومنوں کا راستہ	ہم حوالہ کر دیں گے	جو اس نے اختیار کیا	اور ہم اسے داخل کرینگے	جہنم	اور

سب مؤمنوں کے راستہ کے خلاف چلے ہم اس کے حوالہ کر دیں گے جو اس نے اختیار کیا اور ہم اسے جہنم میں داخل کرینگے، اور

۱۷ ع ۳ ۱۴

سَآءَتْ مَصِيْرًا ﴿۱۱۵﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا

سَآءَتْ	مَصِيْرًا	اِنَّ اللّٰهَ	لَا يَغْفِرُ	اَنْ يُّشْرَكَ	بِهٖ	وَيَغْفِرُ	مَا
بُری جگہ	پہنچنے (پلٹنے) کی جگہ	بیشک اللہ	نہیں بخشتا	کہ شریک ٹھہرایا جائے	اس کا	اور بخشے گا	جو

یہ پلٹنے کی بُری جگہ ہے۔ بیشک اللہ اس کو نہیں بخشتا کہ اس کا شریک ٹھہرایا جائے، اور بخشدے گا

دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ۭ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًۢا

دُوْنَ	ذٰلِكَ	لِمَنْ	يَّشَآءُ	وَمَنْ	يُّشْرِكْ	بِاللّٰهِ	فَقَدْ ضَلَّ	ضَلٰلًۢا
سوا	اس	جس کو	وہ چاہے	اور جس	شریک ٹھہرایا	اللہ کا	سو گمراہ ہوا	گمراہی

اس کے سوا جس کو چاہے، اور جس نے اللہ کا شریک ٹھہرایا، سو وہ گمراہ ہوا، گمراہی

بَعِيْدًا ﴿۱۱۶﴾ اِنْ يَّدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلَّآ اِنٰثًا ۚ وَاِنْ يَّدْعُوْنَ اِلَّا

بَعِيْدًا	اِنْ يَّدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِهٖ	اِلَّآ اِنٰثًا	وَاِنْ	يَّدْعُوْنَ	اِلَّا
دُور	نہیں پکارتے	اس کے سوا	مگر عورتیں	اور نہیں	پکارتے ہیں	مگر

میں بہت دُور کی۔ اُس کے سوا نہیں پکارتے (پرستش کرتے) مگر عورتوں کو، اور نہیں پکارتے مگر

شَيْطٰنًا مَّرِيْدًا ﴿۱۱۷﴾ لَّعَنَهُ اللّٰهُ ۘ وَقَالَ لَاَتَّخِذَنَّ مِنْ عِبَادِكَ نَصِيْبًا

شَيْطٰنًا	مَّرِيْدًا	لَّعَنَهُ اللّٰهُ	وَقَالَ	لَاَتَّخِذَنَّ	مِنْ	عِبَادِكَ	نَصِيْبًا
شیطان	سرکش	اللہ نے اس پر لعنت کی	اور اُس نے کہا	میں ضرور لوں گا	سے	تیرے بندے	حصہ

سرکش شیطان کو، اللہ نے اس پر لعنت کی اس (شیطان) نے کہا میں تیرے بندوں سے اپنا حصہ ضرور لوں گا،

مَّفْرُوْضًا ﴿۱۱۸﴾ وَّلَاُضِلَّنَّهُمْ وَلَاُمَنِّيَنَّهُمْ وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُبَتِّكُنَّ

فَلَيُبَتِّكُنَّ	وَلَاٰمُرَنَّهُمْ	وَلَاُمَنِّيَنَّهُمْ	وَّلَاُضِلَّنَّهُمْ	مَّفْرُوْضًا
تو وہ ضرور چیریں گے	اور انہیں سکھاؤں گا	اور انہیں ضرور امیدیں دلاؤں گا	اور انہیں ضرور بہکاؤں گا	مقررہ

مقررہ ۔ اور میں انہیں ضرور بہکاؤں گا، ضرور امیدیں دلاؤں گا، اور انہیں سکھاؤں گا، تو وہ ضرور چیریں گے

اٰذَانَ الْاَنْعَامِ وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يَّتَّخِذِ

يَّتَّخِذِ	وَمَنْ	خَلْقَ اللّٰهِ	فَلَيُغَيِّرُنَّ	وَلَاٰمُرَنَّهُمْ	الْاَنْعَامِ	اٰذَانَ
پکڑے (بنائے)	اور جو	اللہ کی صورتیں	تو وہ ضرور بدلیں گے	اور انہیں سکھاؤں گا	جانور (جمع)	کان

(بتوں کی خاطر) جانوروں کے کان، اور میں انہیں سکھاؤں گا تو وہ اللہ کی (بنائی ہوئی) صورتیں بدلیں گے اور جو بنائے

الشَّيْطٰنَ وَلِيًّا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَانًا مُّبِيْنًا ﴿۱۱۹﴾

مُّبِيْنًا	خُسْرَانًا	فَقَدْ خَسِرَ	دُوْنِ اللّٰهِ	مِّنْ	وَلِيًّا	الشَّيْطٰنَ
صریح	نقصان	تو وہ پڑا نقصان میں	اللہ کے سوا	سے	دوست	شیطان

اللہ کے سوا شیطان کو دوست، تو وہ صریح نقصان میں پڑ گیا۔

يَعِدُهُمْ وَيُمَنِّيْهِمْ ؕ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ﴿۱۲۰﴾

غُرُوْرًا	اِلَّا	الشَّيْطٰنُ	وَمَا يَعِدُهُمُ	وَيُمَنِّيْهِمْ	يَعِدُهُمْ
صرف فریب	مگر	شیطان	اور انہیں وعدے نہیں دیتا	اور انہیں امید دلاتا ہے	وہ ان کو وعدہ دیتا ہے

وہ ان کو وعدے دیتا ہے اور امیدیں دلاتا ہے اور شیطان انہیں وعدے نہیں دیتا مگر صرف فریب (نرا دھوکا)

اُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۫ وَلَا يَجِدُوْنَ عَنْهَا مَحِيْصًا ﴿۱۲۱﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اٰمَنُوْا	وَالَّذِيْنَ	مَحِيْصًا	عَنْهَا	وَلَا يَجِدُوْنَ	جَهَنَّمُ	مَاْوٰىهُمْ	اُولٰٓئِكَ
ایمان لائے	اور جو لوگ	بھاگنے کی جگہ	اس سے	اور وہ نہ پائیں گے	جہنم	جن کا ٹھکانا	یہی لوگ

یہی لوگ ہیں جن کا ٹھکانہ جہنم ہے اور وہ اس سے بھاگنے کی جگہ نہ پائیں گے۔ اور جو لوگ ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

الْاَنْهٰرُ	تَحْتِهَا	مِنْ	تَجْرِيْ	جَنّٰتٍ	سَنُدْخِلُهُمْ	الصّٰلِحٰتِ	وَعَمِلُوْا
نہریں	ان کے نیچے	سے	بہتی ہیں	باغات	ہم عنقریب انہیں داخل کریں گے	اچھے	اور انہوں نے عمل کئے

اور انہوں نے اچھے عمل کئے ہم عنقریب انہیں باغات میں داخل کریں گے جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں

خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ؕ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ

خٰلِدِيْنَ	فِيْهَآ	اَبَدًا	وَعْدَ اللّٰهِ	حَقًّا	وَمَنْ	اَصْدَقُ	مِنَ	اللّٰهِ
ہمیشہ رہیں گے	اس میں	ہمیشہ ہمیشہ	اللہ کا وعدہ	سچا	اور کون	سچا	سے	اللہ

وہ اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے، اللہ کا وعدہ سچا ہے، اور کون ہے؟ اللہ سے زیادہ سچا

قِيْلًا ﴿۱۲۲﴾ لَيْسَ بِاَمَانِيِّكُمْ وَلَآ اَمَانِيِّ اَهْلِ الْكِتٰبِ ؕ مَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا

قِيْلًا	لَيْسَ	بِاَمَانِيِّكُمْ	وَلَآ	اَمَانِيِّ	اَهْلِ الْكِتٰبِ	مَنْ يَّعْمَلْ	سُوْٓءًا
بات میں	نہ	تمہاری آرزوؤں پر	اور نہ	آرزوؤں میں	اہل کتاب	جو کرے گا	برائی

بات میں۔ (عذاب و ثواب) نہ تمہاری آرزوؤں پر ہے، اور نہ اہل کتاب کی آرزوؤں پر، جو کوئی برائی کرے گا

يُّجْزَ بِهٖ وَلَا يَجِدْ لَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۱۲۳﴾ وَمَنْ

يُّجْزَ بِهٖ	وَلَا يَجِدْ	لَهٗ	مِنْ	دُوْنِ اللّٰهِ	وَلِيًّا	وَّلَا نَصِيْرًا	وَمَنْ
اس کی سزا پائے گا	اور نہ پائے گا	اپنے لئے	سے	اللہ کے سوا	کوئی دوست	اور نہ مددگار	اور جو

اس کی سزا پائے گا، اور اپنے لئے نہیں پائے گا اللہ کے سوا کوئی دوست اور نہ مددگار۔ اور جو

يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ مِنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ

يَّعْمَلْ	مِنَ	الصّٰلِحٰتِ	مِنْ	ذَكَرٍ	اَوْ اُنْثٰى	وَهُوَ	مُؤْمِنٌ	فَاُولٰٓئِكَ
کرے گا	سے	اچھے کام	سے	مرد	یا عورت	بشرطیکہ وہ	مومن	تو ایسے لوگ

اچھے کام کرے گا، مرد ہو یا عورت، بشرطیکہ وہ مومن ہو، تو ایسے لوگ

يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ نَقِيْرًا ﴿۱۲۴﴾ وَمَنْ اَحْسَنُ دِيْنًا

يَدْخُلُوْنَ	الْجَنَّةَ	وَلَا	يُظْلَمُوْنَ	نَقِيْرًا	وَمَنْ	اَحْسَنُ	دِيْنًا
داخل ہوں گے	جنت	اور نہ	ان پر ظلم ہوگا	تل برابر	اور کون کس	زیادہ بہتر	دین

جنت میں داخل ہوں گے، اور ان پر تل برابر ظلم نہ ہوگا۔ اور کس کا دین اس سے بہتر؟

مِّمَّنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَّاتَّبَعَ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا

مِّمَّنْ	اَسْلَمَ	وَجْهَهٗ	لِلّٰهِ	وَهُوَ	مُحْسِنٌ	وَّاتَّبَعَ	مِلَّةَ	اِبْرٰهِيْمَ	حَنِيْفًا
سے جس	جھکا دیا	اپنا منہ	اللہ کیلئے	اور وہ	نیکوکار	اور اس نے پیروی کی	دین	ابراہیمؑ	ایک کا ہو کر رہنے والا

جس نے اپنا منہ اللہ کے لئے جھکا دیا اور وہ نیکوکار بھی ہے، اور اس نے ایک کے ہو رہنے والے ابراہیمؑ کے دین کی پیروی کی

وَاتَّخَذَ اللّٰهُ اِبْرٰهِيْمَ خَلِيْلًا ﴿١٢٥﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي

وَاتَّخَذَ	اللّٰهُ	اِبْرٰهِيْمَ	خَلِيْلًا	وَلِلّٰهِ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي
اور بنایا	اللہ	ابراہیمؑ	دوست	اور اللہ کے لئے	جو	آسمانوں میں	اور جو	میں

اور اللہ نے ابراہیمؑ کو دوست بنایا۔ اور اللہ کے لئے ہے جو آسمانوں میں ہے اور جو

الْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطًا ﴿١٢٦﴾ وَيَسْتَفْتُوْنَكَ فِي النِّسَآءِ

الْاَرْضِ	وَكَانَ	اللّٰهُ	بِكُلِّ	شَيْءٍ	مُّحِيْطًا	وَيَسْتَفْتُوْنَكَ	فِي النِّسَآءِ
زمین	اور ہے	اللہ	ہر	چیز	احاطہ کئے ہوئے	اور وہ آپ سے حکم دریافت کرتے ہیں	عورتوں کے بارہ میں

زمین میں ہے، اور اللہ ہر چیز کو احاطہ کئے ہوئے ہے۔ آپؐ سے عورتوں کے بارہ میں حکم دریافت کرتے ہیں

قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِيْهِنَّ ۙ وَمَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ فِيْ يَتٰمَى

قُلِ	اللّٰهُ	يُفْتِيْكُمْ	فِيْهِنَّ	وَمَا	يُتْلٰى	عَلَيْكُمْ	فِي الْكِتٰبِ	فِيْ	يَتٰمَى
آپ کہدیں	اللہ	تمہیں حکم دیتا ہے	ان کے بارہ میں	اور جو	سنایا جاتا ہے	تمہیں	کتاب (قرآن) میں	(بارہ) میں	یتیم

آپؐ کہدیں اللہ تمہیں ان کے بارہ میں حکم (اجازت) دیتا ہے، اور جو تمہیں قرآن مجید میں سنایا جاتا ہے یتیم

النِّسَآءِ الّٰتِيْ لَا تُؤْتُوْنَهُنَّ مَا كُتِبَ لَهُنَّ وَتَرْغَبُوْنَ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ

النِّسَآءِ	الّٰتِيْ	لَا تُؤْتُوْنَهُنَّ	مَا كُتِبَ	لَهُنَّ	وَتَرْغَبُوْنَ + اَنْ	تَنْكِحُوْهُنَّ
عورتیں	وہ جنہیں	تم انہیں نہیں دیتے	جو لکھا گیا (مقرر)	انکے لئے	اور نہیں چاہتے ہو کہ	انکو نکاح میں لے لو

عورتوں کے بارہ میں جنہیں تم نہیں دیتے ان کا مقرر کیا ہوا (مہر) اور نہیں چاہتے کہ ان کو نکاح میں لے لو،

وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الْوِلْدَانِ ۙ وَاَنْ تَقُوْمُوْا لِلْيَتٰمٰى بِالْقِسْطِ ؕ

وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ	مِنَ	الْوِلْدَانِ	وَاَنْ	تَقُوْمُوْا	لِلْيَتٰمٰى	بِالْقِسْطِ
اور بے بس	سے (بارہ) میں	بچے	اور یہ کہ	قائم رہو	یتیموں کے بارہ میں	انصاف پر

اور بے بس بچوں کے بارہ میں، اور یہ کہ تم یتیموں کے بارہ میں انصاف پر قائم رہو،

وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِهٖ عَلِيْمًا ﴿١٢٧﴾ وَاِنِ امْرَاَةٌ خَافَتْ

وَمَا تَفْعَلُوْا	مِنْ خَيْرٍ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	بِهٖ عَلِيْمًا	وَاِنِ	امْرَاَةٌ	خَافَتْ
اور جو تم کرو گے	کوئی بھلائی	تو بیشک	اللہ	ہے	اس کو جاننے والا	اور اگر	کوئی عورت	ڈرے

اور تم جو بھلائی کرو گے تو بیشک اللہ اس کو جاننے والا ہے۔ اور اگر کوئی عورت ڈرے (اندیشہ کرے)

مِنْۢ بَعْلِهَا نُشُوْزًا اَوْ اِعْرَاضًا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ يُّصْلِحَا

مِنْۢ بَعْلِهَا	نُشُوْزًا	اَوْ	اِعْرَاضًا	فَلَا جُنَاحَ	عَلَيْهِمَآ	اَنْ يُّصْلِحَا
اپنے خاوند سے	زیادتی	یا	بے رغبتی	تو نہیں گناہ	ان دونوں پر	کہ وہ صلح کرلیں

اپنے خاوند (کی طرف) سے زیادتی کی بے رغبتی سے، تو ان دونوں پر گناہ نہیں کہ وہ صلح کرلیں

بَيْنَهُمَا صُلْحًا ۭ وَالصُّلْحُ خَيْرٌ ۭ وَاُحْضِرَتِ الْاَنْفُسُ الشُّحَّ ۭ وَاِنْ

بَيْنَهُمَا	صُلْحًا	وَالصُّلْحُ	خَيْرٌ	وَاُحْضِرَتِ	الْاَنْفُسُ	الشُّحَّ	وَاِنْ
آپس میں	صلح	اور صلح	بہتر	اور حاضر کیا گیا (موجود ہے)	طبیعتیں	بخل	اور اگر

آپس میں، اور صلح بہتر ہے، اور طبیعتوں میں بخل حاضر کیا گیا ہے (موجود ہوتا ہی ہے) اور اگر

تُحْسِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۱۲۸﴾ وَلَنْ

تُحْسِنُوْا	وَتَتَّقُوْا	فَاِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	بِمَا تَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرًا	وَلَنْ
تم نیکی کرو	اور پرہیزگاری کرو	تو بیشک	اللہ	ہے	جو تم کرتے ہو	باخبر	اور ہرگز نہ

تم نیکی کرو اور پرہیزگاری اختیار کرو تو بیشک تم جو کچھ کرتے ہو اللہ اس سے باخبر ہے۔ اور ہرگز نہ

تَسْتَطِيْعُوْٓا اَنْ تَعْدِلُوْا بَيْنَ النِّسَاۗءِ وَلَوْ حَرَصْتُمْ فَلَا تَمِيْلُوْا

تَسْتَطِيْعُوْٓا	اَنْ	تَعْدِلُوْا	بَيْنَ النِّسَاۗءِ	وَلَوْ	حَرَصْتُمْ	فَلَا تَمِيْلُوْا
کرسکو گے	کہ	برابری رکھو	عورتوں کے درمیان	اگرچہ	بہتیرا چاہو	پس نہ جھک پڑو

کرسکو گے اگرچہ تم بہتیرا چاہو کہ عورتوں کے درمیان برابری رکھو، پس نہ جھک پڑو

كُلَّ الْمَيْلِ فَتَذَرُوْهَا كَالْمُعَلَّقَةِ ۭ وَاِنْ تُصْلِحُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ

كُلَّ الْمَيْلِ	فَتَذَرُوْهَا	كَالْمُعَلَّقَةِ	وَاِنْ	تُصْلِحُوْا	وَتَتَّقُوْا	فَاِنَّ	اللّٰهَ
بالکل جھک جانا	کہ ایک کو ڈال رکھو	جیسے لٹکتی ہوئی	اور اگر	اصلاح کرتے رہو	اور پرہیزگاری کرو	تو بیشک	اللہ

بالکل (ایک ہی طرف) کہ ایک کو (آدھ بیچ) لٹکتی ہوئی ڈال رکھو، اور اگر تم اصلاح کرتے رہو اور پرہیزگاری کرو تو بیشک اللہ

كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۲۹﴾ وَاِنْ يَّتَفَرَّقَا يُغْنِ اللّٰهُ كُلًّا مِّنْ

كَانَ	غَفُوْرًا	رَّحِيْمًا	وَاِنْ	يَّتَفَرَّقَا	يُغْنِ اللّٰهُ	كُلًّا	مِّنْ
ہے	بخشنے والا	مہربان	اور اگر	دونوں جدا ہوجائیں	اللہ بے نیاز کردے گا	ہر ایک کو	سے

بخشنے والا، مہربان ہے۔ اور اگر دونوں (میاں بیوی) جدا ہو جائیں تو اللہ ہر ایک کو بے نیاز کردے گا

سَعَتِهٖ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ وَاسِعًا حَكِيْمًا ﴿۱۳۰﴾ وَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

سَعَتِهٖ	وَ كَانَ	اللّٰهُ	وَاسِعًا	حَكِيْمًا	وَ لِلّٰهِ	مَا	فِي	السَّمٰوٰتِ
اپنی کشائش سے	اور ہے	اللہ	کشائش والا	حکمت والا	اور اللہ کے لئے	جو	ہیں	آسمانوں

اپنی کشائش سے، اور اللہ کشائش والا حکمت والا ہے۔ اور اللہ کے لئے ہے جو آسمانوں میں

وَ مَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَ لَقَدْ وَصَّيْنَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ

وَ مَا	فِي الْاَرْضِ	وَ لَقَدْ وَصَّيْنَا	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا الْكِتٰبَ	مِنْ
اور جو	زمین میں	اور ہم نے تاکید کر دی ہے	وہ لوگ	جنہیں کتاب دی گئی	سے

اور جو زمین میں ہے، اور ہم نے تاکید کر دی ہے ان لوگوں کو جنہیں کتاب دی گئی

قَبْلِكُمْ وَ اِيَّاكُمْ اَنِ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَ اِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

قَبْلِكُمْ	وَ اِيَّاكُمْ	اَنِ اتَّقُوا	اللّٰهَ	وَ اِنْ	تَكْفُرُوْا	فَاِنَّ	لِلّٰهِ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ
تم سے پہلے	اور تمہیں	کہ ڈرتے رہو	اللہ	اور اگر	تم کفر کرو گے	تو بیشک	اللہ کیلئے	جو	آسمانوں میں

تم سے پہلے، اور تمہیں (بھی)، کہ اللہ سے ڈرتے رہو، اور اگر تم کفر کرو گے تو بیشک اللہ کے لئے ہے جو آسمانوں میں

وَ مَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ غَنِيًّا حَمِيْدًا ﴿۱۳۱﴾ وَ لِلّٰهِ مَا فِي

وَ مَا	فِي الْاَرْضِ	وَ كَانَ	اللّٰهُ	غَنِيًّا	حَمِيْدًا	وَ	لِلّٰهِ	مَا	فِي
اور جو	زمین میں	اور ہے	اللہ	بے نیاز	سب خوبیوں والا	اور	اللہ کے لئے	جو	میں

اور جو زمین میں ہے، اور اللہ بے نیاز ہے، سب خوبیوں والا ہے۔ اور اللہ کے لئے ہے جو

السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَ كَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۱۳۲﴾ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ

السَّمٰوٰتِ	وَ مَا	فِي الْاَرْضِ	وَ كَفٰى	بِاللّٰهِ	وَكِيْلًا	اِنْ يَّشَاْ	يُذْهِبْكُمْ
آسمانوں	اور جو	زمین میں	اور کافی	اللہ	کارساز	اگر وہ چاہے	تمہیں لے جائے

آسمانوں میں اور جو زمین میں ہے، اور کافی ہے اللہ کارساز۔ اگر اللہ چاہے کہ تمہیں لے جائے (فنا کر دے)

اَيُّهَا النَّاسُ وَ يَاْتِ بِاٰخَرِيْنَ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَلٰى ذٰلِكَ قَدِيْرًا ﴿۱۳۳﴾

اَيُّهَا النَّاسُ	وَ يَاْتِ	بِاٰخَرِيْنَ	وَ كَانَ	اللّٰهُ	عَلٰى ذٰلِكَ	قَدِيْرًا
اے لوگو	اور لے آئے	دوسروں کو	اور ہے	اللہ	اس پر	قادر

اے لوگو! اور دوسروں کو لے آئے (لا بسائے) اور اللہ اس پر قادر ہے۔

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ ثَوَابَ الدُّنْيَا فَعِنْدَ اللّٰهِ ثَوَابُ الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ

وَ الْاٰخِرَةِ	الدُّنْيَا	ثَوَابُ	فَعِنْدَ اللّٰهِ	ثَوَابَ الدُّنْيَا	كَانَ يُرِيْدُ	مَنْ
اور آخرت	دنیا	ثواب	تو اللہ کے پاس	دنیا کا ثواب	چاہتا ہے	جو

جو کوئی دنیا کا ثواب چاہتا ہے تو اللہ کے پاس دنیا اور آخرت کا ثواب ہے'

وَ كَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا ﴿۱۳۴﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا

كُوْنُوْا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	يٰۤاَيُّهَا	بَصِيْرًا	سَمِيْعًا	اللّٰهُ	وَ كَانَ
ہو جاؤ	جو لوگ ایمان لائے (ایمان والے)	اے	دیکھنے والا	سننے والا	اللہ	اور ہے

اور اللہ سننے والا' دیکھنے والا ہے ۔ اے ایمان والو! ہو جاؤ

قَوّٰمِيْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَ لَوْ عَلٰۤى اَنْفُسِكُمْ اَوِ الْوَالِدَيْنِ

الْوَالِدَيْنِ	اَوِ	عَلٰۤى اَنْفُسِكُمْ	وَ لَوْ	شُهَدَآءَ لِلّٰهِ	بِالْقِسْطِ	قَوّٰمِيْنَ
ماں باپ	یا	خود تمہارے اوپر (خلاف)	اگرچہ	گواہی دینے والے اللہ کیلئے	انصاف پر	قائم رہنے والے

انصاف پر قائم رہنے والے ، اللہ کے لئے گواہی دینے والے ، اگرچہ خود تمہارے خلاف ، یا ماں باپ '

وَ الْاَقْرَبِيْنَ اِنْ يَّكُنْ غَنِيًّا اَوْ فَقِيْرًا فَاللّٰهُ اَوْلٰى بِهِمَا فَلَا

فَلَا	بِهِمَا	اَوْلٰى	فَاللّٰهُ	اَوْ فَقِيْرًا	غَنِيًّا	اِنْ يَّكُنْ	الْاَقْرَبِيْنَ	وَ
سو ۔ نہ	اُن کا	خیر خواہ	پس اللہ	یا محتاج	کوئی مالدار	اگر (چاہے) ہو	قرابت دار	اور

اور قرابت داروں (کے خلاف) ہو، چاہے کوئی مالدار ہو یا محتاج (بہرحال) اللہ اُن کا (سب سے بڑھ کر) خیر خواہ ہے' سو

تَتَّبِعُوا الْهَوٰۤى اَنْ تَعْدِلُوْا ۚ وَ اِنْ تَلْوٗۤا اَوْ تُعْرِضُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ

اللّٰهَ	فَاِنَّ	اَوْ تُعْرِضُوْا	وَ اِنْ تَلْوٗۤا	اَنْ تَعْدِلُوْا	الْهَوٰۤى	تَتَّبِعُوا
اللہ	تو بیشک	یا پہلو تہی کرو گے	اور اگر تم زبان دباؤ گے	کہ انصاف کرو	خواہش	پیروی کرو

تم خواہش (نفس) کی پیروی نہ کرو (انصاف کرنے میں' اور اگر تم (گواہی میں) زبان دباؤ گے یا پہلو تہی کرو گے تو بیشک اللہ

كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۱۳۵﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ

وَ رَسُوْلِهٖ	بِاللّٰهِ	اٰمِنُوْا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	يٰۤاَيُّهَا	خَبِيْرًا	تَعْمَلُوْنَ	بِمَا	كَانَ
اور اس کا رسول	اللہ پر	ایمان لاؤ	جو لوگ ایمان لائے (ایمان والو)	اے	باخبر	تم کرتے ہو	جو	ہے

اس سے باخبر ہے جو تم کرتے ہو ۔ اے ایمان والو! تم ایمان لاؤ اللہ پر' اور اُس کے رسول پر'

وَالْكِتٰبِ الَّذِیْ نَزَّلَ عَلٰی رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ

مِنْ قَبْلُ	الَّذِیْٓ اَنْزَلَ	وَالْكِتٰبِ	عَلٰی رَسُوْلِهٖ	الَّذِیْ نَزَّلَ	وَالْكِتٰبِ
اس سے قبل	جو اس نے نازل کی	اور کتاب	اپنے رسول پر	جو اس نے نازل کی	اور کتاب

اور اس کتاب پر جو اس نے اپنے رسول ﷺ پر نازل کی (قرآن) اور ان کتابوں پر جو اس سے قبل نازل کیں،

وَمَنْ یَّكْفُرْ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓىِٕكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ

الْاٰخِرِ	وَالْیَوْمِ	وَرُسُلِهٖ	وَكُتُبِهٖ	وَمَلٰٓىِٕكَتِهٖ	بِاللّٰهِ	یَّكْفُرْ	وَمَنْ
آخرت	اور روز	اسکے رسولوں	اور اس کی کتابوں	اور اس کے فرشتوں	اللہ کا	انکار کرے	اور جو

اور جو انکار کرے اللہ کا، اور اس کے فرشتوں، اس کی کتابوں، اس کے رسولوں، اور روزِ آخرت کا،

فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًۢا بَعِیْدًا ﴿۱۳۶﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ

ثُمَّ	ثُمَّ كَفَرُوْا	الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا	اِنَّ	بَعِیْدًا	ضَلٰلًۢا	فَقَدْ ضَلَّ
پھر	پھر کافر ہوئے	جو لوگ ایمان لائے	بیشک	دور	گمراہی	تو وہ بھٹک گیا

تو بھٹک گیا دُور کی گمراہی میں۔ بیشک جو لوگ ایمان لائے، پھر کافر ہوئے، پھر

اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّمْ یَكُنِ اللّٰهُ لِیَغْفِرَ لَهُمْ وَ

وَ	لَهُمْ	لِیَغْفِرَ	اللّٰهُ	لَّمْ یَكُنِ	ازْدَادُوْا كُفْرًا	ثُمَّ	ثُمَّ كَفَرُوْا	اٰمَنُوْا
اور	انہیں	کہ بخشدے	اللہ	نہیں ہے	بڑھتے رہے کفر میں	پھر	پھر کافر ہوئے	ایمان لائے

ایمان لائے، پھر کافر ہوئے، پھر کفر میں بڑھتے رہے، اللہ انہیں ہرگز نہ بخشے گا اور

لَا لِیَهْدِیَهُمْ سَبِیْلًا ﴿۱۳۷﴾ بَشِّرِ الْمُنٰفِقِیْنَ بِاَنَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِیْمَا

عَذَابًا اَلِیْمَا	لَهُمْ	بِاَنَّ	الْمُنٰفِقِیْنَ	بَشِّرِ	سَبِیْلًا	لَا لِیَهْدِیَهُمْ
دردناک عذاب	ان کے لئے	کہ	منافق (جمع)	خوشخبری دیں	راہ	نہ دکھائے گا

نہ انہیں (سیدھی) راہ دکھائے گا۔ منافقوں کو خوشخبری دیں کہ ان کے لئے دردناک عذاب ہے

الَّذِیْنَ یَتَّخِذُوْنَ الْكٰفِرِیْنَ اَوْلِیَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِیْنَ

الْمُؤْمِنِیْنَ	مِنْ دُوْنِ	اَوْلِیَآءَ	الْكٰفِرِیْنَ	یَتَّخِذُوْنَ	الَّذِیْنَ
مومن (جمع)	سوائے (چھوڑ کر)	دوست	کافر (جمع)	پکڑتے ہیں (بناتے ہیں)	جو لوگ

جو لوگ مؤمنوں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست بناتے ہیں،

أَيَبْتَغُونَ عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ فَإِنَّ الْعِزَّةَ لِلَّهِ جَمِيعًا ﴿١٣٩﴾ وَقَدْ

أَيَبْتَغُونَ	عِنْدَهُمُ	الْعِزَّةَ	فَإِنَّ	الْعِزَّةَ	لِلَّهِ	جَمِيعًا	وَقَدْ
کیا ڈھونڈتے ہیں؟	ان کے پاس	عزت	بیشک	عزت	اللہ کے لئے	ساری	اور تحقیق

کیا وہ ان کے پاس عزت ڈھونڈتے ہیں؟ بیشک ساری عزت اللہ ہی کے لئے ہے۔ اور تحقیق (اللہ)

نَزَّلَ عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ أَنْ إِذَا سَمِعْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ يُكْفَرُ

نَزَّلَ	عَلَيْكُمْ	فِي الْكِتٰبِ	أَنْ	إِذَا سَمِعْتُمْ	اٰيٰتِ اللّٰهِ	يُكْفَرُ
اُتار چکا	تم پر	کتاب میں	یہ کہ	جب تم سُنو	اللہ کی آیتیں	انکار کیا جاتا ہے

کتاب (قرآن) میں تم پر (یہ حکم) اتار چکا ہے کہ جب تم سُنو کہ اللہ کی آیتوں کا انکار کیا جاتا ہے

بِهَا وَيُسْتَهْزَأُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوا مَعَهُمْ حَتّٰى يَخُوضُوا فِي

بِهَا	وَيُسْتَهْزَأُ	بِهَا	فَلَا تَقْعُدُوا	مَعَهُمْ	حَتّٰى	يَخُوضُوا	فِي
اس کا	مذاق اُڑایا جاتا ہے	اس کا	تو نہ بیٹھو	ان کے ساتھ	یہاں تک کہ	وہ مشغول ہوں	میں

اور اُن کا مذاق اُڑایا جاتا ہے تو اُن کے ساتھ نہ بیٹھو، یہاں تک کہ وہ مشغول ہوں

حَدِيثٍ غَيْرِهِ ۚ إِنَّكُمْ إِذًا مِثْلُهُمْ ۗ إِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ

حَدِيثٍ	غَيْرِهِ	إِنَّكُمْ	إِذًا	مِثْلُهُمْ	إِنَّ	اللّٰهَ	جَامِعُ
بات	اس کے سوا	یقیناً تم	اس صورت میں	ان جیسے	بیشک	اللہ	جمع کرنے والا

اس کے سوا کسی اور بات میں، یقیناً اس صورت میں تم اُن جیسے ہوگے، بیشک اللہ جمع کرنے والا ہے

الْمُنٰفِقِينَ وَالْكٰفِرِينَ فِي جَهَنَّمَ جَمِيعًا ﴿١٤٠﴾ الَّذِينَ يَتَرَبَّصُونَ

الْمُنٰفِقِينَ	وَالْكٰفِرِينَ	فِي جَهَنَّمَ	جَمِيعًا	الَّذِينَ	يَتَرَبَّصُونَ
منافق (جمع)	اور کافر (جمع)	جہنم میں	تمام	جو لوگ	تکتے رہتے ہیں

تمام منافقوں اور کافروں کو جہنم میں (ایک جگہ)۔ جو لوگ تکتے (انتظار کرتے) رہتے ہیں

بِكُمْ فَإِنْ كَانَ لَكُمْ فَتْحٌ مِنَ اللّٰهِ قَالُوا أَلَمْ نَكُنْ مَعَكُمْ ۖ وَإِنْ

بِكُمْ	فَإِنْ كَانَ	لَكُمْ	فَتْحٌ	مِنَ اللّٰهِ	قَالُوا	أَلَمْ نَكُنْ	مَعَكُمْ	وَإِنْ
تمہیں	پھر اگر ہو	تم کو	فتح	اللہ کی طرف سے	کہتے ہیں	کیا ہم نہ تھے؟	تمہارے ساتھ	اور اگر

تمہارا، پھر اگر تم کو اللہ کی طرف سے فتح ہو تو کہتے ہیں کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے؟ اور اگر

كَانَ لِلْكٰفِرِيْنَ نَصِيْبٌ قَالُوْٓا اَلَمْ نَسْتَحْوِذْ عَلَيْكُمْ وَنَمْنَعْكُمْ

كَانَ	لِلْكٰفِرِيْنَ	نَصِيْبٌ	قَالُوْٓا	اَلَمْ نَسْتَحْوِذْ	عَلَيْكُمْ	وَنَمْنَعْكُمْ
ہو	کافروں کے لئے	حصہ	کہتے ہیں	کیا ہم غالب نہیں آگئے تھے	تم پر	اور ہم نے منع کیا تھا (بچایا تھا) تمہیں

کافروں کے لئے حصہ ہو (فتح ہو) تو کہتے ہیں کیا ہم تم پر غالب نہیں آگئے تھے اور ہم نے تمہیں بچایا تھا

مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ وَلَنْ يَّجْعَلَ

مِّنَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	فَاللّٰهُ	يَحْكُمُ	بَيْنَكُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	وَلَنْ يَّجْعَلَ
سے	مسلمان (جمع)	سو اللہ	فیصلہ کرے	تمہارے درمیان	قیامت کے دن	اور ہرگز نہ دے گا

مسلمانوں سے۔ سو اللہ قیامت کے دن تمہارے درمیان فیصلہ کرے گا، اور ہرگز نہ دے گا

اللّٰهُ لِلْكٰفِرِيْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ سَبِيْلًا ۝۱۴۱ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ يُخٰدِعُوْنَ

اللّٰهُ	لِلْكٰفِرِيْنَ	عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ	سَبِيْلًا	اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ	يُخٰدِعُوْنَ
اللہ	کافروں کو	مسلمانوں پر	راہ	بیشک منافق	دھوکہ دیتے ہیں

اللہ کافروں کو مسلمانوں پر راہ (غلبہ)۔ بیشک منافق دھوکہ دیتے ہیں

اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ ۚ وَاِذَا قَامُوْٓا اِلَى الصَّلٰوةِ قَامُوْا كُسَالٰى ۙ يُرَاۗءُوْنَ

اللّٰهَ	وَهُوَ	خَادِعُهُمْ	وَاِذَا	قَامُوْٓا	اِلَى	الصَّلٰوةِ	قَامُوْا كُسَالٰى	يُرَاۗءُوْنَ
اللہ	اور وہ	انہیں دھوکہ دے گا	اور جب	کھڑے ہوں	طرف (کو)	نماز	کھڑے ہوں سستی سے	وہ دکھاتے ہیں

اللہ کو، اور وہ اُن کو دھوکہ (کا جواب) دے گا، اور جب نماز کو کھڑے ہوں تو سستی سے کھڑے ہوں، وہ دکھاتے ہیں

النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝۱۴۲ مُّذَبْذَبِيْنَ بَيْنَ ذٰلِكَ

النَّاسَ	وَلَا	يَذْكُرُوْنَ	اللّٰهَ	اِلَّا قَلِيْلًا	مُّذَبْذَبِيْنَ	بَيْنَ	ذٰلِكَ
لوگ	اور نہیں	یاد کرتے	اللہ	مگر بہت کم	اُدھر میں لٹکے ہوئے	درمیان	اس

لوگوں کو، اور اللہ کو یاد نہیں کرتے مگر بہت کم۔ اِس کے درمیان اُدھر میں لٹکے ہوئے ہیں

لَآ اِلٰى هٰٓؤُلَاۗءِ وَلَآ اِلٰى هٰٓؤُلَاۗءِ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ

لَآ	اِلٰى هٰٓؤُلَاۗءِ	وَلَآ	اِلٰى هٰٓؤُلَاۗءِ	وَمَنْ	يُّضْلِلِ اللّٰهُ	فَلَنْ تَجِدَ	لَهٗ
نہ	اِن کی طرف	اور نہ	اُن کی طرف	اور جو۔ جس	گمراہ کرے اللہ	تو ہرگز نہ پائے گا	اس کے لئے

نہ اِن کی طرف، نہ اُن کی طرف، اور جس کو اللہ گمراہ کرے تو ہرگز اس کے لئے نہ پائے گا

سَبِيْلًا ﴿١٤٣﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ

سَبِيْلًا	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَا تَتَّخِذُوْا	الْكٰفِرِيْنَ	اَوْلِيَآءَ	مِنْ دُوْنِ
کوئی راہ	اے	جو لوگ ایمان لائے (ایمان والے)	نہ پکڑو (نہ بناؤ)	کافر (جمع)	دوست	سوائے

کوئی راہ۔ اے ایمان والو! کافروں کو دوست نہ بناؤ، سوائے

الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿١٤٤﴾ اِنَّ

الْمُؤْمِنِيْنَ	اَتُرِيْدُوْنَ	اَنْ تَجْعَلُوْا	لِلّٰهِ	عَلَيْكُمْ	سُلْطٰنًا	مُّبِيْنًا	اِنَّ
مسلمان (جمع)	کیا تم چاہتے ہو	کہ تم کرو (لو)	اللہ کا	تم پر (اپنے اوپر)	الزام	صریح	بیشک

مسلمانوں کے، کیا تم چاہتے ہو کہ تم اپنے اوپر اللہ کا صریح الزام لو؟ بیشک

الْمُنٰفِقِيْنَ فِي الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ نَصِيْرًا ﴿١٤٥﴾

الْمُنٰفِقِيْنَ	فِي	الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ	مِنَ	النَّارِ	وَلَنْ تَجِدَ	لَهُمْ	نَصِيْرًا
منافق (جمع)	میں	سب سے نیچے کا درجہ	سے	دوزخ	اور ہرگز نہ پائے گا	ان کے لئے	کوئی مددگار

منافق دوزخ کے سب سے نچلے درجہ میں ہوں گے، اور تو ہرگز ان کا کوئی مددگار نہ پائے گا۔

اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَاعْتَصَمُوْا بِاللّٰهِ وَاَخْلَصُوْا دِيْنَهُمْ لِلّٰهِ

اِلَّا	الَّذِيْنَ تَابُوْا	وَاَصْلَحُوْا	وَاعْتَصَمُوْا	بِاللّٰهِ	وَاَخْلَصُوْا	دِيْنَهُمْ	لِلّٰهِ
مگر	جنہوں نے توبہ کی	اور اصلاح کی	اور مضبوطی سے پکڑا	اللہ کو	اور خالص کر لیا	اپنا دین	اللہ کے لئے

مگر جن لوگوں نے توبہ کی اور (اپنی) اصلاح کر لی اور مضبوطی سے اللہ (کی رسی) کو پکڑ لیا اور اپنا دین اللہ کے لئے خالص کر لیا ﴿١٤٦﴾

فَاُولٰۗىِٕكَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ وَسَوْفَ يُؤْتِ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا

فَاُولٰۗىِٕكَ	مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ	وَسَوْفَ	يُؤْتِ اللّٰهُ	الْمُؤْمِنِيْنَ	اَجْرًا عَظِيْمًا
تو ایسے لوگ	مؤمنوں کے ساتھ	اور جلد	دے گا اللہ	مومن (جمع)	بڑا ثواب

تو ایسے لوگ مومنوں کے ساتھ ہوں گے، اور اللہ جلد مومنوں کو بڑا ثواب دے گا۔

مَا يَفْعَلُ اللّٰهُ بِعَذَابِكُمْ اِنْ شَكَرْتُمْ وَاٰمَنْتُمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ شَاكِرًا عَلِيْمًا ﴿١٤٧﴾

مَا يَفْعَلُ	اللّٰهُ	بِعَذَابِكُمْ	اِنْ شَكَرْتُمْ	وَاٰمَنْتُمْ	وَكَانَ	اللّٰهُ	شَاكِرًا	عَلِيْمًا
کیا کرے گا	اللہ	تمہارے عذاب سے	اگر تم شکر کرو گے	اور ایمان لاؤ گے	اور ہے	اللہ	قدردان	خوب جاننے والا

اگر تم شکر کرو گے اور ایمان لاؤ گے تو اللہ تمہیں عذاب دے کر کیا کرے گا؟ اور اللہ قدردان، خوب جاننے والا ہے۔

لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ ظُلِمَ ؕ

ظُلِمَ	مَنْ	اِلَّا	مِنَ الْقَوْلِ	بِالسُّوْٓءِ	الْجَهْرَ	اللّٰهُ	لَا يُحِبُّ
ظلم ہوا ہو	جو ۔ جس	مگر	بات	بُری	ظاہر کرنا	اللہ	پسند نہیں کرتا

اللہ (کسی کی) بات کا ظاہر کرنا پسند نہیں کرتا، مگر جس پر ظلم ہوا ہو

وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا عَلِيْمًا ﴿۱۴۸﴾ اِنْ تُبْدُوْا خَيْرًا اَوْ تُخْفُوْهُ اَوْ تَعْفُوْا

اَوْ تَعْفُوْا	اَوْ تُخْفُوْهُ	خَيْرًا	اِنْ تُبْدُوْا	عَلِيْمًا	سَمِيْعًا	اللّٰهُ	وَكَانَ
یا معاف کردو	یا اسے چھپاؤ	کوئی بھلائی	اگر تم کھلم کھلا کرو	جاننے والا	سننے والا	اللہ	اور ہے

اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔ اگر تم کوئی بھلائی کھلم کھلا کرو، یا اسے چھپاؤ یا معاف کردو

عَنْ سُوْٓءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا قَدِيْرًا ﴿۱۴۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ

يَكْفُرُوْنَ	الَّذِيْنَ	اِنَّ	قَدِيْرًا	عَفُوًّا	كَانَ	اللّٰهَ	فَاِنَّ	سُوْٓءٍ	عَنْ
انکار کرتے ہیں	جو لوگ	بیشک	قدرت والا	معاف کرنیوالا	ہے	اللہ	تو بیشک	برائی	سے

کوئی برائی تو بیشک اللہ معاف کرنے والا، قدرت والا ہے۔ بے شک جو لوگ انکار کرتے ہیں

بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ

وَيَقُوْلُوْنَ	وَرُسُلِهٖ	اللّٰهِ	بَيْنَ	يُّفَرِّقُوْا	اَنْ	وَيُرِيْدُوْنَ	رُسُلِهٖ	وَ	بِاللّٰهِ
اور کہتے ہیں	اور اسکے رسول	اللہ	درمیان	فرق نکالیں	کہ	اور چاہتے ہیں	اس کے رسولوں	اور	اللہ کا

اللہ کا، اور اس کے رسولوں کا ؛ اور چاہتے ہیں کہ اللہ اور اس کے رسولوں کے درمیان فرق نکالیں اور کہتے ہیں

نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّنَكْفُرُ بِبَعْضٍ ۙ وَّيُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَّخِذُوْا بَيْنَ ذٰلِكَ

بَيْنَ ذٰلِكَ	يَّتَّخِذُوْا	اَنْ	يُرِيْدُوْنَ	وَ	بِبَعْضٍ	وَنَكْفُرُ	بِبَعْضٍ	نُؤْمِنُ
اس کے درمیان	پکڑیں (نکالیں)	کہ	وہ چاہتے ہیں	اور	بعض کو	اور نہیں مانتے	بعض کو	ہم مانتے ہیں

کہ ہم بعض کو مانتے ہیں، اور بعض کو نہیں مانتے ، اور چاہتے ہیں کہ اس کے درمیان نکالیں

سَبِيْلًا ﴿۱۵۰﴾ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ حَقًّا ۚ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿۱۵۱﴾

مُّهِيْنًا	عَذَابًا	لِلْكٰفِرِيْنَ	وَاَعْتَدْنَا	حَقًّا	الْكٰفِرُوْنَ	هُمُ	اُولٰٓئِكَ	سَبِيْلًا
ذلت کا	عذاب	کافروں کے لئے	اور ہم نے تیار کیا ہے	اصل	کافر (جمع)	وہ	یہی لوگ	ایک راہ

ایک راہ۔ یہی لوگ اصل کافر ہیں، اور ہم نے کافروں کے لئے ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَلَمْ يُفَرِّقُوْا بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ

وَ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	بِاللّٰهِ	وَرُسُلِهٖ	وَلَمْ يُفَرِّقُوْا	بَيْنَ	اَحَدٍ	مِّنْهُمْ
اور	جو لوگ ایمان لائے	اللہ پر	اور اس کے رسولوں	اور فرق نہیں کرتے	درمیان	کسی کے	ان میں سے

اور جو لوگ اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے اور اُن میں سے کسی کے درمیان فرق نہیں کرتے

۲۱ ع ۱۱ ۱

اُولٰٓئِكَ سَوْفَ يُؤْتِيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۵۲﴾

اُولٰٓئِكَ	سَوْفَ	يُؤْتِيْهِمْ	اُجُوْرَهُمْ	وَكَانَ	اللّٰهُ	غَفُوْرًا	رَّحِيْمًا
یہی لوگ	عنقریب	انہیں دے گا	ان کے اجر	اور ہے	اللہ	بخشنے والا	نہایت مہربان

یہی وہ لوگ ہیں عنقریب انہیں (اللہ) اُن کے اجر دے گا، اور اللہ بخشنے والا، نہایت مہربان ہے۔

يَسْـَٔلُكَ اَهْلُ الْكِتٰبِ اَنْ تُنَزِّلَ عَلَيْهِمْ كِتٰبًا مِّنَ السَّمَآءِ فَقَدْ سَاَلُوْا

يَسْـَٔلُكَ	اَهْلُ الْكِتٰبِ	اَنْ	تُنَزِّلَ	عَلَيْهِمْ	كِتٰبًا	مِّنَ	السَّمَآءِ	فَقَدْ سَاَلُوْا
آپ سے سوال کرتے ہیں	اہل کتاب	کہ	اُتار لائے	ان پر	کتاب	سے	آسمان	سو وہ سوال کر چکے ہیں

اہل کتاب آپ سے سوال کرتے ہیں کہ ان پر آسمان سے کتاب اتار لائیں، سو وہ سوال کر چکے ہیں

مُوْسٰٓى اَكْبَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَقَالُوْٓا اَرِنَا اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ

مُوْسٰٓى	اَكْبَرَ	مِنْ ذٰلِكَ	فَقَالُوْٓا	اَرِنَا	اللّٰهَ	جَهْرَةً	فَاَخَذَتْهُمُ	الصّٰعِقَةُ
موسیٰؑ	بڑا	اس سے	انہوں نے کہا	ہمیں دکھا دے	اللہ	علانیہ	سو انہیں آ پکڑا	بجلی

موسیٰؑ سے اس سے بھی بڑا، انہوں نے کہا ہمیں اللہ کو علانیہ (کھلم کھلا) دکھادے، سو انہیں بجلی نے آپکڑا

بِظُلْمِهِمْ ۚ ثُمَّ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ

بِظُلْمِهِمْ	ثُمَّ	اتَّخَذُوا	الْعِجْلَ	مِنْۢ بَعْدِ	مَا	جَآءَتْهُمُ	الْبَيِّنٰتُ
ان کے ظلم کے باعث	پھر	انہوں نے بنا لیا	بچھڑا (گوسالہ)	اس کے بعد	کہ	ان کے پاس آئیں	نشانیاں

ان کے ظلم کے باعث، پھر انہوں نے گوسالہ کو (معبود) بنا لیا اس کے بعد کہ اُن کے پاس نشانیاں آ گئیں

فَعَفَوْنَا عَنْ ذٰلِكَ ۚ وَاٰتَيْنَا مُوْسٰى سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۱۵۳﴾ وَرَفَعْنَا فَوْقَهُمُ

فَعَفَوْنَا	عَنْ ذٰلِكَ	وَاٰتَيْنَا	مُوْسٰى	سُلْطٰنًا	مُّبِيْنًا	وَرَفَعْنَا	فَوْقَهُمُ
سو ہم نے درگزر کیا	اس سے (اس کو)	اور ہم نے دیا	موسیٰ	غلبہ	ظاہر (صریح)	اور ہم نے بلند کیا	ان کے اوپر

سو ہم نے اس سے درگزر کیا، اور ہم نے موسیٰؑ کو صریح غلبہ دیا، اور ہم نے اُن کے اوپر بلند کیا

الطُّوْرَ بِمِيْثَاقِهِمْ وَ قُلْنَا لَهُمُ ادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّ قُلْنَا لَهُمْ

الطُّوْرَ	بِمِيْثَاقِهِمْ	وَ قُلْنَا	لَهُمُ	ادْخُلُوا	الْبَابَ	سُجَّدًا	وَّ قُلْنَا	لَهُمْ
طور	ان سے عہد لینے کی غرض سے	اور ہم نے کہا	ان کیلئے (ان سے)	تم داخل ہو	دروازہ	سجدہ کرتے	اور ہم نے کہا	ان سے

"طور" پہاڑ ان سے عہد لینے کی غرض سے، اور ہم نے ان سے کہا دروازہ میں سجدہ کرتے ہوئے داخل ہو، اور ہم نے ان سے کہا

لَا تَعْدُوْا فِي السَّبْتِ وَ اَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ﴿۱۵۴﴾ فَبِمَا نَقْضِهِمْ

لَا تَعْدُوْا	فِي	السَّبْتِ	وَ اَخَذْنَا	مِنْهُمْ	مِّيْثَاقًا	غَلِيْظًا	فَبِمَا	نَقْضِهِمْ
نہ زیادتی کرو	میں	ہفتہ کا دن	اور ہم نے لیا	اُن سے	عہد	مضبوط	بسبب	ان کا توڑنا

ہفتہ کے دن میں زیادتی نہ کرو، اور ہم نے اُن سے مضبوط عہد لیا۔ (اُن کو سزا ملی) بسبب ان کے عہد و پیمان

مِّيْثَاقَهُمْ وَ كُفْرِهِمْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَ قَتْلِهِمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ وَّ قَوْلِهِمْ

مِّيْثَاقَهُمْ	وَ كُفْرِهِمْ	بِاٰيٰتِ اللّٰهِ	وَ قَتْلِهِمُ	الْاَنْۢبِيَآءَ	بِغَيْرِ حَقٍّ	وَّ قَوْلِهِمْ
اپنا عہد و پیمان	اور ان کا انکار کرنا	اللہ کی آیات	اور ان کا قتل کرنا	نبیوں (جمع)	ناحق	اور اُن کا کہنا

توڑنے، اور اُن کے اللہ کی آیتوں کا انکار کرنے، اور اُن کے ناحق نبیوں کو قتل کرنے، اور اُن کے یہ کہنے (کے سبب)

قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ؕ بَلْ طَبَعَ اللّٰهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۵۵﴾

قُلُوْبُنَا	غُلْفٌ	بَلْ	طَبَعَ اللّٰهُ	عَلَيْهَا	بِكُفْرِهِمْ	فَلَا يُؤْمِنُوْنَ	اِلَّا	قَلِيْلًا
ہمارے دل (جمع)	پردہ میں	بلکہ	مہر کردی اللہ نے	اُن پر	انکے کفر کے سبب	سو وہ ایمان نہیں لاتے	مگر	کم

کہ ہمارے دل پردہ میں (محفوظ) ہیں، بلکہ اللہ نے اُن پر اُن کے کفر کے سبب مہر کردی، سو ایمان نہیں لاتے مگر کم۔

وَّ بِكُفْرِهِمْ وَ قَوْلِهِمْ عَلٰى مَرْيَمَ بُهْتَانًا عَظِيْمًا ﴿۱۵۶﴾ وَّ قَوْلِهِمْ اِنَّا قَتَلْنَا

وَّ بِكُفْرِهِمْ	وَ قَوْلِهِمْ	عَلٰى	مَرْيَمَ	بُهْتَانًا	عَظِيْمًا	وَّ قَوْلِهِمْ	اِنَّا	قَتَلْنَا
اُن کے کفر کے سبب	اور اُن کا کہنا (باندھنا)	پر	مریمؑ	بہتان	بڑا	اور ان کا کہنا	ہم	ہم نے قتل کیا

(اور اُن کو سزا ملی) اُن کے کفر، اور مریمؑ پر بڑا بہتان باندھنے کے سبب۔ اور اُن کے یہ کہنے (کے سبب) کہ ہم نے قتل کیا

الْمَسِيْحَ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ۚ وَ مَا قَتَلُوْهُ وَ مَا صَلَبُوْهُ

الْمَسِيْحَ	عِيْسَى	ابْنَ مَرْيَمَ	رَسُوْلَ	اللّٰهِ	وَ مَا قَتَلُوْهُ	وَ مَا صَلَبُوْهُ
مسیحؑ	عیسیٰؑ	ابن مریمؑ	رسول	اللہ	اور نہیں قتل کیا اس کو	اور نہیں سُولی دی اس کو

اللہ کے رسول مسیحؑ ابن مریمؑ کو، اور انہوں نے اس کو قتل نہیں کیا، اور اس کو سُولی نہیں دی

وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ ۭ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ ۭ

وَلٰكِنْ	شُبِّهَ	لَهُمْ	وَاِنَّ	الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا	فِيْهِ	لَفِيْ شَكٍّ	مِّنْهُ
اور بلکہ	صورت بنا دی گئی	ان کے لئے	اور بیشک	جو لوگ اختلاف کرتے ہیں	اس میں	البتہ شک میں	اس سے

بلکہ اُن کے لئے (اُن جیسی) صورت بنا دی گئی اور بیشک جو لوگ اس (بارہ) میں اختلاف کرتے ہیں وہ البتہ اس بارہ میں شک میں ہیں

مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا ۝۱۵۷ بَلْ

مَا لَهُمْ	بِهٖ	مِنْ عِلْمٍ	اِلَّا	اتِّبَاعَ	الظَّنِّ	وَ	مَا قَتَلُوْهُ	يَقِيْنًا	بَلْ
نہیں ان کو	اس کا	کوئی علم	مگر	پیروی	اٹکل	اور	اس کو قتل نہیں کیا	یقیناً	بلکہ

اٹکل کی پیروی کے سوا اُنہیں اس کا کوئی علم نہیں، اور اُس کو انہوں نے یقیناً قتل نہیں کیا، بلکہ

رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝۱۵۸ وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ

رَّفَعَهُ	اللّٰهُ	اِلَيْهِ	وَ	كَانَ	اللّٰهُ	عَزِيْزًا	حَكِيْمًا	وَاِنْ	مِّنْ	اَهْلِ الْكِتٰبِ
اس کو اُٹھا لیا	اللہ	اپنی طرف	اور	ہے	اللہ	غالب	حکمت والا	اور نہیں	سے	اہل کتاب

اللہ نے اسؑ کو اپنی طرف اُٹھا لیا، اور اللہ غالب حکمت والا ہے۔ اور کوئی اہل کتاب سے نہ رہے گا

اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا ۝۱۵۹

اِلَّا	لَيُؤْمِنَنَّ	بِهٖ	قَبْلَ	مَوْتِهٖ	وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ	يَكُوْنُ	عَلَيْهِمْ	شَهِيْدًا
مگر	ضرور ایمان لائے گا	اس پر	پہلے	اپنی موت	اور قیامت کے دن	ہوگا	اُن پر	گواہ

مگر اُسؑ پر اپنی موت سے پہلے ضرور ایمان لائے گا، اور قیامت کے دن وہؑ اُن پر گواہ ہوں گے۔

فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ طَيِّبٰتٍ اُحِلَّتْ لَهُمْ وَبِصَدِّهِمْ

فَبِظُلْمٍ	مِّنَ	الَّذِيْنَ هَادُوْا	حَرَّمْنَا	عَلَيْهِمْ	طَيِّبٰتٍ	اُحِلَّتْ	لَهُمْ	وَ بِصَدِّهِمْ
سو ظلم کے سبب	سے	جو یہودی ہوئے (یہودی)	ہم نے حرام کردیا	ان پر	پاک چیزیں	حلال تھیں	انکے لئے	اور انکے روکنے کی وجہ سے

سو ہم نے اُن پر (بہت سی) پاک چیزیں جو اُن کے لئے حلال تھیں حرام کر دیں، یہودیوں کے ظلم کی وجہ سے اور ان کے

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَثِيْرًا ۝۱۶۰ وَّاَخْذِهِمُ الرِّبٰوا وَقَدْ نُهُوْا عَنْهُ وَاَكْلِهِمْ

عَنْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	كَثِيْرًا	وَ	اَخْذِهِمُ	الرِّبٰوا	وَ	قَدْ نُهُوْا	عَنْهُ	وَاَكْلِهِمْ
سے	اللہ کا راستہ	بہت	اور	اُن کا لینا	سود	حالانکہ	وہ روک دیئے گئے تھے	اس سے	اور ان کا کھانا

اللہ کے راستہ سے بہت روکنے کی وجہ سے، اور ان کے سود لینے (کی وجہ) سے حالانکہ وہ اس سے روک دیئے گئے تھے اور (اس وجہ سے) کہ وہ کھاتے تھے

أَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ ۚ وَأَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ مِنْهُمْ عَذَابًا أَلِيْمًا ﴿١٦١﴾

اَمْوَالَ	النَّاسِ	بِالْبَاطِلِ	وَاَعْتَدْنَا	لِلْكٰفِرِيْنَ	مِنْهُمْ	عَذَابًا	اَلِيْمًا
مال (جمع)	لوگ	ناحق	اور ہم نے تیار کیا	کافروں کے لئے	ان میں سے	عذاب	دردناک

لوگوں کے مال ناحق ، اور ہم نے اُن میں سے کافروں کے لئے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔

لٰكِنِ الرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ مِنْهُمْ وَالْمُؤْمِنُوْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ

لٰكِنِ	الرّٰسِخُوْنَ	فِي الْعِلْمِ	مِنْهُمْ	وَ	الْمُؤْمِنُوْنَ	يُؤْمِنُوْنَ	بِمَآ	اُنْزِلَ
لیکن	پختہ (جمع)	علم میں	ان میں سے	اور	مومن (جمع)	وہ مانتے ہیں	جو	نازل کیا گیا

لیکن ان میں سے جو علم میں پختہ ہیں ، اور جو مومن ہیں وہ اس کو مانتے ہیں جو نازل کیا گیا

اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَالْمُقِيْمِيْنَ الصَّلٰوةَ وَالْمُؤْتُوْنَ

اِلَيْكَ	وَمَآ	اُنْزِلَ	مِنْ	قَبْلِكَ	وَالْمُقِيْمِيْنَ	الصَّلٰوةَ	وَالْمُؤْتُوْنَ
آپ کی طرف	اور جو	نازل کیا گیا	سے	آپ پہلے	اور قائم رکھنے والے	نماز	اور ادا کرنے والے

آپؐ کی طرف اور جو آپؐ سے پہلے نازل کیا گیا ، اور نماز قائم رکھنے والے ہیں اور ادا کرنے والے ہیں

الزَّكٰوةَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ اُولٰٓئِكَ سَنُؤْتِيْهِمْ اَجْرًا

الزَّكٰوةَ	وَالْمُؤْمِنُوْنَ	بِاللّٰهِ	وَ	الْيَوْمِ الْاٰخِرِ	اُولٰٓئِكَ	سَنُؤْتِيْهِمْ	اَجْرًا
زکوٰۃ	اور ایمان لانے والے	اللہ پر	اور	آخرت کا دن	یہی لوگ	ہم ضرور دیں گے انہیں	اجر

زکوٰۃ ، اور اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان لانے والے ہیں ، ایسے لوگوں کو ہم ضرور بڑا

عَظِيْمًا ﴿١٦٢﴾ اِنَّآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ كَمَآ اَوْحَيْنَآ اِلٰى نُوْحٍ وَّالنَّبِيّٖنَ مِنْ بَعْدِهٖ ۚ

عَظِيْمًا	اِنَّآ	اَوْحَيْنَآ	اِلَيْكَ	كَمَآ	اَوْحَيْنَآ	اِلٰى	نُوْحٍ	وَالنَّبِيّٖنَ	مِنْ بَعْدِهٖ
بڑا	بیشک ہم	ہم نے وحی بھیجی	آپ کی طرف	جیسے	ہم نے وحی بھیجی	طرف	نوحؑ	اور نبیوں	اس کے بعد

اجر دیں گے۔ بیشک ہم نے آپؐ کی طرف وحی بھیجی ہے، جیسے ہم نے وحی بھیجی تھی نوحؑ کی طرف اور اس کے بعد نبیوں کی طرف

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ

وَاَوْحَيْنَآ	اِلٰٓى	اِبْرٰهِيْمَ	وَاِسْمٰعِيْلَ	وَاِسْحٰقَ	وَيَعْقُوْبَ	وَالْاَسْبَاطِ
اور ہم نے وحی بھیجی	طرف	ابراہیمؑ	اور اسمٰعیلؑ	اور اسحٰقؑ	اور یعقوبؑ	اور اولادِ یعقوبؑ

اور ہم نے وحی بھیجی ابراہیمؑ ، اسمٰعیلؑ ، اسحٰقؑ ، یعقوبؑ اور اولادِ یعقوبؑ کی طرف

وَ عِيْسٰى وَ اَيُّوْبَ وَ يُوْنُسَ وَ هٰرُوْنَ وَ سُلَيْمٰنَ ۚ وَ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ

دَاوٗدَ	وَ اٰتَيْنَا	وَ سُلَيْمٰنَ	وَ هٰرُوْنَ	وَ يُوْنُسَ	وَ اَيُّوْبَ	وَ عِيْسٰى
داؤدؑ	اور ہم نے دی	اور سلیمانؑ	اور ہارونؑ	اور یونسؑ	اور ایوب	اور عیسیٰؑ

اور عیسیٰؑ، ایوبؑ، یونسؑ، ہارونؑ اور سلیمانؑ (کی طرف وحی بھیجی) اور ہم نے داؤدؑ کو دی

زَبُوْرًا ۝۱۶۳ وَ رُسُلًا قَدْ قَصَصْنٰهُمْ عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ وَ رُسُلًا لَّمْ

لَّمْ	وَ رُسُلًا	مِنْ قَبْلُ	عَلَيْكَ	قَدْ قَصَصْنٰهُمْ	وَ رُسُلًا	زَبُوْرًا
نہیں	اور ایسے رسول	اس سے قبل	آپ پر (آپ سے)	ہم نے ان کا احوال سُنایا	اور ایسے رسول (جمع)	زبور

زبور۔ اور ایسے رسول (بھیجے) ہیں جن کے احوال ہم نے اس سے قبل آپ سے بیان کئے، اور ایسے رسول (بھی بھیجے)

نَقْصُصْهُمْ عَلَيْكَ ؕ وَ كَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا ۝۱۶۴ رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَ

وَ	مُّبَشِّرِيْنَ	رُسُلًا	تَكْلِيْمًا	مُوْسٰى	اللّٰهُ	وَ كَلَّمَ	عَلَيْكَ	نَقْصُصْهُمْ
اور	خوشخبری سُنانے والے	رسول (جمع)	کلام کرنا (خوب)	موسیٰ	اللہ	اور کلام کیا	آپ پر (آپ کو)	ہم نے حال بیان کیا

جن کے احوال ہم نے آپؐ سے بیان نہیں کئے، اور اللہ نے موسیٰؑ سے خوب کلام کیا (ہم نے بھیجے) رسول خوشخبری سنانے والے، اور

مُّنْذِرِيْنَ لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌۢ بَعْدَ الرُّسُلِ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ

اللّٰهُ	وَ كَانَ	بَعْدَ الرُّسُلِ	حُجَّةٌ	اللّٰهِ	عَلَى	لِلنَّاسِ	لِئَلَّا يَكُوْنَ	مُّنْذِرِيْنَ
اللہ	اور ہے	رسولوں کے بعد	حجت	اللہ	پر	لوگوں کے لئے	تاکہ نہ رہے	ڈرانے والے

ڈرانے والے تاکہ رسولوں کے بعد لوگوں کو اللہ پر کوئی حجت نہ رہے، اور اللہ

عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝۱۶۵ لٰكِنِ اللّٰهُ يَشْهَدُ بِمَاۤ اَنْزَلَ اِلَيْكَ اَنْزَلَهٗ بِعِلْمِهٖ ۚ

بِعِلْمِهٖ	اَنْزَلَهٗ	اِلَيْكَ	اَنْزَلَ	بِمَا	يَشْهَدُ	اللّٰهُ	لٰكِنِ	حَكِيْمًا	عَزِيْزًا
اپنے علم کے ساتھ	وہ نازل کیا	آپ کی طرف	اسے نازل کیا	اس پر جو	گواہی دیتا ہے	اللہ	لیکن	حکمت والا	غالب

غالب حکمت والا ہے۔ لیکن اللہ اس پر گواہی دیتا ہے، جو اس نے آپؐ کی طرف نازل کیا، وہ اپنے علم سے نازل کیا

وَ الْمَلٰٓئِكَةُ يَشْهَدُوْنَ ؕ وَ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ۝۱۶۶ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

كَفَرُوْا	الَّذِيْنَ	اِنَّ	شَهِيْدًا	بِاللّٰهِ	وَ كَفٰى	يَشْهَدُوْنَ	وَ الْمَلٰٓئِكَةُ
انہوں نے کفر کیا	وہ لوگ جو	بیشک	گواہ	اللہ	اور کافی ہے	گواہی دیتے ہیں	اور فرشتے

اور فرشتے (بھی) گواہی دیتے ہیں، اور گواہ (تو) اللہ ہی کافی ہے۔ بیشک جن لوگوں نے کفر کیا،

وَ صَدُّوْا عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ قَدْ ضَلُّوْا ضَلٰلًۢا بَعِیْدًا ﴿۱۶۷﴾ اِنَّ

اِنَّ	بَعِیْدًا	ضَلٰلًۢا	قَدْ ضَلُّوْا	سَبِیْلِ اللّٰهِ	عَنْ	وَ صَدُّوْا
بیشک	دُور	گمراہی	تحقیق وہ گمراہی میں پڑے	اللہ کا راستہ	سے	اور انہوں نے روکا

اور اللہ کے رستے سے روکا، تحقیق وہ گمراہی میں دُور جا پڑے۔ بیشک

الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَ ظَلَمُوْا لَمْ یَكُنِ اللّٰهُ لِیَغْفِرَ لَهُمْ وَ لَا لِیَهْدِیَهُمْ

لِیَهْدِیَهُمْ	وَ لَا	لَهُمْ	لِیَغْفِرَ	اللّٰهُ	لَمْ یَكُنِ	وَ ظَلَمُوْا	كَفَرُوْا	الَّذِیْنَ
انہیں ہدایت دے	اور نہ	انہیں	کہ بخش دے	اللہ	نہیں ہے	اور ظلم کیا	انہوں نے کفر کیا	وہ لوگ جو

جن لوگوں نے کفر کیا، اور ظلم کیا، اللہ انہیں نہیں بخشے گا اور نہ اُنہیں ہدایت دے گا

طَرِیْقًا ﴿۱۶۸﴾ اِلَّا طَرِیْقَ جَهَنَّمَ خٰلِدِیْنَ فِیْهَاۤ اَبَدًا ؕ وَ كَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ

عَلَى اللّٰهِ	ذٰلِكَ	وَ كَانَ	اَبَدًا	فِیْهَا	خٰلِدِیْنَ	جَهَنَّمَ	طَرِیْقَ	اِلَّا	طَرِیْقًا
اللہ پر	یہ	اور ہے	ہمیشہ	اس میں	رہیں گے	جہنم	راستہ	مگر	راستہ (سیدھا)

(سیدھے) راستہ کی۔ مگر جہنم کا راستہ اس میں ہمیشہ رہیں گے، اور یہ اللہ پر

یَسِیْرًا ﴿۱۶۹﴾ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَاٰمِنُوْا

فَاٰمِنُوْا	رَّبِّكُمْ	مِنْ	بِالْحَقِّ	الرَّسُوْلُ	قَدْ جَآءَكُمُ	النَّاسُ	یٰۤاَیُّهَا	یَسِیْرًا ﴿۱۶۹﴾
سو ایمان لاؤ	تمہارا رب	سے	حق کے ساتھ	رسول	تمہارے پاس آیا	لوگ	اے	آسان

آسان ہے۔ اے لوگو! تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے حق کے ساتھ رسُول آگیا ہے، سو ایمان لے آؤ

خَیْرًا لَّكُمْ ؕ وَ اِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ وَ كَانَ

وَ كَانَ	وَ الْاَرْضِ	فِی السَّمٰوٰتِ	مَا	لِلّٰهِ	فَاِنَّ	تَكْفُرُوْا	وَ اِنْ	لَّكُمْ	خَیْرًا
اور ہے	اور زمین	آسمانوں میں	جو	اللہ کے لئے	تو بیشک	تم نہ مانوگے	اور اگر	تمہارے لئے	بہتر

تمہارے لئے بہتر ہے، اور اگر تم نہ مانو گے تو بیشک جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے اللہ کے لئے ہے، اور

اللّٰهُ عَلِیْمًا حَكِیْمًا ﴿۱۷۰﴾ یٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِیْ دِیْنِكُمْ وَ لَا تَقُوْلُوْا

لَا تَقُوْلُوْا	وَ	فِیْ دِیْنِكُمْ	لَا تَغْلُوْا	یٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ	حَكِیْمًا	عَلِیْمًا	اللّٰهُ
نہ کہو	اور	دین میں	غلو نہ کرو	اے اہلِ کتاب	حکمت والا	جاننے والا	اللہ

اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔ اے اہلِ کتاب! دین میں غلو نہ کرو (حد سے نہ بڑھو) اور نہ کہو

عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ؕ اِنَّمَا الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

عَلَى	اللّٰهِ	اِلَّا	الْحَقَّ	اِنَّمَا	الْمَسِيْحُ	عِيْسَى	ابْنُ مَرْيَمَ	رَسُوْلُ	اللّٰهِ
پر (بارہ میں)	اللہ	سوائے	حق	اسکے سوا نہیں	مسیح	عیسیٰ	ابن مریم	رسول	اللہ

اللہ کے بارہ میں حق کے سوا، اس کے سوا نہیں کہ مسیح عیسیٰ ابن مریم اللہ کے رسول ہیں

وَ كَلِمَتُهٗ ۚ اَلْقٰهَاۤ اِلٰى مَرْيَمَ وَ رُوْحٌ مِّنْهُ ۫ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رُسُلِهٖ ۚ وَلَا

وَ كَلِمَتُهٗ	اَلْقٰهَاۤ	اِلٰى	مَرْيَمَ	وَ	رُوْحٌ	مِّنْهُ	فَاٰمِنُوْا	بِاللّٰهِ	وَ رُسُلِهٖ	وَلَا
اور اس کے کلمہ	اس کو ڈالا	طرف	مریم	اور	روح	اس سے	سو ایمان لاؤ	اللہ پر	اور اس کے رسول	اور نہ

اور اس کا کلمہ ، جس کو مریم کی طرف ڈالا اور اس (کی طرف) سے روح ہیں، سو تم اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لاؤ اور

تَقُوْلُوْا ثَلٰثَةٌ ؕ اِنْتَهُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ؕ اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ سُبْحٰنَهٗۤ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ

تَقُوْلُوْا	ثَلٰثَةٌ	اِنْتَهُوْا	خَيْرًا	لَّكُمْ	اِنَّمَا	اللّٰهُ	اِلٰهٌ وَّاحِدٌ	سُبْحٰنَهٗ	اَنْ	يَّكُوْنَ	لَهٗ
کہو	تین	باز رہو	بہتر	تمہارے لئے	اسکے سوا نہیں	اللہ	معبودِ واحد	وہ پاک ہے	کہ	ہو	اس کا

نہ کہو (خدا) تین ہیں (اس سے) باز رہو تمہارے لئے بہتر ہے اسکے سوا نہیں (بیشک) کہ اللہ معبودِ واحد ہے اور اس سے پاک ہے کہ اس کی

وَلَدٌ ۘ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۱۷۱﴾

وَلَدٌ	لَهٗ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ	وَكَفٰى	بِاللّٰهِ	وَكِيْلًا
اولاد	اس کا	جو	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	اور کافی ہے	اللہ	کارساز

اولاد ہو۔ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اس کا ہے، اور اللہ کارساز کافی ہے۔

لَنْ يَّسْتَنْكِفَ الْمَسِيْحُ اَنْ يَّكُوْنَ عَبْدًا لِّلّٰهِ وَلَا الْمَلٰٓئِكَةُ

لَنْ يَّسْتَنْكِفَ	الْمَسِيْحُ	اَنْ	يَّكُوْنَ	عَبْدًا	لِّلّٰهِ	وَلَا	الْمَلٰٓئِكَةُ
ہرگز عار نہیں	مسیح	کہ	ہو	بندہ	اللہ کا	اور نہ	فرشتے

مسیح کو ہرگز عار نہیں کہ وہ اللہ کا بندہ ہو، اور نہ مقرب فرشتوں کو

الْمُقَرَّبُوْنَ ؕ وَمَنْ يَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيَسْتَكْبِرْ فَسَيَحْشُرُهُمْ اِلَيْهِ

الْمُقَرَّبُوْنَ	وَمَنْ	يَّسْتَنْكِفْ	عَنْ	عِبَادَتِهٖ	وَيَسْتَكْبِرْ	فَسَيَحْشُرُهُمْ	اِلَيْهِ
مقرب (جمع)	اور جو	عار کرے	سے	اس کی عبادت	اور تکبر کرے	تو عنقریب اسے جمع کرے گا	اپنے پاس

(عار ہے) اور جو کوئی اس کی (اللہ کی) بندگی سے عار اور تکبر کرے تو وہ عنقریب انہیں اپنے پاس جمع کرے گا

جَمِيْعًا ﴿١٧٢﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدُهُمْ

جَمِيْعًا	فَاَمَّا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوْا	الصّٰلِحٰتِ	فَيُوَفِّيْهِمْ	اُجُوْرَهُمْ	وَيَزِيْدُهُمْ
سب	پھر	جو لوگ ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	نیک	انہیں پورا دے گا	ان کے اجر	اور انہیں زیادہ دے گا

سب کو۔ پھر جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے وہ انہیں انکے اجر پورے پورے دے گا اور انہیں زیادہ دے گا

مِّنْ فَضْلِهٖ ۚ وَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْتَنْكَفُوْا وَاسْتَكْبَرُوْا فَيُعَذِّبُهُمْ

مِنْ	فَضْلِهٖ	وَاَمَّا	الَّذِيْنَ	اسْتَنْكَفُوْا	وَاسْتَكْبَرُوْا	فَيُعَذِّبُهُمْ
سے	اپنا فضل	اور پھر	وہ لوگ جو	اُنہوں نے عار سمجھا	اور تکبر کیا	تو انہیں عذاب دے گا

اپنے فضل سے، اور جن لوگوں نے (بندگی کو) عار سمجھا اور تکبر کیا تو وہ انہیں عذاب دے گا

عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ وَّلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا

عَذَابًا	اَلِيْمًا	وَلَا يَجِدُوْنَ	لَهُمْ	مِنْ	دُوْنِ	اللّٰهِ	وَلِيًّا	وَلَا
عذاب	دردناک	اور وہ نہ پائیں گے	اپنے لئے	سے	سوائے	اللہ	دوست	اور نہ

دردناک عذاب۔ اور وہ اپنے لئے اللہ کے سوا نہ پائیں گے کوئی دوست اور نہ

نَصِيْرًا ﴿١٧٣﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمْ بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ

نَصِيْرًا	يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ	قَدْ جَآءَكُمْ	بُرْهَانٌ	مِنْ	رَّبِّكُمْ	وَاَنْزَلْنَا	اِلَيْكُمْ
مددگار	اے لوگو!	تمہارے پاس آچکی	روشن دلیل	سے	تمہارا رب	اور ہم نے نازل کیا	تمہاری طرف

مددگار۔ اے لوگو! تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے روشن دلیل آچکی، اور ہم نے تمہاری طرف نازل کی ہے

نُوْرًا مُّبِيْنًا ﴿١٧٤﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَاعْتَصَمُوْا بِهٖ فَسَيُدْخِلُهُمْ

نُوْرًا	مُّبِيْنًا	فَاَمَّا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	بِاللّٰهِ	وَاعْتَصَمُوْا	بِهٖ	فَسَيُدْخِلُهُمْ
روشنی	واضح	پس	جو لوگ ایمان لائے	اللہ پر	اور مضبوط پکڑا	اس کو	وہ انہیں عنقریب داخل کرے گا

واضح روشنی۔ پس جو لوگ اللہ پر ایمان لائے اور انہوں نے اس کو مضبوطی سے پکڑا لیں تو وہ انہیں عنقریب داخل کرے گا

فِيْ رَحْمَةٍ مِّنْهُ وَفَضْلٍ ۙ وَّيَهْدِيْهِمْ اِلَيْهِ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿١٧٥﴾ؕ

فِيْ رَحْمَةٍ	مِّنْهُ	وَفَضْلٍ	وَ	يَهْدِيْهِمْ	اِلَيْهِ	صِرَاطًا	مُّسْتَقِيْمًا
رحمت میں	اس سے (اپنی)	اور فضل	اور	انہیں ہدایت دے گا	اپنی طرف	راستہ	سیدھا

اپنی رحمت اور فضل میں، اور انہیں اپنی طرف سیدھے راستہ کی ہدایت دے گا۔

يَسْتَفْتُوْنَكَ ۭ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلٰلَةِ ۭ اِنِ امْرُؤٌا هَلَكَ

يَسْتَفْتُوْنَكَ	قُلِ	اللّٰهُ	يُفْتِيْكُمْ	فِي الْكَلٰلَةِ	اِنِ	امْرُؤٌا	هَلَكَ
آپ سے حکم دریافت کرتے ہیں	کہہ دیں	اللہ	تمہیں حکم بتاتا ہے	کلالہ (کے بارہ) میں	اگر	کوئی مرد	مر جائے

آپ سے حکم دریافت کرتے ہیں، آپ کہہ دیں اللہ تمہیں کلالہ[ع] کے بارہ میں حکم بتاتا ہے۔ اگر کوئی (ایسا) مرد مر جائے

لَيْسَ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَهٗٓ اُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ ۚ وَهُوَ يَرِثُهَآ اِنْ

لَيْسَ	لَهٗ وَلَدٌ	وَّلَهٗٓ	اُخْتٌ	فَلَهَا	نِصْفُ	مَا تَرَكَ	وَهُوَ	يَرِثُهَآ	اِنْ
نہ ہو	اس کی کوئی اولاد	اور اس کی ہو	ایک بہن	تو اسکے لئے	نصف	جو اس نے چھوڑا (ترکہ)	اور وہ	اسکا وارث ہوگا	اگر

جس کی کوئی اولاد نہ ہو اور اس کی ایک بہن ہو تو اس (بہن) کو اسکے ترکہ کا نصف ملے گا، اور وہ اس کا وارث ہوگا اگر

لَّمْ يَكُنْ لَّهَا وَلَدٌ ۭ فَاِنْ كَانَتَا اثْنَتَيْنِ فَلَهُمَا الثُّلُثٰنِ مِمَّا

لَّمْ يَكُنْ	لَّهَا	وَلَدٌ	فَاِنْ	كَانَتَا	اثْنَتَيْنِ	فَلَهُمَا	الثُّلُثٰنِ	مِمَّا
نہ ہو	اس کا	کوئی اولاد	پھر اگر	ہوں	دو بہنیں	تو انکے لئے	دو تہائی	اس سے جو

اس (بہن) کی کوئی اولاد نہ ہو، پھر اگر (مرنے والے کی) دو بہنیں ہوں تو ان کے لئے دو تہائی ہے اس (بھائی) کے

تَرَكَ ۭ وَاِنْ كَانُوْٓا اِخْوَةً رِّجَالًا وَّنِسَاۗءً فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ۭ

تَرَكَ	وَاِنْ	كَانُوْٓا	اِخْوَةً	رِّجَالًا	وَّنِسَاۗءً	فَلِلذَّكَرِ	مِثْلُ	حَظِّ	الْاُنْثَيَيْنِ
اس نے چھوڑا (ترکہ)	اور اگر	ہوں	بھائی بہن	کچھ مرد	اور کچھ عورتیں	تو مرد کے لئے	برابر	حصہ	دو عورت

ترکہ میں سے، اور اگر بھائی بہن کچھ مرد اور کچھ عورتیں ہوں تو ایک مرد کے لئے دو عورتوں کے برابر حصہ ہے۔

٢٤ ع ٥ ٤

يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اَنْ تَضِلُّوْا ۭ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ١٧٦ ۧ

يُبَيِّنُ	اللّٰهُ	لَكُمْ	اَنْ تَضِلُّوْا	وَاللّٰهُ	بِكُلِّ	شَيْءٍ	عَلِيْمٌ
کھول کر بیان کرتا ہے	اللہ	تمہارے لئے	تاکہ بھٹک نہ جاؤ	اور اللہ	ہر	چیز	جاننے والا

اللہ تمہارے لئے کھول کر بیان کرتا ہے تاکہ تم بھٹک نہ جاؤ اور اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے۔

ع کلالہ: جس کے اصول (باپ دادا) اور فروع (اولاد) نہ ہوں۔

رکوعاتها ١٦ ٥ سُورَةُ الْمَآئِدَةِ مَدَنِيَّةٌ : ١١٢ اٰیاتها ١٢٠

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ ۭ اُحِلَّتْ لَكُمْ بَهِيْمَةُ الْاَنْعَامِ

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اَوْفُوْا	بِالْعُقُوْدِ	اُحِلَّتْ لَكُمْ	بَهِيْمَةُ	الْاَنْعَامِ
اے	جو لوگ ایمان لائے (ایمان والے)	پورا کرو	عہد۔قول	حلال کئے گئے تمہارے لئے	چوپائے	مویشی

اے ایمان والو! اپنے عہد پورے کرو، تمہارے لئے چوپائے مویشی حلال کئے گئے

اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ غَيْرَ مُحِلِّي الصَّيْدِ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

اللہ نے کہا میں بیشک میں وہ تم پر اتاروں گا پھر اسکے بعد تم میں سے جو ناشکری کرے گا، تو میں اس کو ایسا عذاب دوں گا جو نہ

اُعَذِّبُهٗۤ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۱۵﴾ وَاِذْ قَالَ اللّٰهُ یٰعِیْسَی ابْنَ مَرْیَمَ ءَاَنْتَ

اُعَذِّبُهٗ	اَحَدًا	مِنَ	الْعٰلَمِیْنَ	وَاِذْ	قَالَ	اللّٰهُ	یٰعِیْسَی	ابْنَ مَرْیَمَ	ءَاَنْتَ
عذاب دوں گا	کسی کو	سے	جہان والے	اور جب	کہا	اللہ	اے عیسیٰ	ابن مریم	کیا۔تو

عذاب دوں گا جہان والوں میں سے کسی کو۔ اور جب اللہ نے کہا اے عیسیٰ ابن مریم! کیا تو نے

قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِیْ وَاُمِّیَ اِلٰهَیْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالَ سُبْحٰنَكَ مَا

قُلْتَ	لِلنَّاسِ	اتَّخِذُوْنِیْ	وَاُمِّیَ	اِلٰهَیْنِ	مِنْ	دُوْنِ	اللّٰهِ	قَالَ	سُبْحٰنَكَ	مَا
تونے کہا	لوگوں سے	مجھے ٹھہرالو	اور میری ماں	دو معبود	سے	سوائے	اللہ	اس نے کہا	تو پاک ہے	نہیں

لوگوں سے کہا تھا؟ کہ مجھے اور میری ماں کو اللہ کے سوا دو معبود ٹھہرا لو، اس نے کہا تو پاک ہے،

یَكُوْنُ لِیْۤ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَیْسَ لِیْ ۗ بِحَقٍّ ؕ اِنْ كُنْتُ قُلْتُهٗ فَقَدْ عَلِمْتَهٗ ؕ

یَكُوْنُ	لِیْ	اَنْ	اَقُوْلَ	مَا لَیْسَ	لِیْ	بِحَقٍّ	اِنْ	كُنْتُ قُلْتُهٗ	فَقَدْ عَلِمْتَهٗ
ہے	میرے لئے	کہ	میں کہوں	نہیں	میرے لئے	حق	اگر	میں نے یہ کہا ہوتا	تو تجھے ضرور اس کا علم ہوتا

میرے لئے (روا) نہیں کہ میں (ایسی بات) کہوں جس کا مجھے حق نہیں۔ اگر میں نے یہ کہا ہوتا تو تجھے ضرور اس کا علم ہوتا

تَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِیْ وَلَاۤ اَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِكَ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ ﴿۱۱۶﴾

تَعْلَمُ	مَا	فِیْ	نَفْسِیْ	وَ	لَاۤ اَعْلَمُ	مَا	فِیْ نَفْسِكَ	اِنَّكَ	اَنْتَ	عَلَّامُ	الْغُیُوْبِ
تو جانتا ہے	جو	میں	میرا دل	اور	میں نہیں جانتا	جو	تیرے دل میں	بیشک تو	تو	جاننے والا	چھپی باتیں

تو جانتا ہے جو میرے دل میں ہے، اور میں نہیں جانتا جو تیرے دل میں ہے۔ بیشک تو چھپی باتوں کو جاننے والا ہے۔

مَا قُلْتُ لَهُمْ اِلَّا مَاۤ اَمَرْتَنِیْ بِهٖۤ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّیْ وَرَبَّكُمْ ۚ وَكُنْتُ

مَا قُلْتُ	لَهُمْ	اِلَّا	مَاۤ اَمَرْتَنِیْ	بِهٖ	اَنِ	اعْبُدُوا	اللّٰهَ	رَبِّیْ	وَرَبَّكُمْ	وَكُنْتُ
میں نے نہیں کہا	انہیں	مگر	جو تو نے مجھے حکم دیا	اس کا	کہ	تم عبادت کرو	اللہ	میرا رب	اور تمہارا رب	اور میں تھا

میں نے انہیں نہیں کہا مگر صرف وہ جس کا تو نے مجھے حکم دیا کہ تم اللہ کی عبادت کرو جو میرا اور تمہارا رب ہے، اور میں

عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَّا دُمْتُ فِيْهِمْ ۚ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ ط

عَلَيْهِمْ	شَهِيْدًا	مَّا دُمْتُ	فِيْهِمْ	فَلَمَّا	تَوَفَّيْتَنِيْ	كُنْتَ	اَنْتَ	الرَّقِيْبَ	عَلَيْهِمْ
ان پر	خبردار	جب تک میں رہا	ان میں	پھر جب	تونے مجھے اٹھا لیا	تو تھا	تو	نگران	ان پر

جب تک میں ان میں رہا ان پر خبردار (باخبر) تھا۔ پھر جب تونے مجھے اُٹھا لیا تو ان پر تُو نگران تھا

وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿١١٧﴾ اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ ۚ وَاِنْ تَغْفِرْ

وَاَنْتَ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ	شَهِيْدٌ	اِنْ	تُعَذِّبْهُمْ	فَاِنَّهُمْ	عِبَادُكَ	وَاِنْ	تَغْفِرْ
اور تو	پر سے	ہر شے	باخبر	اگر	تو انہیں عذاب دے	تو بیشک وہ	تیرے بندے	اور اگر	تو بخشدے

اور تو ہر شے سے باخبر ہے۔ اگر تو انہیں عذاب دے تو بیشک وہ تیرے بندے ہیں، اور اگر تو بخشدے

لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿١١٨﴾ قَالَ اللّٰهُ هٰذَا يَوْمُ يَنْفَعُ الصّٰدِقِيْنَ

لَهُمْ	فَاِنَّكَ	اَنْتَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	قَالَ	اللّٰهُ	هٰذَا	يَوْمُ	يَنْفَعُ	الصّٰدِقِيْنَ
ان کو	تو بیشک تو	تو	غالب	حکمت والا	فرمایا	اللہ	یہ	دن	نفع دے گا	سچے

ان کو تو بیشک تو غالب حکمت والا ہے۔ اللہ نے فرمایا یہ دن ہے کہ سچوں کو نفع دے گا

صِدْقُهُمْ ط لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ط رَضِيَ اللّٰهُ

صِدْقُهُمْ	لَهُمْ	جَنّٰتٌ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَآ	اَبَدًا	رَضِيَ	اللّٰهُ
ان کا سچ	ان کے لئے	باغات	بہتی ہیں	ان کے نیچے	نہریں	ہمیشہ رہیں گے	ان میں	ہمیشہ	راضی ہوا	اللہ

ان کا سچ، ان کے لئے باغات ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے، اللہ راضی ہوا

عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ط ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿١١٩﴾ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ

عَنْهُمْ	وَرَضُوْا	عَنْهُ	ذٰلِكَ	الْفَوْزُ	الْعَظِيْمُ	لِلّٰهِ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَ
ان سے	اور وہ راضی ہوئے	اس سے	یہ	کامیابی	بڑی	اللہ کے لئے	بادشاہت	آسمانوں	اور زمین	اور

ان سے اور وہ راضی ہوئے اس سے، یہ بڑی کامیابی ہے۔ اللہ کے لئے ہے بادشاہت آسمانوں کی اور زمین کی اور

مَا فِيْهِنَّ ط وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿١٢٠﴾ ع

مَا	فِيْهِنَّ	وَهُوَ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ
جو	ان کے درمیان	اور وہ	پر	ہر شے	قدرت والا ۔ قادر

جو کچھ ان کے درمیان ہے، اور وہ ہر شے پر قادر ہے۔

١٦ ع ٥ ٦

رکوعاتها ٢٠ ٦ سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ مَكِّيَّةٌ : ٥٥ اٰیاتها ١٦٥

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ثُمَّ

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِیْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	وَجَعَلَ	الظُّلُمٰتِ	وَالنُّوْرَ	ثُمَّ
تمام تعریفیں	اللہ کے لئے	وہ جس نے	پیدا کیا	آسمان (جمع)	اور زمین	اور بنایا	اندھیرے	اور روشنی	پھر

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، جس نے زمین اور آسمانوں کو پیدا کیا، اور اندھیرے اور روشنی کو بنایا، پھر

الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ یَعْدِلُوْنَ ﴿١﴾ هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ طِیْنٍ ثُمَّ قَضٰۤى اَجَلًا

الَّذِیْنَ	كَفَرُوْا	بِرَبِّهِمْ	یَعْدِلُوْنَ	هُوَ	الَّذِیْ	خَلَقَكُمْ	مِّنْ	طِیْنٍ	ثُمَّ	قَضٰۤى	اَجَلًا
جنہوں نے	کفر کیا (کافر)	اپنے رب کے ساتھ	برابر کرتے ہیں	وہ	جس نے	تمہیں پیدا کیا	سے	مٹی	پھر	مقرر کیا	ایک وقت

کافر اپنے رب کے ساتھ برابر کرتے ہیں (اوروں کو برابر ٹھہراتے ہیں) وہ جس نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا، پھر ایک وقت مقرر کیا

وَاَجَلٌ مُّسَمًّى عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ ﴿٢﴾ وَهُوَ اللّٰهُ فِی السَّمٰوٰتِ وَفِی

وَاَجَلٌ	مُّسَمًّى	عِنْدَهٗ	ثُمَّ	اَنْتُمْ	تَمْتَرُوْنَ	وَهُوَ	اللّٰهُ	فِی	السَّمٰوٰتِ	وَ	فِی
اور ایک وقت	مقرر	اس کے ہاں	پھر	تم	شک کرتے ہو	اور وہ	اللہ	میں	آسمان (جمع)	اور	میں

اور اس کے ہاں ایک وقت مقرر ہے، پھر تم شک کرتے ہو۔ اور وہی ہے اللہ آسمانوں میں اور

الْاَرْضِ ؕ یَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَجَهْرَكُمْ وَیَعْلَمُ مَا تَكْسِبُوْنَ ﴿٣﴾ وَمَا تَاْتِیْهِمْ

الْاَرْضِ	یَعْلَمُ	سِرَّكُمْ	وَجَهْرَكُمْ	وَیَعْلَمُ	مَا تَكْسِبُوْنَ	وَ	مَا تَاْتِیْهِمْ
زمین	وہ جانتا ہے	تمہارا باطن	اور تمہارا ظاہر	اور جانتا ہے	جو تم کماتے ہو	اور	ان کے پاس نہیں آئی

زمین میں، وہ تمہارا ظاہر اور تمہارا باطن جانتا ہے، اور جانتا ہے، جو تم کماتے ہو (کرتے ہو) اور ان کے پاس نہیں آئی

مِّنْ اٰیَةٍ مِّنْ اٰیٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِیْنَ ﴿٤﴾ فَقَدْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ

مِّنْ	اٰیَةٍ	مِّنْ	اٰیٰتِ	رَبِّهِمْ	اِلَّا	كَانُوْا	عَنْهَا	مُعْرِضِیْنَ	فَقَدْ كَذَّبُوْا	بِالْحَقِّ
ے۔ کوئی	نشانی	سے	نشانیاں	ان کا رب	مگر	ہوتے ہیں	اس سے	منہ پھیرنے والے	پس بیشک انہوں نے جھٹلایا	حق کو

ان کے رب کی نشانیوں میں سے کوئی نشانی۔ مگر وہ اس سے منہ پھیر لیتے ہیں۔ پس بیشک انہوں نے حق کو جھٹلایا

لَمَّا جَآءَهُمْ ۚ فَسَوْفَ يَاْتِيْهِمْ اَنْۢبٰٓؤُا مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ⑤ اَلَمْ يَرَوْا

لَمَّا	جَآءَهُمْ	فَسَوْفَ	يَاْتِيْهِمْ	اَنْۢبٰٓؤُا	مَا كَانُوْا	بِهٖ	يَسْتَهْزِءُوْنَ	اَلَمْ يَرَوْا
جب	اُن کے پاس آیا	سو جلد	انکے پاس آجائے گی	خبر (حقیقت)	جو وہ تھے	اس کا	مذاق اُڑاتے	کیا انہوں نے نہیں دیکھا

جب ان کے پاس آیا۔ سو جلد ہی اس کی حقیقت اُن کے سامنے آجائے گی جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے، کیا انہوں نے نہیں دیکھا؟

كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ مَا لَمْ نُمَكِّنْ لَّكُمْ

كَمْ	اَهْلَكْنَا	مِنْ	قَبْلِهِمْ	مِّنْ	قَرْنٍ	مَّكَّنّٰهُمْ	فِي الْاَرْضِ	مَا	لَمْ نُمَكِّنْ	لَّكُمْ
کتنی	ہم نے ہلاک کردیں	سے	ان سے قبل	سے	اُمتیں	ہم نے انہیں جما دیا تھا	زمین (ملک) میں	جو	نہیں جمایا	تمہیں

ہم نے ان سے قبل کتنی اُمتیں ہلاک کیں؟ ہم نے انہیں ملک میں جمایا تھا (اقتدار دیا تھا) جتنا تمہیں نہیں جمایا (اقتدار دیا)

وَاَرْسَلْنَا السَّمَآءَ عَلَيْهِمْ مِّدْرَارًا ۪ وَّجَعَلْنَا الْاَنْهٰرَ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمْ

وَاَرْسَلْنَا	السَّمَآءَ	عَلَيْهِمْ	مِّدْرَارًا	وَّجَعَلْنَا	الْاَنْهٰرَ	تَجْرِيْ	مِنْ	تَحْتِهِمْ
اور ہم نے بھیجا	بادل	اُن پر	موسلا دھار	اور ہم نے بنائیں	نہریں	بہتی ہیں	سے	ان کے نیچے

اور ہم نے اُن پر موسلا دھار برستا بادل بھیجا، اور ہم نے نہریں بنائیں، ان کے نیچے بہتی ہیں،

فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَاَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ⑥ وَلَوْ نَزَّلْنَا

فَاَهْلَكْنٰهُمْ	بِذُنُوْبِهِمْ	وَاَنْشَاْنَا	مِنْ	بَعْدِهِمْ	قَرْنًا	اٰخَرِيْنَ	وَلَوْ نَزَّلْنَا
پھر ہم نے انہیں ہلاک کیا	ان کے گناہوں کے سبب	اور ہم نے کھڑی کیں	سے	اُن کے بعد	اُمتیں	دوسری	اور اگر ہم اتاریں

پھر ہم نے ان کے گناہوں کے سبب اُنہیں ہلاک کیا اور ان کے بعد ہم نے دوسری اُمتیں کھڑی کیں (پیدا کیں)۔ اور اگر ہم اتاریں

عَلَيْكَ كِتٰبًا فِيْ قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوْهُ بِاَيْدِيْهِمْ لَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ

عَلَيْكَ	كِتٰبًا	فِيْ	قِرْطَاسٍ	فَلَمَسُوْهُ	بِاَيْدِيْهِمْ	لَقَالَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا	اِنْ هٰذَآ
تم پر	کچھ لکھا ہوا	میں	کاغذ	پھر اُسے چھو لیں	اپنے ہاتھوں سے	البتہ کہیں گے	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	نہیں یہ

تم پر کاغذ میں لکھا ہوا پھر وہ اسے اپنے ہاتھوں سے چھو (بھی) لیں۔ البتہ کافر کہیں گے یہ نہیں ہے

اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ⑦ وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ مَلَكٌ ۭ وَلَوْ اَنْزَلْنَا مَلَكًا

اِلَّا	سِحْرٌ	مُّبِيْنٌ	وَقَالُوْا	لَوْ	لَآ اُنْزِلَ	عَلَيْهِ	مَلَكٌ	وَلَوْ	اَنْزَلْنَا	مَلَكًا
مگر	جادو	کھلا	اور کہتے ہیں	کیوں	نہیں اتارا گیا	اس پر	فرشتہ	اور اگر	ہم اتارتے	فرشتہ

مگر (صرف) کھلا جادو۔ اور کہتے ہیں اس پر فرشتہ کیوں نہیں اُتارا گیا؟ اور اگر ہم فرشتہ اُتارتے

لَقُضِيَ الْاَمْرُ ثُمَّ لَا يُنْظَرُوْنَ ۝ وَلَوْ جَعَلْنٰهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنٰهُ رَجُلًا وَّ

لَقُضِيَ	الْاَمْرُ	ثُمَّ	لَا يُنْظَرُوْنَ	وَلَوْ	جَعَلْنٰهُ	مَلَكًا	لَّجَعَلْنٰهُ	رَجُلًا	وَّ
تو تمام ہو گیا ہوتا	کام	پھر	انہیں مہلت نہ دی جاتی	اور اگر	ہم اُسے بناتے	فرشتہ	تو ہم اُسے بناتے	آدمی	اور

تو کام تمام ہو گیا ہوتا، پھر انہیں مہلت نہ دی جاتی۔ اور اگر ہم اسے فرشتہ بناتے تو ہم اسے آدمی (ہی) بناتے، اور

لَلَبَسْنَا عَلَيْهِمْ مَّا يَلْبِسُوْنَ ۝ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ

لَلَبَسْنَا	عَلَيْهِمْ	مَّا يَلْبِسُوْنَ	وَلَقَدِ	اسْتُهْزِئَ	بِرُسُلٍ	مِّنْ	قَبْلِكَ	فَحَاقَ
ہم شبہ ڈالتے	ان پر	جو وہ شبہ کرتے ہیں	اور البتہ	ہنسی کی گئی	رسولوں کے ساتھ	سے	آپ سے پہلے	تو گھیر لیا

ہم ان پر شبہ ڈالتے (جس میں وہ اب) پڑ رہے ہیں۔ اور البتہ آپ سے پہلے رسولوں کے ساتھ ہنسی کی گئی، تو گھیر لیا

بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ

بِالَّذِيْنَ	سَخِرُوْا	مِنْهُمْ	مَا	كَانُوْا	بِهٖ	يَسْتَهْزِءُوْنَ	قُلْ	سِيْرُوْا	فِي الْاَرْضِ
ان لوگوں کو جنہوں نے	ہنسی کی	ان سے	جو جس	وہ تھے	اس پر	ہنسی کرتے	آپ کہدیں	سیر کرو	زمین (ملک) میں

ان میں سے ہنسی کرنے والوں کو (اس چیز نے) جس پر وہ ہنسی کرتے تھے۔ آپ کہدیں ملک میں سیر کرو (چل پھر کر دیکھو)

ثُمَّ انْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ۝ قُلْ لِّمَنْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ

ثُمَّ	انْظُرُوْا	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	الْمُكَذِّبِيْنَ	قُلْ	لِّمَنْ	مَّا	فِي السَّمٰوٰتِ
پھر	دیکھو	کیسا	ہوا	انجام	جھٹلانے والے	آپ پوچھیں	کس کے لئے	جو	آسمانوں میں

پھر دیکھو جھٹلانے والوں کا انجام کیسا ہوا؟ آپ پوچھیں کس کے لئے ہے جو آسمانوں میں

وَالْاَرْضِ ۭ قُلْ لِّلّٰهِ ۭ كَتَبَ عَلٰي نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۭ لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

وَ	الْاَرْضِ	قُلْ	لِّلّٰهِ	كَتَبَ	عَلٰي	نَفْسِهِ	الرَّحْمَةَ	لَيَجْمَعَنَّكُمْ	اِلٰى	يَوْمِ الْقِيٰمَةِ
اور	زمین	کہدیں	اللہ کے لئے	لکھی ہے	(پر)	اپنے (نفس) آپ	رحمت	تمہیں ضرور جمع کرے گا		قیامت کا دن

اور زمین میں ہے؟ کہدیں (سب) اللہ کے لئے ہے، اللہ نے اپنے اوپر رحمت لکھ لی ہے (اپنے ذمے لے لی ہے) قیامت کے دن تمہیں ضرور جمع کرے گا

لَا رَيْبَ فِيْهِ ۭ اَلَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ وَلَهٗ مَا سَكَنَ

لَا رَيْبَ	فِيْهِ	اَلَّذِيْنَ	خَسِرُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	فَهُمْ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	وَلَهٗ	مَا	سَكَنَ
نہیں شک	اس میں	جو لوگ	خسارہ میں ڈالا	اپنے آپ	وہی	ایمان نہیں لائیں گے	اور اسکے لئے	جو	بستا ہے

جس میں کوئی شک نہیں، جن لوگوں نے اپنے آپ کو خسارے میں ڈالا تو وہی ایمان نہیں لائیں گے۔ اور اس کے لئے ہے جو بستا ہے

فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ؕ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۳﴾ قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَتَّخِذُ وَلِيًّا

فِي	الَّيْلِ	وَالنَّهَارِ	وَهُوَ	السَّمِيْعُ	الْعَلِيْمُ	قُلْ	اَغَيْرَ	اللّٰهِ	اَتَّخِذُ	وَلِيًّا
میں	رات	اور دن	اور وہ	سننے والا	جاننے والا	آپ کہدیں	کیا سوائے	اللہ	میں بناؤں	کارساز

رات میں اور دن میں، اور وہ سننے والا، جاننے والا ہے۔ آپ کہدیں کیا میں اللہ کے سوائے (کسی اور کو) کارساز بناؤں؟

فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ ؕ قُلْ اِنِّيْٓ اُمِرْتُ اَنْ

فَاطِرِ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَهُوَ	يُطْعِمُ	وَلَا يُطْعَمُ	قُلْ	اِنِّيْٓ	اُمِرْتُ	اَنْ
بنانے والا	آسمان (جمع)	زمین	اور وہ	کھلاتا ہے	اور کھاتا نہیں	آپ کہدیں	بیشک	مجھ کو حکم دیا گیا	کہ

(جو) آسمانوں اور زمین کا بنانے والا ہے وہ (سب کو) کھلاتا ہے اور وہ خود نہیں کھاتا۔ آپ کہدیں بیشک مجھے حکم دیا گیا ہے کہ

اَكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَسْلَمَ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۴﴾ قُلْ اِنِّيْٓ

اَكُوْنَ	اَوَّلَ	مَنْ	اَسْلَمَ	وَ	لَا تَكُوْنَنَّ	مِنَ	الْمُشْرِكِيْنَ	قُلْ	اِنِّيْٓ
میں ہو جاؤں	سب سے پہلا	جو۔جس	حکم مانا	اور	تو ہرگز نہ ہو	سے	شرک کرنے والے	آپ کہدیں	بیشک میں

سب سے پہلا ہو جاؤں جس نے حکم مانا، اور تم ہرگز شرک کرنے والوں سے نہ ہونا۔ آپ کہدیں بیشک

اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۵﴾ مَنْ يُّصْرَفْ عَنْهُ يَوْمَئِذٍ

اَخَافُ	اِنْ	عَصَيْتُ	رَبِّيْ	عَذَابَ	يَوْمٍ عَظِيْمٍ	مَنْ	يُّصْرَفْ	عَنْهُ	يَوْمَئِذٍ
میں ڈرتا ہوں	اگر	میں نافرمانی کروں	اپنا رب	عذاب	بڑا دن	جو۔جس	پھیر دیا جائے	اس سے	اس دن

اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں۔ اس دن جس سے (عذاب) پھیر دیا جائے

فَقَدْ رَحِمَهٗ ؕ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۶﴾ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ

فَقَدْ	رَحِمَهٗ	وَذٰلِكَ	الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ	وَاِنْ	يَّمْسَسْكَ	اللّٰهُ	بِضُرٍّ	فَلَا	كَاشِفَ
تحقیق	اس پر رحم کیا	اور یہ	کامیابی کھلی	اور اگر	تمہیں پہنچائے	اللہ	کوئی سختی	تو نہیں	دور کرنے والا

تحقیق اس پر اللہ نے رحم کیا اور یہ کھلی کامیابی ہے۔ اور اگر اللہ تمہیں کوئی سختی پہنچائے تو کوئی دور کرنے والا نہیں

لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ؕ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۷﴾ وَهُوَ

لَهٗٓ	اِلَّا هُوَ	وَاِنْ	يَّمْسَسْكَ	بِخَيْرٍ	فَهُوَ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	وَهُوَ
اس کا	اس کے سوا	اور اگر	وہ پہنچائے تمہیں	کوئی بھلائی	تو وہ	پر	ہر شے	قادر	اور وہ

اس کو اس کے سوا، اور اگر وہ کوئی بھلائی پہنچائے تمہیں تو وہ ہر شے پر قادر ہے اور وہ

الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ﴿۱۸﴾ قُلْ اَيُّ شَيْءٍ اَكْبَرُ شَهَادَةً ؕ

الْقَاهِرُ	فَوْقَ	عِبَادِهٖ	وَهُوَ	الْحَكِيْمُ	الْخَبِيْرُ	قُلْ	اَيُّ	شَيْءٍ	اَكْبَرُ	شَهَادَةً
غالب	اوپر	اپنے بندے	اور وہ	حکمت والا	خبر رکھنے والا	آپ کہیں	کونسی	چیز	سب سے بڑی	گواہی

اپنے بندوں پر غالب ہے، اور وہ حکمت والا (سب کی) خبر رکھنے والا ہے۔ آپ کہیں سب سے بڑی گواہی کس کی؟

قُلِ اللّٰهُ ۙ شَهِيْدٌۢ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۫ وَاُوْحِيَ اِلَيَّ هٰذَا الْقُرْاٰنُ لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ

قُلِ	اللّٰهُ	شَهِيْدٌ	بَيْنِيْ	وَبَيْنَكُمْ	وَ	اُوْحِيَ	اِلَيَّ	هٰذَا	الْقُرْاٰنُ	لِاُنْذِرَكُمْ	بِهٖ
آپ کہدیں	اللہ	گواہ	میرے درمیان	اور تمہارے درمیان	اور	وحی کیا گیا	مجھ پر	یہ	قرآن	تاکہ میں تمہیں ڈراؤں	اس سے

آپ کہدیں میرے اور تمہارے درمیان اللہ گواہ ہے، اور مجھ پر یہ قرآن وحی کیا گیا ہے کہ میں تمہیں اس سے ڈراؤں،

وَمَنْۢ بَلَغَ ؕ اَئِنَّكُمْ لَتَشْهَدُوْنَ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اٰلِهَةً اُخْرٰى ؕ قُلْ لَّاۤ اَشْهَدُ ۚ

وَمَنْ	بَلَغَ	اَئِنَّكُمْ	لَتَشْهَدُوْنَ	اَنَّ	مَعَ	اللّٰهِ	اٰلِهَةً	اُخْرٰى	قُلْ	لَّاۤ اَشْهَدُ
اور جس	پہنچے	کیا تم بیشک	تم گواہی دیتے ہو	کہ	ساتھ	اللہ	کوئی معبود	دوسرا	آپ کہدیں	میں گواہی نہیں دیتا

اور جس تک یہ پہنچے کیا تم (واقعی) گواہی دیتے ہو کہ اللہ کے ساتھ کوئی اور بھی معبود ہیں آپ کہدیں میں (ایسی) گواہی نہیں دیتا۔

قُلْ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّاِنَّنِيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿۱۹﴾ اَلَّذِيْنَ

قُلْ	اِنَّمَا	هُوَ	اِلٰهٌ	وَّاحِدٌ	وَّاِنَّنِيْ	بَرِيْٓءٌ	مِّمَّا	تُشْرِكُوْنَ	اَلَّذِيْنَ
آپ کہدیں	صرف	وہ	معبود	یکتا	اور بیشک میں	بیزار	اس سے جو	تم شرک کرتے ہو	وہ جنہیں

آپ کہدیں صرف وہ معبود یکتا ہے، اور میں اس سے بیزار ہوں جو تم شرک کرتے ہو۔ وہ لوگ جنہیں

اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ ۘ اَلَّذِيْنَ خَسِرُوْۤا

اٰتَيْنٰهُمُ	الْكِتٰبَ	يَعْرِفُوْنَهٗ	كَمَا	يَعْرِفُوْنَ	اَبْنَآءَهُمْ	اَلَّذِيْنَ	خَسِرُوْۤا
ہم نے دی انہیں	کتاب	وہ اس کو پہچانتے ہیں	جیسے	وہ پہچانتے ہیں	اپنے بیٹے	وہ جنہوں نے	خسارہ میں ڈالا

ہم نے کتاب دی وہ اس کو پہچانتے ہیں۔ جیسے وہ اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں۔ جن لوگوں نے خسارہ میں ڈالا

اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ

اَنْفُسَهُمْ	فَهُمْ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	وَمَنْ	اَظْلَمُ	مِمَّنِ	افْتَرٰى	عَلَى	اللّٰهِ	كَذِبًا	اَوْ كَذَّبَ
اپنے آپ	سو وہ	ایمان نہیں لائے	اور کون	سب سے بڑا ظالم	اس سے جو	بہتان باندھے	پر	اللہ	جھوٹ	یا جھٹلائے

اپنے آپ کو سو وہ ایمان نہیں لاتے۔ اور اس سے بڑا ظالم کون جو اللہ پر جھوٹ بہتان باندھے یا جھٹلائے

بِاٰيٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٢١﴾ وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ

بِاٰيٰتِهٖ	اِنَّهٗ	لَا يُفْلِحُ	الظّٰلِمُوْنَ	وَيَوْمَ	نَحْشُرُهُمْ	جَمِيْعًا	ثُمَّ	نَقُوْلُ
اس کی آیتیں	بلاشبہ وہ	فلاح نہیں پاتے	ظالم (جمع)	اور جس دن	ان کو جمع کریں گے	سب	پھر	ہم کہیں گے

اس کی آیتوں کو، بیشک ظالم فلاح (کامیابی) نہیں پاتے ۔ اور جس دن ہم ان سب کو جمع کریں گے ، پھر ہم کہیں گے

لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا اَيْنَ شُرَكَآؤُكُمُ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿٢٢﴾ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ

لِلَّذِيْنَ	اَشْرَكُوْٓا	اَيْنَ	شُرَكَآؤُكُمْ	الَّذِيْنَ	كُنْتُمْ	تَزْعُمُوْنَ	ثُمَّ	لَمْ تَكُنْ
ان کو جنہوں نے	شرک کیا (شرک کرنا)	کہاں	تمہارے شریک	جن کا	تم تھے	دعویٰ کرتے	پھر	نہ ہوگی۔ نہ رہی

مشرکوں کو، کہاں ہیں تمہارے شریک ؟ جن کا تم دعوے کرتے تھے ۔ پھر نہ رہی

فِتْنَتُهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ ﴿٢٣﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ كَذَبُوْا

فِتْنَتُهُمْ	اِلَّآ	اَنْ	قَالُوْا	وَاللّٰهِ	رَبِّنَا	مَا كُنَّا	مُشْرِكِيْنَ	اُنْظُرْ	كَيْفَ	كَذَبُوْا
اُن کی شرارت	سوائے	کہ	وہ کہیں	قسم اللہ کی	ہمارا رب	نہ تھے ہم	شرک کرنے والے	دیکھو	کیسے	انہوں نے جھوٹ باندھا

اُن کی شرارت (اُن کا عذر) اس کے سوا کہ وہ کہیں ہمارے رب اللہ کی قسم ہم شرک کرنے والے نہ تھے ۔ دیکھو! انہوں نے کیسے جھوٹ باندھا

عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿٢٤﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۚ

عَلٰى	اَنْفُسِهِمْ	وَ	ضَلَّ	عَنْهُمْ	مَا	كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ	وَمِنْهُمْ	مَنْ	يَسْتَمِعُ	اِلَيْكَ
پر	اپنی ذات	اور	کھوئی گئیں	ان سے	جو	وہ باتیں بناتے تھے	اور اُن سے	جو	کان لگاتا تھا	آپ کی طرف

اپنی ذات پر، اور وہ جو باتیں بناتے تھے ان سے کھوئی گئیں ۔ اور اُن سے (بعض) آپ کی طرف کان لگائے رکھتے ہیں

وَجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ؕ وَاِنْ يَّرَوْا

وَجَعَلْنَا	عَلٰى	قُلُوْبِهِمْ	اَكِنَّةً	اَنْ	يَّفْقَهُوْهُ	وَ	فِيْٓ اٰذَانِهِمْ	وَقْرًا	وَاِنْ	يَّرَوْا
اور ہم نے ڈال دیا	پر	ان کے دل	پردے	کہ	وہ (نہ) سمجھیں اسے	اور	اُن کے کانوں میں	بوجھ	اور اگر	وہ دیکھیں

اور ہم نے ان کے دلوں پر پردے ڈال دیئے ہیں کہ وہ اسے نہ سمجھیں اور ان کے کانوں میں بوجھ ہے ، اور اگر وہ دیکھیں

كُلَّ اٰيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْكَ يُجَادِلُوْنَكَ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ

كُلَّ	اٰيَةٍ	لَا يُؤْمِنُوْا	بِهَا	حَتّٰى	اِذَا	جَآءُوْكَ	يُجَادِلُوْنَكَ	يَقُوْلُ	الَّذِيْنَ
تمام	نشانی	نہ ایمان لائیں گے	اس پر	یہاں تک کہ	جب	آپکے پاس آتے ہیں	آپ سے جھگڑتے ہیں	کہتے ہیں	جن لوگوں نے

تمام نشانیاں (پھر بھی) اس پر ایمان نہ لائیں گے یہاں تک کہ جب آپ کے پاس آتے ہیں تو آپ سے جھگڑتے ہیں، کہتے ہیں وہ لوگ جنہوں نے

كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝٢٥ وَهُمْ يَنْهَوْنَ عَنْهُ وَ

كَفَرُوْٓا	اِنْ	هٰذَآ	اِلَّآ	اَسَاطِيْرُ	الْاَوَّلِيْنَ	وَهُمْ	يَنْهَوْنَ	عَنْهُ	وَ
اُنہوں نے کفر کیا	نہیں	یہ	مگر (صرف)	کہانیاں	پہلے لوگ (جمع)	اور وہ	روکتے ہیں	اس سے	اور

کفر کیا (کافر) یہ صرف پہلوں کی کہانیاں ہیں ۔ اور وہ اس سے (دوسروں کو) روکتے ہیں، اور

يَنْـَٔوْنَ عَنْهُ ۚ وَاِنْ يُّهْلِكُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۝٢٦ وَلَوْ تَرٰٓى

يَنْـَٔوْنَ	عَنْهُ	وَاِنْ	يُّهْلِكُوْنَ	اِلَّآ	اَنْفُسَهُمْ	وَ	مَا يَشْعُرُوْنَ	وَلَوْ	تَرٰٓى
بھاگتے ہیں	اس سے	اور نہیں	ہلاک کرتے ہیں	مگر (صرف)	اپنے آپ	اور	وہ شعور نہیں رکھتے	اور اگر (کبھی)	تم دیکھو

(خود بھی) اس سے بھاگتے ہیں، اور صرف اپنے آپ کو ہلاک کرتے ہیں اور شعور نہیں رکھتے ۔ اور کبھی تم دیکھو

اِذْ وُقِفُوْا عَلَى النَّارِ فَقَالُوْا يٰلَيْتَنَا نُرَدُّ وَلَا نُكَذِّبَ بِاٰيٰتِ رَبِّنَا وَنَكُوْنَ

اِذْ وُقِفُوْا	عَلَى	النَّارِ	فَقَالُوْا	يٰلَيْتَنَا	نُرَدُّ	وَ	لَا نُكَذِّبَ	بِاٰيٰتِ	رَبِّنَا	وَنَكُوْنَ
جب کھڑے کئے جائیں گے	پر	آگ	تو کہیں گے	اے کاش ہم	واپس بھیجے جائیں	اور	نہ جھٹلائیں	آیتوں کو	اپنا رب	اور ہو جائیں

جب وہ آگ (دوزخ) پر کھڑے کئے جائیں گے تو کہیں گے اے کاش! ہم واپس بھیجے جائیں اور اپنے رب کی آیتوں کو نہ جھٹلائیں اور ہو جائیں

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝٢٧ بَلْ بَدَا لَهُمْ مَّا كَانُوْا يُخْفُوْنَ مِنْ قَبْلُ ۗ وَلَوْ رُدُّوْا

مِنَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	بَلْ	بَدَا لَهُمْ	مَّا	كَانُوْا يُخْفُوْنَ	مِنْ قَبْلُ	وَلَوْ	رُدُّوْا
سے	ایمان والے	بلکہ	ظاہر ہو گیا اُن پر	جو	وہ چھپاتے تھے	اس سے قبل	اور اگر	واپس بھیجے جائیں

ایمان والوں میں سے ۔ بلکہ وہ اس سے قبل جو چھپاتے تھے اُن پر ظاہر ہو گیا اور وہ اگر واپس بھیجے جائیں

لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝٢٨ وَقَالُوْٓا اِنْ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا

لَعَادُوْا	لِمَا نُهُوْا	عَنْهُ	وَ	اِنَّهُمْ	لَكٰذِبُوْنَ	وَقَالُوْٓا	اِنْ	هِيَ	اِلَّا	حَيَاتُنَا	الدُّنْيَا
تو پھر کرنے لگیں	وہی روکے گئے	اس سے	اور	بیشک وہ	جھوٹے	اور کہتے ہیں	نہیں	ہے	مگر (صرف)	ہماری زندگی	دنیا

تو پھر (وہی) کرنے لگیں جس سے وہ روکے گئے اور بیشک وہ جھوٹے ہیں ۔ اور کہتے ہیں ہماری صرف یہی دنیا کی زندگی ہے

وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ۝٢٩ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ وُقِفُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ۗ قَالَ اَلَيْسَ هٰذَا

وَمَا	نَحْنُ	بِمَبْعُوْثِيْنَ	وَلَوْ	تَرٰٓى	اِذْ وُقِفُوْا	عَلٰى	رَبِّهِمْ	قَالَ	اَلَيْسَ	هٰذَا
اور نہیں	ہم	اٹھائے جانے والے	اور اگر (کبھی)	تم دیکھو	کھڑے کئے جائیں گے	(کے سامنے)	اپنا رب	وہ فرمائے گا	کیا نہیں	یہ

اور ہم اٹھائے جانے والے نہیں (ہمیں پھر زندہ نہیں ہونا) اور کبھی تم دیکھو جب وہ اپنے رب کے سامنے کھڑے کئے جائیں گے ۔ وہ فرمائے گا کیا یہ نہیں

بِالْحَقِّ ۗ قَالُوا بَلَىٰ وَرَبِّنَا ۚ قَالَ فَذُوقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنتُمْ تَكْفُرُونَ ﴿٣٠﴾

بالحق	قالوا	بلی	وربنا	قال	فذوقوا	العذاب	بما	کنتم تکفرون
سچ	وہ کہیں گے	ہاں	قسم ہمارے رب کی	وہ فرمائے گا	پس چکھو	عذاب	اس لئے کہ	تم کفر کرتے تھے

سچ ؟ وہ کہیں گے ہاں ہمارے رب کی قسم (کیوں نہیں) وہ فرمائے گا پس عذاب چکھو اس لئے کہ تم کفر کرتے تھے

قَدْ خَسِرَ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِلِقَاءِ اللَّهِ ۖ حَتَّىٰ إِذَا جَاءَتْهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً

قد	خسر	الذین + کذبوا	بلقاء	اللہ	حتی	اذا	جاءتھم	الساعۃ	بغتۃ
تحقیق	گھاٹے میں پڑے	وہ لوگ جنہوں نے جھٹلایا	ملنا	اللہ	یہاں تک کہ	جب	آپہنچی اُن پر	قیامت	اچانک

تحقیق وہ لوگ گھاٹے میں پڑے جنہوں نے اللہ کے ملنے کو جھٹلایا یہاں تک کہ اچانک اُن پر قیامت آ پہنچی

قَالُوا يَا حَسْرَتَنَا عَلَىٰ مَا فَرَّطْنَا فِيهَا وَهُمْ يَحْمِلُونَ أَوْزَارَهُمْ عَلَىٰ ظُهُورِهِمْ ۚ أَلَا سَاءَ

قالوا	یحسرتنا	علی	ما فرطنا	فیھا	وھم	یحملون	اوزارھم	علی	ظھورھم	الا	ساء
وہ کہنے لگے	ہائے ہم پر افسوس	پر	جو ہم نے کوتاہی کی	اس میں	اور وہ	اٹھائے ہوں گے	اپنے بوجھ	پر	اپنی پیٹھ (جمع)	آگاہ ہو	بُرا

کہنے لگے ہائے ہم پر افسوس! جو ہم نے اس میں کوتاہی کی، اور وہ اپنے بوجھ اپنی پیٹھوں پر اٹھائے ہوں گے ۔ آگاہ رہو بُرا ہے

مَا يَزِرُونَ ﴿٣١﴾ وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا لَعِبٌ وَلَهْوٌ ۖ وَلَلدَّارُ الْآخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِينَ

مایزرون	وما	الحیوۃ	الدنیا	الا	لعب	ولھو	و	للدار الاخرۃ	خیر	للذین
جو وہ اٹھائیں گے	اور نہیں	زندگی	دنیا	مگر (صرف)	کھیل	اور جی کا بہلاوا	اور	آخرت کا گھر	بہتر	انکے لئے جو

جو وہ اٹھائیں گے ۔ اور دنیا کی زندگی صرف کھیل اور جی کا بہلاوا ہے، اور آخرت کا گھر ان لوگوں کے لئے بہتر ہے جو

يَتَّقُونَ ۗ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ﴿٣٢﴾ قَدْ نَعْلَمُ إِنَّهُ لَيَحْزُنُكَ الَّذِي يَقُولُونَ ۖ فَإِنَّهُمْ

یتقون	افلا تعقلون	قد نعلم	انہ	لیحزنک	الذی	یقولون	فانھم
پرہیزگاری کرتے ہیں	سو کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے	بیشک ہم جانتے ہیں	کہ وہ	آپکو ضرور رنجیدہ کرتا ہے	وہ جو	وہ کہتے ہیں	سو وہ یقیناً

جو پرہیزگاری کرتے ہیں، سو کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے بیشک ہم جانتے ہیں آپ کو وہ (بات) ضرور رنجیدہ کرتی ہے جو وہ کہتے ہیں سو وہ یقیناً

لَا يُكَذِّبُونَكَ وَلَٰكِنَّ الظَّالِمِينَ بِآيَاتِ اللَّهِ يَجْحَدُونَ ﴿٣٣﴾ وَلَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ

لا یکذبونک	ولکن	الظلمین	بایت	اللہ	یجحدون	ولقد کذبت	رسل
نہیں جھٹلاتے آپ کو	اور لیکن (بلکہ)	ظالم لوگ	آیتوں کا	اللہ	انکار کرتے ہیں	اور البتہ جھٹلائے گئے	رسول (جمع)

آپ کو نہیں جھٹلاتے بلکہ ظالم لوگ اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے ہیں ۔ اور البتہ رسول جھٹلائے گئے

مِنْ قَبْلِكَ فَصَبَرُوْا عَلٰى مَا كُذِّبُوْا وَاُوْذُوْا حَتّٰٓى اَتٰىهُمْ نَصْرُنَا ۚ وَلَا مُبَدِّلَ

مِنْ قَبْلِكَ	فَصَبَرُوْا	عَلٰى	مَا كُذِّبُوْا	وَاُوْذُوْا	حَتّٰى	اَتٰىهُمْ	نَصْرُنَا	وَ	لَا مُبَدِّلَ
آپ سے پہلے	پس صبر کیا انہوں نے	پر	جو وہ جھٹلائے گئے	اور ستائے گئے	یہاں تک کہ	اُن پر آگئی	ہماری مدد	اور	نہیں بدلنے والا

آپ سے پہلے، پس اُنہوں نے صبر کیا اُس پر جو وہ جھٹلائے گئے اور ستائے گئے، یہاں تک کہ ان پر ہماری مدد آ گئی اور (کوئی) بدلنے والا نہیں

لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۚ وَلَقَدْ جَآءَكَ مِنْ نَّبَاِى الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٣٤﴾ وَاِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ

لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ	وَ	لَقَدْ	جَآءَكَ	مِنْ	نَّبَاِى	الْمُرْسَلِيْنَ	وَاِنْ	كَانَ	كَبُرَ	عَلَيْكَ
اللہ کی باتوں کو	اور	البتہ	آپ کے پاس پہنچی	سے (کچھ)	خبر	رسول (جمع)	اور اگر	ہے	گراں	آپ پر

اللہ کی باتوں کو، اور البتہ آپ کے پاس رسولوں کی کچھ خبریں پہنچ چکی ہیں ۔ اور اگر آپ پر گراں ہے

اِعْرَاضُهُمْ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَبْتَغِىَ نَفَقًا فِى الْاَرْضِ اَوْ سُلَّمًا فِى السَّمَآءِ

اِعْرَاضُهُمْ	فَاِنِ	اسْتَطَعْتَ	اَنْ	تَبْتَغِىَ	نَفَقًا	فِى الْاَرْضِ	اَوْ	سُلَّمًا	فِى السَّمَآءِ
اُن کا منہ پھیرنا	تو اگر	تم سے ہو سکے	کہ	ڈھونڈ لو	کوئی سُرنگ	زمین میں	یا	کوئی سیڑھی	آسمان میں

اُن کا منہ پھیرنا تو اگر تم سے ہو سکے تو زمین میں کوئی سُرنگ یا آسمان میں کوئی سیڑھی ڈھونڈ نکالو

فَتَاْتِيَهُمْ بِاٰيَةٍ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدٰى فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿٣٥﴾

فَتَاْتِيَهُمْ	بِاٰيَةٍ	وَلَوْ	شَآءَ اللّٰهُ	لَجَمَعَهُمْ	عَلَى الْهُدٰى	فَلَا تَكُوْنَنَّ	مِنَ	الْجٰهِلِيْنَ
پھر لے آؤ ان کے پاس	کوئی نشانی	اور اگر	چاہتا اللہ	تو انہیں جمع کر دیتا	ہدایت پر	سو آپ نہ ہوں	سے	بے خبر (جمع)

پھر اُن کے پاس کوئی نشانی لے آؤ، اور اگر اللہ چاہتا تو اُنہیں ہدایت پر جمع کر دیتا، سو آپ بے خبروں میں سے نہ ہوں

اِنَّمَا يَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ يَسْمَعُوْنَ ؕ وَالْمَوْتٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ اِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ﴿٣٦﴾

اِنَّمَا	يَسْتَجِيْبُ	الَّذِيْنَ	يَسْمَعُوْنَ	وَالْمَوْتٰى	يَبْعَثُهُمُ	اللّٰهُ	ثُمَّ	اِلَيْهِ	يُرْجَعُوْنَ
صرف وہ	مانتے ہیں	جو لوگ	سُنتے ہیں	اور مُردے	اُنہیں اٹھائے گا	اللہ	پھر	اس کی طرف	وہ لوٹائے جائیں گے

مانتے صرف وہ ہیں جو سنتے ہیں، اور مُردوں کو اللہ اُٹھائے گا (دوبارہ زندہ کرے گا) پھر وہ اُس کی طرف لوٹائے جائیں گے

وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ يُّنَزِّلَ

وَقَالُوْا	لَوْلَا نُزِّلَ	عَلَيْهِ	اٰيَةٌ	مِّنْ	رَّبِّهٖ	قُلْ	اِنَّ	اللّٰهَ	قَادِرٌ	عَلٰى	اَنْ	يُّنَزِّلَ
اور وہ کہتے ہیں	کیوں نہیں اُتاری گئی	اس پر	کوئی نشانی	سے	اس کا رب	آپ کہہ دیں	بیشک	اللہ	قادر	پر	کہ	اُتارے

اور وہ کہتے ہیں کہ اس پر اسکے رب کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نہیں اُتاری گئی؟ آپ کہہ دیں، بیشک اللہ اس پر قادر ہے کہ وہ اُتارے

وقف غفران - وقف منزل

اٰیَةً وَّلٰکِنَّ اَکْثَرَهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِی الْاَرْضِ وَلَا طٰٓئِرٍ

طٰٓئِرٍ	لَا	وَ	فِی الْاَرْضِ	دَآبَّةٍ	مِنْ	وَمَا	لَا یَعْلَمُوْنَ	اَکْثَرَهُمْ	وَّلٰکِنَّ	اٰیَةً
پرندہ	نہ	اور	زمین میں	چلنے والا	کوئی	اور نہیں	نہیں جانتے	ان میں اکثر	اور لیکن	کوئی نشانی

کوئی نشانی، لیکن ان میں اکثر نہیں جانتے۔ اور زمین میں کوئی چلنے والا (حیوان) نہیں، اور نہ کوئی پرندہ

یَّطِیْرُ بِجَنَاحَیْهِ اِلَّآ اُمَمٌ اَمْثَالُکُمْ مَا فَرَّطْنَا فِی الْکِتٰبِ مِنْ شَیْءٍ ثُمَّ

ثُمَّ	شَیْءٍ	مِنْ	فِی الْکِتٰبِ	مَا فَرَّطْنَا	اَمْثَالُکُمْ	اُمَمٌ	اِلَّآ	بِجَنَاحَیْهِ	یَّطِیْرُ
پھر	چیز	کوئی	کتاب میں	نہیں چھوڑی ہم نے	تمہاری طرح	اُمتیں (جماعتیں)	مگر	اپنے دو پروں سے	اُڑتا ہے

جو اپنے دو پروں سے اُڑتا ہے مگر (ان کی بھی) تمہاری طرح جماعتیں ہیں، ہم نے کتاب میں کوئی چیز نہیں چھوڑی، پھر

اِلٰی رَبِّهِمْ یُحْشَرُوْنَ ﴿۳۸﴾ وَالَّذِیْنَ کَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا صُمٌّ وَّبُکْمٌ فِی الظُّلُمٰتِ

الظُّلُمٰتِ	فِی	وَبُکْمٌ	صُمٌّ	بِاٰیٰتِنَا	کَذَّبُوْا	الَّذِیْنَ	وَ	یُحْشَرُوْنَ	رَبِّهِمْ	اِلٰی
اندھیرے	میں	اور گونگے	بہرے	ہماری آیات	انہوں نے جھٹلایا	وہ لوگ جو کہ	اور	جمع کئے جائیں گے	اپنا رب	طرف

اپنے رب کی طرف جمع کئے جائیں گے۔ اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہ بہرے اور گونگے ہیں، اندھیروں میں ہیں،

مَنْ یَّشَاِ اللّٰهُ یُضْلِلْهُ وَمَنْ یَّشَاْ یَجْعَلْهُ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿۳۹﴾ قُلْ

قُلْ	مُّسْتَقِیْمٍ	صِرَاطٍ	عَلٰی	یَجْعَلْهُ	وَمَنْ یَّشَاْ	یُضْلِلْهُ	اللّٰهُ	یَّشَاِ	مَنْ
آپ کہہ دیں	سیدھا	راستہ	پر	اسے کر دے (چلا دے)	اور جسے چاہے	اسے گمراہ کر دے	اللہ	چاہے	جو جس

جس کو اللہ چاہے گمراہ کر دے، اور جس کو چاہے سیدھے راستہ پر چلا دے۔ آپ کہہ دیں

اَرَءَیْتَکُمْ اِنْ اَتٰىکُمْ عَذَابُ اللّٰهِ اَوْ اَتَتْکُمُ السَّاعَةُ اَغَیْرَ اللّٰهِ تَدْعُوْنَ اِنْ

اِنْ	تَدْعُوْنَ	اَغَیْرَ اللّٰهِ	السَّاعَةُ	اَتَتْکُمُ	اَوْ	اللّٰهِ	عَذَابُ	اَتٰىکُمْ	اِنْ	اَرَءَیْتَکُمْ
اگر	تم پکارو گے	کیا اللہ کے سوا	قیامت	آئے تم پر	یا	اللہ	عذاب	تم پر آئے	اگر	بھلا دیکھو

بھلا دیکھو اگر تم پر اللہ کا عذاب آئے یا تم پر قیامت آ جائے، کیا تم اللہ کے سوا (کسی اور کو) پکارو گے؟ اگر

کُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۴۰﴾ بَلْ اِیَّاهُ تَدْعُوْنَ فَیَکْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَیْهِ اِنْ شَآءَ

شَآءَ	اِنْ	اِلَیْهِ	مَا تَدْعُوْنَ	فَیَکْشِفُ	تَدْعُوْنَ	اِیَّاهُ	بَلْ	صٰدِقِیْنَ	کُنْتُمْ
وہ چاہے	اگر	اس کیلئے	پکارتے ہو	پس کھول دیتا ہے (دُور کر دیتا ہے)	تم پکارتے ہو	اس کو	بلکہ	سچے	تم ہو

تم سچے ہو۔ بلکہ اسی کو پکارتے ہو، پس جس (دُکھ) کے لئے اسے پکارتے ہو اگر وہ چاہے تو وہ اسے دُور کر دیتا ہے،

وَتَنْسَوْنَ مَا تُشْرِكُوْنَ ﴿٤١﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَخَذْنٰهُمْ

وَتَنْسَوْنَ	مَا	تُشْرِكُوْنَ	وَ	لَقَدْ اَرْسَلْنَا	اِلٰى	اُمَمٍ	مِنْ قَبْلِكَ	فَاَخَذْنٰهُمْ
اور تم بھول جاتے ہو	جو۔جس	تم شریک کرتے ہو	اور	تحقیق ہم نے بھیجے (رسول)	طرف	اُمتیں	تم سے پہلے	پس ہم نے اُنہیں پکڑا

اور تم بھول جاتے ہو جس کو تم شریک کرتے ہو، تحقیق ہم نے تم سے پہلی اُمتوں کی طرف رسول بھیجے پھر ہم نے (اُنکی نافرمانی کے سبب) انہیں پکڑا

بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿٤٢﴾ فَلَوْلَآ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَا تَضَرَّعُوْا

بِالْبَاْسَآءِ	وَالضَّرَّآءِ	لَعَلَّهُمْ	يَتَضَرَّعُوْنَ	فَلَوْلَا	اِذْ	جَآءَهُمْ	بَاْسُنَا	تَضَرَّعُوْا
سختی میں	اور تکلیف	تاکہ وہ	گڑگڑائیں	پھر کیوں نہ	جب	آیا اُن پر	ہمارا عذاب	وہ گڑگڑائے

سختی اور تکلیف میں تاکہ وہ گڑگڑائیں ۔ پھر جب اُن پر ہمارا عذاب آیا وہ کیوں نہ گڑگڑائے

وَلٰكِنْ قَسَتْ قُلُوْبُهُمْ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٤٣﴾ فَلَمَّا نَسُوْا

وَلٰكِنْ	قَسَتْ	قُلُوْبُهُمْ	وَزَيَّنَ	لَهُمُ	الشَّيْطٰنُ	مَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	فَلَمَّا	نَسُوْا
اور لیکن	سخت ہوگئے	دل اُن کے	آراستہ کردکھایا	ان کو	شیطان	جو	وہ کرتے تھے	پھر جب	وہ بھول گئے

لیکن ان کے دل سخت ہوگئے اور جو وہ کرتے تھے شیطان نے اُن کو آراستہ کر دکھایا۔ پھر جب وہ بھول گئے

مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ حَتّٰٓى اِذَا فَرِحُوْا بِمَآ اُوْتُوْٓا

مَا ذُكِّرُوْا	بِهٖ	فَتَحْنَا	عَلَيْهِمْ	اَبْوَابَ	كُلِّ	شَيْءٍ	حَتّٰى	اِذَا	فَرِحُوْا	بِمَا	اُوْتُوْا
جو نصیحت کی گئی	اس کے ساتھ	تو ہم نے کھول دیئے	ان پر	دروازے	ہر	چیز	یہانتک کہ	جب	خوش ہوگئے	اس سے جو	اُنہیں دی گئی

وہ نصیحت جو اُنہیں کی گئی، تو ہم نے ان پر ہر چیز کے دروازے کھول دیئے یہانتک کہ جب وہ اس سے خوش ہوگئے جو اُنہیں دی گئیں

اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً فَاِذَا هُمْ مُّبْلِسُوْنَ ﴿٤٤﴾ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ط

اَخَذْنٰهُمْ	بَغْتَةً	فَاِذَا	هُمْ	مُبْلِسُوْنَ	فَقُطِعَ	دَابِرُ	الْقَوْمِ	الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا
ہم نے پکڑا ان کو	اچانک	پس اس وقت	وہ	مایوس رہ گئے	پھر کاٹ دی گئی	جڑ	قوم	جن لوگوں نے ظلم کیا (ظالم)

تو ہم نے اُن کو اچانک پکڑا (دھر لیا)، پس اس وقت وہ مایوس ہوکر رہ گئے ۔ پھر ظالم قوم کی جڑ کاٹ دی گئی،

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٤٥﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَخَذَ اللّٰهُ سَمْعَكُمْ وَاَبْصَارَكُمْ

وَ	الْحَمْدُ	لِلّٰهِ	رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ	قُلْ	اَرَءَيْتُمْ	اِنْ	اَخَذَ	اللّٰهُ	سَمْعَكُمْ	وَاَبْصَارَكُمْ
اور	ہر تعریف	اللہ کیلئے	سارے جہانوں کا رب	آپ کہدیں	بھلا تم دیکھو	اگر	لے (چھین لے)	اللہ	تمہارے کان	اور تمہاری آنکھیں

اور ہر تعریف اللہ کے لئے ہے جو سارے جہانوں کا رب ہے ۔ آپ کہدیں بھلا دیکھو، اگر اللہ تمہارے کان، اور تمہاری آنکھیں چھین لے

وَخَتَمَ عَلٰی قُلُوْبِكُمْ مَّنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِهٖ ؕ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ

وَخَتَمَ	عَلٰی	قُلُوْبِكُمْ	مَّنْ	اِلٰهٌ	غَيْرُ	اللّٰهِ	يَاْتِيْكُمْ	بِهٖ	اُنْظُرْ	كَيْفَ	نُصَرِّفُ	الْاٰيٰتِ
اور مہر لگا دے	پر	تمہارے دل	کون	معبود	سوائے	اللہ	تم کو لادے	یہ	دیکھو	کیسے	بدل بدل کر بیان کرتے ہیں	آئتیں

اور تمہارے دلوں پر مہر لگا دے تو اللہ کے سوا کون معبود ہے؟ جو تم کو یہ چیزیں لا دے (واپس کردے) دیکھو ہم کیسے بدل بدل کر آئتیں بیان کرتے ہیں

ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُوْنَ ﴿۴۶﴾ قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ بَغْتَةً اَوْ جَهْرَةً

ثُمَّ	هُمْ	يَصْدِفُوْنَ	قُلْ	اَرَءَيْتَكُمْ	اِنْ	اَتٰىكُمْ	عَذَابُ اللّٰهِ	بَغْتَةً	اَوْ جَهْرَةً
پھر	وہ	کنارہ کرتے ہیں	آپ کہہ دیں	تم دیکھو تو سہی	اگر	تم پر آئے	عذاب اللہ کا	اچانک	یا کھلم کھلا

پھر وہ کنارہ کرتے ہیں ۔ آپ کہہ دیں دیکھو تو سہی اگر تم پر اللہ کا عذاب اچانک یا کھلم کھلا آئے

هَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَ

هَلْ	يُهْلَكُ	اِلَّا	الْقَوْمُ	الظّٰلِمُوْنَ	وَ	مَا نُرْسِلُ	الْمُرْسَلِيْنَ	اِلَّا	مُبَشِّرِيْنَ	وَ
کیا	ہلاک ہوگا	سوائے	لوگ	ظالم (جمع)	اور	نہیں بھیجتے ہم	رسول (جمع)	مگر	خوشخبری دینے والے	اور

کیا ظالم لوگوں کے سوا اور کوئی، ہلاک ہوگا؟ اور ہم رسول نہیں بھیجتے مگر خوش خبری دینے والے اور

مُنْذِرِيْنَ ۚ فَمَنْ اٰمَنَ وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَالَّذِيْنَ

مُنْذِرِيْنَ	فَمَنْ	اٰمَنَ	وَاَصْلَحَ	فَلَا خَوْفٌ	عَلَيْهِمْ	وَلَا هُمْ	يَحْزَنُوْنَ	وَالَّذِيْنَ
ڈرسنانے والے	پس جو	ایمان لایا	اور سنور گیا	تو کوئی خوف نہیں	ان پر	اور نہ وہ	غمگین ہوں گے	اور وہ لوگ جو

ڈرسنانے والے ۔ پس جو ایمان لایا اور سنور گیا تو ان پر کوئی خوف نہیں اور نہ وہ غمگین ہوں گے ۔ اور جن لوگوں نے

كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا يَمَسُّهُمُ الْعَذَابُ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۴۹﴾ قُلْ لَّآ اَقُوْلُ

كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	يَمَسُّهُمُ	الْعَذَابُ	بِمَا	كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ	قُلْ	لَّآ اَقُوْلُ
انہوں نے جھٹلایا	ہماری آیتوں کو	انہیں پہنچے گا	عذاب	اس لئے کہ	وہ کرتے تھے نافرمانی	آپ کہہ دیں	نہیں کہتا میں

ہماری آیتوں کو جھٹلایا انہیں عذاب پہنچے گا اس لئے کہ وہ نافرمانی کرتے تھے ۔ آپ کہہ دیں، میں نہیں کہتا

لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ اِنِّيْ مَلَكٌ ۚ

لَكُمْ	عِنْدِيْ	خَزَآئِنُ	اللّٰهِ	وَلَا	اَعْلَمُ	الْغَيْبَ	وَلَا اَقُوْلُ	لَكُمْ	اِنِّيْ	مَلَكٌ
تم سے	میرے پاس	خزانے	اللہ	اور نہیں	میں جانتا	غیب	اور نہیں کہتا میں	تم سے	کہ میں	فرشتہ

تم سے کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں اور نہ میں غیب کو جانتا ہوں، اور نہ میں تم سے کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں

اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ۭ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۭ اَفَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ ۝۵۰

اِنْ اَتَّبِعُ	اِلَّا	مَا يُوْحٰى	اِلَيَّ	قُلْ	هَلْ	يَسْتَوِي	الْاَعْمٰى	وَالْبَصِيْرُ	اَفَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ
میں نہیں پیروی کرتا	مگر	جو وحی کیا جاتا ہے	میری طرف	آپ کہہ دیں	کیا	برابر ہے	نابینا	اور بینا	سو کیا تم غور نہیں کرتے

میں پیروی نہیں کرتا مگر (صرف اس کی) جو میری طرف وحی کیا جاتا ہے آپ کہہ دیں کیا نابینا اور بینا برابر ہو سکتا ہے ؟ سو کیا تم غور نہیں کرتے ؟

وَاَنْذِرْ بِهِ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْ يُّحْشَرُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ لَيْسَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ

وَاَنْذِرْ	بِهِ	الَّذِيْنَ	يَخَافُوْنَ	اَنْ	يُّحْشَرُوْٓا	اِلٰى	رَبِّهِمْ	لَيْسَ	لَهُمْ	مِّنْ	دُوْنِهٖ
اور ڈرا دیں	اس سے	وہ لوگ جو	خوف رکھتے ہیں	کہ	وہ جمع کئے جائیں گے	طرف (سامنے)	اپنا رب	نہیں	انکے لئے	کوئی	اس کے سوا

اور اس سے ان لوگوں کو ڈرا دیں جو خوف رکھتے ہیں کہ اپنے رب کے سامنے جمع کئے جائیں گے " اس کے سوا اُن کا نہ ہوگا

وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ۝۵۱ وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ

وَلِيٌّ	وَّلَا	شَفِيْعٌ	لَّعَلَّهُمْ	يَتَّقُوْنَ	وَ	لَا تَطْرُدِ	الَّذِيْنَ	يَدْعُوْنَ	رَبَّهُمْ
کوئی حمایتی	اور نہ	سفارش کرنیوالا	تاکہ وہ	بچتے رہیں	اور	دور نہ کریں آپ	وہ لوگ جو	پکارتے ہیں	اپنا رب

کوئی حمایتی اور نہ کوئی سفارش کرنے والا، تاکہ وہ بچتے رہیں۔ اور آپ ان لوگوں کو دُور نہ کریں جو اپنے رب کو پکارتے ہیں

بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ ۭ مَا عَلَيْكَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّ

بِالْغَدٰوةِ	وَالْعَشِيِّ	يُرِيْدُوْنَ	وَجْهَهٗ	مَا	عَلَيْكَ	مِنْ	حِسَابِهِمْ	مِّنْ شَيْءٍ	وَّ
صبح	اور شام	وہ چاہتے ہیں	اس کا رخ (رضا)	نہیں	آپ پر	سے	ان کا حساب	کچھ	اور

صبح اور شام وہ اس کی رضا چاہتے ہیں، اور آپ پر (آپ کے ذمے) ان کے حساب میں سے کچھ نہیں ، اور

مَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِمْ مِّنْ شَيْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُوْنَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝۵۲

مَا	مِنْ	حِسَابِكَ	عَلَيْهِمْ	مِّنْ شَيْءٍ	فَتَطْرُدَهُمْ	فَتَكُوْنَ	مِنَ	الظّٰلِمِيْنَ
نہیں	سے	آپ کا حساب	اُن پر	کچھ	کہ تم انہیں دُور کرو گے	تو ہو جاؤ	سے	ظالم (جمع)

نہ آپ کے حساب میں سے اُن پر کچھ ہے۔ اگر انہیں دُور کرو گے تو ظالموں سے ہو جاؤ گے۔

وَكَذٰلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لِّيَقُوْلُوْٓا اَهٰٓؤُلَاۗءِ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنْۢ بَيْنِنَا ۭ

وَكَذٰلِكَ	فَتَنَّا	بَعْضَهُمْ	بِبَعْضٍ	لِّيَقُوْلُوْٓا	اَهٰٓؤُلَاۗءِ	مَنَّ اللّٰهُ	عَلَيْهِمْ	مِنْ بَيْنِنَا
اور اسی طرح	آزمایا ہم نے	اُن کے بعض	بعض سے	تاکہ وہ کہیں	کیا یہی ہیں	اللہ نے فضل کیا	اُن پر	ہمارے درمیان سے

اور اسی طرح ہم نے اُن میں سے بعض کو بعض سے آزمایا تاکہ وہ کہیں کیا یہی لوگ ہیں جن پر اللہ نے فضل کیا ہم میں سے ؟

اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِالشّٰكِرِيْنَ ﴿٥٣﴾ وَاِذَا جَآءَكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ

اَلَيْسَ	اللّٰهُ	بِاَعْلَمَ	بِالشّٰكِرِيْنَ	وَاِذَا	جَآءَكَ	الَّذِيْنَ	يُؤْمِنُوْنَ	بِاٰيٰتِنَا	فَقُلْ
کیا نہیں	اللہ	خوب جاننے والا	شکر گزار (جمع)	اور جب	آپ کے پاس آئیں	وہ لوگ	ایمان رکھتے ہیں	ہماری آیتیں	تو کہدیں

کیا اللہ شکر گزاروں کو خوب جاننے والا نہیں ؟ اور جب آپ کے پاس وہ لوگ آئیں، جو ہماری آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں تو آپ کہدیں

سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ اَنَّهٗ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوْٓءًا

سَلٰمٌ	عَلَيْكُمْ	كَتَبَ	رَبُّكُمْ	عَلٰى	نَفْسِهِ	الرَّحْمَةَ	اَنَّهٗ	مَنْ	عَمِلَ	مِنْكُمْ	سُوْٓءًا
سلام	تم پر	لکھ لی	تمہارا رب	پر	اپنی ذات	رحمت	کہ	جو	کرے	تم سے	کوئی برائی

تم پر سلام ہے، تمہارے رب نے اپنے آپ پر رحمت لکھ لی (لازم کرلی) ہے کہ تم میں جو کوئی برائی کرے

بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَصْلَحَ فَاَنَّهٗ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٥٤﴾ وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ

بِجَهَالَةٍ	ثُمَّ	تَابَ	مِنْۢ بَعْدِهٖ	وَاَصْلَحَ	فَاَنَّهٗ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	وَ	كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ
نادانی سے	پھر	توبہ کرے	اس کے بعد	اور نیک ہو جائے	تو بیشک اللہ	بخشنے والا	مہربان	اور	اسی طرح ہم تفصیل سے بیان کرتے ہیں

نادانی سے پھر اس کے بعد توبہ کرے اور نیک ہو جائے تو بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اور اسی طرح ہم تفصیل سے بیان کرتے ہیں

الْاٰيٰتِ وَلِتَسْتَبِيْنَ سَبِيْلُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿٥٥﴾ قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ

الْاٰيٰتِ	وَلِتَسْتَبِيْنَ	سَبِيْلُ	الْمُجْرِمِيْنَ	قُلْ	اِنِّيْ	نُهِيْتُ	اَنْ اَعْبُدَ	الَّذِيْنَ	تَدْعُوْنَ
آیتیں	اور تاکہ ظاہر ہو جائے	راستہ طریقہ	گنہگار (جمع)	کہدیں	بیشک میں	مجھے روکا گیا ہے	کہ میں بندگی کروں	وہ جنہیں	تم پکارتے ہو

آیتیں اور (یہ اس لئے کہ) تاکہ گنہگاروں کا طریقہ ظاہر ہو جائے۔ آپ کہدیں مجھے (اس بات سے) روکا گیا ہے کہ میں ان کی بندگی کروں جنہیں تم پکارتے ہو

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ قُلْ لَّآ اَتَّبِعُ اَهْوَآءَكُمْ قَدْ ضَلَلْتُ اِذًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ﴿٥٦﴾

مِنْ	دُوْنِ اللّٰهِ	قُلْ	لَآ اَتَّبِعُ	اَهْوَآءَكُمْ	قَدْ ضَلَلْتُ	اِذًا	وَمَآ اَنَا	مِنَ	الْمُهْتَدِيْنَ
سے	اللہ کے سوا	کہدیں	میں پیروی نہیں کرتا	تمہاری خواہشات	بیشک میں بھٹک جاؤں گا	اس صورت میں	اور میں نہیں	سے	ہدایت پانے والے

اللہ کے سوا، آپ کہدیں میں تمہاری خواہشات کی پیروی نہیں کرتا، اس صورت میں بیشک میں بھٹک جاؤں گا اور ہدایت پانے والوں میں سے نہ ہوں گا۔

قُلْ اِنِّيْ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَكَذَّبْتُمْ بِهٖ مَا عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ اِنِ

قُلْ	اِنِّيْ	عَلٰى	بَيِّنَةٍ	مِّنْ	رَّبِّيْ	وَكَذَّبْتُمْ	بِهٖ	مَا عِنْدِيْ	مَا	تَسْتَعْجِلُوْنَ	بِهٖ	اِنِ
آپ کہدیں	بیشک میں	پر	روشن دلیل	سے	اپنا رب	اور تم جھٹلاتے ہو	اس کو	نہیں میرے پاس	جس	تم جلدی کر رہے ہو	اس کی	نہیں

آپ کہدیں بیشک میں اپنے رب کی طرف سے روشن دلیل پر ہوں اور تم اس کو جھٹلاتے ہو تم جس (عذاب) کی جلدی کر رہے ہو وہ میرے پاس نہیں۔

اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ يَقُصُّ الْحَقَّ وَهُوَ خَيْرُ الْفٰصِلِيْنَ ۝۵۷ قُلْ لَّوْ اَنَّ عِنْدِيْ مَا

الحکم	الا	للہ	یقص	الحق	وھو	خیر	الفصلین	قل	لو	ان	عندی	ما
حکم	مگر(صرف)	اللہ کیلئے	بیان کرتا ہے	حق	اور وہ	بہتر	فیصلہ کرنے والا	کہہ دیں	اگر	ہوتی	میرے پاس	جو

حکم صرف اللہ کے لئے ہے، وہ حق بیان کرتا ہے اور وہ سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔ آپ کہہ دیں اگر میرے پاس ہوتی وہ چیز جس کی

تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ لَقُضِيَ الْاَمْرُ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝۵۸ وَعِنْدَهٗ

تستعجلون	بہ	لقضی	الامر	بینی	وبینکم	واللہ	اعلم	بالظلمین	وعندہ
تم جلدی کرتے ہو	اس کی	البتہ ہوچکا ہوتا	فیصلہ	میرے درمیان	اور تمہارے درمیان	اور اللہ	خوب جاننے والا	ظالموں کو	اور اس کے پاس

تم جلدی کرتے ہو تو البتہ میرے اور تمہارے درمیان فیصلہ ہو چکا ہوتا، اور اللہ ظالموں کو خوب جاننے والا ہے۔ اور اس کے پاس

مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ۭ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۭ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ

مفاتح	الغیب	لا	یعلمھا	الا	ھو	ویعلم	ما	فی البر	والبحر	وما	تسقط	من
کنجیاں	غیب	نہیں	ان کو جانتا	سوا	وہ	اور جانتا ہے	جو	خشکی میں	اور تری	اور نہیں	گرتا	کوئی

غیب کی کنجیاں ہیں، ان کو اس کے سوا کوئی نہیں جانتا، وہ جانتا ہے جو خشکی اور تری میں ہے، اور نہیں گرتا کوئی

وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا

ورقۃ	الا	یعلمھا	ولا حبۃ	فی	ظلمت	الارض	ولا رطب	ولا	یابس	الا
پتا	مگر	وہ اس کو جانتا ہے	اور نہ کوئی دانہ	میں	اندھیرے	زمین	اور نہ کوئی تر	اور نہ	خشک	مگر

پتا مگر وہ اس کو جانتا ہے اور کوئی دانہ نہیں زمین کے اندھیروں میں اور نہ کوئی تر، نہ کوئی خشک، مگر سب

فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝۵۹ وَهُوَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ بِالَّيْلِ وَيَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ

فی	کتب	مبین	وھو	الذی	یتوفکم	بالیل	ویعلم	ما جرحتم	بالنھار
میں	کتاب	روشن	اور وہ	جو کہ	قبض کرلیتا ہے تمہاری (روح)	رات میں	اور جانتا ہے	جو تم کما چکے ہو	دن میں

روشن کتاب (لوح محفوظ) میں ہے اور وہی تو ہے جو رات میں تمہاری (روح) قبض کر لیتا ہے اور جانتا ہے جو تم دن میں کما چکے ہو،

ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ فِيْهِ لِيُقْضٰٓى اَجَلٌ مُّسَمًّى ۚ ثُمَّ اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ يُنَبِّئُكُمْ

ثم	یبعثکم	فیہ	لیقضی	اجل	مسمی	ثم	الیہ	مرجعکم	ثم	ینبئکم
پھر	تمہیں اٹھاتا ہے	اس میں	تاکہ پوری ہو	مدت	مقررہ	پھر	اس کی طرف	تمہارا لوٹنا	پھر	تمہیں جتائے گا

پھر تمہیں اس (دن) میں اٹھاتا ہے تاکہ مدتِ مقررہ پوری ہو، پھر تمہیں اسی کی طرف لوٹنا ہے، پھر تمہیں جتا دے گا

بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۶۰﴾ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً ط

بِمَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ	وَهُوَ	الْقَاهِرُ	فَوْقَ	عِبَادِهٖ	وَيُرْسِلُ	عَلَيْكُمْ	حَفَظَةً
جو	تم کرتے تھے	اور وہی	غالب	پر	اپنے بندے	اور بھیجتا ہے	تم پر	نگہبان

جو تم کرتے تھے ۔ اور وہی اپنے بندوں پر غالب ہے، اور تم پر نگہبان بھیجتا ہے

حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ لَا يُفَرِّطُوْنَ ﴿۶۱﴾ ثُمَّ

حَتّٰٓى	اِذَا	جَآءَ	اَحَدَكُمُ	الْمَوْتُ	تَوَفَّتْهُ	رُسُلُنَا وَهُمْ	لَا يُفَرِّطُوْنَ	ثُمَّ
یہاں تک کہ	جب	آ پہنچے	تم میں سے ایک کسی	موت	قبضہ میں لیتے ہیں اس کو	ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے اور وہ	نہیں کرتے کوتاہی	پھر

یہاں تک کہ جب تم میں سے کسی کو موت آ پہنچے تو ہمارے فرشتے اس کی (روح) قبضہ میں لے لیتے ہیں، اور وہ کوتاہی نہیں کرتے ۔ پھر

رُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ ۭ اَلَا لَهُ الْحُكْمُ وَهُوَ اَسْرَعُ الْحٰسِبِيْنَ ﴿۶۲﴾ قُلْ

رُدُّوْٓا	اِلَى اللّٰهِ	مَوْلٰىهُمُ	الْحَقِّ	اَلَا	لَهُ	الْحُكْمُ	وَهُوَ	اَسْرَعُ	الْحٰسِبِيْنَ	قُلْ
لوٹائے جائیں گے	اللہ کی طرف	ان کا مولیٰ	سچا	سن رکھو	اسی کا	حکم	اور وہ	بہت جلد	حساب لینے والا	آپ کہہ دیں

لوٹائے جائیں گے اپنے سچے مولیٰ کی طرف، سن رکھو! حکم اسی کا ہے اور وہ بہت جلد حساب لینے والا ہے ۔ آپ کہہ دیں

مَنْ يُّنَجِّيْكُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۚ لَئِنْ

مَنْ	يُّنَجِّيْكُمْ	مِّنْ	ظُلُمٰتِ	الْبَرِّ	وَالْبَحْرِ	تَدْعُوْنَهٗ	تَضَرُّعًا	وَّخُفْيَةً	لَئِنْ
کون	بچاتا ہے تمہیں	سے	اندھیرے	خشکی	اور دریا	تم پکارتے ہو اس کو	گڑگڑا کر	اور چپکے سے	کہ اگر

تمہیں خشکی اور دریا کے اندھیروں سے کون بچاتا ہے؛ (اس وقت) تم اس کو گڑگڑا کر اور چپکے سے پکارتے ہو (اور کہتے ہو) کہ اگر

اَنْجٰىنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۶۳﴾ قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَ

اَنْجٰىنَا	مِنْ	هٰذِهٖ	لَنَكُوْنَنَّ	مِنَ	الشّٰكِرِيْنَ	قُلِ	اللّٰهُ	يُنَجِّيْكُمْ	مِّنْهَا	وَ
بچالے ہمیں	سے	اس	تو ہم ہوں	سے	شکر ادا کرنے والے	آپ کہہ دیں	اللہ	تمہیں بچاتا ہے	اس سے	اور

ہمیں اس سے بچالے تو ہم شکر ادا کرنے والوں میں سے ہوں گے ۔ آپ کہہ دیں اللہ تمہیں اس سے بچاتا ہے اور

مِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ﴿۶۴﴾ قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلٰٓى اَنْ يَّبْعَثَ عَلَيْكُمْ

مِنْ	كُلِّ كَرْبٍ	ثُمَّ	اَنْتُمْ	تُشْرِكُوْنَ	قُلْ	هُوَ	الْقَادِرُ	عَلٰٓى	اَنْ	يَّبْعَثَ	عَلَيْكُمْ
سے	ہر سختی	پھر	تم	شرک کرتے ہو	آپ کہہ دیں	وہ	قادر	پر	کہ	بھیجے	تم پر

ہر سختی سے، پھر تم شرک کرتے ہو ۔ آپ کہہ دیں وہ قادر ہے کہ تم پر بھیجے

عَذَابًا مِّنْ فَوْقِكُمْ اَوْ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِكُمْ اَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَّيُذِيْقَ بَعْضَكُمْ

عَذَابًا	مِّنْ	فَوْقِكُمْ	اَوْ	مِنْ	تَحْتِ	اَرْجُلِكُمْ	اَوْ يَلْبِسَكُمْ	شِيَعًا	وَيُذِيْقَ	بَعْضَكُمْ
عذاب	سے	تمہارے اوپر	یا	سے	نیچے	تمہارے پاؤں	یا بھڑا دے تمہیں	فرقہ فرقہ	اور چکھائے	تم میں سے ایک

عذاب تمہارے اوپر سے یا تمہارے پاؤں کے نیچے سے یا تمہیں فرقہ فرقہ کرکے بھڑا دے، اور تم میں سے ایک کو چکھا دے

بَاْسَ بَعْضٍ ۭ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ يَفْقَهُوْنَ ﴿۶۵﴾ وَكَذَّبَ بِهٖ قَوْمُكَ

بَاْسَ	بَعْضٍ	اُنْظُرْ	كَيْفَ	نُصَرِّفُ	الْاٰيٰتِ	لَعَلَّهُمْ	يَفْقَهُوْنَ	وَكَذَّبَ	بِهٖ	قَوْمُكَ
لڑائی	دوسرا	دیکھو	کس طرح	بیان کرتے ہیں	آیات	تاکہ وہ	سمجھ جائیں	اور جھٹلایا	اس کو	تمہاری قوم

دوسرے کی لڑائی (کا مزا) دیکھو ہم کس طرح آیات بیان کرتے ہیں تاکہ وہ سمجھ جائیں۔ اور تمہاری قوم نے اس کو جھٹلایا

وَهُوَ الْحَقُّ ۭ قُلْ لَّسْتُ عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۶۶﴾ لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ ۡ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۷﴾

وَهُوَ	الْحَقُّ	قُلْ	لَّسْتُ	عَلَيْكُمْ	بِوَكِيْلٍ	لِكُلِّ	نَبَاٍ	مُّسْتَقَرٌّ	وَسَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ
حالانکہ وہ	حق	آپ کہہ دیں	میں نہیں	تم پر	داروغہ	ہر ایک کے لئے	خبر	ایک ٹھکانہ	اور جلد	تم جان لوگے

حالانکہ وہ حق ہے، آپ کہہ دیں: میں تم پر داروغہ نہیں۔ ہر خبر کے لئے ایک ٹھکانہ (مقررہ وقت) ہے اور تم جلد جان لوگے۔

وَاِذَا رَاَيْتَ الَّذِيْنَ يَخُوْضُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا

وَاِذَا	رَاَيْتَ	الَّذِيْنَ	يَخُوْضُوْنَ	فِيْٓ	اٰيٰتِنَا	فَاَعْرِضْ	عَنْهُمْ	حَتّٰى	يَخُوْضُوْا
اور جب	تو دیکھے	وہ لوگ جو کہ	جھگڑتے ہیں	میں	ہماری آیتیں	تو کنارا کرلے	ان سے	یہاں تک کہ	وہ مشغول ہوں

اور جب تو ان لوگوں کو دیکھے جو ہماری آیتوں میں جھگڑتے ہیں تو ان سے کنارا کرلے یہاں تک کہ وہ مشغول ہو جائیں

فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖ ۭ وَاِمَّا يُنْسِيَنَّكَ الشَّيْطٰنُ فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰي

فِيْ	حَدِيْثٍ	غَيْرِهٖ	وَاِمَّا	يُنْسِيَنَّكَ	الشَّيْطٰنُ	فَلَا تَقْعُدْ	بَعْدَ	الذِّكْرٰي
میں	کوئی بات	اس کے علاوہ	اور اگر	بھلا دے تجھے	شیطان	تو نہ بیٹھ	بعد	یاد آنا

اس کے علاوہ کسی اور بات میں، اور اگر تجھے شیطان بھلا دے تو یاد آنے کے بعد نہ بیٹھ

مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۶۸﴾ وَمَا عَلَى الَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ

مَعَ	الْقَوْمِ	الظّٰلِمِيْنَ	وَمَا	عَلَى	الَّذِيْنَ	يَتَّقُوْنَ	مِنْ	حِسَابِهِمْ	مِّنْ	شَيْءٍ
ساتھ (پاس)	قوم (لوگ)	ظالم (جمع)	اور نہیں	پر	وہ لوگ جو	پرہیزکرتے ہیں	سے	ان کا حساب	کوئی	چیز

ظالم لوگوں کے پاس۔ اور جو لوگ پرہیز کرتے ہیں (پرہیزگار ہیں) اُن پر ان (جھگڑنے والوں) کے حساب میں سے کوئی چیز نہیں

وَّلٰكِنْ ذِكْرٰى لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۶۹﴾ وَذَرِ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَعِبًا وَّلَهْوًا وَّ

وَلٰكِنْ	ذِكْرٰى	لَعَلَّهُمْ	يَتَّقُوْنَ	وَذَرِ	الَّذِيْنَ	اتَّخَذُوْا	دِيْنَهُمْ	لَعِبًا	وَلَهْوًا	وَ
لیکن	نصیحت کرنا	تاکہ وہ	ڈریں	اور چھوڑ دے	وہ لوگ جو	بنالیا	اپنا دین	کھیل	اور تماشا	اور

لیکن نصیحت کرنا تاکہ وہ ڈریں (باز آجائیں) اور ان لوگوں کو چھوڑ دے جنہوں نے اپنے دین کو کھیل اور تماشا بنالیا ہے اور

غَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَذَكِّرْ بِهٖٓ اَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌۢ بِمَا كَسَبَتْ ۖ لَيْسَ لَهَا

غَرَّتْهُمُ	الْحَيٰوةُ	الدُّنْيَا	وَذَكِّرْ	بِهٖ	اَنْ	تُبْسَلَ	نَفْسٌ	بِمَا	كَسَبَتْ	لَيْسَ	لَهَا
انہیں دھوکہ میں ڈالدیا	زندگی	دنیا	اور نصیحت کرو	اس سے	تاکہ	پکڑا نہ جائے	کوئی	بسبب جو	اس نے کیا	نہیں	اس کے لئے

دنیا کی زندگی نے انہیں دھوکہ میں ڈال دیا ہے اور اس (قرآن) سے نصیحت کرو تاکہ کوئی اپنے کئے (اپنے عمل) سے پکڑا نہ جائے، اس کے لئے نہیں

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ ۚ وَاِنْ تَعْدِلْ كُلَّ عَدْلٍ لَّا يُؤْخَذْ مِنْهَا ۗ

مِنْ	دُوْنِ اللّٰهِ	وَلِيٌّ	وَلَا	شَفِيْعٌ	وَاِنْ	تَعْدِلْ	كُلَّ	عَدْلٍ	لَا يُؤْخَذْ	مِنْهَا
سے	سوائے اللہ	کوئی حمایتی	اور نہ	کوئی سفارش کرنیوالا	اور اگر	بدلہ میں دے	تمام	معاوضے	نہ لئے جائیں	اس سے

اللہ کے سوا کوئی حمایتی اور نہ کوئی سفارش کرنے والا، اور اگر بدلہ میں تمام معاوضے دے تو اس سے نہ لئے جائیں (قبول نہ ہوں)

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اُبْسِلُوْا بِمَا كَسَبُوْا ۚ لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ اَلِيْمٌۢ بِمَا

اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	اُبْسِلُوْا	بِمَا كَسَبُوْا	لَهُمْ	شَرَابٌ	مِنْ	حَمِيْمٍ	وَعَذَابٌ	اَلِيْمٌ	بِمَا
یہی لوگ	وہ لوگ جو	پکڑے گئے	جو انہوں نے کمایا (اپنا کیا)	انکے لئے	پینا (پانی)	سے	گرم	اور عذاب	دردناک	اس لئے کر

یہی لوگ ہیں جو اپنے کئے پر پکڑے گئے، انہیں گرم پانی پینا ہے ، اور دردناک عذاب ہے اس لئے کر

۸ ع۱۰ ۱۴

كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ﴿۷۰﴾ قُلْ اَنَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُنَا وَلَا يَضُرُّنَا

كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ	قُلْ	اَنَدْعُوْا	مِنْ	دُوْنِ اللّٰهِ	مَا	لَا يَنْفَعُنَا	وَلَا يَضُرُّنَا
وہ کفر کرتے تھے	کہہ دیں	کیا ہم پکاریں	سے	سوائے اللہ	جو	نہ ہمیں نفع دے	اور نہ نقصان کرے ہمیں

وہ کفر کرتے تھے۔ کہہ دیں کیا ہم اللہ کے سوا اس کو پکاریں جو ہمیں نہ نفع دے سکے نہ ہمارا نقصان کر سکے

وَنُرَدُّ عَلٰٓى اَعْقَابِنَا بَعْدَ اِذْ هَدٰىنَا اللّٰهُ كَالَّذِي اسْتَهْوَتْهُ الشَّيٰطِيْنُ فِي

وَنُرَدُّ		اَعْقَابِنَا	بَعْدَ	اِذْ هَدٰىنَا	اللّٰهُ	كَالَّذِي	اسْتَهْوَتْهُ	الشَّيٰطِيْنُ	فِي
اور ہم پھر جائیں	پر	اپنی ایڑیاں (الٹے پاؤں)	بعد	جب ہدایت دی ہمیں	اللہ	اس کی طرح جو	بھلا دیا اس کو	شیطان	میں

اور ہم اپنے اُلٹے پاؤں پھر جائیں اس کے بعد جبکہ اللہ نے ہمیں ہدایت دیدی اس شخص کی طرح جسے شیطان نے بھلا دیا

الْأَرْضِ حَيْرَانَ لَهُ أَصْحَابٌ يَدْعُونَهُ إِلَى الْهُدَى ائْتِنَا ۗ قُلْ إِنَّ هُدَى اللَّهِ

الْأَرْضِ	حَيْرَانَ	لَهُ	أَصْحَابٌ	يَدْعُونَهُ	إِلَى	الْهُدَى	ائْتِنَا	قُلْ	إِنَّ	هُدَى	اللَّهِ
زمین (جنگل)	حیران	اس کے	ساتھی	بلاتے ہوں اس کو	طرف	ہدایت	ہمارے پاس آ	کہہ دیں	بیشک	ہدایت	اللہ

جنگل میں، وہ حیران ہو، اس کے ساتھی اس کو ہدایت کی طرف بلاتے ہوں کہ ہمارے پاس آ۔ آپ کہہ دیں، بیشک اللہ کی ہدایت

هُوَ الْهُدَىٰ ۖ وَأُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ الْعَالَمِينَ (٧١) وَأَنْ أَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَاتَّقُوهُ ۚ

هُوَ	الْهُدَى	وَأُمِرْنَا	لِنُسْلِمَ	لِرَبِّ	الْعَالَمِينَ	وَأَنْ	أَقِيمُوا	الصَّلَاةَ	وَاتَّقُوهُ
وہی	ہدایت	اور حکم دیا گیا ہمیں	کہ فرمانبردار رہیں	پروردگار کے لئے	تمام جہان	اور یہ کہ	قائم کرو	نماز	اور اس سے ڈرو

وہی ہدایت ہے اور ہمیں حکم دیا گیا ہے کہ تمام جہانوں کے پروردگار کے فرماں بردار رہیں۔ اور یہ کہ نماز قائم کرو، اور اس سے ڈرو

وَهُوَ الَّذِي إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ (٧٢) وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ ۖ

وَهُوَ	الَّذِي	إِلَيْهِ	تُحْشَرُونَ	وَ	هُوَ	الَّذِي	خَلَقَ	السَّمَاوَاتِ	وَالْأَرْضَ	بِالْحَقِّ
اور وہی	وہ جس کی	اس کی طرف	تم اکٹھے ہوگے	اور	وہی	وہ جو جس	پیدا کیا	آسمان (جمع)	اور زمین	ٹھیک طور پر

اور وہی ہے جس کی طرف تم اکٹھے ہوگے۔ اور وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو ٹھیک طور پر پیدا کیا۔

وَيَوْمَ يَقُولُ كُنْ فَيَكُونُ ۚ قَوْلُهُ الْحَقُّ ۚ وَلَهُ الْمُلْكُ يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّورِ ۚ

وَ يَوْمَ	يَقُولُ	كُنْ	فَيَكُونُ	قَوْلُهُ	الْحَقُّ	وَلَهُ	الْمُلْكُ	يَوْمَ	يُنْفَخُ	فِي الصُّورِ
اور جس دن	کہے گا	ہوجا	تو وہ ہوجائے گا	اس کی بات	سچی	اور اس کا	ملک	جس دن	پھونکا جائے گا	صور

اور جس دن کہے گا "ہوجا" تو وہ "ہوجائے گا"۔ اس کی بات سچی ہے، اور ملک اسی کا ہے، جس دن صور پھونکا جائے گا،

عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ وَهُوَ الْحَكِيمُ الْخَبِيرُ (٧٣) وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ

عَالِمُ	الْغَيْبِ	وَالشَّهَادَةِ	وَهُوَ	الْحَكِيمُ	الْخَبِيرُ	وَإِذْ	قَالَ	إِبْرَاهِيمُ
جاننے والا	غیب	اور ظاہر	اور وہی	حکمت والا	خبر رکھنے والا	اور جب	کہا	ابراہیم

غیب اور ظاہر کا جاننے والا، اور وہی ہے حکمت والا، خبر رکھنے والا۔ اور جب ابراہیمؑ نے کہا

لِأَبِيهِ آزَرَ أَتَتَّخِذُ أَصْنَامًا آلِهَةً ۖ إِنِّي أَرَاكَ وَقَوْمَكَ فِي ضَلَالٍ مُبِينٍ (٧٤)
ہدایت	اور رحمت	لوگوں کے لئے	جو ایمان لائے ہیں	کیا	وہ انتظار کر رہے ہیں	مگر (یہی کہ)	اسکا کہنا پورا ہو جائے	جس دن

ایمان لانے والے لوگوں کے لئے ہدایت اور رحمت - کیا وہ یہی انتظار کر رہے ہیں کہ اس کا کہا ہوا پورا ہو جائے، جس دن

يَاْتِيْ تَاْوِيْلُهٗ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ نَسُوْهُ مِنْ قَبْلُ قَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۚ

يَاْتِيْ	تَاْوِيْلُهٗ	يَقُوْلُ	الَّذِيْنَ	نَسُوْهُ	مِنْ قَبْلُ	قَدْ جَآءَتْ	رُسُلُ	رَبِّنَا	بِالْحَقِّ
آئے گا	اس کا کہا ہوا	کہیں گے	وہ لوگ جو	اُنہوں نے بھلا دیا	پہلے سے	بے شک لائے	رسول (جمع)	ہمارا رب	حق

اس کا کہا ہوا ہو جائے گا' تو وہ لوگ جنہوں نے اسے پہلے بھلا دیا تھا وہ کہیں گے' بیشک ہمارے رب کے رسول حق بات لائے تھے'

فَهَلْ لَّنَا مِنْ شُفَعَآءَ فَيَشْفَعُوْا لَنَآ اَوْ نُرَدُّ فَنَعْمَلَ غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا نَعْمَلُ ؕ

فَهَلْ	لَّنَا	مِنْ	شُفَعَآءَ	فَيَشْفَعُوْا	لَنَآ	اَوْ نُرَدُّ	فَنَعْمَلَ	غَيْرَ الَّذِيْ	كُنَّا نَعْمَلُ
تو کیا ہیں	ہمارے لئے	کوئی	سفارش کرنیوالے	کہ سفارش کریں	ہماری	یا ہم لوٹائے جائیں	سو ہم کریں	اس کے خلاف جو	ہم کرتے تھے

تو کیا ہمارے لئے کوئی سفارش کرنیوالے ہیں کہ ہماری سفارش کریں' یا ہم (دنیا میں) لوٹائے جائیں کہ ہم اس کے خلاف عمل کریں جو ہم (پہلے) کرتے تھے'

قَدْ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۵۳﴾ ع اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ

قَدْ خَسِرُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	وَضَلَّ	عَنْهُمْ	مَّا	كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ	اِنَّ	رَبَّكُمُ	اللّٰهُ
بیشک نقصان کیا انہوں نے	اپنی جانیں	اور گم ہو گیا	ان سے	جو	وہ افترا کرتے (جھوٹ گھڑتے تھے)	بیشک	تمہارا رب	اللہ

بیشک انہوں نے اپنی جانوں کا (اپنا) نقصان کیا، اور اُن سے گُم ہو گیا جو وہ جھوٹ گھڑتے تھے - بیشک تمہارا رب اللہ ہے

الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى

الَّذِيْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	فِيْ	سِتَّةِ	اَيَّامٍ	ثُمَّ	اسْتَوٰى	عَلَى
وہ جو ۔ جس	پیدا کیا	آسمان (جمع)	اور زمین	میں	چھ	دن	پھر	قرار فرمایا	پر

جس نے زمین اور آسمان چھ دن میں بنائے، اور پھر قرار فرمایا

الْعَرْشِ يُغْشِى الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهُ حَثِيْثًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ

وَالنُّجُوْمَ	وَالْقَمَرَ	وَالشَّمْسَ	حَثِيْثًا	يَطْلُبُهُ	النَّهَارَ	الَّيْلَ	يُغْشِى	الْعَرْشِ
اور ستارے	اور چاند	اور سورج	دوڑتا ہوا	اس کے پیچھے آتا ہے	دن	رات	ڈھانکتا ہے	عرش

عرش پر، دن ڈھانکتا ہے رات کو، اس کے پیچھے (دن) دوڑتا ہوا آتا ہے، اور سورج اور چاند اور ستارے

مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ ؕ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ؕ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۴﴾

الْعٰلَمِيْنَ	رَبُّ	اللّٰهُ	تَبٰرَكَ	وَالْاَمْرُ	الْخَلْقُ	لَهُ	اَلَا	بِاَمْرِهٖ	مُسَخَّرٰتٍ
تمام جہان	رب	اللہ	برکت والا ہے	اور حکم دینا	پیدا کرنا	اسی کے لئے	یاد رکھو	اس کا حکم	مسخر

اس کے حکم کے مسخر ہیں، یاد رکھو اسی کے لئے ہے پیدا کرنا اور حکم دینا، اللہ برکت والا ہے، سارے جہانوں کا رب ہے۔

اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۵۵﴾ وَلَا تُفْسِدُوْا

لَا تُفْسِدُوْا	وَ	الْمُعْتَدِيْنَ	لَا يُحِبُّ	اِنَّهٗ	وَخُفْيَةً	تَضَرُّعًا	رَبَّكُمْ	اُدْعُوْا
نہ فساد مچاؤ	اور	حد سے گزرنے والے	دوست نہیں رکھتا	بیشک وہ	اور آہستہ	گڑگڑا کر	اپنے رب کو	پکارو

اپنے رب کو پکارو گڑگڑا کر اور آہستہ سے، بیشک وہ حد سے گزرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔ اور فساد نہ مچاؤ

فِى الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا ؕ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ

قَرِيْبٌ	اللّٰهِ	رَحْمَتَ	اِنَّ	وَطَمَعًا	خَوْفًا	وَادْعُوْهُ	اِصْلَاحِهَا	بَعْدَ	فِى الْاَرْضِ
قریب	اللہ	رحمت	بیشک	اور امید رکھتے	ڈرتے	اور اسے پکارو	اس کی اصلاح	بعد	زمین میں

زمین میں اس کی اصلاح کے بعد، اور اسے پکارو ڈرتے اور امید رکھتے ہوئے، بیشک اللہ کی رحمت قریب ہے

مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۶﴾ وَهُوَ الَّذِىْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًاۢ بَيْنَ يَدَىْ رَحْمَتِهٖ ؕ

رَحْمَتِهٖ	بَيْنَ يَدَىْ	بُشْرًا	الرِّيٰحَ	يُرْسِلُ	الَّذِىْ	وَهُوَ	الْمُحْسِنِيْنَ	مِّنَ
اپنی رحمت (بارش)	آگے	بطور خوشخبری	ہوائیں	بھیجتا ہے	جو جس	اور وہ	احسان (نیکی) کرنیوالے	سے

نیکی کرنے والوں کے۔ اور وہی ہے جو اپنی رحمت (بارش) سے پہلے ہوائیں بطور خوشخبری بھیجتا ہے،

حَتّٰٓى اِذَآ اَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا سُقْنٰهُ لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَنْزَلْنَا بِهِ الْمَآءَ فَاَخْرَجْنَا

فَاَخْرَجْنَا	الْمَآءَ	بِهِ	فَاَنْزَلْنَا	مَّيِّتٍ	لِبَلَدٍ	سُقْنٰهُ	ثِقَالًا	سَحَابًا	اَقَلَّتْ	اِذَآ	حَتّٰٓى
پھر ہم نے نکالا	پانی	اس سے	پھر ہم نے اتارا	مردہ	کسی شہر	ہم نے انہیں ہانک دیا	بھاری	بادل	اٹھا لائیں	جب	یہاں تک کہ

یہاں تک کہ جب وہ بھاری بادل اٹھا لائیں تو ہم نے انہیں کسی مردہ شہر کی طرف ہانک دیا پھر اس سے پانی اتارا (برسایا)، پھر ہم نے نکالے

بِهٖ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ؕ كَذٰلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتٰى لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَالْبَلَدُ الطَّيِّبُ

بِهٖ	مِنْ	كُلِّ الثَّمَرٰتِ	كَذٰلِكَ	نُخْرِجُ	الْمَوْتٰى	لَعَلَّكُمْ	تَذَكَّرُوْنَ	وَالْبَلَدُ	الطَّيِّبُ
اس سے	سے	ہر پھل	اسی طرح	ہم نکالیں گے	مُردے	تاکہ تم	غور کرو	اور زمین	پاکیزہ

اس سے ہر قسم کے پھل، اسی طرح ہم مُردوں کو نکالیں گے تاکہ تم غور کرو۔ اور پاکیزہ زمین سے

يَخْرُجُ نَبَاتُهٗ بِاِذْنِ رَبِّهٖ ۚ وَالَّذِيْ خَبُثَ لَا يَخْرُجُ اِلَّا نَكِدًا ؕ كَذٰلِكَ

يَخْرُجُ	نَبَاتُهٗ	بِاِذْنِ	رَبِّهٖ	وَالَّذِيْ	خَبُثَ	لَا يَخْرُجُ	اِلَّا	نَكِدًا	كَذٰلِكَ
نکلتا ہے	اس کا سبزہ	حکم سے	اس کا رب	اور وہ جو	ناپاکیزہ (خراب)	نہیں نکلتا	مگر	ناقص	اسی طرح

اس کا سبزہ اس کے رب کے حکم سے، (پاکیزہ ہی) نکلتا ہے، اور جو خراب ہے اس سے نہیں نکلتا مگر ناقص، اسی طرح

۷ ع۵ ۱۴

نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّشْكُرُوْنَ ﴿۵۸﴾ ع لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ

نُصَرِّفُ	الْاٰيٰتِ	لِقَوْمٍ	يَّشْكُرُوْنَ	لَقَدْ اَرْسَلْنَا	نُوْحًا	اِلٰى	قَوْمِهٖ	فَقَالَ
پھیر پھیر کر بیان کرتے ہیں	آیتیں	لوگوں کے لئے	وہ شکر ادا کرتے ہیں	البتہ ہم نے بھیجا	نوح	طرف	اس کی قوم	پس اس نے کہا

ہم شکر گزار لوگوں کے لئے آیتیں پھیر پھیر کر بیان کرتے ہیں۔ البتہ ہم نے نوحؑ کو اُس کی قوم کی طرف بھیجا، پس اس نے کہا

يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ

يٰقَوْمِ	اعْبُدُوا	اللّٰهَ	مَا	لَكُمْ	مِّنْ اِلٰهٍ	غَيْرُهٗ	اِنِّيْٓ	اَخَافُ	عَلَيْكُمْ	عَذَابَ
اے میری قوم	عبادت کرو	اللہ	نہیں	تمہارے لئے	کوئی معبود	اس کے سوا	بیشک میں	ڈرتا ہوں	تم پر	عذاب

اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو، اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں، بیشک میں ڈرتا ہوں تم پر ایک

يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۵۹﴾ قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهٖٓ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۶۰﴾

يَوْمٍ عَظِيْمٍ	قَالَ	الْمَلَاُ	مِنْ	قَوْمِهٖٓ	اِنَّا	لَنَرٰىكَ	فِيْ	ضَلٰلٍ	مُّبِيْنٍ
ایک بڑا دن	بولے	سردار	سے	اس کی قوم	بیشک ہم	البتہ تجھے دیکھتے ہیں	میں	گمراہی	کھلی

بڑے دن کے عذاب سے۔ اس کی قوم کے سردار بولے، ہم تجھے کھلی گمراہی میں دیکھتے ہیں۔

قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ ضَلٰلَةٌ وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۱﴾

قَالَ	يٰقَوْمِ	لَيْسَ	بِيْ	ضَلٰلَةٌ	وَّلٰكِنِّيْ	رَسُوْلٌ	مِّنْ	رَّبِّ	الْعٰلَمِيْنَ
اس نے کہا	اے میری قوم	نہیں	میرے اندر	کچھ بھی گمراہی	اور لیکن میں	بھیجا ہوا	سے	رب	سارے جہان

اس نے کہا، اے میری قوم! میرے اندر کچھ بھی گمراہی (کی بات) نہیں لیکن میں بھیجا ہوا ہوں سارے جہانوں کے رب کی طرف سے۔

أُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَاَنْصَحُ لَكُمْ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۲﴾

اُبَلِّغُكُمْ	رِسٰلٰتِ	رَبِّيْ	وَاَنْصَحُ	لَكُمْ	وَاَعْلَمُ	مِنَ	اللّٰهِ	مَا	لَا تَعْلَمُوْنَ
میں پہنچاتا ہوں تمہیں	پیغام (جمع)	اپنا رب	اور نصیحت کرتا ہوں	تمہیں	اور جانتا ہوں	سے	اللہ	جو	تم نہیں جانتے

میں تمہیں اپنے رب کے پیغام پہنچاتا ہوں، اور تمہیں نصیحت کرتا ہوں، اور اللہ (کی طرف) سے جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔

اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ وَلِتَتَّقُوْا

اَوَعَجِبْتُمْ	اَنْ	جَآءَكُمْ	ذِكْرٌ	مِّنْ	رَّبِّكُمْ	عَلٰى	رَجُلٍ	مِّنْكُمْ	لِيُنْذِرَكُمْ	وَلِتَتَّقُوْا
کیا تمہیں تعجب ہوا	کہ	تمہارے پاس آئی	نصیحت	سے	تمہارا رب	پر	ایک آدمی	تم میں سے	تاکہ وہ ڈرائے تمہیں	اور تاکہ تم پرہیزگاری اختیار کرو

کیا تمہیں تعجب ہوا کہ تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے ایک نصیحت تم میں سے ایک آدمی پر آئی تاکہ وہ تمہیں ڈرائے، اور تاکہ تم پرہیزگاری اختیار کرو،

وَلَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۶۳﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاَنْجَيْنٰهُ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ فِي الْفُلْكِ وَ

وَلَعَلَّكُمْ	تُرْحَمُوْنَ	فَكَذَّبُوْهُ	فَاَنْجَيْنٰهُ	وَالَّذِيْنَ	مَعَهٗ	فِي الْفُلْكِ	وَ
اور تاکہ تم پر	رحم کیا جائے	پس انہوں نے اسے جھٹلایا	تو ہم نے اسے بچالیا	اور جو لوگ	اس کے ساتھ	کشتی میں	اور

اور تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔ پس انہوں نے اسے جھٹلایا تو ہم نے اسے اور ان لوگوں کو اور جو لوگ کشتی میں اس کے ساتھ تھے بچالیا، اور

اَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا عَمِيْنَ ﴿۶۴﴾ وَاِلٰى عَادٍ

اَغْرَقْنَا	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	اِنَّهُمْ	كَانُوْا	قَوْمًا	عَمِيْنَ	وَاِلٰى	عَادٍ
ہم نے غرق کردیا	وہ لوگ جو	انہوں نے جھٹلایا	ہماری آیتیں	بیشک وہ	تھے	لوگ	اندھے	اور طرف	عاد

اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا انہیں ہم نے غرق کردیا، بیشک وہ لوگ (حق شناسی سے) اندھے تھے۔ اور عادؑ کی طرف (بھیجا)

اَخَاهُمْ هُوْدًا ۭ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ

اَخَاهُمْ	هُوْدًا	قَالَ	يٰقَوْمِ	اعْبُدُوا	اللّٰهَ	مَا لَكُمْ	مِّنْ	اِلٰهٍ	غَيْرُهٗ
ان کے بھائی	ہُود	اس نے کہا	اے میری قوم	عبادت کرو	اللہ	تمہارے لئے نہیں	کوئی	معبود	اس کے سوا

ان کے بھائی ہُودؑ کو، اور اس نے کہا اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو، اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں،

اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۶۵﴾ قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖٓ اِنَّا لَنَرٰىكَ

اَفَلَا تَتَّقُوْنَ	قَالَ	الْمَلَاُ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	مِنْ	قَوْمِهٖ	اِنَّا لَنَرٰىكَ
تو کیا تم نہیں ڈرتے	بولے	سردار	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)		سے	اس کی قوم	البتہ ہم تجھے دیکھتے ہیں

تو کیا تم ڈرتے نہیں؟ اس کی قوم کے کافر سردار بولے البتہ ہم تجھے دیکھتے ہیں

۸ ع ۷ ۱۵

فِی سَفَاھَةٍ وَّ اِنَّا لَنَظُنُّكَ مِنَ الْكٰذِبِیْنَ ﴿٦٦﴾ قَالَ یٰقَوْمِ لَیْسَ بِیْ سَفَاھَةٌ

سَفَاھَةٌ	بِیْ	لَیْسَ	یٰقَوْمِ	قَالَ	الْكٰذِبِیْنَ	مِنَ	اِنَّا لَنَظُنُّكَ	وَ	سَفَاھَةٍ	فِیْ
کوئی بیوقوفی	مجھ میں	نہیں	اے میری قوم	اس نے کہا	جھوٹے	سے	ہم بیشک تجھے گمان کرتے ہیں	اور	بے وقوفی	میں

بے وقوفی میں اور ہم بیشک تجھے جھوٹوں سے گمان کرتے ہیں۔ اس نے کہا اے میری قوم! مجھ میں بیوقوفی (کی کوئی بات) نہیں،

وَّ لٰكِنِّیْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿٦٧﴾ اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّیْ وَ اَنَا لَكُمْ نَاصِحٌ

نَاصِحٌ	لَكُمْ	وَ اَنَا	رَبِّیْ	رِسٰلٰتِ	اُبَلِّغُكُمْ	الْعٰلَمِیْنَ	رَبِّ	مِنْ	رَسُوْلٌ	وَ لٰكِنِّیْ
خیر خواہ	تمہارا	اور میں	اپنا رب	پیغام (جمع)	میں تمہیں پہنچاتا ہوں	تمام جہان	رب	سے	بھیجا ہوا	اور لیکن میں

لیکن میں تمام جہانوں کے رب کا بھیجا ہوا (رسول) ہوں۔ میں تمہیں اپنے رب کا پیغام پہنچاتا ہوں اور میں تمہارا خیر خواہ،

اَمِیْنٌ ﴿٦٨﴾ اَوَ عَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰی رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِیُنْذِرَكُمْ

لِیُنْذِرَكُمْ	مِّنْكُمْ	رَجُلٍ	عَلٰی	رَبِّكُمْ	مِنْ	ذِكْرٌ	جَآءَكُمْ	اَنْ	اَوَ عَجِبْتُمْ	اَمِیْنٌ
تاکہ وہ تمہیں ڈرائے	تم میں سے	ایک آدمی	پر	تمہارا رب	سے	نصیحت	تمہارے پاس آئی	کہ	کیا تمہیں تعجب ہوا	امین

امین ہوں۔ کیا تمہیں تعجب ہوا کہ تمہارے پاس آئی تمہارے رب کی طرف سے ایک نصیحت، تم میں سے ایک آدمی پر تاکہ وہ تمہیں ڈرائے،

وَاذْكُرُوْۤا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ مِنْۢ بَعْدِ قَوْمِ نُوْحٍ وَّ زَادَكُمْ فِی

فِی	وَّ زَادَكُمْ	قَوْمِ + نُوْحٍ	مِنْۢ بَعْدِ	خُلَفَآءَ	جَعَلَكُمْ	اِذْ	وَاذْكُرُوْۤا
میں	اور تمہیں زیادہ دیا	قوم نوح	بعد	جانشین	اس نے تمہیں بنایا	جب	اور تم یاد کرو

اور تم یاد کرو جب اس نے تمہیں قوم نوحؑ کے بعد جانشین بنایا، اور تمہیں زیادہ دیا

الْخَلْقِ بَصْۜطَةً ۚ فَاذْكُرُوْۤا اٰلَآءَ اللّٰهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿٦٩﴾ قَالُوْۤا اَجِئْتَنَا

اَجِئْتَنَا	قَالُوْۤا	تُفْلِحُوْنَ	لَعَلَّكُمْ	اللّٰهِ	اٰلَآءَ	فَاذْكُرُوْۤا	بَصْۜطَةً	الْخَلْقِ
کیا تو ہمارے پاس آیا	وہ بولے	فلاح (کامیابی) پاؤ	تاکہ تم	اللہ	نعمتیں	سو یاد کرو	پھیلاؤ	خلقت (جسم)

جسم میں پھیلاؤ (ڈیل ڈول)، سو اللہ کی نعمتیں یاد کرو تاکہ تم فلاح (کامیابی) پاؤ۔ وہ بولے، کیا تو ہمارے پاس اس لئے آیا ہے

لِنَعْبُدَ اللّٰهَ وَحْدَهٗ وَ نَذَرَ مَا كَانَ یَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا ۚ فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَاۤ

بِمَا تَعِدُنَا	فَاْتِنَا	اٰبَآؤُنَا	كَانَ یَعْبُدُ	مَا	وَ نَذَرَ	وَحْدَهٗ	اللّٰهَ	لِنَعْبُدَ
جس کا ہم سے وعدہ کرتا ہے	تو لے آ ہم پر	ہمارے باپ دادا	پوجتے تھے	جو جس	اور ہم چھوڑ دیں	واحد (اکیلے)	اللہ	کہ ہم عبادت کریں

کہ ہم اللہ واحد کی عبادت کریں، اور چھوڑ دیں جنہیں ہمارے باپ دادا پوجتے تھے، تو لے آ جس کا تو ہم سے وعدہ کرتا ہے (دھمکاتا ہے)

إِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۷۰﴾ قَالَ قَدْ وَقَعَ عَلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ رِجْسٌ

إِنْ	كُنْتَ	مِنَ	الصّٰدِقِيْنَ	قَالَ	قَدْ وَقَعَ	عَلَيْكُمْ	مِّنْ	رَّبِّكُمْ	رِجْسٌ
اگر	تو ہے	سے	سچے لوگ	اس نے کہا	البتہ پڑ گیا	تم پر	سے	تمہارا رب	عذاب

اگر تو سچے لوگوں میں سے ہے ۔ اس نے کہا البتہ تم پر تمہارے رب کی طرف سے پڑ گیا عذاب

وَّغَضَبٌ ۭ اَتُجَادِلُوْنَنِيْ فِيْٓ اَسْمَاۗءٍ سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَاٰبَاۗؤُكُمْ مَّا نَزَّلَ

وَغَضَبٌ	اَتُجَادِلُوْنَنِيْ	فِيْ	اَسْمَاۗءٍ	سَمَّيْتُمُوْهَا	اَنْتُمْ	وَاٰبَاۗؤُكُمْ	مَا نَزَّلَ
اور غضب	کیا تم جھگڑتے ہو مجھ سے	میں	نام (جمع)	تم نے ان کے رکھ لئے ہیں	تم	اور تمہارے باپ دادا	نہیں نازل کی

اور غضب، کیا تم مجھ سے ان ناموں کے بارہ میں جھگڑتے ہو جو تم نے اور تمہارے باپ دادا نے رکھ لئے ہیں، نہیں نازل کی

اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ۭ فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّىْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ﴿۷۱﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَ

اللّٰهُ	بِهَا	مِنْ	سُلْطٰنٍ	فَانْتَظِرُوْٓا	اِنِّىْ	مَعَكُمْ	مِّنَ	الْمُنْتَظِرِيْنَ	فَاَنْجَيْنٰهُ	وَ
اللہ	اس کیلئے	کوئی	سند	سو تم انتظار کرو	بیشک میں	تمہارے ساتھ	سے	انتظار کرنے والے	تو ہم نے اسے نجات دی (بچالیا)	اور

اللہ نے اس کے لئے کوئی سند، سو تم انتظار کرو میں (بھی) تمہارے ساتھ انتظار کرنے والوں سے ہوں۔ تو ہم نے اس کو بچا لیا اور

الَّذِيْنَ مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَقَطَعْنَا دَابِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَمَا كَانُوْا

الَّذِيْنَ	مَعَهٗ	بِرَحْمَةٍ	مِّنَّا	وَقَطَعْنَا	دَابِرَ	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	وَمَا	كَانُوْا
وہ لوگ جو	اس کے ساتھ	رحمت سے	اپنی	اور ہم نے کاٹ دی	جڑ	وہ لوگ جو	انہوں نے جھٹلایا	ہماری آیات	اور نہ	تھے

اپنی رحمت سے اور ان کو جو اس کے ساتھ تھے، اور ہم نے ان لوگوں کی جڑ کاٹ دی، جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور وہ نہ تھے

مُؤْمِنِيْنَ ﴿۷۲﴾ ع وَاِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ۘ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ

۹ ع ۸ ۱۶

وقف لازم

مُؤْمِنِيْنَ	وَ	اِلٰى	ثَمُوْدَ	اَخَاهُمْ	صٰلِحًا	قَالَ	يٰقَوْمِ	اعْبُدُوا	اللّٰهَ
ایمان لانے والے	اور	طرف	ثمود	ان کے بھائی	صالح ؑ	اس نے کہا	اے میری قوم	عبادت کرو	اللہ

ایمان لانے والے۔ اور ثمود کی طرف (بھیجا) ان کے بھائی صالح ؑ کو، اس نے کہا اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو،

مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ قَدْ جَاۗءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۭ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ

مَا لَكُمْ	مِّنْ	اِلٰهٍ	غَيْرُهٗ	قَدْ جَاۗءَتْكُمْ	بَيِّنَةٌ	مِّنْ	رَّبِّكُمْ	هٰذِهٖ	نَاقَةُ	اللّٰهِ
تمہارے لئے نہیں	کوئی	معبود	اس کے سوا	تحقیق آ چکی تمہارے پاس	نشانی	سے	تمہارا رب	یہ	اونٹنی	اللہ کی

تمہارا اس کے سوا کوئی معبود نہیں، تحقیق تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے نشانی آ چکی ہے، یہ اللہ کی اونٹنی

لَكُمْ اٰيَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْٓ اَرْضِ اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ

بِسُوْٓءٍ	لَا تَمَسُّوْهَا	وَ	اللّٰهِ	اَرْضِ	فِيْٓ	تَاْكُلْ	فَذَرُوْهَا	اٰيَةً	لَكُمْ
بُرائی سے	اسے ہاتھ نہ لگاؤ	اور	اللہ	زمین	میں	کہ کھائے	سو اسے چھوڑ دو	ایک نشانی	تمہارے لئے

تمہارے لئے ایک نشانی ہے، سو اسے چھوڑ دو کہ اللہ کی زمین میں کھائے، اور اسے بُرائی سے ہاتھ نہ لگاؤ،

فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٧٣﴾ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ مِنْۢ بَعْدِ عَادٍ

عَادٍ	مِنْۢ بَعْدِ	خُلَفَآءَ	جَعَلَكُمْ	اِذْ	وَاذْكُرُوْٓا	اَلِيْمٌ	عَذَابٌ	فَيَاْخُذَكُمْ
عاد	بعد	جانشین	تمہیں بنایا	جب	اور تم یاد کرو	دردناک	عذاب	ورنہ پکڑ لے گا تمہیں

ورنہ تمہیں دردناک عذاب پکڑ لے گا۔ اور یاد کرو جب تمہیں عاد کے بعد جانشین بنایا

وَّبَوَّاَكُمْ فِي الْاَرْضِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْ سُهُوْلِهَا قُصُوْرًا وَّتَنْحِتُوْنَ الْجِبَالَ

الْجِبَالَ	وَّتَنْحِتُوْنَ	قُصُوْرًا	سُهُوْلِهَا	مِنْ	تَتَّخِذُوْنَ	الْاَرْضِ	فِي	وَّبَوَّاَكُمْ
پہاڑ	اور تراشتے ہو	محل (جمع)	اس کی نرم جگہ	سے	بناتے ہو	زمین	میں	اور تمہیں ٹھکانا دیا

اور تمہیں زمین میں ٹھکانہ دیا، بناتے ہو اس کی نرم جگہ میں محل، اور تراشتے ہو پہاڑوں کے

بُيُوْتًا ۚ فَاذْكُرُوْٓا اٰلَآءَ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿٧٤﴾ قَالَ الْمَلَاُ

الْمَلَاُ	قَالَ	مُفْسِدِيْنَ	فِي الْاَرْضِ	وَلَا تَعْثَوْا	اللّٰهِ	اٰلَآءَ	فَاذْكُرُوْٓا	بُيُوْتًا
سردار	بولے	فساد کرنے والے (فساد کرتے)	زمین (ملک) میں	اور نہ پھرو	اللہ	نعمتیں	سو یاد کرو	مکانات

مکانات سو اللہ کی نعمتیں یاد کرو، اور ملک میں فساد مچاتے نہ پھرو۔ سردار بولے

الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لِلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِمَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ

مِنْهُمْ	اٰمَنَ	لِمَنْ	اسْتُضْعِفُوْا	لِلَّذِيْنَ	قَوْمِهٖ	مِنْ	اسْتَكْبَرُوْا	الَّذِيْنَ
ان سے	ایمان لائے	ان سے جو	ضعیف (کمزور) بنائے گئے	ان لوگوں سے	اس قوم	سے	تکبر کیا (متکبر)	وہ جنہوں نے

اُن کی قوم کے، جو متکبر تھے، اُن غریب لوگوں سے جو اُن میں سے ایمان لا چکے تھے

اَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ صٰلِحًا مُّرْسَلٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ قَالُوْٓا اِنَّا بِمَآ اُرْسِلَ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ﴿٧٥﴾

مُؤْمِنُوْنَ	اُرْسِلَ بِهٖ	بِمَآ	اِنَّا	قَالُوْٓا	رَّبِّهٖ	مِّنْ	مُّرْسَلٌ	صٰلِحًا	اَنَّ	اَتَعْلَمُوْنَ
ایمان رکھتے ہیں	اسکے ساتھ بھیجا گیا	اس پر جو	بیشک ہم	انہوں نے کہا	اپنا رب	سے	بھیجا ہوا	صالح	کہ	کیا تم جانتے ہو

کیا تم جانتے ہو؟ کہ صالحؑ اپنے رب کی طرف سے بھیجا ہوا ہے (رسول ہے) انہوں نے کہا بیشک وہ جو کچھ دے کر بھیجا گیا ہے ہم اس پر ایمان رکھتے ہیں۔

قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا بِالَّذِيْٓ اٰمَنْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۷۶﴾ فَعَقَرُوا النَّاقَةَ

النَّاقَةَ	فَعَقَرُوا	كٰفِرُوْنَ	اٰمَنْتُمْ بِهٖ	بِالَّذِيْٓ	اِنَّا	اسْتَكْبَرُوْٓا	الَّذِيْنَ	قَالَ
اونٹنی	انہوں نے کونچیں کاٹ دیں	کفر کرنے والے (منکر)	تم ایمان لائے اس پر	وہ جس پر	ہم	تکبر کیا	وہ جنہوں نے	بولے

وہ جنہوں نے تکبر کیا (سردار) بولے تم جس پر ایمان لائے ہو ہم اس کے منکر ہیں۔ انہوں نے اونٹنی کی کونچیں کاٹ دیں،

وَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ وَقَالُوْا يٰصٰلِحُ ائْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ

مِنَ	كُنْتَ	اِنْ	بِمَا تَعِدُنَآ	ائْتِنَا	يٰصٰلِحُ	وَقَالُوْا	رَبِّهِمْ	اَمْرِ	عَنْ	وَعَتَوْا
سے	تو ہے	اگر	جس کا تو ہم سے وعدہ کرتا ہے	لے آ	اے صالح	اور بولے	اپنا رب	حکم	سے	اور سرکشی کی

اور اپنے رب کے حکم سے سرکشی کی، اور بولے اے صالحؑ! لے آ جس کا تو ہم سے وعدہ کرتا ہے (دھمکاتا ہے)، اگر تو

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۷۷﴾ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۷۸﴾

جٰثِمِيْنَ	دَارِهِمْ	فِيْ	فَاَصْبَحُوْا	الرَّجْفَةُ	فَاَخَذَتْهُمُ	الْمُرْسَلِيْنَ
اوندھے	اپنے گھر	میں	تو رہ گئے	زلزلہ	پس انہیں آ پکڑا	رسول (جمع)

رسولوں میں سے ہے۔ پس زلزلہ نے انہیں آ پکڑا، تو اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے۔

فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسَالَةَ رَبِّيْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ وَ

وَ	لَكُمْ	وَنَصَحْتُ	رَبِّيْ	رِسَالَةَ	لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ	يٰقَوْمِ	وَقَالَ	عَنْهُمْ	فَتَوَلّٰى
اور	تمہاری	اور خیر خواہی کی	اپنا رب	پیغام	تحقیق میں نے تمہیں پہنچا دیا	اے میری قوم	اور کہا	اُن سے	پھر منہ پھیرا

پھر (صالحؑ) نے اُن سے منہ پھیرا اور کہا اے میری قوم! میں نے تمہیں اپنے رب کا پیغام پہنچایا، اور تمہاری خیر خواہی کی،

لٰكِنْ لَّا تُحِبُّوْنَ النّٰصِحِيْنَ ﴿۷۹﴾ وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ

اَتَاْتُوْنَ + الْفَاحِشَةَ	لِقَوْمِهٖٓ	قَالَ	اِذْ	وَلُوْطًا	النّٰصِحِيْنَ	لَّا تُحِبُّوْنَ	لٰكِنْ
آتے ہو بے حیائی کے پاس (بے حیائی کرتے ہو)	اپنی قوم سے	کہا	جب	اور لوطؑ	خیرخواہ (جمع)	تم پسند نہیں کرتے	لیکن

لیکن تم خیرخواہوں کو پسند نہیں کرتے۔ لوطؑ (کو بھیجا) جب اس نے اپنی قوم سے کہا، تم وہ بے حیائی کرتے ہو

مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۰﴾ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً

شَهْوَةً	الرِّجَالَ	لَتَاْتُوْنَ	اِنَّكُمْ	الْعٰلَمِيْنَ	مِّنَ	مِنْ + اَحَدٍ	بِهَا	مَا سَبَقَكُمْ
شہوت سے	مرد (جمع)	جاتے ہو	بیشک تم	سارے جہان	سے	کسی نے	ایسی	جو تم سے پہلے نہیں کی

جو تم سے پہلے سارے جہان میں کسی نے نہیں کی۔ بیشک تم مردوں کے پاس شہوت سے جاتے ہو

مِّنۡ دُوۡنِ النِّسَآءِ ؕ بَلۡ اَنۡتُمۡ قَوۡمٌ مُّسۡرِفُوۡنَ ﴿۸۱﴾ وَمَا كَانَ جَوَابَ قَوۡمِهٖۤ اِلَّاۤ اَنۡ

اَنۡ	اِلَّاۤ	قَوۡمِهٖۤ	جَوَابَ	كَانَ	وَمَا	مُّسۡرِفُوۡنَ	قَوۡمٌ	اَنۡتُمۡ	بَلۡ	النِّسَآءِ	دُوۡنِ	مِّنۡ
یہ کہ	مگر	اس کی قوم	جواب	تھا	اور نہ	حد سے گزر جانے والے	لوگ	تم	بلکہ	عورتیں	علاوہ (چھوڑ کر)	

عورتوں کو چھوڑ کر، بلکہ تم حد سے گزر جانے والے لوگ ہو۔ اور اس کی قوم کا کچھ جواب نہ تھا، مگر یہ کہ

قَالُوۡۤا اَخۡرِجُوۡهُمۡ مِّنۡ قَرۡيَتِكُمۡ‌ ۚ اِنَّهُمۡ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوۡنَ ﴿۸۲﴾ فَاَنۡجَيۡنٰهُ

فَاَنۡجَيۡنٰهُ	يَّتَطَهَّرُوۡنَ	اُنَاسٌ	اِنَّهُمۡ	قَرۡيَتِكُمۡ	مِّنۡ	اَخۡرِجُوۡهُمۡ	قَالُوۡۤا
ہم نے نجات دی اس کو	پاکیزگی چاہتے ہیں	یہ لوگ	بیشک	اپنی بستی	سے	انہیں نکال دو	انہوں نے کہا

انہوں نے کہا انہیں اپنی بستی سے نکال دو، یہ لوگ پاکیزگی چاہتے ہیں ۔ سو ہم نے نجات دی اس کو

وَاَهۡلَهٗۤ اِلَّا امۡرَاَتَهٗ ۖ كَانَتۡ مِنَ الۡغٰبِرِيۡنَ ﴿۸۳﴾ وَاَمۡطَرۡنَا عَلَيۡهِمۡ مَّطَرًا ؕ

مَّطَرًا	عَلَيۡهِمۡ	وَاَمۡطَرۡنَا	الۡغٰبِرِيۡنَ	مِنَ	كَانَتۡ	امۡرَاَتَهٗ	اِلَّا	وَاَهۡلَهٗۤ
ایک بارش	ان پر	اور ہم نے ان پر بارش برسائی	پیچھے رہنے والے	سے	وہ تھی	اس کی بیوی	مگر	اور اس کے گھر والے

اور اس کے گھر والوں کو سوائے اسکی بیوی کے جو پیچھے رہ جانے والوں میں سے تھی ۔ اور ہم نے اُن پر (پتھروں کی) ایک بارش برسائی

فَانۡظُرۡ كَيۡفَ كَانَ عَاقِبَةُ الۡمُجۡرِمِيۡنَ ﴿۸۴﴾ وَاِلٰى مَدۡيَنَ اَخَاهُمۡ شُعَيۡبًا ؕ

شُعَيۡبًا	اَخَاهُمۡ	مَدۡيَنَ	اِلٰى	وَ	الۡمُجۡرِمِيۡنَ	عَاقِبَةُ	كَانَ	كَيۡفَ	فَانۡظُرۡ
شعیب	ان کے بھائی	مدین	طرف	اور	مجرمین	انجام	ہوا	کیسا ہوا	پس دیکھو

پس دیکھو مجرموں کا کیسا انجام ہوا؟ اور مدین کی طرف ان کے بھائی شعیبؑ (کو بھیجا)

قَالَ يٰقَوۡمِ اعۡبُدُوا اللّٰهَ مَا لَـكُمۡ مِّنۡ اِلٰهٍ غَيۡرُهٗ ‌ؕ قَدۡ جَآءَتۡكُمۡ بَيِّنَةٌ

بَيِّنَةٌ	قَدۡ جَآءَتۡكُمۡ	غَيۡرُهٗ	اِلٰهٍ	مِّنۡ	مَا لَـكُمۡ	اللّٰهَ	اعۡبُدُوا	يٰقَوۡمِ	قَالَ
ایک دلیل	تحقیق پہنچ چکی تمہارے پاس	اس کے سوا	کوئی معبود	سے	نہیں تمہارا	اللہ	عبادت کرو	اے میری قوم	اس نے کہا

اس نے کہا اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو، اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں، تحقیق تمہارے پاس ایک دلیل پہنچ چکی ہے

مِّنۡ رَّبِّكُمۡ‌ فَاَوۡفُوا الۡكَيۡلَ وَالۡمِيۡزَانَ وَلَا تَبۡخَسُوا النَّاسَ اَشۡيَآءَهُمۡ

اَشۡيَآءَهُمۡ	النَّاسَ	لَا تَبۡخَسُوا	وَ	وَالۡمِيۡزَانَ	الۡكَيۡلَ	فَاَوۡفُوا	رَّبِّكُمۡ	مِّنۡ
ان کی اشیاء	لوگ	نہ گھٹاؤ	اور	اور تول	ناپ	پس پورا کرو	تمہارا رب	سے

تمہارے رب (کی طرف) سے، پس ناپ اور تول پورا کرو اور لوگوں کی اشیاء نہ گھٹاؤ، (گھٹا کر نہ دو)

وَلَا تُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۸۵﴾

وَ	لَا تُفْسِدُوْا	فِی الْاَرْضِ	بَعْدَ	اِصْلَاحِهَا	ذٰلِكُمْ	خَيْرٌ	لَّكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ
اور	فساد نہ مچاؤ	زمین (ملک) میں	بعد	اس کی اصلاح	یہ	بہتر	تمہارے لئے	اگر	تم ہو	ایمان والے

اور ملک میں اصلاح کے بعد فساد نہ مچاؤ، تمہارے لئے یہ بہتر ہے، اگر تم ایمان والے ہو۔

وَلَا تَقْعُدُوْا بِكُلِّ صِرَاطٍ تُوْعِدُوْنَ وَتَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ

وَ	لَا تَقْعُدُوْا	بِكُلِّ	صِرَاطٍ	تُوْعِدُوْنَ	وَتَصُدُّوْنَ	عَنْ	سَبِيْلِ	اللّٰهِ	مَنْ
اور	نہ بیٹھو	ہر	راستہ	تم ڈراؤ	اور تم روکو	سے	راستہ	اللہ	جو

اور ہر راستہ پر نہ بیٹھو کہ تم (راہ گیروں کو) ڈراؤ اور اسے اللہ کے راستہ سے روکو جو

اٰمَنَ بِهٖ وَتَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ كُنْتُمْ قَلِيْلًا فَكَثَّرَكُمْ وَ

اٰمَنَ	بِهٖ	وَتَبْغُوْنَهَا	عِوَجًا	وَاذْكُرُوْٓا	اِذْ	كُنْتُمْ	قَلِيْلًا	فَكَثَّرَكُمْ	وَ
ایمان لایا	اس پر	اور ڈھونڈو اس میں	کجی	اور یاد کرلو	جب	تم تھے	تھوڑے	تو اس نے تمہیں بڑھادیا	اور

اس پر ایمان لایا، اور اس میں کجی ڈھونڈو، اور یاد کرو جب تم تھوڑے (اقلیت میں) تھے، اس نے تمہیں بڑھادیا، اور

انْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۸۶﴾ وَاِنْ كَانَ طَاۗىِٕفَةٌ مِّنْكُمْ

انْظُرُوْا	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	الْمُفْسِدِيْنَ	وَاِنْ	كَانَ	طَاۗىِٕفَةٌ	مِّنْكُمْ
دیکھو	کیسا	ہوا	انجام	فساد کرنے والے	اور اگر	ہے	ایک گروہ	تم سے

دیکھو! فساد کرنے والوں کا انجام کیسا ہوا؟ اور اگر تم میں ایک گروہ ہے جو

اٰمَنُوْا بِالَّذِيْٓ اُرْسِلْتُ بِهٖ وَطَاۗىِٕفَةٌ لَّمْ يُؤْمِنُوْا فَاصْبِرُوْا حَتّٰى يَحْكُمَ

اٰمَنُوْا	بِالَّذِيْٓ	اُرْسِلْتُ	بِهٖ	وَطَاۗىِٕفَةٌ	لَّمْ يُؤْمِنُوْا	فَاصْبِرُوْا	حَتّٰى	يَحْكُمَ
ایمان لایا	اس پر جو	میں بھیجا گیا	جس کے ساتھ	اور ایک گروہ	ایمان نہیں لایا	تم صبر کرلو	یہاں تک کہ	فیصلہ کردے

اس پر ایمان لایا جس کے ساتھ میں بھیجا گیا ہوں، اور ایک گروہ ایمان نہیں لایا، تو تم صبر کرو یہاں تک کہ فیصلہ کردے

اللّٰهُ بَيْنَنَا ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۸۷﴾

اللّٰهُ	بَيْنَنَا	وَهُوَ	خَيْرُ	الْحٰكِمِيْنَ
اللہ	ہمارے درمیان	اور وہ	بہتر	فیصلہ کرنے والا

اللہ ہمارے درمیان، اور وہ بہترین فیصلہ کرنے والا ہے

قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لَنُخْرِجَنَّكَ يٰشُعَيْبُ

قَالَ	الْمَلَاُ	الَّذِيْنَ	اسْتَكْبَرُوْا	مِنْ	قَوْمِهٖ	لَنُخْرِجَنَّكَ	يٰشُعَيْبُ
بولے	سردار	وہ جو کہ	تکبر کرتے تھے (بڑے بنتے تھے)	سے	اس کی قوم	ہم تجھے ضرور نکال دیں گے	اے شعیب

اس کی قوم کے وہ سردار جو بڑے بنتے تھے بولے اے شعیبؑ! ہم ضرور نکال دیں گے تجھے

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَكَ مِنْ قَرْيَتِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا ؕ قَالَ اَوَلَوْ

وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مَعَكَ	مِنْ	قَرْيَتِنَا	اَوْ لَتَعُوْدُنَّ	فِيْ	مِلَّتِنَا	قَالَ	اَوَلَوْ
اور وہ جو	ایمان لائے	تیرے ساتھ	سے	ہماری بستی	یا یہ کہ تم لوٹ آؤ	میں	ہمارے دین	اس نے کہا	کیا خواہ

اور انہیں جو تیرے ساتھ ایمان لائے ہیں اپنی بستی سے، یا یہ کہ تم ہمارے دین میں لوٹ آؤ، فرمایا خواہ

كُنَّا كٰرِهِيْنَ ﴿٨٨﴾ قَدِ افْتَرَيْنَا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اِنْ عُدْنَا فِيْ مِلَّتِكُمْ بَعْدَ اِذْ

كُنَّا	كٰرِهِيْنَ	قَدِ افْتَرَيْنَا	عَلَى اللّٰهِ	كَذِبًا	اِنْ	عُدْنَا	فِيْ	مِلَّتِكُمْ	بَعْدَ	اِذْ
ہم ہوں	ناپسند کرتے ہوں	البتہ ہم نے بہتان باندھا (باندھیں گے)	اللہ پر	جھوٹا	اگر	ہم لوٹ آئیں	میں	تمہارا دین	بعد	جب

ہم ناپسند کرتے ہوں (پھر بھی؟) البتہ ہم اللہ پر جھوٹا بہتان باندھیں گے اگر ہم اس کے بعد تمہارے دین میں لوٹ آئیں جبکہ

نَجّٰىنَا اللّٰهُ مِنْهَا ؕ وَمَا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّعُوْدَ فِيْهَآ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّنَا ؕ

نَجّٰىنَا	اللّٰهُ	مِنْهَا	وَمَا يَكُوْنُ	لَنَا	اَنْ نَّعُوْدَ	فِيْهَا	اِلَّآ	اَنْ يَّشَآءَ	اللّٰهُ	رَبُّنَا
ہم کو بچایا	اللہ	اس سے	اور نہیں ہے	ہمارے لئے	کہ ہم لوٹ آئیں	اس میں	مگر	یہ کہ چاہے	اللہ	ہمارا رب

اللہ نے ہمیں اس سے بچا لیا ہے اور ہمارا کام نہیں کہ ہم اس میں لوٹ آئیں مگر یہ کہ اللہ ہمارا رب چاہے،

وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ؕ عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ؕ رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ

وَسِعَ	رَبُّنَا	كُلَّ شَيْءٍ	عِلْمًا	عَلَى	اللّٰهِ	تَوَكَّلْنَا	رَبَّنَا	افْتَحْ	بَيْنَنَا	وَبَيْنَ
احاطہ کر لیا ہے	ہمارا رب	ہر شے	علم میں	پر	اللہ	ہم نے بھروسہ کیا	ہمارا رب	فیصلہ کر دے	ہمارے درمیان	اور درمیان

ہمارے رب نے اپنے علم میں ہر شے کا احاطہ کر لیا ہے، ہم نے اللہ پر بھروسہ کیا، اے ہمارے رب! فیصلہ کر دے ہمارے درمیان اور

قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ﴿٨٩﴾ وَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

قَوْمِنَا	بِالْحَقِّ	وَاَنْتَ	خَيْرُ	الْفٰتِحِيْنَ	وَقَالَ	الْمَلَاُ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
ہماری قوم	حق کے ساتھ	اور تو	بہتر	فیصلہ کرنے والا	اور بولے	سردار	وہ جنہوں نے	کفر کیا

ہماری قوم کے درمیان حق کے ساتھ، اور تو بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔ اور وہ سردار بولے جنہوں نے کفر کیا:

مِنْ قَوْمِهٖ لَئِنِ اتَّبَعْتُمْ شُعَيْبًا اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿٩٠﴾ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ

مِنْ	قَوْمِهٖ	لَئِنِ	اتَّبَعْتُمْ	شُعَيْبًا	اِنَّكُمْ	اِذًا	لَّخٰسِرُوْنَ	فَاَخَذَتْهُمُ	الرَّجْفَةُ
سے	اس کی قوم	اگر	تم نے پیروی کی	شعیب	تو تم ضرور	اس صورت میں	خسارے میں ہوگے	تو انہیں آلیا	زلزلہ

اس کی قوم سے، اگر تم نے شعیبؑ کی پیروی کی تو اس صورت میں تم خود خسارے میں ہوگے - تو انہیں زلزلہ نے آ لیا

فَاَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿٩١﴾ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا شُعَيْبًا كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا

فَاَصْبَحُوْا	فِيْ	دَارِهِمْ	جٰثِمِيْنَ	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	شُعَيْبًا	كَاَنْ	لَّمْ يَغْنَوْا
صبح کے وقت رہ گئے	میں	اپنے گھر	اوندھے پڑے	وہ جنہوں نے	جھٹلایا	شعیب	گویا	نہ بستے تھے

پس وہ صبح کے وقت اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے۔ جنہوں نے شعیبؑ کو جھٹلایا (وہ ایسے مٹے) گویا (کبھی) بستے نہ تھے

فِيْهَا ۛ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا شُعَيْبًا كَانُوْا هُمُ الْخٰسِرِيْنَ ﴿٩٢﴾ فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ

فِيْهَا	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	شُعَيْبًا	كَانُوْا	هُمُ	الْخٰسِرِيْنَ	فَتَوَلّٰى	عَنْهُمْ	وَقَالَ
اس میں وہاں	وہ جنہوں نے	جھٹلایا	شعیب	وہ ہوئے	وہی	خسارہ پانے والے	پھر منہ پھیرا	ان سے	اور کہا

وہاں - جنہوں نے شعیبؑ کو جھٹلایا وہی خسارہ پانے والے ہوئے - پھر ان سے اس نے منہ پھیرا اور کہا

يٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ ۚ فَكَيْفَ اٰسٰى عَلٰى قَوْمٍ

يٰقَوْمِ	لَقَدْ	اَبْلَغْتُكُمْ	رِسٰلٰتِ	رَبِّيْ	وَنَصَحْتُ	لَكُمْ	فَكَيْفَ	اٰسٰى	عَلٰى	قَوْمٍ
اے میری قوم	البتہ	میں نے پہنچا دیئے تمہیں	پیغام (جمع)	اپنا رب	اور خیر خواہی کی	تمہاری	تو کیسے	غم کھاؤں	پر	قوم

اے میری قوم! میں نے تمہیں اپنے رب کے پیغام پہنچا دیئے اور تمہاری خیر خواہی کر چکا تو (اب) کافر قوم پر کیسے غم کھاؤں؟

كٰفِرِيْنَ ﴿٩٣﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّآ اَخَذْنَآ اَهْلَهَا بِالْبَاْسَآءِ

كٰفِرِيْنَ	وَ	مَآ اَرْسَلْنَا	فِيْ	قَرْيَةٍ	مِّنْ نَّبِيٍّ	اِلَّآ	اَخَذْنَا	اَهْلَهَا	بِالْبَاْسَآءِ
کافر (جمع)	اور	نہ بھیجا ہم نے	میں	کسی بستی	کوئی نبی	مگر	ہم نے پکڑا	وہاں کے لوگ	سختی میں

اور ہم نے کسی بستی میں کوئی نبی نہیں بھیجا مگر ہم نے وہاں کے لوگوں کو سختی میں پکڑا

وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ يَضَّرَّعُوْنَ ﴿٩٤﴾ ثُمَّ بَدَّلْنَا مَكَانَ السَّيِّئَةِ الْحَسَنَةَ حَتّٰى

وَالضَّرَّآءِ	لَعَلَّهُمْ	يَضَّرَّعُوْنَ	ثُمَّ	بَدَّلْنَا	مَكَانَ	السَّيِّئَةِ	الْحَسَنَةَ	حَتّٰى
اور تکلیف	تاکہ وہ	عاجزی کریں	پھر	ہم نے بدلی	جگہ	برائی	بھلائی	یہاں تک کہ

اور تکلیف میں تاکہ وہ عاجزی کریں - اور ہم نے برائی کی جگہ بھلائی بدلی، یہاں تک کہ

عَفَوْا وَّ قَالُوْا قَدْ مَسَّ اٰبَآءَنَا الضَّرَّآءُ وَالسَّرَّآءُ فَاَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ

عَفَوْا	وَّ قَالُوْا	قَدْ مَسَّ	اٰبَآءَنَا	الضَّرَّآءُ	وَالسَّرَّآءُ	فَاَخَذْنٰهُمْ	بَغْتَةً	وَّهُمْ
وہ بڑھ گئے	اور کہنے لگے	پہنچ چکی ہے	ہمارے باپ دادا	تکلیف	اور خوشی	پس، ہم نے انہیں پکڑا	اچانک	اور وہ

وہ بڑھ گئے اور کہنے لگے تکلیف اور خوشی ہمارے باپ دادا کو پہنچ چکی ہے، پس، ہم نے اُنہیں اچانک پکڑا، اور وہ

لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۹۵﴾ وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰٓى اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَرَكٰتٍ

لَا يَشْعُرُوْنَ	وَلَوْ	اَنَّ	اَهْلَ الْقُرٰٓى	اٰمَنُوْا	وَاتَّقَوْا	لَفَتَحْنَا	عَلَيْهِمْ	بَرَكٰتٍ
بے خبر تھے	اور اگر	یہ ہوتا کہ	بستیوں والے	ایمان لاتے	اور پرہیزگاری کرتے	تو البتہ ہم کھول دیتے	ان پر	برکتیں

بے خبر تھے۔ اور اگر بستیوں والے ایمان لے آتے، اور پرہیزگاری اختیار کرتے البتہ ہم اُن پر برکتیں کھول دیتے

مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنْ كَذَّبُوْا فَاَخَذْنٰهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۹۶﴾ اَفَاَمِنَ

مِّنَ	السَّمَآءِ	وَ	الْاَرْضِ	وَلٰكِنْ	كَذَّبُوْا	فَاَخَذْنٰهُمْ	بِمَا	كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ	اَفَاَمِنَ
سے	آسمان	اور	زمین	اور لیکن	انہوں نے جھٹلایا	تو ہم نے انہیں پکڑا	اس کے نتیجہ میں	جو وہ کرتے تھے	کیا بے خوف ہیں

زمین اور آسمان سے، لیکن اُنہوں نے جھٹلایا تو ہم نے اُنہیں پکڑا۔ اس کے نتیجہ میں، جو وہ کرتے تھے۔ کیا اب بے خوف ہیں

اَهْلُ الْقُرٰٓى اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا بَيَاتًا وَّهُمْ نَآئِمُوْنَ ﴿۹۷﴾ اَوَاَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰٓى

اَهْلُ الْقُرٰٓى	اَنْ	يَّاْتِيَهُمْ	بَاْسُنَا	بَيَاتًا	وَّهُمْ	نَآئِمُوْنَ	اَوَاَمِنَ	اَهْلُ الْقُرٰٓى
بستیوں والے	کہ	ان پر آئے	ہمارا عذاب	راتوں رات	اور وہ	سوئے ہوئے ہوں	کیا بے خوف ہیں	بستیوں والے

بستیوں والے کہ ان پر ہمارا عذاب راتوں رات آ جائے اور وہ سوئے ہوئے ہوں۔ کیا بستیوں والے اس سے بے خوف ہیں

اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا ضُحًى وَّهُمْ يَلْعَبُوْنَ ﴿۹۸﴾ اَفَاَمِنُوْا مَكْرَ اللّٰهِ ۚ فَلَا يَاْمَنُ

اَنْ	يَّاْتِيَهُمْ	بَاْسُنَا	ضُحًى	وَّهُمْ	يَلْعَبُوْنَ	اَفَاَمِنُوْا	مَكْرَ	اللّٰهِ	فَلَا يَاْمَنُ
کہ	ان پر آ جائے	ہمارا عذاب	دن چڑھے	اور وہ	کھیل کود رہے ہوں	کیا وہ بے خوف ہو گئے	تدبیر	اللہ	بے خوف نہیں ہوتے

کہ ان پر ہمارا عذاب دن چڑھے آ جائے اور وہ کھیل کود رہے ہوں۔ کیا وہ اللہ کی تدبیر سے بے خوف ہو گئے؟ سو بے خوف نہیں ہوتے

۱۲ ع ۲

مَكْرَ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۹۹﴾ اَوَلَمْ يَهْدِ لِلَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْاَرْضَ

مَكْرَ اللّٰهِ	اِلَّا	الْقَوْمُ	الْخٰسِرُوْنَ	اَوَلَمْ	يَهْدِ	لِلَّذِيْنَ	يَرِثُوْنَ	الْاَرْضَ
اللہ کی تدبیر	مگر	لوگ	خسارہ اٹھانے والے	کیا نہ	ہدایت ملی	وہ لوگ جو	وارث ہوئے	زمین

اللہ کی تدبیر سے مگر خسارہ اٹھانے والے۔ کیا ان لوگوں کو ہدایت نہ ملی؟ جو زمین کے وارث ہوئے

مِنْۢ بَعْدِ اَهْلِهَآ اَنْ لَّوْ نَشَآءُ اَصَبْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ ۚ وَنَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ

مِنْۢ بَعْدِ	اَهْلِهَآ	اَنْ	لَّوْ نَشَآءُ	اَصَبْنٰهُمْ	بِذُنُوْبِهِمْ	وَنَطْبَعُ	عَلٰى	قُلُوْبِهِمْ
بعد	وہاں کے رہنے والے	کہ	اگر ہم چاہتے	تو ہم اُن پر مصیبت ڈالتے	ان کے گناہوں کے سبب	اور ہم مُہر لگاتے ہیں	پر	ان کے دل

وہاں کے رہنے والوں کے بعد، اگر ہم چاہتے تو ان کے گناہوں کے سبب ان پر مصیبت ڈالتے، اور ہم اُن کے دلوں پر مُہر لگاتے ہیں

فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ تِلْكَ الْقُرٰى نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآئِهَا ۚ وَلَقَدْ جَآءَتْهُمْ

فَهُمْ	لَا يَسْمَعُوْنَ	تِلْكَ	الْقُرٰى	نَقُصُّ	عَلَيْكَ	مِنْ	اَنْۢبَآئِهَا	وَلَقَدْ	جَآءَتْهُمْ
سو وہ	نہیں سنتے ہیں	یہ	بستیاں	ہم بیان کرتے ہیں	تم پر	سے	انکی کچھ خبریں	اور البتہ	آئے انکے پاس

سو وہ سُنتے نہیں ۔ یہ بستیاں ہیں جن کی خبریں ہم تم پر بیان کرتے ہیں، اور البتہ ان کے پاس آئے

رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۚ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا مِنْ قَبْلُ ۗ كَذٰلِكَ

رُسُلُهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ	فَمَا	كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا	بِمَا	كَذَّبُوْا	مِنْ قَبْلُ	كَذٰلِكَ
اُن کے رسول	نشانیاں لے کر	سو نہ	وہ ایمان لاتے	کیونکہ	انہوں نے جھٹلایا	اس سے پہلے	اسی طرح

ان کے رسول نشانیاں لے کر، سو وہ ایمان نہ لائے کیونکہ اس سے پہلے اُنہوں نے جھٹلایا تھا، اسی طرح

يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۱﴾ وَمَا وَجَدْنَا لِاَكْثَرِهِمْ مِّنْ عَهْدٍ ۚ وَاِنْ

يَطْبَعُ	اللّٰهُ	عَلٰى	قُلُوْبِ	الْكٰفِرِيْنَ	وَ	مَا وَجَدْنَا	لِاَكْثَرِهِمْ	مِّنْ عَهْدٍ	وَاِنْ
مُہر لگاتا ہے	اللہ	پر	دل (جمع)	کافر (جمع)	اور	ہم نے نہ پایا	ان کے اکثر میں	عہد کا پاس	اور درحقیقت

اللہ کافروں کے دلوں پر مہر لگاتا ہے ۔ اور ہم نے اُن کے اکثر میں عہد کا کوئی پاس نہ پایا اور درحقیقت

وَّجَدْنَآ اَكْثَرَهُمْ لَفٰسِقِيْنَ ﴿۱۰۲﴾ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ

وَجَدْنَا	اَكْثَرَهُمْ	لَفٰسِقِيْنَ	ثُمَّ	بَعَثْنَا	مِنْۢ بَعْدِهِمْ	مُّوْسٰى	بِاٰيٰتِنَا	اِلٰى	فِرْعَوْنَ
ہم نے پائے	ان میں اکثر	نافرمان - بدکردار	پھر	ہم نے بھیجا	ان کے بعد	موسیٰ	اپنی نشانیوں کے ساتھ	طرف	فرعون

ہم نے اُن میں اکثر نافرمان بدکردار پائے ۔ پھر ہم نے ان کے بعد موسیٰؑ کو اپنی نشانیوں کے ساتھ بھیجا فرعون کی طرف

وَمَلَا۟ئِهٖ فَظَلَمُوْا بِهَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَقَالَ

وَمَلَا۟ئِهٖ	فَظَلَمُوْا	بِهَا	فَانْظُرْ	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	الْمُفْسِدِيْنَ	وَقَالَ
اور اس کے سردار	تو انہوں نے ظلم (انکار کیا)	اُن کا	تم دیکھو	کیا	ہوا	انجام	فساد کرنے والے	اور کہا

اور اس کے سرداروں کی طرف تو انہوں نے ان (نشانیوں کا) انکار کیا، تم دیکھو فساد کرنے والوں کا انجام کیا ہوا ؟ اور کہا

مُوسٰى يٰفِرْعَوْنُ اِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۴﴾ حَقِيْقٌ عَلٰٓى اَنْ لَّآ اَقُوْلَ

مُوسٰى	يٰفِرْعَوْنُ	اِنِّيْ	رَسُوْلٌ	مِّنْ	رَّبِّ	الْعٰلَمِيْنَ	حَقِيْقٌ	عَلٰى	اَنْ	لَّآ اَقُوْلَ
موسیٰ	اے فرعون	بیشک میں	رسول	سے	رب	تمام جہان	شایان	پر	کہ	میں نہ کہوں

موسیٰ نے اے فرعون! بیشک میں تمام جہانوں کے رب کی طرف سے رسول ہوں۔ شایاں ہے کہ میں نہ کہوں

عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ﴿۱۰۵﴾ قَدْ جِئْتُكُمْ بِبَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَرْسِلْ مَعِيَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ

عَلٰى	اللّٰهِ	اِلَّا الْحَقَّ	قَدْ جِئْتُكُمْ + بِبَيِّنَةٍ	مِّنْ	رَّبِّكُمْ	فَاَرْسِلْ	مَعِيَ	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ
پر	اللہ	مگر حق	تحقیق تمہارے پاس لایا ہوں نشانیاں	سے	تمہارا رب	پس بھیج دے	میرے ساتھ	بنی اسرائیل

اللہ پر، مگر حق، تحقیق میں تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے نشانیاں لایا ہوں، پس میرے ساتھ بنی اسرائیل کو بھیج دے۔

قَالَ اِنْ كُنْتَ جِئْتَ بِاٰيَةٍ فَاْتِ بِهَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۰۶﴾ فَاَلْقٰى

قَالَ	اِنْ	كُنْتَ	جِئْتَ + بِاٰيَةٍ	فَاْتِ بِهَآ	اِنْ	كُنْتَ	مِنَ	الصّٰدِقِيْنَ	فَاَلْقٰى
بولا	اگر	تو	لایا ہے کوئی نشانی	تو وہ لے آ	اگر	تو ہے	سے	سچے	پس اس نے ڈالا

بولا اگر تو کوئی نشانی لایا ہے تو وہ لے آ، اگر تو سچوں میں سے ہے۔ پس اس (موسیٰ) نے ڈالا

عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۰۷﴾ وَّنَزَعَ يَدَهٗ فَاِذَا هِيَ بَيْضَآءُ لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿۱۰۸﴾

عَصَاهُ	فَاِذَا هِيَ	ثُعْبَانٌ	مُّبِيْنٌ	وَنَزَعَ	يَدَهٗ	فَاِذَا هِيَ	بَيْضَآءُ	لِلنّٰظِرِيْنَ
اپنا عصا	پس وہ اچانک	اژدھا	صریح (صاف)	اور نکالا	اپنا ہاتھ	پس ناگاہ وہ	نورانی	ناظرین کے لئے

اپنا عصا پس اچانک وہ صاف اژدہا ہو گیا۔ اور اپنا ہاتھ (گریبان) سے نکالا تو ناگاہ وہ ناظرین کے لئے نورانی ہو گیا۔

۱۳ ع ۹ ۳

قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۰۹﴾ يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ

قَالَ	الْمَلَاُ	مِنْ	قَوْمِ	فِرْعَوْنَ	اِنَّ	هٰذَا	لَسٰحِرٌ	عَلِيْمٌ	يُّرِيْدُ	اَنْ	يُّخْرِجَكُمْ
بولے	سردار	سے	قوم	فرعون	بیشک	یہ	جادوگر	علم والا ماہر	چاہتا ہے	کہ	تمہیں نکال دے

فرعون کی قوم کے سردار بولے بیشک یہ تو ماہر جادوگر ہے۔ چاہتا ہے کہ تمہیں نکال دے

مِّنْ اَرْضِكُمْ فَمَاذَا تَاْمُرُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ قَالُوْٓا اَرْجِهْ وَاَخَاهُ وَاَرْسِلْ فِي الْمَدَآئِنِ

مِّنْ	اَرْضِكُمْ	فَمَاذَا	تَاْمُرُوْنَ	قَالُوْٓا	اَرْجِهْ	وَاَخَاهُ	وَاَرْسِلْ	فِي الْمَدَآئِنِ
سے	تمہاری سرزمین	تو اب کیا	کہتے ہو	وہ بولے	روک لے	اور اس کا بھائی	اور بھیج	شہروں میں

تمہاری سرزمین سے، تو اب کیا کہتے ہو (کیا مشورہ ہے)؟ وہ بولے اس کو اور اس کے بھائی کو روک لے، اور شہروں میں بھیج دے

حٰشِرِينَ ﴿١١١﴾ يَأْتُوكَ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيمٍ ﴿١١٢﴾ وَجَآءَ السَّحَرَةُ فِرْعَوْنَ قَالُوٓا إِنَّ لَنَا

حٰشِرِينَ	يَأْتُوكَ	بِكُلِّ	سٰحِرٍ	عَلِيمٍ	وَجَآءَ	السَّحَرَةُ	فِرْعَوْنَ	قَالُوٓا	إِنَّ	لَنَا
اکٹھا کرنے والے (نقیب)	تیرے پاس لے آئیں	ہر	جادوگر	علم والا (ماہر)	اور آئے	جادوگر (جمع)	فرعون	وہ بولے	یقیناً	ہمارے لئے

نقیب - تیرے پاس ہر ماہر جادوگر لے آئیں - اور جادوگر فرعون کے پاس آئے ، وہ بولے یقیناً ہمارے لئے

لَأَجْرًا إِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِينَ ﴿١١٣﴾ قَالَ نَعَمْ وَإِنَّكُمْ لَمِنَ الْمُقَرَّبِينَ ﴿١١٤﴾

لَأَجْرًا	إِنْ	كُنَّا	نَحْنُ	الْغٰلِبِينَ	قَالَ	نَعَمْ	وَإِنَّكُمْ	لَمِنَ	الْمُقَرَّبِينَ
کوئی اجر (انعام)	اگر	ہوئے	ہم	غالب (جمع)	اس نے کہا	ہاں	اور تم بیشک	البتہ - سے	مقربین

کوئی انعام ہوگا ؟ اگر ہم غالب ہوئے - اس نے کہا ہاں ! تم بیشک (میرے) مقربین میں سے ہو گے -

قَالُوا يٰمُوسٰىٓ إِمَّآ أَنْ تُلْقِيَ وَإِمَّآ أَنْ نَكُونَ نَحْنُ الْمُلْقِينَ ﴿١١٥﴾ قَالَ أَلْقُوا

قَالُوا	يٰمُوسٰى	إِمَّا	أَنْ	تُلْقِيَ	وَإِمَّا	أَنْ	نَكُونَ	نَحْنُ	الْمُلْقِينَ	قَالَ	أَلْقُوا
وہ بولے	اے موسیٰؑ	یا	یہ کہ	تو ڈال	اور یا (ورنہ)	یہ کہ	ہوں	ہم	ڈالنے والے	کہا	تم ڈالو

وہ بولے ، اے موسیٰؑ ! یا تو ڈال ورنہ ہم ڈالنے والے ہیں - (موسیٰؑ) نے کہا تم ڈالو

فَلَمَّآ أَلْقَوْا سَحَرُوٓا أَعْيُنَ النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوهُمْ وَجَآءُو بِسِحْرٍ عَظِيمٍ ﴿١١٦﴾

فَلَمَّا	أَلْقَوْا	سَحَرُوا	أَعْيُنَ	النَّاسِ	وَاسْتَرْهَبُوهُمْ	وَجَآءُو + بِسِحْرٍ	عَظِيمٍ
پس جب	انہوں نے ڈالا	سحر کر دیا	آنکھیں	لوگ	اور اُنہیں ڈرایا	اور لائے + جادو	بڑا

پس جب اُنھوں نے ڈالا لوگوں کی آنکھوں پر سحر کر دیا ، اور اُنہیں ڈرایا ، اور بڑا جادو لائے -

وَأَوْحَيْنَآ إِلٰى مُوسٰىٓ أَنْ أَلْقِ عَصَاكَ فَإِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَأْفِكُونَ ﴿١١٧﴾

وَأَوْحَيْنَا	إِلٰى	مُوسٰى	أَنْ	أَلْقِ	عَصَاكَ	فَإِذَا	هِيَ	تَلْقَفُ	مَا	يَأْفِكُونَ
اور ہم نے وحی بھیجی	طرف	موسیٰ	کہ	ڈالو	اپنا عصا	تو ناگاہ	وہ	نگلنے لگا	جو	انہوں نے ڈھکوسلا بنایا تھا

اور ہم نے موسیٰؑ کی طرف وحی بھیجی کہ اپنا عصا ڈالو ، ناگاہ وہ نگلنے لگا جو ڈھکوسلا انہوں نے بنایا تھا -

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١١٨﴾ فَغُلِبُوا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوا

فَوَقَعَ	الْحَقُّ	وَبَطَلَ	مَا	كَانُوا يَعْمَلُونَ	فَغُلِبُوا	هُنَالِكَ	وَانْقَلَبُوا
پس ثابت ہو گیا	حق	اور باطل ہو گیا	جو	وہ کرتے تھے	پس مغلوب ہو گئے	وہیں	اور لوٹے

پس حق ثابت ہو گیا ، اور وہ جو کرتے تھے باطل ہو گیا - پس وہ وہیں مغلوب ہو گئے ، اور لوٹے

صٰغِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۱﴾

صٰغِرِيْنَ	وَاُلْقِيَ	السَّحَرَةُ	سٰجِدِيْنَ	قَالُوْٓا	اٰمَنَّا	بِرَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ
ذلیل	اور گر گئے	جادوگر	سجدہ کرنے والے	وہ بولے	ہم ایمان لائے	رب پر	تمام جہان (جمع)

ذلیل ہوکر - اور جادوگر سجدہ میں گر گئے- وہ بولے کہ ہم تمام جہانوں کے رب پر ایمان لے آئے-

رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ قَالَ فِرْعَوْنُ اٰمَنْتُمْ بِهٖ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ اِنَّ

رَبِّ	مُوْسٰى	وَهٰرُوْنَ	قَالَ	فِرْعَوْنُ	اٰمَنْتُمْ	بِهٖ	قَبْلَ	اَنْ	اٰذَنَ	لَكُمْ	اِنَّ
رب	موسیٰ	اور ہارون	بولا	فرعون	کیا تم ایمان لائے	اس پر	پہلے	کہ	میں اجازت دوں	تمہیں	بیشک

(یعنی) موسیٰؑ اور ہارونؑ کے رب پر- فرعون بولا کیا تم اس پر ایمان لے آئے اس سے قبل کہ میں تمہیں اجازت دوں؟ بیشک

هٰذَا لَمَكْرٌ مَّكَرْتُمُوْهُ فِي الْمَدِيْنَةِ لِتُخْرِجُوْا مِنْهَآ اَهْلَهَا ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۲۳﴾

هٰذَا	لَمَكْرٌ	مَّكَرْتُمُوْهُ	فِي	الْمَدِيْنَةِ	لِتُخْرِجُوْا	مِنْهَا	اَهْلَهَا	فَسَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ
یہ	ایک چال ہے	جو تم نے چلی	میں	شہر	تاکہ نکال دو	یہاں سے	اسکے رہنے والے	پس جلد	تم معلوم کرلوگے

یہ ایک چال ہے کہ شہر میں تم نے چلی ہے تاکہ اس کے رہنے والوں کو یہاں سے نکال دو، تم جلد (اس کا نتیجہ) معلوم کرلوگے-

لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ ثُمَّ لَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۲۴﴾

لَاُقَطِّعَنَّ	اَيْدِيَكُمْ	وَاَرْجُلَكُمْ	مِّنْ	خِلَافٍ	ثُمَّ	لَاُصَلِّبَنَّكُمْ	اَجْمَعِيْنَ
میں ضرور کاٹ ڈالوں گا	تمہارے ہاتھ	اور تمہارے پاؤں	سے	دوسری طرف	پھر	میں تمہیں ضرور سولی دوں گا	سب کو

میں ضرور کاٹ ڈالوں گا تمہارے (ایک طرف کے) ہاتھ اور دوسری طرف کے پاؤں، پھر میں تم سب کو ضرور سولی دوں گا-

قَالُوْٓا اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ﴿۱۲۵﴾ وَمَا تَنْقِمُ مِنَّآ اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا بِاٰيٰتِ رَبِّنَا

قَالُوْٓا	اِنَّا	اِلٰى	رَبِّنَا	مُنْقَلِبُوْنَ	وَمَا	تَنْقِمُ	مِنَّا	اِلَّآ	اَنْ	اٰمَنَّا	بِاٰيٰتِ	رَبِّنَا
وہ بولے	بیشک ہم	طرف	اپنا رب	لوٹنے والے	اور نہیں	تجھ کو دشمنی	ہم سے	مگر	یہ کہ	ہم ایمان لائے	نشانیاں	اپنا رب

وہ بولے بیشک اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں- اور تجھ کو ہم سے دشمنی نہیں مگر صرف یہ کہ ہم اپنے رب کی نشانیوں پر ایمان لائے

لَمَّا جَآءَتْنَا ۭ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ﴿۱۲۶﴾ وَقَالَ الْمَلَاُ

لَمَّا	جَآءَتْنَا	رَبَّنَا	اَفْرِغْ	عَلَيْنَا	صَبْرًا	وَّتَوَفَّنَا	مُسْلِمِيْنَ	وَقَالَ	الْمَلَاُ
جب	وہ ہمارے پاس آئیں	ہمارا رب	دہانے کھول دے	ہم پر	صبر	اور ہمیں موت دے	مسلمان (جمع)	اور بولے	سردار

جب وہ ہمارے پاس آگئیں، اے ہمارے رب! ہم پر صبر کے دہانے کھول دے اور ہمیں موت دے (اس حال میں کہ ہم) مسلمان ہوں اور سردار بولے

۱۴ ع ۱۸ ۴

مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ اَتَذَرُ مُوْسٰى وَ قَوْمَهٗ لِيُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ وَيَذَرَكَ

مِنْ	قَوْمِ	فِرْعَوْنَ	اَتَذَرُ	مُوْسٰى	وَ قَوْمَهٗ	لِيُفْسِدُوْا	فِى	الْاَرْضِ	وَيَذَرَكَ
سے (کے)	قوم	فرعون	کیا تو چھوڑ رہا ہے	موسیٰ	اور اس کی قوم	تاکہ وہ فساد کریں	میں	زمین	اور وہ چھوڑ دے تجھے

فرعون کی قوم کے، کیا تو موسیٰؑ اور اس کی قوم کو چھوڑ رہا ہے کہ وہ زمین میں فساد کریں اور وہ (موسیٰؑ) تجھے چھوڑ دے

وَاٰلِهَتَكَ ۭ قَالَ سَنُقَتِّلُ اَبْنَآءَهُمْ وَنَسْتَحْيٖ نِسَآءَهُمْ ۚ وَاِنَّا فَوْقَهُمْ

وَاٰلِهَتَكَ	قَالَ	سَنُقَتِّلُ	اَبْنَآءَهُمْ	وَ نَسْتَحْيٖ	نِسَآءَهُمْ	وَاِنَّا	فَوْقَهُمْ
اور تیرے معبود	اس نے کہا	ہم عنقریب قتل کر دینگے	ان کے بیٹے	اور زندہ چھوڑ دینگے	ان کی عورتیں (بیٹیاں)	اور ہم	اُن پر

اور تیرے معبودوں کو، اس نے کہا ہم عنقریب ان کے بیٹوں کو قتل کر دیں گے اور بیٹیوں کو زندہ چھوڑ دیں گے، اور ہم اُن پر

قٰهِرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اسْتَعِيْنُوْا بِاللّٰهِ وَاصْبِرُوْا ۚ اِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ ۟

قٰهِرُوْنَ	قَالَ	مُوْسٰى	لِقَوْمِهِ	اسْتَعِيْنُوْا	بِاللّٰهِ	وَاصْبِرُوْا	اِنَّ	الْاَرْضَ	لِلّٰهِ
زور آور (جمع)	کہا	موسیٰ	اپنی قوم سے	تم مدد مانگو	اللہ سے	اور صبر کرو	بیشک	زمین	اللہ کی

زور آور ہیں۔ موسیٰؑ نے اپنی قوم سے کہا کہ تم اللہ سے مدد مانگو اور صبر کرو، بیشک زمین اللہ کی ہے

يُوْرِثُهَا مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۭ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۲۸﴾ قَالُوْٓا اُوْذِيْنَا مِنْ

يُوْرِثُهَا	مَنْ	يَّشَآءُ	مِنْ	عِبَادِهٖ	وَ	الْعَاقِبَةُ	لِلْمُتَّقِيْنَ	قَالُوْا	اُوْذِيْنَا	مِنْ
وہ اسکا وارث بناتا ہے	جس	چاہتا ہے	سے	اپنے بندے	اور	انجام کار	پرہیزگاروں کے لئے	وہ بولے	ہم اذیت دیئے گئے	سے

وہ اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتا ہے اس کا وارث بنا دیتا ہے اور انجام کار پرہیزگاروں کے لئے ہے۔ وہ بولے ہم اذیت دیئے گئے

قَبْلِ اَنْ تَاْتِيَنَا وَمِنْۢ بَعْدِ مَا جِئْتَنَا ۭ قَالَ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّهْلِكَ عَدُوَّكُمْ

قَبْلِ	اَنْ	تَاْتِيَنَا	وَ	مِنْۢ بَعْدِ	مَا جِئْتَنَا	قَالَ	عَسٰى	رَبُّكُمْ	اَنْ	يُّهْلِكَ	عَدُوَّكُمْ
قبل کہ	کہ	آپ ہم میں آتے	اور	بعد	آپ آئے ہم میں	اس نے کہا	قریب ہے	تمہارا رب	کہ	ہلاک کرے	تمہارا دشمن

اس سے قبل کہ آپ ہم میں آتے اور اس کے بعد کہ آپ ہم میں آئے، (موسیٰؑ نے) کہا قریب ہے تمہارا رب تمہارے دشمن کو ہلاک کر دے

وَيَسْتَخْلِفَكُمْ فِى الْاَرْضِ فَيَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۹﴾ وَلَقَدْ اَخَذْنَآ

وَيَسْتَخْلِفَكُمْ	فِى	الْاَرْضِ	فَيَنْظُرَ	كَيْفَ	تَعْمَلُوْنَ	وَلَقَدْ	اَخَذْنَا
اور تمہیں خلیفہ بنا دے	میں	زمین	پھر دیکھے گا	کیسے	تم کام کرتے ہو	اور البتہ	ہم نے پکڑا

اور تمہیں زمین میں خلیفہ (نائب) بنا دے، پھر دیکھے گا تم کیسے کام کرتے ہو۔ اور البتہ ہم نے پکڑا

ع ۱۵ ۵

آلَ فِرْعَوْنَ بِالسِّنِيْنَ وَنَقْصٍ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿١٣٠﴾ فَاِذَا جَآءَتْهُمُ

آلَ فِرْعَوْنَ	بِالسِّنِيْنَ	وَ	نَقْصٍ	مِّنَ	الثَّمَرٰتِ	لَعَلَّهُمْ	يَذَّكَّرُوْنَ	فَاِذَا	جَآءَتْهُمُ
فرعون والے	قحطوں میں	اور	نقصان	سے (میں)	پھل (جمع)	تاکہ وہ	نصیحت پکڑیں	پھر جب	آئی اُن کے پاس

فرعون والوں کو قحطوں میں، اور پھلوں کے نقصان میں ؀ تاکہ وہ نصیحت پکڑیں - جب ان کے پاس آئی

الْحَسَنَةُ قَالُوْا لَنَا هٰذِهٖ ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَّطَّيَّرُوْا بِمُوْسٰى وَمَنْ مَّعَهٗ ؕ

الْحَسَنَةُ	قَالُوْا	لَنَا	هٰذِهٖ	وَاِنْ	تُصِبْهُمْ	سَيِّئَةٌ	يَّطَّيَّرُوْا	بِمُوْسٰى	وَمَنْ مَّعَهٗ
بھلائی	وہ کہنے لگے	ہمارے لئے	یہ	اور اگر	پہنچتی	کوئی برائی	بدشگونی لیتے	موسیٰ سے	اور جو اُن کے ساتھ (ساتھی)

بھلائی تو وہ کہنے لگے یہ ہمارے لئے ہے، اور کوئی برائی پہنچتی تو موسیٰؑ اور ان کے ساتھیوں سے بدشگونی (بدنصیبی) لیتے،

اَلَآ اِنَّمَا طٰٓئِرُهُمْ عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿١٣١﴾ وَقَالُوْا مَهْمَا

اَلَآ	اِنَّمَا	طٰٓئِرُهُمْ	عِنْدَ	اللّٰهِ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ	وَ	قَالُوْا	مَهْمَا
یاد رکھو	اس کے سوا نہیں	اُن کی بدنصیبی	پاس	اللہ	اور لیکن	ان کے اکثر	نہیں جانتے	اور	وہ کہنے لگے	جو کچھ

یاد رکھو! اس کے سوا نہیں کہ اُن کی بدنصیبی اللہ کے پاس ہے، لیکن ان کے اکثر نہیں جانتے - اور وہ کہنے لگے جو کچھ

تَاْتِنَا بِهٖ مِنْ اٰيَةٍ لِّتَسْحَرَنَا بِهَا ۙ فَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٣٢﴾ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ

تَاْتِنَا بِهٖ	مِنْ اٰيَةٍ	لِّتَسْحَرَنَا	بِهَا	فَمَا	نَحْنُ	لَكَ	بِمُؤْمِنِيْنَ	فَاَرْسَلْنَا	عَلَيْهِمُ
ہم پر تو لائے گا	کیسی بھی نشانی	کہ ہم پر جادو کرے	اس سے	تو نہیں	ہم	تجھ پر	ایمان لانے والے	پھر ہم نے بھیجے	ان پر

تو ہم پر کیسی بھی نشانی لائے گا کہ اس سے ہم پر جادو کرے تو (بھی) ہم تجھ پر ایمان لانے والے نہیں - پھر ہم نے اُن پر بھیجے

الطُّوْفَانَ وَالْجَرَادَ وَالْقُمَّلَ وَالضَّفَادِعَ وَالدَّمَ اٰيٰتٍ مُّفَصَّلٰتٍ ۫ فَاسْتَكْبَرُوْا

الطُّوْفَانَ	وَ	الْجَرَادَ	وَالْقُمَّلَ	وَالضَّفَادِعَ	وَالدَّمَ	اٰيٰتٍ	مُّفَصَّلٰتٍ	فَاسْتَكْبَرُوْا
طوفان	اور	ٹڈی	اور جوئیں۔ چچڑی	اور مینڈک	اور خون	نشانیاں	جُدا جُدا	تو انہوں نے تکبر کیا

طوفان، اور ٹڈی، اور جوئیں، اور مینڈک، اور خون، جُدا جُدا نشانیاں، تو انہوں نے تکبر کیا ؀

وَكَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿١٣٣﴾ وَلَمَّا وَقَعَ عَلَيْهِمُ الرِّجْزُ قَالُوْا يٰمُوْسَى ادْعُ لَنَا

وَكَانُوْا	قَوْمًا	مُّجْرِمِيْنَ	وَلَمَّا	وَقَعَ	عَلَيْهِمُ	الرِّجْزُ	قَالُوْا	يٰمُوْسَى	ادْعُ	لَنَا
اور وہ تھے	ایک قوم (لوگ)	مجرم (جمع)	اور جب	واقع ہوا	ان پر	عذاب	کہنے لگے	اے موسیٰ	دُعا کر	ہمارے لئے

اور وہ مجرم قوم کے لوگ تھے - اور جب ان پر عذاب واقع ہوا تو کہنے لگے کہ اے موسیٰؑ ہمارے لئے دُعا کر

رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ لَئِنْ كَشَفْتَ عَنَّا الرِّجْزَ لَنُؤْمِنَنَّ لَكَ وَ

رَبَّكَ	بِمَا	عَهِدَ	عِنْدَكَ	لَئِنْ	كَشَفْتَ	عَنَّا	الرِّجْزَ	لَنُؤْمِنَنَّ	لَكَ	وَ
اپنا رب	سبب۔ جو	عہد	تیرے پاس	اگر	تونے کھول دیا (اُٹھا لیا)	ہم سے	عذاب	ہم ضرور ایمان لائیں گے	تجھ پر	اور

اپنے رب سے (اللہ کے) اس عہد کے سبب جو تیرے پاس ہے، اگر تُونے ہم سے عذاب اُٹھا لیا تو ہم ضرور تجھ پر ایمان لے آئیں گے اور

لَنُرْسِلَنَّ مَعَكَ بَنِيٓ إِسْرَآءِيلَ ﴿۱۳۴﴾ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الرِّجْزَ إِلٰٓى أَجَلٍ

لَنُرْسِلَنَّ	مَعَكَ	بَنِيٓ إِسْرَآءِيلَ	فَلَمَّا	كَشَفْنَا	عَنْهُمُ	الرِّجْزَ	إِلٰٓى أَجَلٍ
ہم ضرور بھیجدیں گے	تیرے ساتھ	بنی اسرائیل	پھر جب	ہم نے کھول دیا (اُٹھا لیا)	ان سے	عذاب	ایک مدت تک

اور بنی اسرائیل کو تیرے ساتھ ضرور بھیجدیں گے ۔ پھر جب ہم نے اُن سے عذاب اُٹھا لیا ایک مدت تک

هُمْ بٰلِغُوهُ إِذَا هُمْ يَنْكُثُونَ ﴿۱۳۵﴾ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَأَغْرَقْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ

هُمْ	بٰلِغُوهُ	إِذَا	هُمْ	يَنْكُثُونَ	فَانْتَقَمْنَا	مِنْهُمْ	فَأَغْرَقْنٰهُمْ	فِي الْيَمِّ
انہیں	اس تک نہیں پہنچا تھا	اسی وقت	وہ	(عہد) توڑ دیتے	پھر ہم نے انتقام لیا	اُن سے	پس انہیں غرق کر دیا	دریا میں

کہ انہیں پہنچنا تھا، اسی وقت وہ عہد توڑ دیتے ۔ پھر ہم نے اُن سے انتقام لیا، اور انہیں دریا میں غرق کر دیا،

بِأَنَّهُمْ كَذَّبُوا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوا عَنْهَا غٰفِلِينَ ﴿۱۳۶﴾ وَأَوْرَثْنَا الْقَوْمَ

بِأَنَّهُمْ	كَذَّبُوا	بِاٰيٰتِنَا	وَكَانُوا	عَنْهَا	غٰفِلِينَ	وَأَوْرَثْنَا	الْقَوْمَ
کیونکہ انہیں	جھٹلایا	ہماری آیتوں کو	اور وہ تھے	اُن سے	غافل (جمع)	اور ہم نے وارث کیا	قوم

کیونکہ انہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور وہ اُن سے غافل تھے ۔ اور ہم نے اس قوم کو وارث کر دیا

الَّذِينَ كَانُوا يُسْتَضْعَفُونَ مَشٰرِقَ الْأَرْضِ وَمَغٰرِبَهَا الَّتِي بٰرَكْنَا

الَّذِينَ	كَانُوا	يُسْتَضْعَفُونَ	مَشٰرِقَ	الْأَرْضِ	وَمَغٰرِبَهَا	الَّتِي	بٰرَكْنَا
وہ جو	تھے	کمزور سمجھے جاتے	مشرق (جمع)	زمین	اور اس کے مغرب (جمع)	وہ جس	ہم نے برکت رکھی

جو (اس) زمین کے مشرق و مغرب میں کمزور سمجھے جاتے تھے، جس میں ہم نے برکت رکھی ہے، (سرزمین شام)

فِيهَا ۗ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ الْحُسْنٰى عَلٰى بَنِيٓ إِسْرَآءِيلَ ۙ بِمَا صَبَرُوا ۗ

فِيهَا	وَتَمَّتْ	كَلِمَتُ	رَبِّكَ	الْحُسْنٰى	عَلٰى	بَنِيٓ إِسْرَآءِيلَ	بِمَا	صَبَرُوا
اس میں	اور پورا ہو گیا	وعدہ	تیرا رب	اچھا	پر	بنی اسرائیل	بدلے میں	انہوں نے صبر کیا

اور بنی اسرائیل پر تیرے رب کا وعدہ پورا ہو گیا، اس کے بدلہ میں کہ اُنہوں نے صبر کیا

وَدَمَّرْنَا مَا كَانَ يَصْنَعُ فِرْعَوْنُ وَقَوْمُهُ وَمَا كَانُوْا يَعْرِشُوْنَ ﴿١٣٧﴾ وَجٰوَزْنَا

وَدَمَّرْنَا	مَا	كَانَ يَصْنَعُ	فِرْعَوْنُ	وَقَوْمُهُ	وَمَا	كَانُوْا يَعْرِشُوْنَ	وَ	جٰوَزْنَا
اور ہم نے برباد کر دیا	جو	بناتے تھے (بنایا تھا)	فرعون	اور اس کی قوم	اور جو	وہ اونچا پھیلاتے تھے	اور	ہم نے پار اتارا

اور ہم نے برباد کر دیا جو فرعون اور اس کی قوم نے بنایا تھا اور جو وہ اونچا پھیلاتے تھے (ان کے بلند و بالا محلات) - اور ہم نے

بِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْبَحْرَ فَاَتَوْا عَلٰى قَوْمٍ يَّعْكُفُوْنَ عَلٰٓى اَصْنَامٍ لَّهُمْ ج

بِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	الْبَحْرَ	فَاَتَوْا	عَلٰى	قَوْمٍ	يَّعْكُفُوْنَ	عَلٰى	اَصْنَامٍ	لَّهُمْ
بنی اسرائیل کو	بحر (قلزم)	پس وہ آئے	پر (پاس)	ایک قوم	جمے بیٹھے تھے	پر	صنم (جمع) بت	اپنے

بنی اسرائیل کو بحر (قلزم) کے پار اُتارا ، پس وہ ایک ایسی قوم کے پاس آئے جو اپنے بتوں (کی پوجا) پر جمے بیٹھے تھے

قَالُوْا يٰمُوْسَى اجْعَلْ لَّنَآ اِلٰهًا كَمَا لَهُمْ اٰلِهَةٌ ط قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ﴿١٣٨﴾

قَالُوْا	يٰمُوْسَى	اجْعَلْ	لَّنَا	اِلٰهًا	كَمَا	لَهُمْ	اٰلِهَةٌ	قَالَ	اِنَّكُمْ	قَوْمٌ	تَجْهَلُوْنَ
وہ بولے	اے موسیٰ	بنا دے	ہمارے لئے	بت	جیسے	ان کے لئے	معبود (جمع) بت	اس نے کہا	بیشک تم	تم لوگ	جہل کرتے ہو

وہ بولے اے موسیٰؑ! ہمارے لئے ایسے بت بنا دے جیسے ان کے ہیں (موسیٰؑ) نے کہا. بیشک تم لوگ جہل (نادانی) کرتے ہو۔

اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ مُتَبَّرٌ مَّا هُمْ فِيْهِ وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٣٩﴾ قَالَ اَغَيْرَ اللّٰهِ

اِنَّ	هٰٓؤُلَآءِ	مُتَبَّرٌ	مَا	هُمْ	فِيْهِ	وَبٰطِلٌ	مَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	قَالَ	اَغَيْرَ اللّٰهِ
بیشک	یہ لوگ	تباہ ہونے والی ہے	جو	وہ	اس میں	اور باطل	جو	وہ کر رہے ہیں	اس نے کہا	آیا اللہ کے سوا

بیشک یہ لوگ جس (بت پرستی) میں لگے ہوئے ہیں وہ تباہ ہونے والی ہے اور باطل ہے وہ جو یہ کر رہے ہیں - موسیٰؑ نے کہا اللہ کے سوا

اَبْغِيْكُمْ اِلٰهًا وَّهُوَ فَضَّلَكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٤٠﴾ وَاِذْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ

اَبْغِيْكُمْ	اِلٰهًا	وَ	هُوَ	فَضَّلَكُمْ	عَلَى	الْعٰلَمِيْنَ	وَاِذْ	اَنْجَيْنٰكُمْ	مِّنْ	اٰلِ فِرْعَوْنَ
تلاش کروں تمہارے لئے	کوئی معبود	حالانکہ	اس	فضیلت دی تمہیں	پر	سارے جہان	اور جب	ہم نے تمہیں نجات دی	سے	فرعون والے

تمہارے لئے کوئی اور معبود تلاش کروں ؟ حالانکہ اس نے تمہیں سارے جہان پر فضیلت دی - اور (یاد کرو) جب ہم نے تمہیں فرعون والوں سے نجات دی

يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ ج يُقَتِّلُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ط وَفِيْ ذٰلِكُمْ

يَسُوْمُوْنَكُمْ	سُوْٓءَ	الْعَذَابِ	يُقَتِّلُوْنَ	اَبْنَآءَكُمْ	وَيَسْتَحْيُوْنَ	نِسَآءَكُمْ	وَ	فِيْ ذٰلِكُمْ
تمہیں تکلیف دیتے تھے	برا	عذاب	مار ڈالتے تھے	تمہارے بیٹے	اور جیتا چھوڑ دیتے تھے	تمہاری عورتیں (بیٹیاں)	اور	اس میں تمہارے لئے

وہ تمہیں برے عذاب سے تکلیف دیتے تھے ، تمہارے بیٹوں کو مار ڈالتے اور تمہاری بیٹیوں کو جیتا چھوڑ دیتے تھے - اور اس میں تمہارے لئے

بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ﴿١٤١﴾ وَوٰعَدْنَا مُوْسٰى ثَلٰثِيْنَ لَيْلَةً وَّاَتْمَمْنٰهَا بِعَشْرٍ

بَلَآءٌ	مِّنْ	رَّبِّكُمْ	عَظِيْمٌ	وَوٰعَدْنَا	مُوْسٰى	ثَلٰثِيْنَ	لَيْلَةً	وَّاَتْمَمْنٰهَا	بِعَشْرٍ
آزمائش	سے	تمہارا رب	بڑا ۔ بڑی	اور ہم نے وعدہ کیا	موسیٰ	تیس ۳۰	رات	اور اس کو ہم نے پورا کیا	دس سے

تمہارے رب کی طرف سے بڑی آزمائش تھی ۔ اور ہم نے موسیٰؑ سے وعدہ کیا تیس ۳۰ رات کا اور اس کو دس ۱۰ (اور بڑھا کر) پورا کیا

تمہارے لئے	اور چاہتے تھے	کہ	بغیر	کانٹے والا	ہو	تمہارے لئے ہو	اور	چاہتا تھا	اللہ	کہ	ثابت کردے

تمہارے لئے اور تم چاہتے تھے کہ (جس میں) کانٹا نہ لگے تمہارے لئے ہو، اور اللہ چاہتا تھا کہ ثابت کر دے

الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَيَقْطَعَ دَابِرَ الْكٰفِرِيْنَ ۝٧ لِيُحِقَّ الْحَقَّ وَيُبْطِلَ الْبَاطِلَ وَلَوْ

الْحَقَّ	بِكَلِمٰتِهٖ	وَيَقْطَعَ	دَابِرَ	الْكٰفِرِيْنَ	لِيُحِقَّ	الْحَقَّ	وَيُبْطِلَ	الْبَاطِلَ	وَلَوْ
حق	اپنے کلمات سے	اور کاٹ دے	جڑ	کافر (جمع)	تاکہ حق ثابت کردے	حق	اور باطل ثابت کردے	باطل	خواہ

حق اپنے کلمات سے، اور کافروں کی جڑ کاٹ دے۔ تاکہ حق کو حق ثابت کردے اور باطل کو باطل، خواہ

كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝٨ اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ اَنِّيْ مُمِدُّكُمْ بِاَلْفٍ

كَرِهَ	الْمُجْرِمُوْنَ	اِذْ	تَسْتَغِيْثُوْنَ	رَبَّكُمْ	فَاسْتَجَابَ	لَكُمْ	اَنِّيْ	مُمِدُّكُمْ	بِاَلْفٍ
ناپسند کریں	مجرم (جمع)	جب	تم فریاد کرتے تھے	اپنا رب	تو اس نے قبول کرلی	تمہاری	کہ میں	مدد کروں گا تمہاری	ایک ہزار

مجرم ناپسند کریں۔ (یاد کرو) جب تم اپنے رب سے فریاد کرتے تھے تو اس نے تمہاری (دعا) قبول کرلی کہ میں تمہاری مدد کروں گا ایک ہزار

مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُرْدِفِيْنَ ۝٩ وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى وَلِتَطْمَئِنَّ بِهٖ

مِنَ	الْمَلٰٓئِكَةِ	مُرْدِفِيْنَ	وَمَا	جَعَلَهُ	اللّٰهُ	اِلَّا	بُشْرٰى	وَ	لِتَطْمَئِنَّ	بِهٖ
سے	فرشتے	ایک دوسرے کے پیچھے (لگاتار)	اور نہیں	بنایا اسے	اللہ	مگر	خوشخبری	اور	تاکہ مطمئن ہوں	اس سے

لگاتار آنے والے فرشتوں سے۔ اور اللہ نے اس کو نہیں بنایا مگر خوشخبری، اور تاکہ اس سے مطمئن ہوں

۱ ع ۱۰ ۱۵

قُلُوْبُكُمْ ۚ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝١٠ اِذْ

قُلُوْبُكُمْ	وَمَا	النَّصْرُ	اِلَّا	مِنْ	عِنْدِ اللّٰهِ	اِنَّ	اللّٰهَ	عَزِيْزٌ	حَكِيْمٌ	اِذْ
تمہارے دل	اور نہیں	مدد	مگر	سے	اللہ کے پاس	بیشک	اللہ	غالب	حکمت والا	جب

تمہارے دل، اور مدد نہیں ہے مگر اللہ کے پاس سے، بیشک اللہ غالب حکمت والا ہے۔ (یاد کرو) جب

يُغَشِّيْكُمُ النُّعَاسَ اَمَنَةً مِّنْهُ وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُمْ مِّنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً لِّيُطَهِّرَكُمْ

يُغَشِّيْكُمُ	النُّعَاسَ	اَمَنَةً	مِنْهُ	وَيُنَزِّلُ	عَلَيْكُمْ	مِنَ	السَّمَاۗءِ	مَاۗءً	لِيُطَهِّرَكُمْ
تمہیں ڈھانپ لیا (طاری کردی)	اونگھ	تسکین	اس سے	اور اتارا	تم پر	سے	آسمان	پانی	تاکہ پاک کردے تمہیں

اس نے تم پر اونگھ طاری کردی، یہ اس (اللہ) کی طرف سے تسکین (تھی)، اور تم پر آسمان سے پانی اتارا تاکہ تمہیں پاک کردے

بِهٖ وَيُذْهِبَ عَنْكُمْ رِجْزَ الشَّيْطٰنِ وَلِيَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ

بِهٖ	وَيُذْهِبَ	عَنْكُمْ	رِجْزَ	الشَّيْطٰنِ	وَلِيَرْبِطَ	عَلٰى	قُلُوْبِكُمْ	وَيُثَبِّتَ	بِهِ
اس سے	اور دور کر دے	تم سے	پلیدی (ناپاکی)	شیطان	اور تاکہ باندھ دے (مضبوط کر دے)	پر	تمہارے دل	اور جما دے	اس سے

اس سے، اور تم سے شیطان کی ناپاکی دور کر دے، اور تاکہ تمہارے دل مضبوط کر دے، اور اس سے جما دے (تمہارے)

الْاَقْدَامَ ﴿١١﴾ اِذْ يُوْحِيْ رَبُّكَ اِلَى الْمَلٰٓئِكَةِ اَنِّيْ مَعَكُمْ فَثَبِّتُوا الَّذِيْنَ

الْاَقْدَامَ	اِذْ	يُوْحِيْ	رَبُّكَ	اِلَى	الْمَلٰٓئِكَةِ	اَنِّيْ	مَعَكُمْ	فَثَبِّتُوْا	الَّذِيْنَ
قدم	جب	وحی بھیجی	تیرا رب	طرف (کو)	فرشتے	کہ میں	تمہارے ساتھ	تم ثابت رکھو	جو لوگ

قدم۔ (یاد کرو) جب تمہارے رب نے فرشتوں کو وحی بھیجی کہ میں تمہارے ساتھ ہوں، تم ثابت رکھو مومنوں کے

اٰمَنُوْا سَاُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ فَاضْرِبُوْا فَوْقَ الْاَعْنَاقِ

اٰمَنُوْا	سَاُلْقِيْ	فِيْ	قُلُوْبِ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	الرُّعْبَ	فَاضْرِبُوْا	فَوْقَ	الْاَعْنَاقِ
ایمان لائے (مومن)	عنقریب میں ڈال دوں گا	میں	دل (جمع)	جن لوگوں نے	کفر کیا (کافر)	رعب	سو تم ضرب لگاؤ	اوپر	گردنیں

(دل)، میں عنقریب کافروں کے دلوں میں رعب ڈال دوں گا، تم ان کی گردنوں کے اوپر ضرب لگاؤ

وَاضْرِبُوْا مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ ﴿١٢﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ وَ

وَاضْرِبُوْا	مِنْهُمْ	كُلَّ	بَنَانٍ	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	شَآقُّوا	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	وَ
اور ضرب لگاؤ	ان سے (ان کی)	ہر	پور	یہ اس لئے	کہ وہ	مخالف ہوئے	اللہ	اور اس کا رسول	اور

اور ان کے ایک ایک پور پر ضرب لگاؤ۔ یہ اس لئے ہوا کہ وہ اللہ اور اس کے رسول کے مخالف ہوئے اور

مَنْ يُّشَاقِقِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿١٣﴾ ذٰلِكُمْ فَذُوْقُوْهُ

مَنْ	يُّشَاقِقِ	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	شَدِيْدُ	الْعِقَابِ	ذٰلِكُمْ	فَذُوْقُوْهُ
جو	مخالف ہوگا	اللہ	اور اس کا رسول	تو بیشک	اللہ	سخت	عذاب (مار)	تو تم	پس چکھو

جو اللہ اور اس کے رسول کا مخالف ہوگا (وہ یاد رکھے) بیشک اللہ کی مار سخت ہے۔ تو تم یہ چکھو

وَاَنَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابَ النَّارِ ﴿١٤﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ

وَاَنَّ	لِلْكٰفِرِيْنَ	عَذَابَ	النَّارِ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	اِذَا	لَقِيْتُمُ	الَّذِيْنَ
اور یقیناً	کافروں کے لئے	عذاب	دوزخ	اے	جو لوگ	ایمان لائے	جب	تمہاری مڈبھیڑ ہو	ان لوگوں سے

اور یقیناً کافروں کے لئے دوزخ کا عذاب ہے۔ اے ایمان لانے والو، جب ان سے تمہاری مڈبھیڑ ہو جنہوں نے

كَفَرُوْا زَحْفًا فَلَا تُوَلُّوْهُمُ الْاَدْبَارَ ﴿١٥﴾ وَمَنْ يُّوَلِّهِمْ يَوْمَىِٕذٍ دُبُرَهٗۤ اِلَّا مُتَحَرِّفًا

كَفَرُوْا	زَحْفًا	فَلَا تُوَلُّوْهُمُ	الْاَدْبَارَ	وَمَنْ	يُّوَلِّهِمْ	يَوْمَىِٕذٍ	دُبُرَهٗۤ	اِلَّا	مُتَحَرِّفًا
کفر کیا	لڑتے ہوؤں کو (میدان جنگ میں)	تو ان سے نہ پھیرو	پیٹھ (جمع)	اور جو کوئی	ان سے پھیرے	اس دن	اپنی پیٹھ	سوائے	گھات لگاتا ہوا

کفر کیا میدان جنگ میں، تو ان سے پیٹھ نہ پھیرو۔ اور جو کوئی اس دن ان سے اپنی پیٹھ پھیرے، سوائے اس کے کہ گھات لگاتا ہو

لِّقِتَالٍ اَوْ مُتَحَیِّزًا اِلٰى فِئَةٍ فَقَدْ بَآءَ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ

لِّقِتَالٍ	اَوْ	مُتَحَیِّزًا	اِلٰى	فِئَةٍ	فَقَدْ بَآءَ	بِغَضَبٍ	مِّنَ	اللّٰهِ	وَ	مَاْوٰىهُ	جَهَنَّمُ
جنگ کے لئے	یا	جا ملنے کو	طرف	اپنی جماعت	وہ لوٹا	غصہ کے ساتھ	سے	اللہ	اور	اسکا ٹھکانہ	جہنم

جنگ کے لئے یا اپنی جماعت کی طرف جا ملنے کو، پس وہ لوٹا اللہ کے غضب کے ساتھ، اور اس کا ٹھکانہ جہنم ہے،

وَبِئْسَ الْمَصِیْرُ ﴿١٦﴾ فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ وَمَا رَمَیْتَ اِذْ

وَبِئْسَ	الْمَصِیْرُ	فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ	وَلٰكِنَّ	اللّٰهَ	قَتَلَهُمْ	وَ	مَا رَمَیْتَ	اِذْ
اور بُری	پلٹنے کی جگہ (ٹھکانہ)	سو تم نے نہیں قتل کیا انہیں	بلکہ	اللہ	انہیں قتل کیا	اور	آپ نے نہ پھینکی تھی	جب

اور یہ بُرا ٹھکانہ ہے۔ سو تم نے انہیں قتل نہیں کیا، بلکہ اللہ نے انہیں قتل کیا، اور آپ نے (مٹھی بھر خاک) نہیں پھینکی جب

رَمَیْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى وَلِیُبْلِیَ الْمُؤْمِنِیْنَ مِنْهُ بَلَآءً حَسَنًا اِنَّ اللّٰهَ

رَمَیْتَ	وَلٰكِنَّ	اللّٰهَ	رَمٰى	وَلِیُبْلِیَ	الْمُؤْمِنِیْنَ	مِنْهُ	بَلَآءً	حَسَنًا	اِنَّ	اللّٰهَ
آپ نے پھینکی	بلکہ	اللہ	پھینکی	اور تاکہ عطا کرے	مومن (جمع)	اپنی طرف سے	انعام	اچھا	بیشک	اللہ

آپ نے پھینکی بلکہ اللہ نے پھینکی، اور تاکہ مومنوں کو اچھا انعام عطا کرے، بیشک اللہ

سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ﴿١٧﴾ ذٰلِكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ مُوْهِنُ كَیْدِ الْكٰفِرِیْنَ ﴿١٨﴾ اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا

سَمِیْعٌ	عَلِیْمٌ	ذٰلِكُمْ	وَاَنَّ	اللّٰهَ	مُوْهِنُ	كَیْدِ	الْكٰفِرِیْنَ	اِنْ	تَسْتَفْتِحُوْا
سُننے والا	جاننے والا	یہ تو ہوا	یہ کہ	اللہ	سُست کرنیوالا	مکر۔ داؤ	کافر (جمع)	اگر	تم فیصلہ چاہتے ہو

سُننے والا جاننے والا ہے۔ یہ تو ہوا، اور یہ کہ اللہ کافروں کا داؤ سُست کرنے والا ہے۔ (کافرو!) اگر تم فیصلہ چاہتے ہو

فَقَدْ جَآءَكُمُ الْفَتْحُ وَاِنْ تَنْتَهُوْا فَهُوَ خَیْرٌ لَّكُمْ وَاِنْ تَعُوْدُوْا نَعُدْ

فَقَدْ	جَآءَكُمُ	الْفَتْحُ	وَاِنْ	تَنْتَهُوْا	فَهُوَ	خَیْرٌ	لَّكُمْ	وَاِنْ	تَعُوْدُوْا	نَعُدْ
تو البتہ	آگیا تمہارے پاس	فیصلہ	اور اگر	تم باز آجاؤ	تو وہ	بہتر	تمہارے لئے	اور اگر	پھر کرو گے	ہم پھر کریں گے

تو البتہ تمہارے پاس فیصلہ (اسلام کی فتح کی صورت میں) آگیا ہے، اور اگر تم باز آجاؤ تو وہ تمہارے لئے بہتر ہے، اور اگر پھر (یہی) کرو گے تو ہم (بھی) پھر کریں گے

وَلَنْ تُغْنِيَ عَنْكُمْ فِئَتُكُمْ شَيْئًا وَّلَوْ كَثُرَتْ وَاَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۹﴾

الْمُؤْمِنِيْنَ	مَعَ	اللّٰهَ	اَنَّ	وَ	لَوْ كَثُرَتْ	وَ	شَيْئًا	فِئَتُكُمْ	عَنْكُمْ	تُغْنِيَ	وَلَنْ
مومن (جمع)	ساتھ	اللہ	بیشک	اور	خواہ کثرت ہو	اور	کچھ	تمہارا جتھا	تمہارے	کام آئے گا	اور ہرگز نہ

اور تمہارا جتھا ہرگز تمہارے کام نہ آئے گا خواہ اس کی کثرت ہو اور بیشک اللہ مومنوں کے ساتھ ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَوَلَّوْا عَنْهُ وَاَنْتُمْ تَسْمَعُوْنَ ﴿۲۰﴾

تَسْمَعُوْنَ	وَاَنْتُمْ	عَنْهُ	لَا تَوَلَّوْا	وَ	وَرَسُوْلَهٗ	اللّٰهَ	اَطِيْعُوا	اٰمَنُوْٓا	الَّذِيْنَ	يٰٓاَيُّهَا
سنتے ہو	جبکہ تم	اس سے	مت پھرو	اور	اور اس کا رسول	اللہ	حکم مانو	ایمان لائے	وہ لوگ جو	اے

اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول کا حکم مانو، اور اس سے نہ پھرو جب کہ تم سنتے ہو۔

وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ قَالُوْا سَمِعْنَا وَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۲۱﴾ اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ

الدَّوَآبِّ	شَرَّ	اِنَّ	لَا يَسْمَعُوْنَ	وَهُمْ	سَمِعْنَا	قَالُوْا	كَالَّذِيْنَ	وَلَا تَكُوْنُوْا
جانور (جمع)	بدترین	بیشک	وہ نہیں سنتے	حالانکہ	ہم نے سنا	انہوں نے کہا	ان لوگوں کی طرح جو	اور نہ ہو جاؤ

اور ان لوگوں کی طرح نہ ہو جاؤ، جنہوں نے کہا ہم نے سنا، حالانکہ وہ سنتے نہیں۔ بیشک جانوروں سے بدترین

عِنْدَ اللّٰهِ الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَلَوْ عَلِمَ اللّٰهُ فِيْهِمْ خَيْرًا

خَيْرًا	فِيْهِمْ	عَلِمَ اللّٰهُ	وَلَوْ	لَا يَعْقِلُوْنَ	الَّذِيْنَ	الْبُكْمُ	الصُّمُّ	اللّٰهِ	عِنْدَ
کوئی بھلائی	ان میں	جانتا اللہ	اور اگر	سمجھتے نہیں	جو کہ	گونگے	بہرے	اللہ	نزدیک

اللہ کے نزدیک (وہ ہیں جو) بہرے، گونگے ہیں، جو سمجھتے نہیں۔ اور اگر اللہ ان میں کوئی بھلائی جانتا

لَّاَسْمَعَهُمْ ۭ وَلَوْ اَسْمَعَهُمْ لَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۲۳﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اٰمَنُوْا	الَّذِيْنَ	يٰٓاَيُّهَا	مُّعْرِضُوْنَ	وَّهُمْ	لَتَوَلَّوْا	اَسْمَعَهُمْ	وَلَوْ	لَّاَسْمَعَهُمْ
ایمان لائے	وہ لوگ جو	اے	منہ پھیرنے والے	اور وہ	وہ ضرور پھر جائیں	انہیں سنا دے	اور اگر	تو ضرور سنا دیتا ان کو

تو انہیں ضرور سنا دیتا، اور اگر اللہ انہیں سنا دے تو ضرور پھر جائیں، اور وہ منہ پھیرنے والے ہیں۔ اے ایمان والو!

اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيْكُمْ ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَحُوْلُ

يَحُوْلُ	اللّٰهَ	اَنَّ	وَاعْلَمُوْٓا	لِمَا يُحْيِيْكُمْ	دَعَاكُمْ	اِذَا	وَلِلرَّسُوْلِ	لِلّٰهِ	اسْتَجِيْبُوْا
حائل ہو جاتا ہے	اللہ	کہ	اور جان لو	اس کیلئے جو زندگی بخشے تمہیں	وہ بلائیں تمہیں	جب	اور اس کے رسول کا	اللہ کا	قبول کر لو

اللہ اور اس کے رسول (کی دعوت) قبول کرو جب وہ تمہیں اس کے لئے بلائیں جو تمہیں زندگی بخشے، اور جان لو کہ اللہ حائل ہو جاتا ہے

بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهٖ وَاَنَّهٗٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَاتَّقُوْا فِتْنَةً لَّا تُصِيْبَنَّ

بَيْنَ	الْمَرْءِ	وَقَلْبِهٖ	وَ	اَنَّهٗٓ	اِلَيْهِ	تُحْشَرُوْنَ	وَاتَّقُوْا	فِتْنَةً	لَّا تُصِيْبَنَّ
درمیان	آدمی	اور اس کا دل	اور	یہ کہ	اس کی طرف	تم اٹھائے جاؤ گے	اور ڈرو	وہ فتنہ	نہ پہنچے گا

آدمی اور اس کے دل کے درمیان، اور یہ کہ تم اسی کی طرف (روزِ حشر) اٹھائے جاؤ گے۔ اور اس فتنہ سے ڈرو جو نہ پہنچے گا

الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَآصَّةً ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۲۵﴾ وَ

الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا	مِنْكُمْ	خَآصَّةً	وَاعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اللّٰهَ	شَدِيْدُ	الْعِقَابِ	وَ
وہ لوگ جو	انہوں نے ظلم کیا	تم میں سے	خاص طور پر	اور جان لو	کہ	اللہ	شدید	عذاب	اور

تم میں سے خاص طور پر ان لوگوں کو جنہوں نے ظلم کیا، اور جان لو کہ اللہ شدید عذاب والا ہے۔ اور

اذْكُرُوْٓا اِذْ اَنْتُمْ قَلِيْلٌ مُّسْتَضْعَفُوْنَ فِي الْاَرْضِ تَخَافُوْنَ اَنْ يَّتَخَطَّفَكُمُ

اذْكُرُوْٓا	اِذْ	اَنْتُمْ	قَلِيْلٌ	مُّسْتَضْعَفُوْنَ	فِي	الْاَرْضِ	تَخَافُوْنَ	اَنْ	يَّتَخَطَّفَكُمُ
اور یاد کرو	جب	تم	تھوڑے	ضعیف (کمزور) سمجھے جاتے تھے	میں	زمین	تم ڈرتے تھے	کہ	اُچک لے جائیں تمہیں

اور یاد کرو جب تم زمین میں تھوڑے تھے، کمزور سمجھے جاتے تھے، تم ڈرتے تھے کہ تمہیں اُچک لے جائیں گے

النَّاسُ فَاٰوٰىكُمْ وَاَيَّدَكُمْ بِنَصْرِهٖ وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۲۶﴾

النَّاسُ	فَاٰوٰىكُمْ	وَاَيَّدَكُمْ	بِنَصْرِهٖ	وَرَزَقَكُمْ	مِّنَ	الطَّيِّبٰتِ	لَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُوْنَ
لوگ	پس ٹھکانہ دیا اس نے تمہیں	اور تمہیں قوت دی	اپنی مدد سے	اور تمہیں رزق دیا	سے	پاکیزہ چیزیں	تاکہ تم	شکر گزار ہو جاؤ

لوگ، پس اس نے تمہیں ٹھکانہ دیا، اور اپنی مدد سے قوت دی، اور پاکیزہ چیزوں سے تمہیں رزق دیا تاکہ تم شکر گزار ہو جاؤ۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ وَتَخُوْنُوْٓا اَمٰنٰتِكُمْ وَاَنْتُمْ

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا تَخُوْنُوا	اللّٰهَ	وَالرَّسُوْلَ	وَتَخُوْنُوْٓا	اَمٰنٰتِكُمْ	وَ	اَنْتُمْ
اے	وہ لوگ جو	ایمان لائے	خیانت نہ کرو	اللہ	اور رسول	اور نہ خیانت کرو	اپنی امانتیں	جبکہ	تم

اے ایمان والو! خیانت نہ کرو اللہ کی اور رسولؐ کی، اور خیانت نہ کرو اپنی امانتوں میں جب کہ تم

تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۷﴾ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ

تَعْلَمُوْنَ	وَاعْلَمُوْٓا	اَنَّمَا	اَمْوَالُكُمْ	وَ	اَوْلَادُكُمْ	فِتْنَةٌ	وَّاَنَّ	اللّٰهَ
جانتے ہو	اور جان لو	درحقیقت	تمہارے مال	اور	تمہاری اولاد	بڑی آزمائش	اور یہ کہ	اللہ

جانتے ہو (دیدہ دانستہ)۔ اور جان لو کہ درحقیقت تمہارے مال اور تمہاری اولاد بڑی آزمائش ہیں، اور یہ کہ اللہ

عِندَهٗۤ اَجۡرٌ عَظِيۡمٌ ﴿۲۸﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِنۡ تَتَّقُوا اللّٰهَ يَجۡعَلۡ لَّكُمۡ

لَّكُمۡ	يَجۡعَلۡ	اللّٰهَ	تَتَّقُوا	اِنۡ	اٰمَنُوۡۤا	الَّذِيۡنَ	يٰۤاَيُّهَا	عَظِيۡمٌ	اَجۡرٌ	عِندَهٗۤ
تمہارے لیے	وہ بنا دے گا	اللہ	تم ڈرو گے	اگر	ایمان لائے	وہ لوگ جو	اے	بڑا	اجر	پاس

کے پاس بڑا اجر ہے۔ اے ایمان والو! اگر تم اللہ سے ڈرو گے تو وہ تمہارے لئے بنا دے گا (حق کو باطل سے جدا کرنے والا)

فُرۡقَانًا وَّيُكَفِّرۡ عَنۡكُمۡ سَيِّاٰتِكُمۡ وَيَغۡفِرۡ لَكُمۡ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الۡفَضۡلِ الۡعَظِيۡمِ ﴿۲۹﴾

الۡعَظِيۡمِ	ذُو الۡفَضۡلِ	وَاللّٰهُ	وَيَغۡفِرۡ لَكُمۡ	سَيِّاٰتِكُمۡ	عَنۡكُمۡ	وَيُكَفِّرۡ	فُرۡقَانًا
بڑا	فضل والا	اور اللہ	اور بخشدے گا تمہیں	تمہاری برائیاں	تم سے	اور دور کردے گا	فرقان

فرقان، اور تم سے تمہاری برائیاں دُور کر دے گا، اور تمہیں بخش دے گا، اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔

وَاِذۡ يَمۡكُرُ بِكَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لِيُثۡبِتُوۡكَ اَوۡ يَقۡتُلُوۡكَ اَوۡ يُخۡرِجُوۡكَ ؕ وَ

وَ	اَوۡ يُخۡرِجُوۡكَ	اَوۡ يَقۡتُلُوۡكَ	لِيُثۡبِتُوۡكَ	كَفَرُوۡا	الَّذِيۡنَ	يَمۡكُرُ بِكَ	وَاِذۡ
اور	یا نکال دیں تمہیں	یا قتل کردیں تمہیں	تمہیں قید کر لیں	کفر کیا (کافر)	وہ لوگ جنہوں نے	خفیہ تدبیریں کرتے تھے	اور جب

اور (یاد کرو) جب کافر آپؐ کے بارہ میں خفیہ تدبیریں کرتے تھے کہ آپؐ کو قید کرلیں، یا قتل کردیں، یا (مکہ سے) نکال دیں اور

يَمۡكُرُوۡنَ وَيَمۡكُرُ اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ خَيۡرُ الۡمٰكِرِيۡنَ ﴿۳۰﴾ وَاِذَا تُتۡلٰى عَلَيۡهِمۡ اٰيٰتُنَا

اٰيٰتُنَا	عَلَيۡهِمۡ	تُتۡلٰى	وَاِذَا	الۡمٰكِرِيۡنَ	خَيۡرُ	وَاللّٰهُ	وَيَمۡكُرُ اللّٰهُ	يَمۡكُرُوۡنَ
ہماری آیات	ان پر	پڑھی جاتی ہیں	اور جب	تدبیر کرنے والا	بہترین	اور اللہ	اور خفیہ تدبیریں کرتا ہے اللہ	وہ خفیہ تدبیریں کرتے تھے

وہ خفیہ تدبیریں کرتے تھے۔ اور اللہ بھی خفیہ تدبیر کرتا ہے، اور اللہ بہترین تدبیر کرنے والا ہے۔ اور جب ان پر ہماری آیات پڑھی جاتی ہیں

قَالُوۡا قَدۡ سَمِعۡنَا لَوۡ نَشَآءُ لَقُلۡنَا مِثۡلَ هٰذَاۤ ۙ اِنۡ هٰذَاۤ اِلَّاۤ اَسَاطِيۡرُ

اَسَاطِيۡرُ	اِلَّاۤ	هٰذَاۤ	اِنۡ	هٰذَاۤ	مِثۡلَ	لَقُلۡنَا	لَوۡ نَشَآءُ	قَدۡ سَمِعۡنَا	قَالُوۡا
قصے کہانیاں	مگر (صرف)	یہ	نہیں	اس	مثل	کہ ہم کہہ لیں	اگر ہم چاہیں	البتہ ہم نے سن لیا	وہ کہتے ہیں

تو وہ کہتے ہیں البتہ ہم نے سن لیا اگر ہم چاہیں تو ہم بھی اس جیسی (آیات) کہہ لیں، یہ تو صرف قصے کہانیاں ہیں

الۡاَوَّلِيۡنَ ﴿۳۱﴾ وَاِذۡ قَالُوا اللّٰهُمَّ اِنۡ كَانَ هٰذَا هُوَ الۡحَقَّ مِنۡ عِنۡدِكَ فَاَمۡطِرۡ

فَاَمۡطِرۡ	عِنۡدِكَ	مِنۡ	الۡحَقَّ	هُوَ	هٰذَا	كَانَ	اِنۡ	اللّٰهُمَّ	قَالُوا	وَاِذۡ	الۡاَوَّلِيۡنَ
تو برسا	تیری طرف	سے	حق	وہ	یہ	ہے	اگر	اے اللہ	وہ کہنے لگے	اور جب	پہلے (اگلے)

اگلوں کی۔ اور جب وہ کہنے لگے، اے اللہ! اگر تیری طرف سے یہی سچا ہے تو برسا

عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَآءِ اَوِ ائْتِنَا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۳۲﴾ وَمَا كَانَ اللّٰهُ

عَلَيْنَا	حِجَارَةً	مِّنَ	السَّمَآءِ	اَوِ	ائْتِنَا	بِعَذَابٍ	اَلِيْمٍ	وَمَا كَانَ	اللّٰهُ
ہم پر	پتھر سے	سے	آسمان	یا	لے آ ہم پر	عذاب	دردناک	اور نہیں ہے	اللہ

ہم پر آسمان سے پتھر، یا ہم پر دردناک عذاب لے آ۔ اور اللہ (ایسا) نہیں ہے

لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ ؕ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿۳۳﴾

لِيُعَذِّبَهُمْ	وَاَنْتَ	فِيْهِمْ	وَمَا	كَانَ	اللّٰهُ	مُعَذِّبَهُمْ	وَهُمْ	يَسْتَغْفِرُوْنَ
کہ انہیں عذاب دے	جبکہ آپ	ان میں	اور نہیں	ہے	اللہ	انہیں عذاب دینے والا	جبکہ وہ	بخشش مانگتے ہوں

کہ انہیں عذاب دے جبکہ آپ ان میں ہیں، اور اللہ انہیں عذاب دینے والا نہیں۔ جبکہ وہ بخشش مانگ رہے ہوں۔

وَمَا لَهُمْ اَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللّٰهُ وَهُمْ يَصُدُّوْنَ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَمَا

وَمَا	لَهُمْ	اَلَّا	يُعَذِّبَهُمُ	اللّٰهُ	وَهُمْ	يَصُدُّوْنَ	عَنِ	الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ	وَمَا
اور کیا	انکے لئے (ان میں)	کہ نہ	انہیں عذاب دے	اللہ	جبکہ وہ	روکتے ہیں	سے	مسجد حرام	اور نہیں

اور ان میں کیا ہے؟ کہ اللہ انہیں عذاب نہ دے جبکہ وہ مسجدِ حرام سے روکتے ہیں، اور وہ نہیں

كَانُوْٓا اَوْلِيَآءَهٗ ؕ اِنْ اَوْلِيَآؤُهٗٓ اِلَّا الْمُتَّقُوْنَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۴﴾

كَانُوْٓا	اَوْلِيَآءَهٗ	اِنْ	اَوْلِيَآؤُهٗٓ	اِلَّا	الْمُتَّقُوْنَ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ
وہ ہیں	اس کے متولی	نہیں	اس کے متولی	مگر (صرف)	متقی (جمع)	اور لیکن	ان میں سے اکثر	نہیں جانتے

ہیں اس کے متولی۔ اس کے متولی تو صرف متقی ہیں، لیکن ان میں سے اکثر نہیں جانتے۔

وَمَا كَانَ صَلَاتُهُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ اِلَّا مُكَآءً وَّتَصْدِيَةً ؕ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ

وَمَا	كَانَ	صَلَاتُهُمْ	عِنْدَ	الْبَيْتِ	اِلَّا	مُكَآءً	وَّتَصْدِيَةً	فَذُوْقُوا	الْعَذَابَ
اور نہیں	تھی	ان کی نماز	نزدیک	خانہ کعبہ	مگر	سیٹیاں	اور تالیاں	پس چکھو	عذاب

اور خانہ کعبہ کے نزدیک ان کی نماز نہ تھی مگر صرف سیٹیاں اور تالیاں، پس عذاب چکھو

بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ لِيَصُدُّوْا عَنْ

بِمَا	كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	يُنْفِقُوْنَ	اَمْوَالَهُمْ	لِيَصُدُّوْا	عَنْ
اس کے بدلے جو	تم کفر کرتے تھے	بیشک	جن لوگوں نے	کفر کیا (کافر)	خرچ کرتے ہیں	اپنے مال	تاکہ روکیں	سے

اس کے بدلے جو تم کفر کرتے تھے۔ بے شک کافر اپنے مال خرچ کرتے ہیں تاکہ روکیں

سَبِيلِ اللّٰهِ فَسَيُنفِقُونَهَا ثُمَّ تَكُونُ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً ثُمَّ يُغْلَبُونَ وَ

سَبِيلِ اللّٰهِ	فَسَيُنفِقُونَهَا	ثُمَّ	تَكُونُ	عَلَيْهِمْ	حَسْرَةً	ثُمَّ	يُغْلَبُونَ	وَ
راستہ اللہ کا	سواب خرچ کریں گے	پھر	ہوگا	ان پر	حسرت	پھر	وہ مغلوب ہونگے	اور

اللہ کے راستہ سے، سواب وہ خرچ کریں گے، پھر وہ ان پر حسرت ہو گی، پھر وہ مغلوب ہوں گے، اور

الَّذِينَ كَفَرُوا إِلَىٰ جَهَنَّمَ يُحْشَرُونَ ﴿٣٦﴾ لِيَمِيزَ اللّٰهُ الْخَبِيثَ مِنَ الطَّيِّبِ

الَّذِينَ	كَفَرُوا	إِلَىٰ	جَهَنَّمَ	يُحْشَرُونَ	لِيَمِيزَ	اللّٰهُ	الْخَبِيثَ	مِنَ	الطَّيِّبِ
جن لوگوں نے	کفر کیا (کافر)	طرف	جہنم	اکٹھے کئے جائیں گے	تاکہ جدا کردے	اللہ	گندا	سے	پاک

کافر جہنم کی طرف اکٹھے کئے جائیں گے۔ تاکہ اللہ گندے کو پاک سے جدا کر دے

وَيَجْعَلَ الْخَبِيثَ بَعْضَهُ عَلَىٰ بَعْضٍ فَيَرْكُمَهُ جَمِيعًا فَيَجْعَلَهُ فِي جَهَنَّمَ

وَيَجْعَلَ	الْخَبِيثَ	بَعْضَهُ	عَلَىٰ	بَعْضٍ	فَيَرْكُمَهُ	جَمِيعًا	فَيَجْعَلَهُ	فِي	جَهَنَّمَ
اور رکھے	گندا	اس کے ایک	پر	دوسرے	پھر ڈھیر کردے	سب	پھر ڈال دے اس کو	میں	جہنم

اور گندے کو ایک دوسرے پر رکھے، پھر سب کو ایک ڈھیر کر دے، پھر اس کو جہنم میں ڈال دے،

أُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ ﴿٣٧﴾ قُل لِّلَّذِينَ كَفَرُوا إِن يَنتَهُوا يُغْفَرْ لَهُم مَّا

أُولَٰئِكَ	هُمُ	الْخَاسِرُونَ	قُل	لِّلَّذِينَ	كَفَرُوا	إِن	يَنتَهُوا	يُغْفَرْ	لَهُم	مَّا
یہی لوگ	وہ	خسارہ پانے والے	کہہ دیں	ان سے جو	انہوں نے کفر کیا (کافر)	اگر	وہ باز آجائیں	معاف کردیا جائے	انہیں	جو

یہی لوگ ہیں خسارہ پانے والے۔ کافروں سے کہہ دیں اگر وہ باز آ جائیں تو انہیں معاف کر دیا جائے گا جو

قَدْ سَلَفَ وَإِن يَعُودُوا فَقَدْ مَضَتْ سُنَّتُ الْأَوَّلِينَ ﴿٣٨﴾ وَقَاتِلُوهُمْ

قَدْ سَلَفَ	وَإِن	يَعُودُوا	فَقَدْ	مَضَتْ	سُنَّتُ	الْأَوَّلِينَ	وَقَاتِلُوهُمْ
گزر چکا	اور اگر	پھر وہی کریں	تو تحقیق	گزر چکی ہے	سنت (روش)	پہلے لوگ	اور ان سے جنگ کرو

گزر چکا، اور اگر وہ پھر وہی کریں تو تحقیق پہلوں کی روش گزر چکی ہے۔ اور ان سے جنگ کرو

حَتَّىٰ لَا تَكُونَ فِتْنَةٌ وَيَكُونَ الدِّينُ كُلُّهُ لِلّٰهِ فَإِنِ انتَهَوْا فَإِنَّ اللّٰهَ

حَتَّىٰ	لَا تَكُونَ	فِتْنَةٌ	وَيَكُونَ	الدِّينُ	كُلُّهُ	لِلّٰهِ	فَإِنِ	انتَهَوْا	فَإِنَّ	اللّٰهَ
یہاں تک کہ	نہ رہے	کوئی فتنہ	اور ہو جائے	دین	سب	اللہ کا	پھر اگر	وہ باز آجائیں	تو بیشک	اللہ

یہاں تک کہ کوئی فتنہ نہ رہے، اور دین سب اللہ کا ہو جائے، پھر اگر وہ باز آ جائیں تو بیشک اللہ

ع ٩ ۔ ١٨ ۔ ٤

بِمَا يَعۡمَلُوۡنَ بَصِيۡرٌ ﴿٣٩﴾ وَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَاعۡلَمُوۡۤا

فَاعۡلَمُوۡۤا	تَوَلَّوۡا	وَاِنۡ	بَصِيۡرٌ	يَعۡمَلُوۡنَ	بِمَا
تو جان لو	وہ منہ موڑ لیں	اور اگر	دیکھنے والا	وہ کرتے ہیں	جو وہ

دیکھنے والا ہے جو وہ کرتے ہیں - اور اگر وہ منہ موڑ لیں تو جان لو

اَنَّ اللّٰهَ مَوۡلٰٮكُمۡ‌ؕ نِعۡمَ الۡمَوۡلٰى وَنِعۡمَ النَّصِيۡرُ ﴿٤٠﴾

النَّصِيۡرُ	وَنِعۡمَ	الۡمَوۡلٰى	نِعۡمَ	مَوۡلٰٮكُمۡ	اللّٰهَ	اَنَّ
مددگار	اور خوب	ساتھی	خوب	تمہارا ساتھی	اللہ	کہ

کہ اللہ تمہارا ساتھی ہے، کیا خوب ساتھی اور کیا خوب مددگار ہے!

وَ اعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَ لِلرَّسُوْلِ

وَلِلرَّسُوْلِ	خُمُسَهٗ	لِلّٰهِ	فَاَنَّ	شَیْءٍ	مِّنْ	غَنِمْتُمْ	اَنَّمَا	اعْلَمُوْٓا	وَ
اور رسول کے لئے	اس کا پانچواں حصہ	اللہ کے واسطے	سو	کسی چیز	سے	تم غنیمت لو	جو کچھ	تم جان لو	اور

اور جان لو کہ تم جو کچھ کسی چیز سے غنیمت لو اس کا پانچواں حصہ ہے اللہ کے لئے، اور رسول کے لئے

وَ لِذِی الْقُرْبٰى وَ الْیَتٰمٰى وَ الْمَسٰكِیْنِ وَ ابْنِ السَّبِیْلِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ

اٰمَنْتُمْ	كُنْتُمْ	اِنْ	وَابْنِ السَّبِیْلِ	وَ الْمَسٰكِیْنِ	وَالْیَتٰمٰى	لِذِی الْقُرْبٰى	وَ
ایمان رکھتے	تم ہو	اگر	اور مسافروں	اور مسکینوں	اور یتیموں	قرابت داروں کے لئے	اور

اور (ان کے) قرابت داروں کے لئے، اور یتیموں، اور مسکینوں، اور مسافروں کے لئے، اگر تم ایمان رکھتے ہو

بِاللّٰهِ وَ مَاۤ اَنْزَلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا یَوْمَ الْفُرْقَانِ یَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ وَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ

كُلِّ شَیْءٍ	عَلٰى	وَاللّٰهُ	الْتَقَى الْجَمْعٰنِ	یَوْمَ	یَوْمَ الْفُرْقَانِ	عَبْدِنَا	عَلٰى	اَنْزَلْنَا	وَ مَا	بِاللّٰهِ
ہر چیز	پر	اور اللہ	دونوں فوجیں بھڑ گئیں	جس دن	فیصلے کے دن	اپنا بندہ	پر	ہم نے نازل کیا	اور جو	اللہ پر

اللہ پر اور جو ہم نے اپنے بندہ پر فیصلہ (بدر) کے دن نازل کیا۔ جس دن (کفر و اسلام کی) دونوں فوجیں بھڑ گئیں، اور اللہ ہر چیز پر

قَدِیْرٌ ﴿۴۱﴾ اِذْ اَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ الدُّنْیَا وَ هُمْ بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰى وَ الرَّكْبُ

وَالرَّكْبُ	الْقُصْوٰى	بِالْعُدْوَةِ	وَهُمْ	الدُّنْیَا	بِالْعُدْوَةِ	اَنْتُمْ	اِذْ	قَدِیْرٌ
اور قافلہ	پرلا	کنارہ پر	اور وہ	اِدھر والا	کنارہ پر	تم	جب	قدرت والا ہے

قدرت والا ہے۔ جب تم اِدھر والے کنارہ پر تھے اور وہ پرلے کنارہ پر تھے، اور قافلہ

اَسْفَلَ مِنْكُمْ ؕ وَ لَوْ تَوَاعَدْتُّمْ لَاخْتَلَفْتُمْ فِی الْمِیْعٰدِ ۙ وَ لٰكِنْ لِّیَقْضِیَ

لِّیَقْضِیَ	وَلٰكِنْ	فِی الْمِیْعٰدِ	لَاخْتَلَفْتُمْ	تَوَاعَدْتُّمْ	وَلَوْ	مِنْكُمْ	اَسْفَلَ
تاکہ پورا کردے	اور لیکن	وعدہ میں	البتہ تم اختلاف کرتے	تم باہم وعدہ کرتے	اور اگر	تم سے	نیچے

تم سے نیچے (ترائی میں) تھا اگر تم باہم وعدہ کرتے تو البتہ وعدہ میں اختلاف کرتے (وقت پر نہ پہنچتے) لیکن (اللہ نے جمع کیا) تاکہ پورا کردے

اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ۙ۬ لِّیَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْۢ بَیِّنَةٍ وَّ یَحْیٰى مَنْ حَیَّ

حَیَّ	مَنْ	وَیَحْیٰى	بَیِّنَةٍ	عَنْ	هَلَكَ	مَنْ	لِّیَهْلِكَ	مَفْعُوْلًا	كَانَ	اَمْرًا	اللّٰهُ
زندہ رہنا ہے	جس	اور زندہ رہے	دلیل	سے	ہلاک ہو	جو	تاکہ ہلاک ہو	ہو کر رہنے والا	تھا	جو کام	اللہ

اللہ وہ کام جو ہو کر رہنے والا تھا، تاکہ جو ہلاک ہو وہ دلیل سے ہلاک ہو، اور جس کو زندہ رہنا ہے وہ زندہ رہے

عَنْۢ بَيِّنَةٍ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَسَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۙ﴿۴۲﴾ اِذْ يُرِيْكَهُمُ اللّٰهُ فِيْ مَنَامِكَ

عَنْ	بَيِّنَةٍ	وَاِنَّ	اللّٰهَ	لَسَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ	اِذْ	يُرِيْكَهُمُ	اللّٰهُ	فِيْ	مَنَامِكَ
سے	دلیل	اور بیشک	اللہ	سننے والا	جاننے والا	جب	تمہیں دکھایا انہیں	اللہ	میں	تمہاری خواب

دلیل سے، اور بیشک اللہ سننے والا، جاننے والا ہے۔ اور جب اللہ نے تمہیں تمہاری خواب میں ان (کافروں) کو دکھایا

قَلِيْلًا ؕ وَلَوْ اَرٰىكَهُمْ كَثِيْرًا لَّفَشِلْتُمْ وَلَتَنَازَعْتُمْ فِي الْاَمْرِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ

قَلِيْلًا	وَلَوْ	اَرٰىكَهُمْ	كَثِيْرًا	لَّفَشِلْتُمْ	وَ	لَتَنَازَعْتُمْ	فِي الْاَمْرِ	وَلٰكِنَّ	اللّٰهَ
تھوڑا	اور اگر	تمہیں دکھاتا انہیں	بہت زیادہ	تو تم بزدلی کرتے	اور	تم جھگڑتے	معاملہ میں	اور لیکن	اللہ

تھوڑا، اور اگر وہ تمہیں ان (کی تعداد) کو بہت دکھاتا تو تم بزدلی کرتے، اور معاملے میں جھگڑتے، لیکن اللہ نے

سَلَّمَ ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۴۳﴾ وَاِذْ يُرِيْكُمُوْهُمْ اِذِ الْتَقَيْتُمْ

سَلَّمَ	اِنَّهٗ	عَلِيْمٌ	بِذَاتِ الصُّدُوْرِ	وَاِذْ	يُرِيْكُمُوْهُمْ	اِذِ	الْتَقَيْتُمْ
بچا لیا	بیشک وہ	جاننے والا	دلوں کی بات	اور جب	وہ تمہیں دکھلائے	جب۔تو	تم آمنے سامنے ہوئے

بچا لیا، بے شک وہ دلوں کی بات جاننے والا ہے۔ اور جب تم آمنے سامنے ہوئے تو وہ تمہیں دکھلائے

فِيْٓ اَعْيُنِكُمْ قَلِيْلًا وَّيُقَلِّلُكُمْ فِيْٓ اَعْيُنِهِمْ لِيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ؕ

فِيْ	اَعْيُنِكُمْ	قَلِيْلًا	وَيُقَلِّلُكُمْ	فِيْ	اَعْيُنِهِمْ	لِيَقْضِيَ	اللّٰهُ	اَمْرًا	كَانَ	مَفْعُوْلًا
میں	تمہاری آنکھ	تھوڑا	اور تھوڑے دکھلائے تم	میں	ان کی آنکھیں	تاکہ پورا کرے	اللہ	کام	تھا	ہو کر رہنے والا

تمہاری آنکھوں میں تھوڑے، اور تمہیں ان کی آنکھوں میں دکھلایا تھوڑا، تاکہ اللہ پورا کردے وہ کام جو ہو کر رہنے والا تھا،

۵ ع ۱

وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۴۴﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوْا

وَ	اِلَى	اللّٰهِ	تُرْجَعُ	الْاُمُوْرُ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اِذَا	لَقِيْتُمْ	فِئَةً	فَاثْبُتُوْا
اور	طرف	اللہ	لوٹنا (بازگشت)	کام (جمع)	اے	ایمان والے	جب	تمہارا آمنا سامنا ہو	کوئی جماعت	تو ثابت قدم رہو

اور تمام کاموں کی بازگشت اللہ کی طرف ہے۔ اے ایمان والو! جب کسی جماعت (کفار) سے تمہارا آمنا سامنا ہو تو ثابت قدم رہو

وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَ

وَاذْكُرُوا	اللّٰهَ	كَثِيْرًا	لَّعَلَّكُمْ	تُفْلِحُوْنَ	وَاَطِيْعُوا	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	وَ
اور یاد کرو	اللہ	بکثرت	تاکہ تم	فلاح پاؤ	اور اطاعت کرو	اللہ	اور اس کا رسول	اور

اور اللہ کو بکثرت یاد کرو تاکہ تم فلاح (دو جہان میں کامیابی) پاؤ۔ اور اطاعت کرو اللہ کی اور اس کے رسول ﷺ کی اور

لَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ رِيْحُكُمْ وَاصْبِرُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ

مَعَ	اللّٰهَ	اِنَّ	وَاصْبِرُوْا	رِيْحُكُمْ	وَتَذْهَبَ	فَتَفْشَلُوْا	لَا تَنَازَعُوْا
ساتھ	اللہ	بیشک	اور صبر کرو	تمہاری ہوا	اور جاتی رہے گی	پس بزدل ہو جاؤ گے	آپس میں جھگڑا نہ کرو

آپس میں جھگڑا نہ کرو کہ بزدل ہو جاؤ گے اور تمہاری ہوا جاتی رہے گی (اکھڑ جائے گی) اور صبر کرو۔ بیشک اللہ ساتھ ہے

الصّٰبِرِيْنَ ۝ ٤٦ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بَطَرًا وَّ

وَ	بَطَرًا	دِيَارِهِمْ	مِنْ	خَرَجُوْا	كَالَّذِيْنَ	وَلَا تَكُوْنُوْا	الصّٰبِرِيْنَ
اور	اتراتے	اپنے گھر	سے	نکلے	ان کی طرح جو	اور نہ ہو جانا	صبر کرنے والے

صبر کرنے والوں کے۔ اور ان لوگوں کی طرح نہ ہو جانا جو اپنے گھروں سے نکلے اتراتے، اور (٤٧)

رِئَاۗءَ النَّاسِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ

مُحِيْطٌ	يَعْمَلُوْنَ	بِمَا	وَاللّٰهُ	اللّٰهِ	سَبِيْلِ	عَنْ	وَيَصُدُّوْنَ	النَّاسِ	رِئَاۗءَ
احاطہ کیے ہوئے	وہ کرتے ہیں	سے جو	اور اللہ	اللہ	راستہ	سے	اور روکتے	لوگ	دکھاوا

لوگوں کے دکھاوے کو، اور اللہ کے راستے سے روکتے ہوئے، اور وہ جو کرتے ہیں اللہ احاطہ کیے ہوئے ہے۔

وَاِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ وَقَالَ لَا غَالِبَ لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ

مِنَ	الْيَوْمَ	لَكُمُ	لَا غَالِبَ	وَقَالَ	اَعْمَالَهُمْ	الشَّيْطٰنُ	لَهُمُ	زَيَّنَ	وَاِذْ
سے	آج	تمہارے لیے (تم پر)	کوئی غالب نہیں	اور کہا	ان کے کام	شیطان	ان کے لیے	خوشنما کر دیا	اور جب

اور جب شیطان نے ان کے کام خوشنما کر کے کر دکھائے، اور کہا آج لوگوں میں سے تم پر کوئی غالب (آنے والا) نہیں،

النَّاسِ وَاِنِّىْ جَارٌ لَّكُمْ ۚ فَلَمَّا تَرَاۗءَتِ الْفِئَتٰنِ نَكَصَ عَلٰي عَقِبَيْهِ وَقَالَ

وَقَالَ	عَقِبَيْهِ	عَلٰي	نَكَصَ	الْفِئَتٰنِ	تَرَاۗءَتِ	فَلَمَّا	لَّكُمْ	جَارٌ	وَاِنِّىْ	النَّاسِ
اور بولا	اپنی ایڑیاں	پر	الٹا پھر گیا	دونوں لشکر	آمنے سامنے ہوئے	پھر جب	تمہارا	رفیق	اور میں	لوگ

اور میں تمہارا رفیق (حمایتی) ہوں، پھر جب دونوں لشکر آمنے سامنے ہوئے تو اپنی ایڑیوں پر الٹا پھر گیا، اور بولا

اِنِّىْ بَرِيْۗءٌ مِّنْكُمْ اِنِّىْٓ اَرٰي مَا لَا تَرَوْنَ اِنِّىْٓ اَخَافُ اللّٰهَ ۭ وَاللّٰهُ

وَاللّٰهُ	اللّٰهَ	اَخَافُ	اِنِّىْٓ	لَا تَرَوْنَ	مَا	اَرٰي	اِنِّىْٓ	مِّنْكُمْ	بَرِيْۗءٌ	اِنِّىْ
اور اللہ	اللہ	ڈرتا ہوں	میں بیشک	تم نہیں دیکھتے	جو	دیکھتا ہوں	میں بیشک	تم سے	جدا، لاتعلق	بیشک میں

میں تم سے لاتعلق ہوں، میں دیکھتا ہوں جو تم نہیں دیکھتے، میں اللہ سے ڈرتا ہوں (کہ مجھے ہلاک نہ کر دے) اور اللہ

شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۴۸﴾ اِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ

شَدِيْدُ	الْعِقَابِ	اِذْ	يَقُوْلُ	الْمُنٰفِقُوْنَ	وَ	الَّذِيْنَ	فِيْ قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ
سخت	عذاب	جب	کہنے لگے	منافق (جمع)	اور	وہ جو کہ	ان کے دلوں میں	مرض

سخت عذاب والا ہے۔ جب منافق اور وہ لوگ جن کے دلوں میں مرض تھا کہنے لگے کہ

غَرَّ هٰٓؤُلَآءِ دِيْنُهُمْ ۭ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۴۹﴾

غَرَّ	هٰٓؤُلَآءِ	دِيْنُهُمْ	وَمَنْ	يَّتَوَكَّلْ	عَلَى اللّٰهِ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	عَزِيْزٌ	حَكِيْمٌ
مغرور کر دیا	انہیں	ان کا دین	اور جو	بھروسہ کرے	اللہ پر	تو بیشک	اللہ	غالب	حکمت والا

انہیں (مسلمانوں کو) ان کے دین نے مغرور کر دیا ہے، اور جو اللہ پر بھروسہ کرے تو بیشک اللہ غالب حکمت والا ہے۔

وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ يَتَوَفَّى الَّذِيْنَ كَفَرُوا ۙ الْمَلٰۗىِٕكَةُ يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ

وَلَوْ	تَرٰٓى	اِذْ	يَتَوَفَّى	الَّذِيْنَ كَفَرُوا	الْمَلٰۗىِٕكَةُ	يَضْرِبُوْنَ	وُجُوْهَهُمْ
اور اگر	تو دیکھے	جب	جان نکالتے ہیں	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	فرشتے	مارتے ہیں	ان کے چہرے

اور اگر تو دیکھے جب فرشتے کافروں کی جان نکالتے ہیں، مارتے (جاتے) ہیں ان کے چہروں

وَاَدْبَارَهُمْ ۚ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۵۰﴾ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ

وَاَدْبَارَهُمْ	وَذُوْقُوْا	عَذَابَ	الْحَرِيْقِ	ذٰلِكَ	بِمَا	قَدَّمَتْ	اَيْدِيْكُمْ
اور ان کی پیٹھ (جمع)	اور چکھو	عذاب	دوزخ	یہ	بدلہ جو	آگے بھیجے	تمہارے ہاتھ

اور ان کی پیٹھوں پر اور (کہتے جاتے ہیں) دوزخ کا عذاب چکھو۔ یہ اس کا بدلہ ہے جو تمہارے ہاتھوں نے (اعمال) آگے بھیجے ہیں

وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۵۱﴾ كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ

وَاَنَّ	اللّٰهَ	لَيْسَ	بِظَلَّامٍ	لِّلْعَبِيْدِ	كَدَاْبِ	اٰلِ فِرْعَوْنَ	وَ الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ
اور یہ کہ	اللہ	نہیں	ظلم کرنے والا	بندوں پر	جیسا کہ دستور	فرعون والے	اور جو لوگ	ان سے پہلے

اور یہ کہ اللہ بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں۔ جیسا کہ فرعون والوں کا اور ان سے پہلے لوگوں کا دستور تھا،

كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ

كَفَرُوْا	بِاٰيٰتِ اللّٰهِ	فَاَخَذَهُمُ	اللّٰهُ	بِذُنُوْبِهِمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	قَوِيٌّ	شَدِيْدُ	الْعِقَابِ
انہوں نے انکار کیا	اللہ کی آیتوں کا	تو انہیں پکڑا	اللہ	ان کے گناہوں پر	بیشک	اللہ	قوت والا	سخت	عذاب

انہوں نے اللہ کی آیتوں کا انکار کیا، اور اللہ نے انہیں ان کے گناہوں پر پکڑا بیشک اللہ قوت والا سخت عذاب والا ہے۔

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً اَنْعَمَهَا عَلٰى قَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا

ذٰلِكَ	بِاَنَّ	اللّٰهَ	لَمْ يَكُ	مُغَيِّرًا	نِّعْمَةً	اَنْعَمَهَا	عَلٰى قَوْمٍ	حَتّٰى	يُغَيِّرُوْا	مَا
یہ	اس لئے	کہ اللہ	نہیں ہے	بدلنے والا	کوئی نعمت	اسے دی	کسی قوم کو	جب تک	وہ بدلیں	جو

یہ اس لئے ہے کہ اللہ (کبھی) اس نعمت کو بدلنے والا نہیں جو اس نے کسی قوم کو دی، جب تک وہ (نہ) بدل ڈالیں جو

بِاَنْفُسِهِمْ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۵۳﴾ كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ

بِاَنْفُسِهِمْ	وَاَنَّ	اللّٰهَ	سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ	كَدَاْبِ	اٰلِ فِرْعَوْنَ	وَ	الَّذِيْنَ
ان کے دلوں میں	اور یہ کہ	اللہ	سننے والا	جاننے والا	جیسا کہ دستور	فرعون والے	اور	وہ لوگ جو

ان کے دلوں میں ہے (اپنا عقیدہ و احوال) اور یہ کہ اللہ سننے والا، جاننے والا ہے۔ جیسا کہ دستور تھا فرعون والوں کا اور ان لوگوں کا

مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ ۚ

مِنْ قَبْلِهِمْ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِ	رَبِّهِمْ	فَاَهْلَكْنٰهُمْ	بِذُنُوْبِهِمْ	وَاَغْرَقْنَآ	اٰلَ فِرْعَوْنَ
ان سے پہلے	انہوں نے جھٹلایا	آیتوں کو	اپنا رب	تو ہم نے انہیں ہلاک کر دیا	انکے گناہوں کے سبب	اور ہم نے غرق کر دیا	فرعون والے

جو ان سے پہلے تھے انہوں نے اپنے رب کی آیتوں کو جھٹلایا تو ہم نے انہیں ان کے گناہوں کے سبب ہلاک کر دیا اور فرعون والوں کو غرق کر دیا،

وَكُلٌّ كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿۵۴﴾ اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

وَكُلٌّ	كَانُوْا	ظٰلِمِيْنَ	اِنَّ	شَرَّ	الدَّوَآبِّ	عِنْدَ اللّٰهِ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
اور سب	تھے	ظالم	بیشک	بدترین	جانور (جمع)	اللہ کے نزدیک	وہ جنہوں نے	کفر کیا

اور وہ سب ظالم تھے۔ بیشک اللہ کے نزدیک سب جانوروں سے بدتر وہ لوگ ہیں جنہوں نے کفر کیا

فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۵﴾ اَلَّذِيْنَ عٰهَدْتَّ مِنْهُمْ ثُمَّ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَهُمْ

فَهُمْ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	اَلَّذِيْنَ	عٰهَدْتَّ	مِنْهُمْ	ثُمَّ	يَنْقُضُوْنَ	عَهْدَهُمْ
سو وہ	ایمان نہیں لاتے	وہ لوگ جو	تم نے معاہدہ کیا	ان سے	پھر	توڑ دیتے ہیں	اپنا معاہدہ

سو وہ ایمان نہیں لاتے۔ وہ لوگ جن سے تم نے معاہدہ کیا پھر وہ اپنا معاہدہ توڑ دیتے ہیں،

فِيْ كُلِّ مَرَّةٍ وَّهُمْ لَا يَتَّقُوْنَ ﴿۵۶﴾ فَاِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ فِي الْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِهِمْ

فِيْ	كُلِّ مَرَّةٍ	وَهُمْ	لَا يَتَّقُوْنَ	فَاِمَّا	تَثْقَفَنَّهُمْ	فِي الْحَرْبِ	فَشَرِّدْ	بِهِمْ
میں	ہر بار	اور وہ	ڈرتے نہیں	پس اگر	تم انہیں پاؤ	جنگ میں	تو بھگا دو	ان کے ذریعہ

ہر بار، اور وہ ڈرتے نہیں۔ پس اگر تم انہیں جنگ میں پاؤ تو (انہیں ایسی سزا دو کہ) ان کے ذریعہ بھگا دو

مَنْ خَلْفَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُونَ ﴿۵۷﴾ وَإِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً فَانْبِذْ

مَنْ	خَلْفَهُمْ	لَعَلَّهُمْ	يَذَّكَّرُونَ	وَإِمَّا	تَخَافَنَّ	مِنْ	قَوْمٍ	خِيَانَةً	فَانْبِذْ
جو	ان کے پیچھے	عجب نہیں کہ وہ	عبرت پکڑیں	اور اگر	تمہیں خوف ہو	سے	کسی قوم	خیانت (دغابازی)	تو پھینک دو

اُن کو جو ان کے پیچھے ہیں، عجب نہیں کہ وہ عبرت پکڑیں۔ اگر تمہیں کسی قوم سے دغا بازی کا ڈر ہو تو (اُن کا معاہدہ) پھینک دو

إِلَيْهِمْ عَلَىٰ سَوَاءٍ ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْخَائِنِينَ ﴿۵۸﴾ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا

إِلَيْهِمْ	عَلَىٰ	سَوَاءٍ	إِنَّ	اللَّهَ	لَا يُحِبُّ	الْخَائِنِينَ	وَلَا يَحْسَبَنَّ	الَّذِينَ كَفَرُوا
ان کی طرف	پر	برابری	بیشک	اللہ	پسند نہیں کرتا	دغا باز (جمع)	اور ہرگز خیال نہ کریں	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)

ان کی طرف برابری پر (برابری کا جواب دو)۔ بیشک اللہ دغا بازوں کو پسند نہیں کرتا۔ اور کافر ہرگز خیال نہ کریں کہ

سَبَقُوا ۚ إِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُونَ ﴿۵۹﴾ وَأَعِدُّوا لَهُمْ مَا اسْتَطَعْتُمْ مِنْ قُوَّةٍ

سَبَقُوا	إِنَّهُمْ	لَا يُعْجِزُونَ	وَأَعِدُّوا	لَهُمْ	مَا	اسْتَطَعْتُمْ	مِنْ	قُوَّةٍ
وہ بھاگ نکلے	بیشک وہ	نہ تھکا سکیں گے	اور تیار رکھو	ان کے لئے	جو	تم سے ہو سکے	سے	قوت

وہ بھاگ نکلے (بچ گئے) ہیں، بیشک تھکا نہ سکیں گے۔ اور ان کے لئے تیار رکھو جو تم سے ہو سکے قوت سے،

وَمِنْ رِبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُونَ بِهِ عَدُوَّ اللَّهِ وَعَدُوَّكُمْ وَآخَرِينَ مِنْ

وَ	مِنْ	رِبَاطِ الْخَيْلِ	تُرْهِبُونَ	بِهِ	عَدُوَّ اللَّهِ	وَعَدُوَّكُمْ	وَآخَرِينَ	مِنْ
اور	سے	پلے ہوئے گھوڑے	دھاک بٹھاؤ	اس سے	اللہ کے دشمن	اور تمہارے (اپنے) دشمن	اور دوسرے	سے

اور پلے ہوئے گھوڑوں سے، اس سے دھاک بٹھاؤ اللہ کے دشمنوں پر اور اپنے دشمنوں پر، اور دوسروں پر

دُونِهِمْ ۚ لَا تَعْلَمُونَهُمُ ۚ اللَّهُ يَعْلَمُهُمْ ۚ وَمَا تُنْفِقُوا مِنْ شَيْءٍ فِي سَبِيلِ اللَّهِ

دُونِهِمْ	لَا تَعْلَمُونَهُمُ	اللَّهُ	يَعْلَمُهُمْ	وَمَا	تُنْفِقُوا	مِنْ شَيْءٍ	فِي	سَبِيلِ اللَّهِ
ان کے سوا	تم انہیں نہیں جانتے	اللہ	جانتا ہے انہیں	اور جو	تم خرچ کرو گے	کچھ	میں	اللہ کا راستہ

ان کے سوا، تم انہیں نہیں جانتے، اللہ اُنہیں جانتا ہے، اور تم جو کچھ اللہ کے راستے میں خرچ کرو گے

يُوَفَّ إِلَيْكُمْ وَأَنْتُمْ لَا تُظْلَمُونَ ﴿۶۰﴾ وَإِنْ جَنَحُوا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَ

يُوَفَّ	إِلَيْكُمْ	وَأَنْتُمْ	لَا تُظْلَمُونَ	وَإِنْ	جَنَحُوا	لِلسَّلْمِ	فَاجْنَحْ	لَهَا	وَ
پورا پورا دیا جائے گا	تمہیں	اور تم	تمہارا نقصان نہ کیا جائے گا	اور اگر	وہ جھکیں	صلح کی طرف	تو صلح کرو	اسکی طرف	اور

تمہیں پورا پورا دیا جائے گا، اور تمہارا نقصان نہ کیا جائے گا۔ اور اگر وہ صلح کی طرف جھکیں تو (تم بھی) اس (صلح) کی طرف جھکو، اور

تَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٦١﴾ وَاِنْ يُّرِيْدُوْٓا اَنْ يَّخْدَعُوْكَ

تَوَكَّلْ	عَلَى	اللّٰهِ	اِنَّهٗ	هُوَ	السَّمِيْعُ	الْعَلِيْمُ	وَاِنْ	يُّرِيْدُوْٓا	اَنْ	يَّخْدَعُوْكَ
بھروسہ رکھو	پر	اللہ	بیشک	وہ	سننے والا	جاننے والا	اور اگر	وہ چاہیں	کہ	تمہیں دھوکہ دیں

اور اللہ پر بھروسہ رکھو، بیشک وہ سننے والا جاننے والا ہے۔ اور اگر وہ تمہیں دھوکہ دینا چاہیں

فَاِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ ۭ هُوَ الَّذِيْٓ اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٦٢﴾ وَاَلَّفَ

فَاِنَّ	حَسْبَكَ	اللّٰهُ	هُوَ	الَّذِيْٓ	اَيَّدَكَ	بِنَصْرِهٖ	وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ	وَاَلَّفَ
تو بیشک	تمہارے لئے کافی	اللہ	وہ	جس نے	تمہیں زور دیا	اپنی مدد سے	اور مسلمانوں سے	اور الفت ڈال دی

تو بیشک تمہارے لئے اللہ کافی ہے، وہ جس نے تمہیں اپنی مدد سے اور مسلمانوں سے زور دیا۔ اور الفت ڈال دی

بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ۭ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ

بَيْنَ	قُلُوْبِهِمْ	لَوْ	اَنْفَقْتَ	مَا	فِي الْاَرْضِ	جَمِيْعًا	مَّا	اَلَّفْتَ	بَيْنَ	قُلُوْبِهِمْ
درمیان میں	ان کے دل	اگر	تم خرچ کرتے	جو	زمین میں	سب کچھ	نہ	الفت ڈال سکتے	میں	ان کے دل

ان کے دلوں میں، اگر تم سب کچھ خرچ کر دیتے جو زمین میں ہے ان کے دلوں میں الفت نہ ڈال سکتے

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٦٣﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ

وَلٰكِنَّ	اللّٰهَ	اَلَّفَ	بَيْنَهُمْ	اِنَّهٗ	عَزِيْزٌ	حَكِيْمٌ	يٰٓاَيُّهَا	النَّبِيُّ	حَسْبُكَ	اللّٰهُ
اور لیکن	اللہ	الفت ڈال دی	انکے درمیان	بیشک وہ	غالب	حکمت والا	اے	نبی ؐ	کافی ہے تمہیں	اللہ

لیکن اللہ نے ان کے درمیان الفت ڈال دی، بیشک وہ غالب حکمت والا ہے۔ اے نبی ؐ! اللہ کافی ہے تمہیں

٨ ع ٦ ٤

وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٦٤﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَي الْقِتَالِ

وَمَنِ	اتَّبَعَكَ	مِنَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	يٰٓاَيُّهَا	النَّبِيُّ	حَرِّضِ	الْمُؤْمِنِيْنَ	عَلَي	الْقِتَالِ
اور جو	تمہارے پیرو ہیں	سے	مومن (جمع)	اے	نبی ؐ	ترغیب دو	مومن (جمع)	پر	جہاد

اور مومنوں کو، جو تمہارے پیرو ہیں۔ اے نبی ؐ! مومنوں کو جہاد پر ترغیب دو

اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ صٰبِرُوْنَ يَغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ

اِنْ	يَّكُنْ	مِّنْكُمْ	عِشْرُوْنَ	صٰبِرُوْنَ	يَغْلِبُوْا	مِائَتَيْنِ	وَاِنْ	يَّكُنْ	مِّنْكُمْ
اگر	ہوں	تم میں سے	بیس ٢٠	صبر والے	غالب آئیں گے	دو سو ٢٠٠	اور اگر	ہوں	تم میں سے

اگر تم میں سے بیس ٢٠ صبر والے (ثابت قدم) ہونگے تو وہ دو سو ٢٠٠ پر غالب آئیں گے، اور اگر تم میں سے

مِّائَةٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿٦٥﴾ اَلْئٰنَ

مِّائَةٌ	يَّغْلِبُوْٓا	اَلْفًا	مِّنَ	الَّذِيْنَ + كَفَرُوْا	بِاَنَّهُمْ	قَوْمٌ	لَّا يَفْقَهُوْنَ	اَلْئٰنَ
ایک سو	وہ غالب آئیں گے	ایک ہزار	سے	وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا (کافر)	اس لئے کہ وہ	لوگ	سمجھ نہیں رکھتے	اب

ایک سو ہوں تو وہ ایک ہزار کافروں پر غالب آئیں گے، اس لئے کہ وہ لوگ (کافر) سمجھ نہیں رکھتے - اب

خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا ؕ فَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ صَابِرَةٌ

خَفَّفَ	اللّٰهُ	عَنْكُمْ	وَعَلِمَ	اَنَّ	فِيْكُمْ	ضَعْفًا	فَاِنْ	يَّكُنْ	مِّنْكُمْ	مِّائَةٌ	صَابِرَةٌ
تخفیف کر دی	اللہ	تم سے	اور معلوم کر لیا	کہ	تم میں	کمزوری	پس اگر	ہوں	تم میں سے	ایک سو	صبر والے

اللہ نے تم سے تخفیف کر دی، اور معلوم کر لیا کہ تم میں کمزوری ہے، پس اگر تم میں سے ایک سو صبر والے ہوں

يَّغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ اَلْفٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفَيْنِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ

يَّغْلِبُوْا	مِائَتَيْنِ	وَاِنْ	يَّكُنْ	مِّنْكُمْ	اَلْفٌ	يَّغْلِبُوْٓا	اَلْفَيْنِ	بِاِذْنِ	اللّٰهِ
وہ غالب آئیں گے	دو سو	اور اگر	ہوں	تم میں سے	ایک ہزار	وہ غالب رہیں گے	دو ہزار	حکم سے	اللہ

تو وہ دو سو پر غالب آئیں گے، اگر تم میں سے ایک ہزار ہوں تو وہ اللہ کے حکم سے دو ہزار پر غالب رہیں گے

وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿٦٦﴾ مَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗٓ اَسْرٰى حَتّٰى

وَاللّٰهُ	مَعَ	الصّٰبِرِيْنَ	مَا كَانَ	لِنَبِيٍّ	اَنْ	يَّكُوْنَ	لَهٗ	اَسْرٰى	حَتّٰى
اور اللہ	ساتھ	صبر والے	نہیں ہے	کسی نبی کے لئے	کہ	ہوں	اس کے	قیدی	جب تک

اور اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے - کسی نبی کے لئے (لائق) نہیں کہ اس کے (قبضہ میں) قیدی ہوں جب تک

يُثْخِنَ فِي الْاَرْضِ ؕ تُرِيْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْيَا ۖ وَاللّٰهُ يُرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ؕ

يُثْخِنَ	فِي	الْاَرْضِ	تُرِيْدُوْنَ	عَرَضَ	الدُّنْيَا	وَاللّٰهُ	يُرِيْدُ	الْاٰخِرَةَ
خونریزی کر لے	میں	زمین	تم چاہتے ہو	مال	دنیا	اور اللہ	چاہتا ہے	آخرت

وہ زمین میں خونریزی (نہ) کر لے، تم دنیا کا مال چاہتے ہو، اور اللہ آخرت چاہتا ہے،

وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٦٧﴾ لَوْلَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيْمَآ اَخَذْتُمْ

وَاللّٰهُ	عَزِيْزٌ	حَكِيْمٌ	لَوْ	لَا	كِتٰبٌ	مِّنَ اللّٰهِ	سَبَقَ	لَمَسَّكُمْ	فِيْمَا	اَخَذْتُمْ
اور اللہ	غالب	حکمت والا	اگر	نہ	لکھا ہوا	اللہ سے	پہلے ہی	تمہیں پہنچتا	اس میں جو	تم نے لیا

اور اللہ غالب، حکمت والا ہے - اگر اللہ (کی طرف) سے پہلے ہی لکھا ہوا نہ ہوتا تو اس کے لینے (بدلہ) میں تمہیں پہنچتا

عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿٦٨﴾ فَكُلُوا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ ۚ اِنَّ اللّٰهَ

عَذَابٌ	عَظِيمٌ	فَكُلُوا	مِمَّا	غَنِمْتُمْ	حَلٰلًا	طَيِّبًا	وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	اِنَّ	اللّٰهَ
عذاب	بڑا	پس کھاؤ	اس سے جو	تمہیں غنیمت میں ملا	حلال	پاک	اور ڈرو	اللہ	بیشک	اللہ

بڑا عذاب ۔ پس اس میں سے کھاؤ جو تمہیں غنیمت میں حلال پاک ملا، اور اللہ سے ڈرو، بے شک اللہ

۹ ع ۵ ۵

غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٦٩﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّمَنْ فِيْۤ اَيْدِيْكُمْ مِّنَ الْاَسْرٰۤى

غَفُورٌ	رَّحِيمٌ	يٰۤاَيُّهَا	النَّبِيُّ	قُلْ	لِّمَنْ	فِيْۤ	اَيْدِيْكُمْ	مِّنَ	الْاَسْرٰۤى
بخشنے والا	نہایت مہربان	اے	نبی	کہہ دیں	ان سے جو	میں	تمہارے ہاتھ	سے	قیدی

بخشنے والا، نہایت مہربان ہے۔ اے نبیؐ! تمہارے ہاتھ (قبضہ) میں جو قیدی ہیں، ان سے کہہ دیں کہ

اِنْ يَّعْلَمِ اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ خَيْرًا يُّؤْتِكُمْ خَيْرًا مِّمَّاۤ اُخِذَ مِنْكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ

اِنْ	يَّعْلَمِ	اللّٰهُ	فِيْ	قُلُوْبِكُمْ	خَيْرًا	يُّؤْتِكُمْ	خَيْرًا	مِّمَّاۤ	اُخِذَ	مِنْكُمْ	وَيَغْفِرْ	لَكُمْ
اگر	معلوم کرلے گا	اللہ	میں	تمہارے دل	کوئی بھلائی	تمہیں دے گا	بہتر	اس سے جو	لیا گیا	تم سے	اور بخشدے گا	تمہیں

اگر اللہ تمہارے دلوں میں کوئی بھلائی معلوم کرلے گا تو تمہیں اس سے بہتر دے گا جو تم سے لیا گیا، اور وہ تمہیں بخش دے گا

وَاللّٰهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٧٠﴾ وَاِنْ يُّرِيْدُوْا خِيَانَتَكَ فَقَدْ خَانُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ

وَاللّٰهُ	غَفُورٌ	رَّحِيمٌ	وَاِنْ	يُّرِيْدُوْا	خِيَانَتَكَ	فَقَدْ خَانُوا	اللّٰهَ	مِنْ قَبْلُ
اور اللہ	بخشنے والا	نہایت مہربان	اور اگر	وہ ارادہ کریں گے	آپ سے خیانت کا	تو انہوں نے خیانت کی	اللہ	اس سے قبل

اور اللہ بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔ اور اگر آپ سے خیانت کا ارادہ کریں گے تو انہوں نے اس سے قبل اللہ سے خیانت کی

فَاَمْكَنَ مِنْهُمْ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿٧١﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا

فَاَمْكَنَ	مِنْهُمْ	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ	حَكِيْمٌ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَهَاجَرُوْا
تو قبضہ میں دیدیا	ان سے (انہیں)	اور اللہ	جاننے والا	حکمت والا	بیشک	جو لوگ	ایمان لائے	اور انہوں نے ہجرت کی

تو اللہ نے انہیں (تمہارے) قبضہ میں دیدیا، اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔ بیشک جو لوگ ایمان لائے، اور انہوں نے ہجرت کی

وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْۤا

وَجٰهَدُوْا	بِاَمْوَالِهِمْ	وَاَنْفُسِهِمْ	فِيْ	سَبِيْلِ	اللّٰهِ	وَالَّذِيْنَ	اٰوَوْا	وَّنَصَرُوْۤا
اور جہاد کیا	اپنے مالوں سے	اور اپنی جانیں	میں	راستہ	اللہ	اور وہ لوگ جو	ٹھکانہ دیا	اور مدد کی

اور اپنے مالوں اور جانوں سے اللہ کی راہ میں جہاد کیا، اور جن لوگوں نے ٹھکانہ دیا اور مدد کی

أُولَٰئِكَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ ۚ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَلَمْ يُهَاجِرُوا مَا لَكُمْ

مَا لَكُمْ	وَلَمْ يُهَاجِرُوا	آمَنُوا	وَالَّذِينَ	بَعْضٍ	أَوْلِيَاءُ	بَعْضُهُمْ	أُولَٰئِكَ
تمہیں نہیں	اور انہوں نے ہجرت نہ کی	ایمان لائے	اور وہ لوگ جو	بعض (دوسرے)	رفیق	ان کے بعض	وہی لوگ

وہی لوگ ایک دوسرے کے رفیق ہیں، اور جو لوگ ایمان لائے، اور انہوں نے ہجرت نہ کی، تمہیں نہیں ہے

مِنْ وَلَايَتِهِمْ مِنْ شَيْءٍ حَتَّىٰ يُهَاجِرُوا ۚ وَإِنِ اسْتَنْصَرُوكُمْ فِي الدِّينِ

فِي الدِّينِ	اسْتَنْصَرُوكُمْ	وَإِنِ	يُهَاجِرُوا	حَتَّىٰ	مِنْ شَيْءٍ	وَلَايَتِهِمْ	مِنْ
دین میں	وہ تم سے مدد مانگیں	اور اگر	وہ ہجرت کریں	یہاں تک کہ	کچھ شے (سروکار)	ان کی رفاقت	سے

کچھ سروکار ان کی رفاقت سے، یہاں تک کہ وہ ہجرت کریں، اور اگر وہ تم سے دین میں مدد مانگیں

فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ إِلَّا عَلَىٰ قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِيثَاقٌ ۗ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ

بِمَا تَعْمَلُونَ	وَاللَّهُ	مِيثَاقٌ	وَبَيْنَهُمْ	بَيْنَكُمْ	قَوْمٍ	عَلَىٰ	إِلَّا	النَّصْرُ	فَعَلَيْكُمُ
جو تم کرتے ہو	اور اللہ	معاہدہ	اور ان کے درمیان	تمہارے درمیان	وہ قوم	پر (خلاف)	مگر	مدد	تو تم پر (لازم ہے)

تو تم پر مدد لازم ہے، مگر اس قوم کے خلاف نہیں جس کے اور تمہارے درمیان معاہدہ ہو، اور جو تم کرتے ہو اللہ اسے

بَصِيرٌ ﴿٧٢﴾ وَالَّذِينَ كَفَرُوا بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ ۚ إِلَّا تَفْعَلُوهُ تَكُنْ فِتْنَةٌ

فِتْنَةٌ	تَكُنْ	تَفْعَلُوهُ	إِلَّا	بَعْضٍ	أَوْلِيَاءُ	بَعْضُهُمْ	كَفَرُوا	وَالَّذِينَ	بَصِيرٌ
فتنہ	ہوگا	اگر تم ایسا نہ کروگے		بعض (دوسرے)	رفیق	ان کے بعض	انہوں نے کفر کیا	اور وہ لوگ جو	دیکھنے والا

دیکھنے والا ہے۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا وہ ایک دوسرے کے رفیق ہیں، اگر تم ایسا نہ کروگے تو فتنہ ہوگا

فِي الْأَرْضِ وَفَسَادٌ كَبِيرٌ ﴿٧٣﴾ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَهَاجَرُوا وَجَاهَدُوا

وَجَاهَدُوا	وَهَاجَرُوا	آمَنُوا	وَالَّذِينَ	كَبِيرٌ	وَفَسَادٌ	الْأَرْضِ	فِي
اور جہاد کیا انہوں نے	اور انہوں نے ہجرت کی	ایمان لائے	اور وہ لوگ جو	بڑا	اور فساد	زمین	میں

زمین میں، اور بڑا فساد (ہوگا)۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت کی اور جہاد کیا

فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَالَّذِينَ آوَوْا وَنَصَرُوا أُولَٰئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُونَ حَقًّا ۚ

حَقًّا	الْمُؤْمِنُونَ	هُمُ	أُولَٰئِكَ	وَنَصَرُوا	آوَوْا	وَالَّذِينَ	سَبِيلِ اللَّهِ	فِي
سچے	مومن (جمع)	وہ	وہی لوگ	اور مدد کی	ٹھکانہ دیا	اور وہ لوگ جو	اللہ کا راستہ	میں

اللہ کے راستے میں اور جن لوگوں نے ٹھکانہ دیا اور مدد کی وہی لوگ سچے مومن ہیں

لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿٧٤﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَهَاجَرُوْا

لَهُمْ	مَّغْفِرَةٌ	وَّرِزْقٌ	كَرِيْمٌ	وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مِنْۢ بَعْدُ	وَهَاجَرُوْا
ان کے لئے	بخشش	اور روزی	عزت	اور وہ لوگ جو	ایمان لائے	اس کے بعد	اور انہوں نے ہجرت کی

ان کے لئے بخشش اور عزت کی روزی ہے۔ اور جو لوگ اس کے بعد ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت کی

وَجٰهَدُوْا مَعَكُمْ فَاُولٰٓئِكَ مِنْكُمْ ۭ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ

وَجٰهَدُوْا	مَعَكُمْ	فَاُولٰٓئِكَ	مِنْكُمْ	وَاُولُوا الْاَرْحَامِ	بَعْضُهُمْ	اَوْلٰى	بِبَعْضٍ
اور انہوں نے جہاد کیا	تمہارے ساتھ	پس وہی لوگ	تم میں سے	اور قرابت دار	ان کے بعض	قریب (زیادہ حقدار)	بعض (دوسرے) کے

اور تمہارے ساتھ (مل کر) جہاد کیا پس وہی تم میں سے ہیں، اور قرابت دار (آپس میں) ایک دوسرے سے زیادہ حق دار ہیں

فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿٧٥﴾ ع

فِيْ	كِتٰبِ اللّٰهِ	اِنَّ	اللّٰهَ	بِكُلِّ شَيْءٍ	عَلِيْمٌ
میں (رو سے)	اللہ کا حکم	بیشک	اللہ	ہر چیز	جاننے والا

اللہ کے حکم کی رُو سے، بے شک اللہ ہر چیز کا جاننے والا ہے۔

ایاتها ١٢٩ | ٩ سُوْرَةُ التَّوْبَةِ مَدَنِيَّةٌ : ١١٣ | رکوعاتها ١٦

بَرَاۗءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿١﴾ ط

بَرَاۗءَةٌ	مِّنَ	اللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖٓ	اِلَى	الَّذِيْنَ	عٰهَدْتُّمْ	مِّنَ	الْمُشْرِكِيْنَ
بیزاری (قطع تعلق)	سے	اللہ	اور اس کا رسول	طرف	وہ لوگ جنہوں نے	تم سے عہد کیا	سے	مشرکین

اللہ اور اس کے رسول (کی طرف) سے قطع تعلق ہے ان مشرکوں سے جن سے تم نے عہد کیا ہوا تھا۔

فَسِيْحُوْا فِي الْاَرْضِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللّٰهِ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ

فَسِيْحُوْا	فِي الْاَرْضِ	اَرْبَعَةَ	اَشْهُرٍ	وَّاعْلَمُوْٓا	اَنَّكُمْ	غَيْرُ	مُعْجِزِي اللّٰهِ	وَاَنَّ	اللّٰهَ
پس چلو پھر لو	زمین میں	چار	مہینے	اور جان لو	کہ تم	نہیں	اللہ کو عاجز کرنے والے	اور یہ کہ	اللہ

پس (مشرکو) زمین میں چار مہینے چل پھر لو، اور جان لو کہ تم اللہ کو عاجز کرنے والے نہیں، اور یہ کہ اللہ

مُخْزِی الْكٰفِرِیْنَ ۝۲ وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖۤ اِلَى النَّاسِ یَوْمَ الْحَجِّ الْاَكْبَرِ

مُخْزِی	الْكٰفِرِیْنَ	وَاَذَانٌ	مِّنَ اللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	اِلَى	النَّاسِ	یَوْمَ	الْحَجِّ الْاَكْبَرِ
رسوا کرنے والا	کافر (جمع)	اور اعلان	اللہ سے	اور اس کا رسول	طرف (سے)	لوگ	دن	حج اکبر

کافروں کو رسوا کرنے والا ہے۔ اور اللہ اور اس کے رسول (کی طرف) سے حج اکبر کے دن لوگوں کے لئے اعلان ہے

اَنَّ اللّٰهَ بَرِیْٓءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِیْنَ ۙ۬ وَرَسُوْلُهٗ ؕ فَاِنْ تُبْتُمْ فَهُوَ خَیْرٌ لَّكُمْ ۚ وَاِنْ

اَنَّ	اللّٰهَ	بَرِیْٓءٌ	مِّنَ	الْمُشْرِكِیْنَ	وَرَسُوْلُهٗ	فَاِنْ	تُبْتُمْ	فَهُوَ	خَیْرٌ لَّكُمْ	وَاِنْ
کہ	اللہ	قطع تعلق	سے	مشرک (جمع)	اور اس کا رسول	پس اگر	تم توبہ کرو	تو یہ	تمہارے لئے بہتر	اور اگر

کہ اللہ اور اس کے رسول کا مشرکوں سے قطع تعلق ہے، پس اگر تم توبہ کر لو تو یہ تمہارے لئے بہتر ہے، اور اگر

تَوَلَّیْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ غَیْرُ مُعْجِزِی اللّٰهِ ؕ وَبَشِّرِ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِعَذَابٍ

تَوَلَّیْتُمْ	فَاعْلَمُوْٓا	اَنَّكُمْ	غَیْرُ	مُعْجِزِی اللّٰهِ	وَبَشِّرِ	الَّذِیْنَ	كَفَرُوْا	بِعَذَابٍ
تم نے منہ پھیر لیا	تو جان لو	کہ تم	نہ	عاجز کرنے والے اللہ	تو خوشخبری دو (آگاہ کردو)	وہ لوگ جو	انہوں نے کفر کیا	عذاب سے

تم نے منہ پھیر لیا تو جان لو کہ تم اللہ کو عاجز کرنے والے نہیں، اور آگاہ کر دو اُن لوگوں کو جنہوں نے کفر کیا عذاب

اَلِیْمٍ ۝۳ اِلَّا الَّذِیْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِیْنَ ثُمَّ لَمْ یَنْقُصُوْكُمْ شَیْـًٔا وَّ

اَلِیْمٍ	اِلَّا	الَّذِیْنَ	عٰهَدْتُّمْ	مِّنَ	الْمُشْرِكِیْنَ	ثُمَّ	لَمْ یَنْقُصُوْكُمْ	شَیْـًٔا	وَّ
دردناک	سوائے	وہ لوگ جو	تم نے عہد کیا تھا	سے	مشرک (جمع)	پھر	انہوں نے تم سے کمی نہ کی	کچھ بھی	اور

دردناک سے۔ سوائے اُن مشرک لوگوں کے جن سے تم نے عہد کیا تھا، پھر اُنہوں نے تم سے (عہد میں) کچھ بھی کمی نہ کی اور

لَمْ یُظَاهِرُوْا عَلَیْكُمْ اَحَدًا فَاَتِمُّوْٓا اِلَیْهِمْ عَهْدَهُمْ اِلٰى مُدَّتِهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

لَمْ یُظَاهِرُوْا	عَلَیْكُمْ	اَحَدًا	فَاَتِمُّوْٓا	اِلَیْهِمْ	عَهْدَهُمْ	اِلٰى	مُدَّتِهِمْ	اِنَّ	اللّٰهَ
نہ انہوں نے مدد کی	تمہارے خلاف	کسی کی	تو پورا کرو	ان سے	ان کا عہد	تک	ان کی مدت	بیشک	اللہ

نہ انہوں نے تمہارے خلاف کسی کی مدد کی، تو ان سے ان کا عہد ان کی (مقررہ) مدت تک پورا کرو، بیشک اللہ

یُحِبُّ الْمُتَّقِیْنَ ۝۴ فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِیْنَ حَیْثُ

یُحِبُّ	الْمُتَّقِیْنَ	فَاِذَا	انْسَلَخَ	الْاَشْهُرُ	الْحُرُمُ	فَاقْتُلُوا	الْمُشْرِكِیْنَ	حَیْثُ
دوست رکھتا ہے	پرہیزگار (جمع)	پھر جب	گزر جائیں	مہینے	حرمت والے	تو قتل کرو	مشرک (جمع)	جہاں

پرہیزگاروں کو دوست رکھتا ہے۔ پھر جب حرمت والے مہینے گزر جائیں تو مشرکوں کو قتل کرو جہاں

وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَخُذُوْهُمْ وَاحْصُرُوْهُمْ وَاقْعُدُوْا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ ۚ فَاِنْ

وَجَدْتُّمُوْهُمْ	وَخُذُوْهُمْ	وَاحْصُرُوْهُمْ	وَاقْعُدُوْا	لَهُمْ	كُلَّ مَرْصَدٍ	فَاِنْ
تم انہیں پاؤ	اور انہیں پکڑو	اور انہیں گھیر لو	اور بیٹھو	ان کے لئے	ہر گھات	پھر اگر

تم اُنہیں پاؤ، اور اُنہیں پکڑو، اور اُنہیں گھیر لو، اور ان کے لئے ہر گھات میں بیٹھو، پھر اگر

تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

تَابُوْا	وَاَقَامُوا	الصَّلٰوةَ	وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ	فَخَلُّوْا	سَبِيْلَهُمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ
وہ توبہ کرلیں	اور قائم کریں	نماز	اور زکوٰۃ ادا کریں	تو چھوڑ دو	ان کا راستہ	بیشک	اللہ	بخشنے والا

وہ توبہ کرلیں، اور نماز قائم کریں، اور زکوٰۃ ادا کریں، تو ان کا راستہ چھوڑ دو۔ بیشک اللہ بخشنے والا

رَّحِيْمٌ ۝ وَاِنْ اَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ اسْتَجَارَكَ فَاَجِرْهُ حَتّٰى يَسْمَعَ

رَّحِيْمٌ	وَاِنْ	اَحَدٌ	مِّنَ	الْمُشْرِكِيْنَ	اسْتَجَارَكَ	فَاَجِرْهُ	حَتّٰى	يَسْمَعَ
نہایت مہربان	اور اگر	کوئی	سے	مشرکین	آپ سے پناہ مانگے	تو اُسے پناہ دیدو	یہانتک کہ	وہ سُن لے

نہایت مہربان ہے۔ اور اگر مشرکین ہی سے کوئی آپ سے پناہ مانگے تو اُسے پناہ دے دیں، یہانتک کہ وہ سُن لے

كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ اَبْلِغْهُ مَاْمَنَهٗ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْلَمُوْنَ ۝ كَيْفَ

كَلٰمَ اللّٰهِ	ثُمَّ	اَبْلِغْهُ	مَاْمَنَهٗ	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	قَوْمٌ	لَا يَعْلَمُوْنَ	كَيْفَ
اللہ کا کلام	پھر	اسے پہنچا دیں	اسکی امن کی جگہ	یہ	اس لئے کہ وہ	لوگ	علم نہیں رکھتے	کیونکر

اللہ کا کلام، پھر اُسے اس کی امن کی جگہ پہنچا دیں، یہ اس لئے ہے کہ وہ علم نہیں رکھتے (نادان ہیں) کیونکر

يَكُوْنُ لِلْمُشْرِكِيْنَ عَهْدٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ رَسُوْلِهٖۤ اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ

يَكُوْنُ	لِلْمُشْرِكِيْنَ	عَهْدٌ	عِنْدَ اللّٰهِ	وَ	عِنْدَ رَسُوْلِهٖ	اِلَّا	الَّذِيْنَ	عٰهَدْتُّمْ
ہو	مشرکوں کے لئے	عہد	اللہ کے پاس	اور	اس کے رسول کے پاس	سوائے	وہ لوگ جو	تم نے عہد کیا

ہو مشرکوں کے لئے اللہ کے پاس اور اس کے رسول ﷺ کے پاس کوئی عہد، سوائے ان لوگوں کے جن سے تم نے عہد کیا

عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۚ فَمَا اسْتَقَامُوْا لَكُمْ فَاسْتَقِيْمُوْا لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

عِنْدَ	الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ	فَمَا	اسْتَقَامُوْا	لَكُمْ	فَاسْتَقِيْمُوْا	لَهُمْ	اِنَّ	اللّٰهَ
پاس	مسجد حرام	سو جب تک	وہ قائم رہیں	تمہارے لئے	تو تم قائم رہو	ان کے لئے	بیشک	اللہ

مسجد حرام (خانہ کعبہ) کے پاس، سو جب تک وہ تمہارے لئے (عہد پر) قائم رہیں تم (بھی) ان کے لئے قائم رہو بیشک اللہ

يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ۝۷ كَيْفَ وَاِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ لَا يَرْقُبُوْا فِيْكُمْ اِلًّا

يُحِبُّ	الْمُتَّقِيْنَ	كَيْفَ	وَاِنْ	يَّظْهَرُوْا	عَلَيْكُمْ	لَا يَرْقُبُوْا	فِيْكُمْ	اِلًّا
دوست رکھتا ہے	پرہیزگار (جمع)	کیسے	اور اگر	وہ غالب آجائیں	تم پر	نہ لحاظ کریں	تمہاری	قرابت

پرہیزگاروں کو دوست رکھتا ہے - کیسے (صلح ہو، حال یہ ہے) اگر وہ تم پر غالب آجائیں تو نہ لحاظ کریں تمہاری قرابت کا،

وَّلَا ذِمَّةً ۭ يُرْضُوْنَكُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ وَتَاْبٰى قُلُوْبُهُمْ ۚ وَاَكْثَرُهُمْ فٰسِقُوْنَ ۝۸

وَ	لَا ذِمَّةً	يُرْضُوْنَكُمْ	بِاَفْوَاهِهِمْ	وَتَاْبٰى	قُلُوْبُهُمْ	وَاَكْثَرُهُمْ	فٰسِقُوْنَ
اور	نہ عہد	وہ تمہیں راضی کردیتے ہیں	اپنے منہ (جمع) سے	لیکن نہیں مانتے	ان کے دل	اور ان کے اکثر	نافرمان

دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿٦٧﴾ كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ۭ اَلَآ اِنَّ ثَمُوْدَا۟ كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ۭ اَلَا

دِيَارِهِمْ	جٰثِمِيْنَ	كَاَنْ	لَّمْ يَغْنَوْا	فِيْهَا	اَلَآ	اِنَّ	ثَمُوْدَا۟	كَفَرُوْا	رَبَّهُمْ	اَلَا
اپنے گھر	اوندھے پڑے رہ گئے	گویا	نہ بسے تھے	یہاں	یاد رکھو	بیشک	ثمود	منکر ہوئے	اپنے رب کے	یاد رکھو

اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے۔ گویا وہ کبھی یہاں بسے ہی نہ تھے، یاد رکھو! بیشک قوم ثمود اپنے رب کے منکر ہوئے، یاد رکھو!

ع ٦ ٨ ٦

بُعْدًا لِّثَمُوْدَ ﴿٦٨﴾ وَلَقَدْ جَاۗءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى قَالُوْا سَلٰمًا ۭ قَالَ

بُعْدًا	لِّثَمُوْدَ	وَ	لَقَدْ جَاۗءَتْ	رُسُلُنَآ	اِبْرٰهِيْمَ	بِالْبُشْرٰى	قَالُوْا	سَلٰمًا	قَالَ
پھٹکار	ثمود پر	اور	البتہ آئے	ہمارے فرشتے	ابراہیمؑ	خوشخبری لے کر	وہ بولے	سلام	اس نے کہا

ثمود پر پھٹکار ہے۔ اور ہمارے فرشتے البتہ ابراہیمؑ کے پاس خوشخبری لے کر آئے، وہ سلام بولے، اس (ابراہیمؑ) نے

سَلٰمٌ فَمَا لَبِثَ اَنْ جَآءَ بِعِجْلٍ حَنِيْذٍ ﴿۶۹﴾ فَلَمَّا رَآ اَيْدِيَهُمْ لَا تَصِلُ اِلَيْهِ

سَلٰمٌ	فَمَا لَبِثَ	اَنْ	جَآءَ بِعِجْلٍ	حَنِيْذٍ	فَلَمَّا	رَآ اَيْدِيَهُمْ	لَا تَصِلُ	اِلَيْهِ
سلام	پھر اس نے دیر نہ کی	کہ	ایک بچھڑا لے آیا	بُھنا ہوا	پھر جب	اس نے دیکھے ان کے ہاتھ	نہیں پہنچتے	اس کی طرف

سلام کہا، پھر اس نے دیر نہ کی ایک بُھنا ہوا بچھڑا لے آیا۔ پھر جب اس (ابراہیمؑ) نے دیکھا کہ ان کے ہاتھ کھانے کی طرف نہیں پہنچتے

نَكِرَهُمْ وَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً ؕ قَالُوْا لَا تَخَفْ اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمِ لُوْطٍ ؕ ﴿۷۰﴾

نَكِرَهُمْ	وَاَوْجَسَ	مِنْهُمْ	خِيْفَةً	قَالُوْا	لَا تَخَفْ	اِنَّآ اُرْسِلْنَآ	اِلٰى	قَوْمِ لُوْطٍ
وہ ان سے ڈرا	اور محسوس کیا	ان سے	خوف	وہ بولے	ڈرو مت	بیشک ہم بھیجے گئے ہیں	طرف	قوم لوط

تو وہ ان سے ڈرا اور دل میں ان سے خوف محسوس کیا، وہ بولے ڈرو مت، بیشک ہم قوم لوطؑ کی طرف بھیجے گئے ہیں۔

وَامْرَاَتُهٗ قَآئِمَةٌ فَضَحِكَتْ فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ ۙ وَمِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ

وَامْرَاَتُهٗ	قَآئِمَةٌ	فَضَحِكَتْ	فَبَشَّرْنٰهَا	بِاِسْحٰقَ	وَ	مِنْ وَّرَآءِ	اِسْحٰقَ
اور اس کی بیوی	کھڑی ہوئی	تو وہ ہنس پڑی	سو ہم نے اسے خوشخبری دی	اسحٰقؑ کی	اور	اور بعد	اسحٰقؑ

اور اس کی بیوی کھڑی ہوئی تھی تو وہ ہنس پڑی سو ہم نے اسے خوشخبری دی اسحٰقؑ اور اسحٰقؑ کے بعد

يَعْقُوْبَ ﴿۷۱﴾ قَالَتْ يٰوَيْلَتٰٓى ءَاَلِدُ وَاَنَا عَجُوْزٌ وَّهٰذَا بَعْلِىْ شَيْخًا ؕ اِنَّ هٰذَا

يَعْقُوْبَ	قَالَتْ	يٰوَيْلَتٰٓى	ءَاَلِدُ	وَاَنَا	عَجُوْزٌ	وَهٰذَا	بَعْلِىْ	شَيْخًا	اِنَّ	هٰذَا
یعقوب	وہ بولی	اے خرابی (لے ہے)	کیا میرے بچہ ہوگا	حالانکہ میں	بڑھیا	اور یہ	میرا خاوند	بوڑھا	بیشک	یہ

یعقوبؑ کی۔ وہ بولی لے ہے! کیا میرے بچہ ہوگا؟ حالانکہ میں بڑھیا ہوں اور یہ میرا خاوند بوڑھا ہے، بیشک یہ

لَشَىْءٌ عَجِيْبٌ ﴿۷۲﴾ قَالُوْٓا اَتَعْجَبِيْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ رَحْمَتُ اللّٰهِ وَبَرَكٰتُهٗ عَلَيْكُمْ

لَشَىْءٌ	عَجِيْبٌ	قَالُوْٓا	اَتَعْجَبِيْنَ	مِنْ	اَمْرِ اللّٰهِ	رَحْمَتُ اللّٰهِ	وَبَرَكٰتُهٗ	عَلَيْكُمْ
ایک چیز (بات)	عجیب	وہ بولے	کیا تو تعجب کرتی ہے	سے	اللہ کا حکم	اللہ کی رحمت	اور اس کی برکتیں	تم پر

ایک عجیب بات ہے۔ وہ بولے کیا تو اللہ کے حکم سے (اللہ کی قدرت پر) تعجب کرتی ہے؟ تم پر اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں

اَهْلَ الْبَيْتِ ؕ اِنَّهٗ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ﴿۷۳﴾ فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ اِبْرٰهِيْمَ الرَّوْعُ وَ

اَهْلَ الْبَيْتِ	اِنَّهٗ	حَمِيْدٌ	مَّجِيْدٌ	فَلَمَّا	ذَهَبَ	عَنْ	اِبْرٰهِيْمَ	الرَّوْعُ	وَ
اے گھر والو	بیشک وہ	خوبیوں والا	بزرگی والا	پھر جب	جاتا رہا	سے (کا)	ابراہیمؑ	خوف	اور

اے گھر والو! بیشک وہ خوبیوں والا، بزرگی والا ہے۔ پھر جب ابراہیمؑ کا خوف جاتا رہا، اور

جَآءَتْهُ الْبُشْرٰى يُجَادِلُنَا فِىْ قَوْمِ لُوْطٍ ﴿٧٤﴾ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَحَلِيْمٌ اَوَّاهٌ

جَآءَتْهُ	الْبُشْرٰى	يُجَادِلُنَا	فِىْ	قَوْمِ لُوْطٍ	اِنَّ	اِبْرٰهِيْمَ	لَحَلِيْمٌ	اَوَّاهٌ
اس کے پاس آگئی	خوشخبری	ہم سے جھگڑنے لگا	میں	قوم لوط	بیشک	ابراہیمؑ	بُردبار	نرم دل

اس کے پاس خوشخبری آگئی، وہ ہم سے قوم لوطؑ (کے بارہ) میں جھگڑنے لگا۔ بیشک ابراہیمؑ بُردبار ، نرم دل

مُّنِيْبٌ ﴿٧٥﴾ يٰٓاِبْرٰهِيْمُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا ۚ اِنَّهٗ قَدْ جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ۚ وَاِنَّهُمْ

مُّنِيْبٌ	يٰٓاِبْرٰهِيْمُ	اَعْرِضْ	عَنْ هٰذَا	اِنَّهٗ	قَدْ جَآءَ	اَمْرُ رَبِّكَ	وَاِنَّهُمْ
رجوع کرنے والا	اے ابراہیمؑ	اعراض کر	اس سے	بیشک یہ	آچکا	تیرے رب کا حکم	اور بیشک اُن

رجوع کرنے والا ہے۔ اے ابراہیمؑ! اس سے اعراض کر (یہ خیال چھوڑ دے) بیشک تیرے رب کا حکم آچکا، اور بیشک اُن پر

اٰتِيْهِمْ عَذَابٌ غَيْرُ مَرْدُوْدٍ ﴿٧٦﴾ وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْٓءَ بِهِمْ وَضَاقَ

اٰتِيْهِمْ	عَذَابٌ	غَيْرُ مَرْدُوْدٍ	وَلَمَّا	جَآءَتْ	رُسُلُنَا	لُوْطًا	سِيْٓءَ	بِهِمْ	وَضَاقَ
اُن پر آگیا	عذاب	نہ ٹلایا جانے والا	اور جب	آئے	ہمارے فرشتے	لوطؑ کے پاس	وہ غمگین ہوا	ان سے	اور تنگ ہوا

نہ ٹلایا جانے والا عذاب آنے والا ہے (آیا ہی چاہتا ہے)۔ اور جب ہمارے فرشتے لوطؑ کے پاس آئے وہ اُن سے غمگین ہوا اور تنگدل ہوا

بِهِمْ ذَرْعًا وَّقَالَ هٰذَا يَوْمٌ عَصِيْبٌ ﴿٧٧﴾ وَجَآءَهٗ قَوْمُهٗ يُهْرَعُوْنَ اِلَيْهِ ؕ

بِهِمْ	ذَرْعًا	وَّقَالَ	هٰذَا	يَوْمٌ عَصِيْبٌ	وَجَآءَهٗ	قَوْمُهٗ	يُهْرَعُوْنَ	اِلَيْهِ
ان سے	دل میں	اور بولا	یہ	بڑا سختی کا دن	اور اس کے پاس آئی	اس کی قوم	دوڑتی ہوئی	اس کی طرف

اُن (کی طرف) سے اور بولا یہ بڑا سختی کا دن ہے۔ اور اس کے پاس اس کی قوم دوڑتی ہوئی آئی

وَمِنْ قَبْلُ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ؕ قَالَ يٰقَوْمِ هٰٓؤُلَآءِ بَنَاتِىْ هُنَّ اَطْهَرُ لَكُمْ

وَ	مِنْ قَبْلُ	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	السَّيِّاٰتِ	قَالَ	يٰقَوْمِ	هٰٓؤُلَآءِ	بَنَاتِىْ	هُنَّ	اَطْهَرُ	لَكُمْ
اور	اس سے قبل	وہ کرتے تھے	بُرے کام	اس نے کہا	اے میری قوم	یہ	میری بیٹیاں	یہ	پاکیزہ	تمہارے لئے

اور وہ اس سے قبل بُرے کام کرتے تھے، اس نے کہا اے میری قوم! یہ میری بیٹیاں (موجود) ہیں، یہ تمہارے لئے پاکیزہ ہیں

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ فِىْ ضَيْفِىْ ؕ اَلَيْسَ مِنْكُمْ رَجُلٌ رَّشِيْدٌ ﴿٧٨﴾

فَاتَّقُوْا	اللّٰهَ	وَ	لَا تُخْزُوْنِ	فِىْ ضَيْفِىْ	اَلَيْسَ	مِنْكُمْ	رَجُلٌ	رَّشِيْدٌ
پس ڈرو	اللہ	اور	نہ رسوا کرو مجھے	میرے مہمانوں میں	کیا نہیں	تم سے (تم میں)	ایک آدمی	نیک چلن

پس اللہ سے ڈرو، اور مجھے میرے مہمانوں میں رسوا نہ کرو، کیا تم میں ایک آدمی (بھی) نیک چلن نہیں؟

قَالُوا لَقَدْ عَلِمْتَ مَا لَنَا فِي بَنَاتِكَ مِنْ حَقٍّ ۚ وَإِنَّكَ لَتَعْلَمُ مَا نُرِيدُ ﴿٧٩﴾

قَالُوا	لَقَدْ عَلِمْتَ	مَا لَنَا	فِي بَنَاتِكَ	مِنْ	حَقٍّ	وَإِنَّكَ	لَتَعْلَمُ	مَا نُرِيدُ
وہ بولے	تُو تو جانتا ہے	ہمارے لئے نہیں	تیری بیٹیوں میں	کوئی	حق	اور بیشک تُو	خوب جانتا ہے	ہم کیا چاہتے ہیں؟

وہ بولے تُو تو جانتا ہے، تیری بیٹیوں میں ہمارے لئے کوئی حق (غرض) نہیں ¹ اور بیشک تو خوب جانتا ہے ہم کیا چاہتے ہیں؟

قَالَ لَوْ أَنَّ لِي بِكُمْ قُوَّةً أَوْ آوِي إِلَىٰ رُكْنٍ شَدِيدٍ ﴿٨٠﴾ قَالُوا يَا لُوطُ إِنَّا

قَالَ	لَوْ أَنَّ	لِي	بِكُمْ	قُوَّةً	أَوْ آوِي	إِلَىٰ	رُكْنٍ شَدِيدٍ	قَالُوا	يَا لُوطُ	إِنَّا
اس نے کہا	کاش کہ	میرے لئے میرا	تم پر	کوئی زور	یا میں پناہ لیتا	طرف	مضبوط پایہ	وہ بولے	اے لوط	بیشک ہم

اس نے کہا کاش میرا تم پر کوئی زور ہوتا، یا میں کسی مضبوط پایہ کی پناہ لیتا۔ وہ (فرشتے) بولے اے لوط ²! بیشک ہم

رُسُلُ رَبِّكَ لَنْ يَصِلُوا إِلَيْكَ ۖ فَأَسْرِ بِأَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِنَ اللَّيْلِ وَلَا يَلْتَفِتْ

رُسُلُ	رَبِّكَ	لَنْ يَصِلُوا	إِلَيْكَ	فَأَسْرِ	بِأَهْلِكَ	بِقِطْعٍ	مِنَ	اللَّيْلِ	وَلَا يَلْتَفِتْ
بھیجے ہوئے	تمہارا رب	وہ ہرگز نہ پہنچیں گے	تم تک	سو لے نکل	اپنے گھر والوں کو	کوئی حصہ	سے (کا)	رات	اور نہ مڑ کر دیکھے

تمہارے رب کے بھیجے ہوئے ہیں وہ تم تک ہرگز نہ پہنچ سکیں گے سو تم اپنے گھر والوں کو رات کے کسی حصہ میں (راتوں رات) لے نکلو اور مڑ کر نہ دیکھے

مِنْكُمْ أَحَدٌ إِلَّا امْرَأَتَكَ ۖ إِنَّهُ مُصِيبُهَا مَا أَصَابَهُمْ ۚ إِنَّ مَوْعِدَهُمُ الصُّبْحُ ۚ

مِنْكُمْ	أَحَدٌ	إِلَّا	امْرَأَتَكَ	إِنَّهُ	مُصِيبُهَا	مَا	أَصَابَهُمْ	إِنَّ	مَوْعِدَهُمُ	الصُّبْحُ
تم میں سے	کوئی	سوا	تمہاری بیوی	بیشک وہ	اس کو پہنچنے والا	جو	ان کو پہنچے گا	بیشک	ان کا وعدہ	صبح

تم میں سے تمہاری بیوی کے سوا کوئی، بیشک جو ان کو پہنچے گا، اس کو پہنچنے والا ہے (پہنچ کر رہے گا) بیشک ان پر (عذاب کے) وعدہ کا وقت صبح ہے

أَلَيْسَ الصُّبْحُ بِقَرِيبٍ ﴿٨١﴾ فَلَمَّا جَاءَ أَمْرُنَا جَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَأَمْطَرْنَا

أَلَيْسَ	الصُّبْحُ	بِقَرِيبٍ	فَلَمَّا	جَاءَ	أَمْرُنَا	جَعَلْنَا	عَالِيَهَا	سَافِلَهَا	وَأَمْطَرْنَا
کیا نہیں	صبح	نزدیک	پس جب	آیا	ہمارا حکم	ہم نے کر دیا	اس کا اوپر (بلند)	اس کا نیچا (پست)	اور ہم نے برسائے

کیا صبح نزدیک نہیں؟ پس جب ہمارا حکم آیا ہم نے ان کا بلند پست کر دیا (زیر و زبر کر دیا) اور ہم نے برسائے

عَلَيْهَا حِجَارَةً مِنْ سِجِّيلٍ مَنْضُودٍ ﴿٨٢﴾ مُسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ ۖ وَمَا هِيَ

عَلَيْهَا	حِجَارَةً	مِنْ سِجِّيلٍ	مَنْضُودٍ	مُسَوَّمَةً	عِنْدَ رَبِّكَ	وَمَا	هِيَ
اس پر	پتھر	کنکر (سنگریزہ)	تہہ بہ تہہ	نشان کئے ہوئے	تیرے رب کے پاس	اور نہیں	یہ

اُس (بستی) پر سنگریزے کے پتھر تہہ بہ تہہ (لگاتار) - تیرے رب کے پاس نشان کئے ہوئے، اور یہ نہیں ہے

مِنَ الظّٰلِمِيْنَ بِبَعِيْدٍ ﴿٨٣﴾ وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ

يٰقَوْمِ	قَالَ	شُعَيْبًا	اَخَاهُمْ	اِلٰى مَدْيَنَ	وَ	بِبَعِيْدٍ	الظّٰلِمِيْنَ	مِنَ
اے میری قوم	اس نے کہا	شعیبؑ	ان کا بھائی	مدین کی طرف	اور	کچھ دور	ظالم (جمع)	سے

ظالموں سے کچھ دور ۔ اور مدین کی طرف ان کے بھائی شعیبؑ (کو بھیجا) اس نے کہا، اے میری قوم!

اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ وَلَا تَنْقُصُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ

وَالْمِيْزَانَ	الْمِكْيَالَ	لَا تَنْقُصُوا	وَ	غَيْرُهٗ	مِّنْ اِلٰهٍ	مَا لَكُمْ	اللّٰهَ	اعْبُدُوا
اور تول	ماپ	نہ کمی کرو	اور	اس کے سوا	کوئی معبود	تمہارے لئے نہیں	اللہ	عبادت کرو

اللہ کی عبادت کرو، اللہ کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں، اور ماپ تول میں کمی نہ کرو،

اِنِّيْٓ اَرٰىكُمْ بِخَيْرٍ وَّاِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ مُّحِيْطٍ ﴿٨٤﴾ وَيٰقَوْمِ

وَيٰقَوْمِ	يَوْمٍ مُّحِيْطٍ	عَذَابَ	عَلَيْكُمْ	اَخَافُ	وَ اِنِّيْٓ	بِخَيْرٍ	اَرٰىكُمْ	اِنِّيْٓ
اور اے میری قوم	ایک گھیر لینے والا دن	عذاب	تم پر	ڈرتا ہوں	اور بیشک میں	آسودہ حال	تمہیں دیکھتا ہوں	بیشک میں

بیشک میں تمہیں آسودہ حال دیکھتا ہوں، اور بیشک میں تم پر ایک گھیر لینے والے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں۔ اور اے میری قوم!

اَوْفُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ

اَشْيَآءَهُمْ	النَّاسَ	وَلَا تَبْخَسُوا	بِالْقِسْطِ	وَالْمِيْزَانَ	الْمِكْيَالَ	اَوْفُوا
ان کی چیزیں	لوگ	اور نہ گھٹاؤ	انصاف سے	اور تول	ماپ	پورا کرو

انصاف سے ماپ تول پورا کرو، لوگوں کو ان کی چیزیں گھٹا کر نہ دو،

وَلَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿٨٥﴾ بَقِيَّتُ اللّٰهِ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۚ

مُّؤْمِنِيْنَ	كُنْتُمْ	اِنْ	لَّكُمْ	خَيْرٌ	اللّٰهِ	بَقِيَّتُ	مُفْسِدِيْنَ	فِى الْاَرْضِ	وَلَا تَعْثَوْا
ایمان والے	تم ہو	اگر	تمہارے لئے	بہتر	اللہ	بچا ہوا	فساد کرتے ہوئے	زمین میں	اور نہ پھرو

اور زمین میں فساد کرتے نہ پھرو۔ اللہ کا دیا ہوا جو بچ رہے تمہارے لئے بہتر ہے، اگر تم ایمان والے ہو،

وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ ﴿٨٦﴾ قَالُوْا يٰشُعَيْبُ اَصَلٰوتُكَ تَاْمُرُكَ اَنْ

اَنْ	تَاْمُرُكَ	اَصَلٰوتُكَ	يٰشُعَيْبُ	قَالُوْا	بِحَفِيْظٍ	عَلَيْكُمْ	اَنَا	مَا	وَ
کہ	تجھے حکم دیتی ہے	کیا تیری نماز	اے شعیب	وہ بولے	نگہبان	تم پر	میں	نہیں	اور

اور میں تم پر نگہبان نہیں ہوں۔ وہ بولے اے شعیبؑ! کیا تیری نماز تجھے حکم دیتی ہے (سکھاتی ہے) ؟ کہ

نَتْرُكَ مَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَآ اَوْ اَنْ نَّفْعَلَ فِيْٓ اَمْوَالِنَا مَا نَشٰٓؤُا ؕ اِنَّكَ لَاَنْتَ

نَتْرُكَ	مَا يَعْبُدُ	اٰبَآؤُنَا	اَوْ	اَنْ نَّفْعَلَ	فِيْٓ اَمْوَالِنَا	مَا نَشٰٓؤُا	اِنَّكَ	لَاَنْتَ
ہم چھوڑ دیں	جو پرستش کرتے تھے	ہمارے باپ دادا	یا	ہم نہ کریں	اپنے مالوں میں	جو ہم چاہیں	بیشک تو	البتہ تو

انہیں چھوڑ دیں جن کی ہمارے باپ دادا پرستش کرتے تھے، یا اپنے مالوں میں جو چاہیں نہ کریں، (طنزاً بولے) بیشک تم ہی

الْحَلِيْمُ الرَّشِيْدُ ﴿۸۷﴾ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ

الْحَلِيْمُ	الرَّشِيْدُ	قَالَ	يٰقَوْمِ	اَرَءَيْتُمْ	اِنْ	كُنْتُ	عَلٰى	بَيِّنَةٍ	مِّنْ	رَّبِّيْ
بُردبار (باوقار)	نیک چلن	اس نے کہا	اے میری قوم	کیا تم دیکھتے ہو (کیا خیال ہے)	اگر	میں ہوں	پر	روشن دلیل	سے	اپنا رب

باوقار، نیک چلن ہو؟ اس نے کہا اے میری قوم! تمہارا کیا خیال ہے؟ میں اپنے رب کی طرف سے اگر روشن دلیل پر ہوں

وَرَزَقَنِيْ مِنْهُ رِزْقًا حَسَنًا ؕ وَمَآ اُرِيْدُ اَنْ اُخَالِفَكُمْ اِلٰى مَآ اَنْهٰىكُمْ عَنْهُ ؕ

وَرَزَقَنِيْ	مِنْهُ	رِزْقًا	حَسَنًا	وَمَآ اُرِيْدُ	اَنْ	اُخَالِفَكُمْ	اِلٰى	مَآ اَنْهٰىكُمْ	عَنْهُ
اور اس نے مجھے روزی دی	اپنی طرف سے	روزی	اچھی	اور میں نہیں چاہتا	کہ	میں اسکے خلاف کروں	طرف	جو میں تمہیں روکتا ہوں	اس سے

اور اس نے مجھے اپنی طرف سے اچھی روزی دی ہے اور میں نہیں چاہتا کہ میں (خود) اس کے خلاف کروں جس سے تمہیں روکتا ہوں،

اِنْ اُرِيْدُ اِلَّا الْاِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ ؕ وَمَا تَوْفِيْقِيْٓ اِلَّا بِاللّٰهِ ؕ عَلَيْهِ

اِنْ	اُرِيْدُ	اِلَّا	الْاِصْلَاحَ	مَا	اسْتَطَعْتُ	وَمَا	تَوْفِيْقِيْٓ	اِلَّا	بِاللّٰهِ	عَلَيْهِ
نہیں	میں چاہتا	مگر (صرف)	اصلاح	جو (بقدر)	مجھ سے ہوسکے	اور نہیں	میری توفیق	مگر (صرف)	اللہ سے	اس پر

جس قدر مجھ سے ہو سکے میں صرف اصلاح چاہتا ہوں اور میری توفیق صرف اللہ ہی سے ہے، اُسی پر

تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ ﴿۸۸﴾ وَيٰقَوْمِ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شِقَاقِيْٓ اَنْ يُّصِيْبَكُمْ

تَوَكَّلْتُ	وَاِلَيْهِ	اُنِيْبُ	وَيٰقَوْمِ	لَا يَجْرِمَنَّكُمْ	شِقَاقِيْٓ	اَنْ	يُّصِيْبَكُمْ
میں نے بھروسہ کیا	اور اسی کی طرف	میں رجوع کرتا ہوں	اور اے میری قوم	تمہیں نہ کمو ادے (آمادہ نہ کردے)	میری ضد	کہ	تمہیں پہنچے

میں نے بھروسہ کیا اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں۔ اور اے میری قوم! تمہیں میری ضد آمادہ نہ کردے کہ تمہیں (عذاب) پہنچے

مِّثْلُ مَآ اَصَابَ قَوْمَ نُوْحٍ اَوْ قَوْمَ هُوْدٍ اَوْ قَوْمَ صٰلِحٍ ؕ وَمَا قَوْمُ لُوْطٍ

مِّثْلُ	مَآ اَصَابَ	قَوْمَ نُوْحٍ	اَوْ	قَوْمَ هُوْدٍ	اَوْ	قَوْمَ صٰلِحٍ	وَمَا	قَوْمُ لُوْطٍ
اس جیسا	جو پہنچا	قومِ نوح	یا	قومِ ہود	یا	قومِ صالح	اور نہیں	قومِ لوط

اس جیسا جو پہنچا قومِ نوحؑ، یا قومِ ہودؑ، یا قومِ صالحؑ کو، اور قومِ لوط نہیں ہے

مِّنْكُمْ بِبَعِيْدٍ ﴿٨٩﴾ وَاسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْآ اِلَيْهِ ۭ اِنَّ رَبِّيْ رَحِيْمٌ

مِّنْكُمْ	بِبَعِيْدٍ	وَ	اسْتَغْفِرُوْا	رَبَّكُمْ	ثُمَّ	تُوْبُوْآ اِلَيْهِ	اِنَّ	رَبِّيْ	رَحِيْمٌ
تم سے	کچھ دور	اور	بخشش مانگو	اپنا رب	پھر	اس کی طرف رجوع کرو	بیشک	میرا رب	رحم کرنے والا

تم سے کچھ دور ۔ اور اپنے رب سے بخشش مانگو، پھر اس کی طرف رجوع کرو، بیشک میرا رب رحم کرنے والا،

وَّدُوْدٌ ﴿٩٠﴾ قَالُوْا يٰشُعَيْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِيْرًا مِّمَّا تَقُوْلُ وَاِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْنَا

وَّدُوْدٌ	قَالُوْا	يٰشُعَيْبُ	مَا نَفْقَهُ	كَثِيْرًا	مِّمَّا تَقُوْلُ	وَاِنَّا	لَنَرٰىكَ	فِيْنَا
محبت والا	انہوں نے کہا	اے شعیب	ہم نہیں سمجھتے	بہت	اس سے جو تو کہتا ہے	اور بیشک ہم	تجھے دیکھتے ہیں	اپنے درمیان

محبت والا ہے ۔ انہوں نے کہا اے شعیبؑ! تو جو کہتا ہے ان میں سے ہم بہت (سی باتیں) نہیں سمجھتے اور بیشک ہم تجھے دیکھتے ہیں اپنے درمیان

ضَعِيْفًا ۚ وَلَوْلَا رَهْطُكَ لَرَجَمْنٰكَ ۡ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْنَا بِعَزِيْزٍ ﴿٩١﴾ قَالَ يٰقَوْمِ

ضَعِيْفًا	وَلَوْ	لَا رَهْطُكَ	لَرَجَمْنٰكَ	وَمَا	اَنْتَ	عَلَيْنَا	بِعَزِيْزٍ	قَالَ	يٰقَوْمِ
ضعیف (کمزور)	اور اگر	تیرا کنبہ نہ ہوتا	تجھ پر پتھراؤ کرتے	اور نہیں	تو	ہم پر	غالب	اس نے کہا	اے میری قوم

کمزور، اور تیرا کنبہ (بھائی بند) نہ ہوتے تو ہم تجھ پر پتھراؤ کرتے اور تو ہم پر غالب نہیں ۔ اس نے کہا اے میری قوم!

اَرَهْطِيْٓ اَعَزُّ عَلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَاتَّخَذْتُمُوْهُ وَرَاۗءَكُمْ ظِهْرِيًّا ۭ اِنَّ رَبِّيْ

اَرَهْطِيْٓ	اَعَزُّ	عَلَيْكُمْ	مِّنَ	اللّٰهِ	وَاتَّخَذْتُمُوْهُ	وَرَاۗءَكُمْ	ظِهْرِيًّا	اِنَّ	رَبِّيْ
کیا میرا کنبہ	زیادہ زور والا	تم پر	سے	اللہ	اور تم نے اسے لیا (ڈال رکھا)	اپنے سے پرے	پیٹھ پیچھے	بیشک	میرا رب

کیا میرا کنبہ تم پر اللہ سے زیادہ زور والا ہے ؟ اور تم نے اسے اپنی پیٹھ پیچھے ڈال رکھا ہے ۔ بیشک میرا رب

بِمَا تَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿٩٢﴾ وَيٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰي مَكَانَتِكُمْ اِنِّىْ عَامِلٌ ۭ سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ

بِمَا تَعْمَلُوْنَ	مُحِيْطٌ	وَيٰقَوْمِ	اعْمَلُوْا	عَلٰي	مَكَانَتِكُمْ	اِنِّىْ	عَامِلٌ	سَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ
اسے جو تم کرتے ہو	احاطہ کئے ہوئے	اے میری قوم	تم کام کرتے رہو	پر	اپنی جگہ	بیشک میں	کام کرتا ہوں	جلد	تم جان لوگے

جو تم کرتے ہو اسے احاطہ (قابو) کئے ہوئے ہے ۔ اور اے میری قوم ! تم اپنی جگہ کام کرتے رہو میں (اپنا) کام کرتا ہوں، تم جلد جان لوگے

مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَمَنْ هُوَ كَاذِبٌ ۭ وَارْتَقِبُوْٓا اِنِّىْ مَعَكُمْ

مَنْ	يَّاْتِيْهِ	عَذَابٌ	يُّخْزِيْهِ	وَمَنْ	هُوَ	كَاذِبٌ	وَارْتَقِبُوْٓا	اِنِّىْ	مَعَكُمْ
کون کس؟	اس پر آتا ہے	عذاب	اس کو رسوا کردیگا	اور کون ؟	وہ	جھوٹا	اور تم انتظار کرو	میں بیشک	تمہارے ساتھ

کس پر وہ عذاب آتا ہے جو اس کو رسوا کردے گا؟ اور کون جھوٹا ہے ؟ اور تم انتظار کرو، بیشک میں (بھی) تمہارے ساتھ

رَقِيْبٌ ﴿٩٣﴾ وَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا شُعَيْبًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَ

وَ	مِّنَّا	بِرَحْمَةٍ	مَعَهٗ	اٰمَنُوْا	وَالَّذِيْنَ	شُعَيْبًا	نَجَّيْنَا	اَمْرُنَا	جَآءَ	وَلَمَّا	رَقِيْبٌ
اور	اپنی	رحمت اپنی سے	اسکے ساتھ	ایمان لائے	اور جو لوگ	شعیب	ہم نے بچا لیا	ہمارا حکم	آیا	اور جب	انتظار

انتظار میں ہوں۔ اور جب ہمارا حکم آیا ، ہم نے شعیبؑ کو اور جو لوگ اس کے ساتھ ایمان لائے اپنی رحمت سے بچا لیا ، اور

اَخَذَتِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿٩٤﴾ كَاَنْ

كَاَنْ	جٰثِمِيْنَ	فِيْ دِيَارِهِمْ	فَاَصْبَحُوْا	الصَّيْحَةُ	ظَلَمُوْا	الَّذِيْنَ	اَخَذَتِ
گویا	اوندھے پڑے ہوئے	اپنے گھروں میں	سو صبح کی انہوں نے	کڑک (چنگھاڑ)	انہوں نے ظلم کیا	وہ لوگ جو	آ لیا

جن لوگوں نے ظلم کیا انہیں چنگھاڑ نے آلیا ، سو انہوں نے صبح کی (صبح کے وقت) اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے ۔ گویا

لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ؕ اَلَا بُعْدًا لِّمَدْيَنَ كَمَا بَعِدَتْ ثَمُوْدُ ﴿٩٥﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا

لَقَدْ اَرْسَلْنَا	وَ	ثَمُوْدُ	كَمَا بَعِدَتْ	لِّمَدْيَنَ	بُعْدًا	اَلَا	فِيْهَا	لَّمْ يَغْنَوْا
ہم نے بھیجا	اور	ثمود	جیسے دور ہوئے	مدین کے لئے	دوری ہے	یاد رکھو	اس میں (وہاں)	وہ نہیں بسے

وہ وہاں بسے ہی نہ تھے ، یاد رکھو! (رحمت سے) دوری ہو مدین کے لئے جیسے دور ہوئے ثمود ۔ اور ہم نے بھیجا

مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿٩٦﴾ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَاتَّبَعُوْٓا اَمْرَ فِرْعَوْنَ

اَمْرَ فِرْعَوْنَ	فَاتَّبَعُوْا	وَمَلَا۟ئِهٖ	اِلٰى فِرْعَوْنَ	مُّبِيْنٍ	سُلْطٰنٍ	وَ	بِاٰيٰتِنَا	مُوْسٰى
فرعون کا حکم	تو انہوں نے پیروی کی	اور اس کے سردار	فرعون کی طرف	روشن	دلیل	اور	اپنی نشانیوں کے ساتھ	موسیٰ

موسیٰ کو اپنی نشانیوں اور روشن دلیل کے ساتھ ، فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف ، تو انہوں نے فرعون کے حکم کی پیروی کی

وَمَآ اَمْرُ فِرْعَوْنَ بِرَشِيْدٍ ﴿٩٧﴾ يَقْدُمُ قَوْمَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَاَوْرَدَهُمُ النَّارَ

النَّارَ	فَاَوْرَدَهُمُ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	قَوْمَهٗ	يَقْدُمُ	بِرَشِيْدٍ	اَمْرُ فِرْعَوْنَ	وَمَا
دوزخ	تو لا اتارے گا انہیں	قیامت کے دن	اپنی قوم	آگے ہوگا	درست	فرعون کا حکم	اور نہ

اور فرعون کا حکم درست نہ تھا ۔ قیامت کے دن وہ اپنی قوم کے آگے ہوگا ، تو وہ انہیں دوزخ میں لا اتارے گا

وَبِئْسَ الْوِرْدُ الْمَوْرُوْدُ ﴿٩٨﴾ وَاُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهٖ لَعْنَةً وَّيَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ بِئْسَ

بِئْسَ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	وَ	لَعْنَةً	فِيْ هٰذِهٖ	وَاُتْبِعُوْا	الْمَوْرُوْدُ	الْوِرْدُ	وَبِئْسَ
برا	قیامت کے دن	اور	لعنت	اس میں	اور انکے پیچھے لگا دی گئی	اترنے کا مقام	گھاٹ	اور برا

اور برا ہے گھاٹ (ان کے) اترنے کا مقام اور اس (دنیا) میں ان کے پیچھے لعنت لگا دی گئی اور قیامت کے دن برا ہے

الرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ ﴿۹۹﴾ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْقُرٰى نَقُصُّهٗ عَلَيْكَ مِنْهَا قَآئِمٌ وَّ

الرِّفْدُ	الْمَرْفُوْدُ	ذٰلِكَ	مِنْ	اَنْۢبَآءِ الْقُرٰى	نَقُصُّهٗ	عَلَيْكَ	مِنْهَا	قَآئِمٌ	وَ
انعام	انہیں انعام دیا گیا	یہ	سے	بستیوں کی خبریں	ہم یہ بیان کرتے ہیں	تجھ پر (کو)	ان سے	قائم (موجود)	اور

(یہ) انعام جو انہیں دیا گیا۔ یہ بستیوں کی خبریں ہیں کہ ہم تجھ کو بیان کرتے ہیں، ان میں کچھ موجود ہیں، اور کچھ کی جڑیں)

حَصِيْدٌ ﴿۱۰۰﴾ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَمَآ اَغْنَتْ عَنْهُمْ

حَصِيْدٌ	وَ	مَا ظَلَمْنٰهُمْ	وَلٰكِنْ	ظَلَمُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	فَمَآ اَغْنَتْ	عَنْهُمْ
کٹ چکیں	اور	ہم نے ظلم نہیں کیا ان پر	اور لیکن (بلکہ)	انہوں نے ظلم کیا	اپنی جانوں پر	سو نہ کام آئے	ان سے (کے)

کٹ چکی ہیں۔ اور ہم نے اُن پر ظلم نہیں کیا، بلکہ انہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا، سو ان کے کچھ کام نہ آئے

اٰلِهَتُهُمُ الَّتِيْ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ لَّمَّا جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ط

اٰلِهَتُهُمُ	الَّتِيْ	يَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	مِنْ شَيْءٍ	لَّمَّا	جَآءَ	اَمْرُ رَبِّكَ
ان کے معبود	وہ جو	وہ پکارتے تھے	سوا	اللہ	کچھ بھی	جب	آیا	تیرے رب کا حکم

وہ معبود جنہیں وہ اللہ کے سوا پکارتے تھے، جب تیرے رب کا حکم آیا،

وَمَا زَادُوْهُمْ غَيْرَ تَتْبِيْبٍ ﴿۱۰۱﴾ وَكَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَآ اَخَذَ الْقُرٰى

وَ	مَا زَادُوْهُمْ	غَيْرَ تَتْبِيْبٍ	وَ	كَذٰلِكَ	اَخْذُ	رَبِّكَ	اِذَآ اَخَذَ	الْقُرٰى
اور	نہ بڑھایا انہیں	سوائے ہلاکت	اور	ایسی ہی	پکڑ	تیرا رب	جب اس نے پکڑا (پکڑتا ہے)	بستیاں

اور انہیں ہلاکت کے سوا انہوں نے کچھ نہ بڑھایا اور ایسی ہی ہے تیرے رب کی پکڑ جب وہ بستیوں کو پکڑتا ہے

وَهِيَ ظَالِمَةٌ ط اِنَّ اَخْذَهٗٓ اَلِيْمٌ شَدِيْدٌ ﴿۱۰۲﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّمَنْ خَافَ

وَهِيَ	ظَالِمَةٌ	اِنَّ	اَخْذَهٗ	اَلِيْمٌ شَدِيْدٌ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	لِّمَنْ خَافَ
اور وہ	ظلم کرتے ہوں	بیشک	اس کی پکڑ	دردناک سخت	بیشک	اس میں	البتہ نشانی	اس کے لئے جو ڈرا

اور وہ ظلم کرتے ہوں، بیشک اس کی پکڑ دردناک، سخت ہے۔ بیشک اس میں البتہ اس کے لئے نشانی ہے جو ڈرا

عَذَابَ الْاٰخِرَةِ ط ذٰلِكَ يَوْمٌ مَّجْمُوْعٌ لا لَّهُ النَّاسُ وَذٰلِكَ يَوْمٌ مَّشْهُوْدٌ ﴿۱۰۳﴾

عَذَابَ الْاٰخِرَةِ	ذٰلِكَ	يَوْمٌ	مَّجْمُوْعٌ	لَّهُ	النَّاسُ	وَذٰلِكَ	يَوْمٌ	مَّشْهُوْدٌ
آخرت کا عذاب	یہ	ایک دن	جمع ہوں گے	اس میں	سب لوگ	اور یہ	ایک دن	پیش ہونے کا

آخرت کے عذاب سے، یہ ایک دن ہے جس میں سب لوگ جمع ہوں گے، اور یہ ایک دن ہے پیش ہونے (حاضری) کا۔

وما نؤخره الا لاجل معدود (۱۰۴) يوم يات لا تكلم نفس الا

و	ما نؤخره	الا	لاجل	معدود	يوم	يات	لا تكلم	نفس	الا
اور	ہم نہیں ہٹاتے پیچھے	مگر	ایک مدت کے لئے	گنی ہوئی (مقررہ)	جس دن	وہ آئے گا	نہ بات کرے گا	کوئی شخص	مگر

اور ہم پیچھے نہیں ہٹاتے (ملتوی نہیں کرتے) مگر (صرف) ایک مقررہ مدت تک کیلئے۔ جب وہ دن آئے گا کوئی شخص بات نہ کر سکے گا، مگر

باذنه فمنهم شقي وسعيد (۱۰۵) فاما الذين شقوا ففي النار لهم فيها

باذنه	فمنهم	شقي	وسعيد	فاما	الذين	شقوا	ففي	النار	لهم	فيها
اس کی اجازت سے	سو ان میں	کوئی بدبخت	اور کوئی خوش بخت	پس	جو لوگ	بدبخت	سو میں	دوزخ	انکے لئے	اس میں

اس کی اجازت سے، سو کوئی ان میں بدبخت ہے اور کوئی خوش بخت۔ پس جو بدبخت ہیں وہ دوزخ میں ہیں، ان کے لئے اس میں

زفير وشهيق (۱۰۶) خلدين فيها ما دامت السموت والارض الا

زفير	وشهيق	خلدين	فيها	ما دامت	السموت	والارض	الا
چیخنا	اور دھاڑنا	ہمیشہ رہیں گے	اس میں	جب تک ہیں	آسمان (جمع)	اور زمین	مگر

(گدھے کی طرح) چیخنا اور دھاڑنا ہے۔ وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے، جب تک زمین اور آسمان ہیں، مگر

ما شاء ربك ان ربك فعال لما يريد (۱۰۷) واما الذين سعدوا

ما شاء	ربك	ان	ربك	فعال	لما يريد	واما	الذين	سعدوا
جتنا چاہے	تیرا رب	بیشک	تیرا رب	کر گزرنے والا	جو وہ چاہے	اور جو	وہ لوگ جو	خوش بخت

جتنا تیرا رب چاہے، بیشک تیرا رب جو چاہے کر گزرنے والا ہے۔ اور جو لوگ خوش بخت ہیں

ففي الجنة خلدين فيها ما دامت السموت والارض الا ما شاء ربك عطاء

ففي الجنة	خلدين	فيها	ما دامت	السموت	والارض	الا	ما شاء	ربك	عطاء
سو جنت میں	ہمیشہ رہیں گے	اس میں	جب تک ہیں	آسمان (جمع)	اور زمین	مگر	جتنا چاہے	تیرا رب	عطا بخشش

سو وہ ہمیشہ جنت میں رہیں گے، جب تک زمین اور آسمان ہیں، مگر جتنا تیرا رب چاہے" (یہ) بخشش ہے

غير مجذوذ (۱۰۸) فلا تك في مرية مما يعبد هؤلاء ما يعبدون الا

غير مجذوذ	فلا تك	في مرية	مما	يعبد	هؤلاء	ما يعبدون	الا
ختم نہ ہونے والی	پس تو نہ رہ	شک و شبہ میں	اس سے جو	پوجتے ہیں	یہ لوگ	وہ نہیں پوجتے	مگر

ختم نہ ہونے والی۔ پس اس سے شک و شبہ میں نہ رہو جو یہ (کافر) پوجتے ہیں، وہ نہیں پوجتے مگر

كَمَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُهُمْ مِّنْ قَبْلُ ۭ وَاِنَّا لَمُوَفُّوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ غَيْرَ مَنْقُوْصٍ ﴿۱۰۹﴾

كَمَا	يَعْبُدُ	اٰبَآؤُهُمْ	مِّنْ قَبْلُ	وَاِنَّا	لَمُوَفُّوْهُمْ	نَصِيْبَهُمْ	غَيْرَ مَنْقُوْصٍ
جیسے	پوجتے تھے	ان کے باپ دادا	اس سے قبل	اور بیشک ہم	انہیں پورا پھیر دیں گے	ان کا حصہ	گھٹائے بغیر

جیسے اس سے قبل ان کے باپ دادا پوجتے تھے، اور بیشک ہم انہیں ان کا حصہ گھٹائے بغیر پورا پھیر دیں گے۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ۭ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ

وَ	لَقَدْ اٰتَيْنَا	مُوْسَى	الْكِتٰبَ	فَاخْتُلِفَ	فِيْهِ	وَلَوْ	لَا	كَلِمَةٌ	سَبَقَتْ	مِنْ	رَّبِّكَ
اور	البتہ ہم نے دی	موسیٰ	کتاب	سو اختلاف کیا گیا	اس میں	اور اگر	نہ	ایک بات	پہلے ہو چکی	سے	تیرا رب

اور ہم نے البتہ موسیٰؑ کو کتاب دی۔ سو اس میں اختلاف کیا گیا، اور اگر تیرے رب کی طرف سے ایک بات پہلے نہ ہو چکی ہوتی

لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ۭ وَاِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿۱۱۰﴾ وَاِنَّ كُلًّا لَّمَّا لَيُوَفِّيَنَّهُمْ

لَقُضِيَ	بَيْنَهُمْ	وَاِنَّهُمْ	لَفِيْ شَكٍّ	مِّنْهُ	مُرِيْبٍ	وَاِنَّ	كُلًّا	لَّمَّا	لَيُوَفِّيَنَّهُمْ
البتہ فیصلہ کر دیا جاتا	انکے درمیان	اور بیشک وہ	البتہ شک میں	اس سے	دھوکہ میں ڈالنے والا	اور بیشک	سب	جب	انہیں پورا بدلہ دیگا

تو البتہ ان کے درمیان فیصلہ کر دیا جاتا، اور البتہ وہ اس (قرآن کی طرف) سے دھوکہ میں ڈالنے والے شک میں ہیں۔ اور بیشک جب (وقت آئیگا) سب کو پورا بدلہ دیگا

رَبُّكَ اَعْمَالَهُمْ ۭ اِنَّهٗ بِمَا يَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۱۱﴾ فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ

رَبُّكَ	اَعْمَالَهُمْ	اِنَّهٗ	بِمَا يَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرٌ	فَاسْتَقِمْ	كَمَآ	اُمِرْتَ	وَمَنْ	تَابَ
تیرا رب	ان کے عمل	بیشک وہ	جو وہ کرتے ہیں	باخبر	سو تم قائم رہو	جیسے	تمہیں حکم دیا گیا	اور جو	توبہ کی

تیرا رب ان کے اعمال کا، بیشک جو وہ کرتے ہیں وہ اس سے باخبر ہے۔ سو تم قائم رہو جیسے تمہیں حکم دیا گیا ہے، اور وہ بھی جس نے توبہ کی

مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا ۭ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱۲﴾ وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ

مَعَكَ	وَلَا تَطْغَوْا	اِنَّهٗ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرٌ	وَ	لَا تَرْكَنُوْٓا	اِلَى	الَّذِيْنَ
تمہارے ساتھ	اور سرکشی نہ کرو	بیشک وہ	اسے جو	تم کرتے ہو	دیکھنے والا	اور	نہ جھکو	طرف	وہ جنہوں نے

تمہارے ساتھ، اور سرکشی نہ کرو، بیشک جو تم کرتے ہو وہ اس کو دیکھ رہا ہے۔ اور ان کی طرف نہ جھکو جنہوں نے

ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ ۙ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَاۗءَ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۱۱۳﴾

ظَلَمُوْا	فَتَمَسَّكُمُ	النَّارُ	وَمَا	لَكُمْ	مِّنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	مِنْ	اَوْلِيَاۗءَ	ثُمَّ	لَا تُنْصَرُوْنَ
ظلم کیا	پس تمہیں چھوئے گی	آگ	اور نہیں	تمہارے لیے	سوا	اللہ	کوئی	مددگار، حمایتی	پھر	نہ مدد دیئے جاؤ گے

ظلم کیا، پس تمہیں آگ چھوئے گی (آ لگے گی)، اور تمہارے لیے اللہ کے سوا کوئی مددگار نہیں، پھر مدد نہ دیئے جاؤ گے (مدد نہ پاؤ گے)

وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ ؕ اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ

وَ اَقِمِ	الصَّلٰوةَ	طَرَفَيِ	النَّهَارِ	وَزُلَفًا	مِنَ	الَّيْلِ	اِنَّ	الْحَسَنٰتِ	يُذْهِبْنَ
اور قائم رکھو	نماز	دونوں طرف	دن	کچھ حصہ	سے	رات	بیشک	نیکیاں	مٹا دیتی ہیں

اور نماز قائم رکھو دن کے دونوں طرف (صبح وشام) اور رات کے کچھ حصہ میں ، بیشک نیکیاں مٹا دیتی ہیں

السَّيِّاٰتِ ؕ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَاصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ

السَّيِّاٰتِ	ذٰلِكَ	ذِكْرٰى	لِلذّٰكِرِيْنَ	وَاصْبِرْ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	لَا يُضِيْعُ	اَجْرَ
برائیاں	یہ	نصیحت	نصیحت ماننے والے	اور صبر کرو	بیشک	اللہ	ضائع نہیں کرتا	اجر

برائیوں کو ، یہ نصیحت ہے نصیحت ماننے والوں کے لئے ۔ اور صبر کرو ، بیشک اللہ اجر ضائع نہیں کرتا

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَلَوْلَا كَانَ مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْ قَبْلِكُمْ اُولُوْا بَقِيَّةٍ يَّنْهَوْنَ

الْمُحْسِنِيْنَ	فَلَوْ	لَا كَانَ	مِنَ	الْقُرُوْنِ	مِنْ	قَبْلِكُمْ	اُولُوْا بَقِيَّةٍ	يَّنْهَوْنَ
نیکی کرنے والے	پس کیوں	نہ ہوئے	سے	قومیں	سے	تم سے پہلے	صاحب خیر	روکتے

نیکی کرنے والوں کا ۔ پس تم سے پہلے جو قومیں ہوئیں ان میں صاحبانِ خیر کیوں نہ ہوئے ؟ کہ روکتے

عَنِ الْفَسَادِ فِي الْاَرْضِ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّنْ اَنْجَيْنَا مِنْهُمْ ۚ وَاتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا

عَنِ	الْفَسَادِ	فِي الْاَرْضِ	اِلَّا	قَلِيْلًا	مِّمَّنْ	اَنْجَيْنَا	مِنْهُمْ	وَاتَّبَعَ	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا
سے	فساد	زمین میں	مگر	تھوڑے	سے ۔ جو	ہم نے بچالیا	ان سے	اور پیچھے رہے	وہ لوگ جو	انہوں نے ظلم کیا (ظالم)

زمین میں فساد سے ، مگر تھوڑے سے جنہیں ہم نے ان سے بچا لیا اور ظالم ان ہی (لذتوں کے) پیچھے پڑے رہے

مَآ اُتْرِفُوْا فِيْهِ وَكَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۱۱۶﴾ وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ

مَآ اُتْرِفُوْا	فِيْهِ	وَكَانُوْا	مُجْرِمِيْنَ	وَمَا كَانَ	رَبُّكَ	لِيُهْلِكَ	الْقُرٰى	بِظُلْمٍ
جو انہیں دی گئی	اس میں	اور تھے	گنہگار	اور نہیں ہے	تیرا رب	کہ ہلاک کردے	بستیاں	ظلم سے

جو انہیں دی گئی تھیں ، اور وہ گنہگار تھے ۔ اور تیرا رب ایسا نہیں ہے کہ بستیوں کو ظلم سے ہلاک کر دے

وَّاَهْلُهَا مُصْلِحُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ اُمَّةً وَّاحِدَةً

وَّاَهْلُهَا	مُصْلِحُوْنَ	وَلَوْ	شَآءَ	رَبُّكَ	لَجَعَلَ	النَّاسَ	اُمَّةً	وَّاحِدَةً
جبکہ وہاں کے لوگ	نیکوکار	اور اگر	چاہتا	تیرا رب	تو کر دیتا	لوگ (جمع)	امت	ایک

جبکہ وہاں کے لوگ نیکوکار ہوں ۔ اور اگر تیرا رب چاہتا تو لوگوں کو ایک (ہی) امت کر دیتا

وَلَا يَزَالُونَ مُخْتَلِفِينَ ﴿١١٨﴾ إِلَّا مَن رَّحِمَ رَبُّكَ وَلِذَٰلِكَ خَلَقَهُمْ وَتَمَّتْ

وَ	لَا يَزَالُونَ	مُخْتَلِفِينَ	إِلَّا	مَن	رَّحِمَ	رَبُّكَ	وَلِذَٰلِكَ	خَلَقَهُمْ	وَتَمَّتْ
اور	وہ ہمیشہ رہیں گے	اختلاف کرتے ہوئے	مگر	جو جس	رحم کیا	تیرا رب	اور اسی لئے	پیدا کیا انہیں	اور پوری ہوئی

اور وہ ہمیشہ اختلاف کرتے رہیں گے۔ مگر جس پر تیرے رب نے رحم کیا، اور اسی لئے انہیں پیدا کیا، اور پوری ہوئی

كَلِمَةُ رَبِّكَ لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ ﴿١١٩﴾ وَكُلًّا

كَلِمَةُ	رَبِّكَ	لَأَمْلَأَنَّ	جَهَنَّمَ	مِنَ	الْجِنَّةِ	وَالنَّاسِ	أَجْمَعِينَ	وَكُلًّا
بات	تیرا رب	البتہ بھر دوں گا	جہنم	سے	جن (جمع)	اور انسان	اکٹھے	اور ہر بات

تیرے رب کی بات، البتہ جہنم کو بھر دوں گا جنوں اور انسانوں سے اکٹھے۔ اور ہر بات

نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنبَاءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهِ فُؤَادَكَ وَجَاءَكَ

نَقُصُّ	عَلَيْكَ	مِنْ	أَنبَاءِ	الرُّسُلِ	مَا	نُثَبِّتُ	بِهِ	فُؤَادَكَ	وَجَاءَكَ
ہم بیان کرتے ہیں	تجھ پر	سے	احوال	رسول (جمع)	کہ ہم ثابت کریں (تسلی دیں)		اس سے	تیرا دل	اور تیرے پاس آیا

ہم تم سے رسولوں کے احوال کی بیان کرتے ہیں تاکہ اس سے تمہارے دل کو تسلی دیں، اور تمہارے پاس آیا

فِي هَٰذِهِ الْحَقُّ وَمَوْعِظَةٌ وَذِكْرَىٰ لِلْمُؤْمِنِينَ ﴿١٢٠﴾ وَقُل لِّلَّذِينَ

فِي	هَٰذِهِ	الْحَقُّ	وَمَوْعِظَةٌ	وَذِكْرَىٰ	لِلْمُؤْمِنِينَ	وَقُل	لِّلَّذِينَ
میں	اس	حق	اور نصیحت	اور یاد دہانی	مومنوں کے لئے	اور کہدیں	وہ لوگ جو

اس میں حق، اور مومنوں کے لئے نصیحت اور یاد دہانی۔ اور ان لوگوں کو کہدیں جو

لَا يُؤْمِنُونَ اعْمَلُوا عَلَىٰ مَكَانَتِكُمْ إِنَّا عَامِلُونَ ﴿١٢١﴾ وَانتَظِرُوا إِنَّا

لَا يُؤْمِنُونَ	اعْمَلُوا	عَلَىٰ	مَكَانَتِكُمْ	إِنَّا	عَامِلُونَ	وَانتَظِرُوا	إِنَّا
ایمان نہیں لاتے	تم کام کئے جاؤ	پر	اپنی جگہ	ہم	کام کرتے ہیں	اور تم انتظار کرو	ہم بھی

ایمان نہیں لاتے، تم اپنی جگہ کام کئے جاؤ، ہم (اپنی جگہ) کام کرتے ہیں۔ اور تم انتظار کرو، ہم بھی

مُنتَظِرُونَ ﴿١٢٢﴾ وَلِلَّهِ غَيْبُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَإِلَيْهِ يُرْجَعُ الْأَمْرُ كُلُّهُ

مُنتَظِرُونَ	وَلِلَّهِ	غَيْبُ	السَّمَاوَاتِ	وَالْأَرْضِ	وَإِلَيْهِ	يُرْجَعُ	الْأَمْرُ	كُلُّهُ
منتظر (جمع)	اور اللہ کے پاس	غیب	آسمانوں	اور زمین	اور اسی کی طرف	بازگشت	کام	تمام

منتظر ہیں۔ اور اللہ کے پاس ہیں آسمانوں اور زمین کے غیب (چھپی ہوئی باتیں)، اور اس کی طرف تمام کاموں کی بازگشت ہے

فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ ۚ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ ﴿١٢٣﴾

تَعْمَلُونَ	عَمَّا	بِغَافِلٍ	رَبُّكَ	وَمَا	عَلَيْهِ	وَتَوَكَّلْ	فَاعْبُدْهُ
تم کرتے ہو	اس سے جو	غافل (بے خبر)	تمہارا رب	اور نہیں	اس پر	اور بھروسہ کرو	سو اُس کی عبادت کرو

سو اس کی عبادت کرو، اور اس پر بھروسہ کرو، اور تمہارا رب اس سے بے خبر نہیں جو تم کرتے ہو۔

آیاتُها ۱۱۱ — ۱۲ : سُورَةُ يُوسُفَ مَكِّيَّةٌ : ۵۳ — رُكُوعَاتُها ۱۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا، نہایت مہربان ہے

الٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿١﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿٢﴾

تَعْقِلُوْنَ	لَعَلَّكُمْ	عَرَبِيًّا	قُرْءٰنًا	اَنْزَلْنٰهُ	اِنَّآ	الْمُبِيْنِ	الْكِتٰبِ	اٰيٰتُ	تِلْكَ	الٓرٰ
سمجھو	تاکہ تم	عربی	قرآن	اسے نازل کیا	بیشک ہم نے	روشن	کتاب	آیتیں	یہ	الٓرا

الٓرا۔ یہ روشن کتاب کی آیتیں ہیں۔ بیشک ہم نے اسے عربی زبان میں نازل کیا، تاکہ تم سمجھو۔

نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ اَحْسَنَ الْقَصَصِ بِمَآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ هٰذَا الْقُرْاٰنَ

الْقُرْاٰنَ	هٰذَا	اِلَيْكَ	اَوْحَيْنَآ	بِمَآ	الْقَصَصِ	اَحْسَنَ	عَلَيْكَ	نَقُصُّ	نَحْنُ
قرآن	یہ	تمہاری طرف	ہم نے بھیجا	اس لئے کہ	قصہ	بہت اچھا	تم پر	بیان کرتے ہیں	ہم

ہم تم پر بہت اچھا قصہ بیان کرتے ہیں، اس لئے کہ ہم نے تمہاری طرف یہ قرآن بھیجا

وَاِنْ كُنْتَ مِنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الْغٰفِلِيْنَ ﴿٣﴾ اِذْ قَالَ يُوْسُفُ لِاَبِيْهِ يٰٓاَبَتِ

يٰٓاَبَتِ	لِاَبِيْهِ	يُوْسُفُ	قَالَ	اِذْ	الْغٰفِلِيْنَ	لَمِنَ	مِنْ قَبْلِهٖ	كُنْتَ	وَاِنْ
اے میرے باپ	اپنے باپ سے	یوسف	کہا	جب	بے خبر (جمع)	البتہ ۔ سے	اس سے قبل	تو تھا	اور تحقیق

اور تحقیق تم اس سے قبل البتہ بے خبروں میں سے تھے۔ (یاد کرو) جب یوسفؑ نے اپنے باپ سے کہا، اے میرے باپ!

اِنِّيْ رَاَيْتُ اَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ رَاَيْتُهُمْ لِيْ سٰجِدِيْنَ ﴿٤﴾

سٰجِدِيْنَ	لِيْ	رَاَيْتُهُمْ	وَالْقَمَرَ	وَالشَّمْسَ	كَوْكَبًا	اَحَدَ عَشَرَ	رَاَيْتُ	اِنِّيْ
سجدہ کرتے	اپنے لئے	میں نے انہیں دیکھا	اور چاند	اور سورج	ستارے	گیارہ	میں نے دیکھا	بیشک میں

بیشک میں نے گیارہ ستاروں اور سورج چاند کو (خواب میں) دیکھا، میں نے انہیں اپنے لئے سجدہ کرتے دیکھا۔

قَالَ يٰبُنَيَّ لَا تَقْصُصْ رُءْيَاكَ عَلٰٓى اِخْوَتِكَ فَيَكِيْدُوْا لَكَ كَيْدًا ؕ

قَالَ	يٰبُنَيَّ	لَا تَقْصُصْ	رُءْيَاكَ	عَلٰٓى	اِخْوَتِكَ	فَيَكِيْدُوْا	لَكَ	كَيْدًا
اس نے کہا	اے میرے بیٹے	نہ بیان کرنا	اپنا خواب	پر (سے)	اپنے بھائی	وہ چال چلیں گے	تیرے لئے	کوئی چال

اس نے کہا اے میرے بیٹے! اپنا خواب اپنے بھائیوں سے بیان نہ کرنا کہ وہ تیرے لئے کوئی چال چلیں گے

اِنَّ الشَّيْطٰنَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝۵ وَكَذٰلِكَ يَجْتَبِيْكَ رَبُّكَ وَيُعَلِّمُكَ

اِنَّ	الشَّيْطٰنَ	لِلْاِنْسَانِ	عَدُوٌّ	مُّبِيْنٌ	وَكَذٰلِكَ	يَجْتَبِيْكَ	رَبُّكَ	وَيُعَلِّمُكَ
بیشک	شیطان	انسان کے لئے (کا)	دشمن	کھلا	اور اسی طرح	چن لے گا تجھے	تیرا رب	اور سکھائے گا تجھے

بیشک شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے۔ اور تیرا رب اسی طرح تجھے چن لے گا، اور تجھے سکھائے گا

مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ وَيُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اٰلِ يَعْقُوْبَ كَمَا

مِنْ	تَاْوِيْلِ	الْاَحَادِيْثِ	وَيُتِمُّ	نِعْمَتَهٗ	عَلَيْكَ	وَ	عَلٰٓى	اٰلِ يَعْقُوْبَ	كَمَا
سے	انجام نکالنا	باتیں	اور مکمل کرے گا	اپنی نعمت	تجھ پر	اور	پر	یعقوبؑ کے گھروالے	جیسے

باتوں کا انجام نکالنا (خوابوں کی تعبیر) اور تجھ پر اپنی نعمت پوری کر دے گا، اور یعقوبؑ کے گھر والوں پر، جیسے

اَتَمَّهَا عَلٰٓى اَبَوَيْكَ مِنْ قَبْلُ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝۶ ع

اَتَمَّهَا	عَلٰٓى	اَبَوَيْكَ	مِنْ قَبْلُ	اِبْرٰهِيْمَ	وَاِسْحٰقَ	اِنَّ	رَبَّكَ	عَلِيْمٌ	حَكِيْمٌ
اس نے اسے پورا کیا	پر	تیرے باپ دادا	اس سے پہلے	ابراہیمؑ	اور اسحٰقؑ	بیشک	تیرا رب	علم والا	حکمت والا

اس نے اس سے پہلے تیرے باپ دادا ابراہیمؑ اور اسحٰقؑ پر اسے پورا کیا، بیشک تیرا رب علم والا، حکمت والا ہے۔

لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖٓ اٰيٰتٌ لِّلسَّآئِلِيْنَ ۝۷ اِذْ قَالُوْا لَيُوْسُفُ وَ

لَقَدْ كَانَ	فِيْ	يُوْسُفَ	وَاِخْوَتِهٖ	اٰيٰتٌ	لِّلسَّآئِلِيْنَ	اِذْ	قَالُوْا	لَيُوْسُفُ	وَ
بیشک ہیں	میں	یوسفؑ	اور اس کے بھائی	نشانیاں	پوچھنے والوں کے لئے	جب	انہوں نے کہا	ضرور یوسفؑ	اور

بیشک یوسفؑ اور اس کے بھائیوں میں پوچھنے والوں کے لئے کھلی نشانیاں ہیں۔ جب انہوں نے کہا ضرور یوسفؑ اور

اَخُوْهُ اَحَبُّ اِلٰٓى اَبِيْنَا مِنَّا وَنَحْنُ عُصْبَةٌ ؕ اِنَّ اَبَانَا لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝۸

اَخُوْهُ	اَحَبُّ	اِلٰٓى	اَبِيْنَا	مِنَّا	وَنَحْنُ	عُصْبَةٌ	اِنَّ	اَبَانَا	لَفِيْ ضَلٰلٍ	مُّبِيْنٍ
اس کا بھائی	زیادہ پیارا	طرف (کو)	ہمارا باپ	ہم سے	جبکہ ہم	ایک جماعت	بیشک	ہمارا باپ	البتہ غلطی میں	صریح

اس کا بھائی ہمارے باپ کو ہم سے زیادہ پیارے ہیں، جبکہ ہم ایک جماعت (قوی) ہیں، بیشک ہمارے باپ صریح غلطی میں ہیں۔

اقْتُلُوا يُوسُفَ أَوِ اطْرَحُوهُ أَرْضًا يَخْلُ لَكُمْ وَجْهُ أَبِيكُمْ وَتَكُونُوا مِنْ

اقْتُلُوا	يُوسُفَ	أَوِ	اطْرَحُوهُ	أَرْضًا	يَخْلُ	لَكُمْ	وَجْهُ	أَبِيكُمْ	وَتَكُونُوا	مِنْ
مار ڈالو	یوسف	یا	اسے ڈال آؤ	کسی سرزمین	خالی ہو جائے	تمہارے لئے	منہ (توجہ)	تمہارے باپ	اور تم ہو جاؤ	سے

یوسفؑ کو مار ڈالو، یا اسے کسی سرزمین میں ڈال آؤ کہ تمہارے باپ کی توجہ تمہارے لئے خالی (خاص) ہو جائے اور تم ہو جاؤ (ہو جانا)

بَعْدِهِ قَوْمًا صَالِحِينَ ﴿٩﴾ قَالَ قَائِلٌ مِنْهُمْ لَا تَقْتُلُوا يُوسُفَ وَأَلْقُوهُ

بَعْدِهِ	قَوْمًا	صَالِحِينَ	قَالَ	قَائِلٌ	مِنْهُمْ	لَا تَقْتُلُوا	يُوسُفَ	وَأَلْقُوهُ
اس کے بعد	لوگ	نیک (جمع)	کہا	ایک کہنے والا	ان سے	نہ قتل کرو	یوسف	اور اُسے ڈال آؤ

اس کے بعد نیک لوگ۔ ان میں سے ایک کہنے والے نے کہا، یوسفؑ کو قتل نہ کرو، اور اسے ڈال آؤ

فِي غَيَابَتِ الْجُبِّ يَلْتَقِطْهُ بَعْضُ السَّيَّارَةِ إِنْ كُنْتُمْ فَاعِلِينَ ﴿١٠﴾ قَالُوا يَا أَبَانَا

فِي	غَيَابَتِ	الْجُبِّ	يَلْتَقِطْهُ	بَعْضُ	السَّيَّارَةِ	إِنْ	كُنْتُمْ فَاعِلِينَ	قَالُوا	يَا أَبَانَا
میں	اندھا	کنواں	اٹھا لے اس کو	کوئی	چلتا (مسافر)	اگر	تم کرنیوالے ہو (کرنا ہی ہے)	کہنے لگے	اے ہمارے باپ

اندھے کنوئیں میں کہ اسے کوئی مسافر اُٹھا لے (جائے) اگر تمہیں کرنا ہی ہے۔ کہنے لگے اے ہمارے باپ!

مَا لَكَ لَا تَأْمَنَّا عَلَىٰ يُوسُفَ وَإِنَّا لَهُ لَنَاصِحُونَ ﴿١١﴾ أَرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا

مَا لَكَ	لَا تَأْمَنَّا	عَلَىٰ	يُوسُفَ	وَإِنَّا	لَهُ	لَنَاصِحُونَ	أَرْسِلْهُ	مَعَنَا	غَدًا
کیا ہوا تجھے	تو ہمارا اعتبار نہیں کرتا	پر (بارہ میں)	یوسفؑ	اور بیشک ہم	اس کے	البتہ خیر خواہ	اسے بھیج دے	ہمارے ساتھ	کل

تجھے کیا ہوا ہے؟ تو یوسفؑ کے بارہ میں ہمارا اعتبار نہیں کرتا، اور بیشک ہم تو اس کے خیر خواہ ہیں۔ کل اسے ہمارے ساتھ بھیج دے

يَرْتَعْ وَيَلْعَبْ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ ﴿١٢﴾ قَالَ إِنِّي لَيَحْزُنُنِي أَنْ تَذْهَبُوا بِهِ

يَرْتَعْ	وَيَلْعَبْ	وَإِنَّا	لَهُ	لَحَافِظُونَ	قَالَ	إِنِّي	لَيَحْزُنُنِي	أَنْ	تَذْهَبُوا	بِهِ
وہ کھائے	اور کھیلے کودے	اور بیشک ہم	اس کے	نگہبان	اس نے کہا	بیشک مجھے	غمگین کرتا ہے	کہ	تم لے جاؤ	اسے

وہ (جنگل کے پھل) کھائے اور کھیلے کودے، اور بیشک ہم اس کے نگہبان ہیں۔ اس نے کہا بیشک مجھے یہ غمگین کرتا ہے کہ تم اسے لے جاؤ

وَأَخَافُ أَنْ يَأْكُلَهُ الذِّئْبُ وَأَنْتُمْ عَنْهُ غَافِلُونَ ﴿١٣﴾ قَالُوا لَئِنْ

وَأَخَافُ	أَنْ	يَأْكُلَهُ	الذِّئْبُ	وَأَنْتُمْ	عَنْهُ	غَافِلُونَ	قَالُوا	لَئِنْ
اور میں ڈرتا ہوں	کہ	اسے کھا جائے	بھیڑیا	اور تم	اس سے	بے خبر (جمع)	وہ بولے	اگر

اور میں ڈرتا ہوں کہ اسے بھیڑیا کھا جائے، اور تم اس سے بے خبر رہو۔ وہ بولے اگر

أَكَلَهُ الذِّئْبُ وَنَحْنُ عُصْبَةٌ إِنَّآ إِذًا لَّخٰسِرُونَ ﴿۱۴﴾ فَلَمَّا ذَهَبُوا بِهٖ وَأَجْمَعُوٓا

أَكَلَهُ	الذِّئْبُ	وَنَحْنُ	عُصْبَةٌ	إِنَّآ	إِذًا	لَّخٰسِرُونَ	فَلَمَّا	ذَهَبُوا	بِهٖ وَأَجْمَعُوٓا
اسے کھا جائے	بھیڑیا	اور ہم	ایک جماعت	بیشک ہم	اس صورت میں	زیاں کار	پھر جب	وہ اسے لے گئے	اور انہوں نے اتفاق کر لیا

اسے بھیڑیا کھا جائے، جبکہ ہم ایک قوی جماعت ہیں اس صورت میں بیشک ہم زیاں کار ٹھہرے۔ پھر جب وہ اسے لے گئے اور انہوں نے اتفاق کر لیا

أَنْ يَّجْعَلُوهُ فِي غَيٰبَتِ الْجُبِّ ۚ وَأَوْحَيْنَآ إِلَيْهِ لَتُنَبِّئَنَّهُمْ بِأَمْرِهِمْ هٰذَا

أَنْ	يَّجْعَلُوهُ	فِي	غَيٰبَتِ	الْجُبِّ	وَأَوْحَيْنَآ	إِلَيْهِ	لَتُنَبِّئَنَّهُمْ	بِأَمْرِهِمْ	هٰذَا
کہ	اسے ڈال دیں	میں	اندھا	کنواں	اور ہم نے وحی بھیجی	اسکی طرف	کہ تو انہیں ضرور جتائے گا	ان کا کام	اس

کہ اسے اندھے کنوئیں میں ڈال دیں، اور ہم نے اس کی طرف وحی بھیجی کہ تو انہیں ان کے اِس کام کو ضرور جتائے گا

وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ﴿۱۵﴾ وَجَآءُوٓ أَبَاهُمْ عِشَآءً يَّبْكُونَ ﴿۱۶﴾ قَالُوا يٰٓأَبَانَآ إِنَّا

وَهُمْ	لَا يَشْعُرُونَ	وَجَآءُوٓ	أَبَاهُمْ	عِشَآءً	يَّبْكُونَ	قَالُوا	يٰٓأَبَانَآ	إِنَّا
اور وہ	نہ جانتے ہوں گے	اور وہ آئے	اپنے باپ کے پاس	اندھیرا پڑے	روتے ہوئے	بولے	اے ہمارے ابا	ہم

اور وہ نہ جانتے (تجھے نہ پہچانتے) ہوں گے۔ اور اندھیرا پڑے وہ اپنے باپ کے پاس روتے ہوئے آئے۔ بولے اے ہمارے ابا! ہم

ذَهَبْنَا نَسْتَبِقُ وَتَرَكْنَا يُوسُفَ عِنْدَ مَتَاعِنَا فَأَكَلَهُ الذِّئْبُ ۚ وَمَآ أَنْتَ

ذَهَبْنَا	نَسْتَبِقُ	وَتَرَكْنَا	يُوسُفَ	عِنْدَ	مَتَاعِنَا	فَأَكَلَهُ	الذِّئْبُ	وَمَا	أَنْتَ
دوڑنے گئے	آگے نکلنے	اور ہم نے چھوڑ دیا	یوسف کو	پاس	اپنا اسباب	تو اسے کھا گیا	بھیڑیا	اور نہیں	تو

لگے دوڑنے آگے نکلنے کو، اور ہم نے یوسفؑ کو اپنے اسباب کے پاس چھوڑ دیا تو اسے بھیڑیا کھا گیا، اور تو نہیں

بِمُؤْمِنٍ لَّنَا وَلَوْ كُنَّا صٰدِقِينَ ﴿۱۷﴾ وَجَآءُو عَلٰى قَمِيصِهٖ بِدَمٍ كَذِبٍ ۚ قَالَ بَلْ

بِمُؤْمِنٍ	لَّنَا	وَلَوْ كُنَّا	صٰدِقِينَ	وَجَآءُو	عَلٰى	قَمِيصِهٖ	بِدَمٍ	كَذِبٍ	قَالَ	بَلْ
باور کرنے والا	ہم پر	اور خواہ ہوں ہم	سچے	اور وہ آئے (لائے)	پر	اس کی قمیص	خون کے ساتھ	جھوٹا	اس نے کہا	بلکہ

ہم پر باور کرنے والا خواہ ہم سچے ہوں۔ اور وہ اس کی قمیص پر جھوٹا خون (لگا کر) لائے، اس نے کہا (نہیں) بلکہ

سَوَّلَتْ لَكُمْ أَنْفُسُكُمْ أَمْرًا ۚ فَصَبْرٌ جَمِيلٌ ۚ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُونَ ﴿۱۸﴾

سَوَّلَتْ	لَكُمْ	أَنْفُسُكُمْ	أَمْرًا	فَصَبْرٌ	جَمِيلٌ	وَاللّٰهُ	الْمُسْتَعَانُ	عَلٰى	مَا تَصِفُونَ
بنا لی	تمہارے لئے	تمہارے دل	ایک بات	پس صبر	اچھا	اور اللہ	مدد چاہتا ہوں	پر	جو تم بیان کرتے ہو

تمہارے لئے تمہارے دلوں نے ایک بات بنا لی ہے، پس (صبر) ہی اچھا ہے اور جو تم بیان کرتے ہو اس پر اللہ (ہی) سے مدد چاہتا ہوں۔

وَجَآءَتْ سَيَّارَةٌ فَاَرْسَلُوْا وَارِدَهُمْ فَاَدْلٰى دَلْوَهٗ ۭ قَالَ يٰبُشْرٰى هٰذَا

وَجَآءَتْ	سَيَّارَةٌ	فَاَرْسَلُوْا	وَارِدَهُمْ	فَاَدْلٰى	دَلْوَهٗ	قَالَ	يٰبُشْرٰى	هٰذَا
اور آیا	ایک قافلہ	پس انہوں نے بھیجا	اپنا پانی بھرنے والا	پس اس نے ڈالا	اپنا ڈول	اس نے کہا	آہا۔ خوشی کی بات	یہ

اور (ادھر) ایک قافلہ آیا، پس انہوں نے اپنا پانی بھرنے والا بھیجا، اس نے اپنا ڈول ڈالا، اس نے کہا، آہا خوشی کی بات ہے، یہ

غُلٰمٌ ۭ وَاَسَرُّوْهُ بِضَاعَةً ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ۝١٩ وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍۢ بَخْسٍ

غُلٰمٌ	وَاَسَرُّوْهُ	بِضَاعَةً	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ	بِمَا	يَعْمَلُوْنَ	وَشَرَوْهُ	بِثَمَنٍ	بَخْسٍ
ایک لڑکا	اور اسے چھپا لیا	مال تجارت سمجھ کر	اور اللہ	جاننے والا	اسے جو	وہ کرتے تھے	اور انہوں نے اسے بیچ دیا	دام	کھوٹے

ایک لڑکا ہے، اور اسے مالِ تجارت سمجھ کر چھپا لیا، اور اللہ خوب جانتا ہے جو وہ کرتے تھے ۔ اور انہوں نے (بھائیوں نے) اسے بیچ دیا کھوٹے داموں

٢ ع ١٢

دَرَاهِمَ مَعْدُوْدَةٍ ۚ وَكَانُوْا فِيْهِ مِنَ الزّٰهِدِيْنَ ۝٢٠ وَقَالَ الَّذِي اشْتَرٰىهُ

دَرَاهِمَ	مَعْدُوْدَةٍ	وَكَانُوْا	فِيْهِ	مِنَ	الزّٰهِدِيْنَ	وَقَالَ	الَّذِي	اشْتَرٰىهُ
درہم	گنتی کے	اور وہ تھے	اس میں	سے	بے رغبت، بے زار	اور بولا	وہ جو، جس	اسے خریدا

گنتی کے چند درہموں میں، اور وہ اس سے بیزار ہو رہے تھے ۔ اور مصر کے جس شخص نے اس کو خریدا اس نے کہا

مِنْ مِّصْرَ لِامْرَاَتِهٖٓ اَكْرِمِيْ مَثْوٰىهُ عَسٰٓى اَنْ يَّنْفَعَنَآ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا ۭ

مِنْ	مِصْرَ	لِامْرَاَتِهٖ	اَكْرِمِيْ	مَثْوٰىهُ	عَسٰى	اَنْ	يَنْفَعَنَا	اَوْ	نَتَّخِذَهٗ	وَلَدًا
سے	مصر	اپنی عورت کو	اسے عزت سے رکھ		شاید	کہ	ہم کو نفع پہنچائے	یا	ہم اسے بنا لیں	بیٹا

اپنی عورت کو اسے عزت سے رکھو، شاید کہ ہمیں نفع پہنچائے، یا ہم اسے بیٹا بنا لیں،

وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ ۡ وَلِنُعَلِّمَهٗ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ۭ

وَكَذٰلِكَ	مَكَّنَّا	لِيُوْسُفَ	فِي	الْاَرْضِ	وَلِنُعَلِّمَهٗ	مِنْ	تَاْوِيْلِ	الْاَحَادِيْثِ
اور اس طرح	ہم نے جگہ دی	یوسفؑ کو	میں	زمین (ملک)	اور تاکہ اسے سکھائیں	سے	انجام نکالنا	باتیں

اور اس طرح ہم نے یوسف کو ملکِ (مصر) میں جگہ دی، اور تاکہ ہم اسے باتوں کا انجام نکالنا (خوابوں کی تعبیر) سکھائیں

وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰٓي اَمْرِهٖ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝٢١ وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗٓ

وَاللّٰهُ	غَالِبٌ	عَلٰٓي اَمْرِهٖ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَ	النَّاسِ	لَا يَعْلَمُوْنَ	وَلَمَّا	بَلَغَ	اَشُدَّهٗ
اور اللہ	غالب	اپنے کام پر	اور لیکن	اکثر	لوگ	نہیں جانتے	اور جب	پہنچ گیا	اپنی قوت

اور اللہ اپنے کام پر غالب ہے، لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے ۔ اور جب وہ (یوسفؑ) اپنی قوت (جوانی) کو پہنچ گیا

آتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۲۲﴾ وَرَاوَدَتْهُ الَّتِيْ هُوَ

آتَيْنٰهُ	حُكْمًا	وَّعِلْمًا	وَكَذٰلِكَ	نَجْزِي	الْمُحْسِنِيْنَ	وَرَاوَدَتْهُ	الَّتِيْ	هُوَ
ہم نے اسے عطا کیا	حکم	اور علم	اور اسی طرح	ہم بدلہ دیتے ہیں	نیکی کرنے والے	اور اسے پھسلایا	وہ عورت جو	اس

ہم نے اسے حکم اور علم عطا کیا، اور اسی طرح ہم نیکی کرنے والوں کو بدلہ دیتے ہیں۔ اسے (یوسفؑ کو) اس عورت نے پھسلایا وہ

فِيْ بَيْتِهَا عَنْ نَّفْسِهٖ وَغَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ وَقَالَتْ هَيْتَ لَكَ ؕ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ

فِيْ	بَيْتِهَا	عَنْ نَّفْسِهٖ	وَغَلَّقَتِ	الْاَبْوَابَ	وَقَالَتْ	هَيْتَ لَكَ	قَالَ	مَعَاذَ اللّٰهِ
میں	اس کا گھر	اپنے آپ کو روکنے سے	اور بند کر دیئے	دروازے	اور بولی	آ جا جلدی کر	اس نے کہا	اللہ کی پناہ

جس کے گھر میں تھے اپنے آپ کو روکنے ([illegible]) سے اور دروازے بند کر دیئے اور بولی آ جا جلدی کر، اس نے کہا اللہ کی پناہ!

اِنَّهٗ رَبِّيْۤ اَحْسَنَ مَثْوَايَ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ

اِنَّهٗ	رَبِّيْۤ	اَحْسَنَ	مَثْوَايَ	اِنَّهٗ	لَا يُفْلِحُ	الظّٰلِمُوْنَ	وَلَقَدْ هَمَّتْ	بِهٖ
بیشک وہ	میرا مالک	بہت اچھا	اور رہنا سہنا	بیشک	بھلائی نہیں پاتے	ظالم (جمع)	اور بیشک عورت نے ارادہ کیا	اس کا

بیشک وہ (عزیز مصر) میرا مالک ہے اس نے میرا رہنا سہنا بہت اچھا رکھا، بیشک ظالم بھلائی نہیں پاتے۔ اور بیشک عورت نے اس کا ارادہ کیا

وَهَمَّ بِهَا لَوْلَآ اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ ؕ كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوْٓءَ وَ

وَهَمَّ	بِهَا	لَوْلَآ	اَنْ	رَّاٰ	بُرْهَانَ	رَبِّهٖ	كَذٰلِكَ	لِنَصْرِفَ	عَنْهُ	السُّوْٓءَ	وَ
اور وہ ارادہ کرتے	اس کا	اگر نہ ہوتا	کہ	وہ دیکھے	دلیل	اپنا رب	اسی طرح	ہم نے پھیر دیا	اس سے	برائی	اور

اور وہ بھی اس کا ارادہ کرتے اگر یہ نہ ہوتا کہ وہ اپنے رب کی دلیل دیکھ لیتے۔ اس طرح ہم نے اس سے پھیر دی برائی اور

الْفَحْشَآءَ ؕ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۲۴﴾ وَاسْتَبَقَا الْبَابَ وَقَدَّتْ قَمِيْصَهٗ

الْفَحْشَآءَ	اِنَّهٗ	مِنْ	عِبَادِنَا	الْمُخْلَصِيْنَ	وَاسْتَبَقَا	الْبَابَ	وَقَدَّتْ	قَمِيْصَهٗ
بے حیائی	بیشک وہ	سے	ہمارے بندے	برگزیدہ	اور دونوں دوڑے	دروازہ	اور عورت نے پھاڑ دی	اس کی قمیص

بے حیائی، بیشک وہ ہمارے برگزیدہ بندوں میں سے تھا۔ اور دونوں دروازے کی طرف دوڑے اور عورت نے اس کی قمیص پھاڑ دی

مِنْ دُبُرٍ وَّاَلْفَيَا سَيِّدَهَا لَدَا الْبَابِ ؕ قَالَتْ مَا جَزَآءُ مَنْ اَرَادَ بِاَهْلِكَ سُوْٓءًا

مِنْ دُبُرٍ	وَّاَلْفَيَا	سَيِّدَهَا	لَدَا الْبَابِ	قَالَتْ	مَا جَزَآءُ	مَنْ	اَرَادَ	بِاَهْلِكَ	سُوْٓءًا
پیچھے سے	اور دونوں کو ملا	عورت کا خاوند	دروازے کے پاس	وہ کہنے لگی	کیا سزا	جو جس	ارادہ کیا	تیری بیوی سے	برائی

پیچھے سے، اور دونوں کو اس کا خاوند دروازے کے پاس ملا، وہ کہنے لگی اس کی کیا سزا جس نے تیری بیوی سے برا ارادہ کیا؟

إِلَّآ أَن يُسْجَنَ أَوْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٢٥﴾ قَالَ هِيَ رَٰوَدَتْنِي عَن نَّفْسِي وَشَهِدَ

إِلَّآ	أَن	يُسْجَنَ	أَوْ	عَذَابٌ أَلِيمٌ	قَالَ	هِيَ	رَاوَدَتْنِي	عَن	نَفْسِي	وَشَهِدَ
سوائے	یہ کہ	قید کیا جائے	یا	دردناک عذاب	اس نے کہا	اس	مجھے پھسلایا	سے	میرا نفس	اور گواہی دی

سوائے اس کے کہ قید کیا جائے یا دردناک عذاب دیا جائے ۔ اس (یوسفؑ) نے کہا اس نے مجھے میرے نفس (کی حفاظت) سے پھسلایا اور گواہی دی

شَاهِدٌ مِّنْ أَهْلِهَآ ۚ إِن كَانَ قَمِيصُهُۥ قُدَّ مِن قُبُلٍ فَصَدَقَتْ وَهُوَ

شَاهِدٌ	مِنْ	أَهْلِهَا	إِنْ	كَانَ	قَمِيصُهُ	قُدَّ	مِنْ قُبُلٍ	فَصَدَقَتْ	وَ	هُوَ
ایک گواہ	سے	اس کے لوگ	اگر	ہے	اس کی قمیص	پھٹی ہوئی	آگے سے	تو وہ سچی	اور	وہ

اس کے لوگوں میں سے ایک گواہ نے ، کہ اگر اس کی قمیص آگے سے پھٹی ہوئی ہے تو وہ سچی ہے اور وہ (یوسفؑ)

مِنَ ٱلْكَٰذِبِينَ ﴿٢٦﴾ وَإِن كَانَ قَمِيصُهُۥ قُدَّ مِن دُبُرٍ فَكَذَبَتْ وَهُوَ

مِنَ	الْكٰذِبِيْنَ	وَإِنْ	كَانَ	قَمِيصُهُ	قُدَّ	مِنْ دُبُرٍ	فَكَذَبَتْ	وَهُوَ
سے	جھوٹے	اور اگر	ہے	اس کی قمیص	پھٹی ہوئی	پیچھے سے	تو وہ جھوٹی	اور وہ

جھوٹوں میں سے ہے ۔ اور اگر اس کی قمیص پیچھے سے پھٹی ہوئی ہے تو وہ جھوٹی ہے اور وہ (یوسفؑ)

مِنَ ٱلصَّٰدِقِينَ ﴿٢٧﴾ فَلَمَّا رَءَا قَمِيصَهُۥ قُدَّ مِن دُبُرٍ قَالَ إِنَّهُۥ مِن كَيْدِكُنَّ ط

مِنَ	الصّٰدِقِيْنَ	فَلَمَّا	رَاٰ	قَمِيْصَهٗ	قُدَّ	مِنْ دُبُرٍ	قَالَ	اِنَّهٗ	مِنْ	كَيْدِكُنَّ
سے	سچے	تو جب	دیکھا	اس کی قمیص	پھٹی ہوئی	پیچھے سے	اس نے کہا	بیشک یہ	سے	تم عورتوں کا فریب

سچوں میں سے ہے ۔ تو جب اس کی قمیص پیچھے سے پھٹی ہوئی دیکھی تو اس نے کہا یہ تم عورتوں کا فریب ہے ،

إِنَّ كَيْدَكُنَّ عَظِيمٌ ﴿٢٨﴾ يُوسُفُ أَعْرِضْ عَنْ هَٰذَا ۚ سکتة وَٱسْتَغْفِرِى لِذَنۢبِكِ ۖ

إِنَّ	كَيْدَكُنَّ	عَظِيمٌ	يُوسُفُ	أَعْرِضْ	عَنْ	هٰذَا	وَاسْتَغْفِرِي	لِذَنْبِكِ
بیشک	تمہارا فریب	بڑا	یوسفؑ	جانے دے	سے کو	اس	اور اے عورت بخشش مانگ	اپنے گناہ کی

بیشک تمہارا فریب بڑا ہے ۔ یوسفؑ ! اس (ذکر) کو جانے دے اور اے عورت ! اپنے گناہ کی بخشش مانگ ،

إِنَّكِ كُنتِ مِنَ ٱلْخَاطِـِٔينَ ﴿٢٩﴾ وَقَالَ نِسْوَةٌ فِى ٱلْمَدِينَةِ ٱمْرَأَتُ ٱلْعَزِيزِ

إِنَّكِ	كُنْتِ	مِنَ	الْخٰطِـِٕيْنَ	وَقَالَ	نِسْوَةٌ	فِي الْمَدِيْنَةِ	امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ
بیشک تو	تو ہے	سے	گنہگار (جمع)	اور کہا	عورتیں	شہر میں	عزیز کی بیوی

بیشک تو ہی گنہگاروں میں سے ہے ۔ اور شہر میں عورتوں نے کہا ، عزیز کی بیوی نے

۳ ع ۹ ۱۳

تُرَاوِدُ فَتٰىهَا عَنْ نَّفْسِهٖ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ۭ اِنَّا لَنَرٰىهَا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝۳۰

مُّبِيْنٍ	ضَلٰلٍ	فِيْ	اِنَّا لَنَرٰىهَا	حُبًّا	قَدْ شَغَفَهَا	نَّفْسِهٖ	عَنْ	فَتٰىهَا	تُرَاوِدُ
کھلی	گمراہی	میں	بیشک ہم اسے دیکھتی ہیں	اس کی محبت	جگہ پکڑ گئی ہے	اس کا نفس	سے	اپنا غلام	پھسلا رہی ہے

پھسلا یا ہے اپنے غلام کو اس کے نفس (کی حفاظت) سے، اسکی محبت (اسکے دل میں) جگہ پکڑ گئی ہے، بیشک ہم اسے کھلی گمراہی میں دیکھتی ہیں

فَلَمَّا سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ اَرْسَلَتْ اِلَيْهِنَّ وَاَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّكَاً وَّاٰتَتْ

وَّاٰتَتْ	مُتَّكَاً	لَهُنَّ	وَاَعْتَدَتْ	اِلَيْهِنَّ	اَرْسَلَتْ	بِمَكْرِهِنَّ	سَمِعَتْ	فَلَمَّا
اور دی	ایک محفل	ان کے لئے	اور تیار کی	ان کی طرف	دعوت بھیجی	اُن کا فریب	اس نے سُنا	پھر جب

پھر جب اس نے اُن کے فریب (کا ذکر) سُنا تو انہیں دعوت بھیجی، اور اُن کے لئے ایک محفل تیار کی، اور (پھل کاٹنے کو) دی

كُلَّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُنَّ سِكِّيْنًا وَّقَالَتِ اخْرُجْ عَلَيْهِنَّ ۚ فَلَمَّا رَاَيْنَهٗٓ اَكْبَرْنَهٗ

اَكْبَرْنَهٗ	رَاَيْنَهٗ	فَلَمَّا	عَلَيْهِنَّ	اخْرُجْ	وَّقَالَتِ	سِكِّيْنًا	مِّنْهُنَّ	كُلَّ وَاحِدَةٍ
اُن پر اس کا رعب چھا گیا	انہوں نے اسے دیکھا	پھر جب	ان پر (انکے سامنے)	نکل آ	اور کہا	ایک ایک چھری	ان میں سے	ہر ایک کو

اُن میں سے ہر ایک کو ایک ایک چھری، اور کہا اُن کے سامنے نکل آ پھر جب اُنہوں نے (یوسف ؑ) کو دیکھا اُن پر اس کا رعب (حسن) چھا گیا

وَقَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا ۭ اِنْ هٰذَآ اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ ۝۳۱

كَرِيْمٌ	مَلَكٌ	اِلَّا	هٰذَآ	اِنْ	بَشَرًا	مَا هٰذَا	لِلّٰهِ	حَاشَ	وَقُلْنَ	اَيْدِيَهُنَّ	وَقَطَّعْنَ
بزرگ	فرشتہ	مگر	یہ	نہیں	بشر	نہیں یہ	اللہ کی	پناہ	اور کہنے لگیں	اپنے ہاتھ	اور انہوں نے کاٹ لئے

اور انہوں نے (پھلوں کی جگہ) اپنے ہاتھ کاٹ لئے اور کہنے لگیں اللہ کی پناہ! یہ بشر نہیں، مگر یہ تو بزرگ فرشتہ ہے۔

قَالَتْ فَذٰلِكُنَّ الَّذِيْ لُمْتُنَّنِيْ فِيْهِ ۭ وَلَقَدْ رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ فَاسْتَعْصَمَ

فَاسْتَعْصَمَ	نَّفْسِهٖ	عَنْ	رَاوَدْتُّهٗ	وَلَقَدْ	فِيْهِ	لُمْتُنَّنِيْ	الَّذِيْ	فَذٰلِكُنَّ	قَالَتْ
تو اس نے بچا لیا	اس کا نفس	سے	اور میں نے اسے پھسلایا		اس میں	تم نے ملامت کی مجھے	جو کہ	سو یہ وہی ہے	وہ بولی

وہ بولی سو یہ وہی ہے جس (کے بارے) میں تم نے مجھے ملامت کی اور میں نے اسے اسکے نفس (کی حفاظت) سے پھسلایا، تو اس نے (اپنے آپ کو) بچا لیا

وَلَىِٕنْ لَّمْ يَفْعَلْ مَآ اٰمُرُهٗ لَيُسْجَنَنَّ وَلَيَكُوْنًا مِّنَ الصّٰغِرِيْنَ ۝۳۲ قَالَ رَبِّ

رَبِّ	قَالَ	الصّٰغِرِيْنَ	مِّنَ	وَلَيَكُوْنًا	لَيُسْجَنَنَّ	اٰمُرُهٗ	مَآ	لَّمْ يَفْعَلْ	وَلَىِٕنْ
اے میرے رب	اس نے کہا	بے عزت (جمع)	سے	اور البتہ ہو جائے گا	البتہ قید کر دیا جائیگا	میں کہتی ہوں اسے	جو	اس نے نہ کیا	اور اگر

اور جو میں کہتی ہوں اگر اس نے نہ کیا تو البتہ وہ قید کر دیا جائے گا اور بے عزت لوگوں میں سے ہوگا۔ اس (یوسف ؑ) نے کہا اے میرے رب!

السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَیَّ مِمَّا یَدْعُوْنَنِیْۤ اِلَیْهِ ۚ وَاِلَّا تَصْرِفْ عَنِّیْ كَیْدَهُنَّ اَصْبُ

السِّجْنُ	اَحَبُّ	اِلَیَّ	مِمَّا	یَدْعُوْنَنِیْۤ	اِلَیْهِ	وَ	اِلَّا تَصْرِفْ	عَنِّیْ	كَیْدَهُنَّ	اَصْبُ
قید	زیادہ پسند	مجھ کو	اس سے جو	مجھے بلاتی ہیں	اسکی طرف	اور	اگر نہ پھیرا	مجھ سے	ان کا فریب	مائل ہو جاؤں گا

مجھے قید اس سے زیادہ پسند ہے جس کی طرف وہ مجھے بلاتی ہیں، اور اگر تُو نے مجھ سے اُن کا فریب نہ پھیرا تو میں مائل ہو جاؤں گا

اِلَیْهِنَّ وَاَكُنْ مِّنَ الْجٰهِلِیْنَ ﴿۳۳﴾ فَاسْتَجَابَ لَهٗ رَبُّهٗ فَصَرَفَ عَنْهُ كَیْدَهُنَّ ؕ

اِلَیْهِنَّ	وَاَكُنْ	مِّنَ	الْجٰهِلِیْنَ	فَاسْتَجَابَ	لَهٗ	رَبُّهٗ	فَصَرَفَ	عَنْهُ	كَیْدَهُنَّ
ان کی طرف	اور میں ہوں گا	سے	جاہل (جمع)	سو قبول کرلی	اس کی (دعا)	اس کا رب	پس پھیر دیا	اس سے	ان کا فریب

ان کی طرف، اور جاہلوں میں سے ہوں گا۔ سو اس کے رب نے اس کی دُعا قبول کرلی، پس اس سے ان کا فریب پھیر دیا

اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ﴿۳۴﴾ ثُمَّ بَدَا لَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا رَاَوُا الْاٰیٰتِ لَیَسْجُنُنَّهٗ

اِنَّهٗ	هُوَ	السَّمِیْعُ	الْعَلِیْمُ	ثُمَّ	بَدَا لَهُمْ	مِّنْۢ بَعْدِ	مَا رَاَوُا	الْاٰیٰتِ	لَیَسْجُنُنَّهٗ
بیشک وہ	وہ	سُننے والا	جاننے والا	پھر	انہیں سُوجھا	اس کے بعد	جب اُنہوں نے دیکھیں	نشانیاں	اسے ضرور ہی قید میں ڈالیں

بیشک وہ سُننے والا، جاننے والا ہے۔ پھر نشانیاں دیکھ لینے کے بعد انہیں سُوجھا کہ اسے ضرور قید میں ڈال دیں

۴ ع ۶ ۱۴

حَتّٰی حِیْنٍ ﴿۳۵﴾ وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَیٰنِ ؕ قَالَ اَحَدُهُمَاۤ اِنِّیْۤ اَرٰىنِیْۤ

حَتّٰی	حِیْنٍ	وَدَخَلَ	مَعَهُ	السِّجْنَ	فَتَیٰنِ	قَالَ	اَحَدُهُمَا	اِنِّیْۤ اَرٰىنِیْۤ
ایک مدت تک		اور داخل ہوئے	اس کے ساتھ	قید خانہ	دو جوان	کہا	ان میں سے ایک	بیشک میں دیکھتا ہوں

ایک مدت تک ۔ اور اس کے ساتھ دو جوان قیدخانہ میں داخل ہوئے، ان میں سے ایک نے کہا، بیشک میں (خواب میں) دیکھتا ہوں

اَعْصِرُ خَمْرًا ۚ وَقَالَ الْاٰخَرُ اِنِّیْۤ اَرٰىنِیْۤ اَحْمِلُ فَوْقَ رَاْسِیْ خُبْزًا تَاْكُلُ الطَّیْرُ

اَعْصِرُ	خَمْرًا	وَقَالَ	الْاٰخَرُ	اِنِّیْۤ اَرٰىنِیْۤ	اَحْمِلُ	فَوْقَ	رَاْسِیْ	خُبْزًا	تَاْكُلُ	الطَّیْرُ
نچوڑ رہا ہوں	شراب	اور کہا	دوسرا	میں دیکھتا ہوں	اٹھائے ہوئے ہوں	اوپر	اپنا سر	روٹی	کھا رہے ہیں	پرندے

کہ میں شراب نچوڑ رہا ہوں، اور دوسرے نے کہا میں (خواب میں) دیکھتا ہوں کہ اپنے سر پر روٹی اُٹھائے ہوئے ہوں پرندے اس سے کھا رہے ہیں

مِنْهُ ؕ نَبِّئْنَا بِتَاْوِیْلِهٖ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۳۶﴾ قَالَ لَا یَاْتِیْكُمَا طَعَامٌ

مِنْهُ	نَبِّئْنَا	بِتَاْوِیْلِهٖ	اِنَّا نَرٰىكَ	مِنَ	الْمُحْسِنِیْنَ	قَالَ	لَا یَاْتِیْكُمَا	طَعَامٌ
اس سے	ہمیں بتلائیے	اس کی تعبیر	بیشک ہم تجھے دیکھتے ہیں	سے	نیکوکار (جمع)	اس نے کہا	تمہارے پاس نہیں آئیگا	کھانا

جب بھی	نہ پائیں ہدایت	تو وہ ہرگز	ہدایت	طرف	تم انہیں بلاؤ	اور اگر	گرانی	ان کے کان	میں

ان کے کانوں میں گرانی ہے (بہرے ہیں) اور اگر تم انہیں ہدایت کی طرف بلاؤ تو جب بھی وہ ہرگز ہدایت نہ پائیں گے

اَبَدًا ۝ وَرَبُّكَ الْغَفُوْرُ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ لَوْ يُؤَاخِذُهُمْ بِمَا كَسَبُوْا لَعَجَّلَ

لَعَجَّلَ	بِمَا كَسَبُوْا	يُؤَاخِذُهُمْ	لَوْ	ذُو الرَّحْمَةِ	الْغَفُوْرُ	وَرَبُّكَ	اَبَدًا
تو وہ جلد بھیجدے	اس پر جو انہوں نے کیا	ان کا مواخذہ کرے	اگر	رحمت والا	بخشنے والا	اور تمہارا رب	کبھی بھی

کبھی بھی۔ اور تمہارا رب بخشنے والا، رحمت والا ہے۔ اگر ان کے کئے پر وہ ان کا مواخذہ کرے تو وہ جلد بھیجدے

لَهُمُ الْعَذَابَ ؕ بَلْ لَّهُمْ مَّوْعِدٌ لَّنْ يَّجِدُوْا مِنْ دُوْنِهٖ مَوْئِلًا ۝ وَ

وَ	مَوْئِلًا	مِنْ دُوْنِهٖ	لَنْ يَّجِدُوْا	مَّوْعِدٌ	لَّهُمْ	بَلْ	الْعَذَابَ	لَهُمُ
اور	پناہ کی جگہ	اس سے ورے	وہ ہرگز نہ پائیں گے	ایک وقت مقرر	ان کے لئے	بلکہ	عذاب	ان کے لئے

ان کے لئے عذاب، بلکہ ان کے لئے ایک وقت مقرر ہے اور وہ ہرگز اس کے ورے پناہ کی جگہ نہ پائیں گے۔ اور

تِلْكَ الْقُرٰۤى اَهْلَكْنٰهُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا وَجَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِمْ مَّوْعِدًا ۝

مَّوْعِدًا	لِمَهْلِكِهِمْ	وَجَعَلْنَا	ظَلَمُوْا	لَمَّا	اَهْلَكْنٰهُمْ	الْقُرٰۤى	تِلْكَ
ایک مقررہ وقت	ان کی تباہی کے لئے	اور ہم نے مقرر کیا	انہوں نے ظلم کیا	جب	ہم نے انہیں ہلاک کر دیا	بستیاں	یہ (ان)

ان بستیوں کو جب انہوں نے ظلم کیا ہم نے ہلاک کر دیا، اور ہم نے ان کی تباہی کے لئے ایک وقت مقرر کیا۔

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِفَتٰىهُ لَآ اَبْرَحُ حَتّٰٓى اَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ اَوْ

وَاِذْ	قَالَ	مُوْسٰى	لِفَتٰىهُ	لَآ اَبْرَحُ	حَتّٰٓى	اَبْلُغَ	مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ	اَوْ
اور جب	کہا	موسیٰ	اپنے جوان (شاگرد) سے	میں نہ ہٹوں گا	یہاں تک	میں پہنچ جاؤں	دو دریاؤں کے ملنے کی جگہ	یا

اور (یاد کرو) جب موسیٰ نے اپنے شاگرد سے کہا میں ہٹوں گا نہیں (چلتا رہوں گا)، یہاں تک کہ پہنچ جاؤں دو دریاؤں کے ملنے کی جگہ (سنگم پر)، یا

اَمْضِىَ حُقُبًا ﴿۶۰﴾ فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا نَسِيَا حُوْتَهُمَا فَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ

اَمْضِىَ	حُقُبًا	فَلَمَّا	بَلَغَا	مَجْمَعَ	بَيْنِهِمَا	نَسِيَا	حُوْتَهُمَا	فَاتَّخَذَ	سَبِيْلَهٗ
چلتا رہوں گا	مدتِ دراز	پھر جب	وہ دونوں پہنچے	ملنے کا مقام	دونوں کے درمیان	وہ بھول گئے	اپنی مچھلی	تو اس نے بنا لیا	اپنا راستہ

مدتِ دراز چلتا رہوں گا۔ پھر جب وہ دونوں (دریاؤں) کے سنگم پر پہنچے تو وہ اپنی مچھلی بھول گئے تو اس (مچھلی) نے اپنا راستہ بنا لیا

فِى الْبَحْرِ سَرَبًا ﴿۶۱﴾ فَلَمَّا جَاوَزَا قَالَ لِفَتٰىهُ اٰتِنَا غَدَآءَنَا ۡ لَقَدْ لَقِيْنَا

فِى الْبَحْرِ	سَرَبًا	فَلَمَّا	جَاوَزَا	قَالَ	لِفَتٰىهُ	اٰتِنَا	غَدَآءَنَا	لَقَدْ لَقِيْنَا
دریا میں	سرنگ کی طرح	پھر جب	وہ آگے چلے	اس نے کہا	اپنا شاگرد	ہمارے پاس لا	ہمارا صبح کا کھانا	البتہ ہم نے پائی

دریا میں سرنگ کی طرح۔ پھر جب وہ آگے چلے تو موسیٰ نے اپنے شاگرد سے کہا ہمارے لئے صبح کا کھانا لاؤ، البتہ ہم نے

مِنْ سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا ﴿۶۲﴾ قَالَ اَرَءَيْتَ اِذْ اَوَيْنَآ اِلَى الصَّخْرَةِ فَاِنِّىْ

مِنْ	سَفَرِنَا	هٰذَا	نَصَبًا	قَالَ	اَرَءَيْتَ	اِذْ	اَوَيْنَا	اِلَى	الصَّخْرَةِ	فَاِنِّىْ
سے	اپنا سفر	اس	تکلیف	اس نے کہا	کیا آپ نے دیکھا؟	جب	ہم ٹھہرے	طرف۔ پاس	پتھر	تو بیشک میں

اپنے اس سفر سے بہت (تکلیف) تھکان پائی ہے۔ اس نے کہا کیا آپ نے دیکھا؟ جب ہم پتھر کے پاس ٹھہرے تو بے شک

نَسِيْتُ الْحُوْتَ ۡ وَمَآ اَنْسٰنِيْهُ اِلَّا الشَّيْطٰنُ اَنْ اَذْكُرَهٗ ۚ وَاتَّخَذَ

نَسِيْتُ	الْحُوْتَ	وَ	مَآ اَنْسٰنِيْهُ	اِلَّا	الشَّيْطٰنُ	اَنْ اَذْكُرَهٗ	وَاتَّخَذَ
بھول گیا	مچھلی	اور	نہیں بھلایا مجھے	مگر	شیطان	کہ میں اس کا ذکر کروں	اور اس نے بنالیا

میں مچھلی بھول گیا اور مجھے نہیں بھلایا مگر شیطان نے، کہ میں (آپ سے) اس کا ذکر کروں، اور اس نے بنالیا

سَبِيْلَهٗ فِى الْبَحْرِ ۖ عَجَبًا ﴿۶۳﴾ قَالَ ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ ۖ فَارْتَدَّا عَلٰٓى اٰثَارِهِمَا

سَبِيْلَهٗ	فِى الْبَحْرِ	عَجَبًا	قَالَ	ذٰلِكَ	مَا كُنَّا نَبْغِ	فَارْتَدَّا	عَلٰى	اٰثَارِهِمَا
اپنا راستہ	دریا میں	عجیب طرح	اس نے کہا	یہ	جو ہم چاہتے تھے	پھر وہ دونوں لوٹے	پر	اپنے نشانات (قدم)

اپنا راستہ دریا میں عجیب طرح سے۔ موسیٰ نے کہا یہی ہے (وہ مقام)، جو ہم چاہتے تھے، پھر وہ دونوں لوٹے اپنے نشانات قدم پر

قَصَصًا ﴿۶۴﴾ فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَآ اٰتَيْنٰهُ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَ

قَصَصًا	فَوَجَدَا	عَبْدًا	مِّنْ	عِبَادِنَآ	اٰتَيْنٰهُ	رَحْمَةً	مِّنْ	عِنْدِنَا	وَ
دیکھتے ہوئے	پھر دونوں نے پایا	ایک بندہ	سے	ہمارے بندے	ہم نے دی اسے	رحمت	سے	اپنے پاس	اور

دیکھتے ہوئے (پھر انہوں نے ہمارے بندوں میں سے ایک بندہ (خضرؑ) کو پایا، اسے ہم نے اپنے پاس سے رحمت دی ، اور

عَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا ﴿۶۵﴾ قَالَ لَهٗ مُوْسٰى هَلْ اَتَّبِعُكَ عَلٰٓى اَنْ

عَلَّمْنٰهُ	مِنْ لَّدُنَّا	عِلْمًا	قَالَ	لَهٗ	مُوْسٰى	هَلْ	اَتَّبِعُكَ	عَلٰٓى	اَنْ
ہم نے علم دیا اسے	اپنے پاس سے	علم	کہا	اس کو	موسیٰ	کیا	میں تمہارے ساتھ چلوں	پر	کہ

اور ہم نے اسے اپنے پاس سے علم دیا۔ موسیٰؑ نے اس سے کہا کیا میں تمہارے ساتھ چلوں ؟ اس (بات) پر کہ

تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا ﴿۶۶﴾ قَالَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِىَ صَبْرًا ﴿۶۷﴾

تُعَلِّمَنِ	مِمَّا	عُلِّمْتَ	رُشْدًا	قَالَ	اِنَّكَ	لَنْ تَسْتَطِيْعَ	مَعِىَ	صَبْرًا
تم سکھا دو مجھے	اس سے جو	تمہیں سکھایا گیا ہے	بھلی راہ	اس نے کہا	بیشک تو	ہرگز نہ کر سکے گا	میرے ساتھ	صبر

تم مجھے سکھا دو اس بھلی راہ میں سے جو تمہیں سکھائی گئی ہے۔ اس (خضرؑ) نے کہا بیشک تو میرے ساتھ ہرگز صبر نہ کر سکے گا۔

وَكَيْفَ تَصْبِرُ عَلٰى مَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ خُبْرًا ﴿۶۸﴾ قَالَ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ

وَكَيْفَ	تَصْبِرُ	عَلٰى	مَا	لَمْ تُحِطْ بِهٖ	خُبْرًا	قَالَ	سَتَجِدُنِيْٓ	اِنْ شَآءَ اللّٰهُ
اور کیسے	تو صبر کرے گا	اس پر	جو	تو نے احاطہ نہیں کیا اس کا	واقفیت سے	اس نے کہا	تم مجھے پاؤ گے	اگر چاہا اللہ نے

اور تو اس پر کیسے صبر کر سکے گا جس کا تو نے واقفیت سے احاطہ نہیں کیا (جس سے تو واقف نہیں) موسیٰؑ نے کہا اگر اللہ نے چاہا تو تم مجھے پاؤ گے

صَابِرًا وَّلَآ اَعْصِىْ لَكَ اَمْرًا ﴿۶۹﴾ قَالَ فَاِنِ اتَّبَعْتَنِىْ فَلَا تَسْـَٔلْنِىْ

صَابِرًا	وَّلَآ اَعْصِىْ	لَكَ	اَمْرًا	قَالَ	فَاِنِ	اتَّبَعْتَنِىْ	فَلَا تَسْـَٔلْنِىْ
صبر کرنے والا	اور میں نافرمانی نہ کروں گا	تمہارے	کسی بات	اس نے کہا	پس اگر	تجھے میرے ساتھ چلنا ہے	تو مجھ سے نہ پوچھنا

صبر کرنے والا، اور میں تمہاری کسی بات کی نافرمانی نہ کروں گا۔ خضرؑ نے کہا پس اگر تجھے میرے ساتھ چلنا ہے تو مجھ سے نہ پوچھنا

9 ع ۱۱ 21

عَنْ شَىْءٍ حَتّٰٓى اُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا ﴿۷۰﴾ ع فَانْطَلَقَا ۫ حَتّٰٓى اِذَا

عَنْ	شَىْءٍ	حَتّٰٓى	اُحْدِثَ	لَكَ	مِنْهُ	ذِكْرًا	فَانْطَلَقَا	حَتّٰٓى	اِذَا
سے متعلق	کسی چیز	یہاں تک کہ	میں بیان کروں	تجھ سے	اس کا	ذکر	پھر وہ دونوں چلے	یہاں تک کہ	جب

کسی چیز سے متعلق، یہاں تک کہ میں خود تجھ سے ذکر کروں۔ پھر وہ دونوں چلے یہاں تک کہ جب

رَكِبَا فِي السَّفِينَةِ خَرَقَهَا ۖ قَالَ أَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ أَهْلَهَا ۖ لَقَدْ جِئْتَ

لَقَدْ جِئْتَ	أَهْلَهَا	لِتُغْرِقَ	أَخَرَقْتَهَا	قَالَ	خَرَقَهَا	السَّفِينَةِ	فِي	رَكِبَا
البتہ تو لایا (تو نے کی)	اس کے سوار	کہ تم غرق کردو	تم نے اس میں سوراخ کر دیا	اس نے کہا	اس نے سوراخ کر دیا اس میں	کشتی	میں	وہ دونوں سوار ہوئے

وہ دونوں کشتی میں سوار ہوئے، اس (خضر) نے اس میں سوراخ کر دیا، موسیٰ نے کہا تم نے اس میں سوراخ کر دیا کہ اس کے سواروں کو غرق کر دو، البتہ تم نے ایک

شَيْئًا إِمْرًا ﴿٧١﴾ قَالَ أَلَمْ أَقُلْ إِنَّكَ لَن تَسْتَطِيعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿٧٢﴾ قَالَ

قَالَ	صَبْرًا	مَعِيَ	لَن تَسْتَطِيعَ	إِنَّكَ	أَلَمْ أَقُلْ	قَالَ	إِمْرًا	شَيْئًا
اس نے کہا	صبر	میرے ساتھ	ہرگز نہ کر سکے گا	بیشک تو	کیا میں نے نہیں کہا	اس نے کہا	بھاری	ایک بات

بھاری (خطرہ کی) بات کی ہے۔ خضر نے کہا کیا میں نے نہیں کہا تھا؟ کہ تو میرے ساتھ ہرگز صبر نہ کر سکے گا۔ موسیٰ نے کہا

لَا تُؤَاخِذْنِي بِمَا نَسِيتُ وَلَا تُرْهِقْنِي مِنْ أَمْرِي عُسْرًا ﴿٧٣﴾ فَانطَلَقَا

فَانطَلَقَا	عُسْرًا	أَمْرِي	مِنْ	وَلَا تُرْهِقْنِي	نَسِيتُ	بِمَا	لَا تُؤَاخِذْنِي
پھر وہ دونوں چلے	مشکل	میرا معاملہ	سے	اور مجھ پر نہ ڈالیں	میں بھول گیا	اس پر جو	میرا مواخذہ نہ کریں

اس پر میرا مواخذہ نہ کریں جو میں بھول گیا اور میرے معاملے میں مجھ پر مشکل نہ ڈالیں ۔ پھر وہ دونوں چلے

حَتَّىٰ إِذَا لَقِيَا غُلَامًا فَقَتَلَهُ قَالَ أَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةً بِغَيْرِ نَفْسٍ

	نَفْسٍ	بِغَيْرِ	زَكِيَّةً	نَفْسًا	أَقَتَلْتَ	قَالَ	فَقَتَلَهُ	غُلَامًا	لَقِيَا	إِذَا	حَتَّىٰ
	جان	بغیر	پاک	ایک جان	کیا تم نے قتل کر دیا	اس نے کہا	تو اس نے اس کو قتل کر دیا	ایک لڑکا	وہ ملے	جب	یہاں تک کہ

یہاں تک کہ وہ ایک لڑکے کو ملے تو خضر نے اسے قتل کر دیا۔ موسیٰ نے کہا کیا تم نے ایک پاک جان کو جان (کے بدلہ کے) بغیر قتل کر دیا

لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا نُّكْرًا ﴿٧٤﴾

نُّكْرًا	شَيْئًا	لَقَدْ جِئْتَ
ناپسندیدہ	ایک کام	البتہ تم آئے (تم نے کیا)

البتہ تم نے ایک ناپسندیدہ کام کیا۔

قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿٧٥﴾

قَالَ	اَلَمْ	اَقُلْ	لَّكَ	اِنَّكَ	لَنْ تَسْتَطِيْعَ	مَعِيَ	صَبْرًا
اس نے کہا	کیا نہیں	میں نے کہا	تجھ سے	بیشک تو	ہرگز نہ کر سکے گا	میرے ساتھ	صبر

خضرؑ نے کہا کہ کیا میں نے تجھ سے نہیں کہا تھا کہ تو میرے ساتھ ہرگز صبر نہ کر سکے گا؟

قَالَ اِنْ سَاَلْتُكَ عَنْ شَيْءٍۭ بَعْدَهَا فَلَا تُصٰحِبْنِيْ ۚ قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَّدُنِّيْ

قَالَ اِنْ	سَاَلْتُكَ	عَنْ شَيْءٍ	بَعْدَهَا	فَلَا تُصٰحِبْنِيْ	قَدْ بَلَغْتَ	مِنْ لَّدُنِّيْ
اس (موسیٰ) نے کہا اگر	میں تم سے پوچھوں	کسی چیز سے	اس کے بعد	تو مجھے اپنے ساتھ نہ رکھنا	البتہ تم پہنچ گئے	میری طرف سے

موسیٰؑ نے کہا اگر اس کے بعد میں تم سے کسی چیز سے (متعلق) پوچھوں تو مجھے اپنے ساتھ نہ رکھنا، البتہ تم میری طرف سے پہنچ گئے ہو

عُذْرًا ﴿٧٦﴾ فَانْطَلَقَا ۠ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَتَيَاۤ اَهْلَ قَرْيَةِ ۣاسْتَطْعَمَاۤ اَهْلَهَا فَاَبَوْا اَنْ

عُذْرًا	فَانْطَلَقَا	حَتّٰى	اِذَاۤ اَتَيَا	اَهْلَ قَرْيَةِ	اسْتَطْعَمَا	اَهْلَهَا	فَاَبَوْا اَنْ
عذر کو	پھر وہ دونوں چلے	یہاں تک کہ	جب آئے	ایک گاؤں والوں کے پاس	دونوں نے کھانا مانگا	اسکے باشندے	تو انہوں نے انکار کر دیا کہ

(حد) عذر کو۔ پھر وہ دونوں چلے یہاں تک کہ ایک گاؤں والوں کے پاس آئے، انہوں نے اسکے باشندوں سے کھانا مانگا تو انہوں نے انکار کر دیا

يُّضَيِّفُوْهُمَا فَوَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا يُّرِيْدُ اَنْ يَّنْقَضَّ فَاَقَامَهٗ ؕ قَالَ لَوْ شِئْتَ

يُّضَيِّفُوْهُمَا	فَوَجَدَا	فِيْهَا جِدَارًا	يُّرِيْدُ	اَنْ يَّنْقَضَّ	فَاَقَامَهٗ	قَالَ	لَوْ شِئْتَ
وہ انکی ضیافت کریں	پھر انہوں نے پائی (دیکھی)	اس میں (وہاں) ایک دیوار	وہ چاہتی تھی	کہ وہ گر پڑے	تو اس نے اسے سیدھا کر دیا	اس نے کہا	اگر تم چاہتے

ان کی ضیافت کرنے سے، پھر انہوں نے وہاں ایک دیوار دیکھی جو گرا چاہتی تھی تو خضرؑ نے اسے سیدھا کر دیا، موسیٰؑ نے کہا اگر تم چاہتے

لَتَّخَذْتَ عَلَيْهِ اَجْرًا ﴿٧٧﴾ قَالَ هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِيْ وَبَيْنِكَ ۚ سَاُنَبِّئُكَ بِتَاْوِيْلِ

لَتَّخَذْتَ	عَلَيْهِ	اَجْرًا	قَالَ	هٰذَا	فِرَاقُ	بَيْنِيْ	وَبَيْنِكَ	سَاُنَبِّئُكَ	بِتَاْوِيْلِ
لے لیتے	اس پر	اجرت	اس نے کہا	یہ	جدائی	میرے درمیان	اور تمہارے درمیان	اب تمہیں بتائے دیتا ہوں	تعبیر

تو اس پر تم اجرت لے لیتے۔ اس نے کہا یہ میرے اور تمہارے درمیان جدائی ہے! اب میں تمہیں تعبیر (حقیقت حال) بتائے دیتا ہوں

مَا لَمْ تَسْتَطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا ﴿٧٨﴾ اَمَّا السَّفِيْنَةُ فَكَانَتْ لِمَسٰكِيْنَ يَعْمَلُوْنَ فِي الْبَحْرِ

مَا	لَمْ تَسْتَطِعْ	عَلَيْهِ	صَبْرًا	اَمَّا	السَّفِيْنَةُ	فَكَانَتْ	لِمَسٰكِيْنَ	يَعْمَلُوْنَ	فِي الْبَحْرِ
جو	تم نہ کر سکے	اس پر	صبر	رہی	کشتی	سو وہ تھی	غریب لوگوں کو	وہ کام کرتے تھے	دریا میں

جس پر تم صبر نہ کر سکے۔ رہی کشتی! سو وہ چند غریب لوگوں کی تھی جو دریا میں کام (محنت مزدوری) کرتے تھے

فَأَرَدْتُّ أَنْ أَعِيْبَهَا وَكَانَ وَرَآءَهُمْ مَّلِكٌ يَّأْخُذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ غَصْبًا ﴿٧٩﴾ وَ

فَأَرَدْتُّ	أَنْ	أَعِيْبَهَا	وَكَانَ	وَرَآءَهُمْ	مَّلِكٌ	يَّأْخُذُ	كُلَّ سَفِيْنَةٍ	غَصْبًا	وَ
سو میں نے چاہا	کہ	میں اسے عیب دار کردوں	اور تھا	ان کے آگے	ایک بادشاہ	وہ پکڑ لیتا	ہر کشتی	زبردستی	اور

اور ان کے آگے ایک بادشاہ تھا جو ہر (اچھی) کشتی کو زبردستی پکڑ لیتا (چھین لیتا) تھا، سو میں نے چاہا کہ اسے عیب دار کردوں۔ اور

أَمَّا الْغُلٰمُ فَكَانَ أَبَوٰهُ مُؤْمِنَيْنِ فَخَشِيْنَآ أَنْ يُّرْهِقَهُمَا طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ﴿٨٠﴾ فَأَرَدْنَآ

أَمَّا	الْغُلٰمُ	فَكَانَ	أَبَوٰهُ	مُؤْمِنَيْنِ	فَخَشِيْنَا	أَنْ	يُّرْهِقَهُمَا	طُغْيَانًا	وَّكُفْرًا	فَأَرَدْنَا
رہا	لڑکا	تو تھے	اس کے ماں باپ	دونوں مومن	سو ہمیں اندیشہ ہوا	کہ انہیں پھنسا دے		سرکشی میں	اور کفر میں	پس ہم نے ارادہ کیا

رہا لڑکا! تو اس کے ماں باپ دونوں مومن تھے، سو ہمیں اندیشہ ہوا کہ وہ انہیں سرکشی اور کفر میں نہ پھنسا دے۔ پس ہم نے ارادہ کیا

أَنْ يُّبْدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيْرًا مِّنْهُ زَكٰوةً وَّأَقْرَبَ رُحْمًا ﴿٨١﴾ وَأَمَّا الْجِدَارُ فَكَانَ

أَنْ يُّبْدِلَ	لَهُمَا	رَبُّهُمَا	خَيْرًا	مِّنْهُ	زَكٰوةً	وَّأَقْرَبَ	رُحْمًا	وَأَمَّا	الْجِدَارُ	فَكَانَ
کہ بدلہ دے	ان دونوں کو	ان کا رب	بہتر	اس سے	پاکیزگی	اور زیادہ قریب	شفقت	اور رہی	دیوار	سو وہ تھی

کہ ان دونوں کو ان کا رب بدلہ دے (جو پاکیزگی) میں اس سے بہتر اور شفقت میں زیادہ قریب ہو۔ اور رہی دیوار! سو وہ تھی

لِغُلٰمَيْنِ يَتِيْمَيْنِ فِي الْمَدِيْنَةِ وَكَانَ تَحْتَهٗ كَنْزٌ لَّهُمَا وَكَانَ أَبُوْهُمَا صَالِحًا ج

لِغُلٰمَيْنِ	يَتِيْمَيْنِ	فِي الْمَدِيْنَةِ	وَكَانَ	تَحْتَهٗ	كَنْزٌ	لَّهُمَا	وَكَانَ	أَبُوْهُمَا	صَالِحًا
دو بچوں کی	دو یتیم	شہر میں۔ کے	اور تھا	اس کے نیچے	خزانہ	ان دونوں کے لئے	اور تھا	ان کا باپ	نیک

شہر کے دو یتیم بچوں کی، اور اس کے نیچے ان دونوں کے لئے خزانہ تھا، اور ان کا باپ نیک تھا

فَأَرَادَ رَبُّكَ أَنْ يَّبْلُغَآ أَشُدَّهُمَا وَيَسْتَخْرِجَا كَنْزَهُمَا صلے رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ج وَمَا فَعَلْتُهٗ

فَأَرَادَ	رَبُّكَ	أَنْ يَّبْلُغَا	أَشُدَّهُمَا	وَيَسْتَخْرِجَا	كَنْزَهُمَا	رَحْمَةً	مِّنْ رَّبِّكَ	وَمَا فَعَلْتُهٗ
سو چاہا	تمہارا رب	کہ وہ پہنچیں	اپنی جوانی	اور وہ دونوں نکالیں	اپنا خزانہ	مہربانی	سے تمہارا رب	اور یہ میں نے نہیں کیا

سو تمہارے رب نے چاہا کہ وہ اپنی جوانی کو پہنچیں تو وہ دونوں تمہارے رب کی رحمت سے خزانہ نکالیں اور یہ میں نے نہیں کیا

عَنْ أَمْرِيْ ط ذٰلِكَ تَأْوِيْلُ مَا لَمْ تَسْطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا ﴿٨٢﴾ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ

١٠ ع ١٢ ١

عَنْ	أَمْرِيْ	ذٰلِكَ	تَأْوِيْلُ	مَا	لَمْ تَسْطِعْ	عَلَيْهِ	صَبْرًا	وَيَسْـَٔلُوْنَكَ
سے	اپنا حکم (مرضی)	یہ	تعبیر (حقیقت)	جو	تم نہ کر سکے	اس پر	صبر	اور آپ سے پوچھتے ہیں

اپنی مرضی سے، یہ ہے (وہ) حقیقت! جس پر تم صبر نہ کر سکے۔ اور آپ سے پوچھتے ہیں

عَنْ ذِي الْقَرْنَيْنِ ۭ قُلْ سَاَتْلُوْا عَلَيْكُمْ مِّنْهُ ذِكْرًا ۝۸۳ اِنَّا مَكَّنَّا لَهٗ فِي الْاَرْضِ

عَنْ	ذِي الْقَرْنَيْنِ	قُلْ	سَاَتْلُوْا	عَلَيْكُمْ	مِّنْهُ	ذِكْرًا	اِنَّا مَكَّنَّا	لَهٗ	فِي الْاَرْضِ
سے (بابت)	ذوالقرنین	فرمادیں	ابھی پڑھتا ہوں	تم پر سامنے	اس سے۔کا	کچھ حال	بیشک ہم نے قدرت دی	اس کو	زمین میں

ذوالقرنین کی بابت، فرمادیں، میں تمہارے سامنے ابھی اس کا کچھ حال پڑھتا (بیان کرتا) ہوں۔ بیشک ہم نے اس کو زمین میں قدرت دی

وَاٰتَيْنٰهُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ سَبَبًا ۝۸۴ فَاَتْبَعَ سَبَبًا ۝۸۵ حَتّٰٓي اِذَا بَلَغَ مَغْرِبَ الشَّمْسِ

وَاٰتَيْنٰهُ	مِنْ	كُلِّ شَيْءٍ	سَبَبًا	فَاَتْبَعَ	سَبَبًا	حَتّٰٓي	اِذَا بَلَغَ	مَغْرِبَ	الشَّمْسِ
اور ہم نے اسے دیا	سے	ہر شے	سامان	سو وہ پیچھے پڑا	ایک سامان	یہاں تک کہ	جب وہ پہنچا	غروب ہونے کا مقام	سورج

اور ہم نے اسے ہر شے کا سامان دیا تھا، سو وہ ایک سامان کے پیچھے پڑا، یہاں تک کہ وہ سورج کے غروب ہونے کے مقام پر پہنچا

وَجَدَهَا تَغْرُبُ فِيْ عَيْنٍ حَمِئَةٍ وَّوَجَدَ عِنْدَهَا قَوْمًا ڛ قُلْنَا يٰذَا الْقَرْنَيْنِ

وَجَدَهَا	تَغْرُبُ	فِيْ	عَيْنٍ	حَمِئَةٍ	وَّوَجَدَ	عِنْدَهَا	قَوْمًا	قُلْنَا	يٰذَا الْقَرْنَيْنِ
اس نے پایا اسے	ڈوب رہا ہے	میں	چشمہ۔ندی	دلدل	اور اس نے پایا	اس کے نزدیک	ایک قوم	ہم نے کہا	اے ذوالقرنین

اس نے اسے پایا (دیکھا) کہ وہ دلدل کی ندی میں ڈوب رہا ہے، اور اس کے نزدیک اس نے ایک قوم پائی، ہم نے کہا اے ذوالقرنین!

اِمَّآ اَنْ تُعَذِّبَ وَاِمَّآ اَنْ تَتَّخِذَ فِيْهِمْ حُسْنًا ۝۸۶ قَالَ اَمَّا مَنْ ظَلَمَ فَسَوْفَ

اِمَّا	اَنْ	تُعَذِّبَ	وَاِمَّا	اَنْ	تَتَّخِذَ	فِيْهِمْ	حُسْنًا	قَالَ	اَمَّا	مَنْ ظَلَمَ	فَسَوْفَ
یا۔چاہے	یہ کہ	تو سزا دے	اور یا چاہے	یہ کہ	تو اختیار کرے	ان میں سے	کوئی بھلائی	اس نے کہا	اچھا	جس نے ظلم کیا	تو جلد

(تجھے اختیار ہے) چاہے تو سزا دے چاہے ان سے کوئی بھلائی اختیار کرے۔ اس نے کہا، اچھا! جس نے ظلم کیا تو جلد

نُعَذِّبُهٗ ثُمَّ يُرَدُّ اِلٰى رَبِّهٖ فَيُعَذِّبُهٗ عَذَابًا نُّكْرًا ۝۸۷ وَاَمَّا مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ

نُعَذِّبُهٗ	ثُمَّ	يُرَدُّ	اِلٰى رَبِّهٖ	فَيُعَذِّبُهٗ	عَذَابًا	نُّكْرًا	وَاَمَّا	مَنْ	اٰمَنَ	وَعَمِلَ
ہم اسے سزا دیں گے	پھر	وہ لوٹایا جائیگا	اپنے رب کی طرف	تو وہ اسے عذاب دے گا	عذاب	بڑا سخت	اور اچھا	جو	ایمان لایا	اور اس نے عمل کیا

ہم اسے سزا دیں گے، پھر وہ اپنے رب کی طرف لوٹایا جائے گا تو وہ اسے سخت عذاب دے گا۔ اور اچھا! جو ایمان لایا اور اس نے عمل کئے

صَالِحًا فَلَهٗ جَزَاۗءَۨ الْحُسْنٰى ۚ وَسَنَقُوْلُ لَهٗ مِنْ اَمْرِنَا يُسْرًا ۝۸۸ۭ ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ۝۸۹

صَالِحًا	فَلَهٗ	جَزَاۗءَۨ	الْحُسْنٰى	وَسَنَقُوْلُ	لَهٗ	مِنْ	اَمْرِنَا	يُسْرًا	ثُمَّ	اَتْبَعَ	سَبَبًا
نیک	تو اس کے لئے	بدلہ	بھلائی	اور عنقریب ہم کہیں گے	اس کے لئے	متعلق	اپنا کام	آسانی	پھر	وہ پیچھے پڑا	ایک سامان

نیک، تو اس کے لئے بدلہ ہے بھلائی، اور عنقریب ہم اس کے لئے اپنے کام میں آسانی (کی بات) کہیں گے۔ پھر وہ ایک (اور) سامان کے پیچھے پڑا۔

حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ مَطْلِعَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَطْلُعُ عَلٰى قَوْمٍ لَّمْ نَجْعَلْ لَّهُمْ مِّنْ دُوْنِهَا

حَتّٰٓى	اِذَا بَلَغَ	مَطْلِعَ	الشَّمْسِ	وَجَدَهَا	تَطْلُعُ	عَلٰى قَوْمٍ	لَّمْ نَجْعَلْ	لَّهُمْ	مِّنْ دُوْنِهَا
یہاں تک کہ	جب وہ پہنچا	طلوع ہونے کا مقام	سورج	اس نے اس کو پایا	طلوع کر رہا ہے	ایک قوم پر	ہم نے نہیں بنایا	ان کے لئے	اس کے آگے

یہاں تک کہ جب وہ سورج کے طلوع ہونے کے مقام پر پہنچا تو اسکو پایا (دیکھا) وہ ایک ایسی قوم پر طلوع کر رہا ہے جن کے لئے ہم نے اس (سورج) کے آگے نہیں بنایا تھا

سِتْرًا ﴿۹۰﴾ كَذٰلِكَ ؕ وَقَدْ اَحَطْنَا بِمَا لَدَيْهِ خُبْرًا ﴿۹۱﴾ ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ﴿۹۲﴾ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ

سِتْرًا	كَذٰلِكَ	وَقَدْ اَحَطْنَا	بِمَا لَدَيْهِ	خُبْرًا	ثُمَّ	اَتْبَعَ	سَبَبًا	حَتّٰٓى	اِذَا بَلَغَ
کوئی پردہ	یہی	اور ہمارے احاطہ میں ہے	جو کچھ اس کے پاس	از روئے خبر	پھر	وہ پیچھے پڑا	ایک سامان	یہاں تک کہ	جب وہ پہنچا

کوئی پردہ (اوٹ) ۔ یہ ہے (حقیقت) اور جو کچھ اس کے پاس تھا اسکی خبر ہمارے احاطہ (علم) میں ہے پھر وہ (ایک اور) سامان کے پیچھے پڑا ۔ یہاں تک کہ جب وہ پہنچا

بَيْنَ السَّدَّيْنِ وَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمَا قَوْمًا ۙ لَّا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ قَوْلًا ﴿۹۳﴾ قَالُوْا

بَيْنَ	السَّدَّيْنِ	وَجَدَ	مِنْ دُوْنِهِمَا	قَوْمًا	لَّا يَكَادُوْنَ	يَفْقَهُوْنَ	قَوْلًا	قَالُوْا
درمیان	دو دیواریں (پہاڑ)	اس نے پایا	ان دونوں کے ورے	ایک قوم	نہیں لگتے تھے	وہ سمجھیں	کوئی بات	انہوں نے کہا

دو پہاڑوں کے درمیان، اس نے ان دونوں کے ورے میں ایک قوم پائی، وہ لگتے نہ تھے کہ کوئی بات سمجھیں ۔ انہوں نے کہا

يٰذَا الْقَرْنَيْنِ اِنَّ يَاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ مُفْسِدُوْنَ فِى الْاَرْضِ فَهَلْ نَجْعَلُ لَكَ

يٰذَا الْقَرْنَيْنِ	اِنَّ	يَاْجُوْجَ	وَ	مَاْجُوْجَ	مُفْسِدُوْنَ	فِى الْاَرْضِ	فَهَلْ	نَجْعَلُ	لَكَ
اے ذوالقرنین	بیشک	یاجوج	اور	ماجوج	فساد کرنیوالے (فسادی)	زمین میں	تو کیا	ہم کردیں	تیرے لئے

اے ذوالقرنین! بیشک یاجوج اور ماجوج زمین میں فسادی ہیں تو کیا ہم تیرے لئے (جمع) کر دیں

خَرْجًا عَلٰٓى اَنْ تَجْعَلَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ سَدًّا ﴿۹۴﴾ قَالَ مَا مَكَّنِّىْ فِيْهِ رَبِّىْ خَيْرٌ فَاَعِيْنُوْنِىْ

خَرْجًا	عَلٰٓى	اَنْ تَجْعَلَ	بَيْنَنَا	وَبَيْنَهُمْ	سَدًّا	قَالَ	مَا مَكَّنِّىْ	فِيْهِ	رَبِّىْ	خَيْرٌ	فَاَعِيْنُوْنِىْ
کچھ مال	اس پر تاکہ	کہ تو بنا دے	ہمارے درمیان	اور انکے درمیان	ایک دیوار	اس نے کہا	جس پر قدرت دی مجھے	اس میں	میرا رب	بہتر	پس تم میری مدد کرو

کچھ مال؟ تاکہ تو ہمارے اور ان کے درمیان ایک دیوار بنا دے ۔ اس نے کہا جس پر مجھے میرے رب نے قدرت دی وہ بہتر ہے پس تم میری مدد کرو

بِقُوَّةٍ اَجْعَلْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ رَدْمًا ﴿۹۵﴾ اٰتُوْنِىْ زُبَرَ الْحَدِيْدِ ؕ حَتّٰٓى اِذَا سَاوٰى

بِقُوَّةٍ	اَجْعَلْ	بَيْنَكُمْ	وَبَيْنَهُمْ	رَدْمًا	اٰتُوْنِىْ	زُبَرَ الْحَدِيْدِ	حَتّٰٓى	اِذَا	سَاوٰى
قوت سے	میں بنا دوں گا	تمہارے درمیان	اور انکے درمیان	مضبوط آڑ	مجھے لا دو	لوہے کے تختے	یہاں تک کہ	جب	اس نے برابر کر دیا

قوتِ (بازو) سے، میں تمہارے اور ان کے درمیان ایک آڑ بنا دوں گا ۔ مجھے لوہے کے تختے لا دو، یہاں تک کہ جب اس نے برابر کر دیا

بَيْنَ الصَّدَفَيْنِ قَالَ انْفُخُوْا حَتّٰٓى اِذَا جَعَلَهٗ نَارًا قَالَ اٰتُوْنِيْٓ اُفْرِغْ عَلَيْهِ قِطْرًا ﴿۹۶﴾

بَيْنَ	الصَّدَفَيْنِ	قَالَ	انْفُخُوْا	حَتّٰى	اِذَا جَعَلَهٗ	نَارًا	قَالَ	اٰتُوْنِيْ	اُفْرِغْ	عَلَيْهِ	قِطْرًا
درمیان	دونوں پہاڑ	اس نے کہا	دھونکو	یہاں تک کہ	جب اسے کر دیا	آگ	اسنے کہا	لاؤ میرے پاس	میں ڈالوں	اس پر	پگھلا ہوا تانبہ

دونوں پہاڑوں کے درمیان، اسنے کہا اب) دھونکو، یہاں تک کہ جب (دھونک کر) اسے آگ کر دیا اسنے کہا میرے پاس لاؤ میں اس پر پگھلا ہوا تانبہ ڈالوں،

فَمَا اسْطَاعُوْٓا اَنْ يَّظْهَرُوْهُ وَمَا اسْتَطَاعُوْا لَهٗ نَقْبًا ﴿۹۷﴾ قَالَ هٰذَا رَحْمَةٌ مِّنْ رَّبِّيْ

فَمَا اسْطَاعُوْا	اَنْ	يَّظْهَرُوْهُ	وَ	مَا اسْتَطَاعُوْا	لَهٗ	نَقْبًا	قَالَ	هٰذَا	رَحْمَةٌ	مِّنْ رَّبِّيْ
پھر نہ کر سکیں گے	کہ	اس پر چڑھیں	اور	وہ نہ لگا سکیں گے	اس میں	نقب	اسنے کہا	یہ	رحمت	میرے رب سے

پھر وہ (یاجوج ماجوج) اس پر نہ چڑھ سکیں گے، اور نہ اس میں نقب لگا سکیں گے۔ اسنے کہا یہ میرے رب کی (طرف سے) رحمت ہے،

فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ رَبِّيْ جَعَلَهٗ دَكَّآءَ ۚ وَكَانَ وَعْدُ رَبِّيْ حَقًّا ﴿۹۸﴾ وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ

فَاِذَا	جَآءَ	وَعْدُ	رَبِّيْ	جَعَلَهٗ	دَكَّآءَ	وَكَانَ	وَعْدُ	رَبِّيْ	حَقًّا	وَتَرَكْنَا	بَعْضَهُمْ
پس جب	آئے گا	وعدہ	میرا رب	اس کو کر دیگا	ہموار	اور ہے	وعدہ	میرا رب	سچا	اور ہم چھوڑ دیں گے	ان کے بعض

پس جب میرے رب کا وعدہ (مقررہ وقت) آئے گا اس کو ہموار کر دے گا اور میرے رب کا وعدہ سچا ہے۔ اور ہم چھوڑ دیں گے ان کے بعض کو

يَوْمَئِذٍ يَّمُوْجُ فِيْ بَعْضٍ وَّنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَجَمَعْنٰهُمْ جَمْعًا ﴿۹۹﴾ وَّعَرَضْنَا جَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ

يَوْمَئِذٍ	يَّمُوْجُ	فِيْ بَعْضٍ	وَّنُفِخَ	فِي الصُّوْرِ	فَجَمَعْنٰهُمْ	جَمْعًا	وَ عَرَضْنَا	جَهَنَّمَ	يَوْمَئِذٍ
اس دن	ریلا مارتے	بعض (دوسرے) کے اندر	اور پھونکا جائے	گا صُور	پھر ہم انہیں جمع کرینگے	سب کو	اور ہم سامنے کرینگے	جہنم	اس دن

اس دن دوسرے کے اندر ریلا مارتے ہوئے، اور صُور پھونکا جائے گا، پھر ہم ان سب کو جمع کریں گے۔ اور ہم اس دن جہنم سامنے کر دیں گے

لِّلْكٰفِرِيْنَ عَرْضًا ﴿۱۰۰﴾ الَّذِيْنَ كَانَتْ اَعْيُنُهُمْ فِيْ غِطَآءٍ عَنْ ذِكْرِيْ وَ

لِّلْكٰفِرِيْنَ	عَرْضًا	الَّذِيْنَ	كَانَتْ	اَعْيُنُهُمْ	فِيْ غِطَآءٍ	عَنْ	ذِكْرِيْ	وَ
کافروں کے	بالکل سامنے	وہ جو کہ	تھیں	ان کی آنکھیں	پردہ میں	سے	میرا ذکر	اور

کافروں کے بالکل سامنے - اور میرے ذکر سے ان کی آنکھیں پردہ (غفلت) میں تھیں،

۱۱ ع ۱۹ ۲

كَانُوْا لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَمْعًا ﴿۱۰۱﴾ اَفَحَسِبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ يَّتَّخِذُوْا عِبَادِيْ

كَانُوْا	لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ	سَمْعًا	اَفَحَسِبَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	اَنْ يَّتَّخِذُوْا	عِبَادِيْ
وہ تھے	نہ طاقت رکھتے	سُننا	کیا گمان کرتے ہیں	وہ جنہوں نے کفر کیا	کہ وہ بنا لیں گے	میرے بندے

وہ سننے کی طاقت نہ رکھتے تھے (سن نہ سکتے تھے) - جن لوگوں نے کفر کیا کیا وہ گمان کرتے ہیں؟ کہ وہ میرے بندوں کو بنا لیں گے

مِنْ دُوْنِيْٓ اَوْلِيَآءَ ۭ اِنَّآ اَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ نُزُلًا ﴿١٠٢﴾ قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ

مِنْ	دُوْنِيْٓ	اَوْلِيَآءَ	اِنَّآ	اَعْتَدْنَا	جَهَنَّمَ	لِلْكٰفِرِيْنَ	نُزُلًا	قُلْ	هَلْ	نُنَبِّئُكُمْ
میرے سوا		کارساز	بیشک ہم	ہم نے تیار کیا	جہنم	کافروں کے لئے	ضیافت	فرما دیں	کیا	ہم تمہیں بتلائیں

میرے سوا کارساز۔ بیشک ہم نے کافروں کے لئے جہنم کو ضیافت تیار کیا ہے۔ فرما دیں کیا ہم تمہیں بتلائیں

بِالْاَخْسَرِيْنَ اَعْمَالًا ﴿١٠٣﴾ اَلَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ

بِالْاَخْسَرِيْنَ	اَعْمَالًا	اَلَّذِيْنَ	ضَلَّ	سَعْيُهُمْ	فِي	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	وَهُمْ	يَحْسَبُوْنَ
بدترین گھاٹے میں	اعمال کے لحاظ سے	وہ لوگ	برباد ہوگئی	ان کی کوشش	میں	دنیا کی زندگی	اور وہ	خیال کرتے ہیں

اعمال کے لحاظ سے بدترین گھاٹے میں (کون ہیں)؟ وہ لوگ جن کی کوشش دنیا کی زندگی میں برباد ہوگئی، اور وہ خیال کرتے ہیں

اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا ﴿١٠٤﴾ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَلِقَاۗىِٕهٖ فَحَبِطَتْ

اَنَّهُمْ	يُحْسِنُوْنَ	صُنْعًا	اُولٰۗىِٕكَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	بِاٰيٰتِ	رَبِّهِمْ	وَلِقَاۗىِٕهٖ	فَحَبِطَتْ
کہ وہ	اچھے کر رہے ہیں	کام	یہی لوگ	جن لوگوں نے انکار کیا	آیتوں کو	اپنا رب	اور اس کی ملاقات	پس اکارت گئے

کہ وہ اچھے کام کر رہے ہیں۔ یہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب کی آیتوں کا اور اس کی ملاقات کا انکار کیا، پس اکارت گئے

اَعْمَالُهُمْ فَلَا نُقِيْمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَزْنًا ﴿١٠٥﴾ ذٰلِكَ جَزَاۗؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا

اَعْمَالُهُمْ	فَلَا نُقِيْمُ	لَهُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	وَزْنًا	ذٰلِكَ	جَزَاۗؤُهُمْ	جَهَنَّمُ	بِمَا
ان کے عمل	پس ہم قائم نہ کریں گے	انکے لئے	قیامت کے دن	کوئی وزن	یہ	ان کا بدلہ	جہنم	اسلئے کہ

ان کے عمل، پس قیامت کے دن ان کے لئے کوئی وزن قائم نہ کریں گے (دوزخ کے عمل بے وزن ہونگے) یہ ان کا بدلہ ہے جہنم، اس لئے کہ

كَفَرُوْا وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَرُسُلِيْ هُزُوًا ﴿١٠٦﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

كَفَرُوْا	وَاتَّخَذُوْٓا	اٰيٰتِيْ	وَرُسُلِيْ	هُزُوًا	اِنَّ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
انہوں نے کفر کیا	اور ٹھہرایا	میری آیات	اور میرے رسول	ہنسی مذاق	بیشک	جو لوگ ایمان لائے	اور	انہوں نے نیک عمل کئے

انہوں نے کفر کیا اور میری آیتوں کو اور میرے رسولوں کو ہنسی مذاق ٹھہرایا۔ بیشک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے

كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ﴿١٠٧﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا ﴿١٠٨﴾

كَانَتْ	لَهُمْ	جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ	نُزُلًا	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	لَا يَبْغُوْنَ	عَنْهَا	حِوَلًا
ہیں	انکے لئے	فردوس کے باغات	ضیافت	ہمیشہ رہیں گے	اس میں	وہ نہ چاہیں گے	وہاں سے	جگہ بدلنا

ان کے لئے ضیافت ہیں فردوس (بہشت) کے باغات۔ ان میں ہمیشہ رہیں گے، وہ وہاں سے جگہ بدلنا نہ چاہیں گے۔

قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ

قُلْ	لَّوْ	كَانَ	الْبَحْرُ	مِدَادًا	لِّكَلِمٰتِ	رَبِّيْ	لَنَفِدَ الْبَحْرُ	قَبْلَ	اَنْ تَنْفَدَ	كَلِمٰتُ رَبِّيْ
فرمادیں	اگر	ہو	سمندر	روشنائی	باتوں کے لئے	میرا رب	تو ختم ہو جائے سمندر	پہلے	کہ ختم ہوں	میرے رب کی باتیں

فرمادیں اگر سمندر میرے رب کی باتیں (لکھنے کیلئے) روشنائی بن جائے تو سمندر (کا پانی) ختم ہو جائے گا اس سے پہلے کہ میرے رب کی باتیں ختم ہوں

وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ﴿١٠٩﴾ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ

وَلَوْ	جِئْنَا	بِمِثْلِهٖ	مَدَدًا	قُلْ	اِنَّمَآ اَنَا	بَشَرٌ	مِّثْلُكُمْ	يُوْحٰٓى	اِلَيَّ	اَنَّمَآ	اِلٰهُكُمْ
اور اگرچہ	ہم لے آئیں	اس جیسا	مدد کو	فرمادیں	اسکے سوا نہیں میں	بشر	تم جیسا	وحی کی جاتی ہے	میری طرف	فقط	تمہارا معبود

اگرچہ ہم اس کی مدد کو اس جیسا (اور سمندر بھی) لے آئیں۔ فرمادیں کہ میں تم جیسا بشر ہوں (البتہ) میری طرف وحی کی جاتی ہے، تمہارا معبود

اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّ

اِلٰهٌ	وَّاحِدٌ	فَمَنْ	كَانَ	يَرْجُوْا	لِقَآءَ	رَبِّهٖ	فَلْيَعْمَلْ	عَمَلًا	صَالِحًا	وَّ
معبود	واحد	سو جو	ہو	امید رکھتا ہے	ملاقات	اپنا رب	تو اسے چاہیئے کہ وہ عمل کرے	عمل	اچھے	اور

معبود واحد ہے، سو جو اپنے رب سے ملاقات کی امید رکھتا ہے اسے چاہیئے کہ وہ اچھے عمل کرے اور

لَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ﴿١١٠﴾

لَا يُشْرِكْ	بِعِبَادَةِ	رَبِّهٖٓ	اَحَدًا
شریک نہ کرے	عبادت میں	اپنا رب	کسی کو

اپنے رب کی عبادت میں کسی کو شریک نہ کرے۔

آیاتها ۹۸ — ۱۹ سُوْرَةُ مَرْيَمَ مَكِّيَّةٌ ۴۴ — رکوعاتها ۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے

كٓهٰيٰعٓصٓ ﴿١﴾ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا ﴿٢﴾ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا ﴿٣﴾

كٓهٰيٰعٓصٓ	ذِكْرُ	رَحْمَتِ	رَبِّكَ	عَبْدَهٗ	زَكَرِيَّا	اِذْ	نَادٰى	رَبَّهٗ	نِدَآءً	خَفِيًّا
کاف۔ ہا۔ یا۔ عین۔ صاد	تذکرہ	رحمت	تیرا رب	اپنا بندہ	زکریا	جب	اس نے پکارا	اپنا رب	پکارنا	آہستہ سے

کہیعص یہ تذکرہ ہے تیرے رب کی رحمت کا اس کے بندے زکریا پر۔ (یاد کرو) جب اس نے اپنے رب کو آہستہ سے پکارا۔

قَالَ رَبِّ اِنِّیْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّیْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَیْبًا وَّلَمْ اَكُنْۢ بِدُعَآئِكَ

قَالَ	رَبِّ	اِنِّیْ	وَهَنَ	الْعَظْمُ	مِنِّیْ	وَاشْتَعَلَ	الرَّاْسُ	شَیْبًا	وَ	لَمْ اَكُنْ	بِدُعَآئِكَ
اس نے کہا	اے میرے رب	بیشک میں	کمزور ہوگئی	ہڈیاں	میری	اور شعلہ مارنے لگا	سر	سفید بال	اور	میں نہیں رہا	تجھ سے مانگ کر

اس نے کہا اے میرے رب! بیشک (بڑھاپے سے) میری ہڈیاں کمزور ہوگئی ہیں، اور میرا سر سفید بالوں سے شعلہ مارنے لگا ہے (بالکل سفید ہوگیا ہے) اور میں (کبھی) تجھ سے مانگ کر

رَبِّ شَقِیًّا ④ وَاِنِّیْ خِفْتُ الْمَوَالِیَ مِنْ وَّرَآءِیْ وَكَانَتِ امْرَاَتِیْ عَاقِرًا فَهَبْ لِیْ

رَبِّ	شَقِیًّا	وَاِنِّیْ	خِفْتُ	الْمَوَالِیَ	مِنْ وَّرَآءِیْ	وَ كَانَتِ	امْرَاَتِیْ	عَاقِرًا	فَهَبْ لِیْ
اے میرے رب	محروم	اور البتہ میں	ڈرتا ہوں	اپنے رشتہ دار	اپنے بعد	اور ہے	میری بیوی	بانجھ	تو مجھے عطا کر

اے میرے رب محروم نہیں رہا ہوں۔ اور البتہ میں اپنے بعد اپنے رشتہ داروں سے ڈرتا ہوں، اور میری بیوی بانجھ ہے، تو مجھے عطا فرما

مِنْ لَّدُنْكَ وَلِیًّا ⑤ یَّرِثُنِیْ وَیَرِثُ مِنْ اٰلِ یَعْقُوْبَ ۖ وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِیًّا ⑥

مِنْ لَّدُنْكَ	وَلِیًّا	یَّرِثُنِیْ	وَ	یَرِثُ	مِنْ	اٰلِ یَعْقُوْبَ	وَاجْعَلْهُ	رَبِّ	رَضِیًّا
اپنے پاس سے	ایک وارث	میرا وارث ہو	اور	وارث ہو	سے۔کا	اولادِ یعقوب	اور اسے بنا دے	اے میرے رب	پسندیدہ

اپنے پاس سے ایک وارث۔ وہ وارث ہو میرا اور اولادِ یعقوبؑ کا، اور اے میرے رب! اسے پسندیدہ بنا دے۔

یٰزَكَرِیَّآ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ ِۨ اسْمُهٗ یَحْیٰى ۙ لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِیًّا ⑦

یٰزَكَرِیَّا	اِنَّا	نُبَشِّرُكَ	بِغُلٰمِ	اسْمُهٗ	یَحْیٰى	لَمْ نَجْعَلْ	لَّهٗ	مِنْ قَبْلُ	سَمِیًّا
اے زکریا	بیشک ہم	تجھے بشارت دیتے ہیں	ایک لڑکا	اس کا نام	یحییٰ	نہیں بنایا ہم نے	اس کا	اس سے قبل	کوئی ہم نام

(ارشاد ہوا) اے زکریاؑ! بیشک ہم تجھے ایک لڑکے کی بشارت دیتے ہیں، اس کا نام یحییٰ ہے۔ ہم نے اس سے قبل کسی کو اس کا ہم نام نہیں بنایا۔

قَالَ رَبِّ اَنّٰى یَكُوْنُ لِیْ غُلٰمٌ وَّكَانَتِ امْرَاَتِیْ عَاقِرًا وَّقَدْ بَلَغْتُ مِنَ الْكِبَرِ

قَالَ	رَبِّ	اَنّٰى	یَكُوْنُ	لِیْ غُلٰمٌ	وَ كَانَتِ	امْرَاَتِیْ	عَاقِرًا	وَ قَدْ بَلَغْتُ	مِنَ	الْكِبَرِ
اس نے کہا	اے میرے رب	کیسے	ہوگا	میرے لئے۔میرا۔لڑکا	جبکہ ہے	میری بیوی	بانجھ	اور میں پہنچ چکا ہوں	سے۔کی	بڑھاپا

اس نے کہا، اے میرے رب! میرے لڑکا کیسے ہوگا؟ جبکہ میری بیوی بانجھ ہے، اور میں پہنچ گیا ہوں بڑھاپے کی

عِتِیًّا ⑧ قَالَ كَذٰلِكَ ۚ قَالَ رَبُّكَ هُوَ عَلَیَّ هَیِّنٌ وَّقَدْ خَلَقْتُكَ مِنْ قَبْلُ

عِتِیًّا	قَالَ	كَذٰلِكَ	قَالَ	رَبُّكَ	هُوَ	عَلَیَّ	هَیِّنٌ	وَ	قَدْ	خَلَقْتُكَ	مِنْ قَبْلُ
انتہائی حد	اس نے کہا	اسی طرح	فرمایا	تیرا رب	یہ	مجھ پر	آسان	اور	میں نے	تجھے پیدا کیا	اس سے قبل

انتہائی حد کو۔ اس نے کہا اسی طرح، تیرا رب فرماتا ہے، یہ (امر) مجھ پر آسان ہے، اور اس سے قبل میں نے تجھے پیدا کیا،

وَلَمْ تَكُ شَيْـًٔا ﴿٩﴾ قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّيْٓ اٰيَةً ۭ قَالَ اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ

وَ	لَمْ تَكُ	شَيْـًٔا	قَالَ	رَبِّ	اجْعَلْ	لِّيْٓ	اٰيَةً	قَالَ	اٰيَتُكَ	اَلَّا تُكَلِّمَ	النَّاسَ
جبکہ	تو نہ تھا	کوئی چیز۔ کچھ بھی	اسنے کہا	اے میرے رب	کردے	میرے لیے	کوئی نشانی	فرمایا	تیری نشانی	تو نہ بات کرے گا	لوگ (ج جمع)

جبکہ تو کچھ بھی نہ تھا۔ اس نے کہا اے میرے رب! میرے لئے کوئی نشانی (مقرر) کردے، فرمایا تیری نشانی (یہ ہے) کہ تو لوگوں سے بات نہ کرے گا

ثَلٰثَ لَيَالٍ سَوِيًّا ﴿١٠﴾ فَخَرَجَ عَلٰي قَوْمِهٖ مِنَ الْمِحْرَابِ فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ اَنْ سَبِّحُوْا

ثَلٰثَ	لَيَالٍ	سَوِيًّا	فَخَرَجَ	عَلٰي	قَوْمِهٖ	مِنَ	الْمِحْرَابِ	فَاَوْحٰٓى	اِلَيْهِمْ	اَنْ سَبِّحُوْا
تین	رات	ٹھیک	پھر وہ نکلا	پاس	اپنی قوم	سے	محراب	تو اسنے اشارہ کیا	انکی طرف	کہ اسکی پاکیزگی بیان کرو

تین رات (دن)، ٹھیک (ہونے کے باوجود) پھر وہ محراب (عبادت) سے اپنی قوم کے پاس نکل کر (آیا) تو اس نے انکی طرف اشارہ کیا کہ اسکی پاکیزگی بیان کرو

بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ﴿١١﴾ يٰيَحْيٰى خُذِ الْكِتٰبَ بِقُوَّةٍ ۭ وَاٰتَيْنٰهُ الْحُكْمَ صَبِيًّا ﴿١٢﴾

بُكْرَةً	وَ	عَشِيًّا	يٰيَحْيٰى	خُذِ	الْكِتٰبَ	بِقُوَّةٍ	وَاٰتَيْنٰهُ	الْحُكْمَ	صَبِيًّا
صبح	اور	شام	اے یحییٰ	پکڑو (تھام لو)	کتاب	مضبوطی سے	اور ہم نے اسے دی	نبوت۔ دانائی	بچپن سے

صبح و شام۔ (ارشادِ الٰہی ہوا) اے یحییٰ! کتاب کو مضبوطی سے تھام لو، اور ہم نے اسے بچپن (ہی) سے نبوت و دانائی دے دی۔

وَّحَنَانًا مِّنْ لَّدُنَّا وَزَكٰوةً ۭ وَكَانَ تَقِيًّا ﴿١٣﴾ وَّبَرًّۢا بِوَالِدَيْهِ وَلَمْ يَكُنْ جَبَّارًا

وَ	حَنَانًا	مِّنْ لَّدُنَّا	وَزَكٰوةً	وَكَانَ	تَقِيًّا	وَ بَرًّا	بِوَالِدَيْهِ	وَلَمْ يَكُنْ	جَبَّارًا
اور	شفقت	اپنے پاس سے	اور پاکیزگی	اور وہ تھا	پرہیزگار	اور اچھا سلوک کرنے والا	اپنے ماں باپ سے	اور نہ تھا	گردن کش

اور اپنے پاس سے شفقت اور پاکیزگی (عطا کی) اور وہ پرہیزگار تھا، اور وہ اپنے ماں باپ سے اچھا سلوک کرنے والا تھا اور نہ تھا گردن کش

عَصِيًّا ﴿١٤﴾ وَسَلٰمٌ عَلَيْهِ يَوْمَ وُلِدَ وَيَوْمَ يَمُوْتُ وَيَوْمَ يُبْعَثُ حَيًّا ﴿١٥﴾

عَصِيًّا	وَسَلٰمٌ	عَلَيْهِ	يَوْمَ	وُلِدَ	وَيَوْمَ	يَمُوْتُ	وَيَوْمَ	يُبْعَثُ	حَيًّا
نافرمان	اور سلام	اس پر	جس دن	وہ پیدا ہوا	اور جس دن	وہ فوت ہوگا	اور جس دن	اٹھایا جائے گا	زندہ ہوکر

نافرمان۔ اور سلام (وسلامتی) ہو اس پر جس دن وہ پیدا ہوا، اور جس دن وہ فوت ہوگا، اور جس دن زندہ ہو کر اٹھایا جائے گا۔

وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مَرْيَمَ ۘ اِذِ انْتَبَذَتْ مِنْ اَهْلِهَا مَكَانًا شَرْقِيًّا ﴿١٦﴾ فَاتَّخَذَتْ

وَاذْكُرْ	فِي الْكِتٰبِ	مَرْيَمَ	اِذِ انْتَبَذَتْ	مِنْ اَهْلِهَا	مَكَانًا	شَرْقِيًّا	فَاتَّخَذَتْ
اور ذکر کرو	کتاب میں	مریم	جب وہ یکسو ہوگئی	اپنے گھر والوں سے	مکان	مشرقی	پھر ڈال لیا

اور کتاب (قرآن) میں مریم کا ذکر کرو، جب وہ اپنے گھر والوں سے یکسو ہوگئی ایک مشرقی مکان میں۔ پھر ڈال لیا

مِنْ دُوْنِهِمْ حِجَابًا ۛ فَاَرْسَلْنَآ اِلَيْهَا رُوْحَنَا فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا ﴿١٧﴾ قَالَتْ

مِنْ	دُوْنِهِمْ	حِجَابًا	فَاَرْسَلْنَا	اِلَيْهَا	رُوْحَنَا	فَتَمَثَّلَ	لَهَا	بَشَرًا	سَوِيًّا	قَالَتْ
سے	ان کی طرف	پردہ	پھر ہم نے بھیجا	اس کی طرف	اپنی رُوح (فرشتہ)	شکل بن گیا	اسکے لئے	ایک آدمی	ٹھیک	وہ بولی

ان کی طرف سے پردہ، پھر ہم نے اسکی طرف اپنے فرشتہ کو بھیجا وہ اس کے لئے ٹھیک ایک آدمی کی شکل بن کر آیا۔ وہ بولی

اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِالرَّحْمٰنِ مِنْكَ اِنْ كُنْتَ تَقِيًّا ﴿١٨﴾ قَالَ اِنَّمَآ اَنَا رَسُوْلُ رَبِّكِ ۖ

اِنِّیْ	اَعُوْذُ	بِالرَّحْمٰنِ	مِنْكَ	اِنْ كُنْتَ	تَقِيًّا	قَالَ	اِنَّمَا	اَنَا	رَسُوْلُ	رَبِّكِ
بیشک میں	پناہ میں آتی ہوں	اللہ کی	تجھ سے	اگر تو ہے	پرہیزگار	اس نے کہا	اسکے سوا نہیں	کہ میں	بھیجا ہوا	تیرے رب کا

بیشک میں تجھ سے اللہ کی پناہ میں آتی ہوں اگر تو پرہیزگار ہے (یہاں سے ہٹ جا) اس نے کہا اس کے سوا نہیں کہ میں تیرے رب کا بھیجا ہوا ہوں

لِاَهَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِيًّا ﴿١٩﴾ قَالَتْ اَنّٰى يَكُوْنُ لِیْ غُلٰمٌ وَّلَمْ يَمْسَسْنِیْ بَشَرٌ

لِاَهَبَ	لَكِ	غُلٰمًا	زَكِيًّا	قَالَتْ	اَنّٰى	يَكُوْنُ	لِیْ	غُلٰمٌ	وَ	لَمْ يَمْسَسْنِیْ	بَشَرٌ
تاکہ عطا کردوں	تجھ کو	ایک لڑکا	پاکیزہ	وہ بولی	کیسے	ہوگا	میرے	لڑکا	جبکہ	مجھے چھوا نہیں	کسی بشر نے

تاکہ تجھے ایک پاکیزہ لڑکا عطا کردوں۔ وہ بولی میرے لڑکا کیسے ہوگا ؟ جبکہ نہ مجھے کسی بشر نے چھوا،

وَّلَمْ اَكُ بَغِيًّا ﴿٢٠﴾ قَالَ كَذٰلِكِ ۚ قَالَ رَبُّكِ هُوَ عَلَیَّ هَيِّنٌ ۚ وَلِنَجْعَلَهٗٓ اٰيَةً لِّلنَّاسِ

وَ	لَمْ اَكُ	بَغِيًّا	قَالَ	كَذٰلِكِ	قَالَ	رَبُّكِ	هُوَ	عَلَیَّ	هَيِّنٌ	وَلِنَجْعَلَهٗ	اٰيَةً	لِلنَّاسِ
اور	میں نہیں ہوں	بدکار	اس نے کہا	یونہی	فرمایا	تیرا رب	وہ یہ	مجھ پر	آسان	اور تاکہ ہم اسے بنائیں	ایک نشانی	لوگوں کے لئے

اور نہ میں بدکار ہوں۔ اس نے کہا اسی طرح (اللہ کا فیصلہ ہے) تیرے رب نے فرمایا کہ یہ مجھ پر آسان ہے" اور تاکہ ہم اسے لوگوں کے لئے ایک نشانی بنائیں"

وَرَحْمَةً مِّنَّا ۚ وَكَانَ اَمْرًا مَّقْضِيًّا ﴿٢١﴾ فَحَمَلَتْهُ فَانْتَبَذَتْ بِهٖ مَكَانًا قَصِيًّا ﴿٢٢﴾

وَ	رَحْمَةً	مِنَّا	وَكَانَ	اَمْرًا	مَقْضِيًّا	فَحَمَلَتْهُ	فَانْتَبَذَتْ	بِهٖ	مَكَانًا	قَصِيًّا
اور	رحمت	اپنی طرف سے	اور ہے	ایک امر	طے شدہ	پھر اسے حمل رہ گیا	پس وہ چلی گئی	اسے لیکر	ایک جگہ	دُور

اور اپنی طرف سے رحمت، اور یہ ہے ایک طے شدہ امر۔ پھر اسے حمل رہ گیا، پس وہ اسے لے کر ایک دُور جگہ چلی گئی۔

فَاَجَآءَهَا الْمَخَاضُ اِلٰى جِذْعِ النَّخْلَةِ ۚ قَالَتْ يٰلَيْتَنِیْ مِتُّ قَبْلَ هٰذَا وَكُنْتُ

فَاَجَآءَهَا	الْمَخَاضُ	اِلٰى	جِذْعِ	النَّخْلَةِ	قَالَتْ	يٰلَيْتَنِیْ	مِتُّ	قَبْلَ هٰذَا	وَكُنْتُ
پھر اسے لے آیا	دردِ زہ	طرف	جڑ	کھجور کا درخت	وہ بولی	اے کاش میں	مرچکی ہوتی	اس سے قبل	اور میں ہوجاتی

پھر دردِ زہ اسے کھجور کے درخت کی جڑ کی طرف لے آیا، وہ بولی، اے کاش میں اس سے قبل مرچکی ہوتی، اور میں ہوجاتی

نسيا منسيا ﴿۲۳﴾ فناداها من تحتها الا تحزني قد جعل ربك تحتك سريا ﴿۲۴﴾

نسیا منسیا	فنادٰها	من	تحتها	الا تحزنی	قد جعل	ربك	تحتك	سریا
بھولی بسری	پس اسے آواز دی	سے	اسکے نیچے	کہ نہ گھبرا تو	کردیا ہے	تیرا رب	تیرے نیچے	ایک چشمہ

بھولی بسری۔ پس اسے اس کے نیچے (وادی) سے (فرشتے نے) آواز دی تو گھبرا نہیں، تیرے ربّ نے تیرے نیچے ایک چشمہ (جاری) کر دیا ہے۔

وهزي اليك بجذع النخلة تساقط عليك رطبا جنيا ﴿۲۵﴾ فكلي واشربي و

وهزی	الیك	بجذع	النخلة	تسٰقط	علیك	رطبا	جنیا	فكلی	واشربی	و
اور ہلا	اپنی طرف	تنا	کھجور	جھڑ پڑیں گی	تجھ پر	تازہ تازہ	کھجوریں	تو کھا	اور پی	اور

اور کھجور کا تنا اپنی طرف ہلا، تجھ پر تازہ کھجوریں جھڑ پڑیں گی۔ تو کھا اور پی اور

قري عينا فاما ترين من البشر احدا فقولي اني نذرت للرحمن صوما

قری	عینا	فاما ترین	من	البشر	احدا	فقولی	انی نذرت	للرحمٰن	صوما
ٹھنڈی کر	آنکھیں	پھر اگر تو دیکھے	سے	آدمی	کوئی	تو کہدے	کہ میں نے نذر مانی ہے	رحمٰن کے لئے	روزہ

آنکھیں ٹھنڈی کر، پھر اگر تو کسی آدمی کو دیکھے تو کہدے کہ میں نے رحمٰن کے لئے روزہ کی نذر مانی ہے،

فلن اكلم اليوم انسيا ﴿۲۶﴾ فاتت به قومها تحمله قالوا يمريم لقد جئت

فلن اكلم	الیوم	انسیا	فاتت به	قومها	تحمله	قالوا	یمریم	لقد جئت
پس میں ہرگز کلام نہ کرونگی	آج	کسی آدمی	پھر وہ اسے لیکر آئی	اپنی قوم	اسے اٹھائے ہوئے	وہ بولے	اے مریم	تو لائی ہے

پس آج ہرگز کسی آدمی سے کلام نہ کروں گی۔ پھر وہ اُسے اٹھا کر اپنی قوم کے پاس لائی، وہ بولے اے مریمؑ! تو لائی ہے

شيئا فريا ﴿۲۷﴾ يا اخت هرون ما كان ابوك امرا سوء وما كانت امك

شیئا	فریا	یاخت هٰرون	ما	كان	ابوك	امرا	سوء	و	ما كانت	امك
شے	بُری (غضب کی)	اے ہارون کی بہن	نہ	تھا	تیرا باپ	آدمی	بُرا	اور	نہ تھی	تیری ماں

غضب کی شے۔ اے ہارونؑ کی بہن! تیرا باپ بُرا آدمی نہ تھا، اور نہ تیری ماں ہی تھی،

بغيا ﴿۲۸﴾ فاشارت اليه قالوا كيف نكلم من كان في المهد صبيا ﴿۲۹﴾ قال اني

بغیا	فاشارت	الیه	قالوا	كیف نكلم	من كان	فی المهد	صبیا	قال	انی
بدکار	تو مریم نے اشارہ کیا	اس کی طرف	وہ بولے	کیسے ہم بات کریں	جو ہے	گہوارہ میں	بچہ	بچہ نے کہا	بیشک میں

بدکار۔ تو مریمؑ نے اس (بچہ) کی طرف اشارہ کیا، وہ بولے ہم گہوارہ (گود) کے بچے سے کیسے بات کریں؟ بچے نے کہا بیشک میں

عَبْدُ اللّٰهِ ۛ اٰتٰنِیَ الْكِتٰبَ وَ جَعَلَنِیْ نَبِیًّا ﴿۳۰﴾ وَّ جَعَلَنِیْ مُبٰرَكًا اَیْنَ مَا كُنْتُ ۪ وَ

عَبْدُ اللّٰهِ	اٰتٰنِیَ	الْكِتٰبَ	وَ جَعَلَنِیْ	نَبِیًّا	وَّ جَعَلَنِیْ	مُبٰرَكًا	اَیْنَ مَا	كُنْتُ	وَ
اللہ کا بندہ	اس نے مجھے دی ہے	کتاب	اور مجھے بنایا ہے	نبی	اور مجھے بنایا ہے	بابرکت	جہاں کہیں	میں ہوں	اور

اللہ کا بندہ ہوں، اس نے مجھے کتاب دی، اور مجھے نبی بنایا ہے۔ اور جہاں کہیں میں ہوں مجھے بابرکت بنایا ہے، اور

اَوْصٰنِیْ بِالصَّلٰوةِ وَ الزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ حَیًّا ﴿۳۱﴾ وَّ بَرًّۢا بِوَالِدَتِیْ ۫ وَ لَمْ یَجْعَلْنِیْ

اَوْصٰنِیْ	بِالصَّلٰوةِ	وَ الزَّكٰوةِ	مَا دُمْتُ	حَیًّا	وَّ بَرًّۢا	بِوَالِدَتِیْ	وَ	لَمْ یَجْعَلْنِیْ
مجھے حکم دیا ہے	نماز کا	اور زکوٰۃ کا	جب تک میں رہوں	زندہ	اور اچھا سلوک کرنیوالا	اپنی ماں سے	اور	اس نے مجھے نہیں بنایا

اور جب تک میں زندہ رہوں مجھے حکم دیا ہے نماز کا اور زکوٰۃ کا، اور اپنی ماں سے اچھا سلوک کرنے کا، اور اس نے مجھے نہیں بنایا

جَبَّارًا شَقِیًّا ﴿۳۲﴾ وَ السَّلٰمُ عَلَیَّ یَوْمَ وُلِدْتُّ وَ یَوْمَ اَمُوْتُ وَ یَوْمَ اُبْعَثُ حَیًّا

جَبَّارًا	شَقِیًّا	وَ السَّلٰمُ	عَلَیَّ	یَوْمَ	وُلِدْتُّ	وَ یَوْمَ	اَمُوْتُ	وَ یَوْمَ	اُبْعَثُ	حَیًّا
سرکش	بدنصیب	اور سلامتی	مجھ پر	جس دن	میں پیدا ہوا	اور جس دن	میں مروں گا	اور جس دن	اٹھایا جاؤں گا	زندہ ہوکر

سرکش، بدنصیب۔ اور سلامتی ہو مجھ پر جس دن میں پیدا ہوا، اور جس دن میں مروں گا، اور جس دن میں زندہ ہوکر اٹھایا جاؤں گا۔

ذٰلِكَ عِیْسَى ابْنُ مَرْیَمَ ۚ قَوْلَ الْحَقِّ الَّذِیْ فِیْهِ یَمْتَرُوْنَ ﴿۳۴﴾ مَا كَانَ لِلّٰهِ

ذٰلِكَ	عِیْسَى	ابْنُ مَرْیَمَ	قَوْلَ	الْحَقِّ	الَّذِیْ	فِیْهِ	یَمْتَرُوْنَ	مَا كَانَ	لِلّٰهِ
یہ	عیسٰی	ابن مریم	بات	سچی	وہ جس	میں	وہ شک کرتے ہیں	نہیں ہے	اللہ کیلئے

یہ ہیں عیسٰیؑ ابن مریمؑ، سچی بات جس میں وہ (لوگ) شک کرتے ہیں۔ اللہ کے لئے (سزاوار) نہیں ہے

اَنْ یَّتَّخِذَ مِنْ وَّلَدٍ ۙ سُبْحٰنَهٗ ؕ اِذَا قَضٰۤى اَمْرًا فَاِنَّمَا یَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ ﴿۳۵﴾

اَنْ	یَّتَّخِذَ	مِنْ	وَّلَدٍ	سُبْحٰنَهٗ	اِذَا	قَضٰۤى	اَمْرًا	فَاِنَّمَا	یَقُوْلُ	لَهٗ	كُنْ	فَیَكُوْنُ
کہ	وہ بنائے	کوئی	بیٹا	وہ پاک ہے	جب وہ فیصلہ کرتا ہے		کسی کام	تو اسکے سوا نہیں	وہ کہتا ہے	اس کو	ہو جا	پس وہ ہوجاتا ہے

کہ وہ کوئی بیٹا بنائے، وہ پاک ہے، جب وہ کسی کام کا فیصلہ کرتا ہے تو اس کے سوا نہیں کہ وہ کہتا ہے "ہوجا" پس وہ ہوجاتا ہے۔

وَ اِنَّ اللّٰهَ رَبِّیْ وَ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِیْمٌ ﴿۳۶﴾ فَاخْتَلَفَ الْاَحْزَابُ

وَ اِنَّ	اللّٰهَ	رَبِّیْ	وَ رَبُّكُمْ	فَاعْبُدُوْهُ	هٰذَا	صِرَاطٌ	مُّسْتَقِیْمٌ	فَاخْتَلَفَ	الْاَحْزَابُ
اور بیشک	اللہ	میرا رب	اور تمہارا رب	پس اسکی عبادت کرو	یہ	راستہ	سیدھا	پھر اختلاف کیا	فرقے

اور بیشک اللہ میرا اور تمہارا رب ہے، پس اس کی عبادت کرو، یہ سیدھا راستہ ہے۔ (پھر اہل کتاب کے) فرقوں نے اختلاف کیا

مِنۢ بَيْنِهِمْ ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِينَ كَفَرُوا مِن مَّشْهَدِ يَوْمٍ عَظِيمٍ ﴿٣٧﴾ أَسْمِعْ بِهِمْ وَأَبْصِرْ

مِنۢ بَيْنِهِمْ	فَوَيْلٌ	لِّلَّذِينَ كَفَرُوا	مِن	مَّشْهَدِ	يَوْمٍ عَظِيمٍ	أَسْمِعْ	بِهِمْ	وَأَبْصِرْ
آپس میں (باہم)	پس خرابی	کافروں کے لئے	سے	حاضری	بڑا دن	سنیں گے	کیا کچھ	اور دیکھیں گے

باہم، پس خرابی ہے کافروں کے لئے (قیامت کے) بڑے دن کی حاضری سے۔ کیا کچھ سنیں گے! اور کیا کچھ دیکھیں گے!

يَوْمَ يَأْتُونَنَا ۖ لَٰكِنِ الظَّالِمُونَ الْيَوْمَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ﴿٣٨﴾ وَأَنذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ

يَوْمَ	يَأْتُونَنَا	لَٰكِنِ	الظَّالِمُونَ	الْيَوْمَ	فِي	ضَلَالٍ مُّبِينٍ	وَأَنذِرْهُمْ	يَوْمَ الْحَسْرَةِ
جس دن	وہ ہمارے سامنے آئیں گے	لیکن	ظالم (جمع)	آج کے دن	میں	کھلی گمراہی	اور ان کو ڈراویں	حسرت کا دن

جس دن وہ ہمارے سامنے آئیں گے، لیکن آج کے دن ظالم کھلی گمراہی میں ہیں۔ اور انہیں حسرت کے دن سے ڈراویں

إِذْ قُضِيَ الْأَمْرُ وَهُمْ فِي غَفْلَةٍ وَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٣٩﴾ إِنَّا نَحْنُ نَرِثُ الْأَرْضَ

إِذْ	قُضِيَ	الْأَمْرُ	وَهُمْ	فِي غَفْلَةٍ	وَهُمْ	لَا يُؤْمِنُونَ	إِنَّا نَحْنُ	نَرِثُ	الْأَرْضَ
جب	فیصلہ کر دیا جائیگا	کام	لیکن وہ	غفلت میں ہیں	اور وہ	ایمان نہیں لاتے	بیشک ہم	وارث ہونگے	زمین

جب کام کا فیصلہ کر دیا جائیگا لیکن وہ غفلت میں ہیں، اور وہ ایمان نہیں لاتے۔ بیشک ہم وارث ہوں گے زمین کے

۲ ع ۲۵ ۵

وَمَنْ عَلَيْهَا وَإِلَيْنَا يُرْجَعُونَ ﴿٤٠﴾ وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ إِبْرَاهِيمَ ۚ إِنَّهُ كَانَ صِدِّيقًا

وَمَنْ	عَلَيْهَا	وَإِلَيْنَا	يُرْجَعُونَ	وَاذْكُرْ	فِي الْكِتَابِ	إِبْرَاهِيمَ	إِنَّهُ كَانَ	صِدِّيقًا
اور جو	اس پر	اور ہماری طرف	وہ لوٹائے جائیں گے	اور یاد کرو	کتاب میں	ابراہیم	بیشک وہ تھے	سچے

اور جو کچھ اس پر ہے، اور وہ ہماری طرف لوٹائے جائیں گے۔ اور کتاب میں ابراہیمؑ کو یاد کرو، بیشک وہ سچے

نَبِيًّا ﴿٤١﴾ إِذْ قَالَ لِأَبِيهِ يَا أَبَتِ لِمَ تَعْبُدُ مَا لَا يَسْمَعُ وَلَا يُبْصِرُ وَلَا يُغْنِي

نَبِيًّا	إِذْ قَالَ	لِأَبِيهِ	يَا أَبَتِ	لِمَ تَعْبُدُ	مَا	لَا يَسْمَعُ	وَلَا يُبْصِرُ	وَ	لَا يُغْنِي
نبی	جب اس نے کہا	اپنے باپ کو	اے میرے ابا	تم کیوں پرستش کرتے ہو	جو نہ سنتے		اور نہ دیکھے	اور	نہ کام آئے

نبی تھے۔ جب اس نے اپنے باپ سے کہا، اے میرے ابا تم کیوں اس کی پرستش کرتے ہو؟ جو نہ کچھ سنتے اور نہ دیکھے، اور نہ کام آئے

عَنكَ شَيْئًا ﴿٤٢﴾ يَا أَبَتِ إِنِّي قَدْ جَاءَنِي مِنَ الْعِلْمِ مَا لَمْ يَأْتِكَ فَاتَّبِعْنِي

عَنكَ	شَيْئًا	يَا أَبَتِ	إِنِّي	قَدْ جَاءَنِي	مِنَ الْعِلْمِ	مَا	لَمْ يَأْتِكَ	فَاتَّبِعْنِي
تمہارے	کچھ	اے میرے ابا	بیشک میں	بیشک میرے پاس آیا ہے	وہ علم	جو	تمہارے پاس نہیں آیا	پس میری بات مانو

تمہارے کچھ بھی۔ اے میرے ابا! بیشک میرے پاس وہ علم (وحی) آیا ہے۔ جو تمہارے پاس نہیں آیا، پس میری بات مانو،

اَهْدِكَ صِرَاطًا سَوِيًّا ﴿٤٣﴾ يٰٓاَبَتِ لَا تَعْبُدِ الشَّيْطٰنَ ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ

اَهْدِكَ	صِرَاطًا	سَوِيًّا	يٰٓاَبَتِ	لَا تَعْبُدِ	الشَّيْطٰنَ	اِنَّ	الشَّيْطٰنَ	كَانَ
میں تمہیں دکھاؤں گا	راستہ	سیدھا	اے میرے ابا	پرستش نہ کر	شیطان	بیشک	شیطان	ہے

میں تمہیں ٹھیک سیدھا راستہ دکھاؤں گا۔ اے میرے ابا! شیطان کی پرستش نہ کر، بیشک شیطان

لِلرَّحْمٰنِ عَصِيًّا ﴿٤٤﴾ يٰٓاَبَتِ اِنِّيْٓ اَخَافُ اَنْ يَّمَسَّكَ عَذَابٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ فَتَكُوْنَ

لِلرَّحْمٰنِ	عَصِيًّا	يٰٓاَبَتِ	اِنِّيْٓ	اَخَافُ	اَنْ	يَّمَسَّكَ	عَذَابٌ	مِّنَ	الرَّحْمٰنِ	فَتَكُوْنَ
رحمٰن	نافرمان	اے میرے ابا	بیشک میں	ڈرتا ہوں	کہ	تجھے آپکڑے	عذاب	سے۔کا	رحمٰن	پھر تو ہو جائے

رحمٰن کا نافرمان ہے۔ اے میرے ابا! بیشک میں ڈرتا ہوں کہ رحمٰن کا عذاب تجھے (نہ) آپکڑے۔ پھر تو ہو جائے

لِلشَّيْطٰنِ وَلِيًّا ﴿٤٥﴾ قَالَ اَرَاغِبٌ اَنْتَ عَنْ اٰلِهَتِيْ يٰٓاِبْرٰهِيْمُ ۚ لَىِٕنْ لَّمْ تَنْتَهِ

لِلشَّيْطٰنِ	وَلِيًّا	قَالَ	اَرَاغِبٌ	اَنْتَ	عَنْ	اٰلِهَتِيْ	يٰٓاِبْرٰهِيْمُ	لَىِٕنْ	لَّمْ تَنْتَهِ
شیطان کا	ساتھی	اس نے کہا	کیا روگرداں	تو	سے	میرے معبود (جمع)	اے ابراہیم	اگر	تو باز نہ آیا

شیطان کا ساتھی۔ اس نے کہا اے ابراہیم! کیا تو میرے معبودوں سے روگرداں ہے؟ اگر تو باز نہ آیا

لَاَرْجُمَنَّكَ وَاهْجُرْنِيْ مَلِيًّا ﴿٤٦﴾ قَالَ سَلٰمٌ عَلَيْكَ ۚ سَاَسْتَغْفِرُ لَكَ رَبِّيْ ۭ اِنَّهٗ

لَاَرْجُمَنَّكَ	وَاهْجُرْنِيْ	مَلِيًّا	قَالَ	سَلٰمٌ	عَلَيْكَ	سَاَسْتَغْفِرُ	لَكَ	رَبِّيْ	اِنَّهٗ
تو میں تجھے ضرور سنگسار کروں گا	اور مجھے چھوڑ دے	ایک مدت کیلئے	اس نے کہا	سلام	تجھ پر	میں ابھی بخشش مانگوں گا	تیرے لیے	اپنا رب	بیشک وہ

تو میں تجھے ضرور سنگسار کردوں گا، اور مجھے ایک مدت کیلئے چھوڑ دے۔ ابراہیمؑ نے کہا تجھ پر سلام ہو! میں ابھی تیرے لیئے اپنے رب سے بخشش مانگوں گا۔ بیشک وہ

كَانَ بِيْ حَفِيًّا ﴿٤٧﴾ وَاَعْتَزِلُكُمْ وَمَا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَاَدْعُوْا رَبِّيْ ڮ عَسٰٓى

كَانَ	بِيْ	حَفِيًّا	وَاَعْتَزِلُكُمْ	وَمَا	تَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	وَاَدْعُوْا	رَبِّيْ	عَسٰٓى
ہے	مجھ پر	مہربان	اور کنارہ کشی کرتا ہوں تم سے	اور جو	تم پرستش کرتے ہو	سوائے	اللہ	اور میں عبادت کروں گا	اپنا رب	امید ہے

مجھ پر مہربان ہے۔ اور میں کنارہ کشی کرتا ہوں تم سے اور اللہ کے سوا جن کی تم پرستش کرتے ہو۔ اور میں اپنے رب کی عبادت کروں گا، امید ہے

اَلَّآ اَكُوْنَ بِدُعَاۗءِ رَبِّيْ شَقِيًّا ﴿٤٨﴾ فَلَمَّا اعْتَزَلَهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

اَلَّآ اَكُوْنَ	بِدُعَاۗءِ	رَبِّيْ	شَقِيًّا	فَلَمَّا	اعْتَزَلَهُمْ	وَمَا	يَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ
کہ نہ رہوں گا	عبادت سے	اپنا رب	محروم	پھر جب	وہ کنارہ کش ہو گئے ان سے	اور جو	وہ پرستش کرتے تھے	سوائے	اللہ

کہ میں اپنے رب کی عبادت سے محروم نہ رہوں گا۔ پھر جب وہ (ابراہیمؑ) اُن سے اور اللہ کے سوا وہ جنکی پرستش کرتے تھے اُن سے کنارہ کش ہو گئے

وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ۭ وَكُلًّا جَعَلْنَا نَبِيًّا ۝۴۹ وَوَهَبْنَا لَهُمْ مِّنْ رَّحْمَتِنَا

وَهَبْنَا	لَهٗ	اِسْحٰقَ	وَ	يَعْقُوْبَ	وَكُلًّا	جَعَلْنَا	نَبِيًّا	وَوَهَبْنَا	لَهُمْ	مِّنْ	رَّحْمَتِنَا
ہم نے عطا کیا	اس کو	اسحٰق	اور	یعقوب	اور سب کو	ہم نے بنایا	نبی	اور ہم نے عطا کیا	انہیں	سے	اپنی رحمت

ہم نے اس کو اسحٰقؑ اور یعقوبؑ عطا کئے ، اور (ان) سب کو ہم نے نبی بنایا ۔ اور ہم نے اپنی رحمت سے انہیں (بہت کچھ) عطا کیا

۳ ع ۱۰ ۶

وَجَعَلْنَا لَهُمْ لِسَانَ صِدْقٍ عَلِيًّا ۝۵۰ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مُوْسٰٓى ۡ اِنَّهٗ كَانَ مُخْلَصًا

وَجَعَلْنَا	لَهُمْ	لِسَانَ	صِدْقٍ	عَلِيًّا	وَاذْكُرْ	فِي الْكِتٰبِ	مُوْسٰى	اِنَّهٗ	كَانَ	مُخْلَصًا
اور ہم نے کیا	ان کا	ذکر	سچا ۔ جمیل	نہایت بلند	اور یاد کرو	کتاب میں	موسیٰ	بیشک وہ	تھا	برگزیدہ

اور ہم نے ان کا ذکرِ جمیل نہایت بلند کیا ۔ اور کتاب میں موسیٰؑ کو یاد کرو ، بیشک وہ برگزیدہ تھے ،

وَّكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ۝۵۱ وَنَادَيْنٰهُ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ الْاَيْمَنِ وَقَرَّبْنٰهُ نَجِيًّا ۝۵۲

وَكَانَ	رَسُوْلًا	نَبِيًّا	وَ نَادَيْنٰهُ	مِنْ	جَانِبِ	الطُّوْرِ	الْاَيْمَنِ	وَقَرَّبْنٰهُ	نَجِيًّا
اور تھا	رسول	نبی	اور ہم نے اسے پکارا	سے	جانب	کوہِ طور	داہنی	اور اسے نزدیک بلایا	راز بتانے کو

اور رسول نبی تھے ۔ اور ہم نے اسے کوہِ طور کی داہنی جانب سے پکارا ، اور اسے راز تبلانے کو نزدیک بلایا ۔

وَوَهَبْنَا لَهٗ مِنْ رَّحْمَتِنَآ اَخَاهُ هٰرُوْنَ نَبِيًّا ۝۵۳ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِسْمٰعِيْلَ ۡ اِنَّهٗ

وَوَهَبْنَا	لَهٗ	مِنْ رَّحْمَتِنَا	اَخَاهُ	هٰرُوْنَ	نَبِيًّا	وَاذْكُرْ	فِي الْكِتٰبِ	اِسْمٰعِيْلَ	اِنَّهٗ
اور ہم نے عطا کیا	اسے	اپنی رحمت سے	اس کا بھائی	ہارون	نبی	اور یاد کرو	کتاب میں	اسمٰعیل	بیشک وہ

اور ہم نے اسے اپنی رحمت سے اس کا بھائی ہارونؑ عطا کیا ۔ اور کتاب میں اسمٰعیلؑ کو یاد کرو ، بیشک وہ

كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ۝۵۴ وَكَانَ يَاْمُرُ اَهْلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ

كَانَ	صَادِقَ الْوَعْدِ	وَكَانَ	رَسُوْلًا	نَبِيًّا	وَكَانَ يَاْمُرُ	اَهْلَهٗ	بِالصَّلٰوةِ	وَالزَّكٰوةِ
تھے	وعدہ کا سچا	اور تھے	رسول	نبی	اور حکم دیتے تھے	اپنے گھروالے	نماز کا	اور زکوٰۃ

وعدہ کے سچے تھے ، اور رسول نبی تھے ۔ اور وہ اپنے گھروالوں کو نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیتے تھے ،

وَكَانَ عِنْدَ رَبِّهٖ مَرْضِيًّا ۝۵۵ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِدْرِيْسَ ۡ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ۝۵۶

وَكَانَ	عِنْدَ رَبِّهٖ	مَرْضِيًّا	وَاذْكُرْ	فِي الْكِتٰبِ	اِدْرِيْسَ	اِنَّهٗ	كَانَ	صِدِّيْقًا	نَبِيًّا
اور وہ تھے	اپنے رب کے ہاں	پسندیدہ	اور یاد کرو	کتاب میں	ادریس	بیشک وہ	تھے	سچے	نبی

اور وہ اپنے رب کے ہاں پسندیدہ تھے ۔ اور کتاب میں ادریسؑ کو یاد کرو ، بیشک وہ سچے نبی تھے ۔

وَّرَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا ۝٥٧ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ

وَّرَفَعْنٰهُ	مَكَانًا	عَلِيًّا	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	اَنْعَمَ اللّٰهُ	عَلَيْهِمْ	مِّنَ	النَّبِيّٖنَ
اور ہم نے اسے اٹھالیا	ایک مقام	بلند	یہ وہ لوگ	وہ جنہیں	اللہ نے انعام کیا	ان پر	سے	نبی (جمع)

اور ہم نے اسے ایک بلند مقام پر اُٹھا لیا۔ یہ ہیں نبیوں میں سے وہ جن پر اللہ نے انعام کیا

مِنْ ذُرِّيَّةِ اٰدَمَ وَمِمَّنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ ۡ وَّمِنْ ذُرِّيَّةِ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْرَآءِيْلَ

مِنْ	ذُرِّيَّةِ اٰدَمَ	وَمِمَّنْ	حَمَلْنَا	مَعَ	نُوْحٍ	وَّ	مِنْ	ذُرِّيَّةِ	اِبْرٰهِيْمَ	وَاِسْرَآءِيْلَ
سے	اولادِ آدم	اور ان سے جنہیں	سوار کیا ہم نے	ساتھ	نوح	اور	سے	اولاد	ابراہیم	اور یعقوب

اولادِ آدم میں سے، اور ان میں سے جنہیں ہم نے نوحؑ کے ساتھ (کشتی میں) سوار کیا، اور ابراہیمؑ اور یعقوبؑ کی اولاد میں سے

وَمِمَّنْ هَدَيْنَا وَاجْتَبَيْنَا ۭ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُ الرَّحْمٰنِ خَرُّوْا سُجَّدًا وَّ

وَمِمَّنْ	هَدَيْنَا	وَاجْتَبَيْنَا	اِذَا تُتْلٰى	عَلَيْهِمْ	اٰيٰتُ الرَّحْمٰنِ	خَرُّوْا	سُجَّدًا	وَّ
اور ان سے جنہیں	ہم نے ہدایت دی	اور ہم نے چُنا	جب پڑھی جاتی ہیں	ان پر	رحمٰن کی آیتیں	وہ گر پڑتے	سجدہ کرتے ہوئے	اور

اور ان میں سے جنہیں ہم نے ہدایت دی، اور چُنا، جب ان پر رحمٰن کی آیتیں پڑھی جاتیں وہ (زمین پر) گر پڑتے سجدہ کرتے اور

بُكِيًّا ۝٥٨ فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ

بُكِيًّا	فَخَلَفَ	مِنْۢ بَعْدِهِمْ	خَلْفٌ	اَضَاعُوا	الصَّلٰوةَ	وَاتَّبَعُوا	الشَّهَوٰتِ	فَسَوْفَ
روتے ہوئے	پھر جانشین ہوئے	ان کے بعد	چند جانشین (ناخلف)	انہوں نے گنوادی	نماز	اور پیروی کی	خواہشات	پس عنقریب

روتے ہوئے۔ پھر ان کے بعد چند ناخلف جانشین ہوئے، انہوں نے نماز گنوادی، اور خواہشات (نفسانی) کی پیروی کی، پس عنقریب

يَلْقَوْنَ غَيًّا ۝٥٩ اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ

يَلْقَوْنَ	غَيًّا	اِلَّا	مَنْ	تَابَ	وَاٰمَنَ	وَعَمِلَ	صَالِحًا	فَاُولٰٓئِكَ	يَدْخُلُوْنَ	الْجَنَّةَ
انہیں ملے گی	گمراہی	مگر	جو، جس	توبہ کی	وہ ایمان لایا	اور عمل کئے	نیک	پس یہی لوگ	وہ داخل ہوں گے	جنت

انہیں گمراہی (کی سزا) ملے گی۔ مگر جس نے توبہ کی، اور نیک عمل کئے، پس یہی لوگ ہیں جو جنت میں داخل ہوں گے،

وَلَا يُظْلَمُوْنَ شَيْـًٔا ۝٦٠ جَنّٰتِ عَدْنِ ۨ الَّتِيْ وَعَدَ الرَّحْمٰنُ عِبَادَهٗ بِالْغَيْبِ ۭ

وَلَا يُظْلَمُوْنَ	شَيْـًٔا	جَنّٰتِ عَدْنِ	الَّتِيْ	وَعَدَ	الرَّحْمٰنُ	عِبَادَهٗ	بِالْغَيْبِ
اور ان کا نقصان کیا جائیگا	کچھ ذرا	ہمیشگی کے باغات	وہ جو	وعدہ کیا	رحمٰن	اپنے بندے (جمع)	غائبانہ

اور ذرہ بھر بھی اُن کا نقصان نہ کیا جائے گا، ہمیشگی کے باغات میں، جن کا وعدہ رحمٰن نے غائبانہ اپنے بندوں سے کیا،

إِنَّهُ كَانَ وَعْدُهُ مَأْتِيًّا ﴿٦١﴾ لَا يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْوًا إِلَّا سَلَامًا ۖ وَلَهُمْ

إِنَّهُ	كَانَ	وَعْدُهُ	مَأْتِيًّا	لَا يَسْمَعُونَ	فِيهَا	لَغْوًا	إِلَّا سَلَامًا	وَلَهُمْ
بیشک وہ	ہے	اس کا وعدہ	آنے والا	وہ نہ سُنیں گے	اس میں	بے ہُودہ	سوائے سلام	اور ان کے لئے

بیشک اس کا وعدہ آنے والا ہے۔ اور اس میں سلام کے سوا کوئی بیہودہ بات نہ سنیں گے، اور ان کے لئے

رِزْقُهُمْ فِيهَا بُكْرَةً وَعَشِيًّا ﴿٦٢﴾ تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِي نُورِثُ مِنْ عِبَادِنَا مَنْ

رِزْقُهُمْ	فِيهَا	بُكْرَةً	وَعَشِيًّا	تِلْكَ	الْجَنَّةُ	الَّتِي	نُورِثُ	مِنْ	عِبَادِنَا	مَنْ
ان کا رزق	اس میں	صبح	اور شام	یہ	جنت	وہ جو کہ	ہم وارث بنائیںگے	سے۔کو	اپنے بندے	جو

اس میں صبح و شام ان کا رزق ہے۔ یہ وہ جنت ہے جس کا ہم اپنے (اُن) بندوں کو وارث بنائیں گے جو

كَانَ تَقِيًّا ﴿٦٣﴾ وَمَا نَتَنَزَّلُ إِلَّا بِأَمْرِ رَبِّكَ ۖ لَهُ مَا بَيْنَ أَيْدِينَا وَمَا خَلْفَنَا

كَانَ	تَقِيًّا	وَمَا	نَتَنَزَّلُ	إِلَّا	بِأَمْرِ	رَبِّكَ	لَهُ	مَا بَيْنَ أَيْدِينَا	وَمَا	خَلْفَنَا
ہوں گے	پرہیزگار	اور ہم	نہیں اُترتے	مگر	حکم سے	تمہارا رب	اسکے لئے	جو ہمارے ہاتھوں میں (آگے)	اور جو	ہمارے پیچھے

پرہیزگار رہوں گے۔ اور (فرشتوں نے کہا) ہم تمہارے رب کے حکم کے بغیر نہیں اُترتے، اسی کے لئے ہے جو ہمارے آگے، اور ہمارے پیچھے ہے

وَمَا بَيْنَ ذَٰلِكَ ۚ وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا ﴿٦٤﴾ رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا

وَمَا	بَيْنَ ذَٰلِكَ	وَمَا	كَانَ	رَبُّكَ	نَسِيًّا	رَبُّ السَّمَاوَاتِ	وَالْأَرْضِ	وَمَا	بَيْنَهُمَا
اور جو	اس کے درمیان	اور نہیں	ہے	تمہارا رب	بھولنے والا	آسمانوں کا رب	اور زمین	اور جو	ان کے درمیان

اور جو اس کے درمیان ہے، اور تمہارا رب بھولنے والا نہیں۔ وہ رب ہے آسمانوں کا اور زمین کا، اور جو ان کے درمیان ہے،

۴ ع ۵ ۷

فَاعْبُدْهُ وَاصْطَبِرْ لِعِبَادَتِهِ ۚ هَلْ تَعْلَمُ لَهُ سَمِيًّا ﴿٦٥﴾ وَيَقُولُ الْإِنْسَانُ أَإِذَا

فَاعْبُدْهُ	وَاصْطَبِرْ	لِعِبَادَتِهِ	هَلْ	تَعْلَمُ	لَهُ	سَمِيًّا	وَيَقُولُ	الْإِنْسَانُ	أَإِذَا
پس اسکی عبادت کرو	اور ثابت قدم رہو	اسکی عبادت پر	کیا	تو جانتا ہے	اس کا	ہم نام کوئی	اور کہتا ہے	انسان	کیا جب

پس اسی کی عبادت کرو، اور اس کی عبادت پر ثابت قدم رہو، کیا تو کوئی اس کا ہم نام جانتا ہے؟ اور (کافر) انسان کہتا ہے کیا جب

مَا مِتُّ لَسَوْفَ أُخْرَجُ حَيًّا ﴿٦٦﴾ أَوَلَا يَذْكُرُ الْإِنْسَانُ أَنَّا خَلَقْنَاهُ مِنْ قَبْلُ

مَا مِتُّ	لَسَوْفَ	أُخْرَجُ	حَيًّا	أَوَ	لَا يَذْكُرُ	الْإِنْسَانُ	أَنَّا	خَلَقْنَاهُ	مِنْ قَبْلُ
لِلْحَيِّ	الْقَيُّومِ	وَقَدْ خَابَ	مَنْ	حَمَلَ	ظُلْمًا	وَمَن	يَعْمَلْ	مِنَ	الصَّالِحَاتِ وَ
سامنے "حی"	"قیوم"	اور نامراد ہوا	جو۔ جس	بوجھ اٹھایا	ظلم	اور جو	کرے	سے۔ کوئی	نیکی اور (بشرطیکہ)

"حی و قیوم" (زندہ و قائم) کے سامنے، اور نامراد ہوا وہ جس نے ظلم کا بوجھ اٹھایا۔ اور جو کوئی نیکی کرے، بشرطیکہ

هُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا يَخَافُ ظُلْمًا وَلَا هَضْمًا ﴿١١٢﴾ وَكَذَٰلِكَ أَنزَلْنَاهُ قُرْآنًا عَرَبِيًّا

هُوَ	مُؤْمِنٌ	فَلَا يَخَافُ	ظُلْمًا	وَلَا هَضْمًا	وَكَذَٰلِكَ	أَنزَلْنَاهُ	قُرْآنًا	عَرَبِيًّا
وہ	مومن	تو نہ اسے خوف ہوگا	کسی ظلم کا	اور نہ کسی نقصان کا	اور اسی طرح	ہم نے اس پر نازل کیا	قرآن	عربی

وہ مومن ہو تو نہ اسے کسی ظلم کا خوف ہوگا اور نہ کسی نقصان کا۔ اور اسی طرح ہم نے اس پر عربی قرآن نازل کیا

وَصَرَّفْنَا فِيهِ مِنَ الْوَعِيدِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ أَوْ يُحْدِثُ لَهُمْ ذِكْرًا ﴿١١٣﴾

وَ	صَرَّفْنَا فِيهِ	مِنَ	الْوَعِيدِ	لَعَلَّهُمْ	يَتَّقُونَ	أَوْ يُحْدِثُ	لَهُمْ	ذِكْرًا
اور	ہم نے طرح طرح سے بیان کئے اس میں	سے	ڈراوے	تاکہ وہ	پرہیزگار ہو جائیں	یا وہ پیدا کر دے	ان کے لئے	کوئی نصیحت

اور ہم نے اس میں طرح طرح سے ڈراوے بیان کئے تاکہ وہ پرہیزگار ہو جائیں یا وہ ان کے لئے کوئی نصیحت پیدا کر دے۔

فَتَعَالَى اللَّهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۗ وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْآنِ مِن قَبْلِ أَن يُقْضَىٰ إِلَيْكَ

فَتَعَالَى اللَّهُ	الْمَلِكُ	الْحَقُّ	وَلَا	تَعْجَلْ	بِالْقُرْآنِ	مِن قَبْلِ	أَن	يُقْضَىٰ	إِلَيْكَ
سو بلند و برتر ہے اللہ	بادشاہ	سچا	اور نہ	جلدی کرو	قرآن میں	اس سے قبل	کہ	پوری کی جائے	تمہاری طرف

سو اللہ بلند و برتر ہے سچا بادشاہ، اور تم قرآن (پڑھنے) میں جلدی نہ کرو، اس سے قبل کہ تمہاری طرف پوری کی جائے

وَحْيُهٗ ۫ وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ﴿١١٤﴾ وَلَقَدْ عَهِدْنَآ اِلٰٓى اٰدَمَ مِنْ قَبْلُ فَنَسِيَ

وَحْيُهٗ	وَقُلْ	رَّبِّ	زِدْنِيْ	عِلْمًا	وَلَقَدْ عَهِدْنَآ	اِلٰٓى	اٰدَمَ	مِنْ قَبْلُ	فَنَسِيَ
اس کی وحی	اور کہیئے	اے میرے رب	زیادہ دیجئے مجھے	علم	اور ہم نے حکم بھیجا	طرف کو	آدم	اس سے قبل	تو وہ بھول گیا

اس کی وحی، اور کہیئے اے میرے رب ! مجھے اور زیادہ علم دے - اور ہم نے اس سے قبل آدم کی طرف حکم بھیجا تو وہ بھول گیا

٦ ع ١١ ١٥

وَلَمْ نَجِدْ لَهٗ عَزْمًا ﴿١١٥﴾ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ

وَلَمْ نَجِدْ	لَهٗ	عَزْمًا	وَاِذْ	قُلْنَا	لِلْمَلٰٓئِكَةِ	اسْجُدُوْا	لِاٰدَمَ	فَسَجَدُوْٓا	اِلَّآ
اور ہم نے نہ پایا	اس میں	پختہ ارادہ	اور یاد کرو جب	ہم نے کہا	فرشتوں کو	تم سجدہ کرو	آدم کو	تو سب نے سجدہ کیا	سوائے

اور ہم نے اس میں پختہ ارادہ نہ پایا - اور یاد کرو، جب ہم نے فرشتوں کو کہا کہ تم آدم کو سجدہ کرو، تو سب نے سجدہ کیا سوائے

اِبْلِيْسَ ۭ اَبٰى ﴿١١٦﴾ فَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اِنَّ هٰذَا عَدُوٌّ لَّكَ وَلِزَوْجِكَ فَلَا يُخْرِجَنَّكُمَا

اِبْلِيْسَ	اَبٰى	فَقُلْنَا	يٰٓاٰدَمُ	اِنَّ	هٰذَا	عَدُوٌّ	لَّكَ	وَلِزَوْجِكَ	فَلَا يُخْرِجَنَّكُمَا
ابلیس	اس نے انکار کیا	پس ہم نے کہا	اے آدم	بیشک	یہ	دشمن	تمہارا	اور تمہاری بیوی کا	سو تمہیں نہ نکلوا دے

ابلیس کے، اس نے انکار کیا - پس ہم نے کہا اے آدم ! بیشک یہ تمہارا اور تمہاری بیوی کا کھلا دشمن ہے - سو تمہیں نکلوا نہ دے

مِنَ الْجَنَّةِ فَتَشْقٰى ﴿١١٧﴾ اِنَّ لَكَ اَلَّا تَجُوْعَ فِيْهَا وَلَا تَعْرٰى ﴿١١٨﴾ وَاَنَّكَ لَا

مِنَ الْجَنَّةِ	فَتَشْقٰى	اِنَّ	لَكَ	اَلَّا تَجُوْعَ	فِيْهَا	وَلَا	تَعْرٰى	وَاَنَّكَ	لَا
جنت سے	پھر تم مصیبت میں پڑ جاؤ	بیشک	تمہارے لئے	یہ کہ نہ بھوکے رہو	اس میں	اور نہ	ننگے	اور یہ کہ تم	نہ

جنت سے ، پھر تم تکلیف میں پڑ جاؤ - بیشک تمہارے لئے (جنت میں) یہ ہے کہ اس میں نہ بھوکے رہو، نہ ننگے - اور یہ کہ تم نہ

تَظْمَؤُا فِيْهَا وَلَا تَضْحٰى ﴿١١٩﴾ فَوَسْوَسَ اِلَيْهِ الشَّيْطٰنُ قَالَ يٰٓاٰدَمُ هَلْ اَدُلُّكَ

تَظْمَؤُا	فِيْهَا	وَلَا تَضْحٰى	فَوَسْوَسَ	اِلَيْهِ	الشَّيْطٰنُ	قَالَ	يٰٓاٰدَمُ	هَلْ	اَدُلُّكَ
پیاسے رہو گے	اس میں	اور نہ دھوپ میں رہو گے	پھر وسوسہ ڈالا	اس کی طرف (دل میں)	شیطان	اس نے کہا	اے آدم	کیا	میں تیری رہنمائی کروں

پیاسے رہو گے اور نہ دھوپ میں تپو گے - پھر شیطان نے اس کے دل میں وسوسہ ڈالا، اس نے کہا اے آدم ! کیا میں تیری رہنمائی کروں

عَلٰي شَجَرَةِ الْخُلْدِ وَمُلْكٍ لَّا يَبْلٰى ﴿١٢٠﴾ فَاَكَلَا مِنْهَا فَبَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَ

عَلٰي	شَجَرَةِ	الْخُلْدِ	وَمُلْكٍ	لَّا يَبْلٰى	فَاَكَلَا	مِنْهَا	فَبَدَتْ	لَهُمَا	سَوْاٰتُهُمَا	وَ
پر	درخت	ہمیشگی	اور بادشاہت	نہ پرانی (زوال پذیر) ہو	پس دونوں نے کھایا	اس سے	تو ظاہر ہو گئیں	ان پر	ان کی شرمگاہیں	اور

ہمیشگی کے درخت پر؟ اور وہ بادشاہت جو زوال پذیر نہ ہو؟ پس ان دونوں نے اس سے کھا لیا تو ان پر ان کی شرمگاہیں ظاہر ہو گئیں، اور

طَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ۫ وَعَصٰۤى اٰدَمُ رَبَّهٗ فَغَوٰى ﴿١٢١﴾ ثُمَّ

طَفِقَا يَخْصِفٰنِ	عَلَيْهِمَا	مِنْ	وَّرَقِ الْجَنَّةِ	وَعَصٰۤى	اٰدَمُ	رَبَّهٗ	فَغَوٰى	ثُمَّ
وہ دونوں لگے جوڑنے (ڈھانپنے)	اپنے اوپر	سے	جنت کے پتے	اور نافرمانی کی	آدم	اپنا رب	تو وہ بہک گیا	پھر

اور اپنے (جسم کے) اوپر جنت کے پتے ڈھانپنے لگے، اور آدمؑ نے اپنے رب کی نافرمانی کی تو وہ بہک گیا۔ پھر

اجْتَبٰهُ رَبُّهٗ فَتَابَ عَلَيْهِ وَهَدٰى ﴿١٢٢﴾ قَالَ اهْبِطَا مِنْهَا جَمِيْعًا بَعْضُكُمْ

اجْتَبٰهُ	رَبُّهٗ	فَتَابَ	عَلَيْهِ	وَهَدٰى	قَالَ	اهْبِطَا	مِنْهَا	جَمِيْعًا	بَعْضُكُمْ
اس کو چن لیا	اس کا رب	توجہ فرمائی	اس پر	اور اسے راہ دکھائی	فرمایا	تم دونوں اتر جاؤ	یہاں سے	سب	تم میں سے بعض

اس کے رب نے اسے رحمت سے چن لیا پھر اس پر (رحمت سے) توجہ فرمائی (توبہ قبول کی)، اور اسے راہ دکھائی۔ فرمایا تم دونوں یہاں سے اتر جاؤ تمہاری (اولادیں) بعض

لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّيْ هُدًى ۙ فَمَنِ اتَّبَعَ هُدَايَ فَلَا يَضِلُّ

لِبَعْضٍ	عَدُوٌّ	فَاِمَّا	يَاْتِيَنَّكُمْ	مِّنِّيْ	هُدًى	فَمَنِ	اتَّبَعَ	هُدَايَ	فَلَا يَضِلُّ
بعض کے	دشمن	پس اگر	تمہارے پاس آئے	میری طرف سے	ہدایت	تو جس نے	پیروی کی	میری ہدایت	تو نہ وہ گمراہ ہوگا

بعض کے دشمن ہوں گے، پس اگر (جب بھی) میری طرف سے تمہارے پاس میری ہدایت آئے تو جس نے میری ہدایت کی پیروی کی وہ نہ گمراہ ہوگا

وَلَا يَشْقٰى ﴿١٢٣﴾ وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِيْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ

وَ	لَا يَشْقٰى	وَمَنْ	اَعْرَضَ	عَنْ	ذِكْرِيْ	فَاِنَّ	لَهٗ	مَعِيْشَةً	ضَنْكًا	وَّنَحْشُرُهٗ
اور نہ	بدبخت ہوگا	اور جس	منہ موڑا	سے	میری یاد نصیحت	تو بیشک	اسکے لئے	گزران	تنگ	اور ہم اسے اٹھائیں گے

اور نہ بدبخت ہوگا۔ اور جس نے میری یاد (نصیحت)، سے منہ موڑا تو بیشک اس کی معیشت (گزران)، تنگ ہوگی اور ہم اسے اٹھائیں گے

﴿١٢٥﴾

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى ﴿١٢٤﴾ قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِيْۤ اَعْمٰى وَقَدْ كُنْتُ بَصِيْرًا

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	اَعْمٰى	قَالَ	رَبِّ	لِمَ حَشَرْتَنِيْۤ	اَعْمٰى	وَ	قَدْ كُنْتُ	بَصِيْرًا
قیامت کے دن	اندھا	وہ کہے گا	اے میرے رب	تو نے مجھے کیوں اٹھایا	اندھا	اور	میں تو تھا	دیکھتا۔ بینا

قیامت کے دن اندھا۔ وہ کہے گا، اے میرے رب! تو نے مجھے اندھا کیوں اٹھایا؟ میں تو (دنیا میں)، بینا (دیکھتا) تھا۔

قَالَ كَذٰلِكَ اَتَتْكَ اٰيٰتُنَا فَنَسِيْتَهَا ۚ وَكَذٰلِكَ الْيَوْمَ تُنْسٰى ﴿١٢٦﴾ وَكَذٰلِكَ

قَالَ	كَذٰلِكَ	اَتَتْكَ	اٰيٰتُنَا	فَنَسِيْتَهَا	وَكَذٰلِكَ	الْيَوْمَ	تُنْسٰى	وَكَذٰلِكَ
وہ فرمائے گا	اسی طرح	تیرے پاس آئیں	ہماری آیات	تو تو نے انہیں بھلا دیا	اور اسی طرح	آج	ہم تجھے بھلا دیں گے	اور اسی طرح

وہ فرمائے گا اسی طرح تیرے پاس ہماری آیات آئیں تو تو نے انہیں بھلا دیا، اور اسی طرح آج ہم تجھے بھلا دیں گے۔ اور اسی طرح

نَجْزِيْ مَنْ اَسْرَفَ وَلَمْ يُؤْمِنْ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ؕ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَدُّ وَ

نَجْزِيْ	مَنْ	اَسْرَفَ	وَلَمْ يُؤْمِنْ	بِاٰيٰتِ	رَبِّهٖ	وَلَعَذَابُ	الْاٰخِرَةِ	اَشَدُّ	وَ
ہم بدلہ دیتے ہیں	جو	حد سے نکل جائے	اور نہ ایمان لائے	آیتوں پر	اپنا رب	اور البتہ عذاب	آخرت	شدید ترین	اور

ہم (اس کو) بدلہ دیتے ہیں جو حد سے نکل جائے اور اپنے رب کی آیتوں پر ایمان نہ لائے، اور البتہ آخرت کا عذاب شدید ترین ہے اور

اَبْقٰى ﴿١٢٧﴾ اَفَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِيْ مَسٰكِنِهِمْ ؕ

اَبْقٰى	اَفَلَمْ يَهْدِ	لَهُمْ	كَمْ	اَهْلَكْنَا	قَبْلَهُمْ	مِّنَ الْقُرُوْنِ	يَمْشُوْنَ	فِيْ مَسٰكِنِهِمْ
زیادہ دیر تک رہنے والا ہے	کیا ہدایت نہ دی	انہیں	کتنی ہی	ہم نے ہلاک کر دیں	ان سے قبل	قومیں ۔ جماعتیں	وہ چلتے پھرتے ہیں	ان کے مساکن میں

زیادہ دیر تک رہنے والا ہے۔ کیا (اس حقیقت نے بھی) انہیں ہدایت نہ دی کہ ان سے قبل ہم نے کتنی ہی جماعتیں ہلاک کر دیں، وہ ان کے مساکن میں چلتے پھرتے ہیں

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي النُّهٰى ﴿١٢٨﴾ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ

اِنَّ	فِيْ	ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّاُولِي النُّهٰى	وَلَوْ	لَا كَلِمَةٌ	سَبَقَتْ	مِنْ	رَّبِّكَ
بیشک	میں	اس	البتہ نشانیاں ہیں	عقل والوں کے لئے	اور اگر	نہ ہوتی ایک بات	ہو چکی	سے	تمہارا رب

البتہ بے شک اس میں عقل والوں کے لئے نشانیاں ہیں۔ اور اگر تمہارے رب کی (طرف) سے ایک بات (طے) نہ ہو چکی ہوتی

لَكَانَ لِزَامًا وَّاَجَلٌ مُّسَمًّى ﴿١٢٩﴾ فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ

لَكَانَ	لِزَامًا	وَّاَجَلٌ	مُّسَمًّى	فَاصْبِرْ	عَلٰى	مَا يَقُوْلُوْنَ	وَسَبِّحْ	بِحَمْدِ	رَبِّكَ
تو ضرور آ جاتا	عذاب	اور میعاد	مقرر	پس صبر کریں	پر	جو وہ کہتے ہیں	اور تسبیح کریں	تعریف کے ساتھ	اپنا رب

اور میعاد مقرر (نہ ہوتی)، تو عذاب ضرور (نازل) ہو جاتا۔ پس وہ جو کہتے ہیں اس پر صبر کریں، تعریف کے ساتھ اپنے رب کی تسبیح کریں،

قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا ۚ وَمِنْ اٰنَآئِ الَّيْلِ فَسَبِّحْ وَ

قَبْلَ	طُلُوْعِ الشَّمْسِ	وَقَبْلَ	غُرُوْبِهَا	وَمِنْ	اٰنَآئِ الَّيْلِ	فَسَبِّحْ	وَ
پہلے	طلوع آفتاب	اور پہلے	اس کے غروب	اور کچھ	رات کی گھڑیاں	پس تسبیح کریں	اور

(پاکیزگی بیان کریں) طلوع آفتاب سے پہلے، اور غروب آفتاب سے پہلے اور کچھ رات کی گھڑیوں میں، پس اس کی تسبیح کریں، اور

اَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ تَرْضٰى ﴿١٣٠﴾ وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا

اَطْرَافَ	النَّهَارِ	لَعَلَّكَ	تَرْضٰى	وَ	لَا تَمُدَّنَّ	عَيْنَيْكَ	اِلٰى	مَا مَتَّعْنَا
کنارے	دن	تا کہ تم	خوش ہو جاؤ	اور	نہ پھیلانا	اپنی آنکھیں	طرف	جو ہم نے برتنے کو دیا

دن کے کنارے (دوپہر ظہر کے وقت) تا کہ تم خوش ہو جاؤ۔ اور اپنی آنکھیں (ان چیزوں کی) طرف نہ پھیلانا، جو ہم نے برتنے کو دی ہیں

بِهٖۤ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ۬ لِنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ؕ وَرِزْقُ رَبِّكَ

بِهٖۤ	اَزْوَاجًا	مِّنْهُمْ	زَهْرَةَ	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	لِنَفْتِنَهُمْ	فِيْهِ	وَرِزْقُ	رَبِّكَ
اس سے	جوڑے	اُن سے کے	آرائش	دنیا کی زندگی	تاکہ ہم انہیں آزمائیں	اس میں	اور عطیہ	تیرا رب

ان کے جوڑوں کو، دنیا کی زندگی کی آرائش وزیبائش (بنا کر)، تاکہ ہم اس میں انہیں آزمائیں، اور تیرے رب کا عطیہ

خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿۱۳۱﴾ وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا ؕ لَا نَسْـَٔلُكَ

خَيْرٌ	وَّاَبْقٰى	وَاْمُرْ	اَهْلَكَ	بِالصَّلٰوةِ	وَاصْطَبِرْ	عَلَيْهَا	لَا نَسْـَٔلُكَ
بہتر	اور تادیر رہنے والا	اور حکم دو	اپنے گھروالے	نماز کا	اور قائم رہو	اس پر	ہم تجھ سے نہیں مانگتے

بہتر ہے اور سب سے زیادہ تادیر رہنے والا ہے۔ اور اپنے گھروالوں کو نماز کا حکم دو، اور اس پر قائم رہو، ہم تجھ سے نہیں مانگتے

رِزْقًا ؕ نَحْنُ نَرْزُقُكَ ؕ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى ﴿۱۳۲﴾ وَقَالُوْا لَوْلَا يَاْتِيْنَا بِاٰيَةٍ

رِزْقًا	نَحْنُ	نَرْزُقُكَ	وَالْعَاقِبَةُ	لِلتَّقْوٰى	وَقَالُوْا	لَوْ	لَا يَاْتِيْنَا	بِاٰيَةٍ
رزق	ہم	تجھے رزق دیتے ہیں	اور انجام	اہل تقویٰ کے لئے	اور وہ کہتے ہیں	کیوں	نہیں لاتے	کوئی نشانی

رزق (بلکہ) ہم تجھے رزق دیتے ہیں اور انجام (بخیر) اہل تقویٰ کے لئے ہے۔ اور وہ کہتے ہیں ہمارے پاس کوئی نشانی کیوں نہیں لاتے؟

مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ اَوَلَمْ تَاْتِهِمْ بَيِّنَةُ مَا فِى الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ﴿۱۳۳﴾ وَلَوْ اَنَّاۤ اَهْلَكْنٰهُمْ

مِّنْ	رَّبِّهٖ	اَوَ	لَمْ تَاْتِهِمْ	بَيِّنَةُ	مَا	فِى	الصُّحُفِ	الْاُوْلٰى	وَلَوْ	اَنَّاۤ	اَهْلَكْنٰهُمْ
سے	اپنا رب	کیا	انکے پاس نہیں آئی	واضح نشانی	جو	میں	صحیفے	پہلے	اور اگر	ہم	انہیں ہلاک کر دیتے

اپنے رب کی طرف سے، کیا ان کے پاس (وہ) واضح نشانی نہیں آئی جو پہلے صحیفوں میں ہے، اور اگر ہم انہیں ہلاک کر دیتے

بِعَذَابٍ مِّنْ قَبْلِهٖ لَقَالُوْا رَبَّنَا لَوْلَاۤ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا

بِعَذَابٍ	مِّنْ قَبْلِهٖ	لَقَالُوْا	رَبَّنَا لَوْ	لَاۤ اَرْسَلْتَ	اِلَيْنَا	رَسُوْلًا
کسی عذاب سے	اس سے قبل	تو وہ کہتے	اے ہمارے رب کیوں	تونے نہ بھیجا	ہماری طرف	کوئی رسول

(رسولوں کے) آنے سے قبل کسی عذاب سے، تو وہ کہتے اے ہمارے رب! تونے ہماری طرف کوئی رسول کیوں نہ بھیجا؟

فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ مِنْ قَبْلِ اَنْ نَّذِلَّ وَنَخْزٰى ﴿۱۳۴﴾ قُلْ كُلٌّ مُّتَرَبِّصٌ

فَنَتَّبِعَ	اٰيٰتِكَ	مِنْ قَبْلِ	اَنْ نَّذِلَّ	وَنَخْزٰى	قُلْ	كُلٌّ	مُّتَرَبِّصٌ
توہم پیروی کرتے	تیرے احکام	اس سے قبل	کہ ہم ذلیل ہوں	اور ہم رسوا ہوں	کہدیں	سب	منتظر ہیں

تو ہم اس سے قبل کہ ذلیل اور رسوا ہوں، ہم تیرے احکام کی پیروی کرتے۔ آپ کہدیں، سب منتظر ہیں،

فَتَرَبَّصُوْا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ اَصْحٰبُ الصِّرَاطِ السَّوِيِّ

فَتَرَبَّصُوْا	فَسَتَعْلَمُوْنَ	مَنْ	اَصْحٰبُ	الصِّرَاطِ	السَّوِيِّ
پس تم انتظار کرو	سوعنقریب تم جان لوگے	کون	والے	راستہ	سیدھا

پس تم (ابھی) انتظار کرو، سوعنقریب تم جان لو گے، کون ہیں سیدھے راستہ والے!

وَمَنِ اهْتَدٰى ﴿۱۳۵﴾

وَمَنِ	اهْتَدٰى
اور کون	اس نے ہدایت پائی

اور کون ہے جس نے ہدایت پائی۔

آیاتها ۱۱۲ | ۲۱ : سُوْرَةُ الْاَنْبِيَاءِ مَكِّيَّةٌ : ۷۳ | رکوعاتها ۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا، نہایت مہربان ہے

اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِىْ غَفْلَةٍ مُّعْرِضُوْنَ ①

اِقْتَرَبَ	لِلنَّاسِ	حِسَابُهُمْ	وَهُمْ	فِىْ غَفْلَةٍ	مُّعْرِضُوْنَ
قریب آگیا	لوگوں کے لئے	ان کا حساب	اور وہ	غفلت میں	منہ پھیر رہے ہیں

لوگوں کے لئے ان کے حساب (کا وقت) قریب آگیا، اور وہ غفلت میں (اس سے) منہ پھیر رہے ہیں۔

مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنْ رَّبِّهِمْ مُّحْدَثٍ اِلَّا اسْتَمَعُوْهُ وَهُمْ يَلْعَبُوْنَ ②

مَا يَاْتِيْهِمْ	مِنْ ذِكْرٍ	مِنْ رَبِّهِمْ	مُّحْدَثٍ	اِلَّا	اسْتَمَعُوْهُ	وَهُمْ	يَلْعَبُوْنَ
انکے پاس نہیں آتی	کوئی نصیحت	ان کے رب سے	نئی	مگر	وہ اسے سنتے ہیں	اور وہ	کھیلتے ہیں (کھیلتے ہوئے)

ان کے پاس ان کے رب (کی طرف) سے کوئی نئی نصیحت نہیں آتی مگر وہ اسے کھیلتے ہوئے (بے پرواہ ہو کر) سنتے ہیں۔

لَاهِيَةً قُلُوْبُهُمْ ۭ وَاَسَرُّوا النَّجْوَى ۖ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۖ هَلْ هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ

لَاهِيَةً	قُلُوْبُهُمْ	وَاَسَرُّوا	النَّجْوَى	الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا	هَلْ	هٰذَآ	اِلَّا	بَشَرٌ
غفلت میں ہیں	ان کے دل	اور چپکے چپکے بات کی	سرگوشی	اور وہ لوگ جنہوں نے ظلم کیا (ظالم)	کیا	یہ	مگر	ایک بشر

ان کے دل غفلت میں ہیں اور ظالموں نے چپکے چپکے سرگوشی کی کہ یہ (محمد رسول اللہ ہیں) کیا ہیں! مگر ایک بشر

مِّثْلُكُمْ ۚ اَفَتَاْتُوْنَ السِّحْرَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ③ قٰلَ رَبِّىْ يَعْلَمُ الْقَوْلَ

مِّثْلُكُمْ	اَفَتَاْتُوْنَ	السِّحْرَ	وَاَنْتُمْ	تُبْصِرُوْنَ	قٰلَ	رَبِّىْ	يَعْلَمُ	الْقَوْلَ
تم ہی جیسا	کیا پس تم آؤ گے	جادو	اور (جبکہ) تم	دیکھتے ہو	فرمایا	میرا رب	جانتا ہے	بات

تم ہی جیسے، کیا (پھر بھی) تم جادو کے پاس آؤ گے؟ جبکہ تم دیکھتے ہو۔ آپ نے فرمایا میرا رب جانتا ہے ہر بات

فِى السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۡ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ④ بَلْ قَالُوْٓا اَضْغَاثُ

فِى السَّمَآءِ	وَالْاَرْضِ	وَهُوَ	السَّمِيْعُ	الْعَلِيْمُ	بَلْ	قَالُوْٓا	اَضْغَاثُ
آسمانوں میں	اور زمین	اور وہ	سننے والا	جاننے والا	بلکہ	انہوں نے کہا	پریشان

جو آسمانوں میں اور زمین میں (ہوتی ہے) اور وہ سننے والا جاننے والا ہے۔ بلکہ انہوں نے کہا (یہ) پریشان

اَحْلَامٍ بَلِ افْتَرٰىهُ بَلْ هُوَ شَاعِرٌ ۚۖ فَلْيَاْتِنَا بِاٰيَةٍ كَمَآ اُرْسِلَ الْاَوَّلُوْنَ ۝٥

اَحْلَامٍ	بَلِ	افْتَرٰىهُ	بَلْ هُوَ	شَاعِرٌ	فَلْيَاْتِنَا	بِاٰيَةٍ	كَمَآ	اُرْسِلَ	الْاَوَّلُوْنَ
خواب	بلکہ	اسنے گھڑ لیا اسے	بلکہ وہ	ایک شاعر	پس وہ ہمارے پاس لائے	کوئی نشانی	جیسے	بھیجے گئے	پہلے

خواب ہیں بلکہ اسنے گھڑ لیا ہے، بلکہ وہ تو ایک شاعر ہے، پس وہ ہمارے پاس کوئی نشانی لائے جیسے پہلے (نبی نشانیاں دیکر) بھیجے گئے تھے۔

مَآ اٰمَنَتْ قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا ۚ اَفَهُمْ يُؤْمِنُوْنَ ۝٦ وَمَآ اَرْسَلْنَا

مَآ اٰمَنَتْ	قَبْلَهُمْ	مِّنْ قَرْيَةٍ	اَهْلَكْنٰهَا	اَفَهُمْ	يُؤْمِنُوْنَ	وَمَآ	اَرْسَلْنَا
نہ ایمان لائی	ان سے قبل	کوئی بستی	ہم نے اسے ہلاک کیا	اور کیا یہ	ایمان لائیں گے	اور نہیں	بھیجے ہم نے

ان سے قبل کوئی بستی جس کو ہم نے ہلاک کیا (نشانیاں دیکھ کر بھی) ایمان نہیں لائی، تو کیا یہ ایمان لے آئیں گے؟ اور ہمنے (رسول) نہیں بھیجے

قَبْلَكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ

قَبْلَكَ	اِلَّا	رِجَالًا	نُّوْحِيْٓ	اِلَيْهِمْ	فَسْـَٔلُوْٓا	اَهْلَ الذِّكْرِ	اِنْ	كُنْتُمْ
تم سے پہلے	مگر	مرد	ہم وحی بھیجتے تھے	اُن کی طرف	پس پوچھ لو	یاد رکھنے والے	اگر	تم ہو

تم سے پہلے مگر مرد، ہم ان کی طرف وحی بھیجتے تھے، پس یاد رکھنے والوں سے پوچھ لو اگر تم

لَا تَعْلَمُوْنَ ۝٧ وَمَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا لَّا يَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَمَا كَانُوْا

لَا تَعْلَمُوْنَ	وَ	مَا جَعَلْنٰهُمْ	جَسَدًا	لَّا يَاْكُلُوْنَ	الطَّعَامَ		مَا كَانُوْا
تم نہیں جانتے	اور	ہم نے نہیں بنائے ان کے	ایسے جسم	نہ کھاتے ہوں	کھانا	اور	وہ نہ تھے

نہیں جانتے۔ اور ہم نے ان کے ایسے جسم نہیں بنائے کہ وہ کھانا نہ کھاتے ہوں، اور وہ نہ تھے

خٰلِدِيْنَ ۝٨ ثُمَّ صَدَقْنٰهُمُ الْوَعْدَ فَاَنْجَيْنٰهُمْ وَمَنْ نَّشَآءُ وَاَهْلَكْنَا الْمُسْرِفِيْنَ ۝٩

خٰلِدِيْنَ	ثُمَّ	صَدَقْنٰهُمُ	الْوَعْدَ	فَاَنْجَيْنٰهُمْ	وَ	مَنْ نَّشَآءُ	وَاَهْلَكْنَا	الْمُسْرِفِيْنَ
ہمیشہ رہنے والے	پھر	ہم نے سچا کر دیا ان سے	وعدہ	پس ہم نے بچا لیا انہیں	اور	جس کو ہم نے چاہا	اور ہم نے ہلاک کر دیا	حد سے بڑھنے والے

ہمیشہ رہنے والے۔ پھر ہمنے ان سے اپنا وعدہ سچا کر دیا پس ہم نے انہیں بچا لیا اور جس کو ہمنے چاہا، اور ہمنے حد سے بڑھنے والوں کو ہلاک کر دیا۔

لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ كِتٰبًا فِيْهِ ذِكْرُكُمْ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝١٠ وَكَمْ قَصَمْنَا

لَقَدْ اَنْزَلْنَآ	اِلَيْكُمْ	كِتٰبًا	فِيْهِ	ذِكْرُكُمْ	اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ	وَ	كَمْ قَصَمْنَا
تحقیق ہم نے نازل کی	تمہاری طرف	ایک کتاب	اس میں	تمہارا ذکر	تو کیا تم سمجھتے نہیں؟		اور ہم نے کتنی ہلاک کر دیں

تحقیق ہم نے تمہاری طرف ایک کتاب نازل کی اس میں تمہارا ذکر ہے، تو کیا تم سمجھتے نہیں؟ اور ہم نے ہلاک کر دیں کتنی

مِنْ قَرْيَةٍ كَانَتْ ظَالِمَةً وَّأَنْشَأْنَا بَعْدَهَا قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ⑪ فَلَمَّآ

مِنْ	قَرْيَةٍ	كَانَتْ	ظَالِمَةً	وَّأَنْشَأْنَا	بَعْدَهَا	قَوْمًا	اٰخَرِيْنَ	فَلَمَّآ
سے	بستیاں	وہ تھیں	ستم گار	اور پیدا کئے ہم نے	ان کے بعد	گروہ۔ لوگ	دوسرے	پھر جب

ہی بستیاں، کہ وہ ستم گار تھیں، اور ہم نے ان کے بعد دوسرے گروہ (اور لوگ) پیدا کئے۔ پھر جب

أَحَسُّوْا بَأْسَنَآ إِذَا هُمْ مِّنْهَا يَرْكُضُوْنَ ⑫ لَا تَرْكُضُوْا وَارْجِعُوْٓا إِلٰى مَآ

أَحَسُّوْا	بَأْسَنَا	إِذَا هُمْ	مِّنْهَا	يَرْكُضُوْنَ	لَا تَرْكُضُوْا	وَارْجِعُوْٓا	إِلٰى	مَا
انہوں نے آہٹ پائی	ہمارا عذاب	اس وقت وہ	اس سے	بھاگنے لگے	مت بھاگو	اور لوٹ جاؤ	طرف	جو

انہوں نے ہمارے عذاب کی آہٹ پائی تو اس وقت اس سے بھاگنے لگے۔ مت بھاگو اور لوٹ جاؤ اس طرف

أُتْرِفْتُمْ فِيْهِ وَمَسٰكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْئَلُوْنَ ⑬ قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ إِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ⑭

أُتْرِفْتُمْ	فِيْهِ	وَمَسٰكِنِكُمْ	لَعَلَّكُمْ	تُسْئَلُوْنَ	قَالُوْا	يٰوَيْلَنَا	إِنَّا كُنَّا	ظٰلِمِيْنَ
تم آسائش دیئے گئے	اس میں	اور اپنے گھر	تاکہ تم	تمہاری پوچھ گچھ ہو	وہ کہنے لگے	ہائے ہماری شامت	ہم بیشک تھے	ظالم

جہاں تمہیں آسائش دی گئی تھی اور اپنے گھروں کی طرف تاکہ تمہاری پوچھ گچھ ہو۔ وہ کہنے لگے ہائے ہماری شامت! بیشک ہم ظالم تھے۔

فَمَا زَالَتْ تِّلْكَ دَعْوٰىهُمْ حَتّٰى جَعَلْنٰهُمْ حَصِيْدًا خٰمِدِيْنَ ⑮ وَمَا خَلَقْنَا

فَمَا زَالَتْ	تِّلْكَ	دَعْوٰىهُمْ	حَتّٰى	جَعَلْنٰهُمْ	حَصِيْدًا	خٰمِدِيْنَ	وَ مَا خَلَقْنَا
پس رہی	یہ	ان کی پکار	یہاں تک کہ	ہم نے انہیں کر دیا	کٹی ہوئی کھیتی	بجھی ہوئی آگ	اور ہم نے نہیں پیدا کیا

پس (برابر) ان کی یہ پکار رہی، یہاں تک کہ ہم نے انہیں کٹی ہوئی کھیتی اور بجھی ہوئی آگ کی طرح ڈھیرا کر دیا۔ اور ہم نے نہیں پیدا کیا

السَّمَآءَ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ⑯ لَوْ أَرَدْنَآ أَنْ نَّتَّخِذَ لَهْوًا

السَّمَآءَ	وَالْأَرْضَ	وَمَا	بَيْنَهُمَا	لٰعِبِيْنَ	لَوْ أَرَدْنَا	أَنْ	نَّتَّخِذَ	لَهْوًا
آسمان (جمع)	اور زمین	اور جو	ان کے درمیان	کھیلتے ہوئے	اگر ہم چاہتے	کہ	ہم بنائیں	کوئی کھلونا

آسمان کو اور زمین کو اور جو ان کے درمیان میں ہے کھیلتے ہوئے (فعل عبث) اگر ہم کوئی کھلونا بنانا چاہتے

لَّاتَّخَذْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّآ ۖ إِنْ كُنَّا فٰعِلِيْنَ ⑰ بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ

لَّاتَّخَذْنٰهُ	مِنْ لَّدُنَّا	إِنْ	كُنَّا	فٰعِلِيْنَ	بَلْ	نَقْذِفُ	بِالْحَقِّ
تو ہم اس کو بنا لیتے	اپنے پاس سے	اگر	ہم ہوتے	کرنے والے	بلکہ	ہم پھینک مارتے ہیں	حق کو

تو ہم اس کو اپنے پاس سے بنا لیتے، اگر ہم کرنے والے ہوتے (اگر ہمیں یہ کرنا ہوتا)۔ بلکہ ہم پھینک مارتے ہیں حق کو

عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهٗ فَإِذَا هُوَ زَاهِقٌ ۚ وَلَكُمُ الْوَيْلُ مِمَّا تَصِفُوْنَ ﴿۱۸﴾

عَلَى	الْبَاطِلِ	فَيَدْمَغُهٗ	فَإِذَا	هُوَ	زَاهِقٌ	وَلَكُمُ	الْوَيْلُ	مِمَّا	تَصِفُوْنَ
پر	باطل	پس وہ اسکا بھیجا نکال دیتا ہے	تو اس وقت	وہ	نابود ہو جاتا ہے	اور تمہارے لئے	خرابی	اس سے جو	تم بناتے ہو

باطل پر پس وہ اس کا بھیجا (کچومر) نکال دیتا ہے تو وہ اسی وقت نابود ہو جاتا ہے اور تمہارے لئے اس (بات) سے خرابی ہے جو تم بناتے ہو۔

وَلَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَمَنْ عِنْدَهٗ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ

وَلَهٗ	مَنْ	فِي السَّمٰوٰتِ	وَالْأَرْضِ	وَمَنْ	عِنْدَهٗ	لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ	عَنْ
اور اسی کے لئے	جو	آسمانوں میں	اور زمین میں	اور جو	اس کے پاس	وہ تکبر (سرکشی) نہیں کرتے	سے

اور اسی کے لئے ہے جو آسمانوں میں اور زمین میں ہے اور جو اس کے پاس ہیں وہ سرکشی نہیں کرتے

عِبَادَتِهٖ وَلَا يَسْتَحْسِرُوْنَ ﴿۱۹﴾ يُسَبِّحُوْنَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُوْنَ ﴿۲۰﴾

عِبَادَتِهٖ	وَ	لَا يَسْتَحْسِرُوْنَ	يُسَبِّحُوْنَ	الَّيْلَ	وَالنَّهَارَ	لَا يَفْتُرُوْنَ
اس کی عبادت	اور	نہ وہ تھکتے ہیں	وہ تسبیح کرتے ہیں	رات	اور دن	وہ سستی نہیں کرتے

اس کی عبادت سے اور نہ وہ تھکتے ہیں۔ اور رات دن تسبیح (اس کی پاکیزگی) بیان کرتے ہیں سستی نہیں کرتے۔

أَمِ اتَّخَذُوْا اٰلِهَةً مِّنَ الْأَرْضِ هُمْ يُنْشِرُوْنَ ﴿۲۱﴾ لَوْ كَانَ فِيْهِمَا اٰلِهَةٌ

أَمِ	اتَّخَذُوْا	اٰلِهَةً	مِّنَ الْأَرْضِ	هُمْ	يُنْشِرُوْنَ	لَوْ كَانَ	فِيْهِمَا	اٰلِهَةٌ
کیا	انہوں نے بنایا	کوئی معبود	زمین سے	وہ	انہیں اٹھا کھڑا کریں گے	اگر ہوتے	ان دونوں میں	اور معبود

کیا انہوں نے زمین سے کوئی اور معبود بنا لئے ہیں کہ وہ انہیں (مرنے کے بعد) دوبارہ اٹھا کھڑا کرینگے۔ اگر ان دونوں (آسمان زمین) میں اور معبود ہوتے

إِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا ۚ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۲۲﴾ لَا يُسْئَلُ

إِلَّا	اللّٰهُ	لَفَسَدَتَا	فَسُبْحٰنَ	اللّٰهِ	رَبِّ	الْعَرْشِ	عَمَّا	يَصِفُوْنَ	لَا يُسْئَلُ
سوائے	اللہ	البتہ دونوں درہم برہم ہو جاتے	پس پاک ہے	اللہ	رب	عرش	اس سے جو	وہ بیان کرتے ہیں	اس سے باز پرس نہیں کرتے

اللہ کے سوا تو البتہ (زمین و آسمان) درہم برہم ہو جاتے، پس عرش عظیم کا رب اللہ اس سے پاک ہے جو وہ بیان کرتے ہیں۔ اس سے باز پرس نہیں

عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْئَلُوْنَ ﴿۲۳﴾ أَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖ اٰلِهَةً ۚ قُلْ هَاتُوْا

عَمَّا	يَفْعَلُ	وَهُمْ	يُسْئَلُوْنَ	أَمِ	اتَّخَذُوْا	مِنْ دُوْنِهٖ	اٰلِهَةً	قُلْ	هَاتُوْا
اس سے جو	وہ کرتا ہے	اور (بلکہ) وہ	باز پرس کئے جائیں گے	کیا	انہوں نے بنائے ہیں	اللہ کے سوا	اور معبود	فرما دیں	لاؤ (پیش کرو)

اس کے (متعلق) جو وہ کرتا ہے بلکہ وہ باز پرس کئے جائیں گے۔ کیا انہوں نے اس کے سوا اور معبود بنائے ہیں؟ فرما دیں، پیش کرو

بُرْهَانَكُمْ هٰذَا ذِكْرُ مَنْ مَّعِيَ وَذِكْرُ مَنْ قَبْلِيْ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ

بُرْهَانَكُمْ	هٰذَا ذِكْرُ	مَنْ	مَّعِيَ	وَذِكْرُ	مَنْ قَبْلِيْ	بَلْ	اَكْثَرُهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ
اپنی دلیل	یہ کتاب	جو	میرے ساتھ	اور کتاب	جو مجھ سے پہلے	بلکہ (البتہ)	ان میں اکثر	نہیں جانتے ہیں

اپنی دلیل، یہ کتاب ہے (ان کی) جو میرے ساتھ ہیں، اور کتاب (انکی) جو مجھ سے پہلے ہوئے ہیں، البتہ ان میں اکثر نہیں جانتے

الْحَقَّ فَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا نُوْحِيْٓ

الْحَقَّ	فَهُمْ	مُّعْرِضُوْنَ	وَ	مَآ اَرْسَلْنَا	مِنْ قَبْلِكَ	مِنْ رَّسُوْلٍ	اِلَّا	نُوْحِيْٓ
حق	پس وہ	روگردانی کرتے ہیں	اور	نہیں بھیجا ہم نے	تم سے پہلے	کوئی رسول	مگر	ہم نے وحی بھیجی

حق کو، پس وہ روگردانی کرتے ہیں۔ اور تم سے پہلے ہم نے کوئی رسول نہیں بھیجا مگر ہم نے وحی بھیجی

اِلَيْهِ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدُوْنِ ﴿۲۵﴾ وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا

اِلَيْهِ	اَنَّهٗ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّآ اَنَا	فَاعْبُدُوْنِ	وَقَالُوا	اتَّخَذَ	الرَّحْمٰنُ	وَلَدًا
اس کی طرف	کہ بیشک وہ	نہیں	کوئی معبود	میرے سوا	پس میری عبادت کرو	اور انہوں نے کہا	بنالیا	اللہ	ایک بیٹا

اس کی طرف کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں، پس میری عبادت کرو۔ ان (مشرکوں) نے کہا اللہ نے ایک بیٹا بنا لیا ہے

سُبْحٰنَهٗ بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ ﴿۲۶﴾ لَا يَسْبِقُوْنَهٗ بِالْقَوْلِ وَهُمْ بِاَمْرِهٖ يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۷﴾

سُبْحٰنَهٗ	بَلْ	عِبَادٌ	مُّكْرَمُوْنَ	لَا يَسْبِقُوْنَهٗ	بِالْقَوْلِ	وَهُمْ	بِاَمْرِهٖ	يَعْمَلُوْنَ
وہ پاک ہے	بلکہ	بندے	معزز	وہ اس سے سبقت نہیں کرتے	بات میں	اور وہ	اسکے حکم پر	عمل کرتے ہیں

وہ اس (تہمت) سے پاک ہے، بلکہ (فرشتے) معزز بندے ہیں۔ وہ بات میں اُس سے سبقت نہیں کرتے، اور وہ اس کے حکم پر عمل کرتے ہیں

يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يَشْفَعُوْنَ اِلَّا لِمَنِ ارْتَضٰى

يَعْلَمُ	مَا	بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ	وَ	مَا خَلْفَهُمْ	وَ	لَا يَشْفَعُوْنَ	اِلَّا	لِمَنِ	ارْتَضٰى
وہ جانتا ہے	جو	انکے ہاتھوں میں (سامنے)	اور	جو ان کے پیچھے	اور	وہ سفارش نہیں کرتے	مگر	جس کے لئے	اس کی رضا ہو

وہ جانتا ہے جو ان کے سامنے اور ان کے پیچھے ہے، اور وہ سفارش نہیں کرتے، مگر جس کے لئے اس کی رضا ہو،

وَهُمْ مِّنْ خَشْيَتِهٖ مُشْفِقُوْنَ ﴿۲۸﴾ وَمَنْ يَّقُلْ مِنْهُمْ اِنِّيْٓ اِلٰهٌ مِّنْ دُوْنِهٖ

وَهُمْ	مِنْ خَشْيَتِهٖ	مُشْفِقُوْنَ	وَمَنْ	يَّقُلْ	مِنْهُمْ	اِنِّيْٓ	اِلٰهٌ	مِّنْ دُوْنِهٖ
اور وہ	اس کے خوف سے	ڈرتے رہتے ہیں	اور جو	کہے	ان میں سے	بیشک میں	معبود	اس کے سوا

اور وہ اس کے خوف سے ڈرتے رہتے ہیں۔ اور جو کوئی یہ کہے کہ بے شک اس کے سوا میں معبود ہوں

فَذٰلِكَ نَجْزِيْهِ جَهَنَّمَ ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۹﴾ اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ

فَذٰلِكَ	نَجْزِيْهِ	جَهَنَّمَ	كَذٰلِكَ	نَجْزِي	الظّٰلِمِيْنَ	اَوَ	لَمْ يَرَ	الَّذِيْنَ
پس وہ شخص	ہم اسے سزا دیں گے	جہنم	اسی طرح	ہم سزا دیتے ہیں	ظالم (جمع)	کیا	نہیں دیکھا	وہ لوگ جو

پس اُس شخص کو ہم سزائے جہنم دیں گے، اسی طرح ہم ظالموں کو سزا دیتے ہیں ۔ کیا کافروں نے نہیں دیکھا؟

كَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا ؕ وَجَعَلْنَا

كَفَرُوْٓا	اَنَّ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	كَانَتَا	رَتْقًا	فَفَتَقْنٰهُمَا	وَجَعَلْنَا
انہوں نے کفر کیا	کہ	آسمان (جمع)	اور زمین	دونوں تھے	بند	پس ہم نے دونوں کو کھول دیا	اور ہم نے کیا

کہ آسمان اور زمین دونوں (بارش اور روئیدگی سے) بند تھے، پس ہم نے دونوں کو کھول دیا، اور ہم نے

مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ؕ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَجَعَلْنَا فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ

مِنَ الْمَآءِ	كُلَّ شَيْءٍ	حَيٍّ	اَ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ	وَجَعَلْنَا	فِي الْاَرْضِ	رَوَاسِيَ
پانی سے	ہر شے	زندہ	کیا پس تم ایمان نہیں لاتے ہو	اور ہم نے بنائے	زمین میں	پہاڑ

پانی سے ہر شے کو زندہ کیا، تو کیا (پھر بھی) تم ایمان نہیں لاتے ؟ اور ہم نے زمین میں پہاڑ بنائے

اَنْ تَمِيْدَ بِهِمْ ۪ وَجَعَلْنَا فِيْهَا فِجَاجًا سُبُلًا لَّعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿۳۱﴾ وَجَعَلْنَا

اَنْ	تَمِيْدَ بِهِمْ	وَجَعَلْنَا	فِيْهَا	فِجَاجًا	سُبُلًا	لَعَلَّهُمْ	يَهْتَدُوْنَ	وَجَعَلْنَا
کہ جھک نہ پڑے ان کے ساتھ		اور ہم نے بنائے	اس میں	کشادہ	راستے	تاکہ وہ	راہ پائیں	اور ہم نے بنائے

تاکہ وہ ان (لوگوں) کے ساتھ جھک نہ پڑے اور ہم نے اس میں کشادہ راستے بنائے تاکہ وہ راہ پائیں ۔ اور ہم نے بنائے

السَّمَآءَ سَقْفًا مَّحْفُوْظًا ۚ وَّهُمْ عَنْ اٰيٰتِهَا مُعْرِضُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَهُوَ الَّذِيْ

السَّمَآءَ	سَقْفًا	مَحْفُوْظًا	وَهُمْ	عَنْ	اٰيٰتِهَا	مُعْرِضُوْنَ	وَهُوَ	الَّذِيْ
آسمان	ایک چھت	محفوظ	اور وہ	سے	اس کی نشانیاں	روگردانی کرتے ہیں	اور وہ	جس نے

آسمان ایک محفوظ چھت اور وہ اس کی نشانیوں سے روگردانی کرتے ہیں ۔ اور وہی ہے جس نے

خَلَقَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ﴿۳۳﴾

خَلَقَ	الَّيْلَ	وَالنَّهَارَ	وَالشَّمْسَ	وَالْقَمَرَ	كُلٌّ	فِيْ فَلَكٍ	يَسْبَحُوْنَ
پیدا کیا	رات	اور دن	اور سورج	اور چاند	سب	دائرہ (مدار) میں	تیر رہے ہیں

پیدا کیا رات اور دن کو، اور سورج اور چاند کو، سب (اپنے اپنے) مدار میں تیر رہے ہیں ۔

وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ ۭ اَفَا۟ئِنْ مِّتَّ فَهُمُ الْخٰلِدُوْنَ ﴿۳۴﴾

وَ	مَا جَعَلْنَا	لِبَشَرٍ	مِّنْ قَبْلِكَ	الْخُلْدَ	اَ فَاِئِنْ	مِّتَّ	فَهُمُ	الْخٰلِدُوْنَ
اور	ہم نے نہیں کیا	کسی بشر کے لئے	آپ سے قبل	ہمیشہ رہنا	کیا پس اگر	آپ نے انتقال کرلیا	پس وہ	ہمیشہ رہیں گے

اور ہم نے آپ سے پہلے کسی بشر کے لئے ہمیشہ رہنا نہیں (تجویز) کیا، پس اگر آپ انتقال کر گئے تو کیا وہ ہمیشہ رہیں گے؟

كُلُّ نَفْسٍ ذَاۗىِٕقَةُ الْمَوْتِ ۭ وَنَبْلُوْكُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ فِتْنَةً ۭ وَاِلَيْنَا

كُلُّ نَفْسٍ	ذَاۗىِٕقَةُ	الْمَوْتِ	وَ	نَبْلُوْكُمْ	بِالشَّرِّ	وَالْخَيْرِ	فِتْنَةً	وَاِلَيْنَا
ہر جی	چکھنا	موت	اور	اور ہم تمہیں مبتلا کریں گے	برائی سے	اور بھلائی	آزمائش	اور ہماری ہی طرف

ہر جی (متنفس) کو موت (کا ذائقہ) چکھنا ہے، اور ہم تمہیں برائی اور بھلائی سے آزمائش میں مبتلا کریں گے، اور ہماری طرف ہی

تُرْجَعُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَاِذَا رَاٰكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ۭ اَھٰذَا

تُرْجَعُوْنَ	وَاِذَا	رَاٰكَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا	اِنْ	يَّتَّخِذُوْنَكَ	اِلَّا	هُزُوًا	اَھٰذَا
تم لوٹ کر آؤ گے	اور جب	تمہیں دیکھتے ہیں	وہ جنہوں نے کفر کیا (کافر)	نہیں	ٹھہراتے تمہیں	مگر صرف	ایک ہنسی مذاق	کیا یہ ہے

تم لوٹ کر آؤ گے۔ اور جب کافر تمہیں دیکھتے ہیں تو تمہیں صرف ایک ہنسی مذاق ٹھہراتے ہیں، کہ کیا یہ ہے ؟

الَّذِيْ يَذْكُرُ اٰلِهَتَكُمْ ۚ وَهُمْ بِذِكْرِ الرَّحْمٰنِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۳۶﴾ خُلِقَ الْاِنْسَانُ

الَّذِيْ	يَذْكُرُ	اٰلِهَتَكُمْ	وَهُمْ	بِذِكْرِ	الرَّحْمٰنِ	هُمْ	كٰفِرُوْنَ	خُلِقَ	الْاِنْسَانُ
وہ جو	یاد کرتا ہے	تمہارے معبود	اور وہ	ذکر کے	رحمٰن (اللہ)	وہ	منکر (جمع)	پیدا کیا گیا	انسان

وہ جو تمہارے معبودوں کو (برائی سے) یاد کرتا ہے، اور وہ اللہ کے ذکر کے منکر ہیں۔ انسان کو پیدا کیا گیا ہے

مِنْ عَجَلٍ ۭ سَاُورِيْكُمْ اٰيٰتِيْ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْنِ ﴿۳۷﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ

مِنْ	عَجَلٍ	سَاُورِيْكُمْ	اٰيٰتِيْ	فَلَا تَسْتَعْجِلُوْنِ	وَيَقُوْلُوْنَ	مَتٰى	هٰذَا	الْوَعْدُ
سے	جلدی (جلد باز)	عنقریب میں دکھاتا ہوں تمہیں	اپنی نشانیاں	تم جلدی نہ کرو	اور وہ کہتے ہیں	کب	یہ	وعدہ

جلد باز، عنقریب میں تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہوں سو تم جلدی نہ کرو۔ اور وہ کہتے ہیں کہ وعدہ (عذاب) کب (آئے گا)؟

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۳۸﴾ لَوْ يَعْلَمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا حِيْنَ لَا يَكُفُّوْنَ عَنْ

اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	لَوْ يَعْلَمُ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	حِيْنَ	لَا يَكُفُّوْنَ	عَنْ
اگر	تم ہو	سچے	کاش وہ جان لیتے	جنہوں نے کفر کیا (کافر)	وہ گھڑی	وہ نہ روک سکیں گے	سے

اگر تم سچے ہو۔ کاش کافر اس گھڑی کو جان لیتے جب وہ نہ روک سکیں گے

وُجُوهِهِمُ النَّارَ وَلَا عَنْ ظُهُورِهِمْ وَلَا هُمْ يُنْصَرُونَ ﴿٣٩﴾ بَلْ تَأْتِيهِمْ بَغْتَةً

وُجُوهِهِمُ	النَّارَ	وَ لَا	عَنْ	ظُهُورِهِمْ	وَ لَا هُمْ	يُنْصَرُونَ	بَلْ	تَأْتِيهِمْ	بَغْتَةً
اپنے چہرے	آگ	اور نہ	سے	انکی پیٹھ (جمع)	اور نہ ان کی	مدد کی جائے گی	بلکہ	آئے گی ان پر	اچانک

(دوزخ کی) آگ کو اپنے چہروں سے اور نہ اپنی پیٹھوں سے، اور نہ ان کی مدد کی جائے گی۔ بلکہ (قیامت) ان پر اچانک آئے گی

فَتَبْهَتُهُمْ فَلَا يَسْتَطِيعُونَ رَدَّهَا وَلَا هُمْ يُنْظَرُونَ ﴿٤٠﴾ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ

فَتَبْهَتُهُمْ	فَلَا يَسْتَطِيعُونَ	رَدَّهَا	وَ	لَا هُمْ	يُنْظَرُونَ	وَ	لَقَدِ اسْتُهْزِئَ
تو حیران کردے گی انہیں	پس نہ انہیں سکت ہوگی	اس کو لوٹانا	اور	نہ انہیں	مہلت دی جائے گی	اور	البتہ مذاق اڑائی گئی

تو انہیں حیران (بدحواس) کردے گی، پس انہیں اس کو لوٹانے کی سکت نہ ہوگی اور نہ انہیں مہلت دی جائے گی۔ اور البتہ مذاق اڑائی گئی

بِرُسُلٍ مِنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِينَ سَخِرُوا مِنْهُمْ مَا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ﴿٤١﴾

بِرُسُلٍ	مِنْ قَبْلِكَ	فَحَاقَ	بِالَّذِينَ	سَخِرُوا	مِنْهُمْ	مَا	كَانُوا	بِهِ	يَسْتَهْزِئُونَ
رسولوں کی	آپ سے پہلے	آگھیرا (پکڑ لیا)	ان کو جنہوں نے	مذاق اڑایا	ان میں سے	جو	تھے	اسکے ساتھ (کا)	مذاق اڑاتے تھے

آپ سے پہلے رسولوں کی، پس ان میں سے جنہوں نے مذاق اڑایا، انہیں اس (عذاب نے) آگھیرا جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔

قُلْ مَنْ يَكْلَؤُكُمْ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ مِنَ الرَّحْمَٰنِ ۗ بَلْ هُمْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهِمْ

قُلْ	مَنْ	يَكْلَؤُكُمْ	بِاللَّيْلِ	وَ النَّهَارِ	مِنَ الرَّحْمَٰنِ	بَلْ هُمْ	عَنْ ذِكْرِ	رَبِّهِمْ
فرمادیں	کون	تمہاری نگہبانی کرتا ہے	رات میں	اور دن	رحمٰن سے	بلکہ وہ	یاد سے	اپنا رب

فرمادیں' رحمٰن (کے عذاب) سے دن رات تمہاری کون نگہبانی کرتا ہے؟ بلکہ وہ اپنے رب کی یاد سے

مُعْرِضُونَ ﴿٤٢﴾ أَمْ لَهُمْ آلِهَةٌ تَمْنَعُهُمْ مِنْ دُونِنَا ۚ لَا يَسْتَطِيعُونَ نَصْرَ

مُعْرِضُونَ	أَمْ	لَهُمْ	آلِهَةٌ	تَمْنَعُهُمْ	مِنْ دُونِنَا	لَا يَسْتَطِيعُونَ	نَصْرَ
روگردانی کرتے ہیں	کیا	ان کے لئے	کچھ معبود	انہیں بچاتے ہیں	ہمارے سوا	وہ سکت نہیں رکھتے	مدد

روگردانی کرتے ہیں۔ کیا ہمارے سوا ان کے کچھ اور معبود ہیں؟ جو انہیں (مصائب سے) بچاتے ہیں، وہ سکت نہیں رکھتے

أَنْفُسِهِمْ وَلَا هُمْ مِنَّا يُصْحَبُونَ ﴿٤٣﴾ بَلْ مَتَّعْنَا هَٰؤُلَاءِ وَآبَاءَهُمْ حَتَّىٰ

أَنْفُسِهِمْ	وَ	لَا هُمْ	مِنَّا	يُصْحَبُونَ	بَلْ	مَتَّعْنَا	هَٰؤُلَاءِ	وَ آبَاءَهُمْ	حَتَّىٰ
اپنے آپ	اور	نہ وہ	ہم سے	وہ ساتھی پائیں گے	بلکہ	ہم نے سازوسامان دیا	ان کو	اور ان کے باپ دادا	یہاں تک کہ

اپنی مدد کی (بھی) اور نہ وہ ہم سے (بچانے کے لیے) ساتھی پائیں گے۔ بلکہ ہم نے ان کو اور ان کے باپ دادا کو سازوسامان دیا، یہاں تک کہ

طَالَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ۗ أَفَلَا يَرَوْنَ أَنَّا نَأْتِي الْأَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ أَطْرَافِهَا ۚ

طَالَ	عَلَيْهِمُ	الْعُمُرُ	أَ	فَلَا يَرَوْنَ	أَنَّا نَأْتِي	الْأَرْضَ	نَنْقُصُهَا	مِنْ	أَطْرَافِهَا
دراز ہوگئی	ان پر۔کی	عمر	کیا پس وہ نہیں دیکھتے		کہ ہم آ رہے ہیں	زمین	اس کو گھٹاتے ہوئے	سے	اس کے کنارے (جمع)

ان کی عمر دراز ہوگئی۔ پس کیا وہ نہیں دیکھتے کہ ہم زمین کو اس کے کناروں سے گھٹاتے (لشکروں پر تنگ کرتے) آ رہے ہیں،

أَفَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿٤٤﴾ قُلْ إِنَّمَا أُنْذِرُكُمْ بِالْوَحْيِ ۖ وَلَا يَسْمَعُ الصُّمُّ الدُّعَاءَ

أَفَهُمُ	الْغٰلِبُوْنَ	قُلْ	إِنَّمَا	أُنْذِرُكُمْ	بِالْوَحْيِ	وَ	لَا يَسْمَعُ	الصُّمُّ	الدُّعَاءَ
کیا پھر وہ	غالب آنے والے	فرما دیں	اس کے سوا نہیں کہ	میں تمہیں ڈراتا ہوں	وحی سے	اور	نہیں سنتے ہیں	بہرے	پکار

پھر کیا وہ غالب آنے والے ہیں؟ فرما دیں اس کے سوا نہیں کہ میں تمہیں وحی سے ڈراتا ہوں، اور بہرے پکار نہیں سنتے

إِذَا مَا يُنْذَرُوْنَ ﴿٤٥﴾ وَلَئِنْ مَسَّتْهُمْ نَفْحَةٌ مِّنْ عَذَابِ رَبِّكَ لَيَقُوْلُنَّ

إِذَا	مَا	يُنْذَرُوْنَ	وَلَئِنْ	مَسَّتْهُمْ	نَفْحَةٌ	مِنْ عَذَابِ	رَبِّكَ	لَيَقُوْلُنَّ
جب	بھی	انہیں ڈرایا جائے	اور اگر	انہیں چھوئے	ایک لپٹ	عذاب سے	تیرا رب	وہ ضرور کہیں گے

جب بھی انہیں ڈرایا جائے۔ اور اگر انہیں تیرے رب کے عذاب کی ایک لپٹ چھوئے تو وہ ضرور کہیں گے

يٰوَيْلَنَآ إِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿٤٦﴾ وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ

يٰوَيْلَنَا	إِنَّا كُنَّا	ظٰلِمِيْنَ	وَنَضَعُ	الْمَوَازِيْنَ	الْقِسْطَ	لِيَوْمِ	الْقِيٰمَةِ
ہائے ہماری شامت	ہم تھے	ظالم (جمع)	اور ہم رکھیں گے (قائم کریں گے)	ترازو۔میزان	انصاف	دن	قیامت

ہائے ہماری شامت! ہم ظالم تھے۔ اور ہم قیامت کے دن میزان عدل قائم کریں گے،

فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا ۖ وَإِنْ كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ أَتَيْنَا بِهَا ۗ

فَلَا تُظْلَمُ	نَفْسٌ	شَيْئًا	وَإِنْ	كَانَ	مِثْقَالَ	حَبَّةٍ	مِنْ	خَرْدَلٍ	أَتَيْنَا بِهَا
تو نہ ظلم کیا جائے گا	کسی شخص پر	کچھ بھی	اور اگر	ہوگا	وزن۔برابر	ایک دانہ	سے۔کا	رائی	ہم اسے لے آئیں گے

تو کسی شخص پر کچھ بھی ظلم نہ کیا جائے گا۔ اور اگر (کوئی عمل) رائی کے ایک دانہ کے برابر بھی ہوگا تو ہم اسے لے آئیں گے،

وَكَفٰى بِنَا حٰسِبِيْنَ ﴿٤٧﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ الْفُرْقَانَ وَضِيَآءً

وَكَفٰى	بِنَا	حٰسِبِيْنَ	وَ لَقَدْ اٰتَيْنَا	مُوْسٰى	وَهٰرُوْنَ	الْفُرْقَانَ	وَضِيَآءً
اور کافی	ہم	حساب لینے والے	اور البتہ ہم نے عطا کی	موسیٰ	اور ہارون	فرق کرنیوالی (کتاب)	اور روشنی

اور کافی ہیں ہم حساب لینے والے۔ اور ہم نے موسیٰؑ اور ہارونؑ کو (حق و باطل میں) فرق کرنے والی (کتاب)، اور روشنی عطا کی،

وَذِكْرًا لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۸﴾ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ وَهُمْ مِّنَ السَّاعَةِ

وَ ذِكْرًا	لِلْمُتَّقِيْنَ	الَّذِيْنَ	يَخْشَوْنَ	رَبَّهُمْ	بِالْغَيْبِ	وَهُمْ	مِنَ	السَّاعَةِ
اور نصیحت	پرہیزگاروں کے لئے	جو لوگ	وہ ڈرتے ہیں	اپنا رب	بغیر دیکھے	اور وہ	سے	قیامت

اور پرہیزگاروں کے لئے نصیحت۔ جو لوگ اپنے رب سے بغیر دیکھے ڈرتے ہیں اور وہ قیامت سے

مُشْفِقُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَهٰذَا ذِكْرٌ مُّبٰرَكٌ اَنْزَلْنٰهُ ؕ اَفَاَنْتُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿۵۰﴾

مُشْفِقُوْنَ	وَهٰذَا	ذِكْرٌ	مُبٰرَكٌ	اَنْزَلْنٰهُ	اَفَاَنْتُمْ	لَهٗ	مُنْكِرُوْنَ
خوف کھاتے ہیں	اور یہ	نصیحت	بابرکت	ہم نے اسے نازل کیا	تو کیا تم	اس کے	منکر (جمع)

خوف کھاتے ہیں۔ اور یہ بابرکت نصیحت ہے (جو) ہم نے نازل کی ہے تو کیا تم اس کے منکر ہو؟

وَلَقَدْ اٰتَيْنَاۤ اِبْرٰهِيْمَ رُشْدَهٗ مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا بِهٖ عٰلِمِيْنَ ﴿۵۱﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ

وَ	لَقَدْ اٰتَيْنَا	اِبْرٰهِيْمَ	رُشْدَهٗ	مِنْ قَبْلُ	وَكُنَّا	بِهٖ	عٰلِمِيْنَ	اِذْ قَالَ	لِاَبِيْهِ
اور	تحقیق البتہ ہم نے دی	ابراہیم	ہدایت یابی (فہم سلیم)	اس سے قبل	اور ہم تھے	اس کے	جاننے والے	جب اس نے کہا	اپنے باپ سے

اور تحقیق البتہ ہم نے اس سے قبل ابراہیمؑ کو فہم سلیم دی تھی اور ہم اس کے جاننے والے تھے۔ جب اس نے کہا اپنے باپ سے

وَقَوْمِهٖ مَا هٰذِهِ التَّمَاثِيْلُ الَّتِيْۤ اَنْتُمْ لَهَا عٰكِفُوْنَ ﴿۵۲﴾ قَالُوْا وَجَدْنَاۤ

وَقَوْمِهٖ	مَا هٰذِهِ	التَّمَاثِيْلُ	الَّتِيْ	اَنْتُمْ	لَهَا	عٰكِفُوْنَ	قَالُوْا	وَجَدْنَا
اور اپنی قوم	کیا ہیں یہ	مورتیں	جو کہ	تم	ان کے لئے	جمے بیٹھے ہو	وہ بولے	ہم نے پایا

اور اپنی قوم سے، کیا ہیں یہ مورتیاں؟ جن کے لئے تم جمے بیٹھے ہو۔ وہ بولے ہم نے پایا

اٰبَآءَنَا لَهَا عٰبِدِيْنَ ﴿۵۳﴾ قَالَ لَقَدْ كُنْتُمْ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ فِيْ ضَلٰلٍ

اٰبَآءَنَا	لَهَا	عٰبِدِيْنَ	قَالَ	لَقَدْ كُنْتُمْ	اَنْتُمْ	وَاٰبَآؤُكُمْ	فِيْ ضَلٰلٍ
اپنے باپ دادا	انکے لئے۔ کی	پوجا کرنے والے	اس نے کہا	تحقیق تم رہے	تم	اور تمہارے باپ دادا	گمراہی میں

اپنے باپ دادا کو ان کی پوجا کرتے۔ اس (ابراہیمؑ) نے کہا تحقیق تم اور تمہارے باپ دادا صریح گمراہی میں رہے

مُّبِيْنٍ ﴿۵۴﴾ قَالُوْۤا اَجِئْتَنَا بِالْحَقِّ اَمْ اَنْتَ مِنَ اللّٰعِبِيْنَ ﴿۵۵﴾ قَالَ بَلْ رَّبُّكُمْ

مُبِيْنٍ	قَالُوْا	اَجِئْتَنَا	بِالْحَقِّ	اَمْ	اَنْتَ	مِنَ	اللّٰعِبِيْنَ	قَالَ	بَلْ	رَبُّكُمْ
صریح	وہ بولے	کیا تم لائے ہو ہمارے پاس	حق	یا	تم	سے	کھیلنے والے (دل لگی کرنیوالے)	اس نے کہا	بلکہ	تمہارا رب

وہ بولے کیا تم ہمارے پاس حق لائے ہو؟ یا دل لگی کرنے والوں میں سے ہو۔ اس نے کہا بلکہ تمہارا رب

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الَّذِیْ فَطَرَهُنَّ ۖ وَاَنَا عَلٰی ذٰلِكُمْ مِّنَ

رَبُّ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	الَّذِیْ	فَطَرَهُنَّ	وَاَنَا	عَلٰی	ذٰلِكُمْ	مِنَ
رب (مالک)	آسمان (جمع)	اور زمین	وہ جس نے	انہیں پیدا کیا	اور میں	اِس بات پر		سے

مالک ہے آسمانوں کا اور زمین کا ، وہ جس نے اُنہیں پیدا کیا اور اس بات پر میں

الشّٰهِدِیْنَ ﴿۵۶﴾ وَتَاللّٰهِ لَاَكِیْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ بَعْدَ اَنْ تُوَلُّوْا مُدْبِرِیْنَ ﴿۵۷﴾

الشّٰهِدِیْنَ	وَتَاللّٰهِ	لَاَكِیْدَنَّ	اَصْنَامَكُمْ	بَعْدَ	اَنْ	تُوَلُّوْا	مُدْبِرِیْنَ
گواہ (جمع)	اور اللہ کی قسم	البتہ میں ضرور چال چلوں گا	تمہارے بُت (جمع)	بعد	کہ	تم جاؤ گے	پیٹھ پھیر کر

گواہوں میں سے (گواہ) ہوں ، اور اللہ کی قسم ! البتہ میں تمہارے بتوں سے ضرور چال چلوں گا ، اس کے بعد جبکہ تم پیٹھ پھیر کر چلے جاؤ گے ۔

فَجَعَلَهُمْ جُذٰذًا اِلَّا كَبِیْرًا لَّهُمْ لَعَلَّهُمْ اِلَیْهِ یَرْجِعُوْنَ ﴿۵۸﴾ قَالُوْا مَنْ

فَجَعَلَهُمْ	جُذٰذًا	اِلَّا	كَبِیْرًا	لَهُمْ	لَعَلَّهُمْ	اِلَیْهِ	یَرْجِعُوْنَ	قَالُوْا	مَنْ
اس نے انہیں کر ڈالا	ریزہ ریزہ	سوائے	ایک بڑا	ان کا	تاکہ وہ	اس کی طرف	رجوع کریں	کہنے لگے	کون ۔ کس

پس اس نے ان کے ایک بڑے کے سوا سب کو ریزہ ریزہ کر ڈالا ، تاکہ وہ اس کی طرف رجوع کریں ۔ کہنے لگے کون ہے

فَعَلَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَآ اِنَّهٗ لَمِنَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۵۹﴾ قَالُوْا سَمِعْنَا فَتًی یَّذْكُرُهُمْ

فَعَلَ	هٰذَا	بِاٰلِهَتِنَا	اِنَّهٗ	لَمِنَ	الظّٰلِمِیْنَ	قَالُوْا	سَمِعْنَا	فَتًی	یَذْكُرُهُمْ
کیا	یہ	ہمارے معبودوں کے ساتھ	بیشک وہ	سے	ظالم (جمع)	بولے	ہم نے سُنا ہے	ایک جوان	وہ انکے بارے میں باتیں کرتا ہے

جس نے ہمارے معبودوں کے ساتھ یہ کیا ؟ بیشک وہ تو ظالموں میں سے ہے ۔ بولے ہم نے سُنا ہے ایک جوان ان (بتوں) کے بارے میں باتیں کرتا ہے ،

یُقَالُ لَهٗٓ اِبْرٰهِیْمُ ﴿۶۰﴾ قَالُوْا فَاْتُوْا بِهٖ عَلٰٓی اَعْیُنِ النَّاسِ لَعَلَّهُمْ

یُقَالُ	لَهٗ	اِبْرٰهِیْمُ	قَالُوْا	فَاْتُوْا	بِهٖ	عَلٰی	اَعْیُنِ	النَّاسِ	لَعَلَّهُمْ
کہا جاتا ہے	اس کو	ابراہیم	بولے	تم لے آؤ	اسے	سامنے	آنکھیں	لوگ	تاکہ وہ

اس کو ابراہیم کہا جاتا ہے ۔ بولے تو اسے لوگوں کی آنکھوں کے سامنے لے آؤ تاکہ وہ

یَشْهَدُوْنَ ﴿۶۱﴾ قَالُوْٓا ءَاَنْتَ فَعَلْتَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَا یٰٓاِبْرٰهِیْمُ ﴿۶۲﴾ قَالَ بَلْ

یَشْهَدُوْنَ	قَالُوْا	ءَاَنْتَ	فَعَلْتَ	هٰذَا	بِاٰلِهَتِنَا	یٰٓاِبْرٰهِیْمُ	قَالَ	بَلْ
وہ دیکھیں	انہوں نے کہا	کیا تو	تو نے کیا	یہ	ہمارے معبودوں کے ساتھ	اے ابراہیم	اس نے کہا	بلکہ

وہ دیکھیں ۔ انہوں نے کہا کہ اے ابراہیم ! کیا یہ تو نے ہمارے معبودوں کے ساتھ کیا ہے ؟ اس نے کہا بلکہ

فَعَلَهٗ ۖ كَبِيْرُهُمْ هٰذَا فَسْـَٔلُوْهُمْ اِنْ كَانُوْا يَنْطِقُوْنَ ﴿٦٣﴾ فَرَجَعُوْٓا

فَعَلَهٗ	كَبِيْرُهُمْ	هٰذَا	فَسْـَٔلُوْهُمْ	اِنْ	كَانُوْا يَنْطِقُوْنَ	فَرَجَعُوْٓا
یہ کیا ہے	ان کا بڑا	یہ	تو ان سے پوچھ لو	اگر	وہ بولتے ہیں	پس لوٹے (سوچ میں پڑ گئے)

یہ ان کے اس بڑے نے کیا ہے، تو ان (ہی) سے پوچھ لو اگر یہ بولتے ہیں۔ پس وہ سوچ میں پڑ گئے

اِلٰٓى اَنْفُسِهِمْ فَقَالُوْٓا اِنَّكُمْ اَنْتُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٦٤﴾ ثُمَّ نُكِسُوْا عَلٰى رُءُوْسِهِمْ

اِلٰٓى	اَنْفُسِهِمْ	فَقَالُوْٓا	اِنَّكُمْ	اَنْتُمُ	الظّٰلِمُوْنَ	ثُمَّ نُكِسُوْا	عَلٰى رُءُوْسِهِمْ
طرف۔ میں	اپنے دل	پھر انہوں نے کہا	بیشک	تم ہی	ظالم (جمع)	پھر وہ اوندھے کئے گئے	اپنے سروں پر

اپنے دلوں میں، پھر انہوں نے کہا بیشک تم ہی ظالم ہو (نا حق پر ہو) پھر وہ اپنے سروں پر اوندھے کئے گئے (سروں کے بل جھک گئے)

لَقَدْ عَلِمْتَ مَا هٰٓؤُلَآءِ يَنْطِقُوْنَ ﴿٦٥﴾ قَالَ اَفَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا

لَقَدْ عَلِمْتَ	مَا	هٰٓؤُلَآءِ	يَنْطِقُوْنَ ﴿٦٥﴾	قَالَ	اَفَتَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	مَا
تو خوب جانتا ہے	جو	یہ	بولتے ہیں	اس نے کہا	کیا پھر تم پرستش کرتے ہو	اللہ کے سوا	جو

تو خوب جانتا ہے، یہ جو کچھ بولتے ہیں۔ اس نے کہا کیا تم پھر اللہ کے سوا ان کی پرستش کرتے ہو؟ جو

لَا يَنْفَعُكُمْ شَيْـًٔا وَّلَا يَضُرُّكُمْ ﴿٦٦﴾ اُفٍّ لَّكُمْ وَلِمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

لَا يَنْفَعُكُمْ	شَيْـًٔا	وَ	لَا يَضُرُّكُمْ	اُفٍّ	لَّكُمْ	وَلِمَا	تَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
نہ تمہیں نفع پہنچا سکیں	کچھ	اور	نہ نقصان پہنچا سکیں	تف	تم پر	اور ان پر جسے	پرستش کرتے ہو تم	اللہ کے سوا

نہ تمہیں کچھ نفع پہنچا سکیں اور نہ نقصان پہنچا سکیں۔ تف ہے تم پر! اور (ان بتوں پر) جن کی تم اللہ کے سوا پرستش کرتے ہو؟

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿٦٧﴾ قَالُوْا حَرِّقُوْهُ وَانْصُرُوْٓا اٰلِهَتَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ﴿٦٨﴾

اَ	فَلَا تَعْقِلُوْنَ	قَالُوْا	حَرِّقُوْهُ	وَانْصُرُوْٓا	اٰلِهَتَكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ
کیا	پھر تم نہیں سمجھتے	وہ کہنے لگے	تم اسے جلا ڈالو	اور تم مدد کرو	اپنے معبودوں	اگر	تم ہو کرنے والے (کچھ کرنا ہے)

کیا تم پھر (بھی) نہیں سمجھتے؟ وہ کہنے لگے تم اسے جلا ڈالو اور اپنے معبودوں کی مدد کرو اگر تمہیں کچھ کرنا ہے۔

قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿٦٩﴾ وَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ

قُلْنَا	يٰنَارُ كُوْنِيْ	بَرْدًا	وَّسَلٰمًا	عَلٰٓى	اِبْرٰهِيْمَ	وَاَرَادُوْا	بِهٖ	كَيْدًا	فَجَعَلْنٰهُمُ
ہم نے حکم دیا	اے آگ تو ہو جا	ٹھنڈی	اور سلامتی	پر	ابراہیم	اور انہوں نے ارادہ کیا	اس کے ساتھ	فریب	تو ہم نے انہیں کر دیا

ہم نے حکم دیا "اے آگ! تو ابراہیمؑ پر ٹھنڈی ہو جا اور سلامتی۔ اور انہوں نے اس کے ساتھ فریب کا ارادہ کیا تو ہم نے انہیں کر دیا

الْاَخْسَرِيْنَ ۝٧٠ وَنَجَّيْنٰهُ وَلُوْطًا اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا لِلْعٰلَمِيْنَ ۝٧١

الْاَخْسَرِيْنَ	وَنَجَّيْنٰهُ	وَلُوْطًا	اِلَى	الْاَرْضِ	الَّتِيْ بٰرَكْنَا	فِيْهَا	لِلْعٰلَمِيْنَ
بہت خسارہ پانیوالے (زیاں کار)	اور ہم نے اسے بچا لیا	اور لوط	طرف	سرزمین	وہ جس میں ہمنے برکت رکھی	اس میں	جہانوں کے لئے

انتہائی زیاں کار۔ اور ہم نے اسے اور لوطؑ کو اس سرزمین کی طرف (بھیج کر) بچا لیا، جس میں ہم نے جہانوں کے لئے برکت رکھی۔

وَوَهَبْنَا لَهٗۤ اِسْحٰقَ ؕ وَيَعْقُوْبَ نَافِلَةً ؕ وَكُلًّا جَعَلْنَا صٰلِحِيْنَ ۝٧٢ وَ

وَوَهَبْنَا	لَهٗ	اِسْحٰقَ	وَيَعْقُوْبَ	نَافِلَةً	وَكُلًّا	جَعَلْنَا	صٰلِحِيْنَ	وَ
اور ہم نے عطا کیا	اس کو	اسحٰق	اور یعقوب	پوتا	اور سب	ہم نے بنایا	صالح (نیکوکار)	اور

اور اس کو عطا کیا اسحٰقؑ (بیٹا)، اور یعقوبؑ پوتا، اور ہم نے ان سب کو نیکوکار بنایا۔ اور

جَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرٰتِ وَ

جَعَلْنٰهُمْ	اَئِمَّةً	يَّهْدُوْنَ	بِاَمْرِنَا	وَاَوْحَيْنَآ	اِلَيْهِمْ	فِعْلَ الْخَيْرٰتِ	وَ
ہم نے انہیں بنایا	(جمع) امام (پیشوا)	وہ ہدایت دیتے تھے	ہمارے حکم سے	اور ہم نے وحی بھیجی	ان کی طرف	نیک کام کرنے	اور

ہم نے انہیں پیشوا بنایا، وہ ہمارے حکم سے ہدایت دیتے تھے اور ہم نے ان کی طرف وحی بھیجی نیک کام کرنے کی، اور

اِقَامَ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءَ الزَّكٰوةِ ۚ وَكَانُوْا لَنَا عٰبِدِيْنَ ۝٧٣ ۙ وَلُوْطًا اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا

اِقَامَ	الصَّلٰوةِ	وَاِيْتَآءَ	الزَّكٰوةِ	وَكَانُوْا	لَنَا	عٰبِدِيْنَ	وَلُوْطًا	اٰتَيْنٰهُ	حُكْمًا
قائم کرنا	نماز	اور ادا کرنا	زکوٰۃ	اور وہ تھے	ہمارے ہی	عبادت کرنے والے	اور لوط	ہم نے اسے دیا	حکم

نماز قائم کرنے اور زکوٰۃ ادا کرنے کی، اور وہ ہماری ہی عبادت کرنے والے تھے۔ اور ہم نے لوطؑ کو حکم دیا (حکمت و نبوت)

وَّعِلْمًا وَّنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ تَّعْمَلُ الْخَبٰٓئِثَ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا

وَّعِلْمًا	وَّنَجَّيْنٰهُ	مِنَ	الْقَرْيَةِ	الَّتِيْ	كَانَتْ تَّعْمَلُ	الْخَبٰٓئِثَ	اِنَّهُمْ	كَانُوْا
اور علم	اور ہمنے اسے بچا لیا	سے	بستی	جو	کرتی تھی	گندے کام	بیشک وہ	تھے

اور علم (دیا) اور ہم نے اسے اس بستی سے بچا لیا جو گندے کام کرتی تھی، بیشک وہ تھے

قَوْمَ سَوْءٍ فٰسِقِيْنَ ۝٧٤ ۙ وَاَدْخَلْنٰهُ فِيْ رَحْمَتِنَا ؕ اِنَّهٗ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝٧٥ ع

قَوْمَ سَوْءٍ	فٰسِقِيْنَ	وَاَدْخَلْنٰهُ	فِيْ رَحْمَتِنَا	اِنَّهٗ	مِنَ	الصّٰلِحِيْنَ
برے لوگ	بدکار	اور ہم نے داخل کیا اسے	اپنی رحمت میں	بیشک وہ	سے	(جمع) صالح (نیکوکار)

برے اور بدکار لوگ۔ اور ہم نے اسے اپنی رحمت میں داخل کیا، بے شک وہ نیکوکاروں میں سے ہے۔

ع ۲۵

وَنُوْحًا اِذْ نَادٰی مِنْ قَبْلُ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ

وَنُوْحًا	اِذْ نَادٰی	مِنْ قَبْلُ	فَاسْتَجَبْنَا	لَهٗ	فَنَجَّيْنٰهُ	وَاَهْلَهٗ	مِنَ	الْكَرْبِ
اور نوحؑ	جب پکارا	اس سے پہلے	تو ہم نے قبول کرلی	اس کی	پھر ہم نے اسے نجات دی	اور اس کے لوگ	سے	بے چینی

اور (یاد کرو) جب اس سے قبل نوحؑ نے پکارا تو ہم نے اس کی (دعا) قبول کرلی، پھر ہم نے اسے اور ان کے لوگوں کو نجات دی بڑی بے چینی

الْعَظِيْمِ ﴿۷۶﴾ وَنَصَرْنٰهُ مِنَ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا

الْعَظِيْمِ	وَنَصَرْنٰهُ	مِنَ	الْقَوْمِ	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	اِنَّهُمْ	كَانُوْا
بڑی	اور ہم نے اس کو مدد دی	سے (پر)	لوگ	جنہوں نے	جھٹلایا	ہماری آیتوں کو	بیشک وہ	وہ تھے

(سختی) سے۔ اور ہم نے اس کو مدد دی ان لوگوں پر جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا، بے شک وہ

قَوْمَ سَوْءٍ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۷۷﴾ وَدَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ اِذْ يَحْكُمٰنِ فِي الْحَرْثِ

قَوْمَ	سَوْءٍ	فَاَغْرَقْنٰهُمْ	اَجْمَعِيْنَ	وَدَاوٗدَ	وَسُلَيْمٰنَ	اِذْ	يَحْكُمٰنِ	فِي الْحَرْثِ
لوگ	بُرے	ہم نے غرق کردیا انہیں	سب	اور داؤدؑ	اور سلیمانؑ	جب	فیصلہ کر رہے تھے	کھیتی (کے بارہ) میں

بُرے لوگ تھے، پھر ہم نے ان سب کو غرق کردیا۔ اور (یاد کرو) جب داؤدؑ اور سلیمانؑ ایک کھیتی کے بارہ میں فیصلہ کر رہے تھے

اِذْ نَفَشَتْ فِيْهِ غَنَمُ الْقَوْمِ ۚ وَكُنَّا لِحُكْمِهِمْ شٰهِدِيْنَ ﴿۷۸﴾ فَفَهَّمْنٰهَا سُلَيْمٰنَ ۚ

اِذْ	نَفَشَتْ	فِيْهِ	غَنَمُ الْقَوْمِ	وَكُنَّا	لِحُكْمِهِمْ	شٰهِدِيْنَ	فَفَهَّمْنٰهَا	سُلَيْمٰنَ
جب	رات میں چر گئیں	اس میں	ایک قوم کی بکریاں	اور ہم تھے	انکے فیصلے (کے وقت)	موجود	پس اس کو فہم دی	سلیمانؑ

جب اس میں رات کے وقت ایک قوم کی بکریاں چر گئیں اور ہم انکے فیصلے کے وقت موجود تھے۔ پس ہم نے سلیمانؑ کو (صحیح فیصلہ کی) فہم دی

وَكُلًّا اٰتَيْنَا حُكْمًا وَّعِلْمًا ۡ وَّسَخَّرْنَا مَعَ دَاوٗدَ الْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ وَالطَّيْرَ ۭ

وَكُلًّا	اٰتَيْنَا	حُكْمًا	وَعِلْمًا	وَسَخَّرْنَا	مَعَ	دَاوٗدَ	الْجِبَالَ	يُسَبِّحْنَ	وَالطَّيْرَ
اور ہر ایک	ہم نے دیا	حکم	اور علم	اور ہم نے مسخر کردیا	ساتھ کا	داؤد	پہاڑ (جمع)	وہ تسبیح کرتے تھے	اور پرندے

اور ہر ایک کو ہم نے حکم (حکمت و نبوت) اور علم دیا اور ہم نے پہاڑوں کو داؤدؑ کا مسخر کردیا، وہ تسبیح کرتے تھے اور پرندے (بھی مسخر کئے)

وَكُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿۷۹﴾ وَعَلَّمْنٰهُ صَنْعَةَ لَبُوْسٍ لَّكُمْ لِتُحْصِنَكُمْ مِّنْۢ بَاْسِكُمْ ۚ فَهَلْ

وَكُنَّا	فٰعِلِيْنَ	وَعَلَّمْنٰهُ	صَنْعَةَ	لَبُوْسٍ	لَكُمْ	لِتُحْصِنَكُمْ	مِنْ	بَاْسِكُمْ	فَهَلْ
اور ہم تھے	کرنے والے	اور ہم نے اسے سکھائی	صنعت (کاریگری)	ایک لباس	تمہارے لئے	تاکہ وہ تمہیں بچائے	سے	تمہاری لڑائی	پس کیا

اور کرنے والے ہم تھے۔ اور ہم نے اسے تمہارے لئے ایک لباس (بنانے) کی کاریگری سکھائی تاکہ وہ تمہیں تمہاری لڑائی سے بچائے، پس کیا

أَنْتُمْ شٰكِرُوْنَ ۝۸۰ وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ عَاصِفَةً تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖٓ اِلَى الْاَرْضِ

أَنْتُمْ	شٰكِرُوْنَ	وَلِسُلَيْمٰنَ	الرِّيْحَ	عَاصِفَةً	تَجْرِيْ	بِاَمْرِهٖ	اِلَى	الْاَرْضِ
تم	شکر کرنے والے	اور سلیمانؑ کے لئے	ہوا	تیز چلنے والی	چلتی	اس کے حکم سے	طرف	سرزمین

تم شکر کرنے والے ہو؟ اور ہم نے تیز چلنے والی ہوا سلیمانؑ کیلئے (مسخر کی) وہ اس کے حکم سے اس سرزمین (شام) کی طرف چلتی

الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ۭ وَكُنَّا بِكُلِّ شَيْءٍ عٰلِمِيْنَ ۝۸۱ وَمِنَ الشَّيٰطِيْنِ مَنْ يَّغُوْصُوْنَ

الَّتِيْ بٰرَكْنَا	فِيْهَا	وَكُنَّا	بِكُلِّ شَيْءٍ	عٰلِمِيْنَ	وَ	مِنَ	الشَّيٰطِيْنِ	مَنْ يَّغُوْصُوْنَ
جس کو ہم نے برکت دی ہے	اس میں	اور ہم ہیں	ہر شے	جاننے والے	اور	سے	شیطان (ج)	جو غوطہ لگاتے تھے

جس میں ہم نے برکت دی، اور ہم ہر شے کو جاننے والے ہیں۔ اور شیطانوں میں سے (مسخر کئے) جو غوطہ لگاتے تھے

لَهٗ وَيَعْمَلُوْنَ عَمَلًا دُوْنَ ذٰلِكَ ۚ وَكُنَّا لَهُمْ حٰفِظِيْنَ ۝۸۲ وَاَيُّوْبَ

لَهٗ	وَيَعْمَلُوْنَ	عَمَلًا	دُوْنَ ذٰلِكَ	وَكُنَّا	لَهُمْ	حٰفِظِيْنَ	وَ	اَيُّوْبَ
اس کے لئے	اور کرتے تھے	اور کام	اس کے سوا	اور ہم تھے	ان کے لئے	سنبھالنے والے	اور	ایوبؑ

اس کے لئے، اور اس کے سوا اور کام (بھی) کرتے تھے، اور ہم ان کو سنبھالنے والے تھے۔ اور ایوبؑ کو

اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝۸۳ فَاسْتَجَبْنَا

اِذْ نَادٰى	رَبَّهٗ	اَنِّيْ	مَسَّنِيَ	الضُّرُّ	وَاَنْتَ	اَرْحَمُ	الرّٰحِمِيْنَ	فَاسْتَجَبْنَا
جب اس نے پکارا	اپنا رب	کہ میں	مجھے پہنچی ہے	تکلیف	اور تو	سب سے بڑا رحم کرنیوالا	رحم کرنے والے	تو ہم نے قبول کرلی

(یاد کرو) جب اس نے اپنے رب کو پکارا کہ مجھے تکلیف پہنچی ہے اور تو رحم کرنے والوں میں سب سے بڑا رحم کرنے والا ہے۔ تو ہم نے قبول کرلی

لَهٗ فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ وَّاٰتَيْنٰهُ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنْ

لَهٗ	فَكَشَفْنَا	مَا	بِهٖ	مِنْ ضُرٍّ	وَّاٰتَيْنٰهُ	اَهْلَهٗ	وَمِثْلَهُمْ	مَّعَهُمْ	رَحْمَةً	مِّنْ
اس کی	پس ہم نے کھول دی	جو	اس کو	تکلیف	اور ہم نے دیئے اسے	اسکے گھر والے	اور ان جیسے	ان کے ساتھ	رحمت (فرماکر)	سے

اس کی (دعا) پس اسے جو تکلیف تھی ہم نے کھول دی (دور کردی) اور ہم نے اسے اس کے گھر والے دیئے، اور ان کے ساتھ ان جیسے (اور بھی) رحمت فرماکر

عِنْدِنَا وَذِكْرٰى لِلْعٰبِدِيْنَ ۝۸۴ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِدْرِيْسَ وَذَا الْكِفْلِ ۭ كُلٌّ مِّنَ

عِنْدِنَا	وَذِكْرٰى	لِلْعٰبِدِيْنَ	وَاِسْمٰعِيْلَ	وَاِدْرِيْسَ	وَذَا الْكِفْلِ	كُلٌّ	مِّنَ
اپنے پاس	اور نصیحت	عبادت کرنے والوں کے لئے	اور اسمٰعیلؑ	اور ادریسؑ	اور ذوالکفل	یہ سب	سے

اپنے پاس سے، اور عبادت کرنے والوں کے لئے نصیحت۔ اور اسمٰعیلؑ اور ادریسؑ اور ذوالکفلؑ، یہ سب

الصّٰبِرِيْنَ ۝٨٥ وَاَدْخَلْنٰهُمْ فِيْ رَحْمَتِنَا ۭ اِنَّهُمْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝٨٦ وَ

الصّٰبِرِيْنَ	وَ	اَدْخَلْنٰهُمْ	فِيْ رَحْمَتِنَا	اِنَّهُمْ	مِّنَ	الصّٰلِحِيْنَ	وَ
صبر کرنے والے	اور	ہم نے داخل کیا انہیں	اپنی رحمت میں	بیشک وہ	سے	نیکوکار (جمع)	اور

صبر کرنے والوں میں سے تھے۔ اور ہم نے انہیں اپنی رحمت میں داخل کیا۔ بیشک وہ نیکوکاروں میں سے تھے۔ اور (یاد کرو)

ذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِي الظُّلُمٰتِ

ذَا النُّوْنِ	اِذْ	ذَّهَبَ	مُغَاضِبًا	فَظَنَّ	اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ	عَلَيْهِ	فَنَادٰى	فِي الظُّلُمٰتِ
ذوالنون (مچھلی والا)	جب	چلا وہ	غصہ میں بھر کر	پس گمان کیا اس نے	کہ ہم ہرگز تنگی نہ کریں گے	اس پر	تو اس نے پکارا	اندھیروں میں

جب مچھلی والے (یونسؑ اپنی قوم سے) غصہ میں بھر کر چل دیئے، پس اس نے گمان کیا کہ ہم ہرگز اس پر تنگی (گرفت) نہ کریں گے (جب مچھلی نگل گئی) تو اس نے اندھیروں میں پکارا

اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝٨٧ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ

اَنْ لَّا	اِلٰهَ	اِلَّا اَنْتَ	سُبْحٰنَكَ	اِنِّيْ	كُنْتُ	مِنَ	الظّٰلِمِيْنَ	فَاسْتَجَبْنَا	لَهٗ
کہ نہیں	کوئی معبود	تیرے سوا	تو پاک ہے	بیشک میں	میں تھا	سے	ظالم (جمع)	پھر ہم نے قبول کرلی	اس کی

کہ (اے اللہ) تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو پاک ہے، بیشک میں ظالموں (قصورواروں) میں سے تھا۔ پھر ہم نے اس کی (دعا) قبول کرلی

وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ۭ وَكَذٰلِكَ نُـْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۝٨٨ وَزَكَرِيَّآ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ

وَنَجَّيْنٰهُ	مِنَ	الْغَمِّ	وَكَذٰلِكَ	نُـْجِي	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَزَكَرِيَّآ	اِذْ نَادٰى	رَبَّهٗ
اور ہم نے اسے نجات دی	غم سے		اور اسی طرح	ہم نجات دیتے ہیں	مومن (جمع)	اور زکریاؑ	جب اس نے پکارا	اپنا رب

اور ہم نے اسے غم سے نجات دی، اور اسی طرح ہم مومنوں کو نجات دیا کرتے ہیں۔ اور (یاد کرو) جب زکریاؑ نے اپنے رب کو پکارا

رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ۝٨٩ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۡ وَوَهَبْنَا لَهٗ

رَبِّ	لَا تَذَرْنِيْ	فَرْدًا	وَّاَنْتَ	خَيْرُ	الْوٰرِثِيْنَ	فَاسْتَجَبْنَا	لَهٗ	وَوَهَبْنَا	لَهٗ
اے میرے رب	نہ چھوڑ مجھے	اکیلا	اور تو	بہتر	وارث (جمع)	پھر ہم نے قبول کرلی	اس کی	اور ہم نے عطا کیا	اسے

اے میرے رب! مجھے اکیلا (لاوارث) نہ چھوڑ اور تو (سب سے) بہتر وارث ہے۔ پھر ہم نے اس کی (دعا) قبول کرلی اور ہم نے اسے عطا کیا

يَحْيٰى وَاَصْلَحْنَا لَهٗ زَوْجَهٗ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَ

يَحْيٰى	وَ	اَصْلَحْنَا	لَهٗ	زَوْجَهٗ	اِنَّهُمْ	كَانُوْا يُسٰرِعُوْنَ	فِي	الْخَيْرٰتِ	وَ
یحییٰؑ	اور ہم نے درست کردیا		اس کے لئے	اس کی بیوی	بیشک وہ سب	وہ جلدی کرتے تھے	میں	نیک کام (جمع)	اور

یحییٰؑ اور ہم نے اس کے لئے اس کی بیوی کو درست (اولاد کے قابل) کردیا۔ بیشک وہ سب نیک کاموں میں جلدی کرتے تھے، اور

يَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا ۭ وَكَانُوْا لَنَا خٰشِعِيْنَ ﴿٩٠﴾ وَالَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا

يَدْعُوْنَنَا	رَغَبًا	وَرَهَبًا	وَكَانُوْا	لَنَا	خٰشِعِيْنَ	وَالَّتِيْٓ	اَحْصَنَتْ	فَرْجَهَا
وہ ہمیں پکارتے تھے	اُمید	اور خوف	اور وہ تھے	ہمارے لئے (سامنے)	عاجزی کرنیوالے	اور عورت جو	اس نے حفاظت کی	اپنی شرمگاہ (عفت)

وہ ہمیں اُمید اور خوف سے پکارتے تھے، اور وہ ہمارے سامنے عاجزی کرنے والے تھے (اور یاد کرو مریمؑ کو) جس نے اپنی عفت کی حفاظت کی،

فَنَفَخْنَا فِيْهَا مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿٩١﴾ اِنَّ هٰذِهٖٓ

فَنَفَخْنَا	فِيْهَا	مِنْ رُّوْحِنَا	وَجَعَلْنٰهَا	وَابْنَهَآ	اٰيَةً	لِّلْعٰلَمِيْنَ	اِنَّ	هٰذِهٖ
پھر ہم نے پھونک دی	اس میں	اپنی رُوح	اور ہم نے اسے بنایا	اور اس کا بیٹا	نشانی	جہانوں کے لئے	بیشک	یہ ہے

پھر ہم نے اس میں اپنی روح پھونک دی، اور ہم نے اُسے اور اس کے بیٹے کو جہانوں کے لئے نشانی بنایا۔ بے شک یہ ہے

اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً ڮ وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ﴿٩٢﴾ وَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ ۭ

اُمَّتُكُمْ	اُمَّةً	وَّاحِدَةً	وَّاَنَا	رَبُّكُمْ	فَاعْبُدُوْنِ	وَتَقَطَّعُوْٓا	اَمْرَهُمْ	بَيْنَهُمْ
تمہاری امت	اُمت	ایک (یکتا)	اور میں	تمہارا رب	پس میری عبادت کرو	اور ٹکڑے ٹکڑے کر لیا انہوں نے	اپنا کام (دین)	باہم

تمہاری امت (ملت)، یکتا اُمت، اور میں تمہارا رب ہوں، پس میری عبادت کرو۔ اور انہوں نے اپنا کام (دین)، باہم ٹکڑے ٹکڑے کر لیا،

كُلٌّ اِلَيْنَا رٰجِعُوْنَ ﴿٩٣﴾ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا كُفْرَانَ

كُلٌّ	اِلَيْنَا	رٰجِعُوْنَ	فَمَنْ	يَّعْمَلْ	مِنَ	الصّٰلِحٰتِ	وَهُوَ	مُؤْمِنٌ	فَلَا كُفْرَانَ
سب	ہماری طرف	رجوع کرنے والے	پس جو	کرے	کچھ	نیک کام	اور وہ	ایمان والا	تو ناقدری (اکارت) نہیں

سب ہماری طرف رجوع کرنے والے (لوٹنے والے) ہیں۔ پس جو کچھ نیک کام کرے اور وہ ایمان والا ہو تو اکارت نہیں (جائے گی)،

ع ١٨

لِسَعْيِهٖ ۚ وَاِنَّا لَهٗ كٰتِبُوْنَ ﴿٩٤﴾ وَحَرٰمٌ عَلٰى قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَآ اَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿٩٥﴾

لِسَعْيِهٖ	وَاِنَّا	لَهٗ	كٰتِبُوْنَ	وَحَرٰمٌ	عَلٰى	قَرْيَةٍ	اَهْلَكْنٰهَآ	اَنَّهُمْ	لَا يَرْجِعُوْنَ
اس کی کوشش	اور بیشک ہم	اس کے	لکھ لینے والے	اور حرام	پر	بستی	جسے ہمنے ہلاک کر دیا	کہ وہ	لوٹ کر نہیں آئیں گے

اس کی کوشش" اور بیشک ہم اس کے لکھ لینے والے ہیں۔ اس بستی پر (دنیا میں لوٹ کر آنا) حرام ہے، جسے ہم نے ہلاک کر دیا کہ وہ لوٹ کر نہیں آئیں گے۔

حَتّٰٓى اِذَا فُتِحَتْ يَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ وَهُمْ مِّنْ كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ ﴿٩٦﴾ وَ

حَتّٰٓى	اِذَا	فُتِحَتْ	يَاْجُوْجُ	وَمَاْجُوْجُ	وَهُمْ	مِّنْ	كُلِّ	حَدَبٍ	يَّنْسِلُوْنَ	وَ
یہاں تک کہ	جب	کھول دیئے جائینگے	یاجوج	اور ماجوج	اور وہ	سے	ہر	بلندی (ٹیلہ)	پھسلتے (دوڑتے) آئیں گے	اور

یہاں تک کہ جب یاجوج اور ماجوج کھول دیئے جائیں گے، اور وہ ہر ٹیلہ سے دوڑتے آئیں گے۔ اور

اقْتَرَبَ الْوَعْدُ الْحَقُّ فَإِذَا هِيَ شَاخِصَةٌ أَبْصَارُ الَّذِينَ كَفَرُوا يَا وَيْلَنَا

اقترب	الوعد	الحق	فاذا	هی	شاخصة	ابصار	الذین	کفروا	یویلنا
قریب آ جائے گا	وعدہ	سچا	تو اچانک	وہ	اوپر لگی رہیں گی (رہ جائیں گی)	آنکھیں	جنہوں نے کفر کیا (کافر)		ہائے ہماری شامت

سچا وعدہ قریب آ جائے گا تو اچانک منکروں کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ جائیں گی، ہائے ہماری شامت!

قَدْ كُنَّا فِي غَفْلَةٍ مِنْ هَٰذَا بَلْ كُنَّا ظَالِمِينَ ﴿٩٧﴾ إِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُونَ مِنْ

قد کنا	فی	غفلة	من هذا	بل کنا	ظلمین	انکم	وما	تعبدون	من
تحقیق ہم تھے	غفلت میں		اس سے	بلکہ ہم تھے	ظالم (جمع)	بیشک تم	اور جو	تم پرستش کرتے ہو	سے

تحقیق ہم اس سے غفلت میں تھے، بلکہ ہم ظالم تھے۔ بیشک تم اور وہ جن کی تم پرستش کرتے ہو

دُونِ اللَّهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ أَنْتُمْ لَهَا وَارِدُونَ ﴿٩٨﴾ لَوْ كَانَ هَٰؤُلَاءِ آلِهَةً

دون الله	حصب	جهنم	انتم لها	وردون	لو کان	هؤلاء	الهة
اللہ کے سوا	ایندھن	جہنم	تم اس میں	داخل ہونے والے	اگر ہوتے	یہ	معبود

اللہ کے سوا، جہنم کا ایندھن ہیں، تم اس میں داخل ہونے والے ہو۔ اگر یہ معبود ہوتے تو

مَا وَرَدُوهَا وَكُلٌّ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿٩٩﴾ لَهُمْ فِيهَا زَفِيرٌ وَهُمْ فِيهَا لَا يَسْمَعُونَ ﴿١٠٠﴾

ما وردوها	وکل	فیها	خلدون	لهم	فیها	زفیر	وهم	فیها	لا یسمعون
اس میں داخل نہ ہوتے	اور سب	اس میں	سدا رہیں گے	ان کے لئے	وہاں	چیخ و پکار	اور وہ	اس میں	(کچھ) نہ سن سکیں گے

اس میں داخل نہ ہوتے، اور وہ سب اس میں سدا رہیں گے۔ ان کے لئے وہاں چیخ و پکار ہے، اور وہ اس میں کچھ نہ سن سکیں گے۔

إِنَّ الَّذِينَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِنَّا الْحُسْنَىٰ أُولَٰئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُونَ ﴿١٠١﴾ لَا يَسْمَعُونَ

ان	الذین	سبقت	لهم	منا	الحسنی	اولئك	عنها	مبعدون	لا یسمعون
بیشک	جو لوگ	پہلے ٹھہر چکی	انکے لئے	ہماری طرف سے	بھلائی	وہ لوگ	اس سے	دور رکھے جائیں گے	وہ نہ سنیں گے

بیشک جن لوگوں کے لئے ہماری طرف سے پہلے (ہی) بھلائی ٹھہر چکی وہ لوگ اس سے دور رکھے جائیں گے۔ وہ نہ سنیں گے

حَسِيسَهَا وَهُمْ فِي مَا اشْتَهَتْ أَنْفُسُهُمْ خَالِدُونَ ﴿١٠٢﴾ لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ

حسیسها	وهم	فی	ما اشتهت	انفسهم	خلدون	لا یحزنهم	الفزع
اس کی آہٹ	اور وہ	میں	جو چاہیں گے	ان کے دل	وہ ہمیشہ رہیں گے	غمگین نہ کرے گی انہیں	گھبراہٹ

اس کی آہٹ (بھی)، اور ان کے دل جو چاہیں گے وہ اس (آرام و راحت) میں ہمیشہ رہیں گے۔ انہیں غمگین نہ کرے گی

الْاَكْبَرُ وَتَتَلَقّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ؕ هٰذَا يَوْمُكُمُ الَّذِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ۝۱۰۳ يَوْمَ

يَوْمَ	تُوْعَدُوْنَ	كُنْتُمْ	الَّذِيْ	يَوْمُكُمُ	هٰذَا	الْمَلٰٓئِكَةُ	وَتَتَلَقّٰهُمُ	الْاَكْبَرُ
جس دن	(وعدہ کیا گیا تھا)	تم تھے وعدہ کئے گئے	وہ جو	تمہارا دن	یہ ہے	فرشتے	اور لینے آئیں گے انہیں	بڑی

بڑی گھبراہٹ، اور فرشتے انہیں لینے آئیں گے، یہ ہے (وہ) دن جس کا تم سے وعدہ کیا گیا تھا۔ جس دن

نَطْوِي السَّمَآءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ ؕ كَمَا بَدَاْنَآ اَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيْدُهٗ ؕ

نُّعِيْدُهٗ	خَلْقٍ	اَوَّلَ	كَمَا بَدَاْنَآ	لِلْكُتُبِ	السِّجِلِّ	كَطَيِّ	السَّمَآءَ	نَطْوِي
ہم اسے لوٹا دیں گے	پیدائش	پہلی	جیسے ہم نے ابتدا کی	تحریر کا کاغذ	طومار	جیسے لپیٹا جاتا ہے	آسمان	ہم لپیٹ لیں گے

ہم آسمان لپیٹ دیں گے، جیسے تحریر کے کاغذ کا طومار لپیٹا جاتا ہے، جیسے ہم نے پہلی بار پیدائش کی تھی ہم اسے پھر لوٹا دیں گے

وَعْدًا عَلَيْنَا ؕ اِنَّا كُنَّا فٰعِلِيْنَ ۝۱۰۴ وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُوْرِ مِنْۢ بَعْدِ الذِّكْرِ اَنَّ

اَنَّ	بَعْدِ الذِّكْرِ	مِنْۢ	فِي الزَّبُوْرِ	لَقَدْ كَتَبْنَا	وَ	فٰعِلِيْنَ	اِنَّا كُنَّا	عَلَيْنَا	وَعْدًا
کہ	نصیحت کے بعد		زبور میں	تحقیق ہم نے لکھا	اور	(پورا) کرنے والے	بیشک ہم ہیں	ہم پر	وعدہ

یہ وعدہ ہم پر (ہمارے ذمے) ہے، بیشک ہم پورا کرنے والے ہیں۔ اور تحقیق ہم نے زبور میں نصیحت کے بعد لکھا کہ

الْاَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصّٰلِحُوْنَ ۝۱۰۵ اِنَّ فِيْ هٰذَا لَبَلٰغًا لِّقَوْمٍ عٰبِدِيْنَ ۝۱۰۶ وَ

وَ	عٰبِدِيْنَ	لِّقَوْمٍ	لَبَلٰغًا	فِيْ هٰذَا	اِنَّ	الصّٰلِحُوْنَ	عِبَادِيَ	يَرِثُهَا	الْاَرْضَ
اور	عبادت گزار (جمع)	لوگوں کے لئے	پہنچا دینا	اس میں	بیشک	نیک (جمع)	میرے بندے	اس کے وارث	زمین

زمین کے وارث ہمارے نیک بندے ہوں گے۔ بے شک اس میں عبادت گزار لوگوں کے لئے (بشارت) پہنچا دینا ہے۔ اور

مَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝۱۰۷ قُلْ اِنَّمَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ

اِلٰهُكُمْ	اَنَّمَآ	اِلَيَّ	يُوْحٰٓى	اِنَّمَا	قُلْ	لِّلْعٰلَمِيْنَ	رَحْمَةً	اِلَّا	اَرْسَلْنٰكَ	مَآ
تمہارا معبود	کہ بس	میری طرف	وحی کی گئی	اسکے سوا نہیں	فرما دیں	تمام جہانوں کے لئے	رحمت	مگر	ہم نے بھیجا آپکو	نہیں

اور ہم نے نہیں بھیجا آپ کو مگر تمام جہانوں کے لئے رحمت۔ فرما دیں اس کے سوا نہیں کہ میری طرف وحی کی گئی ہے کہ بس تمہارا معبود

اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۝۱۰۸ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ اٰذَنْتُكُمْ عَلٰى سَوَآءٍ ؕ

عَلٰى سَوَآءٍ	اٰذَنْتُكُمْ	فَقُلْ	تَوَلَّوْا	فَاِنْ	مُّسْلِمُوْنَ	اَنْتُمْ	فَهَلْ	وَّاحِدٌ	اِلٰهٌ
برابری پر	میں نے تمہیں خبردار کر دیا	تو کہہ دو	وہ روگردانی کریں	پھر اگر	حکم بردار (جمع)	تم	پس کیا	واحد (یکتا)	معبود

معبود یکتا ہے، پس کیا تم حکم بردار ہو؟ پھر اگر وہ روگردانی کریں تو کہہ دو میں نے تمہیں خبردار کر دیا ہے برابری پر (یکساں طور سے)

وَإِنْ أَدْرِي أَقَرِيبٌ أَم بَعِيدٌ مَّا تُوعَدُونَ ﴿١٠٩﴾ إِنَّهُ يَعْلَمُ الْجَهْرَ مِنَ الْقَوْلِ

مِنَ الْقَوْلِ	الْجَهْرَ	يَعْلَمُ	إِنَّهُ	مَّا تُوعَدُونَ	بَعِيدٌ	أَم	أَقَرِيبٌ	أَدْرِي	وَإِنْ
بات کو	پکارنا	وہ جانتا ہے	بیشک وہ	جو تم سے وعدہ کیا گیا	دور ؟	یا	کیا قریب ؟	جانتا میں	اور نہیں

اور میں نہیں جانتا جو تم سے وعدہ کیا گیا ہے وہ قریب ہے یا دور؟ بیشک وہ جانتا ہے پکار کر کہی ہوئی بات کو (بھی)،

وَيَعْلَمُ مَا تَكْتُمُونَ ﴿١١٠﴾ وَإِنْ أَدْرِي لَعَلَّهُ فِتْنَةٌ لَّكُمْ وَمَتَاعٌ إِلَىٰ حِينٍ ﴿١١١﴾

حِينٍ	إِلَىٰ	وَمَتَاعٌ	لَّكُمْ	فِتْنَةٌ	لَعَلَّهُ	أَدْرِي	وَإِنْ	تَكْتُمُونَ	مَا	وَيَعْلَمُ
ایک مدت تک		اور فائدہ پہنچانا	تمہارے لئے	آزمائش	شاید وہ	اور میں نہیں جانتا		جو تم چھپاتے ہو		اور جانتا ہے

اور وہ (بھی) جانتا ہے جو تم چھپاتے ہو۔ اور میں نہیں جانتا شاید (عذاب میں تاخیر) تمہارے لئے آزمائش ہو اور ایک مدت تک فائدہ پہنچانا ہو۔

قَالَ رَبِّ احْكُم بِالْحَقِّ ۗ وَرَبُّنَا الرَّحْمَٰنُ الْمُسْتَعَانُ عَلَىٰ مَا تَصِفُونَ ﴿١١٢﴾

مَا تَصِفُونَ	عَلَىٰ	الْمُسْتَعَانُ	الرَّحْمَٰنُ	وَرَبُّنَا	بِالْحَقِّ	احْكُم	رَبِّ	قَالَ
جو تم بیان کرتے ہو	پر	جس سے مدد طلب کی جاتی ہے	نہایت مہربان	اور ہمارا رب	حق کے ساتھ	تو فیصلہ فرما	اے میرے رب	اس (نبی) نے کہا

نبیؐ نے کہا اے میرے رب! تو حق کے ساتھ فیصلہ فرما اور ہمارا رب نہایت مہربان ہے، اسی سے مدد طلب کی جاتی ہے (ان باتوں) پر جو تم بیان کرتے (بناتے) ہو۔

ع ۱۹

آیاتها ۷۸ ۲۲ : سُورَةُ الْحَجِّ مَدَنِيَّةٌ : ۱۰۳ رکوعاتها ۱۰

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے

يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمْ ۚ إِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيمٌ ﴿١﴾ يَوْمَ

يَوْمَ	عَظِيمٌ	شَيْءٌ	السَّاعَةِ	زَلْزَلَةَ	إِنَّ	رَبَّكُمْ	اتَّقُوا	يَا أَيُّهَا النَّاسُ
جس دن	بڑی بھاری	چیز	قیامت	زلزلہ	بیشک	اپنا رب	ڈرو	اے لوگو!

اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو، بےشک قیامت کا زلزلہ بڑی بھاری چیز ہے۔ جس دن

تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّا أَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا

حَمْلَهَا	كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ	وَتَضَعُ	أَرْضَعَتْ	عَمَّا	مُرْضِعَةٍ	كُلُّ	تَذْهَلُ	تَرَوْنَهَا
اپنا حمل	ہر حمل والی (حاملہ)	اور گرا دے گی	وہ دودھ پلاتی ہے	جس کو	ہر دودھ پلانے والی		بھول جائے گی	تم دیکھو گے اسے

تم اسے دیکھو گے ہر دودھ پلانے والی جس (بچہ) کو دودھ پلاتی ہے، اسے بھول جائے گی اور ہر حاملہ اپنا حمل گرا دے گی

وَتَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى وَمَا هُمْ بِسُكٰرٰى وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ ②

وَ تَرَى	النَّاسَ	سُكٰرٰى	وَ	مَا هُمْ	بِسُكٰرٰى	وَلٰكِنَّ	عَذَابَ اللّٰهِ	شَدِيْدٌ
اور تو دیکھے گا	لوگ	نشہ میں	اور	حالانکہ نہیں	نشہ میں	اور لیکن	اللہ کا عذاب	سخت

اور تو لوگوں کو دیکھے گا (جیسے وہ) نشے میں ہوں حالانکہ وہ نشہ میں نہ ہوں گے، لیکن اللہ کا عذاب سخت ہے۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّيَتَّبِعُ كُلَّ شَيْطٰنٍ مَّرِيْدٍ ③

وَ	مِنَ النَّاسِ	مَنْ	يُّجَادِلُ	فِي اللّٰهِ	بِغَيْرِ عِلْمٍ	وَيَتَّبِعُ	كُلَّ شَيْطٰنٍ	مَّرِيْدٍ
اور	کچھ لوگ جو	جو	جھگڑا کرتے ہیں	اللہ کے بارے میں	بے جانے بوجھے	اور پیروی کرتے ہیں	ہر شیطان	سرکش

اور کچھ لوگ، ہیں جو اللہ کے بارہ میں بے جانے بوجھے جھگڑا کرتے ہیں، اور وہ ہر سرکش شیطان کی پیروی کرتے ہیں۔

كُتِبَ عَلَيْهِ اَنَّهٗ مَنْ تَوَلَّاهُ فَاَنَّهٗ يُضِلُّهٗ وَيَهْدِيْهِ اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ④

كُتِبَ عَلَيْهِ	اَنَّهٗ	مَنْ تَوَلَّاهُ	فَاَنَّهٗ	يُضِلُّهٗ	وَيَهْدِيْهِ	اِلٰى	عَذَابِ	السَّعِيْرِ
اس پر (اس کی نسبت) لکھ دیا گیا	کہ وہ	جو دوستی کرے گا اس سے	تو وہ بیشک	اسے گمراہ کرے گا	اور راہ دکھائے گا اسے	طرف	عذاب	دوزخ

اس کی نسبت لکھ دیا گیا کہ جو اس سے دوستی کرے گا تو وہ بیشک اسے گمراہ کر دے گا، اور اسے دوزخ کے عذاب کی طرف راہ دکھائے گا۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ فَاِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ تُرَابٍ

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ	اِنْ كُنْتُمْ	فِيْ رَيْبٍ	مِّنَ	الْبَعْثِ	فَاِنَّا	خَلَقْنٰكُمْ	مِّنْ تُرَابٍ
اے لوگو!	اگر تم ہو	شک میں	سے	جی اٹھنا	تو بیشک ہم	ہم نے پیدا کیا تمہیں	مٹی سے

اے لوگو! اگر تم (قیامت کے دن) جی اٹھنے سے شک میں ہو تو (سوچو) ہم نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا،

ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِنْ مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَّغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ

ثُمَّ	مِنْ نُّطْفَةٍ	ثُمَّ	مِنْ عَلَقَةٍ	ثُمَّ	مِنْ مُّضْغَةٍ	مُّخَلَّقَةٍ	وَ	غَيْرِ مُخَلَّقَةٍ
پھر	نطفہ سے	پھر	جمے ہوئے خون سے	پھر	گوشت کی بوٹی سے	صورت بنی ہوئی	اور	بغیر صورت بنی

پھر نطفہ سے، پھر جمے ہوئے خون سے، پھر گوشت کی بوٹی سے صورت بنی ہوئی اور بغیر صورت بنی (ادھوری)

لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ ۭ وَنُقِرُّ فِي الْاَرْحَامِ مَا نَشَاۗءُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ

لِنُبَيِّنَ	لَكُمْ	وَنُقِرُّ	فِي الْاَرْحَامِ	مَا نَشَاۗءُ	اِلٰى	اَجَلٍ مُّسَمًّى	ثُمَّ	نُخْرِجُكُمْ
تاکہ ہم ظاہر کر دیں	تمہارے لئے	اور ہم ٹھہراتے ہیں	رحموں میں	جو ہم چاہیں	تک	ایک مدت مقررہ	پھر	ہم نکالتے ہیں تمہیں

تاکہ ہم تمہارے لئے (اپنی قدرت) ظاہر کر دیں اور ہم (ماؤں کے) رحموں میں جو چاہیں ایک مدت تک ٹھہراتے ہیں، پھر ہم تمہیں نکالتے ہیں

طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ۚ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ

طِفْلًا	ثُمَّ	لِتَبْلُغُوْٓا	اَشُدَّكُمْ	وَمِنْكُمْ	مَّنْ	يُّتَوَفّٰى	وَمِنْكُمْ	مَّنْ	يُّرَدُّ
بچہ	پھر	تاکہ تم پہنچو	اپنی جوانی	اور تم میں سے	کوئی	فوت ہو جاتا ہے	اور تم میں سے	کوئی	پہنچتا ہے

بچہ (کی صورت میں) تاکہ پھر تم اپنی جوانی کو پہنچو، اور تم میں کوئی (عمر طبعی سے قبل) فوت ہو جاتا ہے، اور تم میں سے کوئی پہنچتا ہے

اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا يَعْلَمَ مِنْۢ بَعْدِ عِلْمٍ شَيْــًٔا ۭ وَتَرَى الْاَرْضَ

اِلٰٓى	اَرْذَلِ الْعُمُرِ	لِكَيْلَا	يَعْلَمَ	مِنْۢ بَعْدِ	عِلْمٍ	شَيْــًٔا	وَتَرَى	الْاَرْضَ
تک	نکمی عمر	تاکہ وہ نہ جانے		بعد	جاننا، علم	کچھ	اور تو دیکھتا ہے	زمین

نکمی عمر تک، تاکہ وہ جاننے کے بعد کچھ نہ جانے (ناسمجھ ہو جائے)۔ اور تو زمین کو دیکھتا ہے

هَامِدَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَاۗءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَاَنْۢبَتَتْ مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ

هَامِدَةً	فَاِذَآ	اَنْزَلْنَا	عَلَيْهَا	الْمَاۗءَ	اهْتَزَّتْ	وَرَبَتْ	وَاَنْۢبَتَتْ	مِنْ	كُلِّ زَوْجٍۢ
خشک پڑی ہوئی	پھر جب	ہم نے اتارا	اس پر	پانی	وہ تروتازہ ہو گئی	اور ابھر آئی	اور اگا لائی	سے	ہر جوڑا

خشک پڑی ہوئی، پھر جب ہم نے اس پر پانی اُتارا تو وہ تر و تازہ ہو گئی، اور اُبھر آئی، اور وہ اُگا لائی ہر (قسم) کا جوڑا

بَهِيْجٍ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّهٗ يُـحْيِ الْمَوْتٰى وَاَنَّهٗ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ

بَهِيْجٍ	ذٰلِكَ	بِاَنَّ	اللّٰهَ	هُوَ الْحَقُّ	وَاَنَّهٗ	يُـحْيِ	الْمَوْتٰى	وَاَنَّهٗ	عَلٰي	كُلِّ شَيْءٍ
رونق دار	یہ	اس لئے کہ	اللہ	وہی برحق	اور یہ کہ وہ	زندہ کرتا ہے	مُردوں	اور یہ کہ وہ	پر	ہر شے

رونق دار (نباتات کا)۔ یہ اس لئے ہے کہ اللہ ہی برحق ہے، اور یہ کہ وہ مُردوں کو زندہ کرتا ہے، اور یہ کہ وہ ہر شے پر

قَدِيْرٌ ۝ وَّاَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ ۝

قَدِيْرٌ	وَّاَنَّ	السَّاعَةَ	اٰتِيَةٌ	لَّا رَيْبَ	فِيْهَا	وَاَنَّ	اللّٰهَ	يَبْعَثُ	مَنْ	فِي الْقُبُوْرِ
قدرت رکھنے والا	اور یہ کہ	گھڑی (قیامت)	آنیوالی	نہیں شک	اس میں	اور یہ کہ	اللہ	اٹھائے گا	جو	قبروں میں

قدرت رکھنے والا ہے۔ اور یہ کہ قیامت آنے والی ہے، اس میں کوئی شک نہیں، اور یہ کہ اللہ اٹھائے گا جو قبروں میں ہے۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ

وَ	مِنَ النَّاسِ	مَنْ	يُّجَادِلُ	فِي اللّٰهِ	بِغَيْرِ عِلْمٍ	وَّ	لَا هُدًى	وَّلَا	كِتٰبٍ
اور	لوگوں میں سے	جو	جھگڑتا ہے	اللہ (کے بارے) میں	بغیر کسی علم	اور	بغیر کسی دلیل	اور بغیر کسی	کتاب

اور لوگوں میں کوئی (ایسا بھی ہے) جو اللہ کے بارے میں جھگڑتا ہے، بغیر کسی علم کے اور بغیر کسی دلیل کے، اور بغیر کسی کتاب

مُّنِيۡرٍۙ‏ ۝۸ ثَانِىَ عِطۡفِهٖ لِيُضِلَّ عَنۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ‌ ؕ لَهٗ فِى الدُّنۡيَا خِزۡىٌ‌ وَّ

وَ	خِزۡىٌ	فِى الدُّنۡيَا	لَهٗ	سَبِيۡلِ اللّٰهِ	عَنۡ	لِيُضِلَّ	ثَانِىَ عِطۡفِهٖ	مُّنِيۡرٍ
اور	رسوائی	دنیا میں	اس کے لئے	اللہ کا راستہ	سے	تاکہ گمراہ کرے	موڑے ہوئے اپنی گردن	روشن

روشن کے۔ (تکبر سے) اپنی گردن موڑے ہوئے تاکہ اللہ کے راستہ سے گمراہ کرے، اس کے لئے دنیا میں رسوائی ہے اور

نُذِيۡقُهٗ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ عَذَابَ الۡحَرِيۡقِ‏ ۝۹ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتۡ يَدٰكَ

يَدٰكَ	قَدَّمَتۡ	ذٰلِكَ بِمَا	الۡحَرِيۡقِ	عَذَابَ	يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ	نُذِيۡقُهٗ
تیرے ہاتھ	آگے بھیجا	یہ اس سبب جو	جلتی آگ	عذاب	روزِ قیامت	ہم اسے چکھائیں گے

ہم اُسے روزِ قیامت جلتی آگ کا عذاب چکھائیں گے۔ یہ اس سبب سے جو تیرے ہاتھوں نے (آگے) بھیجا (تیرے اعمال)

وَاَنَّ اللّٰهَ لَـيۡسَ بِظَلَّامٍ لِّـلۡعَبِيۡدِ ۝۱۰ وَمِنَ النَّاسِ مَنۡ يَّعۡبُدُ اللّٰهَ عَلٰى حَرۡفٍ‌

وَ	اَنَّ اللّٰهَ	لَـيۡسَ	بِظَلَّامٍ	لِّـلۡعَبِيۡدِ	وَ	مِنَ	النَّاسِ	مَنۡ	يَّعۡبُدُ	اللّٰهَ	عَلٰى	حَرۡفٍ
اور	یہ کہ اللہ	نہیں	ظلم کرنے والا	اپنے بندوں پر	اور	سے	لوگ	جو	بندگی کرتا ہے	اللہ	پر	ایک کنارہ

اور یہ کہ اللہ اپنے بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں۔ اور لوگوں میں (کوئی ایسا بھی ہے) جو ایک کنارے پر اللہ کی بندگی کرتا ہے،

فَاِنۡ اَصَابَهٗ خَيۡرُ ۨاطۡمَاَنَّ بِهٖ‌ ۚ وَاِنۡ اَصَابَتۡهُ فِتۡنَةُ ۨانْقَلَبَ عَلٰى وَجۡهِهٖ

فَاِنۡ	اَصَابَهٗ	خَيۡرٌ	اطۡمَاَنَّ	بِهٖ	وَاِنۡ	اَصَابَتۡهُ	فِتۡنَةٌ	انْقَلَبَ	عَلٰى	وَجۡهِهٖ
پھر اگر	اسے پہنچ گئی	بھلائی	تو اطمینان پالیا	اس سے	اور اگر	اسے پہنچی	کوئی آزمائش	تو پلٹ گیا	پر۔بل	اپنا منہ

پھر اگر اسے بھلائی پہنچ گئی تو اُس (عبادت) سے اطمینان پالیا، اور اسے اگر کوئی آزمائش پہنچی تو اپنے مُنہ کے بل پلٹ گیا،

خَسِرَ الدُّنۡيَا وَالۡاٰخِرَةَ‌ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الۡخُسۡرَانُ الۡمُبِيۡنُ‏ ۝۱۱ يَدۡعُوۡا مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ

خَسِرَ الدُّنۡيَا	وَالۡاٰخِرَةَ	ذٰلِكَ	هُوَ الۡخُسۡرَانُ	الۡمُبِيۡنُ	يَدۡعُوۡا	مِنۡ	دُوۡنِ اللّٰهِ
دنیا میں گھاٹا	اور آخرت	یہ ہے	وہ گھاٹا	کھلا	پکارتا ہے وہ	سے	اللہ کے سوا

دنیا اور آخرت کے گھاٹے میں رہا، یہی ہے کھلا گھاٹا۔ وہ اللہ کے سوا پکارتا ہے (اس کو)

مَا لَا يَضُرُّهٗ وَمَا لَا يَنۡفَعُهٗ‌ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الۡبَعِيۡدُ‌ ۝۱۲ يَدۡعُوۡا

مَا	لَا يَضُرُّهٗ	وَمَا	لَا يَنۡفَعُهٗ	ذٰلِكَ	هُوَ	الضَّلٰلُ	الۡبَعِيۡدُ	يَدۡعُوۡا
جو	نہ اسے نقصان پہنچائے	اور جو	نہ اسے نفع پہنچائے	یہ ہے	وہ	گمراہی	دور۔ انتہا درجہ	وہ پکارتا ہے

جو نہ اُسے نقصان پہنچا سکے اور نہ اسے نفع پہنچا سکے، یہی ہے انتہا درجہ کی گمراہی۔ وہ پُکارتا ہے،

لَمَنْ ضَرُّهٗۤ اَقْرَبُ مِنْ نَّفْعِهٖ ؕ لَبِئْسَ الْمَوْلٰى وَ لَبِئْسَ الْعَشِيْرُ ﴿۱۳﴾

لَمَنْ	ضَرُّهٗۤ	اَقْرَبُ	مِنْ نَّفْعِهٖ	لَبِئْسَ	الْمَوْلٰى	وَ لَبِئْسَ	الْعَشِيْرُ
اس کو جو	اس کا ضرر	زیادہ قریب	اس کے نفع سے	بیشک بُرا	دوست	اور بیشک بُرا	رفیق

اس کو جس کا ضرر اس کے نفع سے زیادہ قریب ہے، بیشک بُرا ہے (یہ) دوست ، اور بُرا ہے (یہ) رفیق ۔

اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

اِنَّ	اللّٰهَ	يُدْخِلُ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا
بیشک	اللہ	داخل کرے گا	وہ جو لوگ ایمان لائے	اور	انہوں نے درست عمل کئے	باغات	بہتی ہیں	ان کے نیچے سے

جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے درست عمل کئے بیشک اللہ انہیں ان باغات میں داخل کرے گا جن کے نیچے بہتی ہیں

الْاَنْهٰرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ﴿۱۴﴾ مَنْ كَانَ يَظُنُّ اَنْ لَّنْ يَّنْصُرَهُ اللّٰهُ

الْاَنْهٰرُ	اِنَّ	اللّٰهَ	يَفْعَلُ	مَا يُرِيْدُ	مَنْ	كَانَ يَظُنُّ	اَنْ	لَّنْ يَّنْصُرَهُ	اللّٰهُ
نہریں	بیشک	اللہ	کرتا ہے	جو وہ چاہتا ہے	جو	گمان کرتا ہے	کہ	ہرگز اس کی مدد نہ کریگا	اللہ

نہریں ، بیشک اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے - جو شخص گمان کرتا ہے کہ اللہ اس (رسول) کی ہرگز مدد نہ کرے گا

فِي الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ اِلَى السَّمَآءِ ثُمَّ لْيَقْطَعْ فَلْيَنْظُرْ

فِي الدُّنْيَا	وَ	الْاٰخِرَةِ	فَلْيَمْدُدْ	بِسَبَبٍ	اِلَى السَّمَآءِ	ثُمَّ	لْيَقْطَعْ	فَلْيَنْظُرْ
دنیا میں	اور	آخرت	تو اسے چاہیئے کہ تانے	ایک رسی	آسمان کی طرف	پھر	اسے کاٹ ڈالے	پھر دیکھے

دنیا اور آخرت میں، تو اُسے چاہیئے کہ ایک رسی آسمان کی طرف تانے پھر اسے کاٹ ڈالے (اپنے گلے میں پھندا ڈال لے) پھر دیکھے

هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهٗ مَا يَغِيْظُ ﴿۱۵﴾ وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ اٰيٰتٍ بَيِّنٰتٍ ۙ

هَلْ	يُذْهِبَنَّ	كَيْدُهٗ	مَا يَغِيْظُ	وَكَذٰلِكَ	اَنْزَلْنٰهُ	اٰيٰتٍ	بَيِّنٰتٍ
کیا	دُور کر دیتی ہے	اس کی تدبیر	جو غصہ دلا رہی ہے	اور اسی طرح	ہم نے اس کو نازل کیا	آیتیں	روشن

کیا اس کی یہ تدبیر اس چیز کو دُور کر دیتی ہے جو اسے غصہ دلا رہی ہے - اور اسی طرح ہم نے اس (قرآن) کو اتارا روشن آیتیں

وَّاَنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يُّرِيْدُ ﴿۱۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَ

وَ	اَنَّ اللّٰهَ	يَهْدِيْ	مَنْ	يُّرِيْدُ	اِنَّ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَالَّذِيْنَ	هَادُوْا	وَ
اور	یہ کہ اللہ	ہدایت دیتا ہے	جس کو	وہ چاہتا ہے	بیشک	جو لوگ ایمان لائے	اور جو	یہودی ہوئے	اور

اور یہ کہ اللہ جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے - بے شک جو لوگ ایمان لائے ، اور جو یہودی ہوئے ، اور

الصّٰبِـِٕيْنَ وَ النَّصٰرٰى وَ الْمَجُوْسَ وَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا ۖ اِنَّ اللّٰهَ يَفْصِلُ

الصّٰبِـِٕيْنَ	وَالنَّصٰرٰى	وَالْمَجُوْسَ	وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا	اِنَّ	اللّٰهَ	يَفْصِلُ
صابی (ستارہ پرست)	اور نصاریٰ (عیسیٰ)	اور آتش پرست	اور وہ جنہوں نے شرک کیا (مشرک)	بیشک	اللہ	فیصلہ کردے گا

ستارہ پرست، اور نصاریٰ، اور آتش پرست، اور مشرک بے شک، اللہ فیصلہ کر دے گا

بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝١٧ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ

بَيْنَهُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	اِنَّ اللّٰهَ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ	شَهِيْدٌ	اَلَمْ تَرَ	اَنَّ اللّٰهَ
ان کے درمیان	روزِ قیامت	بیشک اللہ	پر	ہر شے	مُطّلع	کیا تونے نہیں دیکھا؟	کہ اللہ

روزِ قیامت ان کے درمیان، بے شک اللہ ہر چیز پر مُطّلع ہے ۔ کیا تو نے نہیں دیکھا؟ کہ اللہ

يَسْجُدُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَ

يَسْجُدُ لَهٗ	مَنْ	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَنْ	فِي الْاَرْضِ	وَالشَّمْسُ	وَالْقَمَرُ	وَ
سجدہ کرتا ہے اس کے لئے	جو	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	اور سورج	اور چاند	اور

کے لئے سجدہ کرتا ہے جو (بھی) آسمانوں میں اور جو (بھی) زمین میں ہے، اور سورج اور چاند اور

النُّجُوْمُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَاۗبُّ وَكَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ ۭ وَكَثِيْرٌ حَقَّ

النُّجُوْمُ	وَالْجِبَالُ	وَالشَّجَرُ	وَالدَّوَاۗبُّ	وَكَثِيْرٌ	مِّنَ	النَّاسِ	وَكَثِيْرٌ	حَقَّ
ستارے	اور پہاڑ	اور درخت	اور چوپائے	اور بہت	سے	انسان (جمع)	اور بہت سے	ثابت ہوگیا

ستارے اور پہاڑ، اور درخت، اور چوپائے، اور بہت سے انسان (بھی)، اور بہت سے، ہیں کہ ثابت ہوگیا ہے

عَلَيْهِ الْعَذَابُ ۭ وَمَنْ يُّهِنِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ

عَلَيْهِ	الْعَذَابُ	وَ	مَنْ	يُّهِنِ اللّٰهُ	فَمَا لَهٗ	مِنْ مُّكْرِمٍ	اِنَّ اللّٰهَ	يَفْعَلُ
اس پر	عذاب	اور	جسے	ذلیل کرے اللہ	تو نہیں اس کے لئے	کوئی عزت دینے والا	بیشک اللہ	کرتا ہے

ان پر عذاب، اور جسے اللہ ذلیل کرے اس کے لئے کوئی عزت دینے والا نہیں، اور بیشک اللہ کرتا ہے

مَا يَشَاۗءُ ۝١٨ ھٰذٰنِ خَصْمٰنِ اخْتَصَمُوْا فِيْ رَبِّهِمْ ۡ فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا

مَا يَشَاۗءُ	ھٰذٰنِ	خَصْمٰنِ	اخْتَصَمُوْا	فِيْ رَبِّهِمْ	فَالَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
جو وہ چاہتا ہے	یہ دو	دو فریق	وہ جھگڑے	اپنے رب (کے بارے) میں	پس وہ جنہوں نے	کفر کیا

جو وہ چاہتا ہے ۔ یہ دو فریق اپنے رب کے بارے میں جھگڑے، پس جنہوں نے کفر کیا،

قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِيَابٌ مِّنْ نَّارٍ ۭ يُصَبُّ مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ الْحَمِيْمُ ﴿۱۹﴾

قُطِّعَتْ	لَهُمْ	ثِيَابٌ	مِّنْ نَّارٍ	يُصَبُّ	مِنْ فَوْقِ	رُءُوْسِهِمُ	الْحَمِيْمُ
قطع کئے گئے	ان کے لئے	کپڑے	آگ کے	ڈالا جائے گا	اوپر	ان کے سر (جمع)	کھولتا ہوا پانی

ان کے لئے آگ کے کپڑے قطع کئے گئے (بیونتے گئے) ان کے سروں کے اوپر کھولتا ہوا پانی ڈالا جائے گا۔

يُصْهَرُ بِهٖ مَا فِيْ بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ ﴿۲۰﴾ وَلَهُمْ مَّقَامِعُ مِنْ حَدِيْدٍ ﴿۲۱﴾ كُلَّمَآ

يُصْهَرُ	بِهٖ	مَا	فِيْ بُطُوْنِهِمْ	وَالْجُلُوْدُ	وَلَهُمْ	مَقَامِعُ	مِنْ حَدِيْدٍ	كُلَّمَا
پگھل جائیگا	اس سے	جو	ان کے پیٹوں میں	اور جلدیں (کھالیں)	اور ان کے لئے	گرز	لوہے کے	جب بھی

اس سے پگھل جائے گا جو ان کے پیٹوں میں ہے اور (ان کی) کھالیں (بھی) اور ان کے لئے لوہے کے گرز ہیں۔ جب بھی

۲ ع ۱۲ ۹

اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا مِنْ غَمٍّ اُعِيْدُوْا فِيْهَا ۗ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۲۲﴾

اَرَادُوْا	اَنْ يَّخْرُجُوْا	مِنْهَا	مِنْ غَمٍّ	اُعِيْدُوْا	فِيْهَا	وَذُوْقُوْا	عَذَابَ الْحَرِيْقِ
وہ ارادہ کریں گے	کہ وہ نکلیں	اس سے	غم سے (غم کے مارے)	لوٹا دیئے جائیں گے	اس میں	اور چکھو	جلنے کا عذاب

وہ غم کے مارے اس سے نکلنے کا ارادہ کریں گے اسی میں لوٹا دیئے جائیں گے اور (کہا جائے گا) جلنے کا عذاب چکھو۔

اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

اِنَّ اللّٰهَ	يُدْخِلُ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوْا	الصّٰلِحٰتِ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا
بیشک اللہ	داخل کرے گا	جو لوگ ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	نیک	باغات	بہتی ہیں	ان کے نیچے

جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے، بیشک اللہ انہیں باغات میں داخل کرے گا جن کے نیچے بہتی ہیں

الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۭ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا

الْاَنْهٰرُ	يُحَلَّوْنَ فِيْهَا	مِنْ اَسَاوِرَ	مِنْ ذَهَبٍ	وَلُؤْلُؤًا	وَلِبَاسُهُمْ	فِيْهَا
نہریں	وہ پہنائے جائیں گے اس میں	کنگن	سونے کے	اور موتی	اور ان کا لباس	اس میں

نہریں، اس میں انہیں سونے کے کنگن اور موتی پہنائے جائیں گے، اور اس میں ان کا لباس

حَرِيْرٌ ﴿۲۳﴾ وَهُدُوْٓا اِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ ښ وَهُدُوْٓا اِلٰى صِرَاطِ الْحَمِيْدِ ﴿۲۴﴾

حَرِيْرٌ	وَهُدُوْا	اِلَى	الطَّيِّبِ	مِنَ	الْقَوْلِ	وَهُدُوْا	اِلٰى	صِرَاطِ	الْحَمِيْدِ
ریشم	اور انہیں ہدایت کی گئی	طرف	پاکیزہ	سے کی	بات	اور انہیں ہدایت کی گئی	طرف	راہ	تعریفوں کا سزاوار

ریشم (کا ہوگا)، اور انہیں ہدایت کی گئی پاکیزہ بات کی طرف، اور ہدایت کی گئی تعریفوں کے سزاوار (اللہ) کے راستہ کی طرف۔

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَيَصُدُّونَ عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الَّذِي جَعَلْنَهُ

إِنَّ	الَّذِينَ كَفَرُوا	وَيَصُدُّونَ	عَنْ	سَبِيلِ اللَّهِ	وَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ	الَّذِي	جَعَلْنَهُ
بیشک	جن لوگوں نے کفر کیا	اور وہ روکتے ہیں	سے	اللہ کا راستہ	اور مسجد حرام (بیت اللہ)	وہ جسے	ہم نے مقرر کیا

بیشک جن لوگوں نے کفر کیا اور وہ روکتے ہیں اللہ کے راستہ سے اور بیت اللہ سے جسے ہم نے مقرر کیا ہے

لِلنَّاسِ سَوَاءً ۨ الْعَاكِفُ فِيهِ وَالْبَادِ ۚ وَمَنْ يُرِدْ فِيهِ بِإِلْحَادٍ بِظُلْمٍ

لِلنَّاسِ	سَوَاءً	ۨ الْعَاكِفُ	فِيهِ	وَالْبَادِ	وَمَنْ	يُرِدْ	فِيهِ	بِإِلْحَادٍ	بِظُلْمٍ
لوگوں کے لئے	برابر	رہنے والا	اس میں	اور پردیسی	اور جو	ارادہ کرے	اس میں	گمراہی کا	ظلم سے

سب لوگوں کے لئے، اس میں رہنے والے اور پردیسی برابر ہیں (حقوق میں) اور جو اس میں ظلم سے گمراہی کا ارادہ کرے گا

نُذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ ﴿۲۵﴾ وَإِذْ بَوَّأْنَا لِإِبْرَاهِيمَ مَكَانَ الْبَيْتِ

نُذِقْهُ	مِنْ	عَذَابٍ	أَلِيمٍ	وَإِذْ	بَوَّأْنَا	لِإِبْرَاهِيمَ	مَكَانَ الْبَيْتِ
ہم اسے چکھائیں گے	سے	عذاب	دردناک	اور جب	ہم نے ٹھیک کردی	ابراہیم کے لئے	خانہ کعبہ کی جگہ

ہم اسے دردناک عذاب (کا مزہ)، چکھائیں گے۔ اور (یاد کرو)، جب ہم نے ابراہیم کے لئے خانہ کعبہ کی جگہ ٹھیک کردی (ہم نے حکم دیا)

أَنْ لَا تُشْرِكْ بِي شَيْئًا وَطَهِّرْ بَيْتِيَ لِلطَّائِفِينَ وَالْقَائِمِينَ وَالرُّكَّعِ

أَنْ	لَا تُشْرِكْ	بِي	شَيْئًا	وَطَهِّرْ	بَيْتِيَ	لِلطَّائِفِينَ	وَالْقَائِمِينَ	وَالرُّكَّعِ
کہ	نہ شرک کرنا	میرے ساتھ	کسی شے	اور پاک رکھنا	میرا گھر	طواف کرنے والوں کے لئے	اور قیام کرنے والے	اور رکوع کرنے والے

کہ میرے ساتھ کسی کو شریک نہ کرنا، اور میرا گھر پاک رکھنا طواف کرنے والوں کے لئے اور قیام کرنے والوں، رکوع کرنے والوں،

السُّجُودِ ﴿۲۶﴾ وَأَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ يَأْتُوكَ رِجَالًا وَعَلَىٰ كُلِّ ضَامِرٍ يَأْتِينَ

السُّجُودِ	وَأَذِّنْ	فِي	النَّاسِ	بِالْحَجِّ	يَأْتُوكَ	رِجَالًا	وَ عَلَىٰ	كُلِّ ضَامِرٍ	يَأْتِينَ
سجدہ کرنے والے	اور اعلان کردو		لوگوں میں	حج کا	وہ تیرے پاس آئیں	پیدل	اور پر	ہر دبلی اونٹنی	وہ آتی ہیں

سجدہ کرنے والوں کے لئے۔ اور لوگوں میں حج کا اعلان کر دو کہ وہ تیرے پاس پیدل اور دُبلی اونٹنیوں پر (چل کر) آئیں، وہ آتی ہیں

مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيقٍ ﴿۲۷﴾ لِيَشْهَدُوا مَنَافِعَ لَهُمْ وَيَذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ

مِنْ	كُلِّ فَجٍّ	عَمِيقٍ	لِيَشْهَدُوا	مَنَافِعَ	لَهُمْ	وَيَذْكُرُوا	اسْمَ اللَّهِ
سے	ہر راستہ	دُور دراز	تاکہ وہ آموجود ہوں	فائدوں کی جگہ	اپنے	وہ یاد کریں (لیں)	اللہ کا نام

ہر دُور دراز راستہ سے۔ تاکہ وہ اپنے فائدوں کی جگہ آموجود ہوں، اور وہ اللہ کا نام لیں

فِي أَيَّامٍ مَّعْلُومَاتٍ عَلَىٰ مَا رَزَقَهُم مِّن بَهِيمَةِ الْأَنْعَامِ ۖ فَكُلُوا مِنْهَا

فِي	أَيَّامٍ مَّعْلُومَاتٍ	عَلَىٰ	مَا	رَزَقَهُم	مِّن	بَهِيمَةِ	الْأَنْعَامِ	فَكُلُوا	مِنْهَا
میں	جانے پہچانے (مقررہ) دن	پر	جو	ہم نے انہیں دیا	سے	چوپائے	مویشی	پس تم کھاؤ	اس سے

مقررہ دنوں میں (ذبح کرتے وقت) ان مویشی چوپایوں پر جو ہم نے انہیں دیئے ہیں، پس ان میں سے تم (خود بھی) کھاؤ

وَأَطْعِمُوا الْبَائِسَ الْفَقِيرَ ﴿٢٨﴾ ثُمَّ لْيَقْضُوا تَفَثَهُمْ وَلْيُوفُوا نُذُورَهُمْ

وَأَطْعِمُوا	الْبَائِسَ	الْفَقِيرَ	ثُمَّ	لْيَقْضُوا	تَفَثَهُمْ	وَلْيُوفُوا	نُذُورَهُمْ
اور کھلاؤ	بدحال	محتاج	پھر	چاہیے کہ دور کریں	اپنا میل کچیل	اور پوری کریں	اپنی نذریں

اور بدحال محتاج کو (بھی) کھلاؤ۔ پھر چاہیے کہ اپنا میل کچیل دور کریں، اور اپنی نذریں (منتیں) پوری کریں،

وَلْيَطَّوَّفُوا بِالْبَيْتِ الْعَتِيقِ ﴿٢٩﴾ ذَٰلِكَ ۖ وَمَن يُعَظِّمْ حُرُمَاتِ اللَّهِ فَهُوَ

وَلْيَطَّوَّفُوا	بِالْبَيْتِ الْعَتِيقِ	ذَٰلِكَ	وَمَن	يُعَظِّمْ	حُرُمَاتِ اللَّهِ	فَهُوَ
اور طواف کریں	قدیم گھر	یہ	اور جو	تعظیم کرے	شعائر اللہ (اللہ کی نشانیاں)	پس وہ

اور قدیم گھر (بیت اللہ) کا طواف کریں۔ یہ (ہے حکم) اور جو شعائر اللہ کی تعظیم کرے، پس وہ (تعظیم)

خَيْرٌ لَّهُ عِندَ رَبِّهِ ۗ وَأُحِلَّتْ لَكُمُ الْأَنْعَامُ إِلَّا مَا يُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ ۖ فَاجْتَنِبُوا

خَيْرٌ	لَّهُ	عِندَ رَبِّهِ	وَأُحِلَّتْ	لَكُمُ	الْأَنْعَامُ	إِلَّا	مَا يُتْلَىٰ	عَلَيْكُمْ	فَاجْتَنِبُوا
بہتر	اسکے لئے	اسکے رب کے نزدیک	اور حلال قرار دیئے گئے	تمہارے لئے	مویشی	سوا	جو پڑھ دیئے گئے	تم پر۔ تم کو	پس تم بچو

اس کے رب کے نزدیک اس کے لئے بہتر ہے، اور تمہارے لئے مویشی حلال قرار دیئے گئے ان کے سوا جو تم پر پڑھ دیئے گئے (سنا دیئے گئے) پس تم بچو (کنارہ کش ہو)

الرِّجْسَ مِنَ الْأَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوا قَوْلَ الزُّورِ ﴿٣٠﴾ حُنَفَاءَ لِلَّهِ غَيْرَ مُشْرِكِينَ

الرِّجْسَ	مِنَ	الْأَوْثَانِ	وَاجْتَنِبُوا	قَوْلَ	الزُّورِ	حُنَفَاءَ لِلَّهِ	غَيْرَ	مُشْرِكِينَ
گندگی	سے	بت (جمع)	اور بچو	بات	جھوٹی	اللہ کے لئے یک رُخ ہو کر	نہ	شریک کرنے والے

بتوں کی گندگی سے، اور بچو جھوٹی بات سے۔ (سب کو چھوڑ کر) اللہ کے لئے یک رُخ ہو کر (کسی کو) نہ شریک کرنے والے

بِهِ ۚ وَمَن يُشْرِكْ بِاللَّهِ فَكَأَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَاءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ أَوْ تَهْوِي

بِهِ	وَمَن	يُشْرِكْ	بِاللَّهِ	فَكَأَنَّمَا	خَرَّ	مِنَ السَّمَاءِ	فَتَخْطَفُهُ	الطَّيْرُ	أَوْ	تَهْوِي
اسکے ساتھ	اور جو	شریک کرے گا	اللہ کا	تو گویا	وہ گرا	آسمان سے	پس اسے اچک لے جاتے ہیں	پرندے	یا	پھینک دیتی ہے

اس کے ساتھ، اور جو کوئی اللہ کا شریک کرے گا تو گویا وہ آسمان سے گرا، پھر اسے (مُردار خوار) پرندے اُچک لے جاتے ہیں، یا پھینک دیتی ہے

بِهِ الرِّيحُ فِي مَكَانٍ سَحِيقٍ ۝۳۱ ذٰلِكَ وَمَنْ يُعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا

بِهِ	الرِّيحُ	فِي	مَكَانٍ	سَحِيقٍ	ذٰلِكَ	وَمَنْ	يُعَظِّمْ	شَعَآئِرَ اللّٰهِ	فَاِنَّهَا
اس کو	ہوا	میں	کسی جگہ	دُور دراز	یہ	اور جو	تعظیم کرے گا	شعائر اللہ	تو بیشک یہ

اس کو ہوا کسی دُور دراز کی جگہ میں ۔ یہ ہے حکم) اور جو شعائر اللہ کی تعظیم کریگا تو بیشک یہ (اللہ کی نشانیوں کی تعظیم)

مِنْ تَقْوَى الْقُلُوبِ ۝۳۲ لَكُمْ فِيهَا مَنَافِعُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ مَحِلُّهَآ

مِنْ	تَقْوَى	الْقُلُوبِ	لَكُمْ	فِيهَا	مَنَافِعُ	اِلٰٓى	اَجَلٍ مُّسَمًّى	ثُمَّ	مَحِلُّهَا
سے	پرہیزگاری	جمع قلب (دل)	تمہارے لئے	اس میں	جمع نفع (فائدے)	تک	ایک مدت مقرر	پھر	انکے پہنچنے کا مقام

دلوں کی پرہیزگاری سے ہے۔ تمہارے لئے ان (مویشیوں) میں ایک مدت مقرر تک فائدے (حاصل کرنا جائز) ہے، پھر ان کے پہنچنے کا مقام

اِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيقِ ۝۳۳ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا لِّيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ

اِلَى	الْبَيْتِ الْعَتِيقِ	وَ	لِكُلِّ اُمَّةٍ	جَعَلْنَا	مَنْسَكًا	لِّيَذْكُرُوا	اسْمَ اللّٰهِ
تک	بیت قدیم (بیت اللہ)	اور	ہرامت کے لئے	ہم نے مقرر کی	قربانی	تاکر وہ لیں	اللہ کا نام

بیت قدیم (بیت اللہ) تک ہے ۔ اور ہم نے ہر امت کے لئے قربانی مقرر کی تاکہ وہ اللہ کا نام لیں (ذبح کرتے وقت)

عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِّنْ بَهِيمَةِ الْاَنْعَامِ ؕ فَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَلَهٗٓ اَسْلِمُوا ؕ

عَلٰى	مَا	رَزَقَهُمْ	مِّنْ	بَهِيمَةِ	الْاَنْعَامِ	فَاِلٰهُكُمْ	اِلٰهٌ وَّاحِدٌ	فَلَهٗ	اَسْلِمُوا
پر	جو ہم نے دیئے انہیں		سے	چوپائے	مویشی	پس تمہارا معبود	معبودِ یکتا	پس اُس کے	فرمانبردار ہو جاؤ

ان مویشیوں چوپایوں پر جو ہم نے انہیں دیئے ہیں، پس تمہارا معبود معبودِ یکتا ہے، پس اس کے فرمانبردار ہو جاؤ،

وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِينَ ۝۳۴ الَّذِينَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوبُهُمْ وَالصّٰبِرِينَ

وَبَشِّرِ	الْمُخْبِتِينَ	الَّذِينَ	اِذَا	ذُكِرَ اللّٰهُ	وَجِلَتْ	قُلُوبُهُمْ	وَالصّٰبِرِينَ
اور خوشخبری دیں	عاجزی سے گردن جھکانے والے	وہ جو	جب	اللہ کا نام لیا جائے	ڈر جاتے ہیں	ان کے دل	اور صبر کرنے والے

اور (اے محمدؐ) عاجزی سے گردن جھکانے والوں کو خوشخبری دیں ۔ وہ (جنکی کیفیت یہ ہے) جب اللہ کا نام لیا جائے انکے دل ڈر جاتے ہیں، اور وہ صبر کرنے والے ہیں،

عَلٰى مَآ اَصَابَهُمْ وَالْمُقِيمِي الصَّلٰوةِ ۙ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُونَ ۝۳۵ وَ

عَلٰى	مَا	اَصَابَهُمْ	وَالْمُقِيمِي	الصَّلٰوةِ	وَمِمَّا	رَزَقْنٰهُمْ	يُنْفِقُونَ	وَ
پر	جو	انہیں پہنچے	اور قائم کرنے والے	نماز	اور اس سے جو	ہم نے انہیں دیا	وہ خرچ کرتے ہیں	اور

اس پر جو انہیں پہنچے، اور نماز قائم کرنے والے ہیں، اور جو ہم نے انہیں دیا اُس میں سے وہ خرچ کرتے ہیں ۔ اور

الْبُدْنَ جَعَلْنٰهَا لَكُمْ مِّنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ لَكُمْ فِيْهَا خَيْرٌ فَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ

الْبُدْنَ	جَعَلْنٰهَا	لَكُمْ	مِّنْ	شَعَآئِرِ اللّٰهِ	لَكُمْ	فِيْهَا	خَيْرٌ	فَاذْكُرُوْا	اسْمَ اللّٰهِ
قربانی کے اونٹ	ہم نے مقرر کئے	تمہارے لئے	سے	شعائر اللہ	تمہارے لئے	اس میں	بھلائی	پس لو	اللہ کا نام

قربانی کے اونٹ ہم نے تمہارے لئے شعائر اللہ (اللہ کی نشانیاں) مقرر کئے تمہارے لئے ان میں بھلائی ہے، پس اللہ کا نام لو (ذبح کرتے وقت)

عَلَيْهَا صَوَآفَّ ۚ فَاِذَا وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا فَكُلُوْا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا الْقَانِعَ

عَلَيْهَا	صَوَآفَّ	فَاِذَا	وَجَبَتْ	جُنُوْبُهَا	فَكُلُوْا	مِنْهَا	وَاَطْعِمُوْا	الْقَانِعَ
ان پر	قطار باندھ کر	پھر جب	گر جائیں	ان کے پہلو	تو کھاؤ	ان سے	اور کھلاؤ	سوال نہ کرنے والے

ان پر قطار باندھ کر، پھر جب ان کے پہلو (زمین پر) گر جائیں (ذبح ہو جائیں)، تو ان میں سے (خود بھی) کھاؤ اور کھلاؤ، سوال نہ کرنے والوں کو،

وَالْمُعْتَرَّ ؕ كَذٰلِكَ سَخَّرْنٰهَا لَكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۳۶﴾ لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ

وَالْمُعْتَرَّ	كَذٰلِكَ	سَخَّرْنٰهَا	لَكُمْ	لَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُوْنَ	لَنْ يَّنَالَ	اللّٰهَ
اور سوال کرنے والے	اسی طرح	ہم نے انہیں مسخر کیا	تمہارے لئے	تاکہ تم	شکر کرو	ہرگز نہیں پہنچتا	اللہ کو

اور سوال کرنے والوں کو، اسی طرح ہم نے انہیں تمہارے لئے مسخر (زیر فرمان) کیا ہے تاکہ تم شکر کرو (احسان مانو)۔ اللہ کو ہرگز نہیں پہنچتا

لُحُوْمُهَا وَلَا دِمَآؤُهَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ ؕ كَذٰلِكَ سَخَّرَهَا لَكُمْ

لُحُوْمُهَا	وَلَا	دِمَآؤُهَا	وَلٰكِنْ	يَّنَالُهُ	التَّقْوٰى	مِنْكُمْ	كَذٰلِكَ	سَخَّرَهَا	لَكُمْ
ان کا گوشت	اور نہ	ان کا خون	اور لیکن (بلکہ)	اس کو پہنچتا ہے	تقویٰ	تم سے	اسی طرح	ہم نے انہیں مسخر کیا	تمہارے لئے

ان کا گوشت اور نہ ان کا خون بلکہ اس کو پہنچتا ہے تقویٰ (تمہارے دلوں کی پرہیزگاری)، اسی طرح ہم نے انہیں تمہارے لئے مسخر (زیر فرمان) کیا

لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ ؕ وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ يُدٰفِعُ

لِتُكَبِّرُوْا	اللّٰهَ	عَلٰى	مَا هَدٰىكُمْ	وَبَشِّرِ	الْمُحْسِنِيْنَ	اِنَّ اللّٰهَ	يُدٰفِعُ
تاکہ تم بڑائی سے یاد کرو	اللہ	پر	جو اس نے ہدایت دی تمہیں	اور خوشخبری دیں	نیکی کرنے والے	بیشک اللہ	دور کرتا ہے

تاکہ تم اللہ کو بڑائی سے یاد کرو اس پر جو اس نے تمہیں ہدایت دی، اور نیکی کرنیوالوں کو خوشخبری دیں۔ بیشک اللہ دور کرتا ہے

عَنِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ ﴿۳۸﴾ اُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ

عَنِ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اِنَّ اللّٰهَ	لَا يُحِبُّ	كُلَّ	خَوَّانٍ	كَفُوْرٍ	اُذِنَ	لِلَّذِيْنَ	يُقٰتَلُوْنَ
سے	جو لوگ ایمان لائے (مومن)	بیشک اللہ	پسند نہیں کرتا	کسی تمام	دغا باز	ناشکرا	اِذن دیا گیا	ان لوگوں کو	جن سے لڑتے ہیں

مومنوں سے (دشمنوں کے شر)، بیشک اللہ کسی بھی دغاباز (خائن) ناشکرے کو پسند نہیں کرتا۔ جن سے (کافر) لڑتے ہیں، ان لوگوں کو اذن (جہاد) دیا گیا

بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰى نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرُ ﴿۳۹﴾ ۙ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا

اُخْرِجُوْا	الَّذِيْنَ	لَقَدِيْرُ	عَلٰى نَصْرِهِمْ	اللّٰهَ	وَاِنَّ	ظُلِمُوْا	بِاَنَّهُمْ
نکالے گئے	جو لوگ	ضرور قدرت رکھتا ہے	ان کی مدد پر	اللہ	اور بیشک	ان پر ظلم کیا گیا	کیونکہ وہ

کیونکہ ان پر ظلم کیا گیا ہے، اور بیشک اللہ انکی مدد پر ضرور قدرت رکھتا ہے - جو لوگ نکالے گئے

مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ اِلَّآ اَنْ يَّقُوْلُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ؕ وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ

النَّاسَ	اللّٰهِ	لَا دَفْعُ	وَلَوْ	رَبُّنَا اللّٰهُ	يَّقُوْلُوْا	اَنْ	اِلَّآ	بِغَيْرِ حَقٍّ	دِيَارِهِمْ	مِنْ
لوگ	اللہ	دفع نہ کرتا	اور اگر	ہمارا رب اللہ	وہ کہتے ہیں	یہ کہ	مگر (صرف)	نا حق	اپنے گھر (جمع)	سے

اپنے شہروں سے نا حق، صرف (اس بنا پر) کہ وہ کہتے ہیں ہمارا رب اللہ ہے، اور اگر اللہ دفع نہ کرتا لوگوں کو

بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَّصَلَوٰتٌ وَّمَسٰجِدُ

وَمَسٰجِدُ	وَصَلَوٰتٌ	وَبِيَعٌ	صَوَامِعُ	لَّهُدِّمَتْ	بِبَعْضٍ	بَعْضَهُمْ
اور مسجدیں	اور عبادت خانے	اور گرجے	صومعے	توڑھا دیے جاتے	بعض سے (دوسرے)	اُن کے بعض (ایک کو)

ایک کو دوسرے سے، تو صومعے (راہبوں کے خلوت خانے) اور (نصاریٰ کے) گرجے اور (یہود کے) عبادت خانے اور (مسلمانوں کی) مسجدیں ڈھا دی جاتیں

يُذْكَرُ فِيْهَا اسْمُ اللّٰهِ كَثِيْرًا ؕ وَلَيَنْصُرَنَّ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

اللّٰهَ	اِنَّ	يَّنْصُرُهٗ	مَنْ	اللّٰهُ	وَلَيَنْصُرَنَّ	كَثِيْرًا	اسْمُ اللّٰهِ	فِيْهَا	يُذْكَرُ
اللہ	بیشک	اس کی مدد کرتا ہے	جو	اللہ	اور البتہ ضرور مدد کریگا	بہت، بکثرت	اللہ کا نام	ان میں	ذکر کیا جاتا (لیا جاتا ہے)

جن میں اللہ کا نام بکثرت لیا جاتا ہے، اور البتہ اللہ ضرور اُس کی مدد کرے گا، جو اس کی مدد کرتا ہے، بیشک اللہ

لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿۴۰﴾ اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِى الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَ

وَ	الصَّلٰوةَ	اَقَامُوا	فِى الْاَرْضِ	مَّكَّنّٰهُمْ	اِنْ	اَلَّذِيْنَ	عَزِيْزٌ	لَقَوِيٌّ
اور	نماز	وہ قائم کریں	زمین (ملک) میں	ہم دسترس دیں انہیں	اگر	وہ لوگ جو	غالب	قدرت والا (توانا)

توانا، غالب ہے۔ وہ لوگ کہ اگر ہم انہیں ملک میں دسترس (اختیار) دیں تو نماز قائم کریں اور

۴۱

اٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ

الْاُمُوْرِ	عَاقِبَةُ	وَلِلّٰهِ	عَنِ الْمُنْكَرِ	وَنَهَوْا	بِالْمَعْرُوْفِ	وَاَمَرُوْا	الزَّكٰوةَ	اٰتَوُا
تمام کام	انجام کار	اور اللہ کیلئے	برائی سے	اور وہ روکیں	نیک کاموں کا	اور حکم دیں	زکوٰۃ	ادا کریں

زکوٰۃ ادا کریں، اور نیک کاموں کا حکم دیں، اور برائی سے روکیں، اور تمام کاموں کا انجام اللہ ہی کے لئے ہے۔

وَإِنْ يُكَذِّبُوكَ فَقَدْ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَعَادٌ وَثَمُودُ ﴿۴۲﴾ وَ

وَإِنْ	يُكَذِّبُوكَ	فَقَدْ كَذَّبَتْ	قَبْلَهُمْ	قَوْمُ نُوحٍ	وَعَادٌ	وَثَمُودُ	وَ
اور اگر	تمہیں جھٹلائیں	تو جھٹلایا	ان سے قبل	نوح کی قوم	اور عاد	اور ثمود	اور

اور اگر یہ تمہیں جھٹلائیں تو ان سے قبل جھٹلایا نوح[ؑ] کی قوم نے، اور عاد اور ثمود نے، اور

قَوْمُ إِبْرٰهِيمَ وَقَوْمُ لُوطٍ ﴿۴۳﴾ وَأَصْحٰبُ مَدْيَنَ ۚ وَكُذِّبَ مُوسٰى

قَوْمُ إِبْرٰهِيمَ	وَ	قَوْمُ لُوطٍ	وَ	أَصْحٰبُ مَدْيَنَ	وَكُذِّبَ	مُوسٰى
ابراہیم کی قوم	اور	قوم لوط	اور	مدین والے	اور جھٹلایا گیا	موسیٰ[ؑ]

ابراہیم[ؑ] کی قوم نے، اور قوم لوط[ؑ]، اور مدین والوں نے، اور موسیٰ[ؑ] کو (بھی) جھٹلایا گیا

فَأَمْلَيْتُ لِلْكٰفِرِينَ ثُمَّ أَخَذْتُهُمْ ۖ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ ﴿۴۴﴾ فَكَأَيِّنْ مِنْ قَرْيَةٍ

فَأَمْلَيْتُ	لِلْكٰفِرِينَ	ثُمَّ	أَخَذْتُهُمْ	فَكَيْفَ	كَانَ	نَكِيرِ	فَكَأَيِّنْ	مِنْ قَرْيَةٍ
پس میں نے ڈھیل دی	کافروں کو	پھر	میں نے انہیں پکڑ لیا	تو کیسا	ہوا	میرا انکار	تو کتنی	بستیاں

پس میں نے کافروں کو ڈھیل دی، پھر میں نے انہیں پکڑ لیا، تو کیسا ہوا میرے انکار (کا انجام)! سو کتنی ہی بستیاں ہیں

أَهْلَكْنٰهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ فَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوشِهَا وَبِئْرٍ مُعَطَّلَةٍ

أَهْلَكْنٰهَا	وَهِيَ	ظَالِمَةٌ	فَهِيَ	خَاوِيَةٌ	عَلٰى	عُرُوشِهَا	وَبِئْرٍ	مُعَطَّلَةٍ
ہم نے ہلاک کیا انہیں	اور یہ - وہ	ظالم	کہ وہ - یہ	گری پڑی	پر	اپنی چھتیں	اور کنوئیں	بے کار

جنہیں ہم نے ہلاک کیا اور وہ ظالم تھیں، تو یہ (اب) اپنی چھتوں پر گری پڑی ہیں، اور (کتنے ہی) کنوئیں بے کار پڑے ہیں،

وَقَصْرٍ مَشِيدٍ ﴿۴۵﴾ أَفَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَتَكُونَ لَهُمْ قُلُوبٌ

وَقَصْرٍ	مَشِيدٍ	أَ فَلَمْ يَسِيرُوا	فِي الْأَرْضِ	فَتَكُونَ	لَهُمْ	قُلُوبٌ
اور بہت محل	پچ کاری کے	کیا وہ چلتے پھرتے نہیں	زمین میں	جو، ہو جاتے	ان کے	دل

اور بہت سے پچ کاری کے (پختہ) محل ویران پڑے ہیں)۔ کیا وہ زمین میں چلتے پھرتے نہیں جو ان کے دل (ایسے) ہو جاتے کہ

يَعْقِلُونَ بِهَا أَوْ آذَانٌ يَسْمَعُونَ بِهَا ۖ فَإِنَّهَا لَا تَعْمَى الْأَبْصَارُ وَلٰكِنْ

يَعْقِلُونَ	بِهَا	أَوْ	آذَانٌ	يَسْمَعُونَ	بِهَا	فَإِنَّهَا	لَا تَعْمَى	الْأَبْصَارُ	وَلٰكِنْ
وہ سمجھنے لگتے	ان سے	یا	کان (جمع)	سننے لگتے	ان سے	کیونکہ درحقیقت	اندھی نہیں ہوتیں	آنکھیں	اور لیکن (بلکہ)

ان سے سمجھنے لگتے، یا ان کے کان (ایسے ہو جاتے کہ) ان سے سننے لگتے، کیونکہ درحقیقت آنکھیں اندھی نہیں ہوا کرتیں، بلکہ

تَعۡمَى ٱلۡقُلُوبُ ٱلَّتِي فِي ٱلصُّدُورِ ﴿٤٦﴾ وَيَسۡتَعۡجِلُونَكَ بِٱلۡعَذَابِ وَلَن

تَعۡمَى	ٱلۡقُلُوبُ	ٱلَّتِي	فِي ٱلصُّدُورِ	وَ	يَسۡتَعۡجِلُونَكَ	بِٱلۡعَذَابِ	وَلَن
اندھے ہوجاتے ہیں	دل (جمع)	وہ جو	سینوں میں	اور	وہ تم سے جلدی مانگتے ہیں	عذاب	اور ہرگز نہیں

دل جو سینوں میں ہیں اندھے ہو جایا کرتے ہیں۔ اور وہ تم سے عذاب جلدی مانگتے ہیں، اور ہرگز

يُخۡلِفَ ٱللَّهُ وَعۡدَهُۥۚ وَإِنَّ يَوۡمًا عِندَ رَبِّكَ كَأَلۡفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّونَ ﴿٤٧﴾ وَ

يُخۡلِفَ	ٱللَّهُ	وَعۡدَهُۥ	وَإِنَّ	يَوۡمًا	عِندَ رَبِّكَ	كَأَلۡفِ سَنَةٍ	مِّمَّا	تَعُدُّونَ	وَ
خلاف کرے گا	اللہ	اپنا وعدہ	اور بیشک	ایک دن	تمہارے رب کے ہاں	ہزار سال کے مانند	اس سے جو	تم گنتے ہو	اور

اللہ اپنے وعدہ کے خلاف نہ کرے گا اور بیشک تمہارے رب کے ہاں ایک دن ہزار سال کے مانند ہے اس سے جو تم گنتے ہو (تمہارے حساب سے)۔ اور ﴿۴۸﴾

كَأَيِّن مِّن قَرۡيَةٍ أَمۡلَيۡتُ لَهَا وَهِيَ ظَالِمَةٞ ثُمَّ أَخَذۡتُهَا وَإِلَيَّ ٱلۡمَصِيرُ

كَأَيِّن	مِّن قَرۡيَةٍ	أَمۡلَيۡتُ	لَهَا	وَهِيَ	ظَالِمَةٞ	ثُمَّ	أَخَذۡتُهَا	وَإِلَيَّ	ٱلۡمَصِيرُ
کتنی ہی	بستیاں	میں نے ڈھیل دی	ان کو	اور وہ	ظالم	پھر	میں نے پکڑا انہیں	اور میری طرف	لوٹ کر آنا

کتنی ہی بستیاں ہیں، میں نے ان کو ڈھیل دی اور وہ ظالم تھیں، پھر میں نے انہیں پکڑا، اور میری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے۔

قُلۡ يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ إِنَّمَآ أَنَا۠ لَكُمۡ نَذِيرٞ مُّبِينٞ ﴿٤٩﴾ فَٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَ

قُلۡ	يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ	إِنَّمَآ	أَنَا۠	لَكُمۡ	نَذِيرٞ مُّبِينٞ	فَٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ	وَ
فرمادیں	اے لوگو!	اسکے سوا نہیں	میں	تمہارے لئے	ڈرانے والا آشکارا	پس جو لوگ ایمان لائے	اور

فرمادیں، اے لوگو! اس کے سوا نہیں کہ میں تمہارے لئے آشکارا ڈرانے والا ہوں۔ پس جو لوگ ایمان لائے، اور

عَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ لَهُم مَّغۡفِرَةٞ وَرِزۡقٞ كَرِيمٞ ﴿٥٠﴾ وَٱلَّذِينَ سَعَوۡاْ

عَمِلُواْ	ٱلصَّٰلِحَٰتِ	لَهُم	مَّغۡفِرَةٞ	وَ	رِزۡقٞ	كَرِيمٞ	وَ	ٱلَّذِينَ سَعَوۡاْ
انہوں نے عمل کئے	اچھے	ان کے لئے	بخشش	اور	روزی	باعزت	اور	جن لوگوں نے کوشش کی

انہوں نے اچھے عمل کئے، ان کے لئے بخشش اور باعزت روزی ہے۔ اور جن لوگوں نے کوشش کی (اپنے زعم میں)

فِيٓ ءَايَٰتِنَا مُعَٰجِزِينَ أُوْلَٰٓئِكَ أَصۡحَٰبُ ٱلۡجَحِيمِ ﴿٥١﴾ وَمَآ أَرۡسَلۡنَا مِن قَبۡلِكَ

فِيٓ	ءَايَٰتِنَا	مُعَٰجِزِينَ	أُوْلَٰٓئِكَ	أَصۡحَٰبُ ٱلۡجَحِيمِ	وَمَآ أَرۡسَلۡنَا	مِن قَبۡلِكَ
میں	ہماری آیات	عاجز کرنے (ہرانے)	وہی ہیں	دوزخ والے	اور نہیں بھیجا ہم نے	تم سے پہلے

ہماری آیات کے ہرانے میں، وہی ہیں دوزخ والے۔ اور ہم نے تم سے پہلے نہیں بھیجا

مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِيٍّ اِلَّآ اِذَا تَمَنّٰٓى اَلْقَى الشَّيْطٰنُ فِيْٓ اُمْنِيَّتِهٖ ۚ

مِنْ	رَّسُوْلٍ	وَّلَا	نَبِيٍّ	اِلَّآ	اِذَا	تَمَنّٰٓى	اَلْقَى	الشَّيْطٰنُ	فِيْٓ	اُمْنِيَّتِهٖ
سے کوئی	رسول	اور نہ	نبی	مگر	جب	اس نے آرزو کی	ڈالا	شیطان	میں	اس کی آرزو

کوئی رسول اور نہ نبی، مگر جب اس نے آرزو کی تو شیطان نے اس کی آرزو میں (وسوسہ) ڈالا

فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ

فَيَنْسَخُ	اللّٰهُ	مَا يُلْقِي	الشَّيْطٰنُ	ثُمَّ	يُحْكِمُ اللّٰهُ	اٰيٰتِهٖ	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ
پس ہٹا دیتا ہے	اللہ	جو ڈالتا ہے	شیطان	پھر	اللہ مضبوط کردیتا ہے	اپنی آیات	اور اللہ	جاننے والا

پس شیطان جو ڈالتا ہے اللہ ہٹا دیتا ہے، پھر اللہ اپنی آیات کو مضبوط کر دیتا ہے، اور اللہ جاننے والا

حَكِيْمٌ ۝۵۲ لِّيَجْعَلَ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ

حَكِيْمٌ	لِّيَجْعَلَ	مَا يُلْقِي	الشَّيْطٰنُ	فِتْنَةً	لِّلَّذِيْنَ	فِيْ قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ
حکمت والا	تاکہ بنائے	جو ڈالا	شیطان	ایک آزمائش	ان لوگوں کے لئے	ان کے دلوں میں	روگ

حکمت والا ہے۔ تاکہ (اس وسوسہ کو) جو شیطان نے ڈالا اُن لوگوں کے لئے آزمائش بنا دے جن کے دلوں میں روگ ہے،

وَّالْقَاسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ ۭ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَفِيْ شِقَاقٍۢ بَعِيْدٍ ۝۵۳ وَّلِيَعْلَمَ

وَّ	الْقَاسِيَةِ	قُلُوْبُهُمْ	وَاِنَّ	الظّٰلِمِيْنَ	لَفِيْ شِقَاقٍ	بَعِيْدٍ	وَّلِيَعْلَمَ
اور	سخت	ان کے دل	اور بیشک	ظالم (جمع)	البتہ سخت ضد میں	دور پڑی	اور تاکہ جان لیں

اور ان کے دل سخت ہیں، اور بیشک ظالم البتہ سخت ضد میں ہیں۔ اور تاکہ جان لیں

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَيُؤْمِنُوْا بِهٖ فَتُخْبِتَ لَهٗ

الَّذِيْنَ	اُوْتُوا الْعِلْمَ	اَنَّهُ	الْحَقُّ	مِنْ رَّبِّكَ	فَيُؤْمِنُوْا	بِهٖ	فَتُخْبِتَ	لَهٗ
وہ لوگ جنہیں	علم دیا گیا	کہ یہ	حق	تمہارے رب سے	تو وہ ایمان لے آئیں	اس پر	تو جھک جائیں	اس کے لئے

وہ لوگ جنہیں علم دیا گیا ہے کہ یہ تمہارے رب (کی طرف سے) حق ہے تو اس پر ایمان لے آئیں اور اس کے لئے جھک جائیں

قُلُوْبُهُمْ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝۵۴ وَلَا يَزَالُ

قُلُوْبُهُمْ	وَاِنَّ	اللّٰهَ	لَهَادِ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اِلٰى	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيْمٍ	وَلَا يَزَالُ
ان کے دل	اور بیشک	اللہ	ہدایت دیتا ہے	وہ لوگ جو ایمان لائے	طرف	راستہ	سیدھا	اور ہمیشہ رہیں گے

ان کے دل، اور بیشک اللہ ان لوگوں کو سیدھے راستہ کی طرف ہدایت دینے والا ہے جو ایمان لائے۔ اور وہ ہمیشہ رہیں گے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً اَوْ يَاْتِيَهُمْ

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	فِيْ	مِرْيَةٍ	مِّنْهُ	حَتّٰى	تَاْتِيَهُمُ	السَّاعَةُ	بَغْتَةً	اَوْ يَاْتِيَهُمْ
جن لوگوں نے کفر کیا	میں	شک	اس سے	یہاں تک	آئے ان پر	قیامت	اچانک	یا آجائے ان پر

اس سے شک میں جن لوگوں نے کفر کیا، یہاں تک کہ ان پر اچانک قیامت آجائے، یا ان پر آجائے،

عَذَابُ يَوْمٍ عَقِيْمٍ ﴿۵۵﴾ اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ۭ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ ۭ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

عَذَابُ	يَوْمٍ عَقِيْمٍ	اَلْمُلْكُ	يَوْمَئِذٍ	لِّلّٰهِ	يَحْكُمُ	بَيْنَهُمْ	فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
عذاب	منحوس دن	بادشاہی	اس دن	اللہ کیلئے	فیصلہ کریگا	ان کے درمیان	پس جو لوگ ایمان لائے

منحوس دن کا عذاب ۔ اس دن بادشاہی اللہ کے لئے ہے، وہ انکے درمیان فیصلہ کرے گا، پس جو لوگ ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۵۶﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا

وَعَمِلُوْا	الصّٰلِحٰتِ	فِيْ	جَنّٰتِ النَّعِيْمِ	وَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	وَكَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا
اور انہوں نے عمل کئے	اچھے	میں	نعمت کے باغات	اور	جن لوگوں نے کفر کیا	اور جھٹلایا	ہماری آیات کو

اور انہوں نے اچھے عمل کئے وہ نعمت کے باغات میں ہوں گے ۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیات کو جھٹلایا

فَاُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۵۷﴾ وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ قُتِلُوْٓا

فَاُولٰۗىِٕكَ	لَهُمْ	عَذَابٌ مُّهِيْنٌ	وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	ثُمَّ	قُتِلُوْٓا
پس وہی لوگ	انکے لئے	عذاب ذلت	اور جن لوگوں نے ہجرت کی	میں	اللہ کا راستہ	پھر	مارے گئے

انہی کے لئے ہے ذلت کا عذاب ۔ اور جن لوگوں نے اللہ کے راستے میں ہجرت کی، پھر مارے گئے (شہید ہو گئے)

اَوْ مَاتُوْا لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللّٰهُ رِزْقًا حَسَنًا ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۵۸﴾

اَوْ	مَاتُوْا	لَيَرْزُقَنَّهُمُ	اللّٰهُ	رِزْقًا	حَسَنًا	وَ	اِنَّ اللّٰهَ	لَهُوَ	خَيْرُ	الرّٰزِقِيْنَ
یا	وہ مر گئے	البتہ وہ انہیں رزق دے گا	اللہ	رزق	اچھا	اور	بیشک اللہ	البتہ وہ	سب سے بہتر	رزق دینے والا

یا مر گئے، اللہ البتہ انہیں اچھا رزق دے گا، اور اللہ بے شک سب سے بہتر رزق دینے والا ہے۔

لَيُدْخِلَنَّهُمْ مُّدْخَلًا يَّرْضَوْنَهٗ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ﴿۵۹﴾ ذٰلِكَ

لَيُدْخِلَنَّهُمْ	مُّدْخَلًا	يَّرْضَوْنَهٗ	وَاِنَّ	اللّٰهَ	لَعَلِيْمٌ	حَلِيْمٌ	ذٰلِكَ
وہ البتہ انہیں ضرور داخل کریگا	ایسے مقام میں	وہ اسے پسند کریں گے	اور بیشک	اللہ	البتہ علم والا	حلم والا	یہ

وہ البتہ انہیں ضرور ایسے مقام میں داخل کرے گا جسے وہ پسند فرمائیں گے، اور اللہ بیشک علم والا، حلم والا ہے ۔ یہ (تو ہوا)

وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا عُوْقِبَ بِهٖ ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

اِنَّ اللّٰهَ	اللّٰهُ	لَيَنْصُرَنَّهُ	بُغِيَ عَلَيْهِ	ثُمَّ	بِهٖ	مَا عُوْقِبَ	بِمِثْلِ	عَاقَبَ	وَمَنْ
بیشک اللہ	اللہ	ضرور مدد کریگا اسکی	زیادتی کی گئی اس پر	پھر	اس سے	اسے ستایا گیا	جیسے	ستایا	اور جو جس

اور جس نے دشمن کو (اسی قدر) ستایا جیسے اُسے ستایا گیا تھا، پھر اس پر زیادتی کی گئی تو اللہ ضرور اس کی مدد کرے گا، بیشک اللہ

لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ۞ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ

النَّهَارَ	وَ يُوْلِجُ	فِي النَّهَارِ	الَّيْلَ	يُوْلِجُ	اللّٰهَ	بِاَنَّ	ذٰلِكَ	غَفُوْرٌ	لَعَفُوٌّ
دن	اور داخل کرتا ہے	دن میں	رات	داخل کرتا ہے	اللہ	اس لئے کہ	یہ	بخشنے والا	البتہ معاف کرنیوالا

البتہ معاف کرنے والا، بخشنے والا ہے۔ یہ اس لئے ہے کہ اللہ رات کو دن میں داخل کرتا ہے، اور دن کو داخل کرتا ہے

فِي الَّيْلِ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ۞ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا

مَا	وَاَنَّ	هُوَ الْحَقُّ	اللّٰهَ	بِاَنَّ	ذٰلِكَ	بَصِيْرٌ	سَمِيْعٌ	اللّٰهَ	وَاَنَّ	فِي الَّيْلِ
جو۔ جسے	اور یہ کہ	وہی حق	کہ اللہ	اس لئے	یہ	دیکھنے والا	سننے والا	اللہ	اور یہ کہ	رات میں

رات میں، اور یہ کہ اللہ سننے والا، دیکھنے والا ہے۔ یہ اس لئے ہے کہ اللہ ہی حق ہے، اور یہ کہ جسے

يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ هُوَ الْبَاطِلُ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ۞

الْكَبِيْرُ	الْعَلِيُّ	هُوَ	اللّٰهَ	وَاَنَّ	الْبَاطِلُ	هُوَ	مِنْ دُوْنِهٖ	يَدْعُوْنَ
بڑا	بلند مرتبہ	وہ	اللہ	اور یہ کہ	باطل	وہ	اس کے سوا	وہ پکارتے ہیں

وہ اس کے سوا پکارتے ہیں وہ باطل ہے، اور یہ کہ اللہ ہی بلند مرتبہ، بڑا ہے۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۡ فَتُصْبِحُ الْاَرْضُ مُخْضَرَّةً ؕ اِنَّ

اِنَّ	مُخْضَرَّةً	الْاَرْضُ	فَتُصْبِحُ	مَآءً	السَّمَآءِ	مِنَ	اَنْزَلَ	اَنَّ اللّٰهَ	اَلَمْ تَرَ
بیشک	سرسبز	زمین	تو ہو گئی	پانی	آسمان	سے	اُتارا	کہ اللہ	کیا تو نے نہیں دیکھا

کیا تو نے نہیں دیکھا؟ کہ اللہ نے آسمانوں سے پانی اُتارا تو زمین سرسبز ہو گئی، بے شک

اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ۞ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ

اللّٰهَ	وَاِنَّ	فِي الْاَرْضِ	وَمَا	فِي السَّمٰوٰتِ	مَا	لَهٗ	خَبِيْرٌ	لَطِيْفٌ	اللّٰهَ
اللہ	اور بیشک	زمین میں	اور جو کچھ	آسمانوں میں	جو کچھ	اسی کیلئے	خبر رکھنے والا	نہایت مہربان	اللہ

اللہ نہایت مہربان، خبر رکھنے والا ہے۔ اسی کے لئے ہے جو آسمانوں میں ہے، اور جو کچھ زمین میں ہے، اور بیشک اللہ

لَهُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ ﴿٦٤﴾ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَا فِي الْأَرْضِ وَالْفُلْكَ

لَهُوَ	الْغَنِيُّ	الْحَمِيدُ	أَلَمْ تَرَ	أَنَّ اللَّهَ	سَخَّرَ	لَكُمْ	مَا	فِي الْأَرْضِ	وَالْفُلْكَ
البتہ وہی	بے نیاز	تمام خوبیوں والا	کیا تونے نہیں دیکھا	کہ اللہ	مسخر کیا	تمہارے لئے	جو	زمین میں	اور کشتی

وہی بے نیاز، تمام خوبیوں والا ہے۔ کیا تونے نہیں دیکھا کہ اللہ نے تمہارے لئے مسخر کیا جو کچھ زمین میں ہے، اور کشتی

تَجْرِي فِي الْبَحْرِ بِأَمْرِهِ وَيُمْسِكُ السَّمَاءَ أَنْ تَقَعَ عَلَى الْأَرْضِ إِلَّا بِإِذْنِهِ

تَجْرِي	فِي الْبَحْرِ	بِأَمْرِهِ	وَيُمْسِكُ	السَّمَاءَ	أَنْ تَقَعَ	عَلَى الْأَرْضِ	إِلَّا	بِإِذْنِهِ
چلتی ہے	دریا میں	اسکے حکم سے	اور روکے ہوئے ہے	آسمان	کہ وہ گر پڑے	زمین پر	مگر	اسکے حکم سے

اس کے حکم سے دریا میں چلتی ہے، اور وہ آسمانوں کو روکے ہوئے ہے کہ وہ زمین پر نہ گر پڑے مگر اس کے حکم سے،

إِنَّ اللَّهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوفٌ رَحِيمٌ ﴿٦٥﴾ وَهُوَ الَّذِي أَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ

إِنَّ اللَّهَ	بِالنَّاسِ	لَرَءُوفٌ	رَحِيمٌ	وَهُوَ	الَّذِي	أَحْيَاكُمْ	ثُمَّ	يُمِيتُكُمْ
بیشک اللہ	لوگوں پر	بڑا شفقت کرنیوالا	نہایت مہربان	اور وہی	جس نے	زندہ کیا تمہیں	پھر	مارے گا تمہیں

بے شک اللہ لوگوں پر بڑا شفقت کرنے والا نہایت مہربان ہے۔ اور وہی ہے جس نے تمہیں زندہ کیا، پھر تمہیں مارے گا،

ثُمَّ يُحْيِيكُمْ إِنَّ الْإِنْسَانَ لَكَفُورٌ ﴿٦٦﴾ لِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا هُمْ

ثُمَّ	يُحْيِيكُمْ	إِنَّ الْإِنْسَانَ	لَكَفُورٌ	لِكُلِّ أُمَّةٍ	جَعَلْنَا	مَنْسَكًا	هُمْ
پھر	زندہ کرے گا تمہیں	بیشک انسان	بڑا ناشکرا	ہر امت کے لئے	ہم نے مقرر کیا	ایک طریق عبادت	وہ

پھر تمہیں زندہ کرے گا، بے شک انسان بڑا ناشکرا ہے۔ ہم نے ہر امت کے لئے ایک طریق عبادت مقرر کیا ہے، وہ

نَاسِكُوهُ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِي الْأَمْرِ وَادْعُ إِلَىٰ رَبِّكَ إِنَّكَ لَعَلَىٰ هُدًى

نَاسِكُوهُ	فَلَا يُنَازِعُنَّكَ	فِي الْأَمْرِ	وَادْعُ	إِلَىٰ رَبِّكَ	إِنَّكَ	لَعَلَىٰ	هُدًى
اس پر بندگی کرتے ہیں	سو چاہیئے کہ تم سے نہ جھگڑا کریں	اس معاملہ میں	اور بلاؤ	اپنے رب کی طرف	بیشک تم	پر	راہ

اس پر (اسی کے مطابق) بندگی کرتے ہیں، سو چاہیئے کہ اس معاملے میں نہ جھگڑیں، اور اپنے رب کی طرف بلاؤ، بیشک تم ہو

مُسْتَقِيمٍ ﴿٦٧﴾ وَإِنْ جَادَلُوكَ فَقُلِ اللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُونَ ﴿٦٨﴾ اللَّهُ

مُسْتَقِيمٍ	وَإِنْ	جَادَلُوكَ	فَقُلِ	اللَّهُ	أَعْلَمُ	بِمَا تَعْمَلُونَ	اللَّهُ
سیدھی	اور اگر	وہ تم سے جھگڑیں	تو آپ کہدیں	اللہ	خوب جانتا ہے	جو تم کرتے ہو	اللہ

سیدھی راہ پر۔ اور اگر وہ تم سے جھگڑیں تو آپ کہہ دیں اللہ خوب جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔ اللہ

يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۶۹﴾ اَلَمْ تَعْلَمْ

يَحْكُمُ	بَيْنَكُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	فِيْمَا	كُنْتُمْ	فِيْهِ	تَخْتَلِفُوْنَ	اَلَمْ تَعْلَمْ
فیصلہ کرے گا	تمہارے درمیان	روزِ قیامت	جس میں	تم تھے	اس میں	اختلاف کرتے	کیا تجھے معلوم نہیں؟

روزِ قیامت تمہارے درمیان اس بات کا فیصلہ کرے گا، جس میں تم اختلاف کرتے تھے۔ کیا تجھے معلوم نہیں ؟

اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنَّ ذٰلِكَ فِيْ كِتٰبٍ ۭ اِنَّ ذٰلِكَ

اَنَّ اللّٰهَ	يَعْلَمُ	مَا	فِي السَّمَآءِ	وَالْاَرْضِ	اِنَّ	ذٰلِكَ	فِيْ كِتٰبٍ	اِنَّ	ذٰلِكَ
کہ اللہ	جانتا ہے	جو	آسمانوں میں	اور زمین	بیشک	یہ	کتاب میں	بیشک	یہ

کہ اللہ جانتا ہے جو آسمانوں میں اور جو زمین میں ہے، بیشک یہ کتاب میں ہے، بے شک یہ

عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿۷۰﴾ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا

عَلَى اللّٰهِ	يَسِيْرٌ	وَيَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	مَا	لَمْ يُنَزِّلْ	بِهٖ	سُلْطٰنًا
اللہ پر	آسان	اور وہ بندگی کرتے ہیں	اللہ کے	سوا	جو	نہیں اُتاری اس نے	اس کی	کوئی سند

اللہ پر آسان ہے۔ وہ اللہ کے سوا (اس کی) بندگی کرتے ہیں جس کی اس نے کوئی سند نہیں اُتاری،

وَاَصْلَحُوْا	فَاِنَّ	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	وَالَّذِيْنَ	يَرْمُوْنَ	اَزْوَاجَهُمْ	وَلَمْ يَكُنْ
اور انہوں نے اصلاح کر لی	تو بیشک	اللہ	بخشنے والا	نہایت مہربان	اور جو لوگ	تہمت لگائیں	اپنی بیویاں	اور نہ ہوں

اور انہوں نے اصلاح کر لی، تو بیشک اللہ بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔ اور جو لوگ اپنی بیویوں پر تہمت لگائیں اور ۶

لَّهُمْ شُهَدَآءُ اِلَّآ اَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ اَحَدِهِمْ اَرْبَعُ شَهٰدٰتٍۭ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ

لَّهُمْ	شُهَدَآءُ	اِلَّآ	اَنْفُسُهُمْ	فَشَهَادَةُ	اَحَدِهِمْ	اَرْبَعُ	شَهٰدٰتٍ	بِاللّٰهِ	اِنَّهٗ لَمِنَ	الصّٰدِقِيْنَ
ان کے	گواہ	سوا	ان کی جانیں (خود)	پس گواہی	ان میں سے ایک	چار	گواہیاں	اللہ کی قسم	کہ وہ بیشک سے	سچ بولنے والے

خود ان کے سوا اُن کے گواہ نہ ہوں، تو ان میں سے ہر ایک کی گواہی یہ ہے کہ اللہ کی قسم کے ساتھ چار بار گواہی دے کہ وہ سچ بولنے والوں میں سے (سچا ہے)۔

وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كَانَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝۷ وَيَدْرَؤُا عَنْهَا

وَالْخَامِسَةُ	اَنَّ	لَعْنَتَ اللّٰهِ	عَلَيْهِ	اِنْ كَانَ	مِنَ	الْكٰذِبِيْنَ	وَيَدْرَؤُا	عَنْهَا
اور پانچویں	یہ کہ	اللہ کی لعنت	اس پر	اگر ہے	سے	جھوٹ بولنے والے	اور ٹل جائے گی	اس عورت

اور پانچویں بار یہ کہ اس پر اللہ کی لعنت ہو اگر وہ جھوٹ بولنے والوں میں سے ہے (جھوٹا ہے)۔ اور اس عورت سے ٹل جائے گی

الْعَذَابَ اَنْ تَشْهَدَ اَرْبَعَ شَهٰدٰتٍۭ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝۸ وَالْخَامِسَةَ

الْعَذَابَ	اَنْ	تَشْهَدَ	اَرْبَعَ شَهٰدٰتٍ	بِاللّٰهِ	اِنَّهٗ	لَمِنَ	الْكٰذِبِيْنَ	وَ	الْخَامِسَةَ
سزا	اگر	گواہی دے	چار بار گواہی	اللہ کی قسم	کہ وہ	البتہ۔ سے	جھوٹے لوگ	اور	پانچویں بار

سزا اگر وہ چار بار اللہ کی قسم کے ساتھ گواہی دے کہ وہ (مرد) البتہ جھوٹوں میں سے ہے (جھوٹا ہے)۔ اور پانچویں بار

اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَآ اِنْ كَانَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝۹ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ

اَنَّ	غَضَبَ اللّٰهِ	عَلَيْهَا	اِنْ	كَانَ	مِنَ	الصّٰدِقِيْنَ	وَلَوْلَا	فَضْلُ اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ
یہ کہ	اللہ کا غضب	اس پر	اگر	وہ ہے	سے	سچے لوگ	اور اگر نہ	اللہ کا فضل	تم پر

یہ کہ اس عورت پر (مجھ پر) اللہ کا غضب ہو اگر وہ سچوں میں سے ہے (سچا ہے) اور اگر تم پر نہ ہوتا اللہ کا فضل

وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيْمٌ ۝۱۰ اِنَّ الَّذِيْنَ جَآءُوْ بِالْاِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ ؕ

وَرَحْمَتُهٗ	وَاَنَّ	اللّٰهَ	تَوَّابٌ	حَكِيْمٌ	اِنَّ الَّذِيْنَ	جَآءُوْ بِالْاِفْكِ	عُصْبَةٌ	مِّنْكُمْ
اور اس کی رحمت	اور یہ کہ	اللہ	توبہ قبول کرنیوالا	حکمت والا	بیشک جو لوگ	بڑا بہتان لائے	ایک جماعت	تم میں سے

اور اس کی رحمت (تو یہ مشکل حل نہ ہوتی)، اور یہ کہ اللہ توبہ قبول کرنے والا حکمت والا ہے۔ بیشک جو لوگ بڑا بہتان لائے تم (ہی) میں سے ایک جماعت ہیں

لَا تَحْسَبُوْهُ شَرًّا لَّكُمْ ۭ بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۭ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ مَّا اكْتَسَبَ مِنَ الْاِثْمِ

لَا تَحْسَبُوْهُ	شَرًّا	لَّكُمْ	بَلْ	هُوَ	خَيْرٌ لَّكُمْ	لِكُلِّ امْرِئٍ	مِّنْهُمْ	مَّا اكْتَسَبَ	مِنَ الْاِثْمِ
تم اسے گمان نہ کرو	بُرا	اپنے لئے	بلکہ وہ		بہتر ہے تمہارے لئے	ہر ایک آدمی کے لئے	ان میں سے	جو اس نے کمایا (کیا)	گناہ سے

تم اسے اپنے لئے بُرا گمان نہ کرو بلکہ وہ تمہارے لئے بہتر ہے، ان میں سے ہر آدمی کے لئے جتنا اس نے کیا (اتنا) گناہ ہے،

وَالَّذِيْ تَوَلّٰى كِبْرَهٗ مِنْهُمْ لَهٗ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ⑪ لَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ ظَنَّ

وَالَّذِيْ	تَوَلّٰى	كِبْرَهٗ	مِنْهُمْ	لَهٗ	عَذَابٌ	عَظِيْمٌ	لَوْلَآ	اِذْ	سَمِعْتُمُوْهُ	ظَنَّ
اور وہ جس	اٹھایا	بڑا اس کا	اُن میں سے	اسکے لئے	عذاب	بڑا	کیوں نہ	جب	تم نے وہ سُنا	گمان کیا

اور جس نے اس کا بڑا (طوفان) اٹھایا اس کے لئے بڑا عذاب ہے۔ جب تم نے وہ (بہتان) سنا تو کیوں نہ گمان کیا

الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بِاَنْفُسِهِمْ خَيْرًا ۙ وَّقَالُوْا هٰذَآ اِفْكٌ مُّبِيْنٌ ⑫ لَوْلَا جَاۗءُوْ

الْمُؤْمِنُوْنَ	وَالْمُؤْمِنٰتُ	بِاَنْفُسِهِمْ	خَيْرًا	وَّقَالُوْا	هٰذَآ	اِفْكٌ	مُّبِيْنٌ	لَوْلَا	جَاۗءُوْ
مسلمان مردوں	اور مسلمان عورتوں	(اپنوں کے) بارہ میں	نیک	اور انہوں نے کہا	یہ	بہتان	صریح	کیوں نہ	وہ لائے

مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں نے اپنوں کے بارہ میں (گمان) نیک اور انہوں نے (کیوں نہ) کہا؟ یہ صریح بہتان ہے۔ وہ کیوں نہ لائے؟

عَلَيْهِ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَاۗءَ ۚ فَاِذْ لَمْ يَاْتُوْا بِالشُّهَدَاۗءِ فَاُولٰۗىِٕكَ عِنْدَ اللّٰهِ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ⑬

عَلَيْهِ	بِاَرْبَعَةِ	شُهَدَاۗءَ	فَاِذْ	لَمْ يَاْتُوْا	بِالشُّهَدَاۗءِ	فَاُولٰۗىِٕكَ	عِنْدَ اللّٰهِ	هُمُ الْكٰذِبُوْنَ
اس پر	چار	گواہ	پس جب	وہ نہ لائے	گواہ	تو وہی لوگ	اللہ کے نزدیک	وہی جھوٹے

اس پر چار گواہ، پس جب وہ گواہ نہ لائے تو اللہ کے نزدیک وہی جھوٹے ہیں۔

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ لَمَسَّكُمْ فِيْ مَآ اَفَضْتُمْ فِيْهِ

وَلَوْلَا	فَضْلُ اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ	وَرَحْمَتُهٗ	فِي الدُّنْيَا	وَالْاٰخِرَةِ	لَمَسَّكُمْ	فِيْ مَآ	اَفَضْتُمْ	فِيْهِ
اور اگر نہ	اللہ کا فضل	تم پر	اور اسکی رحمت	دنیا میں	اور آخرت	ضرور تم پر پڑتا	اس میں جو	تم پڑے	اس میں

اور اگر تم پر دنیا اور آخرت میں اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو جس (شغل میں) تم پڑے تھے تم پر ضرور پڑتا

عَذَابٌ عَظِيْمٌ ⑭ اِذْ تَلَقَّوْنَهٗ بِاَلْسِنَتِكُمْ وَتَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِكُمْ مَّا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ

عَذَابٌ	عَظِيْمٌ	اِذْ تَلَقَّوْنَهٗ	بِاَلْسِنَتِكُمْ	وَتَقُوْلُوْنَ	بِاَفْوَاهِكُمْ	مَّا لَيْسَ	لَكُمْ	بِهٖ	عِلْمٌ
عذاب	بڑا	جب تم لاتے تھے اسے	اپنی زبانوں پر	اور تم کہتے تھے	اپنے منہ سے	جو نہیں	تمہیں	اس کا	کوئی علم

بڑا عذاب۔ جب تم (ایکدوسرے سے سن کر) اسے اپنی زبان پر لاتے تھے، اور تم اپنے منہ سے کہتے تھے جس کا تمہیں کوئی علم نہ تھا،

وَتَحْسَبُوْنَهٗ هَيِّنًا ۖ وَّهُوَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمٌ ﴿١٥﴾ وَلَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ

وَتَحْسَبُوْنَهٗ	هَيِّنًا	وَّهُوَ	عِنْدَ اللّٰهِ	عَظِيْمٌ	وَلَوْلَآ	اِذْ	سَمِعْتُمُوْهُ	قُلْتُمْ
اور تم اسے گمان کرتے تھے	ہلکی بات	حالانکہ وہ	اللہ کے نزدیک	بہت بڑی (بات)	اور کیوں نہ	جب	تم نے وہ سنا	تم نے کہا

اور تم اسے ہلکی بات گمان کرتے تھے، حالانکہ وہ اللہ کے نزدیک بہت بڑی بات ہے۔ جب تم نے وہ سنا کیوں نہ کہا؟

مَّا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّتَكَلَّمَ بِهٰذَا ۖ سُبْحٰنَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ ﴿١٦﴾ يَعِظُكُمُ اللّٰهُ

مَا يَكُوْنُ	لَنَا	اَنْ نَّتَكَلَّمَ	بِهٰذَا	سُبْحٰنَكَ	هٰذَا	بُهْتَانٌ	عَظِيْمٌ	يَعِظُكُمُ	اللّٰهُ
نہیں ہے	ہمارے لئے	کہ ہم کہیں	ایسی بات	تو پاک ہے	یہ	بہتان	بڑا	تمہیں نصیحت کرتا ہے	اللہ

کہ ہمارے لئے (زیبا) نہیں ہے کہ ہم ایسی بات کہیں (اے اللہ) تو پاک ہے، یہ بڑا بہتان ہے۔ اللہ تمہیں نصیحت کرتا ہے،

اَنْ تَعُوْدُوْا لِمِثْلِهٖٓ اَبَدًا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٧﴾ وَيُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ۭ وَاللّٰهُ

اَنْ	تَعُوْدُوْا	لِمِثْلِهٖ	اَبَدًا	اِنْ كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ	وَيُبَيِّنُ	اللّٰهُ	لَكُمُ	الْاٰيٰتِ	وَاللّٰهُ
کہ	تم پھر کرو	ایسا کام	کبھی بھی	اگر تم ہو	ایمان والے	اور بیان کرتا ہے	اللہ	تمہارے لئے	آیتیں (احکام)	اور اللہ

(مبادا) ایسا کام پھر کبھی کرو، اگر تم ایمان والے ہو۔ اور اللہ تمہارے لئے احکام (صاف صاف) بیان کرتا ہے، اور اللہ

عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿١٨﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ فِي الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

عَلِيْمٌ	حَكِيْمٌ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يُحِبُّوْنَ	اَنْ	تَشِيْعَ	الْفَاحِشَةُ	فِي الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
بڑا جاننے والا	حکمت والا	بیشک	جو لوگ	پسند کرتے ہیں	کہ	پھیلے	بے حیائی	میں . جو	ایمان لائے (مومن)

بڑا جاننے والا، حکمت والا ہے۔ بے شک جو لوگ پسند کرتے ہیں کہ مومنوں میں بے حیائی پھیلے

لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۙ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿١٩﴾

لَهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	فِي الدُّنْيَا	وَالْاٰخِرَةِ	وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	وَاَنْتُمْ	لَا تَعْلَمُوْنَ
ان کے لئے	عذاب	دردناک	دنیا میں	اور آخرت میں	اور اللہ	جانتا ہے	اور تم	نہیں جانتے

ان کے لئے دنیا اور آخرت میں دردناک عذاب ہے، اور اللہ جانتا ہے جو تم نہیں جانتے۔

النصف ٢ ع ١٠ ٨

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿٢٠﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

وَلَوْلَا	فَضْلُ اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ	وَرَحْمَتُهٗ	وَاَنَّ	اللّٰهَ	رَءُوْفٌ	رَّحِيْمٌ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
اور اگر نہ	اللہ کا فضل	تم پر	اور اس کی رحمت	اور یہ کہ	اللہ	شفقت کرنیوالا	نہایت مہربان	اے	وہ لوگ جو ایمان لائے (مومنو)

اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور رحمت نہ ہوتی (تو کیا کچھ نہ ہوجاتا)، اور یہ کہ اللہ شفقت کرنے والا، نہایت مہربان ہے۔ اے مومنو!

لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ۭ وَمَنْ يَّتَّبِعْ خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ فَاِنَّهٗ يَاْمُرُ بِالْفَحْشَاۗءِ

لَا تَتَّبِعُوْا	خُطُوٰتِ	الشَّيْطٰنِ	وَمَنْ	يَّتَّبِعْ	خُطُوٰتِ	الشَّيْطٰنِ	فَاِنَّهٗ	يَاْمُرُ	بِالْفَحْشَاۗءِ
تم نہ پیروی کرو	قدم (جمع)	شیطان	اور جو	پیروی کرتا ہے	قدم (جمع)	شیطان	تو بیشک وہ	حکم دیتا ہے	بے حیائی کا

تم شیطان کے قدموں کی پیروی نہ کرو، اور جو شیطان کے قدموں کی پیروی کرتا ہے تو وہ (شیطان) حکم دیتا ہے بے حیائی کا

وَالْمُنْكَرِ ۭ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ مَا زَكٰى مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَبَدًا ۙ وَّلٰكِنَّ

وَالْمُنْكَرِ	وَلَوْلَا	فَضْلُ اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ	وَرَحْمَتُهٗ	مَا زَكٰى	مِنْكُمْ	مِّنْ اَحَدٍ	اَبَدًا	وَّلٰكِنَّ
اور بری بات	اور اگر نہ	اللہ کا فضل	تم پر	اور اسکی رحمت	نہ پاک ہوتا	تم سے	کوئی آدمی	کبھی بھی	اور لیکن

اور بری بات کا، اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو تم میں سے کوئی آدمی کبھی بھی پاک نہ ہوتا، اور لیکن

اللّٰهَ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۱﴾ وَلَا يَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ

اللّٰهَ	يُزَكِّيْ	مَنْ يَّشَاۗءُ	وَاللّٰهُ	سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ	وَلَا يَاْتَلِ	اُولُوا الْفَضْلِ	مِنْكُمْ
اللہ	پاک کرتا ہے	جسے وہ چاہتا ہے	اور اللہ	سننے والا	جاننے والا	اور قسم نہ کھائیں	فضیلت والے	تم میں سے

اللہ جسے چاہتا ہے پاک کرتا ہے، اور اللہ سننے والا، جاننے والا ہے۔ اور قسم نہ کھائیں تم میں سے فضیلت والے،

وَالسَّعَةِ اَنْ يُّؤْتُوْٓا اُولِي الْقُرْبٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۠

وَالسَّعَةِ	اَنْ يُّؤْتُوْٓا	اُولِي الْقُرْبٰى	وَالْمَسٰكِيْنَ	وَالْمُهٰجِرِيْنَ	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ
اور وسعت والے	کہ (نہ) دیں	قرابت دار	اور مسکینوں	اور ہجرت کرنیوالے	اللہ کے راستہ میں	

اور (مال میں) وسعت والے کہ وہ قرابت داروں کو، مسکینوں کو اور اللہ کی راہ میں ہجرت کرنے والوں کو نہ دیں گے۔

وَلْيَعْفُوْا وَلْيَصْفَحُوْا ۭ اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۲﴾

وَلْيَعْفُوْا	وَلْيَصْفَحُوْا	اَلَا تُحِبُّوْنَ	اَنْ	يَّغْفِرَ اللّٰهُ	لَكُمْ	وَاللّٰهُ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ
اور چاہیئے کہ وہ معاف کردیں	اور وہ درگزر کریں	کیا تم نہیں چاہتے ؟	کہ	اللہ بخشدے	تمہیں	اور اللہ	بخشنے والا	نہایت مہربان

اور چاہیئے کہ وہ معاف کردیں، اور درگزر کریں، کیا تم نہیں چاہتے کہ اللہ تمہیں بخش دے؟ اور اللہ بخشنے والا، نہایت مہربان ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ الْغٰفِلٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ لُعِنُوْا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۠

اِنَّ	الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ	الْمُحْصَنٰتِ	الْغٰفِلٰتِ	الْمُؤْمِنٰتِ	لُعِنُوْا	فِي الدُّنْيَا	وَالْاٰخِرَةِ
بیشک	جو لوگ تہمت لگاتے ہیں	پاکدامن (جمع)	بھولی بھالی انجان	مومن عورتیں	لعنت ہے	دنیا میں	اور آخرت

بیشک جو لوگ پاکدامن، انجان مومن عورتوں پر تہمت لگاتے ہیں ان پر دنیا اور آخرت میں لعنت ہے،

وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿٢٣﴾ يَوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ أَلْسِنَتُهُمْ وَأَيْدِيهِمْ وَأَرْجُلُهُمْ

وَلَهُمْ	عَذَابٌ	عَظِيمٌ	يَوْمَ	تَشْهَدُ	عَلَيْهِمْ	أَلْسِنَتُهُمْ	وَأَيْدِيهِمْ	وَأَرْجُلُهُمْ
اور ان کے لئے	عذاب	بڑا	دن	گواہی دیں گی	ان پر (خلاف)	ان کی زبانیں	اور ان کے ہاتھ	اور ان کے پاؤں

اور ان کے لئے بڑا عذاب ہے۔ جس دن اُن کی زبانیں، اور ان کے ہاتھ، اور انکے پاؤں اُن کے خلاف گواہی دیں گے

بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿٢٤﴾ يَوْمَئِذٍ يُوَفِّيهِمُ اللَّهُ دِينَهُمُ الْحَقَّ وَيَعْلَمُونَ أَنَّ

بِمَا	كَانُوا يَعْمَلُونَ	يَوْمَئِذٍ	يُوَفِّيهِمُ	اللَّهُ	دِينَهُمُ	الْحَقَّ	وَيَعْلَمُونَ	أَنَّ
اسکی جو	وہ کرتے تھے	اس دن	پوری دے گا انہیں	اللہ	ان کی سزا	سچ (ٹھیک ٹھیک)	اور وہ جان لیں گے	کہ

اس کی جو وہ کرتے تھے۔ اس دن اللہ انہیں ان کی سزا ٹھیک ٹھیک پوری دے گا، اور وہ جان لیں گے کہ

اللَّهَ هُوَ الْحَقُّ الْمُبِينُ ﴿٢٥﴾ الْخَبِيثَاتُ لِلْخَبِيثِينَ وَالْخَبِيثُونَ لِلْخَبِيثَاتِ

اللَّهَ	هُوَ	الْحَقُّ	الْمُبِينُ	الْخَبِيثَاتُ	لِلْخَبِيثِينَ	وَالْخَبِيثُونَ	لِلْخَبِيثَاتِ
اللہ	وہی	برحق	ظاہر کرنے والا	ناپاک (گندی) عورتیں	گندے مردوں کے لئے	اور گندے مرد	گندی عورتوں کے لئے

اللہ ہی برحق ہے (حق کو) ظاہر کرنے والا ہے۔ گندی عورتیں گندے مردوں کے لئے ہیں، اور گندے مرد گندی عورتوں کے لئے ہیں،

وَالطَّيِّبَاتُ لِلطَّيِّبِينَ وَالطَّيِّبُونَ لِلطَّيِّبَاتِ أُولَٰئِكَ مُبَرَّءُونَ مِمَّا يَقُولُونَ

وَالطَّيِّبَاتُ	لِلطَّيِّبِينَ	وَالطَّيِّبُونَ	لِلطَّيِّبَاتِ	أُولَٰئِكَ	مُبَرَّءُونَ	مِمَّا	يَقُولُونَ
اور پاک عورتیں	پاک مردوں کے لئے	اور پاک مرد (جمع)	پاک عورتوں کے لئے	یہ لوگ	مبرا ہیں	اس سے جو	وہ کہتے ہیں

اور پاک عورتیں پاک مردوں کے لئے ہیں، اور پاک مرد پاک عورتوں کے لئے ہیں، یہ لوگ اس سے مبرّا (بری) ہیں جو وہ کہتے ہیں،

لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ﴿٢٦﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَدْخُلُوا بُيُوتًا غَيْرَ بُيُوتِكُمْ

لَهُمْ	مَغْفِرَةٌ	وَرِزْقٌ	كَرِيمٌ	يَا أَيُّهَا	الَّذِينَ	آمَنُوا	لَا تَدْخُلُوا	بُيُوتًا	غَيْرَ بُيُوتِكُمْ
ان کے لئے	مغفرت	اور روزی	عزت کی	اے	جو لوگ	ایمان لائے (مومن)	تم نہ داخل ہو	گھر (جمع)	اپنے گھروں کے سوا

ان کے لئے مغفرت اور عزت کی روزی ہے۔ اے مومنو! تم اپنے گھروں کے سوا (دوسرے) گھروں میں داخل نہ ہو،

حَتَّىٰ تَسْتَأْنِسُوا وَتُسَلِّمُوا عَلَىٰ أَهْلِهَا ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ﴿٢٧﴾

حَتَّىٰ	تَسْتَأْنِسُوا	وَتُسَلِّمُوا	عَلَىٰ	أَهْلِهَا	ذَٰلِكُمْ	خَيْرٌ	لَكُمْ	لَعَلَّكُمْ	تَذَكَّرُونَ
یہاں تک کہ	تم اجازت لے لو	اور تم سلام کرلو	پر کو	ان کے رہنے والے	یہ	بہتر ہے	تمہارے لئے	تاکہ تم	نصیحت پکڑو

یہاں تک کہ تم اجازت لے لو، اور ان کے رہنے والوں کو سلام کر لو، یہ تمہارے لئے بہتر ہے تاکہ تم نصیحت پکڑو۔

فَإِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فِيْهَآ اَحَدًا فَلَا تَدْخُلُوْهَا حَتّٰى يُؤْذَنَ لَكُمْ وَاِنْ قِيْلَ لَكُمُ ارْجِعُوْا

فَإِنْ	لَّمْ تَجِدُوْا	فِيْهَآ	اَحَدًا	فَلَا تَدْخُلُوْهَا	حَتّٰى	يُؤْذَنَ	لَكُمْ	وَاِنْ	قِيْلَ لَكُمُ	ارْجِعُوْا
پھر اگر	تم نہ پاؤ	اس میں	کسی کو	تو تم نہ داخل ہو اس میں	یہانتک کہ	اجازت دی جائے	تمہیں	اور اگر	تمہیں کہا جائے	تم لوٹ جاؤ

پھر اگر اس (گھر) میں تم کسی کو نہ پاؤ تو اس میں داخل نہ ہو یہانتک کہ تمہیں اجازت دی جائے، اور اگر تمہیں کہا جائے کہ لوٹ جاؤ

فَارْجِعُوْا هُوَ اَزْكٰى لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿۲۸﴾ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ

فَارْجِعُوْا	هُوَ	اَزْكٰى	لَكُمْ	وَاللّٰهُ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	عَلِيْمٌ	لَيْسَ	عَلَيْكُمْ	جُنَاحٌ	اَنْ
تو تم لوٹ جایا کرو	یہی	زیادہ ستھرا	تمہارے لئے	اور اللہ	وہ جو	تم کرتے ہو	جاننے والا	نہیں	تم پر	کوئی گناہ	اگر

تو تم لوٹ جایا کرو، یہی تمہارے لئے زیادہ ستھرا ہے، اور جو تم کرتے ہو اللہ جاننے والا ہے۔ تم پر اس میں، کوئی گناہ نہیں اگر

تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ مَسْكُوْنَةٍ فِيْهَا مَتَاعٌ لَّكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا

تَدْخُلُوْا	بُيُوْتًا	غَيْرَ مَسْكُوْنَةٍ	فِيْهَا	مَتَاعٌ	لَّكُمْ	وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	مَا تُبْدُوْنَ	وَمَا
تم داخل ہو	ان گھروں میں	جہاں کسی کی سکونت نہیں	جن میں	کوئی چیز	تمہاری	اور اللہ	جانتا ہے	جو تم ظاہر کرتے ہو	اور جو

تم ان گھروں میں داخل ہو جن میں کسی کی سکونت (رہائش) نہیں، جس میں تمہاری کوئی چیز ہو اور اللہ (خوب) جانتا ہے جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو

تَكْتُمُوْنَ ﴿۲۹﴾ قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ۭ

تَكْتُمُوْنَ	قُلْ	لِّلْمُؤْمِنِيْنَ	يَغُضُّوْا	مِنْ	اَبْصَارِهِمْ	وَيَحْفَظُوْا	فُرُوْجَهُمْ
تم چھپاتے ہو	آپؐ فرمادیں	مومن مردوں کو	وہ نیچی رکھیں	سے	اپنی نگاہیں	اور وہ حفاظت کریں	اپنی شرمگاہیں

تم چھپاتے ہو۔ آپؐ فرمادیں مومن مردوں کو کہ وہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں، اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں،

ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ

ذٰلِكَ	اَزْكٰى	لَهُمْ	اِنَّ اللّٰهَ	خَبِيْرٌ	بِمَا	يَصْنَعُوْنَ	وَقُلْ	لِّلْمُؤْمِنٰتِ	يَغْضُضْنَ
یہ	زیادہ ستھرا	انکے لئے	بیشک اللہ	باخبر ہے	اس سے جو	وہ کرتے ہیں	اور فرمادیں	مومن عورتوں کو	وہ نیچی رکھیں

یہ ان کے لئے زیادہ ستھرا ہے، بیشک اللہ اس سے باخبر ہے جو وہ کرتے ہیں۔ اور آپؐ فرمادیں مومن عورتوں کو کہ وہ نیچی رکھیں

مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا

مِنْ	اَبْصَارِهِنَّ	وَيَحْفَظْنَ	فُرُوْجَهُنَّ	وَلَا يُبْدِيْنَ	زِيْنَتَهُنَّ	اِلَّا	مَا	ظَهَرَ مِنْهَا
سے	اپنی نگاہیں	اور وہ حفاظت کریں	اپنی شرمگاہیں	اور وہ ظاہر نہ کریں	اپنی زینت	مگر	جو	اس میں سے ظاہر ہوا

اپنی نگاہیں، اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں اور اپنی زینت (کے مقامات) کو ظاہر نہ کریں مگر جو اس میں سے ظاہر ہوا (جس کا ظاہر ہونا ناگزیر ہے)

وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ ۖ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ

لِبُعُوْلَتِهِنَّ	اِلَّا	زِيْنَتَهُنَّ	وَلَا يُبْدِيْنَ	جُيُوْبِهِنَّ	عَلٰى	بِخُمُرِهِنَّ	وَلْيَضْرِبْنَ
اپنے خاوندوں پر	مگر	اپنی زینت	اور وہ ظاہر نہ کریں	اپنے سینے (گریبان)	پر	اپنی اوڑھنیاں	اور ڈالے رہیں

اور وہ اپنی اوڑھنیاں اپنے گریبانوں پر ڈالے رہیں اور اپنی زینت (کے مقام) ظاہر نہ کریں مگر اپنے خاوندوں پر،

اَوْ اٰبَآئِهِنَّ اَوْ اٰبَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اَبْنَآئِهِنَّ اَوْ اَبْنَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ

اَوْ	اِخْوَانِهِنَّ	اَوْ	اَبْنَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ	اَوْ	اَبْنَآئِهِنَّ	اَوْ	اٰبَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ	اَوْ	اٰبَآئِهِنَّ	اَوْ
یا	اپنے بھائی	یا	اپنے شوہروں کے بیٹے	یا	اپنے بیٹے	یا	اپنے شوہروں کے باپ (خسر)	یا	اپنے باپ (دجمع)	یا

یا اپنے باپ، یا اپنے خسر، یا اپنے بیٹوں، یا اپنے شوہر کے بیٹوں، یا اپنے بھائیوں پر،

بَنِيْٓ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اَخَوٰتِهِنَّ اَوْ نِسَآئِهِنَّ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ

اَيْمَانُهُنَّ	مَا مَلَكَتْ	اَوْ	نِسَآئِهِنَّ	اَوْ	بَنِيْٓ اَخَوٰتِهِنَّ	اَوْ	بَنِيْٓ اِخْوَانِهِنَّ
انکے دائیں ہاتھ (کنیزیں)	جن کے مالک ہوئے	یا	اپنی (مسلمان) عورتیں	یا	اپنی بہنوں کے بیٹے (بھانجے)	یا	اپنے بھائی کے بیٹے (بھتیجے)

اپنے بھتیجوں پر، اپنے بھانجوں، یا اپنی مسلمان عورتوں، یا اپنی کنیزوں،

اَوِ التّٰبِعِيْنَ غَيْرِ اُولِي الْاِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ اَوِ الطِّفْلِ الَّذِيْنَ لَمْ يَظْهَرُوْا

لَمْ يَظْهَرُوْا	الَّذِيْنَ	الطِّفْلِ	اَوِ	الرِّجَالِ	مِنَ	اُولِي الْاِرْبَةِ	غَيْرِ	التّٰبِعِيْنَ	اَوِ
وہ واقف نہیں ہوئے	وہ جو کہ	لڑکے	یا	مرد	سے	نہ غرض رکھنے والے		خدمتگار مرد	یا

یا وہ خدمت گار مرد جو (عورتوں سے) غرض نہ رکھنے والے ہوں، یا وہ لڑکے جو ابھی واقف نہیں

عَلٰى عَوْرٰتِ النِّسَآءِ ۖ وَلَا يَضْرِبْنَ بِاَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِيْنَ مِنْ زِيْنَتِهِنَّ ۚ

زِيْنَتِهِنَّ	مِنْ	مَا يُخْفِيْنَ	لِيُعْلَمَ	بِاَرْجُلِهِنَّ	وَلَا يَضْرِبْنَ	عَوْرٰتِ النِّسَآءِ	عَلٰى
اپنی زینت	سے	جو چھپائے ہوئے ہیں	کہ جان (پہچان) لیا جائے	اپنے پاؤں	اور وہ نہ ماریں	عورتوں کے پردے	پر

عورتوں کے پردے (کے معاملات سے)، اور وہ اپنے پاؤں (زمین پر) نہ ماریں کہ وہ جو اپنی زینت چھپائے ہوئے ہیں پہچان لی جائے،

وَتُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ جَمِيْعًا اَيُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝٣١ وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى

الْاَيَامٰى	وَاَنْكِحُوا	تُفْلِحُوْنَ	لَعَلَّكُمْ	اَيُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ	جَمِيْعًا	اِلَى اللّٰهِ	وَتُوْبُوْٓا
بیوہ عورتیں	اور تم نکاح کرو	فلاح (دو جہان کی کامیابی) پاؤ	تاکہ تم	اے ایمان والو	سب	اللہ کی طرف (آگے)	اور تم توبہ کرو

اے ایمان والو! تم سب اللہ کے آگے توبہ کرو تاکہ تم دو جہان کی کامیابی پاؤ۔ اور تم نکاح کرو اپنی بیوہ عورتوں کا

مِنْكُمْ وَالصّٰلِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَاِمَآئِكُمْ ۭ اِنْ يَّكُوْنُوْا فُقَرَآءَ يُغْنِهِمُ اللّٰهُ

مِنْكُمْ	وَالصّٰلِحِيْنَ	مِنْ	عِبَادِكُمْ	وَاِمَآئِكُمْ	اِنْ يَّكُوْنُوْا	فُقَرَآءَ	يُغْنِهِمُ	اللّٰهُ
اپنے میں سے (ایامی)	اور نیک	سے	اپنے غلام	اور اپنی کنیزیں	اگر وہ ہوں	تنگدست (جمع)	انہیں غنی کردے گا	اللہ

اور اپنے نیک غلاموں اور اپنی کنیزوں کا ، اگر وہ تنگدست ہوں تو اللہ انہیں غنی کر دے گا

مِنْ فَضْلِهٖ ۭ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۳۲﴾ وَلْيَسْتَعْفِفِ الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ نِكَاحًا

مِنْ فَضْلِهٖ	وَاللّٰهُ	وَاسِعٌ	عَلِيْمٌ	وَلْيَسْتَعْفِفِ	الَّذِيْنَ	لَا يَجِدُوْنَ	نِكَاحًا
اپنے فضل سے	اور اللہ	وسعت والا	علم والا	اور چاہیئے کہ بچے رہیں	وہ لوگ جو	نہیں پاتے	نکاح

اپنے فضل سے ، اور اللہ وسعت والا علم والا ہے ۔ اور چاہیئے کہ بچے رہیں (یا پاکدامن رہیں) وہ جو کہ نکاح (مقدور) ، نہیں پاتے

حَتّٰى يُغْنِيَهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۭ وَالَّذِيْنَ يَبْتَغُوْنَ الْكِتٰبَ مِمَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ

حَتّٰى	يُغْنِيَهُمُ	اللّٰهُ	مِنْ فَضْلِهٖ	وَالَّذِيْنَ	يَبْتَغُوْنَ	الْكِتٰبَ	مِمَّا	مَلَكَتْ	اَيْمَانُكُمْ
یہاں تک کہ	انہیں غنی کردے	اللہ	اپنے فضل سے	اور جو لوگ	چاہتے ہوں	مکاتبت	ان میں سے جو	مالک ہوں	تمہارے داہنے ہاتھ (غلام)

یہاں تک کہ اللہ انہیں اپنے فضل سے غنی کردے ، اور ان میں جو تمہارے غلام ہوں مکاتبت (کچھ لے دیکر آزادی کی تحریر) ، چاہتے ہوں

فَكَاتِبُوْهُمْ اِنْ عَلِمْتُمْ فِيْهِمْ خَيْرًا ڰ وَّاٰتُوْهُمْ مِّنْ مَّالِ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اٰتٰىكُمْ ۭ

فَكَاتِبُوْهُمْ	اِنْ عَلِمْتُمْ	فِيْهِمْ	خَيْرًا	وَّاٰتُوْهُمْ	مِّنْ	مَّالِ اللّٰهِ	الَّذِيْٓ اٰتٰىكُمْ
تو تم ان سے مکاتبت (آزادی کی تحریر) کرلو	اگر تم جانو (پاؤ)	ان میں	بہتری	اور تم ان کو دو	سے	اللہ کا مال	جو اس نے تمہیں دیا

تو ان سے مکاتبت (آزادی کی تحریر) کرلو ، اگر تم ان میں بہتری پاؤ ، اور اس مال میں سے ان کو دو جو اللہ نے تمہیں دیا ہے ،

وَلَا تُكْرِهُوْا فَتَيٰتِكُمْ عَلَى الْبِغَاۗءِ اِنْ اَرَدْنَ تَحَصُّنًا لِّتَبْتَغُوْا عَرَضَ الْحَيٰوةِ

وَلَا تُكْرِهُوْا	فَتَيٰتِكُمْ	عَلَى الْبِغَاۗءِ	اِنْ اَرَدْنَ	تَحَصُّنًا	لِّتَبْتَغُوْا	عَرَضَ	الْحَيٰوةِ
اور تم نہ مجبور کرو	اپنی کنیزیں	بدکاری پر	اگر وہ چاہیں	پاکدامن رہنا	تاکہ تم حاصل کرلو	سامان	زندگی

اور اپنی کنیزوں کو بدکاری پر مجبور نہ کرو ، اگر وہ پاکدامن رہنا چاہیں (محض اس لئے کہ) تم دنیا کی زندگی کا سامان حاصل کرلو ،

الدُّنْيَا ۭ وَمَنْ يُّكْرِهْهُّنَّ فَاِنَّ اللّٰهَ مِنْۢ بَعْدِ اِكْرَاهِهِنَّ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۳۳﴾ وَلَقَدْ

الدُّنْيَا	وَمَنْ	يُّكْرِهْهُّنَّ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	مِنْۢ بَعْدِ	اِكْرَاهِهِنَّ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	وَلَقَدْ
دنیا	اور جو	انہیں مجبور کرے گا	تو بیشک	اللہ	بعد	ان کے مجبوری	بخشنے والا	نہایت مہربان	اور تحقیق

اور جو انہیں مجبور کرے گا تو اللہ ان (بیچاریوں کے) ، مجبور کئے جانے کے بعد بخشنے والا ، نہایت مہربان ہے ۔ اور تحقیق

اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ وَّمَثَلًا مِّنَ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ وَمَوْعِظَةً

اَنْزَلْنَآ	اِلَيْكُمْ	اٰيٰتٍ	مُّبَيِّنٰتٍ	وَّمَثَلًا	مِّنَ	الَّذِيْنَ	خَلَوْا	مِنْ قَبْلِكُمْ	وَمَوْعِظَةً
ہم نے نازل کئے	تمہاری طرف	احکام	واضح	اور مثالیں	سے	وہ لوگ جو	گزرے	تم سے پہلے	اور نصیحت

ہم نے تمہاری طرف نازل کئے واضح احکام، اور ان لوگوں کی مثالیں جو تم سے پہلے گزرے ہیں اور نصیحت

لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۴﴾ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ۭ

لِّلْمُتَّقِيْنَ	اَللّٰهُ	نُوْرُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	مَثَلُ	نُوْرِهٖ	كَمِشْكٰوةٍ	فِيْهَا	مِصْبَاحٌ
پرہیزگاروں کے لئے	اللہ	نور	آسمانوں	اور زمین	مثال	اس کا نور	جیسے ایک طاق	اس میں	ایک چراغ

پرہیزگاروں کے لئے۔ اللہ نور ہے زمین اور آسمانوں کا، اسکے نور کی مثال (ایسی ہے) جیسے ایک طاق ہو، اس میں ایک چراغ ہو

اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ ۭ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ

اَلْمِصْبَاحُ	فِيْ زُجَاجَةٍ	اَلزُّجَاجَةُ	كَاَنَّهَا	كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ	يُّوْقَدُ	مِنْ	شَجَرَةٍ	مُّبٰرَكَةٍ
چراغ	ایک شیشہ میں	وہ شیشہ	گویا وہ	ایک ستارہ چمکدار	روشن کیا جاتا ہے	سے	درخت	مبارک

چراغ ایک شیشہ کی (قندیل میں) ہو، وہ شیشہ گویا ایک چمکدار ستارہ ہے، وہ روشن کیا جاتا ہے مبارک درخت

زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ۙ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْۗءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ۭ

زَيْتُوْنَةٍ	لَّا شَرْقِيَّةٍ	وَّلَا غَرْبِيَّةٍ	يَّكَادُ	زَيْتُهَا	يُضِيْۗءُ	وَلَوْ	لَمْ تَمْسَسْهُ	نَارٌ
زیتون	نہ مشرق کا	اور نہ مغرب کا	قریب ہے	تیل	روشن ہو جائے	خواہ	اسے نہ چھوئے	آگ

زیتون سے (جس کا رُخ)، نہ مشرق ہے' نہ مغرب، قریب ہے کہ اس کا تیل روشن ہو جائے خواہ اُسے آگ نہ چھوئے،

نُوْرٌ عَلٰي نُوْرٍ ۭ يَهْدِي اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ۭ

نُوْرٌ عَلٰي نُوْرٍ	يَهْدِي اللّٰهُ	لِنُوْرِهٖ	مَنْ يَّشَاۗءُ	وَيَضْرِبُ	اللّٰهُ	الْاَمْثَالَ	لِلنَّاسِ
روشنی پر روشنی	رہنمائی کرتا ہے اللہ	اپنے نور کی طرف	وہ جس کو چاہتا ہے	اور بیان کرتا ہے	اللہ	مثالیں	لوگوں کے لئے

نورٌ علیٰ نور (سراسر روشنی) ہے، اللہ جس کو چاہتا ہے اپنے نور کی طرف راہ نمائی کرتا ہے، اور اللہ لوگوں کے لئے مثالیں بیان کرتا ہے،

وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۳۵﴾ فِيْ بُيُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ وَيُذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ ۙ

وَاللّٰهُ	بِكُلِّ شَيْءٍ	عَلِيْمٌ	فِيْ بُيُوْتٍ	اَذِنَ	اللّٰهُ	اَنْ تُرْفَعَ	وَيُذْكَرَ	فِيْهَا	اسْمُهٗ
اور اللہ	ہر شے کو	جاننے والا	ان گھروں میں	حکم دیا	اللہ	کہ بلند کیا جائے	اور لیا جائے	اُن میں	اس کا نام

اور اللہ ہر شے کو جاننے والا ہے۔ (یہ روشنی ہے) ان گھروں میں (جن کی نسبت) اللہ نے حکم دیا ہے کہ انہیں بلند کیا جائے اور ان میں اس کا نام لیا جائے

يُسَبِّحُ لَهٗ فِيْهَا بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ۞ رِجَالٌ ۙ لَّا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ

يُسَبِّحُ	لَهٗ	فِيْهَا	بِالْغُدُوِّ	وَالْاٰصَالِ	رِجَالٌ	لَّا تُلْهِيْهِمْ	تِجَارَةٌ	وَّلَا بَيْعٌ
تسبیح کرتے ہیں	اس کی	ان میں	صبح	اور شام	وہ لوگ	انہیں غافل نہیں کرتی	تجارت	اور نہ خرید و فروخت

وہ ان میں صبح و شام اس کی تسبیح کرتے ہیں۔ وہ لوگ (جنہیں)، غافل نہیں کرتی کوئی تجارت، نہ خرید و فروخت

عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءِ الزَّكٰوةِ ۙ يَخَافُوْنَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيْهِ

عَنْ	ذِكْرِ اللّٰهِ	وَاِقَامِ	الصَّلٰوةِ	وَاِيْتَآءِ	الزَّكٰوةِ	يَخَافُوْنَ	يَوْمًا	تَتَقَلَّبُ	فِيْهِ
سے	اللہ کی یاد	اور قائم رکھنا	نماز	اور ادا کرنا	زکوٰۃ	وہ ڈرتے ہیں	اس دن سے	الٹ جائیں گے	اس میں

اللہ کی یاد سے، نماز قائم رکھنے اور زکوٰۃ ادا کرنے سے، وہ اس دن سے ڈرتے ہیں، جس میں الٹ جائیں گے

الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ ۞ لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ

الْقُلُوْبُ	وَالْاَبْصَارُ	لِيَجْزِيَهُمُ	اللّٰهُ	اَحْسَنَ	مَا عَمِلُوْا	وَيَزِيْدَهُمْ	مِّنْ	فَضْلِهٖ
دل (جمع)	اور آنکھیں	تاکہ انہیں جزا دے	اللہ	بہتر سے بہتر	جو انہوں نے کیا (اعمال)	اور وہ انہیں زیادہ دے		اپنے فضل سے

دل اور آنکھیں، تاکہ اللہ ان کے اعمال کی بہتر سے بہتر جزا دے، اور انہیں اپنے فضل سے زیادہ دے،

وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۞ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍۭ

وَاللّٰهُ	يَرْزُقُ	مَنْ يَّشَآءُ	بِغَيْرِ حِسَابٍ	وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا	اَعْمَالُهُمْ	كَسَرَابٍ
اور اللہ	رزق دیتا ہے	جسے چاہتا ہے	بے حساب	اور جن لوگوں نے کفر کیا	ان کے عمل	سراب کی طرح

اور اللہ جسے چاہتا ہے بے حساب رزق دیتا ہے۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے اعمال سراب (چمکتے ریت کے دھوکے) کی طرح ہیں

بِقِيْعَةٍ يَّحْسَبُهُ الظَّمْاٰنُ مَآءً ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَهٗ لَمْ يَجِدْهُ شَيْـًٔا وَّوَجَدَ اللّٰهَ عِنْدَهٗ

بِقِيْعَةٍ	يَّحْسَبُهُ	الظَّمْاٰنُ	مَآءً	حَتّٰٓى	اِذَا جَآءَهٗ	لَمْ يَجِدْهُ	شَيْـًٔا	وَّوَجَدَ	اللّٰهَ	عِنْدَهٗ
چٹیل میدان میں	گمان کرتا ہے	پیاسا	پانی	یہانتک کہ	جب وہ وہاں آتا ہے	اس کو نہیں پاتا	کچھ بھی	اور اس نے پایا	اللہ	اپنے پاس

چٹیل میدان میں، پیاسا اسے پانی گمان کرتا ہے، یہانتک کہ جب وہ وہاں آتا ہے تو اسے کچھ بھی نہیں پاتا، اور اس نے اللہ کو اپنے پاس پایا

فَوَفّٰىهُ حِسَابَهٗ ۭ وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۞ اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰىهُ مَوْجٌ

فَوَفّٰىهُ	حِسَابَهٗ	وَاللّٰهُ	سَرِيْعُ الْحِسَابِ	اَوْ كَظُلُمٰتٍ	فِيْ بَحْرٍ	لُّجِّيٍّ	يَّغْشٰىهُ	مَوْجٌ
تو اس (اللہ) نے اسے پورا کردیا	اس کا حساب	اور اللہ	جلد حساب کرنے والا	یا جیسے اندھیرے	دریا میں	گہرا پانی	اسے ڈھانپ لیتی ہے	موج

تو اللہ نے اس کا حساب پورا کر دیا، اور اللہ جلد حساب کرنیوالا ہے۔ (یا انکے اعمال ایسے ہیں)، جیسے گہرے دریا میں اندھیرے، جنہیں ڈھانپ لیتی ہے موج

مِّن فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّن فَوْقِهٖ سَحَابٌ ۚ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ۗ إِذَآ أَخْرَجَ يَدَهٗ

مِّن فَوْقِهٖ	مَوْجٌ	مِّن فَوْقِهٖ	سَحَابٌ	ظُلُمٰتٌ	بَعْضُهَا	فَوْقَ بَعْضٍ	إِذَآ	أَخْرَجَ	يَدَهٗ
اس کے اوپر سے	ایک (دوسری) موج	اسکے اوپر سے	بادل	اندھیرے	اسکے بعض (ایک)	بعض (دوسرے) کے اوپر	جب	وہ نکالے	اپنا ہاتھ

اس کے اوپر دوسری موج، اس کے اوپر بادل، اندھیرے ہیں ایک پر دوسرا، جب وہ اپنا ہاتھ نکالے

لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ۗ وَمَن لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُورًا فَمَا لَهٗ مِن نُّورٍ ﴿٤٠﴾ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللّٰهَ

لَمْ يَكَدْ	يَرٰىهَا	وَمَن	لَّمْ يَجْعَلِ	اللّٰهُ	لَهٗ	نُورًا	فَمَا لَهٗ	مِن نُّورٍ	أَلَمْ تَرَ	أَنَّ اللّٰهَ
نزدیک نہیں (توقع نہیں)	تو وہ اسے دیکھے	اور جسے	نہ بنائے (نہ دے)	اللہ	اسکے لئے	نور	تو نہیں اسکے لئے	کوئی نور	کیا تو نے نہیں دیکھا	کہ اللہ

تو توقع نہیں کہ اسے دیکھ سکے، اور جس کے لئے اللہ نور نہ بنائے اس کے لئے کوئی نور نہیں۔ کیا تو نے نہیں دیکھا؟ کہ اللہ

يُسَبِّحُ لَهٗ مَن فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَالطَّيْرُ صٰٓفّٰتٍ ۖ كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ

يُسَبِّحُ	لَهٗ	مَن	فِي السَّمٰوٰتِ	وَالْأَرْضِ	وَالطَّيْرُ	صٰٓفّٰتٍ	كُلٌّ	قَدْ عَلِمَ	صَلَاتَهٗ
پاکیزگی بیان کرتا ہے	اسکی	جو	آسمانوں میں	اور زمین	اور پرندے	پر پھیلائے ہوئے	ہر ایک	جان لی	اپنی دعا

کی پاکیزگی بیان کرتا ہے جو (بھی) آسمانوں اور زمین میں ہے، اور پر پھیلائے ہوئے پرندے (بھی)، ہر ایک نے جان لی ہے اپنی دعا

وَتَسْبِيحَهٗ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيمٌۢ بِمَا يَفْعَلُونَ ﴿٤١﴾ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۖ

وَ	تَسْبِيحَهٗ	وَاللّٰهُ	عَلِيمٌ	بِمَا	يَفْعَلُونَ	وَلِلّٰهِ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْأَرْضِ
اور	اپنی تسبیح	اور اللہ	جانتا ہے	وہ جو	وہ کرتے ہیں	اور اللہ کیلئے	بادشاہت	آسمانوں	اور زمین

اور اپنی تسبیح، اور اللہ جانتا ہے جو وہ کرتے ہیں۔ اور اللہ (ہی) کی بادشاہت ہے آسمانوں کی اور زمین کی،

وَإِلَى اللّٰهِ الْمَصِيرُ ﴿٤٢﴾ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللّٰهَ يُزْجِي سَحَابًا ثُمَّ يُؤَلِّفُ بَيْنَهٗ ثُمَّ يَجْعَلُهٗ

وَ	إِلَى اللّٰهِ	الْمَصِيرُ	أَلَمْ تَرَ	أَنَّ	اللّٰهَ	يُزْجِي	سَحَابًا	ثُمَّ	يُؤَلِّفُ	بَيْنَهٗ	ثُمَّ	يَجْعَلُهٗ
اور	اللہ کی طرف	لوٹ کر جانا	کیا تو نے نہیں دیکھا	کہ	اللہ	چلاتا ہے	بادل (جمع)	پھر	ملاتا ہے	آپس میں	پھر	وہ اسکو کرتا ہے

اور اللہ (ہی) کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ بادل چلاتا ہے، پھر انہیں آپس میں ملاتا ہے، پھر وہ انہیں

رُكَامًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ مِن جِبَالٍ فِيهَا

رُكَامًا	فَتَرَى	الْوَدْقَ	يَخْرُجُ	مِنْ خِلٰلِهٖ	وَيُنَزِّلُ	مِنَ السَّمَآءِ	مِن	جِبَالٍ	فِيهَا
تہہ بہ تہہ	پھر تو دیکھے	بارش	نکلتی ہے	اس کے درمیان سے	اور وہ اتارتا ہے	آسمانوں سے	سے	پہاڑ	اس میں

تہہ بہ تہہ کر دیتا ہے، پھر تو دیکھے ان کے درمیان سے بارش نکلتی ہے، اور وہ آسمانوں (میں جو اولوں کے) پہاڑ ہیں ان سے اتارتا ہے

مِنْ بَرَدٍ فَيُصِيبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَيَصْرِفُهٗ عَنْ مَّنْ يَّشَآءُ ؕ يَكَادُ سَنَا

سَنَا	يَكَادُ	مَنْ يَّشَآءُ	عَنْ	وَيَصْرِفُهٗ	مَنْ يَّشَآءُ	بِهٖ	فَيُصِيبُ	بَرَدٍ	مِنْ
چمک	قریب ہے	جس سے چاہے	سے	اور اسے پھیر دیتا ہے	جس پر چاہے	اسے	پھر وہ ڈالدیتا ہے	اولے	سے

اولے۔ پھر وہ جس پر چاہے اسے ڈالدیتا ہے، اور جس سے چاہے وہ اُسے پھیر دیتا ہے، قریب ہے کہ

بَرْقِهٖ يَذْهَبُ بِالْاَبْصَارِ ﴿۴۳﴾ يُقَلِّبُ اللّٰهُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً

لَعِبْرَةً	فِيْ ذٰلِكَ	اِنَّ	وَالنَّهَارَ	الَّيْلَ	يُقَلِّبُ اللّٰهُ	بِالْاَبْصَارِ	يَذْهَبُ	بَرْقِهٖ
عبرت ہے	اس میں	بیشک	اور دن	رات	بدلتا ہے اللہ	آنکھوں کو	لے جائے	اس کی بجلی

اس کی بجلی کی چمک آنکھوں (کی بینائی) لے جائے۔ اللہ رات اور دن کو بدلتا ہے، بیشک اس میں عبرت ہے

لِّاُولِي الْاَبْصَارِ ﴿۴۴﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ دَآبَّةٍ مِّنْ مَّآءٍ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى بَطْنِهٖ ۚ

عَلٰى بَطْنِهٖ	مَنْ يَّمْشِيْ	فَمِنْهُمْ	مِنْ مَّآءٍ	كُلَّ دَآبَّةٍ	خَلَقَ	وَاللّٰهُ	لِّاُولِي الْاَبْصَارِ
اپنے پیٹ پر	جو کوئی چلتا ہے	پس ان میں سے	پانی سے	ہر جانور	پیدا کیا	اور اللہ	آنکھوں والے (عقلمند)

عقلمندوں کے لئے۔ اور اللہ نے ہر جانور پانی سے پیدا کیا، پس ان میں سے کوئی اپنے پیٹ پر چلتا ہے

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى رِجْلَيْنِ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى اَرْبَعٍ ؕ يَخْلُقُ اللّٰهُ

يَخْلُقُ اللّٰهُ	اَرْبَعٍ	عَلٰى	مَنْ يَّمْشِيْ	وَمِنْهُمْ	عَلٰى رِجْلَيْنِ	مَنْ يَّمْشِيْ	وَمِنْهُمْ
اللہ پیدا کرتا ہے	چار	پر	کوئی چلتا ہے	اور ان میں سے	دو پاؤں پر	کوئی چلتا ہے	اور ان میں سے

اور ان میں سے کوئی دو پاؤں پر چلتا ہے، اور ان میں سے کوئی چار (پاؤں) پر چلتا ہے۔ اللہ پیدا کرتا ہے

مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۴۵﴾ لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ ؕ وَ

وَ	مُّبَيِّنٰتٍ	اٰيٰتٍ	اَنْزَلْنَآ	لَقَدْ	قَدِيْرٌ	كُلِّ شَيْءٍ	عَلٰى	اِنَّ اللّٰهَ	مَا يَشَآءُ
اور	واضح	آیتیں	تحقیق ہم نے نازل کیں		قدرت رکھنے والا	ہر شے	پر	بیشک اللہ	جو وہ چاہتا ہے

جو وہ چاہتا ہے، بیشک اللہ ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے۔ تحقیق ہم نے واضح آیتیں نازل کیں، اور

اللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۴۶﴾ وَيَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالرَّسُوْلِ

وَبِالرَّسُوْلِ	بِاللّٰهِ	اٰمَنَّا	وَيَقُوْلُوْنَ	مُّسْتَقِيْمٍ	صِرَاطٍ	اِلٰى	مَنْ يَّشَآءُ	يَهْدِيْ	اللّٰهُ
اور رسول پر	اللہ پر	ہم ایمان لائے	اور وہ کہتے ہیں	سیدھا	راستہ	طرف	جسے وہ چاہتا ہے	ہدایت دیتا ہے	اللہ

اللہ جسے چاہتا ہے سیدھے راستے کی طرف ہدایت دیتا ہے۔ اور وہ کہتے ہیں کہ ہم اللہ اور رسول پر ایمان لائے

وَاَطَعْنَا ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ۭ وَمَآ اُولٰۗىِٕكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۷﴾

وَاَطَعْنَا	ثُمَّ يَتَوَلّٰى	فَرِيْقٌ	مِّنْهُمْ	مِّنْۢ بَعْدِ	ذٰلِكَ	وَمَا اُولٰۗىِٕكَ	بِالْمُؤْمِنِيْنَ
اور ہم نے حکم مانا	پھر پھر گیا	ایک فریق	ان میں سے	اس کے بعد		اور وہ نہیں	ایمان والے

اور ہم نے حکم مانا، پھر اس کے بعد ان میں سے ایک فریق پھر گیا، اور وہ ایمان والے نہیں۔

وَاِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَاِنْ

وَاِذَا	دُعُوْٓا	اِلَى اللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	لِيَحْكُمَ	بَيْنَهُمْ	اِذَا	فَرِيْقٌ	مِّنْهُمْ	مُّعْرِضُوْنَ	وَاِنْ
اور جب	وہ بلائے جاتے ہیں	اللہ کی طرف	اور اس کا رسول	تاکہ وہ فیصلہ کردیں	انکے درمیان	ناگہاں	ایک فریق	ان میں سے	منہ پھیر لیتا ہے	اور اگر

اور جب وہ اللہ اور اس کے رسول کی طرف بلائے جاتے ہیں تاکہ وہ ان کے درمیان فیصلہ کردیں تو ناگہاں ان میں سے ایک فریق منہ پھیر لیتا ہے۔ اور اگر

يَكُنْ لَّهُمُ الْحَقُّ يَاْتُوْٓا اِلَيْهِ مُذْعِنِيْنَ ﴿۴۹﴾ اَفِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَمِ ارْتَابُوْٓا اَمْ

يَكُنْ	لَّهُمُ	الْحَقُّ	يَاْتُوْٓا اِلَيْهِ	مُذْعِنِيْنَ	اَفِيْ قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ	اَمِ	ارْتَابُوْٓا	اَمْ
ہو	انکے لئے	حق	وہ آتے ہیں اسکی طرف	گردن جھکائے	کیاان کے دلوں میں	کوئی روگ	یا	وہ شک میں پڑے ہیں	یا

ان کے لئے حق (پہنچتا) ہو تو وہ اسکی طرف گردن جھکائے (خوشی سے) چلے آتے ہیں۔ کیا ان کے دلوں میں کوئی روگ ہے، یا وہ شک میں پڑے ہیں، یا

۶ ع ۱۰ ۱۲

يَخَافُوْنَ اَنْ يَّحِيْفَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَرَسُوْلُهٗ ۭ بَلْ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۵۰﴾

يَخَافُوْنَ	اَنْ	يَّحِيْفَ اللّٰهُ	عَلَيْهِمْ	وَرَسُوْلُهٗ	بَلْ	اُولٰۗىِٕكَ	هُمُ	الظّٰلِمُوْنَ
وہ ڈرتے ہیں	کہ	ظلم کرے گا اللہ	اُن پر	اور اس کا رسول	بلکہ	وہ	وہی	ظالم (جمع)

وہ ڈرتے ہیں کہ اللہ اور اس کا رسول اُن پر ظلم کریں گے، (نہیں) بلکہ وہی ظالم ہیں۔

اِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اَنْ

اِنَّمَا	كَانَ	قَوْلَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	اِذَا	دُعُوْٓا	اِلَى اللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	لِيَحْكُمَ	بَيْنَهُمْ	اَنْ
اسکے سوانہیں	ہے	بات	مومن (جمع)	جب	وہ بلائے جاتے ہیں	اللہ کی طرف	اور اس کا رسول	تاکہ وہ فیصلہ کریں	انکے درمیان	کہ۔ تو

مومنوں کی بات اس کے سوا نہیں کہ جب وہ اللہ اور اس کے رسول کی طرف بلائے جاتے ہیں تاکہ وہ ان کے درمیان فیصلہ کر دیں، تو

يَّقُوْلُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۵۱﴾ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

يَّقُوْلُوْا	سَمِعْنَا	وَاَطَعْنَا	وَاُولٰۗىِٕكَ	هُمُ	الْمُفْلِحُوْنَ	وَمَنْ	يُّطِعِ اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ
وہ کہتے ہیں	ہم نے سُنا	اور ہم نے اطاعت کی	اور وہ	وہی	فلاح پانے والے	اور جو	اطاعت کرے اللہ	اور اس کا رسول

وہ کہتے ہیں ہم نے سنا اور ہم نے اطاعت کی اور وہی ہیں فلاح (دو جہان کی کامیابی) پانے والے۔ اور جو کوئی اللہ اور اسکے رسول کی اطاعت کرے

وَيَخْشَ اللّٰهَ وَيَتَّقْهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ

وَيَخْشَ	اللّٰهَ	وَيَتَّقْهِ	فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْفَآئِزُوْنَ	وَاَقْسَمُوْا	بِاللّٰهِ	جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ
اور ڈرے	اللہ	اور پرہیزگاری کرے	پس وہ	وہی	کامیاب ہونیوالے	اور انہوں نے قسم کھائی	اللہ کی	اپنی زور دار قسمیں

اور اللہ سے ڈرے اور پرہیزگاری کرے پس وہی لوگ کامیاب ہونے والے ہیں۔ اور انہوں نے اللہ کی زوردار قسمیں کھائیں

لَئِنْ اَمَرْتَهُمْ لَيَخْرُجُنَّ ؕ قُلْ لَّا تُقْسِمُوْا ۚ طَاعَةٌ مَّعْرُوْفَةٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا

لَئِنْ	اَمَرْتَهُمْ	لَيَخْرُجُنَّ	قُلْ	لَّا تُقْسِمُوْا	طَاعَةٌ	مَّعْرُوْفَةٌ	اِنَّ اللّٰهَ	خَبِيْرٌ	بِمَا
البتہ اگر	آپ حکم دیں انہیں	تو وہ ضرور نکل کھڑے ہونگے	فرمادیں	تم قسمیں نہ کھاؤ	اطاعت	پسندیدہ	بیشک اللہ	باخبر رکھتا ہے	وہ جو

کہ اگر آپؐ انہیں حکم دیں تو وہ ضرور (جہاد کیلئے) نکل کھڑے ہونگے آپ فرمادیں تم قسمیں نہ کھاؤ، پسندیدہ اطاعت (مطلوب ہے)، بیشک اللہ اسکی خبر رکھتا ہے وہ جو

تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۳﴾ قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْهِ مَا

تَعْمَلُوْنَ	قُلْ	اَطِيْعُوا اللّٰهَ	وَاَطِيْعُوا	الرَّسُوْلَ	فَاِنْ تَوَلَّوْا	فَاِنَّمَا	عَلَيْهِ	مَا
تم کرتے ہو	فرمادیں	تم اطاعت کرو اللہ کی	اور اطاعت کرو	رسول کی	پھر اگر تم پھر گئے	تو اسکے سوا نہیں	اس پر	جو

تم کرتے ہو۔ آپؐ فرمادیں تم اللہ کی اور رسول کی اطاعت کرو، پھر اگر تم پھر گئے تو اس کے سوا نہیں کہ رسول پر اسی قدر ہے جو

حُمِّلَ وَعَلَيْكُمْ مَّا حُمِّلْتُمْ ؕ وَاِنْ تُطِيْعُوْهُ تَهْتَدُوْا ؕ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا

حُمِّلَ	وَعَلَيْكُمْ	مَا حُمِّلْتُمْ	وَاِنْ	تُطِيْعُوْهُ	تَهْتَدُوْا	وَمَا	عَلَى	الرَّسُوْلِ	اِلَّا
بوجھ ڈالا گیا (فرض)	اور تم پر	جو بوجھ ڈالا گیا تم پر (فرض)	اور اگر	تم اطاعت کروگے	تم ہدایت پالوگے	اور نہیں	پر	رسول	مگر صرف

اس کے ذمے کیا گیا ہے اور تم پر (لازم ہے) جو تمہارے ذمے کیا گیا ہے، اگر تم اسکی اطاعت کروگے تو ہدایت پالوگے، اور رسول پر صرف

الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۵۴﴾ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ

الْبَلٰغُ	الْمُبِيْنُ	وَعَدَ اللّٰهُ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مِنْكُمْ	وَعَمِلُوْا	الصّٰلِحٰتِ	لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ
پہنچا دینا	صاف صاف	اللہ نے وعدہ کیا	ان لوگوں سے	جو ایمان لائے	تم میں سے	اور کام کئے	نیک	ضرور انہیں خلافت دے گا

صاف صاف پہنچا دینا ہے۔ اللہ نے ان لوگوں سے وعدہ کیا ہے جو تم میں سے ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے انہیں ضرور خلافت (سلطنت) دے گا

فِى الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۪ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِى

فِى الْاَرْضِ	كَمَا	اسْتَخْلَفَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	وَلَيُمَكِّنَنَّ	لَهُمْ	دِيْنَهُمُ	الَّذِى
زمین میں	جیسے	اس نے خلافت دی	وہ لوگ جو	ان سے پہلے	اور ضرور قوت دے گا	انکے لئے	ان کا دین	جو

زمین میں، جیسے ان کے پہلوں کو خلافت دی، اور البتہ اُن کے لئے اُن کا دین ضرور قوت (استحکام) دے گا، جو

اَرۡتَضٰی لَهُمۡ وَ لَیُبَدِّلَنَّهُمۡ مِّنۡۢ بَعۡدِ خَوۡفِهِمۡ اَمۡنًا ؕ یَعۡبُدُوۡنَنِیۡ لَا یُشۡرِکُوۡنَ بِیۡ

اَرۡتَضٰی	لَهُمۡ	وَ لَیُبَدِّلَنَّهُمۡ	مِّنۡۢ بَعۡدِ	خَوۡفِهِمۡ	اَمۡنًا	یَعۡبُدُوۡنَنِیۡ	لَا یُشۡرِکُوۡنَ	بِیۡ
اس نے پسند کیا	ان کے لئے	اور البتہ وہ ضرور بدل دیگا انکے لئے	بعد	ان کا خوف	امن	وہ میری عبادت کریں گے	وہ شریک کریں گے	میرا

اس نے اُن کے لئے پسند کیا، اور البتہ اُن کے لئے خوف کے بعد ضرور امن بدل دیگا، وہ میری عبادت کریں گے، میرا شریک نہ کریں گے

شَیۡئًا ؕ وَ مَنۡ کَفَرَ بَعۡدَ ذٰلِکَ فَاُولٰٓئِکَ هُمُ الۡفٰسِقُوۡنَ ﴿۵۵﴾ وَ اَقِیۡمُوا الصَّلٰوۃَ

شَیۡئًا	وَ مَنۡ	کَفَرَ	بَعۡدَ ذٰلِکَ	فَاُولٰٓئِکَ هُمُ	الۡفٰسِقُوۡنَ	وَ اَقِیۡمُوا	الصَّلٰوۃَ
کوئی شے	اور جس	ناشکری کی	اس کے بعد	پس وہی لوگ	نافرمان (جمع)	اور تم قائم کرو	نماز

کسی شے کو، اور جس نے اس کے بعد ناشکری کی، پس وہی لوگ نافرمان ہیں۔ اور تم نماز قائم کرو

وَ اٰتُوا الزَّکٰوۃَ وَ اَطِیۡعُوا الرَّسُوۡلَ لَعَلَّکُمۡ تُرۡحَمُوۡنَ ﴿۵۶﴾ لَا تَحۡسَبَنَّ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا

وَ اٰتُوا	الزَّکٰوۃَ	وَ اَطِیۡعُوا	الرَّسُوۡلَ	لَعَلَّکُمۡ	تُرۡحَمُوۡنَ	لَا تَحۡسَبَنَّ	الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا
اور ادا کرو	زکوٰۃ	اور اطاعت کرو	رسول	تاکہ تم پر	رحم کیا جائے	ہرگز گمان نہ کریں	وہ جنہوں نے کفر کیا (کافر)

اور زکوٰۃ ادا کرو، اور رسول کی اطاعت کرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔ ہرگز گمان نہ کرنا کہ کافر

مُعۡجِزِیۡنَ فِی الۡاَرۡضِ ۚ وَ مَاۡوٰىهُمُ النَّارُ ؕ وَ لَبِئۡسَ الۡمَصِیۡرُ ﴿۵۷﴾ یٰۤاَیُّهَا

مُعۡجِزِیۡنَ	فِی الۡاَرۡضِ	وَ مَاۡوٰىهُمُ	النَّارُ	وَ لَبِئۡسَ	الۡمَصِیۡرُ	یٰۤاَیُّهَا
عاجز کرنے والے ہیں	زمین میں	اور ان کا ٹھکانہ	دوزخ	اور البتہ بُرا	ٹھکانہ	اے

زمین میں عاجز کرنے والے ہیں، اور ان کا ٹھکانہ دوزخ ہے، اور (وہ) بُرا ٹھکانہ ہے۔ اے

الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا لِیَسۡتَاۡذِنۡکُمُ الَّذِیۡنَ مَلَکَتۡ اَیۡمَانُکُمۡ وَ الَّذِیۡنَ لَمۡ یَبۡلُغُوا

الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا	لِیَسۡتَاۡذِنۡکُمُ	الَّذِیۡنَ	مَلَکَتۡ	اَیۡمَانُکُمۡ	وَ الَّذِیۡنَ	لَمۡ یَبۡلُغُوا
جو لوگ ایمان لائے (ایمان والو)	چاہیئے کہ اجازت لیں تم سے	وہ جو کہ	مالک ہوئے	تمہارے دائیں ہاتھ (غلام)	اور وہ لوگ جو	نہیں پہنچے

ایمان والو! چاہیئے کہ تمہارے غلام تم سے اجازت لیں، اور وہ جو نہیں پہنچے

الۡحُلُمَ مِنۡکُمۡ ثَلٰثَ مَرّٰتٍ ؕ مِنۡ قَبۡلِ صَلٰوۃِ الۡفَجۡرِ وَ حِیۡنَ تَضَعُوۡنَ ثِیَابَکُمۡ

الۡحُلُمَ	مِنۡکُمۡ	ثَلٰثَ	مَرّٰتٍ	مِنۡ قَبۡلِ	صَلٰوۃِ الۡفَجۡرِ	وَ حِیۡنَ	تَضَعُوۡنَ	ثِیَابَکُمۡ
احتلام، شعور	تم میں سے	تین	بار۔ وقت	پہلے	نمازِ فجر	اور جب	اتار کر رکھ دیتے ہو	اپنے کپڑے

تم میں سے (حد) شعور کو، تین وقت (یعنی) نمازِ فجر سے پہلے اور جب تم اپنے کپڑے اتار کر رکھ دیتے ہو

مِّنَ الظَّهِيْرَةِ وَمِنْۢ بَعْدِ صَلٰوةِ الْعِشَآءِ ۚ ثَلٰثُ عَوْرٰتٍ لَّكُمْ ۭ لَيْسَ عَلَيْكُمْ

مِنَ	الظَّهِيْرَةِ	وَمِنْۢ بَعْدِ	صَلٰوةِ الْعِشَآءِ	ثَلٰثُ	عَوْرٰتٍ	لَّكُمْ	لَيْسَ عَلَيْكُمْ
سے۔کو	دوپہر	اور بعد	نمازِ عشا	تین	پردہ	تمہارے لئے	نہیں تم پر

دوپہر کو، اور نمازِ عشا کے بعد، تمہارے لئے (یہ) تین پردے (کے اوقات) ہیں، نہیں تم پر

وَلَا عَلَيْهِمْ جُنَاحٌۢ بَعْدَهُنَّ ۭ طَوّٰفُوْنَ عَلَيْكُمْ بَعْضُكُمْ عَلٰي بَعْضٍ ۭ

وَلَا عَلَيْهِمْ	جُنَاحٌ	بَعْدَهُنَّ	طَوّٰفُوْنَ	عَلَيْكُمْ	بَعْضُكُمْ	عَلٰي	بَعْضٍ
اور نہ اُن پر	کوئی گناہ	ان کے بعد سوا	پھیرا کرنے والے	تمہارے پاس	تم میں سے بعض (ایک)	پر۔پاس	بعض (دوسرے)

اور نہ اُن پر اُن کے بعد کوئی گناہ، تم میں سے بعض، بعض کے پاس پھیرا کرتے ہیں،

كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿58﴾ وَاِذَا بَلَغَ الْاَطْفَالُ

كَذٰلِكَ	يُبَيِّنُ اللّٰهُ	لَكُمُ	الْاٰيٰتِ	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ	حَكِيْمٌ	وَاِذَا	بَلَغَ	الْاَطْفَالُ
اسی طرح	واضح کرتا ہے اللہ	تمہارے لئے	احکام	اور اللہ	جاننے والا	حکمت والا	اور جب	پہنچیں	لڑکے

اسی طرح اللہ تمہارے لئے احکام واضح کرتا ہے، اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔ اور جب تم میں سے لڑکے پہنچیں

مِنْكُمُ الْحُلُمَ فَلْيَسْتَاْذِنُوْا كَمَا اسْتَاْذَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ

مِنْكُمُ	الْحُلُمَ	فَلْيَسْتَاْذِنُوْا	كَمَا	اسْتَاْذَنَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	كَذٰلِكَ	يُبَيِّنُ اللّٰهُ
تم میں سے	حدِ شعور کو	پس چاہیئے کہ وہ اجازت لیں	جیسے	اجازت لیتے تھے	وہ جو	ان سے پہلے	اسی طرح	اللہ واضح کرتا ہے

حدِ شعور کو، چاہیئے کہ وہ اجازت لیں جیسے اُن سے پہلے اجازت لیتے تھے، اسی طرح اللہ واضح کرتا ہے

لَكُمْ اٰيٰتِهٖ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿59﴾ وَالْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَاۗءِ الّٰتِيْ لَا يَرْجُوْنَ نِكَاحًا

لَكُمْ	اٰيٰتِهٖ	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ	وَالْقَوَاعِدُ	مِنَ النِّسَاۗءِ	الّٰتِيْ	لَا يَرْجُوْنَ	نِكَاحًا
تمہارے لئے	اپنے احکام	اور اللہ	جاننے والا حکمت والا	اور خانہ نشین بوڑھی	عورتوں میں سے	وہ جو	آرزو نہیں رکھتی ہیں	نکاح

تمہارے لئے اپنے احکام، اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔ اور جو خانہ نشین بوڑھی عورتیں نکاح کی آرزو نہیں رکھتیں

فَلَيْسَ عَلَيْهِنَّ جُنَاحٌ اَنْ يَّضَعْنَ ثِيَابَهُنَّ غَيْرَ مُتَبَرِّجٰتٍۢ بِزِيْنَةٍ ۭ وَاَنْ يَّسْتَعْفِفْنَ

فَلَيْسَ	عَلَيْهِنَّ	جُنَاحٌ	اَنْ يَّضَعْنَ	ثِيَابَهُنَّ	غَيْرَ مُتَبَرِّجٰتٍ	بِزِيْنَةٍ	وَاَنْ	يَّسْتَعْفِفْنَ
تو نہیں	ان پر	کوئی گناہ	کہ وہ اتار رکھیں	اپنے کپڑے	نہ ظاہر کرتے ہوئے	زینت کو	اور اگر	وہ بچیں

تو ان پر کوئی گناہ نہیں کہ وہ اپنے (زائد) کپڑے اتار رکھیں، زینت (سنگھار) ظاہر نہ کریں، اور اگر وہ (اس سے بھی) بچیں

خَيْرٌ لَّهُنَّ ۗ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۶۰﴾ لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْاَعْرَجِ

خَيْرٌ	لَّهُنَّ	وَاللّٰهُ	سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ	لَيْسَ	عَلَى الْاَعْمٰى	حَرَجٌ	وَلَا	عَلَى الْاَعْرَجِ
بہتر	ان کے لئے	اور اللہ	سننے والا	جاننے والا	نہیں	نابینا پر	کوئی گناہ	اور نہ	لنگڑے پر

تو اُن کے لئے بہتر ہے، اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے - کوئی گناہ نہیں نابینا پر، اور نہ لنگڑے پر

حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ وَّلَا عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ اَنْ تَاْكُلُوْا مِنْۢ بُيُوْتِكُمْ

حَرَجٌ	وَلَا	عَلَى الْمَرِيْضِ	حَرَجٌ	وَلَا	عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ	اَنْ تَاْكُلُوْا	مِنْۢ بُيُوْتِكُمْ
کوئی گناہ	اور نہ	بیمار پر	کوئی گناہ	اور نہ	خود تم پر	کہ تم کھاؤ	اپنے گھروں سے

کوئی گناہ ہے، اور نہ بیمار پر کوئی گناہ ہے، نہ خود تم پر کہ تم کھاؤ اپنے گھروں سے،

اَوْ بُيُوْتِ اٰبَآئِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اُمَّهٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اِخْوَانِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَخَوٰتِكُمْ

اَوْ	بُيُوْتِ اٰبَآئِكُمْ	اَوْ	بُيُوْتِ اُمَّهٰتِكُمْ	اَوْ	بُيُوْتِ اِخْوَانِكُمْ	اَوْ	بُيُوْتِ اَخَوٰتِكُمْ
یا	اپنے باپوں کے گھروں سے	یا	اپنی ماؤں کے گھروں سے	یا	اپنے بھائیوں کے گھروں سے	یا	اپنی بہنوں کے گھروں سے

یا اپنے باپوں کے گھروں سے، یا اپنی ماؤں کے گھروں سے، یا اپنے بھائیوں کے گھروں سے، یا اپنی بہنوں کے گھروں سے،

اَوْ بُيُوْتِ اَعْمَامِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ عَمّٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَخْوَالِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ خٰلٰتِكُمْ

اَوْ	بُيُوْتِ اَعْمَامِكُمْ	اَوْ	بُيُوْتِ عَمّٰتِكُمْ	اَوْ	بُيُوْتِ اَخْوَالِكُمْ	اَوْ	بُيُوْتِ خٰلٰتِكُمْ
یا	اپنے چچاؤں کے گھروں سے	یا	اپنی پھوپھیوں کے گھروں سے	یا	اپنے ماموؤں کے گھروں سے	یا	اپنی خالاؤں کے گھروں سے

یا اپنے چچاؤں کے گھروں سے، یا اپنی پھوپھیوں کے گھروں سے، یا اپنے ماموؤں کے گھروں سے، یا اپنی خالاؤں کے گھروں سے،

اَوْ مَا مَلَكْتُمْ مَّفَاتِحَهٗٓ اَوْ صَدِيْقِكُمْ ۭ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَاْكُلُوْا جَمِيْعًا

اَوْ	مَا مَلَكْتُمْ	مَّفَاتِحَهٗٓ	اَوْ	صَدِيْقِكُمْ	لَيْسَ	عَلَيْكُمْ	جُنَاحٌ	اَنْ	تَاْكُلُوْا	جَمِيْعًا
یا	جس گھر کی تمہارے قبضہ میں ہوں	اسکی کنجیاں	یا	اپنے دوست کے گھر سے	نہیں	تم پر	کوئی گناہ	کہ	تم کھاؤ	اکٹھے مل کر

یا جس گھر کی کنجیاں تمہارے قبضہ میں ہوں، یا اپنے دوست کے گھر سے، تم پر کوئی گناہ نہیں کہ تم اکٹھے مل کر کھاؤ،

اَوْ اَشْتَاتًا ۭ فَاِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا فَسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ تَحِيَّةً مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ

اَوْ	اَشْتَاتًا	فَاِذَا	دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا	فَسَلِّمُوْا	عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ	تَحِيَّةً	مِّنْ	عِنْدِ اللّٰهِ
یا	جدا جدا	پھر جب	تم داخل ہو گھروں میں	تو سلام کرو	اپنے لوگوں کو	دعائے خیر	سے	اللہ کے ہاں

یا جدا جدا، پھر جب گھروں میں داخل ہو تو اپنے لوگوں کو سلام کرو، دعائے خیر اللہ کے ہاں سے،

مُبٰرَكَةً طَيِّبَةً ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۱﴾ اِنَّمَا

مُبٰرَكَةً	طَيِّبَةً	كَذٰلِكَ	يُبَيِّنُ اللّٰهُ	لَكُمُ	الْاٰيٰتِ	لَعَلَّكُمْ	تَعْقِلُوْنَ	اِنَّمَا
بابرکت	پاکیزہ	اسی طرح	اللہ واضح کرتا ہے	تمہارے لئے	احکام	تاکہ تم	سمجھو	اس کے سوا نہیں

بابرکت، پاکیزہ، اسی طرح اللہ تمہارے لئے احکام واضح کرتا ہے تاکہ تم سمجھو، اس کے سوا نہیں کہ

الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاِذَا كَانُوْا مَعَهٗ عَلٰٓى اَمْرٍ جَامِعٍ

الْمُؤْمِنُوْنَ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	بِاللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	وَاِذَا	كَانُوْا	مَعَهٗ	عَلٰٓى	اَمْرٍ جَامِعٍ
مومن (جمع)	جو ایمان لائے (یقین کیا)	اللہ پر	اور اس کے رسول پر	اور جب	وہ ہوتے ہیں	اسکے ساتھ	پر ہیں	جمع ہونے کا کام

مومن وہ ہیں جنہوں نے اللہ اور اس کے رسول ﷺ پر یقین کیا اور جب وہ کسی جمع ہو کر کرنے کے کام میں (شرکت کیلئے) (اسکے ساتھ (رسول کے پاس) ہوتے ہیں

لَمْ يَذْهَبُوْا حَتّٰى يَسْتَاْذِنُوْهُ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

لَمْ يَذْهَبُوْا	حَتّٰى	يَسْتَاْذِنُوْهُ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يَسْتَاْذِنُوْنَكَ	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ
وہ نہیں جاتے	جب تک	وہ اس سے اجازت لیں	بیشک	جو لوگ	اجازت مانگتے ہیں آپ سے	یہی لوگ	وہ جو

تو جب تک وہ اس سے اجازت نہ لے لیں چلے نہیں جاتے، بیشک جو لوگ آپ سے اجازت مانگتے ہیں یہی لوگ ہیں، جو

يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ فَاِذَا اسْتَاْذَنُوْكَ لِبَعْضِ شَاْنِهِمْ فَاْذَنْ لِّمَنْ

يُؤْمِنُوْنَ	بِاللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	فَاِذَا	اسْتَاْذَنُوْكَ	لِبَعْضِ	شَاْنِهِمْ	فَاْذَنْ	لِّمَنْ
ایمان لاتے ہیں	اللہ پر	اور اس کے رسول پر	پس جب	وہ تم سے اجازت مانگیں	کسی کے لئے	اپنے کام	تو اجازت دیدیں	جس کو

جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لائے ہیں، پس جب وہ تم سے اپنے کسی کام کے لئے اجازت مانگیں تو اجازت دیدیں جس کو

شِئْتَ مِنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمُ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۶۲﴾ لَا تَجْعَلُوْا

شِئْتَ	مِنْهُمْ	وَاسْتَغْفِرْ	لَهُمُ اللّٰهَ	اِنَّ اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	لَا تَجْعَلُوْا
آپ چاہیں	ان میں سے	اور بخشش مانگیں	ان کے لئے اللہ	بیشک اللہ	بخشنے والا	نہایت مہربان	تم نہ بنالو

ان میں سے آپ چاہیں، اور ان کے لئے اللہ سے بخشش مانگیں، بیشک اللہ بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔ تم نہ بنا لو

دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا ؕ قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ

دُعَآءَ	الرَّسُوْلِ	بَيْنَكُمْ	كَدُعَآءِ	بَعْضِكُمْ	بَعْضًا	قَدْ	يَعْلَمُ	اللّٰهُ
بُلانا	رسول کو	اپنے درمیان	جیسے بلانا	اپنے بعض (ایک)	بعض (دوسرے) کو	تحقیق جانتا ہے		اللہ

اپنے درمیان رسول کو بلانا، جیسے تم ایک دوسرے کو بلاتے ہو، تحقیق اللہ جانتا ہے

الَّذِيْنَ يَتَسَلَّلُوْنَ مِنْكُمْ لِوَاذًا ۚ فَلْيَحْذَرِ الَّذِيْنَ يُخَالِفُوْنَ عَنْ اَمْرِهٖٓ اَنْ

اَنْ	عَنْ اَمْرِهٖ	يُخَالِفُوْنَ	الَّذِيْنَ	فَلْيَحْذَرِ	لِوَاذًا	مِنْكُمْ	يَتَسَلَّلُوْنَ	الَّذِيْنَ
کہ	اس کے حکم سے	خلاف کرتے ہیں	جو لوگ	پس چاہیئے کہ ڈریں	نظر بچا کر	تم میں سے	چپکے سے کھسک جاتے ہیں	جو لوگ

ان لوگوں کو جو تم میں سے نظر بچا کر چپکے سے کھسک جاتے ہیں، جو لوگ اس کے حکم کے خلاف کرتے ہیں چاہیئے کہ ڈریں کہ

تُصِيْبَهُمْ فِتْنَةٌ اَوْ يُصِيْبَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۶۳﴾ اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ

فِى السَّمٰوٰتِ	مَا	اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ	اَلِيْمٌ	عَذَابٌ	اَوْ يُصِيْبَهُمْ	فِتْنَةٌ	تُصِيْبَهُمْ
آسمانوں میں	جو	یاد رکھو بیشک اللہ کے لیئے	دردناک	عذاب	یا پہنچے ان کو	کوئی آفت	پہنچے ان پر

ان پر کوئی آفت پہنچے یا ان کو دردناک عذاب پہنچے۔ یاد رکھو! بیشک اللہ کے لئے ہے، جو کچھ آسمانوں میں

وَالْاَرْضِ ۭ قَدْ يَعْلَمُ مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ ۭ وَيَوْمَ يُرْجَعُوْنَ اِلَيْهِ

اِلَيْهِ	يُرْجَعُوْنَ	وَيَوْمَ	عَلَيْهِ	اَنْتُمْ	مَا	قَدْ يَعْلَمُ	وَالْاَرْضِ
اس کی طرف	وہ لوٹائے جائیں گے	اور جس دن	اس پر	تم	جو۔جس	تحقیق وہ جانتا ہے	اور زمین

اور زمین میں ہے، تحقیق وہ جانتا ہے جس (حال) پر تم ہو، اور اس دن کو جب اس کی طرف وہ لوٹائے جائیں گے؛

فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ۭ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۶۴﴾ ع

عَلِيْمٌ	شَيْءٍ	بِكُلِّ	وَاللّٰهُ	عَمِلُوْا	بِمَا	فَيُنَبِّئُهُمْ
جاننے والا		ہر شے کو	اور اللہ	انہوں نے کیا	جو	پھر وہ انہیں بتائے گا

پھر وہ انہیں بتائے گا جو کچھ انہوں نے کیا، اور اللہ ہر شے کو جاننے والا ہے۔

آیاتہا ۷۷ ۲۵ سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ مَكِّيَّةٌ ۴۲ رکوعاتہا ۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے۔

تَبٰرَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرًا ﴿۱﴾

نَذِيْرًا	لِلْعٰلَمِيْنَ	لِيَكُوْنَ	عَلٰى عَبْدِهٖ	الْفُرْقَانَ	نَزَّلَ	الَّذِيْ	تَبٰرَكَ
ڈر سنانے والا	سارے جہانوں کے لئے	تاکہ وہ ہو	اپنے بندہ پر	فرق کرنیوالی کتاب (قرآن)	نازل کیا	وہ جو۔جس	بڑی برکت والا

بڑی برکت والا ہے وہ جس نے اپنے بندہ پر فرقان (اچھے برے میں فرق اور فیصلہ کرنیوالی کتاب قرآن) کو نازل کیا تاکہ وہ سارے جہانوں کے لئے ڈر سنانے والا ہو۔

الَّذِیْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّ لَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ

الَّذِیْ	لَهٗ مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَ الْاَرْضِ	وَ لَمْ یَتَّخِذْ	وَلَدًا	وَ لَمْ یَكُنْ	لَهٗ	شَرِیْكٌ
وہ جس کے لئے	بادشاہت	آسمانوں	اور زمین	اور اس نے نہیں بنایا	کوئی بیٹا	اور نہیں ہے	اس کا	کوئی شریک

وہ جس کی بادشاہت ہے آسمانوں کی اور زمین کی، اور اس نے کوئی بیٹا نہیں بنایا اور اس کا کوئی شریک نہیں

فِی الْمُلْكِ وَ خَلَقَ كُلَّ شَیْءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِیْرًا ﴿۲﴾ وَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ

فِی الْمُلْكِ	وَ خَلَقَ	كُلَّ شَیْءٍ	فَقَدَّرَهٗ	تَقْدِیْرًا	وَ اتَّخَذُوْا	مِنْ دُوْنِهٖۤ
سلطنت میں	اور اس نے پیدا کیا	ہر شے	پھر اس کا اندازہ ٹھہرایا	ایک اندازہ	اور انہوں نے بنا لئے	اس کے علاوہ

سلطنت میں، اور اس نے ہر شے کو پیدا کیا، پھر اس کا ایک (مناسب) اندازہ کیا۔ اور انہوں نے اس کے علاوہ بنا لئے ہیں

اٰلِهَةً لَّا یَخْلُقُوْنَ شَیْـًٔا وَّ هُمْ یُخْلَقُوْنَ وَ لَا یَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ ضَرًّا

اٰلِهَةً	لَا یَخْلُقُوْنَ	شَیْـًٔا	وَ هُمْ	یُخْلَقُوْنَ	وَ لَا یَمْلِكُوْنَ	لِاَنْفُسِهِمْ	ضَرًّا
اور معبود	وہ نہیں پیدا کرتے	کچھ	بلکہ وہ	پیدا کئے گئے ہیں	اور وہ اختیار نہیں رکھتے	اپنے لئے	کسی نقصان کا

اور معبود، وہ کچھ نہیں پیدا کرتے بلکہ وہ (خود) پیدا کئے گئے ہیں، اور وہ اپنے لئے اختیار نہیں رکھتے کسی نقصان کا

وَّ لَا نَفْعًا وَّ لَا یَمْلِكُوْنَ مَوْتًا وَّ لَا حَیٰوةً وَّ لَا نُشُوْرًا ﴿۳﴾ وَ قَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْۤا

وَلَا نَفْعًا	وَلَا یَمْلِكُوْنَ	مَوْتًا	وَلَا حَیٰوةً	وَلَا نُشُوْرًا	وَ قَالَ	الَّذِیْنَ كَفَرُوْۤا
اور نہ کسی نفع کا	اور نہ وہ اختیار رکھتے ہیں	کسی موت کا	اور نہ کسی زندگی کا	اور نہ پھر اٹھنے کا	اور کہا	وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا (کافر)

اور نہ کسی نفع کا، اور نہ وہ اختیار رکھتے ہیں کسی موت کا اور نہ کسی زندگی کا اور (پھر جی) اٹھنے کا۔ اور کافروں نے کہا

اِنْ هٰذَاۤ اِلَّاۤ اِفْكُ اِفْتَرٰىهُ وَ اَعَانَهٗ عَلَیْهِ قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ ۛۚ فَقَدْ جَآءُوْ ظُلْمًا

اِنْ هٰذَاۤ	اِلَّاۤ	اِفْكُ	افْتَرٰىهُ	وَ اَعَانَهٗ	عَلَیْهِ	قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ	فَقَدْ جَآءُوْ	ظُلْمًا
نہیں یہ	مگر صرف	بہتان من گھڑت	اس نے اسے گھڑ لیا ہے	اس کی مدد کی	اس پر	دوسرے لوگ (جمع)	تحقیق وہ آ گئے	ظلم

یہ (کچھ بھی) نہیں مگر صرف بہتان ہے (اس) نبی نے اسے گھڑ لیا ہے اور اس پر دوسرے لوگوں نے اس کی مدد کی ہے تحقیق وہ آ گئے (اتر آئے) ہیں ظلم

وَّ زُوْرًا ﴿۴﴾ وَ قَالُوْۤا اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ اكْتَتَبَهَا فَهِیَ تُمْلٰى عَلَیْهِ بُكْرَةً

وَزُوْرًا	وَ قَالُوْۤا	اَسَاطِیْرُ	الْاَوَّلِیْنَ	اكْتَتَبَهَا	فَهِیَ تُمْلٰى	عَلَیْهِ	بُكْرَةً
اور جھوٹ	اور انہوں نے کہا	کہانیاں	پہلے لوگ	اس نے انہیں لکھ لیا ہے	پس وہ پڑھی جاتی ہیں	اس پر	صبح

اور جھوٹ پر۔ اور انہوں نے کہا کہ یہ پہلے لوگوں کی کہانیاں ہیں، اس نے انہیں لکھ لیا ہے پس وہ اس پر پڑھی جاتی ہیں (سنائی جاتی ہیں) صبح

وَّاَصِيۡلًا ۝۵ قُلۡ اَنۡزَلَهُ الَّذِىۡ يَعۡلَمُ السِّرَّ فِى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ

كَانَ	اِنَّهٗ	وَالۡاَرۡضِ	فِى السَّمٰوٰتِ	السِّرَّ	يَعۡلَمُ	الَّذِىۡ	اَنۡزَلَهُ	قُلۡ	وَّاَصِيۡلًا
بیشک وہ ہے		اور زمین	آسمانوں میں	راز	جانتا ہے	وہ جو	اسکو نازل کیا ہے	فرما دیں	اور شام

اور شام ۔ آپؐ فرما دیں اس کو نازل کیا ہے اس نے جو آسمانوں اور زمین کے راز جانتا ہے ، بیشک وہ

غَفُوۡرًا رَّحِيۡمًا ۝۶ وَقَالُوۡا مَالِ هٰذَا الرَّسُوۡلِ يَاۡكُلُ الطَّعَامَ وَيَمۡشِىۡ فِى

فِى	وَيَمۡشِىۡ	الطَّعَامَ	يَاۡكُلُ	هٰذَا الرَّسُوۡلِ	مَالِ	وَقَالُوۡا	رَّحِيۡمًا	غَفُوۡرًا
میں	چلتا پھرتا ہے	کھانا	وہ کھاتا ہے	یہ رسول	کیسا ہے	اور انہوں نے کہا	نہایت مہربان	بخشنے والا

بخشنے والا نہایت مہربان ہے ۔ اور انہوں نے کہا کیسا ہے یہ رسول! (جو) کھانا کھاتا ہے ، اور چلتا پھرتا ہے

الۡاَسۡوَاقِ ؕ لَوۡلَاۤ اُنۡزِلَ اِلَيۡهِ مَلَكٌ فَيَكُوۡنَ مَعَهٗ نَذِيۡرًا ۝۷ اَوۡ يُلۡقٰٓى اِلَيۡهِ

اِلَيۡهِ	اَوۡ يُلۡقٰٓى	نَذِيۡرًا	مَعَهٗ	فَيَكُوۡنَ	مَلَكٌ	اِلَيۡهِ	اُنۡزِلَ	لَوۡلَاۤ	الۡاَسۡوَاقِ
اس کی طرف	یا ڈالا (اتارا) جاتا	ڈرانے والا	اس کے ساتھ	کہ ہوتا	کوئی فرشتہ	اسکے ساتھ	اتارا گیا	کیوں نہ	بازار (جمع)

بازاروں میں ، اس کے ساتھ کوئی فرشتہ کیوں نہ اتارا گیا کہ وہ اس کے ساتھ ڈرانے والا ہوتا ۔ یا اس کی طرف اتارا جاتا

كَنۡزٌ اَوۡ تَكُوۡنُ لَهٗ جَنَّةٌ يَّاۡكُلُ مِنۡهَا ؕ وَقَالَ الظّٰلِمُوۡنَ اِنۡ تَتَّبِعُوۡنَ اِلَّا

اِلَّا	اِنۡ تَتَّبِعُوۡنَ	الظّٰلِمُوۡنَ	وَقَالَ	مِنۡهَا	يَّاۡكُلُ	جَنَّةٌ	لَهٗ	اَوۡ تَكُوۡنُ	كَنۡزٌ
مگر صرف	نہیں تم پیروی کرتے	ظالم (جمع)	اور کہا	اس سے	وہ کھاتا	اسکے لئے کوئی باغ		یا ہوتا	کوئی خزانہ

کوئی خزانہ ، یا اس کے لئے کوئی باغ ہوتا کہ وہ اس سے کھاتا ، اور ظالموں نے کہا تم پیروی کرتے ہو صرف

رَجُلًا مَّسۡحُوۡرًا ۝۸ اُنۡظُرۡ كَيۡفَ ضَرَبُوۡا لَكَ الۡاَمۡثَالَ فَضَلُّوۡا فَلَا

فَلَا	فَضَلُّوۡا	الۡاَمۡثَالَ	لَكَ	ضَرَبُوۡا	كَيۡفَ	اُنۡظُرۡ	مَّسۡحُوۡرًا	رَجُلًا
لہٰذا نہ	سو وہ بہک گئے	مثالیں (باتیں)	تمہارے لئے	انہوں نے بیان کیں	کیسی	دیکھو	جادو کا مارا ہوا	ایک آدمی

جادو کے مارے ہوئے آدمی کی ۔ اے نبیؐ! دیکھو تو انہوں نے تمہارے لئے کیسی باتیں بیان کی ہیں ، سو وہ بہک گئے ہیں ، لہٰذا

يَسۡتَطِيۡعُوۡنَ سَبِيۡلًا ۝۹ ع تَبٰرَكَ الَّذِىۡۤ اِنۡ شَآءَ جَعَلَ لَكَ خَيۡرًا مِّنۡ ذٰلِكَ

مِّنۡ ذٰلِكَ	خَيۡرًا	لَكَ	جَعَلَ	اِنۡ شَآءَ	الَّذِىۡۤ	تَبٰرَكَ	سَبِيۡلًا	يَسۡتَطِيۡعُوۡنَ
اس سے	بہتر	تمہارے لئے	وہ بنا دے	اگر چاہے	وہ جو	بڑی برکت والا	کوئی راستہ	پا سکتے ہیں

وہ کوئی راستہ نہیں پا سکتے ۔ بڑی برکت والا ہے وہ ، اگر وہ چاہے تو تمہارے لئے اس سے بہتر بنا دے ،

جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ وَ یَجْعَلْ لَّكَ قُصُوْرًا ﴿۱۰﴾ بَلْ كَذَّبُوْا

جَنّٰتٍ	تَجْرِیْ	مِنْ	تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	وَ یَجْعَلْ	لَّكَ	قُصُوْرًا	بَلْ	كَذَّبُوْا
باغات	بہتی ہیں	جن کے نیچے		نہریں	اور بنا دے	تمہارے لئے	محل (جمع)	بلکہ	انہوں نے جھٹلایا

(ایسے) باغات جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں، اور تمہارے لئے محل بنا دے۔ بلکہ انہوں نے جھٹلایا

بِالسَّاعَةِ ۚ وَ اَعْتَدْنَا لِمَنْ كَذَّبَ بِالسَّاعَةِ سَعِیْرًا ﴿۱۱﴾ اِذَا رَاَتْهُمْ مِّنْ

بِالسَّاعَةِ	وَ اَعْتَدْنَا	لِمَنْ كَذَّبَ	بِالسَّاعَةِ	سَعِیْرًا	اِذَا	رَاَتْهُمْ	مِّنْ
قیامت کو	اور ہم نے تیار کیا	اسکے لئے جس نے جھٹلایا	قیامت کو	دوزخ	جب	وہ دیکھے گی انہیں	سے

قیامت کو، اور جس نے قیامت کو جھٹلایا ہم نے اس کے لئے دوزخ تیار کیا ہے۔ جب وہ (دوزخ) انہیں دیکھے گی

مَّكَانٍ بَعِیْدٍ سَمِعُوْا لَهَا تَغَیُّظًا وَّ زَفِیْرًا ﴿۱۲﴾ وَ اِذَاۤ اُلْقُوْا مِنْهَا مَكَانًا ضَیِّقًا

مَّكَانٍ	بَعِیْدٍ	سَمِعُوْا	لَهَا	تَغَیُّظًا	وَّ زَفِیْرًا	وَ اِذَاۤ	اُلْقُوْا	مِنْهَا	مَكَانًا	ضَیِّقًا
جگہ	دور	وہ سنیں گے	اسے	جوش مارتا	اور چنگھاڑتا	اور جب	وہ ڈالے جائیں گے	اس سے۔کی	کسی جگہ	تنگ

دور جگہ سے، وہ اسے جوش مارتا، چنگھاڑتا سنیں گے۔ اور جب وہ اس (دوزخ) کی کسی تنگ جگہ میں ڈالے جائیں گے

مُّقَرَّنِیْنَ دَعَوْا هُنَالِكَ ثُبُوْرًا ﴿۱۳﴾ لَا تَدْعُوا الْیَوْمَ ثُبُوْرًا وَّاحِدًا وَّ ادْعُوْا

مُّقَرَّنِیْنَ	دَعَوْا	هُنَالِكَ	ثُبُوْرًا	لَا تَدْعُوا	الْیَوْمَ	ثُبُوْرًا	وَّاحِدًا	وَّ ادْعُوْا
جکڑے ہوئے	وہ پکاریں گے	وہاں	موت	تم نہ پکارو	آج	موت کو	ایک	بلکہ پکارو

(باہم زنجیروں سے) جکڑے ہوئے، تو وہ وہاں موت کو پکاریں گے، (کہا جائے گا) آج ایک موت کو نہ پکارو، بلکہ تم پکارو

ثُبُوْرًا كَثِیْرًا ﴿۱۴﴾ قُلْ اَذٰلِكَ خَیْرٌ اَمْ جَنَّةُ الْخُلْدِ الَّتِیْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ

ثُبُوْرًا	كَثِیْرًا	قُلْ	اَذٰلِكَ	خَیْرٌ	اَمْ	جَنَّةُ الْخُلْدِ	الَّتِیْ	وُعِدَ	الْمُتَّقُوْنَ
موتیں	بہت سی	فرمادیں	کیا یہ	بہتر	یا	ہمیشگی کے باغ	جو۔جس	وعدہ کیا گیا	پرہیزگار (جمع)

بہت سی موتوں کو۔ فرمادیں کیا یہ بہتر ہے یا ہمیشگی کے باغ، جن کا وعدہ پرہیزگاروں سے کیا گیا ہے،

كَانَتْ لَهُمْ جَزَآءً وَّ مَصِیْرًا ﴿۱۵﴾ لَهُمْ فِیْهَا مَا یَشَآءُوْنَ خٰلِدِیْنَ ؕ

كَانَتْ	لَهُمْ	جَزَآءً	وَّ مَصِیْرًا	لَهُمْ	فِیْهَا	مَا یَشَآءُوْنَ	خٰلِدِیْنَ
وہ ہے	ان کیلئے	جزا (بدلہ)	لوٹ کر جانے کی جگہ	ان کے لئے	اس میں	جو وہ چاہیں گے	ہمیشہ رہیں گے

وہ ان کے لئے جزا، اور لوٹ کر جانے کی جگہ ہے۔ اس میں ان کے لئے جو وہ چاہیں گے (موجود ہوگا) ہمیشہ رہیں گے

كَانَ عَلٰى رَبِّكَ وَعْدًا مَّسْـُٔوْلًا ﴿۱۶﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ

كَانَ	عَلٰى رَبِّكَ	وَعْدًا	مَسْـُٔوْلًا	وَيَوْمَ	يَحْشُرُهُمْ	وَمَا	يَعْبُدُوْنَ	مِنْ
ہے	تمہارے رب کے ذمے	ایک وعدہ	مانگا ہوا	اور جس دن	وہ انہیں جمع کریگا	اور جنہیں	وہ پرستش کرتے ہیں	سے

یہ ایک وعدہ ہے تیرے رب کے ذمے مانگا ہوا (مانگنے کے لائق ہے)۔ اور جس دن وہ انہیں جمع کرے گا اور جن کی وہ پرستش کرتے ہیں

دُوْنِ اللّٰهِ فَيَقُوْلُ ءَاَنْتُمْ اَضْلَلْتُمْ عِبَادِيْ هٰٓؤُلَآءِ اَمْ هُمْ ضَلُّوا السَّبِيْلَ ﴿۱۷﴾

دُوْنِ اللّٰهِ	فَيَقُوْلُ	ءَاَنْتُمْ	اَضْلَلْتُمْ	عِبَادِيْ	هٰٓؤُلَآءِ	اَمْ هُمْ	ضَلُّوا	السَّبِيْلَ
اللہ کے سوا	تو وہ کہے گا	کیا تم	تم نے گمراہ کیا	میرے بندے	یہ ہیں سان	یا وہ	بہک گئے	راستہ

اللہ کے سوا، تو وہ کہے گا کیا تم نے میرے ان بندوں کو گمراہ کیا؟ یا وہ خود راستہ سے بہک گئے؟

قَالُوْا سُبْحٰنَكَ مَا كَانَ يَنْۢبَغِيْ لَنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ مِنْ دُوْنِكَ مِنْ

قَالُوْا	سُبْحٰنَكَ	مَا كَانَ	يَنْۢبَغِيْ	لَنَآ	اَنْ	نَّتَّخِذَ	مِنْ دُوْنِكَ	مِنْ
وہ کہیں گے	تو پاک ہے	نہ تھا	سزاوار۔ لائق	ہمارے لئے	کہ	ہم بنائیں	تیرے سوا	کوئی

وہ کہیں گے تو پاک ہے، ہمارے لئے سزاوار نہ تھا کہ ہم بناتے تیرے سوا اوروں کو

اَوْلِيَآءَ وَلٰكِنْ مَّتَّعْتَهُمْ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى نَسُوا الذِّكْرَ ۚ وَكَانُوْا قَوْمًۢا بُوْرًا ﴿۱۸﴾

اَوْلِيَآءَ	وَلٰكِنْ	مَّتَّعْتَهُمْ	وَاٰبَآءَهُمْ	حَتّٰى	نَسُوا	الذِّكْرَ	وَكَانُوْا	قَوْمًۢا بُوْرًا
مددگار	اور لیکن	تو نے آسودگی دی انہیں	اور انکے باپ دادا	یہاں تک کہ	وہ بھول گئے	یاد	اور وہ تھے	ہلاک ہونے والے لوگ

مددگار، لیکن تو نے انہیں اور ان کے باپ دادا کو آسودگی دی یہاں تک کہ وہ تیری یاد بھول گئے اور وہ ہلاک ہونے والے لوگ تھے

فَقَدْ كَذَّبُوْكُمْ بِمَا تَقُوْلُوْنَ ۙ فَمَا تَسْتَطِيْعُوْنَ صَرْفًا وَّلَا نَصْرًا ۚ وَمَنْ

فَقَدْ كَذَّبُوْكُمْ	بِمَا	تَقُوْلُوْنَ	فَمَا	تَسْتَطِيْعُوْنَ	صَرْفًا	وَلَا نَصْرًا	وَمَنْ
پس انہوں نے تمہیں جھٹلا دیا	وہ جو تم کہتے تھے (تمہاری بات)		پس اب تم نہیں کر سکتے ہو		پھیرنا	اور نہ مدد کرنا	اور جو

پس انہوں نے تمہاری بات جھٹلا دی، پس اب نہ تم (عذاب) پھیر سکتے ہو اور نہ اپنی مدد کر سکتے ہو، اور جو

يَّظْلِمْ مِّنْكُمْ نُذِقْهُ عَذَابًا كَبِيْرًا ﴿۱۹﴾

يَّظْلِمْ	مِّنْكُمْ	نُذِقْهُ	عَذَابًا	كَبِيْرًا
وہ ظلم کرے گا	تم میں سے	ہم چکھائیں گے اسے	عذاب	بڑا

تم میں سے ظلم کرے گا، ہم اسے بڑا عذاب چکھائیں گے۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّآ اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ

لَيَاْكُلُوْنَ	اِنَّهُمْ	اِلَّآ	الْمُرْسَلِيْنَ	مِنَ	قَبْلَكَ	اَرْسَلْنَا	وَمَا
البتہ کھاتے تھے	وہ یقیناً	مگر	رسول (جمع)	سے	تم سے پہلے	بھیجے ہم نے	اور نہیں

اور ہم نے تم سے پہلے رسول نہیں بھیجے مگر یقیناً وہ کھاتے تھے

الطَّعَامَ وَيَمْشُوْنَ فِى الْاَسْوَاقِ ؕ وَجَعَلْنَا بَعْضَكُمْ

بَعْضَكُمْ	وَجَعَلْنَا	فِى الْاَسْوَاقِ	وَيَمْشُوْنَ	الطَّعَامَ
تم میں سے بعض کو (کسی کو)	اور ہم نے کیا (بنایا)	بازاروں میں	اور چلتے پھرتے تھے	کھانا

کھانا، اور بازاروں میں چلتے پھرتے تھے، اور ہم نے تم میں سے کسی کو بنایا

لِبَعْضٍ فِتْنَةً ؕ اَتَصْبِرُوْنَ ۚ وَكَانَ رَبُّكَ بَصِيْرًا ۟ ﴿۲۰﴾

بَصِيْرًا	رَبُّكَ	وَكَانَ	اَتَصْبِرُوْنَ	فِتْنَةً	لِبَعْضٍ
دیکھنے والا	تمہارا رب	اور ہے	کیا تم صبر کرو گے	آزمائش	بعض (دوسروں) کے لئے

دوسروں کے لئے آزمائش، کیا تم صبر کرو گے؟ اور تمہارا رب دیکھنے والا ہے۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا الْمَلٰٓئِكَةُ

وَقَالَ	الَّذِيْنَ	لَا يَرْجُوْنَ	لِقَآءَنَا	لَوْلَا	اُنْزِلَ	عَلَيْنَا	الْمَلٰٓئِكَةُ
اور کہا	وہ لوگ جو	وہ امید نہیں رکھتے	ہم سے ملنا	کیوں نہ	اتارے گئے	ہم پر	فرشتے

اور جو لوگ ہم سے ملنے کی امید نہیں رکھتے، انہوں نے کہا ہم پر فرشتے کیوں نہ اتارے گئے؟

اَوْ نَرٰى رَبَّنَا ؕ لَقَدِ اسْتَكْبَرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ وَعَتَوْ عُتُوًّا كَبِيْرًا ﴿۲۱﴾ يَوْمَ يَرَوْنَ

اَوْ نَرٰى	رَبَّنَا	لَقَدِ اسْتَكْبَرُوْا	فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ	وَعَتَوْ	عُتُوًّا كَبِيْرًا	يَوْمَ	يَرَوْنَ
یا ہم دیکھ لیتے	اپنا رب	تحقیق انہوں نے بڑا کیا	اپنے دلوں میں	اور انہوں نے سرکشی کی	بڑی سرکشی	جس دن	وہ دیکھیں گے

یا ہم اپنے رب کو دیکھ لیتے، تحقیق انہوں نے اپنے دلوں میں (اپنے زعم میں اپنے آپکو) بڑا سمجھا اور بڑی سرکشی کی۔ جس دن وہ دیکھیں گے

الْمَلٰٓئِكَةَ لَا بُشْرٰى يَوْمَئِذٍ لِّلْمُجْرِمِيْنَ وَيَقُوْلُوْنَ حِجْرًا مَّحْجُوْرًا ﴿۲۲﴾ وَقَدِمْنَآ

الْمَلٰٓئِكَةَ	لَا بُشْرٰى	يَوْمَئِذٍ	لِّلْمُجْرِمِيْنَ	وَيَقُوْلُوْنَ	حِجْرًا	مَّحْجُوْرًا	وَقَدِمْنَآ
فرشتے	نہیں خوشخبری	اُس دن	مجرموں کے لئے	اور وہ کہیں گے	کوئی آڑ ہو	روکی ہوئی	اور ہم آئے (متوجہ ہونگے)

فرشتوں کو اُس دن مجرموں کے لئے کوئی خوشخبری نہیں ہوگی اور وہ کہیں گے کوئی آڑ ہو روکی ہوئی (پناہ ہو۔ پناہ) اور ہم متوجہ ہوں گے

اِلٰى مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰهُ هَبَآءً مَّنْثُوْرًا ﴿۲۳﴾ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ يَوْمَئِذٍ

اِلٰى	مَا عَمِلُوْا	مِنْ عَمَلٍ	فَجَعَلْنٰهُ	هَبَآءً	مَّنْثُوْرًا	اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ	يَوْمَئِذٍ
طرف	جو انہوں نے کئے	کوئی کام	تو ہم کر دینگے انہیں	غبار	بکھرا ہوا (پراگندہ)	بہشت والے	اس دن

ان کے کئے ہوئے کاموں کی طرف تو ہم انہیں پراگندہ غبار کی طرح کر دیں گے۔ اس دن بہشت والے

خَيْرٌ مُّسْتَقَرًّا وَّاَحْسَنُ مَقِيْلًا ﴿۲۴﴾ وَيَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ بِالْغَمَامِ وَنُزِّلَ الْمَلٰٓئِكَةُ

خَيْرٌ	مُّسْتَقَرًّا	وَّاَحْسَنُ	مَقِيْلًا	وَيَوْمَ	تَشَقَّقُ	السَّمَآءُ	بِالْغَمَامِ	وَنُزِّلَ	الْمَلٰٓئِكَةُ
بہت اچھا	ٹھکانہ	اور بہترین	آرام گاہ	اور جس دن	پھٹ جائیگا	آسمان	بادل سے	اور اتارے جائینگے	فرشتے

بہت اچھے ٹھکانے میں اور بہترین آرام گاہ میں ہوں گے۔ اور جس دن بادل سے آسمان پھٹ جائیگا اور فرشتے اتارے جائیں گے

تَنْزِيْلًا ﴿۲۵﴾ اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذِ ࣙالْحَقُّ لِلرَّحْمٰنِ ؕ وَكَانَ يَوْمًا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ عَسِيْرًا

تَنْزِيْلًا	اَلْمُلْكُ	يَوْمَئِذٍ	الْحَقُّ	لِلرَّحْمٰنِ	وَكَانَ	يَوْمًا	عَلَى الْكٰفِرِيْنَ	عَسِيْرًا
بکثرت اترنا	بادشاہت	اس دن	سچی	رحمٰن کے لئے	اور ہے ہوگا	وہ دن	کافروں پر	سخت

بکثرت۔ اس دن سچی بادشاہی رحمٰن (اللہ) کے لئے ہے، اور وہ دن کافروں پر سخت ہوگا۔

وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيْهِ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِي اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِيْلًا ﴿۲۷﴾

وَيَوْمَ	يَعَضُّ	الظَّالِمُ	عَلٰى يَدَيْهِ	يَقُوْلُ	يٰلَيْتَنِي	اتَّخَذْتُ	مَعَ الرَّسُوْلِ	سَبِيْلًا
اور جس دن	کاٹ کھائے گا	ظالم	اپنے ہاتھوں کو	وہ کہے گا	اے کاش! میں	پکڑ لیتا	رسول کے ساتھ	راستہ

اور جس دن ظالم اپنے ہاتھوں کو کاٹ کھائے گا اور کہے گا اے کاش! میں نے رسول کے ساتھ راستہ پکڑ لیا ہوتا۔

يٰوَيْلَتٰى لَيْتَنِيْ لَمْ اَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيْلًا ﴿۲۸﴾ لَقَدْ اَضَلَّنِيْ عَنِ الذِّكْرِ بَعْدَ اِذْ

يٰوَيْلَتٰى	لَيْتَنِيْ	لَمْ اَتَّخِذْ	فُلَانًا	خَلِيْلًا	لَقَدْ اَضَلَّنِيْ	عَنِ الذِّكْرِ	بَعْدَ	اِذْ
ہائے میری شامت	کاش میں	نہ بناتا	فلاں کو	دوست	البتہ اس نے مجھے بہکایا	نصیحت سے	اس کے بعد جب	

ہائے میری شامت! کاش، میں فلاں کو دوست نہ بناتا۔ البتہ اس نے مجھے نصیحت سے بہکایا، اس کے بعد جبکہ وہ

جَآءَنِيْ ۭ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِلْاِنْسَانِ خَذُوْلًا ﴿۲۹﴾ وَقَالَ الرَّسُوْلُ يٰرَبِّ اِنَّ

جَآءَنِيْ	وَكَانَ	الشَّيْطٰنُ	لِلْاِنْسَانِ	خَذُوْلًا	وَقَالَ	الرَّسُوْلُ	يٰرَبِّ	اِنَّ
میرے پاس پہنچ گئی	اور ہے	شیطان	انسان کو	کھلا چھوڑ جانے والا	اور کہے گا	رسول	اے میرے رب	بیشک

میرے پاس پہنچ گئی، اور شیطان انسان کو (عین وقت پر) تنہا چھوڑ جانے والا ہے۔ اور رسول فرمائے گا اے میرے رب! بیشک

قَوْمِي اتَّخَذُوْا هٰذَا الْقُرْاٰنَ مَهْجُوْرًا ﴿۳۰﴾ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا مِّنَ

قَوْمِي	اتَّخَذُوْا	هٰذَا الْقُرْاٰنَ	مَهْجُوْرًا	وَكَذٰلِكَ	جَعَلْنَا	لِكُلِّ نَبِيٍّ	عَدُوًّا	مِّنَ
میری قوم	ٹھہرا لیا انہوں نے	اس قرآن کو	متروک (چھوڑنے کے قابل)	اور اسی طرح	ہم نے بنائے	ہر نبی کے لئے	دشمن	سے

میری قوم نے اس قرآن کو چھوڑنے کے قابل ٹھہرا لیا (متروک کر رکھا) اور اسی طرح ہم نے ہر نبی کے لئے دشمن بنائے

الْمُجْرِمِيْنَ ۭ وَكَفٰى بِرَبِّكَ هَادِيًا وَّنَصِيْرًا ﴿۳۱﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَا

الْمُجْرِمِيْنَ	وَكَفٰى	بِرَبِّكَ	هَادِيًا	وَّنَصِيْرًا	وَقَالَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	لَوْلَا
گنہگار (جمع)	اور کافی ہے	تمہارا رب	ہدایت کرنیوالا	اور مددگار	اور کہا	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	کیوں نہ

گنہگاروں میں سے۔ اور تمہارا رب کافی ہے ہدایت کرنے والا اور مددگار۔ اور کافروں نے کہا کیوں نہ

نُزِّلَ عَلَيْهِ الْقُرْاٰنُ جُمْلَةً وَّاحِدَةً ۚ كَذٰلِكَ ۚ لِنُثَبِّتَ بِهٖ فُؤَادَكَ وَرَتَّلْنٰهُ

نُزِّلَ	عَلَيْهِ	الْقُرْاٰنُ	جُمْلَةً وَّاحِدَةً	كَذٰلِكَ	لِنُثَبِّتَ	بِهٖ	فُؤَادَكَ	وَرَتَّلْنٰهُ
نازل کیا گیا	اس پر	قرآن	ایک ہی بار	اسی طرح	تاکہ ہم قوی کریں	اس سے	تمہارا دل	اور ہم نے اسکو پڑھا

اس پر قرآن ایک ہی بار نازل کیا گیا؟ اسی طرح (ہم نے بتدریج نازل کیا) تاکہ اس سے تمہارا دل مضبوط کریں اور ہم نے اس کو پڑھ کر (سنایا)

تَرْتِيْلًا ﴿۳۲﴾ وَلَا يَأْتُوْنَكَ بِمَثَلٍ اِلَّا جِئْنٰكَ بِالْحَقِّ وَاَحْسَنَ تَفْسِيْرًا ﴿۳۳﴾

تفسیرا	و احسن	بالحق	جئنک	الا	بمثل	ولا یاتونک	ترتیلا
وضاحت	اور بہترین	ٹھیک (جواب)	ہم پہنچا دیتے ہیں تمہیں	مگر	کوئی بات	اور وہ نہیں لاتے تمہارے پاس	ٹھہر ٹھہر کر

ٹھہر ٹھہر کر۔ اور وہ تمہارے پاس کوئی بات نہیں لاتے، مگر ہم تمہیں ٹھیک جواب اور بہترین وضاحت پہنچا دیتے ہیں۔

اَلَّذِيْنَ يُحْشَرُوْنَ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ اِلٰى جَهَنَّمَ ۙ اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ

واضل	مکانا	شر	اولئک	الی جهنم	وجوههم	علی	یحشرون	الذین
اور بہت بہکے ہوئے	مقام	بدترین	وہی لوگ	جہنم کی طرف	اپنے منہ	پر بل	جمع کئے جائیں گے	جو لوگ

جو لوگ اپنے مونہوں کے بل جہنم کی طرف جمع کئے جائیں گے، وہی لوگ ہیں بدترین مقام ہیں اور بہت بہکے ہوئے

سَبِيْلًا ﴿۳۴﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَجَعَلْنَا مَعَهٗٓ اَخَاهُ هٰرُوْنَ وَزِيْرًا ﴿۳۵﴾

وزیرا	هرون	اخاه	معه	وجعلنا	الکتب	موسی	ولقد اتینا	سبیلا
وزیر (معاون)	ہارون ؑ	اس کا بھائی	اس کے ساتھ	اور ہم نے بنایا	کتاب	موسیٰ ؑ	اور البتہ ہم نے دی	راستے سے

راستے سے۔ اور البتہ ہم نے موسیٰ ؑ کو کتاب دی اور اس کے ساتھ اس کے بھائی ہارون کو معاون بنایا۔

فَقُلْنَا اذْهَبَآ اِلَى الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۭ فَدَمَّرْنٰهُمْ تَدْمِيْرًا ﴿۳۶﴾ وَقَوْمَ نُوْحٍ

قوم نوح	و	تدمیرا	فدمرنهم	بایتنا	الذین کذبوا	الی القوم	اذهبا	فقلنا
قوم نوح	اور	بری طرح ہلاک	تو ہم نے تباہ کر دیا انہیں	ہماری آیتیں	جنہوں نے جھٹلایا	قوم کی طرف	تم دونوں جاؤ	پس ہم نے کہا

پس ہم نے کہا تم دونوں اس قوم کی طرف جاؤ جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تو ہم نے انہیں بری طرح ہلاک کر کے تباہ کر دیا۔ اور قوم نوح ؑ

لَّمَّا كَذَّبُوا الرُّسُلَ اَغْرَقْنٰهُمْ وَجَعَلْنٰهُمْ لِلنَّاسِ اٰيَةً ۭ وَاَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ

للظلمین	واعتدنا	ایة	للناس	وجعلنهم	اغرقنهم	الرسل	لما کذبوا
ظالموں کے لئے	اور تیار کیا ہم نے	ایک نشانی	لوگوں کے لئے	اور ہم نے بنایا انہیں	ہم نے غرق کر دیا انہیں	رسول (جمع)	جب انہوں نے جھٹلایا

نے جب رسولوں کو جھٹلایا تو ہم نے انہیں غرق کر دیا، اور ہم نے انہیں لوگوں کے لئے ایک نشانی (عبرت) بنایا، اور ہم نے ظالموں کیلئے تیار کیا ہے ﴿۳۸﴾

عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۳۷﴾ وَّعَادًا وَّثَمُوْدَا۟ وَاَصْحٰبَ الرَّسِّ وَقُرُوْنًۢا بَيْنَ ذٰلِكَ كَثِيْرًا

کثیرا	بین ذلک	وقرونا	واصحب الرس	وثمودا	وعادا	الیما	عذابا
بہت سی	ان کے درمیان	اور جماعتیں	اور کنوئیں والے	اور ثمود	اور عاد	دردناک	ایک عذاب

ایک دردناک عذاب۔ اور عاد اور ثمود اور کنوئیں والے اور ان کے درمیان بہت سی جماعتیں۔

وَكُلًّا ضَرَبْنَا لَهُ الْأَمْثَالَ ۖ وَكُلًّا تَبَّرْنَا تَتْبِيرًا ﴿٣٩﴾ وَلَقَدْ أَتَوْا عَلَى الْقَرْيَةِ

وَكُلًّا	ضَرَبْنَا	لَهُ	الْأَمْثَالَ	وَكُلًّا	تَبَّرْنَا	تَتْبِيرًا	وَلَقَدْ أَتَوْا	عَلَى	الْقَرْيَةِ
اور ہر ایک کو	ہم نے بیان کیں	اس کو	مثالیں	اور ہر ایک کو	ہم نے مٹا دیا	تباہ کر کے	اور تحقیق وہ آئے	پر	بستی

اور ہم نے ہر ایک کو مثالیں بیان کیں (مگر انہوں نے نصیحت نہ پکڑی) اور ہم نے ہر ایک کو تباہ کر کے مٹا دیا۔ تحقیق وہ (قوم لوط کی) اس بستی پر آئے ﴿۴۰﴾

الَّتِي أُمْطِرَتْ مَطَرَ السَّوْءِ ۚ أَفَلَمْ يَكُونُوا يَرَوْنَهَا ۚ بَلْ كَانُوا لَا يَرْجُونَ نُشُورًا

الَّتِي	أُمْطِرَتْ	مَطَرَ السَّوْءِ	أَفَلَمْ يَكُونُوا	يَرَوْنَهَا	بَلْ	كَانُوا	لَا يَرْجُونَ	نُشُورًا
وہ جس پر	برسائی گئی	بری بارش	تو کیا وہ نہ تھے	اس کو دیکھتے	بلکہ	وہ امید نہیں	رکھتے	جی اٹھنا

جس پر (پتھروں کی) بری بارش برسائی گئی، تو کیا وہ اسے دیکھتے نہیں رہتے؟ بلکہ وہ (دوبارہ) جی اٹھنے کی امید نہیں رکھتے۔

وَإِذَا رَأَوْكَ إِنْ يَتَّخِذُونَكَ إِلَّا هُزُوًا أَهَٰذَا الَّذِي بَعَثَ اللَّهُ رَسُولًا ﴿٤١﴾

وَإِذَا	رَأَوْكَ	إِنْ	يَتَّخِذُونَكَ	إِلَّا	هُزُوًا	أَهَٰذَا	الَّذِي بَعَثَ	اللَّهُ	رَسُولًا
اور جب وہ	دیکھتے ہیں تمہیں	نہیں	وہ نہیں بناتے تمہیں	مگر صرف	تمسخر (ٹھٹھا)	کیا یہ	وہ جسے بھیجا	اللہ	رسول

اور جب وہ تمہیں دیکھتے ہیں تو وہ تمہارا صرف ٹھٹھا اڑاتے ہیں (کہتے ہیں) کیا یہ ہے وہ جسے اللہ نے رسول (بنا کر) بھیجا؟

إِنْ كَادَ لَيُضِلُّنَا عَنْ آلِهَتِنَا لَوْلَا أَنْ صَبَرْنَا عَلَيْهَا ۚ وَسَوْفَ يَعْلَمُونَ حِينَ

إِنْ	كَادَ لَيُضِلُّنَا	عَنْ	آلِهَتِنَا	لَوْلَا	أَنْ صَبَرْنَا	عَلَيْهَا	وَسَوْفَ	يَعْلَمُونَ	حِينَ
قریب تھا	کہ وہ ہمیں بہکا دیتا	ہمارے معبودوں سے		اگر نہ	ہم جمے رہتے	اس پر	اور جلد	وہ جان لیں گے	جس وقت

قریب تھا کہ وہ ہمیں، ہمارے معبودوں سے بہکا دیتا، اگر ہم اس پر جمے نہ رہتے، اور وہ جلد جان لیں گے جب

يَرَوْنَ الْعَذَابَ مَنْ أَضَلُّ سَبِيلًا ﴿٤٢﴾ أَرَأَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ إِلَٰهَهُ هَوَاهُ أَفَأَنْتَ

يَرَوْنَ	الْعَذَابَ	مَنْ أَضَلُّ	سَبِيلًا	أَرَأَيْتَ	مَنِ اتَّخَذَ	إِلَٰهَهُ	هَوَاهُ	أَفَأَنْتَ
وہ دیکھیں گے	عذاب	کون بدترین گمراہ	راستہ سے	کیا تم نے دیکھا؟	جس نے بنایا	اپنا معبود	اپنی خواہش	تو کیا تم

وہ عذاب دیکھیں گے، کون ہے راہ (راست) سے بدترین گمراہ! کیا تم نے اسے دیکھا؟ جس نے اپنی خواہش کو اپنا معبود بنا لیا ہے، تو کیا تم

تَكُونُ عَلَيْهِ وَكِيلًا ﴿٤٣﴾ أَمْ تَحْسَبُ أَنَّ أَكْثَرَهُمْ يَسْمَعُونَ أَوْ يَعْقِلُونَ ۚ إِنْ هُمْ

تَكُونُ	عَلَيْهِ	وَكِيلًا	أَمْ تَحْسَبُ	أَنَّ	أَكْثَرَهُمْ	يَسْمَعُونَ	أَوْ يَعْقِلُونَ	إِنْ هُمْ
ہو جائے گا	اس پر	نگہبان	کیا تم سمجھتے ہو؟	کہ	ان کے اکثر	سنتے ہیں	یا عقل سے کام لیتے ہیں	نہیں وہ

اس پر نگہبان ہو جاؤ گے؟ کیا تم سمجھتے ہو کہ ان میں سے اکثر سنتے یا عقل سے کام لیتے ہیں؟ وہ نہیں ہیں

إِلَّا كَالْأَنْعَامِ بَلْ هُمْ أَضَلُّ سَبِيلًا ﴿۴۴﴾ أَلَمْ تَرَ إِلَىٰ رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ

إِلَّا	كَالْأَنْعَامِ	بَلْ هُمْ	أَضَلُّ	سَبِيلًا	أَلَمْ تَرَ	إِلَىٰ	رَبِّكَ	كَيْفَ	مَدَّ الظِّلَّ
مگر	چوپایوں جیسے	بلکہ وہ	بدترین گمراہ	راہ سے	کیا تم نے نہیں دیکھا	طرف	اپنا رب	کیسے	دراز کیا سایہ

مگر چوپایوں جیسے، بلکہ راہ (راست) سے بدترین گمراہ ہیں۔ کیا تم نے اپنے رب کی (قدرت کی) طرف نہیں دیکھا' اس نے کیسے سایہ دراز کیا؟

وَلَوْ شَاءَ لَجَعَلَهُ سَاكِنًا ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيلًا ﴿۴۵﴾ ثُمَّ قَبَضْنَاهُ

وَلَوْ شَاءَ	لَجَعَلَهُ	سَاكِنًا	ثُمَّ	جَعَلْنَا	الشَّمْسَ	عَلَيْهِ	دَلِيلًا	ثُمَّ	قَبَضْنَاهُ
اور اگر وہ چاہتا	تو اسے بنا دیتا	ساکن	پھر	ہم نے بنایا	سورج	اس پر	ایک رہنما	پھر	ہم نے سمیٹا اس کو

اور اگر وہ چاہتا تو اسے ساکن بنا دیتا، پھر ہم نے سورج کو اس پر ایک رہنما بنایا، پھر ہم نے اس (سایہ) کو سمیٹا

إِلَيْنَا قَبْضًا يَسِيرًا ﴿۴۶﴾ وَهُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ اللَّيْلَ لِبَاسًا وَالنَّوْمَ سُبَاتًا

إِلَيْنَا	قَبْضًا	يَسِيرًا	وَهُوَ	الَّذِي جَعَلَ	لَكُمُ	اللَّيْلَ	لِبَاسًا	وَالنَّوْمَ	سُبَاتًا
اپنی طرف	کھینچنا	آہستہ آہستہ	اور وہ	جس نے بنایا	تمہارے لئے	رات	پردہ	اور نیند	راحت

اپنی طرف آہستہ آہستہ کھینچ کر۔ اور وہی ہے جس نے تمہارے لئے رات کو پردہ، اور نیند کو راحت بنایا،

وَجَعَلَ النَّهَارَ نُشُورًا ﴿۴۷﴾ وَهُوَ الَّذِي أَرْسَلَ الرِّيَاحَ بُشْرًا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهِ

وَجَعَلَ	النَّهَارَ	نُشُورًا	وَهُوَ	الَّذِي	أَرْسَلَ الرِّيَاحَ	بُشْرًا	بَيْنَ يَدَيْ	رَحْمَتِهِ
بنایا	دن	اٹھنے کا وقت	اور وہی	جس نے	بھیجیں ہوائیں	خوشخبری	آگے	اپنی رحمت

اور دن کو اٹھ (کھڑے ہونے) کا وقت بنایا۔ اور وہی ہے جس نے اپنی رحمت کے آگے ہوائیں خوشخبری (مناتی ہوئی) بھیجیں،

وَأَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً طَهُورًا ﴿۴۸﴾ لِنُحْيِيَ بِهِ بَلْدَةً مَيْتًا وَنُسْقِيَهُ مِمَّا خَلَقْنَا

وَأَنْزَلْنَا	مِنَ السَّمَاءِ	مَاءً طَهُورًا	لِنُحْيِيَ بِهِ	بَلْدَةً مَيْتًا	وَنُسْقِيَهُ	مِمَّا	خَلَقْنَا
اور ہم نے اتارا	آسمان سے	پانی پاک	تاکہ ہم زندہ کردیں اس سے	شہر مردہ	اور ہم پلائیں اسے	اس سے جو	ہم نے پیدا کیا

اور ہم نے آسمان سے پاک پانی اتارا تاکہ ہم اس سے مردہ شہر کو زندہ کردیں۔ اور ہم اسے پلائیں (انہیں) جو ہم نے پیدا کئے ہیں،

أَنْعَامًا وَأَنَاسِيَّ كَثِيرًا ﴿۴۹﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنَاهُ بَيْنَهُمْ لِيَذَّكَّرُوا فَأَبَىٰ أَكْثَرُ النَّاسِ

أَنْعَامًا	وَأَنَاسِيَّ	كَثِيرًا	وَلَقَدْ صَرَّفْنَاهُ	بَيْنَهُمْ	لِيَذَّكَّرُوا	فَأَبَىٰ	أَكْثَرُ النَّاسِ
چوپائے	اور آدمی	بہت سے	اور تحقیق ہم نے اسے تقسیم کیا	ان کے درمیان	تاکہ وہ نصیحت پکڑیں	پس قبول نہ کیا	اکثر لوگ

بہت سے چوپائے اور آدمی۔ اور تحقیق ہم نے اسے ان کے درمیان تقسیم کیا تاکہ وہ نصیحت پکڑیں، پس اکثر لوگوں نے قبول نہ کیا

إِلَّا كُفُورًا ﴿٥٠﴾ وَلَوْ شِئْنَا لَبَعَثْنَا فِي كُلِّ قَرْيَةٍ نَّذِيرًا ﴿٥١﴾ فَلَا تُطِعِ الْكَافِرِينَ

إِلَّا	كُفُورًا	وَلَوْ	شِئْنَا	لَبَعَثْنَا	فِي	كُلِّ قَرْيَةٍ	نَّذِيرًا	فَلَا تُطِعِ	الْكَافِرِينَ
مگر	ناشکری	اور اگر	ہم چاہتے	تو ہم بھیجتے	میں	ہر بستی	ایک ڈرانے والا	پس نہ کہا مانیں	کافروں

مگر ناشکری کو۔ اور اگر ہم چاہتے تو ہر بستی میں ایک ڈرانے والا بھیج دیتے۔ پس آپ کافروں کا کہا نہ مانیں

وَجَاهِدْهُم بِهِ جِهَادًا كَبِيرًا ﴿٥٢﴾ وَهُوَ الَّذِي مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ هَٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ

وَجَاهِدْهُم	بِهِ	جِهَادًا كَبِيرًا	وَهُوَ	الَّذِي	مَرَجَ	الْبَحْرَيْنِ	هَٰذَا	عَذْبٌ	فُرَاتٌ
اور جہاد کریں اُن سے	اس کے ساتھ	بڑا جہاد	اور وہی	جس نے	ملایا	دو دریا	یہ	شیریں	خوشگوار

اور اس (حکم الٰہی) کے ساتھ اُن سے بڑا جہاد کریں۔ اور وہی ہے جس نے دو دریاؤں کو ملا با (ملا کر چلایا) یہ (ایک طرف) کا پانی، خوشگوار شیریں ہے

وَهَٰذَا مِلْحٌ أُجَاجٌ وَجَعَلَ بَيْنَهُمَا بَرْزَخًا وَحِجْرًا مَّحْجُورًا ﴿٥٣﴾ وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ

وَهَٰذَا	مِلْحٌ أُجَاجٌ	وَجَعَلَ	بَيْنَهُمَا	بَرْزَخًا	وَحِجْرًا	مَّحْجُورًا	وَهُوَ	الَّذِي	خَلَقَ
اور یہ	تلخ بدمزہ	اور اس نے بنایا	ان دونوں کے درمیان	ایک پردہ	اور آڑ	مضبوط آڑ	اور وہی	جس نے	پیدا کیا

اور یہ (دوسرا) تلخ بدمزہ ہے، اور اس نے ان دونوں کے درمیان (ایک غیر محسوس) پردہ اور مضبوط آڑ بنائی۔ اور وہی ہے جس نے پیدا کیا

مِنَ الْمَاءِ بَشَرًا فَجَعَلَهُ نَسَبًا وَصِهْرًا ۗ وَكَانَ رَبُّكَ قَدِيرًا ﴿٥٤﴾ وَيَعْبُدُونَ

مِنَ الْمَاءِ	بَشَرًا	فَجَعَلَهُ	نَسَبًا	وَصِهْرًا	وَكَانَ	رَبُّكَ	قَدِيرًا	وَيَعْبُدُونَ
پانی سے	بشر	پھر بنائے اس کے	نسب	اور سسرال	اور ہے	تیرا رب	قدرت والا	اور وہ بندگی کرتے ہیں

پانی سے بشر، پھر بنائے اس کے نسب (نسبی رشتے) اور سسرال، اور تیرا رب قدرت والا ہے۔ اور وہ بندگی کرتے ہیں

مِن دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَنفَعُهُمْ وَلَا يَضُرُّهُمْ ۗ وَكَانَ الْكَافِرُ عَلَىٰ رَبِّهِ

مِنْ	دُونِ اللَّهِ	مَا	لَا يَنفَعُهُمْ	وَلَا يَضُرُّهُمْ	وَكَانَ	الْكَافِرُ	عَلَىٰ	رَبِّهِ
اللہ کے سوا		جو	نہ انہیں نفع پہنچائے	اور نہ ان کا نقصان کر سکے	اور ہے	کافر	پر برخلاف	اپنا رب

اللہ کے سوا اس کی جو انہیں نہ نفع پہنچائے، اور نہ ان کا نقصان کر سکے، اور کافر اپنے رب کے خلاف

ظَهِيرًا ﴿٥٥﴾ وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا مُبَشِّرًا وَنَذِيرًا ﴿٥٦﴾ قُلْ مَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ

ظَهِيرًا	وَمَا	أَرْسَلْنَاكَ	إِلَّا مُبَشِّرًا	وَنَذِيرًا	قُلْ	مَا أَسْأَلُكُمْ	عَلَيْهِ	مِنْ
پشت پناہی کرنیوالا	اور نہیں	بھیجا ہم نے آپ کو	مگر خوشخبری دینے والا	اور ڈرانے والا	فرما دیں	نہیں مانگتا تم سے	اس پر	کوئی

پشت پناہی کرنے والا ہے۔ اور ہم نے آپ کو نہیں بھیجا مگر (صرف) خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا۔ آپ فرما دیں میں اس پر تم سے نہیں مانگتا

أَجْرٍ إِلَّا مَنْ شَاءَ أَنْ يَتَّخِذَ إِلَىٰ رَبِّهِ سَبِيلًا ﴿٥٧﴾ وَتَوَكَّلْ عَلَى الْحَيِّ الَّذِي لَا يَمُوتُ

أَجْرٍ	إِلَّا	مَنْ شَاءَ	أَنْ يَتَّخِذَ	إِلَىٰ رَبِّهِ	سَبِيلًا	وَتَوَكَّلْ	عَلَى الْحَيِّ	الَّذِي لَا يَمُوتُ
کوئی اجر	مگر	جو چاہے	کہ اختیار کرلے	اپنے رب تک	راستہ	اور بھروسہ کر	پر ہمیشہ زندہ رہنے والا	جسے موت نہیں

کوئی اجر مگر. جو شخص چاہے کہ اپنے رب تک راستہ اختیار کرلے۔ اور اس ہمیشہ رہنے والے پر بھروسہ کر جسے موت نہیں،

وَسَبِّحْ بِحَمْدِهِ ۚ وَكَفَىٰ بِهِ بِذُنُوبِ عِبَادِهِ خَبِيرًا ﴿٥٨﴾ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ

وَسَبِّحْ	بِحَمْدِهِ	وَكَفَىٰ بِهِ	بِذُنُوبِ	عِبَادِهِ	خَبِيرًا	الَّذِي	خَلَقَ	السَّمَاوَاتِ
اور پاکیزگی بیان کر	اسکی تعریف کے ساتھ	اور کافی ہے وہ	گناہوں سے	اپنے بندے	خبر رکھنے والا	اور جس نے	پیدا کیا	آسمان (جمع)

اور اس کی تعریف کے ساتھ پاکیزگی بیان کر، اور وہ اپنے بندوں کے گناہوں کی خبر رکھنے والا کافی ہے۔ وہ جس نے آسمانوں کو پیدا کیا

وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوَىٰ عَلَى الْعَرْشِ ۚ الرَّحْمَٰنُ

وَالْأَرْضَ	وَمَا بَيْنَهُمَا	فِي	سِتَّةِ أَيَّامٍ	ثُمَّ اسْتَوَىٰ	عَلَى الْعَرْشِ	الرَّحْمَٰنُ
اور زمین	اور جو ان دونوں کے درمیان	میں	چھ دن	پھر قائم ہوا	عرش پر	جو رحم کرنے والا

اور زمین کو، اور جو اُن کے درمیان ہے چھ دن میں، پھر عرش پر قائم ہوا، جو رحم کرنے والا ہے

فَاسْأَلْ بِهِ خَبِيرًا ﴿٥٩﴾ وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اسْجُدُوا لِلرَّحْمَٰنِ قَالُوا وَمَا الرَّحْمَٰنُ

فَاسْأَلْ	بِهِ	خَبِيرًا	وَإِذَا	قِيلَ	لَهُمُ	اسْجُدُوا	لِلرَّحْمَٰنِ	قَالُوا	وَمَا	الرَّحْمَٰنُ
تو پوچھو	اسکے متعلق	کسی باخبر	اور جب	کہا جائے	ان سے	تم سجدہ کرو	رحمن کو	وہ کہتے ہیں	اور کیا ہے	رحمن

اس کے متعلق کسی باخبر سے پوچھو۔ اور جب اُن سے کہا جائے کہ تم رحمن کو سجدہ کرو تو وہ کہتے ہیں کیا ہے رحمن؟

أَنَسْجُدُ لِمَا تَأْمُرُنَا وَزَادَهُمْ نُفُورًا ۩ ﴿٦٠﴾ تَبَارَكَ الَّذِي جَعَلَ فِي السَّمَاءِ بُرُوجًا

أَنَسْجُدُ	لِمَا تَأْمُرُنَا	وَزَادَهُمْ	نُفُورًا	تَبَارَكَ	الَّذِي جَعَلَ	فِي السَّمَاءِ	بُرُوجًا
کیا ہم سجدہ کریں	جسے تو سجدہ کرنے کو کہے	اسنے بڑھا دیا اُن کا	بدکنا	بڑی برکت والا ہے	وہ جس نے بنائے	آسمانوں میں	بُرج (جمع)

کیا تو جسے سجدہ کرنے کو کہے ہم اُسے سجدہ کریں؟ اس (بات) نے ان کا بدکنا اور بڑھا دیا۔ بڑی برکت والا ہے وہ جس نے بُرج بنائے

۵ — ع ۱۶ — ۳

وَجَعَلَ فِيهَا

وَجَعَلَ	فِيهَا
اور بنایا	اس میں

اور اس میں بنایا

سِرٰجًا وَّقَمَرًا مُّنِيْرًا ﴿٦١﴾ وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً لِّمَنْ اَرَادَ

لِّمَنْ اَرَادَ	خِلْفَةً	وَالنَّهَارَ	الَّيْلَ	الَّذِيْ جَعَلَ	وَهُوَ	مُّنِيْرًا	وَّقَمَرًا	سِرٰجًا
اس کے لئے جو چاہے	ایک دوسرے کے پیچھے آنیوالا	اور دن	رات	جس نے بنایا	اور وہی	روشن	اور چاند	چراغ (سورج)

سورج اور روشن چاند۔ اور وہی ہے جس نے رات دن کو ایک دوسرے کے پیچھے آنے والا بنایا، یہ اس کے (دیکھنے) کے لئے ہیں جو چاہے

اَنْ يَّذَّكَّرَ اَوْ اَرَادَ شُكُوْرًا ﴿٦٢﴾ وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ

عَلَى الْاَرْضِ	يَمْشُوْنَ	الَّذِيْنَ	وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ	شُكُوْرًا	اَوْ اَرَادَ	اَنْ يَّذَّكَّرَ
زمین پر	چلتے ہیں	وہ جو کہ	اور رحمٰن کے بندے	شکر گزار بننا	یا چاہے	کہ وہ نصیحت پکڑے

کہ نصیحت پکڑے، یا شکر گزار بننا چاہے۔ اور رحمٰن کے بندے وہ ہیں جو زمین پر چلتے ہیں

هَوْنًا وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ﴿٦٣﴾ وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ

لِرَبِّهِمْ	يَبِيْتُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	سَلٰمًا	قَالُوْا	الْجٰهِلُوْنَ	خَاطَبَهُمُ	وَّاِذَا	هَوْنًا
اپنے رب کے لئے	رات کاٹتے ہیں	اور وہ جو	سلام	کہتے ہیں وہ	جاہل (جمع)	ان سے بات کرتے ہیں	اور جب	آہستہ آہستہ

آہستہ آہستہ، اور جب جاہل ان سے بات کرتے ہیں تو وہ بس (سلام) کہتے ہیں اور وہ اپنے رب کے لئے رات کاٹتے ہیں (رات بھر لگے رہتے ہیں)

سُجَّدًا وَّقِيَامًا ﴿٦٤﴾ وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ

اِنَّ	عَذَابَ جَهَنَّمَ	عَنَّا	اصْرِفْ	رَبَّنَا	يَقُوْلُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	وَّقِيَامًا	سُجَّدًا
بیشک	جہنم کا عذاب	ہم سے	پھیر دے	اے ہمارے رب	کہتے ہیں	اور وہ جو	اور قیام کرتے	سجدہ کرتے

سجدہ کرتے اور قیام کرتے۔ اور وہ جو کہتے ہیں اے ہمارے رب! ہم سے جہنم کا عذاب پھیر دے، بے شک

عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ﴿٦٥﴾ اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ﴿٦٦﴾ وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَنْفَقُوْا

اِذَآ اَنْفَقُوْا	وَالَّذِيْنَ	وَّمُقَامًا	مُسْتَقَرًّا	سَآءَتْ	اِنَّهَا	كَانَ غَرَامًا	عَذَابَهَا
جب وہ خرچ کرتے ہیں	اور وہ لوگ جو	اور بُرا مقام	ٹھہرنے کی جگہ	بُری	بیشک وہ	لازم ہو جانے والا ہے	اس کا عذاب

اس کا عذاب لازم ہو جانے والا ہے (جدا نہ ہونے والا ہے)۔ بیشک وہ بُری ہے ٹھہرنے کی جگہ اور بُرا ہے مقام۔ اور وہ لوگ کہ جب وہ خرچ کرتے ہیں

لَمْ يُسْرِفُوْا وَلَمْ يَقْتُرُوْا وَكَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا ﴿٦٧﴾ وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ

مَعَ اللّٰهِ	لَا يَدْعُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	قَوَامًا	بَيْنَ ذٰلِكَ	وَكَانَ	وَلَمْ يَقْتُرُوْا	لَمْ يُسْرِفُوْا
اللہ کے ساتھ	نہیں پکارتے	اور وہ جو	اعتدال	اس کے درمیان	اور ہے	اور نہ تنگی کرتے ہیں	نہ فضول خرچی کرتے ہیں

نہ فضول خرچی کرتے ہیں، اور نہ تنگی کرتے ہیں، (ان کی روش)، اس کے درمیان اعتدال کی ہے۔ اور وہ جو اللہ کے ساتھ نہیں پکارتے

إِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُونَ النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُونَ وَمَنْ

إِلٰهًا	اٰخَرَ	وَ	لَا يَقْتُلُونَ	النَّفْسَ	الَّتِي حَرَّمَ	اللّٰهُ	إِلَّا بِالْحَقِّ	وَ لَا يَزْنُونَ	وَمَنْ
کوئی معبود	دوسرا		اور وہ قتل نہیں کرتے	جان	جسے حرام کیا	اللہ	مگر جہاں حق ہو	اور وہ زنا نہیں کرتے	اور جو

دوسرا (کوئی اور) معبود اور اس جان کو قتل نہیں کرتے جسے (قتل کرنا) اللہ نے حرام کیا ہے، مگر جہاں حق ہو، اور وہ زنا نہیں کرتے، اور جو

يَفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ أَثَامًا ﴿۶۸﴾ يُضٰعَفْ لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَيَخْلُدْ فِيهِ

يَفْعَلْ	ذٰلِكَ	يَلْقَ أَثَامًا	يُضٰعَفْ	لَهُ	الْعَذَابُ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	وَيَخْلُدْ	فِيهِ
کرے گا	یہ	دوچار ہوگا بڑی سزا	دوچند کر دیا جائیگا	اسکے لئے	عذاب	روزِ قیامت	اور وہ ہمیشہ رہے گا	اس میں

یہ کرے گا وہ بڑی سزا سے دوچار ہوگا۔ روزِ قیامت اس کے لئے عذاب دوچند کر دیا جائے گا، اور وہ اس میں ہمیشہ رہے گا،

مُهَانًا ﴿۶۹﴾ إِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَأُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ

مُهَانًا	إِلَّا	مَنْ تَابَ	وَاٰمَنَ	وَعَمِلَ	عَمَلًا صَالِحًا	فَأُولٰٓئِكَ	يُبَدِّلُ اللّٰهُ	سَيِّاٰتِهِمْ
خوار ہوکر	سوائے	جس نے توبہ کی	اور وہ ایمان لایا	اور عمل کئے اس نے	نیک عمل	پس یہ لوگ	اللہ بدل دے گا	ان کی برائیاں

خوار ہوکر۔ سوائے اس کے جس نے توبہ کی، اور وہ ایمان لایا، اور اس نے نیک عمل کئے، پس اللہ ان لوگوں کی برائیاں بدل دے گا

حَسَنٰتٍ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُورًا رَّحِيمًا ﴿۷۰﴾ وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَإِنَّهُ يَتُوبُ

حَسَنٰتٍ	وَكَانَ	اللّٰهُ	غَفُورًا	رَّحِيمًا	وَ مَنْ تَابَ	وَعَمِلَ	صَالِحًا	فَإِنَّهُ	يَتُوبُ
بھلائیوں سے	اور ہے	اللہ	بخشنے والا	نہایت مہربان	اور جس نے توبہ کی	اور عمل کئے	نیک	تو بیشک وہ	رجوع کرتا ہے

بھلائیوں سے، اور اللہ بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔ اور جس نے توبہ کی اور نیک عمل کئے تو بیشک وہ رجوع کرتا ہے

إِلَى اللّٰهِ مَتَابًا ﴿۷۱﴾ وَالَّذِينَ لَا يَشْهَدُونَ الزُّورَ وَإِذَا مَرُّوا بِاللَّغْوِ مَرُّوا كِرَامًا ﴿۷۲﴾

إِلَى اللّٰهِ	مَتَابًا	وَالَّذِينَ	لَا يَشْهَدُونَ	الزُّورَ	وَإِذَا	مَرُّوا	بِاللَّغْوِ	مَرُّوا	كِرَامًا
اللہ کی طرف	رجوع کرنے کا مقام	اور وہ لوگ جو	گواہی نہیں دیتے	جھوٹ	اور جب	گزریں	بیہودہ سے	گزرتے ہیں	بزرگانہ

اللہ کی طرف (جیسے)، رجوع کرنے کا مقام (حق) ہے، اور وہ لوگ جو جھوٹ کی گواہی نہیں دیتے اور جب بیہودہ چیزوں کے پاس سے گزریں تو گزرتے ہیں بزرگانہ (سنجیدگی کے انداز سے)

وَالَّذِينَ إِذَا ذُكِّرُوا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَمْ يَخِرُّوا عَلَيْهَا صُمًّا وَّعُمْيَانًا ﴿۷۳﴾ وَالَّذِينَ

وَالَّذِينَ	إِذَا ذُكِّرُوا	بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ	لَمْ يَخِرُّوا	عَلَيْهَا	صُمًّا	وَّعُمْيَانًا	وَالَّذِينَ
اور وہ لوگ جو	جب انہیں نصیحت کی جاتی ہے	انکے رب کے احکام سے	نہیں گر پڑتے	ان پر	بہروں کی طرح	اور اندھوں کی طرح	اور وہ لوگ جو

اور وہ لوگ کہ جب انہیں اُن کے رب کے احکام سے نصیحت کی جاتی ہے تو وہ ان پر بہروں اور اندھوں کی طرح نہیں گر پڑتے۔ اور وہ لوگ جو

يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّ اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ

يَقُوْلُوْنَ	رَبَّنَا	هَبْ لَنَا	مِنْ	اَزْوَاجِنَا	وَ ذُرِّيّٰتِنَا	قُرَّةَ اَعْيُنٍ	وَّ اجْعَلْنَا	لِلْمُتَّقِيْنَ
کہتے ہیں وہ	اے ہمارے رب	عطا فرما ہمیں	سے	ہماری بیویاں	اور ہماری اولاد	ٹھنڈک آنکھوں کی	اور بنا دے ہمیں	پرہیزگاروں کا

کہتے ہیں اے ہمارے رب! ہمیں ہماری بیویوں اور ہماری اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما، اور ہمیں بنا دے پرہیزگاروں کا

اِمَامًا ﴿۷۴﴾ اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا وَ يُلَقَّوْنَ فِيْهَا تَحِيَّةً وَّ سَلٰمًا ﴿۷۵﴾

اِمَامًا	اُولٰٓئِكَ	يُجْزَوْنَ	الْغُرْفَةَ	بِمَا صَبَرُوْا	وَ يُلَقَّوْنَ	فِيْهَا	تَحِيَّةً	وَّ سَلٰمًا
پیشوا	یہ لوگ	انعام دیئے جائیں گے	بالاخانے	ان کے صبر کی بدولت	اور پیشوائی کئے جائینگے	اس میں	دعائے خیر	اور سلام

پیشوا۔ ان لوگوں کو ان کے صبر کی بدولت (جنت کے) بالاخانے انعام دیئے جائیں گے اور وہ اس میں دعائے خیر اور سلام سے پیشوائی کئے جائیں گے

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَّ مُقَامًا ﴿۷۶﴾ قُلْ مَا يَعْبَؤُا بِكُمْ رَبِّيْ لَوْ لَا دُعَآؤُكُمْ

خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	حَسُنَتْ	مُسْتَقَرًّا	وَّ مُقَامًا	قُلْ	مَا يَعْبَؤُا	بِكُمْ	رَبِّيْ	لَوْ	لَا دُعَآؤُكُمْ
وہ ہمیشہ رہیں گے	اس میں	اچھی ہے	آرام گاہ	اور مسکن	فرما دیں	پرواہ نہیں رکھتا	تمہاری	میرا رب	اگر	نہ پکارو تم

وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے، (کیا ہی) اچھی ہے آرام گاہ، اور اچھا مسکن۔ آپ فرما دیں اگر تم اس کو نہ پکارو، تو میرا رب تمہاری پرواہ نہیں رکھتا

فَقَدْ كَذَّبْتُمْ فَسَوْفَ يَكُوْنُ لِزَامًا ﴿۷۷﴾

فَقَدْ كَذَّبْتُمْ	فَسَوْفَ	يَكُوْنُ	لِزَامًا
جھٹلایا تم نے	پس عنقریب	ہوگی	لازمی

تم نے جھٹلایا، پس عنقریب (اس کی سزا) لازمی ہوگی۔

آیاتھا ۲۲۷ | (۲۶) سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ مَكِّيَّةٌ (۴۷) | رکوعاتھا ۱۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے۔

طٰسٓمّٓ ﴿۱﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿۲﴾ لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ اَلَّا يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿۳﴾

طٰسٓمّٓ	تِلْكَ	اٰيٰتُ	الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ	لَعَلَّكَ	بَاخِعٌ	نَّفْسَكَ	اَلَّا يَكُوْنُوْا	مُؤْمِنِيْنَ
طسم	یہ	آیتیں	روشن کتاب	شاید تم	ہلاک کر لوگے	اپنے تئیں	کہ وہ نہیں	ایمان لاتے

طسم۔ یہ روشن کتاب کی آیتیں ہیں۔ شاید آپ (ان کے غم میں) اپنے تئیں ہلاک کر لیں گے کہ وہ ایمان نہیں لاتے۔

اِنۡ نَّشَاۡ نُنَزِّلۡ عَلَيۡهِمۡ مِّنَ السَّمَآءِ اٰيَةً فَظَلَّتۡ اَعۡنَاقُهُمۡ لَهَا خٰضِعِيۡنَ ﴿۴﴾

خٰضِعِيۡنَ	لَهَا	اَعۡنَاقُهُمۡ	فَظَلَّتۡ	اٰيَةً	مِّنَ السَّمَآءِ	عَلَيۡهِمۡ	نُنَزِّلۡ	اِنۡ نَّشَاۡ
پست	اس کے آگے	ان کی گردنیں	تو ہو جائیں	کوئی نشانی	آسمان سے	ان پر	ہم اتار دیں	اگر ہم چاہیں

اگر ہم چاہیں تو ان پر آسمان سے کوئی نشانی اتار دیں، تو اس کے آگے ان کی گردنیں پست ہو جائیں۔

وَمَا يَاۡتِيۡهِمۡ مِّنۡ ذِكۡرٍ مِّنَ الرَّحۡمٰنِ مُحۡدَثٍ اِلَّا كَانُوۡا عَنۡهُ مُعۡرِضِيۡنَ ﴿۵﴾

مُعۡرِضِيۡنَ	عَنۡهُ	كَانُوۡا	اِلَّا	مُحۡدَثٍ	الرَّحۡمٰنِ	مِّنَ	مِّنۡ ذِكۡرٍ	مَا يَاۡتِيۡهِمۡ	وَ
رُوگردان	اس سے	ہو جاتے ہیں	مگر	نئی	رحمٰن	طرف سے	کوئی نصیحت	نہیں آتی انکے پاس	اور

اور اُن کے پاس رحمٰن کی طرف سے کوئی نئی نصیحت نہیں آتی مگر وہ اس سے روگردان ہو جاتے ہیں۔

فَقَدۡ كَذَّبُوۡا فَسَيَاۡتِيۡهِمۡ اَنۡۢبٰٓؤُا مَا كَانُوۡا بِهٖ يَسۡتَهۡزِءُوۡنَ ﴿۶﴾ اَوَلَمۡ يَرَوۡا اِلَى الۡاَرۡضِ

اِلَى الۡاَرۡضِ	اَوَلَمۡ يَرَوۡا	يَسۡتَهۡزِءُوۡنَ	بِهٖ	مَا كَانُوۡا	اَنۡۢبٰٓؤُا	فَسَيَاۡتِيۡهِمۡ	فَقَدۡ كَذَّبُوۡا
زمین کی طرف	کیا انہوں نے نہیں دیکھا؟	مذاق اڑاتے	اس کا	جو وہ تھے	خبریں	تو جلد آئیں گی انکے پاس	پس بیشک انہوں نے جھٹلایا

پس بیشک انہوں نے جھٹلایا تو جلد ان کے پاس اسکی خبریں آئیں گی (حقیقت معلوم ہو جائے گی) جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔ کیا انہوں نے زمین کی طرف نہیں دیکھا؟

كَمۡ اَنۡۢبَتۡنَا فِيۡهَا مِنۡ كُلِّ زَوۡجٍ كَرِيۡمٍ ﴿۷﴾ اِنَّ فِيۡ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكۡثَرُهُمۡ

اَكۡثَرُهُمۡ	وَمَا كَانَ	لَاٰيَةً	فِيۡ ذٰلِكَ	اِنَّ	كَرِيۡمٍ	زَوۡجٍ	كُلِّ	مِنۡ	فِيۡهَا	اَنۡۢبَتۡنَا	كَمۡ
ان میں اکثر	اور نہیں ہیں	البتہ نشانی	اس میں	بیشک	عمدہ	جوڑا جوڑا		ہر قسم	اس میں	اگائیں ہم نے	کس قدر

کہ ہم نے اس میں کس قدر عمدہ عمدہ ہر قسم کی چیزیں جوڑا جوڑا اگائی ہیں۔ بیشک اس میں البتہ نشانی ہے، اور ان میں اکثر نہیں ہیں

مُّؤۡمِنِيۡنَ ﴿۸﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الۡعَزِيۡزُ الرَّحِيۡمُ ﴿۹﴾ وَاِذۡ نَادٰى رَبُّكَ مُوۡسٰٓى

مُوۡسٰٓى	رَبُّكَ	نَادٰى	وَاِذۡ	الرَّحِيۡمُ	الۡعَزِيۡزُ	لَهُوَ	رَبَّكَ	وَاِنَّ	مُّؤۡمِنِيۡنَ
موسیٰ	تمہارا رب	پکارا (فرمایا)	اور جب	نہایت مہربان	غالب	البتہ وہ	تمہارا رب	اور بیشک	ایمان لانے والے

ایمان لانے والے۔ اور بیشک تمہارا رب البتہ غالب ہے، نہایت مہربان۔ اور (یاد کرو) جب تمہارے رب نے موسیٰ کو فرمایا

اَنِ ائۡتِ الۡقَوۡمَ الظّٰلِمِيۡنَ ﴿۱۰﴾ قَوۡمَ فِرۡعَوۡنَ ؕ اَلَا يَتَّقُوۡنَ ﴿۱۱﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيۡۤ اَخَافُ

اِنِّيۡۤ اَخَافُ	رَبِّ	قَالَ	اَلَا يَتَّقُوۡنَ	قَوۡمَ فِرۡعَوۡنَ	الۡقَوۡمَ الظّٰلِمِيۡنَ	اَنِ ائۡتِ
میں ڈرتا ہوں	اے میرے رب	اس نے کہا	کیا وہ مجھ سے نہیں ڈرتے	قوم فرعون	ظالم لوگ	کہ تو جا

کہ ظالم لوگوں کے پاس جاؤ۔ (یعنی) قوم فرعون کے پاس، کیا وہ مجھ سے نہیں ڈرتے؟ اس نے کہا اے میرے رب! میں ڈرتا ہوں (مجھے اندیشہ ہے)

أَنْ يُكَذِّبُونِ ﴿١٢﴾ وَيَضِيقُ صَدْرِي وَلَا يَنْطَلِقُ لِسَانِي فَأَرْسِلْ إِلَىٰ هَارُونَ ﴿١٣﴾

أَنْ	يُكَذِّبُونِ	وَيَضِيقُ	صَدْرِي	وَلَا يَنْطَلِقُ	لِسَانِي	فَأَرْسِلْ	إِلَىٰ	هَارُونَ
کہ	وہ مجھے جھٹلائیں گے	اور تنگ ہوتا ہے	میرا سینہ (دل)	اور نہیں چلتی	میری زبان	پس پیغام بھیج	طرف	ہارون ؑ

کہ وہ مجھے جھٹلائیں گے۔ اور میرا دل تنگ ہوتا ہے، اور میری زبان (خوب) نہیں چلتی، پس ہارون ؑ کی طرف (بھی) پیغام بھیج۔

وَلَهُمْ عَلَيَّ ذَنْبٌ فَأَخَافُ أَنْ يَقْتُلُونِ ﴿١٤﴾ قَالَ كَلَّا ۖ فَاذْهَبَا بِآيَاتِنَا ۖ إِنَّا مَعَكُمْ

وَلَهُمْ	عَلَيَّ	ذَنْبٌ	فَأَخَافُ	أَنْ يَقْتُلُونِ	قَالَ	كَلَّا	فَاذْهَبَا	بِآيَاتِنَا	إِنَّا	مَعَكُمْ
اور ان کا	مجھ پر	ایک الزام	پس میں ڈرتا ہوں	کہ وہ مجھے قتل (نہ) کر دیں	فرمایا	ہرگز نہیں	پس تم دونوں جاؤ	ہماری نشانیوں کے ساتھ	بیشک ہم	تمہارے ساتھ

اور ان کا مجھ پر ایک الزام (بھی) ہے، پس مجھے ڈر ہے کہ وہ مجھے قتل (نہ) کر دیں، فرمایا ہرگز نہیں، تم دونوں ہماری نشانیوں کے ساتھ جاؤ، بیشک ہم تمہارے ساتھ ہیں

مُسْتَمِعُونَ ﴿١٥﴾ فَأْتِيَا فِرْعَوْنَ فَقُولَا إِنَّا رَسُولُ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿١٦﴾ أَنْ أَرْسِلْ

مُسْتَمِعُونَ	فَأْتِيَا	فِرْعَوْنَ	فَقُولَا	إِنَّا رَسُولُ	رَبِّ الْعَالَمِينَ	أَنْ	أَرْسِلْ
سننے والے	پس تم دونوں جاؤ	فرعون	تو اسے کہو	بیشک ہم رسول	تمام جہانوں کا رب	کہ	تو بھیج دے

سننے والے۔ پس تم دونوں فرعون کے پاس جاؤ تو اسے کہو کہ بیشک ہم تمام جہانوں کے رب کے رسول ہیں۔ کہ تو بھیج دے

مَعَنَا بَنِي إِسْرَائِيلَ ﴿١٧﴾ قَالَ أَلَمْ نُرَبِّكَ فِينَا وَلِيدًا وَلَبِثْتَ فِينَا مِنْ عُمُرِكَ

مَعَنَا	بَنِي إِسْرَائِيلَ	قَالَ	أَلَمْ نُرَبِّكَ	فِينَا	وَلِيدًا	وَلَبِثْتَ	فِينَا	مِنْ عُمُرِكَ
ہمارے ساتھ	بنی اسرائیل	فرعون نے کہا	کیا ہم نے تجھے نہیں پالا	اپنے درمیان	بچپن میں	اور تو رہا	ہمارے درمیان	اپنی عمر کے

ہمارے ساتھ بنی اسرائیل کو۔ فرعون نے کہا کیا ہم نے تجھے بچپن میں اپنے درمیان نہیں پالا؟ اور تو ہمارے درمیان رہا اپنی عمر کے

سِنِينَ ﴿١٨﴾ وَفَعَلْتَ فَعْلَتَكَ الَّتِي فَعَلْتَ وَأَنْتَ مِنَ الْكَافِرِينَ ﴿١٩﴾ قَالَ فَعَلْتُهَا

سِنِينَ	وَفَعَلْتَ	فَعْلَتَكَ	الَّتِي فَعَلْتَ	وَأَنْتَ	مِنَ	الْكَافِرِينَ	قَالَ	فَعَلْتُهَا
کئی برس	اور تو نے کیا	اپنا (وہ) کام	جو تو نے کیا	اور تو	سے	ناشکرے	موسیٰ نے کہا	میں نے وہ کیا تھا

کئی برس۔ اور تو نے وہ کام کیا جو تو نے کیا (قبطی قتل کیا)، اور تو ناشکروں میں سے ہے۔ موسیٰ ؑ نے کہا میں نے وہ کیا تھا

إِذًا وَأَنَا مِنَ الضَّالِّينَ ﴿٢٠﴾ فَفَرَرْتُ مِنْكُمْ لَمَّا خِفْتُكُمْ فَوَهَبَ لِي رَبِّي حُكْمًا وَ

إِذًا	وَأَنَا	مِنَ	الضَّالِّينَ	فَفَرَرْتُ	مِنْكُمْ	لَمَّا خِفْتُكُمْ	فَوَهَبَ لِي	رَبِّي	حُكْمًا	وَ
جب	اور میں	سے	راہ سے بے خبر (جمع)	تو میں بھاگ گیا	تم سے	جب میں ڈرا تم سے	پس عطا کیا مجھے	میرا رب	حکم	اور

جب میں راہ سے بے خبروں میں سے تھا۔ جب میں تم سے ڈرا تو میں تم سے بھاگ گیا، پس میرے رب نے مجھے حکم عطا کیا (نبوت دی)، اور

جَعَلَنِيْ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۲۱﴾ وَتِلْكَ نِعْمَةٌ تَمُنُّهَا عَلَيَّ اَنْ عَبَّدْتَّ بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۲۲﴾

جَعَلَنِيْ	مِنَ	الْمُرْسَلِيْنَ	وَتِلْكَ	نِعْمَةٌ	تَمُنُّهَا عَلَيَّ	اَنْ عَبَّدْتَّ	بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ
اور مجھے بنایا	سے	رسول (جمع)	اور یہ	کوئی نعمت	تو اس کا احسان رکھتا ہے مجھ پر	کہ تو نے غلام بنایا	بنی اسرائیل

اور مجھے رسولوں میں سے بنایا۔ اور یہ کوئی نعمت ہے جس کا تو مجھ پر احسان رکھتا ہے؟ کہ تو نے بنی اسرائیل کو غلام بنایا۔

قَالَ فِرْعَوْنُ وَمَا رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۳﴾ قَالَ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا

قَالَ فِرْعَوْنُ	وَمَا	رَبُّ	الْعٰلَمِيْنَ	قَالَ	رَبُّ السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَمَا بَيْنَهُمَا
فرعون نے کہا	اور کیا ہے	رب	سارے جہان	اس نے کہا	رب ہے آسمانوں کا	اور زمین	اور جو ان کے درمیان

فرعون نے کہا، اور کیا ہے سارے جہان کا رب! موسیٰؑ نے کہا رب ہے آسمانوں کا اور زمین کا، اور جو ان کے درمیان ہے،

اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ﴿۲۴﴾ قَالَ لِمَنْ حَوْلَهٗۤ اَلَا تَسْتَمِعُوْنَ ﴿۲۵﴾ قَالَ رَبُّكُمْ وَرَبُّ

اِنْ	كُنْتُمْ	مُّوْقِنِيْنَ	قَالَ	لِمَنْ	حَوْلَهٗ	اَلَا	تَسْتَمِعُوْنَ	قَالَ	رَبُّكُمْ	وَرَبُّ
اگر	تم ہو	یقین کرنے والے	اس نے کہا	انہیں جو	اس کے اردگرد	کیا تم	سنتے نہیں	(موسیٰ نے کہا	تمہارا رب	اور رب

اگر تم یقین کرنے والے ہو۔ اس نے اپنے اردگرد والوں سے کہا، کیا تم سنتے نہیں! موسیٰؑ نے کہا رب ہے تمہارا اور رب ہے

اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۲۶﴾ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَكُمُ الَّذِيْۤ اُرْسِلَ اِلَيْكُمْ لَمَجْنُوْنٌ ﴿۲۷﴾ قَالَ رَبُّ

اٰبَآئِكُمُ	الْاَوَّلِيْنَ	قَالَ	اِنَّ	رَسُوْلَكُمُ	الَّذِيْۤ	اُرْسِلَ	اِلَيْكُمْ	لَمَجْنُوْنٌ	قَالَ	رَبُّ
تمہارے باپ دادا	پہلے	فرعون بولا	بیشک	تمہارا رسول	وہ جو	بھیجا گیا	تمہاری طرف	البتہ دیوانہ	(موسیٰ نے کہا	رب

تمہارے پہلے باپ دادا کا۔ فرعون بولا، بیشک تمہارا رسول جو تمہاری طرف بھیجا گیا ہے البتہ دیوانہ ہے۔ موسیٰؑ نے کہا رب ہے

الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَمَا بَيْنَهُمَا اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۲۸﴾ قَالَ لَئِنِ اتَّخَذْتَ اِلٰهًا

الْمَشْرِقِ	وَالْمَغْرِبِ	وَمَا	بَيْنَهُمَا	اِنْ	كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ	قَالَ	لَئِنِ	اتَّخَذْتَ	اِلٰهًا
مشرق	اور مغرب	اور جو	ان دونوں کے درمیان	اگر	تم سمجھتے ہو	وہ بولا	البتہ اگر	تو نے بنایا	کوئی معبود

مشرق کا اور مغرب کا، اور جو ان دونوں کے درمیان ہے، اگر تم سمجھتے ہو۔ وہ بولا، البتہ اگر تو نے کوئی اور معبود بنایا

غَيْرِيْ لَاَجْعَلَنَّكَ مِنَ الْمَسْجُوْنِيْنَ ﴿۲۹﴾ قَالَ اَوَلَوْ جِئْتُكَ بِشَيْءٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۰﴾ قَالَ

غَيْرِيْ	لَاَجْعَلَنَّكَ	مِنَ	الْمَسْجُوْنِيْنَ	قَالَ	اَوَلَوْ جِئْتُكَ	بِشَيْءٍ مُّبِيْنٍ	قَالَ
میرے سوا	تو میں ضرور کردوں گا تجھے	سے	قیدی (جمع)	(موسیٰ نے کہا	خواہ میں لاؤں تیرے پاس	ایک شے (معجزہ) واضح	وہ بولا

میرے سوا تو میں ضرور تجھے قید کردوں گا۔ موسیٰؑ نے کہا خواہ میں تیرے پاس ایک واضح معجزہ لاؤں۔ وہ بولا

فَاْتِ بِهٖٓ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۳۱﴾ فَاَلْقٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ﴿۳۲﴾

فَاْتِ بِهٖ	اِنْ كُنْتَ	مِنَ	الصّٰدِقِيْنَ	فَاَلْقٰى	عَصَاهُ	فَاِذَا هِيَ	ثُعْبَانٌ	مُّبِيْنٌ
تو لے آ اسے	اگر تو ہے	سے	سچے	پس موسیٰ نے ڈالا	اپنا عصا	تو اچانک وہ	اژدہا	کھلا (نمایاں)

تو اسے لے آ اگر تو سچوں میں سے ہے (سچا ہے)۔ پس موسیٰؑ نے اپنا عصا ڈالا تو وہ اچانک نمایاں اژدہا بن گیا۔

وَّنَزَعَ يَدَهٗ فَاِذَا هِيَ بَيْضَآءُ لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿۳۳﴾ قَالَ لِلْمَلَاِ حَوْلَهٗٓ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ

وَّنَزَعَ	يَدَهٗ	فَاِذَا هِيَ	بَيْضَآءُ	لِلنّٰظِرِيْنَ	قَالَ	لِلْمَلَاِ	حَوْلَهٗٓ	اِنَّ هٰذَا	لَسٰحِرٌ	عَلِيْمٌ
اس نے اور کھینچا (نکالا)	اپنا ہاتھ	تو ناگاہ وہ	چمکتا ہوا	دیکھنے والوں کے لئے	فرعون نے کہا	سرداروں سے	اپنے گرد	بیشک یہ	جادوگر	دانا ماہر

اور اس نے اپنا ہاتھ (گریبان سے) نکالا تو ناگاہ وہ دیکھنے والوں کے لئے چمکتا ہوا ہو گیا۔ فرعون نے اپنے ارد گرد کے سرداروں سے کہا بیشک یہ ماہر جادوگر ہے۔

يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهٖ ۖ فَمَاذَا تَاْمُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ قَالُوْٓا اَرْجِهْ وَاَخَاهُ

يُّرِيْدُ	اَنْ	يُّخْرِجَكُمْ	مِّنْ	اَرْضِكُمْ	بِسِحْرِهٖ	فَمَاذَا	تَاْمُرُوْنَ	قَالُوْٓا	اَرْجِهْ	وَاَخَاهُ
وہ چاہتا ہے	کہ	تمہیں نکال دے	سے	تمہاری سرزمین	اپنے جادو سے	تو کیا	تم حکم (مشورہ) دیتے ہو	وہ بولے	مہلت دے	اور اس کے بھائی کو

وہ چاہتا ہے کہ تمہیں اپنے جادو (کے زور) سے تمہاری سرزمین سے نکال دے تو تم کیا مشورہ دیتے ہو؟ وہ بولے اسے اور اس کے بھائی کو مہلت دے،

وَابْعَثْ فِي الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿۳۶﴾ يَاْتُوْكَ بِكُلِّ سَحَّارٍ عَلِيْمٍ ﴿۳۷﴾ فَجُمِعَ السَّحَرَةُ

وَابْعَثْ	فِي	الْمَدَآئِنِ	حٰشِرِيْنَ	يَاْتُوْكَ	بِكُلِّ سَحَّارٍ	عَلِيْمٍ ﴿۳۷﴾	فَجُمِعَ	السَّحَرَةُ
اور بھیج	میں	شہر (جمع)	اکٹھا کرنے والے (نقیب)	لے آئیں تیرے پاس	تمام بڑے جادوگر	ماہر	پس جمع کئے گئے	جادوگر

اور شہروں میں نقیب بھیج، کہ تیرے پاس تمام بڑے ماہر جادوگر لے آئیں۔ پس جادوگر جمع ہو گئے،

لِمِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۳۸﴾ وَّقِيْلَ لِلنَّاسِ هَلْ اَنْتُمْ مُّجْتَمِعُوْنَ ﴿۳۹﴾ لَعَلَّنَا نَتَّبِعُ

لِمِيْقَاتِ	يَوْمٍ	مَّعْلُوْمٍ	وَّقِيْلَ	لِلنَّاسِ	هَلْ	اَنْتُمْ	مُّجْتَمِعُوْنَ	لَعَلَّنَا	نَتَّبِعُ
مقررہ وقت پر	ایک دن	جانے پہچانے (معین)	اور کہا گیا	لوگوں سے	کیا	تم	جمع ہونے والے ہو (جمع ہو گئے)	تاکہ ہم	پیروی کریں

ایک معین دن وقت مقررہ پر۔ اور لوگوں سے کہا گیا کیا تم جمع ہو گئے؟ تاکہ ہم پیروی کریں

السَّحَرَةَ اِنْ كَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۴۰﴾ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالُوْا لِفِرْعَوْنَ اَئِنَّ لَنَا

السَّحَرَةَ	اِنْ	كَانُوْا هُمُ	الْغٰلِبِيْنَ	فَلَمَّا	جَآءَ	السَّحَرَةُ	قَالُوْا	لِفِرْعَوْنَ	اَئِنَّ لَنَا
جادوگر (جمع)	اگر	ہوں وہ	غالب (جمع)	پس جب	آئے	جادوگر	انہوں نے کہا	فرعون سے	کیا یقیناً ہمارے لئے

جادوگروں کی، اگر وہ غالب ہوں۔ جب جادوگر آئے تو انہوں نے فرعون سے کہا کیا ہمارے لئے یقینی طور پر

لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۴۱﴾ قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ اِذًا لَّمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿۴۲﴾ قَالَ

لَاَجْرًا	اِنْ	كُنَّا	نَحْنُ	الْغٰلِبِيْنَ	قَالَ	نَعَمْ	وَاِنَّكُمْ	اِذًا	لَّمِنَ	الْمُقَرَّبِيْنَ	قَالَ
کچھ انعام	اگر	ہم ہوئے	ہم	غالب (جمع)	اس نے کہا	ہاں	اور بیشک تم	اس وقت	البتہ سے	مقربین	کہا

کچھ انعام ہوگا؟ اگر ہم غالب آئے۔ اس نے کہا ہاں! تم اس وقت ۔بیشک (میرے) مقربین میں سے ہو گے۔ کہا

لَهُمْ مُّوْسٰۤى اَلْقُوْا مَاۤ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ﴿۴۳﴾ فَاَلْقَوْا حِبَالَهُمْ وَعِصِيَّهُمْ وَقَالُوْا

لَهُمْ	مُّوْسٰۤى	اَلْقُوْا	مَاۤ	اَنْتُمْ	مُّلْقُوْنَ	فَاَلْقَوْا	حِبَالَهُمْ	وَعِصِيَّهُمْ	وَقَالُوْا
ان سے	موسیٰؑ	تم ڈالو	جو	تم	ڈالنے والے	پس انہوں نے ڈالیں	اپنی رسیاں	اور اپنی لاٹھیاں	اور بولے

موسیٰؑ نے اُن سے (اپنا داؤ) ڈالو جو تم ڈالنے والے ہو۔ پس انہوں نے اپنی رسیاں اور لاٹھیاں ڈالیں اور وہ بولے

بِعِزَّةِ فِرْعَوْنَ اِنَّا لَنَحْنُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۴۴﴾ فَاَلْقٰى مُوْسٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِىَ تَلْقَفُ

بِعِزَّةِ	فِرْعَوْنَ	اِنَّا لَنَحْنُ	الْغٰلِبُوْنَ	فَاَلْقٰى	مُوْسٰى	عَصَاهُ	فَاِذَا هِىَ	تَلْقَفُ
اقبال سے	فرعون	بیشک البتہ ہم	غالب آنے والے	پس ڈالا	موسیٰؑ	اپنا عصا	تو ناگاہ وہ	نگلنے لگا

فرعون کے اقبال سے بیشک ہم ہی غالب آنے والے ہیں۔ پس موسیٰؑ نے اپنا عصا ڈالا تو وہ ناگاہ نگلنے لگا

مَا يَاْفِكُوْنَ ﴿۴۵﴾ فَاُلْقِىَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿۴۶﴾ قَالُوْۤا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۷﴾ رَبِّ

مَا	يَاْفِكُوْنَ	فَاُلْقِىَ	السَّحَرَةُ	سٰجِدِيْنَ	قَالُوْۤا	اٰمَنَّا	بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ	رَبِّ
جو	انہوں نے ڈھکوسلا بنایا	پس ڈال دیئے گئے (گر پڑے)	جادوگر	سجدہ کرتے ہوئے	وہ بولے	ہم ایمان لائے	سارے جہانوں کے رب پر	رب

جو انہوں نے ڈھکوسلا بنایا تھا۔ پس جادوگر سجدہ کرتے ہوئے گر پڑے۔ وہ بولے ہم سارے جہانوں کے رب پر ایمان لائے۔ (جو) رب ہے

مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۴۸﴾ قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ اِنَّهٗ لَكَبِيْرُكُمُ الَّذِىْ

مُوْسٰى	وَهٰرُوْنَ	قَالَ	اٰمَنْتُمْ لَهٗ	قَبْلَ	اَنْ	اٰذَنَ	لَكُمْ	اِنَّهٗ	لَكَبِيْرُكُمُ	الَّذِىْ
موسیٰؑ	اور ہارونؑ	فرعون نے کہا	تم ایمان لائے اس پر	پہلے	کہ میں	اجازت دوں	تمہیں	بیشک وہ	البتہ بڑا ہے تمہارا	وہ جس نے

موسیٰؑ اور ہارونؑ کا۔ فرعون نے کہا تم اس پر (اس سے) پہلے ایمان لے آئے کہ میں تمہیں اجازت دوں، بیشک وہ البتہ تمہارا بڑا ہے جس نے

عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ فَلَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۬ؕ لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ

عَلَّمَكُمُ	السِّحْرَ	فَلَسَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ	لَاُقَطِّعَنَّ	اَيْدِيَكُمْ	وَاَرْجُلَكُمْ	مِّنْ	خِلَافٍ
سکھایا تمہیں	جادو	پس جلد	تم جان لوگے	البتہ میں ضرور کاٹ ڈالوں گا	تمہارے ہاتھ	اور تمہارے پاؤں	سے۔کے	ایک دوسرے کے خلاف کا

تمہیں جادو سکھایا ہے پس تم جلد جان لوگے، میں ضرور تمہارے ہاتھ پاؤں کاٹ ڈالوں گا، دوسری طرف کے (ایک طرف کا ہاتھ دوسری طرف کا پاؤں)

وَلَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٤٩﴾ قَالُوْا لَا ضَيْرَ اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ﴿٥٠﴾ اِنَّا نَطْمَعُ

وَلَاُصَلِّبَنَّكُمْ	اَجْمَعِيْنَ	قَالُوْا	لَا ضَيْرَ	اِنَّآ	اِلٰى رَبِّنَا	مُنْقَلِبُوْنَ	اِنَّا نَطْمَعُ
اور ضرور تمہیں سُولی دوں گا	سب کو	وہ بولے	کچھ نقصان (حرج) نہیں	بیشک ہم	اپنے رب کی طرف	لوٹ کر جانے والے ہیں	بیشک ہم امید رکھتے ہیں

اور ضرور تم سب کو سُولی دوں گا۔ وہ بولے کچھ ہرج نہیں بیشک ہم اپنے رب کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ ہم امید رکھتے ہیں

اَنْ يَّغْفِرَ لَنَا رَبُّنَا خَطٰيٰنَآ اَنْ كُنَّآ اَوَّلَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٥١﴾ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى

اَنْ	يَّغْفِرَ	لَنَا	رَبُّنَا	خَطٰيٰنَا	اَنْ كُنَّا	اَوَّلَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَاَوْحَيْنَا	اِلٰى	مُوْسٰى
کہ	بخش دے	ہمیں	ہمارا رب	ہماری خطائیں	کہ ہم ہیں	پہلے	ایمان لانے والے	اور ہم نے وحی کی	طرف	موسیٰ ؑ

کہ ہمارا رب ہماری خطائیں بخش دے کہ ہم پہلے ایمان لانے والے ہیں۔ اور ہم نے موسیٰ ؑ کی طرف وحی کی

اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْٓ اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ﴿٥٢﴾ فَاَرْسَلَ فِرْعَوْنُ فِي الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿٥٣﴾

اَنْ اَسْرِ	بِعِبَادِيْ	اِنَّكُمْ	مُّتَّبَعُوْنَ	فَاَرْسَلَ	فِرْعَوْنُ	فِي الْمَدَآئِنِ	حٰشِرِيْنَ
کہ راتوں رات لے نکل	میرے بندوں کو	بیشک تم	تم پیچھا کئے جاؤ گے	پس بھیجا	فرعون	شہروں میں	اکٹھا کرنے والے (نقیب)

کہ راتوں رات میرے بندوں کو لیکر نکل بیشک تم پیچھا کئے جاؤ گے (تمہارا تعاقب ہوگا)۔ پس فرعون نے شہروں میں نقیب بھیجے۔

اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَشِرْذِمَةٌ قَلِيْلُوْنَ ﴿٥٤﴾ وَاِنَّهُمْ لَنَا لَغَآئِظُوْنَ ﴿٥٥﴾ وَاِنَّا لَجَمِيْعٌ حٰذِرُوْنَ ﴿٥٦﴾

اِنَّ	هٰٓؤُلَآءِ	لَشِرْذِمَةٌ	قَلِيْلُوْنَ	وَاِنَّهُمْ	لَنَا	لَغَآئِظُوْنَ	وَاِنَّا	لَجَمِيْعٌ	حٰذِرُوْنَ
بیشک	یہ لوگ ہیں	ایک جماعت	تھوڑی سی	اور بیشک وہ	ہمیں	غصہ میں لانے والے ہیں	اور بیشک ہم	ایک جماعت	مسلح - محتاط

بیشک یہ لوگ ایک تھوڑی (چھوٹی سی) جماعت ہیں۔ اور وہ بیشک ہمیں غصہ میں لانے والے (غصہ دلا رہے ہیں) اور بیشک ہم ایک جماعت ہیں مسلح محتاط۔

فَاَخْرَجْنٰهُمْ مِّنْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿٥٧﴾ وَّكُنُوْزٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ﴿٥٨﴾ كَذٰلِكَ وَاَوْرَثْنٰهَا

فَاَخْرَجْنٰهُمْ	مِّنْ	جَنّٰتٍ	وَّعُيُوْنٍ	وَّكُنُوْزٍ	وَّمَقَامٍ	كَرِيْمٍ	كَذٰلِكَ	وَاَوْرَثْنٰهَا
پس ہم نے انہیں نکالا	سے	باغات	اور چشمے	اور خزانے	اور ٹھکانے	عمدہ	اسی طرح	اور ہم نے وارث بنایا ان کا

(ارشادِ الٰہی ہے) پس ہم نے انہیں باغات سے، چشموں سے، اور خزانوں سے، اور عمدہ ٹھکانوں سے نکالا۔ اسی طرح ہم نے ان کا وارث بنایا

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿٥٩﴾ فَاَتْبَعُوْهُمْ مُّشْرِقِيْنَ ﴿٦٠﴾ فَلَمَّا تَرَآءَ الْجَمْعٰنِ قَالَ اَصْحٰبُ مُوْسٰٓى

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	فَاَتْبَعُوْهُمْ	مُّشْرِقِيْنَ	فَلَمَّا	تَرَآءَ	الْجَمْعٰنِ	قَالَ	اَصْحٰبُ مُوْسٰى
بنی اسرائیل	پس انہوں نے پیچھا کیا ان کا	سورج نکلتے	پس جب	دیکھا ایک دوسرے کو	دونوں جماعتیں	کہا (کہنے لگے)	موسیٰ ؑ کے ساتھی

بنی اسرائیل کو۔ پس انہوں نے سورج نکلتے (صبح سویرے) ان کا پیچھا کیا۔ پس جب دونوں جماعتوں نے ایک دوسرے کو دیکھا تو موسیٰ ؑ کے ساتھی کہنے لگے

إِنَّا لَمُدْرَكُونَ ﴿٦١﴾ قَالَ كَلَّا ۖ إِنَّ مَعِيَ رَبِّي سَيَهْدِينِ ﴿٦٢﴾ فَأَوْحَيْنَا إِلَىٰ مُوسَىٰ

إِنَّا	لَمُدْرَكُونَ	قَالَ كَلَّا	إِنَّ	مَعِيَ	رَبِّي	سَيَهْدِينِ	فَأَوْحَيْنَا	إِلَىٰ	مُوسَىٰ
یقیناً ہم	پکڑ لیے گئے	اس نے کہا ہرگز نہیں	بیشک	میرے ساتھ	میرا رب	وہ جلد مجھے راہ دکھائیگا	پس ہم نے وحی بھیجی	طرف	موسیٰؑ

یقیناً ہم پکڑ لیے گئے ۔ موسیٰؑ نے کہا، ہرگز نہیں، بیشک میرا رب میرے ساتھ ہے، وہ مجھے جلد (بچ نکلنے کی) راہ دکھائے گا پس ہم نے موسیٰؑ کی طرف وحی بھیجی

أَنِ اضْرِب بِّعَصَاكَ الْبَحْرَ ۖ فَانفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِيمِ ﴿٦٣﴾

أَنِ	اضْرِب	بِّعَصَاكَ	الْبَحْرَ	فَانفَلَقَ	فَكَانَ	كُلُّ فِرْقٍ	كَالطَّوْدِ	الْعَظِيمِ
کہ	تو مار	اپنا عصا	دریا	تو وہ پھٹ گیا	پس ہو گیا	ہر حصہ	پہاڑ کی طرح	بڑے

کہ تو اپنا عصا دریا پر مار (انہوں نے مارا) تو دریا پھٹ گیا، پس ہر حصہ بڑے بڑے پہاڑ کی طرح ہو گیا۔

وَأَزْلَفْنَا ثَمَّ الْآخَرِينَ ﴿٦٤﴾ وَأَنجَيْنَا مُوسَىٰ وَمَن مَّعَهُ أَجْمَعِينَ ﴿٦٥﴾ ثُمَّ

وَأَزْلَفْنَا	ثَمَّ	الْآخَرِينَ	وَأَنجَيْنَا	مُوسَىٰ	وَمَن	مَّعَهُ	أَجْمَعِينَ	ثُمَّ
پھر ہمنے قریب کر دیا	اس جگہ	دوسروں کو	اور ہم نے بچا لیا	موسیٰؑ	اور جو	اس کے ساتھ	سب	پھر

اور ہم نے اس جگہ دوسروں کو (فرعونیوں کو) قریب کر دیا۔ اور ہم نے موسیٰؑ کو اور جو ان کے ساتھ تھے سب کو بچا لیا۔ پھر

أَغْرَقْنَا الْآخَرِينَ ﴿٦٦﴾ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِينَ ﴿٦٧﴾ وَإِنَّ

أَغْرَقْنَا	الْآخَرِينَ	إِنَّ	فِي ذَٰلِكَ	لَآيَةً	وَمَا	كَانَ	أَكْثَرُهُم	مُّؤْمِنِينَ	وَإِنَّ
ہم نے غرق کر دیا	دوسروں کو	بیشک	اس میں	ایک نشانی	اور نہ	تھے	ان سے اکثر	ایمان لانے والے	اور بیشک

ہم نے دوسروں کو غرق کر دیا۔ بیشک اس میں ایک نشانی ہے، اور ان میں سے اکثر ایمان لانے والے نہ تھے۔ اور بیشک

رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ﴿٦٨﴾ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ إِبْرَاهِيمَ ﴿٦٩﴾ إِذْ قَالَ لِأَبِيهِ

رَبَّكَ	لَهُوَ	الْعَزِيزُ	الرَّحِيمُ	وَاتْلُ	عَلَيْهِمْ	نَبَأَ	إِبْرَاهِيمَ	إِذْ	قَالَ	لِأَبِيهِ
تمہارا رب	البتہ وہ	غالب	نہایت مہربان	اور پڑھیں	ان پر انہیں	خبر، واقعہ	ابراہیم	جب	اس نے کہا	اپنے باپ کو

تمہارا رب البتہ غالب، نہایت مہربان ہے۔ اور انہیں ابراہیمؑ کا واقعہ پڑھ کر سنائیں) جب انہوں نے اپنے باپ کو کہا

مِّمَّآ اٰتٰىكُمْ ۚ بَلْ اَنْتُمْ بِهَدِيَّتِكُمْ تَفْرَحُوْنَ ﴿٣٦﴾ اِرْجِعْ اِلَيْهِمْ فَلَنَاْتِيَنَّهُمْ

مِّمَّآ	اٰتٰىكُمْ	بَلْ	اَنْتُمْ	بِهَدِيَّتِكُمْ	تَفْرَحُوْنَ	اِرْجِعْ	اِلَيْهِمْ	فَلَنَاْتِيَنَّهُمْ
اس سے جو	اس نے تمہیں دیا	بلکہ	تم	اپنے تحفہ سے	خوش ہوتے ہو	تو لوٹ جا	ان کی طرف	ہم ضرور لائیں گے ان پر

اس سے جو اس نے تمہیں دیا ہے، بلکہ تم اپنے تحفے سے خوش ہوتے ہو۔ تو اُن کی طرف لوٹ جا سو ہم ان پر ضرور لائیں گے

بِجُنُوْدٍ لَّا قِبَلَ لَهُمْ بِهَا وَلَنُخْرِجَنَّهُمْ مِّنْهَآ اَذِلَّةً وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ﴿٣٧﴾ قَالَ

بِجُنُوْدٍ	لَا قِبَلَ	لَهُمْ	بِهَا	وَلَنُخْرِجَنَّهُمْ	مِّنْهَآ	اَذِلَّةً	وَّهُمْ	صٰغِرُوْنَ	قَالَ
ایسا لشکر	نہ طاقت ہوگی	ان کو	اس کی	اور ضرور نکال دیں گے انہیں	وہاں سے	ذلیل کرکے	اور وہ	خوار ہوں گے	اس (سلیمانؑ) نے کہا

ایسا لشکر جس (کے مقابلے) کی انہیں طاقت نہ ہوگی، اور ہم ضرور انہیں وہاں سے ذلیل کرکے نکال دیں گے، اور وہ خوار ہوں گے سلیمانؑ نے کہا

يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَيُّكُمْ يَاْتِيْنِيْ بِعَرْشِهَا قَبْلَ اَنْ يَّاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ﴿٣٨﴾ قَالَ

يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا	اَيُّكُمْ	يَاْتِيْنِيْ	بِعَرْشِهَا	قَبْلَ	اَنْ	يَّاْتُوْنِيْ	مُسْلِمِيْنَ	قَالَ
اے سردارو!	تم میں سے کون	میرے پاس لائے گا	اس کا تخت	اس سے قبل	کہ	وہ آئیں میرے پاس	فرمانبردار ہو کر	کہا

اے سردارو! تم میں سے کون اس کا تخت میرے پاس لائے گا؟ اس سے قبل کہ وہ میرے پاس فرمانبردار ہو کر آئیں۔ کہا

عِفْرِيْتٌ مِّنَ الْجِنِّ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِكَ ۚ وَ

عِفْرِيْتٌ	مِّنَ الْجِنِّ	اَنَا اٰتِيْكَ	بِهٖ	قَبْلَ	اَنْ تَقُوْمَ	مِنْ مَّقَامِكَ	وَ
ایک قوی ہیکل	جنات سے	میں آپ کے پاس لے آؤں گا	اس کو	اس سے قبل	کہ آپ کھڑے ہوں	اپنی جگہ سے	اور

جنات میں سے ایک قوی ہیکل نے، بیشک میں اس کو آپ کے پاس اس سے قبل لے آؤں گا کہ آپ اپنی جگہ سے کھڑے ہوں، اور

اِنِّيْ عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ اَمِيْنٌ ﴿٣٩﴾ قَالَ الَّذِيْ عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ الْكِتٰبِ اَنَا

اِنِّيْ	عَلَيْهِ	لَقَوِيٌّ	اَمِيْنٌ	قَالَ	الَّذِيْ	عِنْدَهٗ	عِلْمٌ	مِّنَ	الْكِتٰبِ	اَنَا
بیشک میں	اس پر	البتہ قوت والا	امانت دار	کہا	اس نے جو	اس کے پاس	علم	سے تھا	کتاب	میں

میں بیشک اس پر البتہ قوت والا، امانت دار ہوں۔ اس شخص نے کہا جس کے پاس کتاب (الٰہی) کا علم تھا، میں

اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّرْتَدَّ اِلَيْكَ طَرْفُكَ ؕ فَلَمَّا رَاٰهُ مُسْتَقِرًّا عِنْدَهٗ

اٰتِيْكَ بِهٖ	قَبْلَ	اَنْ يَّرْتَدَّ	اِلَيْكَ	طَرْفُكَ	فَلَمَّا رَاٰهُ	مُسْتَقِرًّا	عِنْدَهٗ
میں اسکو تمہارے پاس لے آؤں گا	قبل	کہ پھر آئے	تمہاری طرف	تمہاری نگاہ (پلک جھپکے)	پس جب سلیمانؑ نے اسے دیکھا	رکھا ہوا	اپنے پاس

اس کو تمہارے پاس اس سے قبل لے آؤں گا کہ تمہاری آنکھ پلک جھپکے، پس جب سلیمانؑ نے (اچانک) اسے اپنے پاس رکھا ہوا دیکھا

قَالَ هٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّيْ ۚ لِيَبْلُوَنِيْٓ ءَاَشْكُرُ اَمْ اَكْفُرُ ؕ وَمَنْ شَكَرَ فَاِنَّمَا

قَالَ	هٰذَا	مِنْ	فَضْلِ رَبِّيْ	لِيَبْلُوَنِيْٓ	ءَاَشْكُرُ	اَمْ اَكْفُرُ	وَمَنْ	شَكَرَ	فَاِنَّمَا
اس نے کہا	یہ	سے	میرے رب کا فضل	تاکہ مجھے آزمائے	آیا میں شکر کرتا ہوں	یا ناشکری کرتا ہوں	اور جس	شکر کیا	تو پس وہ

تو اس نے کہا یہ میرے رب کے فضل سے ہے تاکہ وہ مجھے آزمائے آیا میں شکر کرتا ہوں یا ناشکری کرتا ہوں؟ اور جس نے شکر کیا تو پس وہ

يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ رَبِّيْ غَنِيٌّ كَرِيْمٌ ﴿۴۰﴾ قَالَ نَكِّرُوْا لَهَا عَرْشَهَا

يَشْكُرُ	لِنَفْسِهٖ	وَمَنْ	كَفَرَ	فَاِنَّ	رَبِّيْ	غَنِيٌّ	كَرِيْمٌ	قَالَ	نَكِّرُوْا	لَهَا	عَرْشَهَا
شکر کرتا ہے	اپنی ذات کیلئے	اور جس	ناشکری کی	تو بیشک	میرا رب	بے نیاز	کرم کرنیوالا	اس نے کہا	وضع بدل دو	اس کے لئے	اس کا تخت

اپنی ذات کے لئے شکر کرتا ہے، اور جس نے ناشکری کی تو بیشک میرا رب بے نیاز کرم کرنیوالا ہے۔ اس نے کہا اس (ملکہ کے امتحان کے لئے) اسکے تخت کی وضع بدل دو

نَنْظُرْ اَتَهْتَدِيْٓ اَمْ تَكُوْنُ مِنَ الَّذِيْنَ لَا يَهْتَدُوْنَ ﴿۴۱﴾ فَلَمَّا جَآءَتْ قِيْلَ

نَنْظُرْ	اَتَهْتَدِيْٓ	اَمْ تَكُوْنُ	مِنَ	الَّذِيْنَ	لَا يَهْتَدُوْنَ	فَلَمَّا	جَآءَتْ	قِيْلَ
ہم دیکھیں	آیا وہ راہ پاتی (سمجھ جاتی) ہے	یا ہوتی ہے	سے	جو لوگ	راہ نہیں پاتے (نہیں سمجھتے)	پس جب	وہ آئی	کہا گیا

ہم دیکھیں کہ آیا وہ سمجھ جاتی ہے یا ان لوگوں میں سے ہوتی ہے جو نہیں سمجھتے۔ پس جب وہ آئی (اس سے) کہا گیا

اَهٰكَذَا عَرْشُكِ ؕ قَالَتْ كَاَنَّهٗ هُوَ ۚ وَاُوْتِيْنَا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهَا وَكُنَّا

اَهٰكَذَا	عَرْشُكِ	قَالَتْ	كَاَنَّهٗ	هُوَ	وَاُوْتِيْنَا	الْعِلْمَ	مِنْ قَبْلِهَا	وَكُنَّا
کیا ایسا ہی ہے	تیرا تخت	وہ بولی	گویا کہ یہ	وہی	اور ہمیں دیا گیا	علم	اس سے قبل	اور ہم ہیں

کیا تیرا تخت ایسا ہی ہے؟ وہ بولی گویا کہ یہ وہی ہے اور ہمیں اس سے قبل ہی علم دیا گیا (علم ہو گیا تھا) اور ہم ہیں

مُسْلِمِيْنَ ﴿۴۲﴾ وَصَدَّهَا مَا كَانَتْ تَّعْبُدُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهَا كَانَتْ

مُسْلِمِيْنَ	وَصَدَّهَا	مَا	كَانَتْ تَّعْبُدُ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	اِنَّهَا	كَانَتْ
مسلمان - فرمانبردار	اور اس نے اس کو روکا	جو	وہ پرستش کرتی تھی	اللہ کے سوا	بیشک وہ	تھی

مسلمان (فرماں بردار)۔ اور سلیمانؑ نے اس کو اس سے روکا جس کی وہ اللہ کے سوا پرستش کرتی تھی بیشک وہ

مِنْ قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ﴿۴۳﴾ قِيْلَ لَهَا ادْخُلِي الصَّرْحَ ۚ فَلَمَّا رَاَتْهُ حَسِبَتْهُ لُجَّةً

مِنْ قَوْمٍ	كٰفِرِيْنَ	قِيْلَ	لَهَا	ادْخُلِي	الصَّرْحَ	فَلَمَّا	رَاَتْهُ	حَسِبَتْهُ	لُجَّةً
قوم سے	کافروں	کہا گیا	اس سے	تو داخل ہو	محل	پس جب	اس نے اسکو دیکھا	اسے سمجھا	گہرا پانی

کافروں کی قوم سے تھی۔ اس سے کہا گیا کہ محل میں داخل ہو جب اس (ملکہ) نے اس (کے فرش) کو دیکھا تو اسے گہرا پانی سمجھا

وَكَشَفَتْ عَنْ سَاقَيْهَا ۗ قَالَ اِنَّهٗ صَرْحٌ مُّمَرَّدٌ مِّنْ قَوَارِيْرَ ۬ قَالَتْ

وَكَشَفَتْ	عَنْ	سَاقَيْهَا	قَالَ	اِنَّهٗ	صَرْحٌ	مُّمَرَّدٌ	مِّنْ	قَوَارِيْرَ	قَالَتْ
اور کھول دیں	سے	اپنی پنڈلیاں	[illegible]	بیشک یہ	محل	جڑا ہوا	سے	شیشے (جمع)	وہ بولی

اور (پائنچے اٹھاکر) اپنی پنڈلیاں کھول دیں۔ [illegible] نے کہا بیشک یہ شیشوں سے جڑا ہوا محل ہے ؟ وہ بولی

رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ وَاَسْلَمْتُ مَعَ سُلَيْمٰنَ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۴﴾ وَ

رَبِّ	اِنِّيْ ظَلَمْتُ	نَفْسِيْ	وَاَسْلَمْتُ	مَعَ	سُلَيْمٰنَ	لِلّٰهِ	رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ	وَ
اے میرے رب	بیشک میں نے ظلم کیا	اپنی جان	اور میں ایمان لائی	ساتھ	سلیمانؑ	اللہ کے لئے	تمام جہانوں کا رب	اور

اے میرے رب! بیشک میں نے اپنی جان پر ظلم کیا اور (اب) میں سلیمانؑ کے ساتھ (سلیمانؑ کے طریق پر) تمام جہانوں کے رب اللہ پر ایمان لائی۔ اور

لَقَدْ اَرْسَلْنَا اِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ فَاِذَا هُمْ فَرِيْقٰنِ

لَقَدْ اَرْسَلْنَا	اِلٰى	ثَمُوْدَ	اَخَاهُمْ	صٰلِحًا	اَنِ	اعْبُدُوا اللّٰهَ	فَاِذَا	هُمْ	فَرِيْقٰنِ
تحقیق ہم نے بھیجا	طرف	ثمود	ان کے بھائی	صالحؑ	کہ	اللہ کی عبادت کرو	پس ناگہاں	وہ	دو فریق ہوگئے

تحقیق ہم نے (قوم) ثمود کی طرف ان کے بھائی صالحؑ کو بھیجا کہ اللہ کی عبادت کرو پس ناگہاں وہ دو فریق ہو گئے

يَخْتَصِمُوْنَ ﴿۴۵﴾ قَالَ يٰقَوْمِ لِمَ تَسْتَعْجِلُوْنَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ ۚ

يَخْتَصِمُوْنَ	قَالَ	يٰقَوْمِ	لِمَ	تَسْتَعْجِلُوْنَ	بِالسَّيِّئَةِ	قَبْلَ	الْحَسَنَةِ
باہم جھگڑنے لگے	اس نے کہا	اے میری قوم	کیوں	تم جلدی کرتے ہو	برائی کے لئے	پہلے	بھلائی

باہم جھگڑنے لگے۔ اس نے کہا، اے میری قوم! تم بھلائی سے پہلے برائی کے لئے کیوں جلدی کرتے ہو؟

لَوْلَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۴۶﴾ قَالُوا اطَّيَّرْنَا بِكَ وَبِمَنْ مَّعَكَ ۗ

لَوْ	لَا تَسْتَغْفِرُوْنَ	اللّٰهَ	لَعَلَّكُمْ	تُرْحَمُوْنَ	قَالُوْا	اطَّيَّرْنَا	بِكَ	وَبِمَنْ	مَّعَكَ
کیوں	تم بخشش نہیں مانگتے	اللہ	تاکہ تم	تم پر رحم کیا جائے	وہ بولے	برا شگون	تجھ سے	اور وہ جو	تیرے ساتھ ساتھی

تم اللہ سے بخشش کیوں نہیں مانگتے؟ تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔ وہ بولے ہم نے تجھ سے اور تیرے ساتھیوں سے برا شگون لیا ہے

قَالَ طٰٓئِرُكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ تُفْتَنُوْنَ ﴿٤٧﴾ وَكَانَ فِي الْمَدِيْنَةِ

قَالَ	طٰٓئِرُكُمْ	عِنْدَ اللّٰهِ	بَلْ	اَنْتُمْ	قَوْمٌ	تُفْتَنُوْنَ	وَكَانَ	فِي الْمَدِيْنَةِ
اس نے کہا	تمہاری بدشگونی	اللہ کے پاس	بلکہ	تم	ایک قوم	آزمائے جاتے ہو	اور تھے	شہر میں

اس نے کہا تمہاری بدشگونی اللہ کے پاس (اللہ کی طرف سے) ہے، بلکہ تم ایک قوم ہو (جو) آزمائے جاتے ہو۔ اور شہر میں تھے

تِسْعَةُ رَهْطٍ يُّفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ ﴿٤٨﴾ قَالُوْا تَقَاسَمُوْا بِاللّٰهِ

تِسْعَةُ	رَهْطٍ	يُّفْسِدُوْنَ	فِي الْاَرْضِ	وَ	لَا يُصْلِحُوْنَ	قَالُوْا	تَقَاسَمُوْا	بِاللّٰهِ
نو ۹	شخص	وہ فساد کرتے تھے	زمین (ملک) میں	اور	اصلاح نہیں کرتے تھے	وہ کہنے لگے	تم باہم قسم کھاؤ	اللہ کی

نو ۹ شخص وہ ملک میں فساد کرتے تھے، اور اصلاح نہ کرتے تھے۔ وہ کہنے لگے باہم اللہ کی قسم کھاؤ

لَنُبَيِّتَنَّهٗ وَاَهْلَهٗ ثُمَّ لَنَقُوْلَنَّ لِوَلِيِّهٖ مَا شَهِدْنَا مَهْلِكَ اَهْلِهٖ وَاِنَّا

لَنُبَيِّتَنَّهٗ	وَاَهْلَهٗ	ثُمَّ	لَنَقُوْلَنَّ	لِوَلِيِّهٖ	مَا شَهِدْنَا	مَهْلِكَ	اَهْلِهٖ	وَاِنَّا
البتہ ہم ضرور شبخون ماریں گے اس پر	اور اس کے گھر والے	پھر ضرور ہم کہہ دیں گے		اسکے وارثوں سے	ہم موجود نہ تھے	ہلاکت کے وقت	اسکے گھر والے	اور بیشک ہم

البتہ ہم ضرور اس پر اور اس کے گھر والوں پر شبخون ماریں گے۔ اور پھر اسکے وارثوں کو کہہ دیں گے، ہم اسکے گھر والوں کی ہلاکت کے وقت موجود نہ تھے، اور بیشک

لَصٰدِقُوْنَ ﴿٤٩﴾ وَمَكَرُوْا مَكْرًا وَّمَكَرْنَا مَكْرًا وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٥٠﴾ فَانْظُرْ

لَصٰدِقُوْنَ	وَمَكَرُوْا	مَكْرًا	وَمَكَرْنَا	مَكْرًا	وَهُمْ	لَا يَشْعُرُوْنَ	فَانْظُرْ
البتہ سچے ہیں	اور انہوں نے مکر کیا	ایک تدبیر	اور ہم نے خفیہ تدبیر کی	ایک تدبیر	اور وہ	نہ جانتے تھے	پس دیکھو

ہم البتہ سچے ہیں۔ اور انہوں نے ایک مکر کیا اور (ہم نے بھی) ایک خفیہ تدبیر کی اور وہ نہ جانتے تھے (بے خبر تھے)۔ پس دیکھو

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ مَكْرِهِمْ اَنَّا دَمَّرْنٰهُمْ وَقَوْمَهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٥١﴾ فَتِلْكَ بُيُوْتُهُمْ

كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	مَكْرِهِمْ	اَنَّا	دَمَّرْنٰهُمْ	وَقَوْمَهُمْ	اَجْمَعِيْنَ	فَتِلْكَ	بُيُوْتُهُمْ
کیسا	ہوا	انجام	ان کا مکر	کہ ہم	ہم نے ہلاک کر دیا انہیں	اور ان کی قوم	سب کو	اب یہ	ان کے گھر

ان کے مکر کا انجام کیسا ہوا! کہ ہم نے انہیں اور ان کی قوم سب کو ہلاک کر ڈالا۔ اب یہ ان کے گھر ہیں،

خَاوِيَةًۢ بِمَا ظَلَمُوْا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿٥٢﴾ وَاَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ

خَاوِيَةً	بِمَا ظَلَمُوْا	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ	وَاَنْجَيْنَا	الَّذِيْنَ
گرے پڑے	ان کے ظلم کے سبب	بیشک	اس میں	البتہ نشانی	لوگوں کے لئے جو جانتے ہیں	اور ہم نے نجات دی	وہ لوگ جو

گرے پڑے، ان کے ظلم کے سبب، بیشک اس میں ان لوگوں کے لئے نشانی ہے جو جانتے ہیں۔ اور ہم نے ان لوگوں کو نجات دی

اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿۵۳﴾ وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ وَاَنْتُمْ

اٰمَنُوْا	وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ	وَلُوْطًا	اِذْ قَالَ	لِقَوْمِهٖٓ	اَتَاْتُوْنَ	الْفَاحِشَةَ	وَاَنْتُمْ
وہ ایمان لائے	اور وہ پرہیزگاری کرتے تھے	اور لوطؑ	جب اس نے کہا	اپنی قوم سے	کیا تم آگئے (اتر آئے) ہو	بے حیائی	اور تم

جو ایمان لائے اور وہ پرہیزگاری کرتے تھے - اور (یاد کرو) جب لوطؑ نے اپنی قوم سے کہا کیا تم بے حیائی پر اُتر آئے ہو؟ اور

تُبْصِرُوْنَ ﴿۵۴﴾ اَئِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ۭ بَلْ اَنْتُمْ

تُبْصِرُوْنَ	اَئِنَّكُمْ	لَتَاْتُوْنَ	الرِّجَالَ	شَهْوَةً	مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ	بَلْ	اَنْتُمْ
دیکھتے ہو	کیا تم	آتے ہو	مردوں کے پاس	شہوت رانی کیلئے	عورتوں کے سوا (عورتوں کو چھوڑ کر)	بلکہ	تم

تم دیکھتے ہو - کیا تم عورتوں کو چھوڑ کر مردوں کے پاس شہوت رانی کے لئے آتے ہو؟ بلکہ تم

قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ﴿۵۵﴾ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَخْرِجُوْٓا اٰلَ لُوْطٍ

قَوْمٌ	تَجْهَلُوْنَ	فَمَا	كَانَ	جَوَابَ	قَوْمِهٖٓ	اِلَّآ اَنْ	قَالُوْٓا	اَخْرِجُوْٓا	اٰلَ لُوْطٍ
لوگ	جہالت کرتے ہو	پس نہ	تھا	جواب	اس کی قوم	مگر صرف یہ کہ	انہوں نے کہا	نکال دو	لوط کے لوگ

لوگ جہالت کرتے ہو- پس اس کی قوم کا جواب صرف یہ تھا کہ لوطؑ کے لوگوں کو نکال دو

مِّنْ قَرْيَتِكُمْ ۚ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ ﴿۵۶﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ

مِّنْ	قَرْيَتِكُمْ	اِنَّهُمْ	اُنَاسٌ	يَّتَطَهَّرُوْنَ	فَاَنْجَيْنٰهُ	وَاَهْلَهٗٓ	اِلَّا	امْرَاَتَهٗ
سے	اپنا شہر	بیشک وہ	لوگ	پاکیزگی پسند کرتے ہیں	سو ہم نے انہیں بچا لیا	اور اسکے گھر والے	سوائے	اس کی بیوی

اپنے شہر سے، بیشک یہ لوگ پاکیزگی پسند ہیں - سو ہم نے اس کی بیوی کے سوائے اور اس کے گھر والوں کو بچا لیا،

قَدَّرْنٰهَا مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۵۷﴾ وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۵۸﴾

قَدَّرْنٰهَا	مِنَ	الْغٰبِرِيْنَ	وَاَمْطَرْنَا	عَلَيْهِمْ	مَّطَرًا	فَسَآءَ	مَطَرُ	الْمُنْذَرِيْنَ
ہم نے اسے ٹھہرا دیا تھا	سے	پیچھے رہ جانے والے	اور ہم نے برسائی	ان پر	ایک بارش	سو کیا ہی برا	بارش	ڈرائے گئے

اسے ہم نے پیچھے رہ جانے والوں میں سے ٹھہرایا تھا - اور ہم نے ان پر ایک بارش برسائی ، سو کیا ہی بری بارش ڈرائے گئے لوگوں پر

قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلٰمٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى ۭ آٰللّٰهُ خَيْرٌ اَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۵۹﴾

قُلِ	الْحَمْدُ لِلّٰهِ	وَسَلٰمٌ	عَلٰى عِبَادِهِ	الَّذِيْنَ	اصْطَفٰى	آٰللّٰهُ	خَيْرٌ	اَمَّا	يُشْرِكُوْنَ
فرما دیں	تمام تعریفیں اللہ کے لئے	اور سلام	اس کے بندوں پر	وہ جنہیں	چن لیا	کیا اللہ	بہتر	یا جو	وہ شریک ٹھہراتے ہیں

آپ فرما دیں تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں اور اس کے بندوں پر سلام ہو جنہیں اس نے چن لیا۔ کیا اللہ بہتر ہے؟ یا وہ جنہیں وہ شریک ٹھہراتے ہیں؟

أَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ وَأَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ

أَمَّنْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْأَرْضَ	وَأَنْزَلَ	لَكُمْ	مِّنَ	السَّمَآءِ	مَآءً
بھلاکون ؟	پیدا کیا	آسمانوں	اور زمین	اور اتارا	تمہارے لئے	سے	آسمان	پانی

بھلاکون ہے ؟ جس نے آسمانوں کو اور زمین کو پیدا کیا، اور تمہارے لئے آسمان سے پانی اتارا،

فَأَنْۢبَتْنَا بِهٖ حَدَآئِقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ ۚ مَا كَانَ لَكُمْ أَنْ تُنْۢبِتُوْا شَجَرَهَا ؕ

فَأَنْۢبَتْنَا	بِهٖ	حَدَآئِقَ	ذَاتَ بَهْجَةٍ	مَا كَانَ	لَكُمْ	أَنْ تُنْۢبِتُوْا	شَجَرَهَا
پس اگائے ہم نے	اس سے	باغ (جمع)	بارونق	نہ تھا	تمہارے لئے	کہ تم اگاؤ	ان کے درخت

پھر ہم نے اس سے بارونق باغ اگائے، تمہارے لئے (ممکن) نہ تھا کہ تم ان کے درخت اُگا سکو،

ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ هُمْ قَوْمٌ يَّعْدِلُوْنَ ﴿٦٠﴾ أَمَّنْ جَعَلَ الْأَرْضَ قَرَارًا

ءَاِلٰهٌ	مَّعَ اللّٰهِ	بَلْ	هُمْ	قَوْمٌ	يَّعْدِلُوْنَ	أَمَّنْ	جَعَلَ	الْأَرْضَ	قَرَارًا
کیا کوئی معبود	اللہ کے ساتھ	بلکہ	وہ	لوگ	کج روی کرتے ہیں	بھلا کون کس	بنایا	زمین	قرارگاہ

کیا اللہ کے ساتھ کوئی (اور) معبود ہے ؟ بلکہ وہ لوگ کج روی کرتے ہیں، بھلا کون ہے ؟ جس نے زمین کو قرارگاہ بنایا،

وَّجَعَلَ خِلٰلَهَآ أَنْهٰرًا وَّجَعَلَ لَهَا رَوَاسِيَ وَجَعَلَ بَيْنَ الْبَحْرَيْنِ حَاجِزًا ؕ

وَّجَعَلَ	خِلٰلَهَآ	أَنْهٰرًا	وَّجَعَلَ	لَهَا	رَوَاسِيَ	وَجَعَلَ	بَيْنَ	الْبَحْرَيْنِ	حَاجِزًا
اور جاری کیا	اس کے درمیان	ندی نالے	اور (پیدا) کئے	اس کے لئے	پہاڑ (جمع)	اور بنایا	درمیان	دو دریا	آڑ (حدِ فاصل)

اور اس کے درمیان ندی نالے (جاری کئے) اور اس کے لئے پہاڑ پیدا کئے، اور دو دریاؤں کے درمیان حدِ فاصل بنائی،

ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٦١﴾ أَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ إِذَا

ءَاِلٰهٌ	مَّعَ اللّٰهِ	بَلْ	أَكْثَرُهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ	أَمَّنْ	يُّجِيْبُ	الْمُضْطَرَّ	إِذَا
کیا کوئی معبود	اللہ کے ساتھ	بلکہ	ان کے اکثر	نہیں جانتے	بھلا کون	قبول کرتا ہے	بیقرار	جب

کیا اللہ کے ساتھ کوئی (اور) معبود ہے ؟ بلکہ ان کے اکثر نہیں جانتے۔ بھلا کون ہے ؟ جو بیقرار (کی دعا) قبول کرتا ہے جب

دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَآءَ الْأَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ

دَعَاهُ	وَيَكْشِفُ	السُّوْٓءَ	وَيَجْعَلُكُمْ	خُلَفَآءَ	الْأَرْضِ	ءَاِلٰهٌ	مَّعَ اللّٰهِ
وہ اسے پکارتا ہے	اور دور کرتا ہے	برائی	اور تمہیں بناتا ہے	نائب (جمع)	زمین	کیا کوئی معبود	اللہ کے ساتھ

وہ اسے پکارتا ہے اور برائی دور کرتا ہے اور تمہیں زمین میں نائب بناتا ہے، کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود ہے ؟

قَلِيلًا مَّا تَذَكَّرُونَ ﴿٦٢﴾ أَمَّن يَهْدِيكُمْ فِي ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَ

قَلِيلًا	مَا	تَذَكَّرُونَ	أَمَّن	يَهْدِيكُمْ	فِي	ظُلُمٰتِ	الْبَرِّ	وَالْبَحْرِ	وَ
تھوڑے	جو	نصیحت پکڑتے ہیں	بھلا کون	تمہیں راہ دکھاتا ہے	اندھیروں میں		خشکی	اور دریا	اور

تھوڑے ہیں جو نصیحت پکڑتے ہیں۔ بھلا کون ہے جو خشکی (جنگل) اور دریا کے اندھیروں میں تمہیں راہ دکھاتا ہے؟ اور

مَن يُرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهِ ۗ ءَإِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۚ تَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا

مَن	يُرْسِلُ	الرِّيٰحَ	بُشْرًا	بَيْنَ يَدَيْ	رَحْمَتِهِ	ءَإِلٰهٌ	مَعَ اللّٰهِ	تَعٰلَى اللّٰهُ	عَمَّا
کون	چلاتا ہے	ہوائیں	خوشخبری دینے والی	پہلے	اس کی رحمت	کیا کوئی معبود	اللہ کے ساتھ	برتر ہے اللہ	اس سے جو

کون ہے جو اس کی رحمت (بارش) سے پہلے خوشخبری دینے والی ہوائیں چلاتا ہے؟ کیا اللہ کے ساتھ کوئی (اور) معبود ہے؟ اللہ برتر ہے اس سے جو

يُشْرِكُونَ ﴿٦٣﴾ أَمَّن يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ وَمَن يَرْزُقُكُم مِّنَ السَّمَآءِ

يُشْرِكُونَ	أَمَّن	يَبْدَؤُا	الْخَلْقَ	ثُمَّ يُعِيدُهُ	وَمَن	يَرْزُقُكُم	مِّنَ السَّمَآءِ
وہ شریک ٹھہراتے ہیں	بھلا کون	پہلی بار پیدا کرتا ہے	مخلوق	پھر وہ اسے دوبارہ (زندہ) کریگا	اور کون	تمہیں رزق دیتا ہے	آسمانوں سے

وہ شریک ٹھہراتے ہیں۔ بھلا کون ہے جو مخلوق کو پہلی بار پیدا کرتا ہے؟ پھر وہ اسے دوبارہ زندہ کرے گا، اور کون ہے جو تمہیں رزق دیتا ہے؟ آسمانوں

وَالْأَرْضِ ۗ ءَإِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۚ قُلْ هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ إِن كُنتُمْ صٰدِقِينَ ﴿٦٤﴾

وَالْأَرْضِ	ءَإِلٰهٌ	مَعَ اللّٰهِ	قُلْ	هَاتُوا	بُرْهَانَكُمْ	إِن	كُنتُمْ	صٰدِقِينَ
اور زمین	کیا کوئی معبود	اللہ کے ساتھ	فرمادیں	لے آؤ	اپنی دلیل	اگر	تم ہو	سچے

اور زمین سے، کیا اللہ کے ساتھ کوئی (اور) معبود ہے؟ آپ فرما دیں لے آؤ اپنی دلیل اگر تم سچے ہو۔

قُل لَّا يَعْلَمُ مَن فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ الْغَيْبَ إِلَّا اللّٰهُ ۚ وَمَا يَشْعُرُونَ

قُلْ	لَا يَعْلَمُ	مَن	فِي السَّمٰوٰتِ	وَالْأَرْضِ	الْغَيْبَ	إِلَّا	اللّٰهُ	وَمَا يَشْعُرُونَ
فرمادیں	نہیں جانتا	جو	آسمانوں میں	اور زمین	غیب	سوائے اللہ کے		اور وہ نہیں جانتے

آپ فرمادیں، جو بھی، آسمانوں اور زمین میں ہے، اللہ کے سوا غیب (کی باتیں) نہیں جانتا، اور وہ نہیں جانتے

أَيَّانَ يُبْعَثُونَ ﴿٦٥﴾ بَلِ ادّٰرَكَ عِلْمُهُمْ فِي الْآخِرَةِ ۚ بَلْ هُمْ فِي شَكٍّ مِّنْهَا ۖ

أَيَّانَ	يُبْعَثُونَ	بَلِ ادّٰرَكَ	عِلْمُهُمْ	فِي الْآخِرَةِ	بَلْ	هُمْ	فِي شَكٍّ	مِّنْهَا
کب	وہ اٹھائے جائیں گے	بلکہ تھک کر رہ گیا	ان کا علم	آخرت (کے بارے) میں	بلکہ	وہ	شک میں	اس سے

کہ وہ کب (جی) اٹھائے جائیں گے؟ بلکہ آخرت کے بارہ میں اُن کا علم تھک کر رہ گیا ہے (کچھ بھی نہیں) بلکہ وہ اس سے شک میں ہیں،

بَلْ هُمْ مِّنْهَا عَمُوْنَ ﴿۶۶﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا وَّاٰبَآؤُنَآ

وَاٰبَآؤُنَآ	تُرٰبًا	كُنَّا	ءَاِذَا	كَفَرُوْٓا	الَّذِيْنَ	وَقَالَ	عَمُوْنَ	مِّنْهَا	هُمْ	بَلْ
اور ہمارے باپ دادا	مٹی	ہم ہو جائیں گے	کیا جب	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)		اور کہا	اندھے	اس سے	وہ	بلکہ

بلکہ وہ اس سے اندھے ہیں ۔ اور کافروں نے کہا کیا جب ہم اور ہمارے باپ دادا مٹی ہو جائیں گے

اَئِنَّا لَمُخْرَجُوْنَ ﴿۶۷﴾ لَقَدْ وُعِدْنَا هٰذَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ اِنْ

اِنْ	مِنْ قَبْلُ	وَاٰبَآؤُنَا	نَحْنُ	هٰذَا	لَقَدْ وُعِدْنَا	لَمُخْرَجُوْنَ	اَئِنَّا
نہیں	اس سے قبل	اور ہمارے باپ دادا	ہم	یہ۔یہی	تحقیق وعدہ کیا گیا ہم سے	نکالے جائیں گے	کیا ہم

کیا ہم (قبروں سے) نکالے جائیں گے ؟ تحقیق یہی وعدہ ہم سے اور ہمارے باپ دادا سے اس سے قبل کیا گیا تھا ‘

هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۶۸﴾ قُلْ سِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ

كَيْفَ	فَانْظُرُوْا	فِى الْاَرْضِ	سِيْرُوْا	قُلْ	الْاَوَّلِيْنَ	اَسَاطِيْرُ	اِلَّآ	هٰذَآ
کیسا	پھر دیکھو	زمین میں	چلو پھرو	فرمادیں	اگلے	کہانیاں	مگر۔صرف	یہ

یہ صرف اگلوں کی کہانیاں ہیں ۔ آپ فرما دیں زمین میں چلو پھرو، پھر دیکھو کیسا

كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۶۹﴾ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُنْ فِىْ ضَيْقٍ

فِىْ ضَيْقٍ	وَلَا تَكُنْ	عَلَيْهِمْ	لَا تَحْزَنْ	وَ	الْمُجْرِمِيْنَ	عَاقِبَةُ	كَانَ
تنگی میں	اور نہ ہو	ان پر	تم غم نہ کھاؤ	اور	مجرم (جمع)	انجام	ہوا

مجرموں کا انجام ہوا ! اور آپ غم نہ کھائیں ‘ اور دل تنگ نہ ہوں ‘

مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ﴿۷۰﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۷۱﴾

صٰدِقِيْنَ	كُنْتُمْ	اِنْ	الْوَعْدُ	هٰذَا	مَتٰى	وَيَقُوْلُوْنَ	يَمْكُرُوْنَ	مِمَّا
سچے	تم ہو	اگر	وعدہ	یہ	کب	اور وہ کہتے ہیں	وہ مکر کرتے ہیں	اس سے جو

اس سے جو وہ مکر و فریب کرتے ہیں ۔ اور وہ کہتے ہیں یہ وعدہ کب پورا ہوگا ؟ اگر تم سچے ہو ۔

قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ رَدِفَ لَكُمْ بَعْضُ الَّذِىْ تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۷۲﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ

رَبَّكَ	وَاِنَّ	تَسْتَعْجِلُوْنَ	الَّذِىْ	بَعْضُ	لَكُمْ	رَدِفَ	يَكُوْنَ	اَنْ	عَسٰٓى	قُلْ
تمہارا رب	اور بیشک	تم جلدی کرتے ہو	وہ جو۔وہ جس	کچھ	تمہارے	قریب	ہو گیا ہو	کہ	شاید	فرمادیں

آپ فرمادیں شاید وہ (عذاب) تمہارے قریب آگیا ہو جس کی تم جلدی کرتے ہو ۔ اور بیشک تمہارا رب

لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۷۳﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ

لَذُوْ فَضْلٍ	عَلَى النَّاسِ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَهُمْ	لَا يَشْكُرُوْنَ	وَاِنَّ	رَبَّكَ
البتہ فضل والا	لوگوں پر	اور لیکن	ان کے اکثر	شکر نہیں کرتے	اور بیشک	تمہارا رب

البتہ لوگوں پر فضل والا ہے، لیکن ان کے اکثر شکر نہیں کرتے۔ اور بیشک تمہارا رب

لَيَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿۷۴﴾ وَمَا مِنْ غَآئِبَةٍ

لَيَعْلَمُ	مَا تُكِنُّ	صُدُوْرُهُمْ	وَمَا	يُعْلِنُوْنَ	وَمَا	مِنْ	غَآئِبَةٍ
خوب جانتا ہے	جو چھپی ہے	ان کے دل	اور جو	وہ ظاہر کرتے ہیں	اور نہیں	کچھ	پوشیدہ

خوب جانتا ہے جو ان کے دلوں میں چھپی ہے اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں۔ اور کچھ پوشیدہ نہیں

فِى السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِلَّا فِىْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿۷۵﴾ اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ

فِى السَّمَآءِ	وَالْاَرْضِ	اِلَّا	فِىْ	كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ	اِنَّ	هٰذَا	الْقُرْاٰنَ
آسمان میں	اور زمین	مگر	میں	کتاب روشن	بیشک	یہ	قرآن

زمین و آسمان میں مگر وہ کتاب روشن میں (لکھی ہوئی) ہے۔ بیشک یہ قرآن

يَقُصُّ عَلٰى بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَكْثَرَ الَّذِىْ هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۷۶﴾ وَاِنَّهٗ

يَقُصُّ	عَلٰى بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ	اَكْثَرَ	الَّذِىْ	هُمْ	فِيْهِ	يَخْتَلِفُوْنَ	وَاِنَّهٗ
بیان کرتا ہے	بنی اسرائیل پر	اکثر	وہ جو	وہ	اس میں	اختلاف کرتے ہیں	اور بیشک یہ

بنی اسرائیل پر (بنی اسرائیل کے سامنے) اکثر وہ باتیں بیان کرتا ہے جس میں وہ اختلاف کرتے ہیں۔ اور بیشک یہ (قرآن)

لَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۷۷﴾ اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِىْ بَيْنَهُمْ بِحُكْمِهٖ ۚ وَهُوَ

لَهُدًى	وَّرَحْمَةٌ	لِّلْمُؤْمِنِيْنَ	اِنَّ	رَبَّكَ	يَقْضِىْ	بَيْنَهُمْ	بِحُكْمِهٖ	وَهُوَ
البتہ ہدایت	اور رحمت	ایمان والوں کے لئے	بیشک	تمہارا رب	فیصلہ کرتا ہے	ان کے درمیان	اپنے حکم سے	اور وہ

البتہ ایمان لانے والوں کے لئے ہدایت اور رحمت ہے۔ بیشک تمہارا رب اپنے حکم سے ان کے درمیان فیصلہ کرتا ہے، اور وہ

الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ﴿۷۸﴾ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّكَ عَلَى الْحَقِّ الْمُبِيْنِ ﴿۷۹﴾ اِنَّكَ

الْعَزِيْزُ	الْعَلِيْمُ	فَتَوَكَّلْ	عَلَى اللّٰهِ	اِنَّكَ	عَلَى	الْحَقِّ الْمُبِيْنِ	اِنَّكَ
البتہ غالب	علم والا	پس بھروسہ کرو	اللہ پر	بیشک تم	پر	حق صریح	بیشک تم

البتہ غالب، علم والا ہے۔ پس اللہ پر بھروسہ کرو، بے شک تم صریح حق پر ہو۔ بیشک تم

لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِيْنَ ﴿۸۰﴾

مُدْبِرِيْنَ	اِذَا وَلَّوْا	الدُّعَآءَ	الصُّمَّ	وَلَا تُسْمِعُ	الْمَوْتٰى	لَا تُسْمِعُ
پیٹھ پھیر کر	جب وہ مڑ جائیں	پکار	بہروں کو	اور تم نہیں سنا سکتے	مُردوں کو	تم نہیں سنا سکتے

تم مُردوں کو نہیں سنا سکتے نہ بہروں کو (اپنی) پکار سنا سکتے ہو (خصوصاً) جب وہ پیٹھ پھیر کر مڑ جائیں۔

وَمَآ اَنْتَ بِهٰدِى الْعُمْىِ عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ ؕ اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ يُّؤْمِنُ

يُّؤْمِنُ	مَنْ	اِلَّا	تُسْمِعُ	اِنْ	ضَلٰلَتِهِمْ	عَنْ	الْعُمْىِ	بِهٰدِى	مَآ اَنْتَ	وَ
ایمان لاتا ہے	جو	مگر صرف	تم سناتے	نہیں	ان کی گمراہی	سے	اندھوں کو	ہدایت دینے والے	تم نہیں	اور

اور تم اندھوں کو اُنکی گمراہی سے ہدایت دینے والے نہیں، تم صرف (اس کو) سُنا سکتے ہو جو ایمان لاتا ہے

بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۸۱﴾ وَاِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ اَخْرَجْنَا لَهُمْ

لَهُمْ	اَخْرَجْنَا	عَلَيْهِمْ	وَقَعَ الْقَوْلُ	وَاِذَا	مُّسْلِمُوْنَ	فَهُمْ	بِاٰيٰتِنَا
ان کے لئے	ہم نکالیں گے	ان پر	واقع (پورا) ہو گا (وعدۂ عذاب)	اور جب	فرمانبردار	پس وہ	ہماری آیتوں پر

ہماری آیتوں پر، پس وہ فرماں بردار ہیں۔ اور جب اُن پر وعدۂ عذاب پورا ہو جائے گا تو ہم ان کے لئے نکالیں گے

دَآبَّةً مِّنَ الْاَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ ۙ اَنَّ النَّاسَ كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا لَا يُوْقِنُوْنَ ﴿۸۲﴾

لَا يُوْقِنُوْنَ	بِاٰيٰتِنَا	كَانُوْا	اَنَّ النَّاسَ	تُكَلِّمُهُمْ	مِّنَ الْاَرْضِ	دَآبَّةً
یقین نہ کرتے	ہماری آیات پر	تھے	کیونکہ لوگ	وہ ان سے باتیں کرے گا	زمین سے	ایک جانور

زمین سے ایک جانور، وہ اُن سے باتیں کرے گا کیونکہ لوگ ہماری آیتوں پر یقین نہ کرتے تھے۔

وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ فَوْجًا مِّمَّنْ يُّكَذِّبُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ﴿۸۳﴾

يُوْزَعُوْنَ	فَهُمْ	بِاٰيٰتِنَا	يُّكَذِّبُ	مِّمَّنْ	فَوْجًا	كُلِّ اُمَّةٍ	مِنْ	نَحْشُرُ	وَيَوْمَ
انکی جماعت بندی کی جائے گی	پھر وہ	ہماری آیتوں کو	جھٹلاتے تھے	سے جو	ایک گروہ	ہر امت	سے	ہم جمع کریں گے	اور جس دن

اور جس دن، ہم ہر امت میں سے ایک گروہ جمع کریں گے اُن میں سے جو ہماری آیتوں کو جھٹلاتے تھے، پھر ان کی جماعت بندی کی جائے گی۔

حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْ قَالَ اَكَذَّبْتُمْ بِاٰيٰتِىْ وَلَمْ تُحِيْطُوْا بِهَا عِلْمًا اَمَّا ذَا

اَمَّا ذَا	عِلْمًا	بِهَا	لَمْ تُحِيْطُوْا	وَ	بِاٰيٰتِىْ	اَكَذَّبْتُمْ	قَالَ	اِذَا جَآءُوْ	حَتّٰٓى
یا۔ کیا	علم سے	ان کو	حالانکہ احاطہ میں نہیں لائے تھے		میری آیات کو	کیا تم نے جھٹلایا	فرمائے گا	جب وہ آجائیں گے	یہانتک

یہانتک کہ جب وہ آجائیں گے (اللہ تعالیٰ) فرمائے گا کیا تم نے میری آیتوں کو جھٹلایا تھا حالانکہ تم اُن کو (اپنے) احاطہ علم میں بھی نہیں لائے تھے (یا بتلاؤ)

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٨٤﴾ وَوَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ بِمَا ظَلَمُوْا فَهُمْ لَا يَنْطِقُوْنَ ﴿٨٥﴾

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ	وَوَقَعَ	الْقَوْلُ	عَلَيْهِمْ	بِمَا ظَلَمُوْا	فَهُمْ	لَا يَنْطِقُوْنَ
تم کرتے تھے	اور واقع (پورا) ہوگیا	وعدہ (عذاب)	اُن پر	اس لئے کہ انہوں نے ظلم کیا	پس وہ	نہ بول سکیں گے

تم کیا کرتے تھے؟ اور ان پر وعدۂ عذاب پورا ہو گیا، اس لئے کہ انہوں نے ظلم کیا تھا، پس وہ بول نہ سکیں گے۔

اَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا الَّيْلَ لِيَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

اَلَمْ يَرَوْا	اَنَّا	جَعَلْنَا	الَّيْلَ	لِيَسْكُنُوْا	فِيْهِ	وَالنَّهَارَ	مُبْصِرًا	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ
کیا وہ نہیں دیکھتے	کہ ہم	ہم نے بنایا	رات	کہ آرام حاصل کریں	اس میں	اور دن	دیکھنے کو	بیشک	اس میں

کیا وہ نہیں دیکھتے کہ ہم نے رات کو اس لئے بنایا کہ وہ اس میں آرام حاصل کریں اور دن دیکھنے کو (روشن بنایا) بے شک اس میں

لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٨٦﴾ وَيَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَفَزِعَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ

لَاٰيٰتٍ	لِّقَوْمٍ	يُّؤْمِنُوْنَ	وَيَوْمَ	يُنْفَخُ	فِي الصُّوْرِ	فَفَزِعَ	مَنْ	فِي السَّمٰوٰتِ
البتہ نشانیاں	ان لوگوں کے لئے	ایمان رکھتے ہیں	اور جس دن	پھونک ماری جائے گی	صور میں	تو گھبرا جائیگا	جو	آسمانوں میں

البتہ اُن لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں جو ایمان رکھتے ہیں۔ اور جس دن صور میں پھونک ماری جائے گی تو گھبرا جائے گا جو بھی آسمانوں میں ہے

وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَكُلٌّ اَتَوْهُ دٰخِرِيْنَ ﴿٨٧﴾

وَمَنْ	فِي الْاَرْضِ	اِلَّا	مَنْ	شَآءَ اللّٰهُ	وَكُلٌّ	اَتَوْهُ	دٰخِرِيْنَ
اور جو	زمین میں	سوا	جسے	اللہ چاہے	اور سب	اس کے آگے آئیں گے	عاجز ہو کر

اور جو زمین میں ہے، سوائے اس کے جسے اللہ چاہے، اور سب اس کے آگے عاجز ہو کر آئیں گے۔

وَتَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً وَّهِيَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ ؕ صُنْعَ اللّٰهِ

وَتَرَى	الْجِبَالَ	تَحْسَبُهَا	جَامِدَةً	وَّهِيَ	تَمُرُّ	مَرَّ السَّحَابِ	صُنْعَ اللّٰهِ
اور تو دیکھتا ہے	پہاڑ (جمع)	تو خیال کرتا ہے انہیں	جما ہوا	اور وہ	چلیں گے	بادلوں کی طرح چلنا	اللہ کی کاری گری

اور تو پہاڑوں کو دیکھتا ہے تو انہیں (اپنی جگہ) جما ہوا خیال کرتا ہے، اور وہ (قیامت کے دن) بادلوں کی طرح چلیں گے (اڑتے پھریں گے)، اللہ کی کاریگری ہے

الَّذِيْۤ اَتْقَنَ كُلَّ شَيْءٍ ؕ اِنَّهٗ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَفْعَلُوْنَ ﴿٨٨﴾ مَنْ جَآءَ

الَّذِيْۤ	اَتْقَنَ	كُلَّ شَيْءٍ	اِنَّهٗ	خَبِيْرٌ	بِمَا	تَفْعَلُوْنَ	مَنْ جَآءَ
وہ جس نے	خوبی سے بنایا	ہر شے	بیشک وہ	خبردار	اس سے جو	تم کرتے ہو	جو آیا

جس نے ہر شے کو خوبی سے بنایا ہے بیشک وہ اس سے خبردار ہے جو تم کرتے ہو۔ جو آیا

بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ وَهُمْ مِّنْ فَزَعٍ يَّوْمَئِذٍ اٰمِنُوْنَ ﴿٨٩﴾

اٰمِنُوْنَ	يَوْمَئِذٍ	فَزَعٍ	مِّنْ	وَهُمْ	مِّنْهَا	خَيْرٌ	فَلَهٗ	بِالْحَسَنَةِ
محفوظ ہوں گے	اس دن	گھبراہٹ سے		اور وہ	اس سے	بہتر	تو اس کے لئے	کسی نیکی کے ساتھ

کسی نیکی کے ساتھ تو اس کے لئے (اس کا اجر) اس سے بہتر ہے اور وہ اس دن گھبراہٹ سے محفوظ ہوں گے۔

وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَكُبَّتْ وُجُوْهُهُمْ فِى النَّارِ ۭ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا

اِلَّا	تُجْزَوْنَ	هَلْ	فِى النَّارِ	وُجُوْهُهُمْ	فَكُبَّتْ	بِالسَّيِّئَةِ	جَآءَ	مَنْ	وَ
مگر صرف	بدلہ دیئے جاؤ گے	کیا نہیں	آگ میں	ان کے منہ	اوندھے ڈالے جائیں گے	برائی کے ساتھ	آیا	جو	اور

اور جو برائی کے ساتھ آیا تو وہ اوندھے منہ آگ میں ڈالے جائیں گے، تم صرف (وہی) بدلہ دیئے جاؤ گے (بدلہ پاؤ گے)

مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٩٠﴾ اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ رَبَّ هٰذِهِ الْبَلْدَةِ

الْبَلْدَةِ	هٰذِهِ	رَبَّ	اَعْبُدَ	اَنْ	اُمِرْتُ	اِنَّمَا	تَعْمَلُوْنَ	كُنْتُمْ	مَا
شہر	اس	رب	عبادت کروں	کہ	مجھے حکم دیا گیا	اس کے سوا نہیں	تم کرتے تھے		جو

جو تم کرتے تھے۔ (آپ فرمادیں) اس کے سوا نہیں کہ مجھے حکم دیا گیا ہے اس شہر (مکہ) کے رب کی عبادت کروں

الَّذِىْ حَرَّمَهَا وَلَهٗ كُلُّ شَىْءٍ ۡ وَّاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿٩١﴾

الْمُسْلِمِيْنَ	مِنَ	اَكُوْنَ	اَنْ	وَاُمِرْتُ	كُلُّ شَىْءٍ	وَلَهٗ	حَرَّمَهَا	الَّذِىْ
جمع مسلم مسلمان، فرمانبردار	سے	میں رہوں	کہ	اور مجھے حکم دیا گیا	ہر شے	اور اسی کے لئے	اس نے محترم بنایا ہے	وہ جسے

جسے اس نے محترم بنایا ہے، اور اسی کے لئے ہے ہر شے، اور مجھے حکم دیا گیا کہ میں مسلمانوں (فرمانبرداروں) میں سے رہوں۔

وَاَنْ اَتْلُوَا الْقُرْاٰنَ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِىْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ

وَمَنْ	لِنَفْسِهٖ	يَهْتَدِىْ	فَاِنَّمَا	اهْتَدٰى	فَمَنِ	الْقُرْاٰنَ	اَتْلُوَا	وَاَنْ
اور جو	اپنی ذات کے لئے	وہ ہدایت پاتا ہے	تو اسکے سوا نہیں	ہدایت پائی	پس جو	قرآن	میں تلاوت کروں	اور یہ کہ

اور یہ کہ میں قرآن کی تلاوت کروں (سناؤں) پس اس کے سوا نہیں کہ جو ہدایت پاتا ہے، وہ اپنی ذات کے لئے ہدایت پاتا ہے اور جو

ضَلَّ فَقُلْ اِنَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ﴿٩٢﴾ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ سَيُرِيْكُمْ

سَيُرِيْكُمْ	لِلّٰهِ	الْحَمْدُ	وَقُلِ	مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ	اَنَا	اِنَّمَا	فَقُلْ	ضَلَّ
وہ جلد دکھائے گا تمہیں	اللہ کے لئے	تمام تعریفیں	اور فرمادیں	ڈرانے والوں میں سے (ڈرانے والا ہوں)	میں	اس کے سوا نہیں	تو فرمادیں	گمراہ ہوا

گمراہ ہوا تو آپ فرمادیں کہ اس کے سوا نہیں کہ میں تو ڈرانے والا ہوں۔ اور آپ فرمادیں تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں وہ تمہیں جلد دکھائے گا

اٰیٰتِهٖ فَتَعْرِفُوْنَهَا ؕ وَ مَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾

تَعْمَلُوْنَ	عَمَّا	بِغَافِلٍ	رَبُّكَ	وَمَا	فَتَعْرِفُوْنَهَا	اٰیٰتِهٖ
تم کرتے ہو	اس سے جو	بے خبر	تمہارا رب	اور نہیں	پس تم پہچان لوگے انہیں	اپنی نشانیاں

اپنی نشانیاں، پس تم جلد انہیں پہچان لوگے، اور تمہارا رب اس سے بے خبر نہیں جو تم کرتے ہو۔

اٰیَاتُهَا ۸۸ — ۲۸ سُوْرَةُ الْقَصَصِ مَكِّيَّةٌ ۴۹ — رُكُوْعَاتُهَا ۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے۔

طٰسٓمّٓ ﴿۱﴾ تِلْكَ اٰیٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِیْنِ ﴿۲﴾ نَتْلُوْا عَلَیْكَ مِنْ نَّبَاِ مُوْسٰی وَ

وَ	مُوْسٰی	نَّبَاِ	مِنْ	عَلَیْكَ	نَتْلُوْا	الْكِتٰبِ الْمُبِیْنِ	اٰیٰتُ	تِلْكَ	طٰسٓمّٓ
اور	موسیٰ	کچھ خبر (احوال)		تم پر	ہم پڑھتے ہیں	واضح کتاب	آیتیں	یہ	طٰسٓمّٓ

طٰسٓمّٓ - یہ واضح کتاب (قرآن) کی آیتیں ہیں۔ ہم تم پر پڑھتے ہیں (تمہیں سناتے ہیں) کچھ احوال موسیٰؑ اور

فِرْعَوْنَ بِالْحَقِّ لِقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ ﴿۳﴾ اِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا فِی الْاَرْضِ وَ

وَ	فِی الْاَرْضِ	عَلَا	فِرْعَوْنَ	اِنَّ	لِقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ	بِالْحَقِّ	فِرْعَوْنَ
اور	زمین (ملک) میں	سرکشی کر رہا تھا	فرعون	بیشک	ان لوگوں کے لئے جو ایمان رکھتے ہیں	ٹھیک ٹھیک	فرعون

فرعون کا ٹھیک ٹھیک، ان لوگوں کے لئے جو ایمان رکھتے ہیں۔ بیشک فرعون ملک میں سرکشی کر رہا تھا، اور

جَعَلَ اَهْلَهَا شِیَعًا یَّسْتَضْعِفُ طَآئِفَةً مِّنْهُمْ یُذَبِّحُ اَبْنَآءَهُمْ وَ یَسْتَحْیٖ

وَیَسْتَحْیٖ	اَبْنَآءَهُمْ	یُذَبِّحُ	مِّنْهُمْ	طَآئِفَةً	یَّسْتَضْعِفُ	شِیَعًا	اَهْلَهَا	جَعَلَ
اور زندہ چھوڑ دیتا تھا	ان کے بیٹوں کو	ذبح کرتا تھا	ان میں سے	ایک گروہ	کمزور کر رکھا تھا	الگ الگ گروہ	اس کے باشندے	اس نے کر دیا

اس نے اس کے باشندوں کو الگ الگ گروہ کر دیا تھا، ان میں سے ایک گروہ (بنی اسرائیل) کو کمزور کر رکھا تھا، ان کے بیٹوں کو ذبح کرتا تھا، اور زندہ چھوڑ دیتا تھا

نِسَآءَهُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُفْسِدِیْنَ ﴿۴﴾ وَ نُرِیْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِیْنَ

عَلَى الَّذِیْنَ	نَّمُنَّ	اَنْ	وَنُرِیْدُ	الْمُفْسِدِیْنَ	مِنَ	كَانَ	اِنَّهٗ	نِسَآءَهُمْ
ان لوگوں پر جو	ہم احسان کریں	کہ	اور ہم چاہتے تھے	مفسد (جمع)	سے	تھا	بیشک وہ	ان کی عورتوں کو

ان کی عورتوں (بیٹیوں) کو، بیشک وہ مفسدوں میں سے (فسادی) تھا۔ اور ہم چاہتے تھے کہ ان لوگوں پر احسان کریں جو

اسْتُضْعِفُوْا فِي الْاَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ اَئِمَّةً وَّنَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِيْنَ ۝٥ وَنُمَكِّنَ

اسْتُضْعِفُوْا	فِي الْاَرْضِ	وَنَجْعَلَهُمْ	اَئِمَّةً	وَّنَجْعَلَهُمُ	الْوٰرِثِيْنَ	وَنُمَكِّنَ
کمزور کر دیئے گئے تھے	زمین (ملک) میں	اور ہم بنائیں انہیں	پیشوا (جمع)	اور ہم بنائیں انہیں	وارث (جمع)	اور ہم قدرت (حکومت) دیں

ملک میں کمزور کر دیئے گئے تھے، اور ہم انہیں پیشوا بنائیں، اور ہم انہیں (ملک کا) وارث بنائیں۔ اور ہم انہیں حکومت دیں

لَهُمْ فِي الْاَرْضِ وَنُرِيَ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا مِنْهُمْ مَّا

لَهُمْ	فِي الْاَرْضِ	وَنُرِيَ	فِرْعَوْنَ	وَ هَامٰنَ	وَجُنُوْدَهُمَا	مِنْهُمْ	مَّا
انہیں	زمین (ملک) میں	اور ہم دکھا دیں	فرعون	اور ہامان	اور ان کے لشکر	ان سے	جس چیز

ملک میں۔ اور ہم فرعون اور ہامان اور ان کے لشکر کو ان (کمزوروں کے ہاتھوں) دکھا دیں جس چیز سے

كَانُوْا يَحْذَرُوْنَ ۝٦ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّ مُوْسٰٓى اَنْ اَرْضِعِيْهِ ۚ فَاِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ

كَانُوْا يَحْذَرُوْنَ	وَاَوْحَيْنَآ	اِلٰٓى	اُمِّ مُوْسٰٓى	اَنْ اَرْضِعِيْهِ	فَاِذَا	خِفْتِ عَلَيْهِ
وہ ڈرتے تھے	اور ہم نے الہام کیا	طرف۔ کو	موسیٰ کی ماں	کہ دودھ پلاتی رہ اسے	پھر جب	تو اس پر ڈرے

وہ ڈرتے تھے۔ اور ہم نے موسیٰؑ کی ماں کو الہام کیا کہ وہ اس کو دودھ پلاتی رہے، پھر جب اس پر (اس کے بارے میں) ڈرے

فَاَلْقِيْهِ فِي الْيَمِّ وَلَا تَخَافِيْ وَلَا تَحْزَنِيْ ۚ اِنَّا رَآدُّوْهُ اِلَيْكِ وَجَاعِلُوْهُ

فَاَلْقِيْهِ	فِي الْيَمِّ	وَ	لَا تَخَافِيْ	وَلَا تَحْزَنِيْ	اِنَّا	رَآدُّوْهُ	اِلَيْكِ	وَجَاعِلُوْهُ
تو ڈال دے اسے	دریا میں	اور	نہ ڈر	اور نہ غم کھا	بیشک ہم	اسے لوٹا دیں گے	تیری طرف	اور اسے بنا دیں گے

تو اسے دریا میں ڈال دے، اور نہ ڈرے اور نہ غم کھائے، بیشک ہم اسے تیری طرف لوٹا دیں گے، اور اسے بنا دیں گے

مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝٧ فَالْتَقَطَهٗٓ اٰلُ فِرْعَوْنَ لِيَكُوْنَ لَهُمْ عَدُوًّا وَّ

مِنَ	الْمُرْسَلِيْنَ	فَالْتَقَطَهٗٓ	اٰلُ فِرْعَوْنَ	لِيَكُوْنَ	لَهُمْ	عَدُوًّا	وَّ
سے	رسولوں (جمع)	پھر اٹھا لیا اسے	فرعون کے گھر والے	تاکہ وہ ہو	ان کے لئے	دشمن	اور

رسولوں میں سے (رسول)۔ پھر فرعون کے گھر والوں نے اسے اٹھا لیا تاکہ (آخرکار) وہ ان کے لئے دشمن اور

حَزَنًا ۭ اِنَّ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا كَانُوْا خٰطِـِٕيْنَ ۝٨ وَقَالَتِ

حَزَنًا	اِنَّ	فِرْعَوْنَ	وَهَامٰنَ	وَجُنُوْدَهُمَا	كَانُوْا	خٰطِـِٕيْنَ	وَقَالَتِ
غم کا باعث	بیشک	فرعون	اور ہامان	اور ان کے لشکر	تھے	خطاکار (جمع)	اور کہا

غم کا باعث ہو، بیشک فرعون اور ہامان اور ان کے لشکر خطاکار تھے۔ اور کہا

اِمْرَاَتُ فِرْعَوْنَ قُرَّتُ عَیْنٍ لِّیْ وَلَكَ ۭ لَا تَقْتُلُوْهُ ۖ عَسٰٓی اَنْ یَّنْفَعَنَآ

اِمْرَاَتُ	فِرْعَوْنَ	قُرَّتُ	عَیْنٍ لِّیْ	وَلَكَ	لَا تَقْتُلُوْهُ	عَسٰی	اَنْ یَّنْفَعَنَا
بیوی	فرعون	ٹھنڈک	میری آنکھوں کے لئے	اور تیرے لئے	نہ قتل کرو اسے	شاید	کہ نفع پہنچائے ہمیں

فرعون کی بیوی نے، یہ آنکھوں کی ٹھنڈک ہے میرے لئے اور تیرے لئے، اسے قتل نہ کر، شاید ہمیں نفع پہنچائے

اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا وَّهُمْ لَا یَشْعُرُوْنَ ﴿۹﴾ وَاَصْبَحَ فُؤَادُ اُمِّ مُوْسٰی فٰرِغًا ۭ

اَوْ	نَتَّخِذَهٗ	وَلَدًا	وَهُمْ	لَا یَشْعُرُوْنَ	وَاَصْبَحَ	فُؤَادُ	اُمِّ مُوْسٰی	فٰرِغًا
یا	ہم بنالیں اسے	بیٹا	اور وہ	(حقیقتِ حال) نہیں جانتے تھے	اور ہو گیا	دل	موسیٰ کی ماں	صبر سے خالی (بےقرار)

یا ہم اسے بیٹا بنالیں، اور وہ حقیقتِ حال نہیں جانتے تھے۔ اور موسیٰ ؑ کی ماں کا دل بے قرار ہو گیا،

اِنْ كَادَتْ لَتُبْدِیْ بِهٖ لَوْلَآ اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰی قَلْبِهَا لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۱۰﴾

اِنْ	كَادَتْ	لَتُبْدِیْ	بِهٖ	لَوْلَا	اَنْ رَّبَطْنَا	عَلٰی قَلْبِهَا	لِتَكُوْنَ	مِنَ	الْمُؤْمِنِیْنَ
تحقیق	قریب تھا	کہ ظاہر کر دیتی	اس کو	اگر نہ ہوتا	کہ گرہ لگاتے ہم	اس کے دل پر	کہ وہ ہے	سے	یقین کرنے والے

تحقیق قریب تھا کہ وہ اس کو ظاہر کر دیتی اگر ہم نے اس کے دل پر گرہ نہ لگائی ہوتی کہ وہ یقین کرنے والوں میں سے رہے۔

وَقَالَتْ لِاُخْتِهٖ قُصِّیْهِ ۡ فَبَصُرَتْ بِهٖ عَنْ جُنُبٍ وَّهُمْ لَا یَشْعُرُوْنَ ﴿۱۱﴾

وَقَالَتْ	لِاُخْتِهٖ	قُصِّیْهِ	فَبَصُرَتْ	بِهٖ	عَنْ جُنُبٍ	وَهُمْ	لَا یَشْعُرُوْنَ
اور اسنے (موسیٰ کی والدہ نے) کہا	اسکی بہن کو	اس کے پیچھے جا	پھر دیکھتی رہ	اس کو	دُور سے	اور وہ	(حقیقتِ حال) نہ جانتے تھے

اور موسیٰ ؑ کی والدہ نے اس کی بہن کو کہا کہ اس کے پیچھے جا، پھر اسے دُور سے دیکھتی رہ، اور وہ حقیقتِ حال نہ جانتے تھے۔

وَحَرَّمْنَا عَلَیْهِ الْمَرَاضِعَ مِنْ قَبْلُ فَقَالَتْ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰٓی اَهْلِ بَیْتٍ

وَحَرَّمْنَا	عَلَیْهِ	الْمَرَاضِعَ	مِنْ قَبْلُ	فَقَالَتْ	هَلْ اَدُلُّكُمْ	عَلٰی اَهْلِ بَیْتٍ
اور ہم نے روک رکھا	اس سے	دودھ پلانیوالی (دائیاں)	پہلے سے	وہ (موسیٰ کی بہن) بولی	کیا میں بتلاؤں تمہیں	ایک گھر والے

اور ہمنے پہلے سے اس سے دائیوں کو روک رکھا تھا، موسیٰ ؑ کی بہن بولی، کیا میں تمہیں ایک گھر والے بتلاؤں جو

یَّكْفُلُوْنَهٗ لَكُمْ وَهُمْ لَهٗ نٰصِحُوْنَ ﴿۱۲﴾ فَرَدَدْنٰهُ اِلٰٓی اُمِّهٖ كَیْ تَقَرَّ

یَكْفُلُوْنَهٗ	لَكُمْ	وَهُمْ	لَهٗ	نٰصِحُوْنَ	فَرَدَدْنٰهُ	اِلٰی اُمِّهٖ	كَیْ تَقَرَّ
وہ اس کی پرورش کریں	تمہارے لئے	اور وہ	اسکے لئے	خیر خواہ	تو ہم نے لوٹا دیا اس کو	اس کی ماں کی طرف	تاکہ ٹھنڈی رہے

تمہارے لئے اس کی پرورش کریں اور وہ اس کے خیر خواہ ہوں، تو ہم نے اس کو اس کی ماں کی طرف لوٹا دیا، تاکہ ٹھنڈی رہے

عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَلِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ

لفظ	معنی
عَيْنُهَا	اس کی آنکھ
وَلَا تَحْزَنَ	اور وہ غمگین نہ ہو
وَلِتَعْلَمَ	اور تاکہ جان لے
اَنَّ	کہ
وَعْدَ اللّٰهِ	اللہ کا وعدہ
حَقٌّ	سچا
وَّلٰكِنَّ	اور لیکن
اَكْثَرَهُمْ	ان میں سے بیشتر

اس کی آنکھ اور وہ غمگین نہ ہو، اور تاکہ جان لے کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے، اور لیکن ان کے بیشتر

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَاسْتَوٰٓى اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا

لفظ	معنی
لَا يَعْلَمُوْنَ	وہ نہیں جانتے
وَلَمَّا	اور جب
بَلَغَ اَشُدَّهٗ	وہ پہنچا اپنی جوانی
وَاسْتَوٰى	اور پورا اور توانا ہو گیا
اٰتَيْنٰهُ	ہم نے عطا کیا اسے
حُكْمًا	حکمت
وَّعِلْمًا	اور علم

نہیں جانتے۔ اور جب (موسیٰؑ) اپنی جوانی کو پہنچا اور پوری طرح توانا ہو گیا تو ہم نے اسے حکمت اور علم عطا کیا،

وَكَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۴﴾ وَدَخَلَ الْمَدِيْنَةَ عَلٰى حِيْنِ غَفْلَةٍ

لفظ	معنی
وَكَذٰلِكَ	اور اسی طرح
نَجْزِى	ہم بدلہ دیا کرتے ہیں
الْمُحْسِنِيْنَ	نیکی کرنے والے
وَدَخَلَ	اور وہ داخل ہوا
الْمَدِيْنَةَ	شہر
عَلٰى حِيْنِ	وقت پر
غَفْلَةٍ	غفلت

اور ہم نیکی کرنے والوں کو اسی طرح بدلہ دیا کرتے ہیں۔ اور وہ شہر میں داخل ہوا غفلت کے وقت

مِّنْ اَهْلِهَا فَوَجَدَ فِيْهَا رَجُلَيْنِ يَقْتَتِلٰنِ هٰذَا مِنْ شِيْعَتِهٖ وَهٰذَا

لفظ	معنی
مِنْ اَهْلِهَا	اس کے باشندے
فَوَجَدَ	تو اس نے پایا
فِيْهَا	اس میں
رَجُلَيْنِ	دو آدمی
يَقْتَتِلٰنِ	وہ باہم لڑتے ہوئے
هٰذَا	یہ (ایک)
مِنْ	سے
شِيْعَتِهٖ	اس کی برادری
وَهٰذَا	اور وہ (دوسرا)

جبکہ اس کے باشندے (بے خبر سوئے ہوئے تھے)، تو اس نے دو آدمیوں کو باہم لڑتے ہوئے پایا، ایک اس کی برادری سے تھا اور دوسرا

مِنْ عَدُوِّهٖ فَاسْتَغَاثَهُ الَّذِىْ مِنْ شِيْعَتِهٖ عَلَى الَّذِىْ مِنْ عَدُوِّهٖ

لفظ	معنی
مِنْ	سے
عَدُوِّهٖ	اس کے دشمن کا
فَاسْتَغَاثَهُ	تو اس نے اس (موسیٰ) سے مدد مانگی
الَّذِىْ	وہ جو
مِنْ شِيْعَتِهٖ	اس کی برادری سے
عَلَى	اس پر
الَّذِىْ	وہ جو
مِنْ عَدُوِّهٖ	اس کے دشمن سے

اس کے دشمنوں میں سے تھا، تو جو اس کی برادری سے تھا اس نے اس (کے مقابلے)، پر جو اس کے دشمنوں میں سے تھا موسیٰؑ سے مدد مانگی

فَوَكَزَهٗ مُوْسٰى فَقَضٰى عَلَيْهِ قَالَ هٰذَا مِنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ اِنَّهٗ عَدُوٌّ

لفظ	معنی
فَوَكَزَهٗ	تو ایک مکا مارا اس کو
مُوْسٰى	موسیٰ
فَقَضٰى	پھر کام تمام کر دیا
عَلَيْهِ	اس کا
قَالَ	اس نے کہا
هٰذَا	یہ
مِنْ	سے
عَمَلِ الشَّيْطٰنِ	شیطان کا کام (حرکت)
اِنَّهٗ	بیشک وہ
عَدُوٌّ	دشمن

تو موسیٰؑ نے اس کو ایک مکا مارا، پھر اس کا کام تمام کر دیا، اس (موسیٰؑ) نے کہا یہ کام شیطان (کی حرکت) سے ہوا، بیشک وہ دشمن ہے

مُّضِلٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ فَغَفَرَ لَهٗ ؕ

مُّضِلٌّ	مُّبِيْنٌ	قَالَ	رَبِّ	اِنِّيْ	ظَلَمْتُ	نَفْسِيْ	فَاغْفِرْ لِيْ	فَغَفَرَ	لَهٗ
بہکانے والا	صریح (کھلا)	اس نے عرض کی	اے میرے رب	بیشک میں	میں نے ظلم کیا	اپنی جان	پس بخشدے مجھے	تو اس نے بخشدیا	اس کو

کھلا بہکانے والا۔ اس نے عرض کی اے میرے رب! میں نے اپنی جان پر ظلم کیا، پس مجھے بخشدے' تو اس نے اسے بخشدیا۔

اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۶﴾ قَالَ رَبِّ بِمَآ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ فَلَنْ اَكُوْنَ

اِنَّهٗ	هُوَ	الْغَفُوْرُ	الرَّحِيْمُ	قَالَ	رَبِّ بِمَا	اَنْعَمْتَ	عَلَيَّ	فَلَنْ اَكُوْنَ
بیشک	وہی	بخشنے والا	نہایت مہربان	اس نے کہا	اے میرے رب جیسا کہ	تو نے انعام کیا	مجھ پر	تو میں ہرگز نہ ہوں گا

بیشک وہی بخشنے والا' نہایت مہربان ہے۔ اس نے کہا' اے میرے رب! جیسا کہ تو نے مجھ پر انعام کیا ہے تو میں ہرگز نہ ہوں گا

ظَهِيْرًا لِّلْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۷﴾ فَاَصْبَحَ فِي الْمَدِيْنَةِ خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ فَاِذَا الَّذِي

ظَهِيْرًا	لِّلْمُجْرِمِيْنَ	فَاَصْبَحَ	فِي الْمَدِيْنَةِ	خَآئِفًا	يَتَرَقَّبُ	فَاِذَا الَّذِي
مددگار	مجرموں کا	پس صبح ہوئی اس کی	شہر میں	ڈرتا ہوا	انتظار کرتا ہوا	تو ناگہاں وہ جس

(کبھی) مجرموں کا مددگار۔ پس شہر میں اس کی صبح ہوئی ڈرتے ہوئے انتظار کرتے ہوئے (کہ دیکھیں اب کیا ہوتا ہے) تو ناگہاں وہی جس نے

اسْتَنْصَرَهٗ بِالْاَمْسِ يَسْتَصْرِخُهٗ ؕ قَالَ لَهٗ مُوْسٰٓى اِنَّكَ لَغَوِيٌّ

اسْتَنْصَرَهٗ	بِالْاَمْسِ	يَسْتَصْرِخُهٗ	قَالَ	لَهٗ	مُوْسٰى	اِنَّكَ	لَغَوِيٌّ
اس نے مدد مانگی تھی اس سے	کل	وہ (پھر) اس سے فریاد کر رہا ہے	کہا	اس کو	موسیٰ	بیشک تو	البتہ گمراہ

کل اس سے مدد مانگی تھی (دیکھا کہ) وہ پھر اس سے فریاد کر رہا ہے۔ موسیٰؑ نے اس کو کہا۔ بیشک تو گمراہ ہے

مُّبِيْنٌ ﴿۱۸﴾ فَلَمَّآ اَنْ اَرَادَ اَنْ يَّبْطِشَ بِالَّذِيْ هُوَ عَدُوٌّ لَّهُمَا ۙ قَالَ

مُّبِيْنٌ	فَلَمَّآ	اَنْ	اَرَادَ	اَنْ	يَّبْطِشَ	بِالَّذِيْ	هُوَ	عَدُوٌّ لَّهُمَا	قَالَ
کھلا	پھر جب	کہ	اس نے چاہا	کہ	ہاتھ ڈالے	اس پر جو	وہ	ان دونوں کا دشمن	اس نے کہا

کھلا۔ پھر جب اس نے چاہا کہ اس پر ہاتھ ڈالے جو ان دونوں کا دشمن تھا' تو اس نے کہا

يٰمُوْسٰٓى اَتُرِيْدُ اَنْ تَقْتُلَنِيْ كَمَا قَتَلْتَ نَفْسًا بِالْاَمْسِ ۖ اِنْ تُرِيْدُ اِلَّآ

يٰمُوْسٰى	اَتُرِيْدُ	اَنْ	تَقْتُلَنِيْ	كَمَا قَتَلْتَ	نَفْسًا	بِالْاَمْسِ	اِنْ	تُرِيْدُ	اِلَّا
اے موسیٰ	کیا تو چاہتا ہے	کہ	تو قتل کرے مجھے	جیسے قتل کیا تو نے	ایک آدمی	کل	نہیں	تو چاہتا	مگر صرف

اے موسیٰؑ! کیا تو چاہتا ہے کہ تو مجھے قتل کر دے جیسے تو نے کل ایک آدمی کو قتل کیا تھا' تو صرف (یہی) چاہتا ہے

اَنْ تَكُوْنَ جَبَّارًا فِي الْاَرْضِ وَمَا تُرِيْدُ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْمُصْلِحِيْنَ ﴿١٩﴾

اَنْ تَكُوْنَ	جَبَّارًا	فِي الْاَرْضِ	وَ	مَا تُرِيْدُ	اَنْ	تَكُوْنَ	مِنَ	الْمُصْلِحِيْنَ
کہ تو ہو	زبردستی کرتا	سرزمین میں	اور	تو نہیں چاہتا	کہ	تو ہو	سے	(واحد) مصلح

کہ تو اس سرزمین میں زبردستی کرتا پھرے اور تو نہیں چاہتا کہ مصلحین (اصلاح کرنے والوں) میں سے ہو۔

وَجَآءَ رَجُلٌ مِّنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ يَسْعٰى قَالَ يٰمُوْسٰى اِنَّ الْمَلَاَ

وَجَآءَ	رَجُلٌ	مِّنْ	اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ	يَسْعٰى	قَالَ	يٰمُوْسٰى	اِنَّ	الْمَلَاَ
اور آیا	ایک آدمی	سے	شہر کا پرلا سرا	دوڑتا ہوا	اس نے کہا	اے موسیٰ	بیشک	سردار

اور ایک آدمی شہر کے پرلے سرے سے دوڑتا ہوا آیا، اس نے کہا، اے موسیٰؑ! بے شک سردار

يَاْتَمِرُوْنَ بِكَ لِيَقْتُلُوْكَ فَاخْرُجْ اِنِّيْ لَكَ مِنَ النّٰصِحِيْنَ ﴿٢٠﴾ فَخَرَجَ

يَاْتَمِرُوْنَ	بِكَ	لِيَقْتُلُوْكَ	فَاخْرُجْ	اِنِّيْ	لَكَ	مِنَ	النّٰصِحِيْنَ	فَخَرَجَ
وہ مشورہ کر رہے ہیں	تیرے بارے میں	تاکہ قتل کر ڈالیں تجھے	پس تو نکل جا	بیشک میں	تیرے لئے	سے	خیرخواہ (جمع)	پس وہ نکلا

تیرے بارے میں مشورہ کر رہے ہیں تاکہ تجھے قتل کر ڈالیں پس تو (یہاں سے) نکل جا بیشک میں تیرے خیرخواہوں میں سے ہوں۔ پس وہ نکلا

مِنْهَا خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ قَالَ رَبِّ نَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٢١﴾ وَلَمَّا

مِنْهَا	خَآئِفًا	يَّتَرَقَّبُ	قَالَ	رَبِّ	نَجِّنِيْ	مِنَ	الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ	وَلَمَّا
وہاں سے	ڈرتے ہوئے	انتظار کرتے ہوئے	اس نے کہا (دعا کی)	اے میرے پروردگار	مجھے بچالے	سے	ظالموں کی قوم	اور جب

وہاں سے ڈرتے ہوئے اور انتظار کرتے ہوئے (کہ دیکھیں کیا ہوتا ہے) اس نے دعا کی کہ اے میرے پروردگار! مجھے ظالموں کی قوم سے بچالے۔ اور جب

تَوَجَّهَ تِلْقَآءَ مَدْيَنَ قَالَ عَسٰى رَبِّيْ اَنْ يَّهْدِيَنِيْ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿٢٢﴾ وَلَمَّا

تَوَجَّهَ	تِلْقَآءَ	مَدْيَنَ	قَالَ	عَسٰى	رَبِّيْ	اَنْ يَّهْدِيَنِيْ	سَوَآءَ السَّبِيْلِ	وَلَمَّا
اس نے رخ کیا	طرف	مدین	کہا	امید ہے	میرا رب	کہ مجھے دکھائے	سیدھا راستہ	اور جب

اس نے مدین کی طرف رخ کیا تو کہا امید ہے میرا رب مجھے سیدھا راستہ دکھائے گا۔ اور جب

وَرَدَ مَآءَ مَدْيَنَ وَجَدَ عَلَيْهِ اُمَّةً مِّنَ النَّاسِ يَسْقُوْنَ ۖ وَوَجَدَ

وَرَدَ	مَآءَ	مَدْيَنَ	وَجَدَ	عَلَيْهِ	اُمَّةً	مِّنَ	النَّاسِ	يَسْقُوْنَ	وَوَجَدَ
وہ آیا	پانی	مدین	اس نے پایا	اس پر	ایک گروہ	سے۔کا	لوگ	پانی پلا رہے ہیں	اور اس نے پایا (دیکھا)

وہ مدین کے پانی (کے کنویں) پر آیا تو اس نے لوگوں کے ایک گروہ کو پانی پلاتے ہوئے پایا، اور اس نے دیکھا

مِنْ دُوْنِهِمُ امْرَاَتَيْنِ تَذُوْدٰنِ ۚ قَالَ مَا خَطْبُكُمَا ؕ قَالَتَا لَا نَسْقِيْ

مِنْ دُوْنِهِمُ	امْرَاَتَيْنِ	تَذُوْدٰنِ	قَالَ	مَا خَطْبُكُمَا	قَالَتَا	لَا نَسْقِيْ
ان سے علیحدہ	دو عورتیں	روکے ہوئے ہیں	اس نے کہا	تمہارا کیا حال ہے	وہ دونوں بولیں	ہم پانی نہیں پلاتیں

دو عورتیں اُن سے علیحدہ (اپنی بکریاں) روکے ہوئے (کھڑی) ہیں اُس نے کہا تمہارا کیا حال ہے؟ وہ بولیں ہم پانی نہیں پلاتیں

حَتّٰى يُصْدِرَ الرِّعَآءُ ٚ وَ اَبُوْنَا شَيْخٌ كَبِيْرٌ ﴿۲۳﴾ فَسَقٰى لَهُمَا ثُمَّ تَوَلّٰۤى اِلَى الظِّلِّ

حَتّٰى	يُصْدِرَ	الرِّعَآءُ	وَ اَبُوْنَا	شَيْخٌ كَبِيْرٌ	فَسَقٰى	لَهُمَا	ثُمَّ تَوَلّٰۤى	اِلَى الظِّلِّ
جب تک کہ	واپس لے جائیں	چرواہے	اور ہمارے ابا	بہت بوڑھے	تو اس نے پانی پلایا	ان کے لئے	پھر پھر آیا	سایہ کی طرف

جب تک چرواہے (اپنے جانوروں کو پانی پلاکر) واپس نہ لے جائیں اور ہمارے ابا بوڑھے ہیں تو اس نے ان کی (بکریوں کو) پانی پلایا۔ پھر سایہ کی طرف پھر آیا،

فَقَالَ رَبِّ اِنِّيْ لِمَاۤ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ﴿۲۴﴾ فَجَآءَتْهُ اِحْدٰىهُمَا

فَقَالَ	رَبِّ	اِنِّيْ	لِمَا	اَنْزَلْتَ	اِلَيَّ	مِنْ خَيْرٍ	فَقِيْرٌ	فَجَآءَتْهُ	اِحْدٰىهُمَا
پھر عرض کیا	اے میرے رب	بیشک میں	اس کا جو	تو اُتارے	میری طرف	کوئی بھلائی (نعمت)	محتاج	پھر اس کے پاس آئی	اُن دونوں میں سے ایک

پھر عرض کیا اے میرے پروردگار! بیشک جو نعمت تو میری طرف اُتارے میں اس کا محتاج ہوں۔ پھر ان دونوں میں سے ایک اس کے پاس آئی

تَمْشِيْ عَلَى اسْتِحْيَآءٍ ۫ قَالَتْ اِنَّ اَبِيْ يَدْعُوْكَ لِيَجْزِيَكَ اَجْرَ مَا سَقَيْتَ لَنَا ؕ

تَمْشِيْ	عَلَى اسْتِحْيَآءٍ	قَالَتْ	اِنَّ	اَبِيْ	يَدْعُوْكَ	لِيَجْزِيَكَ	اَجْرَ	مَا سَقَيْتَ	لَنَا
چلتی ہوئی	شرم سے	وہ بولی	بیشک	میرا والد	تجھے بلاتا ہے	تاکہ تجھے دے	صلہ	جو تو نے پانی پلایا	ہمارے لئے

شرم سے چلتی ہوئی، وہ بولی، بیشک میرے والد تمہیں بلا رہے ہیں کہ تمہیں اس کا صلہ دیں جو تو نے ہمارے لئے (بکریوں کو) پانی پلایا ہے

فَلَمَّا جَآءَهٗ وَ قَصَّ عَلَيْهِ الْقَصَصَ ۙ قَالَ لَا تَخَفْ ٙ نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۵﴾

فَلَمَّا	جَآءَهٗ	وَ قَصَّ	عَلَيْهِ	الْقَصَصَ	قَالَ	لَا تَخَفْ	نَجَوْتَ	مِنَ	الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ
پس جب	اس کے پاس گیا	اور بیان کیا	اس سے	احوال	اس نے کہا	ڈرو نہیں	تم بچ آئے	سے	ظالموں کی قوم

پس جب موسیٰؑ اس (شعیبؑ) کے پاس آیا اور اس سے احوال بیان کیا تو اس نے کہا ڈرو نہیں تم ظالموں کی قوم سے بچ آئے ہو۔

قَالَتْ اِحْدٰىهُمَا يٰۤاَبَتِ اسْتَاْجِرْهُ ۫ اِنَّ خَيْرَ مَنِ اسْتَاْجَرْتَ الْقَوِيُّ

قَالَتْ	اِحْدٰىهُمَا	يٰۤاَبَتِ	اسْتَاْجِرْهُ	اِنَّ	خَيْرَ	مَنِ	اسْتَاْجَرْتَ	الْقَوِيُّ
بولی وہ	ان میں سے ایک	اے میرے باپ	اسے ملازم رکھ لو	بیشک	بہتر	جو۔ جسے	تم ملازم رکھو	طاقتور

ان میں سے ایک بولی، اے میرے باپ! اسے ملازم رکھ لیں، بے شک جسے تم ملازم رکھو بہتر (وہ ہے) جو طاقتور

الْاَمِيْنُ ۝٢٦ قَالَ اِنِّيْٓ اُرِيْدُ اَنْ اُنْكِحَكَ اِحْدَى ابْنَتَيَّ هٰتَيْنِ عَلٰٓى اَنْ

الْاَمِيْنُ	قَالَ	اِنِّيْٓ اُرِيْدُ	اَنْ	اُنْكِحَكَ	اِحْدَى	ابْنَتَيَّ	هٰتَيْنِ	عَلٰٓى	اَنْ
امانت دار	(شعیبؑ نے) کہا	بیشک میں چاہتا ہوں	کہ	نکاح کردوں تجھ سے	ایک	اپنی دو بیٹیاں	یہ دو	(اس شرط) پر	کہ

امانت دار ہو۔ شعیبؑ نے کہا میں چاہتا ہوں کہ تم سے اپنی ان دو بیٹیوں میں سے ایک کا نکاح اس شرط پر کردوں کہ

تَاْجُرَنِيْ ثَمٰنِيَ حِجَجٍ ۚ فَاِنْ اَتْمَمْتَ عَشْرًا فَمِنْ عِنْدِكَ ۚ وَمَآ اُرِيْدُ

تَاْجُرَنِيْ	ثَمٰنِيَ حِجَجٍ	فَاِنْ	اَتْمَمْتَ	عَشْرًا	فَمِنْ عِنْدِكَ	وَ	مَآ اُرِيْدُ
تم میری ملازمت کرو	آٹھ سال (حجج)	پھر اگر	تم پورے کرو	دس	تو تمہاری طرف سے	اور	نہیں چاہتا میں

تم آٹھ سال میری ملازمت کرو، اگر دس (سال) پورے کر لو تو (وہ) تمہاری طرف سے (نیکی) ہوگی، میں نہیں چاہتا

اَنْ اَشُقَّ عَلَيْكَ ۭ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَاۗءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝٢٧ قَالَ ذٰلِكَ

اَنْ اَشُقَّ	عَلَيْكَ	سَتَجِدُنِيْٓ	اِنْ شَاۗءَ اللّٰهُ	مِنَ	الصّٰلِحِيْنَ	قَالَ	ذٰلِكَ
کہ میں مشقت ڈالوں	تم پر	عنقریب تم پاؤ گے مجھے	انشاء اللہ۔ اگر اللہ نے چاہا	سے	نیک (خوش معاملہ لوگ) (جمع)	اس نے کہا	یہ

کہ میں تم پر مشقت ڈالوں، اگر اللہ نے چاہا تو عنقریب مجھے خوش معاملہ لوگوں میں سے پاؤ گے۔ موسیٰؑ نے کہا یہ

بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ ۭ اَيَّمَا الْاَجَلَيْنِ قَضَيْتُ فَلَا عُدْوَانَ عَلَيَّ ۭ وَاللّٰهُ

بَيْنِيْ	وَبَيْنَكَ	اَيَّمَا	الْاَجَلَيْنِ	قَضَيْتُ	فَلَا عُدْوَانَ	عَلَيَّ	وَاللّٰهُ
میرے درمیان	اور تمہارے درمیان	جو	مدت دونوں میں	میں پوری کروں	کوئی جبر (مطالبہ) نہیں	مجھ پر	اور اللہ

میرے درمیان اور تمہارے درمیان (عہد) ہے، ان دونوں میں سے جو مدت پوری کروں مجھ پر کوئی مطالبہ نہیں، اور اللہ

عَلٰي مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ ۝٢٨ فَلَمَّا قَضٰى مُوْسَى الْاَجَلَ وَسَارَ بِاَهْلِهٖٓ اٰنَسَ

عَلٰي	مَا نَقُوْلُ	وَكِيْلٌ	فَلَمَّا	قَضٰى	مُوْسَى	الْاَجَلَ	وَسَارَ	بِاَهْلِهٖ	اٰنَسَ
پر	جو ہم کہہ رہے ہیں	گواہ	پھر جب	پوری کردی	موسیٰ	مدت	اور چلا	ساتھ اپنے گھر والی	اس نے دیکھی

گواہ ہے اس پر جو ہم کہہ رہے ہیں۔ پھر جب موسیٰؑ نے اپنی مدت پوری کر دی تو اپنی گھر والی (بیوی) کو ساتھ لیکر چلا اس نے دیکھی

مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ نَارًا ۚ قَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْٓا اِنِّىْٓ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّيْٓ

مِنْ	جَانِبِ	الطُّوْرِ	نَارًا	قَالَ	لِاَهْلِهِ	امْكُثُوْٓا	اِنِّىْٓ اٰنَسْتُ	نَارًا	لَّعَلِّيْٓ
سے	طرف	کوہِ طور	ایک آگ	اس نے کہا	اپنے گھر والوں سے	تم ٹھہرو	بیشک میں نے دیکھی	آگ	شاید میں

کوہِ طور کی طرف سے ایک آگ، اس نے اپنے گھر والوں سے کہا تم ٹھہرو، بیشک میں نے آگ دیکھی ہے، شاید میں

اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ جَذْوَةٍ مِّنَ النَّارِ لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ﴿۲۹﴾ فَلَمَّآ

اٰتِيْكُمْ	مِّنْهَا	بِخَبَرٍ	اَوْ جَذْوَةٍ	مِّنَ النَّارِ	لَعَلَّكُمْ	تَصْطَلُوْنَ	فَلَمَّآ
میں لاؤں تمہارے لئے	اس سے	کوئی خبر	یا چنگاری	آگ سے	تاکہ تم	آگ تاپو	پھر جب

اس سے تمہارے لئے (راستہ کی) کوئی خبر یا آگ کی چنگاری لاؤں تاکہ تم آگ تاپو۔ پھر جب

اَتٰىهَا نُوْدِيَ مِنْ شَاطِئِ الْوَادِ الْاَيْمَنِ فِي الْبُقْعَةِ الْمُبٰرَكَةِ مِنَ الشَّجَرَةِ

اَتٰىهَا	نُوْدِيَ	مِنْ شَاطِئِ	الْوَادِ الْاَيْمَنِ	فِي الْبُقْعَةِ	الْمُبٰرَكَةِ	مِنَ الشَّجَرَةِ
وہ آیا اس کے پاس	ندا دی گئی	کنارہ سے	میدان دایاں	جگہ میں	برکت والی	ایک درخت سے

وہ اس کے پاس آیا تو ندا (آواز) دی گئی برکت والی جگہ میں، دائیں میدان کے کنارہ سے، ایک درخت (کے درمیان) سے،

اَنْ يّٰمُوْسٰٓى اِنِّيْٓ اَنَا اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۰﴾ وَاَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ۭ فَلَمَّا رَاٰهَا

اَنْ	يّٰمُوْسٰٓى	اِنِّيْٓ اَنَا	اللّٰهُ	رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ	وَاَنْ	اَلْقِ	عَصَاكَ	فَلَمَّا رَاٰهَا
کہ	اے موسیٰ	بیشک میں	اللہ	جہانوں کا پروردگار	اور یہ کہ	ڈالو	اپنا عصا	پھر جب اس نے اسے دیکھا

کہ اے موسیٰ! بیشک میں اللہ ہوں تمام جہانوں کا پروردگار۔ اور یہ کہ تو اپنا عصا (زمین پر) ڈال، پھر جب اس نے اسے دیکھا

تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَاۗنٌّ وَّلّٰى مُدْبِرًا وَّلَمْ يُعَقِّبْ ۭ يٰمُوْسٰٓى اَقْبِلْ وَ

تَهْتَزُّ	كَاَنَّهَا	جَاۗنٌّ	وَّلّٰى	مُدْبِرًا	وَّ	لَمْ يُعَقِّبْ	يٰمُوْسٰٓى	اَقْبِلْ	وَ
لہراتے ہوئے	گویا کہ وہ	سانپ	وہ لوٹا	پیٹھ پھیر کر	اور	پیچھے مڑ کر نہ دیکھا	اے موسیٰ	آگے آ	اور

لہراتے ہوئے، گویا کہ وہ سانپ ہے، وہ پیٹھ پھیر کر لوٹا۔ اور پیچھے مڑ کر بھی نہ دیکھا (ہم نے فرمایا) اے موسیٰ! آگے آ اور

لَا تَخَفْ ۣ اِنَّكَ مِنَ الْاٰمِنِيْنَ ﴿۳۱﴾ اُسْلُكْ يَدَكَ فِيْ جَيْبِكَ تَخْرُجْ بَيْضَاۗءَ

لَا تَخَفْ	اِنَّكَ	مِنَ	الْاٰمِنِيْنَ	اُسْلُكْ	يَدَكَ	فِيْ جَيْبِكَ	تَخْرُجْ	بَيْضَاۗءَ
ڈر نہیں	بیشک تو	سے	امن پانے والے	تو ڈال لے	اپنا ہاتھ	اپنے گریبان	وہ نکلے گا	روشن سفید

ڈر نہیں، بیشک تو امن پانے والوں میں سے ہے۔ تو اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں ڈال، وہ سفید روشن ہو کر نکلے گا،

مِنْ غَيْرِ سُوْۗءٍ ۡ وَّاضْمُمْ اِلَيْكَ جَنَاحَكَ مِنَ الرَّهْبِ فَذٰنِكَ بُرْهَانٰنِ

مِنْ	غَيْرِ سُوْۗءٍ	وَّاضْمُمْ	اِلَيْكَ	جَنَاحَكَ	مِنَ الرَّهْبِ	فَذٰنِكَ	بُرْهَانٰنِ
سے۔کے	بغیر کسی عیب	اور ملالینا	اپنی طرف	اپنا بازو	خوف سے	پس یہ دونوں	دو دلیلیں

کسی عیب کے بغیر، پھر اپنا بازو خوف (دُور ہونے کی غرض) سے اپنی طرف ملالینا (سکیڑ لینا)، پس (عصا اور یدِبیضا) دونوں دلیلیں ہیں،

مِنْ رَّبِّكَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَ مَلَا۟ئِهٖ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِیْنَ ﴿۳۲﴾ قَالَ

مِنْ رَّبِّكَ	اِلٰى	فِرْعَوْنَ	وَ مَلَا۟ئِهٖ	اِنَّهُمْ	كَانُوْا	قَوْمًا	فٰسِقِیْنَ	قَالَ
تیرے رب (کی طرف) سے	طرف	فرعون	اور اس کے سردار (جمع)	بیشک وہ	ہیں	ایک گروہ	نافرمان	اس نے کہا

تیرے رب کی طرف سے فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف، بیشک وہ ایک نافرمان گروہ ہیں۔ اس نے کہا

رَبِّ اِنِّیْ قَتَلْتُ مِنْهُمْ نَفْسًا فَاَخَافُ اَنْ یَّقْتُلُوْنِ ﴿۳۳﴾ وَ اَخِیْ هٰرُوْنُ

رَبِّ	اِنِّیْ قَتَلْتُ	مِنْهُمْ	نَفْسًا	فَاَخَافُ	اَنْ یَّقْتُلُوْنِ	وَ اَخِیْ	هٰرُوْنُ
اے میرے رب	بیشک میں نے مار ڈالا ہے	ان (میں) سے	ایک شخص	سو میں ڈرتا ہوں	کہ وہ مجھے قتل کر دیں گے	اور میرا بھائی	ہارون ؑ

اے میرے رب! بیشک میں نے ان میں سے ایک شخص کو مار ڈالا ہے سو میں ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے قتل کر دیں گے، اور میرا بھائی ہارون ؑ

هُوَ اَفْصَحُ مِنِّیْ لِسَانًا فَاَرْسِلْهُ مَعِیَ رِدْاً یُّصَدِّقُنِیْۤ ۚ اِنِّیْۤ اَخَافُ

هُوَ	اَفْصَحُ	مِنِّیْ	لِسَانًا	فَاَرْسِلْهُ	مَعِیَ	رِدْاً	یُّصَدِّقُنِیْ	اِنِّیْۤ اَخَافُ
وہ	زیادہ فصیح	مجھ سے	زبان	سو بھیج اسے	میرے ساتھ	مددگار	وہ تصدیق کرے میری	بیشک میں ڈرتا ہوں

زبان (کے اعتبار) مجھ سے زیادہ فصیح ہے، سو اسے میرے ساتھ مددگار (بنا کر) بھیجئے کہ وہ میری تصدیق کرے، بیشک میں ڈرتا ہوں

اَنْ یُّكَذِّبُوْنِ ﴿۳۴﴾ قَالَ سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِاَخِیْكَ وَ نَجْعَلُ لَكُمَا

اَنْ	یُّكَذِّبُوْنِ	قَالَ	سَنَشُدُّ	عَضُدَكَ	بِاَخِیْكَ	وَ نَجْعَلُ	لَكُمَا
کہ	وہ جھٹلائیں گے مجھے	فرمایا	ہم ابھی مضبوط کر دیں گے	تیرا بازو	تیرے بھائی سے	اور ہم عطا کریں گے	تمہارے لئے

کہ وہ مجھے جھٹلائیں گے۔ فرمایا ہم ابھی تیرے بھائی سے تیرے بازو کو مضبوط کر دیں گے اور تم دونوں کے لئے عطا کریں گے

سُلْطٰنًا فَلَا یَصِلُوْنَ اِلَیْكُمَا ۚۛ بِاٰیٰتِنَاۤ ۚۛ اَنْتُمَا وَ مَنِ اتَّبَعَكُمَا الْغٰلِبُوْنَ ﴿۳۵﴾

سُلْطٰنًا	فَلَا یَصِلُوْنَ	اِلَیْكُمَا	بِاٰیٰتِنَا	اَنْتُمَا	وَ مَنِ	اتَّبَعَكُمَا	الْغٰلِبُوْنَ
غلبہ	پس وہ نہ پہنچیں گے	تم تک	ہماری نشانیوں کے سبب	تم دونوں	اور جو	پیروی کرے تمہاری	غالب رہو گے

غلبہ، پس وہ ہماری نشانیوں کے سبب تم دونوں تک نہ پہنچ سکیں گے، تم دونوں اور جو تمہاری پیروی کرے غالب رہو گے۔

فَلَمَّا جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِاٰیٰتِنَا بَیِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذَاۤ اِلَّا سِحْرٌ مُّفْتَرًى

فَلَمَّا	جَآءَهُمْ	مُّوْسٰى	بِاٰیٰتِنَا	بَیِّنٰتٍ	قَالُوْا	مَا هٰذَا	اِلَّا	سِحْرٌ	مُّفْتَرًى
پھر جب	آیا ان کے پاس	موسیٰ ؑ	ہماری نشانیوں کے ساتھ	کھلی۔ واضح	وہ بولے	نہیں ہے یہ	مگر	ایک جادو	افترا کیا ہوا

پھر جب موسیٰ ؑ ہماری واضح نشانیوں کے ساتھ ان کے پاس آیا تو وہ بولے یہ کچھ بھی نہیں مگر ایک افترا کیا ہوا (گھڑا ہوا) جادو ہے،

وَمَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِيْٓ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۶﴾ وَقَالَ مُوْسٰى رَبِّيْٓ

وَ	مَا سَمِعْنَا	بِهٰذَا	فِيْٓ	اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ	وَقَالَ	مُوْسٰى	رَبِّيْٓ
اور	نہیں سنا ہے ہم نے	یہ ۔ ایسی بات	میں	اپنے اگلے باپ دادا	اور کہا	موسیٰؑ	میرا رب

اور ہم نے ایسی بات اپنے اگلے باپ دادوں سے نہیں سُنی ہے ۔ اور موسیٰؑ نے کہا میرا رب

اَعْلَمُ بِمَنْ جَآءَ بِالْهُدٰى مِنْ عِنْدِهٖ وَمَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ۭ

اَعْلَمُ	بِمَنْ	جَآءَ	بِالْهُدٰى	مِنْ عِنْدِهٖ	وَمَنْ	تَكُوْنُ	لَهٗ	عَاقِبَةُ الدَّارِ
خوب جانتا ہے	اس کو جو	لایا	ہدایت	اس کے پاس سے	اور جس	ہوگا ۔ ہے	اس کے لئے	آخرت کا اچھا گھر

اس کو خوب جانتا ہے جو اس کے پاس سے ہدایت لایا ہے، اور جس کے لئے آخرت کا اچھا گھر (بہشت) ہے،

اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَقَالَ فِرْعَوْنُ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَاُ مَا عَلِمْتُ

اِنَّهٗ	لَا يُفْلِحُ	الظّٰلِمُوْنَ	وَقَالَ	فِرْعَوْنُ	يٰٓاَيُّهَا الْمَلَاُ	مَا عَلِمْتُ
بیشک وہ	نہیں فلاح پائیں گے	ظالم (جمع)	اور کہا	فرعون	اے سردارو	نہیں جانتا ہیں

بیشک ظالم (کبھی) فلاح (کامیابی) نہیں پائیں گے ۔ اور فرعون نے کہا، اے سردارو، میں نہیں جانتا

لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرِيْ ۚ فَاَوْقِدْ لِيْ يٰهَامٰنُ عَلَى الطِّيْنِ فَاجْعَلْ لِّيْ

لَكُمْ	مِّنْ	اِلٰهٍ	غَيْرِيْ	فَاَوْقِدْ لِيْ	يٰهَامٰنُ	عَلَى الطِّيْنِ	فَاجْعَلْ لِّيْ
تمہارے لئے	کوئی	معبود	اپنے سوا	پس آگ جلا میرے لئے	اے ہامان	مٹی پر	پھر میرے لئے بنا (تیار کر)

تمہارے لئے اپنے سوا کوئی معبود، پس اے ہامان! میرے لئے مٹی (کی اینٹوں) پر آگ جلا، پھر (ان پختہ اینٹوں سے) میرے لئے تیار کر

صَرْحًا لَّعَلِّيْٓ اَطَّلِعُ اِلٰٓى اِلٰهِ مُوْسٰى ۙ وَاِنِّيْ لَاَظُنُّهٗ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۳۸﴾

صَرْحًا	لَّعَلِّيْٓ	اَطَّلِعُ	اِلٰٓى	اِلٰهِ	مُوْسٰى	وَاِنِّيْ	لَاَظُنُّهٗ	مِنَ	الْكٰذِبِيْنَ
ایک بلند محل	تاکہ میں	میں جھانکوں	طرف	معبود	موسیٰ	اور بیشک میں	البتہ سمجھتا ہوں اسے	سے	جھوٹے

ایک بلند محل تاکہ میں (وہاں سے) موسیٰؑ کے معبود کو جھانکوں، اور میں تو اسے جھوٹوں میں سے سمجھتا ہوں ۔

وَاسْتَكْبَرَ هُوَ وَجُنُوْدُهٗ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ

وَاسْتَكْبَرَ	هُوَ	وَجُنُوْدُهٗ	فِي الْاَرْضِ	بِغَيْرِ الْحَقِّ	وَظَنُّوْٓا	اَنَّهُمْ
اور مغرور ہو گیا	وہ	اور اس کا لشکر	زمین (دنیا) میں	ناحق	اور وہ سمجھ بیٹھے	کہ وہ

اور وہ اور اس کا لشکر دنیا میں ناحق مغرور ہو گیا اور وہ سمجھ بیٹھے کہ وہ

إِلَيْنَا لَا يُرْجَعُونَ ﴿٣٩﴾ فَأَخَذْنَٰهُ وَجُنُودَهُۥ فَنَبَذْنَٰهُمْ فِى ٱلْيَمِّ ۖ فَٱنظُرْ كَيْفَ

إِلَيْنَا	لَا يُرْجَعُونَ	فَأَخَذْنَٰهُ	وَجُنُودَهُۥ	فَنَبَذْنَٰهُمْ	فِى ٱلْيَمِّ	فَٱنظُرْ	كَيْفَ
ہماری طرف	نہیں لوٹائے جائیں گے	تو ہم نے پکڑا اسے	اور اس کا لشکر	پھر ہم نے پھینک دیا انہیں	دریا میں	سو دیکھو	کیسا

ہماری طرف نہیں لوٹائے جائیں گے۔ تو ہم نے اسے اور اس کے لشکر کو پکڑا اور انہیں دریا میں پھینک دیا سو دیکھو کیسا

كَانَ عَٰقِبَةُ ٱلظَّٰلِمِينَ ﴿٤٠﴾ وَجَعَلْنَٰهُمْ أَئِمَّةً يَدْعُونَ إِلَى ٱلنَّارِ ۖ وَ

كَانَ	عَٰقِبَةُ	ٱلظَّٰلِمِينَ	وَ	جَعَلْنَٰهُمْ	أَئِمَّةً	يَدْعُونَ	إِلَى ٱلنَّارِ	وَ
ہوا	انجام	ظالم (جمع)	اور	ہم نے بنایا انہیں	سردار	وہ بلاتے ہیں	جہنم کی طرف	اور

ظالموں کا انجام ہوا؟ اور ہم نے انہیں سردار بنایا، وہ جہنم کی طرف بلاتے رہے، اور

يَوْمَ ٱلْقِيَٰمَةِ لَا يُنصَرُونَ ﴿٤١﴾ وَأَتْبَعْنَٰهُمْ فِى هَٰذِهِ ٱلدُّنْيَا لَعْنَةً ۖ وَ

يَوْمَ ٱلْقِيَٰمَةِ	لَا يُنصَرُونَ	وَأَتْبَعْنَٰهُمْ	فِى	هَٰذِهِ ٱلدُّنْيَا	لَعْنَةً	وَ
روزِ قیامت	وہ مدد نہ دیئے جائیں گے	اور ہم نے لگادی ان کے پیچھے	میں	اس دنیا	لعنت	اور

روزِ قیامت وہ نہ مدد دیئے جائیں گے (ان کی مدد نہ ہوگی)۔ اور ہم نے اس دنیا میں انکے پیچھے لعنت لگادی اور

۴ ع ۱۴ ۷

يَوْمَ ٱلْقِيَٰمَةِ هُم مِّنَ ٱلْمَقْبُوحِينَ ﴿٤٢﴾ وَلَقَدْ ءَاتَيْنَا مُوسَى ٱلْكِتَٰبَ مِنۢ بَعْدِ

يَوْمَ ٱلْقِيَٰمَةِ	هُم	مِّنَ	ٱلْمَقْبُوحِينَ	وَلَقَدْ ءَاتَيْنَا	مُوسَى	ٱلْكِتَٰبَ	مِنۢ بَعْدِ
روزِ قیامت	وہ	سے	بدحال لوگ (جمع)	اور تحقیق ہم نے عطا کی	موسیٰ	کتاب (توریت)	اس کے بعد

روزِ قیامت وہ بدحال لوگوں میں سے ہوں گے۔ اور تحقیق ہم نے موسیٰؑ کو توریت عطا کی اس کے بعد

مَآ أَهْلَكْنَا ٱلْقُرُونَ ٱلْأُولَىٰ بَصَآئِرَ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ

مَآ أَهْلَكْنَا	ٱلْقُرُونَ	ٱلْأُولَىٰ	بَصَآئِرَ	لِلنَّاسِ	وَهُدًى	وَرَحْمَةً	لَّعَلَّهُمْ
کہ ہلاک کیں ہم نے	اُمتیں	پہلی	(جمع البصیرت)	لوگوں کے لئے	اور ہدایت	اور رحمت	تاکہ وہ

کہ ہم نے پہلی اُمتیں ہلاک کیں لوگوں کے لئے بصیرت (آنکھیں کھولنے والی) اور ہدایت و رحمت، تاکہ وہ

يَتَذَكَّرُونَ ﴿٤٣﴾ وَمَا كُنتَ بِجَانِبِ ٱلْغَرْبِىِّ إِذْ قَضَيْنَآ إِلَىٰ مُوسَى ٱلْأَمْرَ

يَتَذَكَّرُونَ	وَمَا كُنتَ	بِجَانِبِ ٱلْغَرْبِىِّ	إِذْ	قَضَيْنَآ	إِلَىٰ مُوسَى	ٱلْأَمْرَ
نصیحت پکڑیں	اور آپؐ نہ تھے	مغربی جانب	جب	ہم نے بھیجا	موسیٰ کی طرف	حکم (وحی)

نصیحت پکڑیں۔ اور آپؐ (کوہِ طور کے) مغربی جانب نہ تھے جب ہم نے موسیٰؑ کی طرف وحی بھیجی

وَ مَا كُنْتَ مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۴۴﴾ وَ لٰكِنَّاۤ اَنْشَاْنَا قُرُوْنًا فَتَطَاوَلَ عَلَيْهِمُ

عَلَيْهِمُ	فَتَطَاوَلَ	قُرُوْنًا	اَنْشَاْنَا	وَ لٰكِنَّاۤ	الشّٰهِدِيْنَ	مِنَ	مَا كُنْتَ	وَ
ان پر	طویل ہو گئی	بہت سی امتیں	ہم نے پیدا کیں	اور لیکن ہم نے	دیکھنے والے	سے	آپؐ تھے	اور

اور آپؐ (اس واقعہ کے) دیکھنے والوں میں سے نہ تھے، اور لیکن ہم نے بہت سی امتیں پیدا کیں، پھر طویل ہو گئی ان کی

الْعُمُرُ ۚ وَ مَا كُنْتَ ثَاوِيًا فِيْۤ اَهْلِ مَدْيَنَ تَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۙ وَ لٰكِنَّا

وَ لٰكِنَّا	اٰيٰتِنَا	عَلَيْهِمْ	تَتْلُوْا	اَهْلِ مَدْيَنَ	فِيْۤ	ثَاوِيًا	وَ مَا كُنْتَ	الْعُمُرُ
اور لیکن ہم	ہمارے احکام	ان پر	تم پڑھتے	اہل مدین	میں	رہنے والے	اور آپؐ نہ تھے	مدت

مدت، اور آپؐ اہل مدین میں رہنے والے نہ تھے کہ ان پر ہمارے احکام پڑھتے (انہیں ہمارے احکام سناتے) لیکن ہم

كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَ مَا كُنْتَ بِجَانِبِ الطُّوْرِ اِذْ نَادَيْنَا وَ لٰكِنْ رَّحْمَةً

رَّحْمَةً	وَ لٰكِنْ	اِذْ نَادَيْنَا	الطُّوْرِ	بِجَانِبِ	وَ مَا كُنْتَ	مُرْسِلِيْنَ	كُنَّا
رحمت	اور لیکن	جب ہم نے پکارا	طور	کنارہ	اور آپؐ نہ تھے	رسول بنا کر بھیجنے والے	ہم تھے

رسول بنا کر بھیجنے والے تھے۔ اور جب ہم نے پکارا آپؐ طور کے کنارے نہ تھے لیکن آپؐ کے رب کی رحمت سے (نبوت عطا ہوئی)

مِّنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّاۤ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ

لَعَلَّهُمْ	مِّنْ قَبْلِكَ	نَّذِيْرٍ	مِّنْ	مَّاۤ اَتٰىهُمْ	قَوْمًا	لِتُنْذِرَ	مِّنْ رَّبِّكَ
تاکہ وہ	آپؐ سے پہلے	ڈرانے والا	کوئی	نہیں آیا انکے پاس	وہ قوم	تاکہ ڈر سناؤ	اپنے رب سے

تاکہ آپؐ اس قوم کو ڈر سنائیں جس کے پاس آپؐ سے پہلے کوئی ڈرانے والا نہیں آیا، تاکہ وہ

يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَ لَوْ لَاۤ اَنْ تُصِيْبَهُمْ مُّصِيْبَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ

اَيْدِيْهِمْ	بِمَا قَدَّمَتْ	مُّصِيْبَةٌ	اَنْ تُصِيْبَهُمْ	وَ لَوْ لَاۤ	يَتَذَكَّرُوْنَ
ان کے ہاتھ (ان کے اعمال)	اس کے سبب جو بھیجا	کوئی مصیبت	کہ پہنچے انہیں	اور اگر نہ ہوتا	نصیحت پکڑیں

نصیحت پکڑیں۔ اور اگر (یہ) نہ ہوتا کہ انہیں ان کے اعمال کے سبب کوئی مصیبت پہنچے

فَيَقُوْلُوْا رَبَّنَا لَوْ لَاۤ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ وَ نَكُوْنَ مِنَ

مِنَ	وَ نَكُوْنَ	اٰيٰتِكَ	فَنَتَّبِعَ	رَسُوْلًا	اِلَيْنَا	اَرْسَلْتَ	لَوْ لَاۤ	رَبَّنَا	فَيَقُوْلُوْا
سے	اور ہم ہوتے	تیرے احکام	پس پیروی کرتے	کوئی رسول	ہماری طرف	بھیجا تونے	کیوں نہ	اے ہمارے رب	تو وہ کہتے

تو وہ کہتے اے ہمارے رب! تو نے ہماری طرف کوئی رسول کیوں نہ بھیجا! پس ہم تیرے احکام کی پیروی کرتے اور ہم ہوتے

الْمُؤْمِنِينَ ﴿٤٧﴾ فَلَمَّا جَاءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوا لَوْلَا أُوتِيَ مِثْلَ

الْمُؤْمِنِينَ	فَلَمَّا	جَاءَهُمْ	الْحَقُّ	مِنْ عِنْدِنَا	قَالُوا	لَوْلَا أُوتِيَ	مِثْلَ
ایمان لانے والے	پھر جب	آیا ان کے پاس	حق	ہماری طرف سے	کہنے لگے	کیوں نہ دیا گیا	جیسے

ایمان لانے والوں میں سے پھر جب ان کے پاس ہماری طرف سے حق آگیا کہنے لگے (ہمیں) کیوں نہ دیا گیا جیسے

مَا أُوتِيَ مُوسَىٰ ۚ أَوَلَمْ يَكْفُرُوا بِمَا أُوتِيَ مُوسَىٰ مِنْ قَبْلُ ۖ قَالُوا سِحْرَانِ

مَا أُوتِيَ	مُوسَىٰ	أَوَ	لَمْ يَكْفُرُوا	بِمَا أُوتِيَ	مُوسَىٰ	مِنْ قَبْلُ	قَالُوا	سِحْرَانِ
جو دیا گیا	موسیٰؑ	کیا	نہیں انکار کیا انہوں نے	اس کا جو دیا گیا	موسیٰؑ	اس سے قبل	انہوں نے کہا	وہ دونوں جادو

موسیٰؑ کو دیا گیا تھا، کیا انہوں نے اس کا انکار نہیں کیا؟ جو اس سے قبل موسیٰؑ کو دیا گیا انہوں نے کہا وہ دونوں جادو ہیں

تَظَاهَرَا ۗ وَقَالُوا إِنَّا بِكُلٍّ كَافِرُونَ ﴿٤٨﴾ قُلْ فَأْتُوا بِكِتَابٍ مِنْ عِنْدِ اللَّهِ

تَظَاهَرَا	وَقَالُوا	إِنَّا	بِكُلٍّ	كَافِرُونَ	قُلْ	فَأْتُوا	بِكِتَابٍ	مِنْ	عِنْدِ اللَّهِ
ایکدوسرے کے پشت پناہ	اور انہوں نے کہا	ہم بیشک	ہر ایک کا	انکار کرنے والے	فرمادیں	پس لاؤ	کوئی کتاب	سے	اللہ کے پاس

وہ دونوں ایک دوسرے کے پشت پناہ ہیں، اور انہوں نے کہا بیشک ہم ہر ایک کا انکار کرنیوالے ہیں۔ آپ فرمادیں تم اللہ کے پاس کوئی کتاب لاؤ

هُوَ أَهْدَىٰ مِنْهُمَا أَتَّبِعْهُ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ﴿٤٩﴾ فَإِنْ لَمْ يَسْتَجِيبُوا لَكَ

هُوَ	أَهْدَىٰ	مِنْهُمَا	أَتَّبِعْهُ	إِنْ كُنْتُمْ	صَادِقِينَ	فَإِنْ	لَمْ يَسْتَجِيبُوا	لَكَ
وہ	زیادہ ہدایت	ان دونوں سے	میں پیروی کروں گا	اگر تم ہو	سچے (جمع)	پھر اگر	وہ قبول نہ کریں	تمہارے لئے (تمہاری بات)

جو ان دونوں (قرآن اور توریت) سے زیادہ ہدایت ہو کہ میں اس کی پیروی کروں اگر تم سچے ہو۔ پھر اگر وہ آپکی بات قبول نہ کریں

فَاعْلَمْ أَنَّمَا يَتَّبِعُونَ أَهْوَاءَهُمْ ۚ وَمَنْ أَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوَاهُ

فَاعْلَمْ	أَنَّمَا	يَتَّبِعُونَ	أَهْوَاءَهُمْ	وَمَنْ	أَضَلُّ	مِمَّنِ اتَّبَعَ	هَوَاهُ
تو جان لو	کہ صرف	وہ پیروی کرتے ہیں	اپنی خواہشات	اور کون	زیادہ گمراہ	اس سے جس نے پیروی کی	اپنی خواہش

تو جان لو کہ وہ صرف اپنی خواہشات کی پیروی کرتے ہیں اور اس سے زیادہ کون گمراہ ہے جس نے اپنی خواہش کی پیروی کی

بِغَيْرِ هُدًى مِنَ اللَّهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ﴿٥٠﴾ وَلَقَدْ وَصَّلْنَا

بِغَيْرِ هُدًى	مِنَ اللَّهِ	إِنَّ اللَّهَ	لَا يَهْدِي	الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ	وَ لَقَدْ وَصَّلْنَا
ہدایت کے بغیر	اللہ سے (منجانب اللہ)	بیشک اللہ	ہدایت نہیں دیتا	ظالم لوگ (جمع)	اور البتہ ہم نے پیہم بھیجا

اللہ کی طرف سے (منجانب اللہ) ہدایت کے بغیر، بیشک اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا - اور البتہ ہم نے پیہم بھیجا

لَهُمُ الْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ﴿٥١﴾ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِهٖ

مِنْ قَبْلِهٖ	اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ	اَلَّذِيْنَ	يَتَذَكَّرُوْنَ	لَعَلَّهُمْ	الْقَوْلَ	لَهُمُ
اس سے قبل	جنہیں ہم نے کتاب دی	وہ لوگ جو	نصیحت پکڑیں	تاکہ وہ	(اپنا) کلام	ان کے لئے

ان کے لئے اپنا کلام۔ تاکہ وہ نصیحت پکڑیں۔ جن لوگوں کو ہم نے اس سے قبل کتاب دی

هُمْ بِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ﴿٥٢﴾ وَاِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖٓ اِنَّهُ الْحَقُّ

الْحَقُّ	اِنَّهُ	اٰمَنَّا بِهٖ	قَالُوْٓا	يُتْلٰى عَلَيْهِمْ	وَاِذَا	يُؤْمِنُوْنَ	هُمْ بِهٖ
حق	بیشک یہ	ہم ایمان لائے اس پر	وہ کہتے ہیں	پڑھا جاتا ہے ان پر (سامنے)	اور جب	ایمان لاتے ہیں	وہ اس (قرآن) پر

وہ اس قرآن پر ایمان لاتے ہیں۔ اور جب ان کے سامنے (قرآن) پڑھا جاتا ہے تو وہ کہتے ہیں ہم اس پر ایمان لائے، بیشک یہ حق ہے

مِنْ رَّبِّنَآ اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلِهٖ مُسْلِمِيْنَ ﴿٥٣﴾ اُولٰٓئِكَ يُؤْتَوْنَ اَجْرَهُمْ مَّرَّتَيْنِ

مَّرَّتَيْنِ	اَجْرَهُمْ	يُؤْتَوْنَ	اُولٰٓئِكَ	مُسْلِمِيْنَ	مِنْ قَبْلِهٖ	اِنَّا كُنَّا	مِنْ رَّبِّنَآ
دوہرا	ان کا اجر	دیا جائے گا انہیں	یہی لوگ	فرماں بردار	اس کے پہلے ہی	بیشک ہم تھے	ہمارے رب (کی طرف) سے

ہمارے رب کی طرف سے، بیشک ہم پہلے ہی اس کے فرمانبردار تھے۔ یہی لوگ ہیں جنہیں ان کا اجر دوہرا دیا جائے گا

بِمَا صَبَرُوْا وَيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿٥٤﴾

يُنْفِقُوْنَ	رَزَقْنٰهُمْ	وَمِمَّا	السَّيِّئَةَ	بِالْحَسَنَةِ	وَيَدْرَءُوْنَ	بِمَا صَبَرُوْا
وہ خرچ کرتے ہیں	ہم نے دیا انہیں	اور اس سے جو	برائی کو	بھلائی سے	اور وہ دور کرتے ہیں	اس لئے کہ انہوں نے صبر کیا

اس لئے کہ انہوں نے صبر کیا اور وہ بھلائی سے برائی کو دور کرتے ہیں، اور جو ہم نے انہیں دیا وہ اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔

وَاِذَا سَمِعُوا اللَّغْوَ اَعْرَضُوْا عَنْهُ وَقَالُوْا لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ

اَعْمَالُكُمْ	وَلَكُمْ	لَنَآ اَعْمَالُنَا	وَقَالُوْا	عَنْهُ	اَعْرَضُوْا	اللَّغْوَ	سَمِعُوا	وَاِذَا
تمہارے عمل	اور تمہارے لئے	ہمارے لئے ہمارے عمل	اور کہتے ہیں	اس سے	وہ کنارہ کرتے ہیں	بیہودہ بات	وہ سنتے ہیں	اور جب

اور جب وہ بیہودہ بات سنتے ہیں تو اس سے کنارہ کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہمارے لئے ہمارے عمل اور تمہارے لئے تمہارے عمل

سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ لَا نَبْتَغِى الْجٰهِلِيْنَ ﴿٥٥﴾ اِنَّكَ لَا تَهْدِىْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ	مَنْ اَحْبَبْتَ	لَا تَهْدِىْ	اِنَّكَ	الْجٰهِلِيْنَ	لَا نَبْتَغِى	عَلَيْكُمْ	سَلٰمٌ
اور لیکن (بلکہ) اللہ	جس کو تم چاہو	ہدایت نہیں دے سکتے	بیشک	جاہل (جمع)	ہم نہیں چاہتے	تم پر	سلام

تم پر سلام ہو، ہم جاہلوں سے (الجھنا) نہیں چاہتے۔ بیشک تم جس کو چاہو ہدایت نہیں دے سکتے، بلکہ اللہ

يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿۵۶﴾ وَقَالُوْٓا اِنْ نَّتَّبِعِ الْهُدٰى مَعَكَ

يَهْدِيْ	مَنْ	يَّشَآءُ	وَهُوَ	اَعْلَمُ	بِالْمُهْتَدِيْنَ	وَقَالُوْٓا	اِنْ نَّتَّبِعِ	الْهُدٰى	مَعَكَ
ہدایت دیتا ہے	جس کو وہ چاہتا ہے		اور وہ	خوب جانتا ہے	ہدایت پانے والوں کو	اور وہ کہتے ہیں	اگر ہم پیروی کریں	ہدایت	تمہارے ساتھ

جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے، اور ہدایت پانے والوں کو وہ خوب جانتا ہے۔ اور وہ کہتے ہیں اگر ہم تمہارے ساتھ ہدایت کی پیروی کریں

نُتَخَطَّفْ مِنْ اَرْضِنَا ۭ اَوَلَمْ نُمَكِّنْ لَّهُمْ حَرَمًا اٰمِنًا يُّجْبٰٓى اِلَيْهِ ثَمَرٰتُ

نُتَخَطَّفْ	مِنْ اَرْضِنَا	اَوَ	لَمْ نُمَكِّنْ	لَّهُمْ	حَرَمًا اٰمِنًا	يُّجْبٰٓى	اِلَيْهِ	ثَمَرٰتُ
ہم اُچک لئے جائیں گے	اپنی سرزمین سے	کیا	نہیں دیا ٹھکانا ہم نے	انہیں	حرمت والا مقام امن	کھنچے چلے آتے ہیں	اسکی طرف	پھل

تو ہم اپنی سرزمین سے اُچک لئے جائیں گے۔ کیا ہم نے انہیں حرمت والے مقام امن میں ٹھکانہ نہیں دیا، اسکی طرف کھنچے چلے آتے ہیں پھل

كُلِّ شَيْءٍ رِّزْقًا مِّنْ لَّدُنَّا وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَكَمْ

كُلِّ شَيْءٍ	رِّزْقًا	مِّنْ لَّدُنَّا	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ	وَكَمْ
ہر چیز (قسم)	بطور رزق	ہماری طرف سے	اور لیکن	ان میں اکثر	نہیں جانتے	اور کتنی

ہر قسم کے، ہماری طرف سے بطور رزق، لیکن ان میں اکثر نہیں جانتے۔ اور کتنی (ہی)

اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍۢ بَطِرَتْ مَعِيْشَتَهَا ۚ فَتِلْكَ مَسٰكِنُهُمْ لَمْ تُسْكَنْ

اَهْلَكْنَا	مِنْ قَرْيَةٍۢ	بَطِرَتْ	مَعِيْشَتَهَا	فَتِلْكَ	مَسٰكِنُهُمْ	لَمْ تُسْكَنْ
ہلاک کر دیں ہم نے	بستیاں	اِتراتی تھیں	اپنی معیشت	سو۔ یہ	ان کے مسکن	نہ آباد ہوئے

بستیاں ہم نے ہلاک کر دیں، جو اپنی معیشت پر اتراتی تھیں، سو یہ ہیں ان کے مسکن، نہ آباد ہوئے

مِّنْۢ بَعْدِهِمْ اِلَّا قَلِيْلًا ۭ وَكُنَّا نَحْنُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿۵۸﴾ وَمَا كَانَ رَبُّكَ

مِّنْۢ بَعْدِهِمْ	اِلَّا	قَلِيْلًا	وَكُنَّا	نَحْنُ	الْوٰرِثِيْنَ	وَمَا كَانَ	رَبُّكَ
ان کے بعد	مگر	قلیل	اور ہوئے ہم	ہم	وارث (جمع)	اور نہیں ہے	تمہارا رب

ان کے بعد مگر قلیل (مدت)، اور ہم ہی ہوئے وارث ۔ اور تمہارا رب نہیں ہے

مُهْلِكَ الْقُرٰى حَتّٰى يَبْعَثَ فِيْٓ اُمِّهَا رَسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۚ وَ

مُهْلِكَ	الْقُرٰى	حَتّٰى	يَبْعَثَ	فِيْٓ اُمِّهَا	رَسُوْلًا	يَّتْلُوْا	عَلَيْهِمْ	اٰيٰتِنَا	وَ
ہلاک کرنے والا	بستیاں	جب تک	بھیجدے	اسکی بڑی بستی میں	کوئی رسول	وہ پڑھے	ان پر	ہماری آیات	اور

بستیوں کو ہلاک کرنے والا، جب تک اس کی بڑی بستی میں کوئی رسول نہ بھیجدے، وہ ان پر ہماری آیات پڑھے، اور

مَا كُنَّا مُهْلِكِي الْقُرٰى اِلَّا وَاَهْلُهَا ظٰلِمُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَمَا اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ

مِّنْ شَيْءٍ	وَمَا اُوْتِيْتُمْ	وَ	ظٰلِمُوْنَ	وَاَهْلُهَا	اِلَّا	الْقُرٰى	مُهْلِكِي	مَا كُنَّا
کوئی چیز	جو دی گئی تمہیں	اور	ظالم (جمع)	اسکے رہنے والے	مگر (جب تک)	بستیاں	ہلاک کرنے والے	ہم نہیں

اور ہم بستیوں کو ہلاک کرنے والے نہیں جب تک ان کے رہنے والے ظالم (نہ) ہوں۔ اور تمہیں جو کوئی چیز دی گئی ہے

فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَزِيْنَتُهَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۭ

وَاَبْقٰى	خَيْرٌ	عِنْدَ اللّٰهِ	وَمَا	وَزِيْنَتُهَا	الدُّنْيَا	الْحَيٰوةِ	فَمَتَاعُ
اور باقی رہنے والا تادیر	بہتر	اللہ کے پاس	اور جو	اور اس کی زینت	دنیا	زندگی	سو سامان

سو وہ (صرف) دنیا کی زندگی کا سامان اور اس کی زینت ہے، اور جو اللہ کے پاس ہے وہ بہتر ہے اور تادیر باقی رہنے والا ہے

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۰﴾ اَفَمَنْ وَّعَدْنٰهُ وَعْدًا حَسَنًا فَهُوَ لَاقِيْهِ كَمَنْ

كَمَنْ	لَاقِيْهِ	فَهُوَ	وَعْدًا حَسَنًا	وَعَدْنٰهُ	اَفَمَنْ	اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ
اسکی طرح جسے	پانے والا اس کو	پھر وہ	وعدہ اچھا	ہم نے وعدہ کیا اس سے	سو کیا جو	سو کیا تم سمجھتے نہیں ؟

سو کیا تم سمجھتے نہیں؟ سو جس سے ہم نے اچھا وعدہ کیا پھر وہ اس کو پانے والا ہے، کیا وہ اس شخص کی طرح ہے جسے

مَّتَّعْنٰهُ مَتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ثُمَّ هُوَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ﴿۶۱﴾

الْمُحْضَرِيْنَ	مِنَ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	هُوَ	ثُمَّ	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	مَتَاعَ	مَّتَّعْنٰهُ
حاضر کئے جانے والے	سے	روز قیامت	وہ	پھر	دنیا کی زندگی	سامان	ہم نے بہرہ مند کیا اسے

ہم نے دنیا کی زندگی کے سامان سے بہرہ مند کیا، پھر وہ روز قیامت (گرفتار ہوکر) حاضر کئے جانے والوں میں سے ہوا۔

وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۶۲﴾ قَالَ

قَالَ	كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ	الَّذِيْنَ	شُرَكَآءِيَ	اَيْنَ	فَيَقُوْلُ	يُنَادِيْهِمْ	وَيَوْمَ
کہیں گے	تم گمان کرتے تھے	وہ جنہیں	میرے شریک	کہاں	پس کہے گا	وہ پکارے گا انہیں	اور جس دن

اور جس دن وہ انہیں پکارے گا، کہے گا کہاں ہیں؟ میرے شریک جنہیں تم (میرا شریک) گمان کرتے تھے۔ (پھر) کہیں گے

الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَغْوَيْنَا ۚ اَغْوَيْنٰهُمْ كَمَا

كَمَا	اَغْوَيْنٰهُمْ	اَغْوَيْنَا	الَّذِيْنَ	هٰٓؤُلَآءِ	رَبَّنَا	الْقَوْلُ	عَلَيْهِمُ	حَقَّ	الَّذِيْنَ
جیسے	ہم نے بہکایا انہیں	ہم نے بہکایا	وہ جنہیں	یہ ہیں	اے ہمارے رب	حکم (عذاب)	اُن پر	ثابت ہوگیا	وہ جو

وہ جن پر حکم عذاب ثابت ہوگیا کہ اے ہمارے رب! یہ ہیں وہ جنہیں ہم نے بہکایا، ہم نے انہیں (ویسے ہی) بہکایا جیسے

غَوَيْنَا تَبَرَّاْنَآ اِلَيْكَ مَا كَانُوْٓا اِيَّانَا يَعْبُدُوْنَ ﴿۶۳﴾ وَقِيْلَ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ

شُرَكَآءَكُمْ	ادْعُوْا	وَقِيْلَ	يَعْبُدُوْنَ	اِيَّانَا	مَا كَانُوْٓا	اِلَيْكَ	تَبَرَّاْنَآ	غَوَيْنَا
اپنے شریکوں کو	تم پکارو	اور کہا جائے گا	بندگی کرتے	ہماری	وہ نہ تھے	تیری طرف	ہم بیزاری کرتے ہیں	ہم بہکے

ہم (خود) بہکے تھے۔ ہم تیری طرف (تیرے حضور سب سے) بیزاری کرتے ہیں، وہ ہماری بندگی نہ کرتے تھے۔ اور کہا جائیگا تم اپنے شریکوں کو پکارو

فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَرَاَوُا الْعَذَابَ لَوْ اَنَّهُمْ كَانُوْا يَهْتَدُوْنَ ﴿۶۴﴾

كَانُوْا يَهْتَدُوْنَ	لَوْ اَنَّهُمْ	الْعَذَابَ	وَرَاَوُا	لَهُمْ	فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا	فَدَعَوْهُمْ
ہدایت یافتہ ہوتے	کاش وہ	عذاب	اور وہ دیکھیں گے	انہیں	تو وہ جواب نہ دیں گے	سو وہ انہیں پکاریں گے

سو وہ انہیں پکاریں گے، تو وہ انہیں جواب نہ دیں گے، اور وہ عذاب دیکھیں گے، کاش وہ ہدایت یافتہ ہوتے۔

وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ مَاذَآ اَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۶۵﴾ فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْاَنْۢبَآءُ

الْاَنْۢبَآءُ	عَلَيْهِمُ	فَعَمِيَتْ	الْمُرْسَلِيْنَ	اَجَبْتُمُ	مَا ذَا	فَيَقُوْلُ	يُنَادِيْهِمْ	وَيَوْمَ
خبریں (باتیں)	ان کو	پس نہ سوجھے گی	پیغمبر (جمع)	تم نے جواب دیا	کیا	تو فرمائے گا	وہ پکارے گا انہیں	اور جس دن

اور جس دن وہ انہیں پکارے گا تو فرمائے گا تم نے پیغمبروں کو کیا جواب دیا تھا؟ پس ان کو کوئی بات نہ سوجھے گی

يَوْمَئِذٍ فَهُمْ لَا يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿۶۶﴾ فَاَمَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَعَسٰٓى

فَعَسٰٓى	صَالِحًا	وَعَمِلَ	وَاٰمَنَ	مَنْ تَابَ	فَاَمَّا	لَا يَتَسَآءَلُوْنَ	فَهُمْ	يَوْمَئِذٍ
تو امید ہے	اچھے	اور اس نے عمل کئے	اور وہ ایمان لایا	جس نے توبہ کی	سو لیکن	آپس میں سوال نہ کریں گے	پس وہ	اس دن

اس دن پس وہ آپس میں (بھی) سوال نہ کرسکیں گے۔ سو جس نے توبہ کی اور وہ ایمان لایا اور اس نے اچھے عمل کئے تو امید ہے

اَنْ يَّكُوْنَ مِنَ الْمُفْلِحِيْنَ ﴿۶۷﴾ وَرَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ وَيَخْتَارُ ؕ مَا كَانَ

مَا كَانَ	وَيَخْتَارُ	مَا يَشَآءُ	يَخْلُقُ	وَرَبُّكَ	الْمُفْلِحِيْنَ	مِنَ	اَنْ يَّكُوْنَ
نہیں ہے	اور وہ پسند کرتا ہے	جو وہ چاہتا ہے	پیدا کرتا ہے	اور تمہارا رب	کامیابی پانے والے	سے	کہ وہ ہو

کہ وہ کامیابی پانے والوں میں سے ہو۔ اور تمہارا رب پیدا کرتا ہے جو وہ چاہتا ہے اور (جو) وہ پسند کرتا ہے، نہیں ہے

لَهُمُ الْخِيَرَةُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۸﴾ وَرَبُّكَ يَعْلَمُ مَا

مَا	يَعْلَمُ	وَرَبُّكَ	عَمَّا يُشْرِكُوْنَ	وَتَعٰلٰى	سُبْحٰنَ اللّٰهِ	الْخِيَرَةُ	لَهُمُ
جو	وہ جانتا ہے	اور تمہارا رب	اس سے جو وہ شریک کرتے ہیں	اور برتر	اللہ پاک ہے	اختیار	ان کے لئے

ان کے لئے (ان کا کوئی) اختیار، اللہ اس سے پاک ہے اور برتر ہے اس سے جو وہ شریک کرتے ہیں۔ اور تمہارا رب جانتا ہے جو

تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿٦٩﴾ وَهُوَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ لَهُ الْحَمْدُ

تُكِنُّ	صُدُوْرُهُمْ	وَمَا	يُعْلِنُوْنَ	وَهُوَ اللّٰهُ	لَآ اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	لَهُ الْحَمْدُ
چھپا ہے	ان کے سینے	اور جو	وہ ظاہر کرتے ہیں	اور وہی اللہ	نہیں کوئی معبود	اس کے سوا	اسی کے لئے تمام تعریفیں

ان کے سینوں میں چھپا ہے، اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں۔ اور وہی ہے اللہ، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اسی کے لئے ہیں تمام تعریفیں

فِي الْاُوْلٰى وَالْاٰخِرَةِ ۡ وَلَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٧٠﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ

فِي الْاُوْلٰى	وَالْاٰخِرَةِ	وَلَهُ الْحُكْمُ	وَاِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ	قُلْ	اَرَءَيْتُمْ	اِنْ
دنیا میں	اور آخرت	اور اسی کے لئے فرمانروائی	اور اسی کی طرف	تم لوٹ کر جاؤ گے	فرمادیں	بھلا تم دیکھو تو	اگر

دنیا میں اور آخرت میں، اور اسی کے لئے ہے فرماں روائی، اور اسی کی طرف تم لوٹ کر جاؤ گے۔ آپ فرمادیں بھلا دیکھو تو اگر

جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ الَّيْلَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ

جَعَلَ	اللّٰهُ	عَلَيْكُمُ	الَّيْلَ	سَرْمَدًا	اِلٰى	يَوْمِ الْقِيٰمَةِ	مَنْ	اِلٰهٌ	غَيْرُ اللّٰهِ
کردے (رکھے)	اللہ	تم پر	رات	ہمیشہ	تک	روزِ قیامت	کون	معبود	اللہ کے سوا

اللہ روزِ قیامت تک کے لئے تم پر ہمیشہ رات رکھے تو اللہ کے سوا اور کون معبود ہے؟ جو

يَاْتِيْكُمْ بِضِيَآءٍ ۭ اَفَلَا تَسْمَعُوْنَ ﴿٧١﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ

يَاْتِيْكُمْ	بِضِيَآءٍ	اَفَلَا تَسْمَعُوْنَ	قُلْ	اَرَءَيْتُمْ	اِنْ	جَعَلَ اللّٰهُ	عَلَيْكُمُ
لے آئے تمہارے پاس	روشنی	تو کیا تم سنتے نہیں؟	فرمادیں	بھلا تم دیکھو تو	اگر	رکھے اللہ	تم پر

تمہارے لئے (دن کی) روشنی لے آئے، تو کیا تم سنتے نہیں؟ آپ فرمادیں بھلا تم دیکھو تو اگر اللہ تم پر رکھے

النَّهَارَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِلَيْلٍ

النَّهَارَ	سَرْمَدًا	اِلٰى	يَوْمِ الْقِيٰمَةِ	مَنْ	اِلٰهٌ	غَيْرُ اللّٰهِ	يَاْتِيْكُمْ	بِلَيْلٍ
دن	ہمیشہ	تک	روزِ قیامت	کون	معبود	اللہ کے سوا	لے آئے تمہارے لئے	رات

روزِ قیامت تک کے لئے دن (کو روزِ روشن) اللہ کے سوا اور کون معبود ہے جو تمہارے لئے رات لے آئے؟

تَسْكُنُوْنَ فِيْهِ ۭ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿٧٢﴾ وَمِنْ رَّحْمَتِهٖ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ

تَسْكُنُوْنَ	فِيْهِ	اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ	وَ	مِنْ رَّحْمَتِهٖ	جَعَلَ لَكُمُ	الَّيْلَ	وَالنَّهَارَ
تم آرام کرو	اس میں	تو کیا تمہیں سوجھتا نہیں؟	اور	اپنی رحمت سے	اس نے تمہارے لئے بنایا	رات	اور دن

کہ تم اس میں آرام کرو، تو کیا تمہیں سوجھتا نہیں؟ اور اس نے اپنی رحمت سے تمہارے لئے رات اور دن کو بنایا

لِتَسْكُنُوا فِيهِ وَلِتَبْتَغُوا مِنْ فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ﴿٧٣﴾ وَيَوْمَ

لِتَسْكُنُوا	فِيهِ	وَلِتَبْتَغُوا	مِنْ فَضْلِهِ	وَلَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُونَ	وَيَوْمَ
تاکہ تم آرام کرو	اس میں	اور تاکہ تم تلاش کرو	اس کا فضل (روزی)	اور تاکہ تم	تم شکر کرو	اور جس دن

تاکہ اس (رات) میں آرام کرو اور (دن میں) روزی تلاش کرو، اور تاکہ تم (اللہ کا) شکر کرو۔ اور جس دن

يُنَادِيهِمْ فَيَقُولُ أَيْنَ شُرَكَائِيَ الَّذِينَ كُنْتُمْ تَزْعُمُونَ ﴿٧٤﴾ وَ

يُنَادِيهِمْ	فَيَقُولُ	أَيْنَ	شُرَكَائِيَ	الَّذِينَ	كُنْتُمْ تَزْعُمُونَ	وَ
وہ پکارے گا انہیں	تو وہ کہے گا	کہاں؟	میرے شریک	وہ جو	تم گمان کرتے تھے	اور

وہ انہیں پکارے گا تو وہ کہے گا کہاں ہیں وہ؟ جن کو تم میرا شریک گمان کرتے تھے۔ اور

نَزَعْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيدًا فَقُلْنَا هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ فَعَلِمُوا أَنَّ

نَزَعْنَا	مِنْ	كُلِّ أُمَّةٍ	شَهِيدًا	فَقُلْنَا	هَاتُوا	بُرْهَانَكُمْ	فَعَلِمُوا	أَنَّ
ہم نکال کر لائیں گے	سے	ہر امت	ایک گواہ	پھر ہم کہیں گے	تم لاؤ (ور پیش کرو)	اپنی دلیل	سو وہ جان لیں گے	کہ

ہم ہر امت میں سے ایک گواہ نکال کر لائیں گے، پھر ہم کہیں گے اپنی دلیل پیش کرو، سو وہ جان لیں گے کہ

الْحَقَّ لِلَّهِ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَا كَانُوا يَفْتَرُونَ ﴿٧٥﴾ ع إِنَّ قَارُونَ كَانَ مِنْ

الْحَقَّ	لِلَّهِ	وَضَلَّ	عَنْهُمْ	مَا كَانُوا يَفْتَرُونَ	إِنَّ	قَارُونَ	كَانَ	مِنْ
سچی بات	اللہ کی	اور گم ہو جائیں گی	ان سے	جو وہ گھڑتے تھے	بیشک	قارون	تھا	سے

سچی بات اللہ کی ہے، اور گم ہو جائیں گی (وہ سب باتیں) جو وہ گھڑتے تھے۔ بیشک قارون تھا

قَوْمِ مُوسَىٰ فَبَغَىٰ عَلَيْهِمْ ۖ وَآتَيْنَاهُ مِنَ الْكُنُوزِ مَا إِنَّ مَفَاتِحَهُ

قَوْمِ مُوسَىٰ	فَبَغَىٰ	عَلَيْهِمْ	وَآتَيْنَاهُ	مِنَ الْكُنُوزِ	مَا إِنَّ	مَفَاتِحَهُ
موسیٰ کی قوم	سو اس نے زیادتی کی	ان پر	اور ہم نے دیئے تھے اس کو	خزانے	اتنے کہ	اس کی کنجیاں

موسیٰؑ کی قوم سے، سو اس نے ان پر زیادتی کی، اور ہم نے اس کو اتنے خزانے دیئے تھے کہ اس کی کنجیاں

لَتَنُوءُ بِالْعُصْبَةِ أُولِي الْقُوَّةِ إِذْ قَالَ لَهُ قَوْمُهُ لَا تَفْرَحْ ۖ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ

لَتَنُوءُ	بِالْعُصْبَةِ	أُولِي الْقُوَّةِ	إِذْ قَالَ	لَهُ	قَوْمُهُ	لَا تَفْرَحْ	إِنَّ اللَّهَ	لَا يُحِبُّ
بھاری ہوتیں	ایک جماعت پر	زور آور	جب کہا	اس کو	اس کی قوم	نہ خوش ہو (نہ اترا)	بیشک اللہ	پسند نہیں کرتا

ایک زور آور جماعت پر (بھی) بھاری ہوتی تھیں، جب اس کو اس کی قوم نے کہا "اترا نہیں" بیشک اللہ پسند نہیں کرتا

الْفَرِحِيْنَ ﴿٧٦﴾ وَابْتَغِ فِيْمَآ اٰتٰىكَ اللّٰهُ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ

الْفَرِحِيْنَ	وَابْتَغِ	فِيْمَا	اٰتٰىكَ اللّٰهُ	الدَّارَ الْاٰخِرَةَ	وَلَا تَنْسَ	نَصِيْبَكَ
خوش ہونے (اترانے) والے	اور طلب کر	اس سے جو	تجھے دیا اللہ نے	آخرت کا گھر	اور نہ بھول	اپنا حصہ

اترانے والوں کو۔ اور جو تجھے اللہ نے دیا ہے اس سے آخرت کا گھر طلب کر (آخرت کی فکر کر) اور اپنا حصہ نہ بھول

مِنَ الدُّنْيَا وَاَحْسِنْ كَمَآ اَحْسَنَ اللّٰهُ اِلَيْكَ وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ

مِنَ	الدُّنْيَا	وَاَحْسِنْ	كَمَا	اَحْسَنَ اللّٰهُ	اِلَيْكَ	وَلَا تَبْغِ	الْفَسَادَ
سے	دنیا	اور نیکی کر	جیسے	اللہ نے نیکی کی	تیری طرف (ساتھ)	اور نہ چاہ	فساد

دنیا سے (آخرت کی زادِ راہ)، اور نیکی کر جیسے تیرے ساتھ اللہ نے نیکی کی ہے ، اور فساد نہ چاہ

فِي الْاَرْضِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿٧٧﴾ قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰي عِلْمٍ

فِي الْاَرْضِ	اِنَّ اللّٰهَ	لَا يُحِبُّ	الْمُفْسِدِيْنَ	قَالَ	اِنَّمَا	اُوْتِيْتُهٗ	عَلٰي عِلْمٍ
زمین میں	بیشک اللہ	پسند نہیں کرتا	فساد کرنے والے	کہنے لگا	یہ تو	مجھے دیا گیا ہے	ایک علم (ہنر) سے

زمین میں، بے شک اللہ فساد کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ کہنے لگا یہ تو ایک ہنر سے مجھے دیا گیا ہے جو

عِنْدِيْ ۭ اَوَلَمْ يَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَهْلَكَ مِنْ قَبْلِهٖ مِنَ الْقُرُوْنِ

عِنْدِيْ	اَوَ	لَمْ يَعْلَمْ	اَنَّ اللّٰهَ	قَدْ اَهْلَكَ	مِنْ قَبْلِهٖ	مِنَ	الْقُرُوْنِ
میرے پاس	کیا	وہ نہیں جانتا	کہ اللہ	بلاشبہ ہلاک کر دیا ہے	اس سے قبل	سے (کتنی)	جماعتیں

میرے پاس ہے ، کیا وہ نہیں جانتا ؟ کہ اس سے قبل اللہ نے کتنی جماعتوں کو ہلاک کر دیا ہے ،

مَنْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُ قُوَّةً وَّاَكْثَرُ جَمْعًا ۭ وَلَا يُسْـَٔـلُ عَنْ ذُنُوْبِهِمُ

مَنْ	هُوَ اَشَدُّ	مِنْهُ	قُوَّةً	وَّاَكْثَرُ	جَمْعًا	وَلَا يُسْـَٔـلُ	عَنْ	ذُنُوْبِهِمُ
جو	وہ زیادہ سخت	اس سے	قوت میں	اور زیادہ	جمعیت	اور نہ سوال کیا جائے گا	سے (بابت)	ان کے گناہ

جو اس سے زیادہ سخت تھیں قوت میں، اور زیادہ تھیں جمعیت میں ، ان کے گناہوں کی بابت سوال نہ کیا جائے گا

الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٧٨﴾ فَخَرَجَ عَلٰي قَوْمِهٖ فِيْ زِيْنَتِهٖ ۭ قَالَ الَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ

الْمُجْرِمُوْنَ	فَخَرَجَ	عَلٰي	قَوْمِهٖ	فِيْ	زِيْنَتِهٖ	قَالَ	الَّذِيْنَ	يُرِيْدُوْنَ
(جمع) مجرم	پھر وہ نکلا	پر (سامنے)	اپنی قوم	میں (ساتھ)	اپنی زیب زینت	کہا	وہ لوگ جو	چاہتے تھے (طالب تھے)

مجرموں سے۔ پھر وہ (قارون) اپنی قوم کے سامنے زیب و زینت کے ساتھ نکلا تو ان لوگوں نے کہا جو طالب تھے

الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا يٰلَيْتَ لَنَا مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ قَارُوْنُ اِنَّهٗ لَذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ﴿۷۹﴾

عَظِيْمٍ	لَذُوْ حَظٍّ	اِنَّهٗ	قَارُوْنُ	مَآ اُوْتِيَ	لَنَا مِثْلَ	يٰلَيْتَ	الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا
بڑا	نصیب والا	بیشک وہ	قارون	جو دیا گیا	ہمارے پاس ہوتا ایسا	اے کاش	دنیا کی زندگی

دنیا کی زندگی کے، جو قارون کو دیا گیا ہے، اے کاش ایسا ہمارے پاس (بھی) ہوتا، بیشک وہ بڑے نصیب والا ہے۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَيْلَكُمْ ثَوَابُ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّمَنْ اٰمَنَ وَ

وَ	اٰمَنَ	لِّمَنْ	خَيْرٌ	ثَوَابُ اللّٰهِ	وَيْلَكُمْ	اُوْتُوا الْعِلْمَ	الَّذِيْنَ	وَقَالَ
اور	ایمان لایا	اسکے لئے جو	بہتر	اللہ کا ثواب	افسوس تم پر	دیا گیا تھا علم	وہ لوگ جنہیں	اور کہا

اور جن لوگوں کو علم (دین) دیا گیا تھا انہوں نے کہا افسوس ہے تم پر! اللہ کا ثواب (اجر) بہتر ہے اس کے لئے جو ایمان لایا اور

عَمِلَ صَالِحًا ۚ وَلَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا الصّٰبِرُوْنَ ﴿۸۰﴾ فَخَسَفْنَا بِهٖ وَبِدَارِهِ الْاَرْضَ ۟ قف

الْاَرْضَ	وَبِدَارِهِ	بِهٖ	فَخَسَفْنَا	الصّٰبِرُوْنَ	اِلَّا	وَلَا يُلَقّٰىهَآ	صَالِحًا	عَمِلَ
زمین	اور اس کا گھر	اس کو	پھر ہم نے دھنسا دیا	صبر کرنے والے	سوائے	اور وہ نصیب نہیں ہوتا	اچھا	اسنے عمل کیا

اس نے اچھا عمل کیا، اور وہ صبر کرنے والوں کے سوا (کسی کو) کو نصیب نہیں ہوتا۔ پھر ہم نے اس کو اور اس کے گھر والوں کو زمین میں دھنسا دیا

فَمَا كَانَ لَهٗ مِنْ فِئَةٍ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۤ وَمَا كَانَ مِنَ

مِنَ	وَمَا كَانَ	دُوْنِ اللّٰهِ	مِنْ	يَّنْصُرُوْنَهٗ	مِنْ فِئَةٍ	لَهٗ	فَمَا كَانَ
سے	اور نہ ہوا وہ	اللہ کے سوا		مدد کرتی اس کی	کوئی جماعت	اسکے لئے	سو نہ ہوئی

سو اس کے لئے کوئی جماعت نہ ہوئی جو اللہ کے سوا (اللہ سے بچانے میں) اس کی مدد کرتی اور نہ وہ (خود) ہوا

الْمُنْتَصِرِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَاَصْبَحَ الَّذِيْنَ تَمَنَّوْا مَكَانَهٗ بِالْاَمْسِ يَقُوْلُوْنَ

يَقُوْلُوْنَ	بِالْاَمْسِ	مَكَانَهٗ	تَمَنَّوْا	الَّذِيْنَ	وَاَصْبَحَ	الْمُنْتَصِرِيْنَ
کہنے لگے	کل	اس کا درجہ	تمنا کرتے تھے	جو لوگ	اور صبح کے وقت	بدلہ لینے والے

بدلہ لینے والوں میں سے۔ اور کل تک جو لوگ اس کے درجہ کی تمنا کرتے تھے، صبح کے وقت کہنے لگے

وَيْكَاَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ ۚ لَوْلَآ

لَوْلَآ	وَيَقْدِرُ	عِبَادِهٖ	مِنْ	لِمَنْ يَّشَآءُ	الرِّزْقَ	يَبْسُطُ	اللّٰهَ	وَيْكَاَنَّ
اگر نہ	اور تنگ کر دیتا ہے	اپنے بندے	سے	جس کے لئے چاہے	رزق	فراخ کر دیتا ہے	اللہ	ہائے شامت

ہائے شامت! اپنے بندوں میں سے اللہ جس کے لئے چاہے رزق فراخ کر دیتا ہے اور جسکے لئے چاہے تنگ کر دیتا ہے، اگر

اَنْ مَّنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا لَخَسَفَ بِنَا ؕ وَيْكَاَنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۲﴾

اَنْ	مَّنَّ اللّٰهُ	عَلَيْنَا	لَخَسَفَ بِنَا	وَيْكَاَنَّهٗ	لَا يُفْلِحُ	الْكٰفِرُوْنَ
یہ کہ	احسان کرتا اللہ	ہم پر	البتہ ہمیں دھنسا دیتا	ہائے شامت	فلاح نہیں پاتے	کافر (جمع)

اللہ ہم پر احسان نہ کرتا تو البتہ ہمیں (بھی) دھنسا دیتا، ہائے شامت! کافر فلاح (دو جہان کی کامیابی) نہیں پاتے۔

تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِي الْاَرْضِ وَ

تِلْكَ	الدَّارُ الْاٰخِرَةُ	نَجْعَلُهَا	لِلَّذِيْنَ	لَا يُرِيْدُوْنَ	عُلُوًّا	فِي الْاَرْضِ	وَ
یہ	آخرت کا گھر	ہم کرتے ہیں اسے	ان لوگوں کے لئے جو	وہ نہیں چاہتے	برتری	زمین میں	اور

یہ آخرت کا گھر ہے، ہم ان لوگوں کے لئے تیار کرتے ہیں جو نہیں چاہتے زمین (ملک) میں برتری اور

لَا فَسَادًا ؕ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۸۳﴾ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ

لَا فَسَادًا	وَالْعَاقِبَةُ	لِلْمُتَّقِيْنَ	مَنْ جَآءَ	بِالْحَسَنَةِ	فَلَهٗ	خَيْرٌ مِّنْهَا
نہ فساد	اور انجام (نیک)	پرہیزگاروں کے لئے	جو آیا	نیکی کے ساتھ	تو اس کے لئے	اس سے بہتر

نہ فساد، اور نیک انجام پرہیزگاروں کے لئے ہے جو نیکی کے ساتھ آیا اس کے لئے اس سے بہتر (صلہ) ہے

وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزَى الَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ اِلَّا مَا

وَمَنْ	جَآءَ	بِالسَّيِّئَةِ	فَلَا يُجْزَى	الَّذِيْنَ	عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ	اِلَّا	مَا
اور جو	آیا	برائی کے ساتھ	تو بدلہ نہ ملے گا	ان لوگوں کو جنہوں	انہوں نے برے کام کئے	مگر۔سوا	جو

اور جو برائی کے ساتھ آیا، تو ان لوگوں کو جنہوں نے برے عمل کئے اس کے سوا بدلہ نہ ملے گا جو

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۸۴﴾ اِنَّ الَّذِيْ فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰى مَعَادٍ ؕ

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	اِنَّ	الَّذِيْ	فَرَضَ	عَلَيْكَ	الْقُرْاٰنَ	لَرَآدُّكَ	اِلٰى مَعَادٍ
وہ کرتے تھے	بیشک	وہ (اللہ) جس نے	لازم کیا	تم پر	قرآن	ضرور پھیر لائے گا تمہیں	لوٹنے کی جگہ

وہ کرتے تھے۔ بیشک جس اللہ نے تم پر قرآن (پر عمل اور تبلیغ) کو لازم کیا ہے وہ تمہیں ضرور لوٹنے کی جگہ (مکہ مکرمہ) پھیر لائے گا

قُلْ رَّبِّيْٓ اَعْلَمُ مَنْ جَآءَ بِالْهُدٰى وَمَنْ هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۸۵﴾ وَمَا كُنْتَ

قُلْ	رَّبِّيْٓ	اَعْلَمُ	مَنْ	جَآءَ	بِالْهُدٰى	وَمَنْ هُوَ	فِيْ	ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ	وَمَا كُنْتَ
فرما دیں	میرا رب	خوب جانتا ہے	کون	آیا	ہدایت کے ساتھ	اور وہ کون	میں	کھلی گمراہی	اور تم نہ تھے

آپ فرما دیں میرا رب خوب جانتا ہے کہ کون ہدایت کے ساتھ آیا اور کون کھلی گمراہی میں ہے۔ اور تم

تَرْجُوْٓا اَنْ يُّلْقٰٓى اِلَيْكَ الْكِتٰبُ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ

تَرْجُوْٓا	اَنْ يُّلْقٰٓى	اِلَيْكَ	الْكِتٰبُ	اِلَّا	رَحْمَةً	مِّنْ	رَّبِّكَ	فَلَا تَكُوْنَنَّ
امید رکھتے	کہ اتاری جائے گی	تمہاری طرف	کتاب	مگر	رحمت	سے	تمہارا رب	سو تو ہرگز نہ ہونا

اُمید نہ رکھتے تھے کہ تمہاری طرف کتاب اتاری جائے گی، مگر تمہارے رب کی رحمت سے (نزول ہوا) سو تم ہرگز ہرگز نہ ہونا

ظَهِيْرًا لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۸۶﴾ وَلَا يَصُدُّنَّكَ عَنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ بَعْدَ اِذْ اُنْزِلَتْ

ظَهِيْرًا	لِّلْكٰفِرِيْنَ	وَلَا يَصُدُّنَّكَ	عَنْ	اٰيٰتِ اللّٰهِ	بَعْدَ	اِذْ	اُنْزِلَتْ
مددگار	کافروں کے لئے	اور وہ تمہیں ہرگز نہ روکیں	سے	اللہ کے احکام	بعد	جبکہ	نازل کئے گئے

کافروں کے لئے مددگار۔ اور وہ تمہیں ہرگز اللہ کے احکام سے نہ روکیں، اس کے بعد جبکہ نازل کئے گئے

اِلَيْكَ وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۸۷﴾ وَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ

اِلَيْكَ	وَادْعُ	اِلٰى رَبِّكَ	وَ	لَا تَكُوْنَنَّ	مِنَ	الْمُشْرِكِيْنَ	وَلَا تَدْعُ	مَعَ اللّٰهِ
تمہاری طرف	اور آپ بلائیں	اپنے رب کی طرف	اور	تم ہرگز نہ ہونا	سے	جمع مشرک	اور نہ پکارو	اللہ کے ساتھ

تمہاری طرف، اور آپ اپنے رب کی طرف بلائیں، اور ہرگز مشرکوں میں سے نہ ہونا۔ اور اللہ کے ساتھ نہ پکارو

اِلٰهًا اٰخَرَ ۘ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۣ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ ۭ لَهُ الْحُكْمُ وَ

اِلٰهًا	اٰخَرَ	لَا	اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	كُلُّ شَيْءٍ	هَالِكٌ	اِلَّا	وَجْهَهٗ	لَهُ	الْحُكْمُ	وَ
کوئی معبود	دوسرا	نہیں	کوئی معبود	اس کے سوا	ہر چیز	فنا ہونے والی	سوا	اسکی ذات	اسکے لئے کا	حکم	اور

کوئی دوسرا معبود، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اس کی ذات کے سوا ہر چیز فنا ہونے والی ہے، اسی کا حکم ہے اور

اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۸﴾ ع

اِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ
اس کی طرف	تم لوٹ کر جاؤ گے

اسی کی طرف تم لوٹ کر جاؤ گے

ایاتها ۶۹ ۲۹ سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوْتِ مَكِّيَّةٌ ۸۵ رکوعاتها ۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا، نہایت مہربان ہے

الٓمّٓ ۱ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ ۲

الٓمّٓ	اَحَسِبَ	النَّاسُ	اَنْ يُّتْرَكُوْٓا	اَنْ	يَّقُوْلُوْٓا	اٰمَنَّا	وَهُمْ	لَا يُفْتَنُوْنَ
الٓمّٓ	کیا گمان کیا ہے	لوگ	کہ وہ چھوڑ دیئے جائیں گے	کہ	انہوں نے کہہ دیا	ہم ایمان لائے	اور وہ	وہ نہ آزمائے جائیں گے

الف-لام-میم- کیا لوگوں نے گمان کر لیا ہے کہ وہ (اتنے پر) چھوڑ دیئے جائیں گے کہ انہوں نے کہہ دیا کہ ہم ایمان لائے ہیں، اور وہ نہ آزمائے جائیں گے-

وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَ

وَ	لَقَدْ فَتَنَّا	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	فَلَيَعْلَمَنَّ	اللّٰهُ	الَّذِيْنَ	صَدَقُوْا	وَ
اور	البتہ ہم نے آزمایا	وہ لوگ جو	ان سے پہلے	تو ضرور معلوم کرے گا	اللہ	وہ لوگ جو	سچے ہیں	اور

اور البتہ ہم نے ان سے پہلے لوگوں کو آزمایا، تو اللہ ضرور معلوم کر لے گا ان لوگوں کو جو سچے ہیں، اور

لَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ ۳ اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّسْبِقُوْنَا ط

لَيَعْلَمَنَّ	الْكٰذِبِيْنَ	اَمْ حَسِبَ	الَّذِيْنَ	يَعْمَلُوْنَ	السَّيِّاٰتِ	اَنْ	يَّسْبِقُوْنَا
وہ ضرور معلوم کرے گا	جھوٹے	کیا گمان کیا ہے	وہ لوگ جو	کرتے ہیں	بُرے کام	کہ	وہ ہم سے بچ باہر نکلیں گے

اور ضرور معلوم کرلے گا جھوٹوں کو ۔ جو لوگ بُرے کام کرتے ہیں کیا انہوں نے گمان کیا ہے کہ وہ ہم سے بچ کر باہر نکلیں گے؟

سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ۴ مَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ اللّٰهِ فَاِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ لَاٰتٍ ط

سَآءَ	مَا يَحْكُمُوْنَ	مَنْ	كَانَ يَرْجُوْا	لِقَآءَ اللّٰهِ	فَاِنَّ	اَجَلَ اللّٰهِ	لَاٰتٍ
بُرا ہے	جو وہ فیصلہ کر رہے ہیں	جو	وہ امید رکھتا ہے	اللہ سے ملاقات کی	تو بیشک	اللہ کا وعدہ	ضرور آنے والا

بُرا ہے جو وہ فیصلہ (خیال) کر رہے ہیں - جو کوئی اللہ سے ملاقات (ملنے) کی امید رکھتا ہے تو بیشک اللہ کا وعدہ ضرور آنے والا ہے

وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۵ وَمَنْ جَاهَدَ فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ ط اِنَّ

وَهُوَ	السَّمِيْعُ	الْعَلِيْمُ	وَمَنْ	جَاهَدَ	فَاِنَّمَا	يُجَاهِدُ	لِنَفْسِهٖ	اِنَّ
اور وہ	سننے والا	جاننے والا	اور جو	کوشش کرتا ہے	تو صرف	کوشش کرتا ہے	اپنی ذات کے لئے	بیشک

اور وہ سننے والا، جاننے والا ہے - اور جو کوئی کوشش کرتا ہے تو صرف اپنی ذات کے لئے کوشش کرتا ہے ۔ بیشک

اللّٰهَ لَغَنِیٌّ عَنِ الْعٰلَمِیْنَ ۞ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

اللّٰهَ	لَغَنِیٌّ	عَنِ	الْعٰلَمِیْنَ	وَالَّذِیْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
اللہ	البتہ بے نیاز	سے	جہان والے	اور جو لوگ	ایمان لائے	اور انہوں نے اچھے عمل کئے

اللہ البتہ جہان والوں سے بے نیاز ہے۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے عمل کئے

لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَیِّاٰتِهِمْ وَلَنَجْزِیَنَّهُمْ اَحْسَنَ الَّذِیْ كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ۞

لَنُكَفِّرَنَّ	عَنْهُمْ	سَیِّاٰتِهِمْ	وَلَنَجْزِیَنَّهُمْ	اَحْسَنَ	الَّذِیْ	كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ
البتہ ہم ضرور دور کردیں گے	ان سے	ان کی برائیاں	اور ہم ضرور جزا دیں گے انہیں	زیادہ بہتر	وہ جو	وہ کرتے تھے

البتہ ہم ضرور ان سے ان کی برائیاں دور کردیں گے، اور ہم ضرور انہیں (ان کے اعمال کی) زیادہ بہتر جزا دیں گے جو وہ کرتے تھے۔

وَوَصَّیْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَیْهِ حُسْنًا ؕ وَاِنْ جَاهَدٰكَ لِتُشْرِكَ بِیْ مَا لَیْسَ لَكَ

وَوَصَّیْنَا	الْاِنْسَانَ	بِوَالِدَیْهِ	حُسْنًا	وَاِنْ	جَاهَدٰكَ	لِتُشْرِكَ بِیْ	مَا لَیْسَ	لَكَ
اور ہم نے حکم دیا	انسان	ماں باپ سے	حسن سلوک کا	اور اگر	تجھ سے کوشش کریں	کہ تو شریک ٹھہرائے میرا	جس کا نہیں	تجھے

اور ہم نے انسان کو ماں باپ سے حسن سلوک کا حکم دیا ہے، اور اگر وہ تجھ سے کوشش کریں (زور ڈالیں) کہ تو (کسی کو) میرا شریک ٹھہرائے جس کا تجھے

بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا ؕ اِلَیَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۞

بِهٖ عِلْمٌ	فَلَا تُطِعْهُمَا	اِلَیَّ مَرْجِعُكُمْ	فَاُنَبِّئُكُمْ	بِمَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ
اس کا کوئی علم	تو کہا نہ مان ان کا	میری طرف تمہیں لوٹ کر آنا	تو میں ضرور بتلاؤں گا تمہیں	وہ جو	تم کرتے تھے

کوئی علم نہیں، تو ان کا کہا نہ مان، تمہیں میری طرف لوٹ کر آنا ہے، تو میں تمہیں ضرور بتلاؤں گا، وہ جو تم کرتے تھے۔

وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِی الصّٰلِحِیْنَ ۞ وَمِنَ

وَالَّذِیْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوْا	الصّٰلِحٰتِ	لَنُدْخِلَنَّهُمْ	فِی الصّٰلِحِیْنَ	وَمِنَ
اور جو لوگ	وہ ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	اچھے	ہم ضرور انہیں داخل کریں گے	نیک بندوں میں	اور سے۔ کچھ

اور جو لوگ ایمان لائے، اور انہوں نے اچھے عمل کئے، ہم انہیں ضرور نیک بندوں میں داخل کریں گے۔ اور کچھ

النَّاسِ مَنْ یَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ فَاِذَآ اُوْذِیَ فِی اللّٰهِ جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ

النَّاسِ	مَنْ یَّقُوْلُ	اٰمَنَّا	بِاللّٰهِ	فَاِذَآ	اُوْذِیَ	فِی اللّٰهِ	جَعَلَ	فِتْنَةَ	النَّاسِ
لوگ	جو کہتے ہیں	ہم ایمان لائے	اللہ پر	پھر جب	ستائے گئے	اللہ (کی راہ) میں	بنا لیا	ستانا	لوگ

لوگ کہتے ہیں ہم اللہ پر ایمان لائے، پھر جب اللہ کی راہ میں ستائے گئے تو انہوں نے لوگوں کے ستانے کو بنالیا (سمجھ لیا)

كَعَذَابِ اللّٰهِ ؕ وَلَئِنْ جَآءَ نَصْرٌ مِّنْ رَّبِّكَ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّا كُنَّا مَعَكُمْ ؕ

مَعَكُمْ	اِنَّا كُنَّا	لَيَقُوْلُنَّ	مِنْ رَّبِّكَ	نَصْرٌ	جَآءَ	وَلَئِنْ	اللّٰهِ	كَعَذَابِ
تمہارے ساتھ	بیشک ہم تھے	تو وہ ضرور کہتے ہیں	تمہارے رب سے	کوئی مدد	آئے	اور اگر	اللہ	جیسے عذاب

جیسے اللہ کا عذاب ہو، اور اگر تمہارے رب کی طرف سے کوئی مدد آئے تو (اس وقت) وہ ضرور کہتے ہیں بیشک ہم تمہارے ساتھ ہیں

اَوَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِمَا فِيْ صُدُوْرِ الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ

الَّذِيْنَ	اللّٰهُ	وَلَيَعْلَمَنَّ	الْعٰلَمِيْنَ	فِيْ صُدُوْرِ	بِمَا	بِاَعْلَمَ	اللّٰهُ	اَوَلَيْسَ
وہ لوگ جو	اللہ	اور البتہ ضرور معلوم کریگا	جہان والے	سینوں (دلوں) میں	وہ جو	خوب جاننے والا	اللہ	کیا نہیں ہے

کیا اللہ خوب جاننے والا نہیں جو دنیا جہان والوں کے دلوں میں ہے۔ اور اللہ ضرور معلوم کرے گا ان لوگوں کو جو

اٰمَنُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اٰمَنُوْا	لِلَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	الَّذِيْنَ	وَقَالَ	الْمُنٰفِقِيْنَ	وَلَيَعْلَمَنَّ	اٰمَنُوْا
ان لوگوں کو جو ایمان لائے		جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)		اور کہا	منافق (جمع)	اور البتہ ضرور معلوم کریگا	ایمان لائے

ایمان لائے اور ضرور معلوم کرے گا منافقوں کو۔ اور کافروں نے ایمان لانے والوں کو کہا

اتَّبِعُوْا سَبِيْلَنَا وَلْنَحْمِلْ خَطٰيٰكُمْ ؕ وَمَا هُمْ بِحٰمِلِيْنَ مِنْ خَطٰيٰهُمْ

خَطٰيٰهُمْ	مِنْ	بِحٰمِلِيْنَ	وَمَا هُمْ	خَطٰيٰكُمْ	وَلْنَحْمِلْ	سَبِيْلَنَا	اتَّبِعُوْا
ان کے گناہ	سے	اٹھانے والے	حالانکہ وہ نہیں	تمہارے گناہ	اور ہم اٹھالیں گے	ہماری راہ	تم چلو

تم ہماری راہ چلو، اور ہم تمہارے گناہ اٹھا لیں گے، حالانکہ وہ ان کے گناہ اٹھانے والے نہیں

مِّنْ شَيْءٍ ؕ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝ وَلَيَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ وَاَثْقَالًا

وَاَثْقَالًا	اَثْقَالَهُمْ	وَلَيَحْمِلُنَّ	لَكٰذِبُوْنَ	اِنَّهُمْ	مِّنْ شَيْءٍ
اور بہت سے بوجھ	اپنے بوجھ	اور وہ البتہ ضرور اٹھائیں گے	البتہ جھوٹے	بیشک وہ	کچھ

کچھ بھی، بیشک وہ جھوٹے ہیں۔ اور وہ البتہ ضرور اپنے بوجھ اٹھائیں گے اور (کئی) بہت سے بوجھ

مَّعَ اَثْقَالِهِمْ ؗ وَلَيُسْئَلُنَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَمَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝ وَ

وَ	كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ	عَمَّا	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	وَلَيُسْئَلُنَّ	اَثْقَالِهِمْ	مَّعَ
اور	وہ جھوٹ گھڑتے تھے	اس سے جو	قیامت کے دن	اور البتہ ان سے ضرور بازپرس ہوگی	اپنے بوجھ	ساتھ

اپنے بوجھ کے ساتھ، اور قیامت کے دن البتہ ان سے ضرور (اس کے بارے میں) بازپرس ہوگی جو وہ جھوٹ گھڑتے تھے، اور

لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَلَبِثَ فِيْهِمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ

خَمْسِيْنَ	اِلَّا	اَلْفَ سَنَةٍ	فِيْهِمْ	فَلَبِثَ	اِلٰى قَوْمِهٖ	نُوْحًا	لَقَدْ اَرْسَلْنَا
پچاس	مگر کم	ہزار سال	ان میں	تو وہ رہے	اس کی قوم کی طرف	نوح کو	بیشک ہم نے بھیجا

بیشک ہم نے نوحؑ کو اس کی قوم کی طرف بھیجا، تو وہ ان میں پچاس سال کم ہزار برس رہے

عَامًا فَاَخَذَهُمُ الطُّوْفَانُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ۝۱۴ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ

اَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ	وَ	فَاَنْجَيْنٰهُ	ظٰلِمُوْنَ	وَهُمْ	الطُّوْفَانُ	فَاَخَذَهُمُ	عَامًا
کشتی والوں کو	اور	پھر ہم نے اسے بچا لیا	ظالم تھے	اور وہ	طوفان	پھر انہیں آ پکڑا	سال

پھر انہیں طوفان نے آ پکڑا، اور وہ ظالم تھے۔ پھر ہم نے اُسے اور کشتی والوں کو بچا لیا

وَجَعَلْنٰهَا اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝۱۵ وَاِبْرٰهِيْمَ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ اعْبُدُوا اللّٰهَ

اللّٰهَ	اعْبُدُوا	لِقَوْمِهِ	اِذْ قَالَ	وَاِبْرٰهِيْمَ	لِّلْعٰلَمِيْنَ	اٰيَةً	وَجَعَلْنٰهَا
اللہ	تم عبادت کرو	اپنی قوم کو	جب اس نے کہا	اور ابراہیم	جہان والوں کے لئے	ایک نشانی	اور اسے بنایا

اور اس (کشتی) کو جہان والوں کے لئے ایک نشانی بنایا۔ اور یاد کرو جب ابراہیمؑ نے اپنی قوم کو کہا تم اللہ کی عبادت کرو

وَاتَّقُوْهُ ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝۱۶ اِنَّمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ

مِنْ	تَعْبُدُوْنَ	اِنَّمَا	كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ	اِنْ	خَيْرٌ لَّكُمْ	ذٰلِكُمْ	وَاتَّقُوْهُ
سے	تم پرستش کرتے ہو	اس کے سوا نہیں	تم جانتے ہو	اگر	بہتر تمہارے لئے	یہ	اور اس سے ڈرو

اور اس سے ڈرو، اگر تم جانتے ہو یہ تمہارے لئے بہتر ہے۔ اس کے سوا نہیں کہ تم پرستش کرتے ہو

دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا وَّتَخْلُقُوْنَ اِفْكًا ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	تَعْبُدُوْنَ	الَّذِيْنَ	اِنَّ	اِفْكًا	وَّتَخْلُقُوْنَ	اَوْثَانًا	دُوْنِ اللّٰهِ
اللہ کے سوا	پرستش کرتے ہو	وہ جن کی تم	بیشک	جھوٹ	اور تم گھڑتے ہو	بتوں کی	اللہ کے سوا

اللہ کے سوا بتوں کی، اور تم جھوٹ گھڑتے ہو، بیشک اللہ کے سوا تم جن کی پرستش کرتے ہو

لَا يَمْلِكُوْنَ لَكُمْ رِزْقًا فَابْتَغُوْا عِنْدَ اللّٰهِ الرِّزْقَ وَاعْبُدُوْهُ

اعْبُدُوْهُ	وَ	الرِّزْقَ	عِنْدَ اللّٰهِ	فَابْتَغُوْا	رِزْقًا	لَكُمْ	لَا يَمْلِكُوْنَ
اس کی عبادت کرو	اور	رزق	اللہ کے پاس	پس تم تلاش کرو	رزق کے	تمہارے لئے	وہ مالک نہیں

وہ تمہارے لئے رزق کے مالک نہیں، پس تم اللہ کے پاس (سے) رزق تلاش کرو، اور اس کی عبادت کرو

وَاشْكُرُوْا لَهٗ ؕ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿١٧﴾ وَاِنْ تُكَذِّبُوْا فَقَدْ كَذَّبَ اُمَمٌ

وَاشْكُرُوْا	لَهٗ	اِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ	وَاِنْ	تُكَذِّبُوْا	فَقَدْ كَذَّبَ	اُمَمٌ
اور شکر کرو	اس کا	اس کی طرف	تمہیں لوٹ کر جانا ہے	اور اگر	تم جھٹلاؤ گے	تو جھٹلا چکی ہیں	بہت سی امتیں

اور اس کا شکر کرو، اسی کی طرف تمہیں لوٹ کر جانا ہے۔ اور اگر تم جھٹلاؤ گے تو جھٹلا چکی ہیں بہت سی امتیں

مِّنْ قَبْلِكُمْ ؕ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿١٨﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا كَيْفَ

مِنْ قَبْلِكُمْ	وَمَا	عَلَى	الرَّسُوْلِ	اِلَّا	الْبَلٰغُ	الْمُبِيْنُ	اَوَ	لَمْ يَرَوْا	كَيْفَ
تم سے پہلی	اور نہیں	پر (ذمے)	رسول	مگر	پہنچا دینا	صاف طور پر	کیا	نہیں دیکھا انہوں نے	کیسے

تم سے پہلی (بھی)، اور رسولؐ کے ذمے نہیں مگر صاف طور پر پہنچا دینا۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا کیسے

يُبْدِئُ اللّٰهُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿١٩﴾

يُبْدِئُ	اللّٰهُ	الْخَلْقَ	ثُمَّ يُعِيْدُهٗ	اِنَّ	ذٰلِكَ	عَلَى اللّٰهِ	يَسِيْرٌ
ابتدا کرتا ہے	اللہ	پیدائش	پھر دوبارہ پیدا کریگا اس کو	بیشک	یہ	اللہ پر	آسان

اللہ پیدائش کی ابتدا کرتا ہے! پھر دوبارہ اس کو پیدا کرے گا، بیشک اللہ پر یہ آسان ہے۔

قُلْ سِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ بَدَاَ الْخَلْقَ ثُمَّ اللّٰهُ يُنْشِئُ

قُلْ	سِيْرُوْا	فِى الْاَرْضِ	فَانْظُرُوْا	كَيْفَ بَدَاَ	الْخَلْقَ	ثُمَّ	اللّٰهُ	يُنْشِئُ
فرمادیں	چلو پھرو	زمین میں	پھر دیکھو	کیسے ابتدا کی	پیدائش	پھر	اللہ	اٹھائے گا

آپؐ فرمادیں (دنیا میں)، چلو پھرو، پھر دیکھو اس نے کیسے پیدائش کی ابتداء کی پھر اللہ اٹھائے گا

النَّشْاَةَ الْاٰخِرَةَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٢٠﴾ يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ

النَّشْاَةَ	الْاٰخِرَةَ	اِنَّ اللّٰهَ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	يُعَذِّبُ	مَنْ يَّشَآءُ
اٹھان	آخری (دوسری)	بیشک اللہ	پر	ہر شے	قدرت رکھنے والا	وہ عذاب دیتا ہے	جس کو چاہے

دوسری اُٹھان (دوسری بار) بیشک اللہ ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے۔ وہ جس کو چاہے عذاب دیتا ہے

وَيَرْحَمُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَاِلَيْهِ تُقْلَبُوْنَ ﴿٢١﴾ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ فِى الْاَرْضِ

وَيَرْحَمُ	مَنْ يَّشَآءُ	وَاِلَيْهِ	تُقْلَبُوْنَ	وَمَآ اَنْتُمْ	بِمُعْجِزِيْنَ	فِى الْاَرْضِ
اور رحم فرماتا ہے	جس پر چاہے	اور اسی کی طرف	تم لوٹائے جاؤ گے	اور نہیں ہو تم	عاجز کرنے والے	زمین میں

اور جس پر چاہے رحم فرماتا ہے اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔ اور تم زمین میں عاجز کرنے والے نہیں

وَلَا فِي السَّمَآءِ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿٢٢﴾ وَالَّذِيْنَ

وَلَا	فِي السَّمَآءِ	وَمَا	لَكُمْ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	مِنْ وَّلِيٍّ	وَلَا	نَصِيْرٍ	وَالَّذِيْنَ
اور نہ	آسمانوں میں	اور نہیں	تمہارے لئے	اللہ کے سوا	کوئی حمایتی	اور نہ	کوئی مددگار	اور وہ لوگ جنہوں نے

اور نہ آسمان میں، اور تمہارے لئے اللہ کے سوا نہ کوئی حمایتی ہے اور نہ کوئی مددگار۔ اور جن لوگوں نے

كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَلِقَآئِهٖٓ اُولٰٓئِكَ يَئِسُوْا مِنْ رَّحْمَتِيْ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ

كَفَرُوْا	بِاٰيٰتِ اللّٰهِ	وَلِقَآئِهٖ	اُولٰٓئِكَ	يَئِسُوْا	مِنْ رَّحْمَتِيْ	وَاُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	عَذَابٌ
انکار کیا	اللہ کی نشانیوں کا	اور اس کی ملاقات	یہی ہیں	وہ ناامید ہوئے	میری رحمت سے	اور یہی ہیں	ان کے لئے	عذاب

اللہ کی نشانیوں کا اور اس کی ملاقات کا انکار کیا، یہی لوگ میری رحمت سے ناامید ہوئے، اور یہی ہیں جن کے لئے عذاب ہے

اَلِيْمٌ ﴿٢٣﴾ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوا اقْتُلُوْهُ اَوْ حَرِّقُوْهُ

اَلِيْمٌ	فَمَا كَانَ	جَوَابَ	قَوْمِهٖ	اِلَّا	اَنْ	قَالُوا	اقْتُلُوْهُ	اَوْ	حَرِّقُوْهُ
دردناک	سو نہ تھا	جواب	اس کی قوم	سوائے	یہ کہ	انہوں نے کہا	قتل کردو اس کو	یا	جلا دو اس کو

دردناک۔ سو اس کی قوم کا جواب اس کے سوا نہ تھا کہ اسے قتل کر ڈالو یا اس کو جلا دو

فَاَنْجٰىهُ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٢٤﴾ وَقَالَ

فَاَنْجٰىهُ	اللّٰهُ	مِنَ النَّارِ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِقَوْمٍ	يُّؤْمِنُوْنَ	وَ	قَالَ
سو بچا لیا اس کو	اللہ	آگ سے	بیشک	اس میں	نشانیاں ہیں	ان لوگوں کے لئے	جو ایمان رکھتے ہیں	اور	ابراہیم نے کہا

سو اللہ نے اس کو آگ سے بچا لیا۔ بیشک اس میں ان لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں جو ایمان رکھتے ہیں۔ اور ابراہیم نے کہا

اِنَّمَا اتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا ۙ مَّوَدَّةَ بَيْنِكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ

اِنَّمَا	اتَّخَذْتُمْ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	اَوْثَانًا	مَوَدَّةَ	بَيْنِكُمْ	فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا
اس کے سوا نہیں	تم نے بنا لئے ہیں	اللہ کے سوا	بت (جمع)	دوستی	اپنے درمیان (آپس میں)	دنیا کی زندگی میں

اس کے سوا نہیں کہ تم نے اللہ کے سوا بت بنا لئے ہیں، دنیا کی زندگی میں آپس کی دوستی (کی وجہ) سے،

ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُ بَعْضُكُمْ بِبَعْضٍ وَّيَلْعَنُ بَعْضُكُمْ بَعْضًا ۡ وَّ

ثُمَّ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	يَكْفُرُ	بَعْضُكُمْ	بِبَعْضٍ	وَيَلْعَنُ	بَعْضُكُمْ	بَعْضًا	وَ
پھر	قیامت کے دن	کافر (مخالف) ہو جائے گا	تم میں سے بعض (ایک)	بعض (دوسرے) کا	اور لعنت کرے گا	تم میں سے بعض (ایک)	بعض (دوسرے) کا	اور

پھر قیامت کے دن تم میں سے ایک دوسرے کا مخالف ہو جائے گا اور تم میں سے ایک دوسرے پر لعنت (ملامت) کرے گا اور

وقف لازم

مَأْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۲۵﴾ فَاٰمَنَ لَهٗ لُوْطٌ ۘ وَقَالَ

مَأْوٰىكُمُ	النَّارُ	وَمَا لَكُمْ	مِّنْ نّٰصِرِيْنَ	فَاٰمَنَ	لَهٗ	لُوْطٌ	وَقَالَ
تمہارا ٹھکانا	جہنم	اور نہیں تمہارے لئے	کوئی مددگار	پس ایمان لایا	اس پر	لوط	اور اس نے کہا

تمہارا ٹھکانا جہنم ہے، اور تمہارے لئے کوئی مددگار نہیں - پس اس پر لوط ؑ ایمان لایا اور اس نے کہا

اِنِّيْ مُهَاجِرٌ اِلٰى رَبِّيْ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۶﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ

اِنِّيْ	مُهَاجِرٌ	اِلٰى رَبِّيْ	اِنَّهٗ	هُوَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	وَوَهَبْنَا	لَهٗ	اِسْحٰقَ
بیشک میں	ہجرت کرنیوالا	اپنے رب کی طرف	بیشک وہ	وہ	زبردست غالب	حکمت والا	اور ہم نے عطا فرمائے	اس کو	اسحٰق

بیشک میں اپنے رب کی طرف، ہجرت کرنے والا (وطن چھوڑنے والا) ہوں، بیشک وہی غالب حکمت والا ہے۔ اور ہم نے اس (ابراہیم ؑ) کو عطا فرمائے اسحٰق ؑ

وَيَعْقُوْبَ وَجَعَلْنَا فِيْ ذُرِّيَّتِهِ النُّبُوَّةَ وَالْكِتٰبَ وَاٰتَيْنٰهُ اَجْرَهٗ

وَيَعْقُوْبَ	وَجَعَلْنَا	فِيْ ذُرِّيَّتِهِ	النُّبُوَّةَ	وَالْكِتٰبَ	وَاٰتَيْنٰهُ	اَجْرَهٗ
اور یعقوب	اور ہم نے رکھی	اس کی اولاد میں	نبوت	اور کتاب	اور ہم نے دیا اسکو	اس کا اجر

اور یعقوب ؑ اور ہم نے اس کی اولاد میں نبوت اور کتاب رکھی، اور ہم نے اس کو اس کا اجر دیا،

فِي الدُّنْيَا ۚ وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۲۷﴾ وَلُوْطًا اِذْ قَالَ

فِي الدُّنْيَا	وَاِنَّهٗ	فِي الْاٰخِرَةِ	لَمِنَ	الصّٰلِحِيْنَ	وَلُوْطًا	اِذْ	قَالَ
دنیا میں	اور بیشک وہ	آخرت میں	البتہ نیکوکاروں میں سے		اور لوط	(یاد کرو) جب	اس نے کہا

دنیا میں اور بیشک وہ آخرت میں البتہ نیکوکاروں میں سے ہے - اور (ہم نے بھیجا) لوط ؑ کو، یاد کرو جب اس نے کہا

لِقَوْمِهٖٓ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ ۡ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۸﴾

لِقَوْمِهٖ	اِنَّكُمْ	لَتَاْتُوْنَ	الْفَاحِشَةَ	مَا سَبَقَكُمْ	بِهَا	مِنْ اَحَدٍ	مِّنَ	الْعٰلَمِيْنَ
اپنی قوم کو	بیشک تم	تم کرتے ہو	بے حیائی	نہیں پہلے کیا تم سے	اس کو	کسی نے	سے	جہان والے

اپنی قوم کو، بیشک تم بے حیائی کا (ایسا کام) کرتے ہو جو تم سے پہلے جہان والوں میں سے کسی نے نہیں کیا۔

اَئِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ وَتَقْطَعُوْنَ السَّبِيْلَ ڏ وَتَاْتُوْنَ فِيْ نَادِيْكُمُ

اَئِنَّكُمْ	لَتَاْتُوْنَ	الرِّجَالَ	وَتَقْطَعُوْنَ	السَّبِيْلَ	وَتَاْتُوْنَ	فِيْ نَادِيْكُمُ
کیا تم واقعی	البتہ تم کرتے ہو	مرد (جمع)	اور مارتے ہو	راہ	اور تم کرتے ہو	اپنی محفلوں میں

کیا تم واقعی مردوں سے (فعل بد) کرتے ہو، اور راہ مارتے (ڈاکے ڈالتے) ہو، اور تم اپنی محفلوں میں کرتے ہو

الْمُنْكَرَ ۭ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوا ائْتِنَا بِعَذَابِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتَ

الْمُنْكَرَ	فَمَا كَانَ	جَوَابَ قَوْمِهٖٓ	اِلَّآ	اَنْ	قَالُوا	ائْتِنَا	بِعَذَابِ اللّٰهِ	اِنْ كُنْتَ
ناشائستہ حرکات	سو نہ تھا	اس کی قوم کا جواب	سوائے	کہ	انہوں نے کہا	لے آ ہم پر	اللہ کا عذاب	اگر تو ہے

ناشائستہ حرکات، سو اس کی قوم کا جواب اس کے سوا نہ تھا کہ انہوں نے کہا ہم پر اللہ کا عذاب لے آ، اگر تو ہے

مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۲۹﴾ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۳۰﴾ وَلَمَّا جَآءَتْ

مِنَ	الصّٰدِقِيْنَ	قَالَ	رَبِّ	انْصُرْنِيْ	عَلَى	الْقَوْمِ	الْمُفْسِدِيْنَ	وَلَمَّا	جَآءَتْ
سے	سچے لوگ	کہا	اے میرے رب	میری مدد فرما	پر	قوم ۔ لوگ	مفسد (جمع)	اور جب	آئے

سچے لوگوں میں سے۔ لوطؑ نے کہا اے میرے رب! مفسد لوگوں پر میری مدد فرما ۔ اور جب آئے

رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى ۙ قَالُوْٓا اِنَّا مُهْلِكُوْٓا اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ

رُسُلُنَآ	اِبْرٰهِيْمَ	بِالْبُشْرٰى	قَالُوْٓا	اِنَّا	مُهْلِكُوْٓا	اَهْلِ	هٰذِهِ الْقَرْيَةِ
ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے	ابراہیم	خوشخبری لے کر	انہوں نے کہا	بیشک ہم	ہلاک کرنے والے	لوگ	اس بستی

ہمارے فرشتے ابراہیمؑ کے پاس خوشخبری لے کر، انہوں نے کہا بیشک ہم اس بستی کے لوگوں کو ہلاک کرنیوالے ہیں

اِنَّ اَهْلَهَا كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿۳۱﴾ قَالَ اِنَّ فِيْهَا لُوْطًا ۭ قَالُوْا نَحْنُ اَعْلَمُ

اِنَّ	اَهْلَهَا	كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ	قَالَ	اِنَّ فِيْهَا	لُوْطًا	قَالُوْا	نَحْنُ	اَعْلَمُ
بیشک	اس کے لوگ	ظالم (بڑے شریر) ہیں	ابراہیم نے کہا	بیشک اس میں	لوط ہے	وہ بولے	ہم	خوب جانتے ہیں

بیشک اس (بستی) کے لوگ بڑے شریر ہیں۔ ابراہیمؑ نے کہا بیشک اس (بستی) میں لوطؑ (بھی ہے) وہ (فرشتے) بولے ہم خوب جانتے ہیں

بِمَنْ فِيْهَا ڭ لَنُنَجِّيَنَّهٗ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ڭ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۳۲﴾

بِمَنْ فِيْهَا	لَنُنَجِّيَنَّهٗ	وَاَهْلَهٗٓ	اِلَّا	امْرَاَتَهٗ	كَانَتْ	مِنَ	الْغٰبِرِيْنَ
اس کو جو اس میں	البتہ ہم بچالیں گے اس کو	اور اس کے گھر والے	سوا	اس کی بیوی	وہ ہے	سے	پیچھے رہ جانے والے

اس کو جو اس (بستی) میں ہے، البتہ ہم اس کو اور اس کے گھر والوں کو اس کی بیوی کے سوا ضرور بچالیں گے (کہ) وہ پیچھے رہ جانے والوں میں سے ہے۔

وَلَمَّآ اَنْ جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْٓءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَّقَالُوْا

وَلَمَّآ	اَنْ	جَآءَتْ	رُسُلُنَا	لُوْطًا	سِيْٓءَ	بِهِمْ	وَضَاقَ	بِهِمْ	ذَرْعًا	وَّقَالُوْا
اور جب	کہ	آئے	ہمارے فرشتے	لوط کے پاس	پریشان ہوا	ان سے	اور تنگ ہوا	ان سے	دل میں	اور وہ بولے

اور جب ہمارے فرشتے لوطؑ کے پاس آئے وہ ان (کے آنے) سے پریشان ہوا اور ان کی وجہ سے دل تنگ ہوا اور وہ بولے

لَا تَخَفْ وَلَا تَحْزَنْ اِنَّا مُنَجُّوْكَ وَاَهْلَكَ اِلَّا امْرَاَتَكَ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۳۳﴾

لَا تَخَفْ	وَلَا تَحْزَنْ	اِنَّا مُنَجُّوْكَ	وَاَهْلَكَ	اِلَّا	امْرَاَتَكَ	كَانَتْ	مِنَ	الْغٰبِرِيْنَ
ڈرو نہیں	اور نہ غم کھاؤ	بیشک ہم بچانے والے ہیں تجھے	اور تیرے گھر والے	سوا	تیری بیوی	وہ ہے	سے	پیچھے رہ جانے والے

ڈرو نہیں اور غم نہ کھاؤ، بیشک ہم تیری بیوی کے سوا تجھے اور تیرے گھر والوں کو بچانے والے ہیں (کہ) وہ پیچھے رہ جانے والوں میں سے ہے۔

اِنَّا مُنْزِلُوْنَ عَلٰٓى اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۳۴﴾

اِنَّا	مُنْزِلُوْنَ	عَلٰٓى	اَهْلِ	هٰذِهِ الْقَرْيَةِ	رِجْزًا	مِّنَ السَّمَآءِ	بِمَا	كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ
بیشک ہم	نازل کرنے والے	پر	لوگ	اس بستی	عذاب	آسمان سے	اس وجہ سے کہ	وہ بدکاری کرتے تھے

بیشک ہم اس بستی پر آسمان سے عذاب نازل کرنے والے ہیں، اس وجہ سے کہ وہ بدکاری کرتے تھے۔

وَلَقَدْ تَّرَكْنَا مِنْهَآ اٰيَةًۢ بَيِّنَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ

وَلَقَدْ تَّرَكْنَا	مِنْهَآ	اٰيَةًۢ بَيِّنَةً	لِّقَوْمٍ	يَّعْقِلُوْنَ	وَ	اِلٰى مَدْيَنَ	اَخَاهُمْ
اور البتہ ہم نے چھوڑا	اس سے	کچھ واضح نشانی	لوگوں کے لئے	وہ عقل رکھتے ہیں	اور	مدین کی طرف	ان کا بھائی

اور البتہ ہم نے اس (بستی) سے کچھ واضح نشان ان لوگوں کے لئے چھوڑے (باقی رکھے) جو عقل رکھتے ہیں۔ اور مدین (والوں) کی طرف ان کے بھائی

شُعَيْبًا ۙ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَارْجُوا الْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَ

شُعَيْبًا	فَقَالَ	يٰقَوْمِ	اعْبُدُوا	اللّٰهَ	وَارْجُوا	الْيَوْمَ الْاٰخِرَ	وَ
شعیب کو	پس اس نے کہا	اے میری قوم	تم عبادت کرو	اللہ	اور امیدوار رہو	آخرت کا دن	اور

شعیبؑ کو (بھیجا) پس اس نے کہا اے میری قوم! تم اللہ کی عبادت کرو اور آخرت کے دن کے امیدوار رہو، اور

لَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿۳۶﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَتْهُمُ

لَا تَعْثَوْا	فِى الْاَرْضِ	مُفْسِدِيْنَ	فَكَذَّبُوْهُ	فَاَخَذَتْهُمُ
نہ پھرو	زمین میں	فساد کرتے ہوئے (مچاتے)	پھر انہوں نے جھٹلایا اس کو	تو آ پکڑا انہیں

زمین میں فساد مچاتے نہ پھرو۔ پھر انہوں نے اس کو جھٹلایا تو اُن کو آ پکڑا

الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِىْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۳۷﴾ وَعَادًا وَّثَمُوْدَا۠ وَقَدْ

الرَّجْفَةُ	فَاَصْبَحُوْا	فِىْ دَارِهِمْ	جٰثِمِيْنَ	وَعَادًا	وَّثَمُوْدَا۠	وَقَدْ
زلزلہ	پس وہ صبح کو ہو گئے	اپنے گھر میں	اوندھے پڑے ہوئے	اور عاد	اور ثمود	اور تحقیق

زلزلے نے پس وہ صبح کو اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے۔ اور (ہم نے ہلاک کیا) عاد اور ثمود کو، اور تحقیق

تَّبَيَّنَ لَكُمْ مِّنْ مَّسٰكِنِهِمْ ۫ وَ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ

اَعْمَالَهُمْ	الشَّيْطٰنُ	لَهُمُ	وَ زَيَّنَ	مِّنْ مَّسٰكِنِهِمْ	لَكُمْ	تَّبَيَّنَ
ان کے اعمال	شیطان	ان کے لئے	اور بھلے کر دکھائے	ان کے رہنے کے مقامات	تم پر	واضح ہو گئے ہیں

تم پر ان کے رہنے کے مقامات واضح ہو گئے ہیں، اور شیطان نے ان کے اعمال ان کے لئے (انہیں) بھلے کر دکھائے

فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ وَ كَانُوْا مُسْتَبْصِرِيْنَ ۝۳۸ وَ قَارُوْنَ وَ

وَ	وَ قَارُوْنَ	مُسْتَبْصِرِيْنَ	وَ كَانُوْا	السَّبِيْلِ	عَنِ	فَصَدَّهُمْ
اور	اور قارون	سمجھ بوجھ والے	حالانکہ وہ تھے	راہ	سے	پھر روک دیا انہیں

پھر انہیں راہِ (حق) سے روک دیا، حالانکہ وہ سمجھ بوجھ والے تھے۔ اور (ہم نے ہلاک کیا) قارون اور

فِرْعَوْنَ وَ هَامٰنَ ۫ وَ لَقَدْ جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ فَاسْتَكْبَرُوْا

فَاسْتَكْبَرُوْا	بِالْبَيِّنٰتِ	مُّوْسٰى	لَقَدْ جَآءَهُمْ	وَ	وَ هَامٰنَ	فِرْعَوْنَ
تو انہوں نے تکبر کیا	کھلی نشانیوں کے ساتھ	موسیٰ	اور البتہ آئے ان کے پاس	اور	اور ہامان	فرعون

فرعون، اور ہامان کو، اور ان کے پاس موسیٰؑ کھلی نشانیوں کے ساتھ آئے تو انہوں نے تکبر کیا

فِي الْاَرْضِ وَ مَا كَانُوْا سٰبِقِيْنَ ۝۳۹ فَكُلًّا اَخَذْنَا بِذَنْۢبِهٖ فَمِنْهُمْ

فَمِنْهُمْ	بِذَنْۢبِهٖ	اَخَذْنَا	فَكُلًّا	سٰبِقِيْنَ	مَا كَانُوْا	وَ	فِي الْاَرْضِ
تو ان میں سے	اس کے گناہ پر	ہم نے پکڑا	پس ہر ایک	بچ کر بھاگ نکلنے والے	وہ نہ تھے	اور	زمین (ملک) میں

ملک میں، اور وہ بچ کر بھاگ نکلنے والے نہ تھے۔ پس ہم نے ہر ایک کو اس کے گناہ پر پکڑا تو ان میں سے (بعض وہ ہیں)

مَّنْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِ حَاصِبًا ۚ وَ مِنْهُمْ مَّنْ اَخَذَتْهُ الصَّيْحَةُ ۚ وَ مِنْهُمْ

وَمِنْهُمْ	الصَّيْحَةُ	اَخَذَتْهُ	مَّنْ	وَ مِنْهُمْ	حَاصِبًا	عَلَيْهِ	اَرْسَلْنَا	مَّنْ
اور ان میں سے	چنگھاڑ	اس کو پکڑا	جو (بعض)	اور ان میں سے	پتھروں کی بارش	اس پر	ہم نے بھیجی	جو

جن پر ہم نے پتھروں کی بارش بھیجی، اور ان میں سے بعض کو چنگھاڑ نے آ پکڑا، اور ان میں سے

مَّنْ خَسَفْنَا بِهِ الْاَرْضَ ۚ وَ مِنْهُمْ مَّنْ اَغْرَقْنَا ۚ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ

لِيَظْلِمَهُمْ	اللّٰهُ	وَ مَا كَانَ	مَّنْ اَغْرَقْنَا	وَ مِنْهُمْ	الْاَرْضَ	بِهِ	خَسَفْنَا	مَّنْ
ظلم کرتا ان پر	اللہ	اور نہیں ہے	جو ہم نے غرق کر دیا	اور ان میں سے	زمین	اس کو	ہم نے دھنسا دیا	جو

بعض کو ہم نے زمین میں دھنسا دیا، اور ان میں سے بعض کو ہم نے غرق کر دیا، اور اللہ (ایسا) نہیں کہ ان پر ظلم کرتا

وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿٤٠﴾ مَثَلُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	اتَّخَذُوْا	الَّذِيْنَ	مَثَلُ	يَظْلِمُوْنَ	اَنْفُسَهُمْ	كَانُوْٓا	وَلٰكِنْ
اللہ کے سوا	بنائے	وہ لوگ جنہوں نے	مثال	ظلم کرتے	خود اپنی جانوں پر	وہ تھے	اور لیکن (بلکہ)

بلکہ وہ خود اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے۔ ان لوگوں کی مثال جنہوں نے بنائے اللہ کے سوا

اَوْلِيَآءَ كَمَثَلِ الْعَنْكَبُوْتِ ۚ اِتَّخَذَتْ بَيْتًا ۭ وَاِنَّ اَوْهَنَ الْبُيُوْتِ لَبَيْتُ

لَبَيْتُ	الْبُيُوْتِ	اَوْهَنَ	وَاِنَّ	بَيْتًا	اِتَّخَذَتْ	الْعَنْكَبُوْتِ	كَمَثَلِ	اَوْلِيَآءَ
گھر ہے	گھروں میں	سب سے کمزور	اور بیشک	ایک گھر	اس نے بنایا	مکڑی	مانند	مددگار

اور مددگار، مکڑی کی مانند ہے، اس نے ایک گھر بنایا، اور گھروں میں سب سے کمزور گھر

الْعَنْكَبُوْتِ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿٤١﴾ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ

مِنْ	مَا يَدْعُوْنَ	يَعْلَمُ	اللّٰهَ	اِنَّ	يَعْلَمُوْنَ	لَوْ كَانُوْا	الْعَنْكَبُوْتِ
سے	جو وہ پکارتے ہیں	جانتا ہے	اللہ	بیشک	جانتے	کاش ہوتے وہ	مکڑی کا

مکڑی کا ہے، کاش وہ جانتے ہوتے۔ بے شک اللہ جانتا ہے جو وہ پکارتے ہیں،

دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٤٢﴾ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا

نَضْرِبُهَا	الْاَمْثَالُ	وَتِلْكَ	الْحَكِيْمُ	الْعَزِيْزُ	وَهُوَ	مِنْ شَيْءٍ	دُوْنِهٖ
ہم وہ بیان کرتے ہیں	مثالیں	اور یہ	حکمت والا	غالب زبردست ہے	اور وہ	کوئی چیز	اس کے سوا

اس کے سوا کوئی چیز، اور وہ غالب، حکمت والا ہے۔ اور یہ مثالیں ہم بیان کرتے ہیں،

لِلنَّاسِ ۚ وَمَا يَعْقِلُهَآ اِلَّا الْعٰلِمُوْنَ ﴿٤٣﴾ خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

وَالْاَرْضَ	السَّمٰوٰتِ	اللّٰهُ	خَلَقَ	الْعٰلِمُوْنَ	اِلَّا	وَمَا يَعْقِلُهَآ	لِلنَّاسِ
اور زمین	آسمان (جمع)	اللہ نے	پیدا کئے	جاننے والے	سوا	اور نہیں سمجھتے انہیں	لوگوں کے لئے

لوگوں کے لئے، اور انہیں نہیں سمجھتے جاننے والوں کے سوا۔ اور اللہ نے آسمان اور زمین پیدا کئے

بِالْحَقِّ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٤٤﴾ ع

لِّلْمُؤْمِنِيْنَ	لَاٰيَةً	فِيْ ذٰلِكَ	اِنَّ	بِالْحَقِّ
ایمان والوں کے لئے	البتہ نشانی	اس میں	بیشک	حکمت کے ساتھ

حکمت کے ساتھ، بیشک اس میں ایمان والوں کے لئے نشانی ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
نوٹ فرمالیں
پارہ ۲۰ صفحہ پر ۸۶۷ پر ختم ہوا ہے
پارہ ۲۱ صفحہ ۸۷۱ سے شروع ہو رہا
ہے۔
درمیان میں تین صفحات کے نمبر
(۸۶۸ تا ۸۷۰) زائد ہیں
شکریہ

اُتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى

اُتْلُ	مَآ	اُوْحِيَ	اِلَيْكَ	مِنَ الْكِتٰبِ	وَاَقِمِ	الصَّلٰوةَ	اِنَّ	الصَّلٰوةَ	تَنْهٰى
آپ پڑھیں	جو	وحی کی گئی	آپ کی طرف	کتاب سے	اور قائم کریں	نماز	بیشک	نماز	روکتی ہے

آپؐ پڑھیں جو آپؐ کی طرف کتاب وحی کی گئی ہے، اور نماز قائم کریں، بے شک نماز روکتی ہے

عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ ؕ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَ

عَنِ	الْفَحْشَآءِ	وَالْمُنْكَرِ	وَلَذِكْرُ اللّٰهِ	اَكْبَرُ	وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	مَا تَصْنَعُوْنَ	وَ
سے	بے حیائی	اور بُری بات	اور البتہ اللہ کی یاد	سب سے بڑی بات	اور اللہ	جانتا ہے	جو تم کرتے ہو	اور

بے حیائی اور بُری بات سے، اور البتہ اللہ کی یاد سب سے بڑی بات ہے، اور اللہ جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔ اور

لَا تُجَادِلُوْٓا اَهْلَ الْكِتٰبِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ۖ اِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ وَ

لَا تُجَادِلُوْٓا	اَهْلَ الْكِتٰبِ	اِلَّا	بِالَّتِيْ	هِيَ اَحْسَنُ	اِلَّا	الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا	مِنْهُمْ	وَ
تم نہ جھگڑو	اہل کتاب	مگر	اس طریقہ سے جو	وہ بہتر	بجز	جن لوگوں نے ظلم کیا	ان میں سے	اور

تم اہل کتاب سے نہ جھگڑو، مگر اس طریقہ سے جو بہتر ہو، بجز ان میں سے جن لوگوں نے ظلم کیا، اور

قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَاُنْزِلَ اِلَيْكُمْ وَاِلٰهُنَا وَاِلٰهُكُمْ وَاحِدٌ وَّنَحْنُ

قُوْلُوْٓا	اٰمَنَّا بِالَّذِيْٓ	اُنْزِلَ	اِلَيْنَا	وَاُنْزِلَ	اِلَيْكُمْ	وَاِلٰهُنَا	وَاِلٰهُكُمْ	وَاحِدٌ	وَّنَحْنُ
تم کہو	ہم ایمان لائے اس پر جو	نازل کیا گیا	ہماری طرف	اور نازل کیا گیا	تمہاری طرف	اور ہمارا معبود	اور تمہارا معبود	ایک	اور ہم

تم کہو ہم اس پر ایمان لائے جو ہماری طرف نازل کیا گیا اور جو تمہاری طرف نازل کیا گیا، اور ہمارا معبود اور تمہارا معبود ایک ہے اور ہم

لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ ؕ فَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يُؤْمِنُوْنَ

لَهٗ	مُسْلِمُوْنَ	وَ	كَذٰلِكَ	اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ	الْكِتٰبَ	فَالَّذِيْنَ	اٰتَيْنٰهُمُ	الْكِتٰبَ	يُؤْمِنُوْنَ
اس کے	فرمانبردار (جمع)	اور	اسی طرح	ہم نے نازل کی تمہاری طرف	کتاب	پس وہ لوگ	ہم نے دی انہیں	کتاب	وہ ایمان لاتے ہیں

اس کے فرمانبردار ہیں۔ اور اسی طرح ہم نے تمہاری طرف کتاب نازل کی، پس جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی ہے وہ ایمان لاتے ہیں

بِهٖ ۚ وَمِنْ هٰٓؤُلَآءِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ ؕ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الْكٰفِرُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَ

بِهٖ	وَ	مِنْ هٰٓؤُلَآءِ	مَنْ يُّؤْمِنُ	بِهٖ	وَمَا يَجْحَدُ	بِاٰيٰتِنَآ	اِلَّا	الْكٰفِرُوْنَ	وَ
اس پر	اور	ان (اہل مکہ) سے	بعض ایمان لاتے ہیں	اس پر	اور وہ نہیں انکار کرتے	ہماری آیتوں کا	مگر (صرف)	کافر (جمع)	اور

اس پر، اور اہل مکہ میں سے بعض اس پر ایمان لاتے ہیں، اور ہماری آیتوں سے انکار صرف کافر کرتے ہیں۔ اور

وَمَا كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۴۸﴾

الْمُبْطِلُوْنَ	لَّارْتَابَ	اِذًا	بِيَمِيْنِكَ	وَلَا تَخُطُّهٗ	مِنْ كِتٰبٍ	مِنْ قَبْلِهٖ	كُنْتَ تَتْلُوْا	مَا
حق ناشناس	البتہ شک کرتے	اس (صورت) میں	اپنے داہنے ہاتھ سے	اور نہ اسے لکھتے تھے	کوئی کتاب	اس سے قبل	آپ پڑھتے تھے	نہ

آپ اس سے (نزولِ قرآن سے) قبل کوئی کتاب پڑھتے تھے اور نہ اپنے ہاتھ سے اسے لکھتے تھے۔ اس صورت میں البتہ حق ناشناس شک کرتے۔

بَلْ هُوَ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ فِيْ صُدُوْرِ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ ؕ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَاۤ اِلَّا الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۹﴾

الظّٰلِمُوْنَ	اِلَّا	بِاٰيٰتِنَا	وَمَا يَجْحَدُ	اُوْتُوا الْعِلْمَ	الَّذِيْنَ	فِيْ صُدُوْرِ	اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ	بَلْ هُوَ
ظالم (جمع)	مگر (صرف)	ہماری آیتوں کا	اور نہیں انکار کرتے	علم دیا گیا	وہ لوگ جنہیں	سینوں میں	واضح آیتیں	بلکہ وہ (یہ)

بلکہ یہ واضح آیتیں ان لوگوں کے سینوں میں (محفوظ) ہیں جنہیں علم دیا گیا، اور ہماری آیتوں کا انکار صرف ظالم کرتے ہیں۔

وَقَالُوْا لَوْلَاۤ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيٰتٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَ

وَ	عِنْدَ اللّٰهِ	الْاٰيٰتُ	اِنَّمَا	قُلْ	مِنْ رَّبِّهٖ	اٰيٰتٌ	عَلَيْهِ	اُنْزِلَ	لَوْلَا	وَقَالُوْا
اور	اللہ کے پاس	نشانیاں	اسکے سوا نہیں	آپ فرمادیں	اسکے رب سے	نشانیاں	اس پر	نازل کی گئی	کیوں نہ	اور وہ بولے

اور وہ بولے اس پر اس کے رب کی طرف سے نشانیاں (معجزات) کیوں نہ نازل کی گئیں، آپ فرمادیں کہ اسکے سوا نہیں نشانیاں (معجزات) اللہ کے پاس ہیں اور

اِنَّمَاۤ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۵۰﴾ اَوَلَمْ يَكْفِهِمْ اَنَّاۤ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ يُتْلٰى عَلَيْهِمْ ؕ

عَلَيْهِمْ	يُتْلٰى	الْكِتٰبَ	عَلَيْكَ	اَنَّاۤ اَنْزَلْنَا	اَوَلَمْ يَكْفِهِمْ	مُّبِيْنٌ	نَذِيْرٌ	اِنَّمَاۤ اَنَا
ان پر	پڑھی جاتی ہے	کتاب	آپ پر	کہ ہم نے نازل کی	کیا ان کے لئے کافی نہیں	صاف صاف	ڈرانے والا	اس کے سوا نہیں کہ میں

اس کے سوا نہیں کہ میں صاف صاف ڈرانے والا ہوں۔ کیا ان لوگوں کے لئے کافی نہیں کہ ہم نے آپ پر کتاب نازل کی جو ان پر پڑھی جاتی ہے

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَرَحْمَةً وَّذِكْرٰى لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۱﴾ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ بَيْنِيْ وَ

وَ	بَيْنِيْ	بِاللّٰهِ	كَفٰى	قُلْ	يُّؤْمِنُوْنَ	لِقَوْمٍ	وَّذِكْرٰى	لَرَحْمَةً	فِيْ ذٰلِكَ	اِنَّ
اور	میرے درمیان	اللہ	کافی ہے	آپ فرمادیں	وہ ایمان لاتے ہیں	ان لوگوں کے لئے	اور نصیحت	البتہ رحمت ہے	اس میں	بیشک

بیشک اس میں ان لوگوں کے لئے رحمت اور نصیحت ہے جو ایمان لاتے ہیں۔ آپ فرمادیں اللہ کافی ہے میرے اور

بَيْنَكُمْ شَهِيْدًا ۚ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْبَاطِلِ

بِالْبَاطِلِ	اٰمَنُوْا	وَالَّذِيْنَ	وَالْاَرْضِ	فِي السَّمٰوٰتِ	مَا	يَعْلَمُ	شَهِيْدًا	بَيْنَكُمْ
باطل پر	ایمان لائے	اور جو لوگ	اور زمین میں	آسمانوں میں	جو	وہ جانتا ہے	گواہ	تمہارے درمیان

تمہارے درمیان گواہ، وہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے، اور جو لوگ باطل پر ایمان لائے

وَكَفَرُوا بِاللّٰهِ أُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُونَ ﴿۵۲﴾ وَيَسْتَعْجِلُونَكَ بِالْعَذَابِ ۭ وَلَوْلَآ أَجَلٌ

وَكَفَرُوا	بِاللّٰهِ	أُولٰٓئِكَ	هُمُ الْخٰسِرُونَ	وَيَسْتَعْجِلُونَكَ	بِالْعَذَابِ	وَلَوْلَا	أَجَلٌ
اور وہ منکر ہوئے	اللہ کے	وہی ہیں	وہ گھاٹا پانے والے	اور وہ آپؐ سے جلدی کرتے ہیں	عذاب کی	اور اگر نہ	میعاد

اور اللہ کے منکر ہوئے وہی لوگ ہیں گھاٹا پانے والے۔ اور وہ آپؐ سے عذاب کی جلدی کرتے ہیں، اور اگر میعاد نہ ہوتی

مُّسَمًّى لَّجَآءَهُمُ الْعَذَابُ ۭ وَلَيَأْتِيَنَّهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ﴿۵۳﴾

مُّسَمًّى	لَّجَآءَهُمُ	الْعَذَابُ	وَلَيَأْتِيَنَّهُمْ	بَغْتَةً	وَّهُمْ	لَا يَشْعُرُونَ
مقرر	آچکا ہوتا ان پر	عذاب	اور ضرور ان پر آئے گا	اچانک	اور وہ	انہیں خبر نہ ہو گی

مقرر، تو ان پر عذاب آچکا ہوتا، اور وہ ان پر ضرور اچانک آئے گا اور انہیں خبر (بھی) نہ ہو گی۔

يَسْتَعْجِلُونَكَ بِالْعَذَابِ ۭ وَإِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيطَةٌ ۢ بِالْكٰفِرِينَ ﴿۵۴﴾ يَوْمَ يَغْشٰهُمُ

يَسْتَعْجِلُونَكَ	بِالْعَذَابِ	وَإِنَّ	جَهَنَّمَ	لَمُحِيطَةٌ	بِالْكٰفِرِينَ	يَوْمَ	يَغْشٰهُمُ
وہ آپؐ سے جلدی کرتے ہیں	عذاب کی	اور بیشک	جہنم	البتہ گھیرے ہوئے	کافروں کو	(جس) دن	انہیں ڈھانپ لے گا

اور وہ آپؐ سے عذاب کی جلدی کرتے ہیں اور بیشک جہنم کافروں کو گھیرے ہوئے ہے" جس دن انہیں ڈھانپ لے گا

الْعَذَابُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ أَرْجُلِهِمْ وَيَقُولُ ذُوقُوا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿۵۵﴾

الْعَذَابُ	مِنْ فَوْقِهِمْ	وَ	مِنْ تَحْتِ	أَرْجُلِهِمْ	وَيَقُولُ	ذُوقُوا	مَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ
عذاب	ان کے اوپر سے	اور	نیچے سے	ان کے پاؤں	اور وہ کہے گا	چکھو	جو	تم کرتے تھے

عذاب، ان کے اوپر سے اور ان کے پاؤں کے نیچے سے اور (اللہ تعالیٰ) کہے گا (اس کا مزہ) چکھو جو تم کرتے تھے۔

يٰعِبَادِيَ الَّذِينَ آمَنُوٓا إِنَّ أَرْضِي وَاسِعَةٌ فَإِيَّايَ فَاعْبُدُونِ ﴿۵۶﴾ كُلُّ نَفْسٍ

يٰعِبَادِيَ	الَّذِينَ آمَنُوٓا	إِنَّ	أَرْضِي	وَاسِعَةٌ	فَإِيَّايَ	فَاعْبُدُونِ	كُلُّ نَفْسٍ
اے میرے بندو	جو ایمان لائے	بیشک	میری زمین	وسیع	پس میری ہی	تم عبادت کرو	ہر شخص

اے میرے بندو! جو ایمان لائے ہو، بیشک میری زمین وسیع ہے، پس تم میری ہی عبادت کرو۔ ہر شخص کو

ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ۟ ثُمَّ إِلَيْنَا تُرْجَعُونَ ﴿۵۷﴾ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُبَوِّئَنَّهُمْ

ذَآئِقَةُ	الْمَوْتِ	ثُمَّ إِلَيْنَا	تُرْجَعُونَ	وَ	الَّذِينَ آمَنُوا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	لَنُبَوِّئَنَّهُمْ
چکھنا	موت	پھر ہماری طرف	تم لوٹائے جاؤ گے	اور	جو لوگ ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	نیک	ہم ضرور انہیں جگہ دیں گے

موت (کا مزہ) چکھنا ہے، پھر تم ہماری طرف لوٹائے جاؤ گے۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے ہم ضرور انہیں جگہ دیں گے

مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ نِعْمَ اَجْرُ

نِعْمَ اَجْرُ	فِيْهَا	خٰلِدِيْنَ	الْاَنْهٰرُ	مِنْ تَحْتِهَا	تَجْرِيْ	غُرَفًا	الْجَنَّةِ	مِنَ
(کیا ہی) اچھا اجر	اس میں	وہ ہمیشہ رہیں گے	نہریں	اس کے نیچے سے	جاری ہیں	بالاخانے	جنت	سے ، کے

جنت کے بالاخانوں میں، اس کے نیچے نہریں جاری ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے، کیا ہی اچھا اجر ہے

الْعٰمِلِيْنَ ﴿۵۸﴾ الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ

لَا تَحْمِلُ	مِنْ دَآبَّةٍ	وَكَاَيِّنْ	يَتَوَكَّلُوْنَ	وَعَلٰى رَبِّهِمْ	الَّذِيْنَ صَبَرُوْا	الْعٰمِلِيْنَ
نہیں اٹھاتے	جانور	اور بہت سے	وہ بھروسہ کرتے ہیں	اور وہ اپنے رب پر	جن لوگوں نے صبر کیا	کام کرنے والے

کام کرنے والوں کا۔ جن لوگوں نے صبر کیا اور وہ اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہیں۔ اور بہت سے جانور ہیں (جو) نہیں اٹھائے (پھرتے)

رِزْقَهَا ۖ اَللّٰهُ يَرْزُقُهَا وَاِيَّاكُمْ ۖ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۶۰﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ

سَاَلْتَهُمْ	وَلَئِنْ	الْعَلِيْمُ	السَّمِيْعُ	وَهُوَ	وَاِيَّاكُمْ	يَرْزُقُهَا	اَللّٰهُ	رِزْقَهَا
تم پوچھو ان سے	اور البتہ اگر	جاننے والا	سننے والا	اور وہ	اور تمہیں بھی	انہیں روزی دیتا ہے	اللہ	اپنی روزی

اپنی روزی، اللہ انہیں روزی دیتا ہے، اور تمہیں بھی، اور وہ سننے والا، جاننے والا ہے۔ اور البتہ اگر تم ان سے پوچھو

مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۚ

اللّٰهُ	لَيَقُوْلُنَّ	وَالْقَمَرَ	الشَّمْسَ	وَسَخَّرَ	وَالْاَرْضَ	السَّمٰوٰتِ	مَنْ خَلَقَ
اللہ	وہ ضرور کہیں گے	اور چاند	سورج	اور مسخر کیا (کام میں لگایا)	اور زمین	آسمان (جمع)	کس نے بنایا

کس نے زمین اور آسمانوں کو بنایا؟ اور سورج اور چاند کو کام میں لگایا؟ تو وہ ضرور کہیں گے "اللہ نے"

فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿۶۱﴾ اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ؕ

لَهٗ	وَيَقْدِرُ	مِنْ عِبَادِهٖ	لِمَنْ يَّشَآءُ	الرِّزْقَ	يَبْسُطُ	اَللّٰهُ	يُؤْفَكُوْنَ	فَاَنّٰى
اس کے لئے	اور تنگ کر دیتا ہے	اپنے بندوں میں سے	جس کے لئے وہ چاہتا ہے	روزی	فراخ کرتا ہے	اللہ	وہ الٹے پھرے جاتے ہیں	پھر کہاں

پھر وہ کہاں الٹے پھرے جاتے ہیں؟ اللہ اپنے بندوں میں سے جس کے لئے چاہے روزی فراخ کرتا ہے اور (جس کے لئے چاہے) اس کے لئے تنگ کر دیتا ہے

اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۶۲﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ نَّزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً

مَآءً	مِنَ السَّمَآءِ	نَزَّلَ	مَنْ	سَاَلْتَهُمْ	وَلَئِنْ	عَلِيْمٌ	بِكُلِّ شَيْءٍ	اِنَّ اللّٰهَ
پانی	آسمان سے	اتارا	کس نے	تم ان سے پوچھو	اور البتہ اگر	جاننے والا	ہر چیز کا	بیشک اللہ

بیشک اللہ ہر چیز کا جاننے والا ہے۔ اور البتہ اگر تم ان سے پوچھو کس نے آسمانوں سے پانی اتارا؟

فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِ مَوْتِهَا لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ

فَاَحْيَا	بِهِ	الْاَرْضَ	مِنْۢ بَعْدِ	مَوْتِهَا	لَيَقُوْلُنَّ	اللّٰهُ	قُلِ	الْحَمْدُ لِلّٰهِ	بَلْ
پھر زندہ کردیا	اس سے	زمین	بعد	اس کا مرنا	البتہ وہ کہیں گے	اللہ	آپ کہہ دیں	تمام تعریفیں اللہ کے لئے	لیکن

پھر اس سے زمین کو اس کے مرنے کے بعد زندہ کر دیا، وہ ضرور کہیں گے "اللہ نے"، آپ فرما دیں تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، لیکن

اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۶۳﴾ وَمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَهْوٌ وَّلَعِبٌ ؕ وَاِنَّ

اَكْثَرُهُمْ	لَا يَعْقِلُوْنَ	وَمَا	هٰذِهِ	الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ	اِلَّا لَهْوٌ	وَّلَعِبٌ	وَاِنَّ
ان میں اکثر	عقل سے کام نہیں لیتے	اور نہیں	یہ	دنیا کی زندگی	سوائے کھیل	اور کود	اور بیشک

ان میں اکثر عقل سے کام نہیں لیتے۔ اور یہ دنیا کی زندگی کھیل کود کے سوا کچھ نہیں، اور بیشک

الدَّارَ الْاٰخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۶۴﴾ فَاِذَا رَكِبُوْا فِي الْفُلْكِ دَعَوُا اللّٰهَ

الدَّارَ الْاٰخِرَةَ	لَهِيَ	الْحَيَوَانُ	لَوْ	كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ	فَاِذَا	رَكِبُوْا	فِي الْفُلْكِ	دَعَوُا اللّٰهَ
آخرت کا گھر	البتہ وہی	زندگی	کاش	وہ جانتے ہوتے	پھر جب	وہ سوار ہوتے ہیں	کشتی میں	اللہ کو پکارتے ہیں

آخرت کا گھر ہی (اصل) زندگی ہے، کاش وہ جانتے ہوتے۔ پھر جب وہ کشتی میں سوار ہوتے ہیں تو اللہ کو پکارتے ہیں

مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ اِذَا هُمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۵﴾ لِيَكْفُرُوْا بِمَآ

مُخْلِصِيْنَ	لَهُ الدِّيْنَ	فَلَمَّا	نَجّٰىهُمْ	اِلَى الْبَرِّ	اِذَا هُمْ	يُشْرِكُوْنَ	لِيَكْفُرُوْا	بِمَآ
خالص رکھ کر	اس کے لئے اعتقاد	پھر جب	وہ انہیں نجات دیتا ہے	خشکی کی طرف	ناگہاں (فوراً) وہ	شرک کرنے لگتے ہیں	تاکہ ناشکری کریں	وہ جو

خالص اسی پر اعتقاد رکھتے ہوئے، پھر جب وہ انہیں خشکی کی طرف نجات دیتا (بچالاتا) ہے تو وہ فوراً شرک کرنے لگتے ہیں، تاکہ اس کی ناشکری کریں جو

اٰتَيْنٰهُمْ ۚۙ وَلِيَتَمَتَّعُوْا ۫ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۶۶﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا حَرَمًا اٰمِنًا وَّ

اٰتَيْنٰهُمْ	وَلِيَتَمَتَّعُوْا	فَسَوْفَ	يَعْلَمُوْنَ	اَوَ	لَمْ يَرَوْا	اَنَّا جَعَلْنَا	حَرَمًا	اٰمِنًا	وَّ
ہم نے انہیں دیا	اور تاکہ وہ فائدہ اٹھائیں	پس عنقریب وہ	جان لیں گے	کیا	انہوں نے نہیں دیکھا	کہ ہم نے بنایا	حرم (سرزمین مکہ)	امن کی جگہ	جبکہ

ہم نے انہیں دیا ہے اور تاکہ وہ فائدہ اٹھائیں، پس عنقریب وہ جان لیں گے۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے سرزمین مکہ کو امن کی جگہ بنایا، جبکہ

يُتَخَطَّفُ النَّاسُ مِنْ حَوْلِهِمْ ؕ اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَكْفُرُوْنَ ﴿۶۷﴾

يُتَخَطَّفُ	النَّاسُ	مِنْ	حَوْلِهِمْ	اَفَبِالْبَاطِلِ	يُؤْمِنُوْنَ	وَبِنِعْمَةِ	اللّٰهِ	يَكْفُرُوْنَ
اُچک لئے جاتے ہیں	لوگ	سے (کے)	انکے اردگرد	کیا پس باطل پر	ایمان لاتے ہیں	اور اللہ کی نعمت کی		ناشکری کرتے ہیں

اور اس کے اردگرد کے لوگ اُچک لئے جاتے ہیں، پس کیا وہ باطل پر ایمان لاتے ہیں اور اللہ کی نعمت کی ناشکری کرتے ہیں۔

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهٗ ؕ

وَمَنْ	اَظْلَمُ	مِمَّنِ	افْتَرٰى	عَلَى اللّٰهِ	كَذِبًا	اَوْ كَذَّبَ	بِالْحَقِّ	لَمَّا	جَآءَهٗ
اور کون	بڑا ظالم	اس سے جس نے	باندھا	اللہ پر	جھوٹ	یا جھٹلایا	حق کو	جب	وہ آیا اس کے پاس

اور اس سے بڑا ظالم کون ہے؟ جس نے اللہ پر جھوٹ باندھا، یا جب حق اس کے پاس آیا اس نے اسے جھٹلایا

اَلَیْسَ فِیْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِیْنَ ﴿۶۸﴾ وَالَّذِیْنَ جَاهَدُوْا فِیْنَا لَنَهْدِیَنَّهُمْ

اَلَیْسَ	فِیْ جَهَنَّمَ	مَثْوًى	لِّلْكٰفِرِیْنَ	وَ	الَّذِیْنَ جَاهَدُوْا	فِیْنَا	لَنَهْدِیَنَّهُمْ
کیا نہیں	جہنم میں	ٹھکانہ	کافروں کے لئے	اور	جن لوگوں نے کوشش کی	ہماری (راہ) میں	ہم ضرور انہیں ہدایت دیں گے

کیا جہنم میں کافروں کے لئے ٹھکانہ نہیں؟ اور جن لوگوں نے ہماری راہ میں کوشش کی، ہم ضرور انہیں ہدایت دیں گے

سُبُلَنَا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۶۹﴾ ع

سُبُلَنَا	وَاِنَّ	اللّٰهَ	لَمَعَ الْمُحْسِنِیْنَ
اپنے راستے (جمع)	اور بیشک	اللہ	البتہ ساتھ ہے نیکوکاروں کے

اپنے راستوں کی، اور بیشک اللہ نیکوکاروں کے ساتھ ہے

ایاتها ۶۰ — ۳۰ سُوْرَةُ الرُّوْمِ مَكِّيَّةٌ ۸۴ — رکوعاتها ۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

الٓمّٓ ﴿۱﴾ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ﴿۲﴾ فِیْٓ اَدْنَى الْاَرْضِ وَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ غَلَبِهِمْ

الٓمّٓ ﴿۱﴾	غُلِبَتِ	الرُّوْمُ	فِیْٓ	اَدْنَى الْاَرْضِ	وَهُمْ	مِّنْۢ بَعْدِ	غَلَبِهِمْ
الٓمّٓ	مغلوب ہوگئے	رومی	میں	قریب کی زمین	اور وہ	بعد	اپنے مغلوب ہونے

الف۔لام۔میم۔ رومی قریب کی سرزمین میں مغلوب ہو گئے، اور وہ اپنے مغلوب ہونے کے بعد

سَیَغْلِبُوْنَ ﴿۳﴾ فِیْ بِضْعِ سِنِیْنَ ؕ لِلّٰهِ الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْۢ بَعْدُ ؕ وَیَوْمَئِذٍ

سَیَغْلِبُوْنَ	فِیْ	بِضْعِ سِنِیْنَ	لِلّٰهِ الْاَمْرُ	مِنْ قَبْلُ	وَمِنْۢ بَعْدُ	وَیَوْمَئِذٍ
عنقریب غالب ہوں گے	میں	چند سال (جمع)	اللہ ہی کے لئے حکم	پہلے	اور پیچھے	اور اس دن

عنقریب چند سالوں میں غالب ہوں گے۔ پہلے بھی اور پیچھے بھی اللہ ہی کا حکم ہے، اور اس دن

يَّفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝۴ بِنَصْرِ اللّٰهِ ؕ يَنْصُرُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝۵

يَّفْرَحُ	الْمُؤْمِنُوْنَ	بِنَصْرِ اللّٰهِ	يَنْصُرُ	مَنْ يَّشَآءُ	وَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الرَّحِيْمُ
خوش ہوں گے	اہل ایمان	اللہ کی مدد سے	وہ مدد دیتا ہے	جس کو چاہتا ہے	اور وہ	غالب	مہربان

اہل ایمان اللہ کی مدد سے خوش ہوں گے۔ وہ جس کو چاہتا ہے مدد دیتا ہے، اور وہ غالب، مہربان ہے۔

وَعْدَ اللّٰهِ ؕ لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ وَعْدَهٗ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝۶

وَعْدَ اللّٰهِ	لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ	وَعْدَهٗ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَ النَّاسِ	لَا يَعْلَمُوْنَ
اللہ کا وعدہ	خلاف نہیں کرتا اللہ	اپنا وعدہ	اور لیکن	اکثر لوگ	نہیں جانتے

(یہ) اللہ کا وعدہ ہے، اللہ اپنے وعدہ کے خلاف نہیں کرتا، اور لیکن اکثر لوگ جانتے نہیں۔

يَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا مِّنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚۖ وَهُمْ عَنِ الْاٰخِرَةِ هُمْ غٰفِلُوْنَ ۝۷

يَعْلَمُوْنَ	ظَاهِرًا	مِّنَ	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	وَهُمْ	عَنِ	الْاٰخِرَةِ	هُمْ	غٰفِلُوْنَ
وہ جانتے ہیں	ظاہر کو	سے	دنیا کی زندگی	اور وہ	سے	آخرت	وہ	غافل ہیں

وہ دنیا کی زندگی کے (صرف) ظاہر کو جانتے ہیں، اور وہ آخرت سے غافل ہیں۔

اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۟ مَا خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا

اَوَ	لَمْ يَتَفَكَّرُوْا	فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ	مَا	خَلَقَ	اللّٰهُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	وَمَا
کیا	وہ غور نہیں کرتے	اپنے جی (دل) میں	نہیں	پیدا کیا	اللہ	آسمانوں	اور زمین	اور جو

کیا وہ اپنے دل میں غور نہیں کرتے؟ اللہ نے نہیں پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو، اور جو کچھ

بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ

بَيْنَهُمَآ	اِلَّا	بِالْحَقِّ وَ	اَجَلٍ مُّسَمًّى	وَاِنَّ	كَثِيْرًا	مِّنَ النَّاسِ	بِلِقَآئِ	رَبِّهِمْ
ان کے درمیان	مگر	درست تدبیر سے ساتھ اور	ایک مقررہ میعاد	اور بیشک	اکثر	لوگ	ملاقات سے	اپنا رب

ان کے درمیان ہے مگر درست تدبیر کے ساتھ، اور ایک مقررہ میعاد کے لئے، اور بیشک اکثر لوگ اپنے رب کی ملاقات کے

لَكٰفِرُوْنَ ۝۸ اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

لَكٰفِرُوْنَ	اَوَ	لَمْ يَسِيْرُوْا	فِي الْاَرْضِ	فَيَنْظُرُوْا	كَيْفَ كَانَ	عَاقِبَةُ
منکر ہیں	کیا	انہوں نے سیر نہیں کی	زمین میں	جو وہ دیکھتے	کیسا ہوا	انجام

منکر ہیں۔ کیا انہوں نے زمین (دنیا) میں سیر نہیں کی کہ وہ دیکھتے کیسا انجام ہوا؟

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّاَثَارُوا الْاَرْضَ وَعَمَرُوْهَآ

الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	كَانُوْٓا	اَشَدَّ	مِنْهُمْ	قُوَّةً	وَّاَثَارُوا	الْاَرْضَ	وَعَمَرُوْهَآ
وہ لوگ جو	ان سے پہلے	وہ تھے	بہت زیادہ	ان سے	قوت میں	اور انہوں نے بویا جوتا	زمین	اور انہوں نے اس کو آباد کیا

ان لوگوں کا جو ان سے پہلے تھے، وہ قوت میں ان سے بہت زیادہ تھے، اور اُنہوں نے زمین کو بویا جوتا، اور اس کو آباد کیا،

اَكْثَرَ مِمَّا عَمَرُوْهَا وَجَاۗءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۭ فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ

اَكْثَرَ	مِمَّا	عَمَرُوْهَا	وَجَاۗءَتْهُمْ	رُسُلُهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ	فَمَا كَانَ	اللّٰهُ	لِيَظْلِمَهُمْ
زیادہ	اس سے جو	انہوں نے اسے آباد کیا	اور ان کے پاس آئے	ان کے رسول	روشن دلائل کے ساتھ	پس نہ تھا	اللہ	کہ ان پر ظلم کرتا

اس سے زیادہ (جس قدر) انہوں نے آباد کیا ہے، اور اُن کے پاس ان کے رسول روشن دلائل کے ساتھ آئے۔ پس اللہ (ایسا) نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا

وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۹ ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِيْنَ اَسَاۗءُوا السُّوْۗآٰى

وَلٰكِنْ	كَانُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	يَظْلِمُوْنَ	ثُمَّ	كَانَ	عَاقِبَةَ	الَّذِيْنَ	اَسَاۗءُوا	السُّوْۗآٰى
اور لیکن	وہ تھے	اپنی جانیں	ظلم کرتے	پھر	ہوا	انجام	وہ لوگ جنہوں نے	بُرے کام کئے	بُرا

اور لیکن وہ اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے۔ پھر جن لوگوں نے بُرے کام کئے ان کا انجام بُرا ہوا،

ع ۱۰ — ۱ — ۴

اَنْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَكَانُوْا بِهَا يَسْتَهْزِءُوْنَ ۱۰ اَللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ

اَنْ كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِ اللّٰهِ	وَكَانُوْا	بِهَا يَسْتَهْزِءُوْنَ	اَللّٰهُ	يَبْدَؤُا	الْخَلْقَ
کہ انہوں نے جھٹلایا	اللہ کی آیتوں کو	اور تھے	اس سے مذاق کرتے	اللہ	پہلی بار پیدا کرتا ہے	خلقت

کہ اُنہوں نے اللہ کی آیتوں کو جھٹلایا، اور وہ ان کا مذاق اڑاتے تھے۔ اللہ پہلی بار خلقت کو پیدا کرتا ہے

ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۱۱ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُبْلِسُ الْمُجْرِمُوْنَ ۱۲

ثُمَّ يُعِيْدُهٗ	ثُمَّ اِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ	وَيَوْمَ	تَقُوْمُ السَّاعَةُ	يُبْلِسُ	الْمُجْرِمُوْنَ
پھر وہ اسے دوبارہ (پیدا) کرے گا	پھر اس کی طرف	تم لوٹائے جاؤ گے	اور جس دن	برپا ہوگی قیامت	ناامید رہ جائیں گے	مجرم (جمع)

پھر وہ اسے دوبارہ پیدا کرے گا پھر تم اُسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔ اور جس دن قیامت برپا ہوگی مجرم ناامید ہو کر رہ جائیں گے۔

وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ مِّنْ شُرَكَاۗىِٕهِمْ شُفَعٰۗؤُا وَكَانُوْا بِشُرَكَاۗىِٕهِمْ كٰفِرِيْنَ ۱۳ وَيَوْمَ

وَلَمْ يَكُنْ	لَّهُمْ	مِّنْ شُرَكَاۗىِٕهِمْ	شُفَعٰۗؤُا	وَكَانُوْا	بِشُرَكَاۗىِٕهِمْ	كٰفِرِيْنَ	وَيَوْمَ
اور نہ ہوں گے	ان کے لئے	ان کے شریکوں میں سے	کوئی سفارشی	اور ہو جائیں گے	اپنے شریکوں کے	منکر	اور جس دن

اور ان کے شریکوں میں سے کوئی ان کے سفارشی نہ ہوں گے، اور وہ اپنے شریکوں کے منکر ہو جائیں گے۔ اور جس دن

تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَىِٕذٍ يَّتَفَرَّقُوْنَ ﴿۱۴﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

الصّٰلِحٰتِ	وَعَمِلُوْا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	فَاَمَّا	يَّتَفَرَّقُوْنَ	يَوْمَىِٕذٍ	تَقُوْمُ السَّاعَةُ
نیک	اور انہوں نے عمل کئے	لوگ ایمان لائے	پس جو	متفرق ہو جائیں گے	اس دن	قائم ہوگی قیامت

قیامت قائم ہوگی اس دن (لوگ) متفرق (تتر بتر) ہو جائیں گے۔ پس جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے

فَهُمْ فِيْ رَوْضَةٍ يُّحْبَرُوْنَ ﴿۱۵﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَ

وَ	بِاٰيٰتِنَا	وَكَذَّبُوْا	كَفَرُوْا	الَّذِيْنَ	وَاَمَّا	يُّحْبَرُوْنَ	فِيْ رَوْضَةٍ	فَهُمْ
اور	ہماری آیتوں کو	اور جھٹلایا	کفر کیا		اور جن لوگوں نے	خوشحال (آؤ بھگت کئے) جائیں گے	باغ میں	سو وہ

سو وہ باغ (جنت) میں آؤ بھگت کئے جائیں گے۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا، اور جھٹلایا ہماری آیتوں کو، اور

لِقَآئِ الْاٰخِرَةِ فَاُولٰٓئِكَ فِي الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ﴿۱۶﴾ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ

تُمْسُوْنَ	حِيْنَ	اللّٰهِ	فَسُبْحٰنَ	مُحْضَرُوْنَ	فِي الْعَذَابِ	فَاُولٰٓئِكَ	الْاٰخِرَةِ	لِقَآئِ
تم شام کرو (شام کے وقت)	جب	اللہ	پس پاکیزگی (بیان کرو)	حاضر (گرفتار) کئے جائیں گے	عذاب میں	پس یہی لوگ	آخرت	ملاقات کو

آخرت کی ملاقات کو، پس یہی لوگ عذاب میں گرفتار کئے جائیں گے۔ پس اللہ کی پاکیزگی بیان کرو شام کے وقت

وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ

وَحِيْنَ	وَعَشِيًّا	وَالْاَرْضِ	فِي السَّمٰوٰتِ	الْحَمْدُ	وَلَهُ	تُصْبِحُوْنَ	وَحِيْنَ
اور جب	اور بعد زوال (تیسرے پہر)	اور زمین	آسمانوں میں	تمام تعریفیں	اور اس کے لئے	تم صبح کرو (صبح کے وقت)	اور جب

اور صبح کے وقت۔ اور اسی کے لئے ہیں تمام تعریفیں آسمانوں میں اور زمین میں، اور تیسرے پہر اور

تُظْهِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ

وَيُحْيِ	مِنَ الْحَيِّ	الْمَيِّتَ	وَيُخْرِجُ	مِنَ الْمَيِّتِ	الْحَيَّ	يُخْرِجُ	تُظْهِرُوْنَ
اور وہ زندہ کرتا ہے	زندہ سے	مردہ	اور نکالتا ہے	مردے سے	زندہ	وہ نکالتا ہے	تم ظہر کرنے ہو (ظہر کے وقت)

ظہر کے وقت۔ وہ مردہ سے زندہ کو نکالتا ہے، اور زندہ سے مردہ کو نکالتا ہے، اور وہ زندہ کرتا ہے

الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَكُمْ

خَلَقَكُمْ	اَنْ	مِنْ اٰيٰتِهٖٓ	وَ	تُخْرَجُوْنَ	وَكَذٰلِكَ	مَوْتِهَا	بَعْدَ	الْاَرْضَ
اس نے پیدا کیا تمہیں	کہ	اس کی نشانیوں سے	اور	تم نکالے جاؤ گے	اور اسی طرح	اس کا مرنا	بعد	زمین

زمین کو اس کے مرنے کے بعد، اور اسی طرح تم (قبروں سے) نکالے جاؤ گے۔ اور اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ اس نے تمہیں پیدا کیا

۲ ع ۹ ۵

مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ إِذَآ أَنْتُمْ بَشَرٌ تَنْتَشِرُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ أَنْ خَلَقَ لَكُمْ

مِنْ	تُرَابٍ	ثُمَّ	إِذَآ أَنْتُمْ	بَشَرٌ	تَنْتَشِرُوْنَ	وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ	أَنْ	خَلَقَ	لَكُمْ
سے	مٹی	پھر	ناگہاں تم	آدمی	پھیلے ہوئے	اور اس کی نشانیوں سے	کہ	اس نے پیدا کیا	تمہارے لئے

مٹی سے، پھر تم ناگہاں (جابجا) پھیلے ہوئے آدمی (رہو گے)۔ اور اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ اس نے تمہارے لئے پیدا کئے

مِّنْ أَنْفُسِكُمْ أَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا إِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً ۭ إِنَّ

مِنْ أَنْفُسِكُمْ	أَزْوَاجًا	لِتَسْكُنُوْٓا	إِلَيْهَا	وَجَعَلَ	بَيْنَكُمْ	مَوَدَّةً	وَرَحْمَةً	إِنَّ
تمہاری جنس سے	جوڑے	تاکہ تم سکون حاصل کرو	انکی طرف (پاس)	اور اس نے کیا	تمہارے درمیان	محبت	اور مہربانی	بیشک

تمہاری جنس سے جوڑے (بیویاں) کہ تم ان کے پاس سکون حاصل کرو اور اس نے تمہارے درمیان محبت اور مہربانی (پیدا) کی۔ بیشک

فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ

فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِقَوْمٍ	يَتَفَكَّرُوْنَ	وَ	مِنْ اٰيٰتِهٖ	خَلْقُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْأَرْضِ
اس میں	البتہ نشانیاں	ان لوگوں کے لئے	وہ (غور و) فکر کرتے ہیں	اور	اسکی نشانیوں سے	اس نے پیدا کیا	آسمان (جمع)	اور زمین

اس میں البتہ ان لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں جو غور و فکر کرتے ہیں۔ اور اس کی نشانیوں میں سے ہے آسمانوں کو اور زمین کا پیدا کرنا

وَاخْتِلَافُ أَلْسِنَتِكُمْ وَأَلْوَانِكُمْ ۭ إِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْعٰلِمِيْنَ ﴿۲۲﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ

وَاخْتِلَافُ	أَلْسِنَتِكُمْ	وَأَلْوَانِكُمْ	إِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِلْعٰلِمِيْنَ	وَمِنْ اٰيٰتِهٖ
اور مختلف ہونا	تمہاری زبانیں	اور تمہارے رنگ	بیشک	اس میں	البتہ نشانیاں	عالم (دانشمندوں) کے لئے	اور اسکی نشانیوں سے

اور تمہاری زبانوں اور تمہارے رنگوں کے مختلف ہونے میں (نشانیاں ہیں) بیشک اس میں دانشمندوں کے لئے نشانیاں ہیں۔ اور اسکی نشانیوں میں سے ہے

مَنَامُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَابْتِغَآؤُكُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۭ إِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

مَنَامُكُمْ	بِالَّيْلِ	وَالنَّهَارِ	وَابْتِغَآؤُكُمْ	مِنْ فَضْلِهٖ	إِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ
تمہارا سونا	رات میں	اور دن	اور تمہارا تلاش کرنا	اس کے فضل سے	بیشک	اس میں	البتہ نشانیاں

تمہارا سونا رات میں، اور دن (کے وقت) اور تمہارا تلاش کرنا اس کے فضل سے (روزی)، بیشک اس میں نشانیاں ہیں

لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّيُنَزِّلُ

لِقَوْمٍ	يَسْمَعُوْنَ	وَمِنْ اٰيٰتِهٖ	يُرِيْكُمُ	الْبَرْقَ	خَوْفًا	وَطَمَعًا	وَيُنَزِّلُ
ان لوگوں کے لئے	وہ سنتے ہیں	اور اس کی نشانیوں سے	وہ دکھاتا ہے تمہیں	بجلی	خوف	اور امید کے لئے	اور وہ نازل کرتا ہے

ان لوگوں کے لئے جو سنتے ہیں۔ اور اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ وہ تمہیں بجلی دکھاتا ہے خوف اور امید کے لئے، اور نازل کرتا ہے

مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَيُحْيِ بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

لَاٰيٰتٍ	فِيْ ذٰلِكَ	اِنَّ	بَعْدَ مَوْتِهَا	الْأَرْضَ	فَيُحْيِ بِهِ	مَآءً	مِنَ السَّمَآءِ
البتہ نشانیاں	اس میں	بیشک	اس کے مرنے کے بعد	زمین	پھر زندہ کرتا ہے اس سے	پانی	آسمان سے

آسمان سے پانی، پھر اس سے زمین کو اس کے مرنے کے بعد زندہ کرتا ہے، بیشک اس میں نشانیاں ہیں

لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ تَقُوْمَ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ بِاَمْرِهٖ ۭ ثُمَّ

ثُمَّ	بِاَمْرِهٖ	وَالْاَرْضُ	السَّمَآءُ	تَقُوْمَ	اَنْ	وَمِنْ اٰيٰتِهٖ	يَّعْقِلُوْنَ	لِّقَوْمٍ
پھر	اس کے حکم سے	اور زمین	آسمان	قائم ہیں	کہ	اور اس کی نشانیوں سے	عقل سے کام لیتے ہیں	ان لوگوں کے لئے

ان لوگوں کے لئے جو عقل سے کام لیتے ہیں۔ اور اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ اس کے حکم سے زمین و آسمان قائم ہیں۔ پھر

اِذَا دَعَاكُمْ دَعْوَةً ڰ مِّنَ الْاَرْضِ ڰ اِذَآ اَنْتُمْ تَخْرُجُوْنَ ﴿۲۵﴾ وَلَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ

فِي السَّمٰوٰتِ	مَنْ	وَلَهٗ	تَخْرُجُوْنَ	اِذَآ اَنْتُمْ	مِّنَ الْاَرْضِ	دَعْوَةً	اِذَا دَعَاكُمْ
آسمانوں میں	جو	اور اسی کے لئے	نکل آؤ گے	یکبارگی تم	زمین سے	ایک ندا	جب وہ تمہیں بلائے گا

جب وہ ایک ندا دے کر زمین سے بلائے گا تو تم یکبارگی نکل آؤ گے۔ اور اسی کے لئے ہے جو آسمانوں میں

وَالْاَرْضِ ۭ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَهُوَ الَّذِيْ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَهُوَ

وَهُوَ	ثُمَّ يُعِيْدُهٗ	الْخَلْقَ	يَبْدَؤُا	وَهُوَ الَّذِيْ	قٰنِتُوْنَ	كُلٌّ لَّهٗ	وَالْاَرْضِ
(اور وہ (یہ	پھر اس کو دوبارہ پیدا کریگا	خلقت	پہلی بار پیدا کرتا ہے	اور وہی ہے جو	فرماں بردار	سب اسی کے لئے	اور زمین میں

اور زمین میں ہے، سب اسی کے فرمانبردار ہیں۔ اور وہی ہے جو پہلی بار خلقت کو پیدا کرتا ہے، پھر اسکو دوبارہ پیدا کرے گا، اور یہ

اَهْوَنُ عَلَيْهِ ۭ وَلَهُ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ

الْعَزِيْزُ	وَهُوَ	وَالْاَرْضِ	فِي السَّمٰوٰتِ	الْاَعْلٰى	الْمَثَلُ	وَلَهُ	عَلَيْهِ	اَهْوَنُ
غالب	اور وہ	اور زمین	آسمانوں میں	بلندتر	شان	اور اسی کے لئے	اس پر	بہت آسان

اس پر بہت آسان ہے، اور اسی کی ہے بلندتر شان، آسمانوں میں اور زمین میں، اور وہ غالب

الْحَكِيْمُ ﴿۲۷﴾ ضَرَبَ لَكُمْ مَّثَلًا مِّنْ اَنْفُسِكُمْ ۭ هَلْ لَّكُمْ مِّنْ مَّا مَلَكَتْ

مَا مَلَكَتْ	مِّنْ	هَلْ لَّكُمْ	اَنْفُسِكُمْ	مِّنْ	مَّثَلًا	لَكُمْ	ضَرَبَ	الْحَكِيْمُ
جو مالک ہوئے	سے	کیا تمہارے لئے	(تمہاری جانیں (حال	سے	ایک مثال	تمہارے لئے	اس نے بیان کی	حکمت والا

حکمت والا ہے۔ اس نے تمہارے لئے تمہارے حال سے ایک مثال بیان کی، کیا تمہارے لئے ہے (اُن میں) سے جن کے تم مالک ہو

۳ ع ۸ ۶

أَيْمَانُكُمْ مِّنْ شُرَكَآءَ فِي مَا رَزَقْنٰكُمْ فَأَنْتُمْ فِيهِ سَوَآءٌ تَخَافُونَهُمْ

أَيْمَانُكُمْ	مِنْ شُرَكَآءَ	فِي	مَا رَزَقْنٰكُمْ	فَأَنْتُمْ	فِيهِ	سَوَآءٌ	تَخَافُونَهُمْ
تمہارے دائیں ہاتھ (غلام)	کوئی شریک	میں	جو ہم نے تمہیں رزق دیا	سو (تاکہ) تم	اس میں	برابر	(کیا) تم ان سے ڈرتے ہو

(تمہارے غلاموں میں سے) اس رزق میں کوئی شریک؟ جو ہم نے تمہیں دیا تاکہ تم سب آپس میں برابر ہو جاؤ، کیا تم ان سے (اس طرح) ڈرتے ہو

كَخِيفَتِكُمْ أَنْفُسَكُمْ ۚ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْقِلُونَ ﴿٢٨﴾ بَلِ اتَّبَعَ

كَخِيفَتِكُمْ	أَنْفُسَكُمْ	كَذٰلِكَ	نُفَصِّلُ	الْاٰيٰتِ	لِقَوْمٍ يَّعْقِلُونَ	بَلِ	اتَّبَعَ
جیسے تم ڈرتے ہو	اپنی جانیں (اپنوں سے)	اسی طرح	ہم کھولکر بیان کرتے ہیں	نشانیاں	عقل والوں کے لئے	بلکہ	پیروی کی

جیسے اپنوں سے ڈرتے ہو؟ اسی طرح، ہم عقل والوں کے لئے کھول کر نشانیاں بیان کرتے ہیں۔ بلکہ پیروی کی

الَّذِينَ ظَلَمُوا أَهْوَآءَهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ فَمَنْ يَّهْدِي مَنْ أَضَلَّ اللّٰهُ ۖ وَمَا

الَّذِينَ ظَلَمُوا	أَهْوَآءَهُمْ	بِغَيْرِ عِلْمٍ	فَمَنْ يَّهْدِي	مَنْ	أَضَلَّ اللّٰهُ	وَمَا
جن لوگوں نے ظلم کیا (ظالم)	اپنی خواہشات	بے جانے	تو کون ہدایت دے گا	جسے	گمراہ کرے اللہ	اور نہیں

ظالموں نے بے جانے اپنی خواہشات کی، تو جسے اللہ گمراہ کرے (اسے) کون ہدایت دے گا؟ اور نہیں ہیں

لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِينَ ﴿٢٩﴾ فَأَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّينِ حَنِيفًا ۚ فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِي

لَهُمْ	مِنْ	نّٰصِرِينَ	فَأَقِمْ	وَجْهَكَ	لِلدِّينِ	حَنِيفًا	فِطْرَتَ اللّٰهِ	الَّتِي
ان کے لئے	کوئی	مددگار	پس سیدھا رکھو	اپنا چہرہ	دین کے لئے	یک رخ ہو کر	فطرت اللہ کی	جو (جس)

ان کے لئے کوئی مددگار۔ پس (اللہ) کے دین کے لئے (سب سے کٹ کر) یک رخ ہو کر اپنا چہرہ سیدھا رکھو، اللہ کی فطرت ہے جس پر

فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ۚ لَا تَبْدِيلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ۚ ذٰلِكَ الدِّينُ الْقَيِّمُ ۙ وَلٰكِنَّ

فَطَرَ النَّاسَ	عَلَيْهَا	لَا تَبْدِيلَ	لِخَلْقِ اللّٰهِ	ذٰلِكَ	الدِّينُ الْقَيِّمُ	وَلٰكِنَّ
لوگوں کو پیدا کیا اس نے	اس پر	تبدیلی نہیں	اللہ کی خلق میں	یہ	دین سیدھا	اور لیکن

اس نے لوگوں کو پیدا کیا، اس کی خلق (بنائی ہوئی فطرت) میں کوئی تبدیلی نہیں، یہ سیدھا دین ہے، اور لیکن

أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٣٠﴾ مُنِيبِينَ إِلَيْهِ وَاتَّقُوهُ وَأَقِيمُوا

أَكْثَرَ النَّاسِ	لَا يَعْلَمُونَ	مُنِيبِينَ	إِلَيْهِ	وَاتَّقُوهُ	وَأَقِيمُوا
اکثر لوگ	وہ جانتے نہیں	رجوع کرنے والے	اس کی طرف	اور تم ڈرو اس سے	اور قائم رکھو تم

اکثر لوگ جانتے نہیں۔ سب اس کی طرف رجوع کرنے والے (رہو) اور اسی سے ڈرو، اور تم قائم رکھو

الصَّلٰوةَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۳۱﴾ مِنَ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَ

الصَّلٰوةَ	وَلَا تَكُوْنُوْا	مِنَ	الْمُشْرِكِيْنَ	مِنَ	الَّذِيْنَ	فَرَّقُوْا	دِيْنَهُمْ	وَ
نماز	اور نہ ہو تم	سے	شرک کرنے والے	ان میں سے	جنہوں نے	ٹکڑے ٹکڑے کر لیا	اپنا دین	اور

نماز اور تم شرک کرنے والوں میں سے نہ ہو۔ ان میں سے جنہوں نے اپنے دین کو ٹکڑے ٹکڑے کر لیا ، اور

كَانُوْا شِيَعًا ۭ كُلُّ حِزْبٍۭ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَاِذَا مَسَّ النَّاسَ ضُرٌّ

كَانُوْا	شِيَعًا	كُلُّ حِزْبٍ	بِمَا	لَدَيْهِمْ	فَرِحُوْنَ	وَاِذَا	مَسَّ النَّاسَ	ضُرٌّ
ہو گئے	فرقے فرقے	سب گروہ	اس پر	ان کے پاس	خوش ہیں	اور جب	پہنچتی ہے لوگوں کو	کوئی تکلیف

فرقے فرقے ہوگئے۔ سب کے سب گروہ اس پر خوش ہیں جو ان کے پاس ہے۔ اور جب لوگوں کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے

دَعَوْا رَبَّهُمْ مُّنِيْبِيْنَ اِلَيْهِ ثُمَّ اِذَآ اَذَاقَهُمْ مِّنْهُ رَحْمَةً اِذَا فَرِيْقٌ

دَعَوْا	رَبَّهُمْ	مُّنِيْبِيْنَ	اِلَيْهِ	ثُمَّ اِذَآ	اَذَاقَهُمْ	مِّنْهُ	رَحْمَةً	اِذَا	فَرِيْقٌ
وہ پکارتے ہیں	اپنے رب کو	رجوع کرتے ہوئے	اس کی طرف	پھر جب	وہ انکو چکھا دیتا ہے	اپنی طرف سے	رحمت	ناگہاں	ایک گروہ

تو اپنے رب کو پکارتے ہیں اسکی طرف رجوع کرتے ہوئے، پھر جب وہ انہیں اپنی طرف سے رحمت (کا مزہ) چکھا دیتا ہے تو ناگہاں ایک گروہ (کے لوگ)

مِّنْهُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿۳۳﴾ لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ۭ فَتَمَتَّعُوْا ۪ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۴﴾

مِّنْهُمْ	بِرَبِّهِمْ	يُشْرِكُوْنَ	لِيَكْفُرُوْا	بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ	فَتَمَتَّعُوْا	فَسَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ
ان میں سے	اپنے رب کے ساتھ	شریک کرنے لگتے ہیں	کہ ناشکری کریں	اس کی جو ہم نے انہیں دیا	سو فائدہ اٹھا لو تم	پھر عنقریب	تم جان لو گے

ان میں سے اپنے رب کے ساتھ شریک کرنے لگتے ہیں، کہ وہ اسکی ناشکری کریں جو ہم نے انہیں دیا سو تم (چند روز) فائدہ اٹھا لو پھر عنقریب (تم اس کا انجام) جان لوگے

اَمْ اَنْزَلْنَا عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا فَهُوَ يَتَكَلَّمُ بِمَا كَانُوْا بِهٖ يُشْرِكُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَاِذَآ اَذَقْنَا

اَمْ اَنْزَلْنَا	عَلَيْهِمْ	سُلْطٰنًا	فَهُوَ يَتَكَلَّمُ	بِمَا	كَانُوْا	بِهٖ	يُشْرِكُوْنَ	وَاِذَآ	اَذَقْنَا
کیا ہم نے نازل کی	ان پر	کوئی سند	کہ وہ بتلاتی ہے	وہ جو	ہیں	اسکے ساتھ	شریک کرتے ہیں	اور جب	ہم چکھائیں

کیا ہم نے ان پر کوئی سند نازل کی ہے ؟ کہ وہ بتلاتی ہے جس کے ساتھ یہ شریک کرتے ہیں۔ اور جب ہم چکھائیں

النَّاسَ رَحْمَةً فَرِحُوْا بِهَا ۭ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ

النَّاسَ	رَحْمَةً	فَرِحُوْا بِهَا	وَاِنْ	تُصِبْهُمْ	سَيِّئَةٌ	بِمَا	قَدَّمَتْ	اَيْدِيْهِمْ
لوگ	رحمت	تو وہ خوش ہوں اس سے	اور اگر	پہنچے انہیں	کوئی برائی	اسکے سبب جو	آگے بھیجا	ان کے ہاتھ

لوگوں کو رحمت (کا مزہ) تو اس سے خوش ہوں، اور اگر انہیں اس کے سبب کوئی برائی پہنچے جو ان کے ہاتھوں نے آگے بھیجا (ان کے اعمال سے)

إِذَا هُمْ يَقْنَطُونَ ﴿٣٦﴾ أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّ اللَّهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَشَاءُ

إِذَا هُمْ	يَقْنَطُونَ	أَوَ	لَمْ يَرَوْا	أَنَّ اللَّهَ	يَبْسُطُ	الرِّزْقَ	لِمَنْ	يَشَاءُ
ناگہاں وہ	مایوس ہو جاتے ہیں	کیا	انہوں نے نہیں دیکھا	کہ اللہ	کشادہ کرتا ہے	رزق	جس کے لئے	وہ چاہتا ہے

تو وہ ناگہاں مایوس ہو جاتے ہیں۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ اللہ جس کے لئے چاہتا ہے رزق کشادہ کرتا ہے (اور جس کے لئے چاہتا ہے)

وَيَقْدِرُ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ﴿٣٧﴾ فَآتِ ذَا الْقُرْبَىٰ حَقَّهُ

وَيَقْدِرُ	إِنَّ	فِي ذَٰلِكَ	لَآيَاتٍ	لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ	فَآتِ	ذَا الْقُرْبَىٰ	حَقَّهُ
اور تنگ کرتا ہے	بیشک	اس میں	البتہ نشانیاں	ان لوگوں کے لئے جو ایمان رکھتے ہیں	پس دو تم	قرابت دار	اس کا حق

تنگ کرتا ہے، بیشک جو لوگ ایمان رکھتے ہیں ان کے لئے اس میں نشانیاں ہیں۔ پس تم قرابت دار کو اس کا حق دو

وَالْمِسْكِينَ وَابْنَ السَّبِيلِ ذَٰلِكَ خَيْرٌ لِلَّذِينَ يُرِيدُونَ وَجْهَ اللَّهِ

وَالْمِسْكِينَ	وَابْنَ السَّبِيلِ	ذَٰلِكَ	خَيْرٌ	لِلَّذِينَ	يُرِيدُونَ	وَجْهَ اللَّهِ
اور محتاج	اور مسافر	یہ	بہتر	ان لوگوں کے لئے جو	وہ چاہتے ہیں	اللہ کی رضا

اور محتاج اور مسافر کو، یہ ان کے لئے بہتر ہے جو اللہ کی رضا چاہتے ہیں،

وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ﴿٣٨﴾ وَمَا آتَيْتُمْ مِنْ رِبًا لِيَرْبُوَ فِي أَمْوَالِ النَّاسِ

وَأُولَٰئِكَ	هُمُ	الْمُفْلِحُونَ	وَمَا	آتَيْتُمْ	مِنْ	رِبًا	لِيَرْبُوَ	فِي	أَمْوَالِ	النَّاسِ
اور وہی لوگ	وہ	فلاح پانے والے	اور جو	تم دو	سے	سود	تاکہ بڑھے	میں	مال (جمع)	لوگ (جمع)

اور وہی لوگ فلاح (دو جہان کی کامیابی) پانے والے ہیں۔ اور جو تم سود دو کہ لوگوں کے مال بڑھیں (اضافہ ہو)

فَلَا يَرْبُو عِنْدَ اللَّهِ ۖ وَمَا آتَيْتُمْ مِنْ زَكَاةٍ تُرِيدُونَ وَجْهَ اللَّهِ

فَلَا يَرْبُوا	عِنْدَ اللَّهِ	وَمَا آتَيْتُمْ	مِنْ	زَكَاةٍ	تُرِيدُونَ	وَجْهَ اللَّهِ
تو نہیں بڑھتا	اللہ کے ہاں	اور جو تم دو	سے	زکوٰۃ	چاہتے ہوئے	اللہ کی رضا

تو (یہ) اللہ کے ہاں نہیں بڑھتا اور جو تم اللہ کی رضا چاہتے ہوئے زکوٰۃ دیتے ہو

فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُضْعِفُونَ ﴿٣٩﴾ اللَّهُ الَّذِي خَلَقَكُمْ ثُمَّ رَزَقَكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ

فَأُولَٰئِكَ	هُمُ	الْمُضْعِفُونَ	اللَّهُ الَّذِي	خَلَقَكُمْ	ثُمَّ رَزَقَكُمْ	ثُمَّ يُمِيتُكُمْ
تو وہی لوگ	وہ	چند در چند کرنے والے	اللہ ہے جس نے	پیدا کیا تمہیں	پھر اس نے تمہیں رزق دیا	پھر وہ تمہیں موت دیتا ہے

تو یہی لوگ ہیں (اپنا مال اور اجر) چند در چند کرنے والے۔ اللہ ہی ہے جس نے تمہیں پیدا کیا، پھر تمہیں رزق دیا، پھر وہ تمہیں موت دیتا ہے

ثُمَّ يُحْيِيكُمْ ۭ هَلْ مِنْ شُرَكَاۗىِٕكُمْ مَّنْ يَّفْعَلُ مِنْ ذٰلِكُمْ مِّنْ شَيْءٍ ۭ

ثُمَّ	يُحْيِيكُمْ	هَلْ	مِنْ	شُرَكَاۗىِٕكُمْ	مَنْ	يَّفْعَلُ	مِنْ ذٰلِكُمْ	مِنْ شَيْءٍ
پھر	وہ تمہیں زندہ کرے گا	کیا	سے	تمہارے شریک (جمع)	جو	کرے	ان (کاموں) میں سے	کچھ بھی

پھر وہ تمہیں زندہ کرے گا، کیا تمہارے شریکوں میں سے (کوئی ہے) جو ان کاموں میں سے کچھ بھی کرے؟

۴ ع ۱۳ ۷

سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝۴۰ ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ

سُبْحٰنَهٗ	وَتَعٰلٰى	عَمَّا	يُشْرِكُوْنَ	ظَهَرَ	الْفَسَادُ	فِي الْبَرِّ	وَالْبَحْرِ	بِمَا	كَسَبَتْ
وہ پاک ہے	اور برتر	اس سے جو	وہ شریک ٹھہراتے ہیں	ظاہر ہو گیا	فساد	خشکی میں	اور دریا (تری)	اس سے جو	کمایا

وہ پاک ہے اور برتر اس سے جو وہ شریک ٹھہراتے ہیں۔ فساد خشکی اور تری میں ظاہر ہو گیا (پھیل گیا) اس سے جو کمایا

اَيْدِي النَّاسِ لِيُذِيْقَهُمْ بَعْضَ الَّذِيْ عَمِلُوْا لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ۝۴۱ قُلْ

اَيْدِي النَّاسِ	لِيُذِيْقَهُمْ	بَعْضَ	الَّذِيْ عَمِلُوْا	لَعَلَّهُمْ	يَرْجِعُوْنَ	قُلْ
لوگوں کے ہاتھ	تاکہ وہ انہیں (مزہ) چکھائے	بعض	انہوں نے کیا (اعمال)	شاید وہ	باز آجائیں	آپ فرما دیں

لوگوں کے ہاتھوں نے (انکے اعمال کے سبب) تاکہ وہ ان کے بعض اعمال کا مزہ انہیں چکھائے، شاید وہ باز آجائیں - آپ فرما دیں

سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلُ ۭ

سِيْرُوْا	فِي	الْاَرْضِ	فَانْظُرُوْا	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلُ
تم چلو پھرو	میں	زمین	پھر دیکھو	کیسا	ہوا	انجام	ان کا جو	پہلے (تھے)

تم زمین میں چلو پھرو، پھر دیکھو ان کا انجام کیسا ہوا؟ جو پہلے تھے،

كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّشْرِكِيْنَ ۝۴۲ فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ الْقَيِّمِ مِنْ قَبْلِ اَنْ

كَانَ	اَكْثَرُهُمْ	مُّشْرِكِيْنَ	فَاَقِمْ	وَجْهَكَ	لِلدِّيْنِ الْقَيِّمِ	مِنْ قَبْلِ	اَنْ
تھے	ان کے اکثر	شرک کرنے والے	پس سیدھا رکھو	اپنا چہرہ	دین راست	اس سے قبل	کہ

ان کے اکثر شرک کرنے والے تھے - پس اپنا چہرہ دین راست کی طرف سیدھا رکھو اس سے قبل کہ

يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ يَوْمَىِٕذٍ يَّصَّدَّعُوْنَ ۝۴۳ مَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ

يَّاْتِيَ	يَوْمٌ	لَّا مَرَدَّ	لَهٗ	مِنَ اللّٰهِ	يَوْمَىِٕذٍ	يَّصَّدَّعُوْنَ	مَنْ كَفَرَ	فَعَلَيْهِ
آجائے	وہ دن	ٹلنا نہیں	اس کے لئے وہ	اللہ سے	اس دن	جدا جدا ہو جائیں گے	جس نے کفر کیا	تو اسی پر

وہ دن آجائے جس کو اللہ (کی طرف) سے ٹلنا نہیں اس دن (سب) جدا جدا ہو جائیں گے جس نے کفر کیا تو اس پر پڑے گا

كُفْرُهٗ ۚ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِاَنْفُسِهِمْ يَمْهَدُوْنَ ﴿۴۴﴾ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ

كُفْرُهٗ	وَمَنْ عَمِلَ	صَالِحًا	فَلِاَنْفُسِهِمْ	يَمْهَدُوْنَ	لِيَجْزِيَ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَ
اس کا کفر	اور جس نے کئے	اچھے عمل	تو وہ اپنے لئے	سامان کر رہے ہیں	تا کہ جزا دے	ان لوگوں کو جو ایمان لائے	اور

اس کے کفر (کا وبال)، اور جس نے اچھے عمل کئے تو وہ اپنے لئے سامان کر رہے ہیں "تا کہ (اللہ) ان لوگوں کو جزا دے جو ایمان لائے، اور

عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْ فَضْلِهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ يُّرْسِلَ

عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	مِنْ	فَضْلِهٖ	اِنَّهٗ	لَا يُحِبُّ	الْكٰفِرِيْنَ	وَ	مِنْ اٰيٰتِهٖ	اَنْ يُّرْسِلَ
انہوں نے اچھے عمل کئے	سے	اپنا فضل	بیشک وہ	پسند نہیں کرتا	کافر (جمع)	اور	اس کی نشانیوں سے	کہ وہ بھیجتا ہے

انہوں نے اچھے عمل کئے اپنے فضل سے جزا دے، بیشک اللہ کافروں کو پسند نہیں کرتا۔ اور اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ وہ بھیجتا ہے

الرِّيٰحَ مُبَشِّرٰتٍ وَّلِيُذِيْقَكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَلِتَجْرِيَ الْفُلْكُ بِاَمْرِهٖ وَلِتَبْتَغُوْا

الرِّيٰحَ	مُبَشِّرٰتٍ	وَّلِيُذِيْقَكُمْ	مِّنْ رَّحْمَتِهٖ	وَلِتَجْرِيَ	الْفُلْكُ	بِاَمْرِهٖ	وَلِتَبْتَغُوْا
ہوائیں	خوشخبری دینے والی	اور تا کہ وہ تمہیں چکھائے	سے (کا)، اپنی رحمت	اور تا کہ چلیں	کشتیاں	اس کے حکم سے	اور تا کہ تم تلاش کرو

ہوائیں خوشخبری دینے والی، اور تا کہ وہ تمہیں اپنی رحمت کا مزہ چکھائے، اور تا کہ کشتیاں اس کے حکم سے چلیں، اور تا کہ تم تلاش کرو

مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ رُسُلًا

مِنْ	فَضْلِهٖ	وَلَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُوْنَ	وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا	مِنْ قَبْلِكَ	رُسُلًا
سے	اس کا فضل	اور تا کہ تم	شکر کرو	اور تحقیق ہم نے بھیجے	آپ سے پہلے	بہت سے رسول

اس کا فضل (رزق) اور تا کہ تم شکر کرو۔ اور تحقیق ہم نے آپ سے پہلے بہت سے رسول بھیجے

اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَاۗءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَانْتَقَمْنَا مِنَ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا ۭ وَكَانَ حَقًّا

اِلٰى	قَوْمِهِمْ	فَجَاۗءُوْهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ	فَانْتَقَمْنَا	مِنَ	الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا	وَكَانَ	حَقًّا
طرف	ان کی قومیں	پس وہ انکے پاس آئے	کھلی نشانیوں کے ساتھ	پھر ہم نے انتقام لیا	سے	وہ جنہوں نے جرم کیا (مجرم)	اور ہے	حق (ذمے)

ان کی قوموں کی طرف، پس وہ ان کے پاس کھلی نشانیوں کے ساتھ آئے، پھر ہم نے مجرموں سے انتقام لیا اور ہمارے ذمے ہے

عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۷﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ سَحَابًا فَيَبْسُطُهٗ

عَلَيْنَا	نَصْرُ	الْمُؤْمِنِيْنَ	اَللّٰهُ	الَّذِيْ يُرْسِلُ	الرِّيٰحَ	فَتُثِيْرُ	سَحَابًا	فَيَبْسُطُهٗ
ہم پر (ہمارا)	مدد	مومن (جمع)	اللہ	جو بھیجتا ہے	ہوائیں	تو وہ ابھارتی ہیں	بادل	پھر وہ (بادل) پھیلاتا ہے

مومنوں کی مدد کرنا - اللہ (ہی ہے) جو ہوائیں بھیجتا ہے، تو وہ بادل ابھارتی ہیں، پھر وہ بادل پھیلاتا ہے،

فِی السَّمَآءِ كَيْفَ يَشَآءُ وَ يَجْعَلُهٗ كِسَفًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ

فِی السَّمَآءِ	كَيْفَ	يَشَآءُ	وَ يَجْعَلُهٗ	كِسَفًا	فَتَرَى	الْوَدْقَ	يَخْرُجُ	مِنْ خِلٰلِهٖ
آسمان میں	جیسے	وہ چاہتا ہے	اور وہ اسے کر دیتا ہے	ٹکڑے ٹکڑے	پھر تو دیکھے	مینہ	نکلتا ہے	اس کے درمیان سے

آسمان میں، جیسے وہ چاہتا ہے اور وہ اسے (بادل) کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیتا ہے، پھر تو دیکھے کہ اس کے درمیان سے مینہ نکلتا ہے

فَاِذَآ اَصَابَ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖٓ اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَ اِنْ

فَاِذَآ	اَصَابَ بِهٖ	مَنْ يَّشَآءُ	مِنْ	عِبَادِهٖ	اِذَا هُمْ	يَسْتَبْشِرُوْنَ	وَاِنْ
پھر جب	وہ اسے پہنچا دیتا ہے	جسے وہ چاہتا ہے	سے	اپنے بندے	اچانک وہ	خوشیاں منانے لگتے ہیں	اور اگرچہ

پھر وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہے وہ پہنچا دیتا ہے، تو وہ اچانک خوشیاں منانے لگتے ہیں۔ اگرچہ

كَانُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْهِمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمُبْلِسِيْنَ ﴿۴۹﴾ فَانْظُرْ اِلٰٓى اٰثٰرِ

كَانُوْا	مِنْ قَبْلِ	اَنْ يُّنَزَّلَ	عَلَيْهِمْ	مِّنْ قَبْلِهٖ	لَمُبْلِسِيْنَ	فَانْظُرْ	اِلٰى	اٰثٰرِ
تھے	اس سے قبل	کہ وہ نازل ہو	اُن پر	پہلے (ہی) سے	البتہ مایوس (جمع)	پس دیکھ تو	طرف	آثار

اس سے قبل کہ (بارش) اُن پر نازل ہو، سو وہ پہلے ہی سے مایوس ہو رہے تھے۔ پس تو آثار (نشانیوں) کی طرف دیکھ

رَحْمَتِ اللّٰهِ كَيْفَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ۚ وَ

رَحْمَتِ اللّٰهِ	كَيْفَ يُحْيِ	الْاَرْضَ	بَعْدَ مَوْتِهَا	اِنَّ	ذٰلِكَ	لَمُحْيِ	الْمَوْتٰى	وَ
اللہ کی رحمت	وہ کیسے زندہ کرتا ہے	زمین	اسکے مرنے کے بعد	بیشک	وہی	البتہ زندہ کرنیوالا	مُردے	اور

اللہ کی رحمت کی، وہ کیسے زمین کو اس کے مرنے کے بعد زندہ کرتا ہے! بیشک وہی مُردوں کو زندہ کرنے والا ہے، اور

هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۵۰﴾ وَلَىِٕنْ اَرْسَلْنَا رِيْحًا فَرَاَوْهُ مُصْفَرًّا لَّظَلُّوْا

هُوَ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	وَلَىِٕنْ	اَرْسَلْنَا	رِيْحًا	فَرَاَوْهُ	مُصْفَرًّا	لَّظَلُّوْا
وہ	پر	ہر شے	قدرت رکھنے والا	اور اگر	ہم بھیجیں	ہوا	پھر وہ اسے دیکھیں	زرد شدہ	ضرور ہو جائیں

وہ ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے۔ اور اگر ہم ہوا بھیجیں، پھر وہ اسے زرد شدہ دیکھیں تو وہ ضرور ہو جائیں

مِنْۢ بَعْدِهٖ يَكْفُرُوْنَ ﴿۵۱﴾ فَاِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ

مِنْۢ بَعْدِهٖ	يَكْفُرُوْنَ	فَاِنَّكَ	لَا تُسْمِعُ	الْمَوْتٰى	وَلَا	تُسْمِعُ	الصُّمَّ	الدُّعَآءَ
اس کے بعد	ناشکری کرنے والے	پس بیشک آپ	نہیں سُنا سکتے	مُردوں	اور نہیں	سنا سکتے	بہروں	آواز

اس کے بعد ناشکری کرنے والے۔ پس بیشک آپ مُردوں کو نہیں سُنا سکتے اور نہ بہروں کو آواز سنا سکتے ہیں،

إِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِينَ ﴿٥٢﴾ وَمَا أَنتَ بِهَٰدِ ٱلْعُمْىِ عَن ضَلَٰلَتِهِمْ ۖ إِن تُسْمِعُ إِلَّا

إِلَّا	إِن تُسْمِعُ	عَن ضَلَٰلَتِهِمْ	ٱلْعُمْىِ	بِهَٰدِ	وَمَا أَنتَ	مُدْبِرِينَ	إِذَا وَلَّوْا
مگر	آپ نہیں سنا سکتے	اس کی گمراہی سے	اندھا	ہدایت دینے والے	اور آپ نہیں	پیٹھ دے کر	جب وہ پھر جائیں

جب وہ پیٹھ دے کر پھر جائیں۔ آپ اندھے کو اس کی گمراہی سے ہدایت دینے والے نہیں، نہیں سنا سکتے مگر (صرف اسے)

مَن يُؤْمِنُ بِـَٔايَٰتِنَا فَهُم مُّسْلِمُونَ ﴿٥٣﴾ ٱللَّهُ ٱلَّذِى خَلَقَكُم مِّن ضَعْفٍ ثُمَّ

ثُمَّ	ضَعْفٍ	مِّن	ٱلَّذِى خَلَقَكُم	ٱللَّهُ	مُّسْلِمُونَ	فَهُم	بِـَٔايَٰتِنَا	مَن يُؤْمِنُ
پھر	کمزوری	سے (میں)	وہ جس نے تمہیں پیدا کیا	اللہ	فرمانبردار (جمع)	پس وہ	ہماری آیتوں پر	جو ایمان لاتا ہے

جو ہماری آیتوں پر ایمان لاتا ہے پس وہی فرمانبردار ہیں۔ اللہ ہی ہے وہ جس نے تمہیں کمزوری سے پیدا کیا، پھر

جَعَلَ مِنۢ بَعْدِ ضَعْفٍ قُوَّةً ثُمَّ جَعَلَ مِنۢ بَعْدِ قُوَّةٍ ضَعْفًا وَشَيْبَةً ۚ

وَشَيْبَةً	ضَعْفًا	قُوَّةٍ	مِنۢ بَعْدِ	ثُمَّ جَعَلَ	قُوَّةً	ضَعْفٍ	مِنۢ بَعْدِ	جَعَلَ
اور بڑھاپا	کمزوری	قوت	بعد	پھر اس نے کر دیا	قوت	کمزوری	بعد	اس نے بنایا۔ دی

کمزوری کے بعد قوت دی، پھر قوت کے بعد کمزوری اور بڑھاپا دیا،

يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۖ وَهُوَ ٱلْعَلِيمُ ٱلْقَدِيرُ ﴿٥٤﴾ وَيَوْمَ تَقُومُ ٱلسَّاعَةُ يُقْسِمُ

يُقْسِمُ	ٱلسَّاعَةُ	تَقُومُ	وَيَوْمَ	ٱلْقَدِيرُ	ٱلْعَلِيمُ	هُوَ	وَ	مَا يَشَآءُ	يَخْلُقُ
قسم کھائیں گے	قیامت	قائم ہوگی	اور جس دن	قدرت والا	علم والا	وہ	اور	جو وہ چاہتا ہے	وہ پیدا کرتا ہے

وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے، اور وہ علم والا قدرت والا ہے۔ اور جس دن قیامت قائم ہوگی قسم کھائیں گے

ٱلْمُجْرِمُونَ مَا لَبِثُوا۟ غَيْرَ سَاعَةٍ ۚ كَذَٰلِكَ كَانُوا۟ يُؤْفَكُونَ ﴿٥٥﴾ وَقَالَ

وَقَالَ	يُؤْفَكُونَ	كَانُوا۟	كَذَٰلِكَ	غَيْرَ سَاعَةٍ	مَا لَبِثُوا۟	ٱلْمُجْرِمُونَ
اور کہا۔ کہیں گے	اوندھے جاتے	وہ تھے	اسی طرح	ایک گھڑی سے زیادہ	وہ نہیں رہے	مجرم (جمع)

مجرم، کہ وہ ایک گھڑی سے زیادہ نہیں رہے، اسی طرح وہ اوندھے جاتے تھے۔ اور کہیں گے

ٱلَّذِينَ أُوتُوا۟ ٱلْعِلْمَ وَٱلْإِيمَٰنَ لَقَدْ لَبِثْتُمْ فِى كِتَٰبِ ٱللَّهِ إِلَىٰ يَوْمِ ٱلْبَعْثِ ۖ

يَوْمِ ٱلْبَعْثِ	إِلَىٰ	كِتَٰبِ ٱللَّهِ	فِى	لَقَدْ لَبِثْتُمْ	وَٱلْإِيمَٰنَ	أُوتُوا۟ ٱلْعِلْمَ	ٱلَّذِينَ
جی اٹھنے کا دن	تک	نوشتۂ الٰہی	میں (مطابق)	یقیناً تم رہے ہو	اور ایمان	علم دیا گیا	وہ لوگ جنہیں

جنہیں علم اور ایمان دیا گیا یقیناً تم نوشتۂ الٰہی کے مطابق جی اُٹھنے کے دن تک رہے ہو،

فَهٰذَا يَوْمُ الْبَعْثِ وَلٰكِنَّكُمْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٥٦﴾ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ

فَهٰذَا	يَوْمُ الْبَعْثِ	وَلٰكِنَّكُمْ	كُنْتُمْ	لَا تَعْلَمُوْنَ	فَيَوْمَئِذٍ	لَا يَنْفَعُ	الَّذِيْنَ
پس یہ ہے	جی اُٹھنے کا دن	اور لیکن تم	تم	نہ جانتے تھے	پس اس دن	نفع نہ دے گی	وہ لوگ جو

پس یہ ہے جی اٹھنے کا دن، لیکن تم نہ جانتے تھے۔ پس اس دن نفع نہ دے گی ان لوگوں کو

ظَلَمُوْا مَعْذِرَتُهُمْ وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿٥٧﴾ وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ

ظَلَمُوْا	مَعْذِرَتُهُمْ	وَلَا هُمْ	يُسْتَعْتَبُوْنَ	وَ	لَقَدْ ضَرَبْنَا	لِلنَّاسِ	فِيْ	هٰذَا الْقُرْاٰنِ
جنہوں نے ظلم کیا	ان کی معذرت	اور نہ وہ	راضی کرنا چاہا جائے گا	اور	تحقیق ہم نے بیان کیں	لوگوں کے لئے	میں	اس قرآن

ان کی معذرت (عذر خواہی)، جنہوں نے ظلم کیا، اور نہ اُن سے (اللہ کو) راضی کرنا چاہا جائیگا۔ اور تحقیق، ہم نے بیان کیں لوگوں کے لئے اس قرآن میں

مِنْ كُلِّ مَثَلٍ وَلَئِنْ جِئْتَهُمْ بِاٰيَةٍ لَّيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُبْطِلُوْنَ ﴿٥٨﴾

مِنْ كُلِّ	مَثَلٍ	وَلَئِنْ	جِئْتَهُمْ	بِاٰيَةٍ	لَيَقُوْلَنَّ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	اِنْ اَنْتُمْ	اِلَّا	مُبْطِلُوْنَ
ہر قسم	مثالیں	اور اگر	تم لاؤ انکے پاس کوئی نشانی		تو ضرور کہیں گے	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	تم نہیں ہو	مگر (صرف)	جھوٹ بناتے ہو

ہر قسم کی مثالیں، اور اگر تم ان کے پاس کوئی نشانی لاؤ تو کافر ضرور کہیں گے، تم صرف جھوٹ بناتے ہو۔

كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٥٩﴾ فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ

كَذٰلِكَ	يَطْبَعُ اللّٰهُ	عَلٰى	قُلُوْبِ	الَّذِيْنَ	لَا يَعْلَمُوْنَ	فَاصْبِرْ	اِنَّ	وَعْدَ اللّٰهِ
اسی طرح	اللہ مہر لگا دیتا ہے	پر	دل (جمع)	جو لوگ	سمجھ نہیں رکھتے	پس آپ صبر کریں	بیشک	اللہ کا وعدہ

اسی طرح اللہ ان کے دلوں پر مہر لگا دیتا ہے جو سمجھ نہیں رکھتے۔ پس آپ صبر کریں بیشک اللہ کا وعدہ

ع ۶ ۷ ۹

حَقٌّ وَّلَا يَسْتَخِفَّنَّكَ الَّذِيْنَ لَا يُوْقِنُوْنَ ﴿٦٠﴾

حَقٌّ	وَلَا يَسْتَخِفَّنَّكَ	الَّذِيْنَ	لَا يُوْقِنُوْنَ
سچا	اور وہ ہرگز (کسی طور) سُبک کردیں آپ کو	جو لوگ	یقین نہیں رکھتے

سچا ہے اور جو لوگ یقین نہیں رکھتے وہ کسی طور آپ کو سبک (برداشت نہ کرنیوالا) نہ کردیں

اٰیاتُها ۳۴ — ۳۱ سُوْرَةُ لُقْمٰنَ مَكِّيَّةٌ : ۵۷ — رکوعاتُها ۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

الٓمّٓ ۝١ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ۝٢ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِيْنَ ۝٣ الَّذِيْنَ

الٓمّٓ	تِلْكَ	اٰيٰتُ	الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ	هُدًى	وَّرَحْمَةً	لِّلْمُحْسِنِيْنَ	الَّذِيْنَ
الٓمّٓ	یہ	آیتیں	پُر حکمت کتاب	ہدایت	اور رحمت	نیکوکاروں کے لئے	جو لوگ

الف۔لام۔میم ۔ یہ آیتیں ہیں پُر حکمت کتاب کی ۔ ہدایت اور رحمت نیکوکاروں کے لئے ، جو لوگ

يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝٤ اُولٰٓئِكَ

يُقِيْمُوْنَ	الصَّلٰوةَ	وَيُؤْتُوْنَ	الزَّكٰوةَ	وَهُمْ	بِالْاٰخِرَةِ	هُمْ يُوْقِنُوْنَ	اُولٰٓئِكَ
قائم کرتے ہیں	نماز	اور ادا کرتے ہیں	زکوٰۃ	اور وہ	آخرت پر	وہ یقین رکھتے ہیں	یہی لوگ

نماز قائم کرتے ہیں ، اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں ، اور وہ آخرت پر یقین رکھتے ہیں ۔ یہی لوگ

عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝٥ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ

عَلٰى	هُدًى	مِّنْ رَّبِّهِمْ	وَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْمُفْلِحُوْنَ	وَمِنَ	النَّاسِ	مَنْ	يَّشْتَرِيْ
پر	ہدایت	اپنے رب سے	اور یہی لوگ	وہ	فلاح پانے والے	اور کوئی	لوگ	جو	خریدتا ہے

اپنے رب (کی طرف) سے ہدایت پر ہیں اور یہی لوگ فلاح (دوجہان کی کامیابی) پانے والے ہیں ۔ اور کوئی ایسا (بدنصیب بھی) ہے جو خریدتا ہے

لَهْوَ الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۖ وَّيَتَّخِذَهَا هُزُوًا ۗ

لَهْوَ الْحَدِيْثِ	لِيُضِلَّ	عَنْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	بِغَيْرِ عِلْمٍ	وَيَتَّخِذَهَا	هُزُوًا
کھیل کی (بیہودہ) باتیں	تاکہ وہ گمراہ کرے	سے	اللہ کا راستہ	بے سمجھے	اور وہ اُسے ٹھہراتے ہیں	ہنسی مذاق

بیہودہ باتیں تاکہ وہ بے سمجھے اللہ کے راستے سے گمراہ کردے ، اور وہ اُسے ہنسی مذاق ٹھہراتے ہیں ،

اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝٦ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا وَلّٰى مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ

اُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	عَذَابٌ مُّهِيْنٌ	وَاِذَا	تُتْلٰى عَلَيْهِ	اٰيٰتُنَا	وَلّٰى	مُسْتَكْبِرًا	كَاَنْ
یہی لوگ	ان کے لئے	ذلت والا عذاب	اور جب	پڑھی جاتی ہیں اس پر	ہماری آیتیں	وہ منہ موڑ لیتا ہے	تکبر کرتے ہوئے	گویا

یہی لوگ ہیں جن کے لئے ذلت والا عذاب ہے ۔ اور جب اس پر ہماری آیتیں پڑھی (سنائی) جاتی ہیں تو تکبر کرتے ہوئے منہ موڑ لیتا ہے گویا

لَّمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِيْٓ اُذُنَيْهِ وَقْرًا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۷﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

لَّمْ يَسْمَعْهَا	كَاَنَّ	فِيْٓ اُذُنَيْهِ	وَقْرًا	فَبَشِّرْهُ	بِعَذَابٍ	اَلِيْمٍ	اِنَّ الَّذِيْنَ
اُس نے اُسے سُنا نہیں	گویا	اس کے کانوں میں	گرانی	پس اسے خوشخبری دو	عذاب کی	درد ناک	بیشک جو لوگ

اس نے اُسے سنا ہی نہیں، گویا اس کے کانوں میں گرانی (بہرا پن) ہے، پس اُسے درد ناک عذاب کی خوشخبری دو۔ بیشک جو لوگ

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتُ النَّعِيْمِ ﴿۸﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ۭ

اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوْا	الصّٰلِحٰتِ	لَهُمْ	جَنّٰتُ النَّعِيْمِ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	وَعْدَ اللّٰهِ	حَقًّا
ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	اچھے	ان کے لئے	نعمت کے باغات	ہمیشہ رہیں گے	اس میں	اللہ کا وعدہ	سچا

ایمان لائے اور انہوں نے اچھے عمل کئے، ان کے لئے نعمت کے باغات ہیں۔ ان میں وہ ہمیشہ رہیں گے، اللہ کا وعدہ سچا ہے

وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۹﴾ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا وَاَلْقٰى

وَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	بِغَيْرِ عَمَدٍ	تَرَوْنَهَا	وَاَلْقٰى
اور وہ	غالب	حکمت والا	اس نے پیدا کیا	آسمان (جمع)	بغیر ستون	تم انہیں دیکھتے ہو	اور اس نے ڈالے

اور وہ غالب، حکمت والا ہے۔ اس نے ستون کے بغیر آسمانوں کو پیدا کیا، تم انہیں دیکھتے ہو اور اس نے ڈالے

فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَاۗبَّةٍ ۭ وَاَنْزَلْنَا

فِي الْاَرْضِ	رَوَاسِيَ	اَنْ	تَمِيْدَ بِكُمْ	وَبَثَّ	فِيْهَا	مِنْ كُلِّ	دَاۗبَّةٍ	وَاَنْزَلْنَا
زمین میں	پہاڑ (جمع)	کہ	جھک (نہ) جائے تمہارے ساتھ	اور پھیلائے	اس میں	ہر قسم	جانور	اور ہم نے اتارا

زمین میں پہاڑ کہ تمہارے ساتھ جھک نہ جائے، اور اس میں ہر قسم کے جانور پھیلائے، اور ہم نے اتارا

مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيْمٍ ﴿۱۰﴾ هٰذَا خَلْقُ اللّٰهِ فَاَرُوْنِيْ

مِنَ السَّمَاۗءِ	مَاۗءً	فَاَنْۢبَتْنَا	فِيْهَا	مِنْ كُلِّ	زَوْجٍ	كَرِيْمٍ	هٰذَا	خَلْقُ اللّٰهِ	فَاَرُوْنِيْ
آسمان سے	پانی	پھر ہم نے اگائے	اس میں	ہر قسم	جوڑے	عمدہ	یہ	خلقت (بنایا ہوا) اللہ کا	پس تم مجھے دکھاؤ

آسمان سے پانی، پھر ہم نے اس میں اُگائے ہر قسم کے عمدہ جوڑے۔ یہ اللہ کا بنایا ہوا ہے، پس تم مجھے دکھاؤ

۱ ع ۱ ۱۰

مَاذَا خَلَقَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ۭ بَلِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱۱﴾ ۧ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا

مَاذَا	خَلَقَ	الَّذِيْنَ	مِنْ دُوْنِهٖ	بَلِ	الظّٰلِمُوْنَ	فِيْ	ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ	وَلَقَدْ اٰتَيْنَا
کیا	پیدا کیا	وہ جو	اس کے سوا	بلکہ	ظالم (جمع)	میں	کھلی گمراہی	اور البتہ ہم نے دی

کیا پیدا کیا انہوں نے جو اس کے سوا ہیں، بلکہ ظالم کھلی گمراہی میں ہیں۔ اور البتہ ہم نے دی

لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ اَنِ اشْكُرْ لِلّٰهِ ط وَمَنْ يَّشْكُرْ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ج وَمَنْ كَفَرَ

لُقْمٰنَ	الْحِكْمَةَ	اَنِ	اشْكُرْ	لِلّٰهِ	وَمَنْ	يَّشْكُرْ	فَاِنَّمَا	يَشْكُرُ	لِنَفْسِهٖ	وَمَنْ كَفَرَ
لقمان	حکمت	کہ	شکر	اللہ کا	اور جو	شکر کرتا ہے	تو اسکے سوا نہیں (فقط)	وہ شکر کرتا ہے	اپنے لئے	اور جس نے ناشکری کی

لقمان کو حکمت (اور فرمایا) کہ اللہ کا شکر کرو، اور جو شکر کرتا ہے تو وہ صرف اپنے (ہی بھلے کے) لئے کرتا ہے، اور جس نے ناشکری کی

فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ﴿۱۲﴾ وَاِذْ قَالَ لُقْمٰنُ لِابْنِهٖ وَهُوَ يَعِظُهٗ يٰبُنَيَّ

فَاِنَّ اللّٰهَ	غَنِيٌّ	حَمِيْدٌ	وَاِذْ	قَالَ	لُقْمٰنُ	لِابْنِهٖ	وَهُوَ	يَعِظُهٗ	يٰبُنَيَّ
تو بیشک اللہ	بے نیاز	ستودہ صفات	اور جب	کہا	لقمان	اپنے بیٹے کو	اور وہ	اسے نصیحت کرتا ہے	اے میرے بیٹے

تو بیشک اللہ بے نیاز، ستودہ صفات ہے۔ اور (یاد کرو) جب لقمان نے اپنے بیٹے کو کہا اور وہ اسے نصیحت کر رہا تھا، اے میرے بیٹے!

لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ ط اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۳﴾ وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ

لَا تُشْرِكْ	بِاللّٰهِ	اِنَّ الشِّرْكَ	لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ	وَوَصَّيْنَا	الْاِنْسَانَ	بِوَالِدَيْهِ
تو نہ شریک ٹھہرا	اللہ کے ساتھ	بیشک شرک	البتہ ظلم عظیم	اور ہم نے تاکید کردی	انسان	اسکے ماں باپ کے بارہ میں

تو اللہ کے ساتھ شریک نہ ٹھہرا، بیشک شرک ایک ظلم عظیم ہے۔ اور ہم نے انسان کو تاکید کی اس کے ماں باپ کے بارے میں (حسن سلوک کی)

حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ وَهْنًا عَلٰى وَهْنٍ وَّفِصٰلُهٗ فِيْ عَامَيْنِ اَنِ اشْكُرْ لِيْ وَلِوَالِدَيْكَ ط

حَمَلَتْهُ	اُمُّهٗ	وَهْنًا	عَلٰى وَهْنٍ	وَّفِصٰلُهٗ	فِيْ عَامَيْنِ	اَنِ اشْكُرْ لِيْ	وَلِوَالِدَيْكَ
اسے پیٹ میں رکھا	اسکی ماں	کمزوری	پر کمزوری	اور اسکا دودھ چھڑانا	دو سال میں	کہ میرا شکر کر	اور اپنے ماں باپ کا

اس کی ماں نے کمزوری پر کمزوری (جھیلتے ہوئے) اسے پیٹ میں رکھا، اور دو سال میں اس کا دودھ چھڑایا، کہ میرا شکر کر اور اپنے ماں باپ کا،

اِلَيَّ الْمَصِيْرُ ﴿۱۴﴾ وَاِنْ جَاهَدٰكَ عَلٰى اَنْ تُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ لا

اِلَيَّ	الْمَصِيْرُ	وَاِنْ	جَاهَدٰكَ	عَلٰى	اَنْ تُشْرِكَ	بِيْ	مَا لَيْسَ	لَكَ	بِهٖ	عِلْمٌ
میری طرف	لوٹ کر آنا	اور اگر	وہ تیرے ساتھ کوشش کریں	پر (دی)	کہ تو شریک ٹھہرائے	میرا	جس کا نہیں	تجھے	اس کا	کوئی علم

میری طرف (ہی) لوٹ کر آنا ہے۔ اور اگر وہ دونوں تیرے ساتھ کوشش کریں کہ تو میرا شریک ٹھہرائے، جس کا تجھے کوئی علم (سند) نہیں

فَلَا تُطِعْهُمَا وَصَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا مَعْرُوْفًا ز وَّاتَّبِعْ سَبِيْلَ مَنْ اَنَابَ

فَلَا تُطِعْهُمَا	وَصَاحِبْهُمَا	فِي الدُّنْيَا	مَعْرُوْفًا	وَّاتَّبِعْ	سَبِيْلَ	مَنْ	اَنَابَ
تو ان دونوں کا کہا نہ مان	اور ان کے ساتھ بسر کر	دنیا میں	اچھے طریقے سے	اور پیروی کر	راستہ	جو	رجوع کرے

تو ان کا کہا نہ مان، اور دنیا (کے معاملات) میں ان کے ساتھ اچھے طریقے سے بسر کر، اور اس کے راستے کی پیروی کر، جو رجوع کرے

اِلَیَّ ۚ ثُمَّ اِلَیَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۵﴾ یٰبُنَیَّ اِنَّهَآ اِنْ تَكُ

اِنْ تَكُ	اِنَّهَا	یٰبُنَیَّ	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ	بِمَا	فَاُنَبِّئُكُمْ	مَرْجِعُكُمْ	اِلَیَّ	ثُمَّ	اِلَیَّ
اگر ہو	بیشک وہ	اے میرے بیٹے	تم کرتے تھے	جو کچھ	سو میں تمہیں آگاہ کردوں گا	تمہیں لوٹ کر آنا ہے	میری طرف	پھر	میری طرف

میری طرف، پھر تمہیں میری طرف ہی لوٹ کر آنا ہے، سو میں تمہیں آگاہ کردوں گا، جو کچھ تم کرتے تھے! اے میرے بیٹے! اگر (برائی)

مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِیْ صَخْرَةٍ اَوْ فِی السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ

فِی الْاَرْضِ	اَوْ	فِی السَّمٰوٰتِ	اَوْ	صَخْرَةٍ	فِیْ	فَتَكُنْ	خَرْدَلٍ	مِّنْ	مِثْقَالَ حَبَّةٍ
زمین میں	یا	آسمانوں میں	یا	سخت پتھر	میں	پھر وہ ہو	رائی	سے (کے)	وزن (برابر) دانہ

ایک رائی کے دانے کے برابر (بھی) ہو، پھر وہ کسی سخت پتھر (چٹان) میں (پوشیدہ) ہو، یا آسمانوں میں، یا زمین میں (پوشیدہ) ہو

یَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَطِیْفٌ خَبِیْرٌ ﴿۱۶﴾ یٰبُنَیَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ

بِالْمَعْرُوْفِ	وَاْمُرْ	اَقِمِ الصَّلٰوةَ	یٰبُنَیَّ	خَبِیْرٌ	لَطِیْفٌ	اِنَّ اللّٰهَ	اللّٰهُ	یَاْتِ بِهَا
اچھے کام	اور حکم دے	قائم کر نماز	اے میرے بیٹے	خبردار	باریک بین	بیشک اللہ	اللہ	لے آئے گا اسے

اللہ اُسے لے آئے گا (حاضر کردے گا)، بیشک اللہ باریک بین باخبر ہے۔ اے میرے بیٹے! نماز قائم کر، اور اچھے کاموں کا حکم دے،

وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰی مَاۤ اَصَابَكَ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿۱۷﴾

عَزْمِ الْاُمُوْرِ	مِنْ	اِنَّ ذٰلِكَ	مَاۤ اَصَابَكَ	عَلٰی	وَاصْبِرْ	الْمُنْكَرِ	عَنِ	وَانْهَ
بڑی ہمت کے کام	سے	بیشک یہ	جو تجھ پر پہنچے	پر	اور صبر کر	بری بات	سے	اور روک

اور بری باتوں سے روک اور تجھ پر جو (اُفتاد) پہنچے اس پر صبر کر، بیشک یہ بڑی ہمت کے کاموں میں سے ہے۔

وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَلَا تَمْشِ فِی الْاَرْضِ مَرَحًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ

لَا یُحِبُّ	اِنَّ اللّٰهَ	مَرَحًا	فِی الْاَرْضِ	وَلَا تَمْشِ	لِلنَّاسِ	خَدَّكَ	وَلَا تُصَعِّرْ
پسند نہیں کرتا	بیشک اللہ	اتراتا	زمین میں	اور نہ چل	لوگوں سے	اپنا رخسار	اور تو ٹیڑھا نہ کر

اور تو لوگوں سے (بات کرتے ہوئے) اپنا رخسار ٹیڑھا نہ کر، اور زمین میں اتراتا ہوا نہ چل، بیشک اللہ پسند نہیں کرتا

كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ ﴿۱۸﴾ ۚ وَاقْصِدْ فِیْ مَشْیِكَ وَاغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ ؕ اِنَّ

اِنَّ	مِنْ صَوْتِكَ	اغْضُضْ	وَ	فِیْ مَشْیِكَ	وَاقْصِدْ	فَخُوْرٍ	مُخْتَالٍ	كُلَّ
بیشک	اپنی آواز کو	پست کر	اور	اپنی رفتار میں	اور میانہ روی کر	خود پسند	اترانے والا	ہر کسی

کسی اترانے والے، خود پسند کو۔ اور اپنی رفتار میں میانہ روی (اختیار) کر، اور اپنی آواز کو پست رکھ، بیشک

اَنْكَرَ الْاَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِيْرِ ﴿١٩﴾ اَلَمْ تَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ

اَنْكَرَ	الْاَصْوَاتِ	لَصَوْتُ	الْحَمِيْرِ	اَلَمْ تَرَوْا	اَنَّ اللّٰهَ	سَخَّرَ	لَكُمْ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ
سب سے ناپسندیدہ	آوازیں	آواز	گدھا	کیا تم نے نہیں دیکھا	کہ اللہ	مسخر کیا	تمہارے لئے	جو کچھ	آسمانوں میں

آوازوں میں سے سب سے ناپسندیدہ آواز گدھے کی ہے۔ کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے تمہارے لئے مسخر کیا ہے جو کچھ آسمانوں میں

وَمَا فِي الْاَرْضِ وَاَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهٗ ظَاهِرَةً وَّبَاطِنَةً ؕ وَمِنَ النَّاسِ

وَمَا	فِي الْاَرْضِ	وَاَسْبَغَ	عَلَيْكُمْ	نِعَمَهٗ	ظَاهِرَةً	وَبَاطِنَةً	وَ	مِنَ	النَّاسِ
اور جو کچھ	زمین میں	اور بھرپور دیں	تم پر (تمہیں)	اپنی نعمتیں	ظاہر	اور پوشیدہ	اور	بعض	لوگ

اور جو کچھ زمین میں ہے، اور تمہیں اپنی ظاہر اور پوشیدہ نعمتیں بھرپور دیں، اور لوگوں میں بعض (ایسے ہیں)

مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ﴿٢٠﴾ وَاِذَا

مَنْ	يُجَادِلُ	فِي اللّٰهِ	بِغَيْرِ	عِلْمٍ	وَلَا هُدًى	وَلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ	وَاِذَا
جو	جھگڑتا ہے	اللہ (کے بارہ) میں	بغیر	علم	اور بغیر ہدایت	اور بغیر کتاب روشن	اور جب

جو اللہ کے بارے میں جھگڑتے ہیں بغیر علم، بغیر ہدایت، اور بغیر روشن کتاب کے۔ اور جب

قِيْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا مَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا بَلْ نَتَّبِعُ مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ؕ

قِيْلَ	لَهُمُ	اتَّبِعُوْا	مَاۤ اَنْزَلَ	اللّٰهُ	قَالُوْا	بَلْ نَتَّبِعُ	مَا وَجَدْنَا	عَلَيْهِ	اٰبَآءَنَا
کہا جائے	اُن سے	تم پیروی کرو	جو نازل کیا	اللہ	وہ کہتے ہیں	بلکہ ہم پیروی کریں گے	جو ہم نے پایا	اس پر	اپنے باپ دادا

اُن سے کہا جائے، جو اللہ نے نازل کیا ہے تم اس کی پیروی کرو تو وہ کہتے ہیں بلکہ ہم اسکی پیروی کریں گے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا ہے

اَوَلَوْ كَانَ الشَّيْطٰنُ يَدْعُوْهُمْ اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ﴿٢١﴾ وَمَنْ يُّسْلِمْ

اَوَلَوْ	كَانَ	الشَّيْطٰنُ	يَدْعُوْهُمْ	اِلٰى	عَذَابِ	السَّعِيْرِ	وَمَنْ	يُسْلِمْ
کیا اگر	ہو	شیطان	ان کو بلاتا	طرف	عذاب	دوزخ	اور جو	جھکا دے

کیا (اس صورت میں بھی کہ) اگر شیطان ان کو دوزخ کے عذاب کی طرف بلاتا ہو؟ اور جو جھکا دے

وَجْهَهٗۤ اِلَى اللّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ؕ وَاِلَى اللّٰهِ

وَجْهَهٗ	اِلَى اللّٰهِ	وَ هُوَ	مُحْسِنٌ	فَقَدِ اسْتَمْسَكَ	بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى	وَ	اِلَى اللّٰهِ
اپنا چہرہ	اللہ کی طرف	اور وہ	نیکوکار	تو بیشک اس نے تھاما	حلقہ مضبوط	اور	اللہ کی طرف

اپنا چہرہ (سر تسلیم خم کردے) اللہ کی طرف، اور وہ نیکوکار ہو، تو بیشک اس نے مضبوط حلقہ (دست آویز) تھام لیا، اور اللہ کی طرف (ہی)

عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ﴿۲۲﴾ وَمَنْ كَفَرَ فَلَا يَحْزُنْكَ كُفْرُهٗ ۭ اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ فَنُنَبِّئُهُمْ بِمَا

عَاقِبَةُ	الْاُمُوْرِ	وَمَنْ كَفَرَ	فَلَا يَحْزُنْكَ	كُفْرُهٗ	اِلَيْنَا	مَرْجِعُهُمْ	فَنُنَبِّئُهُمْ بِمَا
انتہا	تمام کام (جمع)	اور جو کفر کرے	تو آپ کو غمگین نہ کر دے	اس کا کفر	ہماری طرف	اُن کا لوٹنا	پھر ہم انہیں ضرور جتلائیں گے وہ جو

تمام کاموں کی انتہا ہے۔ اور جو کفر کرے تو اس کا کفر آپ کو غمگین نہ کر دے، انہیں ہماری طرف ہی، لوٹنا ہے، پھر ہم انہیں ضرور جتلائیں گے وہ

عَمِلُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۲۳﴾ نُمَتِّعُهُمْ قَلِيْلًا ثُمَّ نَضْطَرُّهُمْ اِلٰى

عَمِلُوْا	اِنَّ اللّٰهَ	عَلِيْمٌ	بِذَاتِ	الصُّدُوْرِ	نُمَتِّعُهُمْ	قَلِيْلًا	ثُمَّ نَضْطَرُّهُمْ	اِلٰى
وہ کرتے تھے	بیشک اللہ	جاننے والا	دلوں کے	بھید	ہم انہیں فائدہ دیں گے	تھوڑا	پھر ہم انہیں کھینچ لائیں گے	طرف

جو وہ کرتے تھے، بے شک اللہ دلوں کے بھید جاننے والا ہے۔ ہم انہیں تھوڑا (چند روزہ) فائدہ دیں گے پھر انہیں کھینچ لائیں گے

عَذَابٍ غَلِيْظٍ ﴿۲۴﴾ وَلَىِٕنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۭ

عَذَابٍ	غَلِيْظٍ	وَلَىِٕنْ	سَاَلْتَهُمْ	مَنْ خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	لَيَقُوْلُنَّ	اللّٰهُ
عذاب	سخت	اور اگر	تم ان سے پوچھو	کس نے پیدا کیا	آسمانوں کو	اور زمین	تو وہ یقیناً کہیں گے	اللہ

سخت عذاب کی طرف۔ اور اگر تم ان سے پوچھو کس نے آسمانوں کو اور زمین کو پیدا کیا؟ تو وہ یقیناً کہیں گے "اللہ نے"۔

قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۵﴾ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

قُلِ	الْحَمْدُ لِلّٰهِ	بَلْ اَكْثَرُهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ	لِلّٰهِ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	اِنَّ اللّٰهَ
فرمادیں	تمام تعریفیں اللہ کے لئے	بلکہ ان کے اکثر	جانتے نہیں	اللہ کے لئے	جو کچھ	آسمانوں میں	اور زمین	بیشک اللہ

آپ فرمادیں تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، بلکہ ان کے اکثر نہیں جانتے۔ اللہ ہی کے لئے ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے بیشک اللہ

هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿۲۶﴾ وَلَوْ اَنَّ مَا فِي الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ يَمُدُّهٗ

هُوَ	الْغَنِيُّ	الْحَمِيْدُ	وَلَوْ	اَنَّ	مَا	فِي الْاَرْضِ	مِنْ	شَجَرَةٍ	اَقْلَامٌ	وَّ الْبَحْرُ	يَمُدُّهٗ
وہ	بے نیاز	ستودہ صفات	اور اگر	یہ ہو کہ	جو	زمین میں	سے، کوئی	درخت	قلمیں	اور سمندر	اسکی سیاہی

بے نیاز، ستودہ صفات ہے۔ اور اگر یہ ہو کہ زمین میں جو بھی درخت ہیں قلمیں بن جائیں اور سمندر اس کی سیاہی (بن جائیں)

مِنْۢ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۷﴾ مَا خَلْقُكُمْ

مِنْ بَعْدِهٖ	سَبْعَةُ	اَبْحُرٍ	مَا نَفِدَتْ	كَلِمٰتُ اللّٰهِ	اِنَّ اللّٰهَ	عَزِيْزٌ	حَكِيْمٌ	مَا خَلْقُكُمْ
اس کے بعد	سات	سمندر (جمع)	تو بھی ختم نہ ہوں	اللہ کی باتیں	بیشک اللہ	غالب	حکمت والا	نہیں تم سب کا پیدا کرنا

اور اس کے بعد سات سمندر (اور ہوں) تو بھی اللہ کی باتیں ختم نہ ہوں، بیشک اللہ غالب، حکمت والا ہے۔ نہیں ہے تم سب کا پیدا کرنا

وَلَا بَعْثُكُمْ اِلَّا كَنَفْسٍ وَّاحِدَةٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ﴿۲۸﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ

وَلَا بَعْثُكُمْ	اِلَّا	كَنَفْسٍ وَّاحِدَةٍ	اِنَّ اللّٰهَ	سَمِيْعٌ	بَصِيْرٌ	اَلَمْ تَرَ	اَنَّ اللّٰهَ	يُوْلِجُ
اور نہیں تمہارا جی اٹھانا	مگر	جیسے ایک شخص	بیشک اللہ	سننے والا	دیکھنے والا	کیا تو نے نہیں دیکھا	کہ اللہ	داخل کرتا ہے

اور نہیں ہے تمہارا جی اٹھانا مگر جیسے ایک شخص (کا پیدا کرنا)، بیشک اللہ سننے والا، دیکھنے والا ہے - کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ داخل کرتا ہے

الَّيْلَ فِى النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِى الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؗ كُلٌّ يَّجْرِىْٓ

الَّيْلَ	فِى النَّهَارِ	وَيُوْلِجُ	النَّهَارَ	فِى الَّيْلِ	وَسَخَّرَ	الشَّمْسَ	وَالْقَمَرَ	كُلٌّ	يَّجْرِىْ
رات	دن میں	اور داخل کرتا ہے	دن	رات میں	اور اس نے مسخر کیا	سورج	اور چاند	ہر ایک	چلتا رہے گا

رات کو دن میں، اور دن کو داخل کرتا ہے رات میں، اور اس نے سورج اور چاند کو مسخر کیا، ہر ایک چلتا رہے گا،

اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّاَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۲۹﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ

اِلٰى	اَجَلٍ	مُّسَمًّى	وَّاَنَّ	اللّٰهَ	بِمَا تَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرٌ	ذٰلِكَ	بِاَنَّ اللّٰهَ	هُوَ الْحَقُّ
طرف	مدت	مقررہ	اور یہ کہ	اللہ	اس سے جو کچھ تم کرتے ہو	خبردار	یہ	اس لئے کہ اللہ	وہی برحق

مدتِ مقررہ (روزِ قیامت) تک- اور یہ کہ جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے خبردار ہے - یہ اس لئے ہے کہ اللہ ہی برحق ہے

۳ ع ۱۱ ۱۴

وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ الْبَاطِلُ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِىُّ الْكَبِيْرُ ﴿۳۰﴾

وَاَنَّ	مَا	يَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِهٖ	الْبَاطِلُ	وَاَنَّ	اللّٰهَ	هُوَ	الْعَلِىُّ	الْكَبِيْرُ
اور یہ کہ	جو جس	وہ پرستش کرتے ہیں	اس کے سوا	باطل	اور یہ کہ	اللہ	وہی	بلند مرتبہ	بڑائی والا

اور یہ کہ وہ اس کے سوا جس کی پرستش کرتے ہیں سب باطل ہیں، اور یہ کہ اللہ ہی بلند مرتبہ، بڑائی والا ہے۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّ الْفُلْكَ تَجْرِىْ فِى الْبَحْرِ بِنِعْمَتِ اللّٰهِ لِيُرِيَكُمْ مِّنْ اٰيٰتِهٖ ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ

اَلَمْ تَرَ	اَنَّ	الْفُلْكَ	تَجْرِىْ	فِى الْبَحْرِ	بِنِعْمَتِ اللّٰهِ	لِيُرِيَكُمْ	مِّنْ اٰيٰتِهٖ	اِنَّ	فِىْ ذٰلِكَ
کیا تو نے نہیں دیکھا	کہ	کشتی	چلتی ہے	دریا میں	اللہ کی نعمتوں کے ساتھ	تاکہ وہ تمہیں دکھا دے	اس کی نشانیاں	بیشک	اس میں

کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ کی نعمتوں کے ساتھ کشتی دریا میں چلتی ہے تاکہ وہ تمہیں اس کی نشانیاں دکھا دے، بے شک اس میں

لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿۳۱﴾ وَاِذَا غَشِيَهُمْ مَّوْجٌ كَالظُّلَلِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ

لَاٰيٰتٍ	لِّكُلِّ	صَبَّارٍ	شَكُوْرٍ	وَاِذَا	غَشِيَهُمْ	مَّوْجٌ	كَالظُّلَلِ	دَعَوُا اللّٰهَ	مُخْلِصِيْنَ
البتہ نشانیاں	واسطے ہر	بڑے صبر والے	بڑے شکرگزار	اور جب	ان پر چھا جاتی ہے	موج	سائبانوں کی طرح	وہ اللہ کو پکارتے ہیں	خالص کر کے

ہر بڑے صبر کرنے والے شکرگزار کے لئے نشانیاں ہیں۔ اور جب موج ان پر سائبانوں کی طرح چھا جاتی ہے تو وہ اللہ کو پکارتے ہیں خالص کر کے

لَهُ الدِّيْنَ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ فَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ۭ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا

لَهُ الدِّيْنَ	فَلَمَّا	نَجّٰىهُمْ	اِلَى الْبَرِّ	فَمِنْهُمْ	مُّقْتَصِدٌ	وَمَا يَجْحَدُ	بِاٰيٰتِنَآ	اِلَّا
اسی کے لئے دین (عبادت)	پھر جب	اس نے انہیں بچا لیا	خشکی کی طرف	تو ان میں کوئی	میانہ رو	اور انکار نہیں کرتا	ہماری آیتوں کا	سوائے

اسی کے لئے عبادت، پھر جب اس نے انہیں خشکی کی طرف بچا لیا تو ان میں کوئی میانہ رو رہتا ہے۔ اور ہماری آیتوں کا انکار نہیں کرتا سوائے

كُلُّ خَتَّارٍ كَفُوْرٍ ﴿۳۲﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ وَاخْشَوْا يَوْمًا لَّا يَجْزِيْ

كُلُّ	خَتَّارٍ	كَفُوْرٍ	يٰٓاَيُّهَا	النَّاسُ	اتَّقُوْا	رَبَّكُمْ	وَاخْشَوْا	يَوْمًا	لَّا يَجْزِيْ
ہر	عہد شکن	ناشکرا	اے	لوگو	تم ڈرو	اپنا پروردگار	اور خوف کرو	وہ دن	نہ کام آئے گا

ہر عہد شکن ناشکرے کے۔ اے لوگو! تم اپنے پروردگار سے ڈرو، اور اس دن کا خوف کرو (جس دن) نہ کام آئے گا

وَالِدٌ عَنْ وَّلَدِهٖ ۡ وَلَا مَوْلُوْدٌ هُوَ جَازٍ عَنْ وَّالِدِهٖ شَيْـــًٔا ۭ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ

وَالِدٌ	عَنْ	وَّلَدِهٖ	وَلَا مَوْلُوْدٌ	هُوَ	جَازٍ	عَنْ وَّالِدِهٖ	شَيْـــًٔا	اِنَّ	وَعْدَ اللّٰهِ
کوئی باپ	سے۔کے	اپنے بیٹے	اور نہ کوئی بیٹا	وہ	کام آئے گا	سے۔کے باپ	کچھ	بیشک	اللہ کا وعدہ

کوئی باپ اپنے بیٹے کے، اور نہ کوئی بیٹا اپنے باپ کے کچھ کام آئے گا، بیشک اللہ کا وعدہ

حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۪ وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ﴿۳۳﴾ اِنَّ اللّٰهَ

حَقٌّ	فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ	الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا	وَ	لَا يَغُرَّنَّكُمْ	بِاللّٰهِ	الْغَرُوْرُ	اِنَّ اللّٰهَ
سچا	سو تمہیں ہرگز دھوکے میں نہ ڈالے	دنیا کی زندگی	اور	تمہیں ہرگز دھوکہ نہ دے	اللہ سے	دھوکہ دینے والا	بیشک اللہ

سچا ہے، سو تمہیں دنیا کی زندگی ہرگز دھوکے میں نہ ڈال دے اور دھوکہ دینے والا (شیطان) تمہیں اللہ سے ہرگز دھوکہ نہ دے۔ بیشک اللہ ہی

عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ ۚ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْاَرْحَامِ ۭ وَمَا تَدْرِيْ

عِنْدَهٗ	عِلْمُ السَّاعَةِ	وَيُنَزِّلُ	الْغَيْثَ	وَيَعْلَمُ	مَا	فِي الْاَرْحَامِ	وَمَا	تَدْرِيْ
اس کے پاس	قیامت کا علم	اور وہ نازل کرتا ہے	بارش	اور وہ جانتا ہے	جو	(ماں) کے رحم میں	اور نہیں	جانتا

کے پاس ہے قیامت کا علم، وہی بارش نازل کرتا ہے، اور وہ جانتا ہے جو (ماں) کے رحم میں ہے، اور نہیں جانتا

نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا ۭ وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌۢ بِاَيِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ ۭ

نَفْسٌ	مَّاذَا	تَكْسِبُ	غَدًا	وَمَا تَدْرِيْ	نَفْسٌ	بِاَيِّ	اَرْضٍ	تَمُوْتُ
کوئی شخص	کیا	وہ کرے گا	کل	اور نہیں جانتا	کوئی شخص	کس	زمین	وہ مرے گا

کوئی شخص کہ وہ کل کیا کرے گا، اور کوئی شخص نہیں جانتا کہ کس زمین میں وہ مرے گا۔

اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ﴿۳۴﴾

خَبِيْرٌ	عَلِيْمٌ	اِنَّ اللّٰهَ
خبردار	علم والا	بیشک اللہ

بے شک اللہ علم والا، خبردار ہے۔

آیاتها ۳۰ — ۳۲ سُوْرَةُ السَّجْدَةِ مَكِّيَّةٌ ۷۵ — رکوعاتها ۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

الٓمّٓ ﴿۱﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ

يَقُوْلُوْنَ	اَمْ	الْعٰلَمِيْنَ	رَبِّ	مِنْ	فِيْهِ	لَا رَيْبَ	الْكِتٰبِ	تَنْزِيْلُ	الٓمّٓ
وہ کہتے ہیں	کیا	تمام جہان	پروردگار	سے	اس میں	کوئی شبہ نہیں	کتاب	نازل کرنا	الٓمّٓ

الف۔لام۔میم۔اس میں کوئی شک نہیں کہ اس کتاب (قرآن) کا نازل کرنا تمام جہانوں کے پروردگار کی طرف سے ہے۔ کیا وہ کہتے ہیں کہ

افْتَرٰىهُ ۚ بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ

نَذِيْرٍ	مِنْ	مَا اَتٰىهُمْ	قَوْمًا	لِتُنْذِرَ	رَبِّكَ	مِنْ	الْحَقُّ	هُوَ	بَلْ	افْتَرٰىهُ
ڈرانے والا	کوئی	ان کے پاس نہیں آیا	اس قوم کو	تاکہ تم ڈراؤ	تمہارا رب	سے	حق	یہ	بلکہ	یہ اس نے گھڑ لیا ہے

یہ اس نے گھڑ لیا ہے؟ (نہیں) بلکہ یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے حق ہے تاکہ تم اس قوم کو ڈراؤ جس کے پاس کوئی ڈرانے والا نہیں آیا

مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿۳﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

وَالْاَرْضَ	السَّمٰوٰتِ	خَلَقَ	الَّذِيْ	اَللّٰهُ	يَهْتَدُوْنَ	لَعَلَّهُمْ	قَبْلِكَ	مِنْ
اور زمین	آسمانوں	پیدا کیا	وہ جس نے	اللہ	ہدایت پالیں	تاکہ وہ	تم سے پہلے	سے

تم سے پہلے، تاکہ وہ ہدایت پالیں۔ اللہ (وہی ہے) جس نے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو

وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۭ مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ

مِنْ دُوْنِهٖ	مَا لَكُمْ	عَلَى الْعَرْشِ	اسْتَوٰى	ثُمَّ	اَيَّامٍ	سِتَّةِ	فِيْ	بَيْنَهُمَا	وَمَا
اس کے سوا	تمہارے لئے نہیں	عرش پر	اس نے قرار کیا	پھر	دن	چھ	میں	ان کے درمیان	اور جو

اور جو ان کے درمیان ہے چھ دن میں، پھر اس نے عرش پر قرار کیا، تمہارے لئے اس کے سوا نہیں

مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا شَفِيْعٍ ؕ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ۝۴ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ مِنَ السَّمَآءِ

مِنْ	وَّلِيٍّ	وَّلَا شَفِيْعٍ	اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ	يُدَبِّرُ	الْاَمْرَ	مِنَ	السَّمَآءِ
سے کوئی	مددگار	اور نہ سفارش کرنے والا	سو کیا تم غور نہیں کرتے	وہ تدبیر کرتا ہے	تمام کام	سے	آسمان

کوئی مددگار، اور نہ سفارش کرنے والا، سو کیا تم غور نہیں کرتے؟ وہ ہر کام کی تدبیر کرتا ہے آسمان سے

اِلَى الْاَرْضِ ثُمَّ يَعْرُجُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗٓ اَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا

اِلَى الْاَرْضِ	ثُمَّ	يَعْرُجُ	اِلَيْهِ	فِيْ يَوْمٍ	كَانَ	مِقْدَارُهٗ	اَلْفَ سَنَةٍ	مِّمَّا
زمین تک	پھر	وہ رجوع کرے گا	اسکی طرف	ایک دن میں	ہے	اس کی مقدار	ایک ہزار سال	اس سے جو

زمین تک، پھر (وہ کام) اس کی طرف رجوع کرے گا ایک دن میں، جس کی مقدار ایک ہزار سال ہے اس (حساب) سے جو

تَعُدُّوْنَ ۝۵ ذٰلِكَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝۶ الَّذِيْٓ

تَعُدُّوْنَ	ذٰلِكَ	عٰلِمُ الْغَيْبِ	وَالشَّهَادَةِ	الْعَزِيْزُ	الرَّحِيْمُ	الَّذِيْٓ
تم شمار کرتے ہو	وہ	جاننے والا پوشیدہ	اور ظاہر	غالب	مہربان	وہ جس نے

تم شمار کرتے ہو۔ وہ پوشیدہ اور ظاہر کا جاننے والا ہے، غالب، مہربان۔ وہ جس نے

اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِيْنٍ ۝۷ ثُمَّ

اَحْسَنَ	كُلَّ شَيْءٍ	خَلَقَهٗ	وَبَدَاَ	خَلْقَ	الْاِنْسَانِ	مِنْ	طِيْنٍ	ثُمَّ
خوب بنائی	ہر شے	جو اس نے پیدا کی	اور ابتدا کی	پیدائش	انسان	سے	مٹی	پھر

ہر شے خوب بنائی جو اس نے پیدا کی اور انسان کی پیدائش کی ابتداء مٹی سے کی۔ پھر

جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ۝۸ ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِيْهِ

جَعَلَ	نَسْلَهٗ	مِنْ سُلٰلَةٍ	مِّنْ	مَّآءٍ مَّهِيْنٍ	ثُمَّ سَوّٰىهُ	وَنَفَخَ	فِيْهِ
بنایا	اس کی نسل	خلاصہ سے	سے	حقیر (بے قدر) پانی	پھر اس (کے اعضا) کو ٹھیک کیا	اور پھونکی	اس میں

اس کی نسل کو بے قدر پانی کے خلاصہ سے بنایا۔ پھر اس نے اس کے اعضا کو ٹھیک کیا، اور اس میں پھونکی

مِنْ رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا

مِنْ	رُّوْحِهٖ	وَجَعَلَ	لَكُمُ	السَّمْعَ	وَالْاَبْصَارَ	وَالْاَفْـِٕدَةَ	قَلِيْلًا	مَّا
سے	اپنی روح	اور بنائے	تمہارے لئے	کان	اور آنکھیں	اور دل (جمع)	بہت کم	جو

اپنی (طرف سے)، اپنی روح' اور تمہارے لئے کان اور آنکھیں اور دل بنائے، تم بہت کم ہو جو

تَشْكُرُوْنَ ۝۹ وَقَالُوْٓا ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِي الْاَرْضِ ءَاِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۬

تَشْكُرُوْنَ	وَقَالُوْٓا	ءَاِذَا	ضَلَلْنَا	فِي الْاَرْضِ	ءَاِنَّا	لَفِيْ	خَلْقٍ جَدِيْدٍ
تم شکر کرتے ہو	اور انہوں نے کہا	کیا جب	ہم گم ہو جائیں گے	زمین میں	کیا ہم	تو ۔ میں	نئی پیدائش

شکر کرتے ہو ۔ اور انہوں نے کہا کیا جب ہم زمین میں گم ہو جائیں گے تو کیا نئی پیدائش میں (آئیں گے)؟

بَلْ هُمْ بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ كٰفِرُوْنَ ۝۱۰ قُلْ يَتَوَفّٰىكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِيْ

بَلْ	هُمْ	بِلِقَآئِ	رَبِّهِمْ	كٰفِرُوْنَ	قُلْ	يَتَوَفّٰىكُمْ	مَلَكُ الْمَوْتِ	الَّذِيْ
بلکہ	وہ	ملاقات سے	اپنا رب	منکر (جمع)	فرما دیں	تمہاری روح قبض کرتا ہے	موت کا فرشتہ	وہ جو کہ

بلکہ وہ اپنے رب کی ملاقات سے منکر ہیں ۔ آپ فرما دیں، موت کا فرشتہ تمہاری روح قبض کرتا ہے ، جو

وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ۝۱۱ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ

وُكِّلَ	بِكُمْ	ثُمَّ	اِلٰى رَبِّكُمْ	تُرْجَعُوْنَ	وَلَوْ	تَرٰى	اِذِ	الْمُجْرِمُوْنَ
مقرر کیا گیا ہے	تم پر	پھر	تم اپنے رب کی طرف	لوٹائے جاؤ گے	اور اگر	تم دیکھو	جب	مجرم (جمع)

تم پر مقرر کیا گیا ہے ، پھر تم اپنے رب کی طرف لوٹائے جاؤ گے ۔ اور اگر تم دیکھو جب مجرم

نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ رَبَّنَآ اَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا

نَاكِسُوْا	رُءُوْسِهِمْ	عِنْدَ رَبِّهِمْ	رَبَّنَا	اَبْصَرْنَا	وَسَمِعْنَا	فَارْجِعْنَا	نَعْمَلْ	صَالِحًا
جھکائے ہوں گے	اپنے سر	اپنے رب کے سامنے	اے ہمارے رب	ہم نے دیکھ لیا	اور ہم نے سن لیا	پس ہمیں لوٹا دے	ہم کریں	اچھے عمل

اپنے رب کے سامنے اپنے سر جھکائے ہوں گے (اور کہہ رہے ہونگے) اے ہمارے رب (اب) ہم نے دیکھ لیا اور سن لیا ، پس ہمیں لوٹا دے کہ ہم اچھے عمل کریں

اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ۝۱۲ وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدٰىهَا وَلٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ

اِنَّا	مُوْقِنُوْنَ	وَلَوْ	شِئْنَا	لَاٰتَيْنَا	كُلَّ نَفْسٍ	هُدٰىهَا	وَلٰكِنْ	حَقَّ	الْقَوْلُ
بیشک ہم	یقین کرنے والے	اور اگر	ہم چاہتے	ہم ضرور دیتے	ہر شخص	اس کی ہدایت	اور لیکن	ثابت ہو چکی ہے	بات

بیشک ہم یقین کرنے والے ہیں ۔ اور اگر ہم چاہتے تو ضرور ہر شخص کو اس کی ہدایت دے دیتے لیکن (یہ) بات ثابت ہو چکی ہے

مِنِّيْ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ۝۱۳ فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِيْتُمْ

مِنِّيْ	لَاَمْلَئَنَّ	جَهَنَّمَ	مِنَ	الْجِنَّةِ	وَالنَّاسِ	اَجْمَعِيْنَ	فَذُوْقُوْا	بِمَا	نَسِيْتُمْ
میری طرف سے	البتہ میں ضرور بھر دوں گا	جہنم	سے	جنوں	اور انسان	اکٹھے	پس چکھو تم	وہ جو	تم نے بھلا دیا تھا

میری طرف سے کہ میں البتہ جہنم کو ضرور بھر دوں گا ، اکٹھے جنوں اور انسانوں سے ۔ پس تم اس کا (مزہ) چکھو جو تم نے بھلا دیا تھا

لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۚ اِنَّا نَسِيْنٰكُمْ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿١٤﴾

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ	بِمَا	عَذَابَ الْخُلْدِ	وَذُوْقُوْا	اِنَّا نَسِيْنٰكُمْ	هٰذَا	يَوْمِكُمْ	لِقَآءَ
تم کرتے تھے	اس کا بدلہ جو	ہمیشہ کا عذاب	اور چکھو تم	بیشک تم نے تمہیں بھلادیا	اس	اپنے دن	ملاقات

اپنے اس دن کی ملاقات (حاضری)، کو ہم نے (بھی)، تمہیں بھلا دیا، جو تم کرتے تھے اس کے بدلے ہمیشہ کا عذاب چکھو۔

اِنَّمَا يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا سُجَّدًا وَّسَبَّحُوْا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ

رَبِّهِمْ	بِحَمْدِ	وَسَبَّحُوْا	خَرُّوْا سُجَّدًا	بِهَا	ذُكِّرُوْا	اِذَا	الَّذِيْنَ	بِاٰيٰتِنَا	يُؤْمِنُ	اِنَّمَا
اپنا رب	تعریف کے ساتھ	اور پاکیزگی بیان کرتے ہیں	گر پڑتے ہیں سجدہ میں	وہ	یاد دلائی جاتی ہیں	جب	وہ جو	ہماری آیتوں پر	ایمان لاتے ہیں	اسکے سوا نہیں

اسکے سوا نہیں کہ ہماری آیتوں پر وہ لوگ ایمان لاتے ہیں کہ جب انہیں یاد دلائی جاتی ہیں تو سجدہ میں گر پڑتے ہیں اپنے رب کی تعریف کے ساتھ پاکیزگی بیان کرتے ہیں

وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿١٥﴾ السجدۃ تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ

رَبَّهُمْ	يَدْعُوْنَ	الْمَضَاجِعِ	عَنِ	جُنُوْبُهُمْ	تَتَجَافٰى	لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ	وَهُمْ
اپنا رب	وہ پکارتے ہیں	خوابگاہوں (بستروں)	سے	ان کے پہلو	الگ رہتے ہیں	تکبر نہیں کرتے	اور وہ

اور وہ تکبر نہیں کرتے۔ اُن کے پہلو بستروں سے الگ رہتے ہیں، (وہ) اپنے رب کو پکارتے ہیں

خَوْفًا وَّطَمَعًا ۫ وَّمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿١٦﴾ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ

اُخْفِيَ	مَا	نَفْسٌ	فَلَا تَعْلَمُ	يُنْفِقُوْنَ	رَزَقْنٰهُمْ	وَمِمَّا	وَطَمَعًا	خَوْفًا
چھپا رکھا گیا	جو	کوئی شخص	سو نہیں جانتا	وہ خرچ کرتے ہیں	ہم نے انہیں دیا	اور اس سے جو	اور امید	ڈر

ڈر اور امید سے اور جو ہم نے انہیں دیا ہے اس میں سے وہ خرچ کرتے ہیں۔ سو کوئی شخص نہیں جانتا جو چھپا رکھا گیا ہے

لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٧﴾ اَفَمَنْ كَانَ مُؤْمِنًا

مُؤْمِنًا	كَانَ	اَفَمَنْ	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	بِمَا	جَزَآءً	قُرَّةِ اَعْيُنٍ	مِّنْ	لَهُمْ
مومن	ہو	تو کیا جو	جو وہ کرتے تھے	اس کا	جزا	آنکھوں کی ٹھنڈک	سے	ان کے لئے

ان کے لئے آنکھوں کی ٹھنڈک سے، اس کی جزا جو وہ کرتے ہیں۔ تو کیا جو مومن ہو وہ

كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا ۭ لَا يَسْتَوٗنَ ﴿١٨﴾ اَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

الصّٰلِحٰتِ	وَعَمِلُوْا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اَمَّا	لَا يَسْتَوٗنَ	فَاسِقًا	كَانَ	كَمَنْ
اچھے	اور انہوں نے عمل کئے	جو لوگ ایمان لائے	رہے	وہ برابر نہیں ہوتے	فاسق (نافرمان)	ہو	اسکے مانند جو

اس کے برابر ہے جو نافرمان ہو؟ (نہ ماتا دیں) وہ برابر نہیں ہوتے۔ رہے وہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے عمل کئے

فَلَهُمْ جَنّٰتُ الْمَاْوٰى نُزُلًاۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٩﴾ وَ اَمَّا الَّذِيْنَ فَسَقُوْا

فَلَهُمْ	جَنّٰتُ الْمَاْوٰى	نُزُلًا	بِمَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	وَ	اَمَّا	الَّذِيْنَ	فَسَقُوْا
توان کے لئے	باغات رہنے کے	مہمانی	اس کے (صلہ میں) جو	وہ کرتے تھے	اور	رہے	وہ جنہوں نے	نافرمانی کی

توان کے لئے رہنے کے باغات ہیں اس کے صلہ میں جو وہ کرتے تھے۔ اور رہے وہ جنہوں نے نافرمانی کی

فَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ۭ كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَآ اُعِيْدُوْا فِيْهَا وَقِيْلَ لَهُمْ

فَمَاْوٰىهُمُ	النَّارُ	كُلَّمَآ	اَرَادُوْٓا	اَنْ يَّخْرُجُوْا	مِنْهَآ	اُعِيْدُوْا	فِيْهَا	وَقِيْلَ	لَهُمْ
توان کا ٹھکانا	جہنم	جب بھی	وہ ارادہ کریں گے	کہ وہ نکلیں	اس سے	لوٹا دیئے جائیں گے	اس میں	اور کہا جائے گا	انہیں

توان کا ٹھکانا جہنم ہے وہ جب بھی اس سے نکلنے کا ارادہ کریں گے اس میں لوٹا دیئے (دھکیل دیئے) جائیں گے، اور انہیں کہا جائے گا

ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿٢٠﴾ وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنَ الْعَذَابِ

ذُوْقُوْا	عَذَابَ النَّارِ	الَّذِيْ	كُنْتُمْ	بِهٖ	تُكَذِّبُوْنَ	وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ	مِّنَ	الْعَذَابِ
تم چکھو	دوزخ کا عذاب	وہ جو	تم تھے	اس کو	جھٹلاتے	اور البتہ ہم انہیں ضرور چکھائیں گے	کچھ	عذاب

دوزخ کا عذاب چکھو، وہ جس کو تم جھٹلاتے تھے۔ اور البتہ ہم انہیں ضرور چکھائیں گے کچھ عذاب

الْاَدْنٰى دُوْنَ الْعَذَابِ الْاَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿٢١﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ

الْاَدْنٰى	دُوْنَ	الْعَذَابِ	الْاَكْبَرِ	لَعَلَّهُمْ	يَرْجِعُوْنَ	وَمَنْ	اَظْلَمُ	مِمَّنْ
نزدیک	سوائے (پہلے)	عذاب	بڑا	شاید وہ	لوٹ آئیں	اور کون	بڑا ظالم	اس سے جو

نزدیک (دنیا) کا (آخرت کے) بڑے عذاب سے پہلے، شاید وہ لوٹ آئیں۔ اور اس سے بڑھ کر ظالم کون ہے؟ جسے

۲ ع ۱۱ ۱۵

ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ثُمَّ اَعْرَضَ عَنْهَا ۭ اِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِيْنَ مُنْتَقِمُوْنَ ﴿٢٢﴾ وَ

ذُكِّرَ	بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ	ثُمَّ	اَعْرَضَ	عَنْهَا	اِنَّا	مِنَ	الْمُجْرِمِيْنَ	مُنْتَقِمُوْنَ	وَ
اسے نصیحت کی گئی	اس کے رب کی آیات سے	پھر	اس نے منہ پھیر لیا	اس سے	بیشک ہم	سے	جمع (مجرم)	انتقام لینے والے	اور

اس کے رب کی آیات سے نصیحت کی گئی، پھر اس نے اس سے منہ پھیر لیا، بیشک ہم مجرموں سے انتقام (بدلہ) لینے والے ہیں۔ اور

لَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَلَا تَكُنْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَاۗىِٕهٖ وَجَعَلْنٰهُ هُدًى

لَقَدْ اٰتَيْنَا	مُوْسَى	الْكِتٰبَ	فَلَا تَكُنْ	فِيْ مِرْيَةٍ	مِّنْ	لِّقَاۗىِٕهٖ	وَجَعَلْنٰهُ	هُدًى
تحقیق ہم نے دی	موسیٰؑ	کتاب (توریت)	تو تم نہ رہو	شک میں	سے متعلق	اس کا ملنا	اور ہم نے بنایا اسے	ہدایت

تحقیق ہم نے موسیٰؑ کو توریت عطا کی تو تم اس کے ملنے کے متعلق شک میں نہ رہو، اور ہم نے اسے بنا دیا ہدایت

لِّبَنِيٓ إِسْرَآءِيلَ ﴿٢٣﴾ وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ أَئِمَّةً يَهْدُونَ بِأَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوا

لِبَنِيٓ إِسْرَآءِيلَ	وَجَعَلْنَا	مِنْهُمْ	أَئِمَّةً	يَهْدُونَ	بِأَمْرِنَا	لَمَّا	صَبَرُوا
بنی اسرائیل کے لئے	اور ہم نے بنایا	ان سے	جمع امام (پیشوا)	وہ رہنمائی کرتے	ہمارے حکم سے	جب	انہوں نے صبر کیا

بنی اسرائیل کے لئے۔ اور جب ہم نے ان میں سے پیشوا بنائے، وہ ہمارے حکم سے رہنمائی کرتے تھے، جب انہوں نے صبر کیا

وَكَانُوا بِـَٔايَٰتِنَا يُوقِنُونَ ﴿٢٤﴾ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَٰمَةِ فِيمَا

وَ	كَانُوا	بِـَٔايَٰتِنَا	يُوقِنُونَ	إِنَّ	رَبَّكَ	هُوَ	يَفْصِلُ	بَيْنَهُمْ	يَوْمَ الْقِيَٰمَةِ	فِيمَا
اور	وہ تھے	ہماری آیتوں پر	یقین کرتے	بیشک	تمہارا رب	وہ	فیصلہ کرے گا	انکے درمیان	قیامت کے دن	اُس میں

اور وہ ہماری آیتوں پر یقین کرتے تھے۔ بیشک تمہارا رب قیامت کے دن ان کے درمیان فیصلہ کرے گا جس (بات) میں

كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ﴿٢٥﴾ أَوَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ أَهْلَكْنَا مِن قَبْلِهِم مِّنَ الْقُرُونِ

كَانُوا	فِيهِ	يَخْتَلِفُونَ	أَوَ	لَمْ يَهْدِ	لَهُمْ	كَمْ أَهْلَكْنَا	مِن قَبْلِهِم	مِّنَ	الْقُرُونِ
وہ تھے	اس میں	اختلاف کرتے	کیا	ہدایت نہ ہوئی	انکے لئے	ہم نے کتنی ہلاک کیں	ان سے قبل	سے	اُمتیں

وہ اختلاف کرتے تھے۔ کیا ان کے لئے (یہ حقیقت) موجب ہدایت نہ ہوئی کہ ہم نے ان سے قبل کتنی (ہی) اُمتیں ہلاک کیں

يَمْشُونَ فِي مَسَٰكِنِهِمْ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَءَايَٰتٍ ۖ أَفَلَا يَسْمَعُونَ ﴿٢٦﴾ أَوَلَمْ يَرَوْا

يَمْشُونَ	فِي	مَسَٰكِنِهِمْ	إِنَّ	فِي ذَٰلِكَ	لَءَايَٰتٍ	أَفَلَا يَسْمَعُونَ	أَوَ	لَمْ يَرَوْا
وہ چلتے ہیں	میں	ان کے گھر (جمع)	بیشک	اس میں	البتہ نشانیاں	تو کیا وہ سنتے نہیں	کیا	انہوں نے نہیں دیکھا

وہ ان کے گھروں میں چلتے (پھرتے) ہیں، بیشک اس میں نشانیاں ہیں تو کیا وہ سنتے نہیں؟ کیا انہوں نے نہیں دیکھا؟

أَنَّا نَسُوقُ الْمَآءَ إِلَى الْأَرْضِ الْجُرُزِ فَنُخْرِجُ بِهِۦ زَرْعًا تَأْكُلُ مِنْهُ أَنْعَٰمُهُمْ

أَنَّا نَسُوقُ	الْمَآءَ	إِلَى	الْأَرْضِ	الْجُرُزِ	فَنُخْرِجُ بِهِۦ زَرْعًا	تَأْكُلُ	مِنْهُ	أَنْعَٰمُهُمْ
کہ ہم چلاتے ہیں	پانی	طرف	زمین	خشک	پھر ہم نکالتے ہیں اس سے کھیتی	کھاتے ہیں	اس سے	ان کے مویشی

کہ ہم خشک زمین کی طرف پانی چلاتے (رواں کرتے) ہیں، پھر اس سے ہم کھیتی نکالتے ہیں، اس سے ان کے مویشی کھاتے ہیں

وَأَنفُسُهُمْ ۖ أَفَلَا يُبْصِرُونَ ﴿٢٧﴾ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْفَتْحُ إِن كُنتُمْ

وَأَنفُسُهُمْ	أَفَلَا	يُبْصِرُونَ	وَيَقُولُونَ	مَتَىٰ	هَٰذَا	الْفَتْحُ	إِن	كُنتُمْ
اور وہ خود	تو کیا وہ	دیکھتے نہیں	اور وہ کہتے ہیں	کب	یہ	فتح (فیصلہ)	اگر	تم ہو

اور وہ خود (بھی)، تو کیا وہ دیکھتے نہیں؟ اور وہ کہتے ہیں یہ فیصلہ کب ہو گا، اگر تم

صٰدِقِيْنَ ﴿٢٨﴾ قُلْ يَوْمَ الْفَتْحِ لَا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِيْمَانُهُمْ

صٰدِقِيْنَ	قُلْ	يَوْمَ الْفَتْحِ	لَا يَنْفَعُ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا	اِيْمَانُهُمْ
سچے	فرما دیں	فتح (فیصلے) کے دن	نفع نہ دے گا	جنہوں نے کفر کیا (کافر)	ان کا ایمان

سچے ہو۔ آپؐ فرما دیں' فیصلے کے دن کافروں کو ان کا ایمان (لانا) نفع نہ دے گا

وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿٢٩﴾ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَانْتَظِرْ اِنَّهُمْ مُّنْتَظِرُوْنَ ﴿٣٠﴾ ع

۳ ع ۸ ۱۶

وَلَا	هُمْ	يُنْظَرُوْنَ	فَاَعْرِضْ	عَنْهُمْ	وَانْتَظِرْ	اِنَّهُمْ	مُّنْتَظِرُوْنَ
اور نہ	وہ	مہلت دیئے جائیں گے	پس منہ پھیر لو تم	ان سے	اور تم انتظار کرو	بیشک وہ	منتظر ہیں

اور نہ وہ مہلت دیئے جائیں گے۔ پس تم ان سے منہ پھیر لو اور تم انتظار کرو، بیشک وہ بھی منتظر ہیں۔

اٰیاتها ۷۳ — ۳۳ : سُوْرَةُ الْاَحْزَابِ مَدَنِيَّةٌ : ۹۰ — رکوعاتها ۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ	اتَّقِ اللّٰهَ	وَلَا تُطِعِ	الْكٰفِرِيْنَ	وَالْمُنٰفِقِيْنَ	اِنَّ اللّٰهَ
اے نبی!	اللہ سے ڈرتے رہیں	اور کہا نہ مانیں	کافروں	اور منافقوں	بیشک اللہ

اے نبیؐ! اللہ سے ڈرتے رہیں، اور کافروں اور منافقوں کا کہا نہ مانیں، بیشک اللہ

كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿١﴾ وَّاتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ

كَانَ	عَلِيْمًا	حَكِيْمًا	وَّاتَّبِعْ	مَا يُوْحٰٓى	اِلَيْكَ	مِنْ رَّبِّكَ	اِنَّ اللّٰهَ	كَانَ
ہے	جاننے والا	حکمت والا	اور پیروی کریں آپ	جو وحی کیا جاتا ہے	آپ کی طرف	آپ کے رب (کی طرف) سے	بیشک اللہ	ہے

جاننے والا، حکمت والا ہے۔ اور جو آپؐ کی طرف آپؐ کے رب کی طرف سے وحی کیا جاتا ہے اس کی پیروی کریں، بیشک اللہ

بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿٢﴾ وَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿٣﴾ مَا جَعَلَ اللّٰهُ

بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرًا	وَّتَوَكَّلْ	عَلَى اللّٰهِ	وَكَفٰى	بِاللّٰهِ	وَكِيْلًا	مَا جَعَلَ	اللّٰهُ
اس سے جو	تم کرتے ہو	خبردار	اور بھروسہ رکھیں آپ	اللہ پر	اور کافی ہے	اللہ	کارساز	نہیں بنائے	اللہ

اس سے خبردار ہے جو تم کرتے ہو۔ اور آپؐ اللہ پر بھروسہ رکھیں، اللہ کافی ہے کارساز۔ اللہ نے نہیں بنائے

لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِي جَوْفِهِ ۚ وَمَا جَعَلَ أَزْوَاجَكُمُ الَّٰٓئِي تُظٰهِرُوْنَ مِنْهُنَّ

لِرَجُلٍ	مِّنْ قَلْبَيْنِ	فِي جَوْفِهِ	وَمَا جَعَلَ	أَزْوَاجَكُمُ	الَّٰٓئِي	تُظٰهِرُوْنَ	مِنْهُنَّ
کسی آدمی کے لئے	دو دل	اس کے سینے میں	اور نہیں بنایا	تمہاری بیویاں	وہ جنہیں	تم ماں کہہ بیٹھتے ہو	ان سے

کسی آدمی کے لئے اس کے سینے میں دو دل، اور تمہاری اُن بیویوں کو جنہیں تم ماں کہہ بیٹھتے ہو نہیں بنایا

أُمَّهٰتِكُمْ ۚ وَمَا جَعَلَ أَدْعِيَآءَكُمْ أَبْنَآءَكُمْ ۚ ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِأَفْوَاهِكُمْ ۖ وَاللّٰهُ

أُمَّهٰتِكُمْ	وَمَا جَعَلَ	أَدْعِيَآءَكُمْ	أَبْنَآءَكُمْ	ذٰلِكُمْ	قَوْلُكُمْ	بِأَفْوَاهِكُمْ	وَاللّٰهُ
تمہاری مائیں	اور نہیں بنایا	تمہارے منہ بولے بیٹے	تمہارے بیٹے	یہ تم	تمہارا کہنا	اپنے منہ (جمع)	اور اللہ

تمہاری مائیں" اور تمہارے منہ بولے (لے پالکوں کو) (ربیع مج) تمہارے بیٹے نہیں بنایا، یہ (حرف)، تمہارے منہ سے کہنے (کی بات ہے) اور اللہ

يَقُولُ الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيلَ ﴿٤﴾ ادْعُوهُمْ لِآبَآئِهِمْ هُوَ أَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ

يَقُولُ	الْحَقَّ	وَهُوَ	يَهْدِي	السَّبِيلَ	ادْعُوهُمْ	لِآبَآئِهِمْ	هُوَ	أَقْسَطُ	عِنْدَ اللّٰهِ
فرماتا ہے	حق	اور وہ	ہدایت دیتا ہے	راستہ	انہیں پکارو	انکے باپوں کی طرف	یہ	زیادہ انصاف	اللہ کے نزدیک

حق فرماتا ہے، اور وہ راستہ کی ہدایت دیتا ہے۔ انہیں ان ہی کے باپوں کی طرف (منسوب کرکے) پکارو، یہ اللہ کے نزدیک زیادہ (قرینِ) انصاف ہے

فَإِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْٓا اٰبَآءَهُمْ فَإِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ وَمَوَالِيْكُمْ ۚ وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ

فَإِنْ	لَّمْ تَعْلَمُوْٓا	اٰبَآءَهُمْ	فَإِخْوَانُكُمْ	فِي الدِّيْنِ	وَمَوَالِيْكُمْ	وَلَيْسَ	عَلَيْكُمْ
پھر اگر	تم نہ جانتے ہو	ان کے باپوں کو	تو وہ تمہارے بھائی	دین میں (دینی)	اور تمہارے رفیق	اور نہیں	تم پر

پھر اگر تم ان کے باپوں کو نہ جانتے ہو تو وہ تمہارے دینی بھائی ہیں" اور تمہارے رفیق ہیں، اور تم پر نہیں

جُنَاحٌ فِيْمَآ أَخْطَأْتُمْ بِهٖ وَلٰكِنْ مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُكُمْ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿٥﴾

جُنَاحٌ	فِيْمَآ أَخْطَأْتُمْ	بِهٖ	وَلٰكِنْ	مَّا تَعَمَّدَتْ	قُلُوْبُكُمْ	وَكَانَ	اللّٰهُ	غَفُوْرًا	رَّحِيْمًا
کوئی گناہ	اس میں جو تم سے بھول چوک ہوچکی	اس سے	اور لیکن	جو ارادہ سے	اپنے دل	اور ہے	اللہ	بخشنے والا	مہربان

اس میں کوئی گناہ جو تم سے بھول چوک ہوچکی لیکن (ہاں) جو اپنے دل کے ارادے سے کرو، اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

اَلنَّبِيُّ أَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ أَنْفُسِهِمْ وَأَزْوَاجُهٗٓ أُمَّهٰتُهُمْ ۗ وَأُولُوا الْأَرْحَامِ

اَلنَّبِيُّ	أَوْلٰى	بِالْمُؤْمِنِيْنَ	مِنْ	أَنْفُسِهِمْ	وَأَزْوَاجُهٗٓ	أُمَّهٰتُهُمْ	وَ	أُولُوا الْأَرْحَامِ
نبی	زیادہ (حقدار)	مومنوں کے	سے	اُن کی جانیں	اور اُس کی بیبیاں	اُن کی مائیں	اور	قرابت دار

نبیؐ مومنوں کے (امور کے تصرف میں) ان کی جانوں سے زیادہ حقدار ہیں اور اُس کی بیبیاں ان کی مائیں ہیں" اور قرابت دار

بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ اِلَّآ اَنْ تَفْعَلُوْٓا

بَعْضُهُمْ	اَوْلٰى	بِبَعْضٍ	فِيْ	كِتٰبِ اللّٰهِ	مِنَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَالْمُهٰجِرِيْنَ	اِلَّآ اَنْ	تَفْعَلُوْٓا
ان میں سے بعض	نزدیک تر	بعض (دوسروں) سے	میں	اللہ کی کتاب	سے	مسلمانوں	اور مہاجروں	مگر یہ کہ	تم کرو

اللہ کی کتاب میں ان میں سے بعض (دعام) مسلمانوں اور مہاجروں کی نسبت ایک دوسرے سے زیادہ نزدیک (فائق) ہیں مگر یہ کہ تم کرو

اِلٰٓى اَوْلِيٰٓئِكُمْ مَّعْرُوْفًا ۭ كَانَ ذٰلِكَ فِي الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ۝ وَاِذْ اَخَذْنَا

اِلٰٓى	اَوْلِيٰٓئِكُمْ	مَّعْرُوْفًا	كَانَ	ذٰلِكَ	فِي الْكِتٰبِ	مَسْطُوْرًا	وَاِذْ	اَخَذْنَا
طرف (ساتھ)	اپنے دوست (جمع)	حسن سلوک	ہے	یہ	کتاب میں	لکھا ہوا	اور جب	ہم نے لیا

اپنے دوستوں کے ساتھ حسن سلوک، یہ (اللہ کی) کتاب میں لکھا ہوا ہے۔ اور (یاد کرو) جب ہم نے لیا

مِنَ النَّبِيّٖنَ مِيْثَاقَهُمْ وَمِنْكَ وَمِنْ نُّوْحٍ وَّاِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ

مِنَ	النَّبِيّٖنَ	مِيْثَاقَهُمْ	وَمِنْكَ	وَمِنْ نُّوْحٍ	وَّاِبْرٰهِيْمَ	وَمُوْسٰى	وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ
سے	نبیوں	ان کا عہد	اور تم سے	اور نوح سے	اور ابراہیم	اور موسیٰ	اور مریم کے بیٹے عیسیٰ

نبیوں سے ان کا عہد، اور تم سے (بھی لیا) اور نوح سے، اور ابراہیمؑ اور موسیٰؑ اور مریمؑ کے بیٹے عیسیٰؑ سے،

وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ۝ لِّيَسْـَٔلَ الصّٰدِقِيْنَ عَنْ صِدْقِهِمْ

وَاَخَذْنَا	مِنْهُمْ	مِّيْثَاقًا	غَلِيْظًا	لِّيَسْـَٔلَ	الصّٰدِقِيْنَ	عَنْ	صِدْقِهِمْ
اور ہم نے لیا	ان سے	عہد	پختہ	تاکہ وہ سوال کرے	سچے	سے	ان کی سچائی

اور ہم نے ان سے پختہ عہد لیا، تاکہ وہ (ان) سچوں سے اُن کی سچائی (کے بارے میں) سوال کرے،

وَاَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ

وَاَعَدَّ	لِلْكٰفِرِيْنَ	عَذَابًا	اَلِيْمًا	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوا	اذْكُرُوْا	نِعْمَةَ اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ
اور اس نے تیار کیا	کافروں کے لئے	عذاب	دردناک	اے	ایمان والو	یاد کرو	اللہ کی نعمت	اپنے اوپر

اور اس نے کافروں کے لئے دردناک عذاب تیار کیا ہے۔ اے ایمان والو! اپنے اوپر اللہ کی نعمت (اس کا احسان) یاد کرو

اِذْ جَاۗءَتْكُمْ جُنُوْدٌ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا وَّجُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ

اِذْ جَاۗءَتْكُمْ	جُنُوْدٌ	فَاَرْسَلْنَا	عَلَيْهِمْ	رِيْحًا	وَّجُنُوْدًا	لَّمْ تَرَوْهَا	وَكَانَ	اللّٰهُ
جب تم پر (چڑھ) آئے	لشکر (جمع)	ہم نے بھیجی	ان پر	آندھی	اور لشکر	تم نے انہیں نہ دیکھا	اور ہے	اللہ

جب تم پر بہت سے لشکر چڑھ آئے تو ہم نے ان پر آندھی بھیجی اور (ایسے) لشکر جنہیں تم نے نہ دیکھا اور اللہ

بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ⑨ اِذْ جَآءُوْكُمْ مِّنْ فَوْقِكُمْ وَمِنْ اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَاِذْ

بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرًا	اِذْ	جَآءُوْكُمْ	مِّنْ	فَوْقِكُمْ	وَ	مِنْ اَسْفَلَ	مِنْكُمْ	وَاِذْ
اسے جو	تم کرتے ہو	دیکھنے والا	جب	وہ تم پر آئے	سے	تمہارے اوپر	اور	نیچے سے	تمہارے	اور جب

اسے دیکھنے والا ہے جو تم کرتے ہو۔ جب وہ تم پر (چڑھ) آئے تمہارے اوپر (کی طرف) سے اور تمہارے نیچے (کی طرف) سے، اور جب

زَاغَتِ الْاَبْصَارُ وَبَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ وَتَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا ⑩ هُنَالِكَ

زَاغَتِ	الْاَبْصَارُ	وَبَلَغَتِ	الْقُلُوْبُ	الْحَنَاجِرَ	وَتَظُنُّوْنَ	بِاللّٰهِ	الظُّنُوْنَا	هُنَالِكَ
کج ہوئیں (چندھیا گئیں)	آنکھیں	اور پہنچ گئے	دل (جمع)	گلے	اور تم گمان کرتے تھے	اللہ کے بارے میں	بہت سے گمان	یہاں

آنکھیں چندھیا گئیں، اور دل گلوں میں (کلیجے منہ کو) آنے لگے اور تم اللہ کے بارے میں (طرح طرح کے) گمان کر رہے تھے۔ یہاں (اس موقع پر)

ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُوْنَ وَزُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا ⑪ وَاِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ

ابْتُلِيَ	الْمُؤْمِنُوْنَ	وَزُلْزِلُوْا	زِلْزَالًا	شَدِيْدًا	وَاِذْ	يَقُوْلُ	الْمُنٰفِقُوْنَ	وَالَّذِيْنَ
آزمائے گئے	مومن (جمع)	اور وہ ہلائے گئے	ہلایا جانا	شدید	اور جب	کہنے لگے	منافق (جمع)	اور وہ جن کے

مومن آزمائے گئے اور وہ شدید ہلائے (جھنجھوڑے) گئے۔ اور جب کہنے لگے منافق اور وہ جن کے

فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗۤ اِلَّا غُرُوْرًا ⑫ وَاِذْ قَالَتْ طَّآىِٕفَةٌ

فِيْ قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ	مَا	وَعَدَنَا	اللّٰهُ	وَرَسُوْلُهٗ	اِلَّا	غُرُوْرًا	وَاِذْ	قَالَتْ	طَآىِٕفَةٌ
دلوں میں	روگ	جو	ہم سے وعدہ کیا	اللہ	اور اس کا رسول	مگر (صرف)	دھوکہ دینا	اور جب	کہا	ایک گروہ

دلوں میں روگ ہے، ہم سے اللہ اور اس کے رسولؐ نے جو وعدہ کیا وہ صرف دھوکہ تھا - اور جب ایک گروہ نے کہا

مِّنْهُمْ يٰۤاَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوْا ۚ وَيَسْتَاْذِنُ فَرِيْقٌ مِّنْهُمُ

مِنْهُمْ	يٰۤاَهْلَ يَثْرِبَ	لَا مُقَامَ	لَكُمْ	فَارْجِعُوْا	وَيَسْتَاْذِنُ	فَرِيْقٌ	مِنْهُمُ
ان میں سے	اے یثرب (مدینہ) والو	کوئی جگہ نہیں	تمہارے لئے	لہٰذا تم لوٹ چلو	اور اجازت مانگتا تھا	ایک گروہ	ان میں سے

ان میں سے، اے مدینے والو! تمہارے لئے کوئی جگہ (ٹھکانا) نہیں لہٰذا تم لوٹ چلو، اور ان میں سے ایک گروہ اجازت مانگتا تھا

معانقۃ ۱۰

النَّبِيَّ يَقُوْلُوْنَ اِنَّ بُيُوْتَنَا عَوْرَةٌ ۛ وَمَا هِيَ بِعَوْرَةٍ ۚ اِنْ يُّرِيْدُوْنَ اِلَّا فِرَارًا ⑬

النَّبِيَّ	يَقُوْلُوْنَ	اِنَّ	بُيُوْتَنَا	عَوْرَةٌ	وَمَا هِيَ	بِعَوْرَةٍ	اِنْ يُّرِيْدُوْنَ	اِلَّا	فِرَارًا
نبی سے	وہ کہتے تھے	بیشک	ہمارے گھر	غیر محفوظ	حالانکہ وہ نہیں	غیر محفوظ	وہ نہیں چاہتے	مگر (صرف)	فرار

نبیؐ سے وہ کہتے تھے کہ ہمارے گھر بے شک غیر محفوظ ہیں، حالانکہ وہ غیر محفوظ نہیں ہیں، وہ تو صرف فرار چاہتے ہیں۔

وَلَوْ دُخِلَتْ عَلَيْهِمْ مِّنْ اَقْطَارِهَا ثُمَّ سُئِلُوا الْفِتْنَةَ لَاٰتَوْهَا وَ

وَلَوْ	دُخِلَتْ	عَلَيْهِمْ	مِّنْ	اَقْطَارِهَا	ثُمَّ	سُئِلُوا	الْفِتْنَةَ	لَاٰتَوْهَا	وَ
اور اگر	داخل ہو جائیں	ان پر	سے	اس (مدینہ) کے اطراف	پھر	اُن سے چاہا جائے	فساد	تو وہ ضرور اسے دیں گے	اور

اور اُن پر مدینہ کے اطراف سے داخل ہو جائیں (آگھسیں) پھر اُن سے فساد چاہا جائے (کہا جائے) تو وہ اسے ضرور دیں گے (منظور کرلیں گے) اور

مَا تَلَبَّثُوْا بِهَآ اِلَّا يَسِيْرًا ﴿۱۴﴾ وَلَقَدْ كَانُوْا عَاهَدُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ لَا

مَا تَلَبَّثُوْا	بِهَآ	اِلَّا	يَسِيْرًا	وَلَقَدْ كَانُوْا عَاهَدُوا	اللّٰهَ	مِنْ قَبْلُ	لَا
نہ دیر لگائیں گے	اس (گھر) میں	مگر (صرف)	تھوڑی سی	حالانکہ وہ عہد کر چکے تھے	اللہ	اس سے پہلے	نہ

گھروں میں صرف تھوڑی سی دیر لگائیں گے۔ حالانکہ وہ اس سے پہلے اللہ سے عہد کر چکے تھے کہ

يُوَلُّوْنَ الْاَدْبَارَ ؕ وَكَانَ عَهْدُ اللّٰهِ مَسْئُوْلًا ﴿۱۵﴾ قُلْ لَّنْ يَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ

يُوَلُّوْنَ	الْاَدْبَارَ	وَكَانَ	عَهْدُ اللّٰهِ	مَسْئُوْلًا	قُلْ	لَّنْ يَّنْفَعَكُمُ	الْفِرَارُ
پھیریں گے	پیٹھ	اور ہے	اللہ کا وعدہ	پوچھا جانے والا	فرما دیں	تمہیں ہرگز نفع نہ دے گا	فرار

وہ پیٹھ نہ پھیریں گے اور اللہ کا (سے کیا ہوا) وعدہ پوچھا جانے والا ہے۔ آپؐ فرما دیں فرار تمہیں ہرگز نفع نہ دے گا

اِنْ فَرَرْتُمْ مِّنَ الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ وَاِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۶﴾ قُلْ

اِنْ	فَرَرْتُمْ	مِّنَ الْمَوْتِ	اَوِ	الْقَتْلِ	وَاِذًا	لَّا تُمَتَّعُوْنَ	اِلَّا قَلِيْلًا	قُلْ
اگر	تم بھاگے	موت سے	یا	قتل	اور اس صورت میں	نہ فائدہ دیئے جاؤ گے	مگر (صرف) تھوڑا	فرما دیں

اگر موت یا قتل سے بھاگے، اور اس صورت میں تم صرف تھوڑا (چند دن) فائدہ دیئے جاؤ گے۔ آپؐ فرما دیں

مَنْ ذَا الَّذِيْ يَعْصِمُكُمْ مِّنَ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَ بِكُمْ سُوْٓءًا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً ؕ

مَنْ ذَا	الَّذِيْ يَعْصِمُكُمْ	مِّنَ اللّٰهِ	اِنْ	اَرَادَ بِكُمْ	سُوْٓءًا	اَوْ	اَرَادَ بِكُمْ	رَحْمَةً
کون جو	وہ جو تمہیں بچائے	اللہ سے	اگر	وہ چاہے تم سے	برائی	یا	چاہے تم سے	مہربانی

کون ہے جو تمہیں اللہ سے بچائے؟ اگر وہ تم سے بُرائی (کرنا) چاہے یا تم پر مہربانی کرنا چاہے

وَلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۱۷﴾ قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ

وَ	لَا يَجِدُوْنَ	لَهُمْ	مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ	وَلِيًّا	وَّلَا نَصِيْرًا	قَدْ يَعْلَمُ	اللّٰهُ
اور	وہ نہ پائیں گے	اپنے لئے	اللہ کے سوا	کوئی دوست	اور نہ مددگار	خوب جانتا ہے	اللہ

اور وہ اپنے لئے اللہ کے سوا کوئی دوست نہ پائیں گے اور نہ مددگار (پائیں گے)۔ اللہ خوب جانتا ہے

الْمُعَوِّقِيْنَ مِنْكُمْ وَالْقَآئِلِيْنَ لِاِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ اِلَيْنَا ۚ وَلَا يَاْتُوْنَ الْبَاْسَ

الْمُعَوِّقِيْنَ	مِنْكُمْ	وَالْقَآئِلِيْنَ	لِاِخْوَانِهِمْ	هَلُمَّ	اِلَيْنَا	وَلَا يَاْتُوْنَ	الْبَاْسَ
روکنے والے	تم میں سے	اور کہنے والے	اپنے بھائیوں سے	آ جاؤ	ہماری طرف	اور نہیں آتے	لڑائی

تم میں سے (دوسروں کو جہاد سے) روکنے والوں کو اور اپنے بھائیوں سے یہ کہنے والوں کو کہ ہماری طرف آجاؤ، اور وہ لڑائی میں نہیں آتے

اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۸﴾ اَشِحَّةً عَلَيْكُمْ ۚ فَاِذَا جَآءَ الْخَوْفُ رَاَيْتَهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ

اِلَّا	قَلِيْلًا	اَشِحَّةً	عَلَيْكُمْ	فَاِذَا جَآءَ	الْخَوْفُ	رَاَيْتَهُمْ	يَنْظُرُوْنَ	اِلَيْكَ
مگر	بہت کم	بخل کرتے ہوئے	تمہارے متعلق	پھر جب آئے	خوف	تم دیکھو گے انہیں	وہ دیکھنے لگتے ہیں	تمہاری طرف

مگر بہت کم۔ تمہارے متعلق بخیلی کرتے ہوئے، پھر جب خوف آئے تو تم انہیں دیکھو گے وہ تمہاری طرف (یوں) دیکھنے لگتے ہیں

تَدُوْرُ اَعْيُنُهُمْ كَالَّذِيْ يُغْشٰى عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۚ فَاِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ سَلَقُوْكُمْ

تَدُوْرُ	اَعْيُنُهُمْ	كَالَّذِيْ	يُغْشٰى	عَلَيْهِ	مِنَ الْمَوْتِ	فَاِذَا	ذَهَبَ	الْخَوْفُ	سَلَقُوْكُمْ
گھوم رہی ہیں	انکی آنکھیں	اس شخص کی طرح	غشی آتی ہے	اس پر	موت سے	پھر جب	چلا جائے	خوف	تمہیں طعنے دینے لگیں

(جیسے) ان کی آنکھیں گھوم رہی ہیں اس شخص کی طرح جس پر موت کی غشی (طاری) ہو، پھر جب خوف چلا جائے تو تمہیں طعنے دینے لگیں

بِاَلْسِنَةٍ حِدَادٍ اَشِحَّةً عَلَى الْخَيْرِ ۭ اُولٰٓئِكَ لَمْ يُؤْمِنُوْا فَاَحْبَطَ اللّٰهُ

بِاَلْسِنَةٍ	حِدَادٍ	اَشِحَّةً	عَلَى الْخَيْرِ	اُولٰٓئِكَ	لَمْ يُؤْمِنُوْا	فَاَحْبَطَ اللّٰهُ
زبانوں سے	تیز	بخیلی (لالچ) کرتے ہوئے	مال پر	یہ لوگ	نہیں ایمان لائے	تو اکارت کر دیئے اللہ نے

تیز زبانوں سے، مال پر بخیلی کرتے ہوئے، یہ لوگ ایمان نہیں لائے، تو اللہ نے اکارت کر دیئے

اَعْمَالَهُمْ ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿۱۹﴾ يَحْسَبُوْنَ الْاَحْزَابَ لَمْ يَذْهَبُوْا ۚ

اَعْمَالَهُمْ	وَكَانَ	ذٰلِكَ	عَلَى اللّٰهِ	يَسِيْرًا	يَحْسَبُوْنَ	الْاَحْزَابَ	لَمْ يَذْهَبُوْا
ان کے عمل	اور ہے	یہ	اللہ پر	آسان	وہ گمان کرتے ہیں	لشکر (جمع)	نہیں گئے ہیں

ان کے عمل، اور اللہ پر یہ آسان ہے۔ وہ گمان کرتے ہیں کہ (کافروں کے) لشکر (ابھی) نہیں گئے ہیں،

وَاِنْ يَّاْتِ الْاَحْزَابُ يَوَدُّوْا لَوْ اَنَّهُمْ بَادُوْنَ فِي الْاَعْرَابِ يَسْاَلُوْنَ عَنْ اَنْۢبَآئِكُمْ ۭ

وَاِنْ يَّاْتِ	الْاَحْزَابُ	يَوَدُّوْا	لَوْ اَنَّهُمْ	بَادُوْنَ	فِي الْاَعْرَابِ	يَسْاَلُوْنَ	عَنْ	اَنْۢبَآئِكُمْ
اور اگر آئیں	لشکر	وہ تمنا کریں	کہ کاش وہ	باہر نکلے ہوئے ہوتے	دیہات میں	پوچھتے رہتے	سے	تمہاری خبریں

اور اگر لشکر (دوبارہ) آئیں تو وہ تمنا کریں کہ کاش وہ دیہات میں باہر نکلے ہوتے (صحرانشین ہوتے) تمہاری خبریں پوچھتے رہتے

وَلَوْ كَانُوا فِيكُمْ مَّا قٰتَلُوٓا اِلَّا قَلِيلًا ﴿٢٠﴾ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ

رَسُولِ اللّٰهِ	فِي	لَكُمْ	لَقَدْ كَانَ	قَلِيلًا	اِلَّا	مَا قٰتَلُوٓا	فِيكُمْ	كَانُوا	وَلَوْ
اللہ کا رسول	میں	تمہارے لئے	البتہ ہے	بہت کم	مگر	جنگ نہ کریں	تمہارے درمیان	ہوں	اور اگر

اور اگر تمہارے درمیان ہوں تو جنگ نہ کریں مگر بہت کم۔ البتہ تمہارے لئے ہے اللہ کے رسولؐ میں

اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيرًا ﴿٢١﴾

كَثِيرًا	وَذَكَرَ اللّٰهَ	وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ	اللّٰهَ	كَانَ يَرْجُوا	لِّمَنْ	حَسَنَةٌ	اُسْوَةٌ
کثرت سے	اور اللہ کو یاد کرتا ہے	اور روزِ آخرت	اللہ	امید رکھتا ہے	اس کے لئے جو	اچھا	مثال (نمونہ)

ایک اچھا نمونہ (رہبر) اس شخص کے لئے جو اللہ اور روزِ آخرت پر امید رکھتا ہے، اور اللہ کو بکثرت یاد کرتا ہے۔

وَلَمَّا رَاَ الْمُؤْمِنُونَ الْاَحْزَابَ قَالُوا هٰذَا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُولُهٗ

وَرَسُولُهٗ	اللّٰهُ	مَا وَعَدَنَا	هٰذَا	قَالُوا	الْاَحْزَابَ	رَاَ الْمُؤْمِنُونَ	وَلَمَّا
اور اس کا رسول	اللہ	جو ہم کو وعدہ دیا	یہ ہے	وہ کہنے لگے	لشکروں کو	مومنوں نے دیکھا	اور جب

اور جب مومنوں نے لشکروں کو دیکھا تو وہ کہنے لگے یہ ہے جس کا ہمیں اللہ اور اس کے رسولؐ نے وعدہ دیا تھا،

وَصَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُولُهٗ وَمَا زَادَهُمْ اِلَّا اِيمَانًا وَّتَسْلِيمًا ﴿٢٢﴾ مِنَ

مِنَ	وَتَسْلِيمًا	اِيمَانًا	اِلَّا	زَادَهُمْ	وَمَا	وَرَسُولُهٗ	اللّٰهُ	وَصَدَقَ
سے (میں)	اور فرماں برداری	ایمان	مگر	ان کا زیادہ کیا	اور نہ	اور اس کا رسول	اللہ	اور سچ کہا تھا

اور اللہ اور اس کے رسولؐ نے سچ کہا تھا، اور (اس صورتحال نے) ان میں نہ زیادہ کیا مگر ایمان اور (جذبۂ) فرماں برداری۔

الْمُؤْمِنِينَ رِجَالٌ صَدَقُوا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ فَمِنْهُمْ مَّنْ

مَنْ	فَمِنْهُمْ	عَلَيْهِ	اللّٰهَ	مَا عَاهَدُوا	صَدَقُوا	رِجَالٌ	الْمُؤْمِنِينَ
جو	سو ان میں سے	اس پر	اللہ	جو انہوں نے عہد کیا	انہوں نے سچ کر دکھایا	ایسے آدمی	مومن (جمع)

مومنوں میں کچھ ایسے آدمی ہیں کہ انہوں نے اللہ سے جو عہد کیا تھا وہ سچ کر دکھایا، سو ان میں سے (کچھ ہیں) جو

قَضٰى نَحْبَهٗ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ وَمَا بَدَّلُوا تَبْدِيلًا ﴿٢٣﴾ لِّيَجْزِيَ اللّٰهُ

اللّٰهُ	لِيَجْزِيَ	تَبْدِيلًا	وَمَا بَدَّلُوا	يَنْتَظِرُ	مَنْ	وَمِنْهُمْ	نَحْبَهٗ	قَضٰى
اللہ	تاکہ جزا دے	کچھ بھی تبدیلی	اور انہوں نے تبدیلی نہیں کی	انتظار میں ہے	جو	اور ان میں سے	نذر اپنی	پورا کر چکا

اپنی نذر پوری کر چکے، اور ان میں (کچھ ہیں) جو انتظار میں ہیں، اور انہوں نے کچھ بھی تبدیلی نہیں کی (یہ اس لئے ہوا) کہ اللہ جزا دے

الصّٰدِقِيْنَ بِصِدْقِهِمْ وَيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ اِنْ شَآءَ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ

الصّٰدِقِيْنَ	بِصِدْقِهِمْ	وَيُعَذِّبَ	الْمُنٰفِقِيْنَ	اِنْ شَآءَ	اَوْ	يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ
سچے لوگ	ان کی سچائی کی	اور وہ عذاب دے	منافقوں	اگر وہ چاہے	یا	وہ ان کی توبہ قبول کرے

سچے لوگوں کو ان کی سچائی کی، اور اگر وہ چاہے تو منافقوں کو عذاب دے، یا وہ اُن کی توبہ قبول کر لے،

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۲۴﴾ وَرَدَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِغَيْظِهِمْ

اِنَّ اللّٰهَ	كَانَ	غَفُوْرًا	رَّحِيْمًا	وَرَدَّ	اللّٰهُ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	بِغَيْظِهِمْ
بیشک اللہ	ہے	بخشنے والا	مہربان	اور لوٹا دیا	اللہ	ان لوگوں نے جنہوں نے کفر کیا (کافر)	ان کے غصے میں بھرے ہوئے

بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اور اللہ نے کافروں کو لوٹا دیا اُن کے (اپنے) غصہ میں بھرے ہوئے،

لَمْ يَنَالُوْا خَيْرًا ؕ وَكَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ قَوِيًّا

لَمْ يَنَالُوْا	خَيْرًا	وَكَفَى	اللّٰهُ	الْمُؤْمِنِيْنَ	الْقِتَالَ	وَكَانَ	اللّٰهُ	قَوِيًّا
انہوں نے نہ پائی	کوئی بھلائی	اور کافی ہے	اللہ	مومن (جمع)	جنگ	اور ہے	اللہ	توانا

انہوں نے کوئی بھلائی نہ پائی، اور جنگ (کے معاملہ میں) مومنوں کے لئے اللہ کافی ہے، اور اللہ ہے توانا

عَزِيْزًا ﴿۲۵﴾ وَاَنْزَلَ الَّذِيْنَ ظَاهَرُوْهُمْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ صَيَاصِيْهِمْ

عَزِيْزًا	وَاَنْزَلَ	الَّذِيْنَ	ظَاهَرُوْهُمْ	مِّنْ	اَهْلِ الْكِتٰبِ	مِنْ	صَيَاصِيْهِمْ
غالب	اور اتار دیا	ان لوگوں کو	جنہوں نے ان کی مدد کی	سے	اہل کتاب	سے	ان کے قلعے

اور غالب۔ اور اہل کتاب میں سے جنہوں نے ان کی مدد کی تھی، انہیں ان کے قلعوں سے اتار دیا،

وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ فَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ وَتَاْسِرُوْنَ فَرِيْقًا ﴿۲۶﴾ وَ

وَقَذَفَ	فِيْ	قُلُوْبِهِمُ	الرُّعْبَ	فَرِيْقًا	تَقْتُلُوْنَ	وَتَاْسِرُوْنَ	فَرِيْقًا	وَ
اور ڈال دیا	میں	ان کے دل	رعب	ایک گروہ	تم قتل کرتے ہو	اور تم قید کرتے ہو	ایک گروہ	اور

اور ان کے دلوں میں رعب ڈال دیا، ایک گروہ کو تم قتل کرتے ہو، اور ایک گروہ کو قید کرتے ہو ۔ اور

اَوْرَثَكُمْ اَرْضَهُمْ وَدِيَارَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ وَاَرْضًا لَّمْ تَطَئُوْهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

اَوْرَثَكُمْ	اَرْضَهُمْ	وَدِيَارَهُمْ	وَاَمْوَالَهُمْ	وَاَرْضًا	لَّمْ تَطَئُوْهَا	وَكَانَ	اللّٰهُ
تمہیں وارث بنا دیا	ان کی زمین	اور ان کے گھر (جمع)	اور ان کے مال (جمع)	اور وہ زمین	تم نے وہاں قدم نہیں رکھا	اور ہے	اللہ

تمہیں وارث بنا دیا ان کی زمین کا، اور ان کے گھروں کا، اور ان کے مالوں کا، اور اس زمین کا جہاں تم نے قدم نہیں رکھا تھا، اور اللہ ہے

۲ ع ۷ ۱۹

عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرًا ﴿٢٧﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِىُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ

عَلٰى	كُلِّ شَىْءٍ	قَدِيْرًا	يٰٓاَيُّهَا النَّبِىُّ	قُلْ	لِّاَزْوَاجِكَ	اِنْ	كُنْتُنَّ
پر	ہر شے	قدرت رکھنے والا	اے نبیؐ	فرمادیں	اپنی بیبیوں سے	اگر	تم ہو

ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے۔ اے نبیؐ! اپنی بیبیوں سے فرمادیں، اگر تم

تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ اُمَتِّعْكُنَّ وَاُسَرِّحْكُنَّ

تُرِدْنَ	الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا	وَزِيْنَتَهَا	فَتَعَالَيْنَ	اُمَتِّعْكُنَّ	وَ	اُسَرِّحْكُنَّ
چاہتی ہو	دنیا کی زندگی	اور اس کی زینت	تو آؤ	میں تمہیں کچھ دے دوں	اور	تمہیں رخصت کردوں

دنیا کی زندگی اور اس کی زینت چاہتی ہو تو آؤ میں تمہیں کچھ دے دوں اور رخصت کردوں

سَرَاحًا جَمِيْلًا ﴿٢٨﴾ وَاِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالدَّارَ الْاٰخِرَةَ

سَرَاحًا	جَمِيْلًا	وَاِنْ	كُنْتُنَّ	تُرِدْنَ اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	وَ	الدَّارَ الْاٰخِرَةَ
رخصت	اچھی	اور اگر	تم چاہتی ہو	اللہ	اور اس کا رسول	اور	آخرت کا گھر

اچھی طرح رخصت۔ اور اگر تم اللہ اور اس کا رسولؐ، اور آخرت کا گھر چاہتی ہو،

فَاِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْمُحْسِنٰتِ مِنْكُنَّ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿٢٩﴾ يٰنِسَآءَ النَّبِىِّ مَنْ

فَاِنَّ اللّٰهَ	اَعَدَّ	لِلْمُحْسِنٰتِ	مِنْكُنَّ	اَجْرًا عَظِيْمًا	يٰنِسَآءَ النَّبِىِّ	مَنْ
پس بیشک اللہ	تیار کیا ہے	نیکی کرنے والیوں کے لئے	تم ہی سے	بڑا اجر	اے نبی کی بیبیو	جو کوئی

تو بیشک اللہ نے تم میں سے نیکی کرنے والیوں کے لئے بڑا اجر تیار کر رکھا ہے۔ اے نبیؐ کی بیبیو! جو کوئی

يَّاْتِ مِنْكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ يُّضٰعَفْ لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ

يَّاْتِ	مِنْكُنَّ	بِفَاحِشَةٍ	مُّبَيِّنَةٍ	يُّضٰعَفْ	لَهَا	الْعَذَابُ	ضِعْفَيْنِ
لائے (مرتکب ہو)	تم میں سے	بیہودگی کے ساتھ	کھلی	بڑھایا جائے گا	اس کے لئے	عذاب	دو چند

تم میں سے کھلی بیہودگی کی مرتکب ہو تو اس کے لئے عذاب دو چند بڑھا دیا جائے گا،

وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿٣٠﴾

وَكَانَ	ذٰلِكَ	عَلَى	اللّٰهِ	يَسِيْرًا
اور ہے	یہ	پر	اللہ	آسان

اور یہ اللہ پر آسان ہے۔

الربع

وَمَنْ يَّقْنُتْ مِنْكُنَّ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتَعْمَلْ صَالِحًا نُّؤْتِهَآ اَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ

وَمَنْ	يَّقْنُتْ	مِنْكُنَّ	لِلّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	وَتَعْمَلْ	صَالِحًا	نُّؤْتِهَآ	اَجْرَهَا	مَرَّتَيْنِ
اور جو	اطاعت کرے	تم میں سے	اللہ کی	اور اس کا رسول	اور عمل کرے	نیک	ہم دیں گے اس کو	اس کا اجر	دوہرا

اور تم میں سے جو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے اور نیک عمل کرے، ہم اسے اس کا دوہرا اجر دیں گے

وَاَعْتَدْنَا لَهَا رِزْقًا كَرِيْمًا ﴿٣١﴾ يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ اِنِ

وَاَعْتَدْنَا	لَهَا	رِزْقًا كَرِيْمًا	يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ	لَسْتُنَّ	كَاَحَدٍ	مِّنَ النِّسَآءِ	اِنِ
اور ہم نے تیار کیا	اسکے لئے	عزت کا رزق	اے نبی کی بیبیو	نہیں ہو تم	کسی ایک کی طرح	عورتوں میں سے	اگر

اور ہم نے اس کے لئے عزت کا رزق تیار کیا ہے۔ اے نبیؐ کی بیبیو! عورتوں میں سے تم کسی ایک کی طرح (بھی) نہیں ہو، اگر

اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ الَّذِيْ فِيْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ وَّقُلْنَ قَوْلًا

اتَّقَيْتُنَّ	فَلَا تَخْضَعْنَ	بِالْقَوْلِ	فَيَطْمَعَ	الَّذِيْ	فِيْ قَلْبِهٖ	مَرَضٌ	وَّقُلْنَ	قَوْلًا
تم پرہیزگاری کرو	تو ملائمت نہ کرو	گفتگو میں	کہ لالچ کرے	وہ جو	اس کے دل میں	روگ (کھوٹ)	اور بات کرو	بات

تم پرہیزگاری اختیار کرو تو گفتگو میں ملائمت نہ کرو کہ جس کے دل میں کھوٹ ہے وہ لالچ (خیال فاسد) کرے اور بات کرو

مَّعْرُوْفًا ﴿٣٢﴾ وَّقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْاُوْلٰى وَ

مَّعْرُوْفًا	وَقَرْنَ	فِيْ بُيُوْتِكُنَّ	وَلَا تَبَرَّجْنَ	تَبَرُّجَ	الْجَاهِلِيَّةِ	الْاُوْلٰى	وَ
اچھی (معقول)	اور قرار پکڑو	اپنے گھروں میں	اور بناؤ سنگھار کا اظہار کرتی نہ پھرو	بناؤ سنگھار	زمانۂ جاہلیت	اگلا	اور

معقول بات۔ اور اپنے گھروں میں قرار پکڑو، اور اگلے زمانۂ جاہلیت کے بناؤ سنگھار کا اظہار کرتی نہ پھرو، اور

اَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَاٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ وَاَطِعْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ

اَقِمْنَ	الصَّلٰوةَ	وَاٰتِيْنَ	الزَّكٰوةَ	وَاَطِعْنَ	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	اِنَّمَا	يُرِيْدُ اللّٰهُ
قائم کرو	نماز	اور دیتی رہو	زکوٰۃ	اور اطاعت کرو	اللہ	اور اس کا رسول	اسکے سوا نہیں	اللہ چاہتا ہے

نماز قائم کرو، اور زکوٰۃ دیتی رہو، اور اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کرو، اس کے سوا نہیں کہ اللہ چاہتا ہے

لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا ﴿٣٣﴾ وَاذْكُرْنَ

لِيُذْهِبَ	عَنْكُمُ	الرِّجْسَ	اَهْلَ الْبَيْتِ	وَيُطَهِّرَكُمْ	تَطْهِيْرًا	وَاذْكُرْنَ
کہ دور فرمادے	تم سے	آلودگی	اے اہل بیت	اور تمہیں پاک صاف رکھے	خوب پاک	اور تم یاد رکھو

اے اہل بیت! کہ تم سے آلودگی دُور فرما دے، اور تمہیں خوب (ہر طرح سے) پاک و صاف رکھے۔ اور تم یاد رکھو

مَا يُتْلٰى فِيْ بُيُوْتِكُنَّ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ لَطِيْفًا

لَطِيْفًا	كَانَ	اِنَّ اللّٰهَ	وَالْحِكْمَةِ	اٰيٰتِ اللّٰهِ	مِنْ	بُيُوْتِكُنَّ	فِيْ	مَا يُتْلٰى
رازدان	ہے	بیشک اللہ	اور حکمت	اللہ کی آئتیں	سے	تمہارے گھر (جمع)	میں	جو پڑھا جاتا ہے

جو تمہارے گھروں میں اللہ کی آئتیں اور حکمت (دانائی کی باتیں) پڑھی جاتی ہیں، بیشک اللہ رازدان،

ع ۴ / ۱

خَبِيْرًا ﴿۳۴﴾ اِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْقٰنِتِيْنَ

وَالْقٰنِتِيْنَ	وَالْمُؤْمِنٰتِ	وَالْمُؤْمِنِيْنَ	وَالْمُسْلِمٰتِ	الْمُسْلِمِيْنَ	اِنَّ	خَبِيْرًا
اور فرماں بردار مرد	اور مومن عورتیں	اور مومن مرد	اور مسلمان عورتیں	مسلمان مرد	بیشک	خبردار

خبردار ہے۔ بے شک مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں، اور مومن مرد اور مومن عورتیں، اور فرماں بردار مرد

وَالْقٰنِتٰتِ وَالصّٰدِقِيْنَ وَالصّٰدِقٰتِ وَالصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰبِرٰتِ وَالْخٰشِعِيْنَ

وَالْخٰشِعِيْنَ	وَالصّٰبِرٰتِ	وَالصّٰبِرِيْنَ	وَالصّٰدِقٰتِ	وَالصّٰدِقِيْنَ	وَالْقٰنِتٰتِ
اور عاجزی کرنے والے مرد	اور صبر کرنے والی عورتیں	اور صبر کرنے والے مرد	اور راست گو عورتیں	اور راست گو مرد	اور فرماں بردار عورتیں

اور فرماں بردار عورتیں، اور راست گو مرد اور راست گو عورتیں، اور صبر کرنے والے مرد اور صبر کرنے والی عورتیں، اور عاجزی کرنے والے مرد

وَالْخٰشِعٰتِ وَالْمُتَصَدِّقِيْنَ وَالْمُتَصَدِّقٰتِ وَالصَّآئِمِيْنَ وَالصّٰٓئِمٰتِ وَالْحٰفِظِيْنَ

وَالْحٰفِظِيْنَ	وَالصّٰٓئِمٰتِ	وَالصَّآئِمِيْنَ	وَالْمُتَصَدِّقٰتِ	وَالْمُتَصَدِّقِيْنَ	وَالْخٰشِعٰتِ
اور حفاظت کرنیوالے مرد	اور روزہ رکھنے والی عورتیں	اور روزہ رکھنے والے مرد	اور صدقہ کرنے والی عورتیں	اور صدقہ کرنے والے مرد	اور عاجزی کرنے والی عورتیں

اور عاجزی کرنے والی عورتیں، اور صدقہ (وخیرات) کرنیوالے مرد اور صدقہ (وخیرات) کرنیوالی عورتیں، اور روزہ رکھنے والے مرد اور روزہ رکھنے والی عورتیں، اور حفاظت کرنیوالے مرد

فُرُوْجَهُمْ وَالْحٰفِظٰتِ وَالذّٰكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ ۙ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ

لَهُمْ	اَعَدَّ اللّٰهُ	وَالذّٰكِرٰتِ	كَثِيْرًا	اللّٰهَ	وَالذّٰكِرِيْنَ	وَالْحٰفِظٰتِ	فُرُوْجَهُمْ
ان کے لئے	اللہ نے تیار کیا	اور یاد کرنیوالی عورتیں	بکثرت	اللہ	اور یاد کرنے والے	اور حفاظت کرنے والی عورتیں	اپنی شرمگاہیں

اپنی شرمگاہوں کی، اور حفاظت کرنے والی عورتیں، اور اللہ کو بکثرت یاد کرنے والے مرد اور (اللہ کو) یاد کرنیوالی عورتیں، اللہ نے ان سب کے لئے تیار کی ہے

مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۳۵﴾ وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى

قَضَى	اِذَا	وَلَا مُؤْمِنَةٍ	لِمُؤْمِنٍ	مَا كَانَ	وَ	اَجْرًا عَظِيْمًا	وَ	مَغْفِرَةً
فیصلہ کردیں	جب	اور کسی مومن عورت کے لئے	کسی مومن مرد کے لئے	اور نہیں ہے		اجرِ عظیم	اور	بخشش

بخشش اور اجرِ عظیم۔ اور (گنجائش) نہیں ہے کسی مومن مرد اور نہ کسی مومن عورت کے لئے، کہ جب فیصلہ کر دیں

اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ ۭ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ

اللّٰهُ	وَرَسُوْلُهٗٓ	اَمْرًا	اَنْ يَّكُوْنَ	لَهُمُ	الْخِيَرَةُ	مِنْ اَمْرِهِمْ	وَمَنْ	يَّعْصِ	اللّٰهَ
اللہ	اور اس کا رسول	کسی کام	کہ (باقی) ہو	انکے لئے	کوئی اختیار	ان کے کام میں	اور جو	نافرمانی کریگا	اللہ

اللہ اور اس کے رسولؐ کسی کام کا، کہ ان کے لئے ان کے کام میں کوئی اختیار باقی ہو، اور جو نافرمانی کرے گا اللہ

وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا ۝۳۶ وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِيْٓ اَنْعَمَ اللّٰهُ

وَرَسُوْلَهٗ	فَقَدْ ضَلَّ	ضَلٰلًا	مُّبِيْنًا	وَاِذْ	تَقُوْلُ	لِلَّذِيْٓ	اَنْعَمَ اللّٰهُ
اور اس کا رسول	تو البتہ وہ گمراہی میں جا پڑا	گمراہی	صریح	اور یاد کرو جب	آپ فرماتے تھے	اس شخص کو	اللہ نے انعام کیا

اور اس کے رسولؐ کی تو البتہ وہ صریح گمراہی میں جا پڑا۔ اور یاد کرو جب آپؐ اس شخص (زیدؓ بن حارثہ) کو فرماتے تھے جس پر اللہ نے انعام کیا

عَلَيْهِ وَاَنْعَمْتَ عَلَيْهِ اَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ وَتُخْفِيْ

عَلَيْهِ	وَاَنْعَمْتَ	عَلَيْهِ	اَمْسِكْ	عَلَيْكَ	زَوْجَكَ	وَاتَّقِ اللّٰهَ	وَتُخْفِيْ
اس پر	اور آپ نے انعام کیا	اس پر	روکے رکھ	اپنے پاس	اپنی بیوی	اور ڈر اللہ سے	اور آپ چھپاتے تھے

اور تم نے (بھی) اس پر انعام کیا کہ اپنی بیوی (زینبؓ) کو اپنے پاس روکے رکھ اور اللہ سے ڈر، اور تم چھپاتے تھے

فِيْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ وَتَخْشَى النَّاسَ ۚ وَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰىهُ ۭ

فِيْ نَفْسِكَ	مَا اللّٰهُ	مُبْدِيْهِ	وَتَخْشَى	النَّاسَ	وَاللّٰهُ	اَحَقُّ	اَنْ	تَخْشٰىهُ
اپنے دل میں	جو اللہ	اس کو ظاہر کرنے والا	اور آپ ڈرتے تھے	لوگ	اور اللہ	زیادہ سزاوار	کہ	تم اس سے ڈرو

اپنے دل میں وہ (بات) جسے اللہ ظاہر کرنے والا تھا اور آپؐ لوگوں (کے طعن) سے ڈرتے تھے اور اللہ زیادہ سزاوار ہے کہ تم اس سے ڈرو

فَلَمَّا قَضٰى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا لِكَيْ لَا يَكُوْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ حَرَجٌ

فَلَمَّا	قَضٰى	زَيْدٌ	مِّنْهَا	وَطَرًا	زَوَّجْنٰكَهَا	لِكَيْ	لَا يَكُوْنَ	عَلَى	الْمُؤْمِنِيْنَ	حَرَجٌ
پھر جب	پوری کرلی	زید	اس سے	اپنی حاجت	ہم نے تمہارے نکاح میں دیدیا	تاکہ	نہ رہے	پر	مومنوں	کوئی تنگی

پھر جب زید نے اس (زینبؓ) سے اپنی حاجت پوری کرلی (طلاق دے دی) تو ہم نے اسے آپؐ کے نکاح میں دے دیا، تاکہ مومنوں پر کوئی تنگی نہ رہے

فِيْٓ اَزْوَاجِ اَدْعِيَاۗىِٕهِمْ اِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا ۭ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ۝۳۷

فِيْٓ اَزْوَاجِ	اَدْعِيَاۗىِٕهِمْ	اِذَا	قَضَوْا	مِنْهُنَّ	وَطَرًا	وَكَانَ	اَمْرُ اللّٰهِ	مَفْعُوْلًا
بیویوں میں	اپنے لے پالک	جب وہ	پوری کرچکیں	ان سے	اپنی حاجت	اور ہے	اللہ کا حکم	ہو کر رہنے والا

اپنے لے پالکوں کی بیویوں (سے نکاح کرنے) میں جب وہ ان سے اپنی حاجت پوری کرلیں (طلاق دیدیں)، اور اللہ کا حکم (پورا ہوکر) رہنے والا ہے۔

مَا كَانَ عَلَى النَّبِيِّ مِنْ حَرَجٍ فِيمَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهٗ ؕ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي

مَا كَانَ	عَلَى النَّبِيِّ	مِنْ حَرَجٍ	فِيمَا	فَرَضَ اللّٰهُ	لَهٗ	سُنَّةَ اللّٰهِ	فِي
نہیں ہے	نبی پر	کوئی حرج	اس میں جو	مقرر کیا اللہ نے	اسکے لئے	اللہ کا دستور	میں

نبی پر اس کام میں کوئی حرج (تنگی) نہیں ہے جو اللہ نے اس کے لئے مقرر کیا، اللہ کا (یہی) دستور (رہا ہے) ان میں

الَّذِينَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ؕ وَكَانَ أَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا مَّقْدُورًا ﴿٣٨﴾ ۙ الَّذِينَ

الَّذِينَ	خَلَوْا	مِنْ قَبْلُ	وَكَانَ	أَمْرُ اللّٰهِ	قَدَرًا	مَّقْدُورًا	الَّذِينَ
وہ جو	گزرے	پہلے	اور ہے	اللہ کا حکم	مقرر کیا ہوا	اندازہ سے	وہ جو

جو پہلے گزرے ہیں اور اللہ کا حکم (صحیح) اندازہ سے مقرر کیا ہوا ہے۔ (٣٩) وہ جو

يُبَلِّغُونَ رِسٰلٰتِ اللّٰهِ وَيَخْشَوْنَهٗ وَلَا يَخْشَوْنَ أَحَدًا إِلَّا اللّٰهَ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيبًا

يُبَلِّغُونَ	رِسٰلٰتِ اللّٰهِ	وَيَخْشَوْنَهٗ	وَلَا يَخْشَوْنَ	أَحَدًا	إِلَّا اللّٰهَ	وَكَفٰى	بِاللّٰهِ	حَسِيبًا
پہنچاتے ہیں	اللہ کے پیغامات	اور اس سے ڈرتے ہیں	اور نہیں ڈرتے	کسی سے	اللہ کے سوا	اور کافی ہے	اللہ	حساب لینے والا

اللہ کے پیغام پہنچاتے ہیں اور اس سے ڈرتے ہیں اور اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے، اور اللہ کافی ہے حساب لینے والا۔

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَآ أَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُولَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ

مَا كَانَ	مُحَمَّدٌ	أَبَآ	أَحَدٍ	مِّنْ رِّجَالِكُمْ	وَلٰكِنْ	رَّسُولَ اللّٰهِ	وَخَاتَمَ	النَّبِيّٖنَ
نہیں ہیں	محمد	باپ	کسی کے	تمہارے مردوں میں سے	اور لیکن	اللہ کے رسول	اور مہر	نبیوں

محمد ﷺ تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں، لیکن وہ اللہ کے رسول اور (سب) نبیوں پر مُہر (آخری نبی) ہیں

٥ ع ٢

وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا ﴿٤٠﴾ يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا

وَكَانَ	اللّٰهُ	بِكُلِّ شَيْءٍ	عَلِيمًا	يٰٓأَيُّهَا	الَّذِينَ اٰمَنُوا	اذْكُرُوا	اللّٰهَ	ذِكْرًا
اور ہے	اللہ	ہر شے کا	جاننے والا	اے	ایمان والو	یاد کرو	اللہ	یاد

اور اللہ ہر شے کا جاننے والا ہے۔ اے ایمان والو! اللہ کو یاد کرو

كَثِيرًا ﴿٤١﴾ وَّسَبِّحُوهُ بُكْرَةً وَّأَصِيلًا ﴿٤٢﴾ هُوَ الَّذِي يُصَلِّي عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ

كَثِيرًا	وَّسَبِّحُوهُ	بُكْرَةً	وَّأَصِيلًا	هُوَ الَّذِي	يُصَلِّي	عَلَيْكُمْ	وَمَلٰٓئِكَتُهٗ
بکثرت	اور پاکیزگی بیان کرو اسکی	صبح	اور شام	وہی جو	بھیجتا ہے	تم پر	اور اس کے فرشتے

بکثرت۔ اور صبح وشام اس کی پاکیزگی بیان کرو۔ وہی ہے جو تم پر رحمت بھیجتا ہے اور اس کے فرشتے (بھی)

لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا ﴿۴۳﴾ تَحِيَّتُهُمْ

لِيُخْرِجَكُمْ	مِّنَ	الظُّلُمٰتِ	اِلَى النُّوْرِ	وَكَانَ	بِالْمُؤْمِنِيْنَ	رَحِيْمًا	تَحِيَّتُهُمْ
تاکہ وہ تمہیں نکالے	سے	اندھیرے	نور کی طرف	اور ہے	مومنوں پر	مہربان	اُن کی دعا

تاکہ وہ تمہیں اندھیروں سے نور کی طرف نکال لائے، اور اللہ مومنوں پر مہربان ہے۔ ان کی دعا

يَوْمَ يَلْقَوْنَهٗ سَلٰمٌ ۖۚ وَاَعَدَّ لَهُمْ اَجْرًا كَرِيْمًا ﴿۴۴﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ

يَوْمَ	يَلْقَوْنَهٗ	سَلٰمٌ	وَاَعَدَّ	لَهُمْ	اَجْرًا	كَرِيْمًا	يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ	اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ
جس دن	وہ ملیں گے اس کو	سلام	اور تیار کیا اس نے	انکے لئے	اجر	بڑا اچھا	اے نبی	بیشک ہم نے آپ کو بھیجا

جس دن وہ اس کو ملیں گے "سلام" ہوگا، اور اس نے ان کے لئے بڑا اچھا اجر تیار کیا ہے۔ اے نبی! بیشک ہم نے آپ کو بھیجا ہے

شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿۴۵﴾ وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا ﴿۴۶﴾

شَاهِدًا	وَّمُبَشِّرًا	وَّنَذِيْرًا	وَّدَاعِيًا	اِلَى اللّٰهِ	بِاِذْنِهٖ	وَسِرَاجًا	مُّنِيْرًا
گواہی دینے والا	اور خوشخبری دینے والا	اور ڈر سنانے والا	اور بلانے والا	اللہ کی طرف	اس کے حکم سے	اور چراغ	روشن

گواہی دینے والا، اور خوشخبری دینے والا، اور ڈر سنانے والا، اور اس کے حکم سے اللہ کی طرف بلانے والا، اور روشن چراغ۔

وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا كَبِيْرًا ﴿۴۷﴾ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ

وَبَشِّرِ	الْمُؤْمِنِيْنَ	بِاَنَّ	لَهُمْ	مِّنَ اللّٰهِ	فَضْلًا	كَبِيْرًا	وَلَا تُطِعِ	الْكٰفِرِيْنَ
اور خوشخبری دیں	مومنوں (جمع)	یہ کہ	انکے لئے	اللہ کی طرف سے	فضل	بڑا	اور کہا نہ مانیں	کافر (جمع)

اور مومنوں کو خوشخبری دیں یہ کہ ان کے لئے اللہ کی طرف سے بڑا فضل ہے۔ اور آپؐ کہا نہ مانیں کافروں کا،

وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَدَعْ اَذٰىهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۴۸﴾ يٰۤاَيُّهَا

وَالْمُنٰفِقِيْنَ	وَدَعْ	اَذٰىهُمْ	وَتَوَكَّلْ	عَلَى اللّٰهِ	وَكَفٰى	بِاللّٰهِ	وَكِيْلًا	يٰۤاَيُّهَا
اور منافق (جمع)	اور خیال نہ کریں	ان کا ایذا دینا	اور بھروسہ کریں	اللہ پر	اور کافی	اللہ	کارساز	اے

اور منافقوں کا، اور ان کے ایذا دینے کا خیال نہ کریں، اور اللہ پر بھروسہ کریں۔ اور کافی ہے اللہ کارساز۔ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا	اِذَا	نَكَحْتُمُ	الْمُؤْمِنٰتِ	ثُمَّ	طَلَّقْتُمُوْهُنَّ	مِنْ قَبْلِ	اَنْ
ایمان والو	جب	تم نکاح کرو	مومن عورتوں	پھر	تم انہیں طلاق دو	پہلے	کہ

ایمان والو! جب تم مومن عورتوں سے نکاح کرو، پھر انہیں اس سے پہلے طلاق دے دو کہ

تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا ۚ فَمَتِّعُوْهُنَّ وَسَرِّحُوْهُنَّ

تَمَسُّوْهُنَّ	فَمَا لَكُمْ	عَلَيْهِنَّ	مِنْ عِدَّةٍ	تَعْتَدُّوْنَهَا	فَمَتِّعُوْهُنَّ	وَسَرِّحُوْهُنَّ
تم انہیں ہاتھ لگاؤ	تو نہیں تمہارے لئے	ان پر	کوئی عدت	کہ پوری کراؤ اس سے	پس تم انہیں کچھ متاع دو	اور انہیں رخصت کر دو

تم انہیں ہاتھ لگاؤ تو ان پر تمہارا (کوئی حق) نہیں کہ ان کی عدت پوری کراؤ، پس انہیں کچھ متاع دے دو اور رخصت کر دو

سَرَاحًا جَمِيْلًا ﴿۴۹﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَحْلَلْنَا لَكَ اَزْوَاجَكَ الّٰتِيْٓ

سَرَاحًا	جَمِيْلًا	يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ	اِنَّآ اَحْلَلْنَا	لَكَ	اَزْوَاجَكَ	الّٰتِيْٓ
رخصت	اچھی طرح	اے نبی!	ہم نے حلال کیں	تمہارے لئے	تمہاری بیبیاں	وہ جو کہ

اچھی رخصت ۔ اے نبیؐ! ہم نے تمہارے لئے حلال کیں تمہاری وہ بیبیاں جن کو

اٰتَيْتَ اُجُوْرَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ مِمَّآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلَيْكَ وَ

اٰتَيْتَ	اُجُوْرَهُنَّ	وَمَا	مَلَكَتْ	يَمِيْنُكَ	مِمَّآ	اَفَآءَ اللّٰهُ	عَلَيْكَ	وَ
تم نے دے دیا	اُن کا مہر	اور جو	مالک ہوا	تمہارا دایاں ہاتھ	ان سے جو	اللہ نے ہاتھ لگا دیں	تمہارے	اور

تم نے ان کا مہر دے دیا، اور تمہاری کنیزیں ان میں سے جو اللہ نے (غنیمت میں سے) تمہارے ہاتھ لگا دیں اور

بَنٰتِ عَمِّكَ وَبَنٰتِ عَمّٰتِكَ وَبَنٰتِ خَالِكَ وَبَنٰتِ خٰلٰتِكَ الّٰتِيْ

بَنٰتِ عَمِّكَ	وَ	بَنٰتِ عَمّٰتِكَ	وَبَنٰتِ خَالِكَ	وَبَنٰتِ خٰلٰتِكَ	الّٰتِيْ
تمہارے چچا کی بیٹیاں	اور	تمہاری پھوپھی کی بیٹیاں	اور تمہارے ماموں کی بیٹیاں	اور تمہاری خالاؤں کی بیٹیاں	وہ جنہوں نے

تمہارے چچا کی بیٹیاں، اور تمہاری پھوپھیوں کی بیٹیاں، اور تمہارے ماموں کی بیٹیاں، اور تمہاری خالاؤں کی بیٹیاں، وہ جنہوں نے

هَاجَرْنَ مَعَكَ ۡ وَامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً اِنْ وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ اِنْ

هَاجَرْنَ	مَعَكَ	وَامْرَاَةً	مُّؤْمِنَةً	اِنْ	وَّهَبَتْ	نَفْسَهَا	لِلنَّبِيِّ	اِنْ
انہوں نے ہجرت کی	تمہارے ساتھ	اور مومن عورت		اگر	وہ بخشدے (نذر کر دے)	اپنے آپ کو	نبی کے لئے	اگر

تمہارے ساتھ ہجرت کی، اور وہ مومن عورت جو اپنے آپ کو نبیؐ کی نذر کر دے، اگر

اَرَادَ النَّبِيُّ اَنْ يَّسْتَنْكِحَهَا ۗ خَالِصَةً لَّكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ

اَرَادَ النَّبِيُّ	اَنْ	يَّسْتَنْكِحَهَا	خَالِصَةً	لَّكَ	مِنْ دُوْنِ	الْمُؤْمِنِيْنَ
چاہے نبی	کہ	اسے نکاح میں لے لے	خاص	تمہارے لئے	علاوہ	مومنوں

نبی اسے نکاح میں لینا چاہے، یہ عام مومنوں کے علاوہ خاص تمہارے لئے ہے،

قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ فِيْٓ اَزْوَاجِهِمْ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ

اَيْمَانُهُمْ مَلَكَتْ	وَمَا	اَزْوَاجِهِمْ	فِيْ	عَلَيْهِمْ	مَا فَرَضْنَا	قَدْ عَلِمْنَا
مالک ہوئے ان کے داہنے ہاتھ (کنیزیں)	اور جو	ان کی عورتیں	میں	ان پر	جو ہم نے فرض کیا	البتہ ہمیں معلوم ہے

البتہ ہمیں معلوم ہے جو ہم نے ان کی عورتوں اور کنیزوں (کے بارے) میں ان پر فرض کیا ہے،

لِكَيْلَا يَكُوْنَ عَلَيْكَ حَرَجٌ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۞ تُرْجِيْ مَنْ تَشَآءُ

مَنْ تَشَآءُ	تُرْجِيْ	رَحِيْمًا	غَفُوْرًا	اللّٰهُ	وَكَانَ	حَرَجٌ	عَلَيْكَ	لِكَيْلَا يَكُوْنَ
جس کو آپ چاہیں	دُور رکھیں	مہربان	بخشنے والا	اللہ	اور ہے	کوئی تنگی	تم پر	تاکہ نہ رہے

تاکہ تم پر کوئی تنگی نہ رہے، اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔ آپ جس کو چاہیں دُور رکھیں

مِنْهُنَّ وَتُـْٔوِيْٓ اِلَيْكَ مَنْ تَشَآءُ ۭ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ

فَلَا جُنَاحَ	عَزَلْتَ	مِمَّنْ	ابْتَغَيْتَ	وَمَنِ	مَنْ تَشَآءُ	اِلَيْكَ	وَتُـْٔوِيْ	مِنْهُنَّ
تو کوئی تنگی نہیں	دُور کر دیا تھا آپ نے	ان میں سے جو	آپ طلب کریں	اور جس کو	جسے آپ چاہیں	اپنے پاس	اور پاس رکھیں	ان میں سے

ان میں سے، اور جسے چاہیں اپنے پاس رکھیں، اور ان میں سے جس کو آپ نے دور کر دیا تھا (پھر) طلب کریں تو کوئی تنگی (حرج) نہیں

عَلَيْكَ ۭ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ تَقَرَّ اَعْيُنُهُنَّ وَلَا يَحْزَنَّ وَيَرْضَيْنَ بِمَآ اٰتَيْتَهُنَّ

بِمَآ اٰتَيْتَهُنَّ	وَيَرْضَيْنَ	وَلَا يَحْزَنَّ	اَعْيُنُهُنَّ	اَنْ تَقَرَّ	ذٰلِكَ اَدْنٰى	عَلَيْكَ
اس پر جو آپ نے انہیں دیں	اور وہ راضی رہیں	اور وہ آزردہ نہ ہوں	ان کی آنکھیں	کہ ٹھنڈی رہیں	یہ زیادہ قریب ہے	آپ پر

آپ پر، یہ زیادہ قریب ہے کہ (اس سے) اُن کی آنکھیں ٹھنڈی رہیں اور وہ آزردہ نہ ہوں، اور وہ اس پر راضی رہیں جو آپ انہیں دیں

كُلُّهُنَّ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَلِيْمًا ۞ لَا يَحِلُّ

لَا يَحِلُّ	حَلِيْمًا	عَلِيْمًا	اللّٰهُ	وَكَانَ	فِيْ قُلُوْبِكُمْ	مَا	يَعْلَمُ	وَاللّٰهُ	كُلُّهُنَّ
حلال نہیں	بُردبار	جاننے والا	اللہ	اور ہے	تمہارے دلوں میں	جو	جانتا ہے	اور اللہ	وہ سب کی سب

وہ سب کی سب، اور اللہ جانتا ہے، جو تمہارے دلوں میں ہے، اور اللہ جاننے والا بُردبار ہے۔ حلال نہیں

لَكَ النِّسَآءُ مِنْۢ بَعْدُ وَلَآ اَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ اَزْوَاجٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكَ

اَعْجَبَكَ	وَلَوْ	اَزْوَاجٍ	مِنْ	بِهِنَّ	اَنْ تَبَدَّلَ	وَلَا	مِنْۢ بَعْدُ	النِّسَآءُ	لَكَ
آپ کو اچھا لگے	اگرچہ	عورتیں	سے (اور)	ان سے	یہ کہ بدل لیں	اور نہ	اس کے بعد	عورتیں	آپ کے لئے

آپ کے لئے اس کے بعد (اور) عورتیں، نہ یہ کہ آپ اُن سے اور عورتیں بدل لیں، اگرچہ آپ کو اچھا لگے،

حُسْنُهُنَّ اِلَّا مَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ رَّقِيْبًا ﴿۵۲﴾

رَّقِيْبًا	كُلِّ شَيْءٍ	عَلٰى	اللّٰهُ	وَكَانَ	مَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ	اِلَّا	حُسْنُهُنَّ
نگہبان	ہر شے	پر	اللہ	اور ہے۔	جس کا مالک ہو تمہارا ہاتھ (کنیز)	سوائے	ان کا حسن

ان کا حسن سوائے آپ کی کنیز کے، اور اللہ ہر شے پر نگہبان ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ اِلَّاۤ اَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ

لَكُمْ	يُّؤْذَنَ	اَنْ	اِلَّا	النَّبِيِّ	بُيُوْتَ	لَا تَدْخُلُوْا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	يٰۤاَيُّهَا
تمہارے لئے	اجازت دی جائے	یہ کہ	سوائے	نبی	گھر (جمع)	نہ داخل ہو	ایمان والو	اے

اے ایمان والو! نبیؐ کے گھروں میں داخل نہ ہو، سوائے اس کے کہ تمہیں اجازت دی جائے

اِلٰى طَعَامٍ غَيْرَ نٰظِرِيْنَ اِنٰىهُ ۙ وَلٰكِنْ اِذَا دُعِيْتُمْ فَادْخُلُوْا فَاِذَا طَعِمْتُمْ

طَعِمْتُمْ	فَاِذَا	فَادْخُلُوْا	دُعِيْتُمْ	اِذَا	وَلٰكِنْ	اِنٰىهُ	غَيْرَ نٰظِرِيْنَ	طَعَامٍ	اِلٰى
تم کھا لو	پھر جب	تو تم داخل ہو	تمہیں بلایا جائے	جب	اور لیکن	اس کا پکنا	نہ راہ تکو	کھانا	طرف (لئے)

کھانے کے لئے، اس کے پکنے کی راہ نہ تکو، لیکن جب تمہیں بلایا جائے تو تم داخل ہو، پھر جب تم کھانا کھا لو،

فَانْتَشِرُوْا وَلَا مُسْتَاْنِسِيْنَ لِحَدِيْثٍ ۭ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِي النَّبِيَّ

النَّبِيَّ	كَانَ يُؤْذِي	ذٰلِكُمْ	اِنَّ	لِحَدِيْثٍ	وَلَا مُسْتَاْنِسِيْنَ	فَانْتَشِرُوْا
نبیؐ	ایذا دیتی ہے	یہ تمہاری بات	بیشک	باتوں کے لئے	اور نہ جی لگا کر بیٹھے رہو	تو تم منتشر ہو جایا کرو

تو منتشر ہو جایا کرو، اور باتوں کے لئے جی لگا کر نہ بیٹھے رہو۔ بیشک تمہاری یہ بات نبیؐ کو ایذا دیتی ہے

فَيَسْتَحْيٖ مِنْكُمْ ۫ وَاللّٰهُ لَا يَسْتَحْيٖ مِنَ الْحَقِّ ۭ وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا

مَتَاعًا	سَاَلْتُمُوْهُنَّ	وَاِذَا	مِنَ الْحَقِّ	لَا يَسْتَحْيٖ	وَاللّٰهُ	مِنْكُمْ	فَيَسْتَحْيٖ
کوئی شے	تم ان سے مانگو	اور جب	حق (بات) سے	نہیں شرماتا	اور اللہ	تم سے	پس وہ شرماتے ہیں

پس وہ تم سے شرماتے ہیں، اور اللہ حق بات (فرمانے) سے نہیں شرماتا، اور جب تم اُن (نبیؐ کی بیبیوں) سے کوئی شے مانگو

فَسْـَٔلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ ۭ ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ وَقُلُوْبِهِنَّ ۭ وَمَا كَانَ لَكُمْ

لَكُمْ	وَمَا كَانَ	وَقُلُوْبِهِنَّ	لِقُلُوْبِكُمْ	اَطْهَرُ	ذٰلِكُمْ	مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ	فَسْـَٔلُوْهُنَّ
تمہارے لئے	اور (جائز) نہیں	اور ان کے دل	تمہارے دل کے لئے	زیادہ پاکیزگی	تمہاری یہ بات	پردہ کے پیچھے سے	تو ان سے مانگو

تو ان سے پردے کے پیچھے سے مانگو، یہ بات تمہارے اور ان کے دلوں کے لئے زیادہ پاکیزگی (کا ذریعہ) ہے، اور تمہارے لئے جائز نہیں

اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَاۤ اَنْ تَنْكِحُوْۤا اَزْوَاجَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖۤ اَبَدًا ؕ

اَبَدًا	مِنْۢ بَعْدِهٖۤ	اَزْوَاجَهٗ	اَنْ تَنْكِحُوْۤا	وَلَاۤ	رَسُوْلَ اللّٰهِ	اَنْ تُؤْذُوْا
کبھی	ان کے بعد	اس کی بیبیاں	یہ کہ تم نکاح کرو	اور نہ	اللہ کا رسول	کہ تم ایذا دو

کہ تم اللہ کے رسول کو ایذا دو، اور نہ یہ کہ ان کے بعد کبھی بھی ان کی بیبیوں سے نکاح کرو،

اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمًا ۝۵۳ اِنْ تُبْدُوْا شَيْـًٔا اَوْ تُخْفُوْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ

فَاِنَّ اللّٰهَ	اَوْ تُخْفُوْهُ	شَيْـًٔا	اِنْ تُبْدُوْا	عَظِيْمًا	عِنْدَ اللّٰهِ	كَانَ	ذٰلِكُمْ	اِنَّ
تو بیشک اللہ	یا اسے چھپاؤ	کوئی بات	اگر تم ظاہر کرو	بڑا	اللہ کے نزدیک	ہے	تمہاری یہ بات	بیشک

بیشک تمہاری یہ بات اللہ کے نزدیک بڑا (گناہ) ہے۔ اگر تم کوئی بات ظاہر کرو یا اسے چھپاؤ تو بیشک اللہ

كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ۝۵۴ لَا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ فِيْۤ اٰبَآئِهِنَّ وَلَاۤ اَبْنَآئِهِنَّ وَ

وَ	اَبْنَآئِهِنَّ	وَلَاۤ	اٰبَآئِهِنَّ	فِيْۤ	عَلَيْهِنَّ	لَا جُنَاحَ	عَلِيْمًا	بِكُلِّ شَيْءٍ	كَانَ
اور	اپنے بیٹوں	اور نہ	اپنے باپ	میں	عورتوں پر	گناہ نہیں	جاننے والا	ہر شے	ہے

ہر شے کو جاننے والا ہے۔ عورتوں پر گناہ نہیں (پردہ نہ کرنے میں) اپنے باپ، اور نہ اپنے بیٹوں اور

لَاۤ اِخْوَانِهِنَّ وَلَاۤ اَبْنَآءِ اِخْوَانِهِنَّ وَلَاۤ اَبْنَآءِ اَخَوٰتِهِنَّ وَلَا نِسَآئِهِنَّ

نِسَآئِهِنَّ	وَلَا	اَبْنَآءِ اَخَوٰتِهِنَّ	وَلَاۤ	اَبْنَآءِ اِخْوَانِهِنَّ	وَلَاۤ	لَاۤ اِخْوَانِهِنَّ
اپنی عورتیں	اور نہ	اپنی بہنوں کے بیٹے	اور نہ	اپنے بھائیوں کے بیٹے	اور نہ	نہ اپنے بھائی

نہ اپنے بھائیوں، اور نہ اپنے بھائیوں کے بیٹوں، اور نہ اپنی بہنوں کے بیٹوں، اور نہ اپنی عورتوں سے،

وَلَا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ ۚ وَاتَّقِيْنَ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

كُلِّ شَيْءٍ	عَلٰى	كَانَ	اِنَّ اللّٰهَ	اللّٰهَ	وَاتَّقِيْنَ	مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ	مَا	وَلَا
ہر شے	پر	ہے	بیشک اللہ	اللہ	اور ڈرتی رہو	جن کے مالک ہوئے ان کے ہاتھ (کنیزیں)		اور نہ

اور نہ اپنی کنیزوں سے (اے عورتو!) اللہ سے ڈرتی رہو، بے شک اللہ ہر شے پر

شَهِيْدًا ۝۵۵ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	يٰۤاَيُّهَا	عَلَى النَّبِيِّ	يُصَلُّوْنَ	وَمَلٰٓئِكَتَهٗ	اِنَّ اللّٰهَ	شَهِيْدًا
ایمان والو	اے	نبی پر	درود بھیجتے ہیں	اور اس کے فرشتے	بیشک اللہ	گواہ (موجود)

گواہ (موجود) ہے۔ بیشک اللہ اور اس کے فرشتے نبیؐ پر درود بھیجتے ہیں، اے ایمان والو!

صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴿۵۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

صَلُّوْا	عَلَيْهِ	وَسَلِّمُوْا	تَسْلِيْمًا	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يُؤْذُوْنَ	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ
درود بھیجو	اس پر	اور سلام بھیجو	خوب سلام	بیشک	جو لوگ	ایذا دیتے ہیں	اللہ	اور اس کا رسول

تم (بھی) اس پر درود بھیجو اور خوب سلام بھیجو۔ بیشک جو لوگ اللہ اور اس کے رسولؐ کو ایذا دیتے ہیں

لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿۵۷﴾ وَالَّذِيْنَ

لَعَنَهُمُ	اللّٰهُ	فِي الدُّنْيَا	وَالْاٰخِرَةِ	وَاَعَدَّ	لَهُمْ	عَذَابًا مُّهِيْنًا	وَالَّذِيْنَ
ان پر لعنت کی	اللہ	دنیا میں	اور آخرت	اور تیار کیا اس نے	ان کے لئے	رُسوا کرنے والا عذاب	اور جو لوگ

اللہ نے ان پر دنیا اور آخرت میں لعنت کی (اپنی رحمت سے محروم کردیا) اور ان کے لئے رُسوا کرنے والا عذاب تیار کیا۔ اور جو لوگ

يُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُهْتَانًا

يُؤْذُوْنَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَالْمُؤْمِنٰتِ	بِغَيْرِ	مَا اكْتَسَبُوْا	فَقَدِ احْتَمَلُوْا	بُهْتَانًا
ایذا دیتے ہیں	مومن مرد (جمع)	اور مومن عورتیں	بغیر	کہ انہوں نے کمایا (کیا)	البتہ انہوں نے اٹھایا	بہتان

مومن مردوں اور مومن عورتوں کو ایذا دیتے ہیں، بغیر اس کے کہ انہوں نے کچھ کیا ہو تو البتہ انہوں نے اٹھایا (اپنے سر لیا) بہتان،

وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۵۸﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ

وَّاِثْمًا	مُّبِيْنًا	يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ	قُلْ	لِّاَزْوَاجِكَ	وَبَنٰتِكَ	وَنِسَآءِ
اور گناہ	صریح	اے نبی	فرما دیں	اپنی بیبیوں کو	اور بیٹوں کو	اور عورتوں کو

اور صریح گناہ۔ اے نبیؐ! اپنی بیبیوں اور اپنی بیٹیوں کو، اور مومنوں کی عورتوں کو فرما دیں

الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ ؕ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ

الْمُؤْمِنِيْنَ	يُدْنِيْنَ	عَلَيْهِنَّ	مِنْ	جَلَابِيْبِهِنَّ	ذٰلِكَ	اَدْنٰٓى	اَنْ
مومنوں	ڈال لیا کریں	اپنے اوپر	سے	اپنی چادریں	یہ	قریب تر	کہ

کہ وہ اپنے اوپر اپنی چادریں ڈال لیا کریں (گھونگھٹ نکال لیا کریں) یہ (اس سے) قریب تر ہے کہ

يُّعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۵۹﴾ لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ

يُّعْرَفْنَ	فَلَا يُؤْذَيْنَ	وَكَانَ اللّٰهُ	غَفُوْرًا	رَّحِيْمًا	لَئِنْ	لَّمْ يَنْتَهِ
اُن کی پہچان ہو جائے	تو انہیں نہ ستایا جائے	اور اللہ ہے	بخشنے والا	مہربان	اگر	باز نہ آئے

اُن کی پہچان ہو جائے، تو انہیں نہ ستایا جائے، اور اللہ بخشنے والا، نہایت مہربان ہے۔ اگر باز نہ آئے

الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْمُرْجِفُوْنَ فِي الْمَدِيْنَةِ

الْمُنٰفِقُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	فِيْ قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ	وَالْمُرْجِفُوْنَ	فِي	الْمَدِيْنَةِ
منافق (جمع)	اور وہ جو	ان کے دلوں میں	روگ	اور جھوٹی افواہیں اُڑانے والے	میں	مدینہ

منافق، اور وہ لوگ جن کے دلوں میں روگ ہے، اور مدینہ میں جھوٹی افواہیں اُڑانے والے،

لَنُغْرِيَنَّكَ بِهِمْ ثُمَّ لَا يُجَاوِرُوْنَكَ فِيْهَآ اِلَّا قَلِيْلًا ۝٦٠ مَّلْعُوْنِيْنَ

لَنُغْرِيَنَّكَ	بِهِمْ	ثُمَّ	لَا يُجَاوِرُوْنَكَ	فِيْهَآ	اِلَّا	قَلِيْلًا	مَّلْعُوْنِيْنَ
ہم ضرور تمہیں پیچھے لگا دیں گے	ان کے	پھر	تمہارے ہمسایہ نہ رہیں گے	اس (شہر) میں	سوائے	چند دن	پھٹکارے ہوئے

تو ہم ضرور تمہیں انکے پیچھے لگا دیں گے پھر وہ اس شہر (مدینہ) میں چند دن کے سوا تمہارے ہمسایہ (پاس) نہ رہیں گے۔ پھٹکارے ہوئے،

اَيْنَمَا ثُقِفُوْٓا اُخِذُوْا وَقُتِّلُوْا تَقْتِيْلًا ۝٦١ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا

اَيْنَمَا	ثُقِفُوْٓا	اُخِذُوْا	وَقُتِّلُوْا	تَقْتِيْلًا	سُنَّةَ اللّٰهِ	فِي الَّذِيْنَ	خَلَوْا
جہاں کہیں	وہ پائے جائیں گے	پکڑے جائیں گے	اور مارے جائیں گے	بُری طرح مارا جانا	اللہ کا دستور	ان لوگوں میں جو	گزر گئے

وہ جہاں کہیں پائے جائیں گے پکڑے جائیں گے، اور بُری طرح مارے جائیں گے۔ اللہ کا (یہی) دستور رہا ہے، ان لوگوں میں جو گزر چکے ہیں

مِنْ قَبْلُ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ۝٦٢ يَسْـَٔلُكَ النَّاسُ عَنِ السَّاعَةِ ۭ

مِنْ قَبْلُ	وَلَنْ تَجِدَ	لِسُنَّةِ اللّٰهِ	تَبْدِيْلًا	يَسْـَٔلُكَ	النَّاسُ	عَنِ	السَّاعَةِ
ان سے پہلے	اور تم ہرگز نہ پاؤ گے	اللہ کے دستور میں	کوئی تبدیلی	آپ سے سوال کرتے ہیں	لوگ	سے (متعلق)	قیامت

ان سے پہلے، اور تم اللہ کے دستور میں ہرگز کوئی تبدیلی نہ پاؤ گے۔ آپ سے لوگ قیامت کے متعلق سوال کرتے ہیں۔

قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُوْنُ قَرِيْبًا ۝٦٣

قُلْ	اِنَّمَا	عِلْمُهَا	عِنْدَ اللّٰهِ	وَمَا	يُدْرِيْكَ	لَعَلَّ	السَّاعَةَ	تَكُوْنُ	قَرِيْبًا
فرمادیں	اسکے سوا نہیں	اس کا علم	اللہ کے پاس	اور کیا	تمہیں خبر	شاید	قیامت	ہو	قریب

فرمادیں، اس کے سوا نہیں کہ اس کا علم اللہ کے پاس ہے، اور تمہیں کیا خبر! شاید قیامت قریب (ہی) ہو۔

اِنَّ اللّٰهَ لَعَنَ الْكٰفِرِيْنَ وَاَعَدَّ لَهُمْ سَعِيْرًا ۝٦٤ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۚ

اِنَّ اللّٰهَ	لَعَنَ	الْكٰفِرِيْنَ	وَاَعَدَّ	لَهُمْ	سَعِيْرًا	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَآ	اَبَدًا
بیشک اللہ	لعنت کی	کافروں	اور تیار کیا اس نے	ان کے لئے	بھڑکتی ہوئی آگ	ہمیشہ رہیں گے	اس میں	ہمیشہ

بیشک اللہ نے کافروں پر لعنت کی، اور انکے لئے (جہنم) کی بھڑکتی ہوئی آگ تیار کی ہے۔ وہ اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے،

لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿٦٥﴾ يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ يَقُوْلُوْنَ

لَا يَجِدُوْنَ	وَلِيًّا	وَّلَا	نَصِيْرًا	يَوْمَ	تُقَلَّبُ	وُجُوْهُهُمْ	فِي النَّارِ	يَقُوْلُوْنَ
وہ نہ پائیں گے	کوئی دوست	اور نہ	کوئی مددگار	جس دن	الٹ پلٹ کئے جائیں گے	انکے چہرے	آگ میں	وہ کہیں گے

وہ نہ کوئی دوست پائیں گے اور نہ مددگار۔ جس دن اُن کے چہرے آگ میں اُلٹ پلٹ کئے جائیں گے، وہ کہیں گے

يٰلَيْتَنَآ اَطَعْنَا اللّٰهَ وَاَطَعْنَا الرَّسُوْلَا ﴿٦٦﴾ وَقَالُوْا رَبَّنَآ اِنَّآ اَطَعْنَا سَادَتَنَا

يٰلَيْتَنَآ	اَطَعْنَا	اللّٰهَ	وَاَطَعْنَا	الرَّسُوْلَا	وَقَالُوْا	رَبَّنَآ	اِنَّآ	اَطَعْنَا	سَادَتَنَا
اے کاش ہم	ہم نے اطاعت کی ہوتی	اللہ	اور اطاعت کی ہوتی	رسول	اور وہ کہیں گے	اے ہمارے رب	بیشک ہم	ہم نے اطاعت کی	اپنے سردار

اے کاش! ہم نے اطاعت کی ہوتی اللہ کی، اور اطاعت کی ہوتی رسول کی۔ اور وہ کہیں گے، اے ہمارے رب! بیشک ہم نے اطاعت کی اپنے سرداروں کی

وَكُبَرَآءَنَا فَاَضَلُّوْنَا السَّبِيْلَا ﴿٦٧﴾ رَبَّنَآ اٰتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ وَالْعَنْهُمْ

وَكُبَرَآءَنَا	فَاَضَلُّوْنَا	السَّبِيْلَا	رَبَّنَآ	اٰتِهِمْ	ضِعْفَيْنِ	مِنَ الْعَذَابِ	وَالْعَنْهُمْ
اور اپنے بڑوں	تو انہوں نے بھٹکایا ہمیں	راستہ	اے ہمارے رب	دے انہیں	دوگنا	عذاب	اور لعنت کر ان پر

اور اپنے بڑوں کی، تو انہوں نے ہمیں راستہ سے بھٹکایا۔ اے ہمارے رب! انہیں دوگنا عذاب دے اور ان پر

لَعْنًا كَبِيْرًا ﴿٦٨﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى فَبَرَّاَهُ

ع ۸ ۱۰ ۵

لَعْنًا	كَبِيْرًا	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَا تَكُوْنُوْا	كَالَّذِيْنَ	اٰذَوْا	مُوْسٰى	فَبَرَّاَهُ
لعنت	بڑی	اے	ایمان والو	نہ ہونا	ان لوگوں کی طرح	انہوں نے ستایا	موسیٰ	تو بری کر دیا اسکو

بڑی لعنت کر۔ اے ایمان والو! اُن لوگوں کی طرح نہ ہونا جنہوں نے موسیٰ کو (الزام لگا کر) ستایا تو انہیں بری کر دیا

اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا ۭ وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا ﴿٦٩﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ

اللّٰهُ	مِمَّا	قَالُوْا	وَكَانَ	عِنْدَ اللّٰهِ	وَجِيْهًا	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوا	اتَّقُوا اللّٰهَ
اللہ	اس سے جو	انہوں نے کہا	اور وہ تھے	اللہ کے نزدیک	باآبرو	اے	ایمان والو	اللہ سے ڈرو

اللہ نے اس سے جو انہوں نے کہا (الزام لگایا) اور وہ اللہ کے نزدیک باآبرو تھے۔ اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو

وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ﴿٧٠﴾ يُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ۭ وَمَنْ

وَقُوْلُوْا	قَوْلًا	سَدِيْدًا	يُّصْلِحْ	لَكُمْ	اَعْمَالَكُمْ	وَيَغْفِرْ	لَكُمْ	ذُنُوْبَكُمْ	وَمَنْ
اور کہو	بات	سیدھی	وہ سنوار دے گا	تمہارے لئے	تمہارے عمل	اور بخشدے گا	تمہارے لئے	تمہارے گناہ	اور جو۔ جس

اور سیدھی بات کہو۔ وہ تمہارے لئے تمہارے عمل سنوار دے گا، اور تمہارے گناہ بخش دے گا، اور جس نے

يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا ﴿۷۱﴾ اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ

الْاَمَانَةَ	عَرَضْنَا	اِنَّا	فَوْزًا عَظِيْمًا	فَقَدْ فَازَ	وَرَسُوْلَهٗ	يُّطِعِ اللّٰهَ
امانت	ہم نے پیش کیا	بیشک ہم	بڑی مراد	تو وہ مراد کو پہنچا	اور اس کا رسول	اللہ کی اطاعت کی

اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کی تو وہ بڑی مراد کو پہنچا ۔ بیشک ہم نے اپنی امانت (ذمہ داری کو) پیش کیا

عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ فَاَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا

مِنْهَا	وَاَشْفَقْنَ	اَنْ يَّحْمِلْنَهَا	فَاَبَيْنَ	وَالْجِبَالِ	وَالْاَرْضِ	السَّمٰوٰتِ	عَلَى
اس سے	اور وہ ڈر گئے	کہ وہ اسے اٹھائیں	تو انہوں نے انکار کیا	اور پہاڑ	اور زمین	آسمان (جمع)	پر

آسمانوں اور زمین، اور پہاڑوں پر، تو انہوں نے اس کے اٹھانے سے انکار کیا، اور وہ اس سے ڈر گئے،

وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ ۭ اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا ﴿۷۲﴾ لِّيُعَذِّبَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ

الْمُنٰفِقِيْنَ	لِّيُعَذِّبَ اللّٰهُ	جَهُوْلًا	ظَلُوْمًا	كَانَ	اِنَّهٗ	الْاِنْسَانُ	وَحَمَلَهَا
منافق مردوں	تاکہ اللہ عذاب دے	بڑا نادان	ظالم	تھا	بیشک وہ	انسان	اور اسے اٹھالیا

اور انسان نے اسے اٹھا لیا، بیشک وہ ظالم بڑا نادان تھا ۔ تاکہ اللہ عذاب دے منافق مردوں

وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ وَيَتُوْبَ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ

الْمُؤْمِنِيْنَ	عَلَى	اللّٰهُ	وَيَتُوْبَ	وَالْمُشْرِكٰتِ	وَالْمُشْرِكِيْنَ	وَالْمُنٰفِقٰتِ
مومن مردوں	پر ۔ کی	اللہ	اور توبہ قبول کرے	اور مشرک عورتوں	اور مشرک مردوں	اور منافق عورتوں

اور منافق عورتوں کو، اور مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو، اور اللہ توبہ قبول کرے مومن مردوں

وَالْمُؤْمِنٰتِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۷۳﴾ ع

رَّحِيْمًا	غَفُوْرًا	اللّٰهُ	وَكَانَ	وَالْمُؤْمِنٰتِ
مہربان	بخشنے والا	اللہ	اور ہے	اور مومن عورتوں

اور مومن عورتوں کی، بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے ۔

رکوعاتها ۶ — ۳۴ سُوْرَةُ سَبَاٍ مَّكِّيَّةٌ ۵۸ — اٰيَاتُهَا ۵۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَلَهُ الْحَمْدُ فِی الْاٰخِرَةِ ؕ

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِیْ لَهٗ	مَا	فِی السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِی الْاَرْضِ	وَلَهُ	الْحَمْدُ	فِی الْاٰخِرَةِ
تمام تعریفیں	اللہ کے لئے	وہ جس کے لئے	جو	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	اور اسی کے لئے	ہر تعریف	آخرت میں

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، اسی کے لئے ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے، اور اسی کے لئے ہر تعریف ہے آخرت میں،

وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ۝۱ يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا

وَهُوَ	الْحَكِيْمُ	الْخَبِيْرُ	يَعْلَمُ	مَا يَلِجُ	فِي الْاَرْضِ	وَمَا	يَخْرُجُ	مِنْهَا	وَمَا
اور وہ	حکمت والا	خبر رکھنے والا	وہ جانتا ہے	جو داخل ہوتا ہے	زمین میں	اور جو	نکلتا ہے	اس سے	اور جو

اور وہ حکمت والا، خبر رکھنے والا ہے۔ وہ جانتا ہے جو زمین میں داخل ہوتا ہے (مثلاً پانی) اور جو اس سے نکلتا ہے، اور جو

يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا ؕ وَهُوَ الرَّحِيْمُ الْغَفُوْرُ ۝۲ وَقَالَ

يَنْزِلُ	مِنَ السَّمَآءِ	وَمَا	يَعْرُجُ	فِيْهَا	وَهُوَ	الرَّحِيْمُ	الْغَفُوْرُ	وَقَالَ
نازل ہوتا ہے	آسمان سے	اور جو	چڑھتا ہے	اس میں	اور وہ	مہربان	بخشنے والا	اور کہا (کہتے ہیں)

آسمان سے نازل ہوتا ہے، اور جو اس میں چڑھتا ہے، اور وہ مہربان ہے، بخشنے والا۔ اور کہتے ہیں

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَاْتِيْنَا السَّاعَةُ ؕ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتَاْتِيَنَّكُمْ عٰلِمِ الْغَيْبِ ۚ

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	لَا تَاْتِيْنَا	السَّاعَةُ	قُلْ	بَلٰى	وَرَبِّيْ	لَتَاْتِيَنَّكُمْ	عٰلِمِ	الْغَيْبِ
جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	ہم پر نہیں آئے گی	قیامت	فرما دیں	ہاں	قسم میرے رب کی	البتہ تم پر ضرور آئے گی	جاننے والا	غیب

کافر کہ ہم پر قیامت نہیں آئے گی، آپ فرما دیں ہاں! میرے رب کی قسم! البتہ وہ تم پر ضرور آئے گی، اور وہ غیب کا جاننے والا ہے۔

لَا يَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ وَلَا اَصْغَرُ

لَا يَعْزُبُ	عَنْهُ	مِثْقَالُ ذَرَّةٍ	فِي السَّمٰوٰتِ	وَلَا	فِي الْاَرْضِ	وَلَا	اَصْغَرُ
پوشیدہ نہیں	اس سے	ایک ذرہ کے برابر	آسمانوں میں	اور نہ	زمین میں	اور نہ	چھوٹا

اس سے ایک ذرہ کے برابر بھی پوشیدہ نہیں، آسمانوں میں اور نہ زمین میں، اور نہ چھوٹا

مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرُ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝۳ لِّيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

مِنْ ذٰلِكَ	وَلَآ	اَكْبَرُ	اِلَّا	فِيْ	كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ	لِّيَجْزِيَ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا
اس سے	اور نہ	بڑا	مگر	ہیں	روشن کتاب	تاکہ جزا دے	ان لوگوں کو جو ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے

اس سے اور نہ بڑا مگر (سب کچھ) روشن کتاب ہیں ہے۔ تاکہ ان لوگوں کو جزا دے جو ایمان لائے اور انہوں نے عمل کئے

الصّٰلِحٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝۴ وَالَّذِيْنَ سَعَوْ فِيْٓ اٰيٰتِنَا

الصّٰلِحٰتِ	اُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	مَّغْفِرَةٌ	وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ	وَالَّذِيْنَ	سَعَوْ	فِيْٓ اٰيٰتِنَا
نیک	یہی لوگ	ان کے لئے	بخشش	اور عزت کی روزی	اور وہ لوگ جو	انہوں نے کوشش کی	ہماری آیتوں میں

نیک، یہی لوگ، ہیں جن کے لئے بخشش اور عزت کی روزی ہے۔ اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں میں کوشش کی

مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ۝۵ وَيَرَى الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ

مُعٰجِزِيْنَ	اُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	عَذَابٌ	مِّنْ	رِّجْزٍ اَلِيْمٌ	وَيَرَى	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا	الْعِلْمَ
ہرانے کے لئے	یہی لوگ	ان کے لئے	عذاب	سے	سخت دردناک	اور وہ دیکھتے ہیں	وہ لوگ جنہیں	دیا گیا	علم

ہرانے کے لئے، انہی لوگوں کے لئے سخت دردناک عذاب ہے۔ اور جنہیں علم دیا گیا وہ دیکھتے (جانتے) ہیں

الَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ هُوَ الْحَقَّ ۙ وَيَهْدِيْٓ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۝۶

الَّذِيْٓ	اُنْزِلَ	اِلَيْكَ	مِنْ رَّبِّكَ	هُوَ الْحَقَّ	وَيَهْدِيْٓ	اِلٰى	صِرَاطِ	الْعَزِيْزِ	الْحَمِيْدِ
وہ جو کہ	نازل کیا گیا	تمہاری طرف	تمہارے رب کی طرف سے	وہ حق	اور وہ رہنمائی کرتا ہے	طرف	راستہ	غالب	سزاوارِ تعریف

کہ جو تمہارے پروردگار کی طرف سے نازل کیا گیا ہے وہ حق ہے (وہ اللہ) غالب سزاوارِ تعریف کے راستہ کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا هَلْ نَدُلُّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ يُّنَبِّئُكُمْ اِذَا مُزِّقْتُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۙ

وَقَالَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	هَلْ	نَدُلُّكُمْ	عَلٰى	رَجُلٍ	يُّنَبِّئُكُمْ	اِذَا	مُزِّقْتُمْ	كُلَّ مُمَزَّقٍ
اور کہا (کہتے ہیں)	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	کیا	ہم بتلائیں تمہیں	پر کا	ایسا آدمی	وہ خبر دیتا ہے تمہیں	جب	تم ریزہ ریزہ ہو جاؤ گے	پوری طرح ریزہ ریزہ

اور کافر کہتے ہیں کیا ہم تمہیں ایسے آدمی کا (پتہ) بتائیں جو تمہیں خبر دیتا ہے کہ جب تم پوری طرح ریزہ ریزہ ہو جاؤ گے،

اِنَّكُمْ لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۝۷ اَفْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَمْ بِهٖ جِنَّةٌ ؕ بَلِ

اِنَّكُمْ	لَفِيْ	خَلْقٍ جَدِيْدٍ	اَفْتَرٰى	عَلَى اللّٰهِ	كَذِبًا	اَمْ	بِهٖ	جِنَّةٌ	بَلِ
بیشک تم	البتہ میں	زندگی نئی	اس نے باندھا	اللہ پر	جھوٹ	یا	اسے	جنون	بلکہ

تو بیشک تم نئی زندگی میں (آؤ گے) اس نے اللہ پر جھوٹ باندھا ہے یا اسے جنون (ہے)، (نہیں)، بلکہ

الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ فِی الْعَذَابِ وَالضَّلٰلِ الْبَعِیْدِ ۸ اَفَلَمْ یَرَوْا

اَفَلَمْ یَرَوْا	الْبَعِیْدِ	وَالضَّلٰلِ	فِی الْعَذَابِ	بِالْاٰخِرَةِ	لَا یُؤْمِنُوْنَ	الَّذِیْنَ
کیا انہوں نے نہیں دیکھا؟	دُور	اور گمراہی	عذاب میں	آخرت پر	ایمان نہیں رکھتے	لوگ جو

جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے، وہ عذاب اور دُور کی (شدید) گمراہی میں ہیں۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا؟

اِلٰی مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنْ نَّشَاْ

اِنْ نَّشَاْ	وَالْاَرْضِ	مِّنَ السَّمَآءِ	خَلْفَهُمْ	وَمَا	بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ	مَا	اِلٰی
اگر ہم چاہیں	اور زمین	آسمان سے	ان کے پیچھے	اور جو	ان کے آگے	جو	طرف

اس کی طرف جو اُن کے آگے اور اُن کے پیچھے ہے، یعنی آسمان اور زمین، اگر ہم چاہیں

نَخْسِفْ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ نُسْقِطْ عَلَیْهِمْ كِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً

لَاٰیَةً	فِیْ ذٰلِكَ	اِنَّ	مِّنَ السَّمَآءِ	كِسَفًا	عَلَیْهِمْ	اَوْ نُسْقِطْ	الْاَرْضَ	نَخْسِفْ بِهِمُ
البتہ نشانی	اس میں	بیشک	آسمان سے	ٹکڑا	ان پر	یا گرادیں	زمین	انہیں دھنسا دیں

کو انہیں زمین میں دھنسا دیں، یا ان پر آسمان کا ٹکڑا گرادیں، بیشک اس میں نشانی ہے

لِّكُلِّ عَبْدٍ مُّنِیْبٍ ۹ وَلَقَدْ اٰتَیْنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلًا ؕ یٰجِبَالُ اَوِّبِیْ مَعَهٗ

مَعَهٗ	اَوِّبِیْ	یٰجِبَالُ	فَضْلًا	مِنَّا	دَاوٗدَ	وَلَقَدْ اٰتَیْنَا	مُّنِیْبٍ	عَبْدٍ	لِّكُلِّ
اس کے ساتھ	تسبیح کرو	اے پہاڑو	فضل	اپنی طرف سے	داؤد	اور تحقیق ہم نے دیا	رجوع کرنے والا	بندہ	لئے ہر

ہر رجوع کرنے والے بندہ کے لئے۔ اور تحقیق ہم نے داؤدؑ کو اپنی طرف سے فضل عطا کیا۔ اے پہاڑو! اس کے ساتھ تسبیح کرو

وَالطَّیْرَ ۚ وَاَلَنَّا لَهُ الْحَدِیْدَ ۱۰ اَنِ اعْمَلْ سٰبِغٰتٍ وَّقَدِّرْ فِی السَّرْدِ وَ

وَ	فِی السَّرْدِ	وَقَدِّرْ	سٰبِغٰتٍ	اعْمَلْ	اَنِ	الْحَدِیْدَ	لَهُ	وَاَلَنَّا	وَالطَّیْرَ
اور	کڑیوں کے جوڑنے میں	اور اندازہ رکھو	کشادہ زرہیں	بناؤ	کہ	لوہا	اسکے لئے	اور ہم نے نرم کردیا	اور پرندے

اے پرندو (تم بھی)۔ اور ہم نے اس کے لئے لوہے کو نرم کردیا۔ کہ کشادہ زرہیں بناؤ، اور کڑیوں کے جوڑنے میں اندازہ رکھو، اور

اعْمَلُوْا صَالِحًا ؕ اِنِّیْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ۱۱ وَلِسُلَیْمٰنَ الرِّیْحَ غُدُوُّهَا شَهْرٌ

شَهْرٌ	غُدُوُّهَا	الرِّیْحَ	وَلِسُلَیْمٰنَ	بَصِیْرٌ	بِمَا تَعْمَلُوْنَ	اِنِّیْ	صَالِحًا	اعْمَلُوْا
ایک ماہ	اسکی صبح کی منزل	ہوا	اور سلیمان کے لئے	دیکھ رہا ہوں	تم جو کچھ کرتے ہو اس کو	بیشک	اچھے	عمل کرو

اچھے عمل کرو، تم جو کچھ کرتے ہو بیشک میں اس کو دیکھ رہا ہوں۔ اور سلیمانؑ کے لئے ہوا (کو مسخر) کیا اور اسکی صبح کی منزل ایک ماہ کی راہ ہوتی

وَّرَوَاحُهَا شَهْرٌ ۚ وَاَسَلْنَا لَهٗ عَيْنَ الْقِطْرِ ۗ وَمِنَ الْجِنِّ مَنْ يَّعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ

وَرَوَاحُهَا	شَهْرٌ	وَاَسَلْنَا لَهٗ	عَيْنَ الْقِطْرِ	وَمِنَ	الْجِنِّ	مَنْ يَّعْمَلُ	بَيْنَ يَدَيْهِ
اور شام کی منزل	ایک ماہ	اور ہم نے بہایا اسکے لئے	تانبے کا چشمہ	اور سے	جن	وہ کام کرتے	اس کے سامنے

اور شام کی منزل ایک ماہ (کی راہ) اور ہم نے اس کے لئے تانبے کا چشمہ بہایا، اور جنات میں سے (بعض) اس کے سامنے کام کرتے تھے

بِاِذْنِ رَبِّهٖ ۗ وَمَنْ يَّزِغْ مِنْهُمْ عَنْ اَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ السَّعِيْرِ ﴿۱۲﴾

بِاِذْنِ	رَبِّهٖ	وَمَنْ	يَّزِغْ	مِنْهُمْ	عَنْ اَمْرِنَا	نُذِقْهُ	مِنْ	عَذَابِ	السَّعِيْرِ
حکم سے	اسکے رب کے	اور جو	کجی کریگا	ان میں سے	ہمارے حکم سے	ہم اس کو چکھائیں گے	سے کا	عذاب	آگ (دوزخ)

اس کے رب کے حکم سے۔ اور ان میں سے جو ہمارے حکم سے کجی کرے گا ہم اسے دوزخ کے عذاب کا مزہ چکھائیں گے۔

يَعْمَلُوْنَ لَهٗ مَا يَشَآءُ مِنْ مَّحَارِيْبَ وَتَمَاثِيْلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ وَ

يَعْمَلُوْنَ	لَهٗ	مَا يَشَآءُ	مِنْ	مَّحَارِيْبَ	وَتَمَاثِيْلَ	وَجِفَانٍ	كَالْجَوَابِ	وَ
وہ بناتے	اس کے لئے	جو وہ چاہتے	سے	بڑی عمارتیں (قلعے)	اور تصویریں	اور لگن	حوض جیسے	اور

وہ (جنات) جو وہ (سلیمانؑ) چاہتے وہ اس کے لئے قلعے بناتے، اور تصویریں (مورتیاں) اور حوض جیسے لگن، اور

قُدُوْرٍ رّٰسِيٰتٍ ۗ اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا ۗ وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ ﴿۱۳﴾

قُدُوْرٍ	رّٰسِيٰتٍ	اِعْمَلُوْٓا	اٰلَ دَاوٗدَ	شُكْرًا	وَقَلِيْلٌ	مِّنْ	عِبَادِيَ	الشَّكُوْرُ
دیگیں	ایک جگہ جمی ہوئی	تم عمل کرو	اے خاندان داؤدؑ	شکر بجالا کر	اور تھوڑے	سے	میرے بندے	شکر گزار

ایک جگہ جمی ہوئی دیگیں، اے خاندان داؤدؑ! تم شکر بجالا کر عمل کرو، اور میرے بندوں میں شکر گزار تھوڑے ہیں۔

فَلَمَّا قَضَيْنَا عَلَيْهِ الْمَوْتَ مَا دَلَّهُمْ عَلٰى مَوْتِهٖٓ اِلَّا دَآبَّةُ الْاَرْضِ

فَلَمَّا	قَضَيْنَا	عَلَيْهِ	الْمَوْتَ	مَا دَلَّهُمْ	عَلٰى مَوْتِهٖٓ	اِلَّا	دَآبَّةُ	الْاَرْضِ
پھر جب ہم نے	حکم جاری کیا	اس پر	موت	انہیں پتہ نہ دیا	اس کی موت کا	مگر	گھن	کا کیڑا

پھر جب ہم نے اس کی موت کا حکم جاری کیا، انہیں (جنوں کو) اس کی موت کا پتہ نہ دیا مگر گھن کی طرح کیڑے (دیمک) نے

تَاْكُلُ مِنْسَاَتَهٗ ۚ فَلَمَّا خَرَّ تَبَيَّنَتِ الْجِنُّ اَنْ لَّوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ الْغَيْبَ مَا لَبِثُوْا

تَاْكُلُ	مِنْسَاَتَهٗ	فَلَمَّا	خَرَّ	تَبَيَّنَتِ	الْجِنُّ	اَنْ	لَّوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ	الْغَيْبَ	مَا لَبِثُوْا
وہ کھاتا تھا	اس کا عصا	پھر جب	وہ گر پڑا	حقیقت کھلی	جن	اگر	وہ جانتے ہوتے	غیب	وہ نہ رہتے

وہ اس کا عصا کھاتا تھا، پھر جب وہ گر پڑا تو جنوں پر حقیقت کھلی، اگر وہ غیب جانتے ہوتے تو وہ نہ رہتے

فِي الْعَذَابِ الْمُهِينِ ﴿۱۴﴾ لَقَدْ كَانَ لِسَبَإٍ فِي مَسْكَنِهِمْ آيَةٌ ۖ جَنَّتَانِ عَنْ يَمِينٍ

فِي	الْعَذَابِ	الْمُهِينِ	لَقَدْ كَانَ	لِسَبَإٍ	فِي	مَسْكَنِهِمْ	آيَةٌ	جَنَّتَانِ	عَنْ يَمِينٍ
میں	عذاب	ذلت	البتہ تھی	(قوم) سبا کے لئے	میں	اُن کی آبادی	ایک نشانی	دو باغ	دائیں سے

ذلت کے عذاب میں۔ البتہ قوم سبا کے لئے ان کی آبادی میں نشانی تھی، دو باغ دائیں

وَشِمَالٍ ۖ كُلُوا مِنْ رِزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوا لَهُ ۚ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ وَرَبٌّ

وَشِمَالٍ	كُلُوا	مِنْ	رِزْقِ رَبِّكُمْ	وَاشْكُرُوا	لَهُ	بَلْدَةٌ	طَيِّبَةٌ	وَرَبٌّ
اور بائیں	تم کھاؤ	سے	اپنے رب کے رزق	اور شکر ادا کرو	اس کا	شہر	پاکیزہ	اور پروردگار

اور بائیں، (ہم نے کہدیا کہ) اپنے پروردگار کے رزق سے کھاؤ، اور اس کا شکر ادا کرو، شہر ہے پاکیزہ، اور پروردگار ہے

غَفُورٌ ﴿۱۵﴾ فَأَعْرَضُوا فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ وَبَدَّلْنَاهُمْ بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ

غَفُورٌ	فَأَعْرَضُوا	فَأَرْسَلْنَا	عَلَيْهِمْ	سَيْلَ الْعَرِمِ	وَبَدَّلْنَاهُمْ	بِجَنَّتَيْهِمْ	جَنَّتَيْنِ
بخشنے والا	پھر انہوں نے منہ موڑ لیا	تو ہم نے بھیجا	ان پر	سیلاب بند (سے رکا ہوا)	اور ہم نے انہیں بدل دیئے	انکے دو باغوں کے بدلے	دو باغ

بخشنے والا۔ پھر انہوں نے منہ موڑ لیا تو ہم نے ان پر (بند توڑ کر) زور کا سیلاب بھیجا اور اُن دو باغوں کے بدلے (اور) دو باغ دیئے

ذَوَاتَيْ أُكُلٍ خَمْطٍ وَأَثْلٍ وَشَيْءٍ مِنْ سِدْرٍ قَلِيلٍ ﴿۱۶﴾ ذَٰلِكَ جَزَيْنَاهُمْ بِمَا

ذَوَاتَيْ	أُكُلٍ	خَمْطٍ	وَأَثْلٍ	وَشَيْءٍ	مِنْ سِدْرٍ	قَلِيلٍ	ذَٰلِكَ	جَزَيْنَاهُمْ	بِمَا
والے	میوہ	بدمزہ	اور جھاڑ	اور کچھ	بیریاں	تھوڑی	یہ	ہم نے انکو سزا دی	اسکے سبب جو

بدمزہ میوہ والے اور اور کچھ جھاڑ، اور تھوڑی سی بیریاں۔ یہ ہم نے انہیں سزا دی اس لئے کہ

كَفَرُوا ۖ وَهَلْ نُجَازِي إِلَّا الْكَفُورَ ﴿۱۷﴾ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْقُرَى الَّتِي

كَفَرُوا	وَهَلْ	نُجَازِي	إِلَّا	الْكَفُورَ	وَجَعَلْنَا	بَيْنَهُمْ	وَبَيْنَ	الْقُرَى	الَّتِي
انہوں نے ناشکری کی	اور نہیں	ہم سزا دیتے	مگر صرف	ناشکرا	اور ہم نے آباد کر دیئے	انکے درمیان	اور درمیان	بستیاں	وہ جنہیں

انہوں نے ناشکری کی اور ہم صرف ناشکرے کو سزا دیتے ہیں۔ اور ہم نے آباد کر دیں ان کے درمیان اور (شام) کی ان بستیوں کے درمیان جنہیں

بَارَكْنَا فِيهَا قُرًى ظَاهِرَةً وَقَدَّرْنَا فِيهَا السَّيْرَ ۖ سِيرُوا فِيهَا لَيَالِيَ وَأَيَّامًا

بَارَكْنَا	فِيهَا	قُرًى	ظَاهِرَةً	وَقَدَّرْنَا	فِيهَا السَّيْرَ	سِيرُوا	فِيهَا	لَيَالِيَ	وَأَيَّامًا
ہم نے برکت دی	اس میں	بستیاں	ایکدوسرے سے متصل	اور ہم نے مقرر کر دیا	ان میں آمدورفت	تم چلو (پھرو)	ان میں	راتوں	اور دنوں

ہم نے برکت دی ہے، ایک دوسرے سے متصل بستیاں، اور ہم نے ان میں آمدورفت مقرر کر دی، کہ تم ان میں چلو پھرو، راتوں اور دنوں

اٰمِنِيْنَ ۝۱۸ فَقَالُوْا رَبَّنَا بٰعِدْ بَيْنَ اَسْفَارِنَا وَظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَجَعَلْنٰهُمْ

اٰمِنِيْنَ	فَقَالُوْا	رَبَّنَا	بٰعِدْ	بَيْنَ اَسْفَارِنَا	وَظَلَمُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	فَجَعَلْنٰهُمْ
امن سے (بے خوف وخطر)	وہ کہنے لگے	اے ہمارے رب	دوری پیدا کردے	ہمارے سفروں کے درمیان	اور انہوں نے ظلم کیا	اپنی جانوں پر	تو ہم نے بنا دیا انہیں

بے خوف وخطر۔ وہ کہنے لگے اے ہمارے پروردگار! ہمارے سفروں کے درمیان دوری پیدا کردے، اور انہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا تو ہم نے انہیں بنا دیا

اَحَادِيْثَ وَمَزَّقْنٰهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ۝۱۹

اَحَادِيْثَ	وَمَزَّقْنٰهُمْ	كُلَّ مُمَزَّقٍ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّكُلِّ صَبَّارٍ	شَكُوْرٍ
افسانے	اور ہم نے انہیں پراگندہ کر دیا	پوری طرح پراگندہ	بیشک	اس میں	نشانیاں	ہر بڑے صبر کرنے والے	شکر گزار

وَالَّذِيْنَ	لَا يَعْلَمُوْنَ	إِنَّمَا	يَتَذَكَّرُ	أُولُوا الْأَلْبَابِ	قُلْ	يٰعِبَادِ	الَّذِيْنَ
اور وہ لوگ	جو علم نہیں رکھتے ہیں	اس کے سوا نہیں	نصیحت قبول کرتے ہیں	عقل والے	فرما دیں	میرے بندو	جو

اور وہ جو علم نہیں رکھتے؟ اس کے سوا نہیں عقل (سلیم) والے ہی نصیحت قبول کرتے ہیں۔ آپؐ فرما دیں، میرے بندو! جو

اٰمَنُوا اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۗ لِلَّذِيْنَ أَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ۗ وَأَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةٌ ۗ

اٰمَنُوْا	اتَّقُوْا	رَبَّكُمْ	لِلَّذِيْنَ	أَحْسَنُوْا	فِيْ	هٰذِهِ الدُّنْيَا	حَسَنَةٌ	وَأَرْضُ اللّٰهِ	وَاسِعَةٌ
ایمان لائے	تم ڈرو	اپنا رب	ان کے لئے جنہوں نے	اچھے کام کئے	میں	اس دنیا	بھلائی	اور اللہ کی زمین	وسیع

ایمان لائے ہو، تم اپنے رب سے ڈرو، جن لوگوں نے اس دنیا میں اچھے کام کئے ان کے لئے بھلائی ہے، اور اللہ کی زمین وسیع ہے،

إِنَّمَا يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ أَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝١٠ قُلْ إِنِّيْٓ أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ اللّٰهَ مُخْلِصًا

إِنَّمَا	يُوَفَّى	الصّٰبِرُوْنَ	أَجْرَهُمْ	بِغَيْرِ حِسَابٍ	قُلْ	إِنِّيْٓ أُمِرْتُ	أَنْ	أَعْبُدَ اللّٰهَ	مُخْلِصًا
اس کے سوا نہیں	پورا بدلہ دیا جائیگا	صبر کرنے والے	ان کا اجر	بے حساب	فرما دیں	بیشک مجھے حکم دیا گیا	کہ	میں اللہ کی عبادت کروں	خالص کر کے

اس کے سوا نہیں کہ صبر کرنیوالوں کو ان کا اجر بے حساب پورا پورا دیا جائے گا۔ آپؐ فرما دیں کہ مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں اللہ کی عبادت کروں خالص کر کے

لَّهُ الدِّيْنَ ۝١١ وَأُمِرْتُ لِأَنْ أَكُوْنَ أَوَّلَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝١٢ قُلْ إِنِّيْٓ أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ

لَّهُ	الدِّيْنَ	وَأُمِرْتُ	لِأَنْ	أَكُوْنَ	أَوَّلَ	الْمُسْلِمِيْنَ	قُلْ	إِنِّيْٓ أَخَافُ	إِنْ	عَصَيْتُ
اسی کے لئے	عبادت	اور مجھے حکم دیا گیا	اس کا	کہ میں ہوں	پہلا	(جمع مسلم۔ فرمانبردار)	فرما دیں	بیشک میں ڈرتا ہوں	اگر	میں نافرمانی کروں

اسی کے لئے عبادت۔ اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ مسلمانوں (فرمانبرداروں) میں پہلا میں ہوں۔ آپؐ فرما دیں، بیشک میں ڈرتا ہوں اگر میں نافرمانی کروں

رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۳﴾ قُلِ اللّٰهَ اَعْبُدُ مُخْلِصًا لَّهٗ دِيْنِيْ ﴿۱۴﴾ فَاعْبُدُوْا مَا شِئْتُمْ

رَبِّيْ	عَذَابَ	يَوْمٍ عَظِيْمٍ	قُلِ اللّٰهَ	اَعْبُدُ	مُخْلِصًا	لَّهٗ	دِيْنِيْ	فَاعْبُدُوْا	مَا شِئْتُمْ
اپنا پروردگار	عذاب	ایک بڑا دن	فرمادیں اللہ	میں عبادت کرتا ہوں	خالص کرکے	اسی کیلئے	اپنی عبادت	پس تم پرستش کرو	جس کی تم چاہو

اپنے پروردگار کی، ایک بڑے دن کے عذاب سے ۔ آپ فرمادیں میں اسی کیلئے اپنی عبادت خالص کرکے اللہ ہی کی عبادت کرتا ہوں ۔ پس تم جس کی چاہو پرستش کرو

مِنْ دُوْنِهٖ قُلْ اِنَّ الْخٰسِرِيْنَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَاَهْلِيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

مِنْ دُوْنِهٖ	قُلْ	اِنَّ	الْخٰسِرِيْنَ	الَّذِيْنَ	خَسِرُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	وَاَهْلِيْهِمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
اس کے سوا	فرمادیں	بیشک	گھاٹا پانے والے	وہ جنہوں نے	گھاٹے میں ڈالا	اپنے آپ کو	اور اپنے گھروالے	روزِ قیامت

اللہ کے سوا، آپ فرمادیں بیشک گھاٹا پانے والے وہ ہیں جنہوں نے اپنے آپ کو اور اپنے گھروالوں کو گھاٹے میں ڈالا روزِ قیامت،

اَلَا ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۵﴾ لَهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ ظُلَلٌ مِّنَ النَّارِ وَمِنْ تَحْتِهِمْ

اَلَا	ذٰلِكَ	هُوَ	الْخُسْرَانُ	الْمُبِيْنُ	لَهُمْ	مِنْ فَوْقِهِمْ	ظُلَلٌ	مِنَ النَّارِ	وَ	مِنْ تَحْتِهِمْ
خوب یاد رکھو	یہ	وہ	گھاٹا	صریح	اُن کیلئے	ان کے اوپر سے	سائبان	آگ کے	اور	ان کے نیچے سے

خوب یاد رکھو! یہی ہے صریح گھاٹا۔ اُن کے لئے ان کے اوپر سے آگ کے سائبان ہوں گے اور ان کے نیچے سے بھی

ظُلَلٌ ذٰلِكَ يُخَوِّفُ اللّٰهُ بِهٖ عِبَادَهٗ يٰعِبَادِ فَاتَّقُوْنِ ﴿۱۶﴾ وَالَّذِيْنَ اجْتَنَبُوا الطَّاغُوْتَ

ظُلَلٌ	ذٰلِكَ	يُخَوِّفُ اللّٰهُ	بِهٖ	عِبَادَهٗ	يٰعِبَادِ	فَاتَّقُوْنِ	وَالَّذِيْنَ	اجْتَنَبُوْا	الطَّاغُوْتَ
سائبان (چادریں)	یہ	ڈراتا ہے اللہ	اس سے	اپنے بندے	اے میرے بندو	پس مجھ سے ڈرو	اور جو لوگ	بچتے رہے	سرکش (شیطان)

(آگ کی) چادریں۔ یہ ہے جس سے اللہ اپنے بندوں کو ڈراتا ہے۔ اے میرے بندو! مجھ ہی سے ڈرو، اور جو لوگ شیطان سے بچتے رہے

اَنْ يَّعْبُدُوْهَا وَاَنَابُوْٓا اِلَى اللّٰهِ لَهُمُ الْبُشْرٰى فَبَشِّرْ عِبَادِ ﴿۱۷﴾ الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ

اَنْ	يَّعْبُدُوْهَا	وَاَنَابُوْٓا	اِلَى اللّٰهِ	لَهُمُ	الْبُشْرٰى	فَبَشِّرْ	عِبَادِ	الَّذِيْنَ	يَسْتَمِعُوْنَ	الْقَوْلَ
کہ	اسکی پرستش کریں	اور انہوں نے رجوع کیا	اللہ کی طرف	انکے لئے	خوشخبری	سو خوشخبری دیں	میرے بندے	وہ جو	سنتے ہیں	بات

کہ اسکی پرستش کریں، اور انہوں نے اللہ کی طرف رجوع کیا، ان کے لئے خوشخبری ہے ۔ سو آپ میرے بندوں کو خوشخبری دیں جو (پوری توجہ) بات سنتے ہیں

فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدٰىهُمُ اللّٰهُ وَاُولٰٓئِكَ هُمْ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۱۸﴾

فَيَتَّبِعُوْنَ	اَحْسَنَهٗ	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	هَدٰىهُمُ اللّٰهُ	وَاُولٰٓئِكَ	هُمْ	اُولُوا الْاَلْبَابِ
پھر پیروی کرتے ہیں	اسکی اچھی باتیں	وہی لوگ	وہ جنہیں	انہیں ہدایت دی اللہ نے	اور یہی لوگ	وہ	عقل والے

پھر اس کی اچھی اچھی باتوں کی پیروی کرتے ہیں، یہی وہ لوگ ہیں جنہیں اللہ نے ہدایت دی، اور یہی لوگ ہیں عقل والے۔

اَفَمَنْ حَقَّ عَلَيْهِ كَلِمَةُ الْعَذَابِ ۭ اَفَاَنْتَ تُنْقِذُ مَنْ فِي النَّارِ ۝۱۹ لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا

اَفَمَنْ	حَقَّ	عَلَيْهِ	كَلِمَةُ	الْعَذَابِ	اَفَاَنْتَ	تُنْقِذُ	مَنْ	فِي النَّارِ	لٰكِنِ	الَّذِيْنَ اتَّقَوْا
کیا۔ تو۔ جو۔ جس	ثابت ہوگیا	اس پر	حکم۔ وعید	عذاب	کیا پس۔ تم	بچالوگے	جو	آگ میں	لیکن	جو لوگ ڈرے

تو کیا جس پر عذاب کی وعید ثابت ہوگئی پس کیا تم اسے بچا لو گے، جو آگ میں (گر گیا)؟ لیکن جو لوگ ڈرے

رَبَّهُمْ لَهُمْ غُرَفٌ مِّنْ فَوْقِهَا غُرَفٌ مَّبْنِيَّةٌ ۙ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ڛ وَعْدَ اللّٰهِ ۭ

رَبَّهُمْ	لَهُمْ	غُرَفٌ	مِنْ فَوْقِهَا	غُرَفٌ	مَبْنِيَّةٌ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	وَعْدَ اللّٰهِ
اپنا رب	انکے لئے	بالاخانے	ان کے اوپر سے	بالاخانے	بنے بنائے	جاری ہیں	ان کے نیچے	نہریں	اللہ کا وعدہ

اپنے رب سے اُن کے لئے بالاخانے ہیں، ان کے اوپر بنے بنائے بالاخانے ہیں، ان کے نیچے نہریں جاری ہیں، اللہ کا وعدہ ہے،

لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ الْمِيْعَادَ ۝۲۰ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً فَسَلَكَهٗ يَنَابِيْعَ فِي الْاَرْضِ

لَا يُخْلِفُ	اللّٰهُ	الْمِيْعَادَ	اَلَمْ تَرَ	اَنَّ اللّٰهَ	اَنْزَلَ	مِنَ السَّمَاۗءِ	مَاۗءً	فَسَلَكَهٗ	يَنَابِيْعَ	فِي الْاَرْضِ
خلاف نہیں کرتا	اللہ	وعدہ	کیا تونے نہیں دیکھا	کہ اللہ	اتارا	آسمان سے	پانی	پھر چلایا اسکو	چشمے	زمین میں

اللہ وعدہ کے خلاف نہیں کرتا، کیا تونے نہیں دیکھا؟ کہ اللہ نے آسمان سے پانی اتارا پھر اُسے چشمے (بناکر) زمین میں چلایا،

ثُمَّ يُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَجْعَلُهٗ حُطَامًا ۭ

ثُمَّ	يُخْرِجُ	بِهٖ	زَرْعًا	مُّخْتَلِفًا	اَلْوَانُهٗ	ثُمَّ يَهِيْجُ	فَتَرٰىهُ	مُصْفَرًّا	ثُمَّ يَجْعَلُهٗ	حُطَامًا
پھر	وہ نکالتا ہے	اس سے	کھیتی	مختلف	اس کے رنگ	پھر وہ خشک ہو جاتی ہے	پھر تو دیکھے اسے	زرد	پھر وہ کر دیتا ہے اسے	چورا چورا

پھر اس سے مختلف رنگوں کی کھیتی نکالتا ہے، پھر وہ خشک ہو جاتی ہے، پھر تو اسے زرد دیکھتا ہے، پھر وہ اسے چورا چورا کر دیتا ہے،

۲ ع ۱۲ ۱۶

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ۝۲۱ اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ

اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَذِكْرٰى	لِاُولِي الْاَلْبَابِ	اَفَمَنْ	شَرَحَ اللّٰهُ	صَدْرَهٗ	لِلْاِسْلَامِ	فَهُوَ
بیشک	اس میں	البتہ نصیحت	عقل والوں کے لئے	کیا۔ پس۔ جس	اللہ نے کھول دیا	اس کا سینہ	اسلام کے لئے	تو وہ

بیشک اس میں البتہ نصیحت ہے عقل والوں کے لئے۔ پس کیا جس کا سینہ اللہ نے اسلام کے لئے کھول دیا تو وہ

عَلٰي نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ فَوَيْلٌ لِّلْقٰسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ فِيْ ضَلٰلٍ

عَلٰي	نُوْرٍ	مِنْ رَّبِّهٖ	فَوَيْلٌ	لِلْقٰسِيَةِ	قُلُوْبُهُمْ	مِنْ	ذِكْرِ اللّٰهِ	اُولٰۗىِٕكَ	فِيْ	ضَلٰلٍ
پر	نور	اپنے رب کی طرف سے	سو خرابی	ان کے لئے سخت	ان کے دل	سے	اللہ کی یاد	یہی لوگ	میں	گمراہی

اپنے رب کی طرف سے نور پر ہے (کیا وہ اور سنگدل برابر ہیں)، سو خرابی ہے ان کے لئے جن کے دل اللہ کی یاد سے سخت ہیں، یہی لوگ گمراہی میں ہیں

مُّبِيْنٍ ﴿۲۲﴾ اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ ۖ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ

مُّبِيْنٍ	اَللّٰهُ	نَزَّلَ	اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ	كِتٰبًا	مُّتَشَابِهًا	مَّثَانِيَ	تَقْشَعِرُّ	مِنْهُ
کھلی	اللہ	نازل کیا	بہترین کلام	ایک کتاب	ملتی جلتی (آیات والی)	دہرائی گئی	بال کھڑے ہو جاتے ہیں	اس سے

کھلی۔ اللہ نے بہترین کلام نازل کیا (یعنی) ایک کتاب جس کی آیتیں ملتی جلتی، بار بار دہرائی گئی ہیں، اس سے بال (رونگٹے) کھڑے ہو جاتے ہیں

جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ۚ ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ۭ

جُلُوْدُ	الَّذِيْنَ	يَخْشَوْنَ	رَبَّهُمْ	ثُمَّ	تَلِيْنُ	جُلُوْدُهُمْ	وَقُلُوْبُهُمْ	اِلٰى	ذِكْرِ اللّٰهِ
جلدیں	جو لوگ	وہ ڈرتے ہیں	اپنا رب	پھر	نرم ہو جاتی ہیں	ان کی جلدیں	اور انکے دل	طرف	اللہ کی یاد

ان لوگوں کی جلدوں پر جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں، پھر ان کی جلدیں اور ان کے دل نرم ہو جاتے ہیں اللہ کی یاد کی طرف (راغب ہوتے ہیں)

ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۲۳﴾

ذٰلِكَ	هُدَى اللّٰهِ	يَهْدِيْ بِهٖ	مَنْ يَّشَاۗءُ	وَمَنْ	يُّضْلِلِ اللّٰهُ	فَمَا	لَهٗ	مِنْ هَادٍ
یہ	اللہ کی ہدایت	ہدایت دیتا ہے اس سے	جسے وہ چاہتا ہے	اور جو۔جس	گمراہ کرتا ہے اللہ	تو نہیں	اس کے لئے	کوئی ہدایت دینے والا

یہ ہے اللہ کی ہدایت، اس سے اللہ جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے، اور جسے اللہ گمراہ کرے اس کے لئے کوئی ہدایت دینے والا نہیں۔

اَفَمَنْ يَّتَّقِيْ بِوَجْهِهٖ سُوْۗءَ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ وَقِيْلَ لِلظّٰلِمِيْنَ ذُوْقُوْا مَا

اَفَمَنْ	يَّتَّقِيْ	بِوَجْهِهٖ	سُوْۗءَ الْعَذَابِ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	وَقِيْلَ	لِلظّٰلِمِيْنَ	ذُوْقُوْا	مَا
کیا۔پس۔جو	بچاتا ہے	اپنا چہرہ	برے عذاب سے	قیامت کے دن	اور کہا جائے گا	ظالموں کو	تم چکھو	جو

پس کیا جو شخص قیامت کے دن اپنے چہرے کو برے عذاب سے بچاتا ہے (داخل جنت کے برابر ہو سکتا ہے؟) اور ظالموں کو کہا جائے گا تم (اس کا مزہ) چکھو جو

كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿۲۴﴾ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ

كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ	كَذَّبَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	فَاَتٰىهُمُ	الْعَذَابُ	مِنْ حَيْثُ
تم کماتے (کرتے) تھے	جھٹلایا	جو لوگ	ان سے پہلے	تو ان پر آگیا	عذاب	جہاں سے

تم کماتے تھے۔ جو لوگ ان سے پہلے تھے انہوں نے جھٹلایا تو ان پر عذاب آ گیا جہاں سے

لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۲۵﴾ فَاَذَاقَهُمُ اللّٰهُ الْخِزْيَ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ

لَا يَشْعُرُوْنَ	فَاَذَاقَهُمُ	اللّٰهُ	الْخِزْيَ	فِي	الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا	وَلَعَذَابُ	الْاٰخِرَةِ
انہیں خیال نہ تھا	پس چکھایا انہیں	اللہ	رسوائی	میں	زندگی	دنیا	اور البتہ عذاب	آخرت

انہیں خیال (بھی) نہ تھا۔ پس اللہ نے انہیں دنیا کی زندگی میں رسوائی (کا مزہ) چکھایا، اور البتہ آخرت کا عذاب

أَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ﴿٢٦﴾ وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِي هَٰذَا الْقُرْآنِ مِن كُلِّ

مِن كُلِّ	هَٰذَا الْقُرْآنِ	فِي	لِلنَّاسِ	وَلَقَدْ ضَرَبْنَا	كَانُوا يَعْلَمُونَ	لَوْ	أَكْبَرُ
ہر قسم کی	اس قرآن	میں	لوگوں کے لئے	اور تحقیق ہم نے بیان کی	وہ جانتے ہوتے	کاش	بہت ہی بڑا

بہت ہی بڑا ہے، کاش وہ جانتے ہوتے اور تحقیق ہم نے اس قرآن میں لوگوں کے لئے بیان کی ہر قسم کی

مَثَلٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ﴿٢٧﴾ قُرْآنًا عَرَبِيًّا غَيْرَ ذِي عِوَجٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ﴿٢٨﴾

يَتَّقُونَ	لَّعَلَّهُمْ	غَيْرَ ذِي عِوَجٍ	عَرَبِيًّا	قُرْآنًا	يَتَذَكَّرُونَ	لَّعَلَّهُمْ	مَثَلٍ
پرہیزگاری اختیار کریں	تاکہ وہ	کسی کجی کے بغیر	عربی	قرآن	نصیحت پکڑیں	تاکہ وہ	مثال

مثال تاکہ وہ نصیحت پکڑیں۔ قرآن عربی (زبان میں) ہے، کسی (بھی) کجی کے بغیر، تاکہ وہ پرہیزگاری اختیار کریں۔

ضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا رَّجُلًا فِيهِ شُرَكَاءُ مُتَشَاكِسُونَ وَرَجُلًا سَلَمًا لِّرَجُلٍ

لِّرَجُلٍ	سَلَمًا	وَرَجُلًا	مُتَشَاكِسُونَ	شُرَكَاءُ	فِيهِ	رَجُلًا	مَثَلًا	ضَرَبَ اللَّهُ
ایک آدمی	سالم (خالص)	اور ایک آدمی	آپس میں ضدی	کئی شریک	اس میں	ایک آدمی	ایک مثال	بیان کی اللہ نے

اللہ نے ایک مثال بیان کی ہے، ایک آدمی (غلام) ہے اس میں کئی (آقا) شریک ہیں جو آپس میں ضدی (جھگڑالو) ہیں اور ایک آدمی ایک آدمی کا (غلام) ہے،

هَلْ يَسْتَوِيَانِ مَثَلًا ۚ الْحَمْدُ لِلَّهِ ۚ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٢٩﴾ إِنَّكَ مَيِّتٌ وَإِنَّهُم

وَإِنَّهُم	مَيِّتٌ	إِنَّكَ	لَا يَعْلَمُونَ	أَكْثَرُهُمْ	بَلْ	لِلَّهِ	الْحَمْدُ	مَثَلًا	يَسْتَوِيَانِ	هَلْ
اور بیشک وہ	مرنے والے	بیشک تم	علم نہیں رکھتے	ان میں اکثر	بلکہ	اللہ کے لئے	تمام تعریفیں	مثال (حالت)	دونوں کی برابر ہے	کیا

کیا دونوں کی حالت برابر ہے؟ تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں بلکہ ان میں سے اکثر علم نہیں رکھتے۔ بیشک تم مرنے (انتقال کرنے والے ہو) اور وہ (بھی)

مَّيِّتُونَ ﴿٣٠﴾ ثُمَّ إِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عِندَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُونَ ﴿٣١﴾

تَخْتَصِمُونَ	رَبِّكُمْ	عِندَ	يَوْمَ الْقِيَامَةِ	إِنَّكُمْ	ثُمَّ	مَّيِّتُونَ
تم جھگڑو گے	اپنا رب	پاس	قیامت کے دن	بیشک تم	پھر	مرنے والے

مرنے والے ہیں۔ پھر بیشک تم قیامت کے دن اپنے رب کے پاس جھگڑو گے۔

فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ وَكَذَّبَ بِالصِّدْقِ اِذْ جَآءَهٗ ؕ

جَآءَهٗ	اِذْ	بِالصِّدْقِ	وَكَذَّبَ	اللّٰهِ	عَلَى	كَذَبَ	مِمَّنْ	اَظْلَمُ	فَمَنْ
وہ اسکے پاس آئی	جب	سچائی کو	اور اس نے جھٹلایا	اللہ	پر	جھوٹ باندھا	سے جس	بڑا ظالم	پس کون

پس اس سے بڑا ظالم کون؟ جس نے اللہ پر جھوٹ باندھا، اور سچائی کو جھٹلایا، جب وہ اس کے پاس آئی

اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۳۲﴾ وَالَّذِيْ جَآءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖٓ

بِهٖٓ	وَصَدَّقَ	بِالصِّدْقِ	جَآءَ	وَالَّذِيْ	لِّلْكٰفِرِيْنَ	مَثْوًى	فِيْ جَهَنَّمَ	اَلَيْسَ
اس کو	اس نے اور سچا مانا	سچائی کے ساتھ	آیا	اور جو شخص	کافروں کے لئے	ٹھکانا	جہنم میں	کیا نہیں

کیا کافروں کا ٹھکانا جہنم میں نہیں؟ اور جو شخص سچائی کے ساتھ آیا اور اس نے اس کو سچا مانا

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿۳۳﴾ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا

جَزٰٓؤُا	ذٰلِكَ	رَبِّهِمْ	عِنْدَ	مَا يَشَآءُوْنَ	لَهُمْ	الْمُتَّقُوْنَ	هُمُ	اُولٰٓئِكَ
جزا	یہ	ان کا رب	ہاں، پاس	جو وہ چاہیں گے	ان کے لئے	(جمع) متقی	وہ	یہی لوگ

یہی لوگ متقی (پرہیزگار) ہیں۔ ان کیلئے ہے ان کے رب کے ہاں جو (بھی) وہ چاہیں گے، یہ جزا ہے

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳۴﴾ لِيُكَفِّرَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَسْوَاَ الَّذِيْ عَمِلُوْا وَيَجْزِيَهُمْ اَجْرَهُمْ

اَجْرَهُمْ	وَيَجْزِيَهُمْ	عَمِلُوْا	الَّذِيْ	اَسْوَاَ	عَنْهُمْ	اللّٰهُ	لِيُكَفِّرَ	الْمُحْسِنِيْنَ
ان کا ثواب	اور انہیں جزا دے	انہوں نے کئے (اعمال)	وہ جو	برائی	ان سے	اللہ	تاکہ دُور کردے	(جمع) نیکوکاروں

نیکوکاروں کی۔ تاکہ اللہ اُن سے ان کے اعمال کی برائی دُور کردے اور انہیں اُن کے ثواب کی جزا دے

بِاَحْسَنِ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۳۵﴾ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ ؕ وَيُخَوِّفُوْنَكَ

وَيُخَوِّفُوْنَكَ	عَبْدَهٗ	بِكَافٍ	اللّٰهُ	اَلَيْسَ	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	الَّذِيْ	بِاَحْسَنِ
اور وہ خوف دلاتے ہیں آپ کو	اپنے بندے کو	کافی	اللہ	کیا نہیں	وہ کرتے تھے	وہ جو	بہترین (اعمال)

ان کے بہترین اعمال کی جو وہ کرتے تھے۔ کیا اللہ اپنے (بندے کو) کافی نہیں؟ وہ آپ کو ڈراتے ہیں

بِالَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۳۶﴾ وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ

يَّهْدِ اللّٰهُ	وَمَنْ	هَادٍ	مِنْ	فَمَا لَهٗ	اللّٰهُ	يُّضْلِلِ	وَمَنْ	مِنْ دُوْنِهٖ	بِالَّذِيْنَ
اللہ ہدایت دے	اور جس	ہدایت دینے والا	کوئی	تو نہیں اسکے لئے	اللہ	گمراہ کردے	اور جس	اس کے سوا	ان سے جو

اُن (جھوٹے معبودوں) سے جو اس کے سوا ہیں، اور جس کو اللہ گمراہ کردے تو اس کو کوئی ہدایت دینے والا نہیں۔ اور جس کو اللہ ہدایت دے

فَمَا لَهٗ مِنْ مُّضِلٍّ ؕ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِعَزِيْزٍ ذِي انْتِقَامٍ ﴿۳۷﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ

فَمَا	لَهٗ	مِنْ	مُّضِلٍّ	اَلَيْسَ	اللّٰهُ	بِعَزِيْزٍ	ذِي انْتِقَامٍ	وَلَئِنْ	سَاَلْتَهُمْ
تو نہیں	اس کیلئے	کوئی	گمراہ کرنیوالا	کیا نہیں	اللہ	غالب	بدلہ لینے والا	اور اگر	تم پوچھو اُن سے

تو اُس کو کوئی گمراہ کرنے والا نہیں، کیا اللہ غالب، بدلہ لینے والا نہیں؟ اور اگر آپ اُن سے پوچھیں

مَنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلْ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ

مَنْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	لَيَقُوْلُنَّ	اللّٰهُ	قُلْ	اَفَرَءَيْتُمْ	مَا تَدْعُوْنَ	مِنْ
کون۔کسی	پیدا کیا	آسمانوں	اور زمین	تو وہ ضرور کہیں گے	اللہ	فرما دیں	کیا پس دیکھا تم نے	جنکی تم پرستش کرتے ہو	سے

آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا ہے؟ تو وہ ضرور کہیں گے "اللہ نے" آپ فرما دیں پس کیا تم نے دیکھا (دیکھو تو) تم جن کی پرستش کرتے ہو

دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَنِيَ اللّٰهُ بِضُرٍّ هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖٓ اَوْ اَرَادَنِيْ بِرَحْمَةٍ

دُوْنِ اللّٰهِ	اِنْ	اَرَادَنِيَ	اللّٰهُ	بِضُرٍّ	هَلْ	هُنَّ	كٰشِفٰتُ	ضُرِّهٖٓ	اَوْ	اَرَادَنِيْ	بِرَحْمَةٍ
اللہ کے سوا	اگر	چاہے میرے لئے	اللہ	کوئی ضرر	کیا	وہ سب	دُور کرنیوالے	اس کا ضرر	یا	وہ چاہے میرے لئے	کوئی مہربانی

اللہ کے سوا اگر اللہ میرے لئے کوئی ضرر چاہے تو کیا وہ سب اس کا ضرر دُور کر سکتے ہیں؟ یا وہ میرے لئے کوئی مہربانی چاہے

هَلْ هُنَّ مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ ؕ قُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ؕ عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۳۸﴾

هَلْ	هُنَّ	مُمْسِكٰتُ	رَحْمَتِهٖ	قُلْ	حَسْبِيَ اللّٰهُ	عَلَيْهِ	يَتَوَكَّلُ	الْمُتَوَكِّلُوْنَ
کیا	وہ سب	روکنے والے	اس کی مہربانی	فرما دیں	کافی ہے میرے لئے اللہ	اس پر	بھروسہ کرتے ہیں	بھروسہ کرنے والے

کیا وہ سب اس کی مہربانی روک سکتے ہیں؟ آپ فرما دیں میرے لئے اللہ کافی ہے، بھروسہ کرنے والے اسی پر بھروسہ کرتے ہیں۔

قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾ مَنْ يَّاْتِيْهِ

قُلْ	يٰقَوْمِ	اعْمَلُوْا	عَلٰى	مَكَانَتِكُمْ	اِنِّيْ	عَامِلٌ	فَسَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ	مَنْ	يَّاْتِيْهِ
فرما دیں	اے میری قوم	تم کام کئے جاؤ	پر	اپنی جگہ	بیشک میں	کام کرتا ہوں	پس عنقریب	تم جان لوگے	کون	آتا ہے اسی پر

آپ فرما دیں، اے میری قوم تم اپنی جگہ کام کئے جاؤ بیشک میں (اپنا) کام کرتا ہوں، پس عنقریب تم جان لوگے کون ہے؟ جس پر آتا ہے

عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿۴۰﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ لِلنَّاسِ

عَذَابٌ	يُّخْزِيْهِ	وَيَحِلُّ	عَلَيْهِ	عَذَابٌ	مُّقِيْمٌ	اِنَّآ اَنْزَلْنَا	عَلَيْكَ	الْكِتٰبَ	لِلنَّاسِ
عذاب	رسوا کر دے اس کو	اور اُترتا ہے	اس پر	عذاب	دائمی	بیشک ہم نے نازل کی	آپ پر	کتاب	لوگوں کے لئے

عذاب کہ اسے رسوا کر دے اور (کون ہے) جس پر دائمی عذاب اترتا ہے؟ بیشک ہم نے آپ پر لوگوں کی ہدایت کے لئے کتاب نازل کی

بِالْحَقِّ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَمَآ اَنْتَ

بِالْحَقِّ	فَمَنِ	اهْتَدٰى	فَلِنَفْسِهٖ	وَمَنْ	ضَلَّ	فَاِنَّمَا	يَضِلُّ	عَلَيْهَا	وَمَا	اَنْتَ
حق کے ساتھ	پس جس	ہدایت پائی	تو اپنی ذات کیلئے	اور جو	گمراہ ہوا	تو اسکے سوا نہیں	وہ گمراہ ہوتا ہے	اپنے لئے	اور نہیں	آپ

حق کے ساتھ، پس جس نے ہدایت پائی تو اپنی ذات کیلئے، اور جو گمراہ ہوا تو اس کے سوا نہیں کہ وہ اپنے لئے گمراہ ہوتا ہے، اور آپ نہیں

۴ ع ۱۰ ۱

عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۴۱﴾ اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ

عَلَيْهِمْ	بِوَكِيْلٍ	اَللّٰهُ	يَتَوَفَّى	الْاَنْفُسَ	حِيْنَ	مَوْتِهَا	وَالَّتِيْ	لَمْ تَمُتْ
ان پر	نگہبان	اللہ	قبض کرتا ہے	(جمع) جان، روح	وقت	اس کی موت	اور جو	نہ مرے

ان پر نگہبان (ذمہ دار)۔ اللہ روح کو اس کی موت کے وقت قبض کرتا ہے، اور جو نہ مرے

فِيْ مَنَامِهَا ۚ فَيُمْسِكُ الَّتِيْ قَضٰى عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ الْاُخْرٰٓى اِلٰٓى

فِيْ	مَنَامِهَا	فَيُمْسِكُ	الَّتِيْ	قَضٰى	عَلَيْهَا	الْمَوْتَ	وَيُرْسِلُ	الْاُخْرٰى	اِلٰى
میں	اپنی نیند	تو روک لیتا ہے	وہ جس	فیصلہ کیا	اس پر	موت	وہ چھوڑ دیتا ہے	دوسروں کو	تک

اپنی نیند میں، تو جس کی موت کا فیصلہ کیا تو اس کو (نیند کی صورت میں ہی) روک لیتا ہے اور دوسروں کو (زندہ رہنے کے لئے) چھوڑ دیتا ہے

اَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۴۲﴾ اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

اَجَلٍ	مُّسَمًّى	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّقَوْمٍ	يَّتَفَكَّرُوْنَ	اَمِ	اتَّخَذُوْا	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
ایک وقت	مقررہ	بیشک	اس میں	البتہ نشانیاں	لوگوں کے لئے	غور و فکر کرتے ہیں	کیا	انہوں نے بنا لیا	اللہ کے سوا

ایک مقررہ وقت "تک"، بیشک اس میں ان لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں جو غور و فکر کرتے ہیں۔ کیا انہوں نے اللہ کے سوا بنا لئے ہیں

شُفَعَآءَ ۭ قُلْ اَوَلَوْ كَانُوْا لَا يَمْلِكُوْنَ شَيْـًٔا وَّلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۴۳﴾ قُلْ لِّلّٰهِ الشَّفَاعَةُ

شُفَعَآءَ	قُلْ	اَوَ لَوْ	كَانُوْا لَا يَمْلِكُوْنَ	شَيْـًٔا	وَ	لَا يَعْقِلُوْنَ	قُلْ	لِّلّٰهِ	الشَّفَاعَةُ
شفاعت کرنیوالے	فرما دیں	یا اگر	وہ نہ اختیار رکھتے ہوں	کچھ	اور	نہ وہ سمجھ رکھتے ہوں	فرما دیں	اللہ کیلئے	شفاعت

شفاعت (سفارش) کرنے والے؟ آپ فرما دیں (اس صورت میں بھی) کہ وہ کچھ بھی اختیار نہ رکھتے ہوں اور نہ سمجھ رکھتے ہوں؟ آپ فرما دیں اللہ ہی کے (اختیار میں) ہے

جَمِيْعًا ۭ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَاِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ

جَمِيْعًا	لَهٗ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	ثُمَّ	اِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ	وَاِذَا	ذُكِرَ اللّٰهُ
تمام	اسی کے لئے	بادشاہت	آسمانوں	اور زمین	پھر	اس کی طرف	تم لوٹو گے	اور جب	ذکر کیا جاتا ہے اللہ

تمام شفاعت، اسی کے لئے ہے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت، پھر اس کی طرف تم لوٹو گے۔ اور جب ذکر کیا جاتا ہے اللہ

وَحْدَهُ اشْمَأَزَّتْ قُلُوبُ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ وَإِذَا ذُكِرَ الَّذِينَ مِنْ دُونِهِ

وَحْدَهُ	اشْمَأَزَّتْ	قُلُوبُ	الَّذِينَ	لَا يُؤْمِنُونَ	بِالْآخِرَةِ	وَإِذَا	ذُكِرَ	الَّذِينَ	مِنْ دُونِهِ
ایک ۔ واحد	متنفر ہو جاتے ہیں	دل	وہ لوگ جو	ایمان نہیں رکھتے	آخرت پر	اور جب	ذکر کیا جاتا ہے	ان کا جو	اس کے سوا

واحد کا، تو جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اُن کے دل متنفر ہو جاتے ہیں، اور جب اُن کا ذکر کیا جاتا ہے جو اس کے سوا ہیں (یعنی اوروں کا)

إِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُونَ ﴿۴۵﴾ قُلِ اللَّهُمَّ فَاطِرَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ

إِذَا	هُمْ	يَسْتَبْشِرُونَ	قُلِ	اللَّهُمَّ	فَاطِرَ	السَّمَاوَاتِ	وَالْأَرْضِ	عَالِمَ	الْغَيْبِ
تو فوراً	وہ	خوش ہو جاتے ہیں	فرما دیں	اے اللہ	پیدا کرنیوالا	آسمانوں	اور زمین	اور جاننے والا	پوشیدہ

تو فوراً خوش ہو جاتے ہیں ۔ آپؐ فرما دیں اے اللہ! پیدا کرنے والے آسمانوں کے اور زمین کے، جاننے والے پوشیدہ

وَالشَّهَادَةِ أَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِي مَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ﴿۴۶﴾ وَلَوْ

وَالشَّهَادَةِ	أَنْتَ	تَحْكُمُ	بَيْنَ	عِبَادِكَ	فِي مَا	كَانُوا	فِيهِ	يَخْتَلِفُونَ	وَلَوْ
اور ظاہر	تو	تو فیصلہ کرے گا	درمیان	اپنے بندے	اس میں جو	وہ تھے	اس میں	اختلاف کرتے	اور اگر

اور ظاہر کے، تو اپنے بندوں کے درمیان (اس امر میں) فیصلہ کرے گا، جس میں وہ اختلاف کرتے تھے ۔ اور اگر

أَنَّ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا وَمِثْلَهُ مَعَهُ لَافْتَدَوْا بِهِ مِنْ سُوءِ

أَنَّ	لِلَّذِينَ	ظَلَمُوا	مَا فِي الْأَرْضِ	جَمِيعًا	وَمِثْلَهُ	مَعَهُ	لَافْتَدَوْا	بِهِ	مِنْ	سُوءِ
ہو	ان کے لئے جنہوں نے	ظلم کیا	اور جو کچھ زمین میں	سب کا سب	اور اتنا ہی	اسکے ساتھ	بدلہ میں دیں	اس کو	سے	بُرے

جن لوگوں نے (کفر و شرک کر کے) ظلم کیا جو کچھ زمین میں ہے سب کا سب اور اس کے ساتھ اُتنا ہی (اور بھی) اُن کے پاس ہو تو وہ بدلے میں دے دیں

الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ وَبَدَا لَهُمْ مِنَ اللَّهِ مَا لَمْ يَكُونُوا يَحْتَسِبُونَ ﴿۴۷﴾

الْعَذَابِ	يَوْمَ الْقِيَامَةِ	وَبَدَا لَهُمْ	مِنَ اللَّهِ	مَا	لَمْ يَكُونُوا	يَحْتَسِبُونَ
عذاب	روزِ قیامت	اور ظاہر ہو جائیگا ان پر	اللہ کی طرف سے	جو	نہ تھے وہ	گمان کرتے

روزِ قیامت بُرے عذاب سے (چھڑانے کے لئے) اور اللہ کی طرف سے ان پر ظاہر ہو جائے گا جس کا وہ گمان (بھی) نہ کرتے تھے ۔

وَبَدَا لَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا كَسَبُوا وَحَاقَ بِهِمْ مَا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ﴿۴۸﴾

وَبَدَا لَهُمْ	سَيِّئَاتُ	مَا كَسَبُوا	وَحَاقَ	بِهِمْ	مَا	كَانُوا	بِهِ	يَسْتَهْزِئُونَ
اور ظاہر ہو جائیں ان پر	بُرے کام	جو وہ کرتے تھے	اور گھیر لے	ان کو	جو	وہ تھے	اس کا	مذاق اُڑاتے

اور اُن پر بُرے کام ظاہر ہو جائیں جو وہ کرتے تھے اور وہ (عذاب) ان کو گھیر لے گا، جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے ۔

فَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا ثُمَّ اِذَا خَوَّلْنٰهُ نِعْمَةً مِّنَّا قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ

اُوْتِيْتُهٗ	اِنَّمَا	قَالَ	مِّنَّا	نِعْمَةً	خَوَّلْنٰهُ	اِذَا	ثُمَّ	دَعَانَا	ضُرٌّ	الْاِنْسَانَ	مَسَّ	فَاِذَا
مجھے دی گئی ہے	یہ تو	وہ کہتا ہے	اپنی طرف سے	کوئی نعمت	ہم عطا کرتے ہیں اسکو	جب	پھر	وہ ہمیں پکارتا ہے	کوئی تکلیف	انسان	پہنچتی ہے	پھر جب

پھر جب انسان کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ ہمیں پکارتا ہے، پھر جب اسکو ہم اپنی طرف سے کوئی نعمت عطا کرتے ہیں تو وہ کہتا ہے یہ تو مجھے دیا گیا ہے

عَلٰى عِلْمٍ ؕ بَلْ هِىَ فِتْنَةٌ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۹﴾ قَدْ قَالَهَا الَّذِيْنَ

الَّذِيْنَ	قَدْ قَالَهَا	لَا يَعْلَمُوْنَ	اَكْثَرَهُمْ	وَلٰكِنَّ	فِتْنَةٌ	بَلْ هِىَ	عِلْمٍ	عَلٰى
جو لوگ	یقیناً یہ کہا تھا	جانتے نہیں	ان میں اکثر	اور لیکن	ایک آزمائش	بلکہ یہ	علم	پر

(میرے) علم (کی بنا) پر (نہیں)، بلکہ یہ ایک آزمائش ہے، لیکن اکثر لوگ جانتے نہیں - یقیناً یہ ان لوگوں نے (بھی) کہا تھا جو

مِنْ قَبْلِهِمْ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۵۰﴾ فَاَصَابَهُمْ سَيِّاٰتُ

سَيِّاٰتُ	فَاَصَابَهُمْ	كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ	مَّا	عَنْهُمْ	اَغْنٰى	فَمَآ	قَبْلِهِمْ	مِنْ
برائیاں	پس انہیں پہنچیں	وہ کرتے تھے	جو	ان سے	تو وہ نہ دور کیا		ان سے پہلے	سے

ان سے پہلے تھے تو جو وہ کرتے تھے اس نے ان سے (عذاب کو) دُور نہ کیا - پس انہیں پہنچیں (آن پڑیں) برائیاں

مَا كَسَبُوْا ؕ وَالَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ هٰٓؤُلَآءِ سَيُصِيْبُهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا ؕ وَمَا هُمْ

وَمَا هُمْ	مَا كَسَبُوْا	سَيِّاٰتُ	سَيُصِيْبُهُمْ	هٰٓؤُلَآءِ مِنْ	وَالَّذِيْنَ ظَلَمُوْا	مَا كَسَبُوْا
اور وہ نہیں	جو انہوں نے کمایا	برائیاں	جلد پہنچیں گی انہیں	ان میں سے	اور جن لوگوں نے ظلم کیا	جو انہوں نے کمائی

جو انہوں نے کمائی تھیں، اور ان میں سے جن لوگوں نے ظلم کیا جلد انہیں پہنچیں گی (ان پر آ پڑیں گی) برائیاں جو انہوں کمائی ہیں، اور وہ نہیں ہیں

بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۵۱﴾ اَوَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ؕ

وَيَقْدِرُ	يَّشَآءُ	لِمَنْ	الرِّزْقَ	يَبْسُطُ	اَنَّ اللّٰهَ	لَمْ يَعْلَمُوْٓا	اَوَ	بِمُعْجِزِيْنَ
اور تنگ کر دیتا ہے	وہ چاہتا ہے	جس کے لئے	رزق	فراخ کرتا ہے	کہ اللہ	وہ نہیں جانتے	یا	عاجز کرنے والے

(اللہ کو) عاجز کرنے والے۔ کیا وہ نہیں جانتے کہ اللہ جس کے لئے چاہتا ہے رزق فراخ کر دیتا ہے (اور جس کے لئے چاہتا ہے) تنگ کر دیتا ہے

اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۲﴾ قُلْ يٰعِبَادِىَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا

اَسْرَفُوْا	الَّذِيْنَ	يٰعِبَادِىَ	قُلْ	يُّؤْمِنُوْنَ	لِّقَوْمٍ	لَاٰيٰتٍ	فِىْ ذٰلِكَ	اِنَّ
زیادتی کی	وہ جنہوں نے	اے میرے بندو	فرمادیں	وہ ایمان لائے	ان لوگوں کے لئے	نشانیاں	اس میں	بیشک

بیشک اس میں ان لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں جو ایمان لائے - آپ فرمادیں اے میرے بندو! جنہوں نے زیادتی کی ہے

عَلٰۤی اَنۡفُسِهِمۡ لَا تَقۡنَطُوۡا مِنۡ رَّحۡمَةِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ یَغۡفِرُ الذُّنُوۡبَ جَمِیۡعًا ؕ

عَلٰۤی	اَنۡفُسِهِمۡ	لَا تَقۡنَطُوۡا	مِنۡ	رَّحۡمَةِ اللّٰهِ	اِنَّ اللّٰهَ	یَغۡفِرُ	الذُّنُوۡبَ	جَمِیۡعًا
پر	اپنی جانیں	مایوس نہ ہو	سے	اللہ کی رحمت	بیشک اللہ	بخش دیتا ہے	گناہ (جمع)	سب

اپنی جانوں پر، اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو، بے شک اللہ سب گناہ بخش دیتا ہے،

اِنَّهٗ هُوَ الۡغَفُوۡرُ الرَّحِیۡمُ ﴿۵۳﴾ وَ اَنِیۡبُوۡۤا اِلٰی رَبِّکُمۡ وَ اَسۡلِمُوۡا لَهٗ مِنۡ قَبۡلِ

اِنَّهٗ	هُوَ	الۡغَفُوۡرُ	الرَّحِیۡمُ	وَ اَنِیۡبُوۡۤا	اِلٰی	رَبِّکُمۡ	وَ اَسۡلِمُوۡا لَهٗ	مِنۡ قَبۡلِ
بیشک وہ	وہی	بخشنے والا	مہربان	اور رجوع کرو	طرف	اپنا رب	اور فرمانبردار ہوجاؤ اسکے	اس سے قبل

بے شک وہی بخشنے والا، مہربان ہے۔ اور اپنے رب کی طرف رجوع کرو، اور اس کے فرمانبردار ہو جاؤ، اس سے قبل

اَنۡ یَّاۡتِیَکُمُ الۡعَذَابُ ثُمَّ لَا تُنۡصَرُوۡنَ ﴿۵۴﴾ وَ اتَّبِعُوۡۤا اَحۡسَنَ مَاۤ اُنۡزِلَ اِلَیۡکُمۡ

اَنۡ	یَّاۡتِیَکُمُ	الۡعَذَابُ	ثُمَّ	لَا تُنۡصَرُوۡنَ	وَ اتَّبِعُوۡۤا	اَحۡسَنَ	مَاۤ اُنۡزِلَ	اِلَیۡکُمۡ
کہ	تم پر آئے	عذاب	پھر	تم مدد نہ کئے جاؤ	اور پیروی کرو	سب سے بہتر	جو نازل کی گئی	تمہاری طرف

کہ تم پر عذاب آ جائے، پھر تم مدد نہ کئے جاؤ گے۔ اور پیروی کرو سب سے بہتر (کتاب کی) جو تمہاری طرف نازل کی گئی ہے

مِّنۡ رَّبِّکُمۡ مِّنۡ قَبۡلِ اَنۡ یَّاۡتِیَکُمُ الۡعَذَابُ بَغۡتَةً وَّ اَنۡتُمۡ لَا تَشۡعُرُوۡنَ ﴿۵۵﴾ ۙ

مِّنۡ	رَّبِّکُمۡ	مِّنۡ قَبۡلِ	اَنۡ یَّاۡتِیَکُمُ	الۡعَذَابُ	بَغۡتَةً	وَّ اَنۡتُمۡ	لَا تَشۡعُرُوۡنَ
سے	تمہارا رب	اس سے قبل	کہ تم پر آئے	عذاب	اچانک	اور تم	تم کو خبر نہ ہو

تمہارے رب کی طرف سے، اس سے قبل کہ تم پر اچانک عذاب آ جائے اور تمہیں خبر بھی نہ ہو۔

اَنۡ تَقُوۡلَ نَفۡسٌ یّٰحَسۡرَتٰی عَلٰی مَا فَرَّطۡتُّ فِیۡ جَنۡۢبِ اللّٰهِ وَ اِنۡ کُنۡتُ

اَنۡ تَقُوۡلَ	نَفۡسٌ	یّٰحَسۡرَتٰی	عَلٰی	مَا فَرَّطۡتُّ	فِیۡ	جَنۡۢبِ اللّٰهِ	وَ	اِنۡ کُنۡتُ
کہ کہے	کوئی شخص	ہائے افسوس	اس پر	جو میں نے کوتاہی کی	میں	اللہ کا حق	اور	اور یہ کہ میں

کہ کوئی شخص کہے، ہائے اس پر افسوس جو میں نے اللہ کے حق میں کوتاہی کی اور یہ کہ میں

لَمِنَ السّٰخِرِیۡنَ ﴿۵۶﴾ ۙ اَوۡ تَقُوۡلَ لَوۡ اَنَّ اللّٰهَ هَدٰىنِیۡ لَکُنۡتُ مِنَ الۡمُتَّقِیۡنَ ﴿۵۷﴾ ۙ

لَمِنَ	السّٰخِرِیۡنَ	اَوۡ	تَقُوۡلَ	لَوۡ	اَنَّ اللّٰهَ	هَدٰىنِیۡ	لَکُنۡتُ	مِنَ	الۡمُتَّقِیۡنَ
البتہ۔سے	ہنسی اڑانے والے	یا	کہے	اگر	یہ کہ اللہ	مجھے ہدایت دیتا	میں ضرور ہوتا	سے	پرہیزگار (جمع)

ہنسی اڑانے والوں میں سے رہا۔ یا یہ کہے کہ اگر اللہ مجھے ہدایت دیتا تو میں ضرور پرہیزگاروں میں سے ہوتا۔

أَوْ تَقُولَ حِينَ تَرَى الْعَذَابَ لَوْ أَنَّ لِي كَرَّةً فَأَكُونَ مِنَ الْمُحْسِنِينَ ﴿٥٨﴾

الْمُحْسِنِينَ	مِنَ	فَأَكُونَ	كَرَّةً	لِي	لَوْ أَنَّ	الْعَذَابَ	تَرَى	حِينَ	تَقُولَ	أَوْ
نیکوکار (جمع)	سے	تو میں ہو جاؤں	دوبارہ	میرے لئے	کاش اگر	عذاب	تو دیکھے	جب	وہ کہے	یا

یا جب وہ عذاب دیکھے تو کہے کاش! اگر میرے لئے دوبارہ (دنیا میں جانا ہو) تو میں نیکوکاروں میں سے، ہو جاؤں۔

بَلَىٰ قَدْ جَاءَتْكَ آيَاتِي فَكَذَّبْتَ بِهَا وَاسْتَكْبَرْتَ وَكُنْتَ مِنَ الْكَافِرِينَ ﴿٥٩﴾

الْكَافِرِينَ	مِنَ	وَكُنْتَ	وَاسْتَكْبَرْتَ	بِهَا	فَكَذَّبْتَ	آيَاتِي	قَدْ جَاءَتْكَ	بَلَىٰ
کافروں	سے	اور تو تھا	اور تو نے تکبر کیا	انہیں	تو تو نے جھٹلایا	میری آیات	تحقیق تیرے پاس آئیں	ہاں

(اللہ فرمائے گا) ہاں! تحقیق تیرے پاس میری آیات آئیں، تو نے انہیں جھٹلایا، اور تو نے تکبر کیا، اور تو کافروں میں سے تھا۔

وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ تَرَى الَّذِينَ كَذَبُوا عَلَى اللَّهِ وُجُوهُهُمْ مُسْوَدَّةٌ ۚ أَلَيْسَ

أَلَيْسَ	مُسْوَدَّةٌ	وُجُوهُهُمْ	عَلَى اللَّهِ	الَّذِينَ كَذَبُوا	تَرَى	وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ
کیا نہیں	سیاہ	ان کے چہرے	اللہ پر	جن لوگوں نے جھوٹ بولا	تم دیکھو گے	اور قیامت کے دن

اور قیامت کے دن تم دیکھو گے جن لوگوں نے اللہ پر جھوٹ بولا ان کے چہرے سیاہ ہوں گے، کیا

فِي جَهَنَّمَ مَثْوًى لِلْمُتَكَبِّرِينَ ﴿٦٠﴾ وَيُنَجِّي اللَّهُ الَّذِينَ اتَّقَوْا بِمَفَازَتِهِمْ

بِمَفَازَتِهِمْ	الَّذِينَ اتَّقَوْا	اللَّهُ	وَيُنَجِّي	لِلْمُتَكَبِّرِينَ	مَثْوًى	جَهَنَّمَ	فِي
ان کی کامیابی کے ساتھ	وہ جنہوں نے پرہیزگاری کی	اللہ	اور نجات دے گا	تکبر کرنے والے	ٹھکانا	جہنم	میں

تکبر کرنے والوں کا ٹھکانا جہنم میں نہیں؟ اور جن لوگوں نے پرہیزگاری کی اللہ انہیں ان کو کامیابی کے ساتھ نجات دے گا،

لَا يَمَسُّهُمُ السُّوءُ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ﴿٦١﴾ اللَّهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ ۖ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ

كُلِّ	عَلَىٰ	وَهُوَ	كُلِّ شَيْءٍ	خَالِقُ	اللَّهُ	يَحْزَنُونَ	وَلَا هُمْ	السُّوءُ	لَا يَمَسُّهُمُ
ہر	پر	اور وہ	ہر شے	پیدا کرنیوالا	اللہ	غمگین ہوں گے	اور نہ وہ	برائی	نہ چھوئے گی انہیں

نہ انہیں کوئی برائی چھوئے گی، نہ وہ غمگین ہوں گے۔ اللہ ہر شے کا پیدا کرنے والا ہے، اور وہ ہر

شَيْءٍ وَكِيلٌ ﴿٦٢﴾ لَهُ مَقَالِيدُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۗ وَالَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِ اللَّهِ

بِآيَاتِ اللَّهِ	كَفَرُوا	وَالَّذِينَ	وَالْأَرْضِ	السَّمَاوَاتِ	لَهُ مَقَالِيدُ	وَكِيلٌ	شَيْءٍ
اس کی آیات کے	منکر ہوئے	اور جو لوگ	اور زمین	آسمانوں	اسکے پاس کنجیاں	نگہبان	شے

شے پر نگہبان ہے۔ اسی کے پاس ہیں آسمانوں اور زمین کی کنجیاں، اور جو لوگ اس کی آیات سے منکر ہوئے

أُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿٦٣﴾ قُلْ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَاْمُرُوْٓنِّيْٓ اَعْبُدُ اَيُّهَا الْجٰهِلُوْنَ ﴿٦٤﴾

اُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْخٰسِرُوْنَ	قُلْ	اَفَغَيْرَ اللّٰهِ	تَاْمُرُوْٓنِّيْٓ	اَعْبُدُ	اَيُّهَا	الْجٰهِلُوْنَ
وہی لوگ	وہ	گھاٹا پانے والے	فرمادیں	تو کیا اللہ کے سوا	تم مجھے کہتے ہو	میں پرستش کروں	اے	جاہلو (جمع)

وہی گھاٹا پانے والے ہیں - آپؐ فرمادیں اے جاہلو! تو کیا تم مجھے کہتے ہو کہ میں اللہ کے سوا (کسی اور) کی پرستش کروں -

وَلَقَدْ اُوْحِيَ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ لَئِنْ اَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ

وَ	لَقَدْ اُوْحِيَ	اِلَيْكَ	وَاِلَى	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِكَ	لَئِنْ	اَشْرَكْتَ	لَيَحْبَطَنَّ	عَمَلُكَ
اور	یقیناً وحی بھیجی گئی ہے	آپ کی طرف	اور طرف	وہ جو کہ	آپ سے پہلے	البتہ اگر	تو نے شرک کیا	البتہ اکارت جائیں گے	تیرے عمل

اور یقیناً آپؐ کی طرف اور آپؐ کے پہلوں کی طرف وحی بھیجی گئی ہے اگر تم نے شرک کیا تو تمہارے عمل بالکل اکارت جائیں گے

وَلَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿٦٥﴾ بَلِ اللّٰهَ فَاعْبُدْ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿٦٦﴾

وَلَتَكُوْنَنَّ	مِنَ	الْخٰسِرِيْنَ	بَلِ	اللّٰهَ	فَاعْبُدْ	وَكُنْ	مِّنَ	الشّٰكِرِيْنَ
اور تو ہوگا ضرور	سے	خسارہ پانے والے	بلکہ	اللہ	پس عبادت کرو	اور ہو	سے	شکر گزاروں

اور تم ضرور خسارہ پانے والوں (زیاں کاروں) میں سے ہوگے - بلکہ اللہ ہی کی عبادت کرو، اور شکر گزاروں میں سے ہو -

وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ۖ وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

وَ	مَا قَدَرُوا	اللّٰهَ	حَقَّ	قَدْرِهٖ	وَالْاَرْضُ	جَمِيْعًا	قَبْضَتُهٗ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
اور	انہوں نے نہ پہچانا	اللہ	حق	اس کی پہچان	اور زمین	تمام	اس کی مٹھی	روزِ قیامت

اور انہوں نے اللہ کو نہ پہچانا جیسا کہ اس کے پہچاننے کا حق تھا، اور تمام زمین روزِ قیامت اس کی مٹھی میں ہو گی،

وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌۢ بِيَمِيْنِهٖ ۗ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٦٧﴾ وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ

وَالسَّمٰوٰتُ	مَطْوِيّٰتٌ	بِيَمِيْنِهٖ	سُبْحٰنَهٗ	وَتَعٰلٰى	عَمَّا	يُشْرِكُوْنَ	وَنُفِخَ	فِي الصُّوْرِ
اور تمام آسمان	لپٹے ہوئے	اسکے دائیں ہاتھ میں	وہ پاک ہے	اور برتر	اس سے جو	وہ شرک کرتے ہیں	اور پھونک ماری جائے گی	صُور میں

اور تمام آسمان اس کے دائیں ہاتھ میں لپٹے ہوں گے، اور وہ اس سے پاک اور برتر ہے جو وہ شرک کرتے ہیں اور صُور میں پھونک ماری جائیگی

فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ۖ ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ

فَصَعِقَ	مَنْ	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَنْ	فِي الْاَرْضِ	اِلَّا	مَنْ	شَآءَ اللّٰهُ	ثُمَّ	نُفِخَ فِيْهِ
تو بیہوش ہو جائیگا	جو	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	سوائے	جسے	چاہے اللہ	پھر	پھونک ماری جائیگی اس میں

تو (ہر کوئی) جو آسمانوں اور زمین میں ہے بیہوش ہو جائے گا، سوائے اس کے جسے اللہ چاہے، پھر اس میں پھونک ماری جائے گی۔

اُخْرٰى فَاِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ ﴿۶۸﴾ وَاَشْرَقَتِ الْاَرْضُ بِنُوْرِ رَبِّهَا وَوُضِعَ الْكِتٰبُ

اُخْرٰى	فَاِذَا	هُمْ	قِيَامٌ	يَّنْظُرُوْنَ	وَاَشْرَقَتِ	الْاَرْضُ	بِنُوْرِ رَبِّهَا	وَوُضِعَ	الْكِتٰبُ
دوبارہ	تو فوراً	وہ	کھڑے	دیکھنے	اور چمک اٹھے گی	زمین	اپنے رب کے نور سے	اور رکھدی جائیگی	کتاب

دوبارہ، تو وہ فوراً کھڑے ہو جائیں گے (ادھر ادھر) دیکھنے لگیں گے۔ اور زمین اپنے رب کے نور سے چمک اٹھے گی اور (اعمال کی) کتاب (کھول کر) رکھدی جائیگی

وَجِایْٓءَ بِالنَّبِیّٖنَ وَالشُّهَدَآءِ وَقُضِیَ بَیْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا یُظْلَمُوْنَ ﴿۶۹﴾

وَجِایْٓءَ	بِالنَّبِیّٖنَ	وَالشُّهَدَآءِ	وَقُضِیَ	بَیْنَهُمْ	بِالْحَقِّ	وَهُمْ	لَا یُظْلَمُوْنَ
اور لائے جائیں گے	نبی (جمع)	اور گواہ (جمع)	اور فیصلہ کیا جائیگا	انکے درمیان	حق کے ساتھ	اور وہ (ان پر)	ظلم نہ کیا جائے گا

اور نبی اور گواہ لائے جائیں گے، اور ان کے درمیان حق کے ساتھ (ٹھیک ٹھیک) فیصلہ کیا جائے گا اور ان پر ظلم نہ کیا جائے گا۔

وَوُفِّیَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُوَ اَعْلَمُ بِمَا یَفْعَلُوْنَ ﴿۷۰﴾ وَسِیْقَ الَّذِیْنَ

وَوُفِّیَتْ	كُلُّ نَفْسٍ	مَّا عَمِلَتْ	وَهُوَ	اَعْلَمُ	بِمَا	یَفْعَلُوْنَ	وَسِیْقَ	الَّذِیْنَ
اور پورا پورا دیا جائے گا	ہر شخص	جو اسنے کیا (اسکے اعمال)	اور وہ	خوب جانتا ہے	جو کچھ وہ کرتے ہیں		اور ہانکے جائیں گے	وہ جنہوں نے

اور ہر شخص کو اس کے اعمال کا پورا پورا بدلہ دیا جائے گا، اور وہ خوب جانتا ہے جو کچھ وہ کرتے ہیں۔ اور کافر ہانکے جائیں گے

كَفَرُوْٓا اِلٰى جَهَنَّمَ زُمَرًا ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَاۗءُوْهَا فُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ

كَفَرُوْٓا	اِلٰى	جَهَنَّمَ	زُمَرًا	حَتّٰى	اِذَا	جَاۗءُوْهَا	فُتِحَتْ	اَبْوَابُهَا	وَقَالَ	لَهُمْ
کفر کیا (کافر)	طرف	جہنم	گروہ در گروہ	یہاں تک کہ جب		وہ آئیں گے وہاں	کھول دیئے جائیں گے	اسکے دروازے	اور کہیں گے	ان سے

گروہ در گروہ جہنم کی طرف، یہاں تک کہ جب وہ وہاں آئیں گے تو اس کے دروازے کھول دیئے جائیں گے اور ان سے کہیں گے

خَزَنَتُهَآ اَلَمْ یَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ یَتْلُوْنَ عَلَیْكُمْ اٰیٰتِ رَبِّكُمْ وَیُنْذِرُوْنَكُمْ

خَزَنَتُهَا	اَلَمْ یَاْتِكُمْ	رُسُلٌ	مِّنْكُمْ	یَتْلُوْنَ	عَلَیْكُمْ	اٰیٰتِ رَبِّكُمْ	وَیُنْذِرُوْنَكُمْ
اس کے محافظ	کیا نہیں آئے تھے تمہارے پاس	رسول (جمع)	تم میں سے	وہ پڑھتے تھے	تم پر	تمہارے رب کے احکام	اور تمہیں ڈراتے تھے

اس کے محافظ (داروغہ) کیا تمہارے پاس تم میں سے رسول نہیں آئے تھے؟ جو تم پر تمہارے رب کے احکام پڑھتے تھے، اور تمہیں ڈراتے تھے

لِقَآءَ یَوْمِكُمْ هٰذَا ۭ قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنْ حَقَّتْ كَلِمَةُ الْعَذَابِ عَلَى الْكٰفِرِیْنَ ﴿۷۱﴾

لِقَآءَ	یَوْمِكُمْ	هٰذَا	قَالُوْا	بَلٰى	وَلٰكِنْ	حَقَّتْ	كَلِمَةُ	الْعَذَابِ	عَلَى	الْكٰفِرِیْنَ
ملاقات	تمہارا دن	یہ	وہ کہیں گے	ہاں	اور لیکن	پورا ہوگیا	حکم	عذاب	پر	کافروں

اس دن کی ملاقات سے۔ وہ کہیں گے "ہاں" لیکن کافروں پر عذاب کا حکم پورا ہو گیا۔

قِيْلَ ادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۷۲﴾

قِيْلَ	ادْخُلُوْٓا	اَبْوَابَ	جَهَنَّمَ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	فَبِئْسَ	مَثْوَى	الْمُتَكَبِّرِيْنَ
کہا جائے گا	تم داخل ہو	دروازے	جہنم	ہمیشہ رہنے کو	اس میں	سو برا ہے	ٹھکانا	تکبر کرنے والے

کہا جائے گا کہ تم جہنم کے دروازوں میں داخل ہو، اس میں ہمیشہ رہنے کو، سو برا ہے تکبر کرنے والوں کا ٹھکانا۔

وَسِيْقَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ اِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَاۗءُوْهَا وَفُتِحَتْ

وَسِيْقَ	الَّذِيْنَ	اتَّقَوْا	رَبَّهُمْ	اِلَى الْجَنَّةِ	زُمَرًا	حَتّٰٓى	اِذَا	جَاۗءُوْهَا	وَفُتِحَتْ
ہانکا (بھیجا) جائے گا	وہ لوگ جو	ڈرے	اپنا رب	جنت کی طرف	گروہ در گروہ	یہاں تک کہ	جب	وہ وہاں آئینگے	اور کھول دیئے جائیں گے

اور جو لوگ اپنے رب سے ڈرے انہیں جنت کی طرف گروہ در گروہ لے جایا جائے گا، یہاں تک کہ جب وہ وہاں آئیں گے اور کھول دیئے جائیں گے

اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ ﴿۷۳﴾

اَبْوَابُهَا	وَقَالَ	لَهُمْ	خَزَنَتُهَا	سَلٰمٌ	عَلَيْكُمْ	طِبْتُمْ	فَادْخُلُوْهَا	خٰلِدِيْنَ
اس کے دروازے	اور کہیں گے	ان سے	اس کے محافظ	سلام	تم پر	تم اچھے رہے	سو اس میں داخل ہو	ہمیشہ رہنے کو

اس کے دروازے اور ان سے اس کے محافظ (داروغہ) کہیں گے تم پر سلام ہو، تم اچھے رہے، سو اس میں ہمیشہ رہنے کو داخل ہو۔

وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَاَوْرَثَنَا الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ

وَقَالُوا	الْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِيْ	صَدَقَنَا	وَعْدَهٗ	وَاَوْرَثَنَا	الْاَرْضَ	نَتَبَوَّاُ
اور وہ کہیں گے	تمام تعریفیں	اللہ کے لئے	وہ جس نے	سچا کیا	اپنا وعدہ	اور ہمیں وارث بنایا	زمین	ہم مقام کرلیں

اور وہ کہیں گے تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، جس نے اپنا وعدہ سچا کیا اور ہمیں (اس) زمین کا وارث بنایا کہ ہم مقام کرلیں

مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَاۗءُ ۚ فَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿۷۴﴾ وَتَرَى الْمَلٰۗىِٕكَةَ حَاۗفِّيْنَ

مِنَ	الْجَنَّةِ	حَيْثُ	نَشَاۗءُ	فَنِعْمَ	اَجْرُ	الْعٰمِلِيْنَ	وَتَرَى	الْمَلٰۗىِٕكَةَ	حَاۗفِّيْنَ
سے ۔ میں	جنت	جہاں	ہم چاہیں	سو کیا ہی اچھا	اجر	عمل کرنے والے	اور آپ دیکھیں گے	فرشتے	حلقہ باندھے

جنت میں جہاں ہم چاہیں، سو کیا ہی اچھا ہے عمل کرنے والوں کا اجر۔ اور آپ فرشتوں کو دیکھیں گے حلقہ باندھے

مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ ۚ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ

مِنْ	حَوْلِ الْعَرْشِ	يُسَبِّحُوْنَ	بِحَمْدِ	رَبِّهِمْ	وَقُضِيَ	بَيْنَهُمْ	بِالْحَقِّ
سے	عرش کے گرد	پاکیزگی بیان کرتے ہوئے	تعریف کے ساتھ	اپنا رب	اور فیصلہ کردیا جائیگا	ان کے درمیان	حق کے ساتھ

عرش کے گرد، اپنے رب کی تعریف کے ساتھ پاکیزگی بیان کرتے ہوئے، اور ان کے درمیان حق کے ساتھ (ٹھیک ٹھیک) فیصلہ کردیا جائے گا

ع ۵ ۵

وَقِيلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ ﴿۷۵﴾

وَقِيلَ	الْحَمْدُ	لِلّٰهِ	رَبِّ	الْعٰلَمِينَ
اور کہا جائے گا	تمام تعریفیں	اللہ کے لئے	پروردگار	سارے جہان (جمع)

اور کہا جائے گا تمام تعریفیں سارے جہانوں کے پروردگار اللہ کے لئے ہیں۔

آیاتھا ۸۵ ۔ ۴٠ : سُورَةُ الْمُؤْمِنِ مَكِّيَّةٌ : ۶٠ ۔ رکوعاتھا ۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

حٰمٓ ﴿١﴾ تَنْزِيلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ ﴿٢﴾ غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ

حٰمٓ	تَنْزِيلُ	الْكِتٰبِ	مِنَ اللّٰهِ	الْعَزِيزِ	الْعَلِيمِ	غَافِرِ	الذَّنْبِ	وَقَابِلِ	التَّوْبِ
حا۔میم	اتارا جانا	کتاب (قرآن)	اللہ سے	غالب	ہر چیز کا جاننے والا	بخشنے والا	گناہ (جمع)	اور قبول کرنیوالا	توبہ

حامیم ۔ اس قرآن کا اتارا جانا اللہ غالب، ہر چیز کے جاننے والے (کی طرف) سے ہے۔ گناہوں کو بخشنے والا، توبہ قبول کرنے والا،

شَدِيدِ الْعِقَابِ ذِي الطَّوْلِ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ إِلَيْهِ الْمَصِيرُ ﴿٣﴾ مَا يُجَادِلُ

شَدِيدِ	الْعِقَابِ	ذِي الطَّوْلِ	لَا	إِلٰهَ	إِلَّا هُوَ	إِلَيْهِ	الْمَصِيرُ	مَا يُجَادِلُ
سخت عذاب والا		بڑے فضل والا	نہیں کوئی	معبود	اس کے سوا	اسی کی طرف	لوٹ کر جانا	وہ نہیں جھگڑتے

سخت عذاب والا، بڑے فضل والا، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے ۔ نہیں جھگڑتے

فِي آيٰتِ اللّٰهِ إِلَّا الَّذِينَ كَفَرُوا فَلَا يَغْرُرْكَ تَقَلُّبُهُمْ فِي الْبِلَادِ ﴿۴﴾

فِي	آيٰتِ اللّٰهِ	إِلَّا	الَّذِينَ	كَفَرُوا	فَلَا يَغْرُرْكَ	تَقَلُّبُهُمْ	فِي الْبِلَادِ
میں	اللہ کی آیات	مگر	وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا		سو تمہیں دھوکہ میں نہ ڈالدے	ان کا چلنا پھرنا	شہروں میں

اللہ کی آیات میں مگر وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا، سو تمہیں اُن کا شہروں میں (آرام چین سے) چلنا پھرنا دھوکے میں نہ ڈال دے۔

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَالْأَحْزَابُ مِنْ بَعْدِهِمْ وَهَمَّتْ كُلُّ أُمَّةٍ بِرَسُولِهِمْ

كَذَّبَتْ	قَبْلَهُمْ	قَوْمُ نُوحٍ	وَالْأَحْزَابُ	مِنْ بَعْدِهِمْ	وَهَمَّتْ	كُلُّ أُمَّةٍ	بِرَسُولِهِمْ
جھٹلایا	ان سے قبل	نوح کی قوم	اور گروہ (جمع)	ان کے بعد	اور ارادہ کیا	ہر امت	اپنے رسول کے متعلق

ان سے قبل نوحؑ کی قوم اور ان کے بعد (دوسرے) گروہوں نے جھٹلایا، اور ہر امت نے اپنے رسولوں کے متعلق ارادہ کیا

لِيَأْخُذُوهُ وَجَٰدَلُوا بِٱلْبَٰطِلِ لِيُدْحِضُوا بِهِ ٱلْحَقَّ فَأَخَذْتُهُمْ فَكَيْفَ كَانَ

لِيَأْخُذُوهُ	وَجَٰدَلُوا	بِٱلْبَٰطِلِ	لِيُدْحِضُوا	بِهِ	ٱلْحَقَّ	فَأَخَذْتُهُمْ	فَكَيْفَ	كَانَ
کہ وہ اسے پکڑ لیں	اور جھگڑا کریں	ناحق	ناچیز کر دیں	اس سے	حق	تو میں نے انہیں پکڑ لیا	سو کیسا	ہے

کہ وہ اسے پکڑ لیں، اور ناحق جھگڑا کریں تاکہ اس سے حق کو ناچیز کر دیں، تو میں نے انہیں پکڑ لیا، سو (دیکھو) کیسا ہوا

عِقَابِ ﴿٥﴾ وَكَذَٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى ٱلَّذِينَ كَفَرُوٓا أَنَّهُمْ

عِقَابِ	وَكَذَٰلِكَ	حَقَّتْ	كَلِمَتُ	رَبِّكَ	عَلَى	ٱلَّذِينَ كَفَرُوٓا	أَنَّهُمْ
میرا عذاب	اور اسی طرح	ثابت ہو گئی	بات	تمہارے رب	پر	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	کہ وہ

میرا عذاب۔ اور اسی طرح تمہارے رب کی بات کافروں پر ثابت ہو گئی کہ وہ

أَصْحَٰبُ ٱلنَّارِ ﴿٦﴾ ٱلَّذِينَ يَحْمِلُونَ ٱلْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهُۥ يُسَبِّحُونَ بِحَمْدِ

أَصْحَٰبُ ٱلنَّارِ	ٱلَّذِينَ	يَحْمِلُونَ	ٱلْعَرْشَ	وَمَنْ حَوْلَهُۥ	يُسَبِّحُونَ	بِحَمْدِ
دوزخ والے	وہ جو (فرشتے)	اٹھائے ہوئے ہیں	عرش	اور جو اس کے ارد گرد	وہ پاکیزگی بیان کرتے ہیں	تعریف کے ساتھ

دوزخ والے ہیں۔ جو فرشتے عرش کو اٹھائے ہوئے ہیں اور جو اس کے ارد گرد ہیں وہ تعریف کے ساتھ پاکیزگی بیان کرتے ہیں

رَبِّهِمْ وَيُؤْمِنُونَ بِهِۦ وَيَسْتَغْفِرُونَ لِلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَىْءٍ

رَبِّهِمْ	وَيُؤْمِنُونَ	بِهِۦ	وَيَسْتَغْفِرُونَ	لِلَّذِينَ	ءَامَنُوا۟	رَبَّنَا	وَسِعْتَ	كُلَّ شَىْءٍ
اپنا رب	اور ایمان لاتے ہیں	اس پر	اور مغفرت مانگتے ہیں	ان کے لئے جو	وہ ایمان لائے	اے ہمارے رب	سمو لیا ہے	ہر شے

اپنے رب کی، اور وہ اس پر ایمان لاتے ہیں، اور جو ایمان لائے ان کے لئے مغفرت مانگتے ہیں کہ اے ہمارے رب! ہر شے کو سمو لیا ہے

رَّحْمَةً وَعِلْمًا فَٱغْفِرْ لِلَّذِينَ تَابُوا۟ وَٱتَّبَعُوا۟ سَبِيلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ ٱلْجَحِيمِ ﴿٧﴾

رَّحْمَةً	وَعِلْمًا	فَٱغْفِرْ	لِلَّذِينَ تَابُوا۟	وَٱتَّبَعُوا۟	سَبِيلَكَ	وَقِهِمْ	عَذَابَ	ٱلْجَحِيمِ
رحمت	اور علم	سو تو بخش دے	وہ لوگ جنہوں نے توبہ کی	اور انہوں نے پیروی کی	تیرا راستہ	انہیں بچا لے	عذاب	جہنم

(تیری) رحمت اور علم نے، سو تو ان لوگوں کو بخش دے جنہوں نے توبہ کی، اور تیرے راستے کی پیروی کی، ... انہیں جہنم کے عذاب سے بچا لے۔

رَبَّنَا وَأَدْخِلْهُمْ جَنَّٰتِ عَدْنٍ ٱلَّتِى وَعَدتَّهُمْ وَمَن صَلَحَ مِنْ ءَابَآئِهِمْ

رَبَّنَا	وَأَدْخِلْهُمْ	جَنَّٰتِ عَدْنٍ	ٱلَّتِى	وَعَدتَّهُمْ	وَمَن	صَلَحَ	مِنْ	ءَابَآئِهِمْ
اے ہمارے رب	اور انہیں داخل کرنا	ہیشگی کے باغات	وہ جن کا	تو نے ان سے وعدہ کیا	اور جو	صالح ہیں	سے	انکے باپ دادا

اے ہمارے رب! اور انہیں ہیشگی کے باغات میں داخل فرما، وہ جن کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے اور (انکو بھی) جو صالح ہیں انکے باپ دادا میں سے

وَ اَزْوَاجِهِمْ وَ ذُرِّيّٰتِهِمْ ۭ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۸ وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ ۭ

وَ اَزْوَاجِهِمْ	وَ ذُرِّيّٰتِهِمْ	اِنَّكَ	اَنْتَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	وَقِهِمُ	السَّيِّاٰتِ
اور اُن کی بیویوں	اور اُن کی اولاد	بیشک تو	تو ہی	غالب	حکمت والا	اور انہیں بچالے	بُرائیاں

اور اُن کی بیویوں اور اُن کی اولاد میں سے، بیشک تو ہی غالب حکمت والا ہے - اور انہیں بُرائیوں سے بچا لے

وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَىِٕذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ۭ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۹

وَ مَنْ	تَقِ	السَّيِّاٰتِ	يَوْمَىِٕذٍ	فَقَدْ رَحِمْتَهٗ	وَ ذٰلِكَ	هُوَ	الْفَوْزُ	الْعَظِيْمُ
اور جو	بچا	بُرائیاں	اس دن	تو تُونے اس پر رحم کیا	اور یہ	وہ (یہی)	کامیابی	بڑی

اور جو اس دن برائیوں سے بچا ، تو تحقیق تُو نے اس پر رحم کیا اور یہی بڑی کامیابی ہے -

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنَادَوْنَ لَمَقْتُ اللّٰهِ اَكْبَرُ مِنْ مَّقْتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ اِذْ

اِنَّ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	يُنَادَوْنَ	لَمَقْتُ اللّٰهِ	اَكْبَرُ	مِنْ	مَّقْتِكُمْ	اَنْفُسَكُمْ	اِذْ
بیشک	جن لوگوں نے کفر کیا	وہ پکارے جائیں گے	البتہ اللہ کا بیزار ہونا	بڑا	سے	تمہارا بیزار ہونا	اپنے تئیں	جب

بیشک جن لوگوں نے کفر کیا وہ پکارے جائیں گے (انہیں پکار کر کہا جائیگا) اللہ کا بیزار ہونا تمہارے اپنے تئیں بیزار ہونے سے بڑا ہے ، جب

تُدْعَوْنَ اِلَى الْاِيْمَانِ فَتَكْفُرُوْنَ ۱۰ قَالُوْا رَبَّنَآ اَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ وَاَحْيَيْتَنَا

تُدْعَوْنَ	اِلَى الْاِيْمَانِ	فَتَكْفُرُوْنَ	قَالُوْا	رَبَّنَا	اَمَتَّنَا	اثْنَتَيْنِ	وَ اَحْيَيْتَنَا
تم بلائے جاتے تھے	ایمان کی طرف	تو تم کفر کرتے تھے	وہ کہیں گے	اے ہمارے رب	تونے ہمیں مردہ رکھا	دو بار	اور زندگی بخشی ہمیں

تم ایمان کی طرف بلائے جاتے تھے تو تم کفر کرتے تھے - وہ کہیں گے اے ہمارے رب! تونے ہمیں مردہ رکھا دو بار، اور ہمیں زندگی بخشی

اثْنَتَيْنِ فَاعْتَرَفْنَا بِذُنُوْبِنَا فَهَلْ اِلٰى خُرُوْجٍ مِّنْ سَبِيْلٍ ۱۱ ذٰلِكُمْ

اثْنَتَيْنِ	فَاعْتَرَفْنَا	بِذُنُوْبِنَا	فَهَلْ	اِلٰى	خُرُوْجٍ	مِّنْ	سَبِيْلٍ	ذٰلِكُمْ
دو بار	پس ہم نے اعتراف کرلیا	اپنے گناہوں کا	تو کیا	طرف	نکلنا	سے کوئی	سبیل	یہ تم (پر)

دو بار ، پس ہم نے اپنے گناہوں کا اعتراف کر لیا، تو کیا (اب یہاں سے) نکلنے کی کوئی سبیل ہے ؟ یہ تم پر

بِاَنَّهٗٓ اِذَا دُعِيَ اللّٰهُ وَحْدَهٗ كَفَرْتُمْ ۚ وَاِنْ يُّشْرَكْ بِهٖ تُؤْمِنُوْا ۭ فَالْحُكْمُ لِلّٰهِ

بِاَنَّهٗ اِذَا	دُعِيَ اللّٰهُ	وَحْدَهٗ	كَفَرْتُمْ	وَ اِنْ	يُّشْرَكْ بِهٖ	تُؤْمِنُوْا	فَالْحُكْمُ	لِلّٰهِ
اس لئے کہ جب	پکارا جاتا اللہ	واحد	تم کفر کرتے	اور اگر	اس کا شریک کیا جاتا	تم مان لیتے	پس حکم	اللہ کے لئے

اس لئے (ہے)، کہ جب اللہ واحد کو پکارا جاتا تو تم کفر کرتے اور اگر (کسی کو) اس کا شریک کیا جاتا تو تم مان لیتے، پس حکم اللہ کے لئے ہے

الْعَلِيِّ الْكَبِيرِ ﴿١٢﴾ هُوَ الَّذِي يُرِيكُمْ آيَاتِهِ وَيُنَزِّلُ لَكُم مِّنَ السَّمَاءِ رِزْقًا

الْعَلِيِّ	الْكَبِيرِ	هُوَ	الَّذِي	يُرِيكُمْ	آيَاتِهِ	وَيُنَزِّلُ	لَكُمْ	مِنَ السَّمَاءِ	رِزْقًا
بلند	بڑا	وہ	جو کہ	تمہیں دکھاتا ہے	اپنی نشانیاں	اور اتارتا ہے	تمہارے لئے	آسمانوں سے	رزق

جو بلند، بڑا ہے۔ وہ جو تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہے، اور تمہارے لئے آسمان سے رزق اُتارتا ہے،

وَمَا يَتَذَكَّرُ إِلَّا مَن يُنِيبُ ﴿١٣﴾ فَادْعُوا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ وَلَوْ

وَمَا يَتَذَكَّرُ	إِلَّا	مَنْ	يُنِيبُ	فَادْعُوا اللَّهَ	مُخْلِصِينَ	لَهُ	الدِّينَ	وَلَوْ
اور نہیں نصیحت قبول کرتا	سوائے	جو	رجوع کرتا ہے	پس پکارو اللہ	خالص کرتے ہوئے	اس کے لئے	عبادت	خواہ

اور اس کے سوا کوئی نصیحت قبول نہیں کرتا جو اللہ کی طرف، رجوع کرتا ہے۔ پس اللہ کو پکارو، اسی کے لئے عبادت خالص کرتے ہوئے، خواہ

كَرِهَ الْكَافِرُونَ ﴿١٤﴾ رَفِيعُ الدَّرَجَاتِ ذُو الْعَرْشِ يُلْقِي الرُّوحَ مِنْ أَمْرِهِ عَلَىٰ مَن

كَرِهَ	الْكَافِرُونَ	رَفِيعُ	الدَّرَجَاتِ	ذُو الْعَرْشِ	يُلْقِي الرُّوحَ	مِنْ أَمْرِهِ	عَلَىٰ مَنْ
بُرا مانیں	کافر (جمع)	بلند	درجے	عرش کا مالک	وہ ڈالتا ہے روح	اپنے حکم سے	جس پر

کافر بُرا مانیں۔ بلند درجوں والا، عرش کا مالک، وہ اپنے حکم سے روح (وحی) ڈالتا ہے (بھیجتا ہے)، جس پر

يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ لِيُنذِرَ يَوْمَ التَّلَاقِ ﴿١٥﴾ يَوْمَ هُم بَارِزُونَ ۖ لَا يَخْفَىٰ

يَشَاءُ	مِنْ عِبَادِهِ	لِيُنْذِرَ	يَوْمَ التَّلَاقِ	يَوْمَ	هُمْ	بَارِزُونَ	لَا يَخْفَىٰ
وہ چاہتا ہے	اپنے بندوں (میں) سے	تاکہ وہ ڈرائے	ملاقات (قیامت) کا دن	جس دن	وہ	ظاہر ہوں گے	نہ پوشیدہ ہوگی

اپنے بندوں میں سے چاہتا ہے تاکہ وہ قیامت کے دن سے ڈرائے۔ جس دن وہ ظاہر ہوں گے، نہ پوشیدہ ہوگی

عَلَى اللَّهِ مِنْهُمْ شَيْءٌ ۚ لِّمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ۖ لِلَّهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ﴿١٦﴾

عَلَى اللَّهِ	مِنْهُمْ	شَيْءٌ	لِمَنِ	الْمُلْكُ	الْيَوْمَ	لِلَّهِ	الْوَاحِدِ	الْقَهَّارِ
اللہ پر	ان سے کی	کوئی شے	کس کے لئے	بادشاہت	آج	اللہ کے لئے	واحد	زبردست

اللہ پر ان کی کوئی شے (نہ پیدا ہوگی) آج کس کے لئے بادشاہت ہے؟ (اعلان ہوگا) "اللہ کے لئے" جو واحد، زبردست ہے۔

الْيَوْمَ تُجْزَىٰ كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ ۚ لَا ظُلْمَ الْيَوْمَ ۚ إِنَّ اللَّهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ ﴿١٧﴾

الْيَوْمَ	تُجْزَىٰ	كُلُّ نَفْسٍ	بِمَا كَسَبَتْ	لَا ظُلْمَ	الْيَوْمَ	إِنَّ اللَّهَ	سَرِيعُ	الْحِسَابِ
آج	بدلہ دیا جائے گا	ہر شخص	وہ جو اس نے کمایا (اعمال)	نہیں ظلم	آج	بیشک اللہ	جلد	حساب لینے والا

آج ہر شخص کو اس کے اعمال کا بدلہ دیا جائے گا، آج کوئی ظلم نہ ہوگا، بیشک اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔

وَاَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْاٰزِفَةِ اِذِ الْقُلُوْبُ لَدَى الْحَنَاجِرِ كٰظِمِيْنَ ۬ؕ مَا لِلظّٰلِمِيْنَ

وَاَنْذِرْهُمْ	يَوْمَ الْاٰزِفَةِ	اِذِ الْقُلُوْبُ	لَدَى الْحَنَاجِرِ	كٰظِمِيْنَ	مَا لِلظّٰلِمِيْنَ
اور انہیں ڈرائیں	قریب آنے والا روز (قیامت)	جب دل (جمع)	گلوں کے نزدیک	غم سے بھرے ہوئے	نہیں ظالموں کے لئے

اور انہیں قریب آنیوالے روز (قیامت) سے ڈرائیں، جب دل غم سے بھرے گلوں کے نزدیک (کلیجے منہ کو) آ رہے ہوں گے۔ ظالموں کے لئے نہیں

مِنْ حَمِيْمٍ وَّلَا شَفِيْعٍ يُّطَاعُ ؕ ﴿۱۸﴾ يَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ ﴿۱۹﴾

مِنْ	حَمِيْمٍ	وَّلَا شَفِيْعٍ	يُّطَاعُ	يَعْلَمُ	خَآئِنَةَ	الْاَعْيُنِ	وَمَا	تُخْفِي	الصُّدُوْرُ
سے۔ کوئی	دوست	اور نہ کوئی سفارش کرنیوالا	جسکی بات مانی جائے	وہ جانتا ہے	خیانت	آنکھوں	اور جو	چھپاتے ہیں	سینے (جمع)

کوئی دوست، نہ کوئی سفارش کرنے والا، جس کی بات مانی جائے۔ وہ جانتا ہے آنکھوں کی خیانت اور جو وہ سینوں میں چھپاتے ہیں۔

وَاللّٰهُ يَقْضِيْ بِالْحَقِّ ؕ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَقْضُوْنَ بِشَيْءٍ ؕ

وَاللّٰهُ	يَقْضِيْ	بِالْحَقِّ	وَالَّذِيْنَ	يَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِهٖ	لَا يَقْضُوْنَ	بِشَيْءٍ
اور اللہ	فیصلہ کرتا ہے	حق کے ساتھ	اور جو لوگ	پکارتے ہیں	اس کے سوا	نہیں فیصلہ کرتے	کچھ بھی

اور اللہ حق کے ساتھ فیصلہ کرتا ہے، اور جو لوگ اس کے سوا پکارتے ہیں، وہ کچھ بھی فیصلے نہیں کرتے،

۲ ع ۱۱ ۷

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ﴿۲۰﴾ اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ

اِنَّ	اللّٰهَ	هُوَ	السَّمِيْعُ	الْبَصِيْرُ	اَوَ	لَمْ يَسِيْرُوْا	فِي الْاَرْضِ	فَيَنْظُرُوْا	كَيْفَ
بیشک	اللہ	وہی	سننے والا	دیکھنے والا	کیا	وہ چلے پھرے نہیں	زمین میں	تو وہ دیکھتے	کیسا

بیشک اللہ ہی سننے والا، دیکھنے والا ہے۔ کیا وہ زمین میں چلے پھرے نہیں؟ تو وہ دیکھتے کیسا

كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ كَانُوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَانُوْا هُمْ اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً

كَانَ	عَاقِبَةُ	الَّذِيْنَ	كَانُوْا	مِنْ قَبْلِهِمْ	كَانُوْا	هُمْ	اَشَدَّ	مِنْهُمْ	قُوَّةً
ہوا	انجام	ان لوگوں کا جو	تھے	ان سے پہلے	وہ تھے	وہ	زیادہ سخت	ان سے	قوت

انجام ہوا ان لوگوں کا جو ان سے پہلے تھے، وہ قوت میں اُن سے زیادہ سخت تھے،

وَّاٰثَارًا فِي الْاَرْضِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ؕ وَمَا كَانَ لَهُمْ

وَّاٰثَارًا	فِي الْاَرْضِ	فَاَخَذَهُمُ	اللّٰهُ	بِذُنُوْبِهِمْ	وَمَا	كَانَ	لَهُمْ
اور آثار	زمین میں	تو انہیں آپکڑا	اللہ	انکے گناہوں کے سبب	اور نہیں	ہے	ان کے لئے

اور زمین میں آثار (نشانیوں کے اعتبار سے بھی)، تو اللہ نے انہیں گناہوں کے سبب آپکڑا، اور اُن کے لئے نہیں ہے،

مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ﴿۲۱﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ

مِّنَ اللّٰهِ	مِنْ	وَّاقٍ	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ	رُسُلُهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ
اللہ سے	سے کوئی	بچانے والا	یہ	اس لیے کہ وہ	ان کے پاس آتے تھے	ان کے رسول	کھلی نشانیوں کے ساتھ

کوئی اللہ سے بچانے والا۔ اس لیے کہ ان کے پاس اُن کے رسول کھلی نشانیاں لے کر آتے تھے،

فَكَفَرُوْا فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۲۲﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى

فَكَفَرُوْا	فَاَخَذَهُمُ	اللّٰهُ	اِنَّهٗ	قَوِيٌّ	شَدِيْدُ الْعِقَابِ	وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا	مُوْسٰى
تو انہوں نے کفر کیا	پس آ پکڑا انہیں	اللہ	بے شک وہ	قوی	سخت عذاب والا	اور تحقیق ہم نے بھیجا	موسیٰ

تو انہوں نے کفر کیا، پس اُنہیں اللہ نے آ پکڑا، بیشک وہ قوی، سخت عذاب دینے والا ہے۔ اور تحقیق ہم نے موسیٰ ؑ کو بھیجا

بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۳﴾ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَقَارُوْنَ فَقَالُوْا سٰحِرٌ

بِاٰيٰتِنَا	وَسُلْطٰنٍ	مُّبِيْنٍ	اِلٰى فِرْعَوْنَ	وَهَامٰنَ	وَقَارُوْنَ	فَقَالُوْا	سٰحِرٌ
اپنی نشانیوں کے ساتھ	اور سند	روشن	فرعون کی طرف	اور ہامان	اور قارون	تو انہوں نے کہا	جادوگر

اپنی نشانیوں اور روشن سند کے ساتھ فرعون، اور ہامان، اور قارون، کی طرف تو انہوں نے کہا (موسیٰ ؑ تو) جادوگر،

كَذَّابٌ ﴿۲۴﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوا اقْتُلُوْٓا اَبْنَآءَ الَّذِيْنَ

كَذَّابٌ	فَلَمَّا	جَآءَهُمْ	بِالْحَقِّ	مِنْ عِنْدِنَا	قَالُوا	اقْتُلُوْٓا	اَبْنَآءَ	الَّذِيْنَ
بڑا جھوٹا	پھر جب	وہ آئے انکے پاس	حق کے ساتھ	ہمارے پاس (طرف) سے	انہوں نے کہا	تم قتل کر دو	ان کے بیٹے	وہ جو

بڑا جھوٹا ہے۔ پھر جب وہ ان کے پاس ہماری طرف سے حق کے ساتھ آئے، تو انہوں نے کہا ان کے بیٹوں کو قتل کر ڈالو جو

اٰمَنُوْا مَعَهٗ وَاسْتَحْيُوْا نِسَآءَهُمْ ؕ وَمَا كَيْدُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۲۵﴾

اٰمَنُوْا	مَعَهٗ	وَاسْتَحْيُوْا	نِسَآءَهُمْ	وَ	مَا كَيْدُ	الْكٰفِرِيْنَ	اِلَّا	فِيْ ضَلٰلٍ
ایمان لائے	اس کے ساتھ	اور زندہ رہنے دو	ان کی عورتیں (بیٹیاں)	اور	اور نہیں داؤ	کافروں	سوائے	گمراہی میں

اس کے ساتھ ایمان لائے، اور ان کی بیٹیوں کو زندہ رہنے دو، اور کافروں کا داؤ گمراہی کے سوا (کچھ) نہیں۔

وَقَالَ فِرْعَوْنُ ذَرُوْنِيْٓ اَقْتُلْ مُوْسٰى وَلْيَدْعُ رَبَّهٗ ۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ اَنْ يُّبَدِّلَ

وَقَالَ	فِرْعَوْنُ	ذَرُوْنِيْٓ	اَقْتُلْ	مُوْسٰى	وَلْيَدْعُ	رَبَّهٗ	اِنِّيْٓ	اَخَافُ	اَنْ يُّبَدِّلَ
اور کہا	فرعون	مجھے چھوڑ دو	میں قتل کروں	موسیٰ	اور اسے پکارنے دو	اپنا رب	بیشک میں ڈرتا ہوں		کہ وہ بدل دے

اور فرعون نے کہا مجھے چھوڑ دو، کہ میں موسیٰ ؑ کو قتل کر دوں اور اسے اپنے رب کو پکارنے دو، بیشک میں ڈرتا ہوں کہ وہ بدل دے گا

دِيْنَكُمْ اَوْ اَنْ يُّظْهِرَ فِي الْاَرْضِ الْفَسَادَ ﴿۲۶﴾ وَقَالَ مُوْسٰٓى اِنِّيْ عُذْتُ

دِيْنَكُمْ	اَوْ	اَنْ يُّظْهِرَ	فِي الْاَرْضِ	الْفَسَادَ	وَقَالَ	مُوْسٰى	اِنِّيْ	عُذْتُ
تمہارا دین	یا	یہ کہ ظاہر کر دے (پھیلا دے)	زمین میں	فساد	اور کہا	موسیٰ	بیشک میں	پناہ لے لی

تمہارا دین، یا زمین میں فساد پھیلائے گا۔ اور موسیٰؑ نے کہا، بے شک میں نے پناہ لے لی ہے

بِرَبِّيْ وَرَبِّكُمْ مِّنْ كُلِّ مُتَكَبِّرٍ لَّا يُؤْمِنُ بِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿۲۷﴾ وَقَالَ

بِرَبِّيْ	وَرَبِّكُمْ	مِّنْ	كُلِّ	مُتَكَبِّرٍ	لَّا يُؤْمِنُ	بِيَوْمِ الْحِسَابِ	وَ قَالَ
اپنے رب کی	اور تمہارے رب کی	سے	ہر	مغرور	(جو) ایمان نہیں رکھتا	روزِ حساب پر	اور کہا

اپنے اور تمہارے رب کی، ہر مغرور سے جو روزِ حساب پر ایمان نہیں رکھتا۔ اور کہا

رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ ۖ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَكْتُمُ اِيْمَانَهٗٓ اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا

رَجُلٌ	مُّؤْمِنٌ	مِّنْ	اٰلِ فِرْعَوْنَ	يَكْتُمُ	اِيْمَانَهٗ	اَتَقْتُلُوْنَ	رَجُلًا
ایک مرد	مؤمن	سے	فرعون کے لوگ	وہ چھپائے ہوئے تھا	ایمان	کیا تم قتل کرتے ہو	ایک آدمی

فرعون کے لوگوں میں سے ایک مومن مرد نے (جو) اپنا ایمان چھپائے ہوئے تھا، کہا کیا تم ایک آدمی کو (محض اس بات پر) قتل کرتے ہو

اَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ وَقَدْ جَآءَكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ مِنْ رَّبِّكُمْ ۭ وَاِنْ يَّكُ كَاذِبًا

اَنْ يَّقُوْلَ	رَبِّيَ اللّٰهُ	وَ قَدْ جَآءَكُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ	مِنْ رَّبِّكُمْ	وَاِنْ	يَّكُ	كَاذِبًا
کہ وہ کہتا ہے	میرا رب اللہ	اور تمہارے پاس آیا ہے	کھلی نشانیوں کے ساتھ	تمہارے رب کی طرف سے	اور اگر	ہے	جھوٹا

کہ وہ کہتا ہے میرا رب اللہ ہے اور وہ تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے کھلی نشانیوں کے ساتھ آیا ہے اور اگر (بالفرضِ محال) وہ جھوٹا ہے

فَعَلَيْهِ كَذِبُهٗ ۚ وَاِنْ يَّكُ صَادِقًا يُّصِبْكُمْ بَعْضُ الَّذِيْ يَعِدُكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

فَعَلَيْهِ	كَذِبُهٗ	وَاِنْ يَّكُ	صَادِقًا	يُّصِبْكُمْ	بَعْضُ	الَّذِيْ	يَعِدُكُمْ	اِنَّ اللّٰهَ
تو اس پر	اس کا جھوٹ	اور اگر ہے	سچا	تمہیں پہنچے گا	کچھ	وہ جو	تم سے وعدہ کرتا ہے	بیشک اللہ

تو اس کے جھوٹ (کا وبال) اسی پر ہوگا، اور اگر وہ سچا ہے تو وہ جو تم سے وعدہ کر رہا ہے اس کا کچھ (عذاب) تم پر (ضرور) پہنچے گا، بیشک اللہ

لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ كَذَّابٌ ﴿۲۸﴾ يٰقَوْمِ لَكُمُ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ظٰهِرِيْنَ

لَا يَهْدِيْ	مَنْ هُوَ	مُسْرِفٌ	كَذَّابٌ	يٰقَوْمِ	لَكُمُ	الْمُلْكُ	الْيَوْمَ	ظٰهِرِيْنَ
ہدایت نہیں دیتا	جو ہو	حد سے گزرنے والا	جھوٹا	اے میری قوم	تمہارے لئے	بادشاہت	آج	غالب

(اسے) ہدایت نہیں دیتا جو حد سے گزرنے والا، جھوٹا ہو۔ اے میری قوم! آج بادشاہت تمہاری ہے، تم غالب ہو

فِي الْاَرْضِ ۚ فَمَنْ يَّنْصُرُنَا مِنْۢ بَاْسِ اللّٰهِ اِنْ جَآءَنَا ۭ قَالَ فِرْعَوْنُ مَآ

فِي	الْاَرْضِ	فَمَنْ	يَّنْصُرُنَا	مِنْ	بَاْسِ اللّٰهِ	اِنْ جَآءَنَا	قَالَ	فِرْعَوْنُ	مَا
میں	زمین	تو کون	ہماری مدد کریگا	سے	اللہ کا عذاب	اگر وہ آجائے ہم پر	کہا	فرعون	نہیں

زمین میں، اگر اللہ کا عذاب ہم پر آجائے تو اس سے بچانے کے لئے کون ہماری مدد کرے گا؟ فرعون نے کہا، میں

اُرِيْكُمْ اِلَّا مَآ اَرٰى وَمَآ اَهْدِيْكُمْ اِلَّا سَبِيْلَ الرَّشَادِ ﴿۲۹﴾ وَقَالَ الَّذِيْٓ

اُرِيْكُمْ	اِلَّا	مَآ اَرٰى	وَمَآ اَهْدِيْكُمْ	اِلَّا	سَبِيْلَ	الرَّشَادِ	وَقَالَ	الَّذِيْٓ
میں دکھاتا رائے دیتا تمہیں	مگر	جو میں دیکھتا ہوں	اور راہ نہیں دکھاتا تمہیں	مگر	راہ	بھلائی	اور کہا	وہ شخص جو

تمہیں رائے نہیں دیتا مگر جو میں دیکھتا ہوں اور میں تمہیں راہ نہیں دکھاتا مگر بھلائی کی راہ۔ اور اس شخص نے کہا جو

اٰمَنَ يٰقَوْمِ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ مِّثْلَ يَوْمِ الْاَحْزَابِ ﴿۳۰﴾ مِثْلَ دَاْبِ

اٰمَنَ	يٰقَوْمِ	اِنِّيْٓ اَخَافُ	عَلَيْكُمْ	مِّثْلَ	يَوْمِ الْاَحْزَابِ	مِثْلَ	دَاْبِ
ایمان لے آیا	اے میری قوم	میں ڈرتا ہوں	تم پر	مانند	(سابقہ) گروہوں کا دن	جیسے	حال

ایمان لے آیا تھا، اے میری قوم! میں تم پر سابقہ گروہوں کے دن کے مانند (عذاب نازل ہونے سے) ڈرتا ہوں، جیسے حال ہوا

قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ وَالَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۭ وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ

قَوْمِ نُوْحٍ	وَعَادٍ	وَثَمُوْدَ	وَالَّذِيْنَ	مِنْۢ بَعْدِهِمْ	وَمَا	اللّٰهُ	يُرِيْدُ
قوم نوح	اور عاد	اور ثمود	اور جو لوگ	ان کے بعد	اور نہیں	اللہ	چاہتا

قوم نوح اور عاد اور ثمود کا اور جو ان کے بعد (ہوئے) اور اللہ نہیں چاہتا

ظُلْمًا لِّلْعِبَادِ ﴿۳۱﴾ وَيٰقَوْمِ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ يَوْمَ التَّنَادِ ﴿۳۲﴾ يَوْمَ تُوَلُّوْنَ

ظُلْمًا	لِّلْعِبَادِ	وَيٰقَوْمِ	اِنِّيْٓ اَخَافُ	عَلَيْكُمْ	يَوْمَ التَّنَادِ	يَوْمَ	تُوَلُّوْنَ
کوئی ظلم	اپنے بندوں کے لئے	اور اے میری قوم	میں ڈرتا ہوں	تم پر	دن چیخ و پکار	جس دن	تم پھر جاؤ گے (بھاگو گے)

اپنے بندوں کے لئے کوئی ظلم۔ اور اے میری قوم! میں تم پر چیخ و پکار کے دن سے ڈرتا ہوں۔ جس دن تم بھاگو گے

مُدْبِرِيْنَ ۚ مَا لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ

مُدْبِرِيْنَ	مَا لَكُمْ	مِّنَ اللّٰهِ	مِنْ	عَاصِمٍ	وَمَنْ	يُّضْلِلِ	اللّٰهُ	فَمَا لَهٗ
پیٹھ پھیر کر	نہیں تمہارے لئے	اللہ سے	کوئی	بچانے والا	اور جس کو	گمراہ کردے	اللہ	تو نہیں اس کے لئے

پیٹھ پھیر کر، تمہارے لئے اللہ سے بچانے والا کوئی نہ ہوگا، اور جس کو اللہ گمراہ کر دے گا اس کے لئے کوئی نہیں

مِنْ هَادٍ ﴿۳۳﴾ وَلَقَدْ جَآءَكُمْ يُوْسُفُ مِنْ قَبْلُ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا زِلْتُمْ فِيْ شَكٍّ

مِنْ هَادٍ	وَ	لَقَدْ جَآءَكُمْ	يُوْسُفُ	مِنْ قَبْلُ	بِالْبَيِّنٰتِ	فَمَا زِلْتُمْ	فِيْ شَكٍّ
کوئی ہدایت دینے والا	اور تحقیق آئے تمہارے پاس		یوسف	اس سے قبل	(واضح) دلائل کے ساتھ	سو تم ہمیشہ رہے	شک میں

ہدایت دینے والا۔ اور تحقیق تمہارے پاس اس سے قبل یوسفؑ واضح دلائل کے ساتھ آئے، سو تم ہمیشہ شک میں رہے

مِّمَّا جَآءَكُمْ بِهٖ ۭ حَتّٰٓى اِذَا هَلَكَ قُلْتُمْ لَنْ يَّبْعَثَ اللّٰهُ مِنْۢ بَعْدِهٖ رَسُوْلًا ۭ

مِمَّا جَآءَكُمْ	بِهٖ حَتّٰٓى	اِذَا	هَلَكَ	قُلْتُمْ	لَنْ يَّبْعَثَ	اللّٰهُ	مِنْۢ بَعْدِهٖ	رَسُوْلًا
اس سے کہ آئے تمہارے پاس	اسکے ساتھ یہاں تک	جب	وہ فوت ہوگئے	تم نے کہا	ہرگز نہ بھیجے گا	اللہ	اس کے بعد	کوئی رسول

اس (کے بارہ میں) جس کے ساتھ وہ تمہارے پاس آئے، یہاں تک کہ جب وہ فوت ہوگئے تو تم نے کہا اس کے بعد اللہ ہرگز کوئی رسول نہ بھیجے گا

كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ مُّرْتَابٌ ﴿۳۴﴾ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ

كَذٰلِكَ	يُضِلُّ اللّٰهُ	مَنْ هُوَ	مُسْرِفٌ	مُّرْتَابٌ	الَّذِيْنَ	يُجَادِلُوْنَ	فِيْ	اٰيٰتِ اللّٰهِ
اسی طرح	گمراہ کرتا ہے اللہ	جو وہ	حد سے گزرنے والا	شک میں پڑنے والا	جو لوگ	جھگڑا کرتے ہیں	میں	اللہ کی آیتیں

اسی طرح اللہ (اسے) گمراہ کرتا ہے جو حد سے گزرنے والا، شک میں پڑنے والا ہو۔ جو لوگ اللہ کی آیتوں (کے بارے) میں جھگڑتے ہیں

بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ۭ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۭ

بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ	اَتٰىهُمْ	كَبُرَ مَقْتًا	عِنْدَ اللّٰهِ	وَعِنْدَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
بغیر کسی دلیل	آئی اُن کے پاس	سخت ناپسند	اللہ کے نزدیک	اور نزدیک	ان لوگوں کے جو	ایمان لائے

کسی دلیل کے بغیر جو اُن کے پاس آئی ہو (انکی یہ کج بحثی) سخت ناپسند ہے، اللہ کے نزدیک اور ان کے نزدیک جو ایمان لائے

كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰي كُلِّ قَلْبِ مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ ﴿۳۵﴾ وَقَالَ فِرْعَوْنُ يٰهَامٰنُ

كَذٰلِكَ	يَطْبَعُ اللّٰهُ	عَلٰي	كُلِّ قَلْبِ	مُتَكَبِّرٍ	جَبَّارٍ	وَقَالَ	فِرْعَوْنُ	يٰهَامٰنُ
اسی طرح	مہر لگا دیتا ہے اللہ	پر	ہر دل	مغرور	سرکش	اور کہا	فرعون	اے ہامان

اسی طرح اللہ ہر مغرور، سرکش کے دل پر مہر لگا دیتا ہے۔ اور فرعون نے کہا اے ہامان!

ابْنِ لِيْ صَرْحًا لَّعَلِّيْٓ اَبْلُغُ الْاَسْبَابَ ﴿۳۶﴾ اَسْبَابَ السَّمٰوٰتِ فَاَطَّلِعَ اِلٰٓى اِلٰهِ مُوْسٰى

ابْنِ	لِيْ	صَرْحًا	لَّعَلِّيْٓ	اَبْلُغُ	الْاَسْبَابَ	اَسْبَابَ	السَّمٰوٰتِ	فَاَطَّلِعَ	اِلٰٓى	اِلٰهِ	مُوْسٰى
بنادے	میرے لئے	ایک بلند محل	شاید کہ میں	پہنچ جاؤں	راستے	راستے	آسمانوں	پس جھانک لوں	طرف۔کو	معبود	موسیٰ

میرے لئے ایک بلند عمارت بنا، شاید کہ میں راستوں تک پہنچ جاؤں۔ آسمانوں کے راستے، پس میں موسیٰؑ کے معبود کو جھانک لوں

وَ اِنِّیْ لَاَظُنُّهٗ كَاذِبًا ؕ وَ كَذٰلِكَ زُیِّنَ لِفِرْعَوْنَ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ وَ صُدَّ

وَ صُدَّ	عَمَلِهٖ	سُوْٓءُ	لِفِرْعَوْنَ	زُیِّنَ	وَ كَذٰلِكَ	كَاذِبًا	لَاَظُنُّهٗ	وَ اِنِّیْ
اور وہ روک دیا گیا	اس کے بُرے عمل		فرعون کو	آراستہ دکھائے	اور اسی طرح	جھوٹا	اسے البتہ گمان کرتا ہوں	اور بیشک میں

اور بیشک میں اسے البتہ جھوٹا گمان کرتا ہوں، اور اسی طرح فرعون کو اس کے بُرے عمل آراستہ دکھائے گئے اور وہ روک دیا گیا

عَنِ السَّبِیْلِ ؕ وَ مَا كَیْدُ فِرْعَوْنَ اِلَّا فِیْ تَبَابٍ ﴿۳۷﴾ ع وَ قَالَ الَّذِیْٓ اٰمَنَ یٰقَوْمِ

یٰقَوْمِ	الَّذِیْٓ اٰمَنَ	وَ قَالَ	فِیْ تَبَابٍ	اِلَّا	فِرْعَوْنَ	وَ مَا كَیْدُ	السَّبِیْلِ	عَنِ
اے میری قوم	وہ جو ایمان لے آیا تھا	اور کہا	تباہی میں	مگر صرف	فرعون	اور نہیں تدبیر	سیدھا راستہ	سے

سیدھے راستے سے، اور فرعون کی تدبیر صرف تباہی ہی تھی۔ اور جو شخص ایمان لے آیا تھا، اس نے کہا اے میری قوم!

اتَّبِعُوْنِ اَهْدِكُمْ سَبِیْلَ الرَّشَادِ ﴿۳۸﴾ ج یٰقَوْمِ اِنَّمَا هٰذِهِ الْحَیٰوةُ الدُّنْیَا مَتَاعٌ ز

مَتَاعٌ	الْحَیٰوةُ الدُّنْیَا	هٰذِهِ	اِنَّمَا	یٰقَوْمِ	الرَّشَادِ	سَبِیْلَ	اَهْدِكُمْ	اتَّبِعُوْنِ
(تھوڑا) فائدہ	دنیا کی زندگی	یہ	اس کے سوا نہیں	اے میری قوم	بھلائی	راستہ	میں تمہیں راہ دکھاؤں گا	تم میری پیروی کرو

تم میری پیروی کرو، میں تمہیں بھلائی کا راستہ دکھا دوں گا۔ اے میری قوم! اس کے سوا نہیں کہ یہ دنیا کی زندگی تھوڑا سا فائدہ ہے،

وَّ اِنَّ الْاٰخِرَةَ هِیَ دَارُ الْقَرَارِ ﴿۳۹﴾ مَنْ عَمِلَ سَیِّئَةً فَلَا یُجْزٰٓی اِلَّا مِثْلَهَا ج

مِثْلَهَا	اِلَّا	فَلَا یُجْزٰٓی	سَیِّئَةً	عَمِلَ	مَنْ	دَارُ الْقَرَارِ	هِیَ	الْاٰخِرَةَ	وَّ اِنَّ
اسی جیسا	مگر	اسے بدلہ نہ دیا جائے گا	بُرا	عمل کیا	جو۔ جس	(ہمیشہ) رہنے کا گھر	یہ	آخرت	اور بیشک

اور آخرت بیشک ہمیشہ رہنے کا گھر ہے۔ جس شخص نے بُرا عمل کیا اسے اس جیسا بدلہ دیا جائے گا،

وَ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰی وَ هُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ یَدْخُلُوْنَ

یَدْخُلُوْنَ	فَاُولٰٓئِكَ	وَ هُوَ مُؤْمِنٌ	اَوْ اُنْثٰی	ذَكَرٍ	مِّنْ	صَالِحًا	عَمِلَ	وَ مَنْ
داخل ہوں گے	تو یہی لوگ	اور (بشرطیکہ) وہ مومن	یا عورت	مرد	سے۔ خواہ	اچھا	عمل کیا	اور جو۔ جس

اور جس نے اچھا عمل کیا، خواہ مرد ہو یا عورت، بشرطیکہ وہ مومن ہو، تو یہی لوگ داخل ہوں گے

الْجَنَّةَ یُرْزَقُوْنَ فِیْهَا بِغَیْرِ حِسَابٍ ﴿۴۰﴾ وَ یٰقَوْمِ مَا لِیْٓ اَدْعُوْكُمْ اِلَی النَّجٰوةِ

النَّجٰوةِ	اِلَی	اَدْعُوْكُمْ	مَا لِیْٓ	وَ یٰقَوْمِ	بِغَیْرِ حِسَابٍ	فِیْهَا	یُرْزَقُوْنَ	الْجَنَّةَ
نجات	طرف	میں بلاتا ہوں تمہیں	کیا ہوا مجھے	اور اے میری قوم	بے حساب	اس میں	وہ رزق دیئے جائیں گے	جنت

جنت میں، اس میں انہیں بے حساب رزق دیا جائے گا۔ اور اے میری قوم! مجھے کیا ہوا ہے کہ میں تمہیں نجات کی طرف بلاتا ہوں،

وَ تَدْعُوْنَنِیْۤ اِلَی النَّارِ ﴿۴۱﴾ تَدْعُوْنَنِیْ لِاَكْفُرَ بِاللّٰهِ وَ اُشْرِكَ بِهٖ مَا

مَا	بِهٖ	وَ اُشْرِكَ	بِاللّٰهِ	لِاَكْفُرَ	تَدْعُوْنَنِیْ	النَّارِ	اِلَی	وَ تَدْعُوْنَنِیْۤ
جو	اسکے ساتھ	اور میں شریک ٹھہراؤں	اللہ کا	کہ میں انکار کروں	تم بلاتے ہو مجھے	آگ (جہنم)	طرف	اور بلاتے ہو تم مجھے

اور تم مجھے جہنم کی طرف بلاتے ہو۔ تم مجھے بلاتے ہو کہ میں اللہ کا انکار کروں اور اس کے ساتھ اسے شریک ٹھہراؤں

لَیْسَ لِیْ بِهٖ عِلْمٌ وَّ اَنَا اَدْعُوْكُمْ اِلَی الْعَزِیْزِ الْغَفَّارِ ﴿۴۲﴾ لَا جَرَمَ اَنَّمَا

اَنَّمَا	لَاجَرَمَ	الْغَفَّارِ	الْعَزِیْزِ	اِلَی	اَدْعُوْكُمْ	وَّ اَنَا	عِلْمٌ	بِهٖ	لِیْ	لَیْسَ
یہ کہ	کوئی شک نہیں	بخشنے والا	غالب	طرف	بلاتا ہوں تمہیں	اور میں	کوئی علم	اس کا	مجھے	نہیں

جس کا مجھے کوئی علم نہیں اور میں تمہیں (اللہ) غالب، بخشنے والے کی طرف بلاتا ہوں۔ کوئی شک نہیں کہ

تَدْعُوْنَنِیْۤ اِلَیْهِ لَیْسَ لَهٗ دَعْوَةٌ فِی الدُّنْیَا وَ لَا فِی الْاٰخِرَةِ وَ اَنَّ مَرَدَّنَاۤ

مَرَدَّنَا	وَ اَنَّ	فِی الْاٰخِرَةِ	وَ لَا	فِی الدُّنْیَا	دَعْوَةٌ	لَیْسَ لَهٗ	اِلَیْهِ	تَدْعُوْنَنِیْ
پھر جانا ہے ہمیں	اور یہ کہ	آخرت میں	اور نہ	دنیا میں	بلانا	نہیں اسکے لئے	اس کی طرف	تم بلاتے ہو مجھے

تم مجھے جس کی طرف بلاتے ہو اس کا دنیا میں اور آخرت میں (کچھ بھی) نہیں اور یہ کہ ہمیں پھر جانا ہے

اِلَی اللّٰهِ وَ اَنَّ الْمُسْرِفِیْنَ هُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ ﴿۴۳﴾ فَسَتَذْكُرُوْنَ

فَسَتَذْكُرُوْنَ	اَصْحٰبُ النَّارِ	هُمْ	الْمُسْرِفِیْنَ	وَ اَنَّ	اِلَی اللّٰهِ
سو تم جلد یاد کرو گے	آگ والے (جہنمی)	وہ۔ وہی	حد سے بڑھنے والے	اور یہ کہ	اللہ کی طرف

اللہ کی طرف، اور یہ کہ حد سے بڑھ جانے والے ہی جہنمی ہیں۔ سو تم جلدی یاد کرو گے

مَاۤ اَقُوْلُ لَكُمْ وَ اُفَوِّضُ اَمْرِیْۤ اِلَی اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۴۴﴾

بِالْعِبَادِ	بَصِیْرٌ	اِنَّ اللّٰهَ	اِلَی اللّٰهِ	اَمْرِیْ	وَ اُفَوِّضُ	لَكُمْ	مَا اَقُوْلُ
بندوں کو	دیکھنے والا	بیشک اللہ	اللہ کو	اپنا کام	اور میں سونپتا ہوں	تمہیں	جو میں کہتا ہوں

جو میں تمہیں کہتا ہوں اور میں اپنا کام (معاملہ) اللہ کو سونپتا ہوں، بیشک اللہ بندوں کو دیکھنے والا ہے۔

فَوَقٰىهُ اللّٰهُ سَیِّاٰتِ مَا مَكَرُوْا وَ حَاقَ بِاٰلِ فِرْعَوْنَ سُوْٓءُ الْعَذَابِ ﴿۴۵﴾

سُوْٓءُ الْعَذَابِ	بِاٰلِ فِرْعَوْنَ	وَ حَاقَ	مَا مَكَرُوْا	سَیِّاٰتِ	اللّٰهُ	فَوَقٰىهُ
برا عذاب	فرعون والوں کو	اور گھیر لیا	داؤ جو وہ کرتے تھے	برے	اللہ	سو اسے بچا لیا

سو اللہ نے اسے بچا لیا (ان) برے داؤ سے جو وہ کرتے تھے، اور فرعون والوں کو برے عذاب نے گھیر لیا۔

اَلنَّارُ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَّ عَشِيًّا ۚ وَ يَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ ۗ اَدْخِلُوْٓا

اَلنَّارُ	يُعْرَضُوْنَ	عَلَيْهَا	غُدُوًّا	وَّعَشِيًّا	وَيَوْمَ	تَقُوْمُ	السَّاعَةُ	اَدْخِلُوْٓا
آگ	وہ حاضر کئے جاتے ہیں	اس پر	صبح	اور شام	اور جس دن	قائم ہوگی	قیامت	داخل کرو

(جہنم کی) آگ جس پر وہ صبح و شام پیش کئے جاتے ہیں، اور جس دن قیامت قائم ہوگی (حکم ہوگا) داخل کرو

اٰلَ فِرْعَوْنَ اَشَدَّ الْعَذَابِ ﴿۴۶﴾ وَ اِذْ يَتَحَآجُّوْنَ فِي النَّارِ فَيَقُوْلُ

اٰلَ فِرْعَوْنَ	اَشَدَّ	الْعَذَابِ	وَاِذْ	يَتَحَآجُّوْنَ	فِي النَّارِ	فَيَقُوْلُ
فرعون والے	شدید ترین	عذاب	اور جب	وہ باہم جھگڑیں گے	آگ (جہنم) میں	تو کہیں گے

فرعون والوں کو شدید ترین عذاب میں - اور وہ جہنم میں باہم جھگڑیں گے تو کہیں گے

الضُّعَفٰٓؤُا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ

الضُّعَفٰٓؤُا	لِلَّذِيْنَ	اسْتَكْبَرُوْٓا	اِنَّا كُنَّا	لَكُمْ	تَبَعًا	فَهَلْ	اَنْتُمْ	مُّغْنُوْنَ
کمزور	ان لوگوں کو جو	وہ بڑے بنتے تھے	بیشک ہم تھے	تمہارے	تابع	تو کیا	تم	دور کردو گے

کمزور ان لوگوں کو جو بڑے بنتے تھے، بیشک ہم (دنیا میں) تمہارے تابع تھے تو کیا (اب) تم ہم سے دور کردو گے

عَنَّا نَصِيْبًا مِّنَ النَّارِ ﴿۴۷﴾ قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُلٌّ فِيْهَآ ۙ

عَنَّا	نَصِيْبًا	مِّنَ	النَّارِ	قَالَ	الَّذِيْنَ	اسْتَكْبَرُوْٓا	اِنَّا	كُلٌّ	فِيْهَا
ہم سے	کچھ حصہ	کا	آگ	کہیں گے	وہ لوگ جو	بڑے بنتے تھے	بیشک ہم	سب	اس میں

آگ کا کچھ حصہ؟ وہ لوگ جو بڑے بنتے تھے کہیں گے، بیشک ہم سب اس میں ہیں

اِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَكَمَ بَيْنَ الْعِبَادِ ﴿۴۸﴾ وَ قَالَ الَّذِيْنَ فِي النَّارِ لِخَزَنَةِ

اِنَّ اللّٰهَ	قَدْ حَكَمَ	بَيْنَ الْعِبَادِ	وَقَالَ	الَّذِيْنَ	فِي النَّارِ	لِخَزَنَةِ
بیشک اللہ	فیصلہ کرچکا ہے	بندوں کے درمیان	اور کہیں گے	وہ لوگ جو	آگ میں	نگہبان، داروغہ (جمع)

بیشک اللہ بندوں کے درمیان فیصلہ کرچکا ہے - اور وہ لوگ جو آگ میں ہوں گے وہ کہیں گے داروغوں

جَهَنَّمَ ادْعُوْا رَبَّكُمْ يُخَفِّفْ عَنَّا يَوْمًا مِّنَ الْعَذَابِ ﴿۴۹﴾ قَالُوْٓا اَوَ

جَهَنَّمَ	ادْعُوْا	رَبَّكُمْ	يُخَفِّفْ	عَنَّا	يَوْمًا	مِّنَ الْعَذَابِ	قَالُوْٓا	اَوَ
جہنم	تم دعا کرو	اپنے رب سے	ہلکا کردے	ہم سے	ایک دن	سے، کا عذاب	وہ کہیں گے	کیا

جہنم (کے نگہبان فرشتوں) سے اپنے رب سے دعا کرو، ایک دن کا عذاب ہم سے ہلکا کردے - وہ کہیں گے، کیا

لَمْ تَكُ تَأْتِيْكُمْ رُسُلُكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۭ قَالُوْا بَلٰى ۭ قَالُوْا فَادْعُوْا ۚ وَمَا

لَمْ تَكُ	تَأْتِيْكُمْ	رُسُلُكُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ	قَالُوْا	بَلٰى	قَالُوْا	فَادْعُوْا	وَمَا
نہیں تھے	تمہارے پاس آتے	تمہارے رسول	نشانیوں کے ساتھ	وہ کہیں گے	ہاں	وہ کہیں گے	تو تم پکارو	اور نہ

تمہارے پاس تمہارے رسول کھلی نشانیوں کے ساتھ نہیں آتے تھے؟ وہ کہیں گے ہاں! (کیوں نہیں) وہ کہیں گے تو تم پکارو، اور نہ ہوگی

دُعٰۗؤُا الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ۝۵۰ اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

دُعٰۗؤُا	الْكٰفِرِيْنَ	اِلَّا	فِيْ ضَلٰلٍ	اِنَّا	لَنَنْصُرُ	رُسُلَنَا	وَ الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
پکار	(جمع) کافر	مگر	گمراہی میں (بے سود)	بیشک ہم	ضرور مدد کرتے ہیں	اپنے رسول (جمع)	اور جو لوگ	ایمان لائے

کافروں کی پکار مگر بے سود - بیشک ہم ضرور مدد کرتے ہیں اپنے رسولوں کی اور ان لوگوں کی جو ایمان لائے

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيَوْمَ يَقُوْمُ الْاَشْهَادُ ۝۵۱ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ الظّٰلِمِيْنَ

فِيْ	الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا	وَيَوْمَ	يَقُوْمُ	الْاَشْهَادُ	يَوْمَ	لَا يَنْفَعُ	الظّٰلِمِيْنَ
میں	زندگی	دنیا	اور جس دن	کھڑے ہونگے	گواہی دینے والے	جس دن	نفع نہ دے گی	جمع ظالم

دنیا کی زندگی میں اور (اس دن بھی) جس دن گواہی دینے والے کھڑے ہوں گے - جس دن ظالموں کو نفع نہ دے گی

مَعْذِرَتُهُمْ وَلَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْۗءُ الدَّارِ ۝۵۲ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْهُدٰى

مَعْذِرَتُهُمْ	وَلَهُمُ	اللَّعْنَةُ	وَلَهُمْ	سُوْۗءُ الدَّارِ	وَلَقَدْ اٰتَيْنَا	مُوْسَى	الْهُدٰى
ان کی عذرخواہی	اور ان کیلئے	لعنت	اور ان کے لئے	برا گھر	اور تحقیق ہم نے دی	موسیٰ	ہدایت

ان کی عذر خواہی، اور ان کے لئے لعنت (اللہ کی رحمت سے دوری) ہے اور انکے لئے برا گھر ہے - اور تحقیق ہم نے موسیٰؑ کو ہدایت (توریت) دی

وَاَوْرَثْنَا بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ الْكِتٰبَ ۝۵۳ هُدًى وَّذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ۝۵۴

وَاَوْرَثْنَا	بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ	الْكِتٰبَ	هُدًى	وَذِكْرٰى	لِاُولِي الْاَلْبَابِ
اور ہم نے وارث بنایا	بنی اسرائیل	کتاب (توریت)	ہدایت	اور نصیحت	عقلمندوں کے لئے

اور ہم نے بنی اسرائیل کو توریت کا وارث بنایا (جو) عقلمندوں کے لئے ہدایت اور نصیحت ہے۔

فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ

فَاصْبِرْ	اِنَّ	وَعْدَ اللّٰهِ	حَقٌّ	وَاسْتَغْفِرْ	لِذَنْۢبِكَ	وَسَبِّحْ	بِحَمْدِ رَبِّكَ
پس تم صبر کرو	بیشک	اللہ کا وعدہ	سچا	اور مغفرت طلب کریں	اپنے گناہوں کیلئے	اور پاکیزگی بیان کریں	اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ

پس صبر کریں بیشک اللہ کا وعدہ سچا ہے، اور اپنے (ناکردہ) گناہوں کیلئے مغفرت طلب کریں، اور اپنے رب کی تعریف کے ساتھ پاکیزگی بیان کریں

بِالْعَشِيِّ وَ الْإِبْكَارِ ﴿٥٥﴾ إِنَّ الَّذِينَ يُجَادِلُونَ فِي آيَاتِ اللَّهِ بِغَيْرِ

بِغَيْرِ	آيَاتِ اللَّهِ	فِي	يُجَادِلُونَ	الَّذِينَ	إِنَّ	وَ الْإِبْكَارِ	بِالْعَشِيِّ
بغیر	اللہ کی آیات	میں	جھگڑتے ہیں	وہ لوگ جو	بیشک	اور صبح	شام

شام اور صبح ۔ بیشک جو لوگ اللہ کی آیات میں جھگڑتے ہیں بغیر

سُلْطٰنٍ أَتٰهُمْ إِنْ فِي صُدُورِهِمْ إِلَّا كِبْرٌ مَّا هُمْ بِبَالِغِيهِ

بِبَالِغِيهِ	مَا هُمْ	كِبْرٌ	إِلَّا	صُدُورِهِمْ	فِي	إِنْ	أَتٰهُمْ	سُلْطٰنٍ
اس تک پہنچنے والے	نہیں وہ	تکبر	سوائے	ان کے سینے (دل)	میں	نہیں	ان کے پاس آئی ہو	کسی سند

کسی سند کے، جو ان کے پاس آئی ہو، ان کے دلوں میں تکبر (بڑائی کی ہوس) کے سوا کچھ نہیں، جس تک وہ کبھی پہنچنے والے نہیں۔

فَاسْتَعِذْ بِاللَّهِ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ ﴿٥٦﴾ لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَ الْأَرْضِ

وَ الْأَرْضِ	السَّمٰوٰتِ	لَخَلْقُ	الْبَصِيرُ	هُوَ السَّمِيعُ	إِنَّهُ	بِاللَّهِ	فَاسْتَعِذْ
اور زمین	آسمانوں	یقیناً پیدا کرنا	دیکھنے والا	وہی سننے والا	بیشک وہ	اللہ کی	پس آپ پناہ چاہیں

پس آپ اللہ کی پناہ چاہیں، بیشک وہی سننے والا دیکھنے والا ہے۔ یقیناً آسمانوں کا اور زمین کا پیدا کرنا

أَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَ لٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٥٧﴾ وَمَا يَسْتَوِي

وَمَا يَسْتَوِي	لَا يَعْلَمُونَ	أَكْثَرَ النَّاسِ	وَ لٰكِنَّ	خَلْقِ النَّاسِ	مِنْ	أَكْبَرُ
اور برابر نہیں	جانتے (سمجھتے) نہیں	اکثر لوگ	اور لیکن	لوگوں کو پیدا کرنا	سے	زیادہ بڑا

لوگوں کے پیدا کرنے سے زیادہ بڑا ہے، لیکن اکثر لوگ سمجھتے نہیں۔ اور برابر نہیں

الْأَعْمٰى وَ الْبَصِيرُ وَ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَلَا الْمُسِيءُ قَلِيلًا

قَلِيلًا	وَلَا الْمُسِيءُ	وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	وَالَّذِينَ آمَنُوا	وَ الْبَصِيرُ	الْأَعْمٰى
بہت کم	اور نہ بدکار	اور انہوں نے اچھے عمل کئے	اور جو لوگ ایمان لائے	اور بینا	نابینا

نابینا اور بینا، اور (نہ) وہ جو ایمان لائے اور انہوں نے اچھے عمل کئے' اور نہ وہ جو بدکار ہیں۔ بہت کم

مَّا تَتَذَكَّرُونَ ﴿٥٨﴾ إِنَّ السَّاعَةَ لَآتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيهَا وَ لٰكِنَّ أَكْثَرَ

أَكْثَرَ	وَ لٰكِنَّ	فِيهَا	لَا رَيْبَ	لَآتِيَةٌ	السَّاعَةَ	إِنَّ	مَّا تَتَذَكَّرُونَ
اکثر	اور لیکن	اس میں	نہیں شک	ضرور آنے والی	قیامت	بیشک	جو تم غور وفکر کرتے ہو

تم غور وفکر کرتے ہو۔ بے شک قیامت ضرور آنے والی ہے، اس میں کوئی شک نہیں، لیکن اکثر

النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ

النَّاسِ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	وَقَالَ	رَبُّكُمُ	ادْعُوْنِيْ	اَسْتَجِبْ	لَكُمْ	اِنَّ	الَّذِيْنَ
لوگ	ایمان نہیں لاتے	اور کہا	تمہارے رب نے	تم دعا کرو مجھ سے	میں قبول کروں گا	تمہاری	بیشک	جو لوگ

لوگ ایمان نہیں لاتے ۔ اور تمہارے رب نے کہا تم مجھ سے دعا کرو، میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا ، بیشک جو لوگ

يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِيْنَ ﴿۶۰﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ

يَسْتَكْبِرُوْنَ	عَنْ	عِبَادَتِيْ	سَيَدْخُلُوْنَ	جَهَنَّمَ	دٰخِرِيْنَ	اَللّٰهُ	الَّذِيْ	جَعَلَ
تکبر کرتے ہیں	سے	میری عبادت	عنقریب وہ داخل ہوں گے	جہنم	خوار ہو کر	اللہ	وہ جس نے	بنائی

میری عبادت سے تکبر (سرتابی) کرتے ہیں عنقریب خوار ہو کر وہ جہنم میں داخل ہوں گے ۔ اللہ ہے جس نے بنائی

لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ

لَكُمُ	الَّيْلَ	لِتَسْكُنُوْا	فِيْهِ	وَالنَّهَارَ	مُبْصِرًا	اِنَّ	اللّٰهَ	لَذُوْ فَضْلٍ
تمہارے لئے	رات	تاکہ تم آرام پکڑو	اس میں	اور دن	دکھانے کو	بیشک	اللہ	فضل والا

تمہارے لئے رات تاکہ تم اس میں آرام پکڑو ، اور دن دکھانے کو (روشن بنایا) ۔ بیشک اللہ فضل والا ہے

عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۶۱﴾ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ

عَلَى النَّاسِ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَ النَّاسِ	لَا يَشْكُرُوْنَ	ذٰلِكُمُ	اللّٰهُ	رَبُّكُمْ
لوگوں پر	اور لیکن	اکثر لوگ	شکر نہیں کرتے	یہ ہے	اللہ	تمہارا پروردگار

لوگوں پر ، لیکن اکثر لوگ شکر نہیں کرتے ۔ یہ ہے اللہ تمہارا پروردگار

خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ ۘ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۡ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿۶۲﴾ كَذٰلِكَ يُؤْفَكُ الَّذِيْنَ

خَالِقُ	كُلِّ شَيْءٍ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	فَاَنّٰى	تُؤْفَكُوْنَ	كَذٰلِكَ	يُؤْفَكُ	الَّذِيْنَ
پیدا کرنیوالا	ہر شے	نہیں	کوئی معبود	اس کے سوا	تو کہاں تم	اُلٹے پھرے جاتے ہو	اسی طرح	اُلٹے پھر جاتے ہیں	وہ لوگ جو

ہر شے کا پیدا کرنے والا، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، تو تم کہاں اُلٹے پھرے جاتے ہو؟ اسی طرح وہ لوگ اُلٹے پھر جاتے ہیں جو

كَانُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿۶۳﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ قَرَارًا

كَانُوْا	بِاٰيٰتِ اللّٰهِ	يَجْحَدُوْنَ	اَللّٰهُ	الَّذِيْ	جَعَلَ	لَكُمُ	الْاَرْضَ	قَرَارًا
تھے	اللہ کی آیات سے ۔ کا	وہ انکار کرتے	اللہ	وہ جس نے	اس نے بنایا	تمہارے لئے	زمین	قرار گاہ

اللہ کی آیات کا انکار کرتے ہیں ۔ اللہ ہے ، جس نے تمہارے لئے زمین کو قرار گاہ بنایا،

وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً وَّصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ؕ

وَّالسَّمَآءَ	بِنَآءً	وَّصَوَّرَكُمْ	فَاَحْسَنَ	صُوَرَكُمْ	وَرَزَقَكُمْ	مِّنَ	الطَّيِّبٰتِ
اور آسمان	چھت	اور تمہیں صورت دی	تو بہت اچھی	تمہیں صورت دی	اور تمہیں رزق دیا	سے	پاکیزہ چیزیں

اور آسمان کو چھت (بنایا) اور تمہیں صورت دی تو بہت اچھی صورت دی اور تمہیں پاکیزہ چیزوں سے رزق دیا

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚۖ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۴﴾ هُوَ الْحَيُّ لَآ اِلٰهَ

ذٰلِكُمُ	اللّٰهُ	رَبُّكُمْ	فَتَبٰرَكَ	اللّٰهُ	رَبُّ	الْعٰلَمِيْنَ	هُوَ	الْحَيُّ	لَآ	اِلٰهَ
یہ ہے	اللہ	تمہارا پروردگار	سو برکت والا	اللہ	پروردگار	سارے جہان	وہی	زندہ رہنے والا	نہیں	کوئی معبود

یہ ہے اللہ تمہارا پروردگار، سو برکت والا ہے اللہ، سارے جہان کا پروردگار۔ وہی زندہ رہنے والا ہے، نہیں کوئی معبود

اِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۵﴾ قُلْ

اِلَّا هُوَ	فَادْعُوْهُ	مُخْلِصِيْنَ	لَهُ الدِّيْنَ	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ	رَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ	قُلْ
سوائے اس کے	پس تم پکارو اسے	خالص کرکے	اس کے لئے عبادت	تمام تعریفیں اللہ کے لئے	پروردگار	سارے جہان	فرمادیں

اس کے سوا پس تم اس کے لئے عبادت خالص کرکے اُسی کو پکارو، تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں سارے جہان کا پروردگار۔ آپ فرمادیں

اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَمَّا جَآءَنِيَ

اِنِّيْ	نُهِيْتُ	اَنْ اَعْبُدَ	الَّذِيْنَ	تَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	لَمَّا	جَآءَنِيَ
بیشک میں	مجھے منع کر دیا گیا ہے	کہ پرستش کروں میں	وہ جن کی	تم پوجا کرتے ہو	اللہ کے سوا	جب	وہ میرے پاس آگئیں

بیشک مجھے منع کر دیا گیا ہے کہ میں ان کی پرستش کروں جن کی تم اللہ کے سوا پوجا کرتے ہو، جب میرے پاس آگئیں

الْبَيِّنٰتُ مِنْ رَّبِّيْ ؗ وَاُمِرْتُ اَنْ اُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۶﴾ هُوَ الَّذِيْ

الْبَيِّنٰتُ	مِنْ رَّبِّيْ	وَاُمِرْتُ	اَنْ اُسْلِمَ	لِرَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ	هُوَ الَّذِيْ
کھلی نشانیاں	میرے رب سے	اور مجھے حکم دیا گیا	کہ میں اپنی گردن جھکادوں	پروردگار کے لئے	تمام جہان	وہ جس نے

میرے رب (کی طرف) سے کھلی نشانیاں، اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ تمام جہانوں کے پروردگار کے لئے اپنی گردن جھکا دوں، وہ جس نے

خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ يُخْرِجُكُمْ

خَلَقَكُمْ	مِّنْ تُرَابٍ	ثُمَّ	مِنْ نُّطْفَةٍ	ثُمَّ	مِنْ عَلَقَةٍ	ثُمَّ	يُخْرِجُكُمْ
پیدا کیا تمہیں	مٹی سے	پھر	نطفہ سے	پھر	لوتھڑے سے	پھر	تمہیں نکالتا ہے وہ

تمہیں مٹی سے پیدا کیا، پھر نطفہ سے، پھر لوتھڑے سے، پھر وہ تمہیں نکالتا ہے (ماں کے پیٹ سے)

طِفۡلًا ثُمَّ لِتَبۡلُغُوۡۤا اَشُدَّكُمۡ ثُمَّ لِتَكُوۡنُوۡا شُيُوۡخًا ۚ وَمِنۡكُمۡ مَّنۡ يُّتَوَفّٰى

طِفۡلًا	ثُمَّ	لِتَبۡلُغُوۡۤا	اَشُدَّكُمۡ	ثُمَّ	لِتَكُوۡنُوۡا	شُيُوۡخًا	وَمِنۡكُمۡ	مَّنۡ يُّتَوَفّٰى
بچہ سا	پھر	تاکہ تم پہنچو	اپنی جوانی	پھر	تاکہ تم ہو جاؤ	بوڑھے	اور تم میں سے	جو فوت ہو جاتا ہے

بچہ سا، پھر (تمہیں باقی رکھتا ہے) تاکہ تم اپنی جوانی کو پہنچو، پھر (زندہ رکھتا ہے) تاکہ تم بوڑھے ہو جاؤ اور تم میں سے (کوئی ہے) جو فوت ہو جاتا ہے

مِنۡ قَبۡلُ وَلِتَبۡلُغُوۡۤا اَجَلًا مُّسَمًّى وَّلَعَلَّكُمۡ تَعۡقِلُوۡنَ ﴿۶۷﴾ هُوَ الَّذِىۡ يُحۡىٖ

مِنۡ قَبۡلُ	وَلِتَبۡلُغُوۡۤا	اَجَلًا مُّسَمًّى	وَّلَعَلَّكُمۡ	تَعۡقِلُوۡنَ	هُوَ الَّذِىۡ	يُحۡىٖ
اس سے قبل	اور تاکہ پہنچو	وقت مقررہ	اور تاکہ تم	سمجھو	وہی ہے جو	جلاتا ہے

اس سے قبل، اور تاکہ تم سب (اپنے اپنے) وقت مقررہ کو پہنچو (مقصد یہ ہے) تاکہ تم سمجھو۔ وہی ہے جو جلاتا ہے

۷ | ع ۸ | ۱۲

وَيُمِيۡتُ ۚ فَاِذَا قَضٰۤى اَمۡرًا فَاِنَّمَا يَقُوۡلُ لَهٗ كُنۡ فَيَكُوۡنُ ﴿۶۸﴾ اَلَمۡ تَرَ اِلَى الَّذِيۡنَ

وَيُمِيۡتُ	فَاِذَا	قَضٰۤى	اَمۡرًا	فَاِنَّمَا	يَقُوۡلُ لَهٗ	كُنۡ	فَيَكُوۡنُ	اَلَمۡ تَرَ	اِلَى	الَّذِيۡنَ
اور مارتا ہے	پھر جب	وہ فیصلہ کرتا ہے	کسی کام	تو اسکے سوا نہیں	وہ کہتا ہے اسکے لئے	تو ہو جا	سو وہ ہو جاتا ہے	کیا نہیں دیکھا تم نے	طرف	جو لوگ

اور مارتا ہے، پھر جب وہ کسی کام کا فیصلہ کرتا ہے تو اس کے سوا نہیں کہ وہ اس کو کہتا ہے ”ہو جا“ سو وہ ہو جاتا ہے۔ کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو

يُجَادِلُوۡنَ فِىۡۤ اٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ اَنّٰى يُصۡرَفُوۡنَ ﴿۶۹﴾ الَّذِيۡنَ كَذَّبُوۡا بِالۡكِتٰبِ وَبِمَاۤ

يُجَادِلُوۡنَ	فِىۡۤ	اٰيٰتِ اللّٰهِ	اَنّٰى	يُصۡرَفُوۡنَ	الَّذِيۡنَ	كَذَّبُوۡا	بِالۡكِتٰبِ	وَبِمَاۤ
جھگڑتے ہیں	میں	اللہ کی آیات	کہاں	پھیرے جاتے ہیں	جن لوگوں نے	جھٹلایا	کتاب کو	اور اس کو جو

اللہ کی آیات میں جھگڑتے ہیں؟ وہ کہاں پھیرے جاتے (بھٹکتے) ہیں؟ جن لوگوں نے کتاب کو جھٹلایا اور اسے

اَرۡسَلۡنَا بِهٖ رُسُلَنَا ۛ فَسَوۡفَ يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۷۰﴾ اِذِ الۡاَغۡلٰلُ فِىۡۤ اَعۡنَاقِهِمۡ وَ

اَرۡسَلۡنَا	بِهٖ	رُسُلَنَا	فَسَوۡفَ	يَعۡلَمُوۡنَ	اِذِ	الۡاَغۡلٰلُ	فِىۡۤ اَعۡنَاقِهِمۡ	وَ
ہم نے بھیجا	اس کے ساتھ	اپنے رسول	پس جلد	وہ جان لیں گے	جب	طوق (جمع)	ان کی گردنوں میں	اور

جس کے ساتھ ہم نے اپنے رسولوں کو بھیجا، پس وہ جلد جان لیں گے۔ جب ان کی گردنوں میں طوق اور

السَّلٰسِلُ ؕ يُسۡحَبُوۡنَ ﴿۷۱﴾ فِى الۡحَمِيۡمِ ۙ ثُمَّ فِى النَّارِ يُسۡجَرُوۡنَ ﴿۷۲﴾ ثُمَّ قِيۡلَ

السَّلٰسِلُ	يُسۡحَبُوۡنَ	فِى الۡحَمِيۡمِ	ثُمَّ	فِى النَّارِ	يُسۡجَرُوۡنَ	ثُمَّ	قِيۡلَ
زنجیریں	وہ گھسیٹے جائیں گے	کھولتے ہوئے پانی میں	پھر	آگ میں	وہ جھونک دیئے جائیں گے	پھر	کہا جائے گا

زنجیریں ہوں گی، وہ گھسیٹے جائیں گے۔ کھولتے ہوئے پانی میں، پھر وہ آگ میں جھونک دیئے جائیں گے۔ پھر کہا جائے گا،

لَهُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ﴿۷۳﴾ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا بَلْ

لَهُمْ	اَيْنَ	مَا كُنْتُمْ	تُشْرِكُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	قَالُوْا	ضَلُّوْا	عَنَّا	بَلْ
ان کو	کہاں	جن کو تم تھے	شریک کرتے	اللہ کے سوا	وہ کہیں گے	وہ گم ہو گئے	ہم سے	بلکہ

ان کو، کہاں ہیں وہ جن کو تم اللہ کے سوا شریک کرتے تھے؟ وہ کہیں گے وہ تو ہم سے گم ہو گئے (کہیں نظر نہیں آتے)، بلکہ

لَّمْ نَكُنْ نَّدْعُوْا مِنْ قَبْلُ شَيْـًٔا ؕ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۴﴾ ذٰلِكُمْ

لَّمْ	نَكُنْ نَّدْعُوْا	مِنْ قَبْلُ	شَيْـًٔا	كَذٰلِكَ	يُضِلُّ	اللّٰهُ	الْكٰفِرِيْنَ	ذٰلِكُمْ
نہیں	پکارتے تھے ہم	اس سے قبل	کوئی چیز	اسی طرح	گمراہ کرتا ہے	اللہ	کافروں	یہ

ہم تو اس سے قبل کسی چیز کو پکارتے ہی نہ تھے، اسی طرح اللہ کافروں کو گمراہ کرتا ہے۔ یہ

بِمَا كُنْتُمْ تَفْرَحُوْنَ فِى الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَمْرَحُوْنَ ﴿۷۵﴾ ۚ

بِمَا	كُنْتُمْ تَفْرَحُوْنَ	فِى الْاَرْضِ	بِغَيْرِ الْحَقِّ	وَبِمَا	كُنْتُمْ	تَمْرَحُوْنَ
اس کا بدلہ جو	تم خوش ہوتے تھے	زمین میں	ناحق	اور بدلہ اس کا جو	تم تھے	اِتراتے

اس کا بدلہ ہے جو تم زمین میں ناحق خوش ہوتے (پھرتے) تھے، اور بدلہ ہے اس کا جس پر تم اِتراتے تھے۔

اُدْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۷۶﴾

اُدْخُلُوْٓا	اَبْوَابَ	جَهَنَّمَ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	فَبِئْسَ	مَثْوَى	الْمُتَكَبِّرِيْنَ
تم داخل ہو جاؤ	دروازے	جہنم	ہمیشہ رہنے کو	اس میں	سو بُرا	ٹھکانا	تکبر کرنے (بڑا بننے) والوں کا۔

تم جہنم کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ، ہمیشہ اس میں رہنے کو، سو بڑا بننے والوں کا بُرا ہے ٹھکانا۔

فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۚ فَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِىْ نَعِدُهُمْ اَوْ

فَاصْبِرْ	اِنَّ	وَعْدَ اللّٰهِ	حَقٌّ	فَاِمَّا	نُرِيَنَّكَ	بَعْضَ	الَّذِىْ	نَعِدُهُمْ	اَوْ
پس آپ صبر کریں	بیشک	اللہ کا وعدہ	سچا	پس اگر	ہم آپ کو دکھا دیں	بعض (کچھ حصہ)	وہ جو	ہم ان سے وعدہ کرتے ہیں	یا

پس آپ صبر کریں، بیشک اللہ کا وعدہ سچا ہے پس اگر ہم آپ کو اس (عذاب) کا کچھ حصہ دکھا دیں جو ہم ان سے وعدہ کرتے ہیں یا (اس سے قبل)

نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ ﴿۷۷﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ مِنْهُمْ مَّنْ

نَتَوَفَّيَنَّكَ	فَاِلَيْنَا	يُرْجَعُوْنَ	وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا	رُسُلًا	مِّنْ قَبْلِكَ	مِنْهُمْ	مَّنْ
ہم آپ کو وفات دیدیں	پس ہماری طرف	وہ لوٹائے جائیں گے	اور تحقیق ہم نے بھیجے	بہت سے رسول	آپ سے پہلے	ان میں سے	جو۔ جن

ہم آپ کو وفات دیدیں (بہرصورت)، وہ ہماری ہی طرف لوٹائے جائیں گے۔ اور تحقیق ہم نے آپ سے پہلے بہت سے رسول بھیجے ان میں سے (کچھ) ہیں، جن کا

قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَ مِنْهُمْ مَّنْ لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ

لِرَسُوْلٍ	وَمَا كَانَ	عَلَيْكَ	لَّمْ نَقْصُصْ	مَّنْ	وَ مِنْهُمْ	عَلَيْكَ	قَصَصْنَا
کسی رسول کے لئے	اور نہ تھا	آپ پر سے	ہم نے حال نہیں بیان کیا	جو۔جن	اور ان میں سے	آپ پر سے	ہم نے حال بیان کیا

حال ہم نے آپ سے بیان کیا اور ان میں سے (کچھ ہیں) جن کا حال ہم نے آپ سے بیان نہیں کیا، اور کسی رسول کے لئے (مقدور) نہ تھا

اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ فَاِذَا جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ قُضِيَ بِالْحَقِّ وَ

وَ	بِالْحَقِّ	قُضِيَ	اَمْرُ اللّٰهِ	جَآءَ	فَاِذَا	بِاِذْنِ اللّٰهِ	اِلَّا	بِاٰيَةٍ	يَّاْتِيَ	اَنْ
اور	انصاف کے ساتھ	فیصلہ کر دیا گیا	اللہ کا حکم	آ گیا	سو جب	اللہ کے حکم سے	مگر بغیر	کوئی نشانی	وہ لائے	کہ

کہ وہ کوئی نشانی اللہ کے حکم کے بغیر لے آئے، سو جب اللہ کا حکم آ گیا، انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا گیا، اور

٨ ع ١٣

خَسِرَ هُنَالِكَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿٧٨﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَنْعَامَ لِتَرْكَبُوْا

لِتَرْكَبُوْا	الْاَنْعَامَ	لَكُمُ	جَعَلَ	الَّذِيْ	اَللّٰهُ	الْمُبْطِلُوْنَ	هُنَالِكَ	خَسِرَ
تاکہ تم سوار ہو	چوپائے	تمہارے لئے	بنائے	وہ جس نے	اللہ	اہل باطل	اس وقت	گھاٹے میں رہ گئے

اہل باطل اس وقت گھاٹے میں رہ گئے۔ اللہ (وہی) ہے جس نے تمہارے لئے چوپائے بنائے تاکہ تم سوار ہو

مِنْهَا وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿٧٩﴾ وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَلِتَبْلُغُوْا عَلَيْهَا حَاجَةً فِيْ صُدُوْرِكُمْ

فِيْ صُدُوْرِكُمْ	حَاجَةً	عَلَيْهَا	وَلِتَبْلُغُوْا	مَنَافِعُ	فِيْهَا	وَلَكُمْ	تَاْكُلُوْنَ	وَمِنْهَا	مِنْهَا
تمہارے سینوں (دلوں) میں	حاجت	ان پر	اور تاکہ تم پہنچو	بہت سے فائدے	ان میں	اور تمہارے لئے	تم کھاتے ہو	اور ان سے	ان سے

ان میں سے (بعض پر)، اور ان میں سے (بعض)، تم کھاتے ہو، اور تمہارے لئے ان میں بہت سے فائدے ہیں اور تاکہ تم ان پر (سوار ہو کر) اپنے دلوں کی مراد (منزل مقصود) کو پہنچو

وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ﴿٨٠﴾ وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ فَاَيَّ اٰيٰتِ اللّٰهِ

اٰيٰتِ اللّٰهِ	فَاَيَّ	اٰيٰتِهٖ	وَيُرِيْكُمْ	تُحْمَلُوْنَ	عَلَى الْفُلْكِ	وَ	وَعَلَيْهَا
اللہ کی نشانیوں کا	تو کن کن	اپنی نشانیاں	اور وہ دکھاتا ہے تمہیں	لدے پھرتے ہو	کشتیوں پر	اور	اور ان پر

اور ان پر اور کشتیوں پر تم لدے پھرتے ہو۔ اور وہ تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہے، تم اللہ کی کن کن نشانیوں کا

تُنْكِرُوْنَ ﴿٨١﴾ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

عَاقِبَةُ	كَانَ	كَيْفَ	فَيَنْظُرُوْا	فِي الْاَرْضِ	اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا	تُنْكِرُوْنَ
انجام	ہوا	کیسا	تو وہ دیکھتے	زمین میں	پس کیا وہ چلے پھرے نہیں	تم انکار کرو گے

انکار کرو گے؟ پس کیا وہ زمین میں چلے پھرے نہیں؟ تو وہ دیکھتے کہ کیسا ہوا انجام

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ كَانُوْٓا اَكْثَرَ مِنْهُمْ وَاَشَدَّ قُوَّةً وَّاٰثَارًا فِي الْاَرْضِ

الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	كَانُوْٓا	اَكْثَرَ	مِنْهُمْ	وَاَشَدَّ	قُوَّةً	وَّاٰثَارًا	فِي الْاَرْضِ
ان لوگوں کا جو	ان سے قبل	وہ تھے	زیادہ	اُن سے	اور بہت زیادہ	قوت	اور آثار	زمین میں

ان لوگوں کا جو اُن سے قبل تھے، وہ تعداد اور قوت میں ان سے بہت زیادہ تھے، اور وہ زمین میں (ان سے بڑھ چڑھ کر) آثار (چھوڑ گئے)

فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۸۲﴾ فَلَمَّا جَاۗءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ

فَمَا	اَغْنٰى	عَنْهُمْ	مَا	كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ	فَلَمَّا	جَاۗءَتْهُمْ	رُسُلُهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ
سو نہ	ان کے کام آیا	اُن کے	جو	وہ کماتے (کرتے) تھے	پھر جب	ان کے پاس آئے	ان کے رسول	کھلی نشانیوں کے ساتھ

سو جو وہ کرتے تھے ان کے (کچھ) کام نہ آیا۔ پھر جب ان کے پاس ان کے رسول کھلی نشانیوں کے ساتھ آئے

فَرِحُوْا بِمَا عِنْدَهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۸۳﴾

فَرِحُوْا بِمَا	عِنْدَهُمْ	مِّنَ الْعِلْمِ	وَحَاقَ	بِهِمْ	مَا كَانُوْا	بِهٖ	يَسْتَهْزِءُوْنَ
خوش ہو گئے (اترانے لگے) اس پر جو	ان کے پاس	علم سے	اور گھیر لیا	انہیں	جو وہ تھے	اس کا	مذاق اڑاتے

تو وہ اس علم پر اترانے لگے جو ان کے پاس تھا اور انہیں اس (عذاب) نے گھیر لیا جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔

فَلَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ وَكَفَرْنَا بِمَا كُنَّا بِهٖ

فَلَمَّا	رَاَوْا	بَاْسَنَا	قَالُوْٓا	اٰمَنَّا	بِاللّٰهِ	وَحْدَهٗ	وَكَفَرْنَا	بِمَا	كُنَّا	بِهٖ
پھر جب	انہوں نے دیکھا	ہمارا عذاب	وہ کہنے لگے	ہم ایمان لائے	اللہ پر	وہ واحد	اور ہم منکر ہوئے	وہ جس	ہم تھے	اس کے

پھر جب انہوں نے ہمارا عذاب دیکھا تو وہ کہنے لگے ہم اللہ واحد پر ایمان لائے اور ہم اس کے منکر ہوئے جس کو ہم اس کے ساتھ

مُشْرِكِيْنَ ﴿۸۴﴾ فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا ۭ سُنَّتَ اللّٰهِ

مُشْرِكِيْنَ	فَلَمْ يَكُ	يَنْفَعُهُمْ	اِيْمَانُهُمْ	لَمَّا رَاَوْا	بَاْسَنَا	سُنَّتَ اللّٰهِ
شریک کرتے	تو نہ ہوا	ان کو نفع دیتا	ان کا ایمان	جب انہوں نے دیکھ لیا	ہمارا عذاب	اللہ کا دستور

شریک کرتے تھے۔ تو (اب ایسا) نہ ہوا کہ ان کا ایمان ان کو نفع دیتا جب انہوں نے ہمارا عذاب دیکھ لیا، اللہ کا دستور ہے

الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ فِيْ عِبَادِهٖ ۚ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۵﴾

۹ ع ۷ ۱۴

الَّتِيْ	قَدْ خَلَتْ	فِيْ عِبَادِهٖ	وَخَسِرَ	هُنَالِكَ	الْكٰفِرُوْنَ
وہ جو	گزر چکا ہے	اس کے بندوں میں	اور گھاٹے میں رہ گئے	اس وقت	کافر (جمع)

جو اس کے بندوں میں گزر چکا (ہوتا چلا آیا ہے) اور اس وقت کافر گھاٹے میں رہ گئے۔

ایاتها ۵۴ — ۴۱ سُوْرَةُ حٰمٓ السَّجْدَةِ مَكِّيَّةٌ : ۶۱ — ركوعاتها ۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

حٰمٓ ﴿۱﴾ تَنْزِيْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿۲﴾ كِتٰبٌ فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ قُرْاٰنًا

حٰمٓ	تَنْزِيْلٌ	مِّنَ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ	كِتٰبٌ	فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ	قُرْاٰنًا
حٰمٓ	نازل کیا ہوا	سے	نہایت رحم کرنے والا	مہربان	ایک کتاب	جدا جدا (واضح) کردی گئیں اسکی آیتیں	قرآن

حٰمٓ (یہ کلام) نازل کیا ہوا ہے، نہایت رحم کرنیوالے مہربان (اللہ کی طرف) سے۔ یہ ایک کتاب ہے اس کی آیتیں واضح کردی گئی ہیں، قرآن

عَرَبِيًّا لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۳﴾ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۚ فَاَعْرَضَ اَكْثَرُهُمْ فَهُمْ

عَرَبِيًّا	لِّقَوْمٍ	يَّعْلَمُوْنَ	بَشِيْرًا	وَّنَذِيْرًا	فَاَعْرَضَ	اَكْثَرُهُمْ	فَهُمْ
عربی (زبان) میں	ان لوگوں کے لئے	وہ جانتے ہیں	خوشخبری دینے والا	اور ڈر سنانے والا	سو منہ پھیر لیا	ان میں سے اکثر	پس وہ

عربی زبان میں ہے ان لوگوں کے لئے جو جانتے ہیں۔ خوشخبری دینے والا اور ڈر سنانے والا، سو ان میں سے اکثر نے منہ پھیر لیا، پس وہ

لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۴﴾ وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا فِيْٓ اَكِنَّةٍ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ وَ

لَا يَسْمَعُوْنَ	وَقَالُوْا	قُلُوْبُنَا	فِيْٓ اَكِنَّةٍ	مِّمَّا	تَدْعُوْنَآ	اِلَيْهِ	وَ
سنتے نہیں	اور انہوں نے کہا	ہمارے دل	پردوں میں	اس سے جو	تم بلاتے ہو ہمیں	اس کی طرف	اور

سنتے نہیں۔ اور انہوں نے کہا اس (بات) سے جس کی طرف تم ہمیں بلاتے ہو ہمارے دل پردوں میں ہیں، اور

فِيْٓ اٰذَانِنَا وَقْرٌ وَّمِنْۢ بَيْنِنَا وَبَيْنِكَ حِجَابٌ فَاعْمَلْ اِنَّنَا عٰمِلُوْنَ ﴿۵﴾

فِيْٓ اٰذَانِنَا	وَقْرٌ	وَّمِنْۢ بَيْنِنَا	وَبَيْنِكَ	حِجَابٌ	فَاعْمَلْ	اِنَّنَا	عٰمِلُوْنَ
ہمارے کانوں میں	بوجھ، گرانی	اور ہمارے درمیان	اور تمہارے درمیان	ایک پردہ	سو تم کام کرو	بیشک ہم	کام کرتے ہیں

ہمارے کانوں میں گرانی ہے، اور ہمارے اور تمہارے درمیان ایک پردہ ہے، سو تم اپنا کام کرو، بیشک ہم تو اپنا کام کرتے ہیں۔

قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَاسْتَقِيْمُوْٓا

قُلْ	اِنَّمَآ	اَنَا	بَشَرٌ	مِّثْلُكُمْ	يُوْحٰٓى	اِلَيَّ	اَنَّمَآ	اِلٰهُكُمْ	اِلٰهٌ	وَّاحِدٌ	فَاسْتَقِيْمُوْٓا
فرمادیں	اسکے سوا نہیں	کہ میں	ایک بشر	تم جیسا	وحی کی جاتی ہے	میری طرف	یہ کہ	تمہارا معبود	معبود	یکتا	پس سیدھے رہو

آپؐ فرمادیں، اس کے سوا نہیں کہ میں تم جیسا ایک بشر ہوں، میری طرف وحی کی جاتی ہے، یہ کہ تمہارا معبود، معبود یکتا ہے، پس سیدھے رہو

اِلَيۡهِ وَاسۡتَغۡفِرُوۡهُ ؕ وَوَيۡلٌ لِّلۡمُشۡرِكِيۡنَ ۙ﴿۶﴾ الَّذِيۡنَ لَا يُؤۡتُوۡنَ الزَّكٰوةَ

اِلَيۡهِ	وَاسۡتَغۡفِرُوۡهُ	وَوَيۡلٌ	لِّلۡمُشۡرِكِيۡنَ	الَّذِيۡنَ	لَا يُؤۡتُوۡنَ	الزَّكٰوةَ
اسکی طرف (اس کے حضور)	اور اس سے مغفرت مانگو	اور خرابی	مشرکوں کے لئے	وہ جو	نہیں دیتے	زکوٰۃ

اس کے حضور، اور اس سے مغفرت مانگو، اور خرابی ہے مشرکوں کے لئے ۔ وہ جو زکوٰۃ نہیں دیتے

وَهُمۡ بِالۡاٰخِرَةِ هُمۡ كٰفِرُوۡنَ ﴿۷﴾ اِنَّ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمۡ اَجۡرٌ

وَهُمۡ	بِالۡاٰخِرَةِ	هُمۡ	كٰفِرُوۡنَ	اِنَّ	الَّذِيۡنَ	اٰمَنُوۡا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	لَهُمۡ	اَجۡرٌ
اور وہ	آخرت کا	وہ	منکر ہیں	بیشک	جو لوگ	ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	اچھے	انکے لئے	اجر

اور وہ آخرت کے منکر ہیں ۔ بے شک جو لوگ ایمان لائے ، اور انہوں نے اچھے عمل کئے، اُن کے لئے اجر ہے

غَيۡرُ مَمۡنُوۡنٍ ﴿۸﴾ قُلۡ اَئِنَّكُمۡ لَتَكۡفُرُوۡنَ بِالَّذِىۡ خَلَقَ الۡاَرۡضَ فِىۡ يَوۡمَيۡنِ

غَيۡرُ مَمۡنُوۡنٍ	قُلۡ	اَئِنَّكُمۡ	لَتَكۡفُرُوۡنَ	بِالَّذِىۡ	خَلَقَ	الۡاَرۡضَ	فِىۡ يَوۡمَيۡنِ
ختم نہ ہونے والا	فرمادیں	کیا تم	انکار کرتے ہو	اس کا جس نے	پیدا کیا	زمین	دو دنوں میں

ختم نہ ہونے والا ۔ آپؐ فرمادیں کیا تم اس کا انکار کرتے ہو؟ جس نے زمین کو دو دنوں میں پیدا کیا

وَتَجۡعَلُوۡنَ لَهٗۤ اَنۡدَادًا ؕ ذٰلِكَ رَبُّ الۡعٰلَمِيۡنَ ۚ﴿۹﴾ وَجَعَلَ فِيۡهَا رَوَاسِىَ مِنۡ فَوۡقِهَا

وَتَجۡعَلُوۡنَ	لَهٗۤ	اَنۡدَادًا	ذٰلِكَ	رَبُّ الۡعٰلَمِيۡنَ	وَجَعَلَ	فِيۡهَا	رَوَاسِىَ	مِنۡ فَوۡقِهَا
اور تم ٹھہراتے ہو	اس کے	شریک (جمع)	یہ	سارے جہانوں کا رب	اور اس نے بنائے	اس میں	پہاڑ (جمع)	اس کے اوپر

اور تم اس کے شریک ٹھہراتے ہو، یہی ہے سارے جہانوں کا رب ۔ اور اس نے اس میں اس کے اوپر پہاڑ بنائے ،

وَبٰرَكَ فِيۡهَا وَقَدَّرَ فِيۡهَاۤ اَقۡوَاتَهَا فِىۡۤ اَرۡبَعَةِ اَيَّامٍ ؕ سَوَآءً لِّلسَّآئِلِيۡنَ ﴿۱۰﴾

وَبٰرَكَ	فِيۡهَا	وَقَدَّرَ	فِيۡهَا	اَقۡوَاتَهَا	فِىۡۤ	اَرۡبَعَةِ اَيَّامٍ	سَوَآءً	لِّلسَّآئِلِيۡنَ
اور برکت رکھی	اس میں	اور مقرر کیں	اس میں	انکی خوراکیں	میں	چار دن (جمع)	یکساں	تمام سوال کرنیوالوں کے لئے

اور اس میں برکت رکھی، اور اس میں چار دنوں میں ان کی خوراکیں مقرر کیں ، یکساں تمام سوال کرنے والوں کے لئے ۔

ثُمَّ اسۡتَوٰۤى اِلَى السَّمَآءِ وَهِىَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَلِلۡاَرۡضِ ائۡتِيَا طَوۡعًا

ثُمَّ اسۡتَوٰۤى	اِلَى السَّمَآءِ	وَهِىَ	دُخَانٌ	فَقَالَ	لَهَا	وَلِلۡاَرۡضِ	ائۡتِيَا	طَوۡعًا
پھر اس نے توجہ فرمائی	آسمان کی طرف	اور وہ	ایک دھواں	تو اس نے کہا	اس سے	اور زمین سے	تم دونوں آؤ	خوشی سے

پھر اس نے آسمان کی طرف توجہ فرمائی، اور وہ ایک دھواں تھا، تو اس نے اس سے اور زمین سے کہا تم دونوں آؤ خوشی سے

أَوْ كَرْهًا ۖ قَالَتَا أَتَيْنَا طَائِعِينَ ⑪ فَقَضَاهُنَّ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ فِي يَوْمَيْنِ

أَوْ	كَرْهًا	قَالَتَا	أَتَيْنَا	طَائِعِينَ	فَقَضَاهُنَّ	سَبْعَ سَمَاوَاتٍ	فِي يَوْمَيْنِ
یا	ناخوشی سے	ان دونوں نے کہا	ہم دونوں آگئے (حاضر ہیں)	خوشی سے	پھر اس نے بنائے	سات آسمان	دو دنوں میں

یا ناخوشی سے' ان دونوں نے کہا، ہم خوشی سے حاضر ہیں۔ پھر اس نے دو دنوں میں سات آسمان بنائے

وَأَوْحَىٰ فِي كُلِّ سَمَاءٍ أَمْرَهَا ۚ وَزَيَّنَّا السَّمَاءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيحَ ۖ

وَأَوْحَىٰ	فِي	كُلِّ سَمَاءٍ	أَمْرَهَا	وَزَيَّنَّا	السَّمَاءَ	الدُّنْيَا	بِمَصَابِيحَ
اور وحی کردی	میں۔تو	ہر آسمان	اس کا کام	اور ہم نے زینت دی	آسمان	دنیا	چراغوں (ستاروں) سے

اور ہر آسمان کو اس کے کام کی وحی کردی، اور ہم نے آسمان دنیا کو ستاروں سے زینت دی،

وَحِفْظًا ۚ ذَٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ ⑫ فَإِنْ أَعْرَضُوا فَقُلْ أَنْذَرْتُكُمْ

وَحِفْظًا	ذَٰلِكَ	تَقْدِيرُ	الْعَزِيزِ	الْعَلِيمِ	فَإِنْ	أَعْرَضُوا	فَقُلْ	أَنْذَرْتُكُمْ
اور حفاظت کے لئے	یہ	اندازہ (فیصلہ)	غالب	علم والا	پھر اگر	وہ منہ موڑ لیں	تو فرمادیں	میں ڈراتا ہوں تمہیں

اور حفاظت کے لئے (بھی)، یہ غالب، علم والے (اللہ) کا فیصلہ ہے۔ پھر اگر وہ منہ موڑ لیں تو آپ فرمادیں میں تمہیں ڈراتا ہوں،

صَاعِقَةً مِثْلَ صَاعِقَةِ عَادٍ وَثَمُودَ ⑬ إِذْ جَاءَتْهُمُ الرُّسُلُ مِنْ بَيْنِ أَيْدِيهِمْ

صَاعِقَةً	مِثْلَ	صَاعِقَةِ	عَادٍ وَثَمُودَ	إِذْ جَاءَتْهُمُ	الرُّسُلُ	مِنْ بَيْنِ أَيْدِيهِمْ
ایک چنگھاڑ	جیسی	چنگھاڑ	عاد اور ثمود	جب آئے ان کے پاس	رسول	ان کے آگے سے

ایک چنگھاڑ سے، جیسی چنگھاڑ سے عاد و ثمود (پر عذاب آیا تھا)۔ جب ان کے پاس رسول آئے، اُن کے آگے سے

وَمِنْ خَلْفِهِمْ أَلَّا تَعْبُدُوا إِلَّا اللَّهَ ۖ قَالُوا لَوْ شَاءَ رَبُّنَا لَأَنْزَلَ مَلَائِكَةً

وَمِنْ	خَلْفِهِمْ	أَلَّا تَعْبُدُوا	إِلَّا اللَّهَ	قَالُوا	لَوْ شَاءَ	رَبُّنَا	لَأَنْزَلَ	مَلَائِكَةً
اور	ان کے پیچھے سے	کہ تم نہ عبادت کرو	سوائے اللہ	انہوں نے جواب دیا	اگر چاہتا	ہمارا رب	تو ضرور اتارتا	فرشتے

اور اُن کے پیچھے سے کہ تم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو، تو انہوں نے جواب دیا کہ اگر ہمارا رب چاہتا تو ضرور فرشتے اتارتا

فَإِنَّا بِمَا أُرْسِلْتُمْ بِهِ كَافِرُونَ ⑭ فَأَمَّا عَادٌ فَاسْتَكْبَرُوا فِي الْأَرْضِ

فَإِنَّا	بِمَا	أُرْسِلْتُمْ	بِهِ	كَافِرُونَ	فَأَمَّا	عَادٌ	فَاسْتَكْبَرُوا	فِي الْأَرْضِ
پس ہم	اس کا جو	تم بھیجے گئے ہو	اس کے ساتھ	منکر ہیں	پھر جو	عاد	تو وہ تکبر (غرور) کرنے لگے	زمین (ملک) میں

پس تم جس (پیغام) کے ساتھ بھیجے گئے ہو ہم اس کے منکر ہیں۔ پھر جو عاد تھے وہ ملک میں غرور کرنے لگے،

بِغَيْرِ الْحَقِّ وَقَالُوْا مَنْ اَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً ؕ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ

بِغَيْرِ الْحَقِّ	وَقَالُوْا	مَنْ	اَشَدُّ	مِنَّا	قُوَّةً	اَوَ	لَمْ يَرَوْا	اَنَّ اللّٰهَ	الَّذِيْ
ناحق	اور وہ کہنے لگے	کون	زیادہ	ہم سے	قوت	کیا	وہ نہیں دیکھتے	کہ اللہ	وہ جس نے

ناحق، اور وہ کہنے لگے ہم سے زیادہ قوت میں کون ہے؟ کیا وہ نہیں دیکھتے؟ کہ اللہ ہے جس نے

خَلَقَهُمْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُمْ قُوَّةً ؕ وَكَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿۱۵﴾ فَاَرْسَلْنَا

خَلَقَهُمْ	هُوَ	اَشَدُّ	مِنْهُمْ	قُوَّةً	وَكَانُوْا	بِاٰيٰتِنَا	يَجْحَدُوْنَ	فَاَرْسَلْنَا
پیدا کیا انہیں	وہ	بہت زیادہ	ان سے	قوت	اور وہ تھے	ہماری آیتوں کا	انکار کرتے	پس ہم نے بھیجی

انہیں پیدا کیا ہے، وہ قوت میں ان سے بہت زیادہ ہے، اور وہ ہماری آیتوں کا انکار کرتے تھے۔ پس ہم نے بھیجی

عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا فِيْٓ اَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ لِّنُذِيْقَهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ

عَلَيْهِمْ	رِيْحًا	صَرْصَرًا	فِيْٓ	اَيَّامٍ	نَّحِسَاتٍ	لِّنُذِيْقَهُمْ	عَذَابَ	الْخِزْيِ
ان پر	ہوا	تندوتیز	دنوں میں		نحوست	تاکہ ہم چکھائیں انہیں	عذاب	رسوائی

ان پر نحوست کے دنوں میں تندوتیز ہوا، تاکہ ہم انہیں رسوائی کا عذاب چکھائیں

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَخْزٰى وَهُمْ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۶﴾ وَاَمَّا

فِيْ	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	وَلَعَذَابُ	الْاٰخِرَةِ	اَخْزٰى	وَهُمْ	لَا يُنْصَرُوْنَ	وَاَمَّا
میں	دنیا کی زندگی	اور البتہ عذاب	آخرت	زیادہ رسوا کرنے والا	اور وہ	مدد نہ کئے جائیں گے	اور رہے

دنیا کی زندگی میں، اور البتہ آخرت کا عذاب زیادہ رسوا کرنے والا ہے، اور نہ وہ مدد کئے جائیں گے۔ اور رہے

ثَمُوْدُ فَهَدَيْنٰهُمْ فَاسْتَحَبُّوا الْعَمٰى عَلَى الْهُدٰى فَاَخَذَتْهُمْ صٰعِقَةُ

ثَمُوْدُ	فَهَدَيْنٰهُمْ	فَاسْتَحَبُّوا	الْعَمٰى	عَلَى الْهُدٰى	فَاَخَذَتْهُمْ	صٰعِقَةُ
ثمود	سو ہم نے راستہ دکھایا انہیں	تو انہوں نے پسند کیا	اندھا رہنا	ہدایت پر	تو انہیں آ پکڑا	چنگھاڑ

ثمود، سو ہم نے انہیں راستہ دکھایا تو انہوں نے ہدایت (کے مقابلے) پر اندھا رہنا پسند کیا، تو انہیں چنگھاڑ نے آ پکڑا

الْعَذَابِ الْهُوْنِ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَنَجَّيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ

الْعَذَابِ	الْهُوْنِ	بِمَا	كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ	وَنَجَّيْنَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ
عذاب	ذلت	اسکی سزا میں جو	وہ کماتے (کرتے تھے)	اور ہم نے بچا لیا	وہ لوگ جو	ایمان لائے	اور

(یعنی) ذلت کے عذاب نے، اس کی سزا میں جو وہ کرتے تھے - اور ہم نے ان لوگوں کو بچا لیا جو ایمان لائے، اور

كَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَيَوْمَ يُحْشَرُ اَعْدَآءُ اللّٰهِ اِلَى النَّارِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ﴿۱۹﴾

كَانُوْا يَتَّقُوْنَ	وَيَوْمَ	يُحْشَرُ	اَعْدَآءُ اللّٰهِ	اِلَى النَّارِ	فَهُمْ	يُوْزَعُوْنَ
وہ پرہیزگاری کرتے تھے	اور جس دن	جمع کئے جائیں گے	اللہ کے دشمن	جہنم کی طرف	تو وہ	گروہ گروہ کئے جائیں گے

وہ پرہیزگاری کرتے تھے۔ اور جس دن اللہ کے دشمن جہنم کی طرف جمع کئے (ہانکے) جائیں گے تو وہ گروہ در گروہ (تقسیم) کر دیئے جائیں گے۔

حَتّٰٓى اِذَا مَا جَآءُوْهَا شَهِدَ عَلَيْهِمْ سَمْعُهُمْ وَاَبْصَارُهُمْ وَجُلُوْدُهُمْ

حَتّٰى	اِذَا	مَا جَآءُوْهَا	شَهِدَ	عَلَيْهِمْ	سَمْعُهُمْ	وَاَبْصَارُهُمْ	وَجُلُوْدُهُمْ
یہاں تک کہ	جب	وہ آئینگے اسکے پاس	گواہی دیں گے	ان پر	ان کے کان	اور ان کی آنکھیں	اور انکی جلدیں (گوشت پوست)

یہاں تک کہ جب وہ اس کے پاس آئیں گے تو اُن پر اُن کے کان، اور اُن کی آنکھیں، اور اُن کے گوشت پوست گواہی دیں گے

بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَقَالُوْا لِجُلُوْدِهِمْ لِمَ شَهِدْتُّمْ عَلَيْنَا ؕ

بِمَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	وَقَالُوْا	لِجُلُوْدِهِمْ	لِمَ	شَهِدْتُّمْ	عَلَيْنَا
اس پر	جو وہ کرتے تھے	اور وہ کہیں گے	اپنی جلدوں (گوشت پوست) سے	کیوں	تم نے گواہی دی	ہم پر (ہمارے خلاف)

اس پر جو وہ کرتے تھے۔ اور وہ اپنے گوشت پوست سے کہیں گے، تم نے ہمارے خلاف گواہی کیوں دی؟

قَالُوْٓا اَنْطَقَنَا اللّٰهُ الَّذِيْٓ اَنْطَقَ كُلَّ شَيْءٍ وَّهُوَ خَلَقَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّ

قَالُوْا	اَنْطَقَنَا	اللّٰهُ	الَّذِيْ	اَنْطَقَ	كُلَّ شَيْءٍ	وَّهُوَ	خَلَقَكُمْ	اَوَّلَ مَرَّةٍ	وَّ
وہ جواب دیں گے	ہمیں گویائی دی	اللہ	وہ جس نے	گویا فرمایا	ہر شے	اور وہ۔اس	تمہیں پیدا کیا	پہلی بار	اور

وہ جواب دیں گے، ہمیں اس اللہ نے گویائی دی، جس نے ہر شے کو گویا فرمایا ہے اور اسی نے تمہیں پہلی بار پیدا کیا تھا، اور

اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ يَّشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ

اِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ	وَمَا	كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ	اَنْ يَّشْهَدَ	عَلَيْكُمْ	سَمْعُكُمْ
اسی کی طرف	تم لوٹائے جاؤ گے	اور جو	تم چھپاتے تھے	کہ گواہی دیں گے	تم پر (تمہارے خلاف)	تمہارے کان

اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔ اور جو تم چھپاتے تھے کہ تمہارے خلاف گواہی دیں گے تمہارے کان

وَلَآ اَبْصَارُكُمْ وَلَا جُلُوْدُكُمْ وَلٰكِنْ ظَنَنْتُمْ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَعْلَمُ كَثِيْرًا مِّمَّا

وَلَآ اَبْصَارُكُمْ	وَلَا جُلُوْدُكُمْ	وَلٰكِنْ	ظَنَنْتُمْ	اَنَّ اللّٰهَ	لَا يَعْلَمُ	كَثِيْرًا	مِّمَّا
اور نہ تمہاری آنکھیں	اور نہ تمہاری جلدیں (گوشت پوست)	اور لیکن (بلکہ)	تم نے گمان کرلیا تھا	کہ اللہ	نہیں جانتا	بہت کچھ	اس سے

اور نہ تمہاری آنکھیں، اور نہ تمہارے گوشت پوست، بلکہ تم نے گمان کر لیا تھا کہ اللہ اس سے (اس کے متعلق) بہت کچھ نہیں جانتا جو

تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَذٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِيْ ظَنَنْتُمْ بِرَبِّكُمْ اَرْدٰىكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ

تَعْمَلُوْنَ	وَذٰلِكُمْ	ظَنُّكُمُ	الَّذِيْ	ظَنَنْتُمْ	بِرَبِّكُمْ	اَرْدٰىكُمْ	فَاَصْبَحْتُمْ
تم کرتے ہو	اور اس	تمہارا گمان	وہ جو	تم نے گمان کیا تھا	اپنے پروردگار کے متعلق	ہلاک کیا تمہیں	سو تم ہو گئے

تم کرتے ہو۔ تمہارے اس گمان (خیالِ باطل) نے، جو تم نے اپنے رب کے متعلق کیا تھا تمہیں ہلاک کیا، سو تم ہو گئے

مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾ فَاِنْ يَّصْبِرُوْا فَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ۚ وَاِنْ يَّسْتَعْتِبُوْا

مِنَ	الْخٰسِرِيْنَ	فَاِنْ	يَّصْبِرُوْا	فَالنَّارُ	مَثْوًى	لَّهُمْ	وَاِنْ	يَّسْتَعْتِبُوْا
سے	خسارہ پانے والے	پھر اگر	وہ صبر کریں	تو جہنم	ٹھکانہ	ان کے لئے	اور اگر	وہ معافی چاہیں

خسارہ پانے والوں میں سے۔ پھر اگر وہ صبر کریں تو (بھی)، جہنم ان کے لئے ٹھکانا ہے، اور اگر وہ (اب) معافی چاہیں،

فَمَا هُمْ مِّنَ الْمُعْتَبِيْنَ ﴿۲۴﴾ وَقَيَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَآءَ فَزَيَّنُوْا لَهُمْ مَّا

فَمَا هُمْ	مِنَ	الْمُعْتَبِيْنَ	وَقَيَّضْنَا	لَهُمْ	قُرَنَآءَ	فَزَيَّنُوْا لَهُمْ	مَا
تو نہ وہ	سے	معافی قبول کئے جانے والے	اور ہم نے مقرر کئے	ان کے لئے	کچھ ہم نشین	تو انہوں نے آراستہ کر دکھایا انکے لئے	جو

تو وہ معافی قبول کئے جانے والوں میں سے نہ ہوں گے۔ اور ہم نے ان کے کچھ ہم نشین مقرر کئے، تو انہوں نے ان کے لئے آراستہ کر دکھایا جو

بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ

بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ	وَ	مَا خَلْفَهُمْ	وَحَقَّ	عَلَيْهِمُ	الْقَوْلُ	فِيْٓ اُمَمٍ	قَدْ خَلَتْ
اُن کے آگے	اور	جو اُن کے پیچھے	اور پوری ہو گئی	ان پر	قول	ان امتوں میں	جو گزر چکیں

اُن کے آگے اور جو اُن کے پیچھے تھا اور اُن پر قول (عذاب کی وعید) پوری ہو گئی، ان امتوں میں جو گزر چکی ہیں،

مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۚ اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۲۵﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ

مِنْ قَبْلِهِمْ	مِنَ الْجِنِّ	وَالْاِنْسِ	اِنَّهُمْ	كَانُوْا خٰسِرِيْنَ	وَقَالَ	الَّذِيْنَ
ان سے قبل	جنات میں سے۔ کی	اور انسان	بیشک وہ	خسارہ پانے والے تھے	اور کہا	ان لوگوں نے جو

ان سے متعلق جنات اور انسانوں کی، بے شک وہ خسارہ پانے والے تھے۔ اور ان لوگوں نے کہا جنہوں نے

كَفَرُوْا لَا تَسْمَعُوْا لِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَالْغَوْا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُوْنَ ﴿۲۶﴾

كَفَرُوْا	لَا تَسْمَعُوْا	لِهٰذَا الْقُرْاٰنِ	وَالْغَوْا	فِيْهِ	لَعَلَّكُمْ	تَغْلِبُوْنَ
انہوں نے کفر کیا	تم مت سنو	یہ قرآن	اور غل مچاؤ	اس میں	شاید کہ تم	تم غالب آ جاؤ

کفر کیا (کافر) نے، کہ تم یہ قرآن سنو ہی مت، اور اگر (سنانے لگیں)، تو اس میں غل مچاؤ، شاید کہ تم غالب آ جاؤ۔

ع ۳ ۱۷

فَلَنُذِيقَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا عَذَابًا شَدِيدًا وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ أَسْوَأَ الَّذِي كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿۲۷﴾

فَلَنُذِيقَنَّ	الَّذِينَ كَفَرُوا	عَذَابًا شَدِيدًا	وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ	أَسْوَأَ	الَّذِي	كَانُوا يَعْمَلُونَ
پس ہم ضرور چکھائیں گے	ان لوگوں کو جنہوں نے کفر کیا (کافر)	سخت عذاب	اور ہم انہیں ضرور بدلہ دینگے	بدترین	وہ جو	وہ کرتے تھے (اعمال)

پس ہم کافروں کو ضرور سخت عذاب چکھائیں گے، اور البتہ ہم ان کے بدترین اعمال کا انہیں ضرور بدلہ دیں گے۔

ذٰلِكَ جَزَاءُ أَعْدَاءِ اللَّهِ النَّارُ ۖ لَهُمْ فِيهَا دَارُ الْخُلْدِ ۖ جَزَاءً بِمَا كَانُوا بِآيَاتِنَا

ذٰلِكَ	جَزَاءُ	أَعْدَاءِ اللَّهِ	النَّارُ	لَهُمْ	فِيهَا	دَارُ الْخُلْدِ	جَزَاءً	بِمَا	كَانُوا	بِآيَاتِنَا
یہ	بدلہ	اللہ کے دشمن (جمع)	جہنم	انکے لئے	اس میں	ہمیشگی کا گھر	بدلہ	اس کا جو	وہ تھے	ہماری آیتوں کا

یہ ہے اللہ کے دشمنوں کا بدلہ جہنم، اور ان کے لئے ہے اس میں ہمیشگی کا گھر، اس کا بدلہ جو وہ ہماری آیتوں کا

يَجْحَدُونَ ﴿۲۸﴾ وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا رَبَّنَا أَرِنَا الَّذَيْنِ أَضَلَّانَا مِنَ الْجِنِّ وَ

يَجْحَدُونَ	وَقَالَ	الَّذِينَ كَفَرُوا	رَبَّنَا	أَرِنَا	الَّذَيْنِ	أَضَلَّانَا	مِنَ الْجِنِّ	وَ
انکار کرتے	اور کہیں گے	وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا (کافر)	اے ہمارے رب	ہمیں دکھا دے	وہ دونوں	جنہوں نے گمراہ کیا ہمیں	جنات میں سے	اور

انکار کرتے تھے۔ اور کافر کہیں گے اے ہمارے رب! ہمیں وہ دونوں دکھا دے جنہوں نے ہمیں گمراہ کیا تھا جنات میں سے اور

الْإِنْسِ نَجْعَلْهُمَا تَحْتَ أَقْدَامِنَا لِيَكُونَا مِنَ الْأَسْفَلِينَ ﴿۲۹﴾ إِنَّ الَّذِينَ

الْإِنْسِ	نَجْعَلْهُمَا	تَحْتَ	أَقْدَامِنَا	لِيَكُونَا	مِنَ	الْأَسْفَلِينَ	إِنَّ	الَّذِينَ
انسانوں	ہم ان دونوں کو ڈالیں	تلے	اپنے پاؤں	تاکہ وہ ہوں	سے	انتہائی ذلیل (جمع)	بیشک	وہ جنہوں نے

انسانوں میں سے کہ ہم ان دونوں کو اپنے پاؤں تلے ڈالیں تاکہ وہ انتہائی ذلیلوں میں سے ہوں۔ بے شک جن لوگوں نے

قَالُوا رَبُّنَا اللَّهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلَائِكَةُ أَلَّا تَخَافُوا وَلَا تَحْزَنُوا

قَالُوا	رَبُّنَا اللَّهُ	ثُمَّ	اسْتَقَامُوا	تَتَنَزَّلُ	عَلَيْهِمُ	الْمَلَائِكَةُ	أَلَّا تَخَافُوا	وَلَا تَحْزَنُوا
انہوں نے کہا	ہمارا رب اللہ	پھر	وہ ثابت قدم رہے	اُترتے ہیں	ان پر	فرشتے	کہ نہ تم خوف کھاؤ	اور نہ غمگین ہو

کہا ہمارا رب اللہ ہے، پھر اس پر ثابت قدم رہے، ان پر فرشتے اترتے ہیں کہ نہ تم خوف کھاؤ اور نہ غمگین ہو،

وَأَبْشِرُوا بِالْجَنَّةِ الَّتِي كُنْتُمْ تُوعَدُونَ ﴿۳۰﴾ نَحْنُ أَوْلِيَاؤُكُمْ فِي الْحَيَاةِ

وَأَبْشِرُوا	بِالْجَنَّةِ	الَّتِي	كُنْتُمْ تُوعَدُونَ	نَحْنُ	أَوْلِيَاؤُكُمْ	فِي الْحَيَاةِ
اور تم خوش ہو	جنت پر	وہ جو	تمہیں وعدہ دیا جاتا تھا	ہم	تمہارے رفیق	زندگی میں

اور تم اس جنت پر خوش ہو جس کا تمہیں وعدہ دیا جاتا تھا۔ ہم تمہارے رفیق تھے زندگی میں

الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَلَكُمْ فِيهَا مَا تَشْتَهِيٓ اَنْفُسُكُمْ وَلَكُمْ فِيهَا مَا

مردہ شہر کو، اسی طرح تم (قبروں سے) نکالے جاؤ گے۔ وہ جس نے ان سب کے جوڑے بنائے، اور تمہارے لئے بنائیں

مِّنَ الْفُلْكِ وَالْاَنْعَامِ مَا تَرْكَبُوْنَ ﴿۱۲﴾ لِتَسْتَوٗا عَلٰى ظُهُوْرِهٖ ثُمَّ تَذْكُرُوْا

مِّنَ الْفُلْكِ	وَالْاَنْعَامِ	مَا	تَرْكَبُوْنَ	لِتَسْتَوٗا	عَلٰى ظُهُوْرِهٖ	ثُمَّ	تَذْكُرُوْا
کشتیاں	اور چوپائے	جن	تم سوار ہوتے ہو	تاکہ تم ٹھیک بیٹھو	اُن کی پیٹھوں پر	پھر	تم یاد کرو

کشتیاں اور چوپائے، جن پر تم سوار ہوتے ہو۔ تاکہ تم ان کی پیٹھوں پر ٹھیک طور سے بیٹھو، پھر تم یاد کرو

نِعْمَةَ رَبِّكُمْ اِذَا اسْتَوَيْتُمْ عَلَيْهِ وَتَقُوْلُوْا سُبْحٰنَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَ

نِعْمَةَ	رَبِّكُمْ	اِذَا	اسْتَوَيْتُمْ	عَلَيْهِ	وَتَقُوْلُوْا	سُبْحٰنَ	الَّذِيْ	سَخَّرَ لَنَا	هٰذَا	وَ
نعمت	اپنا رب	جب	تم ٹھیک بیٹھ جاؤ	اس پر	اور تم کہو	پاک ہے	وہ ذات جس	مسخر کیا ہمارے لئے	اس	اور

اپنے رب کی نعمت کو، جب تم اس پر ٹھیک بیٹھ جاؤ، اور تم کہو پاک ہے وہ ذات جس نے اسے ہمارے لئے مسخر (تابع فرمان) کیا اور

مَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ ﴿۱۳﴾ وَاِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ﴿۱۴﴾ وَجَعَلُوْا لَهٗ مِنْ عِبَادِهٖ

مَا كُنَّا	لَهٗ	مُقْرِنِيْنَ	وَاِنَّآ	اِلٰى	رَبِّنَا	لَمُنْقَلِبُوْنَ	وَجَعَلُوْا	لَهٗ	مِنْ عِبَادِهٖ
نہ تھے	ہم اس کو	قابو میں لانے والے	اور بیشک ہم	طرف	اپنا رب	ضرور لوٹ کر جانیوالے	اور انہوں نے بنا لیا	اس کے لئے	اس کے بندوں میں سے

ہم اس کو قابو میں لانے والے نہ تھے۔ اور ہم اپنے رب کی طرف ضرور لوٹ کر جانیوالے ہیں۔ اور انہوں نے اس کے بندوں میں سے اس کے لئے بنا لیا ہے

۱ ع ۵ ۷

جُزْءًا ۭ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾ اَمِ اتَّخَذَ مِمَّا يَخْلُقُ بَنٰتٍ وَّاَصْفٰىكُمْ

جُزْءًا	اِنَّ	الْاِنْسَانَ	لَكَفُوْرٌ	مُّبِيْنٌ	اَمِ اتَّخَذَ	مِمَّا	يَخْلُقُ	بَنٰتٍ	وَّاَصْفٰىكُمْ
جزو (لخت جگر)	بیشک	انسان	ناشکرا	صریح	کیا اس نے بنالیں	اس سے جو اس نے پیدا کیا (مخلوق)		بیٹیاں	اور تمہیں مخصوص کیا

جزو (لخت جگر)۔ بیشک انسان صریح ناشکرا ہے۔ کیا اس نے اپنی مخلوق میں سے (اپنے لئے) بیٹیاں بنالیں؟ اور تمہیں مخصوص کیا (نوازا)

بِالْبَنِيْنَ ﴿۱۶﴾ وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِمَا ضَرَبَ لِلرَّحْمٰنِ مَثَلًا ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ

بِالْبَنِيْنَ	وَاِذَا	بُشِّرَ	اَحَدُهُمْ	بِمَا	ضَرَبَ	لِلرَّحْمٰنِ	مَثَلًا	ظَلَّ وَجْهُهٗ	مُسْوَدًّا	وَّهُوَ
بیٹوں کے ساتھ	اور جب	خوشخبری دی جائے	ان میں سے ایک	اس کی جو	اس نے بیان کیں	رحمٰن (اللہ) کے لئے	مثال	ہو جاتا ہے اس کا چہرہ	سیاہ	اور وہ

بیٹوں کے ساتھ؟ اور جب ان میں سے کسی ایک کو اسکی خوشخبری دی جائے جس کی مثال اس نے اللہ کے لئے (بیٹی کی) دی تو اس کا چہرہ سیاہ ہو جاتا ہے، اور وہ

كَظِيْمٌ ﴿١٧﴾ اَوَمَنْ يُّنَشَّؤُا فِي الْحِلْيَةِ وَهُوَ فِي الْخِصَامِ غَيْرُ مُبِيْنٍ ﴿١٨﴾ وَجَعَلُوا

كَظِيْمٌ	اَوَ	مَنْ	يُّنَشَّؤُا	فِي الْحِلْيَةِ	وَهُوَ	فِي الْخِصَامِ	غَيْرُ مُبِيْنٍ	وَجَعَلُوا
پُرازغم	کیا	جو	پرورش پائے	زیور میں	اور وہ	جھگڑے (بحث مباحثہ) میں	عجز واضح	اور انہوں نے ٹھہرایا

پُرازغم ہو جاتا ہے۔ کیا وہ جو زیور میں پرورش پائے اور وہ بحث مباحثہ میں عجز واضح ہو (اسے اللہ کی بیٹی کہتے ہیں)۔ اور انہوں نے ٹھہرایا

الْمَلٰٓئِكَةَ الَّذِيْنَ هُمْ عِبٰدُ الرَّحْمٰنِ اِنَاثًا ؕ اَشَهِدُوْا خَلْقَهُمْ ؕ سَتُكْتَبُ شَهَادَتُهُمْ

الْمَلٰٓئِكَةَ	الَّذِيْنَ	هُمْ	عِبٰدُ الرَّحْمٰنِ	اِنَاثًا	اَشَهِدُوْا	خَلْقَهُمْ	سَتُكْتَبُ	شَهَادَتُهُمْ
فرشتے	وہ جو	وہ	رحمٰن (اللہ) کے بندے	عورتیں	کیا تم موجود تھے	ان کی پیدائش	ابھی لکھ لیا جائے گا	انکی گواہی (دعویٰ)

فرشتوں کو عورتیں، جو اللہ کے بندے ہیں، کیا تم ان کی پیدائش (کے وقت) موجود تھے؟ ان کا یہ دعویٰ ابھی لکھ لیا جائے گا

وَيُسْئَلُوْنَ ﴿١٩﴾ وَقَالُوْا لَوْ شَآءَ الرَّحْمٰنُ مَا عَبَدْنٰهُمْ ؕ مَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ق

وَيُسْئَلُوْنَ	وَقَالُوْا	لَوْ شَآءَ	الرَّحْمٰنُ	مَا عَبَدْنٰهُمْ	مَا لَهُمْ	بِذٰلِكَ	مِنْ عِلْمٍ
اور ان سے پوچھا جائے گا	اور وہ کہتے ہیں	اگر چاہتا	رحمٰن (اللہ)	ہم نہ عبادت کرتے ان کی	انہیں نہیں	اس کا	کچھ علم

اور (قیامت کے دن) ان سے پوچھا جائے گا۔ اور وہ کہتے ہیں اگر اللہ چاہتا ہم ان کی عبادت نہ کرتے، انہیں ان کا کچھ علم نہیں

اِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿٢٠﴾ اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا مِّنْ قَبْلِهٖ فَهُمْ بِهٖ مُسْتَمْسِكُوْنَ ﴿٢١﴾

اِنْ	هُمْ	اِلَّا	يَخْرُصُوْنَ	اَمْ	اٰتَيْنٰهُمْ	كِتٰبًا	مِّنْ قَبْلِهٖ	فَهُمْ بِهٖ	مُسْتَمْسِكُوْنَ
نہیں	وہ	مگر صرف	اٹکل دوڑاتے ہیں	کیا	ہم نے دی انہیں	کوئی کتاب	اس سے قبل	سو وہ اس کو	تھامے ہوئے ہیں

وہ تو صرف اٹکل دوڑاتے ہیں۔ کیا ہم نے اس سے قبل انہیں کوئی کتاب دی ہے جس کو وہ تھامے ہوئے ہیں (اور اس سے استدلال کرتے ہیں)۔

بَلْ قَالُوْٓا اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿٢٢﴾ وَكَذٰلِكَ

بَلْ	قَالُوْٓا	اِنَّا وَجَدْنَآ	اٰبَآءَنَا	عَلٰٓى اُمَّةٍ	وَّاِنَّا	عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ	مُّهْتَدُوْنَ	وَكَذٰلِكَ
بلکہ	وہ کہتے ہیں	بیشک ہم نے پایا	اپنے باپ دادا	ایک طریقہ پر	اور بیشک ہم	ان کے نقش قدم پر	(راہ پانے والے) چل رہے ہیں	اور اسی طرح

بلکہ وہ کہتے ہیں کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک طریقہ پر پایا، اور بیشک ہم ان کے نقش قدم پر چل رہے ہیں۔ اور اسی طرح

مَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَآ ۙ اِنَّا وَجَدْنَآ

مَآ اَرْسَلْنَا	مِنْ قَبْلِكَ	فِيْ قَرْيَةٍ	مِّنْ نَّذِيْرٍ	اِلَّا	قَالَ	مُتْرَفُوْهَا	اِنَّا وَجَدْنَا
نہیں بھیجا ہم نے	اس سے پہلے	کسی بستی میں	کوئی ڈر سنانے والا	مگر	کہا	اس کے خوشحال	بیشک ہم نے پایا

ہم نے آپ سے پہلے کسی بستی میں کوئی ڈر سنانے والا نہیں بھیجا، مگر اس کے خوشحال لوگوں نے کہا، بیشک ہم نے پایا ہے

اٰبَآءَنَا عَلٰۤى اُمَّةٍ وَّ اِنَّا عَلٰۤى اٰثٰرِهِمْ مُّقْتَدُوْنَ ﴿۲۳﴾ قٰلَ اَوَ لَوْ جِئْتُكُمْ بِاَهْدٰى

اٰبَآءَنَا	عَلٰۤى اُمَّةٍ	وَّ اِنَّا	عَلٰۤى اٰثٰرِهِمْ	مُّقْتَدُوْنَ	قٰلَ	اَوَ	لَوْ جِئْتُكُمْ	بِاَهْدٰى
اپنے باپ دادا	ایک طریقہ پر	اور بیشک ہم	ان کے نقش قدم پر	پیروی کرتے ہیں	(نبی نے) کہا	کیا	اگرچہ میں لایا ہوں	بہتر راہ بتانے والا

اپنے باپ دادا کو ایک طریقہ پر، اور بیشک ہم انکے نقش قدم کی پیروی کرتے ہیں۔ نبیؐ نے کہا کیا (اس صورت میں بھی) اگرچہ میں بہتر راہ تبلانے والا (دین حق) لایا ہوں

مِمَّا وَجَدْتُّمْ عَلَيْهِ اٰبَآءَكُمْ ؕ قَالُوْۤا اِنَّا بِمَاۤ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۲۴﴾ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ

مِمَّا	وَجَدْتُّمْ	عَلَيْهِ	اٰبَآءَكُمْ	قَالُوْۤا	اِنَّا	بِمَاۤ	اُرْسِلْتُمْ بِهٖ	كٰفِرُوْنَ	فَانْتَقَمْنَا	مِنْهُمْ
اس سے جس	تم نے پایا	اس پر	اپنے باپ دادا	وہ بولے	بیشک ہم	اس پر	جس کے ساتھ تم بھیجے گئے	انکار کرنے والے	تو ہم نے بدلہ لیا	ان سے

اس سے جس پر تم نے اپنے باپ دادا کو پایا؟ وہ بولے بیشک ہم اس کا انکار کرنے والے ہیں جس کے ساتھ تم بھیجے گئے ہو۔ تو ہم نے ان سے بدلہ لیا

فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۲۵﴾ وَ اِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ وَ قَوْمِهٖۤ

فَانْظُرْ	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	الْمُكَذِّبِيْنَ	وَ اِذْ	قَالَ	اِبْرٰهِيْمُ	لِاَبِيْهِ	وَ قَوْمِهٖۤ
سو دیکھو	کیسا	ہوا	انجام	جھٹلانے والوں	اور جب	کہا	ابراہیمؑ	اپنے باپ کو	اور اپنی قوم

سو دیکھو کہ جھٹلانے والوں کا کیسا انجام ہوا؟ اور (یاد کرو) جب ابراہیمؑ نے اپنے باپ اور اپنی قوم کو کہا

اِنَّنِيْ بَرَآءٌ مِّمَّا تَعْبُدُوْنَ ﴿۲۶﴾ اِلَّا الَّذِيْ فَطَرَنِيْ فَاِنَّهٗ سَيَهْدِيْنِ ﴿۲۷﴾ وَ جَعَلَهَا

اِنَّنِيْ	بَرَآءٌ	مِّمَّا تَعْبُدُوْنَ	اِلَّا الَّذِيْ	فَطَرَنِيْ	فَاِنَّهٗ	سَيَهْدِيْنِ	وَ جَعَلَهَا
بیشک میں	بیزار	اس سے جس کی تم پرستش کرتے ہو	مگر وہ جس نے	مجھے پیدا کیا	تو بیشک وہ	جلد مجھے ہدایت دے گا	اور اس نے کیا اس کو

بے شک میں اس سے بیزار ہوں جس کی تم پرستش کرتے ہو، مگر (ہاں) جس نے مجھے پیدا کیا تو بیشک وہ جلد مجھے ہدایت دیگا۔ اور اس (ابراہیمؑ) نے اس کو کیا

كَلِمَةًۢ بَاقِيَةً فِيْ عَقِبِهٖ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۸﴾ بَلْ مَتَّعْتُ هٰۤؤُلَآءِ وَ اٰبَآءَهُمْ حَتّٰى

كَلِمَةً	بَاقِيَةً	فِيْ عَقِبِهٖ	لَعَلَّهُمْ	يَرْجِعُوْنَ	بَلْ مَتَّعْتُ	هٰۤؤُلَآءِ	وَ اٰبَآءَهُمْ	حَتّٰى
بات	باقی رہنے والی	اپنی نسل میں	تاکہ وہ	رجوع کرتے رہیں	بلکہ میں نے سامانِ زیست دیا	ان کو	اور ان کے باپ دادا	یہاں تک کہ

اپنی نسل میں باقی رہنے والی بات، تاکہ وہ رجوع کرتے رہیں۔ بلکہ میں نے انہیں اور ان کے باپ دادا کو سامان زیست دیا، یہاں تک کہ

جَآءَهُمُ الْحَقُّ وَ رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ﴿۲۹﴾ وَ لَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ وَّ اِنَّا

جَآءَهُمُ	الْحَقُّ	وَ رَسُوْلٌ	مُّبِيْنٌ	وَ لَمَّا	جَآءَهُمُ	الْحَقُّ	قَالُوْا	هٰذَا	سِحْرٌ	وَّ اِنَّا
آگیا ان کے پاس	حق (قرآن)	اور رسول	صاف صاف بیان کرنیوالا	اور جب	آگیا ان کے پاس	حق	وہ کہنے لگے	یہ	جادو	اور بیشک ہم

ان کے پاس قرآن آگیا، اور صاف صاف بیان کرنے والا رسول۔ اور جب ان کے پاس حق آیا تو وہ کہنے لگے یہ جادو ہے، اور بیشک ہم

بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ ﴿۳۱﴾

بِهٖ	كٰفِرُوْنَ	وَقَالُوْا	لَوْ لَا نُزِّلَ	هٰذَا الْقُرْاٰنُ	عَلٰى رَجُلٍ	مِّنَ	الْقَرْيَتَيْنِ	عَظِيْمٍ
اس کے	انکار کرنے والے	اور وہ بولے	کیوں نہ اتارا گیا	یہ قرآن	کسی آدمی پر	سے	دو لبستیاں	بڑے

اس کے انکار کرنے والے ہیں۔ اور وہ بولے یہ قرآن (مکہ وطائف کی) دو بستیوں میں سے کسی بڑے آدمی پر کیوں نہ نازل کیا گیا؟

اَهُمْ يَقْسِمُوْنَ رَحْمَتَ رَبِّكَ ۭ نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَّعِيْشَتَهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

اَهُمْ	يَقْسِمُوْنَ	رَحْمَتَ	رَبِّكَ	نَحْنُ	قَسَمْنَا	بَيْنَهُمْ	مَّعِيْشَتَهُمْ	فِي	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا
کیا وہ	تقسیم کرتے ہیں	رحمت	تمہارا رب	ہم	ہم نے تقسیم کی	ان کے درمیان	ان کی روزی	میں	دنیا کی زندگی

کیا وہ تمہارے رب کی رحمت تقسیم کرتے ہیں، اور ہم نے ان کے درمیان ان کی روزی دنیا کی زندگی میں تقسیم کی ہے،

وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَتَّخِذَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا سُخْرِيًّا ۭ وَرَحْمَتُ رَبِّكَ

وَرَفَعْنَا	بَعْضَهُمْ	فَوْقَ بَعْضٍ	دَرَجٰتٍ	لِّيَتَّخِذَ	بَعْضُهُمْ بَعْضًا	سُخْرِيًّا	وَرَحْمَتُ رَبِّكَ
اور ہم نے بلند کئے	ان میں سے بعض (ایک)	بعض (دوسرے) پر	درجے	تاکہ بنائے	ان میں سے بعض (ایک) دوسرے کو	خدمتگار	اور تمہارے رب کی رحمت

اور ہم نے ان میں سے ایک کے درجے دوسرے پر بلند کئے ہیں تاکہ ان میں سے ایک دوسرے کو خدمتگار بنائے، اور تمہارے رب کی رحمت

خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَلَوْلَآ اَنْ يَّكُوْنَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً لَّجَعَلْنَا لِمَنْ يَّكْفُرُ

خَيْرٌ	مِّمَّا	يَجْمَعُوْنَ	وَلَوْلَآ	اَنْ يَّكُوْنَ	النَّاسُ	اُمَّةً وَّاحِدَةً	لَّجَعَلْنَا	لِمَنْ يَّكْفُرُ
بہتر	اس سے جو	وہ جمع کرتے ہیں	اور اگر یہ نہ ہوتا	کہ ہو جائیں گے	تمام لوگ	ایک امت (طریقہ)	تو ہم بناتے	ان کے لئے جو کفر کرتے ہیں

اس سے بہتر ہے جو وہ جمع کرتے ہیں ۔ اور اگر (یہ احتمال) نہ ہوتا کہ تمام لوگ ایک طریقہ پر ہو جائیں گے تو ہم بناتے ان کے لئے جو کفر کرتے ہیں

بِالرَّحْمٰنِ لِبُيُوْتِهِمْ سُقُفًا مِّنْ فِضَّةٍ وَّمَعَارِجَ عَلَيْهَا يَظْهَرُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَلِبُيُوْتِهِمْ اَبْوَابًا

بِالرَّحْمٰنِ	لِبُيُوْتِهِمْ	سُقُفًا	مِّنْ فِضَّةٍ	وَّمَعَارِجَ	عَلَيْهَا	يَظْهَرُوْنَ	وَلِبُيُوْتِهِمْ	اَبْوَابًا
رحمن (اللہ) کا	ان کے گھروں کے لئے	چھت	چاندی سے کی	اور سیڑھیاں	جن پر	وہ چڑھتے	اور ان کے گھروں کے لئے	دروازے

اللہ کا ان کے گھروں کے لئے چاندی کی چھت، اور سیڑھیاں، جن پر وہ چڑھتے، اور ان کے گھروں کے دروازے

وَسُرُرًا عَلَيْهَا يَتَّكِـُٔوْنَ ﴿۳۴﴾ وَزُخْرُفًا ۭ وَاِنْ كُلُّ ذٰلِكَ لَمَّا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ

وَسُرُرًا	عَلَيْهَا	يَتَّكِـُٔوْنَ	وَزُخْرُفًا	وَاِنْ	كُلُّ ذٰلِكَ	لَمَّا	مَتَاعُ	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا
اور تخت	جن پر	وہ تکیہ لگاتے	اور سونے	اور نہیں	یہ سب	مگر	پونجی	دنیا کی زندگی

اور تخت جن پر وہ تکیہ لگاتے، اور (وہ بھی) سونے کے، اور یہ سب (کچھ) نہیں، مگر دنیا کی زندگی کی پونجی

وَالْاٰخِرَةُ عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۵﴾ وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَيِّضْ

وَالْاٰخِرَةُ	عِنْدَ	رَبِّكَ	لِلْمُتَّقِيْنَ	وَمَنْ	يَّعْشُ	عَنْ	ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ	نُقَيِّضْ
اور آخرت	تمہارے	رب کے نزدیک	پرہیزگاروں کے لئے	اور جو	شب کوری کرے	سے	رحمٰن (اللہ) کی یاد	ہم مقرر (مسلط) کر دیتے ہیں

اور تمہارے رب کے نزدیک آخرت پرہیزگاروں کے لئے ہے۔ اور جو کوئی اللہ کی یاد سے شب کوری (غفلت) کرے، ہم مسلط کر دیتے ہیں

لَهٗ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ ﴿۳۶﴾ وَاِنَّهُمْ لَيَصُدُّوْنَهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ وَيَحْسَبُوْنَ

لَهٗ	شَيْطٰنًا	فَهُوَ	لَهٗ	قَرِيْنٌ	وَاِنَّهُمْ	لَيَصُدُّوْنَهُمْ	عَنِ السَّبِيْلِ	وَيَحْسَبُوْنَ
اس کے لئے	ایک شیطان	تو وہ	اس کا	ساتھی	اور بیشک وہ	البتہ وہ روکتے ہیں انہیں	راستہ سے	اور وہ گمان کرتے ہیں

اس کے لئے ایک شیطان، تو وہ اس کا ساتھی ہو جاتا ہے۔ اور بیشک وہ انہیں راستے سے روکتے ہیں، اور وہ گمان کرتے ہیں

اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۳۷﴾ حَتّٰۤى اِذَا جَآءَنَا قَالَ يٰلَيْتَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ

اَنَّهُمْ	مُّهْتَدُوْنَ	حَتّٰۤى	اِذَا	جَآءَنَا	قَالَ	يٰلَيْتَ	بَيْنِيْ	وَبَيْنَكَ	بُعْدَ	الْمَشْرِقَيْنِ
کہ وہ	ہدایت یافتہ	یہاں تک	جب	وہ آئیں گے ہمارے پاس	وہ کہے گا	اے کاش	میرے درمیان	اور تیرے درمیان	دوری	مشرق و مغرب

کہ وہ ہدایت یافتہ ہیں۔ یہاں تک کہ جب وہ ہمارے پاس آئیں گے تو وہ (اپنے شیطان ساتھی سے) کہے گا اے کاش! میرے اور تیرے درمیان مشرق و مغرب کی دوری ہوتی ﴿۳۸﴾

فَبِئْسَ الْقَرِيْنُ ﴿۳۸﴾ وَلَنْ يَّنْفَعَكُمُ الْيَوْمَ اِذْ ظَّلَمْتُمْ اَنَّكُمْ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ

فَبِئْسَ	الْقَرِيْنُ	وَلَنْ يَّنْفَعَكُمُ	الْيَوْمَ	اِذْ ظَّلَمْتُمْ	اَنَّكُمْ	فِي الْعَذَابِ	مُشْتَرِكُوْنَ
تو برا	ساتھی	اور ہرگز نفع نہ دے گا تمہیں	آج	جب ظلم کیا تم نے	یہ کہ تم	عذاب میں	مشترک ہو

تو برا ساتھی ہے۔ اور جب تم نے ظلم کیا تو آج تمہیں یہ ہرگز نفع نہ دے گا کہ تم عذاب میں مشترک ہو۔

اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ اَوْ تَهْدِي الْعُمْيَ وَمَنْ كَانَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۴۰﴾ فَاِمَّا نَذْهَبَنَّ بِكَ

اَفَاَنْتَ	تُسْمِعُ	الصُّمَّ	اَوْ تَهْدِي	الْعُمْيَ	وَمَنْ كَانَ	فِيْ	ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ	فَاِمَّا	نَذْهَبَنَّ	بِكَ
تو کیا آپ	سنائیں گے	بہروں	یا راہ دکھائیں گے	اندھوں	اور جو ہو	میں	صریح گمراہی	پھر اگر	لے جائیں	تمہیں

تو کیا آپ بہروں کو سنائیں گے؟ یا اندھوں کو راہ دکھائیں گے؟ اور اس کو جو صریح گمراہی میں ہو۔ پھر اگر ہم آپ کو (دنیا سے) لے جائیں

فَاِنَّا مِنْهُمْ مُّنْتَقِمُوْنَ ﴿۴۱﴾ اَوْ نُرِيَنَّكَ الَّذِيْ وَعَدْنٰهُمْ فَاِنَّا عَلَيْهِمْ مُّقْتَدِرُوْنَ ﴿۴۲﴾

فَاِنَّا	مِنْهُمْ	مُّنْتَقِمُوْنَ	اَوْ نُرِيَنَّكَ	الَّذِيْ	وَعَدْنٰهُمْ	فَاِنَّا	عَلَيْهِمْ	مُّقْتَدِرُوْنَ
تو بیشک ہم	اُن سے	انتقام لینے والے	یا ہم دکھا دیں تمہیں	وہ جو	ہم نے وعدہ کیا ان سے	تو بیشک ہم	ان پر	قدرت رکھنے والے (قادر) ہیں

تو بیشک ہم (پھر بھی) ان سے انتقام لینے والے ہیں۔ یا اگر ہم آپ کو دکھا دیں وہ جو ہم نے ان سے وعدہ کیا ہے (تب بھی)، ہم ان پر قادر ہیں۔

فَاسْتَمْسِكْ بِالَّذِيْۤ اُوْحِيَ اِلَيْكَ ۚ اِنَّكَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۴۳﴾ وَاِنَّهٗ لَذِكْرٌ

فَاسْتَمْسِكْ	بِالَّذِيْۤ	اُوْحِيَ	اِلَيْكَ	اِنَّكَ	عَلٰى	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيْمٍ	وَاِنَّهٗ	لَذِكْرٌ
پس آپ مضبوطی سے تھام لیں	وہ جو	وحی کیا گیا	آپ کی طرف	بیشک آپ	پر	راستہ	سیدھا	اور بیشک یہ	نصیحت (نامہ)

پس آپ وہ مضبوطی سے تھام لیں جو آپ کی طرف وحی کیا گیا ہے، بیشک آپ سیدھے راستہ پر ہیں۔ اور بیشک یہ (قرآن) ایک نصیحت نامہ ہے

لَّكَ وَلِقَوْمِكَ ۚ وَسَوْفَ تُسْـَٔلُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَسْـَٔلْ مَنْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رُّسُلِنَاۤ

لَّكَ	وَلِقَوْمِكَ	وَسَوْفَ	تُسْـَٔلُوْنَ	وَسْـَٔلْ	مَنْ	اَرْسَلْنَا	مِنْ قَبْلِكَ	مِنْ رُّسُلِنَا
آپ کے لئے	اور آپ کی قوم کے لئے	اور عنقریب	تم سے پوچھا جائے گا	اور پوچھ لیں	جو	ہم نے بھیجے	آپ سے پہلے	ہمارے رسولوں میں سے

آپ کے لئے اور آپ کی قوم کے لئے ۔ اور عنقریب تم سے پوچھا جائے گا ۔ آپ ہمارے اُن رسولوں سے پوچھ لیں، جو ہم نے آپ سے پہلے بھیجے

ع ۱۰

اَجَعَلْنَا مِنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ اٰلِهَةً يُّعْبَدُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَاۤ

اَجَعَلْنَا	مِنْ	دُوْنِ الرَّحْمٰنِ	اٰلِهَةً	يُّعْبَدُوْنَ	وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا	مُوْسٰى	بِاٰيٰتِنَا
کیا ہم نے مقرر کئے	سے	رحمٰن (اللہ) کے سوا	کوئی معبود	اُن کی عبادت کی جائے	اور تحقیق ہم نے بھیجا	موسیٰ	اپنی نشانیوں کے ساتھ

کیا ہم نے اللہ کے سوا کوئی معبود مقرر کئے تھے کہ ان کی عبادت کی جائے ۔ اور تحقیق ہم نے موسیٰؑ کو اپنی نشانیوں کے ساتھ بھیجا

اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَقَالَ اِنِّيْ رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۶﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِاٰيٰتِنَاۤ

اِلٰى	فِرْعَوْنَ	وَمَلَا۟ئِهٖ	فَقَالَ	اِنِّيْ رَسُوْلُ	رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ	فَلَمَّا	جَآءَهُمْ	بِاٰيٰتِنَا
طرف	فرعون	اور اس کے سردار	تو اس نے کہا	بیشک میں رسول	تمام جہانوں کا پروردگار	پھر جب	وہ آئے	ہماری نشانیوں کے ساتھ

فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف، تو اس نے کہا بیشک میں تمام جہانوں کے پروردگار کا رسول ہوں ۔ پھر جب وہ ہماری نشانیوں کے ساتھ آئے

اِذَا هُمْ مِّنْهَا يَضْحَكُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَمَا نُرِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ اِلَّا هِيَ اَكْبَرُ مِنْ اُخْتِهَا ؗ وَ

اِذَا	هُمْ	مِّنْهَا	يَضْحَكُوْنَ	وَمَا نُرِيْهِمْ	مِّنْ اٰيَةٍ	اِلَّا هِيَ	اَكْبَرُ	مِنْ	اُخْتِهَا	وَ
ناگہاں	وہ	اس سے (ان نشانیوں پر) ہنسنے لگے		اور ہم انہیں دکھاتے تھے	کوئی نشانی	مگر وہ	بڑی	سے	اسکی بہن (دوسری نشانی) اور	

تو ناگہاں وہ ان نشانیوں پر ہنسنے لگے ۔ اور ہم انہیں کوئی نشانی نہیں دکھاتے تھے، مگر وہ پہلی نشانی سے بڑی ہوتی ، اور

اَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَقَالُوْا يٰۤاَيُّهَ السّٰحِرُ ادْعُ لَنَا رَبَّكَ

اَخَذْنٰهُمْ	بِالْعَذَابِ	لَعَلَّهُمْ	يَرْجِعُوْنَ	وَقَالُوْا	يٰۤاَيُّهَ	السّٰحِرُ	ادْعُ	لَنَا	رَبَّكَ
ہم نے گرفتار کیا انہیں	عذاب میں	تاکہ وہ	وہ باز آجائیں	اور انہوں نے کہا	اے	جادوگر	دعا کر	ہمارے لئے	اپنا رب

ہم نے انہیں عذاب میں گرفتار کیا تاکہ وہ باز آجائیں ۔ اور انہوں نے کہا اے جادوگر! ہمارے لئے اپنے رب سے دعا کر

بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ اِنَّنَا لَمُهْتَدُوْنَ ﴿۴۹﴾ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ اِذَا هُمْ يَنْكُثُوْنَ ﴿۵۰﴾

بِمَا عَهِدَ	عِنْدَكَ	اِنَّنَا	لَمُهْتَدُوْنَ	فَلَمَّا	كَشَفْنَا	عَنْهُمُ	الْعَذَابَ	اِذَا هُمْ	يَنْكُثُوْنَ
اس عہد کے سبب جو	تیرے پاس	بیشک ہم	البتہ ہدایت پانے والے	پھر جب	ہم نے کھولا (ہٹا دیا)	ان سے	عذاب	ناگہاں وہ	عہد توڑ گئے

اس عہد کے سبب جو تیرے پاس ہے، بیشک ہم ہدایت پانے والے ہیں (ہدایت پالیں گے)۔ پھر جب ہم نے ان سے عذاب ہٹا دیا تو ناگہاں وہ عہد توڑ گئے

وَنَادٰى فِرْعَوْنُ فِىْ قَوْمِهٖ قَالَ يٰقَوْمِ اَلَيْسَ لِىْ مُلْكُ مِصْرَ وَهٰذِهِ الْاَنْهٰرُ تَجْرِىْ

وَنَادٰى	فِرْعَوْنُ	فِىْ	قَوْمِهٖ	قَالَ يٰقَوْمِ	اَلَيْسَ لِىْ	مُلْكُ مِصْرَ	وَهٰذِهِ	الْاَنْهٰرُ	تَجْرِىْ
اور پکارا	فرعون	میں	اپنی قوم	اس نے کہا اے میری قوم	کیا نہیں میرے لئے	میری مصر کی بادشاہت	اور یہ	نہریں	جاری ہیں

اور فرعون نے اپنی قوم میں پکارا (منادی کی) اس نے کہا اے میری قوم! کیا مصر کی بادشاہت میری نہیں؟ اور یہ نہریں جاری ہیں

مِنْ تَحْتِىْ ۚ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۵۱﴾ اَمْ اَنَا خَيْرٌ مِّنْ هٰذَا الَّذِىْ هُوَ مَهِيْنٌ ۙ وَّلَا يَكَادُ

مِنْ تَحْتِىْ	اَفَلَا	تُبْصِرُوْنَ	اَمْ اَنَا	خَيْرٌ	مِّنْ هٰذَا	الَّذِىْ	هُوَ	مَهِيْنٌ	وَلَا يَكَادُ
میرے نیچے سے	تو کیا نہیں	دیکھتے تم	کیا۔ بلکہ میں	بہتر	اس سے	وہ جو	وہ	کم قدر	اور وہ معلوم نہیں ہوتا

میرے (محلات کے) نیچے سے، تو کیا تم نہیں دیکھتے؟ بلکہ میں اس سے بہتر ہوں جو کم قدر ہے، اور وہ معلوم نہیں ہوتا

يُبِيْنُ ﴿۵۲﴾ فَلَوْلَآ اُلْقِىَ عَلَيْهِ اَسْوِرَةٌ مِّنْ ذَهَبٍ اَوْ جَآءَ مَعَهُ الْمَلٰٓئِكَةُ

يُبِيْنُ	فَلَوْ	لَآ اُلْقِىَ	عَلَيْهِ	اَسْوِرَةٌ	مِّنْ ذَهَبٍ	اَوْ جَآءَ	مَعَهُ	الْمَلٰٓئِكَةُ
صاف گفتگو کرتا	تو کیوں	نہ ڈالے گئے	اس پر	کنگن	سونے کے	یا آئے	اس کے ساتھ	فرشتے

صاف گفتگو کرتا۔ تو اس پر سونے کے کنگن کیوں نہ ڈالے گئے؟ یا اس کے ساتھ فرشتے (کیوں نہ) آئے

مُقْتَرِنِيْنَ ﴿۵۳﴾ فَاسْتَخَفَّ قَوْمَهٗ فَاَطَاعُوْهُ ۚ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿۵۴﴾ فَلَمَّآ

مُقْتَرِنِيْنَ	فَاسْتَخَفَّ	قَوْمَهٗ	فَاَطَاعُوْهُ	اِنَّهُمْ	كَانُوْا	قَوْمًا	فٰسِقِيْنَ	فَلَمَّآ
پرا باندھ کر	پس اس نے بے عقل کر دیا	اپنی قوم	تو انہوں نے اس کی اطاعت کی	بیشک وہ	تھے	لوگ	نافرمان	پھر جب

پرا باندھ کر۔ پس اس نے اپنی قوم کو بے عقل کر دیا، تو انہوں نے اس کی اطاعت کی، بیشک وہ نافرمان لوگ تھے۔ پھر جب

اٰسَفُوْنَا انْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۵۵﴾ فَجَعَلْنٰهُمْ سَلَفًا وَّمَثَلًا لِّلْاٰخِرِيْنَ ﴿۵۶﴾

اٰسَفُوْنَا	انْتَقَمْنَا	مِنْهُمْ	فَاَغْرَقْنٰهُمْ	اَجْمَعِيْنَ	فَجَعَلْنٰهُمْ	سَلَفًا	وَمَثَلًا	لِّلْاٰخِرِيْنَ
انہوں نے غصہ دلایا ہمیں	ہم نے انتقام لیا	ان سے	پس ہم نے غرق کر دیا انہیں	سب	تو ہم نے کر دیا انہیں	پیش رو، گئے گزرے	اور مثال (داستان)	بعد میں آنے والے

انہوں نے ہمیں غصہ دلایا تو ہم نے ان سے انتقام لیا اور ان سب کو ہم نے غرق کر دیا۔ تو ہم نے انہیں گئے گزرے کر دیا، اور بعد میں آنیوالوں کے لئے ایک داستان۔

۵ ع ۱۱

وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا إِذَا قَوْمُكَ مِنْهُ يَصِدُّونَ ﴿٥٧﴾ وَقَالُوٓا ءَأَٰلِهَتُنَا خَيْرٌ

وَلَمَّا	ضُرِبَ	ابْنُ مَرْيَمَ	مَثَلًا	إِذَا	قَوْمُكَ	مِنْهُ يَصِدُّونَ	وَقَالُوٓا	ءَأَٰلِهَتُنَا	خَيْرٌ
اور جب	بیان کی گئی	عیسیٰ ابن مریم	مثال	یکایک	تمہاری قوم	اس سے (خوشی سے) چلانے لگتے ہیں	اور وہ بولے	کیا ہمارے معبود	بہتر

اور جب عیسیٰ ؑ ابن مریم کی مثال بیان کی گئی تو یکایک تمہاری قوم اس سے خوشی کے مارے چلانے لگی۔ وہ بولے کیا ہمارے معبود بہتر ہیں؟

أَمْ هُوَ ۚ مَا ضَرَبُوهُ لَكَ إِلَّا جَدَلًا ۚ بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُونَ ﴿٥٨﴾ إِنْ هُوَ إِلَّا عَبْدٌ أَنْعَمْنَا

أَمْ	هُوَ	مَا ضَرَبُوهُ	لَكَ	إِلَّا جَدَلًا	بَلْ هُمْ	قَوْمٌ	خَصِمُونَ	إِنْ	هُوَ	إِلَّا	عَبْدٌ	أَنْعَمْنَا
یا	وہ	نہیں وہ بیان کرتے اسکو	تمہارے لئے	مگر صرف جھگڑنے کو	بلکہ وہ	لوگ	جھگڑالو	نہیں وہ (عیسیٰ)		صرف	ایک بندہ	ہم نے انعام کیا

یا وہ (عیسیٰ ابن مریم)؟ وہ اس کو تمہارے لئے صرف جھگڑنے کو بیان کرتے ہیں، بلکہ وہ تو ہیں ہی جھگڑالو۔ عیسیٰ ؑ صرف ایک بندے ہیں، ہم نے انعام کیا

عَلَيْهِ وَجَعَلْنَاهُ مَثَلًا لِّبَنِىٓ إِسْرَٰٓءِيلَ ﴿٥٩﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنَا مِنكُم مَّلَٰٓئِكَةً

عَلَيْهِ	وَجَعَلْنَاهُ	مَثَلًا	لِّبَنِىٓ إِسْرَٰٓءِيلَ	وَلَوْ نَشَآءُ	لَجَعَلْنَا	مِنكُم	مَّلَٰٓئِكَةً
اس پر	اور ہم نے بنایا اس کو	ایک مثال	بنی اسرائیل کے لئے	اور اگر ہم چاہتے	البتہ ہم کرتے	تم میں سے	فرشتے

ان پر اور ہم نے انہیں بنی اسرائیل کے لئے ایک مثال بنایا۔ اور اگر ہم چاہتے تو تم میں سے فرشتے پیدا کرتے

فِى ٱلْأَرْضِ يَخْلُفُونَ ﴿٦٠﴾ وَإِنَّهُۥ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا وَٱتَّبِعُونِ ۚ هَٰذَا

فِى ٱلْأَرْضِ	يَخْلُفُونَ	وَإِنَّهُۥ	لَعِلْمٌ	لِّلسَّاعَةِ	فَلَا تَمْتَرُنَّ	بِهَا	وَٱتَّبِعُونِ	هَٰذَا
زمین میں	وہ (تمہارے) جانشین ہوتے	اور بیشک وہ	ایک نشانی	قیامت کی	تو ہرگز شک نہ کرو تم	اس میں	اور میری پیروی کرو	یہ

زمین میں وہ تمہارے جانشین ہوتے۔ اور بیشک وہ قیامت کی ایک نشانی ہیں، تو تم ہرگز اس میں شک نہ کرو، اور میری پیروی کرو، یہ

صِرَٰطٌ مُّسْتَقِيمٌ ﴿٦١﴾ وَلَا يَصُدَّنَّكُمُ ٱلشَّيْطَٰنُ ۖ إِنَّهُۥ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِينٌ ﴿٦٢﴾ وَلَمَّا جَآءَ عِيسَىٰ

صِرَٰطٌ	مُّسْتَقِيمٌ	وَلَا يَصُدَّنَّكُمُ	ٱلشَّيْطَٰنُ	إِنَّهُۥ	لَكُمْ	عَدُوٌّ مُّبِينٌ	وَلَمَّا	جَآءَ	عِيسَىٰ
راستہ	سیدھا	اور روک نہ دے تمہیں	شیطان	بیشک وہ	تمہارا	دشمن کھلا	اور جب	آئے	عیسیٰ ؑ

سیدھا راستہ ہے۔ اور شیطان تمہیں روک نہ دے، بیشک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔ اور جب عیسیٰ ؑ آئے

بِٱلْبَيِّنَٰتِ قَالَ قَدْ جِئْتُكُم بِٱلْحِكْمَةِ وَلِأُبَيِّنَ لَكُم بَعْضَ ٱلَّذِى تَخْتَلِفُونَ فِيهِ ۖ

بِٱلْبَيِّنَٰتِ	قَالَ	قَدْ جِئْتُكُم	بِٱلْحِكْمَةِ	وَلِأُبَيِّنَ	لَكُم	بَعْضَ	ٱلَّذِى	تَخْتَلِفُونَ	فِيهِ
کھلی نشانیوں کے ساتھ	اس نے کہا	تحقیق میں آیا ہوں تمہارے پاس	حکمت کے ساتھ	اور اس لئے کہ بیان کردوں	تمہارے لئے	بعض	وہ جو کہ	تم اختلاف کرتے ہو	اس میں

کھلی نشانیوں کے ساتھ، تو انہوں نے کہا تحقیق میں تمہارے پاس حکمت کے ساتھ آیا ہوں اور اس لئے کہ میں تمہارے لئے وہ بعض باتیں بیان کر دوں جن میں تم اختلاف کرتے ہو

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿٦٣﴾ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ

فَاتَّقُوا اللّٰهَ	وَاَطِيْعُوْنِ	اِنَّ اللّٰهَ	هُوَ	رَبِّيْ	وَرَبُّكُمْ	فَاعْبُدُوْهُ	هٰذَا	صِرَاطٌ
سو ڈرو اللہ سے	اور میری اطاعت کرو	بیشک اللہ	وہ	میرا رب	اور تمہارا رب	سو تم اس کی عبادت کرو	یہ	راستہ

سو اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ بیشک اللہ ہی ہے میرا رب اور تمہارا رب، سو تم اس کی عبادت کرو، یہ راستہ ہے

مُّسْتَقِيْمٌ ﴿٦٤﴾ فَاخْتَلَفَ الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَيْنِهِمْ ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ عَذَابِ

مُّسْتَقِيْمٌ	فَاخْتَلَفَ	الْاَحْزَابُ	مِنْۢ بَيْنِهِمْ	فَوَيْلٌ	لِّلَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا	مِنْ عَذَابِ
سیدھا	پھر اختلاف ڈال لیا	گروہ (جمع)	آپس میں	سو خرابی	ان لوگوں کے لئے	جنہوں نے ظلم کیا	عذاب

سیدھا۔ پھر گروہوں نے آپس میں اختلاف ڈال لیا، سو ان لوگوں کے لئے خرابی ہے جنہوں نے ظلم کیا، عذاب سے

يَوْمٍ اَلِيْمٍ ﴿٦٥﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٦٦﴾

يَوْمٍ اَلِيْمٍ	هَلْ	يَنْظُرُوْنَ	اِلَّا	السَّاعَةَ	اَنْ	تَاْتِيَهُمْ	بَغْتَةً	وَّهُمْ	لَا يَشْعُرُوْنَ
دن دکھ دینے والا	کیا	وہ انتظار کرتے ہیں	صرف	قیامت	کہ	وہ ان پر آجائے	اچانک	اور وہ	شعور نہ رکھتے ہوں

دکھ دینے والے دن کے۔ کیا وہ صرف قیامت کا انتظار کرتے ہیں کہ وہ ان پر اچانک آجائے اور وہ شعور (خبر بھی) نہ رکھتے ہوں۔

اَلْاَخِلَّاۗءُ يَوْمَىِٕذٍۢ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا الْمُتَّقِيْنَ ﴿٦٧﴾ يٰعِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ

اَلْاَخِلَّاۗءُ	يَوْمَىِٕذٍۢ	بَعْضُهُمْ	لِبَعْضٍ	عَدُوٌّ	اِلَّا	الْمُتَّقِيْنَ	يٰعِبَادِ	لَا خَوْفٌ	عَلَيْكُمُ
تمام دوست	اس دن	ان کے بعض (دوسرے)	بعض سے (ایک)	دشمن	سوا	پرہیزگاروں	اے میرے بندو	کوئی خوف نہیں	تم پر

پرہیزگاروں کے سوا اس دن تمام دوست ایک دوسرے کے دشمن ہوں گے۔ اے میرے بندو! تم پر کوئی خوف نہیں

الْيَوْمَ وَلَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ﴿٦٨﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ﴿٦٩﴾ اُدْخُلُوا

الْيَوْمَ	وَلَآ اَنْتُمْ	تَحْزَنُوْنَ	اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	بِاٰيٰتِنَا	وَكَانُوْا	مُسْلِمِيْنَ	اُدْخُلُوا
آج	اور نہ تم	غمگین ہوگے	جو لوگ ایمان لائے	ہماری آیات پر	اور وہ تھے	مسلم (جمع)	تم داخل ہو جاؤ

آج کے دن اور نہ تم غمگین ہوگے۔ جو لوگ ہماری آیات پر ایمان لائے اور وہ مسلم (فرمانبردار) تھے۔ داخل ہو جاؤ

الْجَنَّةَ اَنْتُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ تُحْبَرُوْنَ ﴿٧٠﴾ يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِصِحَافٍ مِّنْ ذَهَبٍ وَّاَكْوَابٍ ۚ

الْجَنَّةَ	اَنْتُمْ	وَاَزْوَاجُكُمْ	تُحْبَرُوْنَ	يُطَافُ	عَلَيْهِمْ	بِصِحَافٍ	مِّنْ ذَهَبٍ	وَّاَكْوَابٍ
جنت	تم	اور تمہاری بیویاں	تم خوش بخت کئے جاؤ گے	لئے پھریں گے	ان پر	رکابیاں	سونے کی	اور آبخورے

تم اور تمہاری بیویاں جنت میں، تم خوش بخت کئے جاؤ گے۔ ان پر سونے کی رکابیاں اور آبخورے لئے پھریں گے،

وَفِيهَا مَا تَشْتَهِيهِ الْأَنْفُسُ وَتَلَذُّ الْأَعْيُنُ ۖ وَأَنْتُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿۷۱﴾ وَتِلْكَ

وَفِيهَا	مَا تَشْتَهِيهِ	الْأَنْفُسُ	وَتَلَذُّ	الْأَعْيُنُ	وَأَنْتُمْ	فِيهَا	خَالِدُونَ	وَتِلْكَ
اور اس میں	وہ جو چاہیں گے	جی (جمع)	لذت ہوگی	آنکھوں	اور تم	اس میں	ہمیشہ رہو گے	اور یہ

اور اس میں (موجود ہوگا) جو ان کے، جی چاہیں گے اور آنکھوں کی لذت (ہوگی) اور تم اس میں ہمیشہ رہو گے۔ اور یہ

الْجَنَّةُ الَّتِي أُورِثْتُمُوهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿۷۲﴾ لَكُمْ فِيهَا فَاكِهَةٌ كَثِيرَةٌ

الْجَنَّةُ	الَّتِي	أُورِثْتُمُوهَا	بِمَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ	لَكُمْ	فِيهَا	فَاكِهَةٌ	كَثِيرَةٌ
جنت	وہ جس	تم وارث بنائے گئے اس کے	اسکے بدلے	جو تم کرتے تھے	تمہارے لئے	اس میں	میوے	بہت

وہ جنت ہے جس کے تم وارث بنائے گئے ان (اعمال) کے بدلے جو تم کرتے تھے۔ تمہارے لئے اس میں بہت میوے ہیں،

مِنْهَا تَأْكُلُونَ ﴿۷۳﴾ إِنَّ الْمُجْرِمِينَ فِي عَذَابِ جَهَنَّمَ خَالِدُونَ ﴿۷۴﴾ لَا يُفَتَّرُ عَنْهُمْ

مِنْهَا	تَأْكُلُونَ	إِنَّ	الْمُجْرِمِينَ	فِي	عَذَابِ جَهَنَّمَ	خَالِدُونَ	لَا يُفَتَّرُ	عَنْهُمْ
اس سے	تم کھاتے ہو	بیشک	مجرم (جمع)	میں	عذاب جہنم	ہمیشہ رہیں گے	ہلکا نہ کیا جائے گا	ان سے

ان میں سے تم کھاتے ہو۔ بے شک مجرم جہنم کے عذاب میں ہمیشہ رہیں گے۔ ان سے ہلکا نہ کیا جائے گا،

وَهُمْ فِيهِ مُبْلِسُونَ ﴿۷۵﴾ وَمَا ظَلَمْنَاهُمْ وَلَٰكِنْ كَانُوا هُمُ الظَّالِمِينَ ﴿۷۶﴾ وَنَادَوْا يَا مَالِكُ

وَهُمْ فِيهِ	مُبْلِسُونَ	وَمَا ظَلَمْنَاهُمْ	وَلَٰكِنْ	كَانُوا	هُمُ	الظَّالِمِينَ	وَنَادَوْا	يَا مَالِكُ
اور وہ اس میں	ناامید پڑے رہیں گے	اور ہم نے ظلم نہیں کیا ان پر	اور لیکن (بلکہ)	وہ تھے	وہ	ظالم (جمع)	اور وہ پکاریں گے	اے مالک

اور وہ اس میں ناامید پڑے رہیں گے۔ اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا، بلکہ وہی ظالم تھے۔ اور وہ پکاریں گے اے مالک! (داروغہ جہنم)

لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ ۖ قَالَ إِنَّكُمْ مَاكِثُونَ ﴿۷۷﴾ لَقَدْ جِئْنَاكُمْ بِالْحَقِّ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَكُمْ

لِيَقْضِ عَلَيْنَا	رَبُّكَ	قَالَ	إِنَّكُمْ	مَاكِثُونَ	لَقَدْ جِئْنَاكُمْ	بِالْحَقِّ	وَلَٰكِنَّ	أَكْثَرَكُمْ
اچھا ہو کہ موت کا فیصلہ کردے ہم پر (ہمارا)	تیرا رب	وہ کہے گا	بیشک تم	ہمیشہ رہنے والے	تحقیق ہم آئے تمہارے پاس	حق کے ساتھ	لیکن	ان میں سے اکثر

اچھا ہو کہ تیرا رب ہماری موت کا فیصلہ کردے، وہ کہے گا بیشک تم (اسی حال میں) ہمیشہ رہنے والے ہو۔ تحقیق ہم تمہارے پاس حق کے ساتھ آئے، لیکن تم میں سے اکثر

لِلْحَقِّ كَارِهُونَ ﴿۷۸﴾ أَمْ أَبْرَمُوا أَمْرًا فَإِنَّا مُبْرِمُونَ ﴿۷۹﴾ أَمْ يَحْسَبُونَ أَنَّا لَا نَسْمَعُ

لِلْحَقِّ	كَارِهُونَ	أَمْ	أَبْرَمُوا	أَمْرًا	فَإِنَّا	مُبْرِمُونَ	أَمْ يَحْسَبُونَ	أَنَّا	لَا نَسْمَعُ
حق سے۔ کو	ناپسند کرنے والے	کیا	انہوں نے ٹھہرا لی	کوئی بات	تو بیشک ہم	ٹھہرانے والے	کیا وہ گمان کرتے ہیں	کہ ہم	نہیں سنتے

حق کو ناپسند کرنے والے تھے۔ کیا انہوں نے کوئی بات ٹھہرا لی ہے تو بیشک ہم (بھی) ٹھہرانے والے ہیں۔ کیا وہ گمان کرتے ہیں؟ کہ ہم نہیں سنتے

سِرَّهُمْ وَنَجْوٰىهُمْ ۭ بَلٰى وَرُسُلُنَا لَدَيْهِمْ يَكْتُبُوْنَ ۝۸۰ قُلْ اِنْ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدٌ ۖ فَاَنَا

سِرَّهُمْ	وَنَجْوٰىهُمْ	بَلٰى	وَرُسُلُنَا	لَدَيْهِمْ	يَكْتُبُوْنَ	قُلْ	اِنْ كَانَ	لِلرَّحْمٰنِ	وَلَدٌ	فَاَنَا
ان کی پوشیدہ باتیں	اور انکی سرگوشیاں	ہاں	اور ہمارے فرشتے	ان کے پاس	لکھتے ہیں	فرما دیں	اگر ہوتا	رحمٰن (اللہ) کا	کوئی بیٹا	تو میں

ان کی پوشیدہ باتوں اور ان کی سرگوشیوں کو؟ ہاں (کیوں نہیں) ہمارے فرشتے ان کے پاس لکھتے ہیں۔ آپ فرما دیں اگر اللہ کا کوئی بیٹا ہوتا تو میں ۸۲

اَوَّلُ الْعٰبِدِيْنَ ۝۸۱ سُبْحٰنَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ

اَوَّلُ	الْعٰبِدِيْنَ	سُبْحٰنَ	رَبِّ السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	رَبِّ الْعَرْشِ	عَمَّا	يَصِفُوْنَ
پہلا	عبادت کرنے والا	پاک ہے	آسمانوں کا رب	اور زمین	عرش کا رب	اس سے جو	وہ بیان کرتے ہیں

(اس کا) پہلا عبادت کرنے والا ہوتا۔ آسمانوں اور زمین کا رب، عرش کا رب، اس سے پاک ہے جو وہ بیان کرتے ہیں۔

فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا وَيَلْعَبُوْا حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ۝۸۳ وَهُوَ

فَذَرْهُمْ	يَخُوْضُوْا	وَيَلْعَبُوْا	حَتّٰى	يُلٰقُوْا	يَوْمَهُمُ	الَّذِيْ	يُوْعَدُوْنَ	وَهُوَ
پس چھوڑ دیں ان کو	وہ بیہودہ باتیں کریں	اور کھیلیں	یہاں تک	وہ پالیں	اس دن کو	وہ جس	ان کو وعدہ کیا جاتا ہے	اور وہ

پس ان کو چھوڑ دیں کہ وہ بیہودہ باتیں کریں اور کھیلیں یہاں تک کہ وہ اس دن کو پالیں جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے۔ اور وہی

الَّذِيْ فِي السَّمَاۗءِ اِلٰهٌ وَّفِي الْاَرْضِ اِلٰهٌ ۭ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ۝۸۴ وَتَبٰرَكَ

الَّذِيْ	فِي السَّمَاۗءِ	اِلٰهٌ	وَّفِي الْاَرْضِ	اِلٰهٌ	وَهُوَ	الْحَكِيْمُ	الْعَلِيْمُ	وَ	تَبٰرَكَ
وہ جو	آسمانوں میں۔کا	معبود	اور زمین میں۔کا	معبود	اور وہی	حکمت والا	علم والا	اور	بڑی برکت والا

جو آسمانوں کا معبود ہے اور زمین کا معبود ہے، اور وہی حکمت والا، علم والا ہے۔ اور بڑی برکت والا

الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۚ وَعِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَاِلَيْهِ

الَّذِيْ	لَهٗ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَمَا بَيْنَهُمَا	وَعِنْدَهٗ	عِلْمُ السَّاعَةِ	وَاِلَيْهِ
وہ جو	اسکے لئے	بادشاہت	آسمانوں	اور زمین	اور جو ان دونوں کے درمیان	اور اس کے پاس	قیامت کا علم	اور اس کی طرف

اور جس کے لئے بادشاہت آسمانوں کی اور زمین کی، اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے، اور اس کے پاس ہے قیامت کا علم، اور اسی کی طرف

تُرْجَعُوْنَ ۝۸۵ وَلَا يَمْلِكُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنْ شَهِدَ

تُرْجَعُوْنَ	وَلَا يَمْلِكُ	الَّذِيْنَ	يَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِهٖ	الشَّفَاعَةَ	اِلَّا	مَنْ شَهِدَ
تم لوٹ کر جاؤ گے	اور اختیار نہیں رکھتے	وہ جن کو	وہ پکارتے ہیں	اس کے سوا	شفاعت	سوائے	جس نے گواہی دی

تم لوٹ کر جاؤ گے۔ اور وہ جن کو اللہ کے سوا پکارتے ہیں، وہ شفاعت کا اختیار نہیں رکھتے، سوائے اس کے جس نے گواہی دی

بِالْحَقِّ وَهُمْ يَعْلَمُونَ ﴿٨٦﴾ وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَنْ خَلَقَهُمْ لَيَقُولُنَّ اللَّهُ فَأَنَّى يُؤْفَكُونَ ﴿٨٧﴾

بِالْحَقِّ	وَهُمْ	يَعْلَمُونَ	وَلَئِنْ	سَأَلْتَهُمْ	مَنْ	خَلَقَهُمْ	لَيَقُولُنَّ	اللَّهُ	فَأَنَّى	يُؤْفَكُونَ
حق کی	اور وہ	جانتے ہیں	اور اگر	آپ ان سے پوچھیں	کس	پیدا کیا انہیں	تو وہ ضرور کہیں گے	اللہ	تو کدھر	وہ الٹے پھرے جا رہے ہیں

حق کی اور وہ جانتے ہیں۔ اور اگر آپ ان سے پوچھیں انہیں کس نے پیدا کیا؟ تو وہ ضرور کہیں گے "اللہ نے" تو وہ کدھر الٹے پھرے جاتے ہیں؟

وَقِيلِهِ يَا رَبِّ إِنَّ هَؤُلَاءِ قَوْمٌ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٨٨﴾ فَاصْفَحْ عَنْهُمْ وَقُلْ سَلَامٌ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ ﴿٨٩﴾

وَقِيلِهِ	يَا رَبِّ	إِنَّ	هَؤُلَاءِ	قَوْمٌ	لَا يُؤْمِنُونَ	فَاصْفَحْ	عَنْهُمْ	وَقُلْ	سَلَامٌ	فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ
قسم اس کے کہنے کی	اے میرے رب	بیشک	یہ	لوگ	ایمان نہیں لائیں گے	تو آپ منہ پھیر لیں	ان سے	اور کہیں	سلام	پس جلد انہیں معلوم ہو گا

قسم ہے (رسول کے یہ) کہنے کی اے میرے رب! یہ لوگ ایمان نہیں لائیں گے۔ تو آپ ان سے منہ پھیر لیں، اور سلام کہیں پس جلد وہ (انجام) جان لیں گے

آیاتها ٥٩ — ٤٤ سُورَةُ الدُّخَانِ مَكِّيَّةٌ ٦٤ — رکوعاتها ٣

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

حم ﴿١﴾ وَالْكِتَابِ الْمُبِينِ ﴿٢﴾ إِنَّا أَنْزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةٍ مُبَارَكَةٍ إِنَّا كُنَّا مُنْذِرِينَ ﴿٣﴾ فِيهَا

حم	وَالْكِتَابِ	الْمُبِينِ	إِنَّا أَنْزَلْنَاهُ	فِي	لَيْلَةٍ مُبَارَكَةٍ	إِنَّا كُنَّا	مُنْذِرِينَ	فِيهَا
حٰمٓ	قسم ہے کتاب	واضح	بیشک ہم نے نازل کیا اسے	میں	ایک مبارک رات	بیشک ہم ہیں	ڈرانے والے	اس میں

حا میم۔ قسم ہے واضح کتاب کی۔ بیشک ہم نے اسے ایک مبارک رات (لیلۃ القدر) میں نازل کیا، بیشک ہم ہی ڈرانے والے ہیں۔ اس (رات) میں

يُفْرَقُ كُلُّ أَمْرٍ حَكِيمٍ ﴿٤﴾ أَمْرًا مِنْ عِنْدِنَا إِنَّا كُنَّا مُرْسِلِينَ ﴿٥﴾ رَحْمَةً

يُفْرَقُ	كُلُّ أَمْرٍ	حَكِيمٍ	أَمْرًا	مِنْ عِنْدِنَا	إِنَّا كُنَّا	مُرْسِلِينَ	رَحْمَةً
فیصل کیا جاتا ہے	ہر امر	حکمت والا	حکم ہو کر	ہمارے پاس سے	بیشک ہم	بھیجنے والے	رحمت

ہمارے پاس سے حکم ہو کر ہر حکمت والا امر فیصل کیا جاتا ہے۔ بیشک ہم ہی (رسول) بھیجنے والے ہیں۔ رحمت

مِنْ رَبِّكَ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿٦﴾ رَبِّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا

مِنْ	رَبِّكَ	إِنَّهُ هُوَ	السَّمِيعُ	الْعَلِيمُ	رَبِّ السَّمَاوَاتِ	وَالْأَرْضِ	وَمَا	بَيْنَهُمَا
سے	تمہارا رب	بیشک وہی	سننے والا	جاننے والا	رب ہے آسمانوں	اور زمین	اور جو	ان دونوں کے درمیان

آپ کے رب کی طرف سے، بیشک وہی سننے والا جاننے والا ہے۔ رب ہے آسمانوں کا اور زمین کا اور جو ان کے درمیان ہے،

إِنْ كُنْتُمْ مُّوقِنِينَ ۝٧ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ يُحْيِى وَيُمِيتُ رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَآئِكُمُ الْأَوَّلِينَ

إِنْ كُنْتُمْ	مُّوقِنِينَ	لَآ	إِلٰهَ	إِلَّا هُوَ	يُحْيِى وَيُمِيتُ	رَبُّكُمْ	وَرَبُّ	اٰبَآئِكُمُ	الْأَوَّلِينَ
اگر تم ہو	یقین کرنے والے	نہیں	کوئی معبود	اس کے سوا	وہ جان ڈالتا ہے اور جان نکالتا ہے	تمہارا رب	اور رب	تمہارے باپ دادا	پہلے

اگر تم یقین کرنے والے ہو۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہی جان ڈالتا ہے، وہی جان نکالتا ہے، اور (وہی) رب ہے تمہارا، اور تمہارے پہلے باپ دادا کا۔

بَلْ هُمْ فِى شَكٍّ يَّلْعَبُونَ ۝٩ فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِى السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِينٍ ۝١٠ يَّغْشَى

بَلْ هُمْ	فِى شَكٍّ	يَلْعَبُونَ	فَارْتَقِبْ	يَوْمَ	تَأْتِى السَّمَآءُ	بِدُخَانٍ	مُّبِينٍ	يَغْشَى
بلکہ وہ	شک میں	کھیلتے ہیں	تو تم انتظار کرو	اس دن	آسمان لائے	دھواں	ظاہر	وہ ڈھانپ لے گا

بلکہ وہ شک میں پڑے کھیلتے ہیں۔ تو آپ اُس دن کا انتظار کریں کہ آسمان ظاہر دھواں لائے، وہ ڈھانپ لے (چھا جائے)

النَّاسَ هٰذَا عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝١١ رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ إِنَّا مُؤْمِنُونَ ۝١٢ أَنّٰى لَهُمُ

النَّاسَ	هٰذَا	عَذَابٌ أَلِيمٌ	رَبَّنَا	اكْشِفْ	عَنَّا	الْعَذَابَ	إِنَّا	مُؤْمِنُونَ	أَنّٰى	لَهُمُ
لوگوں	یہ	عذاب دردناک	اے ہمارے رب	کھول (دور) کر دے	ہم سے	عذاب	بیشک ہم	ایمان لے آئیں گے	کہاں	ان کو

لوگوں پر، یہ ہے دردناک عذاب۔ (اب وہ کہیں گے) اے ہمارے رب! ہم سے عذاب دُور کر دے بیشک ہم ایمان لے آئیں گے۔ ان کو کہاں

الذِّكْرٰى وَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُولٌ مُّبِينٌ ۝١٣ ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ وَقَالُوا مُعَلَّمٌ مَّجْنُونٌ ۝١٤

الذِّكْرٰى	وَقَدْ جَآءَهُمْ	رَسُولٌ مُّبِينٌ	ثُمَّ	تَوَلَّوْا	عَنْهُ	وَقَالُوا	مُعَلَّمٌ	مَّجْنُونٌ
نصیحت	اور تحقیق آ چکا ان کے پاس	رسول کھول کھول کر بیان کرنے والا	پھر	وہ پھر گئے	اس سے	اور کہنے لگے	سکھایا ہوا	دیوانہ

نصیحت ہوگی؟ ان کے پاس تو کھول کھول کر بیان کرنیوالا رسول آچکا ہے۔ پھر وہ اس سے پھر گئے اور کہنے لگے (یہ تو کسی کا) سکھایا ہوا دیوانہ ہے۔

إِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِيلًا إِنَّكُمْ عَآئِدُونَ ۝١٥ يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى

إِنَّا	كَاشِفُوا	الْعَذَابِ	قَلِيلًا	إِنَّكُمْ	عَآئِدُونَ	يَوْمَ	نَبْطِشُ	الْبَطْشَةَ	الْكُبْرٰى
بیشک ہم	کھولنے والے	عذاب	چندے	تم بیشک (اصل) حالت پر لوٹ آنیوالے ہو		جس دن	ہم پکڑیں گے	پکڑ	بڑی (سخت)

بیشک ہم چندے عذاب کھولنے والے ہیں (مگر) تم بیشک پھر اصل حالت پر لوٹ آنے والے ہو، جس دن ہم سخت پکڑ پکڑیں گے۔

إِنَّا مُنْتَقِمُونَ ۝١٦ وَلَقَدْ فَتَنَّا قَبْلَهُمْ قَوْمَ فِرْعَوْنَ وَجَآءَهُمْ رَسُولٌ كَرِيمٌ ۝١٧

إِنَّا	مُنْتَقِمُونَ	وَلَقَدْ فَتَنَّا	قَبْلَهُمْ	قَوْمَ فِرْعَوْنَ	وَجَآءَهُمْ	رَسُولٌ	كَرِيمٌ
بیشک ہم	انتقام لینے والے	اور ہم آزما چکے ہیں	ان سے قبل	قوم فرعون	اور آیا ان کے پاس	ایک رسول	عالی قدر

بیشک ہم انتقام لینے والے ہیں۔ اور ہم ان سے قبل قوم فرعون کو آزما چکے ہیں، اور ان کے پاس ایک عالی قدر رسول آیا۔

أَنْ أَدُّوٓا إِلَيَّ عِبَادَ اللّٰهِ ۖ إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ﴿١٨﴾ وَأَنْ لَّا تَعْلُوا عَلَى اللّٰهِ ۖ إِنِّيٓ

أَنْ أَدُّوٓا	إِلَيَّ	عِبَادَ اللّٰهِ	إِنِّي	لَكُمْ	رَسُولٌ أَمِينٌ	وَأَنْ	لَّا تَعْلُوا	عَلَى اللّٰهِ	إِنِّيٓ
کہ سپرد کر دو	میرے	بندے اللہ کے	بیشک میں	تمہارے لئے	ایک رسول امین	اور یہ کہ	تم سرکشی نہ کرو	اللہ پر۔ مقابل	بیشک میں

کہ اللہ کے بندوں کو میرے سپرد کر دو، بیشک میں تمہارے لئے ایک رسول امین ہوں۔ اور یہ کہ تم اللہ کے مقابل سرکشی نہ کرو، بے شک میں

اٰتِيكُمْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِينٍ ﴿١٩﴾ وَإِنِّي عُذْتُ بِرَبِّي وَرَبِّكُمْ أَنْ تَرْجُمُونِ ﴿٢٠﴾ وَإِنْ

اٰتِيكُمْ	بِسُلْطٰنٍ	مُّبِينٍ	وَإِنِّي	عُذْتُ	بِرَبِّي	وَرَبِّكُمْ	أَنْ	تَرْجُمُونِ	وَإِنْ
آیا ہوں تمہارے پاس	دلیل کے ساتھ	واضح	اور بیشک میں	پناہ چاہتا ہوں	اپنے رب کی	اور تمہارا رب	کہ	تم مجھے سنگسار کر دو	اور اگر

تمہارے پاس واضح دلیل کے ساتھ آیا ہوں۔ اور بیشک میں پناہ لیتا ہوں اپنے رب کی اور تمہارے رب کی (اس سے) کہ تم مجھے سنگسار کر دو۔ اور اگر

لَّمْ تُؤْمِنُوا لِي فَاعْتَزِلُونِ ﴿٢١﴾ فَدَعَا رَبَّهٗٓ أَنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ مُّجْرِمُونَ ﴿٢٢﴾ فَأَسْرِ بِعِبَادِي

لَّمْ تُؤْمِنُوا	لِي	فَاعْتَزِلُونِ	فَدَعَا رَبَّهٗٓ	أَنَّ	هٰٓؤُلَآءِ	قَوْمٌ مُّجْرِمُونَ	فَأَسْرِ بِعِبَادِي
تم ایمان نہیں لاتے	مجھ پر	تو ایک کنارے ہو جاؤ مجھ سے	تو اس نے دعا کی اپنے رب سے	کہ	یہ	مجرم لوگ	تو تو لے جا میرے بندوں کو

تم مجھ پر ایمان نہیں لاتے، تم مجھ سے ایک کنارے ہو جاؤ۔ تو اس نے اپنے رب سے دعا کی کہ یہ مجرم لوگ ہیں (ارشاد الٰہی ہوا) تو تم میرے بندوں کو لے جاؤ

لَيْلًا إِنَّكُمْ مُّتَّبَعُونَ ﴿٢٣﴾ وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا ۖ إِنَّهُمْ جُنْدٌ مُّغْرَقُونَ ﴿٢٤﴾ كَمْ تَرَكُوا

لَيْلًا	إِنَّكُمْ	مُّتَّبَعُونَ	وَاتْرُكِ	الْبَحْرَ	رَهْوًا	إِنَّهُمْ	جُنْدٌ	مُّغْرَقُونَ	كَمْ تَرَكُوا
رات میں	بیشک تم	پیچھا کئے جاؤ گے (تعاقب ہوگا)	اور چھوڑ جاؤ	دریا	ٹھہرا ہوا	بیشک وہ	ایک لشکر	ڈوبنے والے	وہ کتنے ہی، چھوڑ گئے

راتوں رات، بے شک تمہارا تعاقب ہوگا۔ اور دریا کو چھوڑ جاؤ (پار کر جاؤ) ٹھہرا (تھما) ہوا، بیشک وہ ایک لشکر ہیں ڈوبنے والے۔ اور وہ چھوڑ گئے کتنے ہی

مِنْ جَنّٰتٍ وَّعُيُونٍ ﴿٢٥﴾ وَّزُرُوعٍ وَّمَقَامٍ كَرِيمٍ ﴿٢٦﴾ وَّنَعْمَةٍ كَانُوا فِيهَا فٰكِهِينَ ﴿٢٧﴾

مِنْ	جَنّٰتٍ	وَّعُيُونٍ	وَّزُرُوعٍ	وَّمَقَامٍ كَرِيمٍ	وَّنَعْمَةٍ	كَانُوا	فِيهَا	فٰكِهِينَ
سے	باغات	اور چشمے	اور کھیتیاں	اور مکان نفیس	اور نعمتیں	وہ تھے	اس میں	مزے اڑاتے

باغات، اور چشمے، اور کھیتیاں، اور نفیس مکان، اور نعمتیں، جن میں وہ مزے اڑاتے تھے۔

كَذٰلِكَ ۖ وَأَوْرَثْنٰهَا قَوْمًا اٰخَرِينَ ﴿٢٨﴾ فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَآءُ وَالْأَرْضُ وَمَا كَانُوا

كَذٰلِكَ	وَأَوْرَثْنٰهَا	قَوْمًا	اٰخَرِينَ	فَمَا بَكَتْ	عَلَيْهِمُ	السَّمَآءُ	وَالْأَرْضُ	وَمَا كَانُوا
اسی طرح	اور ہم نے وارث بنایا انکا	قوم	دوسرے	سو نہ روئے	ان پر	آسمان	اور زمین	اور نہ ہوئے وہ

اسی طرح (ہوا)، اور ہم نے دوسری قوم کو ان کا وارث بنایا۔ سو ان پر آسمان اور زمین نہ روئے اور وہ نہ ہوئے ڈھیل دیئے گئے

مُنْظَرِيْنَ ﴿۲۹﴾ وَلَقَدْ نَجَّيْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مِنَ الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ﴿۳۰﴾ مِنْ فِرْعَوْنَ

مُنْظَرِيْنَ	وَلَقَدْ نَجَّيْنَا	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	مِنَ	الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ	مِنْ	فِرْعَوْنَ
ڈھیل دیئے گئے	اور تحقیق ہم نے نجات دی	بنی اسرائیل	سے	عذاب ذلت والا	سے	فرعون

(انہیں ڈھیل نہ دی گئی) اور تحقیق ہم نے بنی اسرائیل کو ذلت والے عذاب سے نجات دی، (یعنی) فرعون سے

اِنَّهٗ كَانَ عَالِيًا مِّنَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۳۱﴾ وَلَقَدِ اخْتَرْنٰهُمْ عَلٰى عِلْمٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۲﴾ وَ

اِنَّهٗ	كَانَ	عَالِيًا	مِنَ الْمُسْرِفِيْنَ	وَ لَقَدِ اخْتَرْنٰهُمْ	عَلٰى عِلْمٍ	عَلَى الْعٰلَمِيْنَ	وَ
بیشک وہ	تھا	سرکش	حد سے بڑھ جانے والوں میں سے	اور البتہ ہم نے انہیں پسند کیا	دانستہ	تمام جہان والوں	اور

بیشک وہ حد سے بڑھ جانے والوں میں سے سرکش تھا۔ اور البتہ ہم نے انہیں تمام جہان والوں پر دانستہ پسند کیا ۔ اور

اٰتَيْنٰهُمْ مِّنَ الْاٰيٰتِ مَا فِيْهِ بَلٰٓؤٌا مُّبِيْنٌ ﴿۳۳﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَيَقُوْلُوْنَ ﴿۳۴﴾ اِنْ هِيَ اِلَّا

اٰتَيْنٰهُمْ	مِنَ الْاٰيٰتِ	مَا فِيْهِ	بَلٰٓؤٌا	مُّبِيْنٌ	اِنَّ	هٰٓؤُلَآءِ	لَيَقُوْلُوْنَ	اِنْ هِيَ	اِلَّا
ہم نے انہیں دیں	نشانیاں	وہ جن میں	آزمائش	کھلی	بیشک	یہ لوگ	البتہ کہتے ہیں	نہیں یہ	مگر صرف

ہم نے انہیں کھلی نشانیاں دیں، جن میں کھلی آزمائش تھی۔ بے شک یہ لوگ کہتے ہیں: یہ تو صرف

مَوْتَتُنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُنْشَرِيْنَ ﴿۳۵﴾ فَاْتُوْا بِاٰبَآئِنَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۳۶﴾

مَوْتَتُنَا	الْاُوْلٰى	وَمَا نَحْنُ	بِمُنْشَرِيْنَ	فَاْتُوْا	بِاٰبَآئِنَآ	اِنْ كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ
ہمارا مرنا	پہلی (ایک ہی) بار	اور ہم نہیں	دوبارہ اٹھائے جانے والے	تو لے آؤ	ہمارے باپ دادا	اگر تم ہو	سچے

ہمارا ایک ہی بار مرنا ہے اور ہم دوبارہ اٹھائے جانے والے نہیں۔ اگر تم سچے ہو تو ہمارے باپ دادا کو لے آؤ۔

اَهُمْ خَيْرٌ اَمْ قَوْمُ تُبَّعٍ ۙ وَّالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ اَهْلَكْنٰهُمْ ۫ اِنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۳۷﴾

اَهُمْ	خَيْرٌ	اَمْ	قَوْمُ تُبَّعٍ	وَ الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	اَهْلَكْنٰهُمْ	اِنَّهُمْ	كَانُوْا	مُجْرِمِيْنَ
کیا وہ	بہتر	یا	قوم تبع	اور جو لوگ	ان سے قبل	ہم نے ہلاک کیا انہیں	بیشک وہ	تھے	مجرم (جمع)

کیا وہ بہتر تھے یا تبع کی قوم؟ اور جو لوگ ان سے قبل تھے؟ ہم نے انہیں ہلاک کیا، بے شک وہ مجرم لوگ تھے۔

وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ﴿۳۸﴾ مَا خَلَقْنٰهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ

وَمَا	خَلَقْنَا	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	وَمَا بَيْنَهُمَا	لٰعِبِيْنَ	مَا خَلَقْنٰهُمَا	اِلَّا	بِالْحَقِّ
اور نہیں	ہم نے پیدا کیا	آسمانوں	اور زمین	اور جو ان دونوں کے درمیان	کھیلتے ہوئے	ہم نے نہیں پیدا کیا انہیں	مگر	حق کے ساتھ (ٹھیک طور پر)

اور آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے کھیلتے ہوئے (عبث کھیل کود) نہیں پیدا کیا۔ ہم نے انہیں نہیں پیدا کیا، مگر ٹھیک طور پر،

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٣٩﴾ اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ مِيْقَاتُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٤٠﴾ يَوْمَ لَا يُغْنِيْ

وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ	اِنَّ	يَوْمَ الْفَصْلِ	مِيْقَاتُهُمْ	اَجْمَعِيْنَ	يَوْمَ	لَا يُغْنِيْ
اور لیکن	ان میں سے اکثر	نہیں جانتے	بیشک	فیصلہ کا دن	ان سب کا وقتِ مقرر	سب	جس دن	نہ کام آئے گا

لیکن ان میں سے اکثر نہیں جانتے۔ بیشک فیصلہ کا دن (روزِ قیامت) ان سب کا وقتِ مقرر (میعاد) ہے۔ جس دن کام نہ آئے گا

مَوْلًى عَنْ مَّوْلًى شَيْـًٔا وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿٤١﴾ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ اللّٰهُ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ

مَوْلًى	عَنْ مَّوْلًى	شَيْـًٔا	وَّلَا هُمْ	يُنْصَرُوْنَ	اِلَّا	مَنْ	رَّحِمَ اللّٰهُ	اِنَّهٗ	هُوَ الْعَزِيْزُ
کوئی ساتھی	کسی ساتھی کے	کچھ	اور نہ وہ	مدد کیے جائیں گے	مگر	جس	رحم کیا اللہ نے	بیشک وہ	وہ غالب

کوئی ساتھی کچھ بھی کسی ساتھی کے اور نہ وہ مدد کئے جائیں گے۔ مگر جس پر اللہ نے رحم کیا، بیشک وہی غالب،

الرَّحِيْمُ ﴿٤٢﴾ اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ ﴿٤٣﴾ طَعَامُ الْاَثِيْمِ ﴿٤٤﴾ كَالْمُهْلِ ۚ يَغْلِيْ فِي الْبُطُوْنِ ﴿٤٥﴾

الرَّحِيْمُ	اِنَّ	شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ	طَعَامُ الْاَثِيْمِ	كَالْمُهْلِ	يَغْلِيْ	فِي الْبُطُوْنِ
رحم کرنے والا	بیشک	درخت تھوہر	کھانا گنہگاروں کا	پگھلے ہوئے تانبے کی طرح	کھولتا ہے	پیٹوں میں

رحم کرنے والا ہے۔ بیشک تھوہر کا درخت گنہگاروں کا کھانا ہے۔ (وہ) پیٹوں میں پگھلے ہوئے تانبے کی طرح کھولتا رہے گا۔

كَغَلْيِ الْحَمِيْمِ ﴿٤٦﴾ خُذُوْهُ فَاعْتِلُوْهُ اِلٰى سَوَاۗءِ الْجَحِيْمِ ﴿٤٧﴾ ثُمَّ صُبُّوْا فَوْقَ رَاْسِهٖ

كَغَلْيِ	الْحَمِيْمِ	خُذُوْهُ	فَاعْتِلُوْهُ	اِلٰى	سَوَاۗءِ الْجَحِيْمِ	ثُمَّ صُبُّوْا	فَوْقَ	رَاْسِهٖ
جیسے کھولتا ہوا	گرم پانی	پکڑ لو اسے	پھر کھینچو اسے	تک	بیچوں بیچ جہنم	پھر ڈالو	پر۔ اوپر	اس کا سر

جیسے کھولتا ہوا گرم پانی۔ اسے پکڑ لو، پھر اسے جہنم کے بیچوں بیچ تک کھینچو۔ پھر اس کے سر کے اوپر ڈالو

مِنْ عَذَابِ الْحَمِيْمِ ﴿٤٨﴾ ذُقْ ڌ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ ﴿٤٩﴾ اِنَّ هٰذَا مَا كُنْتُمْ بِهٖ

مِنْ	عَذَابِ الْحَمِيْمِ	ذُقْ	اِنَّكَ	اَنْتَ	الْعَزِيْزُ	الْكَرِيْمُ	اِنَّ هٰذَا	مَا كُنْتُمْ	بِهٖ
سے	عذاب کھولتا ہوا پانی	چکھ	بیشک تو	تو	زور آور	عزت والا	بیشک یہ	جو تم تھے	اس میں

کھولتے ہوئے پانی کے عذاب سے۔ چکھ بیشک تو (اپنے زعم میں) زور آور، عزت والا ہے۔ بیشک یہ ہے جس میں تم

تَمْتَرُوْنَ ﴿٥٠﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ مَقَامٍ اَمِيْنٍ ﴿٥١﴾ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿٥٢﴾ يَّلْبَسُوْنَ

تَمْتَرُوْنَ	اِنَّ	الْمُتَّقِيْنَ	فِيْ	مَقَامٍ اَمِيْنٍ	فِيْ	جَنّٰتٍ	وَّعُيُوْنٍ	يَّلْبَسُوْنَ
شک کرتے	بیشک	متقی (جمع)	میں	امن کا مقام	میں	باغات	اور چشمے	پہنے ہوئے

شک کرتے تھے۔ بیشک متقی امن کے مقام میں ہوں گے۔ باغات اور چشموں میں۔ پہنے ہوئے

مِنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَقٰبِلِیْنَ ﴿۵۳﴾ كَذٰلِكَ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِیْنٍ ﴿۵۴﴾ یَدْعُوْنَ

مِنْ	سُنْدُسٍ	وَّاِسْتَبْرَقٍ	مُّتَقٰبِلِیْنَ	كَذٰلِكَ	وَزَوَّجْنٰهُمْ	بِحُوْرٍ عِیْنٍ	یَدْعُوْنَ
سے۔کے	باریک ریشم	اور دبیز ریشم	ایکدوسرے کے آمنے سامنے	اسی طرح	اور ہم جوڑے بنادینگے انکے	خوبرو بڑی بڑی آنکھوں والیاں	وہ مانگیں گے

باریک اور دبیز ریشم کے کپڑے ایکدوسرے کے آمنے سامنے۔ اسی طرح ہم خوبرو بڑی بڑی آنکھوں والیوں سے ان کے جوڑے بنادیں گے۔ وہ مانگیں گے

فِیْهَا بِكُلِّ فَاكِهَةٍ اٰمِنِیْنَ ﴿۵۵﴾ لَا یَذُوْقُوْنَ فِیْهَا الْمَوْتَ اِلَّا الْمَوْتَةَ الْاُوْلٰى وَ

فِیْهَا	بِكُلِّ فَاكِهَةٍ	اٰمِنِیْنَ	لَا یَذُوْقُوْنَ	فِیْهَا	الْمَوْتَ	اِلَّا	الْمَوْتَةَ الْاُوْلٰى	وَ
اس میں	ہر قسم کا میوہ	اطمینان سے	وہ نہ چکھیں گے	وہاں	موت	سوائے	پہلی موت	اور

اس میں اطمینان سے ہر قسم کا میوہ۔ وہ پہلی موت کے سوا وہاں (پھر) موت کا ذائقہ نہ چکھیں گے، اور

وَقٰهُمْ عَذَابَ الْجَحِیْمِ ﴿۵۶﴾ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكَ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ﴿۵۷﴾ فَاِنَّمَا یَسَّرْنٰهُ

وَقٰهُمْ	عَذَابَ الْجَحِیْمِ	فَضْلًا	مِّنْ	رَّبِّكَ	ذٰلِكَ	هُوَ	الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ	فَاِنَّمَا	یَسَّرْنٰهُ
اور اس (اللہ) نے بچا لیا انہیں	جہنم کا عذاب	فضل سے	سے۔کے	تمہارا رب	یہ	یہی	کامیابی بڑی	اس کے سوا نہیں	ہم نے آسان کردیا

اور اللہ نے انہیں جہنم کے عذاب سے بچا لیا۔ تمہارے رب کے فضل سے، یہی ہے بڑی کامیابی۔ اس کے سوا نہیں کہ ہم نے اس (قرآن) کو آسان کردیا ہے

بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ یَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۸﴾ فَارْتَقِبْ اِنَّهُمْ مُّرْتَقِبُوْنَ ﴿۵۹﴾

بِلِسَانِكَ	لَعَلَّهُمْ	یَتَذَكَّرُوْنَ	فَارْتَقِبْ	اِنَّهُمْ	مُّرْتَقِبُوْنَ
آپ کی زبان پر	تاکہ وہ	نصیحت پکڑیں	پس آپ انتظار کریں	بیشک وہ	انتظار میں ہیں

آپ کی زبان میں تاکہ وہ نصیحت پکڑیں۔ پس آپ انتظار کریں، بے شک وہ بھی منتظر ہیں۔

اٰیَاتُهَا ۳۷ — ۴۵ سُوْرَةُ الْجَاثِیَةِ مَكِّیَّةٌ ۶۵ — رُكُوْعَاتُهَا ۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

حٰمٓ ﴿۱﴾ تَنْزِیْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِیْزِ الْحَكِیْمِ ﴿۲﴾ اِنَّ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

حٰمٓ	تَنْزِیْلُ الْكِتٰبِ	مِنَ اللّٰهِ	الْعَزِیْزِ	الْحَكِیْمِ	اِنَّ	فِی السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ
حٰمٓ	نازل کی ہوئی کتاب	اللہ کی طرف سے	غالب	حکمت والا	بیشک	آسمانوں میں	اور زمین

حا میم۔ یہ نازل کی ہوئی کتاب ہے، غالب حکمت والے اللہ کی طرف سے۔ بے شک آسمانوں اور زمین میں

لَاٰیٰتٍ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ (۳) وَفِیْ خَلْقِكُمْ وَمَا یَبُثُّ مِنْ دَآبَّةٍ اٰیٰتٌ لِّقَوْمٍ یُّوْقِنُوْنَ (۴)

لَاٰیٰتٍ	لِّلْمُؤْمِنِیْنَ	وَ	فِیْ خَلْقِكُمْ	وَمَا	یَبُثُّ	مِنْ دَآبَّةٍ	اٰیٰتٌ	لِّقَوْمٍ یُّوْقِنُوْنَ
البتہ نشانیاں	اہل ایمان کے لئے	اور	تمہاری پیدائش میں	اور جو	وہ پھیلاتا ہے	جو جانور	نشانیاں	یقین کرنے والے لوگوں کے لئے

البتہ اہل ایمان کے لئے نشانیاں ہیں۔ اور تمہاری پیدائش میں اور جو جانور وہ پھیلاتا ہے ان میں یقین کرنے والے لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں۔

وَاخْتِلَافِ الَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ رِّزْقٍ فَاَحْیَا بِهِ

وَاخْتِلَافِ	الَّیْلِ	وَالنَّهَارِ	وَمَا	اَنْزَلَ اللّٰهُ	مِنَ السَّمَآءِ	مِنْ رِّزْقٍ	فَاَحْیَا	بِهِ
اور تبدیلی	رات	اور دن	اور جو	اللہ نے اتارا	آسمان سے	رزق	پھر زندہ کیا	اس سے

اور رات دن کی تبدیلی میں، اور اس رزق میں جو اللہ نے آسمان سے اتارا، پھر اس سے زندہ کیا

الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَتَصْرِیْفِ الرِّیٰحِ اٰیٰتٌ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ (۵) تِلْكَ اٰیٰتُ اللّٰهِ

الْاَرْضَ	بَعْدَ مَوْتِهَا	وَتَصْرِیْفِ	الرِّیٰحِ	اٰیٰتٌ	لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ	تِلْكَ	اٰیٰتُ اللّٰهِ
زمین	اس کے مرنے (خشک ہونے) کے بعد	اور گردش	ہوائیں	نشانیاں	عقل (سلیم) والوں کے لئے	یہ	اللہ کے احکام

زمین کو اس کے خشک ہونے کے بعد اور ہواؤں کی گردش میں عقل سلیم والوں کے لئے نشانیاں ہیں۔ یہ اللہ کے احکام ہیں

نَتْلُوْهَا عَلَیْكَ بِالْحَقِّ ۚ فَبِاَیِّ حَدِیْثٍ بَعْدَ اللّٰهِ وَاٰیٰتِهٖ یُؤْمِنُوْنَ (۶) وَیْلٌ

نَتْلُوْهَا	عَلَیْكَ	بِالْحَقِّ	فَبِاَیِّ	حَدِیْثٍ	بَعْدَ اللّٰهِ	وَاٰیٰتِهٖ	یُؤْمِنُوْنَ	وَیْلٌ
ہم وہ پڑھتے ہیں	آپ پر	حق کے ساتھ	پس کس	بات	اللہ کے بعد	اور اس کی آیات	وہ ایمان لائیں گے	خرابی

ہم آپ پر حق کے ساتھ (ٹھیک ٹھیک) پڑھتے ہیں، پس اللہ کے اور اس کی آیات کے بعد وہ کس بات پر ایمان لائیں گے؟ خرابی ہے

لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِیْمٍ (۷) یَّسْمَعُ اٰیٰتِ اللّٰهِ تُتْلٰی عَلَیْهِ ثُمَّ یُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ یَسْمَعْهَا

لِّكُلِّ اَفَّاكٍ	اَثِیْمٍ	یَّسْمَعُ	اٰیٰتِ اللّٰهِ	تُتْلٰی عَلَیْهِ	ثُمَّ یُصِرُّ	مُسْتَكْبِرًا	كَاَنْ	لَّمْ یَسْمَعْهَا
ہر جھوٹ باندھنے والے کے لئے	گنہگار	وہ سنتا ہے	اللہ کی آیات	پڑھی جاتی ہیں اس پر	پھر اڑا رہتا ہے	تکبر کرتا ہوا	گویا کہ	اس نے نہیں سنا اسے

ہر جھوٹ باندھنے والے گنہگار کے لئے۔ وہ اللہ کی آیات کو سنتا ہے جو اس پر پڑھی جاتی ہیں، پھر تکبر کرتا ہوا اڑا رہتا ہے گویا کہ اس نے سنا ہی نہیں

فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِیْمٍ (۸) وَاِذَا عَلِمَ مِنْ اٰیٰتِنَا شَیْئًا اتَّخَذَهَا هُزُوًا ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ

فَبَشِّرْهُ	بِعَذَابٍ اَلِیْمٍ	وَاِذَا	عَلِمَ	مِنْ اٰیٰتِنَا	شَیْئًا	اتَّخَذَهَا	هُزُوًا	اُولٰٓئِكَ	لَهُمْ
پس اسے خوشخبری دو	دردناک عذاب کی	اور جب	واقف ہو	ہماری آیات میں سے	کسی شے	وہ اس کو پکڑتا ہے	ہنسی مذاق	یہی لوگ	ان کے لئے

پس اسے دردناک عذاب کی خوشخبری دو۔ اور جب وہ ہماری آیات میں سے کسی شے پر واقف ہو تو وہ اس کو پکڑتا (بناتا) ہے ہنسی مذاق، یہی لوگ ہیں جن کے لئے

عَذَابٌ مُّهِينٌ ﴿٩﴾ مِنْ وَّرَآئِهِمْ جَهَنَّمُ ۚ وَلَا يُغْنِي عَنْهُمْ مَّا كَسَبُوْا شَيْئًا وَّلَا مَا اتَّخَذُوْا

عَذَابٌ مُّهِينٌ	مِنْ وَّرَآئِهِمْ	جَهَنَّمُ	وَلَا يُغْنِي عَنْهُمْ	مَّا كَسَبُوْا	شَيْئًا	وَّلَا مَا اتَّخَذُوْا
عذاب رسوا کرنے والا	ان کے دوسری طرف (آگے)	جہنم	اور نہ کام آئے گا ان کے	جو انہوں نے کمایا	کچھ	اور نہ جو انہوں نے ٹھہرایا

رسوا کرنے والا عذاب۔ ان کے آگے جہنم ہے اور ان کے کچھ کام نہ آئے گا جو انہوں نے کمایا اور نہ وہ جن کو انہوں نے

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿١٠﴾ هٰذَا هُدًى ۚ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	اَوْلِيَآءَ	وَلَهُمْ	عَذَابٌ عَظِيْمٌ	هٰذَا هُدًى	وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا
اللہ کے سوا	کارساز	اور ان کے لئے	بڑا عذاب	(قرآن) ہدایت	اور جن لوگوں نے کفر کیا (نہ مانا)

اللہ کے سوا کارساز ٹھہرایا، اور ان کے لئے بڑا عذاب ہے۔ یہ قرآن (سراسر) ہدایت ہے، اور جن لوگوں نے کفر کیا

بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ﴿١١﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ سَخَّرَ لَكُمُ الْبَحْرَ لِتَجْرِيَ

بِاٰيٰتِ	رَبِّهِمْ	لَهُمْ	عَذَابٌ	مِّنْ	رِّجْزٍ اَلِيْمٌ	اَللّٰهُ	الَّذِيْ	سَخَّرَ	لَكُمُ	الْبَحْرَ	لِتَجْرِيَ
آیات کو	اپنا رب	انکے لئے	ایک عذاب	سے	دردناک عذاب	اللہ	وہ جس	مسخر کیا	تمہارے لئے	دریا	تاکہ چلیں

اپنے رب کی آیات کا، ان کے لئے دردناک عذاب میں سے ایک بڑا عذاب ہوگا۔ اللہ وہ ہے جس نے تمہارے لئے دریا کو مسخر کیا تاکہ چلیں

الْفُلْكُ فِيْهِ بِاَمْرِهٖ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿١٢﴾ وَسَخَّرَ لَكُمْ مَّا

الْفُلْكُ	فِيْهِ	بِاَمْرِهٖ	وَلِتَبْتَغُوْا	مِنْ فَضْلِهٖ	وَلَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُوْنَ	وَسَخَّرَ	لَكُمْ	مَّا
کشتیاں	اس میں	اس کے حکم سے	اور تاکہ تم تلاش کرو	اس کے فضل سے	اور تاکہ تم	شکر کرو	اور اس نے مسخر کیا	تمہارے لئے	جو

اس میں اس کے حکم سے کشتیاں، اور تاکہ اس کے فضل سے (روزی) تلاش کرو، اور تاکہ تم شکر کرو۔ اور اس نے تمہارے لئے مسخر کیا جو

فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مِّنْهُ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿١٣﴾

فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ	جَمِيْعًا	مِّنْهُ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّقَوْمٍ	يَّتَفَكَّرُوْنَ
آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	سب	اپنے حکم سے	بےشک	اس میں	نشانیاں	ان لوگوں کے لئے جو	غور و فکر کرتے ہیں

آسمانوں میں اور زمین میں ہے سب کو اپنے حکم سے، بے شک اس میں غور و فکر کرنے والے لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں۔

قُلْ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَغْفِرُوْا لِلَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ اَيَّامَ اللّٰهِ لِيَجْزِيَ قَوْمًا

قُلْ	لِّلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	يَغْفِرُوْا	لِلَّذِيْنَ	لَا يَرْجُوْنَ	اَيَّامَ اللّٰهِ	لِيَجْزِيَ	قَوْمًا
فرما دیں	ان لوگوں کو جو	ایمان لائے	وہ درگزر کریں	ان لوگوں سے جو	امید نہیں رکھتے	اللہ کے ایام	تاکہ وہ بدلہ دے	ان لوگوں کو

آپ ان لوگوں کو جو ایمان لائے (مومنوں کو) فرما دیں وہ ان لوگوں سے درگزر کریں جو اللہ کے ایام کی امید نہیں رکھتے تاکہ اللہ ان لوگوں کو بدلہ دے

بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۴﴾ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ اَسَآءَ فَعَلَيْهَا ۫ ثُمَّ

بِمَا	كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ	مَنْ	عَمِلَ صَالِحًا	فَلِنَفْسِهٖ	وَمَنْ	اَسَآءَ	فَعَلَيْهَا	ثُمَّ
اس کا جو	وہ کماتے تھے (اعمال)	جس	عمل کیا نیک	تو اپنی ذات کے لئے	اور جس	برا کیا	تو اس پر	پھر

ان کے اعمال کا۔ جس نے نیک عمل کیا اپنی ذات کے لئے (کیا) اور جس نے برا کیا تو (اس کا وبال) اسی پر (ہوگا) پھر

اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۵﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ

اِلٰى رَبِّكُمْ	تُرْجَعُوْنَ	وَلَقَدْ اٰتَيْنَا	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	الْكِتٰبَ	وَالْحُكْمَ	وَالنُّبُوَّةَ
تم اپنے رب کی طرف	تم لوٹائے جاؤ گے	اور تحقیق ہم نے دی	بنی اسرائیل	کتاب	اور حکومت	اور نبوت

تم اپنے رب کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔ اور تحقیق ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب (توریت) اور حکومت اور نبوت دی

وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶﴾ وَاٰتَيْنٰهُمْ بَيِّنٰتٍ مِّنَ الْاَمْرِ ۚ

وَرَزَقْنٰهُمْ	مِّنَ	الطَّيِّبٰتِ	وَفَضَّلْنٰهُمْ	عَلَى	الْعٰلَمِيْنَ	وَاٰتَيْنٰهُمْ	بَيِّنٰتٍ	مِّنَ الْاَمْرِ
اور ہم نے عطا کیں انہیں	پاکیزہ چیزیں		اور ہم نے فضیلت دی انہیں	جہان والوں پر		اور ہم نے انہیں دیں	واضح نشانیاں	امر (دین کے بارے میں)

اور ہم نے انہیں پاکیزہ چیزیں عطا کیں، اور ہم نے انہیں جہان والوں پر فضیلت دی۔ اور ہم نے انہیں دین کے بارے میں واضح نشانیاں دیں

فَمَا اخْتَلَفُوْٓا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ ۙ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ

فَمَا اخْتَلَفُوْٓا	اِلَّا	مِنْۢ بَعْدِ	مَا جَآءَهُمُ	الْعِلْمُ	بَغْيًۢا	بَيْنَهُمْ	اِنَّ	رَبَّكَ	يَقْضِيْ	بَيْنَهُمْ
تو انہوں نے اختلاف نہ کیا	مگر	اس کے بعد	جب آگیا ان کے پاس	علم	ضد سے	آپس کی	بیشک تمہارا رب		فیصلہ دے گا	انکے درمیان

تو انہوں نے اختلاف نہ کیا مگر اس کے بعد جبکہ ان کے پاس علم آگیا آپس کی ضد کی وجہ سے، بیشک تمہارا رب ان کے درمیان فیصلہ فرمائے گا

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۷﴾ ثُمَّ جَعَلْنٰكَ عَلٰى شَرِيْعَةٍ مِّنَ الْاَمْرِ

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	فِيْمَا	كَانُوْا	فِيْهِ	يَخْتَلِفُوْنَ	ثُمَّ	جَعَلْنٰكَ	عَلٰى	شَرِيْعَةٍ	مِّنَ الْاَمْرِ
قیامت کے دن	اس میں	وہ تھے	اس میں	اختلاف کرتے	پھر	ہم نے کردیا آپ کو	شریعت (خاص طریقہ) پر		دین کے بارے میں

قیامت کے دن جس میں وہ اختلاف کرتے تھے۔ پھر ہم نے آپ کو دین کے ایک خاص طریقہ پر کر دیا

فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَاۗءَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸﴾ اِنَّهُمْ لَنْ يُّغْنُوْا عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ

فَاتَّبِعْهَا	وَلَا تَتَّبِعْ	اَهْوَاۗءَ	الَّذِيْنَ	لَا يَعْلَمُوْنَ	اِنَّهُمْ	لَنْ يُّغْنُوْا	عَنْكَ	مِنَ اللّٰهِ
تو آپ ان کی پیروی کریں	اور نہ پیروی کریں	خواہشات	ان لوگوں کی جو	علم نہیں رکھتے	بیشک وہ	ہرگز کام نہ آئیں گے	آپ کے	اللہ سے، سامنے

تو آپ اسی کی پیروی کریں، اور جو لوگ علم نہیں رکھتے ان کی خواہشات کی پیروی نہ کریں، بیشک وہ اللہ کے سامنے آپ کے کام نہ آئیں گے

شَيْـًٔا ۗ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۚ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ ﴿١٩﴾ هٰذَا

شَيْـًٔا	وَاِنَّ	الظّٰلِمِيْنَ	بَعْضُهُمْ	اَوْلِيَآءُ	بَعْضٍ	وَاللّٰهُ	وَلِيُّ	الْمُتَّقِيْنَ	هٰذَا
کچھ	اور بیشک	ظالم (جمع)	ان میں سے بعض (ایک)	رفیق (جمع)	بعض (دوسرے)	اور اللہ	رفیق	پرہیزگاروں	یہ

کچھ بھی اور بیشک ظالم ایک دوسرے کے رفیق ہیں، اور اللہ پرہیزگاروں کا رفیق ہے۔ یہ

بَصَآئِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿٢٠﴾ اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ

بَصَآئِرُ	لِلنَّاسِ	وَهُدًى	وَّرَحْمَةٌ	لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ	اَمْ حَسِبَ	الَّذِيْنَ
دانائی کی باتیں	لوگوں کے لئے	اور ہدایت	اور رحمت	یقین رکھنے والے لوگوں کے لئے	کیا گمان کرتے ہیں	وہ جنہوں نے

لوگوں کے لئے دانائی کی باتیں ہیں اور ہدایت و رحمت یقین رکھنے والے لوگوں کے لئے۔ کیا وہ لوگ یہ گمان کرتے ہیں جنہوں نے

اجْتَرَحُوا السَّيِّاٰتِ اَنْ نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ سَوَآءً

اجْتَرَحُوا	السَّيِّاٰتِ	اَنْ نَّجْعَلَهُمْ	كَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	سَوَآءً
کمائیں (کیں)	برائیاں	کہ ہم کر دیں گے انہیں	ان لوگوں کی طرح جو	ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	اچھے	برابر

برائیاں کیں کہ ہم انہیں ان لوگوں کی طرح کر دیں گے جو ایمان لائے اور انہوں نے اچھے عمل کئے تاکہ برابر رہو جائے،

۲ | ع ۱۰ | ۱۸

مَّحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ ۗ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿٢١﴾ وَخَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

مَّحْيَاهُمْ	وَ	مَمَاتُهُمْ	سَآءَ	مَا يَحْكُمُوْنَ	وَخَلَقَ	اللّٰهُ	السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضَ
ان کا جینا	اور	ان کا مرنا	برا	جو وہ حکم لگاتے ہیں	اور پیدا کیا	اللہ	آسمانوں	اور	زمین

اُن کا جینا اور مرنا، برا ہے جو وہ حکم لگاتے ہیں۔ اور اللہ نے آسمانوں کو اور زمین کو پیدا کیا

بِالْحَقِّ وَلِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍ ۢ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿٢٢﴾ اَفَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ

بِالْحَقِّ	وَلِتُجْزٰى	كُلُّ نَفْسٍ	بِمَا	كَسَبَتْ	وَهُمْ	لَا يُظْلَمُوْنَ	اَفَرَءَيْتَ	مَنِ	اتَّخَذَ
حق (حکمت) کے ساتھ	اور تاکہ بدلہ دیا جائے	ہر شخص	اس کا	جو اس نے کمایا (اعمال)	اور وہ	ظلم نہ کئے جائیں گے	کیا تم نے دیکھا	جو جس	بنا لیا

حکمت کے ساتھ، اور تاکہ ہر شخص کو اس کے اعمال کا بدلہ دیا جائے اور ان پر ظلم نہ کیا جائے گا۔ کیا تم نے اس شخص کو دیکھا جس نے بنا لیا

اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ وَاَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلْمٍ وَّخَتَمَ عَلٰى سَمْعِهٖ وَقَلْبِهٖ وَجَعَلَ عَلٰى بَصَرِهٖ

اِلٰهَهٗ	هَوٰىهُ	وَاَضَلَّهُ	اللّٰهُ	عَلٰى عِلْمٍ	وَّخَتَمَ	عَلٰى سَمْعِهٖ	وَقَلْبِهٖ	وَجَعَلَ	عَلٰى بَصَرِهٖ
اپنا معبود	اپنی خواہش	اور گمراہ کر دیا اسے	اللہ	علم پر ۔ باوجود	اور اس نے مہر لگا دی	اس کے کان	اور اس کے دل	اور کر دیا (ڈال دیا)	اس کی آنکھ پر

اپنی خواہشوں کو اپنا معبود، اور اللہ نے علم کے باوجود اسے گمراہ کر دیا، اور مہر لگا دی اس کے کان اور اس کے دل پر اور ڈال دیا اس کی آنکھ پر

غِشٰوَةً ۭ فَمَنْ يَّهْدِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ اللّٰهِ ۭ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝۲۳ وَقَالُوْا مَا هِيَ اِلَّا

غِشٰوَةً	فَمَنْ	يَّهْدِيْهِ	مِنْۢ بَعْدِ اللّٰهِ	اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ	وَقَالُوْا	مَا هِيَ	اِلَّا
پردہ	تو کون	اسے ہدایت دے گا	اللہ کے بعد	تو کیا تم غور نہیں کرتے؟	اور انہوں نے کہا	نہیں یہ	صرف

پردہ، تو اللہ کے بعد اُسے کون ہدایت دے گا، تو کیا تم غور نہیں کرتے؟ اور انہوں نے کہا یہ (اور کچھ) نہیں صرف

حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا يُهْلِكُنَآ اِلَّا الدَّهْرُ ۚ وَمَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ

حَيَاتُنَا	الدُّنْيَا	نَمُوْتُ	وَنَحْيَا	وَمَا يُهْلِكُنَآ	اِلَّا	الدَّهْرُ	وَمَا	لَهُمْ	بِذٰلِكَ	مِنْ
ہماری زندگی	دنیا	ہم مرتے ہیں	اور ہم جیتے ہیں	اور نہیں ہلاک کرتا ہمیں	مگر صرف	زمانہ	اور نہیں	انہیں	اس کا	سے کوئی

ہماری دنیا کی زندگی ہے، ہم مرتے ہیں اور ہم جیتے ہیں، اور ہمیں صرف زمانہ ہلاک کر دیتا ہے، اور انہیں اس کا کوئی

عِلْمٍ ۚ اِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ۝۲۴ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ مَّا كَانَ حُجَّتَهُمْ

عِلْمٍ	اِنْ	هُمْ	اِلَّا	يَظُنُّوْنَ	وَاِذَا	تُتْلٰى عَلَيْهِمْ	اٰيٰتُنَا	بَيِّنٰتٍ	مَّا كَانَ	حُجَّتَهُمْ
علم	نہیں	وہ	مگر صرف	اٹکل دوڑاتے ہیں	اور جب	پڑھی جاتی ہیں ان پر	ہماری آیات	واضح	نہیں ہوتی	ان کی حجت

علم نہیں، وہ صرف اٹکل دوڑاتے ہیں۔ اور جب ان پر ہماری واضح آیات پڑھی جاتی ہیں تو اُن کی حجت (دلیل) نہیں ہوتی

اِلَّآ اَنْ قَالُوا ائْتُوْا بِاٰبَاۗىِٕنَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۲۵ قُلِ اللّٰهُ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ

اِلَّآ اَنْ	قَالُوا	ائْتُوْا	بِاٰبَاۗىِٕنَآ	اِنْ كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	قُلِ	اللّٰهُ يُحْيِيْكُمْ	ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ
سوا یہ کہ	وہ کہتے ہیں	تم لے آؤ	ہمارے باپ دادا کو	اور اگر تم ہو	سچے	فرما دیں	اللہ تمہیں جلاتا ہے	وہ پھر تمہیں موت دے گا

اس کے سوا کہ وہ کہتے ہیں ہمارے باپ دادا کو لے آؤ اگر تم سچے ہو۔ آپ فرما دیں اللہ (ہی) تمہیں جلاتا ہے (وہی) پھر تمہیں موت دے گا

ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝۲۶

ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ	اِلٰى	يَوْمِ الْقِيٰمَةِ	لَا رَيْبَ	فِيْهِ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَ النَّاسِ	لَا يَعْلَمُوْنَ
وہ پھر تمہیں جمع کرے گا	طرف	قیامت کا دن	کوئی شک نہیں	اس میں	اور لیکن	اکثر لوگ	جانتے نہیں

پھر (وہی) تمہیں قیامت کے دن جمع کرے گا، جس میں کوئی شک نہیں، لیکن اکثر لوگ جانتے نہیں۔

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَىِٕذٍ يَّخْسَرُ الْمُبْطِلُوْنَ ۝۲۷

وَلِلّٰهِ	مُلْكُ السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَيَوْمَ	تَقُوْمُ	السَّاعَةُ	يَوْمَىِٕذٍ	يَّخْسَرُ	الْمُبْطِلُوْنَ
اور اللہ کے لئے	بادشاہت آسمانوں	اور زمین	اور جس دن	قائم ہوگی	قیامت	اس دن	خسارہ پائیں گے	باطل پرست

اور اللہ (ہی) کے لئے ہے بادشاہت آسمانوں کی اور زمین کی، اور جس دن قیامت قائم (بپا) ہوگی اسی دن باطل پرست خسارہ پائیں گے۔

ع ۳ ۱۹

وَتَرٰی كُلَّ اُمَّةٍ جَاثِيَةً ۫ كُلُّ اُمَّةٍ تُدْعٰۤى اِلٰى كِتٰبِهَا ؕ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا

وَتَرٰی	كُلَّ اُمَّةٍ	جَاثِيَةً	كُلُّ	اُمَّةٍ	تُدْعٰى	اِلٰى كِتٰبِهَا	اَلْيَوْمَ	تُجْزَوْنَ	مَا
اور تم دیکھوگے	ہر امت	گھٹنوں کے بل گرے ہوئے	ہر	امت	پکاری جائے گی	اپنی کتاب (نامۂ اعمال) کی طرف	آج	تمہیں بدلہ دیا جائے گا	جو

اور تم ہر امت کو گھٹنوں کے بل گرے ہوئے دیکھوگے، ہر امت اپنے نامۂ اعمال کی طرف پکاری جائے گی، آج تمہیں بدلہ دیا جائے گا اس کا جو

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۸﴾ هٰذَا كِتٰبُنَا يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ ؕ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا

كُنْتُمْ	تَعْمَلُوْنَ	هٰذَا كِتٰبُنَا	يَنْطِقُ	عَلَيْكُمْ	بِالْحَقِّ	اِنَّا كُنَّا	نَسْتَنْسِخُ	مَا
تم کرتے تھے		یہ ہماری کتاب (تحریر)	بولتی ہے	تم پر (تمہارے متعلق)	حق کے ساتھ	بیشک ہم	لکھاتے تھے	جو

تم کرتے تھے ۔ یہ ہماری تحریر ہے جو تمہارے متعلق حق کے ساتھ بولتی ہے ، بے شک ہم لکھاتے تھے جو

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۹﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ فِيْ رَحْمَتِهٖ

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ	فَاَمَّا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	فَيُدْخِلُهُمْ	رَبُّهُمْ	فِيْ رَحْمَتِهٖ
تم کرتے تھے	پس جو لوگ		ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے نیک		تو وہ داخل کریگا انہیں	ان کا رب	اپنی رحمت میں

تم کرتے تھے ۔ پس جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے اور انہیں ان کا رب اپنی رحمت میں داخل کرے گا

ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ﴿۳۰﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۫ اَفَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ

ذٰلِكَ	هُوَ	الْفَوْزُ	الْمُبِيْنُ	وَاَمَّا	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	اَفَلَمْ تَكُنْ	اٰيٰتِيْ	تُتْلٰى	عَلَيْكُمْ
یہ	وہ (یہی)	کامیابی	کھلی	اور وہ لوگ جنہوں نے		کفر کیا	سو کیا نہ تھیں	میری آیات	پڑھی جاتی تھیں	تم پر

یہی ہے کھلی کامیابی ۔ اور وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا (ان سے کہا جائے گا)، سو کیا تم پر میری آیات نہ پڑھی جاتی تھیں؟

فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنْتُمْ قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿۳۱﴾ وَاِذَا قِيْلَ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّالسَّاعَةُ

فَاسْتَكْبَرْتُمْ	وَكُنْتُمْ	قَوْمًا	مُّجْرِمِيْنَ	وَاِذَا	قِيْلَ	اِنَّ	وَعْدَ اللّٰهِ	حَقٌّ	وَّالسَّاعَةُ
تو تم نے تکبر کیا	اور تم تھے	لوگ	مجرم (جمع)	اور جب	کہا جاتا تھا بیشک		اللہ کا وعدہ	سچ	اور قیامت

تو تم نے تکبر کیا اور تم مجرم لوگ تھے ۔ اور جب (تم سے) کہا جاتا تھا کہ بے شک اللہ کا وعدہ سچ ہے اور قیامت

لَا رَيْبَ فِيْهَا قُلْتُمْ مَّا نَدْرِيْ مَا السَّاعَةُ ۙ اِنْ نَّظُنُّ اِلَّا ظَنًّا وَّمَا نَحْنُ

لَا رَيْبَ	فِيْهَا	قُلْتُمْ	مَا نَدْرِيْ	مَا السَّاعَةُ	اِنْ	نَّظُنُّ	اِلَّا	ظَنًّا	وَّمَا	نَحْنُ
کوئی شک نہیں	اس میں	تم نے کہا	ہم نہیں جانتے	کیا ہے قیامت	نہیں ہم گمان کرتے		مگر صرف	تو ہم جیسا	اور نہیں	ہم

(اس) میں کوئی شک نہیں، تو تم نے کہا ہم نہیں جانتے قیامت کیا ہے ! (ہاں)، ہم صرف ایک توہم گمان کرتے تھے ، اور ہم نہیں ہیں

بِمُسْتَیْقِنِیْنَ ﴿۳۲﴾ وَ بَدَا لَهُمْ سَیِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ

بِمُسْتَیْقِنِیْنَ	وَ بَدَا	لَهُمْ	سَیِّاٰتُ	مَا عَمِلُوْا	وَحَاقَ	بِهِمْ	مَا كَانُوْا	بِهٖ
یقین کرنے والے	اور کھل گئیں	ان پر	برائیاں	جو انہوں نے کیا (اعمال)	اور گھیر لیا	انہیں	جس کا وہ تھے	اس کا

یقین کرنے والے۔ اور ان پر ان کے اعمال کی برائیاں کھل گئیں اور انہیں اس (عذاب) نے گھیر لیا جس کا

یَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَقِیْلَ الْیَوْمَ نَنْسٰىكُمْ كَمَا نَسِیْتُمْ لِقَآءَ یَوْمِكُمْ هٰذَا وَ

یَسْتَهْزِءُوْنَ	وَقِیْلَ	الْیَوْمَ	نَنْسٰىكُمْ	كَمَا	نَسِیْتُمْ	لِقَآءَ	یَوْمِكُمْ	هٰذَا	وَ
وہ مذاق اڑاتے	اور کہا جائے گا	آج	ہم نے بھلا دیا تمہیں	جیسے	تم نے بھلا دیا	ملنا	اپنے دن	اس	اور

وہ مذاق اڑاتے تھے۔ اور کہا جائے گا آج ہم نے تمہیں بھلا دیا ہے جیسے تم نے اپنے اس دن کے ملنے کو بھلا دیا تھا، اور

مَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِیْنَ ﴿۳۴﴾ ذٰلِكُمْ بِاَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ اٰیٰتِ اللّٰهِ

مَاْوٰىكُمُ	النَّارُ	وَمَا لَكُمْ	مِّنْ نّٰصِرِیْنَ	ذٰلِكُمْ	بِاَنَّكُمُ	اتَّخَذْتُمْ	اٰیٰتِ اللّٰهِ
تمہارا ٹھکانا	جہنم	اور نہیں تمہارے لئے	کوئی مددگار (جمع)	یہ	اس لئے کہ تم	تم نے بنا لیا	اللہ کی آیات

تمہارا ٹھکانا جہنم ہے، اور تمہارا کوئی مددگار نہیں۔ یہ اس لئے ہے کہ تم نے بنا لیا تھا اللہ کی آیات کو

هُزُوًا وَّغَرَّتْكُمُ الْحَیٰوةُ الدُّنْیَا ۚ فَالْیَوْمَ لَا یُخْرَجُوْنَ مِنْهَا وَلَا هُمْ

هُزُوًا	وَغَرَّتْكُمُ	الْحَیٰوةُ الدُّنْیَا	فَالْیَوْمَ	لَا یُخْرَجُوْنَ	مِنْهَا	وَلَا هُمْ
ایک مذاق	اور فریب دیا تمہیں	دنیا کی زندگی	سو آج	وہ نہ نکالے جائیں گے	اس سے	اور نہ انہیں

ایک مذاق، اور تمہیں دنیا کی زندگی نے فریب دے رکھا تھا، سو آج وہ اس سے نہ نکالے جائیں گے اور نہ انہیں

یُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿۳۵﴾ فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۳۶﴾

یُسْتَعْتَبُوْنَ	فَلِلّٰهِ	الْحَمْدُ	رَبِّ السَّمٰوٰتِ	وَرَبِّ الْاَرْضِ	رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ
رضامندی حاصل کرنیکا موقع دیا جائے گا	پس اللہ کے لئے	تمام تعریفیں	آسمانوں کا رب	اور زمین کا رب	تمام جہانوں کا رب

(اللہ کی) رضامندی حاصل کرنے کا موقع دیا جائے گا۔ پس تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو رب ہے آسمانوں کا اور رب ہے زمین کا اور رب ہے تمام جہانوں کا۔

۴ ع ۱۱ ۲۰

وَلَهُ الْكِبْرِیَآءُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۠ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿۳۷﴾ ع

وَلَهُ	الْكِبْرِیَآءُ	فِی السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَهُوَ	الْعَزِیْزُ	الْحَكِیْمُ
اور اسی کے لئے	کبریائی	آسمانوں میں	اور زمین	اور وہ	غالب	حکمت والا

اور اسی کے لئے ہے کبریائی (بڑائی)، آسمانوں میں اور زمین میں، اور وہ غالب، حکمت والا ہے۔

ایاتھا ۳۵ — ۴۶ سورۃ الاحقاف مکیۃ ۶۶ — رکوعاتھا ۴

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

حٰمٓ ﴿١﴾ تنزیل الکتٰب من اللہ العزیز الحکیم ﴿٢﴾ ما خلقنا السمٰوٰت

حٰمٓ	تنزیل	الکتٰب	من اللہ	العزیز	الحکیم	ماخلقنا	السمٰوٰت
حا میم	نازل کرنا	کتاب	اللہ سے	غالب	حکمت والا	نہیں پیدا کیا ہم نے	آسمانوں

حامیم ۔ کتاب کا نازل کرنا غالب، حکمت والے اللہ (کی طرف) سے ہے۔ ہم نے نہیں پیدا کیا ہے آسمانوں

والارض وما بینھما الا بالحق واجل مسمّی ؕ والذین کفروا عمّا انذروا

والارض	وما بینھما	الا	بالحق	و	اجل مسمّی	والذین کفروا	عمّا	انذروا
اور زمین	اور جو ان دونوں کے درمیان	مگر	حق کے ساتھ	اور	ایک میعاد مقررہ	اور جن لوگوں نے کفر کیا	جس سے	وہ ڈرائے جاتے ہیں

اور زمین کو اور جو اُن دونوں کے درمیان ہے مگر حق (حکمت) کے ساتھ اور ایک مقررہ میعاد (کے لئے) اور جن لوگوں نے کفر کیا وہ جس سے ڈرائے جاتے ہیں

معرضون ﴿٣﴾ قل ارءیتم ما تدعون من دون اللہ ارونی ماذا خلقوا من الارض

معرضون	قل	ارءیتم	ما تدعون	من دون اللہ	ارونی	ماذا	خلقوا	من الارض
روگردانی کرنے والے	فرمادیں	بھلا تم دیکھو	جن کو تم بلاتے ہو	اللہ کے سوا	دکھاؤ مجھے	کیا	انہوں نے پیدا کیا	زمین سے

(اس سے) روگردانی کرنیوالے ہیں۔ آپ فرمادیں بھلا تم دیکھو (سوچو) تو جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو مجھے دکھاؤ انہوں نے زمین سے کیا پیدا کیا ؟

ام لھم شرک فی السمٰوٰت ؕ ائتونی بکتٰب من قبل ھذا او اثرۃ من علم ان

ام	لھم	شرک	فی السمٰوٰت	ائتونی	بکتٰب	من قبل	ھذا	او	اثرۃ	من علم	ان
یا	انکے لئے	کچھ ساجھا	آسمانوں میں	لے آؤ میرے پاس	کوئی کتاب	سے پہلے	اس	یا	آثار	علم سے۔ کی	اگر

یا اُن کے لئے آسمانوں میں کچھ ساجھا ہے؟ میرے پاس اس سے پہلے کی کوئی کتاب لے آؤ، یا کوئی علمی آثار (نشانات) لے آؤ، اگر

کنتم صدقین ﴿٤﴾ ومن اضل ممّن یدعوا من دون اللہ من لا یستجیب لہ

کنتم	صدقین	ومن	اضل	ممّن یدعوا	من دون اللہ	من	لا یستجیب	لہ
تم ہو	سچے	اور کون	بڑا گمراہ	اس سے جو وہ پکارتا ہے	اللہ کے سوا	جو	جواب دے گا	اس کو

تم سچے ہو۔ اور اُس سے بڑا گمراہ کون ہے؟ جو اللہ کے سوا اس کو پکارتا ہے جو اُسے جواب نہ دے گا

إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَهُمْ عَن دُعَائِهِمْ غَافِلُونَ ۝٥ وَإِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوا لَهُمْ

إِلَىٰ	يَوْمِ الْقِيَامَةِ	وَهُمْ	عَن	دُعَائِهِمْ	غَافِلُونَ	وَإِذَا	حُشِرَ النَّاسُ	كَانُوا	لَهُمْ
تک	قیامت کا دن	اور وہ	سے	ان کا پکارنا	بے خبر ہیں	اور جب	جمع کئے جائیں گے لوگ	وہ ہوں گے	ان کے

قیامت کے دن تک، اور وہ ان کے پکارنے سے (بھی) بے خبر ہیں۔ اور جب لوگ (میدان حشر) میں جمع کئے جائیں گے وہ ان کے

أَعْدَاءً وَكَانُوا بِعِبَادَتِهِمْ كَافِرِينَ ۝٦ وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ قَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا

أَعْدَاءً	وَكَانُوا	بِعِبَادَتِهِمْ	كَافِرِينَ	وَإِذَا	تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ	آيَاتُنَا	بَيِّنَاتٍ	قَالَ	الَّذِينَ كَفَرُوا
دشمن	اور ہوں گے	ان کی عبادت سے	منکر (جمع)	اور جب	پڑھی جاتی ہیں ان پر	آیات ہماری	واضح	کہتے ہیں	جن لوگوں نے انکار کیا

دشمن ہوں گے اور وہ ان کی عبادت کے منکر ہوں گے۔ اور جب ان پر ہماری واضح آیات پڑھی جاتی ہیں تو وہ کہتے ہیں جنہوں نے انکار کیا

لِلْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُمْ هَٰذَا سِحْرٌ مُّبِينٌ ۝٧ أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ ۖ قُلْ إِنِ افْتَرَيْتُهُ

لِلْحَقِّ	لَمَّا	جَاءَهُمْ	هَٰذَا	سِحْرٌ	مُّبِينٌ	أَمْ	يَقُولُونَ	افْتَرَاهُ	قُلْ	إِنِ	افْتَرَيْتُهُ
حق کا	جب	انکے پاس آگیا	یہ	جادو	کھلا	کیا	وہ کہتے ہیں	اس نے خود بنالیا ہے	فرمادیں	اگر	میں نے خود بنالیا ہے اسے

حق کا، جب وہ ان کے پاس آگیا کہ یہ کھلا جادو ہے۔ کیا وہ کہتے ہیں کہ اس نے اسے خود بنالیا ہے، آپ فرمادیں اگر میں نے اسے خود بنالیا ہے

فَلَا تَمْلِكُونَ لِي مِنَ اللَّهِ شَيْئًا ۖ هُوَ أَعْلَمُ بِمَا تُفِيضُونَ فِيهِ ۖ كَفَىٰ بِهِ شَهِيدًا

فَلَا تَمْلِكُونَ	لِي	مِنَ اللَّهِ	شَيْئًا	هُوَ أَعْلَمُ	بِمَا	تُفِيضُونَ	فِيهِ	كَفَىٰ بِهِ	شَهِيدًا
تو تم اختیار نہیں رکھتے	میرے لئے	اللہ سے	کچھ بھی	وہ خوب جانتا ہے	وہ جو	تم باتیں بناتے ہو	اس میں	وہ کافی ہے اس کا	گواہ

تو تم مجھے اللہ سے (بچانے کا) کچھ بھی اختیار نہیں رکھتے، وہ خوب جانتا ہے جو تم اس (کے بارے) میں باتیں بناتے ہو، وہ اس کا گواہ کافی ہے

بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ ۖ وَهُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ۝٨ قُلْ مَا كُنتُ بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ وَمَا أَدْرِي

بَيْنِي	وَبَيْنَكُمْ	وَهُوَ	الْغَفُورُ	الرَّحِيمُ	قُلْ	مَا كُنتُ	بِدْعًا	مِّنَ الرُّسُلِ	وَمَا أَدْرِي
میرے درمیان	اور تمہارے درمیان	اور وہ	بخشنے والا	رحم کرنے والا	فرمادیں	نہیں ہوں میں	نیا	رسولوں میں سے	اور نہیں جانتا میں

میرے اور تمہارے درمیان، اور وہ بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔ آپ فرمادیں میں رسولوں میں نیا نہیں ہوں، اور میں نہیں جانتا

مَا يُفْعَلُ بِي وَلَا بِكُمْ ۖ إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَىٰ إِلَيَّ وَمَا أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ مُّبِينٌ ۝٩

مَا يُفْعَلُ	بِي	وَلَا بِكُمْ	إِنْ أَتَّبِعُ	إِلَّا	مَا يُوحَىٰ	إِلَيَّ	وَ مَا أَنَا	إِلَّا	نَذِيرٌ	مُّبِينٌ
کیا کیا جائے گا	میرے ساتھ	اور نہ تمہارے ساتھ	نہیں پیروی کرتا میں	سوائے اس کے	جو وحی کیا جاتا ہے	میری طرف	اور نہیں ہوں میں	مگر صرف	ڈر سنانے والا	صاف صاف

کہ میرے ساتھ اور تمہارے ساتھ کیا کیا جائے گا، میں صرف اسکی پیروی کرتا ہوں جو میری طرف وحی کیا جاتا ہے، اور میں صرف صاف صاف ڈر سنانے والا ہوں۔

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَكَفَرْتُمْ بِهٖ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ

قُلْ	اَرَءَيْتُمْ	اِنْ	كَانَ	مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ	وَكَفَرْتُمْ	بِهٖ	وَشَهِدَ	شَاهِدٌ	مِّنْ
فرمادیں	بھلا تم دیکھو تو	اگر	ہے	اللہ کے پاس سے	اور تم نے انکار کیا	اس کا	اور گواہی دی	ایک گواہ	سے

آپ فرمادیں بھلا تم دیکھو تو اگر (یہ قرآن) اللہ کے پاس سے ہے، اور تم نے اس کا انکار کیا، اور گواہی دی ایک گواہ نے

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰى مِثْلِهٖ فَاٰمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	عَلٰى مِثْلِهٖ	فَاٰمَنَ	وَاسْتَكْبَرْتُمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا يَهْدِيْ	الْقَوْمَ
بنی اسرائیل	اس جیسی (ایک کتاب) پر	پھر وہ ایمان لے آیا	اور تم نے تکبر کیا	بیشک	اللہ	ہدایت نہیں دیتا	لوگ

بنی اسرائیل میں سے اس جیسی کتاب پر، اور وہ ایمان لے آیا، اور تم نے تکبر کیا (تم اڑے رہے)، بیشک اللہ ہدایت نہیں دیتا

الظّٰلِمِيْنَ ۝۱۰ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْ كَانَ خَيْرًا مَّا سَبَقُوْنَآ اِلَيْهِ

الظّٰلِمِيْنَ	وَقَالَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَوْ كَانَ	خَيْرًا	مَا سَبَقُوْنَا	اِلَيْهِ
ظالم (جمع)	اور کہا	وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا (کافر)	ان کے لئے جو ایمان لائے (مومن)	اگر ہوتا	بہتر	نہ وہ پہل کرتے ہم پر	اس کی طرف

ظالم لوگوں کو۔ اور کافروں نے مومنوں کے لئے (کے بارے میں) کہا، اگر (یہ) بہتر ہوتا تو وہ اس کی طرف ہم پر پہل نہ کرتے

وَاِذْ لَمْ يَهْتَدُوْا بِهٖ فَسَيَقُوْلُوْنَ هٰذَآ اِفْكٌ قَدِيْمٌ ۝۱۱ وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى

وَاِذْ	لَمْ يَهْتَدُوْا	بِهٖ	فَسَيَقُوْلُوْنَ	هٰذَآ	اِفْكٌ	قَدِيْمٌ	وَ	مِنْ قَبْلِهٖ	كِتٰبُ	مُوْسٰٓى
اور جب	نہ ہدایت پائی انہوں نے	اس سے	تو اب کہیں گے	یہ	جھوٹ	پرانا	اور	اس سے پہلے	کتاب	موسیٰ

اور جب انہوں نے اس سے ہدایت نہ پائی تو اب کہیں گے یہ پرانا جھوٹ ہے، اور اس سے پہلے موسیٰ کی کتاب (توریت) تھی

اِمَامًا وَّرَحْمَةً ۭ وَهٰذَا كِتٰبٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِيًّا لِّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا

اِمَامًا	وَّرَحْمَةً	وَهٰذَا	كِتٰبٌ	مُّصَدِّقٌ	لِّسَانًا	عَرَبِيًّا	لِّيُنْذِرَ	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا
رہنما	اور رحمت	اور یہ	کتاب	تصدیق کرنیوالی	زبان	عربی	تاکہ وہ ڈرائے	ان لوگوں کو جنہوں نے ظلم کیا (ظالم)	

رہنما، اور رحمت، اور یہ کتاب (اس کی) تصدیق کرنے والی ہے، عربی زبان میں ہے، تاکہ ظالموں کو ڈرائے،

وَبُشْرٰى لِلْمُحْسِنِيْنَ ۝۱۲ اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ

وَبُشْرٰى	لِلْمُحْسِنِيْنَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ قَالُوْا	رَبُّنَا اللّٰهُ	ثُمَّ	اسْتَقَامُوْا	فَلَا خَوْفٌ
اور خوشخبری	نیکوکاروں کے لئے	بیشک	جن لوگوں نے کہا	ہمارا رب اللہ	پھر	وہ قائم رہے	تو کوئی خوف نہیں

اور خوشخبری ہے نیکوکاروں کے لئے۔ بے شک جن لوگوں نے کہا ہمارا رب اللہ ہے، پھر وہ (اس پر) قائم رہے، تو کوئی خوف نہیں

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝۱۳ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا جَزَآءًۢ بِمَا

عَلَيْهِمْ	وَلَا هُمْ	يَحْزَنُوْنَ	اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	جَزَآءً	بِمَا
ان پر	اور نہ وہ	غمگین ہوں گے	یہی لوگ	اہل جنت	ہمیشہ رہیں گے	اس میں	جزا	اس کی جو

ان پر ، اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ یہی لوگ اہل جنت ہیں، ہمیشہ اس میں رہیں گے (یہ) اس کی جزا ہے جو

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝۱۴ وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ اِحْسٰنًا ؕ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ كُرْهًا

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	وَوَصَّيْنَا	الْاِنْسَانَ	بِوَالِدَيْهِ	اِحْسٰنًا	حَمَلَتْهُ	اُمُّهٗ	كُرْهًا
وہ عمل کرتے تھے	اور ہم نے حکم دیا	انسان	ماں باپ کے ساتھ	حسن سلوک کا	وہ اس کو اٹھائے رہی	اس کی ماں	تکلیف کے ساتھ

وہ عمل کرتے تھے ۔ اور ہم نے انسان کو ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک کا حکم دیا، اس کی ماں اسے تکلیف کے ساتھ (پیٹ میں) اٹھائے رہی

وَّوَضَعَتْهُ كُرْهًا ؕ وَحَمْلُهٗ وَفِصٰلُهٗ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا ؕ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَبَلَغَ

وَ	وَضَعَتْهُ كُرْهًا	وَحَمْلُهٗ	وَفِصٰلُهٗ	ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا	حَتّٰٓى	اِذَا	بَلَغَ	اَشُدَّهٗ	وَبَلَغَ
اور	اسنے اس کو جنا تکلیف کے ساتھ	اور اس کا حمل	اور اس کا دودھ چھڑانا	تیس ۳۰ مہینے	یہاں تک	جب	وہ پہنچا	اپنے زور (جوانی) کو	اور وہ پہنچا (ہوا)

اور اس نے اسے تکلیف کے ساتھ جنا، اور اس کا حمل اور اس کا دودھ چھڑانا تیس ۳۰ مہینے میں (ہوا)، یہاں تک کہ جب وہ اپنی جوانی کو پہنچا اور ہوا

اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۙ قَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَ

اَرْبَعِيْنَ	سَنَةً	قَالَ	رَبِّ	اَوْزِعْنِيْٓ	اَنْ اَشْكُرَ	نِعْمَتَكَ	الَّتِيْٓ	اَنْعَمْتَ عَلَيَّ	وَ
چالیس ۴۰	سال	اسنے عرض کی	اے میرے رب	توفیق دے مجھے	کہ میں شکر کروں	تیری نعمت	وہ جو	تونے انعام فرمائی مجھ پر	اور

چالیس ۴۰ سال کا تو اس نے عرض کی اے میرے رب! مجھے توفیق دے کہ میں تیری نعمت کا شکر کروں، جو تونے مجھ پر انعام فرمائی ، اور

عَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ

عَلٰى وَالِدَيَّ	وَاَنْ	اَعْمَلَ	صَالِحًا	تَرْضٰىهُ	وَاَصْلِحْ	لِيْ	فِيْ ذُرِّيَّتِيْ	اِنِّيْ تُبْتُ	اِلَيْكَ
میرے ماں باپ پر	اور یہ کہ	میں عمل کروں	نیک عمل	تو پسند کرے اسے	اور اصلاح کردے	میرے لئے	میری اولاد میں	بیشک میں نے توبہ کی	تیری طرف

میرے ماں باپ پر، اور یہ کہ میں نیک عمل کروں جسے تو پسند کرے، اور میرے لئے میری اولاد میں اصلاح کر دے (نیک بنا دے)، بیشک میں نے تیری طرف (تیرے حضور) توبہ کی

وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝۱۵ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَ

وَاِنِّيْ	مِنَ	الْمُسْلِمِيْنَ	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	نَتَقَبَّلُ	عَنْهُمْ	اَحْسَنَ	مَا	عَمِلُوْا	وَ
اور بیشک میں	سے	مسلمانوں (فرمانبرداروں)	یہی لوگ	وہ جو کہ	ہم قبول کرتے ہیں	ان سے	بہترین (عمل)	جو	انہوں نے کئے	اور

اور بیشک میں فرمانبرداروں میں سے ہوں۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کے بہترین کام جو انہوں نے کئے ہم قبول کرتے ہیں اور

نَتَجَاوَزُ عَنْ سَيِّاٰتِهِمْ فِيْٓ اَصْحٰبِ الْجَنَّةِ ۭ وَعْدَ الصِّدْقِ الَّذِيْ كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ﴿۱۶﴾

نَتَجَاوَزُ	عَنْ	سَيِّاٰتِهِمْ	فِيْٓ	اَصْحٰبِ الْجَنَّةِ	وَعْدَ الصِّدْقِ	الَّذِيْ	كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ
ہم درگزر کرتے ہیں	سے	انکی برائیوں	میں	اہل جنت	سچا وعدہ	وہ جو	انہیں وعدہ دیا جاتا تھا

ہم ان کی برائیوں سے درگزر کرتے ہیں، (یہ) اہل جنت میں سے رہیں گے، سچا وعدہ ہے جو انہیں وعدہ دیا جاتا تھا۔

وَالَّذِيْ قَالَ لِوَالِدَيْهِ اُفٍّ لَّكُمَآ اَتَعِدٰنِنِيْٓ اَنْ اُخْرَجَ وَقَدْ خَلَتِ الْقُرُوْنُ

وَالَّذِيْ	قَالَ	لِوَالِدَيْهِ	اُفٍّ	لَّكُمَآ	اَتَعِدٰنِنِيْٓ اَنْ	اُخْرَجَ	وَقَدْ خَلَتِ	الْقُرُوْنُ
اور وہ جس	اس نے کہا	اپنے ماں باپ کے لئے	تُف	تمہارے لئے ہے	کیا تم مجھے وعدہ (خبر) دیتے ہو کہ	میں نکالا جاؤں گا	حالانکہ گزر چکے	(بہت سے) گروہ

اور جس نے اپنے ماں باپ کے لئے کہا، تم پر تُف! کیا تم مجھے یہ خبر دیتے ہو کہ میں (روز حشر) نکالا جاؤں گا، حالانکہ بہت سے گروہ گزر چکے ہیں

مِنْ قَبْلِيْ ۚ وَهُمَا يَسْتَغِيْثٰنِ اللّٰهَ وَيْلَكَ اٰمِنْ ڰ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ښ فَيَقُوْلُ مَا

مِنْ قَبْلِيْ	وَهُمَا	يَسْتَغِيْثٰنِ	اللّٰهَ	وَيْلَكَ	اٰمِنْ	اِنَّ	وَعْدَ اللّٰهِ	حَقٌّ	فَيَقُوْلُ	مَا
مجھ سے پہلے	اور وہ دونوں	فریاد کرتے ہیں	اللہ	تیرا برا ہو	تو ایمان لے آ	بیشک	اللہ کا وعدہ	سچا	تو وہ کہتا ہے	نہیں

مجھ سے پہلے، اور وہ دونوں اللہ سے فریاد کرتے ہیں (اور اس کو کہتے ہیں) تیرا برا ہو، تو ایمان لے آ۔ بیشک اللہ کا وعدہ سچا ہے، تو وہ کہتا ہے

هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۷﴾ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ

هٰذَآ	اِلَّآ	اَسَاطِيْرُ	الْاَوَّلِيْنَ	اُولٰۗىِٕكَ	الَّذِيْنَ	حَقَّ	عَلَيْهِمُ	الْقَوْلُ	فِيْٓ اُمَمٍ
یہ	مگر صرف	کہانیاں	پہلوں	یہی لوگ	وہ جو	ثابت ہوگئی	ان پر	بات (عذاب)	امتوں میں

یہ تو صرف پہلوں (اگلوں) کی کہانیاں ہیں۔ یہی لوگ ہیں جن پر عذاب کی بات ثابت ہو گئی (ان) امتوں میں

قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۱۸﴾ وَلِكُلٍّ

قَدْ خَلَتْ	مِنْ قَبْلِهِمْ	مِّنَ	الْجِنِّ وَالْاِنْسِ	اِنَّهُمْ	كَانُوْا	خٰسِرِيْنَ	وَلِكُلٍّ
گزر چکیں	ان سے قبل	سے	جنات اور انسان (جمع)	بیشک وہ	تھے	خسارہ پانے والے	اور ہر ایک کے لئے

جو ان سے قبل گزر چکیں جنات میں سے اور انسانوں میں سے، بیشک وہ خسارہ پانے والوں میں سے تھے۔ اور ہر ایک کے لئے

دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ۚ وَلِيُوَفِّيَهُمْ اَعْمَالَهُمْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَيَوْمَ يُعْرَضُ

دَرَجٰتٌ	مِّمَّا عَمِلُوْا	وَلِيُوَفِّيَهُمْ	اَعْمَالَهُمْ	وَهُمْ	لَا يُظْلَمُوْنَ	وَيَوْمَ	يُعْرَضُ
درجے	اس سے جو انہوں نے کیا	اور تاکہ وہ پورا دے ان کو	ان کے اعمال	اور وہ۔ اُن	ان پر ظلم نہ کیا جائے گا	اور جس دن	لائے جائیں گے

درجے ہیں، اس (کے مطابق) جو انہوں نے کیا تاکہ وہ ان کو انکے اعمال کا پورا (بدلہ) دے، اور ان پر ظلم نہ کیا جائے گا۔ اور جس دن لائے جائیں گے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ ؕ اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا ۚ

الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	عَلَى النَّارِ	اَذْهَبْتُمْ	طَيِّبٰتِكُمْ	فِيْ	حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا	وَاسْتَمْتَعْتُمْ	بِهَا
وہ جنہوں نے کفر کیا (کافر)		آگ کے سامنے	تم لے گئے (حاصل کر چکے)	اپنی نعمتیں	میں	اپنی دنیا کی زندگی	اور تم فائدہ اٹھا چکے	ان کا

کافر آگ کے سامنے (کہا جائے گا) تم اپنی نعمتیں اپنی دنیا کی زندگی میں حاصل کر چکے ہو اور ان کا فائدہ (بھی) اٹھا چکے ہو،

فَالْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ

فَالْيَوْمَ	تُجْزَوْنَ	عَذَابَ الْهُوْنِ	بِمَا	كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ	فِي الْاَرْضِ	بِغَيْرِ الْحَقِّ
پس آج	تمہیں بدلہ دیا جائے گا	رسوائی کا عذاب	اس لئے کہ	تم تکبر کرتے تھے	زمین میں	ناحق

پس آج تمہیں رسوائی کے عذاب کا بدلہ دیا جائے گا، اس لئے کہ تم زمین میں ناحق تکبر کرتے تھے،

وَبِمَا كُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَاذْكُرْ اَخَا عَادٍ ؕ اِذْ اَنْذَرَ قَوْمَهٗ بِالْاَحْقَافِ وَقَدْ خَلَتِ

وَبِمَا	كُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ	وَاذْكُرْ	اَخَا عَادٍ	اِذْ	اَنْذَرَ	قَوْمَهٗ	بِالْاَحْقَافِ	وَقَدْ خَلَتِ
اور اس لئے کہ	تم نافرمانیاں کرتے تھے	اور یاد کر	عاد کے بھائی	جب	اس نے ڈرایا	اپنی قوم	احقاف میں	اور گزر چکے

اور اس لئے کہ تم نافرمانیاں کرتے تھے۔ اور (قوم) عاد کے بھائی (ہود) کو یاد کر جب اس نے اپنی قوم کو (سرزمین) احقاف میں ڈرایا، اور گزر چکے ہیں

النُّذُرُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖٓ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ

النُّذُرُ	مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ	وَ مِنْ خَلْفِهٖٓ	اَلَّا تَعْبُدُوْٓا	اِلَّا اللّٰهَ	اِنِّيْٓ اَخَافُ	عَلَيْكُمْ
ڈرانے والے	اس سے پہلے	اور اس کے بعد	کہ تم عبادت نہ کرو	اللہ کے سوا	بیشک میں ڈرتا ہوں	تم پر

ڈرانے والے (نبی) اس سے پہلے اور اس کے بعد (بھی) کہ تم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو، بیشک میں ڈرتا ہوں تم پر

عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۲۱﴾ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَاْفِكَنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا ۚ فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ

عَذَابَ	يَوْمٍ عَظِيْمٍ	قَالُوْٓا	اَجِئْتَنَا	لِتَاْفِكَنَا	عَنْ	اٰلِهَتِنَا	فَاْتِنَا	بِمَا تَعِدُنَآ	اِنْ
عذاب	ایک بڑا دن	وہ بولے	کیا تو ہمارے پاس آیا کہ تو پھیر دے ہمیں		سے	ہمارے معبود	پس لے آ ہم پر	جو کچھ تو وعدہ کرتا ہے ہم سے	اگر

ایک بڑے دن کے عذاب (کے آنے) سے ۔ وہ بولے کیا تو ہمارے پاس اس لئے آیا کہ ہمیں ہمارے معبودوں سے پھیر دے پس تو جو کچھ ہم سے وعدہ کرتا ہے ہم پر لے آ، اگر

كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۲۲﴾ قَالَ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۖ وَاُبَلِّغُكُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ بِهٖ

كُنْتَ	مِنَ	الصّٰدِقِيْنَ	قَالَ	اِنَّمَا	الْعِلْمُ	عِنْدَ اللّٰهِ	وَاُبَلِّغُكُمْ	مَآ اُرْسِلْتُ بِهٖ
تو ہے	سے	سچے (جمع)	اس نے کہا	اسکے سوا نہیں	علم	اللہ کے پاس	اور میں پہنچاتا ہوں تمہیں	جو میں بھیجا گیا ہوں اس کے ساتھ

تو سچوں میں سے ہے (سچا ہے)۔ اس نے کہا اس کے سوا نہیں کہ علم اللہ کے پاس ہے اور میں جس (پیغام) کے ساتھ بھیجا گیا ہوں وہ تمہیں پہنچاتا ہوں

وَلٰكِنِّیْٓ اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ﴿۲۳﴾ فَلَمَّا رَاَوْهُ عَارِضًا مُّسْتَقْبِلَ اَوْدِيَتِهِمْ قَالُوْا هٰذَا

وَلٰكِنِّیْٓ	اَرٰىكُمْ	قَوْمًا	تَجْهَلُوْنَ	فَلَمَّا رَاَوْهُ	عَارِضًا	مُّسْتَقْبِلَ	اَوْدِيَتِهِمْ	قَالُوْا	هٰذَا
اور لیکن میں	دیکھتا ہوں تمہیں	گروہ - لوگ	تم جہالت کرتے ہو	پھر جب دیکھا انہوں نے اس کو	ایک ابر	سامنے (چلا) آرہا ہے	ان کی وادیاں	وہ بولے	یہ

لیکن میں دیکھتا ہوں تم لوگ جہالت کرتے ہو۔ پھر جب انہوں نے اس کو دیکھا کہ ایک ابر اُن کی وادیوں کی طرف چلا آرہا ہے، تو وہ بولے یہ

عَارِضٌ مُّمْطِرُنَا ۭ بَلْ هُوَ مَا اسْتَعْجَلْتُمْ بِهٖ ۭ رِيْحٌ فِيْهَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۴﴾ تُدَمِّرُ كُلَّ

عَارِضٌ	مُّمْطِرُنَا	بَلْ هُوَ	مَا	اسْتَعْجَلْتُمْ	بِهٖ	رِيْحٌ فِيْهَا	عَذَابٌ اَلِيْمٌ	تُدَمِّرُ	كُلَّ
ایک بادل	ہم پر بارش برسانے والا	بلکہ وہ	جس	تم جلدی کرتے تھے	اس کی	ایک ہوا آندھی اس میں	درد ناک عذاب	وہ تہس نہس کردے گی	ہر

ہم پر بارش لانے والا بادل ہے (نہیں) بلکہ یہ وہ ہے جس کی تم جلدی کرتے تھے، ایک آندھی ہے جس میں درد ناک عذاب ہے۔ وہ تہس نہس کردے گی

شَیْءٍۭ بِاَمْرِ رَبِّهَا فَاَصْبَحُوْا لَا يُرٰٓى اِلَّا مَسٰكِنُهُمْ ۭ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۲۵﴾

شَیْءٍ	بِاَمْرِ	رَبِّهَا	فَاَصْبَحُوْا	لَا يُرٰٓى	اِلَّا	مَسٰكِنُهُمْ	كَذٰلِكَ	نَجْزِي	الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ
شے	حکم سے	اپنا رب	پس رہ ہوگئے	نہ دکھائی دیتا تھا	سوائے	ان کے مکان	اسی طرح	ہم بدلہ دیتے ہیں	مجرم (جمع) لوگ

ہر شے کو اپنے رب کے حکم سے، پس ان کا یہ حال ہوگیا کہ) ان کے مکانوں کے سوا کچھ نہ دکھائی دیتا تھا، اسی طرح ہم مجرم لوگوں کو بدلہ دیا کرتے تھے۔

وَلَقَدْ مَكَّنّٰهُمْ فِيْمَآ اِنْ مَّكَّنّٰكُمْ فِيْهِ وَجَعَلْنَا لَهُمْ سَمْعًا وَّاَبْصَارًا وَّاَفْـِٕدَةً

وَلَقَدْ مَكَّنّٰهُمْ	فِيْمَآ	اِنْ مَّكَّنّٰكُمْ	فِيْهِ	وَجَعَلْنَا	لَهُمْ	سَمْعًا	وَّاَبْصَارًا	وَّاَفْـِٕدَةً
اور البتہ ہم نے انکو قدرت دی تھی	اس میں	نہیں ہم نے قدرت دی تمہیں	اس میں پر	اور ہم نے بنائے دیئے	انہیں	کان	اور آنکھیں	اور دل (جمع)

اور ہم نے انہیں اِن (باتوں) میں اس قدر قدرت دی تھی کہ تمہیں اس پر اس قدر قدرت نہیں دی، اور ہم نے ان کو دیئے کان اور آنکھیں، اور دل

فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ سَمْعُهُمْ وَلَآ اَبْصَارُهُمْ وَلَآ اَفْـِٕدَتُهُمْ مِّنْ شَيْءٍ اِذْ كَانُوْا يَجْحَدُوْنَ

فَمَآ	اَغْنٰى عَنْهُمْ	سَمْعُهُمْ	وَلَآ اَبْصَارُهُمْ	وَلَآ اَفْـِٕدَتُهُمْ	مِّنْ شَيْءٍ	اِذْ	كَانُوْا يَجْحَدُوْنَ
تو نہ	کام آئے ان کے	ان کے کان	اور نہ ان کی آنکھیں	اور نہ دل ان کے	کچھ بھی	جب	وہ انکار کرتے تھے

تو نہ ان کے کان، اور نہ ان کی آنکھیں، اور نہ ان کے دل ان کے کچھ بھی کام آئے، جب وہ انکار کرتے تھے

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا مَا حَوْلَكُمْ

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ	وَحَاقَ	بِهِمْ	مَّا كَانُوْا	بِهٖ	يَسْتَهْزِءُوْنَ	وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا	مَا حَوْلَكُمْ
اللہ کی آیات کا	اور اسے گھیر لیا	ان کو	جو وہ تھے	اس کا	مذاق اڑاتے	اور تحقیق ہم نے ہلاک کردیا	جو تمہارے ارد گرد

اللہ کی آیات کا، اور ان کو اس (عذاب) نے گھیر لیا جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔ اور تحقیق ہم نے ہلاک کردیں تمہارے اِرد گرد کی

مِّنَ الْقُرٰى وَصَرَّفْنَا الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۷﴾ فَلَوْلَا نَصَرَهُمُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا

مِنَ	الْقُرٰى	وَصَرَّفْنَا	الْاٰيٰتِ	لَعَلَّهُمْ	يَرْجِعُوْنَ	فَلَوْ	لَا نَصَرَهُمُ	الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا
سے	بستیاں	اور ہم نے بار بار دکھائیں	اپنی نشانیاں	تاکہ وہ	لوٹ آئیں	پھر کیوں	نہ مدد کی ان کی	جنہیں بنا لیا انہوں نے

بستیاں، اور ہم نے بار بار اپنی نشانیاں دکھائیں تاکہ وہ لوٹ آئیں۔ پھر انہوں نے کیوں نہ ان کی مدد کی جنہیں انہوں نے بنا لیا تھا ﴿۲۸﴾

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ قُرْبَانًا اٰلِهَةً ۭ بَلْ ضَلُّوْا عَنْهُمْ ۚ وَذٰلِكَ اِفْكُهُمْ وَمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	قُرْبَانًا	اٰلِهَةً	بَلْ	ضَلُّوْا	عَنْهُمْ	وَذٰلِكَ	اِفْكُهُمْ	وَمَا	كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ
اللہ کے سوا	قرب حاصل کرنے کو	معبود	بلکہ	وہ گم (غائب) ہو گئے	ان سے	اور یہ	ان کا بہتان	اور جو	وہ افترا کرتے تھے

اللہ کا قرب حاصل کرنے کو اللہ کے سوا معبود، بلکہ وہ ان سے غائب ہو گئے اور یہ ان کا بہتان تھا جو وہ افترا کرتے (گھڑتے تھے)۔

وَاِذْ صَرَفْنَآ اِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۚ فَلَمَّا حَضَرُوْهُ قَالُوْٓا اَنْصِتُوْا

وَاِذْ	صَرَفْنَا	اِلَيْكَ	نَفَرًا	مِنَ الْجِنِّ	يَسْتَمِعُوْنَ	الْقُرْاٰنَ	فَلَمَّا	حَضَرُوْهُ	قَالُوْا	اَنْصِتُوْا
اور جب	ہم پھیر لائے	آپ کی طرف	ایک جماعت	جنات کی	وہ سنتے تھے	قرآن	پس جب	وہ حاضر ہوئے اس کے پاس	انہوں نے کہا	چپ رہو

اور جب ہم آپ کی طرف جنات کی ایک جماعت پھیر لائے، وہ قرآن سنتے تھے، پس وہ آپ کے پاس حاضر ہوئے تو انہوں نے (ایک دوسرے کو) کہا چپ رہو

فَلَمَّا قُضِيَ وَلَّوْا اِلٰى قَوْمِهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ﴿۲۹﴾ قَالُوْا يٰقَوْمَنَآ اِنَّا سَمِعْنَا كِتٰبًا اُنْزِلَ

فَلَمَّا	قُضِيَ	وَلَّوْا	اِلٰى	قَوْمِهِمْ	مُّنْذِرِيْنَ	قَالُوْا	يٰقَوْمَنَا	اِنَّا سَمِعْنَا	كِتٰبًا	اُنْزِلَ
پھر جب	(پڑھنا) تمام ہوا	وہ لوٹے	طرف	اپنی قوم	ڈر سناتے ہوئے	انہوں نے کہا	اے ہماری قوم	بیشک ہم نے سنی	ایک کتاب	نازل کی گئی

پھر جب پڑھنا تمام ہوا تو وہ اپنی قوم کی طرف ڈر سناتے ہوئے لوٹے۔ انہوں نے کہا کہ اے ہماری قوم! ہم نے ایک کتاب سنی ہے جو نازل کی گئی ہے

مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ يَهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ وَاِلٰى طَرِيْقٍ

مِنْ بَعْدِ	مُوْسٰى	مُصَدِّقًا	لِمَا	بَيْنَ يَدَيْهِ	يَهْدِيْ	اِلَى الْحَقِّ	وَاِلٰى	طَرِيْقٍ
بعد	موسیٰ	تصدیق کرنیوالی	اس کی جو	اس سے پہلے (اپنے سے پہلے)	وہ رہنمائی کرتی ہے	حق کی طرف	اور طرف	راہ

موسیٰؑ کے بعد، اپنے سے پہلے کی تصدیق کرنے والی، وہ رہنمائی کرنے والی (دین) حق کی طرف، اور راہ

مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۳۰﴾ يٰقَوْمَنَآ اَجِيْبُوْا دَاعِيَ اللّٰهِ وَاٰمِنُوْا بِهٖ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَ

مُسْتَقِيْمٍ	يٰقَوْمَنَا	اَجِيْبُوْا	دَاعِيَ اللّٰهِ	وَاٰمِنُوْا	بِهٖ	يَغْفِرْ لَكُمْ	مِنْ	ذُنُوْبِكُمْ	وَ
راست	اے ہماری قوم	قبول کر لو	اللہ کی طرف بلانے والا	اور ایمان لے آؤ	اس پر	بخشدے گا تم	سے	تمہارے گناہ	اور

راست کی طرف۔ اے ہماری قوم! اللہ کی طرف بلانے والے کی بات قبول کر لو اور اس پر ایمان لے آؤ۔ اللہ تمہیں تمہارے گناہ بخش دے گا اور

يُجِرْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۳۱﴾ وَمَنْ لَّا يُجِبْ دَاعِيَ اللّٰهِ فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْاَرْضِ

يُجِرْكُمْ	مِّنْ	عَذَابٍ اَلِيْمٍ	وَمَنْ	لَّا يُجِبْ	دَاعِيَ اللّٰهِ	فَلَيْسَ	بِمُعْجِزٍ	فِي الْاَرْضِ
وہ پناہ دے گا تمہیں	سے	دردناک عذاب	اور جو	نہ قبول کرے گا	اللہ کی طرف بلانے والا	تو نہیں	عاجز کرنے والا	زمین میں

اور وہ تمہیں دردناک عذاب سے پناہ دے گا۔ اور جو اللہ کی طرف بلانے والے (کی بات) کو قبول نہ کرے گا، وہ زمین میں (اللہ) کو عاجز کرنے والا نہیں،

وَلَيْسَ لَهٗ مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءُ ؕ اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۲﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ

وَلَيْسَ	لَهٗ	مِنْ دُوْنِهٖٓ	اَوْلِيَآءُ	اُولٰٓئِكَ	فِيْ	ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ	اَوَ لَمْ يَرَوْا	اَنَّ	اللّٰهَ
اور نہیں	اس کے لئے	اس کے سوا	حمایتی	یہی لوگ	میں	گمراہی کھلی	کیا نہیں دیکھا انہوں نے	کہ	اللہ

اور اس (اللہ) کے سوا اس کے لئے کوئی حمایتی نہیں۔ یہی لوگ کھلی گمراہی میں ہیں۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا؟ کہ اللہ ہی ہے

الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَمْ يَعْيَ بِخَلْقِهِنَّ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِيَ الْمَوْتٰى

الَّذِيْ	خَلَقَ السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	وَلَمْ يَعْيَ	بِخَلْقِهِنَّ	بِقٰدِرٍ	عَلٰٓى	اَنْ يُّحْيِيَ	الْمَوْتٰى
وہ جس نے	پیدا کیا آسمانوں کو	اور زمین	اور وہ تھکا نہیں	ان کے پیدا کرنے سے	وہ قادر ہے	پر	کہ زندہ کرے	مردے

جس نے آسمانوں کو اور زمین کو پیدا کیا، اور وہ ان کے پیدا کرنے سے نہیں تھکا، وہ اس پر قادر ہے کہ مُردوں کو زندہ کرے،

بَلٰٓى اِنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۳۳﴾ وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ ؕ

بَلٰٓى	اِنَّهٗ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	وَيَوْمَ	يُعْرَضُ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	عَلَى النَّارِ
ہاں	بیشک وہ	پر	ہر شے	قدرت رکھنے والا	اور جس دن	پیش کئے جائیں گے	جنہوں نے کفر کیا (کافر)	آگ کے سامنے

ہاں! بے شک وہ ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے۔ اور جس دن کافر آگ (جہنم) کے سامنے پیش کئے جائیں گے (پوچھا جائے گا)

اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ؕ قَالُوْا بَلٰى وَرَبِّنَا ؕ قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۳۴﴾

اَلَيْسَ	هٰذَا	بِالْحَقِّ	قَالُوْا	بَلٰى	وَرَبِّنَا	قَالَ	فَذُوْقُوْا	الْعَذَابَ	بِمَا	كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ
کیا نہیں	یہ	حق	وہ کہیں گے	ہاں	ہمارے رب کی قسم	وہ فرمائے گا	پس تم چکھو	عذاب	وہ جس	تم انکار کرتے تھے

کیا یہ حق (امر واقعی) نہیں؟ وہ کہیں گے، ہمارے رب کی قسم ہاں (یہ حق ہے) اللہ تعالیٰ فرمائے گا، پس تم عذاب چکھو جس کا تم انکار کرتے تھے

فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ اُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ وَلَا تَسْتَعْجِلْ لَّهُمْ ؕ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ

فَاصْبِرْ	كَمَا	صَبَرَ	اُولُوا الْعَزْمِ	مِنَ	الرُّسُلِ	وَلَا تَسْتَعْجِلْ	لَّهُمْ	كَاَنَّهُمْ	يَوْمَ يَرَوْنَ
پس آپ صبر کریں	جیسے	صبر کیا	اُولوالعزم	سے تھے	رسولوں	اور جلدی نہ کریں	ان کے لئے	گویا کہ وہ	جس دن دیکھیں گے

پس آپ صبر کریں جیسے اُولوالعزم (باہمت) رسولوں نے صبر کیا، اور ان کے لئے (عذاب کی) جلدی نہ کریں گویا کہ وہ جس دن دیکھیں گے (وہ عذاب)

مَا يُوعَدُونَ لَمْ يَلْبَثُوا إِلَّا سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ بَلَٰغٌ فَهَلْ يُهْلَكُ إِلَّا

إِلَّا	فَهَلْ يُهْلَكُ	بَلَٰغٌ	مِنْ نَهَارٍ	سَاعَةً	إِلَّا	لَمْ يَلْبَثُوا	مَا يُوعَدُونَ
مگر	پس نہیں ہلاک ہوں گے	پہنچانا	دن کی	ایک گھڑی	مگر صرف	وہ نہیں ٹھہرے	جس کا وعدہ کیا جاتا ہے ان سے

جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے (انہیں ایسا معلوم ہوگا) کہ وہ دنیا میں صرف دن کی ایک گھڑی ٹھہرے تھے (یہ پیغام) پہنچانا ہے پس ہلاک نہ ہوں گے مگر

الْقَوْمُ الْفَاسِقُونَ ﴿٣٥﴾

الْقَوْمُ الْفَاسِقُونَ

نافرمان لوگ

نافرمان لوگ

آیاتہا ۳۸ — ۴۷ سُورَةُ مُحَمَّدٍ مَدَنِيَّةٌ ۹۵ — رکوعاتہا ۴

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ أَضَلَّ أَعْمَالَهُمْ ﴿١﴾ وَالَّذِينَ

وَالَّذِينَ	أَعْمَالَهُمْ	أَضَلَّ	سَبِيلِ اللَّهِ	عَنْ	وَصَدُّوا	كَفَرُوا	الَّذِينَ
اور جو لوگ	ان کے اعمال	اکارت کر دیئے گئے	اللہ کا راستہ	سے	اور انہوں نے روکا	کافر ہوئے	جو لوگ

جو لوگ کافر ہوئے اور انہوں نے اللہ کے راستے سے روکا، ان کے اعمال (اللہ نے) اکارت کر دئے۔ اور جو لوگ

آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَآمَنُوا بِمَا نُزِّلَ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَهُوَ الْحَقُّ مِنْ رَبِّهِمْ

رَبِّهِمْ	مِنْ	الْحَقُّ	وَهُوَ	عَلَىٰ مُحَمَّدٍ	بِمَا نُزِّلَ	وَآمَنُوا	الصَّالِحَاتِ	وَعَمِلُوا	آمَنُوا
ان کا رب	سے	حق	اور وہ	محمد پر	اس پر جو نازل کیا گیا	اور وہ ایمان لائے	اچھے	اور انہوں نے عمل کئے	ایمان لائے

ایمان لائے اور انہوں نے اچھے عمل کئے اور وہ اس پر ایمان لائے جو محمدؐ پر نازل کیا گیا، اور وہ ان کے رب کی طرف سے حق ہے

كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَأَصْلَحَ بَالَهُمْ ﴿٢﴾ ذَٰلِكَ بِأَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا اتَّبَعُوا الْبَاطِلَ

الْبَاطِلَ	اتَّبَعُوا	الَّذِينَ كَفَرُوا	ذَٰلِكَ بِأَنَّ	بَالَهُمْ	وَأَصْلَحَ	سَيِّئَاتِهِمْ	عَنْهُمْ	كَفَّرَ
باطل	انہوں نے پیروی کی	جن لوگوں نے کفر کیا	یہ اس لئے کہ	ان کا حال	اور درست کر دیا	انکی برائیاں (گناہ)	ان سے	اس نے دور کر دیئے

اس (اللہ) نے ان سے اُن کے گناہ دُور کر دیئے، اور ان کا حال درست کر دیا۔ یہ اس لئے ہوا کہ جن لوگوں نے کفر کیا انہوں نے باطل کی پیروی کی

وَاَنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبَعُوا الْحَقَّ مِنْ رَّبِّهِمْ ؕ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ اَمْثَالَهُمْ ③

وَاَنَّ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	اتَّبَعُوا	الْحَقَّ	مِنْ رَّبِّهِمْ	كَذٰلِكَ	يَضْرِبُ اللّٰهُ	لِلنَّاسِ	اَمْثَالَهُمْ
اور یہ کہ	جو لوگ	ایمان لائے	انہوں نے پیروی کی	حق	اپنے رب (کی طرف) سے	اسی طرح	اللہ بیان کرتا ہے	لوگوں کے لئے	ان کی مثالیں

اور یہ کہ جو لوگ ایمان لائے، انہوں نے اپنے رب کی طرف سے حق کی پیروی کی، اسی طرح اللہ لوگوں کے لئے اُن کی مثالیں (احوال) بیان کرتا ہے۔

فَاِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَضَرْبَ الرِّقَابِ ؕ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَثْخَنْتُمُوْهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ

فَاِذَا	لَقِيْتُمُ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	فَضَرْبَ	الرِّقَابِ	حَتّٰى	اِذَا	اَثْخَنْتُمُوْهُمْ	فَشُدُّوا	الْوَثَاقَ
پھر جب تم	بھِڑ جاؤ	جن لوگوں نے کفر کیا	(کافر)	تو مارو	گردنیں	یہاں تک	جب	خوب خونریزی کر چکو انکی	تو مضبوط کر لو	قید

پھر جب تم کافروں سے بھِڑ جاؤ تو اُن کی گردنیں مارو، یہاں تک کہ جب ان کی خوب خونریزی کر چکو تو اُن کی قید مضبوط کر لو (مشکیں کس لو)،

فَاِمَّا مَنًّۢا بَعْدُ وَاِمَّا فِدَآءً حَتّٰى تَضَعَ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا ۛ ۚ ذٰلِكَ ؕۛ وَلَوْ يَشَآءُ اللّٰهُ

فَاِمَّا	مَنًّا	بَعْدُ	وَاِمَّا	فِدَآءً	حَتّٰى	تَضَعَ الْحَرْبُ	اَوْزَارَهَا	ذٰلِكَ	وَلَوْ	يَشَآءُ اللّٰهُ
پس یا	احسان کرو	اس کے بعد	اور یا	معاوضہ	یہاں تک	رکھ دے لڑائی (لڑنے والے)	اپنے ہتھیار	یہ	اور اگر	اللہ چاہتا

پس اس کے بعد یا احسان کرو (بلا معاوضہ رہا کر دو) یا معاوضہ (لے کر چھوڑ دو) یہاں تک کہ لڑنے والے اپنے ہتھیار رکھ دیں (ڈال دیں)، یہ ہے (حکمِ الٰہی) اور اگر اللہ چاہتا

لَانْتَصَرَ مِنْهُمْ وَلٰكِنْ لِّيَبْلُوَا۠ بَعْضَكُمْ بِبَعْضٍ ؕ وَالَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

لَانْتَصَرَ	مِنْهُمْ	وَلٰكِنْ	لِّيَبْلُوَا	بَعْضَكُمْ	بِبَعْضٍ	وَالَّذِيْنَ	قُتِلُوْا	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ
ضرور انتقام لیتا	ان سے	اور لیکن	تاکہ آزمائے	تم سے بعض کو	بعض (دوسرے) سے	اور جو لوگ	مارے گئے	میں	اللہ کا راستہ

تو ان سے ضرور انتقام لیتا، لیکن (وہ چاہتا ہے) کہ تم میں سے بعض (ایک) کو دوسرے سے آزمائے، اور جو لوگ اللہ کے راستے میں مارے گئے

فَلَنْ يُّضِلَّ اَعْمَالَهُمْ ④ سَيَهْدِيْهِمْ وَيُصْلِحُ بَالَهُمْ ⑤ وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ

فَلَنْ يُّضِلَّ	اَعْمَالَهُمْ	سَيَهْدِيْهِمْ	وَيُصْلِحُ	بَالَهُمْ	وَيُدْخِلُهُمُ	الْجَنَّةَ
تو وہ ہرگز ضائع نہ کرے گا	ان کے عمل	وہ جلد ان کو ہدایت دے گا	اور سنوارے گا	ان کا حال	اور داخل کرے گا انہیں	جنت

تو وہ ان کے عمل ہرگز ضائع نہ کرے گا۔ وہ جلد ان کو ہدایت دے گا اور ان کا حال سنوارے گا۔ اور انہیں جنت میں داخل کرے گا،

عَرَّفَهَا لَهُمْ ⑥ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ اَقْدَامَكُمْ ⑦

عَرَّفَهَا	لَهُمْ	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اِنْ	تَنْصُرُوا اللّٰهَ	يَنْصُرْكُمْ	وَيُثَبِّتْ	اَقْدَامَكُمْ
اس نے اس سے شناسا کر دیا ہے انہیں		اے	جو لوگ ایمان لائے (مومن)	اگر	تم مدد کرو گے اللہ کی	وہ مدد کرے گا تمہاری	اور جما دے گا	تمہارے قدم

اس نے انہیں اس سے شناسا کر دیا ہے۔ اے مومنو! اگر تم اللہ کی مدد کرو گے وہ تمہاری مدد کرے گا، اور تمہارے قدم جما دے گا (تمہیں ثابت قدم کر دے گا)

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَتَعْسًا لَّهُمْ وَاَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ﴿۸﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَرِهُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ

وَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	فَتَعْسًا	لَّهُمْ	وَاَضَلَّ	اَعْمَالَهُمْ	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	كَرِهُوْا	مَآ	اَنْزَلَ اللّٰهُ
اور	جن لوگوں نے کفر کیا	تو تباہی ہے	ان کے لئے	اور اس نے ضائع کر دیئے	ان کے عمل	یہ	اس لئے کہ انہوں نے ناپسند کیا		جو	نازل کیا اللہ نے

اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے لئے تباہی ہے اور اس (اللہ) نے ان کے عمل ضائع کر دیئے - یہ اس لئے ہے کہ جو اللہ نے نازل کیا، انہوں نے اسے ناپسند کیا

فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ﴿۹﴾ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

فَاَحْبَطَ	اَعْمَالَهُمْ	اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا	فِي الْاَرْضِ	فَيَنْظُرُوْا	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ
تو اکارت کر دیئے	ان کے عمل	کیا وہ چلے پھرے نہیں؟	زمین میں	تو وہ دیکھ لیتے	کیسا	ہوا	انجام

تو (اس اللہ) نے ان کے عمل اکارت کر دیئے - کیا وہ زمین میں چلے پھرے نہیں؟ تو وہ دیکھ لیتے کیسا انجام ہوا؟

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ دَمَّرَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۡ وَلِلْكٰفِرِيْنَ اَمْثَالُهَا ﴿۱۰﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ

الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	دَمَّرَ	اللّٰهُ	عَلَيْهِمْ	وَلِلْكٰفِرِيْنَ	اَمْثَالُهَا	ذٰلِكَ	بِاَنَّ اللّٰهَ
ان لوگوں کا جو	ان سے پہلے	تباہی ڈال دی	اللہ	ان پر	اور کافروں کے لئے	ان کی مانند	یہ	اس لئے کہ اللہ

ان سے پہلے لوگوں کا، اللہ نے ان پر تباہی ڈال دی، اور کافروں کے لئے ان کی مانند (سزا ہو گی) - یہ اس لئے ہے کہ اللہ

مَوْلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاَنَّ الْكٰفِرِيْنَ لَا مَوْلٰى لَهُمْ ﴿۱۱﴾ ع اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

۱ ع ۱۱ ۵

مَوْلَى	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَاَنَّ	الْكٰفِرِيْنَ	لَا مَوْلٰى	لَهُمْ	اِنَّ اللّٰهَ	يُدْخِلُ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
کارساز	ان لوگوں کا جو ایمان لائے	اور یہ کہ	کافروں	کوئی کارساز نہیں	ان کے لئے	بیشک اللہ	داخل کرتا ہے	جو لوگ ایمان لائے

ان لوگوں کا کارساز ہے جو ایمان لائے، اور کافروں کا کوئی کارساز نہیں - بے شک اللہ داخل کرتا ہے ان لوگوں کو جو ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۭ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَتَمَتَّعُوْنَ وَ

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	وَالَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	يَتَمَتَّعُوْنَ	وَ
اور انہوں نے نیک عمل کئے	باغات	بہتی ہیں	ان کے نیچے	نہریں	اور جن لوگوں نے	کفر کیا	وہ فائدہ اٹھاتے ہیں	اور

اور انہوں نے نیک عمل کئے باغات میں، جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں، اور جن لوگوں نے کفر کیا وہ فائدہ اٹھاتے ہیں اور (اس طرح)

يَاْكُلُوْنَ كَمَا تَاْكُلُ الْاَنْعَامُ وَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ﴿۱۲﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ هِيَ اَشَدُّ

يَاْكُلُوْنَ	كَمَا	تَاْكُلُ	الْاَنْعَامُ	وَالنَّارُ	مَثْوًى	لَّهُمْ	وَكَاَيِّنْ	مِّنْ قَرْيَةٍ	هِيَ	اَشَدُّ
وہ کھاتے ہیں	جیسے	کھاتے ہیں	چوپائے	اور آگ	ٹھکانا	ان کے لئے	اور بہت سی	بستیاں	وہ	بہت ہی سخت

کھاتے ہیں جیسے چوپائے کھاتے ہیں، اور آگ (جہنم) ان کا ٹھکانا ہے - اور بہت سی بستیاں (تھیں)، وہ بہت ہی سخت تھیں

قُوَّةً مِّنْ قَرْيَتِكَ الَّتِيْٓ اَخْرَجَتْكَ ۚ اَهْلَكْنٰهُمْ فَلَا نَاصِرَ لَهُمْ ﴿۱۳﴾ اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى

قُوَّةً	مِّنْ قَرْيَتِكَ	الَّتِيْٓ	اَخْرَجَتْكَ	اَهْلَكْنٰهُمْ	فَلَا نَاصِرَ	لَهُمْ	اَفَمَنْ	كَانَ	عَلٰى
قوت میں	آپ کی بستی سے	وہ جس	آپ کو نکال دیا	ہم نے ہلاک کر دیا انہیں	تو کوئی نہ مدد کرنے والا	ان کے لئے	پس کیا جو	ہے	پر

قوت میں آپ کی بستی سے جس کے رہنے والوں نے آپ کو نکال دیا، ہم نے انہیں ہلاک کر دیا تو کوئی ان کا مدد کرنے والا نہ ہوا۔ پس کیا جو کوئی

بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ كَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ﴿۱۴﴾ مَثَلُ الْجَنَّةِ

بَيِّنَةٍ	مِّنْ رَّبِّهٖ	كَمَنْ	زُيِّنَ لَهٗ	سُوْٓءُ عَمَلِهٖ	وَاتَّبَعُوْٓا	اَهْوَآءَهُمْ	مَثَلُ	الْجَنَّةِ
روشن (راستہ)	اپنے رب کے	اس کی طرح	آراستہ دکھائے گئے اس کو	اس کے برے عمل	اور انہوں نے پیروی کی	اپنی خواہشات	مثال (کیفیت)	جنت

اپنے پروردگار کے روشن راستے پر ہو اس کی طرح ہے جسے اس کے برے عمل آراستہ کر دکھائے گئے، اور انہوں نے اپنی خواہشات کی پیروی کی۔ جنت کی کیفیت

الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ۭ فِيْهَآ اَنْهٰرٌ مِّنْ مَّآءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ

الَّتِيْ وُعِدَ	الْمُتَّقُوْنَ	فِيْهَا	اَنْهٰرٌ	مِّنْ	مَّآءٍ	غَيْرِ اٰسِنٍ	وَاَنْهٰرٌ	مِّنْ لَّبَنٍ	لَّمْ
وہ جو وعدہ کی گئی	پرہیزگاروں	اس میں	نہریں	سے کی	پانی	بدبو نہ کرنے والا	اور نہریں	دودھ کی	نہ

جو پرہیزگاروں کو وعدہ کی گئی ہے، کہ اس میں نہریں ہیں بدبو نہ کرنے والے پانی کی، نہریں ہیں دودھ کی،

يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ۭ

يَتَغَيَّرْ	طَعْمُهٗ	وَاَنْهٰرٌ	مِّنْ خَمْرٍ	لَّذَّةٍ	لِّلشّٰرِبِيْنَ	وَاَنْهٰرٌ	مِّنْ عَسَلٍ	مُّصَفًّى
متغیر ہونے والا	اس کا ذائقہ	اور نہریں	شراب کی	سراسر لذت	پینے والوں کے لئے	اور نہریں	شہد کی	مصفّٰی

جس کا ذائقہ متغیر ہونے (بدلنے والا) نہیں، اور نہریں ہیں شراب کی جو پینے والوں کے لئے سراسر لذت ہے اور نہریں ہیں مصفّٰی (صاف کئے ہوئے) شہد کی

وَلَهُمْ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَمَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ۭ كَمَنْ هُوَ خَالِدٌ فِي النَّارِ وَ

وَلَهُمْ	فِيْهَا	مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ	وَمَغْفِرَةٌ	مِّنْ رَّبِّهِمْ	كَمَنْ	هُوَ	خَالِدٌ فِي النَّارِ	وَ
اور ان کے لئے	اس میں	ہر قسم کے پھل	اور بخشش	ان کے رب سے	اس کی طرح جو	وہ	ہمیشہ رہنے والا آگ میں	اور

اور اس میں ان کے لئے ہر قسم کے پھل ہیں، اور ان کے رب (کی طرف) سے بخشش (کیا وہ) اس کی طرح ہے؟ جو ہمیشہ آگ میں رہنے والا ہے، اور

سُقُوْا مَآءً حَمِيْمًا فَقَطَّعَ اَمْعَاۗءَهُمْ ﴿۱۵﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۚ حَتّٰٓى اِذَا

سُقُوْا	مَآءً حَمِيْمًا	فَقَطَّعَ	اَمْعَاۗءَهُمْ	وَمِنْهُمْ	مَّنْ	يَّسْتَمِعُ	اِلَيْكَ	حَتّٰٓى	اِذَا
انہیں پلایا جائے گا	پانی گرم	ٹکڑے ٹکڑے کر دے گا	ان کی انتڑیاں	اور ان میں سے	جو	سنتا ہے	آپ کی طرف	یہاں تک کہ	جب

انہیں گرم (کھولتا ہوا) پانی پلایا جائے گا، جو اُن کی انتڑیاں ٹکڑے ٹکڑے کر دے گا۔ اور ان میں سے بعض ایسے ہیں، جو آپ کی طرف (کان لگا کر) سنتے ہیں یہاں تک کہ جب

خَرَجُوْا مِنْ عِنْدِكَ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مَاذَا قَالَ اٰنِفًا ۫ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

خَرَجُوْا	مِنْ عِنْدِكَ	قَالُوْا	لِلَّذِيْنَ	اُوْتُوا الْعِلْمَ	مَاذَا	قَالَ	اٰنِفًا	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ
وہ نکلتے ہیں	آپؐ کے پاس سے	وہ کہتے ہیں	ان لوگوں سے جنہیں	علم دیا گیا (اہل علم)	کیا	اس نے کہا	ابھی	یہی لوگ	وہ جو

وہ آپؐ کے پاس سے نکلتے ہیں تو وہ اہل علم سے کہتے ہیں کہ اس (حضرت) نے ابھی کیا کہا ہے؟ یہی وہ لوگ ہیں جن کے

طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ⑯ وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى وَّاٰتٰىهُمْ

طَبَعَ اللّٰهُ	عَلٰى قُلُوْبِهِمْ	وَاتَّبَعُوْا	اَهْوَآءَهُمْ	وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا	زَادَهُمْ	هُدًى	وَاٰتٰىهُمْ
مہر کردی اللہ نے	ان کے دلوں پر	اور انہوں نے پیروی کی	اپنی خواہشات	اور وہ لوگ جنہوں نے ہدایت پائی	اور زیادہ دی انہیں	ہدایت	اور انہیں عطا کی

دلوں پر اللہ نے مہر کردی ہے اور انہوں نے اپنی خواہشات کی پیروی کی۔ اور جن لوگوں نے ہدایت پائی (اللہ نے) انہیں اور زیادہ ہدایت دی، اور انہیں عطا کی

تَقْوٰىهُمْ ⑰ فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً ۚ فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا ۚ

تَقْوٰىهُمْ	فَهَلْ	يَنْظُرُوْنَ	اِلَّا	السَّاعَةَ	اَنْ	تَاْتِيَهُمْ	بَغْتَةً	فَقَدْ جَآءَ	اَشْرَاطُهَا
ان کی پرہیزگاری	پس نہیں وہ	منتظر	مگر	قیامت	کہ	آجائے ان پر	اچانک	سو آچکی ہیں	اس کی علامات

ان کی پرہیزگاری۔ پس وہ منتظر نہیں مگر قیامت (کی آمد) کے کہ ان پر اچانک آ جائے، سو اس کی علامات تو آ چکی ہیں

فَاَنّٰى لَهُمْ اِذَا جَآءَتْهُمْ ذِكْرٰىهُمْ ⑱ فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَغْفِرْ

فَاَنّٰى	لَهُمْ	اِذَا	جَآءَتْهُمْ	ذِكْرٰىهُمْ	فَاعْلَمْ	اَنَّهٗ	لَا	اِلٰهَ	اِلَّا اللّٰهُ	وَاسْتَغْفِرْ
تو کہاں	ان کیلئے کو	جب	وہ آگئی ان کے پاس	ان کا نصیحت (قبول کرنا)	سو جان لو	یہ کہ	نہیں	کوئی معبود	اللہ کے سوا	اور بخشش مانگیں آپؐ

توجب وہ ان کے پاس آگئی تو انہیں نصیحت قبول کرنا کہاں (نصیب) ہوگا۔ سو جان لو کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور آپؐ بخشش مانگیں

لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوٰىكُمْ ⑲ وَ

لِذَنْۢبِكَ	وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ	وَالْمُؤْمِنٰتِ	وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	مُتَقَلَّبَكُمْ	وَمَثْوٰىكُمْ	وَ
اپنے ذنب (اپنے اوپر لگائے گئے الزام کیلئے)	اور مومن مردوں کے لئے	اور مومن عورتوں	اور اللہ	جانتا ہے	تمہارا چلنا پھرنا	اور تمہارے رہنے سہنے کا مقام	اور

اپنے اوپر لگائے گئے الزام کیلئے، مومن مردوں اور مومن عورتوں کے لئے، اور اللہ جانتا ہے تمہارا چلنا پھرنا اور تمہارے رہنے سہنے کے مقام کو۔ اور

يَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْلَا نُزِّلَتْ سُوْرَةٌ ۚ فَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَّذُكِرَ

يَقُوْلُ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَوْ	لَا نُزِّلَتْ	سُوْرَةٌ	فَاِذَا	اُنْزِلَتْ	سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ	وَذُكِرَ
وہ کہتے ہیں	وہ جو لوگ ایمان لائے	کیوں	نہ اتاری گئی	ایک سورۃ	سو جب	اتاری جاتی ہے	صاف معانی والی سورۃ	اور ذکر کیا جاتا ہے

جو لوگ ایمان لائے وہ کہتے ہیں کہ (جہاد کی) ایک سورۃ کیوں نہ اتاری گئی؟ سو جب صاف صاف معانی والی سورۃ اتاری جاتی ہے اور ذکر کیا جاتا ہے

فِيهَا الْقِتَالُ ۙ رَأَيْتَ الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ يَنْظُرُونَ إِلَيْكَ نَظَرَ الْمَغْشِيِّ

فِيهَا	الْقِتَالُ	رَأَيْتَ	الَّذِينَ	فِي قُلُوبِهِمْ	مَرَضٌ	يَنْظُرُونَ	إِلَيْكَ	نَظَرَ	الْمَغْشِيِّ
اس میں	جنگ	تم دیکھو گے	وہ لوگ	ان کے دلوں میں	بیماری	وہ دیکھتے ہیں	آپ کی طرف	دیکھنا	بیہوشی طاری ہو گئی

اس میں جنگ کا، تو تم دیکھو گے کہ وہ لوگ جن کے دلوں میں (نفاق کی) بیماری ہے، وہ آپ کی طرف دیکھتے ہیں (اس شخص کے) دیکھنے کی طرح بیہوشی طاری ہو گئی ہو

عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۖ فَأَوْلَىٰ لَهُمْ ﴿٢٠﴾ طَاعَةٌ وَقَوْلٌ مَعْرُوفٌ ۚ فَإِذَا عَزَمَ الْأَمْرُ

عَلَيْهِ	مِنَ الْمَوْتِ	فَأَوْلَىٰ لَهُمْ	طَاعَةٌ	وَقَوْلٌ	مَعْرُوفٌ	فَإِذَا	عَزَمَ الْأَمْرُ
اس پر	موت کی	سو خرابی اُن کے لئے	اطاعت	اور بات	معقول	پھر جب	پختہ ہو جائے کام

جس پر موت کی، سو خرابی ہے ان کے لئے۔ (صحیح تو یہ تھا کہ وہ) اطاعت کرتے اور معقول بات کہتے، پھر جب کام پختہ ہو جاتا

فَلَوْ صَدَقُوا اللَّهَ لَكَانَ خَيْرًا لَهُمْ ﴿٢١﴾ فَهَلْ عَسَيْتُمْ إِنْ تَوَلَّيْتُمْ أَنْ تُفْسِدُوا

فَلَوْ صَدَقُوا	اللَّهَ	لَكَانَ خَيْرًا لَهُمْ	فَهَلْ عَسَيْتُمْ	إِنْ	تَوَلَّيْتُمْ	أَنْ تُفْسِدُوا
تو اگر وہ سچے ہوتے	اللہ	البتہ ہوتا بہتر ان کے لئے	سو تم اس کے نزدیک	اگر	تم والی (حاکم) ہو جاؤ	کہ تم فساد مچاؤ

تو اگر وہ اللہ کے ساتھ سچے ہوتے تو البتہ ان کے لئے بہتر ہوتا۔ سو تم تو اس کے نزدیک ہو کہ اگر تم حاکم ہو جاؤ، تو تم فساد مچاؤ

فِي الْأَرْضِ وَتُقَطِّعُوا أَرْحَامَكُمْ ﴿٢٢﴾ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فَأَصَمَّهُمْ وَأَعْمَىٰ

فِي الْأَرْضِ	وَتُقَطِّعُوا	أَرْحَامَكُمْ	أُولَٰئِكَ	الَّذِينَ	لَعَنَهُمُ اللَّهُ	فَأَصَمَّهُمْ	وَأَعْمَىٰ
زمین میں	اور تم کاٹو (توڑ ڈالو)	اپنے رشتے	یہی ہیں	وہ لوگ جن	اللہ نے لعنت کی	پھر ان کو بہرا کر دیا	اور اندھا کر دیا

زمین میں، اور اپنے رشتے توڑ ڈالو۔ یہی وہ لوگ ہیں جن پر اللہ نے لعنت کی، پھر انہیں بہرا کر دیا، اور اندھا کر دیا

أَبْصَارَهُمْ ﴿٢٣﴾ أَفَلَا يَتَدَبَّرُونَ الْقُرْآنَ أَمْ عَلَىٰ قُلُوبٍ أَقْفَالُهَا ﴿٢٤﴾ إِنَّ الَّذِينَ

أَبْصَارَهُمْ	أَفَلَا يَتَدَبَّرُونَ	الْقُرْآنَ	أَمْ	عَلَىٰ قُلُوبٍ	أَقْفَالُهَا	إِنَّ	الَّذِينَ
ان کی آنکھیں	تو کیا وہ غور نہیں کرتے؟	قرآن	کیا	دلوں پر	ان کے تالے	بیشک	جو لوگ

ان کی آنکھوں کو۔ تو کیا وہ قرآن میں غور نہیں کرتے؟ کیا ان کے دلوں پر تالے (پڑے ہیں)؟ بے شک جو لوگ

ارْتَدُّوا عَلَىٰ أَدْبَارِهِمْ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى ۙ الشَّيْطَانُ سَوَّلَ لَهُمْ

ارْتَدُّوا	عَلَىٰ أَدْبَارِهِمْ	مِنْ بَعْدِ	مَا تَبَيَّنَ	لَهُمُ	الْهُدَى	الشَّيْطَانُ	سَوَّلَ	لَهُمْ
پلٹ گئے	اپنی پشت پر	اس کے بعد	جب واضح ہو گئی	ان کے لئے	ہدایت	شیطان	آراستہ کر دکھایا	ان کے لئے

اپنی پشت پھیر کر پلٹ گئے اس کے بعد جبکہ ان کے لئے ہدایت واضح ہو گئی، شیطان نے ان کے لئے آراستہ کر دکھایا

وَاَمْلٰى لَهُمْ ﴿٢٥﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ كَرِهُوْا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ سَنُطِيْعُكُمْ فِيْ

وَاَمْلٰى	لَهُمْ	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	قَالُوْا	لِلَّذِيْنَ	كَرِهُوْا	مَا نَزَّلَ	اللّٰهُ	سَنُطِيْعُكُمْ	فِيْ
اور ڈھیل دی	ان کو	یہ	اس لئے کہ وہ	انہوں نے کہا	ان لوگوں سے جنہوں	انہوں نے ناپسند کیا	جو نازل کیا	اللہ	عنقریب ہم تمہارا کہنا مان لیں گے	میں

اور ان کو ڈھیل دی۔ یہ اس لئے کہ انہوں نے ان لوگوں سے کہا جنہوں نے اس (کتاب) کو ناپسند کیا ہے جو اللہ نے نازل کی کہ عنقریب ہم تمہارا کہنا مان لیں گے

بَعْضِ الْاَمْرِ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِسْرَارَهُمْ ﴿٢٦﴾ فَكَيْفَ اِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ

بَعْضِ	الْاَمْرِ	وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	اِسْرَارَهُمْ	فَكَيْفَ	اِذَا تَوَفَّتْهُمُ	الْمَلٰٓئِكَةُ	يَضْرِبُوْنَ
بعض	کام	اور اللہ	جانتا ہے	ان کی خفیہ باتیں	پس کیسا	جب ان کی روح قبض کریں گے	فرشتے	وہ مارتے ہوں گے

بعض کاموں (باتوں) میں، اور اللہ ان کی خفیہ باتوں کو جانتا ہے۔ پس کیسا (حال ہوگا)؟ جب فرشتے ان کی روح قبض کریں گے (اور) مارتے ہوں گے

وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ ﴿٢٧﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اتَّبَعُوْا مَآ اَسْخَطَ اللّٰهَ وَكَرِهُوْا رِضْوَانَهٗ

وُجُوْهَهُمْ	وَاَدْبَارَهُمْ	ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ	اتَّبَعُوْا	مَا	اَسْخَطَ اللّٰهَ	وَكَرِهُوْا	رِضْوَانَهٗ
ان کے چہروں	اور ان کی پیٹھوں	یہ اس لئے کہ انہوں نے	پیروی کی	جو جس	اللہ کو ناراض کیا	اور انہوں نے پسند نہ کیا	اس کی رضا

ان کے چہروں اور ان کی پیٹھوں پر۔ یہ اس لئے ہوگا کہ انہوں نے اس کی پیروی کی جس نے اللہ کو ناراض کیا اور انہوں نے اس کی رضا کو پسند نہ کیا

فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ﴿٢٨﴾ ۧ اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَنْ لَّنْ يُّخْرِجَ اللّٰهُ

فَاَحْبَطَ	اَعْمَالَهُمْ	اَمْ حَسِبَ	الَّذِيْنَ	فِيْ قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ	اَنْ	لَّنْ يُّخْرِجَ	اللّٰهُ
تو اس نے اکارت کر دیئے	ان کے اعمال	کیا گمان کرتے ہیں؟	(وہ لوگ) جن	ان کے دلوں میں	روگ	کہ	ہرگز ظاہر نہ کرے گا	اللہ

تو اس (اللہ) نے ان کے اعمال اکارت کر دیئے۔ کیا جن لوگوں کے دلوں میں روگ ہے وہ گمان کرتے ہیں کہ اللہ ہرگز ظاہر نہ کرے گا

اَضْغَانَهُمْ ﴿٢٩﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَاَرَيْنٰكَهُمْ فَلَعَرَفْتَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ؕ وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِيْ لَحْنِ الْقَوْلِ ؕ

اَضْغَانَهُمْ	وَلَوْ نَشَآءُ	لَاَرَيْنٰكَهُمْ	فَلَعَرَفْتَهُمْ	بِسِيْمٰهُمْ	وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ	فِيْ	لَحْنِ الْقَوْلِ
ان کے دل کی عداوتیں	اور اگر ہم چاہیں	تو تمہیں دکھا دیں وہ لوگ	سو البتہ تم انہیں پہچان لو	ان کے چہرے سے	اور تم ضرور پہچان لو گے انہیں	میں سے	طرزِ کلام

ان کی دلی عداوتوں کو۔ اور اگر ہم چاہیں تمہیں ان لوگوں کو دکھا دیں سو البتہ تم انہیں انکے چہروں سے پہچان لوگے اور تم ضرور انہیں انکے طرزِ کلام سے پہچان لوگے

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اَعْمَالَكُمْ ﴿٣٠﴾ وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتّٰى نَعْلَمَ الْمُجٰهِدِيْنَ مِنْكُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ ۙ

وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	اَعْمَالَكُمْ	وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ	حَتّٰى	نَعْلَمَ	الْمُجٰهِدِيْنَ	مِنْكُمْ	وَالصّٰبِرِيْنَ
اور اللہ	جانتا ہے	تمہارے اعمال	اور ہم ضرور آزمائیں گے تمہیں	یہاں تک کہ	ہم جان لیں	مجاہدوں	تم میں سے	اور صبر کرنے والے

اور اللہ تمہارے اعمال کو جانتا ہے۔ اور ہم ضرور تمہیں آزمائیں گے یہاں تک کہ ہم معلوم کر لیں تم میں سے (کون ہیں؟) مجاہد اور صبر کرنے والے

۳ ع ۹ ۷

وَنَبْلُوَاْ أَخْبَارَكُمْ ﴿٣١﴾ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ وَشَاقُّوا الرَّسُولَ

وَنَبْلُوَا	أَخْبَارَكُمْ	إِنَّ	الَّذِينَ كَفَرُوا	وَصَدُّوا	عَنْ	سَبِيلِ اللَّهِ	وَشَاقُّوا	الرَّسُولَ
اور ہم جانچ لیں	تمہاری خبریں (حالات)	بیشک	جن لوگوں نے کفر کیا	اور انہوں نے روکا	سے	اللہ کا راستہ	اور انہوں نے مخالفت کی	رسول

اور ہم جانچ لیں تمہارے حالات۔ بیشک جن لوگوں نے کفر کیا اور اللہ کے راستے سے روکا، اور انہوں نے رسولؐ کی مخالفت کی

مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَىٰ ۙ لَنْ يَضُرُّوا اللَّهَ شَيْئًا ؕ وَسَيُحْبِطُ أَعْمَالَهُمْ ﴿٣٢﴾

مِنْ بَعْدِ	مَا تَبَيَّنَ	لَهُمُ	الْهُدَىٰ	لَنْ يَضُرُّوا اللَّهَ	شَيْئًا	وَسَيُحْبِطُ	أَعْمَالَهُمْ
اس کے بعد	جب واضح ہوگئی	ان پر	ہدایت	وہ ہرگز نہ بگاڑ سکیں گے اللہ کا	کچھ بھی	اور وہ جلد اکارت کر دیئے گئے	ان کے اعمال

اس کے بعد جبکہ ان پر ہدایت واضح ہوگئی، وہ ہرگز اللہ کا کچھ بھی نہ بگاڑ سکیں گے اور وہ (اللہ) جلد ان کے اعمال اکارت کر دے گا۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَلَا تُبْطِلُوا أَعْمَالَكُمْ ﴿٣٣﴾ إِنَّ

يَا أَيُّهَا	الَّذِينَ آمَنُوا	أَطِيعُوا اللَّهَ	وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ	وَلَا تُبْطِلُوا	أَعْمَالَكُمْ	إِنَّ
اے	جو لوگ ایمان لائے (مومنو)	اطاعت کرو اللہ کی	اور اطاعت کرو رسول کی	اور باطل نہ کرو	اپنے اعمال	بیشک

اے مومنو! اللہ کی اطاعت کرو اور رسولؐ کی اطاعت کرو، اور اپنے اعمال باطل نہ کرو - بے شک

الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ ثُمَّ مَاتُوا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يَغْفِرَ اللَّهُ

الَّذِينَ كَفَرُوا	وَصَدُّوا	عَنْ	سَبِيلِ اللَّهِ	ثُمَّ	مَاتُوا	وَهُمْ	كُفَّارٌ	فَلَنْ يَغْفِرَ	اللَّهُ
جن لوگوں نے کفر کیا	اور انہوں نے روکا	سے	اللہ کا راستہ	پھر	وہ مر گئے	اور وہ	کافر ہی	تو ہرگز نہیں بخشے گا	اللہ

جن لوگوں نے کفر کیا اور اللہ کے راستے سے روکا، پھر وہ کافر (کفر ہی کی حالت میں) مر گئے تو اللہ ہرگز نہ بخشے گا

لَهُمْ ﴿٣٤﴾ فَلَا تَهِنُوا وَتَدْعُوا إِلَى السَّلْمِ وَأَنْتُمُ الْأَعْلَوْنَ وَاللَّهُ مَعَكُمْ وَلَنْ يَتِرَكُمْ

لَهُمْ	فَلَا تَهِنُوا	وَتَدْعُوا	إِلَى	السَّلْمِ	وَأَنْتُمُ	الْأَعْلَوْنَ	وَاللَّهُ	مَعَكُمْ	وَلَنْ يَتِرَكُمْ
ان کو	پس تم سستی نہ کرو	اور نہ بلاؤ	طرف	صلح	اور تم ہی	غالب	اور اللہ	تمہارے ساتھ	اور وہ ہرگز کمی نہ کرے گا

ان کو۔ پس تم سستی (کم ہمتی) نہ کرو اور (خود) صلح کی طرف نہ بلاؤ، اور تم ہی غالب رہو گے، اور اللہ تمہارے ساتھ ہے اور وہ ہرگز کمی نہ کرے گا

أَعْمَالَكُمْ ﴿٣٥﴾ إِنَّمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَلَهْوٌ ۚ وَإِنْ تُؤْمِنُوا وَتَتَّقُوا يُؤْتِكُمْ

أَعْمَالَكُمْ	إِنَّمَا	الْحَيَاةُ الدُّنْيَا	لَعِبٌ	وَلَهْوٌ	وَإِنْ	تُؤْمِنُوا	وَتَتَّقُوا	يُؤْتِكُمْ
تمہارے اعمال	اس کے سوا نہیں	دنیا کی زندگی	کھیل	اور کود	اور اگر	ایمان لے آؤ	اور تقویٰ اختیار کرو	وہ تمہیں دے گا

تمہارے اعمال میں۔ اس کے سوا نہیں دنیا کی زندگی (محض) کھیل کود ہے اور تم اگر ایمان لے آؤ، اور تقویٰ اختیار کرو، تو وہ تمہیں

أُجُورَكُمْ وَلَا يَسْـَٔلْكُمْ أَمْوَالَكُمْ ﴿٣٦﴾ إِن يَسْـَٔلْكُمُوهَا فَيُحْفِكُمْ تَبْخَلُوا وَيُخْرِجْ

وَيُخْرِجْ	تَبْخَلُوا	فَيُحْفِكُمْ	يَسْـَٔلْكُمُوهَا	إِن	أَمْوَالَكُمْ	وَلَا يَسْـَٔلْكُمْ	أُجُورَكُمْ
اور ظاہر ہو جائیں	تم بخل کرو	پھر تم سے چمٹ جائے	وہ تم سے (مال) طلب کرے	اگر	تمہارے مال	اور نہ طلب کرے گا تم سے	تمہارے اجر

تمہارے اجر دے گا، اور تم سے تمہارے مال طلب نہ کرے گا۔ اگر وہ تم سے مال طلب کرے اور تم سے چمٹ جائے (طلب ہی کرتا رہے) تو تم بخل کرو، اور ظاہر ہو جائیں

أَضْغَانَكُمْ ﴿٣٧﴾ هَٰٓأَنتُمْ هَٰٓؤُلَآءِ تُدْعَوْنَ لِتُنفِقُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَمِنكُم مَّن يَبْخَلُ

مَن يَبْخَلُ	فَمِنكُم	سَبِيلِ اللَّهِ	فِي	لِتُنفِقُوا	تُدْعَوْنَ	هَٰٓؤُلَآءِ	هَٰٓأَنتُمْ	أَضْغَانَكُمْ
کوئی ایسا ہے کہ بخل کرتا ہے	پھر تم میں سے	اللہ کا راستہ	میں	کہ تم خرچ کرو	تمہیں پکارا جاتا ہے	ہاں! وہ لوگ	یہ تم ہو	تمہاری عداوتیں

تمہاری (دلی) عداوتیں۔ ہاں! تم ہی وہ لوگ ہو تمہیں پکارا جاتا ہے کہ اللہ کے راستے میں خرچ کرو، پھر تم میں سے کوئی ایسا ہے جو بخل کرتا ہے

وَمَن يَبْخَلْ فَإِنَّمَا يَبْخَلُ عَن نَّفْسِهِۦ ۚ وَاللَّهُ الْغَنِيُّ وَأَنتُمُ الْفُقَرَآءُ ۚ وَإِن

وَإِن	الْفُقَرَآءُ	وَأَنتُمُ	الْغَنِيُّ	وَاللَّهُ	عَن نَّفْسِهِۦ	فَإِنَّمَا يَبْخَلُ	يَبْخَلْ	وَمَن
اور اگر	محتاج (جمع)	اور تم	بے نیاز	اور اللہ	اپنے آپ سے	تو اس کے سوا نہیں وہ بخل کرتا ہے	بخل کرتا ہے	اور جو

اور جو بخل کرتا ہے تو اس کے سوا نہیں کہ وہ اپنے آپ سے بخل کرتا ہے، اور اللہ بے نیاز ہے، اور تم (خود اس کے) محتاج ہو اور اگر

تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُونُوٓا أَمْثَٰلَكُم ﴿٣٨﴾

أَمْثَٰلَكُم	لَا يَكُونُوٓا	ثُمَّ	قَوْمًا غَيْرَكُمْ	يَسْتَبْدِلْ	تَتَوَلَّوْا
تمہارے جیسے	وہ نہ ہوں گے	پھر	دوسری قوم تمہارے سوا	وہ بدل دے گا	تم روگردانی کروگے

تم روگردانی کروگے تو وہ تمہارے سوا (تمہاری جگہ)، کوئی دوسری قوم بدل دے گا اور وہ تمہارے جیسے نہ ہوں گے۔

آیاتها ۲۹ — ۴۸ سُورَةُ الْفَتْحِ مَدَنِيَّةٌ ۱۱۱ — رکوعاتها ۴

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِينًا ﴿١﴾ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللَّهُ مَا تَقَدَّمَ مِن ذَنۢبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ وَ

وَ	وَمَا تَأَخَّرَ	ذَنۢبِكَ	مِن	مَا تَقَدَّمَ	اللَّهُ	لَكَ	لِّيَغْفِرَ	مُّبِينًا	فَتْحًا	لَكَ	إِنَّا فَتَحْنَا
اور	اور جو پیچھے ہوئے	آپ کے ذنب (الزام)	سے	جو پہلے گزرے	اللہ	آپ کے لئے	تاکہ بخش دے	کھلی	فتح	آپ کو	بیشک ہم نے فتح دی

بے شک ہم نے آپ کو کھلی فتح دی، تاکہ اللہ آپ کے لئے بخش دے، جو پہلے آپ پر ذنب گزرے (الزام لگے)، اور جو پیچھے ہوئے، اور

يُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۝۲ وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا

يُتِمَّ	نِعْمَتَهٗ	عَلَيْكَ	وَ يَهْدِيَكَ	صِرَاطًا	مُّسْتَقِيْمًا	وَيَنْصُرَكَ	اللّٰهُ	نَصْرًا
وہ مکمل کردے	اپنی نعمت	آپؐ پر	اور آپؐ کی رہنمائی کرے	راستہ	سیدھا	اور آپؐ کو نصرت دے	اللہ	نصرت

وہ آپؐ پر اپنی نعمت مکمل کر دے، اور آپؐ کو سیدھے راستے کی رہنمائی کرے۔ اور اللہ آپؐ کو نصرت دے، ایک نصرت (مدد)

عَزِيْزًا ۝۳ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا

عَزِيْزًا	هُوَ	الَّذِيْٓ	اَنْزَلَ	السَّكِيْنَةَ	فِيْ	قُلُوْبِ	الْمُؤْمِنِيْنَ	لِيَزْدَادُوْٓا	اِيْمَانًا
زبردست	وہی	وہ جس	اتاری	سکینہ (تسلی)	میں	(جمع) دل	مومنوں	تاکہ وہ بڑھائے	ایمان

زبردست۔ وہی ہے جس نے مومنوں کے دلوں میں تسلی اتاری" تاکہ وہ (ان کا) ایمان بڑھائے

مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ۭ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝۴

مَّعَ	اِيْمَانِهِمْ	وَلِلّٰهِ	جُنُوْدُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَكَانَ	اللّٰهُ	عَلِيْمًا	حَكِيْمًا
ساتھ	ان کا ایمان	اور اللہ کیلئے	لشکر (جمع)	آسمانوں	اور زمین	اور ہے	اللہ	جاننے والا	حکمت والا

ان کے (پہلے) ایمان کے ساتھ، اور آسمانوں اور زمین کے لشکر اللہ ہی کے ہیں، اور اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔

لِّيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا

لِّيُدْخِلَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَالْمُؤْمِنٰتِ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا
تاکہ وہ داخل کرے	مومن مردوں	اور مومن عورتیں	جنت	جاری ہیں	ان کے نیچے	نہریں	وہ ہمیشہ رہیں گے	ان میں

تاکہ وہ مومن مردوں اور مومن عورتوں کو ان باغات میں داخل کر دے جن کے نیچے نہریں جاری ہیں، وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے

وَيُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ فَوْزًا عَظِيْمًا ۝۵ وَّيُعَذِّبَ

وَيُكَفِّرَ	عَنْهُمْ	سَيِّاٰتِهِمْ	وَكَانَ	ذٰلِكَ	عِنْدَ اللّٰهِ	فَوْزًا عَظِيْمًا	وَيُعَذِّبَ
اور دور کردے گا	ان سے	ان کی برائیاں	اور ہے	یہ	اللہ کے نزدیک	بڑی کامیابی	اور وہ عذاب دے گا

اور ان سے اُن کی برائیاں دُور کر دے گا، اور یہ اللہ کے نزدیک بڑی کامیابی ہے۔ اور وہ عذاب دے گا

الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ الظَّاۗنِّيْنَ بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ ۭ عَلَيْهِمْ

الْمُنٰفِقِيْنَ	وَالْمُنٰفِقٰتِ	وَالْمُشْرِكِيْنَ	وَالْمُشْرِكٰتِ	الظَّاۗنِّيْنَ	بِاللّٰهِ	ظَنَّ السَّوْءِ	عَلَيْهِمْ
منافق مردوں	اور منافق عورتوں	اور مشرک مردوں	اور مشرک عورتوں	گمان کرنیوالے	اللہ پر	گمان بُرے	ان پر

منافق مردوں اور منافق عورتوں کو اور اللہ پر بُرے گمان کرنے والے مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو، اُن پر

دَآئِرَةُ السَّوْءِ ۚ وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَلَعَنَهُمْ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ ۭ وَسَاۗءَتْ مَصِيْرًا ۝۶

دَآئِرَةُ	السَّوْءِ	وَغَضِبَ اللّٰهُ	عَلَيْهِمْ	وَلَعَنَهُمْ	وَاَعَدَّ لَهُمْ	جَهَنَّمَ	وَسَاۗءَتْ	مَصِيْرًا
دائرہ (گردش)	بُری	اور اللہ نے غضب کیا	ان پر	اور ان پر لعنت کی	اور تیار کیا انکے لئے	جہنم	اور بُرا ہے	ٹھکانا

بُری گردش ہے۔ اور اللہ نے ان پر غضب کیا، اور اُن پر لعنت کی (رحمت سے محروم کر دیا) اور ان کے لئے جہنم تیار کیا، اور یہ بُرا ٹھکانا ہے

وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝۷ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا

وَلِلّٰهِ	جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَكَانَ اللّٰهُ	عَزِيْزًا	حَكِيْمًا	اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ	شَاهِدًا
اور اللہ کے لئے	لشکر (جمع) آسمانوں	اور زمین	اور ہے اللہ	غالب	حکمت والا	بیشک ہم نے آپؐ کو بھیجا	گواہی دینے والا

اور اللہ ہی کے لئے ہیں آسمانوں اور زمین کے لشکر، اور اللہ غالب حکمت والا ہے۔ بیشک ہم نے آپؐ کو بھیجا ہے گواہی دینے والا،

وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝۸ لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ ۭ وَتُسَبِّحُوْهُ

وَمُبَشِّرًا	وَنَذِيْرًا	لِتُؤْمِنُوْا	بِاللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	وَتُعَزِّرُوْهُ	وَتُوَقِّرُوْهُ	وَتُسَبِّحُوْهُ
اور خوشخبری دینے والا	اور ڈرانے والا	تاکہ تم ایمان لاؤ	اللہ پر	اور اس کا رسول	اور اسکی مدد کرو	اور اسکی تعظیم کرو	اور اس (اللہ) کی تسبیح کرو

اور خوشخبری دینے والا، اور ڈرانے والا۔ تاکہ تم لوگ اللہ پر اور اس کے رسولؐ پر ایمان لاؤ اور اس کی مدد کرو اور اس کی تعظیم کرو، اور اللہ کی تسبیح (پاکیزگی بیان) کرو

بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝۹ اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ ۭ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ

بُكْرَةً	وَّاَصِيْلًا	اِنَّ الَّذِيْنَ	يُبَايِعُوْنَكَ	اِنَّمَا	يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ	يَدُ اللّٰهِ	فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ
صبح	اور شام	بیشک جو لوگ	آپؐ سے بیعت کر رہے ہیں	اسکے سوا نہیں کہ	وہ اللہ سے بیعت کر رہے ہیں	اللہ کا ہاتھ	ان کے ہاتھوں کے اوپر

صبح و شام۔ بے شک (حدیبیہ میں) جو لوگ آپؐ سے بیعت کر رہے ہیں اور اس کے سوا نہیں کہ وہ اللہ سے بیعت کر رہے ہیں، اُن کے ہاتھوں پر اللہ کا ہاتھ ہے

فَمَنْ نَّكَثَ فَاِنَّمَا يَنْكُثُ عَلٰي نَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ اَوْفٰى بِمَا عٰهَدَ عَلَيْهُ اللّٰهَ فَسَيُؤْتِيْهِ

فَمَنْ نَّكَثَ	فَاِنَّمَا	يَنْكُثُ	عَلٰي نَفْسِهٖ	وَمَنْ	اَوْفٰى	بِمَا عٰهَدَ	عَلَيْهُ اللّٰهَ	فَسَيُؤْتِيْهِ
پھر جس نے توڑ دیا عہد	تو اس کے سوا نہیں	اس نے توڑ دیا	اپنی ذات پر	اور جس	پورا کیا	جو اس نے عہد کیا	اللہ پر سے	تو وہ عنقریب اسے دے گا

پھر جس نے عہد توڑ دیا تو اس کے سوا نہیں کہ اس نے اپنی ذات (کے بُرے) کو توڑا، اور جس نے وہ عہد پورا کیا جو اس نے اللہ سے کیا تھا تو وہ (اللہ) اسے عنقریب دے گا

اَجْرًا عَظِيْمًا ۝۱۰ ع سَيَقُوْلُ لَكَ الْمُخَلَّفُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ شَغَلَتْنَآ اَمْوَالُنَا وَاَهْلُوْنَا

اَجْرًا عَظِيْمًا	سَيَقُوْلُ	لَكَ	الْمُخَلَّفُوْنَ	مِنَ	الْاَعْرَابِ	شَغَلَتْنَآ	اَمْوَالُنَا	وَاَهْلُوْنَا
اجرِ عظیم	اب کہیں گے	آپؐ سے	پیچھے رہ جانے والے	سے	دیہاتی	ہمیں مشغول رکھا	ہمارے مالوں	اور ہمارے گھر والے

اجرِ عظیم۔ اب پیچھے رہ جانے والے دیہاتی آپؐ سے کہیں گے کہ ہمیں ہمارے مالوں اور ہمارے گھر والوں نے مشغول رکھا (رخصت نہ دی)

ع ۱۰ ۹ ۱

فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ۚ يَقُولُونَ بِأَلْسِنَتِهِم مَّا لَيْسَ فِي قُلُوبِهِمْ ۚ قُلْ فَمَن يَمْلِكُ لَكُم مِّنَ اللَّهِ

فَاسْتَغْفِرْ لَنَا	يَقُولُونَ	بِأَلْسِنَتِهِم	مَا لَيْسَ	فِي قُلُوبِهِمْ	قُلْ	فَمَن	يَمْلِكُ	لَكُم	مِّنَ اللَّهِ
اور بخشش مانگئے ہمارے لئے	وہ کہتے ہیں	اپنی زبانوں سے	جو نہیں	ان کے دلوں میں	فرمادیں	تو کون	اختیار رکھتا ہے	تمہارے لئے	اللہ کے سامنے

سو ہمارے لئے بخشش مانگئے، وہ اپنی زبانوں سے کہتے ہیں جو ان کے دلوں میں نہیں (آپ) فرمادیں تمہارے لئے اللہ کے سامنے کون اختیار رکھتا ہے

شَيْئًا إِنْ أَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا أَوْ أَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا ۚ بَلْ كَانَ اللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرًا ﴿١١﴾

شَيْئًا	إِنْ أَرَادَ	بِكُمْ	ضَرًّا	أَوْ	أَرَادَ بِكُمْ	نَفْعًا	بَلْ	كَانَ اللَّهُ	بِمَا تَعْمَلُونَ	خَبِيرًا
کسی چیز کا	اگر وہ چاہے	تمہیں	کوئی نقصان	یا	چاہے تمہیں	کوئی فائدہ	بلکہ	ہے اللہ	اس سے جو تم کرتے ہو	خبردار

کسی چیز کا؟ اگر وہ تمہیں نقصان (پہنچانا) چاہے، یا تمہیں کوئی نفع (پہنچانا) چاہے، بلکہ تم جو کچھ کرتے ہو، اللہ اس سے خبردار ہے۔

بَلْ ظَنَنتُمْ أَن لَّن يَنقَلِبَ الرَّسُولُ وَالْمُؤْمِنُونَ إِلَىٰ أَهْلِيهِمْ أَبَدًا وَزُيِّنَ ذَٰلِكَ

بَلْ	ظَنَنتُمْ	أَن	لَّن يَنقَلِبَ	الرَّسُولُ	وَالْمُؤْمِنُونَ	إِلَىٰ	أَهْلِيهِمْ	أَبَدًا	وَزُيِّنَ	ذَٰلِكَ
بلکہ	تم نے گمان کیا	کہ	ہرگز واپس نہ لوٹیں گے	رسول	اور مومن (جمع)	طرف	اپنے اہل خانہ	کبھی	اور بھلی لگی	یہ

بلکہ تم نے گمان (باطل) کیا کہ رسول اور مومن ہرگز اپنے اہلِ خانہ کی طرف کبھی واپس نہ لوٹیں گے، اور یہ بات بھلی لگی

فِي قُلُوبِكُمْ وَظَنَنتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ وَكُنتُمْ قَوْمًا بُورًا ﴿١٢﴾ وَمَن لَّمْ يُؤْمِن بِاللَّهِ

فِي قُلُوبِكُمْ	وَظَنَنتُمْ	ظَنَّ السَّوْءِ	وَكُنتُمْ	قَوْمًا بُورًا	وَمَن	لَّمْ يُؤْمِن	بِاللَّهِ
تمہارے دلوں میں۔ کو	اور تم نے گمان کیا	بُرا گمان	اور تم تھے۔ ہوگئے	ہلاک ہونے والی قوم	اور جو	ایمان نہیں لاتا	اللہ پر

تمہارے دلوں کو، اور تم نے گمان کیا، ایک بُرا گمان، اور تم ہلاک ہونے والی قوم ہوگئے۔ اور جو ایمان نہیں لاتا اللہ پر

وَرَسُولِهِ فَإِنَّا أَعْتَدْنَا لِلْكَافِرِينَ سَعِيرًا ﴿١٣﴾ وَلِلَّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ

وَرَسُولِهِ	فَإِنَّا أَعْتَدْنَا	لِلْكَافِرِينَ	سَعِيرًا	وَلِلَّهِ	مُلْكُ السَّمَاوَاتِ	وَالْأَرْضِ
اور اس کا رسول	تو بیشک ہم نے تیار کی	کافروں کے لئے	دہکتی آگ	اور اللہ کے لئے	آسمانوں کی بادشاہت	اور زمین

اور اس کے رسول پر، تو بیشک ہم نے کافروں کے لئے دہکتی آگ تیار کر رکھی ہے۔ اور اللہ (ہی) کے لئے ہے آسمانوں کی اور زمین کی بادشاہت،

يَغْفِرُ لِمَن يَشَاءُ وَيُعَذِّبُ مَن يَشَاءُ ۚ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَّحِيمًا ﴿١٤﴾ سَيَقُولُ

يَغْفِرُ	لِمَن يَشَاءُ	وَيُعَذِّبُ	مَن يَشَاءُ	وَكَانَ	اللَّهُ	غَفُورًا	رَّحِيمًا	سَيَقُولُ
اور بخش دے	جس کو وہ چاہے	اور عذاب دے	جس کو وہ چاہے	اور ہے	اللہ	بخشنے والا	مہربان	عنقریب کہیں گے

وہ جس کو چاہے بخش دے، اور جس کو چاہے عذاب دے، اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔ عنقریب کہیں گے

سَيَقُولُ الْمُخَلَّفُونَ إِذَا انْطَلَقْتُمْ إِلَىٰ مَغَانِمَ لِتَأْخُذُوهَا ذَرُونَا نَتَّبِعْكُمْ ۖ يُرِيدُونَ

الْمُخَلَّفُونَ	إِذَا	انْطَلَقْتُمْ	إِلَىٰ مَغَانِمَ	لِتَأْخُذُوهَا	ذَرُونَا	نَتَّبِعْكُمْ	يُرِيدُونَ
پیچھے بیٹھ رہنے والے	جب	تم چلوگے	غنیمتوں کے ساتھ	کہ تم انہیں لے لو	ہمیں دو (اجازت دو) چھوڑ	ہم تمہارے پیچھے چلیں	وہ چاہتے ہیں

پیچھے بیٹھ رہنے والے، جب تم (خیبر کی) غنیمتوں کی طرف انہیں لینے کے لئے چلوگے، کہ ہمیں اجازت دو کہ تمہارے پیچھے چلیں، وہ چاہتے ہیں

أَنْ يُبَدِّلُوا كَلَامَ اللَّهِ ۚ قُلْ لَنْ تَتَّبِعُونَا كَذَٰلِكُمْ قَالَ اللَّهُ مِنْ قَبْلُ ۖ فَسَيَقُولُونَ

أَنْ يُبَدِّلُوا	كَلَامَ اللَّهِ	قُلْ	لَنْ تَتَّبِعُونَا	كَذَٰلِكُمْ	قَالَ اللَّهُ	مِنْ قَبْلُ	فَسَيَقُولُونَ
کہ وہ بدل ڈالیں	اللہ کا فرمودہ	فرمادیں	تم ہرگز ہمارے پیچھے نہ آؤ	اسی طرح	کہا اللہ نے	اس سے قبل	پھر اب وہ کہیں گے

کہ اللہ کا فرمودہ بدل ڈالیں، آپ فرمادیں تم ہرگز ہمارے پیچھے نہ آؤ، اسی طرح اللہ نے اس سے قبل کہا تھا، پھر اب وہ کہیں گے

بَلْ تَحْسُدُونَنَا ۚ بَلْ كَانُوا لَا يَفْقَهُونَ إِلَّا قَلِيلًا ﴿۱۵﴾ قُلْ لِلْمُخَلَّفِينَ مِنَ الْأَعْرَابِ

بَلْ	تَحْسُدُونَنَا	بَلْ	كَانُوا لَا يَفْقَهُونَ	إِلَّا قَلِيلًا	قُلْ	لِلْمُخَلَّفِينَ	مِنَ	الْأَعْرَابِ
بلکہ	تم حسد کرتے ہو ہم سے	بلکہ جبکہ	وہ سمجھتے نہیں ہیں	مگر تھوڑا	فرمادیں	پیچھے بیٹھ رہنے والوں کو	سے	دیہاتیوں

بلکہ تم ہم سے حسد کرتے ہو جبکہ (حقیقت یہ ہے) کہ وہ بہت تھوڑا سمجھتے ہیں۔ آپ دیہاتیوں میں سے پیچھے رہ جانے والوں سے فرمادیں

سَتُدْعَوْنَ إِلَىٰ قَوْمٍ أُولِي بَأْسٍ شَدِيدٍ تُقَاتِلُونَهُمْ أَوْ يُسْلِمُونَ ۖ فَإِنْ تُطِيعُوا

سَتُدْعَوْنَ	إِلَىٰ قَوْمٍ	أُولِي بَأْسٍ شَدِيدٍ	تُقَاتِلُونَهُمْ	أَوْ يُسْلِمُونَ	فَإِنْ	تُطِيعُوا
عنقریب تم بلائے جاؤگے	ایک قوم کی طرف	سخت لڑنے والی (جنگجو)	تم ان سے لڑتے رہو	یا وہ اسلام قبول کرلیں	اگر	تم اطاعت کروگے

عنقریب تم ایک سخت جنگجو قوم کی طرف بلائے جاؤگے کہ تم ان سے لڑتے رہو یا وہ اسلام قبول کرلیں، سو اگر تم اطاعت کروگے

يُؤْتِكُمُ اللَّهُ أَجْرًا حَسَنًا ۖ وَإِنْ تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُمْ مِنْ قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا

يُؤْتِكُمُ	اللَّهُ	أَجْرًا	حَسَنًا	وَإِنْ	تَتَوَلَّوْا	كَمَا تَوَلَّيْتُمْ	مِنْ قَبْلُ	يُعَذِّبْكُمْ	عَذَابًا
تمہیں دے گا	اللہ	اجر	اچھا	اور اگر	تم پھر گئے	جیسے تم پھر گئے تھے	اس سے قبل	وہ تمہیں عذاب دے گا	عذاب

تو اللہ تمہیں اچھا اجر دے گا، اور اگر تم پھر گئے، جیسے تم اس سے قبل پھر گئے تھے، تو وہ تمہیں عذاب دے گا، عذاب

أَلِيمًا ﴿۱۶﴾ لَيْسَ عَلَى الْأَعْمَىٰ حَرَجٌ وَلَا عَلَى الْأَعْرَجِ حَرَجٌ وَلَا عَلَى الْمَرِيضِ

أَلِيمًا	لَيْسَ	عَلَى الْأَعْمَىٰ	حَرَجٌ	وَلَا	عَلَى الْأَعْرَجِ	حَرَجٌ	وَلَا	عَلَى الْمَرِيضِ
دردناک	نہیں	اندھے پر	کوئی تنگی (گناہ)	اور نہیں	لنگڑے پر	کوئی گناہ	اور نہ	مریض پر

دردناک۔ نہیں ہے اندھے پر کوئی گناہ، اور نہیں ہے لنگڑے پر کوئی گناہ، اور نہ مریض پر

حَرَجٌ ۗ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ وَمَنْ

حَرَجٌ	وَمَنْ	يُّطِعِ اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	يُدْخِلْهُ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	وَمَنْ
کوئی گناہ	اور جو	اطاعت کریگا اللہ کی	اور اس کے رسول کی	وہ داخل کریگا اسے	باغات	بہتی ہیں	ان کے نیچے	نہریں	اور جو

کوئی گناہ، اور جو اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کرے گا وہ اسے ان باغات میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں، اور جو

۲ ع ۱۰

يَّتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۷﴾ لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ

يَّتَوَلَّ	يُعَذِّبْهُ	عَذَابًا اَلِيْمًا	لَقَدْ رَضِيَ	اللّٰهُ	عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ	اِذْ	يُبَايِعُوْنَكَ
پھر جائے گا	وہ عذاب دیگا اسے	عذاب دردناک	تحقیق راضی ہوا	اللہ	مومنوں سے	جب	وہ آپ سے بیعت کر رہے تھے

پھر جائے گا وہ اسے دردناک عذاب دے گا۔ تحقیق اللہ مومنوں سے راضی ہوا جب وہ آپؐ سے بیعت کر رہے تھے

تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿۱۸﴾

تَحْتَ	الشَّجَرَةِ	فَعَلِمَ	مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ	فَاَنْزَلَ	السَّكِيْنَةَ	عَلَيْهِمْ	وَاَثَابَهُمْ	فَتْحًا قَرِيْبًا
نیچے	درخت	سو اس نے معلوم کر لیا	جو ان کے دلوں میں	تو اس نے اتاری	سکینہ (تسلی)	ان پر	اور بدلہ میں دی انہیں	ایک فتح قریب

درخت کے نیچے، سو اس نے معلوم کر لیا جو ان کے دلوں میں (خلوص تھا)، تو اس نے ان پر تسلی اتاری، اور بدلہ میں اور انہیں قریب ہی ایک فتح عطا کی۔

وَّمَغَانِمَ كَثِيْرَةً يَّاْخُذُوْنَهَا ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۱۹﴾ وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ

وَّمَغَانِمَ	كَثِيْرَةً	يَّاْخُذُوْنَهَا	وَكَانَ اللّٰهُ	عَزِيْزًا	حَكِيْمًا	وَعَدَكُمُ	اللّٰهُ	مَغَانِمَ
اور غنیمتیں	بہت سی	انہوں نے وہ حاصل کیں	اور ہے اللہ	غالب	حکمت والا	وعدہ کیا تم سے	اللہ	غنیمتیں

اور بہت سی غنیمتیں انہوں نے حاصل کیں، اور اللہ غالب، حکمت والا ہے۔ اور اللہ نے تم سے وعدہ کیا نعمتوں کا

كَثِيْرَةً تَاْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ وَكَفَّ اَيْدِيَ النَّاسِ عَنْكُمْ ۚ وَلِتَكُوْنَ

كَثِيْرَةً	تَاْخُذُوْنَهَا	فَعَجَّلَ	لَكُمْ	هٰذِهٖ	وَكَفَّ	اَيْدِيَ	النَّاسِ	عَنْكُمْ	وَلِتَكُوْنَ
کثرت سے	تم لوگے انہیں	تو جلد دیدی اس نے	تمہیں	یہ	اور روک دیئے	ہاتھ	لوگ	تم سے	اور تاکہ ہو

کثرت سے جنہیں تم لوگے، تو اس نے یہ تمہیں جلد دے دی، اور لوگوں کے ہاتھ تم سے روک دیئے اور تاکہ (یہ) ہو

اٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَيَهْدِيَكُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿۲۰﴾ وَّاُخْرٰى لَمْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهَا قَدْ اَحَاطَ

اٰيَةً	لِّلْمُؤْمِنِيْنَ	وَيَهْدِيَكُمْ	صِرَاطًا	مُّسْتَقِيْمًا	وَّاُخْرٰى	لَمْ تَقْدِرُوْا	عَلَيْهَا	قَدْ اَحَاطَ
ایک نشانی	مومنوں کے لئے	اور وہ ہدایت دے تمہیں	ایک راستہ	سیدھا	اور ایک اور (فتح)	تم نے قابو نہیں پایا	اس پر	گھیر رکھا ہے

مومنوں کے لئے ایک نشانی، اور تمہیں ایک سیدھے راستہ کی ہدایت دے۔ اور ایک اور فتح بھی (تم نے دیکھی)، اس پر تم نے قابو نہیں پایا۔ گھیر رکھا ہے

اللّٰهُ بِهَا ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا ﴿۲۱﴾ وَلَوْ قٰتَلَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوَلَّوُا

اللّٰهُ	بِهَا	وَكَانَ	اللّٰهُ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرًا	وَلَوْ	قٰتَلَكُمُ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	لَوَلَّوُا
اللہ	اس کو	اور ہے	اللہ	پر	ہر شے	قدرت رکھنے والا	اور اگر	تم سے لڑتے	وہ جنہوں نے کفر کیا (کافر)	البتہ وہ پھیرتے

اللہ نے اس کو، اور اللہ ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے۔ اور اگر تم سے کافر لڑتے تو وہ پیٹھ پھیرتے

الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۲۲﴾ سُنَّةَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلُ

الْاَدْبَارَ	ثُمَّ	لَا يَجِدُوْنَ	وَلِيًّا	وَّلَا نَصِيْرًا	سُنَّةَ اللّٰهِ	الَّتِيْ	قَدْ خَلَتْ	مِنْ قَبْلُ
پیٹھ (جمع)	پھر	وہ نہ پاتے	کوئی دوست	اور نہ کوئی مددگار	اللہ کا دستور	وہ جو	گزر چکا	اس سے قبل

پھر وہ نہ کوئی دوست پاتے اور نہ کوئی مددگار۔ اللہ کا دستور ہے جو اس سے قبل گزر چکا ہے (چلا آرہا ہے)

وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ﴿۲۳﴾ وَهُوَ الَّذِيْ كَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ

وَلَنْ تَجِدَ	لِسُنَّةِ اللّٰهِ	تَبْدِيْلًا	وَهُوَ	الَّذِيْ كَفَّ	اَيْدِيَهُمْ	عَنْكُمْ	وَاَيْدِيَكُمْ
اور تم ہرگز نہ پاؤ گے	اللہ کا دستور	کوئی تبدیلی	اور وہ	جس نے روکا	ان کے ہاتھ	تم سے	اور تمہارے ہاتھ

اور تم اللہ کے دستور میں ہرگز کوئی تبدیلی نہ پاؤ گے۔ اور وہی ہے جس نے ان کے ہاتھ تم سے روکے، اور تمہارے ہاتھ

عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَكَّةَ مِنْۢ بَعْدِ اَنْ اَظْفَرَكُمْ عَلَيْهِمْ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ﴿۲۴﴾

عَنْهُمْ	بِبَطْنِ مَكَّةَ	مِنْۢ بَعْدِ	اَنْ اَظْفَرَكُمْ	عَلَيْهِمْ	وَكَانَ	اللّٰهُ	بِمَا تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرًا
ان سے	درمیان (وادی) مکہ	اس کے بعد	کہ فتح مند کیا تمہیں	ان پر	اور ہے	اللہ	تم جو کچھ کرتے ہو اسے	دیکھنے والا

ان سے وادی مکہ میں روکے، اس کے بعد کہ تمہیں ان پر فتح مند کیا، اور تم جو کچھ کرتے ہو اللہ اسے دیکھنے والا ہے۔

هُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَالْهَدْيَ مَعْكُوْفًا اَنْ يَّبْلُغَ مَحِلَّهٗ ۗ

هُمُ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	وَصَدُّوْكُمْ	عَنِ	الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ	وَالْهَدْيَ	مَعْكُوْفًا	اَنْ يَّبْلُغَ	مَحِلَّهٗ
وہ یہ	جنہوں نے کفر کیا	اور تمہیں روکا	سے	مسجد حرام	اور قربانی کے جانور	رکے ہوئے	کہ وہ پہنچے	اپنا مقام

یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے کفر کیا اور تمہیں مسجد حرام سے روکا، اور رکے ہوئے قربانی کے جانوروں کو ان کے مقام پر پہنچنے سے روکا،

وَلَوْلَا رِجَالٌ مُّؤْمِنُوْنَ وَنِسَآءٌ مُّؤْمِنٰتٌ لَّمْ تَعْلَمُوْهُمْ اَنْ تَطَئُوْهُمْ فَتُصِيْبَكُمْ مِّنْهُمْ

وَلَوْلَا	رِجَالٌ	مُّؤْمِنُوْنَ	وَنِسَآءٌ	مُّؤْمِنٰتٌ	لَّمْ تَعْلَمُوْهُمْ	اَنْ	تَطَئُوْهُمْ	فَتُصِيْبَكُمْ	مِّنْهُمْ
اور اگر نہ	کچھ مرد	مومن (جمع)	اور عورتیں	مومن (جمع)	تم نہیں جانتے انہیں	کہ	تم انکو پامال کردیتے	پس تمہیں پہنچ جاتا	ان سے

اور اگر (شہر مکہ میں) کچھ مومن مرد اور مومن عورتیں نہ ہوتیں (تو ہم تمہیں قتال کی اجازت دیتے) تم انہیں نہ جانتے تھے کہ تم انہیں پامال کردیتے پس ان سے تمہیں پہنچ جاتا

مَّعَرَّةٌۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ لِيُدْخِلَ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۚ لَوْ تَزَيَّلُوْا لَعَذَّبْنَا الَّذِيْنَ

مَّعَرَّةٌ	بِغَيْرِ عِلْمٍ	لِيُدْخِلَ	اللّٰهُ	فِيْ رَحْمَتِهٖ	مَنْ يَّشَآءُ	لَوْ تَزَيَّلُوْا	لَعَذَّبْنَا	الَّذِيْنَ
صدمہ۔نقصان	نادانستہ	تاکہ داخل کرے	اللہ	اپنی رحمت میں	جسے وہ چاہے	اگر وہ جدا ہو جاتے	البتہ ہم عذاب دیتے	ان لوگوں کو

نقصان نادانستہ۔ (تاخیر اس لئے ہوئی) تاکہ اللہ جسے چاہے اپنی رحمت میں داخل کرے، اگر وہ جدا ہو جاتے تو ہم عذاب دیتے

كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۲۵﴾ اِذْ جَعَلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ

كَفَرُوْا	مِنْهُمْ	عَذَابًا	اَلِيْمًا	اِذْ جَعَلَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	فِيْ قُلُوْبِهِمُ	الْحَمِيَّةَ	حَمِيَّةَ
جو کافر ہوئے	ان میں سے	عذاب	دردناک	جب کی	جن لوگوں نے کفر (کافر)	اپنے دلوں میں	ضد	ضد

ان میں سے کافروں کو دردناک عذاب۔ جب کافروں نے اپنے دلوں میں ضد کی، ضد (ہٹ)

الْجَاهِلِيَّةِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَلْزَمَهُمْ

الْجَاهِلِيَّةِ	فَاَنْزَلَ اللّٰهُ	سَكِيْنَتَهٗ	عَلٰى رَسُوْلِهٖ	وَ	عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ	وَاَلْزَمَهُمْ
زمانۂ جاہلیت	تو اللہ نے اتاری	اپنی تسلی	اپنے رسول پر	اور	مومنوں پر	اور ان پر لازم فرما دیا

زمانۂ جاہلیت کی تو اللہ نے اپنے رسولؐ پر اور مومنوں پر اپنی تسلی اتاری اور انہیں لازم فرمایا (قائم رکھا)

كَلِمَةَ التَّقْوٰى وَكَانُوْٓا اَحَقَّ بِهَا وَاَهْلَهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿۲۶﴾

كَلِمَةَ التَّقْوٰى	وَكَانُوْٓا	اَحَقَّ بِهَا	وَاَهْلَهَا	وَكَانَ	اللّٰهُ	بِكُلِّ شَيْءٍ	عَلِيْمًا
تقوے کی بات	اور وہ تھے	زیادہ حقدار اس کے	اور اس کے اہل	اور ہے	اللہ	ہر شے کو	جاننے والا

تقوے کی بات پر، اور وہی اس کے زیادہ حقدار اور اس کے اہل تھے، اور اللہ ہر شے کو جاننے والا ہے۔

لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ ۚ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ

لَقَدْ صَدَقَ	اللّٰهُ	رَسُوْلَهُ	الرُّءْيَا	بِالْحَقِّ	لَتَدْخُلُنَّ	الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ	اِنْ	شَآءَ اللّٰهُ
یقیناً سچا دکھایا	اللہ	اپنے رسولؐ کو	خواب	حقیقت کے مطابق	البتہ تم ضرور داخل ہو گے	مسجد حرام	اگر	اللہ نے چاہا

یقیناً اللہ نے اپنے رسولؐ کو سچا خواب حقیقت کے مطابق دکھایا کہ اللہ نے چاہا تو تم ضرور مسجد حرام میں داخل ہو گے

اٰمِنِيْنَ ۙ مُحَلِّقِيْنَ رُءُوْسَكُمْ وَمُقَصِّرِيْنَ ۙ لَا تَخَافُوْنَ ۭ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ

اٰمِنِيْنَ	مُحَلِّقِيْنَ	رُءُوْسَكُمْ	وَمُقَصِّرِيْنَ	لَا تَخَافُوْنَ	فَعَلِمَ	مَا لَمْ تَعْلَمُوْا	فَجَعَلَ
امن و امان کے ساتھ	منڈاتے ہوئے	اپنے سر	اور کتراتے ہوئے	تمہیں کوئی خوف نہ ہوگا	پس اس نے معلوم کر لیا	جو تم نہیں جانتے	پس کر دی اس نے

امن و امان کے ساتھ (کہ) اپنے سر منڈاتے ہوئے (کہ) بال کترائے ہوئے، تمہیں کوئی خوف نہ ہوگا، پس اس نے معلوم کر لیا جو تم نہیں جانتے تھے پس اس نے کر دی

مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿۲۷﴾ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ

مِنْ دُوْنِ	ذٰلِكَ	فَتْحًا قَرِيْبًا	هُوَ	الَّذِيْٓ اَرْسَلَ	رَسُوْلَهٗ	بِالْهُدٰى	وَدِيْنِ
اس سے ورے (پہلے)	اس	ایک قریبی فتح	وہ	جس نے بھیجا	اپنا رسول	ہدایت کے ساتھ	اور دین

اس (فتح مکہ) سے پہلے ہی ایک قریبی فتح - وہی ہے جس نے اپنے رسول ﷺ کو بھیجا ہدایت اور دین

الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ﴿۲۸﴾ ۭ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ

الْحَقِّ	لِيُظْهِرَهٗ	عَلَى	الدِّيْنِ	كُلِّهٖ	وَكَفٰى	بِاللّٰهِ	شَهِيْدًا	مُحَمَّدٌ	رَّسُوْلُ اللّٰهِ	وَالَّذِيْنَ
حق	تاکہ اسے غالب کردے	پر	دین	تمام	اور کافی ہے	اللہ	گواہ	محمد ﷺ	اللہ کے رسول	اور جو لوگ

حق کے ساتھ تاکہ اسے تمام دینوں پر غالب کردے، اور اللہ گواہ کافی ہے- محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں، اور جو لوگ

مَعَهٗٓ اَشِدَّاۗءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاۗءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ

مَعَهٗٓ	اَشِدَّاۗءُ	عَلَى الْكُفَّارِ	رُحَمَاۗءُ	بَيْنَهُمْ	تَرٰىهُمْ	رُكَّعًا	سُجَّدًا	يَّبْتَغُوْنَ
ان کے ساتھ	بڑے سخت	کافروں پر	رحم دل	آپس میں	تو انہیں دیکھے گا	رکوع کرتے	سجدہ ریز ہوتے	وہ تلاش کرتے ہیں

ان کے ساتھ ہیں وہ کافروں پر بڑے سخت ہیں، آپس میں رحم دل ہیں، تو انہیں دیکھے گا رکوع کرتے، سجدہ ریز ہوتے، وہ تلاش کرتے ہیں

فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ۡ سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ۭ ذٰلِكَ

فَضْلًا	مِّنَ اللّٰهِ	وَرِضْوَانًا	سِيْمَاهُمْ	فِيْ وُجُوْهِهِمْ	مِّنْ	اَثَرِ السُّجُوْدِ	ذٰلِكَ
فضل	اللہ سے کا	اور رضامندی	ان کی علامت	ان کے چہروں میں	سے	سجدوں کا اثر	یہ

اللہ کا فضل، اور (اس کی) رضامندی، ان کی علامت اُن کے چہروں میں سجدوں کے اثر (نشانات) ہیں، یہ

مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ ښ وَمَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ ڗ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْــــَٔهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ

مَثَلُهُمْ	فِي التَّوْرٰىةِ	وَمَثَلُهُمْ	فِي الْاِنْجِيْلِ	كَزَرْعٍ	اَخْرَجَ	شَطْــــَٔهٗ	فَاٰزَرَهٗ	فَاسْتَغْلَظَ
ان کی مثال (صفت)	تورات میں	اور ان کی مثال (صفت)	انجیل میں	جیسے ایک کھیتی	اس نے نکالی	اپنی سوئی	پھر اسے قوی کیا	پھر وہ موٹی ہوئی

ان کی صفت تورات میں (مذکور) ہے اور ان کی یہ صفت انجیل میں ہے، جیسے ایک کھیتی، اس نے اپنی سوئی نکالی، پھر اسے قوی کیا، پھر وہ موٹی ہوئی

فَاسْتَوٰى عَلٰي سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ۭ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ

فَاسْتَوٰى	عَلٰي سُوْقِهٖ	يُعْجِبُ	الزُّرَّاعَ	لِيَغِيْظَ	بِهِمُ	الْكُفَّارَ	وَعَدَ اللّٰهُ	الَّذِيْنَ
پھر وہ کھڑی ہوگئی	اپنی جڑ (نال) پر	وہ بھلی لگتی ہے	کسان (جمع)	تاکہ غصہ میں لائے	ان سے	کافروں	وعدہ کیا اللہ نے	ان سے جو

پھر وہ اپنی نال پر کھڑی ہو گئی وہ کسانوں کو بھلی لگتی ہے تاکہ ان کافروں کو غصہ میں لائے (ان کے دل جلائے) اللہ نے وعدہ کیا ہے ان سے

آمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ﴿٢٩﴾

آمَنُوْا	وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	مِنْهُمْ	مَّغْفِرَةً	وَّاَجْرًا	عَظِيْمًا
ایمان لائے	اور انہوں نے اعمال کئے اچھے	ان میں سے	مغفرت	اور اجر	عظیم

جو ایمان لائے، اور اُنہوں نے اچھے عمل کئے، مغفرت اور اجرِ عظیم کا۔

آیاتہا ۱۸ — ۴۹ سُوْرَةُ الْحُجُرٰتِ مَدَنِيَّةٌ ۱۰۶ — فیہا رکوعان ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَا تُقَدِّمُوْا	بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	وَاتَّقُوا اللّٰهَ	اِنَّ اللّٰهَ
اے	جو لوگ ایمان لائے (مومن)	نہ آگے بڑھو	اللہ کے سامنے۔آگے	اور اس کا رسول	اور ڈرو اللہ سے	بیشک اللہ

اے مومنو! اللہ اور اس کے رسولؐ کے آگے نہ بڑھو، اور اللہ سے ڈرو، بے شک اللہ

سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿١﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْۤا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ

سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَا تَرْفَعُوْۤا	اَصْوَاتَكُمْ	فَوْقَ	صَوْتِ النَّبِيِّ
سننے والا	جاننے والا	اے	مومنو	نہ اونچی کرو	اپنی آوازیں	اوپر۔پر	نبی کی آواز

سننے والا، جاننے والا ہے۔ اے مومنو! نبیؐ کی آواز پر اپنی آوازیں اونچی نہ کرو،

وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ وَاَنْتُمْ

وَلَا تَجْهَرُوْا	لَهٗ	بِالْقَوْلِ	كَجَهْرِ	بَعْضِكُمْ	لِبَعْضٍ	اَنْ	تَحْبَطَ	اَعْمَالُكُمْ	وَاَنْتُمْ
اور نہ زور سے بولو	انکے سامنے	گفتگو میں	جیسے بلند آواز	تمہارے بعض (ایک)	بعض (دوسرے) سے	کہیں	اکارت ہوجائیں	تمہارے عمل	اور تم

اور ان کے سامنے زور سے نہ بولو جیسے تم ایک دوسرے سے بلند آواز میں گفتگو کرتے ہو، کہیں تمہارے عمل اکارت (نہ) ہو جائیں، اور تمہیں

لَا تَشْعُرُوْنَ ﴿٢﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَهُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

لَا تَشْعُرُوْنَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يَغُضُّوْنَ	اَصْوَاتَهُمْ	عِنْدَ	رَسُوْلِ اللّٰهِ	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ
نہ جانتے (خبر بھی نہ) ہو	بیشک	جو لوگ	پست رکھتے ہیں	اپنی آوازیں	نزدیک	اللہ کا رسول	یہ وہ لوگ	جو۔جن

خبر بھی نہ ہو۔ بے شک جو لوگ اللہ کے رسولؐ کے نزدیک (سامنے) اپنی آوازیں پست رکھتے ہیں، یہ وہ لوگ ہیں جن کے

امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ لِلتَّقْوٰى ۭ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ③ اِنَّ الَّذِيْنَ يُنَادُوْنَكَ

امْتَحَنَ	اللّٰهُ	قُلُوْبَهُمْ	لِلتَّقْوٰى	لَهُمْ	مَّغْفِرَةٌ	وَّاَجْرٌ	عَظِيْمٌ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يُنَادُوْنَكَ
آزمایا ہے	اللہ	ان کے دل	پرہیزگاری کے لئے	ان کے لئے	مغفرت	اور اجر	عظیم	بیشک	جو لوگ	آپ کو پکارتے ہیں

دلوں کو اللہ نے پرہیزگاری کے لئے آزمایا ہے، ان کے لئے مغفرت اور اجر عظیم ہے۔ بے شک جو لوگ آپ کو پکارتے ہیں

مِنْ وَّرَاۗءِ الْحُجُرٰتِ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ④ وَلَوْ اَنَّهُمْ صَبَرُوْا حَتّٰى تَخْرُجَ اِلَيْهِمْ

مِنْ وَّرَاۗءِ	الْحُجُرٰتِ	اَكْثَرُهُمْ	لَا يَعْقِلُوْنَ	وَلَوْ	اَنَّهُمْ	صَبَرُوْا	حَتّٰى	تَخْرُجَ	اِلَيْهِمْ
باہر سے	حجروں	ان میں سے اکثر	عقل نہیں رکھتے	اور اگر	وہ	صبر کرتے	یہاں تک کہ	آپ نکل آتے	ان کے پاس

حجروں کے باہر سے، ان میں سے اکثر عقل نہیں رکھتے۔ اور اگر وہ صبر کرتے یہاں تک کہ آپ (خود) ان کے پاس نکل آتے

لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ⑤ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ جَاۗءَكُمْ فَاسِقٌۢ

لَكَانَ	خَيْرًا	لَّهُمْ	وَاللّٰهُ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اِنْ	جَاۗءَكُمْ	فَاسِقٌ
البتہ ہوتا	بہتر	ان کے لئے	اور اللہ	بخشنے والا	مہربان	اے	جو لوگ ایمان لائے (مومن)	اگر	آئے تمہارے پاس	کوئی فاسق بدکردار

تو ان کے لئے البتہ بہتر ہوتا، اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اے مومنو! اگر تمہارے پاس کوئی بدکار آئے

بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْٓا اَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًۢا بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا عَلٰي مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ ⑥

بِنَبَاٍ	فَتَبَيَّنُوْٓا	اَنْ	تُصِيْبُوْا	قَوْمًۢا	بِجَهَالَةٍ	فَتُصْبِحُوْا	عَلٰي	مَا فَعَلْتُمْ	نٰدِمِيْنَ
خبر لے کر	تو خوب تحقیق کر لیا کرو	کہیں	تم ضرر پہنچاؤ	کسی قوم کو	نادانی سے	پھر ہو	پر	جو تم نے کیا (اپنا کیا)	نادم

خبر لے کر، تو خوب تحقیق کر لیا کرو، کہیں نادانی سے تم کسی قوم کو ضرر پہنچاؤ، پھر تمہیں اپنے کئے پر نادم ہونا پڑے۔

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ فِيْكُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ۭ لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْاَمْرِ لَعَنِتُّمْ وَلٰكِنَّ

وَاعْلَمُوْٓا	اَنَّ	فِيْكُمْ	رَسُوْلَ اللّٰهِ	لَوْ يُطِيْعُكُمْ	فِيْ	كَثِيْرٍ	مِّنَ الْاَمْرِ	لَعَنِتُّمْ	وَلٰكِنَّ
اور جان رکھو	کہ	تمہارے درمیان	اللہ کا رسول	اگر وہ تمہارا کہا مانیں	میں	اکثر	کاموں سے ۔ میں	البتہ تم ایذا میں پڑو	اور لیکن

اور جان رکھو کہ تمہارے درمیان اللہ کے رسول ہیں، اگر وہ اکثر کاموں میں تمہارا کہا مانیں تو تم ایذا میں پڑ جاؤ، لیکن

اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ وَزَيَّنَهٗ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَكَرَّهَ اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ

اللّٰهَ	حَبَّبَ	اِلَيْكُمُ	الْاِيْمَانَ	وَزَيَّنَهٗ	فِيْ قُلُوْبِكُمْ	وَكَرَّهَ	اِلَيْكُمُ	الْكُفْرَ	وَالْفُسُوْقَ
اللہ	محبت دی	تمہیں	ایمان کی	اور اسے آراستہ کر دیا	تمہارے دلوں میں	اور ناپسند کر دیا	تمہارے سامنے	کفر	اور گناہ

اللہ نے تمہیں ایمان کی محبت دی، اور اسے تمہارے دلوں میں آراستہ (مزین) کر دیا، اور تمہارے سامنے ناپسند کر دیا کفر اور گناہ کو

وَالْعِصْيَانَ ؕ أُولٰٓئِكَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ۝ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَنِعْمَةً ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ

وَالْعِصْيَانَ	أُولٰٓئِكَ	هُمُ	الرّٰشِدُوْنَ	فَضْلًا	مِّنَ اللّٰهِ	وَنِعْمَةً	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ
اور نافرمانی	یہی لوگ	وہ	ہدایت پانے والے	فضل	اللہ سے کے	اور نعمت	اور اللہ	جاننے والا

اور نافرمانی کو، یہی لوگ (راہِ) ہدایت پانے والے ہیں۔ اللہ کے فضل اور نعمت سے، اور اللہ جاننے والا،

حَكِيْمٌ ۝ وَإِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَأَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا ۚ فَإِنْۢ بَغَتْ

حَكِيْمٌ	وَإِنْ	طَآئِفَتٰنِ	مِنَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	اقْتَتَلُوْا	فَأَصْلِحُوْا	بَيْنَهُمَا	فَإِنْۢ بَغَتْ
حکمت والا	اور اگر	دو گروہ	سے۔کے	(جمع) مومن	باہم لڑ پڑیں	تو صلح کرا دو تم	ان دونوں کے درمیان	پھر اگر زیادتی کرے

حکمت والا ہے۔ اور اگر مومنوں کے دو گروہ باہم لڑ پڑیں، تو تم ان دونوں کے درمیان صلح کرا دو، پھر اگر زیادتی کرے

إِحْدٰىهُمَا عَلَى الْأُخْرٰى فَقَاتِلُوا الَّتِيْ تَبْغِيْ حَتّٰى تَفِيْٓءَ إِلٰٓى أَمْرِ اللّٰهِ ۚ فَإِنْ فَآءَتْ

إِحْدٰىهُمَا	عَلَى الْأُخْرٰى	فَقَاتِلُوْا	الَّتِيْ	تَبْغِيْ	حَتّٰى	تَفِيْٓءَ	إِلٰى	أَمْرِ اللّٰهِ	فَإِنْ فَآءَتْ
ان دونوں میں سے ایک	دوسرے پر	تو تم لڑو	اس سے جو	زیادتی کرتا ہے	یہاں تک کہ	رجوع کرے	طرف	حکم الٰہی	پھر اگر جب وہ رجوع کرلے

ان دونوں میں سے ایک دوسرے پر، تو تم اس سے لڑو، جو زیادتی کرتا ہے، یہاں تک کہ وہ حکم الٰہی کی طرف رجوع کرلے، پھر جب وہ رجوع کرلے

فَأَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَأَقْسِطُوْا ؕ إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝ إِنَّمَا

فَأَصْلِحُوْا	بَيْنَهُمَا	بِالْعَدْلِ	وَأَقْسِطُوْا	إِنَّ اللّٰهَ	يُحِبُّ	الْمُقْسِطِيْنَ	إِنَّمَا
تو صلح کرا دو تم	ان دونوں کے درمیان	عدل کے ساتھ	اور تم انصاف کیا کرو	بیشک اللہ	دوست رکھتا ہے	انصاف کرنے والے	اس کے سوا نہیں

تو تم ان دونوں کے درمیان عدل کے ساتھ صلح کرا دو اور تم انصاف کرو، بیشک اللہ انصاف کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔ اس کے سوا نہیں

الْمُؤْمِنُوْنَ إِخْوَةٌ فَأَصْلِحُوْا بَيْنَ أَخَوَيْكُمْ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝

الْمُؤْمِنُوْنَ	إِخْوَةٌ	فَأَصْلِحُوْا	بَيْنَ	أَخَوَيْكُمْ	وَ اتَّقُوا اللّٰهَ	لَعَلَّكُمْ	تُرْحَمُوْنَ
مومن (جمع)	بھائی	پس صلح کرا دو	درمیان	اپنے بھائی	اور ڈرو اللہ سے	تاکہ تم پر	رحم کیا جائے

کہ سب مومن بھائی (بھائی) ہیں، پس اپنے دو بھائیوں کے درمیان صلح کرا دو، اللہ سے ڈرو، تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

يٰٓأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰٓى أَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا مِّنْهُمْ

يٰٓأَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَا يَسْخَرْ	قَوْمٌ	مِّنْ قَوْمٍ	عَسٰٓى	أَنْ يَّكُوْنُوْا	خَيْرًا	مِّنْهُمْ
اے	جو لوگ ایمان لائے (مومن)	نہ مذاق اڑائے	ایک گروہ	(دوسرے) گروہ کا	کیا عجب	گروہ ہوں	بہتر	ان سے

اے مومنو! (تم سے) ایک گروہ (کچھ مرد) دوسرے گروہ (مردوں) کا مذاق نہ اڑائیں، کیا عجب! کہ وہ ان سے بہتر ہوں

وَلَا نِسَآءٌ مِّنْ نِّسَآءٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ ۚ وَلَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَ

وَلَا نِسَآءٌ	مِّنْ نِّسَآءٍ	عَسٰٓى	اَنْ يَّكُنَّ	خَيْرًا	مِّنْهُنَّ	وَلَا تَلْمِزُوْٓا	اَنْفُسَكُمْ	وَ
اور نہ عورتیں	عورتوں سے (کا)	کیا عجب	کہ وہ ہوں	بہتر	ان سے	اور نہ عیب لگاؤ	باہم (ایک دوسرے)	اور

اور نہ عورتیں عورتوں کا (مذاق) اڑائیں کیا عجب! کہ وہ ان سے بہتر ہوں اور ایک دوسرے پر عیب نہ لگاؤ، اور

لَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ ؕ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ بَعْدَ الْاِيْمَانِ ۚ وَمَنْ لَّمْ يَتُبْ

لَا تَنَابَزُوْا	بِالْاَلْقَابِ	بِئْسَ الِاسْمُ	الْفُسُوْقُ	بَعْدَ الْاِيْمَانِ	وَمَنْ	لَّمْ يَتُبْ
باہم نہ چڑاؤ	بُرے القاب سے	بُرا نام	گناہ	ایمان کے بعد	اور جو۔جس	توبہ کی (باز نہ آیا)

باہم بُرے القاب سے نہ چڑاؤ (نام نہ بگاڑو) ایمان کے بعد گناہ (کا نام) بُرا نام ہے، اور جو باز نہ آیا

فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۱۱﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ

فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ الظّٰلِمُوْنَ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اجْتَنِبُوْا	كَثِيْرًا	مِّنَ الظَّنِّ
تو یہی لوگ	وہ ظالم (جمع)	اے	جو لوگ ایمان لائے (مومن)	بچو	بہت سے	(بد) گمانیوں

تو یہی لوگ ظالم ہیں ۔ اے مومنو! بہت سی بدگمانیوں سے بچو؛

اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَّلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا ؕ اَيُحِبُّ

اِنَّ	بَعْضَ الظَّنِّ	اِثْمٌ	وَّلَا تَجَسَّسُوْا	وَلَا يَغْتَبْ	بَّعْضُكُمْ	بَعْضًا	اَيُحِبُّ
بیشک	بعض بدگمانیاں	گناہ	اور ٹٹول میں نہ رہا کرو ایک دوسرے کی	اور غیبت نہ کرے	تم میں سے (ایک)	بعض (دوسرے) کی	کیا پسند کرتا ہے

بیشک بعض بدگمانیاں گناہ ہوتی ہیں اور ایک دوسرے کی ٹٹول میں نہ رہا کرو، اور تم میں سے کوئی ایک دوسرے کی غیبت نہ کرے، کیا پسند کرتا ہے

اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ

اَحَدُكُمْ	اَنْ يَّاْكُلَ	لَحْمَ اَخِيْهِ	مَيْتًا	فَكَرِهْتُمُوْهُ	وَاتَّقُوا اللّٰهَ	اِنَّ اللّٰهَ	تَوَّابٌ
تم میں سے کوئی	کہ وہ کھائے	اپنے بھائی کا گوشت	مُردہ کا	تو اس سے تم گھن کرو گے	اور اللہ سے ڈرو	بیشک اللہ	توبہ قبول کرنے والا

تم میں سے کوئی کہ وہ اپنے مُردہ بھائی کا گوشت کھائے؟ تو تم اس سے گھن کرو گے، اور اللہ سے ڈرو، بے شک اللہ توبہ قبول کرنے والا

رَّحِيْمٌ ﴿۱۲﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا

رَّحِيْمٌ	يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ	اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ	مِّنْ ذَكَرٍ	وَّاُنْثٰى	وَجَعَلْنٰكُمْ	شُعُوْبًا
مہربان	اے لوگو!	بے شک ہم نے پیدا کیا تمہیں	ایک مرد سے	اور ایک عورت	اور بنایا تمہیں	ذاتیں

مہربان ہے۔ اے لوگو! بے شک ہم نے تمہیں ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا، اور تمہیں بنایا ذاتیں

وَقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا ؕ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ﴿۱۳﴾

وَقَبَآئِلَ	لِتَعَارَفُوْا	اِنَّ	اَكْرَمَكُمْ	عِنْدَ اللّٰهِ	اَتْقٰىكُمْ	اِنَّ اللّٰهَ	عَلِيْمٌ	خَبِيْرٌ
اور قبیلے	تاکہ تم ایکدوسرے کی شناخت کرو	بیشک تم میں سب سے زیادہ عزت والا		اللہ کے نزدیک	تم میں سب سے بڑا پرہیزگار	بیشک اللہ	جاننے والا	باخبر

اور قبیلے تاکہ تم ایکدوسرے کی شناخت کرو، بیشک اللہ کے نزدیک تم میں سب سے بڑا عزت والا وہ ہے جو سب سے زیادہ پرہیزگار ہے، اللہ بیشک جاننے والا باخبر دار ہے۔

قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا ؕ قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا وَلٰكِنْ قُوْلُوْۤا اَسْلَمْنَا وَلَمَّا يَدْخُلِ

قَالَتِ	الْاَعْرَابُ	اٰمَنَّا	قُلْ	لَّمْ تُؤْمِنُوْا	وَلٰكِنْ	قُوْلُوْۤا	اَسْلَمْنَا	وَلَمَّا	يَدْخُلِ
کہتے ہیں	دیہاتی	ہم ایمان لائے	فرمادیں	تم ایمان نہیں لائے	اور لیکن	تم کہو	ہم اسلام لائے ہیں	اور ابھی نہیں	داخل ہوا

دیہاتی کہتے ہیں ہم ایمان لے آئے، آپ فرمادیں تم ایمان نہیں لائے ہو، بلکہ تم کہو کہ ہم اسلام لائے ہیں، اور ابھی داخل نہیں ہوا

الْاِيْمَانُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَاِنْ تُطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَا يَلِتْكُمْ مِّنْ اَعْمَالِكُمْ

الْاِيْمَانُ	فِيْ قُلُوْبِكُمْ	وَاِنْ	تُطِيْعُوا	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	لَا يَلِتْكُمْ	مِّنْ	اَعْمَالِكُمْ
ایمان	تمہارے دلوں میں	اور اگر	تم اطاعت کروگے	اللہ	اور اس کا رسول	تمہیں کمی نہ کرے گا	سے	تمہارے اعمال

تمہارے دلوں میں ایمان اور اگر تم اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کروگے تو اللہ تمہارے اعمال سے کمی نہ کرے گا،

شَيْئًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۴﴾ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ

شَيْئًا	اِنَّ اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	اِنَّمَا	الْمُؤْمِنُوْنَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	بِاللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ
کچھ بھی	بے شک اللہ	بخشنے والا	مہربان	اسکے سوا نہیں	مومن (جمع)	وہ لوگ جو	ایمان لائے	اللہ پر	اور اس کا رسول

کچھ بھی، بیشک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔ اس کے سوا نہیں مومن وہ لوگ ہیں جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لائے

ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوْا وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ

ثُمَّ	لَمْ يَرْتَابُوْا	وَجٰهَدُوْا	بِاَمْوَالِهِمْ	وَاَنْفُسِهِمْ	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ
پھر	نہ پڑے شک میں وہ	اور انہوں نے جہاد کیا	اپنے مالوں سے	اور اپنی جانوں سے	میں	اللہ کی راہ	یہی لوگ	وہ

پھر وہ شک میں نہ پڑے، اور انہوں نے اپنے مالوں اور جانوں سے اللہ کی راہ میں جہاد کیا، یہی لوگ ہیں

الصّٰدِقُوْنَ ﴿۱۵﴾ قُلْ اَتُعَلِّمُوْنَ اللّٰهَ بِدِيْنِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا

الصّٰدِقُوْنَ	قُلْ	اَتُعَلِّمُوْنَ	اللّٰهَ	بِدِيْنِكُمْ	وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا
سچے	فرمادیں	کیا تم جتلاتے ہو؟	اللہ	اپنا دین	اور اللہ	جانتا ہے	جو	آسمانوں میں	اور جو

سچے۔ آپ فرمادیں کیا تم اللہ کو اپنا دین (دینداری) جتلاتے ہو؟ اور اللہ جانتا ہے جو آسمانوں میں اور جو

فِی الْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ﴿۱۶﴾ یَمُنُّوْنَ عَلَیْكَ اَنْ اَسْلَمُوْا ؕ قُلْ

قُلْ	اَسْلَمُوْا	اَنْ	عَلَیْكَ	یَمُنُّوْنَ	عَلِیْمٌ	شَیْءٍ	بِكُلِّ	وَاللّٰهُ	فِی الْاَرْضِ
فرما دیں	وہ اسلام لائے	کہ	آپ پر	وہ احسان رکھتے ہیں	جاننے والا	چیز	ہر ایک	اور اللہ	زمین میں

زمین میں ہے، اور اللہ ہر چیز کا جاننے والا ہے۔ وہ آپ پر احسان رکھتے ہیں کہ وہ اسلام لائے، آپ فرما دیں

لَّا تَمُنُّوْا عَلَیَّ اِسْلَامَكُمْ ۚ بَلِ اللّٰهُ یَمُنُّ عَلَیْكُمْ اَنْ هَدٰىكُمْ لِلْاِیْمَانِ اِنْ

اِنْ	لِلْاِیْمَانِ	اَنْ هَدٰىكُمْ	عَلَیْكُمْ	یَمُنُّ	بَلِ اللّٰهُ	اِسْلَامَكُمْ	عَلَیَّ	لَا تَمُنُّوْا
اگر	ایمان کی طرف	کہ اس نے ہدایت دی تمہیں	تم پر	احسان رکھتا ہے	بلکہ اللہ	اپنے اسلام لانے کا	مجھ پر	نہ احسان رکھو تم

تم مجھ پر اپنے اسلام لانے کا احسان نہ رکھو، بلکہ اللہ تم پر احسان رکھتا ہے کہ اس نے تمہیں ایمان کی طرف ہدایت دی، اگر

كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۱۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ یَعْلَمُ غَیْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ

وَاللّٰهُ	وَالْاَرْضِ	غَیْبَ السَّمٰوٰتِ	یَعْلَمُ	اِنَّ اللّٰهَ	صٰدِقِیْنَ	كُنْتُمْ
اور اللہ	اور زمین	پوشیدہ باتیں آسمانوں کی	وہ جانتا ہے	بیشک اللہ	سچے	تم ہو

تم سچے ہو۔ بے شک اللہ آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ باتیں جانتا ہے، اور اللہ

بَصِیْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸﴾ ع

تَعْمَلُوْنَ	بِمَا	بَصِیْرٌ
تم کرتے ہو	وہ جو	دیکھنے والا

وہ (سب کچھ) دیکھنے والا ہے جو تم کرتے ہو۔

رکوعاتہا ۳ ۔ ۵۰ = سُوْرَةُ قٓ مَكِّیَّةٌ = ۳۴ ۔ آیاتہا ۴۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، رحم کرنے والا ہے۔

قٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ ﴿۱﴾ بَلْ عَجِبُوْا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ فَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا

هٰذَا	الْكٰفِرُوْنَ	فَقَالَ	مِّنْهُمْ	مُّنْذِرٌ	جَآءَهُمْ	اَنْ	عَجِبُوْا	بَلْ	الْمَجِیْدِ	وَالْقُرْاٰنِ	قٓ
یہ	کافروں	تو کہا	ان میں سے	ایک ڈر سنانے والا	ان کے پاس آیا	کہ	انہوں نے تعجب کیا	بلکہ	مجید	قسم ہے قرآن	قاف

قاف۔ قسم ہے قرآن مجید کی۔ بلکہ انہوں نے تعجب کیا کہ ان کے پاس ان میں سے ایک ڈر سنانے والا آیا، تو کافروں نے کہا یہ

شَیْءٌ عَجِیْبٌ ۝٢ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا ۚ ذٰلِكَ رَجْعٌۢ بَعِیْدٌ ۝٣ قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ

شَیْءٌ	عَجِیْبٌ	ءَاِذَا مِتْنَا	وَكُنَّا	تُرَابًا	ذٰلِكَ	رَجْعٌ	بَعِیْدٌ	قَدْ عَلِمْنَا	مَا تَنْقُصُ
بات	عجیب	کیا جب ہم مرگئے	اور ہوگئے	مٹی	یہ	دوبارہ لوٹنا	دُور	تحقیق ہم جانتے ہیں	جو کچھ کم کرتی ہے

عجیب بات ہے۔ کیا جب ہم مرگئے اور مٹی ہو گئے (پھر جی اٹھیں گے)؟ یہ دوبارہ لوٹنا دور (از عقل) ہے۔ تحقیق ہم جانتے ہیں جو کچھ کم کرتی ہے

الْاَرْضُ مِنْهُمْ ۚ وَعِنْدَنَا كِتٰبٌ حَفِیْظٌ ۝٤ بَلْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ فَهُمْ

الْاَرْضُ	مِنْهُمْ	وَعِنْدَنَا	كِتٰبٌ حَفِیْظٌ	بَلْ كَذَّبُوْا	بِالْحَقِّ	لَمَّا جَآءَهُمْ	فَهُمْ
زمین	ان میں سے	اور ہمارے پاس	محفوظ رکھنے والی کتاب	بلکہ انہوں نے جھٹلایا	حق کو	جب وہ آیا ان کے پاس	پس وہ

اُن (کے اجسام) میں سے زمین اور ہمارے پاس محفوظ رکھنے والی کتاب (لوحِ محفوظ) ہے۔ بلکہ انہوں نے حق کو جھٹلایا۔ جب وہ ان کے پاس آیا۔ پس وہ

فِیْٓ اَمْرٍ مَّرِیْجٍ ۝٥ اَفَلَمْ یَنْظُرُوْٓا اِلَى السَّمَآءِ فَوْقَهُمْ كَیْفَ بَنَیْنٰهَا وَزَیَّنّٰهَا وَمَا لَهَا

فِیْٓ اَمْرٍ	مَّرِیْجٍ	اَفَلَمْ یَنْظُرُوْٓا	اِلَى السَّمَآءِ	فَوْقَهُمْ	كَیْفَ	بَنَیْنٰهَا	وَزَیَّنّٰهَا	وَمَا لَهَا
ایک بات میں	اُلجھی ہوئی	تو کیا وہ نہیں دیکھتے ؟	آسمان کی طرف	ان کے اوپر	کیسے	بنایا اس کو	اور اس کو آراستہ کیا	اور اس میں نہیں

اُلجھی ہوئی بات میں (پڑے ہیں) تو کیا وہ اپنے اوپر آسمان کی طرف نہیں دیکھتے؟ کہ ہم نے اسکو کیسے بنایا! اور اس کو (ستاروں سے) آراستہ کیا۔ اور اس میں

مِنْ فُرُوْجٍ ۝٦ وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَیْنَا فِیْهَا رَوَاسِیَ وَاَنْۢبَتْنَا فِیْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍۭ

مِنْ	فُرُوْجٍ	وَالْاَرْضَ	مَدَدْنٰهَا	وَاَلْقَیْنَا	فِیْهَا	رَوَاسِیَ	وَاَنْۢبَتْنَا	فِیْهَا	مِنْ	كُلِّ زَوْجٍ
کوئی	شگاف	اور زمین	ہم نے پھیلایا	اور ڈالے (جمائے)	اس میں	پہاڑ (جمع)	اور اُگائے	اس میں	سے کے	ہر قسم

کوئی شگاف تک نہیں۔ اور زمین کو ہم نے پھیلایا، اور اس میں پہاڑ جمائے، اور اس میں اُگائیں ہر قسم کی

بَهِیْجٍ ۝٧ تَبْصِرَةً وَّذِكْرٰى لِكُلِّ عَبْدٍ مُّنِیْبٍ ۝٨ وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً مُّبٰرَكًا

بَهِیْجٍ	تَبْصِرَةً	وَّذِكْرٰى	لِكُلِّ	عَبْدٍ مُّنِیْبٍ	وَنَزَّلْنَا	مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً	مُّبٰرَكًا
خوشنما	ذریعہ بینائی	اور نصیحت	لئے ہر	رجوع کرنے والا بندہ	اور ہم نے اتارا	آسمان سے	پانی	بابرکت

خوشنما (چیزیں)۔ ہر رجوع کرنے والے بندے کے لئے ذریعہ بینائی و نصیحت۔ اور ہم نے آسمان سے بابرکت پانی اُتارا

فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ جَنّٰتٍ وَّحَبَّ الْحَصِیْدِ ۝٩ وَالنَّخْلَ بٰسِقٰتٍ لَّهَا طَلْعٌ نَّضِیْدٌ ۝١٠ رِّزْقًا

فَاَنْۢبَتْنَا	بِهٖ	جَنّٰتٍ	وَّحَبَّ	الْحَصِیْدِ	وَالنَّخْلَ	بٰسِقٰتٍ	لَّهَا	طَلْعٌ	نَّضِیْدٌ	رِّزْقًا
پھر ہم نے اگائے	اس سے	باغات	اور دانہ (غلہ)	کاٹنے (کھیتی)	اور کھجور کے درخت	بلندوبالا	جن کے	خوشے	تہ بہ تہ	رزق

جو اس سے نکلتا ہے، اور جو آسمانوں سے اترتا ہے، اور جو اس میں چڑھتا ہے، اور وہ تمہارے ساتھ ہے جہاں کہیں (رہو)

كُنْتُمْ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝٤ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ

كُنْتُمْ	وَاللّٰهُ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرٌ	لَهٗ	مُلْكُ السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَاِلَى اللّٰهِ
تم ہو	اور اللہ	اسے جو	تم کرتے ہو	دیکھنے والا ہے	اسی کیلئے	بادشاہت آسمانوں	اور زمین	اور اللہ کی طرف

تم ہو، اور جو تم کرتے ہو اللہ اسے دیکھنے والا ہے۔ اسی کے لئے ہے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت، اور اللہ کی طرف ہے

تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝٥ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۭ وَهُوَ عَلِيْمٌ

تُرْجَعُ	الْاُمُوْرُ	يُوْلِجُ	الَّيْلَ	فِي النَّهَارِ	وَيُوْلِجُ	النَّهَارَ	فِي الَّيْلِ	وَهُوَ	عَلِيْمٌ
بازگشت	تمام کاموں	وہ داخل کرتا ہے	رات	دن میں	اور داخل کرتا ہے	دن	رات میں	اور وہ	جاننے والا

تمام کاموں کی بازگشت۔ وہ رات کو دن میں داخل کرتا ہے، اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے، اور وہ جاننے والا ہے

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۶ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاَنْفِقُوْا مِمَّا جَعَلَكُمْ مُّسْتَخْلَفِيْنَ

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ	اٰمِنُوْا	بِاللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	وَاَنْفِقُوْا	مِمَّا	جَعَلَكُمْ	مُّسْتَخْلَفِيْنَ
دلوں کی بات کو	تم ایمان لاؤ	اللہ پر	اور اس کے رسول	اور خرچ کرو	اس سے جو	اس نے تمہیں بنایا	جانشین

دلوں کی بات (تک) کو۔ تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اس (مال) میں سے خرچ کرو جس میں اس نے تمہیں جانشین بنایا ہے

فِيْهِ ۭ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَاَنْفَقُوْا لَهُمْ اَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝۷ وَمَا لَكُمْ لَا تُؤْمِنُوْنَ

فِيْهِ	فَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مِنْكُمْ	وَاَنْفَقُوْا	لَهُمْ	اَجْرٌ كَبِيْرٌ	وَمَا لَكُمْ	لَا تُؤْمِنُوْنَ
اس میں	پس جو لوگ	وہ ایمان لائے	تم میں سے	اور انہوں نے خرچ کیا	ان کے لئے	بڑا اجر	اور کیا (ہو گیا) ہے تمہیں	تم ایمان نہیں لاتے

پس تم میں سے جو لوگ ایمان لائے، اور انہوں نے خرچ کیا، ان کے لئے بڑا اجر ہے۔ اور تمہیں کیا ہو گیا ہے؟ کہ تم ایمان نہیں لاتے

بِاللّٰهِ ۚ وَالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ لِتُؤْمِنُوْا بِرَبِّكُمْ وَقَدْ اَخَذَ مِيْثَاقَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

بِاللّٰهِ	وَالرَّسُوْلُ	يَدْعُوْكُمْ	لِتُؤْمِنُوْا	بِرَبِّكُمْ	وَقَدْ اَخَذَ	مِيْثَاقَكُمْ	اِنْ كُنْتُمْ
اللہ پر	اور رسول	اور تمہیں بلاتے ہیں	کہ تم ایمان لاؤ	اپنے رب پر	اور یقیناً وہ لے چکا ہے	تم سے عہد	اگر تم ہو

اللہ اور اس کے رسول پر، جبکہ وہ تمہیں بلاتے ہیں کہ تم اپنے رب کے ساتھ ایمان لے آؤ، اور وہ یقیناً تم سے عہد لے چکا ہے، اگر تم

مُّؤْمِنِيْنَ ۝۸ هُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ عَلٰى عَبْدِهٖٓ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَكُمْ مِّنَ

مُّؤْمِنِيْنَ	هُوَ الَّذِيْ	يُنَزِّلُ	عَلٰى	عَبْدِهٖٓ	اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ	لِّيُخْرِجَكُمْ	مِّنَ
ایمان والے	وہی ہے جو	نازل فرماتا ہے	پر	اپنا بندہ	واضح آیات	تاکہ وہ تمہیں نکالے	سے

ایمان والے ہو۔ وہی ہے جو اپنے بندے پر واضح آیات نازل فرماتا ہے، تاکہ وہ تمہیں نکالے

الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ بِكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝۹ وَمَا لَكُمْ اَلَّا تُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ

الظُّلُمٰتِ	اِلَى النُّوْرِ	وَاِنَّ	اللّٰهَ	بِكُمْ	لَرَءُوْفٌ	رَّحِيْمٌ	وَمَا لَكُمْ	اَلَّا تُنْفِقُوْا	فِيْ سَبِيْلِ
اندھیروں سے	روشنی کی طرف	اور بیشک	اللہ	تم پر	شفقت کرنیوالا	مہربان	اور کیا (ہو گیا) ہے تمہیں	تم خرچ نہیں کرتے	راستہ میں

اندھیروں سے روشنی کی طرف، اور اللہ بے شک تم پر شفقت کرنے والا مہربان ہے۔ اور تمہیں کیا ہو گیا ہے؟ کہ تم خرچ نہیں کرتے راستے میں

اللّٰهِ وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ لَا يَسْتَوِيْ مِنْكُمْ مَّنْ اَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ

اللّٰهِ	وَلِلّٰهِ	مِيْرَاثُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	لَا يَسْتَوِيْ	مِنْكُمْ	مَّنْ اَنْفَقَ	مِنْ قَبْلِ
اللہ	اور اللہ کے لئے	میراث	آسمانوں	اور زمین	برابر نہیں	تم میں سے	جس نے خرچ کیا	پہلے

اللہ کے، اور آسمانوں اور زمین کی میراث (باقی رہ جانے والا سب) اللہ کے لئے ہے، تم میں سے برابر نہیں، وہ جس نے خرچ کیا پہلے

الْفَتْحِ وَقَاتَلَ ۭ أُولَٰٓئِكَ أَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِينَ أَنفَقُوا مِنۢ بَعْدُ وَقَاتَلُوا ۚ

الْفَتْحِ	وَقَاتَلَ	أُولَٰٓئِكَ	أَعْظَمُ	دَرَجَةً	مِّنَ	الَّذِينَ أَنفَقُوا	مِنۢ بَعْدُ	وَقَاتَلُوا
فتح	اور قتال کیا	یہ لوگ	بڑے	درجے میں	سے	جنہوں نے خرچ کیا	بعد میں	اور انہوں نے قتال کیا

فتح (مکہ) سے اور قتال کیا، یہ لوگ درجے میں (اُن سے) بڑے ہیں جنہوں نے بعد میں خرچ کیا، اور قتال کیا

وَكُلًّا وَعَدَ اللَّهُ الْحُسْنَىٰ ۚ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ﴿١٠﴾ مَّن ذَا الَّذِي يُقْرِضُ اللَّهَ

وَكُلًّا	وَعَدَ	اللَّهُ	الْحُسْنَىٰ	وَاللَّهُ	بِمَا تَعْمَلُونَ	خَبِيرٌ	مَّن ذَا الَّذِي	يُقْرِضُ اللَّهَ
اور ہر ایک	وعدہ کیا	اللہ نے	اچھا	اور اللہ	اس سے جو تم کرتے ہو	باخبر	کون ہے جو	قرض دے اللہ کو

اور اللہ نے ہر ایک سے اچھا وعدہ کیا ہے اور تم جو کرتے ہو اللہ اس سے باخبر ہے۔ کون ہے جو اللہ کو قرض دے؟

قَرْضًا حَسَنًا فَيُضَاعِفَهُ لَهُ وَلَهُ أَجْرٌ كَرِيمٌ ﴿١١﴾ يَوْمَ تَرَى الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

قَرْضًا حَسَنًا	فَيُضَاعِفَهُ	لَهُ	وَلَهُ	أَجْرٌ كَرِيمٌ	يَوْمَ	تَرَى	الْمُؤْمِنِينَ	وَالْمُؤْمِنَاتِ
قرض حسنہ	پھر وہ اس کو دو چند دے	اس کو	اور اس کے لئے	اجر بڑا عمدہ	جس دن	تم دیکھو گے	مومن مردوں	اور مومن عورتوں

قرض حسنہ (اچھا قرض) اور وہ اس کو اس کا دوچند دے، اور اس کے لئے بڑا عمدہ اجر ہے۔ جس دن تم مومن مردوں اور مومن عورتوں کو دیکھو گے

يَسْعَىٰ نُورُهُم بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَبِأَيْمَانِهِم بُشْرَاكُمُ الْيَوْمَ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا

يَسْعَىٰ	نُورُهُم	بَيْنَ أَيْدِيهِمْ	وَبِأَيْمَانِهِم	بُشْرَاكُمُ	الْيَوْمَ	جَنَّاتٌ	تَجْرِي	مِن تَحْتِهَا
دوڑتا ہوگا	ان کا نور	ان کے سامنے	اور ان کے دائیں	خوشخبری ہے تمہیں	آج	باغات	بہتی ہیں	ان کے نیچے

اُن کا نور اُن کے سامنے اور اُن کے دائیں دوڑتا ہوگا، تمہیں آج خوشخبری ہے باغات کی جن کے نیچے بہتی ہیں

الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿١٢﴾ يَوْمَ يَقُولُ الْمُنَافِقُونَ وَ

الْأَنْهَارُ	خَالِدِينَ	فِيهَا	ذَٰلِكَ	هُوَ	الْفَوْزُ الْعَظِيمُ	يَوْمَ يَقُولُ	الْمُنَافِقُونَ	وَ
نہریں	وہ ہمیشہ رہیں گے	اس میں	یہ	وہ۔ یہ	کامیابی بڑی	جس دن کہیں گے	منافق مرد (جمع)	اور

نہریں وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے، یہ بڑی کامیابی ہے۔ جس دن کہیں گے منافق مرد اور

الْمُنَافِقَاتُ لِلَّذِينَ آمَنُوا انظُرُونَا نَقْتَبِسْ مِن نُّورِكُمْ قِيلَ ارْجِعُوا وَرَاءَكُمْ

الْمُنَافِقَاتُ	لِلَّذِينَ	آمَنُوا	انظُرُونَا	نَقْتَبِسْ	مِن	نُّورِكُمْ	قِيلَ	ارْجِعُوا	وَرَاءَكُمْ
منافق عورتیں	ان لوگوں کو جو	وہ ایمان لائے	ہماری طرف نگاہ کرو	ہم حاصل کرلیں	سے	تمہارا نور	کہا جائے گا	لوٹ جاؤ	اپنے پیچھے

منافق عورتیں، ان لوگوں کو جو ایمان لائے، ہماری طرف نگاہ کرو (دیکھو)، ہم تمہارے نور سے حاصل کرلیں، کہا جائے گا اپنے پیچھے لوٹ جاؤ

فَالْتَمِسُوْا نُوْرًا ۭ فَضُرِبَ بَيْنَهُمْ بِسُوْرٍ لَّهٗ بَابٌ ۭ بَاطِنُهٗ فِيْهِ الرَّحْمَةُ وَ

فَالْتَمِسُوْا	نُوْرًا	فَضُرِبَ	بَيْنَهُمْ	بِسُوْرٍ	لَّهٗ	بَابٌ	بَاطِنُهٗ	فِيْهِ	الرَّحْمَةُ	وَ
پھر تم تلاش کرو	نور	پھر ماری (کھڑی کردی) جائیگی	انکے درمیان	ایک دیوار	اس کا	ایک دروازہ	اس کے اندر	اس میں	رحمت	اور

پس (وہاں) نور تلاش کرو۔ پھر ان کے درمیان ایک دیوار کھڑی کردی جائے گی، اس کا ایک دروازہ ہوگا، اس کے اندر رحمت اور

ظَاهِرُهٗ مِنْ قِبَلِهِ الْعَذَابُ ۝١٣ۭ يُنَادُوْنَهُمْ اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ۭ قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنَّكُمْ

ظَاهِرُهٗ	مِنْ قِبَلِهِ	الْعَذَابُ	يُنَادُوْنَهُمْ	اَلَمْ نَكُنْ	مَّعَكُمْ	قَالُوْا	بَلٰى	وَلٰكِنَّكُمْ
اس کے باہر	اس کی طرف سے	عذاب	وہ انہیں پکاریں گے	کیا ہم نہ تھے	تمہارے ساتھ	وہ کہیں گے	ہاں	اور لیکن تم

اور اس کے باہر کی طرف عذاب ہوگا۔ وہ (منافق) انہیں (مسلمانوں) کو پکاریں گے کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے؟ وہ کہیں گے ہاں (کیوں نہیں!) لیکن

فَتَنْتُمْ اَنْفُسَكُمْ وَتَرَبَّصْتُمْ وَارْتَبْتُمْ وَغَرَّتْكُمُ الْاَمَانِيُّ حَتّٰى جَاۗءَ اَمْرُ اللّٰهِ

فَتَنْتُمْ	اَنْفُسَكُمْ	وَتَرَبَّصْتُمْ	وَارْتَبْتُمْ	وَغَرَّتْكُمُ	الْاَمَانِيُّ	حَتّٰى	جَاۗءَ	اَمْرُ اللّٰهِ
تم نے فتنہ میں ڈالا	اپنی جانوں کو	اور تم انتظار کرتے	اور تم شک کرتے تھے	اور تمہیں دھوکے میں ڈالا	تمہاری جھوٹی آرزوئیں	یہاں تک کہ	آگیا	اللہ کا حکم

تم نے اپنی جانوں کو فتنے میں ڈالا اور تم (مسلمانوں پر آفت کا) انتظار کرتے، اور شک کرتے تھے اور تمہیں تمہاری جھوٹی آرزوؤں نے دھوکے میں ڈالا، یہاں تک کہ اللہ کا حکم آگیا

وَغَرَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ۝١٤ فَالْيَوْمَ لَا يُؤْخَذُ مِنْكُمْ فِدْيَةٌ وَّلَا مِنَ الَّذِيْنَ

وَغَرَّكُمْ	بِاللّٰهِ	الْغَرُوْرُ	فَالْيَوْمَ	لَا يُؤْخَذُ	مِنْكُمْ	فِدْيَةٌ	وَّلَا	مِنَ	الَّذِيْنَ
اور تمہیں دھوکے میں ڈالا	اللہ کے بارے میں	دھوکہ دینے والے	سو آج	نہ لیا جائے گا	تم سے	کوئی فدیہ	اور نہ	سے	وہ لوگ جنہوں نے

اور اللہ کے بارے میں تمہیں دھوکہ دینے والے (شیطان) نے دھوکہ میں ڈالا، سو آج نہ تم سے کوئی فدیہ لیا جائے گا، نہ ان لوگوں سے

كَفَرُوْا ۭ مَاْوٰىكُمُ النَّارُ ۭ هِيَ مَوْلٰىكُمْ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝١٥ اَلَمْ يَاْنِ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

كَفَرُوْا	مَاْوٰىكُمُ	النَّارُ	هِيَ	مَوْلٰىكُمْ	وَبِئْسَ	الْمَصِيْرُ	اَلَمْ يَاْنِ	لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا
کفر کیا	تمہارا ٹھکانہ	جہنم	یہ	تمہارا رفیق	اور بُری	جائے بازگشت	کیا نزدیک (وقت) نہیں آیا	ان لوگوں کیلئے جو ایمان لائے (مومن)

جنہوں نے کفر کیا، تمہارا ٹھکانہ جہنم ہے، یہ تمہارا رفیق ہے اور بُری جائے بازگشت ہے۔ کیا مومنوں کے لئے ابھی وقت نہیں آیا؟

اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ اللّٰهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ ۙ وَلَا يَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ

اَنْ	تَخْشَعَ	قُلُوْبُهُمْ	لِذِكْرِ اللّٰهِ	وَمَا نَزَلَ	مِنَ	الْحَقِّ	وَلَا يَكُوْنُوْا	كَالَّذِيْنَ
کہ	جھک جائیں	ان کے دل	اللہ کی یاد کے لئے	اور جو نازل ہوا	سے	حق	اور وہ نہ ہو جائیں	ان لوگوں کی طرح

کہ ان کے دل اللہ کی یاد کے لئے جھک جائیں اور (اس کے لئے) جو حق تعالیٰ کی طرف نازل ہوا ہے، اور وہ ان لوگوں کی طرح نہ ہو جائیں

اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلُ فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْاَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوْبُهُمْ ۭ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ

اُوْتُوا الْكِتٰبَ	مِنْ قَبْلُ	فَطَالَ	عَلَيْهِمُ	الْاَمَدُ	فَقَسَتْ	قُلُوْبُهُمْ	وَكَثِيْرٌ	مِّنْهُمْ
جنہیں کتاب دی گئی	اس سے قبل	تو دراز ہو گئی	ان پر	مدت	پھر سخت ہو گئے	ان کے دل	اور اکثر	ان میں سے

جنہیں اس سے قبل کتاب دی گئی، تو ان پر مدت دراز ہو گئی۔ پھر ان کے دل سخت ہو گئے، اور ان میں سے اکثر

فٰسِقُوْنَ ﴿۱۶﴾ اِعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْاٰيٰتِ

فٰسِقُوْنَ	اِعْلَمُوْٓا	اَنَّ اللّٰهَ	يُحْيِ	الْاَرْضَ	بَعْدَ مَوْتِهَا	قَدْ بَيَّنَّا	لَكُمُ	الْاٰيٰتِ
(جمع) فاسق (نافرمان)	جان لو	کہ اللہ	زندہ کرتا ہے	زمین	اس کے مرنے کے بعد	تحقیق ہم نے بیان کردی	تمہارے لئے	نشانیاں

نافرمان ہیں۔ (خوب) جان لو اللہ زمین کو اس کے مرنے کے بعد زندہ کرتا ہے۔ تحقیق ہم نے تمہارے لئے نشانیاں بیان کردی ہیں

لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۷﴾ اِنَّ الْمُصَّدِّقِيْنَ وَالْمُصَّدِّقٰتِ وَاَقْرَضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا

لَعَلَّكُمْ	تَعْقِلُوْنَ	اِنَّ	الْمُصَّدِّقِيْنَ	وَالْمُصَّدِّقٰتِ	وَاَقْرَضُوا اللّٰهَ	قَرْضًا	حَسَنًا
تاکہ تم	سمجھو	بیشک	خیرات کرنے والے مرد	اور خیرات کرنے والی عورتیں	اور جنہوں نے قرض دیا اللہ	قرض	حسنہ (اچھا)

تاکہ تم سمجھو۔ بیشک خیرات کرنے والے مرد، اور خیرات کرنے والی عورتیں، اور جنہوں نے اللہ کو قرض حسنہ (اچھا قرض) دیا،

يُّضٰعَفُ لَهُمْ وَلَهُمْ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ﴿۱۸﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖٓ

يُضٰعَفُ	لَهُمْ	وَلَهُمْ	اَجْرٌ	كَرِيْمٌ	وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	بِاللّٰهِ	وَرُسُلِهٖ
وہ دوچند کر دیا جائے گا	ان کے لئے	اور ان کے لئے	اجر	بڑا عمدہ	اور جو لوگ	ایمان لائے	اللہ پر	اور اس کے رسول (جمع)

وہ ان کے لئے دوچند کر دیا جائے گا، اور ان کے لئے بڑا عمدہ اجر ہے۔ اور جو لوگ اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے

اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الصِّدِّيْقُوْنَ ڰ وَالشُّهَدَاۗءُ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ لَهُمْ اَجْرُهُمْ وَ

اُولٰۗىِٕكَ	هُمُ	الصِّدِّيْقُوْنَ	وَالشُّهَدَاۗءُ	عِنْدَ رَبِّهِمْ	لَهُمْ	اَجْرُهُمْ	وَ
یہی لوگ	وہی	(جمع) صدیق	اور (جمع) شہید	اپنے رب کے نزدیک	ان کے لئے	ان کا اجر	اور

یہی لوگ ہیں اپنے رب کے نزدیک صدیق (سچے) اور شہید ان کے لئے ان کا اجر ہے اور

نُوْرُهُمْ ۭ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۱۹﴾ ع اِعْلَمُوْٓا

نُوْرُهُمْ	وَالَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَكَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	اُولٰۗىِٕكَ	اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ	اِعْلَمُوْٓا
ان کا نور	اور جنہوں نے	کفر کیا	اور جھٹلایا	ہماری آیتوں کو	یہی لوگ	دوزخ والے	تم جان لو

ان کا نور ہے، اور جنہوں نے کفر کیا، اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا، یہی لوگ دوزخ والے ہیں۔ تم (خوب) جان لو

ع ۲ (۸)

اَنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَّزِيْنَةٌ وَّتَفَاخُرٌۢ بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ

اَنَّمَا	الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا	لَعِبٌ	وَّلَهْوٌ	وَّزِيْنَةٌ	وَّتَفَاخُرٌ	بَيْنَكُمْ	وَتَكَاثُرٌ
اس کے سوا نہیں	دنیا کی زندگی	کھیل	اور کود	اور زینت	اور فخر کرنا	باہم	اور کثرت کی خواہش

اس کے سوا نہیں کہ دنیا کی زندگی (محض) کھیل کود ہے، اور ایک زینت، اور باہم فخر (خودستائی) کرنا اور کثرت کی خواہش کرنا

فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ ۭ كَمَثَلِ غَيْثٍ اَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ

فِي الْاَمْوَالِ	وَالْاَوْلَادِ	كَمَثَلِ غَيْثٍ	اَعْجَبَ	الْكُفَّارَ	نَبَاتُهٗ	ثُمَّ يَهِيْجُ	فَتَرٰىهُ
مالوں میں	اور اولاد	بارش کی طرح	بھلی لگی	کاشتکار	اسکی پیداوار	پھر وہ زور پکڑتی ہے	سو تو اس کو دیکھتا ہے

مالوں میں اور اولاد میں، بارش کی طرح کہ کاشتکار کو اس کی پیداوار بھلی لگی، پھر وہ زور پکڑتی ہے پھر تو اس کو دیکھتا ہے

مُصْفَرًّا ثُمَّ يَكُوْنُ حُطٰمًا ۭ وَفِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۙ وَّمَغْفِرَةٌ مِّنَ

مُصْفَرًّا	ثُمَّ	يَكُوْنُ	حُطٰمًا	وَفِي الْاٰخِرَةِ	عَذَابٌ شَدِيْدٌ	وَّمَغْفِرَةٌ	مِّنَ
زرد	پھر	وہ ہوجاتی ہے	چورا چورا	اور آخرت میں	سخت عذاب	اور مغفرت	سے

زرد، پھر وہ چورا چورا ہو جاتی ہے، اور آخرت میں سخت عذاب بھی ہے، اور مغفرت بھی ہے

اللّٰهِ وَرِضْوَانٌ ۭ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ⑳ سَابِقُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ

اللّٰهِ	وَرِضْوَانٌ	وَمَا	الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ	اِلَّا	مَتَاعُ الْغُرُوْرِ	سَابِقُوْٓا	اِلٰى	مَغْفِرَةٍ
اللہ	اور رضامندی	اور نہیں	دنیا کی زندگی	مگر صرف	دھوکے کا سامان	تم دوڑو	طرف	مغفرت

اللہ کی (طرف) سے اور رضامندی، اور دنیا کی زندگی دھوکے کے سامان کے سوا کچھ نہیں۔ تم دوڑو مغفرت کی طرف

مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَاۗءِ وَالْاَرْضِ ۙ اُعِدَّتْ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

مِّنْ رَّبِّكُمْ	وَجَنَّةٍ	عَرْضُهَا	كَعَرْضِ السَّمَاۗءِ	وَالْاَرْضِ	اُعِدَّتْ	لِلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
اپنے رب کی طرف سے	اور جنت	اسکی چوڑائی (وسعت)	جیسی آسمان کی چوڑائی (وسعت)	اور زمین	وہ تیار کی گئی	ان لوگوں کے لئے جو	ایمان لائے

اپنے رب کی، اور اس جنت کی طرف، جس کی وسعت آسمانوں اور زمین کی وسعت جیسی (برابر) ہے اور ان لوگوں کے لئے تیار کی گئی ہے جو ایمان لائے

بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۭ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ㉑

بِاللّٰهِ	وَرُسُلِهٖ	ذٰلِكَ	فَضْلُ اللّٰهِ	يُؤْتِيْهِ	مَنْ يَّشَاۗءُ	وَاللّٰهُ	ذُو الْفَضْلِ	الْعَظِيْمِ
اللہ پر	اور اس کے رسولوں	یہ	اللہ کا فضل	وہ اسکو دیتا ہے	جسے وہ چاہے	اور اللہ	فضل والا	بڑے

اللہ اور اس کے رسولوں پر، یہ اللہ کا فضل ہے، وہ اس کو دیتا ہے جسے وہ چاہتا ہے، اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔

مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ فِى الْاَرْضِ وَلَا فِىْٓ اَنْفُسِكُمْ اِلَّا فِىْ كِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ

مَآ اَصَابَ	مِنْ مُّصِيْبَةٍ	فِى الْاَرْضِ	وَلَا	فِىْٓ اَنْفُسِكُمْ	اِلَّا	فِىْ كِتٰبٍ	مِّنْ قَبْلِ
نہیں پہنچتی	کوئی مصیبت	زمین میں	اور نہ	تمہاری جانوں میں	مگر	کتاب میں	اس سے قبل

کوئی مصیبت نہیں پہنچتی زمین میں اور نہ تمہاری جانوں میں مگر کتاب (لوحِ محفوظ) میں (درج) ہے، اس سے پہلے کہ

اَنْ نَّبْرَاَهَا ۭ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿٢٢﴾ لِّكَيْلَا تَاْسَوْا عَلٰى مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوْا

اَنْ نَّبْرَاَهَا	اِنَّ	ذٰلِكَ	عَلَى اللّٰهِ	يَسِيْرٌ	لِّكَيْلَا تَاْسَوْا	عَلٰى	مَا فَاتَكُمْ	وَلَا تَفْرَحُوْا
کہ ہم پیدا کریں اس کو	بیشک	یہ	اللہ پر	آسان	تاکہ تم غم نہ کھاؤ	پر	جو تم سے جاتی رہے	اور نہ تم خوش ہو

ہم اس کو پیدا کریں، بیشک یہ اللہ پر آسان ہے۔ تاکہ تم اس پر غم نہ کھاؤ، جو تم سے جاتی رہے، اور نہ خوش ہو

بِمَآ اٰتٰىكُمْ ۭ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرِۨ ﴿٢٣﴾ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ

بِمَآ اٰتٰىكُمْ	وَاللّٰهُ	لَا يُحِبُّ	كُلَّ	مُخْتَالٍ	فَخُوْرِ	الَّذِيْنَ	يَبْخَلُوْنَ	وَيَاْمُرُوْنَ
اس پر جو اس نے تمہیں دیا	اور اللہ	پسند نہیں کرتا	ہر (کسی)	اترانے والا	فخر کرنے والا	جو لوگ	بخل کرتے ہیں	اور حکم (ترغیب) دیتے ہیں

اس پر جو اس نے تمہیں دیا، اور اللہ کسی اترانے والے، فخر کرنے والے کو پسند نہیں کرتا۔ جو لوگ بخل کرتے ہیں اور ترغیب دیتے ہیں

النَّاسَ بِالْبُخْلِ ۭ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿٢٤﴾ لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا

النَّاسَ	بِالْبُخْلِ	وَمَنْ	يَّتَوَلَّ	فَاِنَّ اللّٰهَ	هُوَ الْغَنِيُّ	الْحَمِيْدُ	لَقَدْ اَرْسَلْنَا	رُسُلَنَا
لوگ	بخل کی	اور جو	منہ پھیرلے	تو بیشک اللہ	وہ بے نیاز	سزاوارِ حمد	تحقیق ہم نے بھیجا	اپنے رسولوں

لوگوں کو بخل کی، اور جو منہ پھیرلے تو بے شک اللہ بے نیاز، سزاوارِ حمد (ستودہ صفات) ہے۔ تحقیق ہم نے اپنے رسولوں کو بھیجا

بِالْبَيِّنٰتِ وَاَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتٰبَ وَالْمِيْزَانَ لِيَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ ۚ وَ

بِالْبَيِّنٰتِ	وَاَنْزَلْنَا	مَعَهُمُ	الْكِتٰبَ	وَالْمِيْزَانَ	لِيَقُوْمَ النَّاسُ	بِالْقِسْطِ	وَ
واضح دلائل کے ساتھ	اور ہم نے اتاری	ان کے ساتھ	کتاب	اور میزانِ (عدل)	تاکہ لوگ قائم رہیں	انصاف پر	اور

واضح دلائل کے ساتھ اور ہم نے ان کے ساتھ اتاری کتاب اور میزانِ عدل تاکہ لوگ انصاف پر قائم رہیں، اور

اَنْزَلْنَا الْحَدِيْدَ فِيْهِ بَاْسٌ شَدِيْدٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ وَ

اَنْزَلْنَا	الْحَدِيْدَ	فِيْهِ	بَاْسٌ شَدِيْدٌ	وَّمَنَافِعُ	لِلنَّاسِ	وَلِيَعْلَمَ	اللّٰهُ	مَنْ يَّنْصُرُهٗ	وَ
ہم نے اتارا	لوہا	اس میں	لڑائی (خطرہ) سخت	اور منافع	لوگوں کے لئے	اور تاکہ معلوم کرلے	اللہ	کون مدد کرتا ہے اس کی	اور

ہم نے لوہا اتارا، اس میں سخت خطرہ (بلا کی سختی) ہے اور لوگوں کے لئے کئی منافع ہیں اور تاکہ اللہ معلوم کرلے کون اس کی مدد کرتا ہے، اور

رُسُلَهٗ بِالْغَيْبِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿۲۵﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا وَّاِبْرٰهِيْمَ

رُسُلَهٗ	بِالْغَيْبِ	اِنَّ اللّٰهَ	قَوِيٌّ	عَزِيْزٌ	وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا	نُوْحًا	وَ	اِبْرٰهِيْمَ
اور اسکے رسول	بن دیکھے	بیشک اللہ	قوی	غالب	اور تحقیق ہم نے بھیجا	نوح	اور	ابراہیم

اور اس کے رسولوں کی، بن دیکھے، بیشک اللہ قوی، غالب ہے۔ اور تحقیق ہم نے نوحؑ اور ابراہیمؑ کو بھیجا

وَجَعَلْنَا فِيْ ذُرِّيَّتِهِمَا النُّبُوَّةَ وَالْكِتٰبَ فَمِنْهُمْ مُّهْتَدٍ ۚ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ

وَجَعَلْنَا	فِيْ ذُرِّيَّتِهِمَا	النُّبُوَّةَ	وَالْكِتٰبَ	فَمِنْهُمْ	مُّهْتَدٍ	وَكَثِيْرٌ	مِّنْهُمْ
اور ہم نے رکھی	ان کی اولاد میں	نبوت	اور کتاب	سو ان میں سے کچھ	ہدایت یافتہ	اور اکثر	ان میں سے

اور ہم نے ان کی اولاد میں نبوت اور کتاب رکھی - سو ان میں سے کچھ ہدایت یافتہ ہیں، اور ان میں سے اکثر

فٰسِقُوْنَ ﴿۲۶﴾ ثُمَّ قَفَّيْنَا عَلٰٓي اٰثَارِهِمْ بِرُسُلِنَا وَقَفَّيْنَا بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ

فٰسِقُوْنَ	ثُمَّ	قَفَّيْنَا	عَلٰٓي	اٰثَارِهِمْ	بِرُسُلِنَا	وَقَفَّيْنَا	بِعِيْسَى	ابْنِ مَرْيَمَ
نافرمان	پھر	ہم انکے پیچھے لائے	ان کے قدموں کے نشانات پر		اپنے رسول	اور ہم انکے پیچھے لائے	عیسیٰؑ	ابن مریم

نافرمان ہیں۔ پھر ہم ان کے قدموں کے نشانات پر ان کے پیچھے ہم اپنے رسول لائے، اور انکے پیچھے ہم عیسیٰؑ ابن مریمؑ کو لائے

وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ ڏ وَجَعَلْنَا فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ رَاْفَةً وَّرَحْمَةً ۭ

وَاٰتَيْنٰهُ	الْاِنْجِيْلَ	وَجَعَلْنَا	فِيْ	قُلُوْبِ	الَّذِيْنَ	اتَّبَعُوْهُ	رَاْفَةً	وَّرَحْمَةً
اور ہم نے اسے دی	انجیل	اور ہم نے ڈال دی	دلوں میں		وہ لوگ جنہوں نے	اسکی پیروی کی	نرمی	اور رحمت

اور ہم نے اسے انجیل دی، اور جن لوگوں نے اس کی پیروی کی ان کے دلوں میں نرمی اور محبت ڈال دی۔

وَرَهْبَانِيَّةَۨ ابْتَدَعُوْهَا مَا كَتَبْنٰهَا عَلَيْهِمْ اِلَّا ابْتِغَاۗءَ رِضْوَانِ اللّٰهِ فَمَا

وَرَهْبَانِيَّةَ	ابْتَدَعُوْهَا	مَا كَتَبْنٰهَا	عَلَيْهِمْ	اِلَّا	ابْتِغَاۗءَ	رِضْوَانِ اللّٰهِ	فَمَا
اور ترک دنیا	جو انہوں نے خود نکالی	ہم نے وہ واجب نہیں کی	ان پر	مگر	چاہنا	اللہ کی رضا	تو نہ

اور ترک دنیا (جوگی کی رسم) خود انہوں نے نکالی ہم نے ان پر واجب نہ کی تھی، مگر (انہوں نے) اللہ کی رضا چاہنے کے لئے (اختیار کی) تو

رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا ۚ فَاٰتَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْهُمْ اَجْرَهُمْ ۚ وَكَثِيْرٌ

رَعَوْهَا	حَقَّ رِعَايَتِهَا	فَاٰتَيْنَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مِنْهُمْ	اَجْرَهُمْ	وَكَثِيْرٌ
اس کو نباہا	اس کو نباہنے کا حق	تو ہم نے دیا	ان لوگوں کو جو ایمان لائے		ان میں سے	ان کا اجر	اور اکثر

اس کو نہ نباہا (جیسے) اس کے نباہنے کا حق تھا، تو ان میں سے جو لوگ ایمان لائے ہم نے انہیں ان کا اجر دیا، اور اکثر

مِّنۡهُمۡ فٰسِقُوۡنَ ﴿۲۷﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَاٰمِنُوۡا بِرَسُوۡلِهٖ

بِرَسُوۡلِهٖ	وَاٰمِنُوۡا	اتَّقُوا اللّٰهَ	الَّذِيۡنَ اٰمَنُوا	يٰۤاَيُّهَا	فٰسِقُوۡنَ	مِّنۡهُمۡ
اس کے رسولوں پر	اور ایمان لاؤ	ڈرو اللہ سے	جو لوگ ایمان لائے	اے	نافرمان	ان میں سے

ان میں سے نافرمان ہیں۔ اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور اس کے رسولوں پر ایمان لاؤ

يُؤۡتِكُمۡ كِفۡلَيۡنِ مِنۡ رَّحۡمَتِهٖ وَيَجۡعَلۡ لَّكُمۡ نُوۡرًا تَمۡشُوۡنَ بِهٖ وَيَغۡفِرۡ

وَيَغۡفِرۡ	بِهٖ	تَمۡشُوۡنَ	نُوۡرًا	لَّكُمۡ	وَيَجۡعَلۡ	رَّحۡمَتِهٖ	مِنۡ	كِفۡلَيۡنِ	يُؤۡتِكُمۡ
اور وہ بخش دے گا	اس کے ساتھ	تم چلو گے	ایسا نور	تمہارے لئے	اور کر دے گا	اپنی رحمت	سے	دو حصے	وہ تمہیں عطا کرے گا

وہ تمہیں اپنی رحمت سے (ثواب کے) دو حصے عطا کرے گا، اور تمہارے لئے ایسا نور کر دے گا کہ تم اس کے ساتھ چلو گے اور وہ بخش دے گا

لَكُمۡ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ﴿۲۸﴾ لِّئَلَّا يَعۡلَمَ اَهۡلُ الۡكِتٰبِ

اَهۡلُ الۡكِتٰبِ	لِّئَلَّا يَعۡلَمَ	رَّحِيۡمٌ	غَفُوۡرٌ	وَاللّٰهُ	لَكُمۡ
اہل کتاب	تاکہ نہ جانیں (جان لیں)	مہربان	بخشنے والا	اور اللہ	تمہیں

تمہیں، اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ تاکہ اہل کتاب جان لیں

اَلَّا يَقۡدِرُوۡنَ عَلٰى شَىۡءٍ مِّنۡ فَضۡلِ اللّٰهِ وَاَنَّ

وَاَنَّ	فَضۡلِ اللّٰهِ	مِّنۡ	عَلٰى شَىۡءٍ	اَلَّا يَقۡدِرُوۡنَ
اور یہ کہ	اللہ کا فضل	سے	کسی شے پر	کہ وہ قدرت نہیں رکھتے

کہ وہ اللہ کے فضل میں سے کسی شے پر قدرت نہیں رکھتے، اور یہ کہ

الۡفَضۡلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤۡتِيۡهِ مَنۡ يَّشَآءُ ؕ

مَنۡ يَّشَآءُ	يُؤۡتِيۡهِ	بِيَدِ اللّٰهِ	الۡفَضۡلَ
جس کو وہ چاہتا ہے	وہ دیتا ہے اسے	اللہ کے ہاتھ میں	فضل

فضل اللہ کے ہاتھ میں ہے، وہ اسے دیتا ہے، جس کو وہ چاہتا ہے

وَاللّٰهُ ذُو الۡفَضۡلِ الۡعَظِيۡمِ ﴿۲۹﴾ ع

الۡعَظِيۡمِ	ذُو الۡفَضۡلِ	وَاللّٰهُ
بڑا	فضل والا	اور اللہ

اور اللہ بڑے فضل والا ہے

۵۸ : سُوْرَةُ الْمُجَادَلَةِ مَدَنِيَّةٌ : ۱۰۵

آیاتھا ۲۲ — رکوعاتھا ۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِيْ تُجَادِلُكَ فِيْ زَوْجِهَا وَتَشْتَكِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۖ وَاللّٰهُ يَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا

قَدْ سَمِعَ	اللّٰهُ	قَوْلَ	الَّتِيْ	تُجَادِلُكَ	فِيْ زَوْجِهَا	وَتَشْتَكِيْٓ	اِلَى	اللّٰهِ	وَاللّٰهُ	يَسْمَعُ	تَحَاوُرَكُمَا
یقیناً سن لی	اللہ	بات	وہ عورت جو	آپ سے بحث کرتی تھی	اپنے خاوند کے بارہ میں	اور شکایت کرتی تھی	طرف کی	اللہ	اور اللہ	سنتا تھا	تم دونوں کی گفتگو

یقیناً اللہ نے اُس عورت (خولہ) کی بات سُن لی جو آپ سے اپنے خوہر کے بارے میں بحث کرتی تھی اور اللہ (اپنے غم کی) شکایت کرتی تھی، اور اللہ تم دونوں کی گفتگو سنتا تھا۔

اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ① اَلَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْكُمْ مِّنْ نِّسَآئِهِمْ مَّا هُنَّ اُمَّهٰتِهِمْ ۭ

اِنَّ اللّٰهَ	سَمِيْعٌ	بَصِيْرٌ	اَلَّذِيْنَ	يُظٰهِرُوْنَ	مِنْكُمْ	مِّنْ نِّسَآئِهِمْ	مَّا هُنَّ	اُمَّهٰتِهِمْ
بیشک اللہ	سُننے والا	دیکھنے والا	جو لوگ	ظہار کرتے ہیں	تم میں سے	اپنی بیویوں سے	وہ نہیں	ان کی مائیں

بیشک اللہ سننے والا، دیکھنے والا ہے۔ تم میں سے جو لوگ اپنی بیویوں سے ظہار کرتے ہیں (انہیں ماں کہہ دیتے ہیں) تو وہ ان کی مائیں نہیں (ہو جاتیں)

اِنْ اُمَّهٰتُهُمْ اِلَّا الّٰٓـِٔيْ وَلَدْنَهُمْ ۭ وَاِنَّهُمْ لَيَقُوْلُوْنَ مُنْكَرًا مِّنَ الْقَوْلِ وَزُوْرًا ۭ وَاِنَّ

اِنْ	اُمَّهٰتُهُمْ	اِلَّا	الّٰٓـِٔيْ	وَلَدْنَهُمْ	وَاِنَّهُمْ	لَيَقُوْلُوْنَ	مُنْكَرًا	مِّنَ	الْقَوْلِ	وَزُوْرًا	وَاِنَّ
نہیں	اُن کی مائیں	مگر صرف	وہ عورتیں	جنہوں نے جنا انہیں	اور بیشک وہ	البتہ کہتے ہیں	نامعقول	سے	بات	اور جھوٹ	اور بیشک

ان کی مائیں صرف وہی ہیں جنہوں نے انہیں جنا ہے، اور بے شک وہ ایک نامعقول بات اور جھوٹ کہتے ہیں، اور بے شک

اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ② وَالَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا قَالُوْا فَتَحْرِيْرُ

اللّٰهَ	لَعَفُوٌّ	غَفُوْرٌ	وَالَّذِيْنَ	يُظٰهِرُوْنَ	مِنْ نِّسَآئِهِمْ	ثُمَّ	يَعُوْدُوْنَ	لِمَا قَالُوْا	فَتَحْرِيْرُ
اللہ	البتہ معاف کرنیوالا	بخشنے والا	اور جو لوگ	ظہار کرتے ہیں	اپنی بیویوں سے	پھر	وہ رجوع کریں	اس سے جو انہوں نے کہا قول	تو آزاد کرنا لازم ہے

اللہ معاف کرنے والا، بخشنے والا ہے۔ اور جو لوگ اپنی بیویوں سے ظہار کرتے ہیں (انہیں مائیں کہہ دیتے ہیں) پھر وہ اپنے قول سے رجوع کرلیں تو ان پر لازم ہے آزاد کرنا

رَقَبَةٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّتَمَآسَّا ۭ ذٰلِكُمْ تُوْعَظُوْنَ بِهٖ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ③ فَمَنْ

رَقَبَةٍ	مِّنْ قَبْلِ	اَنْ	يَّتَمَآسَّا	ذٰلِكُمْ	تُوْعَظُوْنَ	بِهٖ	وَاللّٰهُ	بِمَا تَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرٌ	فَمَنْ
ایک غلام	اس سے قبل		کہ ایکدوسرے کو ہاتھ لگائیں	یہ	تمہیں نصیحت کی جاتی ہے	اس سے کی	اور اللہ	اس سے جو تم کرتے ہو	باخبر ہے	تو جو کوئی

ایک غلام کو اس سے قبل کہ وہ ایک دوسرے کو ہاتھ لگائیں (باہم اختلاط کریں) یہ ہے جسکی تمہیں نصیحت کی جاتی ہے، اور اللہ اس سے باخبر ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔ تو جو کوئی

لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّتَمَاۗسَّا ۚ فَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ

لَمْ يَجِدْ	فَصِيَامُ	شَهْرَيْنِ	مُتَتَابِعَيْنِ	مِنْ قَبْلِ	اَنْ يَّتَمَاۗسَّا	فَمَنْ	لَمْ يَسْتَطِعْ
نہ پائے	تو روزے	دو۲ مہینے	لگاتار	اس سے قبل	کہ وہ ایکدوسرے کو ہاتھ لگائیں	پھر جس	اسے مقدور نہ ہو

بہ (غلام) نہ پائے تو لگاتار دو۲ مہینے روزے (رکھے)، اس سے قبل کہ وہ ایکدوسرے کو ہاتھ لگائیں (اختلاط کریں) پھر جس کو (اس کا بھی) مقدور نہ ہو

فَاِطْعَامُ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا ۭ ذٰلِكَ لِتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۭ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ۭ وَ

فَاِطْعَامُ	سِتِّيْنَ	مِسْكِيْنًا	ذٰلِكَ	لِتُؤْمِنُوْا	بِاللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	وَتِلْكَ	حُدُوْدُ اللّٰهِ	وَ
تو کھانا کھلائے	ساٹھ۶۰	مساکین کو	یہ	اس لئے کہ تم ایمان رکھو	اللہ پر	اور اس کا رسول	اور یہ	اللہ کی حدیں	اور

تو ساٹھ۶۰ مسکینوں کو کھانا کھلائے، یہ اس لئے ہے کہ تم اللہ اور اس کے رسولؐ پر ایمان رکھو، اور یہ اللہ کی (مقرر کردہ) حدیں ہیں، اور

لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۴ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَاۗدُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ كُبِتُوْا كَمَا كُبِتَ

لِلْكٰفِرِيْنَ	عَذَابٌ اَلِيْمٌ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يُحَاۗدُّوْنَ	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	كُبِتُوْا	كَمَا كُبِتَ
نہ ماننے والوں کے لئے	دردناک عذاب	بیشک	جو لوگ	وہ مخالفت کرتے ہیں	اللہ	اور اس کا رسول	وہ ذلیل کئے جائیں گے	جیسے ذلیل کئے گئے

نہ ماننے والوں کے لئے دردناک عذاب ہے۔ بیشک جو لوگ اللہ اور اسکے رسولؐ کی مخالفت کرتے ہیں وہ ذلیل کئے جائیں گے، جیسے ذلیل کئے گئے

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَقَدْ اَنْزَلْنَآ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ ۭ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝۵ۚ يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ

الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	وَقَدْ اَنْزَلْنَآ	اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ	وَلِلْكٰفِرِيْنَ	عَذَابٌ	مُّهِيْنٌ	يَوْمَ	يَبْعَثُهُمُ
وہ لوگ جو	ان سے پہلے	اور یقیناً ہم نے نازل کیں	واضح آیتیں	اور کافروں کے لئے	عذاب	ذلّت کا	جس دن	وہ انہیں اٹھائے گا

وہ لوگ جو ان سے پہلے تھے، اور یقیناً ہم نے واضح آیتیں نازل کی ہیں، اور کافروں کے لئے ذلّت کا عذاب ہے۔ جس دن (دوبارہ) اٹھائے گا ع ۶

اللّٰهُ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ۭ اَحْصٰىهُ اللّٰهُ وَنَسُوْهُ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ

اللّٰهُ	جَمِيْعًا	فَيُنَبِّئُهُمْ	بِمَا عَمِلُوْا	اَحْصٰىهُ	اللّٰهُ	وَنَسُوْهُ	وَاللّٰهُ	عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ	شَهِيْدٌ
اللہ	سب	تو وہ انہیں آگاہ کریگا	وہ جو انہوں نے کیا	اسنے اسے گن رکھا تھا	اللہ	اور وہ اسے بھول گئے تھے	اور اللہ	ہر شے پر	نگران

اللہ ان سب کو، تو جو کچھ انہوں نے کیا وہ انہیں آگاہ کرے گا ' اسے اللہ نے گن (محفوظ) رکھا تھا اور وہ اسے بھول گئے تھے اور اللہ ہر شے پر نگران ہے۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَا يَكُوْنُ مِنْ نَّجْوٰى ثَلٰثَةٍ

اَلَمْ تَرَ	اَنَّ اللّٰهَ	يَعْلَمُ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ	مَا يَكُوْنُ	مِنْ	نَّجْوٰى	ثَلٰثَةٍ
کیا آپ نے نہیں دیکھا	کہ اللہ	وہ جانتا ہے	جو	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	نہیں ہوتی	کوئی	سرگوشی	تین لوگوں میں

کیا آپؐ نے نہیں دیکھا کہ اللہ جانتا ہے جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے۔ تین لوگوں میں کوئی سرگوشی نہیں ہوتی؛

إِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ وَلَا خَمْسَةٍ إِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ وَلَا أَدْنَىٰ مِن ذَٰلِكَ وَلَا أَكْثَرَ

إِلَّا	هُوَ	رَابِعُهُمْ	وَلَا	خَمْسَةٍ	إِلَّا هُوَ	سَادِسُهُمْ	وَلَا	أَدْنَىٰ	مِن ذَٰلِكَ	وَلَا أَكْثَرَ
مگر	وہ	ان میں چوتھا	اور نہ	پانچ کی	مگر وہ	ان میں چھٹا	اور نہ (خواہ)	کم	اس سے	اور نہ زیادہ

مگر وہ ان میں چوتھا ہوتا ہے اور نہ پانچ (کی سرگوشی) مگر وہ ان میں چھٹا ہوتا ہے، اور خواہ اس سے کم ہوں یا زیادہ

إِلَّا هُوَ مَعَهُمْ أَيْنَ مَا كَانُوا ۖ ثُمَّ يُنَبِّئُهُم بِمَا عَمِلُوا يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ إِنَّ اللَّهَ بِكُلِّ

إِلَّا هُوَ	مَعَهُمْ	أَيْنَ مَا	كَانُوا	ثُمَّ	يُنَبِّئُهُم	بِمَا	عَمِلُوا	يَوْمَ الْقِيَامَةِ	إِنَّ اللَّهَ	بِكُلِّ
مگر وہ	انکے ساتھ	جہاں کہیں	وہ ہوں	پھر	وہ انہیں بتلائے گا	جو کچھ انہوں نے کیا		قیامت کے دن	بیشک اللہ	ہر

مگر جہاں کہیں وہ ہوں وہ (اللہ) ان کے ساتھ ہوتا ہے، جو کچھ انہوں نے کیا پھر قیامت کے دن وہ انہیں بتلادے گا، بیشک اللہ ہر

شَيْءٍ عَلِيمٌ ۝٧ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ نُهُوا عَنِ النَّجْوَىٰ ثُمَّ يَعُودُونَ لِمَا نُهُوا

شَيْءٍ	عَلِيمٌ	أَلَمْ تَرَ	إِلَى	الَّذِينَ	نُهُوا	عَنِ	النَّجْوَىٰ	ثُمَّ	يَعُودُونَ	لِمَا نُهُوا
شے کو	جاننے والا	کیا تم نے نہیں دیکھا	طرف۔کو	وہ جنہیں	منع کیا گیا	سرگوشی سے		پھر	وہ دوبارہ کرتے ہیں جو منع کیا گیا انہیں	

شے کا جاننے والا ہے۔ کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جنہیں سرگوشی سے منع کیا گیا (مگر) وہ پھر وہی بات کرتے ہیں جس سے انہیں منع کیا گیا

عَنْهُ وَيَتَنَاجَوْنَ بِالْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُولِ وَإِذَا جَاءُوكَ حَيَّوْكَ

عَنْهُ	وَيَتَنَاجَوْنَ	بِالْإِثْمِ	وَالْعُدْوَانِ	وَمَعْصِيَتِ	الرَّسُولِ	وَإِذَا	جَاءُوكَ	حَيَّوْكَ
اس سے	وہ باہم سرگوشی کرتے ہیں	گناہ سے۔کی	اور سرکشی	اور نافرمانی	رسول	اور جب	وہ آتے ہیں آپکے پاس	آپکو سلام دعا دیتے ہیں

اور وہ گناہ اور سرکشی کی اور رسول ﷺ کی نافرمانی (کے بارے میں)، باہم سرگوشی کرتے ہیں، اور جب وہ آپ کے پاس آتے ہیں تو آپ کو سلام دعا دیتے ہیں

بِمَا لَمْ يُحَيِّكَ بِهِ اللَّهُ وَيَقُولُونَ فِي أَنفُسِهِمْ لَوْلَا يُعَذِّبُنَا اللَّهُ بِمَا نَقُولُ ۚ حَسْبُهُمْ

بِمَا	لَمْ يُحَيِّكَ	بِهِ	اللَّهُ	وَيَقُولُونَ	فِي أَنفُسِهِمْ	لَوْ	لَا يُعَذِّبُنَا	اللَّهُ	بِمَا نَقُولُ	حَسْبُهُمْ
جس سے	آپ کو دعا نہیں دی	اس سے (لفظ)	اللہ	وہ کہتے ہیں	اپنے دل (جمع) میں	کیوں ہمیں عذاب نہیں دیتا		اللہ	اس کی جو ہم کہتے ہیں	انکے لئے کافی ہے

اس لفظ سے جس سے اللہ نے آپ کو دعا نہیں دی، اور وہ اپنے دلوں میں کہتے ہیں اللہ ہمیں اس کی کیوں سزا نہیں دیتا جو ہم کہتے ہیں۔ ان کے لئے کافی ہے

جَهَنَّمُ يَصْلَوْنَهَا ۖ فَبِئْسَ الْمَصِيرُ ۝٨ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا تَنَاجَيْتُمْ

جَهَنَّمُ	يَصْلَوْنَهَا	فَبِئْسَ	الْمَصِيرُ	يَا أَيُّهَا	الَّذِينَ آمَنُوا	إِذَا	تَنَاجَيْتُمْ
جہنم	وہ ڈالے جائیں گے اس میں	سو بُرا	ٹھکانا	اے	ایمان والو	جب	تم باہم سرگوشی کرو

جہنم، وہ اس میں ڈالے جائیں گے، سو (یہ کیسا) بُرا ٹھکانا ہے! اے ایمان والو! جب تم باہم سرگوشی کرو

فَلَا تَتَنَاجَوْا بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ وَتَنَاجَوْا بِالْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ؕ وَ

فَلَا تَتَنَاجَوْا	بِالْاِثْمِ	وَالْعُدْوَانِ	وَمَعْصِيَتِ	الرَّسُوْلِ	وَتَنَاجَوْا	بِالْبِرِّ	وَالتَّقْوٰى	وَ
تو سرگوشی نہ کرو	گناہ کی	اور سرکشی	اور نافرمانی	رسولؐ	اور سرگوشی کرو	نیکی میں	اور پرہیزگاری	اور

تو گناہ اور سرکشی کی اور رسولؐ کی نافرمانی کے (بارے میں)، سرگوشی نہ کرو، اور (بلکہ) نیکی اور پرہیزگاری کی سرگوشی کرو، اور

اتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝۹ اِنَّمَا النَّجْوٰى مِنَ الشَّيْطٰنِ لِيَحْزُنَ الَّذِيْنَ

اتَّقُوا اللّٰهَ	الَّذِيْ	اِلَيْهِ	تُحْشَرُوْنَ	اِنَّمَا	النَّجْوٰى	مِنَ الشَّيْطٰنِ	لِيَحْزُنَ	الَّذِيْنَ
اللہ سے ڈرو	وہ جو	اسکی طرف۔ پاس	تم جمع کئے جاؤ گے	اسکے سوا نہیں	سرگوشی	شیطان سے	تاکہ وہ غمگین کرے	ان لوگوں کو جو

اللہ سے ڈرو جس کے پاس تم جمع کئے جاؤ گے۔ اس کے سوا نہیں کہ سرگوشی شیطان (کی طرف) سے ہے، تاکہ وہ ان لوگوں کو غمگین کر دے

اٰمَنُوْا وَلَيْسَ بِضَآرِّهِمْ شَيْـًٔا اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝۱۰

اٰمَنُوْا	وَلَيْسَ	بِضَآرِّهِمْ	شَيْـًٔا	اِلَّا	بِاِذْنِ اللّٰهِ	وَ	عَلَى اللّٰهِ	فَلْيَتَوَكَّلِ	الْمُؤْمِنُوْنَ
ایمان لائے	اور نہیں	وہ ان کا بگاڑ سکتا	کچھ	بغیر	اللہ کے حکم کے	اور	اللہ پر	تو بھروسہ کرنا چاہیے	مومن (جمع)

جو ایمان لائے، اور وہ اللہ کے حکم کے بغیر ان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا، اور مومنوں کو اللہ پر (ہی) بھروسہ کرنا چاہیے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوْا فِى الْمَجٰلِسِ فَافْسَحُوْا يَفْسَحِ اللّٰهُ لَكُمْ ۚ وَ

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اِذَا قِيْلَ	لَكُمْ	تَفَسَّحُوْا	فِى الْمَجٰلِسِ	فَافْسَحُوْا	يَفْسَحِ اللّٰهُ	لَكُمْ	وَ
اے	مومنو!	جب کہا جائے	تمہیں	تم کھل کر بیٹھو	مجلسوں میں	تو تم کھل کر بیٹھ جایا کرو	کشادگی بخشے گا اللہ	تمہیں	اور

اے مومنو! جب تمہیں کہا جائے کہ تم مجلسوں میں کھل کر بیٹھو، تو تم کھل کر بیٹھ جایا کرو، اللہ تمہیں کشادگی بخشے گا، اور

اِذَا قِيْلَ انْشُزُوْا فَانْشُزُوْا يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ۙ وَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ

اِذَا قِيْلَ	انْشُزُوْا	فَانْشُزُوْا	يَرْفَعِ اللّٰهُ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	مِنْكُمْ	وَالَّذِيْنَ	اُوْتُوا الْعِلْمَ
جب کہا جائے	تم اٹھ کھڑے ہو	تو اٹھ جایا کرو	بلند کردے گا اللہ	جو لوگ ایمان لائے	تم میں سے	اور جن لوگوں کو	علم عطا کیا گیا

جب کہا جائے کہ تم اٹھ کھڑے ہو، تو اٹھ جایا کرو، تم میں سے جو لوگ ایمان لائے اللہ (انکے درجے) بلند کردیگا، اور جن لوگوں کو علم عطا کیا گیا

دَرَجٰتٍ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝۱۱ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نَاجَيْتُمُ الرَّسُوْلَ

دَرَجٰتٍ	وَاللّٰهُ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرٌ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اِذَا	نَاجَيْتُمُ	الرَّسُوْلَ
درجے	اور اللہ	اسے جو کچھ	تم کرتے ہو	باخبر	اے	مومنو	جب	تم کان میں بات کرو	رسول

(ان کے درجے) ہیں اور تم جو کچھ کرتے ہو اللہ اس سے باخبر ہے۔ اے مومنو! جب تم رسولؐ سے کان میں بات کرو (سرگوشی کرو)

فَقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقَةً ۭ ذٰلِكَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَاَطْهَرُ ۭ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ

فَقَدِّمُوْا	بَيْنَ يَدَيْ	نَجْوٰىكُمْ	صَدَقَةً	ذٰلِكَ	خَيْرٌ لَّكُمْ	وَاَطْهَرُ	فَاِنْ	لَّمْ تَجِدُوْا	فَاِنَّ اللّٰهَ
تو تم دے دو	پہلے	اپنی سرگوشی	کچھ صدقہ	یہ	بہتر تمہارے لئے	اور زیادہ پاکیزہ	پھر اگر	تم نہ پاؤ	تو بیشک اللہ

تو تم اپنی سرگوشی سے پہلے کچھ صدقہ دو، یہ تمہارے لئے بہتر اور زیادہ پاکیزہ ہے، پھر اگر تم (مقدور) نہ پاؤ تو بے شک اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲﴾ ءَاَشْفَقْتُمْ اَنْ تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقٰتٍ ۭ فَاِذْ لَمْ تَفْعَلُوْا

غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	ءَاَشْفَقْتُمْ	اَنْ	تُقَدِّمُوْا	بَيْنَ يَدَيْ	نَجْوٰىكُمْ	صَدَقٰتٍ	فَاِذْ	لَمْ تَفْعَلُوْا
بخشنے والا	رحم کرنے والا	کیا تم ڈر گئے	کہ تم دے دو		پہلے	اپنی سرگوشی	صدقات	سو جب	تم نہ کر سکے

بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔ کیا تم اس سے ڈر گئے کہ اپنی سرگوشی سے پہلے صدقہ دو، سو جب تم نہ کر سکے،

وَتَابَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ وَاللّٰهُ

وَتَابَ	اللّٰهُ	عَلَيْكُمْ	فَاَقِيْمُوْا	الصَّلٰوةَ	وَ	اٰتُوا الزَّكٰوةَ	وَاَطِيْعُوا	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	وَاللّٰهُ
اور درگزر فرمایا	اللہ	تم پر	تو قائم کرو تم	نماز	اور	ادا کرو زکوٰۃ	اور تم کہا مانو	اللہ	اور اس کا رسول	اور اللہ

اور اللہ نے تم پر درگزر فرمایا تو تم نماز قائم کرو، اور زکوٰۃ ادا کرو، اور اللہ اور اس کے رسول کا کہا مانو، اور اللہ

خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۭ مَا هُمْ مِّنْكُمْ

خَبِيْرٌ	بِمَا تَعْمَلُوْنَ	اَلَمْ تَرَ	اِلَى	الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا	قَوْمًا	غَضِبَ اللّٰهُ	عَلَيْهِمْ	مَا هُمْ	مِّنْكُمْ
باخبر	اس سے جو تم کرتے ہو	کیا تم نے نہیں دیکھا	طرف۔کو	جو لوگ دوستی کرتے ہیں	ان لوگوں سے	اللہ نے غضب کیا	ان پر	نہ وہ	تم میں سے

اس سے باخبر ہے جو تم کرتے ہو۔ کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو ان لوگوں سے دوستی کرتے ہیں جن پر اللہ نے غضب کیا، وہ نہ تم میں سے ہیں

وَلَا مِنْهُمْ ۙ وَيَحْلِفُوْنَ عَلَى الْكَذِبِ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۴﴾ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۭ

وَلَا	مِنْهُمْ	وَيَحْلِفُوْنَ	عَلَى الْكَذِبِ	وَهُمْ	يَعْلَمُوْنَ	اَعَدَّ اللّٰهُ	لَهُمْ	عَذَابًا	شَدِيْدًا
اور نہ	ان میں سے	اور وہ قسم کھاتے ہیں	جھوٹ پر	حالانکہ وہ	جانتے ہیں	تیار کیا اللہ نے	انکے لئے	عذاب	سخت

اور نہ ان میں سے ہیں، اور وہ جھوٹ پر قسم کھاتے ہیں، حالانکہ وہ جانتے ہیں۔ اللہ نے ان کے لئے سخت عذاب تیار کیا ہے،

اِنَّهُمْ سَاۗءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۵﴾ اِتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

اِنَّهُمْ	سَاۗءَ	مَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	اِتَّخَذُوْا	اَيْمَانَهُمْ	جُنَّةً	فَصَدُّوْا	عَنْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ
بیشک وہ	برا	جو کچھ	وہ کرتے تھے	انہوں نے بنا لیا	اپنی قسمیں	ڈھال	پس انہوں نے روک دیا	سے	اللہ کا راستہ

بے شک وہ برے کام کرتے تھے۔ انہوں نے اپنی قسموں کو ڈھال بنا لیا، پس انہوں نے (لوگوں کو) اللہ کے راستہ سے روکا

فَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿١٦﴾ لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْئًا ط

فَلَهُمْ	عَذَابٌ	مُّهِيْنٌ	لَنْ تُغْنِيَ	عَنْهُمْ	اَمْوَالُهُمْ	وَلَآ	اَوْلَادُهُمْ	مِّنَ اللّٰهِ	شَيْئًا
تو ان کے لئے	عذاب	ذلت کا	ہرگز نہ بچا سکیں گے	ان سے۔کو	ان کے مال	اور نہ	ان کی اولاد	اللہ سے	کچھ۔ذرا

تو ان کے لئے ذلت کا عذاب ہے۔ انہیں ان کے مال اور نہ ان کی اولاد اللہ سے ہرگز ذرا بھی نہ بچا سکیں گے۔

اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ط هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿١٧﴾ يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا فَيَحْلِفُوْنَ لَهٗ

اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ النَّارِ	هُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ	يَوْمَ	يَبْعَثُهُمُ	اللّٰهُ	جَمِيْعًا	فَيَحْلِفُوْنَ	لَهٗ
یہی لوگ	دوزخ والے۔جہنمی	وہ	اس میں	ہمیشہ رہیں گے	جس دن	انہیں اٹھائے گا	اللہ	سب	تو وہ قسمیں کھائیں گے	اس کے لئے

یہی لوگ جہنمی ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ جس دن اللہ ان سب کو (دوبارہ) اٹھائے گا تو اس کے لئے (اس کے حضور) قسمیں کھائیں گے

كَمَا يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ عَلٰى شَيْءٍ ط اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿١٨﴾ اِسْتَحْوَذَ

كَمَا	يَحْلِفُوْنَ	لَكُمْ	وَيَحْسَبُوْنَ	اَنَّهُمْ	عَلٰى شَيْءٍ	اَلَآ	اِنَّهُمْ	هُمُ	الْكٰذِبُوْنَ	اِسْتَحْوَذَ
جیسے	وہ قسمیں کھاتے ہیں	تمہارے لئے۔سامنے	اور وہ گمان کرتے ہیں	کہ وہ	کسی شے پر	یاد رکھو	بیشک وہ	وہی	جھوٹے	غالب آگیا

جیسے وہ تمہارے سامنے قسمیں کھاتے ہیں، اور وہ گمان کرتے ہیں کہ وہ کسی شے پر (بھلی راہ پر) ہیں یاد رکھو! بیشک وہی جھوٹے ہیں۔ غالب آگیا ہے

عَلَيْهِمُ الشَّيْطٰنُ فَاَنْسٰهُمْ ذِكْرَ اللّٰهِ ط اُولٰٓئِكَ حِزْبُ الشَّيْطٰنِ ط اَلَآ اِنَّ حِزْبَ الشَّيْطٰنِ

عَلَيْهِمُ	الشَّيْطٰنُ	فَاَنْسٰهُمْ	ذِكْرَ اللّٰهِ	اُولٰٓئِكَ	حِزْبُ الشَّيْطٰنِ	اَلَآ	اِنَّ	حِزْبَ الشَّيْطٰنِ
ان پر	شیطان	تو اس نے انہیں بھلادی	اللہ کی یاد	یہی لوگ	شیطان کا گروہ	یاد رکھو	بیشک	شیطان کا گروہ

ان پر شیطان، تو اس نے انہیں اللہ کی یاد بھلادی، یہی لوگ شیطان کا گروہ ہیں، خوب یاد رکھو، بے شک شیطان کے گروہ

هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿١٩﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَآدُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗٓ اُولٰٓئِكَ فِي الْاَذَلِّيْنَ ﴿٢٠﴾

هُمُ	الْخٰسِرُوْنَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يُحَآدُّوْنَ اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗٓ	اُولٰٓئِكَ	فِي	الْاَذَلِّيْنَ
وہی	گھاٹا پانے والے	بیشک	جو لوگ	مخالفت کرتے ہیں اللہ کی	اور اسکے رسول کی	یہی لوگ	میں	ذلیل ترین لوگ

ہی گھاٹا پانے والے ہیں۔ بیشک جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کرتے ہیں، یہی لوگ ذلیل ترین لوگوں میں سے ہیں۔

كَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِيْ ط اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿٢١﴾ لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ

كَتَبَ اللّٰهُ	لَاَغْلِبَنَّ	اَنَا	وَرُسُلِيْ	اِنَّ اللّٰهَ	قَوِيٌّ	عَزِيْزٌ	لَا تَجِدُ	قَوْمًا	يُّؤْمِنُوْنَ
لکھ دیا (فیصلہ کردیا) اللہ	میں ضرور غالب آؤں گا	میں	اور میرے رسول	بیشک اللہ	قوی	غالب	تم نہ پاؤ گے	قوم (لوگ)	وہ ایمان رکھتے ہیں

اللہ نے فیصلہ کر دیا ہے کہ میں اور میرے رسول ضرور غالب آئیں گے، بیشک اللہ قوی (توانا)، غالب ہے۔ تم نہ پاؤ گے ان لوگوں کو جو ایمان رکھتے ہیں

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ اَوْ

بِاللّٰهِ	وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ	يُوَآدُّوْنَ	مَنْ	حَآدَّ اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	وَلَوْ	كَانُوْٓا	اٰبَآءَهُمْ	اَوْ
اللہ پر	اور آخرت کا دن	اور دوستی رکھتے ہوں	جو جس	مخالفت کی اللہ کی	اور اس کے رسول کی	خواہ	وہ ہوں	انکے باپ دادا	یا

اللہ پر اور آخرت کے دن پر کروہ اس سے دوستی رکھتے ہوں، جس نے اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کی، خواہ وہ ان کے باپ دادا ہوں یا

اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَاَيَّدَهُمْ

اَبْنَآءَهُمْ	اَوْ	اِخْوَانَهُمْ	اَوْ	عَشِيْرَتَهُمْ	اُولٰٓئِكَ	كَتَبَ	فِيْ قُلُوْبِهِمُ	الْاِيْمَانَ	وَاَيَّدَهُمْ
یا انکے بیٹے	یا	ان کے بھائی	یا	ان کا کنبہ	یہی لوگ	لکھ دیا (ثبت کردیا)	ان کے دلوں میں	ایمان	اور ان کی مدد کی

یا ان کے بیٹے ہوں، یا ان کے بھائی ہوں" یا ان کے کنبے والے ہوں، یہی لوگ ہیں جن کے دلوں میں اللہ نے ایمان ثبت کر دیا ہے اور ان کی مدد کی ہے

بِرُوْحٍ مِّنْهُ ؕ وَيُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ رَضِيَ

بِرُوْحٍ	مِّنْهُ	وَيُدْخِلُهُمْ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	رَضِيَ
روح (غیبی فیض) سے	اپنے سے	اور وہ داخل کریگا انہیں	باغات	بہتی ہیں	ان کے نیچے	نہریں	ہمیشہ رہیں گے	ان میں	راضی ہوا

اپنے غیبی فیض سے، اور وہ انہیں (ان) باغات میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں، وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے، راضی ہوا

اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ؕ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ اللّٰهِ ؕ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۲۲﴾

اللّٰهُ	عَنْهُمْ	وَرَضُوْا	عَنْهُ	اُولٰٓئِكَ	حِزْبُ اللّٰهِ	اَلَآ اِنَّ	حِزْبَ اللّٰهِ	هُمُ	الْمُفْلِحُوْنَ
اللہ	ان سے	اور وہ راضی	اس سے	یہی لوگ	اللہ کا گروہ	خوب یاد رکھو بیشک	اللہ کا گروہ	وہی	کامیاب ہونیوالے

اللہ ان سے اور وہ اس سے راضی، یہی لوگ ہیں اللہ کا گروہ، خوب یاد رکھو! اللہ کا گروہ ہی (دو جہان میں) کامیاب ہونے والے ہیں۔

آیاتہا ۲۴ | ۵۹ : سُوْرَةُ الْحَشْرِ مَدَنِيَّةٌ : ۱۰۱ | رکوعاتہا ۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱﴾ هُوَ الَّذِيْٓ اَخْرَجَ

سَبَّحَ	لِلّٰهِ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ	وَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	هُوَ الَّذِيْٓ	اَخْرَجَ
پاکیزگی بیان کرتا ہے	اللہ کی	جو	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	اور وہ	غالب	حکمت والا	وہی ہے جس نے	نکالا

اللہ کی پاکیزگی بیان کرتا ہے جو بھی آسمانوں میں اور جو بھی زمین میں ہے، اور وہ غالب، حکمت والا ہے۔ وہی ہے جس نے نکالا

الَّذِیْنَ کَفَرُوْا مِنْ اَھْلِ الْکِتٰبِ مِنْ دِیَارِھِمْ لِاَوَّلِ الْحَشْرِ ؕ مَا ظَنَنْتُمْ اَنْ یَّخْرُجُوْا

الَّذِیْنَ کَفَرُوْا	مِنْ	اَھْلِ الْکِتٰبِ	مِنْ	دِیَارِھِمْ	لِاَوَّلِ الْحَشْرِ	مَا ظَنَنْتُمْ	اَنْ یَّخْرُجُوْا
جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	سے ۔ کے	اہل کتاب	سے	ان کے گھروں	پہلے اجتماع (لشکر) پر	تمہیں گمان نہ تھا	کہ وہ نکلیں گے

اہل کتاب کے کافروں کو ان کے گھروں سے (ان کے) پہلے ہی اجتماع لشکر پر، تمہیں گمان (بھی) نہ تھا کہ وہ نکلیں گے

وَظَنُّوْٓا اَنَّھُمْ مَّانِعَتُھُمْ حُصُوْنُھُمْ مِّنَ اللّٰہِ فَاَتٰھُمُ اللّٰہُ مِنْ حَیْثُ لَمْ یَحْتَسِبُوْا ۤ

وَظَنُّوْٓا	اَنَّھُمْ	مَّانِعَتُھُمْ	حُصُوْنُھُمْ	مِّنَ اللّٰہِ	فَاَتٰھُمُ	اللّٰہُ	مِنْ حَیْثُ	لَمْ یَحْتَسِبُوْا
اور وہ خیال کرتے تھے	کہ وہ	انہیں بچالیں گے	ان کے قلعے	اللہ سے	تو ان پر آیا	اللہ	جہاں سے	انہیں گمان نہ تھا

اور وہ خیال کرتے تھے کہ ان کے قلعے انہیں اللہ سے بچالیں گے، تو ان پر اللہ کا غضب (ایسی جگہ سے آیا) جس کا انہیں گمان (بھی) نہ تھا

وَقَذَفَ فِیْ قُلُوْبِھِمُ الرُّعْبَ یُخْرِبُوْنَ بُیُوْتَھُمْ بِاَیْدِیْھِمْ وَاَیْدِی الْمُؤْمِنِیْنَ ۤ

وَقَذَفَ	فِیْ قُلُوْبِھِمُ	الرُّعْبَ	یُخْرِبُوْنَ	بُیُوْتَھُمْ	بِاَیْدِیْھِمْ	وَاَیْدِی	الْمُؤْمِنِیْنَ
اور اس نے ڈالا	ان کے دلوں میں	رُعب	وہ برباد کرنے لگے	اپنے گھر	اپنے ہاتھوں سے	اور ہاتھوں	مومنوں

اور اللہ نے ان کے دلوں میں رعب ڈالا، اور وہ اپنے ہاتھوں سے اور مومنوں کے ہاتھوں سے اپنے گھر برباد کرنے لگے،

فَاعْتَبِرُوْا یٰٓاُولِی الْاَبْصَارِ ۲ وَلَوْلَآ اَنْ کَتَبَ اللّٰہُ عَلَیْھِمُ الْجَلَآءَ لَعَذَّبَھُمْ فِی الدُّنْیَا ؕ

فَاعْتَبِرُوْا	یٰٓاُولِی الْاَبْصَارِ	وَلَوْ لَآ	اَنْ	کَتَبَ اللّٰہُ	عَلَیْھِمُ	الْجَلَآءَ	لَعَذَّبَھُمْ	فِی الدُّنْیَا
تو تم عبرت پکڑو	اے نگاہ والو	اور اگر نہ	یہ کہ	اللہ نے لکھ رکھا ہوتا	ان پر	جلاوطن ہونا	تو وہ انہیں عذاب دیتا	دنیا میں

تو اے (بصیرت کی) نگاہ والو عبرت پکڑو۔ اور اگر یہ نہ ہوتا کہ اللہ نے ان پر جلاوطن ہونا لکھ رکھا ہوتا، تو وہ انہیں دنیا میں عذاب دیتا

وَلَھُمْ فِی الْاٰخِرَۃِ عَذَابُ النَّارِ ۳ ذٰلِکَ بِاَنَّھُمْ شَآقُّوا اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ ۚ وَمَنْ یُّشَآقِّ اللّٰہَ

وَلَھُمْ	فِی الْاٰخِرَۃِ	عَذَابُ النَّارِ	ذٰلِکَ	بِاَنَّھُمْ	شَآقُّوا	اللّٰہَ	وَرَسُوْلَہٗ	وَمَنْ	یُّشَآقِّ اللّٰہَ
اور ان کے لئے	آخرت میں	جہنم کا عذاب	یہ	اس لئے کہ وہ	انہوں نے مخالفت کی	اللہ	اور اس کا رسول	اور جو	مخالفت کرے اللہ کی

اور ان کے لئے آخرت میں جہنم کا عذاب ہے۔ یہ اس لئے ہے کہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کی اور جو اللہ کی مخالفت کرے

فَاِنَّ اللّٰہَ شَدِیْدُ الْعِقَابِ ۴ مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّیْنَۃٍ اَوْ تَرَکْتُمُوْھَا قَآئِمَۃً عَلٰٓی اُصُوْلِھَا

فَاِنَّ اللّٰہَ	شَدِیْدُ	الْعِقَابِ	مَا قَطَعْتُمْ	مِّنْ	لِّیْنَۃٍ	اَوْ	تَرَکْتُمُوْھَا	قَآئِمَۃً	عَلٰٓی اُصُوْلِھَا
تو بیشک اللہ	سخت	سزا دینے والا	جو تم نے کاٹ ڈالے	سے	درخت کے تنے	یا	تم نے اسکو چھوڑ دیا	کھڑا	اس کی جڑوں پر

تو بیشک اللہ (اس کو) سخت سزا دینے والا ہے۔ جو تم نے درختوں کے تنے کاٹ ڈالے، یا انہیں ان کی جڑوں پر کھڑا چھوڑ دیا،

فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيُخْزِيَ الْفٰسِقِيْنَ ۝۵ وَمَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ فَمَآ

فَبِاِذْنِ اللّٰهِ	وَلِيُخْزِيَ	الْفٰسِقِيْنَ	وَمَا	اَفَآءَ اللّٰهُ	عَلٰى رَسُوْلِهٖ	مِنْهُمْ	فَمَا
تو اللہ کے حکم سے	اور تاکہ وہ رسوا کرے	نافرمانوں	اور جو	دلوایا اللہ نے	اپنے رسولوں کو	ان سے	تو نہ

تو (یہ) اللہ کے حکم سے تھا، اور تاکہ وہ نافرمانوں کو رسوا کردے۔ اور اللہ نے اپنے رسولؐ کو ان (بنونضیر) سے جو (مال) دلوایا تو نہ

اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهٗ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ

اَوْجَفْتُمْ	عَلَيْهِ	مِنْ خَيْلٍ	وَلَا	رِكَابٍ	وَلٰكِنَّ اللّٰهَ	يُسَلِّطُ	رُسُلَهٗ	عَلٰى	مَنْ يَّشَآءُ
تم نے دوڑائے تھے	ان پر	گھوڑے	اور نہ	اونٹ	اور لیکن (بلکہ) اللہ	مسلط فرماتا ہے	اپنے رسولوں	پر	جن کو وہ چاہتا ہے

تم نے ان پر گھوڑے دوڑائے تھے اور نہ اونٹ، بلکہ اللہ اپنے رسولوں کو جس پر چاہتا ہے مسلط فرما دیتا ہے،

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۶ مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى فَلِلّٰهِ

وَاللّٰهُ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	مَآ اَفَآءَ	اللّٰهُ	عَلٰى رَسُوْلِهٖ	مِنْ	اَهْلِ الْقُرٰى	فَلِلّٰهِ
اور اللہ	پر	ہر شے	قدرت رکھتا ہے	جو دلوا دے	اللہ	اپنے رسول کو	سے	بستیوں والے	تو اللہ کے لئے

اور اللہ ہر شے پر قدرت رکھتا ہے۔ اللہ نے بستیوں والوں سے جو (مال) اپنے رسول کو دلوائے تو وہ اللہ کے لئے ہے

وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ كَيْ لَا يَكُوْنَ

وَلِلرَّسُوْلِ	وَلِذِي الْقُرْبٰى	وَالْيَتٰمٰى	وَالْمَسٰكِيْنِ	وَابْنِ السَّبِيْلِ	كَيْ	لَا يَكُوْنَ
اور رسول کے لئے	اور قرابت داروں کے لئے	اور یتیموں	اور مسکینوں	اور مسافروں	تاکہ	نہ رہے

اور رسولؐ کے لئے اور (رسولؐ کے) قرابت داروں کے لئے، اور یتیموں، مسکینوں اور مسافروں کے لئے تاکہ (دولت) نہ رہے

دُوْلَةًۢ بَيْنَ الْاَغْنِيَآءِ مِنْكُمْ ۭ وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۤ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ

دُوْلَةً	بَيْنَ	الْاَغْنِيَآءِ	مِنْكُمْ	وَمَا	اٰتٰىكُمُ	الرَّسُوْلُ	فَخُذُوْهُ	وَمَا	نَهٰىكُمْ	عَنْهُ
ہاتھوں ہاتھ لینا (گردش)	درمیان	مال داروں	تم میں سے۔ تمہارے	اور جو	تمہیں عطا فرمائے	رسول	تو وہ لے لو	اور جس	تمہیں منع کرے	اس سے

تمہارے مال داروں کے ہاتھوں کے درمیان (ہی) گردش کرتی، اور تمہیں رسولؐ جو عطا فرمائیں وہ لے لو، اور تمہیں جس سے منع کریں اس سے

فَانْتَهُوْا ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝۷ لِلْفُقَرَآءِ الْمُهٰجِرِيْنَ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا

فَانْتَهُوْا	وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	اِنَّ اللّٰهَ	شَدِيْدُ الْعِقَابِ	لِلْفُقَرَآءِ	الْمُهٰجِرِيْنَ	الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا
تو تم باز رہو	اور تم ڈرو	اللہ	بیشک اللہ	سخت سزا دینے والا	محتاجوں کے لئے	مہاجر (جمع)	وہ جو نکالے گئے

تم باز رہو، اور تم اللہ سے ڈرو، بیشک اللہ سخت سزا دینے والا ہے۔ محتاج مہاجروں کے لئے (خاص طور پر) جو نکالے گئے

مِنْ دِيَارِهِمْ وَأَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُونَ فَضْلًا مِّنَ اللَّهِ وَرِضْوَانًا وَيَنْصُرُونَ اللَّهَ

مِنْ دِيَارِهِمْ	وَأَمْوَالِهِمْ	يَبْتَغُونَ	فَضْلًا	مِّنَ اللَّهِ	وَرِضْوَانًا	وَيَنْصُرُونَ	اللَّهَ
اپنے گھروں سے	اور اپنے مالوں	وہ چاہتے ہیں	فضل	اللہ کا۔ سے	اور رضا	اور وہ مدد کرتے ہیں	اللہ

اپنے گھروں سے اور اپنے مالوں سے (محروم کیے گئے) وہ اللہ کا فضل اور (اس کی) رضا چاہتے ہیں اور وہ مدد کرتے ہیں اللہ

وَرَسُولَهُ أُولَٰئِكَ هُمُ الصَّادِقُونَ ۞ ﴿٨﴾ وَالَّذِينَ تَبَوَّءُوا الدَّارَ وَالْإِيمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ

وَرَسُولَهُ	أُولَٰئِكَ	هُمُ	الصَّادِقُونَ	وَالَّذِينَ	تَبَوَّءُوا	الدَّارَ	وَالْإِيمَانَ	مِنْ قَبْلِهِمْ
اور اس کا رسول	اور یہی لوگ	وہ	سچے	اور جن لوگوں نے	انہوں نے قرار پکڑا	اس گھر	اور ایمان	ان سے پہلے

اور اس کے رسول کی، یہی لوگ سچے ہیں۔ اور جن لوگوں (انصار) نے اس گھر (دار الہجرت مدینہ) میں اور ایمان میں ان سے پہلے قرار پکڑا

يُحِبُّونَ مَنْ هَاجَرَ إِلَيْهِمْ وَلَا يَجِدُونَ فِي صُدُورِهِمْ حَاجَةً مِّمَّا أُوتُوا وَيُؤْثِرُونَ

يُحِبُّونَ	مَنْ	هَاجَرَ	إِلَيْهِمْ	وَلَا يَجِدُونَ	فِي	صُدُورِهِمْ	حَاجَةً	مِّمَّا	أُوتُوا	وَيُؤْثِرُونَ
وہ محبت کرتے ہیں	جس	ہجرت کی	انکی طرف	اور وہ نہیں پاتے	میں	اپنے سینوں (دلوں)	کوئی حاجت	اس کی	دیا گیا انہیں	اور وہ اختیار کرتے ہیں

(اور وہ لوگ ان سے) محبت کرتے ہیں جنہوں نے انکی طرف ہجرت کی، اور جو انہیں (مہاجرین کو) دیا گیا اسکی اپنے دلوں میں کوئی حاجت نہیں پاتے۔ اور وہ اختیار کرتے ہیں

عَلَىٰ أَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ۚ وَمَنْ يُوقَ شُحَّ نَفْسِهِ فَأُولَٰئِكَ هُمُ

عَلَىٰ	أَنْفُسِهِمْ	وَلَوْ كَانَ	بِهِمْ	خَصَاصَةٌ	وَمَنْ	يُوقَ	شُحَّ	نَفْسِهِ	فَأُولَٰئِكَ	هُمُ
پر	اپنی جانوں	اور خواہ ہو	انہیں	تنگی	اور جو۔ جس	بچایا	بخل	اپنی ذات	تو یہی لوگ	وہ

(وہ انہیں ترجیح دیتے ہیں) اپنی جانوں پر خواہ (خود) انہیں تنگی (ضرورت) ہو، اور جس نے اپنی ذات کو بخل سے بچایا تو یہی لوگ

الْمُفْلِحُونَ ﴿٩﴾ وَالَّذِينَ جَاءُوا مِنْ بَعْدِهِمْ يَقُولُونَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَانِنَا

الْمُفْلِحُونَ	وَالَّذِينَ	جَاءُوا	مِنْ بَعْدِهِمْ	يَقُولُونَ	رَبَّنَا	اغْفِرْ لَنَا	وَلِإِخْوَانِنَا
فلاح پانے والے	اور جو لوگ	وہ آئے	ان کے بعد	وہ کہتے ہیں	اے ہمارے رب	ہمیں بخشدے	اور ہمارے بھائیوں کو

فلاح پانے والے ہیں۔ اور جو لوگ ان کے بعد آئے، وہ کہتے ہیں اے ہمارے رب! ہمیں اور ہمارے بھائیوں کو بخش دے

الَّذِينَ سَبَقُونَا بِالْإِيمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِي قُلُوبِنَا غِلًّا لِّلَّذِينَ آمَنُوا رَبَّنَا إِنَّكَ

الَّذِينَ	سَبَقُونَا	بِالْإِيمَانِ	وَلَا تَجْعَلْ	فِي قُلُوبِنَا	غِلًّا	لِّلَّذِينَ	آمَنُوا	رَبَّنَا	إِنَّكَ
وہ جنہوں نے	ہم سے سبقت کی	ایمان میں	اور نہ ہونے دے	ہمارے دلوں میں	کوئی کینہ	ان لوگوں کیلئے جو	وہ ایمان لائے	اے ہمارے رب	بیشک تو

وہ جنہوں نے ایمان میں ہم سے سبقت کی، اور جو ایمان لائے ہمارے دلوں میں ان لوگوں کے لئے کوئی کینہ نہ ہونے دے، اے ہمارے رب! بیشک تو

رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۰﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ نَافَقُوْا يَقُوْلُوْنَ لِاِخْوَانِهِمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

رَءُوْفٌ	رَّحِيْمٌ	اَلَمْ تَرَ	اِلَى	الَّذِيْنَ نَافَقُوْا	يَقُوْلُوْنَ	لِاِخْوَانِهِمُ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
شفقت کرنیوالا	رحم کرنیوالا	کیا آپؐ نے نہیں دیکھا	طرف۔کو	وہ لوگ جنہوں نے نفاق کیا۔منافق	وہ کہتے ہیں	اپنے بھائیوں کو	جن لوگوں نے کفر کیا۔کافر

شفقت کرنے والا، رحم کرنے والا۔ کیا آپؐ نے منافقوں کو نہیں دیکھا؟ وہ اپنے بھائیوں کو کہتے ہیں جو کافر ہوئے،

مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَئِنْ اُخْرِجْتُمْ لَنَخْرُجَنَّ مَعَكُمْ وَلَا نُطِيْعُ فِيْكُمْ اَحَدًا اَبَدًا ۙ

مِنْ	اَهْلِ الْكِتٰبِ	لَئِنْ	اُخْرِجْتُمْ	لَنَخْرُجَنَّ	مَعَكُمْ	وَلَا نُطِيْعُ	فِيْكُمْ	اَحَدًا	اَبَدًا
سے	اپنی کتاب	البتہ اگر	تم نکالے گئے	تو ہم ضرور نکل جائیں گے	تمہارے ساتھ	اور نہ مانیں گے	تمہارے بارے میں	کسی کا	کبھی

عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۞ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالنُّوْرِ الَّذِيْٓ اَنْزَلْنَا ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

عَلَى اللّٰهِ	يَسِيْرٌ	فَاٰمِنُوْا	بِاللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	وَالنُّوْرِ	الَّذِيْٓ	اَنْزَلْنَا	وَاللّٰهُ	بِمَا تَعْمَلُوْنَ
اللہ پر	آسان	پس تم ایمان لاؤ	اللہ پر	اور اس کے رسول	اور نور	وہ جو	ہم نے نازل کیا	اور اللہ	جو تم کرتے ہو اس سے

اللہ پر آسان ہے۔ پس تم اللہ اور اس کے رسولؐ پر ایمان لے آؤ اور اس نور (قرآن) پر جو ہم نے نازل کیا ہے اور تم جو کچھ کرتے ہو اللہ اس سے

خَبِيْرٌ ۞ يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ ذٰلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ ؕ وَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ وَ

خَبِيْرٌ	يَوْمَ	يَجْمَعُكُمْ	لِيَوْمِ الْجَمْعِ	ذٰلِكَ	يَوْمُ التَّغَابُنِ	وَمَنْ	يُّؤْمِنْ	بِاللّٰهِ	وَ
باخبر	جس دن	وہ جمع کرے گا تمہیں	جمع ہونے (اکٹھا ہونے) کے دن	یہ	نقصان اٹھانے (ہار جیت) کا دن	اور جو	وہ ایمان لائے	اللہ پر	اور

باخبر ہے۔ جس دن وہ تمہیں جمع کرے گا (یعنی) قیامت کے دن، یہ ہار جیت کا دن ہے، اور جو اللہ پر ایمان لائے اور

يَعْمَلْ صَالِحًا يُّكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

يَعْمَلْ	صَالِحًا	يُّكَفِّرْ	عَنْهُ	سَيِّاٰتِهٖ	وَيُدْخِلْهُ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ
وہ کام کرے	اچھے	وہ دور کردے گا	اس سے	اس کی برائیاں	اور وہ اسے داخل کرے گا	باغات	جاری ہیں	ان کے نیچے	نہریں

وہ اچھے کام کرے وہ (اللہ) اس سے اس کی برائیاں دور کردے گا اور اسے (ان) باغات میں داخل کرے گا، جن کے نیچے نہریں جاری ہیں

خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۞ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ

خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	اَبَدًا	ذٰلِكَ	الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ	وَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	وَكَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا
ہمیشہ رہیں گے	ان میں	ہمیشہ	یہ	بڑی کامیابی	اور	جن لوگوں نے کفر کیا	اور انہوں نے جھٹلایا	ہماری آیتوں کو

وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے، یہ بڑی کامیابی ہے۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا، اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا

أُولٰٓئِكَ أَصْحٰبُ النَّارِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿١٠﴾ مَآ أَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ

أُولٰٓئِكَ	أَصْحٰبُ النَّارِ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	وَبِئْسَ	الْمَصِيْرُ	مَآ أَصَابَ	مِنْ مُّصِيْبَةٍ
یہی لوگ	دوزخ والے	ہمیشہ رہیں گے	اس میں	اور بری	جائے بازگشت (ٹھکانا)	نہیں پہنچی	کوئی مصیبت

یہی لوگ دوزخ والے ہیں، اس میں ہمیشہ رہیں گے اور یہ بری جائے بازگشت (برا ٹھکانا) ہے۔ کوئی مصیبت نہیں پہنچتی

إِلَّا بِإِذْنِ اللّٰهِ ۗ وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ يَهْدِ قَلْبَهٗ ۗ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿١١﴾

إِلَّا	بِإِذْنِ اللّٰهِ	وَمَنْ	يُّؤْمِنْ	بِاللّٰهِ	يَهْدِ	قَلْبَهٗ	وَاللّٰهُ	بِكُلِّ شَيْءٍ	عَلِيْمٌ
مگر	حکم سے اللہ	اور جو	وہ ایمان لاتا ہے	اللہ پر	ہدایت دیتا ہے	اس کا دل	اور اللہ	ہر شے کو	جاننے والا

مگر اللہ کے حکم سے، اور جو شخص اللہ پر ایمان لاتا ہے وہ اس کے دل کو ہدایت دیتا ہے اور اللہ ہر شے کو جاننے والا ہے۔

وَأَطِيْعُوا اللّٰهَ وَأَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَإِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَإِنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿١٢﴾

وَأَطِيْعُوا اللّٰهَ	وَأَطِيْعُوا	الرَّسُوْلَ	فَإِنْ	تَوَلَّيْتُمْ	فَإِنَّمَا	عَلٰى رَسُوْلِنَا	الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ
اور تم اطاعت کرو اللہ کی	اور اطاعت کرو	رسول کی	پھر اگر	پھر گئے تم	تو اس کے سوا نہیں	ہمارے رسول پر ذمے	صاف صاف پہنچا دینا

اور تم اللہ کی اطاعت کرو اور رسولؐ کی اطاعت کرو، پھر اگر تم پھر گئے تو اس کے سوا نہیں کہ ہمارے رسولؐ کے ذمے صاف صاف پہنچا دینا ہے۔

اَللّٰهُ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ ۗ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿١٣﴾ يٰٓأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا إِنَّ

اَللّٰهُ	لَآ إِلٰهَ	إِلَّا هُوَ	وَعَلَى اللّٰهِ	فَلْيَتَوَكَّلِ	الْمُؤْمِنُوْنَ	يٰٓأَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	إِنَّ
اللہ	نہیں کوئی معبود	اس کے سوا	اور اللہ پر	پس بھروسہ کرنا چاہیئے	ایمان والے	اے	ایمان والو	بیشک

اللہ (وہ ہے) اس کے سوا کوئی معبود نہیں، پس مومنوں کو اللہ پر بھروسہ کرنا چاہیئے۔ اے ایمان والو! بے شک

مِنْ أَزْوَاجِكُمْ وَأَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ ۚ وَإِنْ تَعْفُوْا وَتَصْفَحُوْا وَ

مِنْ	أَزْوَاجِكُمْ	وَأَوْلَادِكُمْ	عَدُوًّا	لَّكُمْ	فَاحْذَرُوْهُمْ	وَإِنْ	تَعْفُوْا	وَتَصْفَحُوْا	وَ
سے (بعض)	تمہاری بیویاں	اور تمہاری اولاد	دشمن	تمہارے لئے	پس تم ان سے بچو	اور اگر	تم معاف کردو	اور تم درگزر کرو	اور

تمہاری بعض بیویاں اور تمہاری بعض اولاد تمہارے (دین کے) دشمن ہیں، پس تم ان سے بچو اور اگر تم معاف کر دو اور درگزر کرو اور

تَغْفِرُوْا فَإِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٤﴾ إِنَّمَآ أَمْوَالُكُمْ وَأَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۗ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗٓ

تَغْفِرُوْا	فَإِنَّ اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	إِنَّمَا	أَمْوَالُكُمْ	وَأَوْلَادُكُمْ	فِتْنَةٌ	وَاللّٰهُ	عِنْدَهٗ
تم بخش دو	تو بے شک اللہ	بخشنے والا	مہربان	اس کے سوا نہیں	تمہارے مال	اور تمہاری اولاد	آزمائش	اور اللہ	اس کے پاس

تم بخش دو، تو بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اس کے سوا نہیں کہ تمہارے مال، اور تمہاری اولاد آزمائش ہیں، اور اللہ کے پاس

أَجْرٌ عَظِيمٌ ﴿١٥﴾ فَاتَّقُوا اللَّهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوا وَأَطِيعُوا وَأَنفِقُوا خَيْرًا لِّأَنفُسِكُمْ

لِّأَنفُسِكُمْ	خَيْرًا	وَأَنفِقُوا	وَأَطِيعُوا	وَاسْمَعُوا	مَا اسْتَطَعْتُمْ	فَاتَّقُوا اللَّهَ	أَجْرٌ عَظِيمٌ
تمہارے حق میں	بہتر	اور تم خرچ کرو	اور تم اطاعت کرو	اور تم سنو	جہاں تک تم سے ہوسکے	پس تم ڈرو اللہ سے	بڑا اجر

بڑا اجر ہے۔ پس جہاں تک ہوسکے تم اللہ سے ڈرو، اور سنو، اور اطاعت کرو، اور خرچ کرو (دیں) تمہارے حق میں بہتر ہے،

وَمَن يُوقَ شُحَّ نَفْسِهِ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ﴿١٦﴾ إِن تُقْرِضُوا اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا

حَسَنًا	قَرْضًا	اللَّهَ	تُقْرِضُوا	إِن	الْمُفْلِحُونَ	هُمُ	فَأُولَٰئِكَ	نَفْسِهِ	شُحَّ	يُوقَ	وَمَن
حسنہ	قرض	اللہ	تم قرض دوگے	اگر	فلاح پانے والے	وہ	تو یہی لوگ	اپنی جان	بخیلی	بچا لیا گیا	اور جو

اور جو اپنی جان (طبیعت) کی بخیلی سے بچا لیا گیا تو یہی لوگ فلاح (دو جہان میں کامیابی) پانے والے ہیں۔ اگر تم اللہ کو قرض حسنہ دو گے

يُضَاعِفْهُ لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۚ وَاللَّهُ شَكُورٌ حَلِيمٌ ﴿١٧﴾ عَالِمُ الْغَيْبِ

عَالِمُ الْغَيْبِ	حَلِيمٌ	شَكُورٌ	وَاللَّهُ	وَيَغْفِرْ لَكُمْ	لَكُمْ	يُضَاعِفْهُ
جاننے والا پوشیدہ	بردبار	قدرشناس	اور اللہ	اور وہ تمہیں بخش دے گا	تمہارے لئے	وہ اسے دوچند کردیگا

تو وہ تمہارے لئے اسے دوچند کر دے گا، اور تمہیں بخش دے گا، اور اللہ قدرشناس، بردبار ہے (وہ) جاننے والا ہے پوشیدہ

وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿١٨﴾

الْحَكِيمُ	الْعَزِيزُ	وَالشَّهَادَةِ
حکمت والا	غالب	اور ظاہر

اور ظاہر کا، غالب، حکمت والا۔

فیہا رکوعان | ٦٥ = سُورَةُ الطَّلَاقِ مَدَنِيَّةٌ = ٩٩ | آیاتہا ١٢

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَطَلِّقُوهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَأَحْصُوا الْعِدَّةَ ۖ وَاتَّقُوا

وَاتَّقُوا	الْعِدَّةَ	وَأَحْصُوا	لِعِدَّتِهِنَّ	فَطَلِّقُوهُنَّ	النِّسَاءَ	طَلَّقْتُمُ	إِذَا	يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ
اور تم ڈرو	عدت	اور تم شمار رکھو	انکی عدت کے وقت	تو انہیں طلاق دو	عورتوں	تم طلاق دو	جب	اے نبی

اے نبی! (امت کو فرمادیں) جب تم عورتوں کو طلاق دو تو انہیں ان کی عدت کے وقت (حالت طہر میں) طلاق دو، اور تم عدت کا شمار رکھو، اور ڈرو

اللّٰهَ رَبَّكُمْ ۚ لَا تُخْرِجُوهُنَّ مِنْ بُيُوتِهِنَّ وَلَا يَخْرُجْنَ إِلَّا أَنْ يَأْتِينَ بِفَاحِشَةٍ مُبَيِّنَةٍ ۚ

اللّٰهَ	رَبَّكُمْ	لَا تُخْرِجُوهُنَّ	مِنْ	بُيُوتِهِنَّ	وَلَا يَخْرُجْنَ	إِلَّا	أَنْ يَأْتِينَ	بِفَاحِشَةٍ	مُبَيِّنَةٍ
اللہ	تمہارا رب	تم نہ نکالو انہیں	سے	ان کے گھروں	اور نہ وہ (خود) نکلیں	مگر	یہ کہ وہ کریں	بے حیائی	کھلی

اللہ سے جو تمہارا رب ہے، تم انہیں ان کے گھروں سے نہ نکالو اور نہ وہ خود نکلیں، مگر یہ کہ وہ کھلی بے حیائی (کا ارتکاب) کریں،

وَتِلْكَ حُدُودُ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ يَتَعَدَّ حُدُودَ اللّٰهِ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهُ ۚ لَا تَدْرِي

وَتِلْكَ	حُدُودُ اللّٰهِ	وَمَنْ	يَتَعَدَّ	حُدُودَ اللّٰهِ	فَقَدْ ظَلَمَ	نَفْسَهُ	لَا تَدْرِي
اور یہ	اللہ کی حدود	اور جو	آگے نکلے گا	اللہ کی حدود	تو تحقیق اس نے ظلم کیا	اپنی جان	تمہیں خبر نہیں

اور یہ اللہ کی حدود ہیں، اور جو اللہ کی حدود سے آگے نکلے گا (تجاوز کرے گا)، تو تحقیق اس نے اپنی جان پر ظلم کیا، تمہیں خبر نہیں

لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ أَمْرًا ① فَإِذَا بَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَأَمْسِكُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ

لَعَلَّ اللّٰهَ	يُحْدِثُ	بَعْدَ ذٰلِكَ	أَمْرًا	فَإِذَا	بَلَغْنَ	أَجَلَهُنَّ	فَأَمْسِكُوهُنَّ	بِمَعْرُوفٍ
شاید اللہ	وہ پیدا کردے	اس کے بعد	کوئی اور بات	پھر جب	وہ پہنچ جائیں	اپنی میعاد	تو ان کو روک لو	اچھے طریقے سے

شاید اللہ اس کے بعد (رجوع کی) کوئی اور بات (سبیل) پیدا کردے۔ پھر جب وہ اپنی میعاد کے (نزدیک) پہنچ جائیں تو انہیں اچھے طریقے سے روک لو

أَوْ فَارِقُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ وَأَشْهِدُوا ذَوَيْ عَدْلٍ مِنْكُمْ وَأَقِيمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ ۚ

أَوْ	فَارِقُوهُنَّ	بِمَعْرُوفٍ	وَأَشْهِدُوا	ذَوَيْ عَدْلٍ	مِنْكُمْ	وَأَقِيمُوا	الشَّهَادَةَ	لِلّٰهِ
یا	تم انہیں جدا کردو	اچھے طریقے سے	اور تم گواہ کرلو	دو انصاف پسند	اپنے میں سے	اور تم قائم کرو (دو)	گواہی	اللہ کے لئے

یا انہیں اچھے طریقے سے جدا (رخصت) کردو، اور اپنے میں سے دو انصاف پسند گواہ کر لو اور تم (صرف) اللہ کے لئے گواہی دو، ②

ذٰلِكُمْ يُوعَظُ بِهِ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ۚ وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَهُ مَخْرَجًا

ذٰلِكُمْ	يُوعَظُ بِهِ	مَنْ	كَانَ يُؤْمِنُ	بِاللّٰهِ	وَالْيَوْمِ الْآخِرِ	وَمَنْ	يَتَّقِ اللّٰهَ	يَجْعَلْ لَهُ	مَخْرَجًا
یہی ہے	جس کی نصیحت کی جاتی ہے	جو ایمان رکھتا ہے		اللہ پر	اور آخرت کا دن	اور جو	وہ اللہ سے ڈرتا ہے	وہ اس کے لئے نکال دیتا ہے	نجات کی راہ

یہی ہے جس کی (اس شخص کو) نصیحت کی جاتی ہے جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے، اور جو اللہ سے ڈرتا ہے تو وہ اس کے لئے نجات (مخلصی) کی راہ نکال دیتا ہے

وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۚ وَمَنْ يَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهُ ۚ إِنَّ اللّٰهَ

وَيَرْزُقْهُ	مِنْ حَيْثُ	لَا يَحْتَسِبُ	وَمَنْ	يَتَوَكَّلْ	عَلَى اللّٰهِ	فَهُوَ	حَسْبُهُ	إِنَّ اللّٰهَ
اور وہ اسے رزق دیتا ہے	جہاں سے	اسے گمان نہیں ہوتا	اور جو	وہ بھروسہ کرتا ہے	اللہ پر	تو وہ	اس کے لئے کافی ہے	بیشک اللہ

اور وہ اسے رزق دیتا ہے جہاں سے اسے گمان (بھی) نہیں ہوتا، اور جو اللہ پر بھروسہ کرتا ہے تو وہ اس کے لئے کافی ہے، بیشک اللہ

بَالِغُ اَمْرِهٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ۝۳ وَالّٰٓـِٔيْ يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيْضِ

بَالِغُ	اَمْرِهٖ	قَدْ جَعَلَ	اللّٰهُ	لِكُلِّ شَيْءٍ	قَدْرًا	وَالّٰٓـِٔيْ	يَئِسْنَ	مِنَ	الْمَحِيْضِ
پہنچنے (پورا کرنے) والا	اپنا کام	بیشک کر رکھا ہے	اللہ	ہر بات کے لئے	اندازہ	اور جو عورتیں	ناامید ہو گئی ہوں	سے	حیض

اپنے کام پورے کرنیوالا ہے، بیشک اللہ نے ہر بات کے لئے اندازہ مقرر کیا ہے۔ اور جو (پیرانہ سالی کی وجہ سے) حیض سے ناامید ہو گئی ہوں

مِنْ نِّسَآئِكُمْ اِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلٰثَةُ اَشْهُرٍ وَّالّٰٓـِٔيْ لَمْ يَحِضْنَ ؕ وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ

مِنْ	نِّسَآئِكُمْ	اِنِ ارْتَبْتُمْ	فَعِدَّتُهُنَّ	ثَلٰثَةُ	اَشْهُرٍ	وَّالّٰٓـِٔيْ	لَمْ يَحِضْنَ	وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ
سے	تمہاری بیبیاں	اگر تمہیں شبہ ہو	تو ان کی عدت	تین	مہینے	اور جو	انہیں حیض نہیں آیا	اور حمل والیاں

تمہاری (مطلقہ) بیبیوں میں سے اگر تمہیں شبہ ہو تو ان کی عدت تین مہینے ہے، اور (کم سنی کی وجہ سے) جنہیں حیض نہیں آیا۔ اور حمل والیوں

اَجَلُهُنَّ اَنْ يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ؕ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ اَمْرِهٖ يُسْرًا ۝۴ ذٰلِكَ

اَجَلُهُنَّ	اَنْ يَّضَعْنَ	حَمْلَهُنَّ	وَمَنْ	يَّتَّقِ اللّٰهَ	يَجْعَلْ	لَّهٗ	مِنْ اَمْرِهٖ	يُسْرًا	ذٰلِكَ
ان کی عدت	کہ وضع ہو جائیں	ان کے حمل	اور جو	وہ اللہ سے ڈرے گا	وہ کر دے گا	اسکے لئے	اس کے کام میں	آسانی	یہ

کی عدت ان کے وضع حمل (بچہ جننے) تک ہے اور جو اللہ سے ڈرے گا تو وہ اس کے لئے اس کے کام میں آسانی کر دے گا۔ یہ

اَمْرُ اللّٰهِ اَنْزَلَهٗٓ اِلَيْكُمْ ؕ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُعْظِمْ لَهٗٓ اَجْرًا ۝۵

اَمْرُ اللّٰهِ	اَنْزَلَهٗٓ	اِلَيْكُمْ	وَمَنْ	يَّتَّقِ اللّٰهَ	يُكَفِّرْ	عَنْهُ	سَيِّاٰتِهٖ	وَيُعْظِمْ	لَهٗٓ	اَجْرًا
اللہ کے حکم	اس نے یہ اتارا ہے	تمہاری طرف	اور جو	اللہ سے ڈرے گا	وہ دور کر دے گا	اس سے	اسکی برائیاں	اور بڑا دے گا	اس کو	اجر

اللہ کے حکم ہیں، اس نے تمہاری طرف اتارے ہیں اور جو اللہ سے ڈرے گا وہ اس کی برائیاں اس سے دور فرما دے گا اور اس کو بڑا اجر دے گا۔

اَسْكِنُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ سَكَنْتُمْ مِّنْ وُّجْدِكُمْ وَلَا تُضَآرُّوْهُنَّ لِتُضَيِّقُوْا

اَسْكِنُوْهُنَّ	مِنْ حَيْثُ	سَكَنْتُمْ	مِّنْ وُّجْدِكُمْ	وَلَا تُضَآرُّوْهُنَّ	لِتُضَيِّقُوْا
تم انہیں رکھو	جہاں	تم رہتے ہو	اپنی استطاعت کے مطابق	اور تم انہیں ضرر نہ پہنچاؤ	کہ تم تنگی کرو

تم جہاں رہتے ہو انہیں تم اپنی استطاعت کے مطابق (وہاں) رکھو، اور تم انہیں تنگ کرنے کے لئے ضرر (تکلیف) نہ پہنچاؤ

عَلَيْهِنَّ ؕ وَاِنْ كُنَّ اُولَاتِ حَمْلٍ فَاَنْفِقُوْا عَلَيْهِنَّ حَتّٰى يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ۚ فَاِنْ

عَلَيْهِنَّ	وَاِنْ	كُنَّ	اُولَاتِ حَمْلٍ	فَاَنْفِقُوْا	عَلَيْهِنَّ	حَتّٰى يَضَعْنَ	حَمْلَهُنَّ	فَاِنْ
انہیں	اور اگر	وہ ہوں	حمل والیاں (حمل سے)	تو خرچ کرو تم	ان پر	یہاں تک کہ وضع ہو جائیں	ان کے حمل	پھر اگر

اور اگر وہ حمل سے ہوں تو ان پر خرچ کرو یہاں تک کہ وضع حمل ہو جائے (بچہ پیدا ہو جائے) پھر اگر

أَرْضَعْنَ لَكُمْ فَاٰتُوْهُنَّ أُجُوْرَهُنَّ ۚ وَأْتَمِرُوْا بَيْنَكُمْ بِمَعْرُوْفٍ ۚ وَإِنْ تَعَاسَرْتُمْ

أَرْضَعْنَ	لَكُمْ	فَاٰتُوْهُنَّ	أُجُوْرَهُنَّ	وَأْتَمِرُوْا	بَيْنَكُمْ	بِمَعْرُوْفٍ	وَإِنْ	تَعَاسَرْتُمْ
وہ دودھ پلائیں	تمہارے لئے	تو تم انہیں دو	ان کی اجرت	اور تم باہم مشورہ کر لیا کرو	آپس	معقول طریقے سے	اور اگر	تم باہم کشمکش کرو گے

وہ تمہارے لئے (تمہاری خاطر) دودھ پلائیں تو انہیں ان کی اجرت دو، اور تم آپس میں معقول طریقے سے مشورہ کر لیا کرو۔ اور اگر تم باہم کشمکش کرو گے

فَسَتُرْضِعُ لَهٗٓ أُخْرٰى ۝٦ لِيُنْفِقْ ذُوْ سَعَةٍ مِّنْ سَعَتِهٖ ۖ وَمَنْ قُدِرَ عَلَيْهِ

فَسَتُرْضِعُ	لَهٗ	أُخْرٰى	لِيُنْفِقْ	ذُوْ سَعَةٍ	مِّنْ	سَعَتِهٖ	وَمَنْ	قُدِرَ	عَلَيْهِ
تو دودھ پلا دے گی	اس کو	کوئی دوسری	چاہیئے کہ خرچ کرے	وسعت والا	سے مطابق	اپنی وسعت	اور جو	تنگ کر دیا گیا	اس پر

تو اس کو کوئی دوسری (دایہ) دودھ پلا دے گی۔ چاہیئے کہ وسعت والا اپنی وسعت کے مطابق خرچ کرے اور جس پر تنگ کر دیا گیا ہو

رِزْقُهٗ فَلْيُنْفِقْ مِمَّآ اٰتٰىهُ اللّٰهُ ۚ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا إِلَّا مَآ اٰتٰىهَا ۚ سَيَجْعَلُ

رِزْقُهٗ	فَلْيُنْفِقْ	مِمَّا	اٰتٰىهُ اللّٰهُ	لَا يُكَلِّفُ	اللّٰهُ	نَفْسًا	إِلَّا	مَآ اٰتٰىهَا	سَيَجْعَلُ
اس کا رزق	تو اسے خرچ کرنا چاہیئے	اس میں سے جو	اسے اللہ نے دیا	وہ تکلیف نہیں دیتا	اللہ	کسی کو	مگر	جس قدر اس نے اسے دیا	وہ جلد کر دے گا

اس کا رزق (آمدنی)، تو اللہ نے جو اسے دیا ہے اس میں سے خرچ کرنا چاہیئے اللہ کسی کو تکلیف نہیں دیتا (مکلف نہیں ٹھہراتا)، مگر اسی قدر، جتنا اسے دیا ہے قضیۂ اس کی جلد کر دے گا

اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُّسْرًا ۝٧ وَكَأَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ عَتَتْ عَنْ أَمْرِ رَبِّهَا وَرُسُلِهٖ

اللّٰهُ	بَعْدَ عُسْرٍ	يُّسْرًا	وَكَأَيِّنْ	مِّنْ قَرْيَةٍ	عَتَتْ	عَنْ	أَمْرِ رَبِّهَا	وَرُسُلِهٖ
اللہ	تنگی کے بدلہ	آسانی	اور کئی	بستیاں	انہوں نے سرکشی کی	سے	اپنے رب کے حکم	اور اس کے رسولوں

اللہ تنگی کے بعد آسانی۔ اور کئی بستیاں ہیں جنہوں نے اپنے رب کے حکم سے اور اس کے رسولوں سے سرکشی کی

فَحَاسَبْنٰهَا حِسَابًا شَدِيْدًا ۙ وَّعَذَّبْنٰهَا عَذَابًا نُّكْرًا ۝٨ فَذَاقَتْ وَبَالَ أَمْرِهَا

فَحَاسَبْنٰهَا	حِسَابًا	شَدِيْدًا	وَّعَذَّبْنٰهَا	عَذَابًا	نُّكْرًا	فَذَاقَتْ	وَبَالَ	أَمْرِهَا
تو ہم نے ان کا حساب لیا	حساب	سختی سے	اور ہم نے انہیں سزا دی	سزا	بہت بڑی	پھر انہوں نے چکھا	وبال	اپنا کام

اور ہم نے سختی سے ان کا حساب لیا، اور ہم نے انہیں بہت بڑی سزا دی۔ پھر انہوں نے اپنے کام کا وبال چکھا

وَكَانَ عَاقِبَةُ أَمْرِهَا خُسْرًا ۝٩ أَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۖ فَاتَّقُوا اللّٰهَ

وَكَانَ	عَاقِبَةُ	أَمْرِهَا	خُسْرًا	أَعَدَّ اللّٰهُ	لَهُمْ	عَذَابًا	شَدِيْدًا	فَاتَّقُوا اللّٰهَ
اور ہوا	انجام	ان کا کام	خسارا	اللہ نے تیار کیا ہے	ان کے لئے	عذاب	سخت	پس تم ڈرو اللہ سے

اور ان کے کام کا انجام خسارا (گھاٹا) ہوا۔ اللہ نے ان کے لئے سخت عذاب تیار کیا ہے، پس تم اللہ سے ڈرو

يَاُولِي الْاَلْبَابِ ۖۚ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۛ قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكُمْ ذِكْرًا ۝١٠ رَّسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْكُمْ

يَاُولِي الْاَلْبَابِ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	قَدْ اَنْزَلَ	اللّٰهُ	اِلَيْكُمْ	ذِكْرًا	رَسُوْلًا	يَتْلُوْا	عَلَيْكُمْ
اے عقل والو	ایمان والو	تحقیق نازل کی	اللہ	تمہاری طرف	نصیحت (کتاب)	اور رسول	وہ پڑھتا ہے	تم پر

اے عقل والو - ایمان والو! تحقیق اللہ نے تمہاری طرف کتاب نازل کی ہے - وہ رسول (بھیجا ہے) جو تم پر پڑھتا ہے

اٰيٰتِ اللّٰهِ مُبَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۭ

اٰيٰتِ اللّٰهِ	مُبَيِّنٰتٍ	لِيُخْرِجَ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	مِنَ الظُّلُمٰتِ	اِلَى النُّوْرِ
اللہ کی آیتیں	روشن	تاکہ وہ نکالے	جو ایمان لائے	اور انہوں نے اچھے عمل کئے	تاریکیوں سے	نور کی طرف

اللہ کی روشن آیتیں، تاکہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے عمل کئے وہ انہیں نکالے تاریکیوں سے نور کی طرف۔

وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ

وَمَنْ	يُؤْمِنْ	بِاللّٰهِ	وَيَعْمَلْ	صَالِحًا	يُدْخِلْهُ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ
اور جو	ایمان لائے گا	اللہ پر	اور وہ عمل کریگا	اچھے	وہ اسے داخل کرے گا	باغات	بہتی ہیں	ان کے نیچے	نہریں	وہ ہمیشہ رہیں گے

اور جو اللہ پر ایمان لائے گا اور اچھے عمل کرے گا تو وہ اسے ان باغات میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں، وہ رہیں گے

فِيْهَآ اَبَدًا ۭ قَدْ اَحْسَنَ اللّٰهُ لَهٗ رِزْقًا ۝١١ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَّمِنَ الْاَرْضِ

فِيْهَا	اَبَدًا	قَدْ اَحْسَنَ	اللّٰهُ	لَهٗ	رِزْقًا	اَللّٰهُ الَّذِيْ	خَلَقَ	سَبْعَ سَمٰوٰتٍ	وَ	مِنَ الْاَرْضِ
ان میں	ہمیشہ ہمیشہ	بیشک بہت اچھی رکھی	اللہ	اس کے لئے	روزی	اللہ وہ جس نے	پیدا کئے	سات آسمان	اور	زمین سے (بھی)

ان میں ہمیشہ ہمیشہ، بیشک اللہ نے اس کے لئے بہت اچھی روزی رکھی ہے - اللہ وہ ہے جس نے سات آسمان پیدا کئے، اور زمین بھی

مِثْلَهُنَّ ۭ يَتَنَزَّلُ الْاَمْرُ بَيْنَهُنَّ لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ڏ وَّاَنَّ

مِثْلَهُنَّ	يَتَنَزَّلُ	الْاَمْرُ	بَيْنَهُنَّ	لِتَعْلَمُوْا	اَنَّ اللّٰهَ	عَلٰي	كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	وَاَنَّ
ان کی طرح	اترتا ہے	حکم	ان کے درمیان	تاکہ وہ جان لیں	کہ اللہ		ہر شے پر	قدرت رکھتا ہے	اور یہ کہ

ان کی طرح، ان کے درمیان حکم اترتا ہے تاکہ وہ جان لیں کہ اللہ ہر شے پر قدرت رکھتا ہے، اور یہ کہ

اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا ۝١٢ ع

اللّٰهَ	قَدْ اَحَاطَ	بِكُلِّ شَيْءٍ	عِلْمًا
اللہ	احاطہ کیا ہوا ہے	ہر شے	علم سے

اللہ نے ہر شے کا علم سے احاطہ کیا ہوا ہے۔

۲ ع ۵ ۱۸

۶۶ سُوْرَةُ التَّحْرِیْمِ مَدَنِیَّةٌ ۱۰۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

یٰٓاَیُّهَا النَّبِیُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ ۚ تَبْتَغِیْ مَرْضَاتَ اَزْوَاجِكَ ؕ وَاللّٰهُ

یٰٓاَیُّهَا النَّبِیُّ	لِمَ تُحَرِّمُ	مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ	لَكَ	تَبْتَغِیْ	مَرْضَاتَ	اَزْوَاجِكَ	وَاللّٰهُ
اے نبیؐ	تم کیوں حرام ٹھہراتے ہو؟	جو اللہ نے حلال کیا	تمہارے لئے	چاہتے ہوئے	خوشنودی	اپنی بیبیوں	اور اللہ

اے نبیؐ! جو اللہ نے تمہارے لئے حلال کیا ہے تم اسے کیوں حرام ٹھہراتے ہو؟ اپنی بیبیوں کی خوشنودی چاہتے ہوئے، اور اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝۱ قَدْ فَرَضَ اللّٰهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ اَیْمَانِكُمْ ۚ وَاللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ الْعَلِیْمُ

غَفُوْرٌ	رَّحِیْمٌ	قَدْ فَرَضَ	اللّٰهُ	لَكُمْ	تَحِلَّةَ	اَیْمَانِكُمْ	وَاللّٰهُ	مَوْلٰىكُمْ	وَهُوَ	الْعَلِیْمُ
بخشنے والا	مہربان	تحقیق مقرر کر دیا	اللہ	تمہارے لئے	کھولنا (کفارہ)	تمہاری قسمیں	اور اللہ	تمہارا کارساز	اور وہ	جاننے والا

بخشنے والا مہربان ہے۔ تحقیق اللہ نے تمہارے لئے تمہاری قسموں کا کفارہ مقرر کر دیا ہے، اور اللہ تمہارا کارساز ہے، اور وہ جاننے والا

الْحَكِیْمُ ۝۲ وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِیُّ اِلٰى بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ حَدِیْثًا ۚ فَلَمَّا نَبَّاَتْ بِهٖ وَاَظْهَرَهُ اللّٰهُ

الْحَكِیْمُ	وَاِذْ	اَسَرَّ النَّبِیُّ	اِلٰى	بَعْضِ	اَزْوَاجِهٖ	حَدِیْثًا	فَلَمَّا	نَبَّاَتْ	بِهٖ	وَاَظْهَرَهُ	اللّٰهُ
حکمت والا	اور جب	نبی نے راز کی بات کہی	تک سے	بعض (ایک)	اپنی بی بی	ایک بات	پھر جب	انہی خبر کر دی	اس بات کی	اور اسکو ظاہر کر دیا	اللہ

حکمت والا ہے۔ اور جب نبیؐ نے اپنی ایک بی بی سے ایک راز کی بات کہی، پھر جب اس (بی بیؓ) نے اس بات کی (کسی دوسری بی بی کو) خبر کر دی اور اللہ نے ظاہر کر دیا

عَلَیْهِ عَرَّفَ بَعْضَهٗ وَاَعْرَضَ عَنْۢ بَعْضٍ ۚ فَلَمَّا نَبَّاَهَا بِهٖ قَالَتْ مَنْ اَنْۢبَاَكَ

عَلَیْهِ	عَرَّفَ	بَعْضَهٗ	وَاَعْرَضَ	عَنْۢ بَعْضٍ	فَلَمَّا	نَبَّاَهَا	بِهٖ	قَالَتْ	مَنْ اَنْۢبَاَكَ
اس پر	اس (نبی) نے خبر دی	اس کی کچھ	اور اعراض کیا	بعض سے	پھر جب	اس (بعض) کو جتلائی	وہ بات	وہ بولی	کس نے آپ کو خبر دی

اس (نبیؐ) پر تو آپ نے اس کی کچھ کو خبر دی، اور بعض سے اعراض کیا، پھر اس بی بی کو وہ بات جتلائی تو وہ بولی آپ کو کس نے خبر دی ؟

هٰذَا ؕ قَالَ نَبَّاَنِیَ الْعَلِیْمُ الْخَبِیْرُ ۝۳ اِنْ تَتُوْبَآ اِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا ۚ

هٰذَا	قَالَ	نَبَّاَنِیَ	الْعَلِیْمُ	الْخَبِیْرُ	اِنْ تَتُوْبَآ	اِلَى اللّٰهِ	فَقَدْ صَغَتْ	قُلُوْبُكُمَا
اس	فرمایا	مجھے خبر دی	علم والا	خبر رکھنے والا	اگر تم دونوں توبہ کرو	اللہ کے سامنے	تو یقیناً کج ہو گئے	تمہارے دل

اس (بات کی)، آپؐ نے فرمایا مجھے علم والے خبر رکھنے والے نے خبر دی۔ (اے بیبیو!) اگر تم دونوں اللہ کے سامنے توبہ کرو (تو بہتر ہے کیونکہ) تمہارے دل یقیناً کج ہو گئے

وَاِنْ تَظٰهَرَا عَلَيْهِ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰىهُ وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ ج

وَاِنْ	تَظٰهَرَا	عَلَيْهِ	فَاِنَّ اللّٰهَ	هُوَ	مَوْلٰىهُ	وَجِبْرِيْلُ	وَصَالِحُ	الْمُؤْمِنِيْنَ
اور اگر	تم ایکدوسری کی مدد کرو گی	اس پر	تو بیشک اللہ	وہ	اس کا رفیق	اور جبریل	اور نیک	مومن (جمع)

اگر اس (نبیؐ) کی (ایذا رسانی) پر تم ایکدوسری کی مدد کرو گی تو بیشک اللہ اس کا رفیق ہے اور جبریلؑ اور نیک مومن

وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ ۝٤ عَسٰى رَبُّهٗٓ اِنْ طَلَّقَكُنَّ اَنْ يُّبْدِلَهٗٓ اَزْوَاجًا

وَالْمَلٰٓئِكَةُ	بَعْدَ ذٰلِكَ	ظَهِيْرٌ	عَسٰى	رَبُّهٗٓ	اِنْ طَلَّقَكُنَّ	اَنْ يُّبْدِلَهٗٓ	اَزْوَاجًا
اور فرشتے	اسکے بعد (ان کے علاوہ)	مددگار	قریب ہے	ان کا رب	اگر وہ تمہیں طلاق دیدے	کہ وہ انکے لئے بدل دے	بیبیاں

اور فرشتے (بھی) ان کے علاوہ مددگار ہیں۔ اگر وہ تمہیں طلاق دے دیں تو قریب ہے کہ اس کا رب اس کے لئے اور بیبیاں بدل دے

خَيْرًا مِّنْكُنَّ مُسْلِمٰتٍ مُّؤْمِنٰتٍ قٰنِتٰتٍ تٰٓئِبٰتٍ عٰبِدٰتٍ سٰٓئِحٰتٍ ثَيِّبٰتٍ وَّ

خَيْرًا	مِّنْكُنَّ	مُسْلِمٰتٍ	مُّؤْمِنٰتٍ	قٰنِتٰتٍ	تٰٓئِبٰتٍ	عٰبِدٰتٍ	سٰٓئِحٰتٍ	ثَيِّبٰتٍ	وَّ
بہتر	تم سے	اطاعت گزار	ایمان والیاں	فرمانبرداری کرنے والیاں	توبہ کرنے والیاں	عبادت گزار	روزہ دار	شوہر دیدہ	اور

تم سے بہتر اطاعت گزار، ایمان والیاں، فرمانبرداری کرنے والیاں، توبہ کرنے والیاں، عبادت گزار، روزہ دار، شوہر دیدہ، اور

اَبْكَارًا ۝٥ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا وَّقُوْدُهَا النَّاسُ وَ

اَبْكَارًا	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	قُوْٓا	اَنْفُسَكُمْ	وَاَهْلِيْكُمْ	نَارًا	وَّقُوْدُهَا	النَّاسُ	وَ
کنواریاں	اے	ایمان والو	تم بچاؤ	اپنے آپ کو	اور اپنے گھر والوں	آگ	اور اس کا ایندھن	آدمی	اور

کنواریاں۔ اے ایمان والو! تم اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو اس آگ سے بچاؤ، جس کا ایندھن آدمی اور

الْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلٰٓئِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَّا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا

الْحِجَارَةُ	عَلَيْهَا	مَلٰٓئِكَةٌ	غِلَاظٌ	شِدَادٌ	لَّا يَعْصُوْنَ	اللّٰهَ	مَآ	اَمَرَهُمْ	وَيَفْعَلُوْنَ	مَا
پتھر	اس پر	فرشتے	درشت خو	زور آور	وہ نافرمانی نہیں کرتے	اللہ	جو	وہ حکم دیتا ہے انہیں	اور وہ کرتے ہیں	جو

پتھر ہیں، اس پر درشت خو زور آور فرشتے (معین) ہیں، اللہ جو انہیں حکم دیتا ہے اس کی نافرمانی نہیں کرتے اور وہ کرتے ہیں جو ع ۝٦

يُؤْمَرُوْنَ ۝٦ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَعْتَذِرُوا الْيَوْمَ ط اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ

يُؤْمَرُوْنَ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	لَا تَعْتَذِرُوْا	الْيَوْمَ	اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ
انہیں حکم دیا جاتا ہے	اے	جن لوگوں نے کفر کیا (کافرو)	تم عذر نہ کرو	آج	اسکے سوا نہیں کہ تمہیں بدلہ دیا جائیگا جو	تم کرتے تھے

انہیں حکم دیا جاتا ہے۔ اے کافرو! آج تم عذر نہ کرو (بہانے نہ بناؤ) اس کے سوا نہیں کہ تمہیں اس کا بدلہ دیا جائے گا جو تم کرتے تھے۔

ع ۱ ۱۹

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا ؕ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّكَفِّرَ عَنْكُمْ

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	تُوْبُوْٓا	اِلَى اللّٰهِ	تَوْبَةً	نَّصُوْحًا	عَسٰى	رَبُّكُمْ	اَنْ يُّكَفِّرَ	عَنْكُمْ
اے	ایمان والو	تم توبہ کرو	اللہ کے آگے	توبہ	خالص	امید ہے	تمہارا رب	کہ وہ دور کردے گا	تم سے

اے ایمان والو! تم اللہ کے آگے توبہ کرو خالص (صاف دل سے)، توبہ امید ہے تمہارا رب تم سے دُور کر دے گا

سَيِّاٰتِكُمْ وَيُدْخِلَكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ يَوْمَ لَا يُخْزِي اللّٰهُ

سَيِّاٰتِكُمْ	وَيُدْخِلَكُمْ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	يَوْمَ	لَا يُخْزِي	اللّٰهُ
تمہاری برائیاں (گناہ)	اور وہ داخل کریگا تمہیں	باغات	جاری ہیں	ان کے نیچے	نہریں	اُس دن	وہ رسوانہ کرے گا	اللہ

تمہارے گناہ اور وہ تمہیں ان باغات میں داخل کرے گا، جن کے نیچے نہریں جاری ہیں، اس دن اللہ رُسوا نہ کرے گا

النَّبِيَّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۚ نُوْرُهُمْ يَسْعٰى بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ يَقُوْلُوْنَ

النَّبِيَّ	وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	مَعَهٗ	نُوْرُهُمْ	يَسْعٰى	بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ	وَبِاَيْمَانِهِمْ	يَقُوْلُوْنَ
نبی ﷺ	اور جو لوگ ایمان لائے	انکے ساتھ	ان کا نور	دوڑتا ہوگا	ان کے سامنے	اور ان کے داہنے	وہ کہتے (دعا کرتے) ہوں گے

نبی کو اور ان لوگوں کو جو اس کے ساتھ ایمان لائے ان کا نور ان کے سامنے اور اُن کے دائیں دوڑتا ہو گا، اور وہ دُعا کرتے ہوں گے،

رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ⑧ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ

رَبَّنَا	اَتْمِمْ لَنَا	نُوْرَنَا	وَاغْفِرْ لَنَا	اِنَّكَ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ	جَاهِدِ
اے ہمارے رب	پورا کردے ہمارے لئے	ہمارا نور	اور ہماری مغفرت فرمادے	بیشک تو	پر	ہر شے	قدرت رکھنے والا	اے نبی ﷺ	جہاد کیجئے

اے ہمارے رب! ہمارے لئے ہمارا نور پورا کر دے اور ہماری مغفرت فرما دے، بیشک تو ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے۔ اے نبیؐ جہاد کیجئے

الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ؕ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ⑨ ضَرَبَ

الْكُفَّارَ	وَالْمُنٰفِقِيْنَ	وَاغْلُظْ	عَلَيْهِمْ	وَمَاْوٰىهُمْ	جَهَنَّمُ	وَبِئْسَ	الْمَصِيْرُ	ضَرَبَ
کافروں	اور منافقوں	اور سختی کیجئے	اُن پر	اور ان کا ٹھکانا	جہنم	اور بُری	جگہ	بیان کی

کافروں اور منافقوں سے، اور اُن پر سختی کیجئے اور ان کا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ (بہت) بُری جگہ ہے۔ بیان کی

اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا امْرَاَتَ نُوْحٍ وَّامْرَاَتَ لُوْطٍ ؕ كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ

اللّٰهُ	مَثَلًا	لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا	امْرَاَتَ نُوْحٍ	وَامْرَاَتَ لُوْطٍ	كَانَتَا	تَحْتَ	عَبْدَيْنِ	مِنْ
اللہ	مثال	کافروں کے لئے	نوح کی بیوی	اور لوطؑ کی بیوی	اور دونوں تھیں	نیچے (گھر میں)	دو بندے	سے

اللہ نے کافروں کے لئے نوحؑ کی بیوی اور لوطؑ کی بیوی کی مثال وہ دونوں دو بندوں کے گھروں میں تھیں،

عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ فَخَانَتٰهُمَا فَلَمْ يُغْنِيَا عَنْهُمَا مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا وَّقِيْلَ ادْخُلَا النَّارَ

عِبَادِنَا	صَالِحَيْنِ	فَخَانَتٰهُمَا	فَلَمْ يُغْنِيَا	عَنْهُمَا	مِنَ اللّٰهِ	شَيْئًا	وَّقِيْلَ	ادْخُلَا النَّارَ
ہمارے بندے	دو صالح	سو انہوں نے ان کی دونوں خیانت کی	تو ان دونوں کے کام نہ آیا	اُن کے	اللہ سے آگے	کچھ	اور کہا گیا	تم دونوں داخل ہو جاؤ جہنم

ہمارے صالح بندوں میں سے، سو انہوں نے ان دونوں کی خیانت کی تو اللہ کے آگے ان دونوں کے کچھ کام نہ آیا اور کہا گیا تم دونوں جہنم میں داخل ہو جاؤ

مَعَ الدّٰخِلِيْنَ ﴿۱۰﴾ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا امْرَاَتَ فِرْعَوْنَ اِذْ قَالَتْ

مَعَ	الدّٰخِلِيْنَ	وَضَرَبَ	اللّٰهُ	مَثَلًا	لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا	امْرَاَتَ فِرْعَوْنَ	اِذْ	قَالَتْ
ساتھ	داخل ہونے والے	اور بیان کی	اللہ	مثال	مومنوں کے لئے	فرعون کی بیوی	جب	اس نے کہا

داخل ہونے والوں کے ساتھ۔ اور اللہ نے مومنوں کے لئے فرعون کی بیوی کی مثال بیان کی، جب اس (بی بی) نے کہا

رَبِّ ابْنِ لِيْ عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ وَنَجِّنِيْ مِنْ فِرْعَوْنَ وَعَمَلِهٖ وَ

رَبِّ	ابْنِ لِيْ	عِنْدَكَ	بَيْتًا	فِي الْجَنَّةِ	وَنَجِّنِيْ	مِنْ	فِرْعَوْنَ	وَعَمَلِهٖ	وَ
اے میرے رب	میرے لئے بنا دے	اپنے پاس	ایک گھر	جنت میں	اور مجھے بچا لے	سے	فرعون	اور اس کا عمل	اور

اے میرے رب! میرے لئے اپنے پاس جنت میں ایک گھر بنا دے، اور مجھے فرعون اور اس کے عمل سے بچا لے، اور

نَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۱﴾ وَمَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرٰنَ الَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ

نَجِّنِيْ	مِنَ	الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ	وَمَرْيَمَ	ابْنَتَ عِمْرٰنَ	الَّتِيْٓ	اَحْصَنَتْ
مجھے بچا لے	سے	ظالموں کی قوم	اور مریم	عمران کی بیٹی	وہ جس نے	حفاظت کی

مجھے ظالموں کی قوم سے بچا لے۔ (اور دوسری مثال) عمرانؑ کی بیٹی مریمؑ کی، جس نے حفاظت کی

فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهِ مِنْ رُّوْحِنَا وَصَدَّقَتْ بِكَلِمٰتِ رَبِّهَا

فَرْجَهَا	فَنَفَخْنَا	فِيْهِ	مِنْ رُّوْحِنَا	وَصَدَّقَتْ	بِكَلِمٰتِ	رَبِّهَا
اپنی شرمگاہ	سو ہم نے پھونکی	اس میں	اپنی روح سے	اور اس نے تصدیق کی	باتوں کی	اپنا رب

اپنی شرمگاہ کی، سو ہم نے اس میں اپنی روح پھونکی، اور اس نے تصدیق کی اپنے رب کی باتوں کی،

وَكُتُبِهٖ وَكَانَتْ مِنَ الْقٰنِتِيْنَ ﴿۱۲﴾

وَكُتُبِهٖ	وَكَانَتْ	مِنَ	الْقٰنِتِيْنَ
اور اس کی کتابوں	اور وہ تھی	سے	فرمانبرداری کرنے والیاں

اور اس کی کتابوں کی، اور وہ فرمانبرداری کرنے والیوں میں سے تھی۔

آیاتها ۳۰ | ۶۷ سُوْرَةُ الْمُلْكِ مَكِّيَّةٌ ۷۷ | فیها رکوعان ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا، نہایت مہربان ہے۔

تَبٰرَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرُ ۝۱ الَّذِيْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَ

تَبٰرَكَ	الَّذِيْ	بِيَدِهِ	الْمُلْكُ	وَهُوَ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرُ	الَّذِيْ	خَلَقَ	الْمَوْتَ	وَ
بڑی برکت والا	وہ جس	اسکے ہاتھ میں	بادشاہی	اور وہ	پر	ہر شے	قدرت رکھنے والا	وہ جس	پیدا کیا	موت	اور

بڑی برکت والا ہے وہ جس کے ہاتھ میں ہے بادشاہی، اور وہ ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے۔ وہ جس نے پیدا کیا موت اور

الْحَيٰوةَ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ ۝۲ الَّذِيْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ

الْحَيٰوةَ	لِيَبْلُوَكُمْ	اَيُّكُمْ	اَحْسَنُ	عَمَلًا	وَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الْغَفُوْرُ	الَّذِيْ خَلَقَ	سَبْعَ سَمٰوٰتٍ
زندگی	تاکہ وہ آزمائے تمہیں	تم میں سے کون	سب سے بہتر	عمل میں	اور وہ	غالب	بخشنے والا	جس نے بنائے	سات آسمان

زندگی کو تاکہ وہ تمہیں آزمائے کہ تم میں سے کون ہے عمل میں سب سے بہتر، اور وہ غالب بخشنے والا ہے۔ جس نے سات آسمان بنائے

طِبَاقًا ۭ مَا تَرٰى فِيْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ ۭ فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ۝۳

طِبَاقًا	مَا تَرٰى	فِيْ	خَلْقِ	الرَّحْمٰنِ	مِنْ تَفٰوُتٍ	فَارْجِعِ	الْبَصَرَ	هَلْ تَرٰى	مِنْ فُطُوْرٍ
تہہ در تہہ	تو نہ دیکھے گا	میں	بنانا (تخلیق)	رحمٰن (اللہ)	کوئی فرق	پھر دوبارہ لوٹا	نگاہ	کیا تو دیکھتا ہے	کوئی شگاف

تہہ در تہہ۔ تو اللہ کی تخلیق میں کوئی فرق نہ دیکھے گا پھر دوبارہ نگاہ لوٹا کر (دیکھ)، کیا تو کوئی شگاف (دراڑ) دیکھتا ہے۔

ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ ۝۴ وَلَقَدْ زَيَّنَّا

ثُمَّ	ارْجِعِ	الْبَصَرَ	كَرَّتَيْنِ	يَنْقَلِبْ	اِلَيْكَ	الْبَصَرُ	خَاسِئًا	وَّهُوَ	حَسِيْرٌ	وَلَقَدْ زَيَّنَّا
پھر	تو دوبارہ لوٹا	نگاہ	دوبارہ	وہ لوٹ آئیگی	تیری طرف	نگاہ	خوار ہوکر	اور وہ	تھکی ماندہ	اور یقیناً ہم نے آراستہ کیا

پھر دوبارہ نگاہ لوٹا کر (دیکھ)، وہ تیری طرف خوار ہو کر تھکی ماندہ لوٹ آئے گی، اور یقیناً ہم نے آراستہ کیا ہے

السَّمَاۗءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ وَجَعَلْنٰهَا رُجُوْمًا لِّلشَّيٰطِيْنِ وَاَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ السَّعِيْرِ ۝۵

السَّمَاۗءَ الدُّنْيَا	بِمَصَابِيْحَ	وَجَعَلْنٰهَا	رُجُوْمًا	لِّلشَّيٰطِيْنِ	وَاَعْتَدْنَا	لَهُمْ	عَذَابَ السَّعِيْرِ
آسمانِ دنیا	چراغوں سے	اور ہم نے اسے بنایا	مارنے کا آلہ	شیطانوں کے لئے	اور ہم نے تیار کیا	انکے لئے	دہکتی آگ (جہنم) کا عذاب

آسمان دنیا کو چراغوں سے، اور ہم نے اسے شیطانوں کے لئے مارنے کا آلہ بنایا، اور ہم نے ان کے لئے جہنم کا عذاب تیار کیا ہے۔

وَلِلَّذِينَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ﴿٦﴾ إِذَا أُلْقُوا فِيهَا سَمِعُوا لَهَا

وَلِلَّذِينَ	كَفَرُوا	بِرَبِّهِمْ	عَذَابُ جَهَنَّمَ	وَبِئْسَ	الْمَصِيرُ	إِذَا أُلْقُوا	فِيهَا	سَمِعُوا	لَهَا
اور ان لوگوں کیلئے	جنہوں نے کفر کیا	انکے رب کی طرف سے	جہنم کا عذاب	اور بری	لوٹنے کی جگہ	جب وہ ڈالے جائیں گے	اس میں	وہ سنیں گے	وہاں

اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے لئے ان کے رب کی طرف سے جہنم کا عذاب ہے اور (یہ) بری لوٹنے کی جگہ ہے۔ جب وہ اس میں ڈالے جائیں گے تو وہاں سنیں گے

شَهِيقًا وَهِيَ تَفُورُ ﴿٧﴾ تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ ۖ كُلَّمَا أُلْقِيَ فِيهَا فَوْجٌ سَأَلَهُمْ خَزَنَتُهَا

شَهِيقًا	وَهِيَ	تَفُورُ	تَكَادُ تَمَيَّزُ	مِنَ الْغَيْظِ	كُلَّمَا	أُلْقِيَ فِيهَا	فَوْجٌ	سَأَلَهُمْ	خَزَنَتُهَا
چیخنا چلانا	اور وہ	جوش مار رہی ہوگی	قریب ہے کہ پھٹ پڑے	غضب سے	جب بھی	ڈالا جائے گا اس میں	کوئی گروہ	وہ ان سے پوچھیں گے	اس کے داروغہ

چیخنا چلانا اور وہ (جہنم) جوش مار رہی ہوگی۔ قریب ہے کہ غضب سے پھٹ پڑے گی، جب اس میں کوئی گروہ ڈالا جائے گا، ان سے اس کے داروغہ پوچھیں گے

أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَذِيرٌ ﴿٨﴾ قَالُوا بَلَىٰ قَدْ جَاءَنَا نَذِيرٌ فَكَذَّبْنَا وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ اللَّهُ مِنْ شَيْءٍ

أَلَمْ يَأْتِكُمْ	نَذِيرٌ	قَالُوا	بَلَىٰ	قَدْ جَاءَنَا	نَذِيرٌ	فَكَذَّبْنَا	وَقُلْنَا	مَا نَزَّلَ	اللَّهُ	مِنْ شَيْءٍ
کیا نہیں آیا تمہارے پاس	کوئی ڈرانیوالا	وہ کہیں گے	ہاں	ضرور آیا ہمارے پاس	ڈرانے والا	سو ہم نے جھٹلایا	اور ہم نے کہا	نہیں نازل کی	اللہ	کچھ

کیا تمہارے پاس کوئی ڈرانیوالا نہیں آیا تھا؟ وہ کہیں گے ہاں (کیوں نہیں)، ہمارے پاس ضرور ڈرانیوالا آیا، سو ہم نے جھٹلایا، اور ہم نے کہا کہ اللہ نے کچھ نازل نہیں کیا

إِنْ أَنْتُمْ إِلَّا فِي ضَلَالٍ كَبِيرٍ ﴿٩﴾ وَقَالُوا لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ أَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِي أَصْحَابِ السَّعِيرِ ﴿١٠﴾

إِنْ أَنْتُمْ	إِلَّا	فِي ضَلَالٍ	كَبِيرٍ	وَقَالُوا	لَوْ	كُنَّا نَسْمَعُ	أَوْ نَعْقِلُ	مَا كُنَّا	فِي	أَصْحَابِ السَّعِيرِ
نہیں تم	مگر (صرف)	گمراہی میں	بڑی	اور وہ کہیں گے	اگر	ہم سنتے	یا ہم سمجھتے	ہم نہ ہوتے	میں	دوزخیوں

تم صرف بڑی گمراہی میں ہو۔ اور وہ کہیں گے اگر ہم سنتے یا ہم سمجھتے تو ہم دوزخیوں میں نہ ہوتے

فَاعْتَرَفُوا بِذَنْبِهِمْ فَسُحْقًا لِأَصْحَابِ السَّعِيرِ ﴿١١﴾ إِنَّ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ

فَاعْتَرَفُوا	بِذَنْبِهِمْ	فَسُحْقًا	لِأَصْحَابِ السَّعِيرِ	إِنَّ	الَّذِينَ يَخْشَوْنَ	رَبَّهُمْ	بِالْغَيْبِ
سو انہوں نے اعتراف کرلیا	اپنے گناہوں کا	تو دوری (لعنت)	دوزخیوں کے لئے	بیشک	جو لوگ ڈرتے ہیں	اپنا رب	بن دیکھے

سو انہوں نے اپنے گناہوں کا اعتراف کرلیا تو لعنت ہے دوزخیوں کے لئے۔ بیشک جو لوگ بن دیکھے اپنے رب سے ڈرتے ہیں

لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ كَبِيرٌ ﴿١٢﴾ وَأَسِرُّوا قَوْلَكُمْ أَوِ اجْهَرُوا بِهِ ۖ إِنَّهُ عَلِيمٌ

لَهُمْ	مَغْفِرَةٌ	وَأَجْرٌ	كَبِيرٌ	وَأَسِرُّوا	قَوْلَكُمْ	أَوِ اجْهَرُوا	بِهِ	إِنَّهُ	عَلِيمٌ
ان کیلئے	بخشش	اور اجر	بڑا	اور تم چھپاؤ	اپنی بات	یا بلند آواز سے کہو	اس کو	بیشک وہ	جاننے والا

ان کے لئے بخشش اور بڑا اجر ہے۔ اور تم اپنی بات چھپاؤ یا اس کو بلند آواز سے کہو وہ بیشک جاننے والا ہے

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۳﴾ اَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ؕ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿۱۴﴾ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ	اَلَا يَعْلَمُ	مَنْ خَلَقَ	وَهُوَ	اللَّطِيْفُ	الْخَبِيْرُ	هُوَ	الَّذِيْ جَعَلَ	لَكُمُ	الْاَرْضَ
سینوں (دلوں) کے بھید	کیا نہیں جانتا	جس نے پیدا کیا	اور وہ	باریک بین	بڑا باخبر	وہی	وہ جس نے کیا	تمہارے لئے	زمین

دلوں کے بھیدوں کو۔ کیا جس نے پیدا کیا وہ نہیں جانتا؟ اور وہ باریک بین بڑا باخبر ہے۔ وہی ہے جس نے تمہارے لئے زمین کو کیا

ذَلُوْلًا فَامْشُوْا فِيْ مَنَاكِبِهَا وَكُلُوْا مِنْ رِّزْقِهٖ ؕ وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ ﴿۱۵﴾ ءَاَمِنْتُمْ مَّنْ

ذَلُوْلًا	فَامْشُوْا	فِيْ مَنَاكِبِهَا	وَكُلُوْا	مِنْ رِّزْقِهٖ	وَاِلَيْهِ	النُّشُوْرُ	ءَاَمِنْتُمْ	مَّنْ
مسخر	تاکہ تم چلو	اس کے راستوں میں	سو تم کھاؤ	اس کے رزق سے	اور اسی کی طرف	جی اٹھ کر جانا	کیا تم بے خوف ہو	جو

مسخر تاکہ تم اس کے راستوں میں چلو، اور اس کے رزق میں سے کھاؤ، اور اسی کی طرف جی اٹھ کر جانا ہے۔ کیا تم (اس سے) بے خوف ہو؟ جو

فِي السَّمَآءِ اَنْ يَّخْسِفَ بِكُمُ الْاَرْضَ فَاِذَا هِيَ تَمُوْرُ ﴿۱۶﴾ اَمْ اَمِنْتُمْ مَّنْ فِي السَّمَآءِ

فِي السَّمَآءِ	اَنْ يَّخْسِفَ	بِكُمُ	الْاَرْضَ	فَاِذَا	هِيَ تَمُوْرُ	اَمْ اَمِنْتُمْ	مَّنْ	فِي السَّمَآءِ
آسمان میں	کہ وہ دھنسا دے	تمہیں	زمین	تو ناگہاں	وہ جنبش کرے	کیا تم بے خوف ہو	جو	آسمان میں

آسمان میں ہے کہ وہ تمہیں زمین میں دھنسا دے، تو ناگہاں وہ جنبش کرنے لگے۔ کیا تم (اس سے) بے خوف ہو؟ جو آسمانوں میں ہے

اَنْ يُّرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ؕ فَسَتَعْلَمُوْنَ كَيْفَ نَذِيْرِ ﴿۱۷﴾ وَلَقَدْ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ

اَنْ	يُّرْسِلَ	عَلَيْكُمْ	حَاصِبًا	فَسَتَعْلَمُوْنَ	كَيْفَ	نَذِيْرِ	وَلَقَدْ كَذَّبَ	الَّذِيْنَ	مِنْ
کہ	وہ بھیجے	تم پر	پتھروں کی بارش	سو تم جلد جان لو گے	کیسا	میرا ڈرانا	اور بالتحقیق جھٹلایا	وہ لوگ جو	سے

کہ وہ تم پر پتھروں کی بارش بھیجے؟ سو تم جلد جان لو گے میرا ڈرانا کیسا ہے؟ اور بالتحقیق ان لوگوں نے جھٹلایا جو

قَبْلِهِمْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿۱۸﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ صٰٓفّٰتٍ وَّيَقْبِضْنَ ؔ مَا يُمْسِكُهُنَّ

قَبْلِهِمْ	فَكَيْفَ	كَانَ	نَكِيْرِ	اَوَلَمْ يَرَوْا	اِلَى الطَّيْرِ	فَوْقَهُمْ	صٰٓفّٰتٍ	وَّيَقْبِضْنَ	مَا يُمْسِكُهُنَّ
ان سے قبل	تو کیسا	ہوا	میرا عذاب	کیا نہیں دیکھا انہوں نے	پرندوں کو	اپنے اوپر	پر پھیلائے	اور سکیڑتے	نہیں تھام سکتا انہیں

ان سے پہلے تھے، تو (یاد کرو) کیسا ہوا میرا عذاب! کیا انہوں نے اپنے اوپر پرندوں کو پر پھیلاتے اور سکیڑتے نہیں دیکھا؟ انہیں (کوئی) نہیں تھام سکتا

اِلَّا الرَّحْمٰنُ ؕ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍۭ بَصِيْرٌ ﴿۱۹﴾ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ هُوَ جُنْدٌ لَّكُمْ يَنْصُرُكُمْ

اِلَّا	الرَّحْمٰنُ	اِنَّهٗ	بِكُلِّ شَيْءٍ	بَصِيْرٌ	اَمَّنْ هٰذَا	الَّذِيْ	هُوَ	جُنْدٌ	لَّكُمْ	يَنْصُرُكُمْ
سوا	رحمٰن (اللہ)	بیشک وہ	ہر شے کو	دیکھنے والا	بھلا کون ہے وہ؟	جو	وہ	لشکر	تمہارا	وہ مدد کرے تمہاری

اللہ کے سوا، بیشک وہ ہر شے کو دیکھنے والا ہے۔ بھلا تمہارا وہ کون سا لشکر ہے جو تمہاری مدد کرے

مِّنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ ۭ اِنِ الْكٰفِرُوْنَ اِلَّا فِيْ غُرُوْرٍ ۚ ۝۲۰ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ يَرْزُقُكُمْ اِنْ

اِنْ	الَّذِيْ يَرْزُقُكُمْ	اَمَّنْ هٰذَا	فِيْ غُرُوْرٍ	اِلَّا	الْكٰفِرُوْنَ	اِنِ	دُوْنِ الرَّحْمٰنِ	مِّنْ
اگر	وہ جو رزق دے تمہیں	بھلا کون ہے	دھوکے میں	مگر	کافر (جمع)	نہیں	اللہ کے سوا	سے

اللہ کے سوا، کافر نہیں مگر دھوکے میں (محض دھوکے میں ہیں)۔ بھلا کون ہے وہ جو تمہیں رزق دے ؟ اگر

اَمْسَكَ رِزْقَهٗ ۚ بَلْ لَّجُّوْا فِيْ عُتُوٍّ وَّنُفُوْرٍ ۝۲۱ اَفَمَنْ يَّمْشِيْ مُكِبًّا عَلٰي وَجْهِهٖٓ اَهْدٰٓى اَمَّنْ

اَمَّنْ	اَهْدٰٓى	عَلٰي وَجْهِهٖٓ	مُكِبًّا	يَّمْشِيْ	اَفَمَنْ	وَّنُفُوْرٍ	فِيْ عُتُوٍّ	بَلْ لَّجُّوْا	رِزْقَهٗ	اَمْسَكَ
یا وہ جو	زیادہ ہدایت یافتہ	اپنے منہ کے بل	گرتا ہوا	وہ چلتا ہے	پس کیا جو	اور بھاگنے میں	سرکشی	بلکہ جمے (ڈھیٹ بنے) ہوئے	اپنا رزق	وہ روک لے

وہ اپنا رزق روک لے؟ بلکہ وہ سرکشی اور بھاگنے میں ڈھیٹ بنے ہوئے ہیں۔ پس جو شخص اپنے منہ کے بل گرتا ہوا (اوندھا) چلتا ہے زیادہ ہدایت یافتہ ہے یا وہ جو

يَّمْشِيْ سَوِيًّا عَلٰي صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝۲۲ قُلْ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ

السَّمْعَ	لَكُمُ	وَجَعَلَ	الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ	هُوَ	قُلْ	صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ	عَلٰي	سَوِيًّا	يَّمْشِيْ
کان	تمہارے لئے	اور اس نے بنائے	وہ جس نے پیدا کیا تمہیں	وہی	فرمادیں	سیدھا راستہ	پر	برابر (سیدھا)	چلتا ہے

سیدھے راستہ پر سیدھا چلتا ہے ؟ آپ فرمادیں وہی ہے جس نے تمہیں پیدا کیا اور اس نے بنائے تمہارے لئے کان

وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝۲۳ قُلْ هُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ

فِي الْاَرْضِ	الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ	هُوَ	قُلْ	مَا تَشْكُرُوْنَ	قَلِيْلًا	وَالْاَفْـِٕدَةَ	وَالْاَبْصَارَ
زمین میں	وہ جس نے پھیلایا تمہیں	وہی	فرمادیں	جو تم شکر کرتے ہو	بہت کم	اور دل (جمع)	اور آنکھیں

اور آنکھیں، اور دل تم بہت کم شکر کرتے ہو۔ آپ فرمادیں وہی ہے جس نے تمہیں زمین میں پھیلایا

وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝۲۴ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۲۵ قُلْ اِنَّمَا

اِنَّمَا	قُلْ	صٰدِقِيْنَ	كُنْتُمْ	اِنْ	هٰذَا الْوَعْدُ	مَتٰى	وَيَقُوْلُوْنَ	تُحْشَرُوْنَ	وَاِلَيْهِ
اس کے سوا نہیں	فرمادیں	سچے	تم ہو	اگر	یہ وعدہ	کب	اور وہ کہتے ہیں	تم اٹھائے جاؤ گے	اور اسی کی طرف

اور اسی کی طرف تم اٹھائے جاؤ گے۔ اور وہ کہتے ہیں یہ وعدہ کب (پورا ہوگا؟) اگر تم سچے ہو آپ فرمادیں اس کے سوا نہیں

الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۠ وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۲۶ فَلَمَّا رَاَوْهُ زُلْفَةً سِيْۗـــَٔتْ وُجُوْهُ الَّذِيْنَ

الَّذِيْنَ	وُجُوْهُ	سِيْۗـــَٔتْ	زُلْفَةً	رَاَوْهُ	فَلَمَّا	مُّبِيْنٌ	نَذِيْرٌ	اَنَا	وَاِنَّمَآ	عِنْدَ اللّٰهِ	الْعِلْمُ
ان لوگوں کے جو	چہرے	بُرے (سیاہ) ہوجائیں گے	نزدیک آتا	وہ دیکھیں گے	پھر جب	صاف صاف	ڈرانے والا	میں	اور اس کے سوا نہیں	اللہ کے پاس	علم

کہ علم اللہ کے پاس ہے، اور اس کے سوا نہیں کہ میں صاف صاف ڈرانے والا ہوں۔ پھر جب وہ اسے نزدیک آتا دیکھیں گے تو ان لوگوں کے چہرے سیاہ ہوجائیں گے

كَفَرُوا وَقِيلَ هٰذَا الَّذِي كُنْتُمْ بِهٖ تَدَّعُونَ ﴿٢٧﴾ قُلْ أَرَءَيْتُمْ إِنْ أَهْلَكَنِيَ اللّٰهُ

كَفَرُوا	وَقِيلَ	هٰذَا	الَّذِي	كُنْتُمْ	بِهٖ	تَدَّعُونَ	قُلْ	أَرَءَيْتُمْ	إِنْ	أَهْلَكَنِيَ اللّٰهُ
انہوں نے کفر کیا	اور کہا جائے گا	یہ	وہ جو	تم تھے	اس کو	تم مانگتے	آپ فرمادیں	کیا تم نے دیکھا (بھلا دیکھو)	اگر	مجھے ہلاک کردے اللہ

جنہوں نے کفر کیا۔ اور کہا جائے گا یہ ہے وہ جو تم مانگتے تھے۔ آپؐ فرمادیں بھلا دیکھو تو اگر اللہ ہلاک کر دے مجھے

وَمَنْ مَّعِيَ أَوْ رَحِمَنَا فَمَنْ يُّجِيرُ الْكٰفِرِينَ مِنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ ﴿٢٨﴾ قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا

وَمَنْ	مَّعِيَ	أَوْ رَحِمَنَا	فَمَنْ	يُّجِيرُ	الْكٰفِرِينَ	مِنْ	عَذَابٍ أَلِيمٍ	قُلْ	هُوَ الرَّحْمٰنُ	اٰمَنَّا
اور جو	میرے ساتھ	یا وہ رحم فرمائے ہم پر	تو کون	پناہ دے گا	کافروں	سے	دردناک عذاب	فرمادیں	وہی رحمٰن	ہم ایمان لائے

اور (انہیں) جو میرے ساتھ ہیں یا ہم پر رحم فرمائے تو کافروں کو دردناک عذاب سے کون بچائے گا؟ آپؐ فرمادیں وہی رحمٰن ہے ہم ایمان لائے

بِهٖ وَعَلَيْهِ تَوَكَّلْنَا فَسَتَعْلَمُونَ مَنْ هُوَ فِي ضَلٰلٍ مُّبِينٍ ﴿٢٩﴾ قُلْ أَرَءَيْتُمْ إِنْ أَصْبَحَ

بِهٖ	وَعَلَيْهِ	تَوَكَّلْنَا	فَسَتَعْلَمُونَ	مَنْ هُوَ	فِي	ضَلٰلٍ مُّبِينٍ	قُلْ	أَرَءَيْتُمْ	إِنْ أَصْبَحَ
اس پر	اور اسی پر	ہم نے بھروسہ کیا	سو تم جلد جان لوگے	کون وہ؟	میں	کھلی گمراہی	فرمادیں	کیا تم نے دیکھا (بھلا دیکھو)	اگر ہو جائے

اس پر، اور اسی پر ہم نے بھروسہ کیا سو تم جلد جان لوگے کون کھلی گمراہی میں ہے؟ آپؐ فرمادیں بھلا دیکھو تو اگر ہو جائے

مَاؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ يَّأْتِيكُمْ بِمَآءٍ مَّعِينٍ ﴿٣٠﴾

مَاؤُكُمْ	غَوْرًا	فَمَنْ	يَّأْتِيكُمْ	بِمَآءٍ مَّعِينٍ
تمہارا پانی	نیچے اترا ہوا	تو کون؟	لے آئیگا تمہارے پاس	رواں پانی

تمہارا پانی نیچے کو اترا ہوا (خشک)، تو کون ہے جو تمہارے پاس (سوت کا) رواں پانی لے آئیگا؟

آیاتها ٥٢ | ٦٨ سُورَةُ الْقَلَمِ مَكِّيَّةٌ ٢ | رکوعاتها ٢

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا مہربان ہے۔

نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُونَ ﴿١﴾ مَآ أَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُونٍ ﴿٢﴾ وَإِنَّ لَكَ لَأَجْرًا

نٓ وَالْقَلَمِ	وَمَا	يَسْطُرُونَ	مَآ أَنْتَ	بِنِعْمَةِ	رَبِّكَ	بِمَجْنُونٍ	وَإِنَّ لَكَ	لَأَجْرًا
نٓ قسم ہے قلم کی	اور جو	وہ لکھتے ہیں	نہیں آپؐ	نعمت (فضل) سے	اپنا رب	مجنون	اور بیشک آپکے لئے	البتہ اجر

نون۔ قسم ہے قلم کی اور جو وہ (فرشتے۔ اہل قلم) لکھتے ہیں۔ آپؐ اپنے رب کے فضل سے مجنون نہیں ہیں۔ اور بیشک آپؐ کے لئے اجر ہے

غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ﴿۳﴾ وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ﴿۴﴾ فَسَتُبْصِرُ وَيُبْصِرُوْنَ ﴿۵﴾ بِاَيِّكُمُ

غَيْرُ مَمْنُوْنٍ	وَاِنَّكَ	لَعَلٰى	خُلُقٍ	عَظِيْمٍ	فَسَتُبْصِرُ	وَيُبْصِرُوْنَ	بِاَيِّكُمُ
ختم نہ ہونے والا	اور بیشک آپ	یقیناً۔ پر	خلق	عظیم	پس آپ جلد دیکھ لیں گے	اور وہ بھی دیکھ لیں گے	تم میں سے کون؟

ختم نہ ہونے والا۔ اور بیشک آپ خلقِ عظیم پر ہیں۔ پس آپ جلد دیکھ لیں گے اور وہ بھی دیکھ لیں گے (کہ) تم میں سے کون

الْمَفْتُوْنُ ﴿۶﴾ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۪ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿۷﴾

الْمَفْتُوْنُ	اِنَّ رَبَّكَ	هُوَ اَعْلَمُ	بِمَنْ	ضَلَّ	عَنْ سَبِيْلِهٖ	وَهُوَ اَعْلَمُ	بِالْمُهْتَدِيْنَ
دیوانہ	بیشک آپ کا رب	وہ خوب جانتا ہے	اس کو جو	وہ گمراہ ہوا	اس کی راہ سے	اور وہ خوب جانتا ہے	ہدایت یافتہ لوگوں کو

دیوانہ ہے؟ بے شک آپ کا رب اس کو خوب جانتا ہے جو اس کی راہ سے گمراہ ہوا اور وہ خوب جانتا ہے ہدایت یافتہ لوگوں کو۔

فَلَا تُطِعِ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۸﴾ وَدُّوْا لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُوْنَ ﴿۹﴾ وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِيْنٍ ﴿۱۰﴾

فَلَا تُطِعِ	الْمُكَذِّبِيْنَ	وَدُّوْا	لَوْ تُدْهِنُ	فَيُدْهِنُوْنَ	وَلَا تُطِعْ	كُلَّ حَلَّافٍ	مَّهِيْنٍ
پس آپ کہا نہ مانیں	جھٹلانے والوں	وہ چاہتے ہیں	کاش آپ نرمی کریں	تو وہ نرمی کریں	اور آپ کہا نہ مانیں	ہر بڑی قسمیں کھانے والا	بے وقعت

پس آپ جھٹلانے والوں کا کہا نہ مانیں۔ وہ چاہتے ہیں کاش آپ نرمی کریں تو وہ (بھی) نرمی کریں۔ اور آپ بے وقعت بڑی قسمیں کھانے والے کا کہا نہ مانیں۔

هَمَّازٍ مَّشَّآءٍۭ بِنَمِيْمٍ ﴿۱۱﴾ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ﴿۱۲﴾ عُتُلٍّۭ بَعْدَ ذٰلِكَ زَنِيْمٍ ﴿۱۳﴾ اَنْ

هَمَّازٍ	مَّشَّآءٍ	بِنَمِيْمٍ	مَّنَّاعٍ	لِّلْخَيْرِ	مُعْتَدٍ	اَثِيْمٍ	عُتُلٍّ	بَعْدَ ذٰلِكَ	زَنِيْمٍ	اَنْ
عیب نکالنے والا	پھرنے والا	چغلی لئے	روکنے (بخل کرنے) والا	مال میں	حد سے بڑھنے والا	گنہ گار	سخت خو	اس کے بعد	بداصل	اس لئے کہ

عیب نکالنے والے، چغلی لئے (چغلیاں لگاتا) پھرنے والے کا۔ مال میں بخل کرنے والے، حد سے بڑھنے والے گنہگار کا۔ سخت خو اس کے بعد بداصل۔ اس لئے کہ

كَانَ ذَا مَالٍ وَّبَنِيْنَ ﴿۱۴﴾ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۵﴾ سَنَسِمُهٗ

كَانَ	ذَا مَالٍ	وَّبَنِيْنَ	اِذَا	تُتْلٰى عَلَيْهِ	اٰيٰتُنَا	قَالَ	اَسَاطِيْرُ	الْاَوَّلِيْنَ	سَنَسِمُهٗ
وہ ہے	مال والا	اور اولاد والا	جب	پڑھ کر سنائی جاتی ہیں اسے	ہماری آیتیں	وہ کہتا ہے	کہانیاں	اگلے لوگ	ہم جلد داغ دیں گے اس کو

وہ مال و اولاد والا ہے۔ جب اسے ہماری آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو وہ کہتا ہے یہ اگلے لوگوں کی کہانیاں ہیں۔ ہم جلد داغ دیں گے اس کی

عَلَى الْخُرْطُوْمِ ﴿۱۶﴾ اِنَّا بَلَوْنٰهُمْ كَمَا بَلَوْنَآ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ ۚ اِذْ اَقْسَمُوْا لَيَصْرِمُنَّهَا مُصْبِحِيْنَ ﴿۱۷﴾

عَلَى الْخُرْطُوْمِ	اِنَّا بَلَوْنٰهُمْ	كَمَا	بَلَوْنَا	اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ	اِذْ اَقْسَمُوْا	لَيَصْرِمُنَّهَا	مُصْبِحِيْنَ
ناک پر	بیشک ہم نے آزمایا انہیں	جیسے	ہم نے آزمایا	باغ والوں کو	جب انہوں نے قسم کھائی	ہم ضرور توڑ لیں گے اس کا پھل	صبح ہوتے

ناک پر۔ بے شک ہم نے انہیں آزمایا، جیسے ہم نے باغ والوں کو آزمایا تھا، جب انہوں نے قسم کھائی کہ ہم صبح ہوتے اس کا پھل ضرور توڑ لیں گے۔

وَلَا يَسْتَثْنُوْنَ ⑱ فَطَافَ عَلَيْهَا طَآئِفٌ مِّنْ رَّبِّكَ وَهُمْ نَآئِمُوْنَ ⑲ فَاَصْبَحَتْ

وَلَا يَسْتَثْنُوْنَ	فَطَافَ	عَلَيْهَا	طَآئِفٌ	مِّنْ رَّبِّكَ	وَهُمْ	نَآئِمُوْنَ	فَاَصْبَحَتْ
اور انہوں نے انشاء اللہ نہ کہا	پس پھر گیا	ان پر	ایک پھرنے والا (عذاب)	تیرے رب سے	اور وہ	سوئے ہوئے تھے	تو وہ صبح کو رہ گیا

اور انہوں نے "انشاء اللہ" نہ کہا۔ پس ان پر تیرے رب کی طرف سے ایک عذاب پھر گیا اور وہ سوئے ہوئے تھے۔ تو وہ (باغ) صبح کو رہ گیا

كَالصَّرِيْمِ ⑳ فَتَنَادَوْا مُصْبِحِيْنَ ㉑ اَنِ اغْدُوْا عَلٰى حَرْثِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰرِمِيْنَ ㉒

كَالصَّرِيْمِ	فَتَنَادَوْا	مُصْبِحِيْنَ	اَنِ اغْدُوْا	عَلٰى	حَرْثِكُمْ	اِنْ كُنْتُمْ	صٰرِمِيْنَ
جیسے کٹا ہوا کھیت	تو وہ ایکدوسرے کو پکارنے لگے	صبح ہوتے	کہ صبح سویرے چلو	پر	اپنے کھیت	اگر تم ہو	کاٹنے والے

جیسے ایک کٹا ہوا کھیت۔ تو وہ صبح ہوتے ایک دوسرے کو پکارنے لگے کہ صبح سویرے اپنے کھیت پر چلو اگر تم کاٹنے والے ہو (اگر تمہیں کھیتی کاٹنی ہے)

فَانْطَلَقُوْا وَهُمْ يَتَخَافَتُوْنَ ㉓ اَنْ لَّا يَدْخُلَنَّهَا الْيَوْمَ عَلَيْكُمْ مِّسْكِيْنٌ ㉔ وَّغَدَوْا

فَانْطَلَقُوْا	وَهُمْ	يَتَخَافَتُوْنَ	اَنْ	لَّا يَدْخُلَنَّهَا	الْيَوْمَ	عَلَيْكُمْ	مِّسْكِيْنٌ	وَّغَدَوْا
پھر وہ چلے	اور وہ	آپس میں چپکے چپکے کہتے تھے	کہ	وہاں داخل نہ ہونے پائے	آج	تم پر	کوئی مسکین	اور وہ صبح سویرے چلے

پھر وہ چلے اور وہ آپس میں چپکے چپکے کہتے تھے کہ آج وہاں تم پر کوئی مسکین داخل نہ ہونے پائے، اور وہ صبح سویرے چلے (اس زعم کے ساتھ)

عَلٰى حَرْدٍ قٰدِرِيْنَ ㉕ فَلَمَّا رَاَوْهَا قَالُوْٓا اِنَّا لَضَآلُّوْنَ ㉖ بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ㉗ قَالَ

عَلٰى حَرْدٍ	قٰدِرِيْنَ	فَلَمَّا	رَاَوْهَا	قَالُوْٓا	اِنَّا لَضَآلُّوْنَ	بَلْ نَحْنُ	مَحْرُوْمُوْنَ	قَالَ
بخیلی پر	وہ قادر ہیں	پھر جب	انہوں نے اسے دیکھا	وہ بولے	بیشک ہم راہ بھول گئے ہیں	بلکہ ہم	محروم ہو گئے ہیں	کہا

کہ وہ بخیلی پر قادر ہیں۔ پھر جب انہوں نے اسے دیکھا تو بولے۔ بیشک ہم راہ بھول گئے ہیں بلکہ ہم محروم (بدنصیب) ہو گئے ہیں۔ کہا

اَوْسَطُهُمْ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ لَوْلَا تُسَبِّحُوْنَ ㉘ قَالُوْا سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ㉙ فَاَقْبَلَ

اَوْسَطُهُمْ	اَلَمْ اَقُلْ	لَّكُمْ	لَوْلَا تُسَبِّحُوْنَ	قَالُوْا	سُبْحٰنَ	رَبِّنَآ	اِنَّا كُنَّا	ظٰلِمِيْنَ	فَاَقْبَلَ
ان کا بہترین	کیا میں نے نہیں کہا تھا	تم سے	تم تسبیح کیوں نہیں کرتے	وہ بولے	پاک ہے	ہمارا رب	بیشک ہم تھے	ظالم (جمع)	پس متوجہ ہوا

ان کے بہترین آدمی نے کہا میں نے تم سے نہیں کہا تھا تم تسبیح کیوں نہیں کرتے؟ وہ بولے پاک ہے ہمارا رب بےشک ہم ظالم تھے۔ پھر متوجہ ہوا

بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَلَاوَمُوْنَ ㉚ قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا طٰغِيْنَ ㉛ عَسٰى رَبُّنَآ اَنْ

بَعْضُهُمْ	عَلٰى بَعْضٍ	يَّتَلَاوَمُوْنَ	قَالُوْا	يٰوَيْلَنَآ	اِنَّا كُنَّا	طٰغِيْنَ	عَسٰى	رَبُّنَآ	اَنْ
ان کا بعض (ایک)	بعض (دوسرے) پر	ایکدوسرے کو ملامت کرتے ہوئے	وہ بولے	ہائے ہماری خرابی	بیشک ہم تھے	سرکش (جمع)	امید ہے	ہمارا رب	کہ

ان میں سے ایک دوسرے کو ملامت کرتے ہوئے (لگے ایک دوسرے کو ملامت کرنے)۔ وہ بولے ہائے ہماری خرابی! بیشک ہم (ہی) سرکش تھے امید ہے ہمارا رب کہ

يُبْدِلَنَا خَيْرًا مِّنْهَآ اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا رٰغِبُوْنَ ﴿۳۲﴾ كَذٰلِكَ الْعَذَابُ ۭ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ

يُبْدِلَنَا	خَيْرًا	مِّنْهَآ	اِنَّآ	اِلٰى رَبِّنَا	رٰغِبُوْنَ	كَذٰلِكَ	الْعَذَابُ	وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ	اَكْبَرُ
ہمیں بدلے میں دے	بہتر	اس سے	بیشک ہم	اپنے رب کی طرف	راغب (رجوع کرنیوالے) ہیں	یوں (ہوتا ہے)	عذاب	اور البتہ آخرت کا عذاب	سب سے بڑا

ہمیں اس سے بہتر بدلے میں دے، بیشک ہم اپنے رب کی طرف رجوع کرنے والے ہیں۔ یوں ہوتا ہے عذاب! اور آخرت کا عذاب البتہ سب سے بڑا ہے۔

لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۳﴾ اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۳۴﴾ اَفَنَجْعَلُ الْمُسْلِمِيْنَ

لَوْ	كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ	اِنَّ	لِلْمُتَّقِيْنَ	عِنْدَ رَبِّهِمْ	جَنّٰتِ النَّعِيْمِ	اَفَنَجْعَلُ	الْمُسْلِمِيْنَ
کاش	وہ جانتے ہوتے	بیشک	پرہیزگاروں کے لئے	ان کے رب کے پاس	نعمتوں کے باغات	تو کیا ہم کر دیں گے	مسلمانوں

کاش! وہ جانتے ہوتے۔ بے شک پرہیزگاروں کے لئے ان کے رب کے ہاں نعمتوں کے باغات ہیں۔ تو کیا ہم مسلمانوں کو کر دیں گے

كَالْمُجْرِمِيْنَ ﴿۳۵﴾ مَا لَكُمْ ۣ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿۳۶﴾ اَمْ لَكُمْ كِتٰبٌ فِيْهِ تَدْرُسُوْنَ ﴿۳۷﴾ اِنَّ

كَالْمُجْرِمِيْنَ	مَا لَكُمْ	كَيْفَ	تَحْكُمُوْنَ	اَمْ لَكُمْ	كِتٰبٌ	فِيْهِ	تَدْرُسُوْنَ	اِنَّ
مجرموں کی طرح	کیا ہوا تمہیں	کیسا	تم فیصلہ کرتے ہو	کیا تمہارے پاس	کوئی کتاب	اس میں	تم پڑھتے ہو	بیشک

مجرموں کی طرح (محروم)؟ تمہیں کیا ہوا! تم کیسا فیصلہ کرتے ہو؟ کیا تمہارے پاس کوئی (آسمانی) کتاب ہے کہ اس میں سے تم پڑھتے ہو کہ بے شک

لَكُمْ فِيْهِ لَمَا تَخَيَّرُوْنَ ﴿۳۸﴾ اَمْ لَكُمْ اَيْمَانٌ عَلَيْنَا بَالِغَةٌ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۙ اِنَّ لَكُمْ لَمَا

لَكُمْ	فِيْهِ	لَمَا تَخَيَّرُوْنَ	اَمْ لَكُمْ	اَيْمَانٌ	عَلَيْنَا	بَالِغَةٌ	اِلٰى	يَوْمِ الْقِيٰمَةِ	اِنَّ	لَكُمْ	لَمَا
تمہارے لئے	اس میں	البتہ جو تم پسند کرتے ہو	کیا تمہارے لئے	کوئی پختہ عہد	ہم پر (ہمارے ذمے)	پہنچنے والا	تک	قیامت کے دن	بیشک	تمہارے لئے	البتہ جو

اس میں تمہارے لئے (ہوگا) جو تم پسند کرتے ہو۔ کیا تمہارے لئے ہمارے ذمے کوئی پختہ عہد ہے جو قیامت کے دن تک پہنچنے والا ہے کہ بیشک تمہارے لئے (ہوگا) جو

تَحْكُمُوْنَ ﴿۳۹﴾ سَلْهُمْ اَيُّهُمْ بِذٰلِكَ زَعِيْمٌ ﴿۴۰﴾ اَمْ لَهُمْ شُرَكَاۗءُ ښ فَلْيَاْتُوْا بِشُرَكَاۗىِٕهِمْ

تَحْكُمُوْنَ	سَلْهُمْ	اَيُّهُمْ	بِذٰلِكَ	زَعِيْمٌ	اَمْ لَهُمْ	شُرَكَاۗءُ	فَلْيَاْتُوْا	بِشُرَكَاۗىِٕهِمْ
تم فیصلہ کرتے ہو	تو ان سے پوچھ	ان میں سے کون	اس کا	ضامن (ذمہ دار)	یا ان کے	شریک (جمع)	تو چاہیے کہ وہ لائیں	اپنے شریکوں

تم فیصلہ کرتے ہو۔ تو ان سے پوچھ ان میں سے کون اس کا ذمہ دار ہے؟ یا ان کے شریک ہیں؟ تو چاہیئے کہ وہ اپنے شریکوں کو لائیں

اِنْ كَانُوْا صٰدِقِيْنَ ﴿۴۱﴾ يَوْمَ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ وَّيُدْعَوْنَ اِلَى السُّجُوْدِ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿۴۲﴾

اِنْ	كَانُوْا	صٰدِقِيْنَ	يَوْمَ	يُكْشَفُ	عَنْ	سَاقٍ	وَّيُدْعَوْنَ	اِلَى السُّجُوْدِ	فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ
اگر	وہ ہیں	سچے	جس دن	کھول دیا جائے گا	سے	پنڈلی	اور وہ بلائے جائیں گے	سجدوں کے لئے	تو وہ نہ کر سکیں گے

اگر وہ سچے ہیں۔ جس دن پنڈلی سے (پردہ) کھول دیا جائے گا، اور وہ سجدوں کے لئے بلائے جائیں گے تو وہ نہ کر سکیں گے۔

خَاشِعَةً اَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ؕ وَقَدْ كَانُوْا يُدْعَوْنَ اِلَى السُّجُوْدِ وَهُمْ

خَاشِعَةً	اَبْصَارُهُمْ	تَرْهَقُهُمْ	ذِلَّةٌ	وَقَدْ	كَانُوْا يُدْعَوْنَ	اِلَى السُّجُوْدِ	وَهُمْ
جھکی ہوئی	ان کی آنکھیں	ان پر چھائی ہوئی	ذلت	اور تحقیق	بلائے جاتے ہیں	سجدوں کے لئے	جبکہ وہ

ان کی آنکھیں جھکی ہوئی ہونگی، اور ان پر ذلت چھائی ہوئی ہوگی، اور (اس سے قبل) وہ سجدوں کے لئے بلائے جاتے تھے، جبکہ وہ

سٰلِمُوْنَ ﴿۴۳﴾ فَذَرْنِيْ وَمَنْ يُّكَذِّبُ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ ؕ سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ

سٰلِمُوْنَ	فَذَرْنِيْ	وَمَنْ يُّكَذِّبُ	بِهٰذَا الْحَدِيْثِ	سَنَسْتَدْرِجُهُمْ	مِّنْ حَيْثُ	لَا يَعْلَمُوْنَ
(صحیح) سالم (جمع)	پس مجھے چھوڑ دو	اور وہ جو جھٹلاتا ہے	اس بات کو	جلد ہم انہیں آہستہ آہستہ کھینچیں گے	اس طرح	وہ جانتے نہ ہوں گے

صحیح سالم تھے۔ پس جو اس بات کو جھٹلاتا ہے اس کو مجھ پر چھوڑ دو۔ ہم جلد انہیں اس طرح آہستہ آہستہ کھینچیں گے کہ وہ جانتے نہ ہوں گے۔

وَاُمْلِيْ لَهُمْ ؕ اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ﴿۴۵﴾ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ اَجْرًا فَهُمْ مِّنْ مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُوْنَ ﴿۴۶﴾ اَمْ

وَاُمْلِيْ	لَهُمْ	اِنَّ	كَيْدِيْ	مَتِيْنٌ	اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ	اَجْرًا	فَهُمْ	مِّنْ	مَّغْرَمٍ	مُّثْقَلُوْنَ	اَمْ
اور میں ڈھیل دیتا ہوں	ان کو	بیشک	میری خفیہ تدبیر	بڑی قوی	کیا آپ مانگتے ہیں ان سے	کوئی اجر	کہ وہ	سے	تاوان	بوجھل (دبے جاتے) ہیں	یا

اور میں انہیں ڈھیل دیتا ہوں، بیشک میری خفیہ تدبیر بڑی قوی ہے۔ کیا آپ ان سے کوئی اجر مانگتے ہیں؟ کہ وہ (اس) تاوان (کے بوجھ) سے دبے جاتے ہیں۔ یا

عِنْدَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُوْنَ ﴿۴۷﴾ فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تَكُنْ كَصَاحِبِ الْحُوْتِ ۘ

عِنْدَهُمُ	الْغَيْبُ	فَهُمْ	يَكْتُبُوْنَ	فَاصْبِرْ	لِحُكْمِ	رَبِّكَ	وَلَا تَكُنْ	كَصَاحِبِ الْحُوْتِ
ان کے پاس	علم غیب	کہ وہ	لکھ لیتے ہیں	پس آپ صبر کریں	حکم کے لئے	اپنا رب	اور نہ ہوں	مچھلی والے (یونسؑ) کی طرح

ان کے پاس علم غیب ہے؟ کہ وہ لکھ لیتے ہیں۔ پس آپ اپنے رب کے حکم (کے انتظار) کے لئے صبر کریں، اور یونسؑ کی طرح نہ ہوں

اِذْ نَادٰى وَهُوَ مَكْظُوْمٌ ﴿۴۸﴾ لَوْلَآ اَنْ تَدٰرَكَهٗ نِعْمَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ لَنُبِذَ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ مَذْمُوْمٌ ﴿۴۹﴾

اِذْ نَادٰى	وَهُوَ	مَكْظُوْمٌ	لَوْلَآ اَنْ تَدٰرَكَهٗ	نِعْمَةٌ	مِّنْ رَّبِّهٖ	لَنُبِذَ بِالْعَرَآءِ	وَهُوَ	مَذْمُوْمٌ
جب اس نے پکارا	اور وہ	غم سے بھرا ہوا	اگر نہ اسکو پا لیا (سنبھالا) ہوتا	احسان	اسکے رب کا	البتہ ڈالا جاتا چٹیل میدان میں	اور وہ	ملامت زدہ (ابتر حال)

جب اس نے (اللہ تعالیٰ کو) پکارا اور وہ غم سے بھرا ہوا تھا۔ اگر اس کے رب کے احسان نے اسکو نہ سنبھالا ہوتا تو البتہ وہ چٹیل میدان میں بدحال ڈالا جاتا اور اس کا حال ابتر رہتا

فَاجْتَبٰهُ رَبُّهٗ فَجَعَلَهٗ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۵۰﴾ وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ

فَاجْتَبٰهُ	رَبُّهٗ	فَجَعَلَهٗ	مِنَ	الصّٰلِحِيْنَ	وَاِنْ يَّكَادُ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	لَيُزْلِقُوْنَكَ
پس اسکو برگزیدہ کیا	اسکا رب	پس اسکو کر لیا	سے	نیکوکاروں	اور تحقیق قریب ہے	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	کہ وہ آپ کو پھسلا دیں گے

پس اس کے رب نے اسے برگزیدہ کیا تو اسے نیکوکاروں میں سے کر لیا۔ اور تحقیق قریب ہے (ایسا لگتا ہے) کہ کافر آپ کو پھسلا دیں گے،

بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُولُونَ اِنَّهٗ لَمَجْنُونٌ ﴿۵۱﴾ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِينَ ﴿۵۲﴾

بِاَبْصَارِهِمْ	لَمَّا	سَمِعُوا	الذِّكْرَ	وَيَقُولُونَ	اِنَّهٗ	لَمَجْنُونٌ	وَمَا هُوَ	اِلَّا	ذِكْرٌ	لِّلْعٰلَمِينَ
اپنی نگاہوں سے	جب	وہ سنتے ہیں	(کتاب) نصیحت	اور وہ کہتے ہیں	بیشک یہ	البتہ دیوانہ	حالانکہ یہ نہیں	مگر	نصیحت	تمام جہانوں کے لئے

اپنی نگاہوں سے جب وہ اس کتاب نصیحت کو سنتے ہیں اور وہ کہتے ہیں کہ بیشک یہ دیوانہ ہے، حالانکہ یہ نہیں مگر تمام جہانوں کے لئے نصیحت (صرف اور صرف نصیحت)

آیاتہا ۵۲ | ۶۹ = سُوْرَةُ الْحَاقَّةِ مَكِّيَّةٌ = ۷۸ | فیہا رکوعان

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا، نہایت مہربان ہے۔

اَلْحَاقَّةُ ﴿۱﴾ مَا الْحَاقَّةُ ﴿۲﴾ وَمَا اَدْرٰىكَ مَا الْحَاقَّةُ ﴿۳﴾ كَذَّبَتْ ثَمُودُ وَعَادٌ بِالْقَارِعَةِ

اَلْحَاقَّةُ	مَا الْحَاقَّةُ	وَمَا	اَدْرٰىكَ	مَا الْحَاقَّةُ	كَذَّبَتْ	ثَمُودُ	وَعَادٌ	بِالْقَارِعَةِ
سچ مچ ہونے والی (قیامت)	کیا ہے قیامت؟	اور کیا	تم سمجھے	کیا ہے قیامت!	جھٹلایا	ثمود	اور عاد	کھڑکھڑانے والی کو

سچ مچ ہونے والی قیامت۔ کیا ہے قیامت؟ اور تم کیا سمجھے کیا ہے قیامت؟ ثمود اور عاد نے کھڑکھڑانے والی (قیامت) کو جھٹلایا۔

فَاَمَّا ثَمُودُ فَاُهْلِكُوا بِالطَّاغِيَةِ ﴿۵﴾ وَاَمَّا عَادٌ فَاُهْلِكُوا بِرِيحٍ صَرْصَرٍ

فَاَمَّا	ثَمُودُ	فَاُهْلِكُوا	بِالطَّاغِيَةِ	وَاَمَّا	عَادٌ	فَاُهْلِكُوا	بِرِيحٍ	صَرْصَرٍ
پس جو	ثمود	تو وہ ہلاک کئے گئے	بڑی زور کی آواز سے	اور جو	عاد	تو وہ ہلاک کئے گئے	ہوا سے	تند و تیز

پس جو ثمود (تھے)، وہ بڑی زوردار آواز سے ہلاک کئے گئے۔ اور جو عاد (تھے) تو وہ ہلاک کئے گئے تند و تیز ہوا سے

عَاتِيَةٍ ﴿۶﴾ سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ وَّثَمٰنِيَةَ اَيَّامٍ حُسُومًا فَتَرَى الْقَوْمَ فِيهَا صَرْعٰى

عَاتِيَةٍ	سَخَّرَهَا	عَلَيْهِمْ	سَبْعَ لَيَالٍ	وَّثَمٰنِيَةَ	اَيَّامٍ	حُسُومًا	فَتَرَى الْقَوْمَ	فِيهَا	صَرْعٰى
حد سے زیادہ بڑھی ہوئی	اللہ نے اس کو مسخر کیا	ان پر	سات رات	اور آٹھ	دن	لگاتار	پھر تو دیکھتا اس قوم کو	اس میں	گری ہوئی

حد سے زیادہ بڑھی ہوئی۔ اسی (اللہ) نے اس (آندھی) کو ان پر لگاتار سات رات اور آٹھ دن مسلط کر دیا پس تو اس قوم کو اس پر دیکھتا (زمین پر) گری ہوئی

كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ ﴿۷﴾ فَهَلْ تَرٰى لَهُمْ مِّنْ بَاقِيَةٍ ﴿۸﴾ وَجَآءَ فِرْعَوْنُ وَمَنْ قَبْلَهٗ

كَاَنَّهُمْ	اَعْجَازُ	نَخْلٍ	خَاوِيَةٍ	فَهَلْ تَرٰى	لَهُمْ	مِّنْ بَاقِيَةٍ	وَجَآءَ	فِرْعَوْنُ	وَمَنْ قَبْلَهٗ
گویا وہ	تنے	کھجور	کھوکھلے	تو کیا تو دیکھتا ہے	ان کا	کوئی بقیہ	اور آیا	فرعون	اور اس کے پہلے لوگ

گویا وہ کھجور کے کھوکھلے تنے ہیں۔ تو کیا تو ان کا کوئی بقیہ دیکھتا ہے؟ اور فرعون آیا اور اس سے پہلے کے لوگ

وَالْمُؤْتَفِكٰتُ بِالْخَاطِئَةِ ﴿۹﴾ فَعَصَوْا رَسُوْلَ رَبِّهِمْ فَاَخَذَهُمْ اَخْذَةً رَّابِيَةً ﴿۱۰﴾ اِنَّا لَمَّا

وَالْمُؤْتَفِكٰتُ	بِالْخَاطِئَةِ	فَعَصَوْا	رَسُوْلَ رَبِّهِمْ	فَاَخَذَهُمْ	اَخْذَةً	رَّابِيَةً	اِنَّا لَمَّا
اور الٹی ہوئی بستیوں والے	خطاؤں کے ساتھ	سو انہوں نے نافرمانی کی	اپنے رب کے رسول کی	تو انہیں پکڑا	گرفت	سخت	بیشک جب

اور الٹی ہوئی بستیوں والے خطاؤں کے ساتھ - سو انہوں نے اپنے رب کے رسولؐ کی نافرمانی کی تو انہیں سخت گرفت نے پکڑا - بیشک جب

طَغَا الْمَآءُ حَمَلْنٰكُمْ فِي الْجَارِيَةِ ﴿۱۱﴾ لِنَجْعَلَهَا لَكُمْ تَذْكِرَةً وَّتَعِيَهَآ اُذُنٌ وَّاعِيَةٌ ﴿۱۲﴾ فَاِذَا نُفِخَ

طَغَا	الْمَآءُ	حَمَلْنٰكُمْ	فِي الْجَارِيَةِ	لِنَجْعَلَهَا	لَكُمْ	تَذْكِرَةً	وَّتَعِيَهَآ	اُذُنٌ	وَّاعِيَةٌ	فَاِذَا نُفِخَ
طغیانی پر آیا	پانی	ہم نے تمہیں سوار کیا	کشتی میں	تاکہ ہم اس کو بنائیں	تمہارے لئے	یادگار	اور اسے یاد رکھے	کان	یاد رکھنے والا	پس جب پھونک کی جائیگی

پانی طغیانی پر آیا ہم نے تمہیں کشتی میں سوار کیا، تاکہ ہم اسے تمہارے لئے یادگار بنائیں، اور یاد رکھنے والا کان اسے یاد رکھے - پس جب پھونکی جائے گی

فِي الصُّوْرِ نَفْخَةٌ وَّاحِدَةٌ ﴿۱۳﴾ وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ﴿۱۴﴾

فِي الصُّوْرِ	نَفْخَةٌ	وَّاحِدَةٌ	وَّحُمِلَتِ	الْاَرْضُ	وَالْجِبَالُ	فَدُكَّتَا	دَكَّةً	وَّاحِدَةً
صور میں	پھونک	یکبارگی	اور اٹھائی جائیگی	زمین	اور پہاڑ	پس ریزہ ریزہ کر دیئے جائیں گے	ریزہ ریزہ	یکبارگی

صور میں یک بارگی پھونک - اور اٹھائی جائے گی زمین اور پہاڑ، پس وہ یک بارگی ریزہ ریزہ کر دیئے جائیں گے۔

فَيَوْمَئِذٍ وَّقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ﴿۱۵﴾ وَانْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَّاهِيَةٌ ﴿۱۶﴾ وَّالْمَلَكُ

فَيَوْمَئِذٍ	وَّقَعَتِ	الْوَاقِعَةُ	وَانْشَقَّتِ	السَّمَآءُ	فَهِيَ	يَوْمَئِذٍ	وَّاهِيَةٌ	وَّالْمَلَكُ
پس اس دن	ہو پڑے گی	وہ ہونے والی	اور پھٹ جائے گا	آسمان	تو وہ	اس دن	بالکل کمزور	اور فرشتے

پس اس دن وہ ہونے والی ہو پڑے گی، اور آسمان پھٹ جائے گا، تو وہ اس دن بالکل کمزور ہوگا - اور فرشتے (آ جائیں گے)

عَلٰٓى اَرْجَآئِهَا ۭ وَيَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمٰنِيَةٌ ﴿۱۷﴾ يَوْمَئِذٍ تُعْرَضُوْنَ

عَلٰى	اَرْجَآئِهَا	وَيَحْمِلُ	عَرْشَ رَبِّكَ	فَوْقَهُمْ	يَوْمَئِذٍ	ثَمٰنِيَةٌ	يَوْمَئِذٍ	تُعْرَضُوْنَ
پر	اس کے کناروں	اور وہ اٹھائیں گے	تمہارے رب کا عرش	اپنے اوپر	اس دن	آٹھ	جس دن	تم پیش کئے جاؤ گے

اس کے (آسمان کے) کناروں پر اور آٹھ فرشتے تمہارے رب کا عرش اٹھائے ہوئے ہوں گے - جس دن تم پیش کئے جاؤ گے

لَا تَخْفٰى مِنْكُمْ خَافِيَةٌ ﴿۱۸﴾ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ فَيَقُوْلُ هَآؤُمُ اقْرَءُوْا

لَا تَخْفٰى	مِنْكُمْ	خَافِيَةٌ	فَاَمَّا	مَنْ	اُوْتِيَ	كِتٰبَهٗ	بِيَمِيْنِهٖ	فَيَقُوْلُ	هَآؤُمُ	اقْرَءُوْا
نہ پوشیدہ رہے گی	تم سے تمہاری	کوئی چیز پوشیدہ	پس جس کو		دیا گیا	اس کی کتاب (اعمالنامہ)	اس کے دائیں ہاتھ میں	تو وہ کہے گا	لو	پڑھو

تمہاری کوئی چیز پوشیدہ نہ رہے گی - پس جس کو اس کا اعمالنامہ اس کے دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا وہ (دوسروں کو) کہے گا لو پڑھو

كِتٰبِيَهْ ﴿١٩﴾ اِنِّىْ ظَنَنْتُ اَنِّىْ مُلٰقٍ حِسَابِيَهْ ﴿٢٠﴾ فَهُوَ فِىْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ﴿٢١﴾ فِىْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ

كِتٰبِيَهْ	اِنِّىْ ظَنَنْتُ	اَنِّىْ مُلٰقٍ	حِسَابِيَهْ	فَهُوَ	فِىْ	عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ	فِىْ	جَنَّةٍ عَالِيَةٍ
میرا اعمالنامہ	میں یقین رکھتا تھا	کہ میں ملوں گا	اپنے حساب سے	پس وہ	میں	پسندیدہ زندگی	میں	بہشت بریں

میرا اعمالنامہ۔ بیشک میں یقین رکھتا تھا کہ میں اپنے حساب سے ملوں گا۔ پس وہ پسندیدہ زندگی میں ہوگا ، بہشت بریں میں۔

قُطُوْفُهَا دَانِيَةٌ ﴿٢٣﴾ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـئًۢا بِمَآ اَسْلَفْتُمْ فِى الْاَيَّامِ الْخَالِيَةِ ﴿٢٤﴾ وَاَمَّا

قُطُوْفُهَا	دَانِيَةٌ	كُلُوْا	وَاشْرَبُوْا	هَنِيْٓـئًۢا	بِمَآ اَسْلَفْتُمْ	فِىْ	الْاَيَّامِ الْخَالِيَةِ	وَاَمَّا
جس کے میوے	قریب	تم کھاؤ	اور تم پیو	مزے سے	اسکے بدلے جو تم نے بھیجا	میں	گزرے ہوئے ایام	اور رہا

جن کے میوے قریب (جھکے ہوئے) ہیں۔ تم مزے سے کھاؤ پیو، اسکے بدلے جو تم نے (دنیا کے) گزرے ہوئے ایام میں بھیجا ہے۔ اور رہا وہ

مَنْ اُوْتِىَ كِتٰبَهٗ بِشِمَالِهٖ ۙ فَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِىْ لَمْ اُوْتَ كِتٰبِيَهْ ﴿٢٥﴾ وَلَمْ اَدْرِ مَا حِسَابِيَهْ

مَنْ	اُوْتِىَ كِتٰبَهٗ	بِشِمَالِهٖ	فَيَقُوْلُ	يٰلَيْتَنِىْ	لَمْ اُوْتَ	كِتٰبِيَهْ	وَلَمْ اَدْرِ	مَا حِسَابِيَهْ
جو، جس	اسکا اعمالنامہ دیا گیا	اسکے بائیں ہاتھ میں	تو وہ کہے گا	اے کاش	مجھے نہ دیا جاتا	میرا اعمالنامہ	اور میں نہ جانتا	کیا ہے میرا حساب؟

جس کو اس کا اعمالنامہ اس کے بائیں ہاتھ میں دیا گیا تو وہ کہے گا اے کاش! مجھے میرا اعمالنامہ نہ دیا جاتا، اور میں نہ جانتا کہ میرا حساب کیا ہے؟

يٰلَيْتَهَا كَانَتِ الْقَاضِيَةَ ﴿٢٧﴾ مَآ اَغْنٰى عَنِّىْ مَالِيَهْ ﴿٢٨﴾ هَلَكَ عَنِّىْ سُلْطٰنِيَهْ ﴿٢٩﴾

يٰلَيْتَهَا	كَانَتِ	الْقَاضِيَةَ	مَآ اَغْنٰى	عَنِّىْ	مَالِيَهْ	هَلَكَ	عَنِّىْ	سُلْطٰنِيَهْ
اے کاش	(موت) ہوتی	قصہ چکا دینے والی	کام نہ آیا	میرے	میرا مال	جاتی رہی	مجھ سے	میری بادشاہی

اے کاش! موت ہی قصہ چکا دینے والی ہوتی۔ میرا مال میرے کام نہ آیا۔ میری بادشاہی مجھ سے جاتی رہی۔

خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ ﴿٣٠﴾ ثُمَّ الْجَحِيْمَ صَلُّوْهُ ﴿٣١﴾ ثُمَّ فِىْ سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ

خُذُوْهُ	فَغُلُّوْهُ	ثُمَّ	الْجَحِيْمَ	صَلُّوْهُ	ثُمَّ	فِىْ	سِلْسِلَةٍ	ذَرْعُهَا	سَبْعُوْنَ
تم اس کو پکڑو	پس اسے طوق پہناؤ	پھر	جہنم	اسے ڈال دو	پھر		ایک زنجیر میں	جس کی پیمائش	ستر

(فرشتوں کو حکم ہوگا) تم اس کو پکڑو، اسے طوق پہناؤ، پھر اسے جہنم میں ڈال دو۔ پھر ایک زنجیر میں جس کی پیمائش ستر

ذِرَاعًا فَاسْلُكُوْهُ ﴿٣٢﴾ اِنَّهٗ كَانَ لَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ ﴿٣٣﴾ وَلَا يَحُضُّ عَلٰى

ذِرَاعًا	فَاسْلُكُوْهُ	اِنَّهٗ	كَانَ لَا يُؤْمِنُ	بِاللّٰهِ	الْعَظِيْمِ	وَ	لَا يَحُضُّ	عَلٰى
ہاتھ	پس تم اس کو جکڑ دو	بیشک وہ	ایمان نہیں لاتا تھا	اللہ پر	بزرگ و برتر	اور	وہ رغبت نہ دلاتا تھا	پر

ہاتھ ہے پس تم اس کو جکڑ دو۔ بے شک وہ اللہ بزرگ و برتر پر ایمان نہیں لاتا تھا اور وہ (دوسروں کو بھی) رغبت نہ دلاتا تھا،

طَعَامِ الْمِسْكِينِ ﴿٣٤﴾ فَلَيْسَ لَهُ الْيَوْمَ هٰهُنَا حَمِيمٌ ﴿٣٥﴾ وَلَا طَعَامٌ إِلَّا مِنْ غِسْلِينٍ ﴿٣٦﴾

طَعَامِ	الْمِسْكِينِ	فَلَيْسَ لَهُ	الْيَوْمَ	هٰهُنَا	حَمِيمٌ	وَلَا طَعَامٌ	إِلَّا	مِنْ	غِسْلِينٍ
کھلانا	محتاج	پس نہیں اس کا	آج	یہاں	کوئی دوست	اور نہ کھانا	مگر سوا	سے	پیپ

محتاج کو کھلانے کی۔ پس آج یہاں اس کا کوئی دوست نہیں ۔ اور (دوزخیوں کی) پیپ کے سوا (اس کے لئے) کوئی کھانا نہیں۔

لَا يَأْكُلُهُ إِلَّا الْخَاطِئُونَ ﴿٣٧﴾ فَلَا أُقْسِمُ بِمَا تُبْصِرُونَ ﴿٣٨﴾ وَمَا لَا تُبْصِرُونَ ﴿٣٩﴾

لَا يَأْكُلُهُ	إِلَّا	الْخَاطِئُونَ	فَلَا أُقْسِمُ	بِمَا تُبْصِرُونَ	وَمَا	لَا تُبْصِرُونَ
اسے نہ کھائے گا	سوا	خطاکاروں	پس میں قسم کھاتا ہوں	اس کی جو تم دیکھتے ہو	اور جو	تم نہیں دیکھتے

اسے خطاکاروں کے سوا کوئی نہ کھائے گا۔ پس میں اس کی قسم کھاتا ہوں جو تم دیکھتے ہو۔ اور جو تم نہیں دیکھتے۔

إِنَّهُ لَقَوْلُ رَسُولٍ كَرِيمٍ ﴿٤٠﴾ وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ ۚ قَلِيلًا مَا تُؤْمِنُونَ ﴿٤١﴾ وَلَا بِقَوْلِ

إِنَّهُ	لَقَوْلُ	رَسُولٍ كَرِيمٍ	وَمَا هُوَ	بِقَوْلِ شَاعِرٍ	قَلِيلًا	مَا تُؤْمِنُونَ	وَلَا بِقَوْلِ
بیشک یہ	البتہ کلام	ایک بزرگ پہنچانے والے (فرشتہ) کا	اور یہ نہیں	کسی شاعر کا کلام	بہت کم	تم ایمان لاتے ہو	اور نہ قول ہے

بیشک یہ البتہ بزرگ فرشتے کا (لایا ہوا) کلام ہے ۔ اور یہ کسی شاعر کا کلام نہیں، تم بہت کم ایمان لاتے ہو۔ اور نہ قول ہے

كَاهِنٍ ۚ قَلِيلًا مَا تَذَكَّرُونَ ﴿٤٢﴾ تَنْزِيلٌ مِنْ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿٤٣﴾ وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ

كَاهِنٍ	قَلِيلًا	مَا تَذَكَّرُونَ	تَنْزِيلٌ	مِنْ	رَبِّ الْعَالَمِينَ	وَلَوْ	تَقَوَّلَ	عَلَيْنَا	بَعْضَ
کسی کاہن	بہت کم	تم نصیحت پکڑتے ہو	اُتارا ہوا	سے	تمام جہانوں کا رب	اور اگر	بنا کر لاتا	ہم پر	بعض۔ کچھ

کسی کاہن کا بہت کم تم نصیحت پکڑتے ہو۔ تمام جہانوں کے رب (کی طرف) سے آتارا ہوا ہے۔ اور اگر وہ ہم پر بنا کر لاتا کچھ

الْأَقَاوِيلِ ﴿٤٤﴾ لَأَخَذْنَا مِنْهُ بِالْيَمِينِ ﴿٤٥﴾ ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِينَ ﴿٤٦﴾ فَمَا مِنْكُمْ

الْأَقَاوِيلِ	لَأَخَذْنَا	مِنْهُ	بِالْيَمِينِ	ثُمَّ	لَقَطَعْنَا	مِنْهُ	الْوَتِينَ	فَمَا	مِنْكُمْ
باتیں	تو یقیناً ہم پکڑ لیتے	اس کا	دایاں ہاتھ	پھر	ہم البتہ کاٹ دیتے	اس کی	رگ، گردن	سو نہیں	تم میں سے

باتیں تو یقیناً ہم اس کا دایاں ہاتھ پکڑ لیتے ۔ پھر البتہ ہم اس کی رگ گردن کاٹ دیتے۔ سو تم میں سے نہیں

مِنْ أَحَدٍ عَنْهُ حَاجِزِينَ ﴿٤٧﴾ وَإِنَّهُ لَتَذْكِرَةٌ لِلْمُتَّقِينَ ﴿٤٨﴾ وَإِنَّا لَنَعْلَمُ أَنَّ مِنْكُمْ

مِنْ أَحَدٍ	عَنْهُ	حَاجِزِينَ	وَإِنَّهُ	لَتَذْكِرَةٌ	لِلْمُتَّقِينَ	وَإِنَّا لَنَعْلَمُ	أَنَّ	مِنْكُمْ
کوئی	اس سے	روکنے والا	اور بیشک یہ	البتہ ایک نصیحت	پرہیزگاروں کے لئے	اور بیشک ہم البتہ جانتے ہیں	کہ	تم میں سے

کوئی بھی اس سے روکنے والا۔ اور بیشک یہ (قرآن) پرہیزگاروں کے لئے البتہ نصیحت ہے ۔ اور بیشک ہم ضرور جانتے ہیں کہ تم میں کچھ

مُكَذِّبِيْنَ ﴿۴۹﴾ وَاِنَّهٗ لَحَسْرَةٌ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۵۰﴾ وَاِنَّهٗ لَحَقُّ الْيَقِيْنِ ﴿۵۱﴾ فَسَبِّحْ

مُكَذِّبِيْنَ	وَاِنَّهٗ	لَحَسْرَةٌ	عَلَى الْكٰفِرِيْنَ	وَاِنَّهٗ	لَحَقُّ الْيَقِيْنِ	فَسَبِّحْ
جھٹلانے والے	اور بیشک یہ	حسرت	کافروں پر	اور بیشک یہ	یقینی حق	پس پاکیزگی بیان کرو

جھٹلانے والے ہیں۔ اور بیشک یہ کافروں پر حسرت ہے۔ اور بیشک یہ یقینی حق ہے۔ پس پاکیزگی بیان کرو،

بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿۵۲﴾ ع

بِاسْمِ	رَبِّكَ	الْعَظِيْمِ
نام کے ساتھ۔ کی	اپنے رب	عظمت والے

اپنے عظمت والے رب کے نام کی۔

آیاتہا ۴۴ — ۷۰ سُوْرَةُ الْمَعَارِجِ مَكِّيَّةٌ ۷۹ — فیہا رکوعان ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا، نہایت مہربان ہے۔

سَاَلَ سَآئِلٌۢ بِعَذَابٍ وَّاقِعٍ ﴿۱﴾ لِّلْكٰفِرِيْنَ لَيْسَ لَهٗ دَافِعٌ ﴿۲﴾ مِّنَ اللّٰهِ ذِي الْمَعَارِجِ ﴿۳﴾

سَاَلَ	سَآئِلٌ	بِعَذَابٍ وَّاقِعٍ	لِّلْكٰفِرِيْنَ	لَيْسَ لَهٗ	دَافِعٌ	مِّنَ اللّٰهِ	ذِي الْمَعَارِجِ
مانگا	ایک مانگنے والا	عذاب واقع ہونے والا	کافروں پر	نہیں اس کے لئے	کوئی دفع کرنیوالا	اللہ کی طرف سے	سیڑھیوں (درجات) کا مالک

ایک مانگنے والے (منکرِ عذاب) نے عذاب مانگا (جو) کافروں پر واقع ہونیوالا ہے۔ اسے کوئی دفع کرنے والا نہیں، درجات کے مالک اللہ کی طرف سے (ہوگا)،

تَعْرُجُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ ﴿۴﴾ فَاصْبِرْ

تَعْرُجُ	الْمَلٰٓئِكَةُ	وَالرُّوْحُ	اِلَيْهِ	فِيْ يَوْمٍ	كَانَ مِقْدَارُهٗ	خَمْسِيْنَ اَلْفَ	سَنَةٍ	فَاصْبِرْ
چڑھتے ہیں	فرشتے	اور روح الامین	اس کی طرف	ایک دن میں	جس کی مقدار ہے	پچاس ہزار	سال	پس آپ صبر کریں

اس کی طرف روح الامین (جبریلؑ) اور فرشتے ایک دن میں چڑھتے ہیں جس کی مقدار پچاس ہزار برس کی ہے، پس آپ (ان کی باتوں پر) صبر کریں

صَبْرًا جَمِيْلًا ﴿۵﴾ اِنَّهُمْ يَرَوْنَهٗ بَعِيْدًا ﴿۶﴾ وَّنَرٰىهُ قَرِيْبًا ﴿۷﴾ يَوْمَ تَكُوْنُ السَّمَآءُ كَالْمُهْلِ ﴿۸﴾

صَبْرًا جَمِيْلًا	اِنَّهُمْ	يَرَوْنَهٗ	بَعِيْدًا	وَّنَرٰىهُ	قَرِيْبًا	يَوْمَ تَكُوْنُ	السَّمَآءُ	كَالْمُهْلِ
صبرِ جمیل	بیشک وہ	اسے دیکھ رہے ہیں	دور	اور ہم اسے دیکھتے ہیں	قریب	جس دن ہوگا	آسمان	پگھلے ہوئے تانبے کی طرح

صبرِ جمیل۔ بیشک وہ اسے دور دیکھ (سمجھ) رہے ہیں۔ اور ہم اسے قریب دیکھتے ہیں۔ جس دن آسمان پگھلے ہوئے تانبے کی طرح ہوگا۔

وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ ۝٩ وَلَا يَسْـَٔلُ حَمِيْمٌ حَمِيْمًا ۝١٠ يُّبَصَّرُوْنَهُمْ ۭ يَوَدُّ الْمُجْرِمُ لَوْ يَفْتَدِيْ

وَتَكُوْنُ	الْجِبَالُ	كَالْعِهْنِ	وَلَا يَسْـَٔلُ	حَمِيْمٌ	حَمِيْمًا	يُبَصَّرُوْنَهُمْ	يَوَدُّ	الْمُجْرِمُ	لَوْ يَفْتَدِيْ
اور ہوں گے	پہاڑ	جیسے رنگین اُون	اور نہ پوچھے گا	کوئی دوست	کسی دوست	وہ دکھائے جائیں گے انہیں	خواہش کرے گا	مجرم	کاش وہ فدیہ میں دے

اور پہاڑ (دھنکی ہوئی) رنگین اون کی طرح ہوں گے، اور کوئی دوست کسی دوست کو نہ پوچھے گا حالانکہ وہ انہیں دکھائے جائیں گے۔ مجرم (گنہگار) خواہش کرے گا کہ کاش وہ فدیہ میں دیدے

مِنْ عَذَابِ يَوْمِئِذٍۢ بِبَنِيْهِ ۝١١ وَصَاحِبَتِهٖ وَاَخِيْهِ ۝١٢ وَفَصِيْلَتِهِ الَّتِيْ تُـــْٔوِيْهِ ۝١٣

مِنْ عَذَابِ	يَوْمِئِذٍ	بِبَنِيْهِ	وَصَاحِبَتِهٖ	وَاَخِيْهِ	وَفَصِيْلَتِهِ	الَّتِيْ	تُؤْوِيْهِ
عذاب سے	اس دن	اپنے بیٹوں کو	اور اپنی بیوی کو	اور اپنے بھائی کو	اور اپنے کنبے کو	وہ جو	اس کو جگہ دیتا ہے

اس دن کے عذاب (سے چھوٹنے کے لئے) اپنے بیٹوں کو، اور اپنی بیوی کو، اور اپنے بھائی کو۔ اور اپنے کنبے کو، وہ جو اس کو جگہ دیتا ہے

وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۙ ثُمَّ يُنْجِيْهِ ۝١٤ كَلَّا ۭ اِنَّهَا لَظٰى ۝١٥ نَزَّاعَةً لِّلشَّوٰى ۝١٦ تَدْعُوْا

وَمَنْ	فِي الْاَرْضِ	جَمِيْعًا	ثُمَّ	يُنْجِيْهِ	كَلَّا	اِنَّهَا	لَظٰى	نَزَّاعَةً	لِّلشَّوٰى	تَدْعُوْا
اور جو	زمین میں	سب کو	پھر	یہ اسے بچالے	ہرگز نہیں	بیشک یہ	بھڑکتی ہوئی آگ	اُدھیڑنے والی	کھال کو	وہ بلاتی ہے

اور جو زمین میں ہیں سب کو (تمام اہل زمین کو) پھر یہ اسے بچالے۔ ہرگز نہیں، بیشک یہ بھڑکتی ہوئی آگ ہے کھال اُدھیڑنے والی۔ وہ (اسے) بلاتی ہے

مَنْ اَدْبَرَ وَتَوَلّٰى ۝١٧ وَجَمَعَ فَاَوْعٰى ۝١٨ اِنَّ الْاِنْسَانَ خُلِقَ هَلُوْعًا ۝١٩ اِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ

مَنْ	اَدْبَرَ	وَتَوَلّٰى	وَجَمَعَ	فَاَوْعٰى	اِنَّ الْاِنْسَانَ	خُلِقَ	هَلُوْعًا	اِذَا	مَسَّهُ الشَّرُّ
جس نے	پیٹھ پھیری	اور منہ پھیر لیا	اور (مال) جمع کیا	پھر اسے بند رکھا	بے شک انسان	پیدا کیا گیا	بڑا بے صبرا	جب	اسے برائی پہنچے

جس نے پیٹھ پھیری، اور منہ پھیر لیا، اور مال جمع کیا پھر اسے بند رکھا۔ بیشک انسان بڑا بے صبرا (کم ہمت) پیدا کیا گیا ہے۔ جب اُسے کوئی برائی پہنچے

جَزُوْعًا ۝٢٠ وَّاِذَا مَسَّهُ الْخَيْرُ مَنُوْعًا ۝٢١ اِلَّا الْمُصَلِّيْنَ ۝٢٢ الَّذِيْنَ هُمْ عَلٰي صَلَاتِهِمْ

جَزُوْعًا	وَاِذَا	مَسَّهُ الْخَيْرُ	مَنُوْعًا	اِلَّا	الْمُصَلِّيْنَ	الَّذِيْنَ	هُمْ	عَلٰى	صَلَاتِهِمْ
گھبرا اٹھنے والا	اور جب	اسے آسائش پہنچے	بخل کرنیوالا	سوائے	نمازیوں	وہ جو	وہ	پر	اپنی نماز

تو گھبرا اٹھنے والا ہے۔ اور اسے آسائش پہنچے تو بخل کرنے والا ہے۔ اُن نمازیوں کے سوا جو اپنی نماز پر

دَاۗىِٕمُوْنَ ۝٢٣ وَالَّذِيْنَ فِيْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ مَّعْلُوْمٌ ۝٢٤ لِّلسَّاۗىِٕلِ وَالْمَحْرُوْمِ ۝٢٥ وَالَّذِيْنَ

دَاۗىِٕمُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	فِيْٓ اَمْوَالِهِمْ	حَقٌّ	مَّعْلُوْمٌ	لِّلسَّاۗىِٕلِ	وَالْمَحْرُوْمِ	وَالَّذِيْنَ
ہمیشہ (پابندی) کرتے ہیں	اور وہ جو	ان کے مالوں سے	حق	ایک معلوم (مقرر)	مانگنے والے	اور محروم (نہ مانگنے والے)	اور وہ جو

پابندی کرتے ہیں۔ اور جن کے مالوں میں مانگنے والے اور نہ مانگنے والے کا ایک مقرر حق ہے۔ اور وہ جو

يُصَدِّقُوْنَ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ﴿٢٦﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ عَذَابِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ﴿٢٧﴾ اِنَّ

اِنَّ	مُّشْفِقُوْنَ	عَذَابِ رَبِّهِمْ	مِّنْ	هُمْ	وَالَّذِيْنَ	بِيَوْمِ الدِّيْنِ	يُصَدِّقُوْنَ
بیشک	ڈرنے والا	اپنے رب کا عذاب	سے	وہ	اور وہ جو	روزِ جزا کو	سچ مانتے ہیں

روزِ جزا و سزا کو سچ مانتے ہیں۔ اور وہ جو اپنے رب کے عذاب سے ڈرنے والے ہیں۔ بیشک

عَذَابَ رَبِّهِمْ غَيْرُ مَاْمُوْنٍ ﴿٢٨﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ﴿٢٩﴾ اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ

عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ	اِلَّا	حٰفِظُوْنَ	لِفُرُوْجِهِمْ	هُمْ	وَالَّذِيْنَ	غَيْرُ مَاْمُوْنٍ	عَذَابَ رَبِّهِمْ
اپنی بیویوں سے	سوائے	حفاظت کرنیوالے	اپنی شرمگاہوں کی	وہ	اور وہ جو	نڈر ہونے کی بات نہیں	ان کے رب کا عذاب

ان کے رب کا عذاب نڈر ہونے کی بات نہیں۔ اور وہ جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرنیوالے ہیں، سوائے اپنی بیویوں سے

اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ﴿٣٠﴾ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

هُمُ	فَاُولٰٓئِكَ	وَرَآءَ ذٰلِكَ	فَمَنِ ابْتَغٰى	غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ	فَاِنَّهُمْ	مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ	مَا	اَوْ
وہ	تو وہی لوگ	اس کے سوا	پھر جو کوئی چاہے	کوئی ملامت نہیں	پس وہ بیشک	انکے دائیں ہاتھ کی ملک (باندیاں)	جو	یا

یا اپنی باندیوں سے، پس بے شک ان پر کوئی ملامت نہیں۔ پھر جو اس کے سوا چاہے تو وہی لوگ ہیں

الْعٰدُوْنَ ﴿٣١﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ﴿٣٢﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِشَهٰدٰتِهِمْ

هُمْ بِشَهٰدٰتِهِمْ	وَالَّذِيْنَ	رٰعُوْنَ	وَعَهْدِهِمْ	لِاَمٰنٰتِهِمْ	هُمْ	وَالَّذِيْنَ	الْعٰدُوْنَ
وہ اپنی گواہیوں پر	اور وہ جو	رعایت (حفاظت) کرنیوالے	اور اپنے عہد	اپنی امانتوں	وہ	اور وہ جو	حد سے بڑھنے والے

حد سے بڑھنے والے۔ اور وہ جو اپنی امانتوں اور اپنے عہد کی حفاظت کرنے والے ہیں۔ اور وہ جو اپنی گواہیوں پر

قَآئِمُوْنَ ﴿٣٣﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ﴿٣٤﴾ اُولٰٓئِكَ فِيْ جَنّٰتٍ مُّكْرَمُوْنَ ﴿٣٥﴾

مُّكْرَمُوْنَ	فِيْ جَنّٰتٍ	اُولٰٓئِكَ	يُحَافِظُوْنَ	عَلٰى صَلَاتِهِمْ	هُمْ	وَالَّذِيْنَ	قَآئِمُوْنَ
مکرم و معزز	باغات میں	یہی لوگ	حفاظت کرنے والے	اپنی نماز کی	وہ	اور وہ جو	قائم رہنے والے

قائم رہنے والے ہیں۔ اور وہ جو اپنی نمازوں کی حفاظت کرنیوالے ہیں۔ یہی لوگ (رہائش کے) باغات میں مکرم و معزز ہوں گے۔

فَمَالِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا قِبَلَكَ مُهْطِعِيْنَ ﴿٣٦﴾ عَنِ الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ عِزِيْنَ ﴿٣٧﴾

عِزِيْنَ	وَعَنِ الشِّمَالِ	عَنِ الْيَمِيْنِ	مُهْطِعِيْنَ	قِبَلَكَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	فَمَالِ
گروہ درگروہ	اور بائیں سے	دائیں سے	دوڑتے آرہے ہیں	آپ کی طرف	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	تو کیا ہوا

تو کافروں کو کیا ہوا کہ وہ آپ کی طرف دائیں سے اور بائیں سے گروہ درگروہ دوڑتے آرہے ہیں۔

أَيَطْمَعُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ أَنْ يُّدْخَلَ جَنَّةَ نَعِيْمٍ ﴿۳۸﴾ كَلَّا ۖ إِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّمَّا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾

أَيَطْمَعُ	كُلُّ امْرِئٍ	مِّنْهُمْ	أَنْ يُّدْخَلَ	جَنَّةَ	نَعِيْمٍ	كَلَّا	إِنَّا خَلَقْنٰهُمْ	مِّمَّا	يَعْلَمُوْنَ
کیا طمع (توقع) رکھتا ہے	ہر کوئی	ان میں سے	کہ وہ داخل کیا جائے گا	باغ	نعمتوں والا	ہرگز نہیں	بیشک ہم نے پیدا کیا انہیں	اس سے جو	وہ جانتے ہیں

کیا ان میں سے ہر کوئی توقع رکھتا ہے کہ وہ بہشت کے (نعمتوں والے باغات) میں داخل کیا جائے گا۔ ہرگز نہیں بیشک ہم نے انہیں جس چیز سے پیدا کیا وہ اسے جانتے ہیں

فَلَآ أُقْسِمُ بِرَبِّ الْمَشٰرِقِ وَالْمَغٰرِبِ إِنَّا لَقٰدِرُوْنَ ﴿۴۰﴾ عَلٰٓى أَنْ نُّبَدِّلَ خَيْرًا

فَلَآ أُقْسِمُ	بِرَبِّ الْمَشٰرِقِ	وَالْمَغٰرِبِ	إِنَّا	لَقٰدِرُوْنَ	عَلٰٓى	أَنْ نُّبَدِّلَ	خَيْرًا
پس میں قسم کھاتا ہوں	مشرقوں کا رب	اور مغربوں کا	بیشک ہم	البتہ قادر ہیں	پر	کہ ہم بدل دیں	بہتر

پس میں مشرقوں اور مغربوں کے رب کی قسم کھاتا ہوں - بیشک ہم البتہ (اس پر) قادر ہیں کہ ہم بدل دیں بہتر

مِّنْهُمْ ۙ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ﴿۴۱﴾ فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا وَيَلْعَبُوْا حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ

مِّنْهُمْ	وَمَا نَحْنُ	بِمَسْبُوْقِيْنَ	فَذَرْهُمْ	يَخُوْضُوْا	وَيَلْعَبُوْا	حَتّٰى يُلٰقُوْا	يَوْمَهُمُ
اُن سے	اور نہیں ہم	عاجز کئے جانے والے	پس انہیں چھوڑ دیں	بیہودگیوں میں پڑے رہیں	اور وہ کھیلیں	یہانتک کہ وہ ملیں	اپنے دن سے

اُن سے، اور ہم عاجز کئے جانے والے نہیں - پس انہیں چھوڑ دیں کہ بیہودگیوں میں پڑے رہیں، اور وہ کھیلیں کودیں یہانتک کہ وہ اپنے اس دن سے ملیں

الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ﴿۴۲﴾ يَوْمَ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْأَجْدَاثِ سِرَاعًا كَأَنَّهُمْ إِلٰى نُصُبٍ يُّوْفِضُوْنَ ﴿۴۳﴾

الَّذِيْ	يُوْعَدُوْنَ	يَوْمَ يَخْرُجُوْنَ	مِنَ الْأَجْدَاثِ	سِرَاعًا	كَأَنَّهُمْ	إِلٰى نُصُبٍ	يُّوْفِضُوْنَ
وہ جس کا	ان سے وعدہ کیا جاتا ہے	جس دن وہ نکلیں گے	قبروں سے	جلدی جلدی	گویا کہ وہ	نشانہ کی طرف	لپک رہے ہیں

جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے۔ جس دن وہ قبروں سے جلدی جلدی (اس طرح) نکلیں گے گویا کہ وہ نشانہ کی طرف لپک رہے ہیں -

۲ ع۹ ۸

خَاشِعَةً أَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ۭ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الَّذِيْ كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ﴿۴۴﴾

خَاشِعَةً	أَبْصَارُهُمْ	تَرْهَقُهُمْ	ذِلَّةٌ	ذٰلِكَ الْيَوْمُ	الَّذِيْ	كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ
جھکی ہوئی	اُن کی آنکھیں	اُن پر چھا رہی ہوگی	ذلت	یہ ہے وہ دن	وہ جس کا	ان سے وعدہ کیا جاتا ہے

ان کی آنکھیں جھکی ہوں گی، اُن پر ذلت چھا رہی ہوگی، یہ ہے وہ دن جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے۔

آیاتها ۲۸ — ۷۱ = سُوْرَةُ نُوْحٍ مَّكِّيَّةٌ = ۷۱ — فیها رکوعان

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

إِنَّآ أَرْسَلْنَا نُوْحًا إِلٰى قَوْمِهٖٓ أَنْ أَنْذِرْ قَوْمَكَ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَّأْتِيَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ ①

إِنَّآ أَرْسَلْنَا	نُوْحًا	إِلٰى قَوْمِهٖٓ	أَنْ أَنْذِرْ	قَوْمَكَ	مِنْ قَبْلِ	أَنْ يَّأْتِيَهُمْ	عَذَابٌ أَلِيْمٌ
بیشک ہم نے بھیجا	نوح	اس کی قوم کی طرف	کہ ڈراؤ	اپنی قوم کو	اس سے قبل	کہ ان پر آئے	دردناک عذاب

بیشک ہم نے نوحؑ کو اس کی قوم کی طرف بھیجا کہ اپنی قوم کو اس سے قبل ڈراؤ کہ ان پر دردناک عذاب آ جائے۔

قَالَ يٰقَوْمِ إِنِّيْ لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ② أَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ وَأَطِيْعُوْنِ ③ يَغْفِرْ

قَالَ	يٰقَوْمِ	إِنِّيْ	لَكُمْ	نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ	أَنِ	اعْبُدُوا اللّٰهَ	وَاتَّقُوْهُ	وَأَطِيْعُوْنِ	يَغْفِرْ
اس نے کہا	اے میری قوم	بیشک میں	تمہارے لئے	صاف صاف ڈرانے والا	کہ	تم اللہ کی عبادت کرو	اور اس سے ڈرو	اور میری اطاعت کرو	وہ بخشدے گا

اس نے کہا اے میری قوم! بیشک میں تمہارے لئے صاف صاف ڈرانے والا ہوں۔ کہ تم اللہ کی عبادت کرو، اور اس سے ڈرو اور میری اطاعت کرو، وہ بخشدے گا

لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُؤَخِّرْكُمْ إِلٰٓى أَجَلٍ مُّسَمًّى إِنَّ أَجَلَ اللّٰهِ إِذَا جَآءَ لَا يُؤَخَّرُ

لَكُمْ	مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ	وَيُؤَخِّرْكُمْ	إِلٰٓى	أَجَلٍ مُّسَمًّى	إِنَّ	أَجَلَ اللّٰهِ	إِذَا جَآءَ	لَا يُؤَخَّرُ
تمہیں	تمہارے گناہ	اور تمہیں مہلت دے گا	تک	وقت مقرر	بیشک	اللہ کا مقرر کردہ وقت	جب آ جائے گا	وہ ٹلے گا نہیں

تمہیں تمہارے گناہ، اور (موت کے) وقت مقررہ تک تمہیں مہلت دے گا۔ بیشک جب اللہ کا مقرر کردہ وقت آ جائے گا، تو وہ ٹلے گا نہیں

لَوْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ④ قَالَ رَبِّ إِنِّيْ دَعَوْتُ قَوْمِيْ لَيْلًا وَّنَهَارًا ⑤ فَلَمْ يَزِدْهُمْ دُعَآءِيْٓ

لَوْ	كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ	قَالَ	رَبِّ	إِنِّيْ دَعَوْتُ	قَوْمِيْ	لَيْلًا	وَّنَهَارًا	فَلَمْ يَزِدْهُمْ	دُعَآءِيْٓ
کاش	تم جانتے	اس نے کہا	اے میرے رب	بیشک میں نے بلایا	اپنی قوم کو	رات	اور دن	تو ان میں زیادہ نہ کیا	میرا بلانا

کاش تم جانتے۔ اس نے کہا اے میرے رب! بیشک میں نے اپنی قوم کو دن رات بلایا تو میرے بلانے نے ان میں زیادہ نہ کیا

إِلَّا فِرَارًا ⑥ وَإِنِّيْ كُلَّمَا دَعَوْتُهُمْ لِتَغْفِرَ لَهُمْ جَعَلُوْٓا أَصَابِعَهُمْ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَ

إِلَّا فِرَارًا	وَإِنِّيْ	كُلَّمَا	دَعَوْتُهُمْ	لِتَغْفِرَ	لَهُمْ	جَعَلُوْٓا	أَصَابِعَهُمْ	فِيْٓ اٰذَانِهِمْ	وَ
بھاگنے کے سوا	اور بیشک میں	جب بھی	میں نے ان کو بلایا	تاکہ تو بخشدے	انہیں	انہوں نے دے لیں	اپنی انگلیاں	اپنے کانوں میں	اور

بھاگنے کے سوا۔ اور بے شک جب بھی میں نے انہیں بلایا تاکہ تو انہیں بخشدے، انہوں نے اپنی انگلیاں اپنے کانوں میں دے لیں اور

اسْتَغْشَوْا ثِيَابَهُمْ وَأَصَرُّوا وَاسْتَكْبَرُوا اسْتِكْبَارًا ﴿۷﴾ ثُمَّ إِنِّي دَعَوْتُهُمْ جِهَارًا ﴿۸﴾

اسْتَغْشَوْا	ثِيَابَهُمْ	وَأَصَرُّوا	وَ	اسْتَكْبَرُوا	اسْتِكْبَارًا	ثُمَّ	إِنِّي دَعَوْتُهُمْ	جِهَارًا
انہوں نے لپیٹ لئے	اپنے کپڑے	اور اڑ گئے	اور	انہوں نے تکبر کیا	بڑا تکبر	پھر	بیشک میں نے بلایا انہیں	باآواز بلند

انہوں نے اپنے اوپر کپڑے لپیٹ لئے، اور وہ اڑ گئے اور انہوں نے بڑا تکبر کیا۔ پھر بیشک میں نے انہیں باآوازِ بلند بلایا

ثُمَّ إِنِّي أَعْلَنْتُ لَهُمْ وَأَسْرَرْتُ لَهُمْ إِسْرَارًا ﴿۹﴾ فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوا رَبَّكُمْ إِنَّهُ كَانَ غَفَّارًا ﴿۱۰﴾

ثُمَّ	إِنِّي أَعْلَنْتُ	لَهُمْ	وَأَسْرَرْتُ	لَهُمْ	إِسْرَارًا	فَقُلْتُ	اسْتَغْفِرُوا	رَبَّكُمْ	إِنَّهُ	كَانَ غَفَّارًا
پھر	بیشک میں نے اعلانیہ سمجھایا	انہیں	اور میں نے پوشیدہ سمجھایا	انہیں	چھپاکر	پس میں نے کہا	تم بخشش مانگو	اپنا رب	بیشک وہ	ہے بڑا بخشنے والا

پھر بیشک میں نے انہیں اعلانیہ (بھی) سمجھایا اور انہیں چھپا کر پوشیدہ (بھی) سمجھایا۔ پس میں نے کہا تم اپنے رب سے بخشش مانگو، بیشک وہ بڑا بخشنے والا ہے،

يُرْسِلِ السَّمَاءَ عَلَيْكُمْ مِدْرَارًا ﴿۱۱﴾ وَيُمْدِدْكُمْ بِأَمْوَالٍ وَبَنِينَ وَيَجْعَلْ لَكُمْ

يُرْسِلِ	السَّمَاءَ	عَلَيْكُمْ	مِدْرَارًا	وَيُمْدِدْكُمْ	بِأَمْوَالٍ	وَبَنِينَ	وَيَجْعَلْ	لَكُمْ
وہ بھیجے گا	آسمان	تم پر	مسلسل بارش	اور مدد دے گا تمہیں	مالوں کے ساتھ	اور بیٹے	اور وہ بنائے گا	تمہارے لئے

وہ آسمان سے تم پر مسلسل بارش بھیجے گا۔ اور تمہیں مالوں اور بیٹوں سے مدد دے گا، اور بنائے گا تمہارے لئے

جَنّٰتٍ وَيَجْعَلْ لَكُمْ أَنْهٰرًا ﴿۱۲﴾ مَا لَكُمْ لَا تَرْجُونَ لِلّٰهِ وَقَارًا ﴿۱۳﴾ وَقَدْ خَلَقَكُمْ

جَنّٰتٍ	وَيَجْعَلْ	لَكُمْ	أَنْهٰرًا	مَا لَكُمْ	لَا تَرْجُونَ	لِلّٰهِ	وَقَارًا	وَ	قَدْ خَلَقَكُمْ
باغات	اور وہ بنائے گا	تمہارے لئے	نہریں	کیا ہوا تمہیں	تم اعتقاد نہیں رکھتے	اللہ کے لئے	وقار	اور	اس نے پیدا کیا تمہیں

باغات، اور وہ بنائے گا تمہارے لئے نہریں۔ تمہیں کیا ہوا ہے تم اللہ کے لئے وقار (عظمت)، کا اعتقاد نہیں رکھتے؟ اور یقیناً اس نے تمہیں

أَطْوَارًا ﴿۱۴﴾ أَلَمْ تَرَوْا كَيْفَ خَلَقَ اللّٰهُ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ﴿۱۵﴾ وَجَعَلَ الْقَمَرَ فِيهِنَّ نُورًا

أَطْوَارًا	أَلَمْ تَرَوْا	كَيْفَ	خَلَقَ اللّٰهُ	سَبْعَ سَمٰوٰتٍ	طِبَاقًا	وَجَعَلَ	الْقَمَرَ	فِيهِنَّ	نُورًا
طرح طرح	کیا تم نہیں دیکھے	کیسے	اللہ نے پیدا کئے	سات آسمان	اوپر تلے	اور اس نے بنایا	چاند	ان میں	ایک نور

طرح طرح سے پیدا کیا ہے۔ کیا تم نہیں دیکھتے کہ اللہ نے سات آسمان کیسے اوپر تلے بنائے؟ اور اس نے ان میں چاند کو ایک نور بنایا

وَجَعَلَ الشَّمْسَ سِرَاجًا ﴿۱۶﴾ وَاللّٰهُ أَنْبَتَكُمْ مِنَ الْأَرْضِ نَبَاتًا ﴿۱۷﴾ ثُمَّ يُعِيدُكُمْ فِيهَا

وَجَعَلَ	الشَّمْسَ	سِرَاجًا	وَاللّٰهُ	أَنْبَتَكُمْ	مِنَ الْأَرْضِ	نَبَاتًا	ثُمَّ	يُعِيدُكُمْ	فِيهَا
اور اس نے بنایا	سورج	چراغ	اور اللہ	اس نے اگایا تمہیں	زمین سے	سبزے کی طرح	پھر	وہ لوٹائے گا تمہیں	اس میں

اور اس نے سورج کو چراغ (کے مانند روشن) بنایا۔ اور اللہ نے تمہیں زمین سے سبزے کی طرح اگایا (پیدا کیا)، پھر وہ تمہیں اسی میں لوٹائے گا

وَيُخْرِجُكُمْ اِخْرَاجًا ﴿۱۸﴾ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ بِسَاطًا ﴿۱۹﴾ لِّتَسْلُكُوْا مِنْهَا

وَيُخْرِجُكُمْ	اِخْرَاجًا	وَاللّٰهُ	جَعَلَ	لَكُمُ	الْاَرْضَ	بِسَاطًا	لِتَسْلُكُوْا	مِنْهَا
اور پھر تمہیں نکالے گا	نکالنا (دوبارہ)	اور اللہ	اس نے بنایا	تمہارے لئے	زمین	فرش	تاکہ تم چلو	اس کے

اور تمہیں دوبارہ (اس سے) نکالے گا۔ اور اللہ نے تمہارے لئے زمین کو فرش بنایا۔ تاکہ تم چلو پھرو اس کے

سُبُلًا فِجَاجًا ﴿۲۰﴾ قَالَ نُوْحٌ رَّبِّ اِنَّهُمْ عَصَوْنِيْ وَاتَّبَعُوْا مَنْ لَّمْ يَزِدْهُ مَالُهٗ وَوَلَدُهٗٓ

سُبُلًا	فِجَاجًا	قَالَ	نُوْحٌ	رَّبِّ	اِنَّهُمْ	عَصَوْنِيْ	وَاتَّبَعُوْا	مَنْ	لَمْ يَزِدْهُ	مَالُهٗ	وَوَلَدُهٗ
راستے	کشادہ	کہا	نوح	اے میرے رب	بیشک انہوں نے	میری نافرمانی کی	اور انہوں نے پیروی کی	جو جس	نہیں زیادہ کیا	اس کا مال	اور اسکی اولاد

کشادہ راستوں میں۔ نوحؑ نے کہا اے میرے رب! بیشک انہوں نے میری نافرمانی کی اور (اس کی) پیروی کی جس کو اسکے مال اور اولاد نے زیادہ نہیں کیا

اِلَّا خَسَارًا ﴿۲۱﴾ وَمَكَرُوْا مَكْرًا كُبَّارًا ﴿۲۲﴾ وَقَالُوْا لَا تَذَرُنَّ اٰلِهَتَكُمْ وَلَا تَذَرُنَّ وَدًّا

اِلَّا خَسَارًا	وَمَكَرُوْا	مَكْرًا	كُبَّارًا	وَقَالُوْا	لَا تَذَرُنَّ	اٰلِهَتَكُمْ	وَلَا تَذَرُنَّ	وَدًّا
سوائے خسارہ	اور انہوں نے چالیں چلیں	چالیں	بڑی بڑی	اور انہوں نے کہا	تم ہرگز نہ چھوڑنا	اپنے معبود	اور ہرگز نہ چھوڑنا	وَدّ

خسارے کے سوا۔ اور انہوں نے بڑی بڑی چالیں چلیں۔ اور انہوں نے کہا تم ہرگز نہ چھوڑنا اپنے معبودان (باطل) کو اور ہرگز نہ چھوڑنا وَدّ

وَّلَا سُوَاعًا ۙ وَّلَا يَغُوْثَ وَيَعُوْقَ وَنَسْرًا ﴿۲۳﴾ وَقَدْ اَضَلُّوْا كَثِيْرًا ۚ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ

وَلَا سُوَاعًا	وَلَا يَغُوْثَ	وَيَعُوْقَ	وَنَسْرًا	وَقَدْ اَضَلُّوْا	كَثِيْرًا	وَلَا تَزِدِ	الظّٰلِمِيْنَ
اور نہ سُواع	اور نہ یغوث	اور یعوق	اور نسر	اور تحقیق انہوں نے گمراہ کیا	بہت	اور نہ زیادہ کر	ظالموں

اور نہ سُواع اور نہ یغوث، اور یعوق اور نسر (بتوں) کو۔ اور انہوں نے بہتوں کو گمراہ کیا، اور ظالموں کو نہ زیادہ کر

اِلَّا ضَلٰلًا ﴿۲۴﴾ مِمَّا خَطِيْٓـٰٔتِهِمْ اُغْرِقُوْا فَاُدْخِلُوْا نَارًا ۙ فَلَمْ يَجِدُوْا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ

اِلَّا ضَلٰلًا	مِمَّا	خَطِيْٓـٰٔتِهِمْ	اُغْرِقُوْا	فَاُدْخِلُوْا	نَارًا	فَلَمْ يَجِدُوْا	لَهُمْ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
گمراہی کے سوا	بسبب	اپنی خطائیں	وہ غرق کئے گئے	پھر وہ داخل کئے گئے	آگ	تو انہوں نے نہ پایا	اپنے لئے	اللہ کے سوا

گمراہی کے سوا۔ اپنی خطاؤں کے سبب وہ غرق کئے گئے، پھر وہ آگ میں داخل کئے گئے تو انہوں نے اپنے لئے اللہ کے سوا نہ پایا

اَنْصَارًا ﴿۲۵﴾ وَقَالَ نُوْحٌ رَّبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ دَيَّارًا ﴿۲۶﴾ اِنَّكَ اِنْ

اَنْصَارًا	وَقَالَ	نُوْحٌ	رَّبِّ	لَا تَذَرْ	عَلَى الْاَرْضِ	مِنَ الْكٰفِرِيْنَ	دَيَّارًا	اِنَّكَ	اِنْ
کوئی مددگار	اور کہا	نوح	اے میرے رب	تو نہ چھوڑ	زمین پر	کافروں میں سے	کوئی بسنے والا	بیشک تو	اگر

کوئی مددگار۔ اور نوحؑ نے کہا اے میرے رب! تو زمین پر کافروں میں سے کوئی بسنے والا نہ چھوڑ۔ بیشک اگر تو نے

تَذَرْهُمْ يُضِلُّوْا عِبَادَكَ وَلَا يَلِدُوْٓا اِلَّا فَاجِرًا كَفَّارًا ﴿۲۷﴾ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ

تَذَرْهُمْ	يُضِلُّوْا	عِبَادَكَ	وَلَا يَلِدُوْٓا	اِلَّا	فَاجِرًا	كَفَّارًا	رَبِّ	اغْفِرْ لِيْ	وَلِوَالِدَيَّ
انہیں چھوڑ دیا	وہ گمراہ کریں گے	تیرے بندے	اور نہ جنیں گے	سوائے	بدکار	ناشکرے	اے میرے رب	مجھے بخشدے	اور میرے ماں باپ

انہیں چھوڑ دیا تو وہ تیرے بندوں کو گمراہ کریں گے، اور بدکار، ناشکری (اولاد) کے سوا نہ جنیں گے۔ اے میرے رب! مجھے بخشدے اور میرے ماں باپ کو ﴿۲۸﴾ ع

وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۭ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا تَبَارًا

وَلِمَنْ	دَخَلَ	بَيْتِيَ	مُؤْمِنًا	وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ	وَالْمُؤْمِنٰتِ	وَلَا تَزِدِ	الظّٰلِمِيْنَ	اِلَّا تَبَارًا
اور اسے جو	داخل ہو	میرے گھر	ایمان لاکر	اور مومن مردوں کو	اور مومن عورتوں	اور نہ بڑھا	ظالموں	ہلاکت کے سوا

اور اسے جو میرے گھر میں ایمان لاکر داخل ہو، اور مومن مردوں اور مومن عورتوں کو، اور ظالموں کو ہلاکت کے سوا نہ بڑھا۔

آیاتہا ۲۸ | ۷۲ سُوْرَةُ الْجِنِّ مَكِّيَّةٌ ۴۰ | فیہا رکوعان ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ﴿۱﴾ يَّهْدِيْٓ

قُلْ	اُوْحِيَ	اِلَيَّ	اَنَّهُ اسْتَمَعَ	نَفَرٌ	مِّنَ الْجِنِّ	فَقَالُوْٓا	اِنَّا سَمِعْنَا	قُرْاٰنًا	عَجَبًا	يَّهْدِيْٓ
آپ فرمادیں	مجھے وحی کی گئی	میری طرف	کہ اسے سُنا	ایک جماعت	جنات کی	تو انہوں نے کہا	بیشک ہم نے سنا	قرآن	ایک عجیب	وہ رہنمائی کرتا ہے

آپ فرمادیں مجھے وحی کی گئی ہے کہ جنات کی ایک جماعت نے اسے (قرآن کو) سُنا تو انہوں نے کہا۔ بیشک ہم نے ایک عجیب قرآن سُنا ہے۔ اور وہ رہنمائی کرتا ہے

اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ۭ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ﴿۲﴾ وَّاَنَّهُ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ

اِلَى الرُّشْدِ	فَاٰمَنَّا	بِهٖ	وَ	لَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَا	اَحَدًا	وَاَنَّهُ	تَعٰلٰى	جَدُّ	رَبِّنَا	مَا اتَّخَذَ
ہدایت کی طرف	تو ہم ایمان لائے	اس پر	اور	ہم ہرگز شریک ٹھہرائیں گے اپنے رب کے ساتھ	کسی کو	اور یہ کہ	برتر	شان	ہمارا رب	اس نے نہیں بنایا

ہدایت کی طرف، تو ہم اس پر ایمان لائے اور ہم اپنے رب کے ساتھ ہرگز کوئی شریک نہ ٹھہرائیں گے۔ اور یہ کہ ہمارے رب کی شان۔ برتر ہے۔ اس نے نہیں بنایا

صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ﴿۳﴾ وَّاَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ﴿۴﴾ وَّاَنَّا ظَنَنَّآ اَنْ

صَاحِبَةً	وَلَا وَلَدًا	وَاَنَّهُ	كَانَ يَقُوْلُ	سَفِيْهُنَا	عَلَى اللّٰهِ	شَطَطًا	وَاَنَّا ظَنَنَّا	اَنْ
بیوی	اور نہ اولاد	اور یہ کہ	کہتے تھے	ہم میں کے بیوقوف	اللہ پر	بڑھا کر باتیں	اور یہ کہ ہم نے گمان کیا	کہ

کسی کو اپنی بیوی اور نہ اولاد۔ اور یہ کہ ہم میں سے۔ بیوقوف اللہ پر بڑھا چڑھا کر باتیں کہتے تھے۔ اور یہ کہ ہم نے گمان کیا کہ

لَّنْ تَقُوْلَ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۝۵ وَّاَنَّهٗ كَانَ رِجَالٌ مِّنَ الْاِنْسِ

لَنْ تَقُوْلَ	الْاِنْسُ	وَالْجِنُّ	عَلَى اللّٰهِ	كَذِبًا	وَاَنَّهٗ	كَانَ	رِجَالٌ	مِّنَ الْاِنْسِ
ہرگز نہ کہیں گے	انسان	اور جن	اللہ پر	جھوٹ	اور یہ کہ	تھے	کچھ آدمی	انسانوں میں سے

ہرگز انسان اور جن اللہ پر (اللہ کی شان میں) جھوٹ نہ کہیں گے۔ اور یہ کہ انسانوں میں سے کچھ آدمی

يَعُوْذُوْنَ بِرِجَالٍ مِّنَ الْجِنِّ فَزَادُوْهُمْ رَهَقًا ۝۶ وَّاَنَّهُمْ ظَنُّوْا كَمَا ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ

يَعُوْذُوْنَ	بِرِجَالٍ	مِّنَ الْجِنِّ	فَزَادُوْهُمْ	رَهَقًا	وَّاَنَّهُمْ	ظَنُّوْا	كَمَا ظَنَنْتُمْ	اَنْ	لَّنْ
پناہ لیتے رہے،	لوگوں سے	جنات سے	تو انہوں نے (جنات) کو بڑھا دیا	تکبر میں	اور یہ کہ وہ	انہوں نے گمان کیا	جیسے تم نے گمان کیا تھا	کہ	ہرگز نہ

جنات کے لوگوں سے پناہ لیتے تھے اور انہوں نے جنات کو تکبر میں اور بڑھا دیا۔ اور انہوں نے گمان کیا جیسے تم نے گمان کیا تھا کہ ہرگز

يَّبْعَثَ اللّٰهُ اَحَدًا ۝۷ وَّاَنَّا لَمَسْنَا السَّمَآءَ فَوَجَدْنٰهَا مُلِئَتْ حَرَسًا شَدِيْدًا وَّشُهُبًا ۝۸

يَّبْعَثَ اللّٰهُ	اَحَدًا	وَّاَنَّا لَمَسْنَا	السَّمَآءَ	فَوَجَدْنٰهَا	مُلِئَتْ	حَرَسًا	شَدِيْدًا	وَّشُهُبًا
(رسول بنا کر) بھیجے گا اللہ	کسی کو	اور یہ کہ ہم نے چھوا (ٹٹولا)	آسمان	تو ہم نے اسے پایا	بھرا ہوا	پہریدار	سخت	اور شعلے

اللہ کسی کو رسول بنا کر نہ بھیجے گا۔ اور یہ کہ ہم نے آسمان کو ٹٹولا تو ہم نے اسے سخت پہریداروں اور شعلوں سے بھرا ہوا پایا۔

وَّاَنَّا كُنَّا نَقْعُدُ مِنْهَا مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ ۭ فَمَنْ يَّسْتَمِعِ الْاٰنَ يَجِدْ لَهٗ شِهَابًا رَّصَدًا ۝۹

وَّاَنَّا	كُنَّا نَقْعُدُ	مِنْهَا	مَقَاعِدَ	لِلسَّمْعِ	فَمَنْ	يَّسْتَمِعِ	الْاٰنَ	يَجِدْ لَهٗ	شِهَابًا	رَّصَدًا
اور یہ کہ ہم	ہم بیٹھا کرتے تھے	اس کے	ٹھکانے	سننے کے لئے	پس جو	سنتا ہے	اب	وہ وہاں پاتا ہے	شعلہ	گھات لگایا ہوا

اور یہ کہ ہم اس کے ٹھکانوں میں سننے کے لئے بیٹھا کرتے تھے پس اب جو سنتا ہے (سننا چاہتا ہے) وہ وہاں گھات لگایا ہوا شعلہ پاتا ہے۔

وَّاَنَّا لَا نَدْرِيْٓ اَشَرٌّ اُرِيْدَ بِمَنْ فِي الْاَرْضِ اَمْ اَرَادَ بِهِمْ رَبُّهُمْ رَشَدًا ۝۱۰ وَّاَنَّا مِنَّا

وَّاَنَّا	لَا نَدْرِيْٓ	اَشَرٌّ	اُرِيْدَ	بِمَنْ	فِي الْاَرْضِ	اَمْ اَرَادَ	بِهِمْ	رَبُّهُمْ	رَشَدًا	وَّاَنَّا	مِنَّا
اور یہ کہ ہم	نہیں جانتے	آیا برائی	ارادہ کیا گیا	ان کے ساتھ	جو زمین میں	یا ارادہ فرمایا ہے	ان سے	ان کا رب	ہدایت	اور یہ کہ	ہم میں سے

اور یہ کہ ہم نہیں جانتے کہ جو زمین میں ہیں آیا ان کے ساتھ برائی کا ارادہ کیا گیا ہے یا ان سے (اللہ نے) ہدایت کا ارادہ فرمایا ہے۔ اور یہ کہ ہم میں سے

الصّٰلِحُوْنَ وَمِنَّا دُوْنَ ذٰلِكَ ۭ كُنَّا طَرَآئِقَ قِدَدًا ۝۱۱ وَّاَنَّا ظَنَنَّآ اَنْ لَّنْ نُّعْجِزَ اللّٰهَ

الصّٰلِحُوْنَ	وَمِنَّا	دُوْنَ ذٰلِكَ	كُنَّا	طَرَآئِقَ	قِدَدًا	وَّاَنَّا	ظَنَنَّآ	اَنْ لَّنْ نُّعْجِزَ	اللّٰهَ
نیکوکار (جمع)	اور ہم میں سے	اس کے علاوہ	ہم تھے	راہیں	مختلف	اور یہ کہ	ہم نے گمان کیا	کہ ہم ہرگز نہ ہرا سکیں گے	اللہ

(کچھ) نیکوکار ہیں، اور ہم میں سے (کچھ) اس کے علاوہ ہیں، ہم مختلف راہوں پر تھے۔ اور یہ کہ ہم نے گمان کیا کہ ہم اللہ کو ہرگز نہ ہرا سکیں گے

فِي الْأَرْضِ وَلَنْ نُّعْجِزَهُ هَرَبًا ﴿۱۲﴾ وَّأَنَّا لَمَّا سَمِعْنَا الْهُدَىٰ آمَنَّا بِهِ ۖ فَمَنْ يُّؤْمِنْ بِرَبِّهِ

فِي الْأَرْضِ	وَلَنْ نُّعْجِزَهُ	هَرَبًا	وَّأَنَّا	لَمَّا سَمِعْنَا	الْهُدَىٰ	آمَنَّا بِهِ	فَمَنْ	يُّؤْمِنْ بِرَبِّهِ
زمین میں	اور ہم اس کو ہرگز نہ ہرا سکیں گے	بھاگ کر	اور یہ کہ	جب ہم نے سُنی	ہدایت	ہم ایمان لے آئے اس پر	سو جو	اپنے رب پر ایمان لائے

زمین میں اور ہم اس کو ہرگز بھاگ کر نہ ہرا سکیں گے۔ اور یہ کہ ہم نے ہدایت سُنی تو ہم اس پر ایمان لے آئے سو جو اپنے رب پر ایمان لائے

فَلَا يَخَافُ بَخْسًا وَّلَا رَهَقًا ﴿۱۳﴾ وَّأَنَّا مِنَّا الْمُسْلِمُونَ وَمِنَّا الْقَاسِطُونَ ۖ فَمَنْ أَسْلَمَ

فَلَا يَخَافُ	بَخْسًا	وَّلَا رَهَقًا	وَّأَنَّا	مِنَّا	الْمُسْلِمُونَ	وَمِنَّا	الْقَاسِطُونَ	فَمَنْ أَسْلَمَ
تو اسے خوف نہ ہوگا	کسی نقصان	اور نہ کسی ظلم	اور یہ کہ	ہم میں سے	مسلمان (جمع)	اور ہم میں سے	گنہگار	پس جو اسلام لایا

تو اسے نہ کسی نقصان کا خوف ہوگا، اور نہ کسی ظلم کا۔ اور یہ کہ ہم میں سے کچھ مسلمان (فرمانبردار) ہیں اور ہم میں سے (کچھ) گنہگار ہیں۔ پس جو اسلام لایا

فَأُولَٰئِكَ تَحَرَّوْا رَشَدًا ﴿۱۴﴾ وَأَمَّا الْقَاسِطُونَ فَكَانُوا لِجَهَنَّمَ حَطَبًا ﴿۱۵﴾ وَّأَنْ لَّوِ اسْتَقَامُوا

فَأُولَٰئِكَ	تَحَرَّوْا	رَشَدًا	وَأَمَّا	الْقَاسِطُونَ	فَكَانُوا	لِجَهَنَّمَ	حَطَبًا	وَّأَنْ	لَّوِ	اسْتَقَامُوا
تو وہی ہیں	انہوں نے قصد کیا	بھلائی	اور رہے	گنہگار (جمع)	تو وہ ہوئے	جہنم کا	ایندھن	اور یہ کہ	اگر	وہ قائم رہتے

تو وہی ہیں جنہوں نے بھلائی کا قصد کیا۔ اور رہے گنہگار تو وہ جہنم کا ایندھن ہوئے۔ (اور مجھے وحی کی گئی ہے) کہ اگر وہ قائم رہتے

عَلَى الطَّرِيقَةِ لَأَسْقَيْنَاهُمْ مَّاءً غَدَقًا ﴿۱۶﴾ لِّنَفْتِنَهُمْ فِيهِ ۚ وَمَنْ يُّعْرِضْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهِ

عَلَى الطَّرِيقَةِ	لَأَسْقَيْنَاهُمْ	مَّاءً	غَدَقًا	لِّنَفْتِنَهُمْ	فِيهِ	وَمَنْ	يُّعْرِضْ	عَنْ	ذِكْرِ رَبِّهِ
(سیدھے) راستے پر	تو البتہ ہم انہیں پلاتے	پانی	وافر	تاکہ ہم انہیں آزمائیں	اس میں	اور جو	روگردانی کریگا	سے	اپنے رب کی یاد

سیدھے راستے پر، تو ہم انہیں وافر پانی پلاتے۔ تاکہ ہم انہیں اس میں آزمائیں، اور جو اپنے رب کی یاد سے روگردانی کرے گا

يَسْلُكْهُ عَذَابًا صَعَدًا ﴿۱۷﴾ وَّأَنَّ الْمَسَاجِدَ لِلَّهِ فَلَا تَدْعُوا مَعَ اللَّهِ أَحَدًا ﴿۱۸﴾ وَّأَنَّهُ لَمَّا قَامَ

يَسْلُكْهُ	عَذَابًا	صَعَدًا	وَّأَنَّ	الْمَسَاجِدَ	لِلَّهِ	فَلَا تَدْعُوا	مَعَ اللَّهِ	أَحَدًا	وَّأَنَّهُ	لَمَّا قَامَ
وہ اسے داخل کریگا	عذاب	سخت	اور یہ کہ	مسجدیں	اللہ کیلئے	تو تم نہ پکارو (بندگی نہ کرو)	اللہ کے ساتھ	کسی کی	اور یہ کہ	جب کھڑا ہوا

وہ اسے سخت عذاب میں داخل کرے گا۔ اور یہ کہ مسجدیں اللہ کے لئے ہیں تو تم اللہ کے ساتھ کسی کی بندگی نہ کرو۔ اور یہ کہ جب کھڑا ہوا

عَبْدُ اللَّهِ يَدْعُوهُ كَادُوا يَكُونُونَ عَلَيْهِ لِبَدًا ﴿۱۹﴾ قُلْ إِنَّمَا أَدْعُو رَبِّي وَلَا أُشْرِكُ

عَبْدُ اللَّهِ	يَدْعُوهُ	كَادُوا	يَكُونُونَ	عَلَيْهِ	لِبَدًا	قُلْ	إِنَّمَا	أَدْعُو رَبِّي	وَلَا أُشْرِكُ
اللہ کا بندہ	کہ وہ اسکی عبادت کرے	قریب تھا	وہ ہو جائیں	اس پر	(حلقہ در حلقہ)	فرمادیں	اسکے سوا نہیں	صرف میں اپنے رب کی عبادت کرتا ہوں	اور میں شریک نہیں کرتا

اللہ کا بندہ کہ وہ اس (اللہ) کی عبادت کرے تو قریب تھا کہ وہ (جنات) اس پر حلقہ در حلقہ کھڑے ہو جائیں آپ فرمادیں کہ میں صرف اپنے رب کی عبادت کرتا ہوں اور شریک نہیں کرتا

بِهٖۤ اَحَدًا ﴿۲۰﴾ قُلْ اِنِّیْ لَاۤ اَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا رَشَدًا ﴿۲۱﴾ قُلْ اِنِّیْ لَنْ یُّجِیْرَنِیْ

بِهٖ	اَحَدًا	قُلْ	اِنِّیْ	لَاۤ اَمْلِكُ	لَكُمْ	ضَرًّا	وَّلَا رَشَدًا	قُلْ	اِنِّیْ	لَنْ یُّجِیْرَنِیْ
اس کے ساتھ	کسی کو	فرمادیں	بیشک میں	اختیار نہیں رکھتا	تمہارے لئے	کسی ضرر	اور نہ کسی بھلائی	فرمادیں	بیشک مجھے	مجھے ہرگز پناہ نہ دے گا

کسی کو اس کے ساتھ، آپ فرمادیں بیشک میں تمہارے لئے اختیار نہیں رکھتا کسی ضرر کا اور نہ کسی بھلائی کا۔ آپ فرمادیں بیشک مجھے ہرگز پناہ نہ دے گا

مِنَ اللّٰهِ اَحَدٌ ۙ وَّلَنْ اَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿۲۲﴾ اِلَّا بَلٰغًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِسٰلٰتِهٖ ؕ وَمَنْ

مِنَ اللّٰهِ	اَحَدٌ	وَّلَنْ اَجِدَ	مِنْ دُوْنِهٖ	مُلْتَحَدًا	اِلَّا بَلٰغًا	مِّنَ اللّٰهِ	وَرِسٰلٰتِهٖ	وَمَنْ
اللہ سے	کوئی	اور میں ہرگز نہ پاؤں گا	اس کے سوا	کوئی جائے پناہ	مگر پیغام پہنچانا	اللہ کی طرف سے	اور اس کے پیغام (جمع)	اور جو

اللہ سے کوئی بھی، اور میں اس کے سوا کوئی جائے پناہ نہ پاؤں گا۔ مگر (میرا کام ہے) اللہ کی طرف سے پیغام پہنچانا اور اس کے پیغام (لانا)، اور جو

یَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِیْنَ فِیْهَاۤ اَبَدًا ﴿۲۳﴾ حَتّٰۤی اِذَا رَاَوْا مَا یُوْعَدُوْنَ

یَّعْصِ اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	فَاِنَّ لَهٗ	نَارَ جَهَنَّمَ	خٰلِدِیْنَ	فِیْهَاۤ	اَبَدًا	حَتّٰۤی	اِذَا رَاَوْا	مَا یُوْعَدُوْنَ
نافرمانی کریگا اللہ کی	اور اسکے رسول کی	تو بیشک اسکے لئے	جہنم کی آگ	ہمیشہ رہیں گے	اس میں	ہمیشہ ہمیشہ	یہاں تک کہ	جب وہ دیکھیں گے	جو انہیں وعدہ دیا جاتا ہے

نافرمانی کریگا اللہ کی اور اسکے رسول کی، تو بیشک اس کے لئے جہنم کی آگ ہے، وہ اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔ یہاں تک کہ جب دیکھیں گے جو انہیں وعدہ دیا جاتا ہے

فَسَیَعْلَمُوْنَ مَنْ اَضْعَفُ نَاصِرًا وَّاَقَلُّ عَدَدًا ﴿۲۴﴾ قُلْ اِنْ اَدْرِیْۤ اَقَرِیْبٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ

فَسَیَعْلَمُوْنَ	مَنْ	اَضْعَفُ	نَاصِرًا	وَّاَقَلُّ	عَدَدًا	قُلْ	اِنْ	اَدْرِیْۤ	اَقَرِیْبٌ	مَّا تُوْعَدُوْنَ
تو وہ عنقریب جان لیں گے	کس	کمزور تر	مددگار	اور کم تر	تعداد میں	فرمادیں	نہیں	میں جانتا	آیا قریب ہے	جو تمہیں وعدہ دیا جاتا ہے

تو وہ عنقریب جان لیں گے کس کا مددگار کمزور تر ہے اور تعداد میں کم تر ہے۔ آپ فرمادیں میں نہیں جانتا آیا قریب ہے جو تمہیں وعدہ دیا جاتا ہے

اَمْ یَجْعَلُ لَهٗ رَبِّیْۤ اَمَدًا ﴿۲۵﴾ عٰلِمُ الْغَیْبِ فَلَا یُظْهِرُ عَلٰی غَیْبِهٖۤ اَحَدًا ﴿۲۶﴾ اِلَّا مَنِ ارْتَضٰی

اَمْ یَجْعَلُ	لَهٗ	رَبِّیْۤ	اَمَدًا	عٰلِمُ الْغَیْبِ	فَلَا یُظْهِرُ	عَلٰی غَیْبِهٖۤ	اَحَدًا	اِلَّا	مَنِ	ارْتَضٰی
یا کردے گا	اس کے لئے	میرا رب	مدت	غیب کا جاننے والا	وہ مطلع نہیں کرتا	اپنے غیب پر	کسی کو	سوائے	جس کو	وہ پسند کرتا ہے

یا اس کے لئے میرا رب کوئی مدت (دراز) مقرر کردے گا۔ (وہ) غیب کا جاننے والا ہے، اپنے غیب پر کسی کو مطلع نہیں کرتا، سوائے (اس کے) جس کو وہ پسند کرتا ہے

مِنْ رَّسُوْلٍ فَاِنَّهٗ یَسْلُكُ مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ رَصَدًا ﴿۲۷﴾ لِّیَعْلَمَ اَنْ قَدْ اَبْلَغُوْا

مِنْ رَّسُوْلٍ	فَاِنَّهٗ	یَسْلُكُ	مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ	وَمِنْ خَلْفِهٖ	رَصَدًا	لِّیَعْلَمَ	اَنْ	قَدْ اَبْلَغُوْا
رسولوں میں سے	تو بیشک وہ	چلاتا ہے	اس کے آگے سے	اور اس کے پیچھے سے	محافظ (فرشتے)	تاکہ وہ معلوم کرلے	کہ	انہوں نے تحقیق پہنچا دیئے

رسولوں میں سے تو بے شک اس کے آگے اور اس کے پیچھے محافظ فرشتے چلاتا ہے، تاکہ وہ معلوم کرلے کہ تحقیق انہوں نے پہنچا دیئے ہیں،

رِسٰلٰتِ رَبِّهِمْ وَاَحَاطَ بِمَا لَدَيْهِمْ وَاَحْصٰى كُلَّ شَيْءٍ عَدَدًا ﴿۲۸﴾

رِسٰلٰتِ	رَبِّهِمْ	وَاَحَاطَ	بِمَا لَدَيْهِمْ	وَاَحْصٰى	كُلَّ شَيْءٍ	عَدَدًا
پیغام (رجمع)	اپنے رب کے	اور اس نے احاطہ کیا ہوا ہے	جو ان کے پاس	اور اس نے شمار کر رکھی ہے	ہر شے	گنتی میں

اپنے رب کے پیغام' اور اس نے احاطہ کیا ہوا ہے جو کچھ ان کے پاس ہے اور ہر شے کو گنتی میں شمار کر رکھا ہے۔

اٰیاتُہا ۲۰ — ۷۳ = سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ مَكِّيَّةٌ = ۳ — فیہا رکوعان

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا مہربان ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ﴿۱﴾ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۲﴾ نِّصْفَهٗٓ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ﴿۳﴾ اَوْ زِدْ

يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ	قُمِ الَّيْلَ	اِلَّا	قَلِيْلًا	نِّصْفَهٗٓ	اَوِ	انْقُصْ	مِنْهُ	قَلِيْلًا	اَوْ زِدْ
اے کپڑوں میں لپٹنے والے (محمدؐ)	رات میں قیام کریں	مگر	تھوڑا	اس کا نصف	یا	کم کرلیں	اس میں سے	تھوڑا	یا زیادہ کرلیں

اے کپڑوں میں لپٹنے والے محمدؐ! رات میں قیام کریں مگر تھوڑا۔ اس (رات) کا نصف حصہ یا اس میں سے تھوڑا کم کر لیں۔ یا (کچھ) زیادہ کر لیں

عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ﴿۴﴾ اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا ﴿۵﴾ اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ

عَلَيْهِ	وَرَتِّلِ	الْقُرْاٰنَ	تَرْتِيْلًا	اِنَّا سَنُلْقِيْ	عَلَيْكَ	قَوْلًا ثَقِيْلًا	اِنَّ	نَاشِئَةَ	الَّيْلِ
اس پر سے	اور ٹھہر ٹھہر کر پڑھیں	قرآن	ترتیل کے ساتھ	بیشک ہم عنقریب ڈالدینگے	آپؐ پر	ایک بھاری کلام	بیشک	اٹھنا	رات

اس سے، اور قرآن ترتیل کے ساتھ ٹھہر ٹھہر کر پڑھیں۔ بیشک ہم آپؐ پر عنقریب ایک بھاری کلام (قرآن کریم) ڈالدینگے (نازل کرینگے)، بیشک رات کا اٹھنا

هِيَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِيْلًا ﴿۶﴾ اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا ﴿۷﴾ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ

هِيَ اَشَدُّ	وَطْاً	وَّاَقْوَمُ	قِيْلًا	اِنَّ لَكَ	فِي النَّهَارِ	سَبْحًا	طَوِيْلًا	وَاذْكُرِ	اسْمَ رَبِّكَ
یہ سخت (نفس کو) روندنے والا		اور زیادہ درست	الفاظ کے تلفظ میں	بیشک آپؐ کے لئے	دن میں	شغل	طویل	اور آپؐ یاد کریں	اپنے رب کا نام

نفس کو سخت روندنے والا ہے اور زیادہ درست ہے الفاظ کے تلفظ میں۔ بیشک آپؐ کے لئے دن میں طویل شغل ہے، اور آپؐ اپنے رب کا نام یاد کریں

وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ﴿۸﴾ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ﴿۹﴾

وَتَبَتَّلْ	اِلَيْهِ	تَبْتِيْلًا	رَبُّ الْمَشْرِقِ	وَالْمَغْرِبِ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	فَاتَّخِذْهُ	وَكِيْلًا
اور چھوٹ جائیں	اسکی طرف	(سب سے) چھوٹ کر	رب مشرق کا	اور مغرب	نہیں	کوئی معبود	اسکے سوا	پس پکڑ لو (بنالو)	اس کو کارساز

اور سب سے چھوٹ کر (الگ ہو کر) اسکی طرف چھوٹ کر چلے جائیں، (وہ) مشرق و مغرب کا رب ہے۔ اسکے سوا کوئی معبود نہیں پس اس کو کارساز بنالیں۔

وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا ﴿١٠﴾ وَذَرْنِيْ وَالْمُكَذِّبِيْنَ اُولِي النَّعْمَةِ

وَاصْبِرْ	عَلٰى	مَا يَقُوْلُوْنَ	وَاهْجُرْهُمْ	هَجْرًا	جَمِيْلًا	وَذَرْنِيْ	وَالْمُكَذِّبِيْنَ	اُولِي النَّعْمَةِ
اور آپ صبر کریں	پر	جو وہ کہتے ہیں	اور انہیں چھوڑ دیں	کنارہ کش ہو کر	اچھی طرح	اور مجھے چھوڑ دو	اور جھٹلانے والوں	خوشحال لوگوں

اور جو وہ کہتے ہیں آپ اس پر صبر کریں اور اچھی طرح کنارہ کش ہو کر انہیں چھوڑ دیں۔ اور مجھے اور جھٹلانے والے خوشحال لوگوں کو چھوڑ دیں (سمجھ لینے دیں)

وَمَهِّلْهُمْ قَلِيْلًا ﴿١١﴾ اِنَّ لَدَيْنَآ اَنْكَالًا وَّجَحِيْمًا ﴿١٢﴾ وَّطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّعَذَابًا اَلِيْمًا ﴿١٣﴾

وَمَهِّلْهُمْ	قَلِيْلًا	اِنَّ	لَدَيْنَا	اَنْكَالًا	وَّجَحِيْمًا	وَّطَعَامًا	ذَا غُصَّةٍ	وَّعَذَابًا	اَلِيْمًا
اور ان کو مہلت دیدیں	تھوڑی	بیشک	ہمارے ہاں	عذاب	اور دہکتی آگ	اور کھانا	گلے میں اٹک جانیوالا	اور عذاب	دردناک

اور ان کو تھوڑی مہلت دیں۔ بیشک ہمارے ہاں عذاب ہے اور دہکتی آگ۔ اور کھانا ہے گلے میں اٹک جانے والا، اور عذاب ہے دردناک۔

يَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا ﴿١٤﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ

يَوْمَ	تَرْجُفُ	الْاَرْضُ	وَالْجِبَالُ	وَكَانَتِ	الْجِبَالُ	كَثِيْبًا	مَّهِيْلًا	اِنَّآ اَرْسَلْنَآ	اِلَيْكُمْ
جس دن	کانپے گی	زمین	اور پہاڑ	اور ہو جائیں گے	پہاڑ	ریت کے تودے	ریزہ ریزہ	بیشک ہم نے بھیجا	تمہاری طرف

جس دن زمین اور پہاڑ کانپیں گے اور پہاڑ (ریزہ ریزہ ہو کر) ریت کے تودے ہو جائیں گے بیشک ہم نے تمہاری طرف بھیجا (محمدؐ کو)

رَسُوْلًا ۥ شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ﴿١٥﴾ فَعَصٰى فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ

رَسُوْلًا	شَاهِدًا	عَلَيْكُمْ	كَمَآ اَرْسَلْنَآ	اِلٰى فِرْعَوْنَ	رَسُوْلًا	فَعَصٰى	فِرْعَوْنُ	الرَّسُوْلَ
ایک رسول	گواہی دینے والا	تم پر	جیسے ہم نے بھیجا	فرعون کی طرف	ایک رسول	پس کہا نہ مانا	فرعون	رسول

تم پر گواہی دینے والا ایک رسول، جیسے ہم نے فرعون کی طرف (موسیٰؑ کو) ایک رسول بنا کر بھیجا تھا۔ پس فرعون نے رسول کا کہا نہ مانا

فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِيْلًا ﴿١٦﴾ فَكَيْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبًا ﴿١٧﴾

فَاَخَذْنٰهُ	اَخْذًا	وَّبِيْلًا	فَكَيْفَ	تَتَّقُوْنَ	اِنْ كَفَرْتُمْ	يَوْمًا	يَّجْعَلُ	الْوِلْدَانَ	شِيْبًا
تو ہم نے اسے پکڑ لیا	پکڑ	بڑے وبال	تو کیسے	تم بچو گے	اگر تم کفر کرو گے	اس دن	کردے گا	بچوں کو	بوڑھا

تو ہم نے اسے (فرعون کو) بڑے وبال کی پکڑ میں پکڑ لیا۔ اگر تم کفر کرو گے تو اس دن کیسے بچو گے؟ جو بچوں کو بوڑھا کر دے گا۔

اِۨلسَّمَآءُ مُنْفَطِرٌۢ بِهٖ كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا ﴿١٨﴾ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ

السَّمَآءُ	مُنْفَطِرٌ	بِهٖ	كَانَ	وَعْدُهٗ	مَفْعُوْلًا	اِنَّ هٰذِهٖ	تَذْكِرَةٌ	فَمَنْ	شَآءَ	اتَّخَذَ
آسمان	پھٹ جائے گا	اس سے	ہے	اس وعدہ	پورا ہو کر رہنے والا	بیشک یہ	نصیحت	تو جو	چاہے	اختیار کرلے

جس سے آسمان پھٹ جائے گا، اس کا وعدہ پورا ہو کر رہنے والا ہے۔ بیشک یہ (قرآن) نصیحت ہے جو کوئی چاہے اختیار کرلے

إِلَىٰ رَبِّهِ سَبِيلًا ﴿١٩﴾ إِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ أَنَّكَ تَقُومُ أَدْنَىٰ مِن ثُلُثَيِ اللَّيْلِ وَنِصْفَهُ

إِلَىٰ رَبِّهِ	سَبِيلًا	إِنَّ رَبَّكَ	يَعْلَمُ	أَنَّكَ	تَقُومُ	أَدْنَىٰ	مِن ثُلُثَيِ اللَّيْلِ	وَنِصْفَهُ
اپنے رب کی طرف	راہ	بیشک آپؐ کا رب	وہ جانتا ہے	کہ آپؐ	قیام کرتے ہیں	قریب ہے	دو تہائی رات کے	اور آدھی رات

(اس کے ذریعہ) اپنے رب کی طرف راہ - بیشک آپؐ کا رب جانتا ہے کہ آپؐ (کبھی) دو تہائی رات کے قریب قیام کرتے ہیں اور (کبھی) آدھی رات

وَثُلُثَهُ وَطَائِفَةٌ مِّنَ الَّذِينَ مَعَكَ ۚ وَاللَّهُ يُقَدِّرُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۚ عَلِمَ أَن لَّن تُحْصُوهُ

وَثُلُثَهُ	وَطَائِفَةٌ	مِّنَ	الَّذِينَ مَعَكَ	وَاللَّهُ	يُقَدِّرُ	اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ	عَلِمَ	أَن	لَّن تُحْصُوهُ
اور اس کا تہائی	اور ایک جماعت	سے	جو آپؐ کے ساتھ	اور اللہ	اندازہ فرماتا ہے	رات اور دن	اسے جانا	کہ تم ہرگز نباہ نہ کرسکوگے	

اور (کبھی) اس کا تہائی حصہ اور جو آپؐ کے ساتھی ہیں ان میں سے ایک جماعت (بھی) اور اللہ رات اور دن کا اندازہ فرماتا ہے اسے جانا کہ تم ہرگز نباہ نہ کرسکوگے

فَتَابَ عَلَيْكُمْ ۖ فَاقْرَءُوا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ ۚ عَلِمَ أَن سَيَكُونُ مِنكُم مَّرْضَىٰ ۙ وَآخَرُونَ

فَتَابَ عَلَيْكُمْ	فَاقْرَءُوا	مَا تَيَسَّرَ	مِنَ الْقُرْآنِ	عَلِمَ	أَن سَيَكُونُ	مِنكُمْ	مَّرْضَىٰ	وَآخَرُونَ
تو اس نے تم پر عنایت کی	تو تم پڑھا کرو	جس قدر آسانی ہوسکے	قرآن سے	اسے جانا	کہ البتہ ہوں گے	تم میں سے	کوئی بیمار	اور کوئی اور

تو اس نے تم پر عنایت فرمائی تو تم قرآن میں جس قدر آسانی سے ہوسکے پڑھ لیا کرو، اس نے جانا کہ البتہ تم میں سے کوئی بیمار ہوں گے، اور کوئی اور

يَضْرِبُونَ فِي الْأَرْضِ يَبْتَغُونَ مِن فَضْلِ اللَّهِ ۙ وَآخَرُونَ يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۖ

يَضْرِبُونَ	فِي الْأَرْضِ	يَبْتَغُونَ	مِن	فَضْلِ اللَّهِ	وَآخَرُونَ	يُقَاتِلُونَ	فِي	سَبِيلِ اللَّهِ
وہ سفر کریں گے	زمین میں	تلاش کرتے ہوئے	سے	اللہ کا فضل روزی	اور کوئی دوسرے	وہ جہاد کریں گے	میں	اللہ کی راہ

روزی تلاش کرتے ہوئے زمین میں سفر کریں گے - اور کئی دوسرے اللہ کی راہ میں جہاد کریں گے،

فَاقْرَءُوا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ ۚ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَأَقْرِضُوا اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا ۚ

فَاقْرَءُوا	مَا تَيَسَّرَ	مِنْهُ	وَأَقِيمُوا	الصَّلَاةَ	وَآتُوا الزَّكَاةَ	وَأَقْرِضُوا اللَّهَ	قَرْضًا حَسَنًا
پس پڑھ لیا کرو	جس قدر آسانی ہوسکے	اس سے	اور تم قائم کرو	نماز	اور ادا کرتے رہو زکوٰۃ	اور اللہ کو قرض دو	قرض حسنہ (اخلاص سے)

پس اس میں سے جس قدر ہوسکے تم پڑھ لیا کرو، اور تم نماز قائم کرو، اور زکوٰۃ ادا کرتے رہو، اور اللہ کو اخلاص سے قرض دو،

وَمَا تُقَدِّمُوا لِأَنفُسِكُم مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوهُ عِندَ اللَّهِ هُوَ خَيْرًا وَأَعْظَمَ أَجْرًا ۚ

وَمَا	تُقَدِّمُوا	لِأَنفُسِكُمْ	مِّنْ خَيْرٍ	تَجِدُوهُ	عِندَ اللَّهِ	هُوَ خَيْرًا	وَأَعْظَمَ	أَجْرًا
اور جو	تم آگے بھیجو گے	اپنے لئے	کوئی نیکی	تم پاؤ گے	اللہ کے ہاں	وہ بہتر	اور بڑا	اجر میں

اور کوئی نیکی جو تم اپنے لئے آگے بھیجو گے، وہ اللہ کے ہاں بہتر اور بڑے اجر میں پاؤ گے،

وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٢٠﴾

وَاسْتَغْفِرُوْا	اللّٰهَ	اِنَّ اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ
اور تم بخشش مانگو	اللہ	بیشک اللہ	بخشنے والا	نہایت رحم کرنے والا

اور تم اللہ سے بخشش مانگو، بے شک اللہ بخشنے والا، نہایت رحم کرنے والا ہے۔

آیاتہا ٥٦ — ٧٤ سُوْرَةُ الْمُدَّثِّرِ مَكِّيَّةٌ ٤ — فیہا رکوعان

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ﴿١﴾ قُمْ فَاَنْذِرْ ﴿٢﴾ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ ﴿٣﴾ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ﴿٤﴾ وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ ﴿٥﴾

يٰٓاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ	قُمْ	فَاَنْذِرْ	وَرَبَّكَ	فَكَبِّرْ	وَثِيَابَكَ	فَطَهِّرْ	وَالرُّجْزَ	فَاهْجُرْ
اے کپڑے میں لپٹے ہوئے محمدؐ	کھڑے ہو جاؤ	پھر ڈراؤ	اور اپنا رب	بڑائی بیان کرو	اور اپنے کپڑے	سو پاک کرو	اور پلیدی	سو دور رہو

اے کپڑوں میں لپٹے ہوئے محمدؐ! کھڑے ہو جاؤ، پھر ڈراؤ، اور اپنے رب کی بڑائی بیان کرو، اور اپنے کپڑے پاک رکھو، اور پلیدی سے دور رہو۔

وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ ﴿٦﴾ وَلِرَبِّكَ فَاصْبِرْ ﴿٧﴾ فَاِذَا نُقِرَ فِي النَّاقُوْرِ ﴿٨﴾ فَذٰلِكَ يَوْمَئِذٍ يَّوْمٌ

وَلَا تَمْنُنْ	تَسْتَكْثِرُ	وَلِرَبِّكَ	فَاصْبِرْ	فَاِذَا نُقِرَ	فِي النَّاقُوْرِ	فَذٰلِكَ	يَوْمَئِذٍ	يَّوْمٌ
اور احسان نہ رکھو	زیادہ لینے (کی غرض سے)	اور اپنے رب کے لئے	صبر کرو	پھر جب پھونکا جائے گا	صور میں	تو وہ	اس دن	دن

اور زیادہ لینے کی غرض سے احسان نہ رکھو، اور اپنے رب کی (رضا جوئی) کے لئے صبر کرو۔ پھر جب صور پھونکا جائے گا تو وہ دن ایک دن ہو گا

عَسِيْرٌ ﴿٩﴾ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ غَيْرُ يَسِيْرٍ ﴿١٠﴾ ذَرْنِيْ وَمَنْ خَلَقْتُ وَحِيْدًا ﴿١١﴾ وَّجَعَلْتُ لَهٗ

عَسِيْرٌ	عَلَى الْكٰفِرِيْنَ	غَيْرُ يَسِيْرٍ	ذَرْنِيْ	وَمَنْ	خَلَقْتُ	وَحِيْدًا	وَّجَعَلْتُ	لَهٗ
بڑا دشوار	کافروں پر	نہ آسان	مجھے چھوڑ دو	اور جسے	میں نے پیدا کیا	اکیلا	اور میں نے دیا	اسے

بڑا دشوار۔ کافروں پر آسان نہیں۔ مجھے اور اسے چھوڑ دو، جسے میں نے اکیلا پیدا کیا۔ اور میں نے اسے دیا

مَالًا مَّمْدُوْدًا ﴿١٢﴾ وَّبَنِيْنَ شُهُوْدًا ﴿١٣﴾ وَّمَهَّدْتُّ لَهٗ تَمْهِيْدًا ﴿١٤﴾ ثُمَّ يَطْمَعُ اَنْ اَزِيْدَ ﴿١٥﴾

مَالًا مَّمْدُوْدًا	وَّبَنِيْنَ	شُهُوْدًا	وَّمَهَّدْتُّ	لَهٗ	تَمْهِيْدًا	ثُمَّ	يَطْمَعُ	اَنْ اَزِيْدَ
مال کثیر	اور بیٹے	سامنے حاضر رہنے والے	اور بچھایا (مہیا کیا)	اس کے لئے	بچھونا (سامان)	پھر	وہ طمع کرتا ہے	کہ (اور) زیادہ دوں

مال کثیر، اور سامنے حاضر رہنے والے بیٹے، اور اس کے لئے (ہر طرح کا) سامان مہیا کیا، پھر وہ طمع کرتا ہے کہ اور زیادہ دوں،

كَلَّا ؕ اِنَّهٗ كَانَ لِاٰيٰتِنَا عَنِيْدًا ؕ﴿۱۶﴾ سَاُرْهِقُهٗ صَعُوْدًا ؕ﴿۱۷﴾ اِنَّهٗ فَكَّرَ وَقَدَّرَ ۙ﴿۱۸﴾ فَقُتِلَ كَيْفَ

كَلَّا	اِنَّهٗ	كَانَ	لِاٰيٰتِنَا	عَنِيْدًا	سَاُرْهِقُهٗ	صَعُوْدًا	اِنَّهٗ	فَكَّرَ	وَ قَدَّرَ	فَقُتِلَ	كَيْفَ
ہرگز نہیں	بیشک وہ	ہے	ہماری آیات کا	عناد رکھنے والا (مخالف)	اب میں سے چڑھواؤں گا	بڑی چڑھائی	بیشک اس نے	سوچا	اور اس نے اندازہ کیا	سو وہ مارا جائے	کیسا

ہرگز نہیں، بیشک وہ ہماری آیات کا مخالف ہے۔ اب میں سے بڑی چڑھائی چڑھواؤں گا (اسے شقت سے تکلیف دوں گا)، بیشک اس نے سوچا اور اس نے اندازہ کیا، سو وہ مارا جائے کیسا

قَدَّرَ ۙ﴿۱۹﴾ ثُمَّ قُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ۙ﴿۲۰﴾ ثُمَّ نَظَرَ ۙ﴿۲۱﴾ ثُمَّ عَبَسَ وَبَسَرَ ۙ﴿۲۲﴾ ثُمَّ اَدْبَرَ وَاسْتَكْبَرَ ۙ﴿۲۳﴾

قَدَّرَ	ثُمَّ قُتِلَ	كَيْفَ	قَدَّرَ	ثُمَّ	نَظَرَ	ثُمَّ عَبَسَ	وَبَسَرَ	ثُمَّ اَدْبَرَ	وَاسْتَكْبَرَ
اس نے اندازہ کیا	پھر وہ مارا جائے	کیسا	اس نے اندازہ کیا	پھر	اس نے دیکھا	پھر اس نے تیوری چڑھائی	اور منہ بگاڑ لیا	پھر اس نے پیٹھ پھیرلی	اور اس نے تکبر کیا

اس نے اندازہ کیا، پھر وہ مارا جائے اس نے کیسا اندازہ کیا۔ پھر اس نے دیکھا، پھر اس نے تیوری چڑھائی اور منہ بگاڑ لیا، پھر اس نے پیٹھ پھیرلی اور اس نے تکبر کیا،

فَقَالَ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ يُّؤْثَرُ ۙ﴿۲۴﴾ اِنْ هٰذَآ اِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ ؕ﴿۲۵﴾ سَاُصْلِيْهِ سَقَرَ ﴿۲۶﴾

فَقَالَ	اِنْ هٰذَآ	اِلَّا سِحْرٌ	يُّؤْثَرُ	اِنْ هٰذَآ	اِلَّا	قَوْلُ الْبَشَرِ	سَاُصْلِيْهِ	سَقَرَ
تو اس نے کہا	نہیں یہ	مگر (صرف) جادو	اگلوں سے نقل کیا جاتا ہے	نہیں یہ	مگر (صرف)	آدمی کا کلام	عنقریب اسے ڈال دوں گا	جہنم

تو اس نے کہا یہ تو صرف ایک جادو ہے (جو) اگلوں سے نقل کیا جاتا ہے، یہ تو صرف ایک آدمی کا کلام ہے۔ عنقریب اسے جہنم میں ڈال دوں گا۔

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا سَقَرُ ؕ﴿۲۷﴾ لَا تُبْقِيْ وَلَا تَذَرُ ۚ﴿۲۸﴾ لَوَّاحَةٌ لِّلْبَشَرِ ۚ﴿۲۹﴾ عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ ؕ﴿۳۰﴾

وَمَآ اَدْرٰىكَ	مَا سَقَرُ	لَا تُبْقِيْ	وَلَا تَذَرُ	لَوَّاحَةٌ	لِّلْبَشَرِ	عَلَيْهَا	تِسْعَةَ عَشَرَ
اور تم کیا سمجھے ؟	جہنم کیا ہے	وہ نہ باقی رکھے گی	اور نہ چھوڑے گی	جھلس دینے والی	آدمی کو	اس پر ہیں	اُنیس[19] (داروغہ)

اور تم کیا سمجھے جہنم کیا ہے ؟ وہ نہ باقی رکھے گی اور نہ چھوڑے گی، آدمی کو جھلس دینے والی ہے، اس پر اُنیس[19] داروغہ (مقرر) ہیں۔

وَمَا جَعَلْنَآ اَصْحٰبَ النَّارِ اِلَّا مَلٰٓئِكَةً ۪ وَّمَا جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ اِلَّا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۙ

وَمَا جَعَلْنَآ	اَصْحٰبَ النَّارِ	اِلَّا	مَلٰٓئِكَةً	وَّمَا جَعَلْنَا	عِدَّتَهُمْ	اِلَّا فِتْنَةً	لِّلَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
اور ہم نے نہیں بنائے	دوزخ کے داروغہ	مگر (صرف)	فرشتے	اور ہم نے نہیں رکھی	ان کی تعداد	مگر (صرف) آزمائش کو	ان لوگوں کے لئے	جو کافر ہوئے

اور دوزخ کے داروغہ صرف فرشتے بنائے ہیں، اور ہم نے ان کی تعداد صرف ان لوگوں کی آزمائش کے لئے رکھی ہے جو کافر ہوئے

لِيَسْتَيْقِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَيَزْدَادَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِيْمَانًا وَّلَا يَرْتَابَ الَّذِيْنَ

لِيَسْتَيْقِنَ	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا الْكِتٰبَ	وَيَزْدَادَ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اِيْمَانًا	وَّلَا يَرْتَابَ	الَّذِيْنَ
تاکہ وہ یقین کرلیں	وہ لوگ جنہیں	کتاب دی گئی (اہل کتاب)	اور زیادہ ہو	جو لوگ ایمان لائے	ایمان	اور شک نہ کریں	وہ لوگ جنہیں

تاکہ اہل کتاب یقین کرلیں، اور جو لوگ ایمان لائے، ان کا ایمان زیادہ ہو، اور وہ لوگ شک نہ کریں جنہیں

أُوتُوا الْكِتٰبَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۙ وَلِيَقُوْلَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْكٰفِرُوْنَ مَاذَآ

أُوتُوا الْكِتٰبَ	وَالْمُؤْمِنُوْنَ	وَلِيَقُوْلَ	الَّذِيْنَ	فِيْ قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ	وَالْكٰفِرُوْنَ	مَاذَآ
کتاب دی گئی	اور مومن (جمع)	اور تاکہ وہ کہیں	وہ لوگ	جن کے دلوں میں	روگ	اور کافر (جمع)	کیا

کتاب دی گئی (اہل کتاب) اور مومن اور تاکہ وہ لوگ جن کے دلوں میں روگ ہے اور کافر کہیں کہ کیا

اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ۭ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَاۗءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَمَا يَعْلَمُ

اَرَادَ اللّٰهُ	بِهٰذَا	مَثَلًا	كَذٰلِكَ	يُضِلُّ اللّٰهُ	مَنْ يَّشَاۗءُ	وَيَهْدِيْ	مَنْ يَّشَاۗءُ	وَمَا يَعْلَمُ
ارادہ کیا اللہ نے	اس	مثال	اسی طرح	اللہ گمراہ کرتا ہے	جسے وہ چاہتا ہے	اور ہدایت دیتا ہے	جسے وہ چاہتا ہے	اور نہیں جانتا

ارادہ کیا ہے اللہ نے اس مثال (بات) سے ؟ اسی طرح اللہ جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے، اور وہ جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے، (کوئی) نہیں جانتا

جُنُوْدَ رَبِّكَ اِلَّا هُوَ ۭ وَمَا هِيَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْبَشَرِ ۝۳۱ كَلَّا وَالْقَمَرِ ۝۳۲ وَالَّيْلِ اِذْ اَدْبَرَ ۝۳۳

جُنُوْدَ	رَبِّكَ	اِلَّا هُوَ	وَمَا هِيَ	اِلَّا ذِكْرٰى	لِلْبَشَرِ	كَلَّا	وَالْقَمَرِ	وَالَّيْلِ	اِذْ اَدْبَرَ
لشکروں	تیرے رب کے	سوائے وہ (خود)	اور نہیں یہ	مگر نصیحت	آدمی کے لئے	نہیں نہیں	قسم ہے چاند کی	اور رات	جب وہ پیٹھ پھیرے

تیرے رب کے لشکروں کو خود اس کے سوا، اور یہ نہیں مگر آدمی کی نصیحت کے لئے۔ نہیں نہیں! قسم ہے چاند کی، اور رات کی، جب وہ پیٹھ پھیرے۔

وَالصُّبْحِ اِذَآ اَسْفَرَ ۝۳۴ اِنَّهَا لَاِحْدَى الْكُبَرِ ۝۳۵ نَذِيْرًا لِّلْبَشَرِ ۝۳۶ لِمَنْ شَاۗءَ مِنْكُمْ اَنْ يَّتَقَدَّمَ

وَالصُّبْحِ	اِذَآ اَسْفَرَ	اِنَّهَا	لَاِحْدَى	الْكُبَرِ	نَذِيْرًا	لِّلْبَشَرِ	لِمَنْ شَاۗءَ	مِنْكُمْ	اَنْ يَّتَقَدَّمَ
اور صبح	جب وہ روشن ہو	بیشک یہ	ایک ہے	بڑی (آفت)	ڈرانے والی	لوگوں کو	اور جو کوئی چاہے	تم میں سے	کہ وہ آگے بڑھے

اور صبح کی جب وہ روشن ہو۔ بیشک وہ (دوزخ) ایک بڑی آفت ہے، لوگوں کو ڈرانے والی، تم میں سے جو کوئی چاہے کہ آگے بڑھے

اَوْ يَتَاَخَّرَ ۝۳۷ كُلُّ نَفْسٍ ۢ بِمَا كَسَبَتْ رَهِيْنَةٌ ۝۳۸ اِلَّآ اَصْحٰبَ الْيَمِيْنِ ۝۳۹ فِيْ جَنّٰتٍ

اَوْ يَتَاَخَّرَ	كُلُّ نَفْسٍ	بِمَا	كَسَبَتْ	رَهِيْنَةٌ	اِلَّآ	اَصْحٰبَ الْيَمِيْنِ	فِيْ جَنّٰتٍ
یا پیچھے رہے	ہر شخص	اسکے بدلے جو	اس نے کمایا (اعمال)	گروی	مگر	داہنی طرف والے	باغات میں

یا وہ پیچھے رہے۔ ہر شخص اپنے اعمال کے بدلے گروی ہے۔ مگر داہنی طرف والے (نیک لوگ)، باغات میں (رہیں گے)

يَتَسَاۗءَلُوْنَ ۝۴۰ عَنِ الْمُجْرِمِيْنَ ۝۴۱ مَا سَلَكَكُمْ فِيْ سَقَرَ ۝۴۲ قَالُوْا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ ۝۴۳

يَتَسَاۗءَلُوْنَ	عَنِ	الْمُجْرِمِيْنَ	مَا سَلَكَكُمْ	فِيْ	سَقَرَ	قَالُوْا	لَمْ نَكُ	مِنَ	الْمُصَلِّيْنَ
وہ پوچھیں گے	سے	گنہگاروں	کیا (چیز) تمہیں لے گئی	میں	جہنم	وہ کہیں گے	ہم نہ تھے	سے	نماز پڑھنے والے

وہ گنہگاروں سے پوچھیں گے، تمہیں جہنم میں کیا چیز لے گئی ؟ وہ کہیں گے ہم نماز پڑھنے والوں میں سے نہ تھے۔

وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِينَ ﴿٤٤﴾ وَكُنَّا نَخُوضُ مَعَ الْخَائِضِينَ ﴿٤٥﴾ وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّينِ ﴿٤٦﴾

وَلَمْ نَكُ	نُطْعِمُ	الْمِسْكِينَ	وَكُنَّا	نَخُوضُ	مَعَ	الْخَائِضِينَ	وَكُنَّا نُكَذِّبُ	بِيَوْمِ الدِّينِ
اور نہ تھے ہم	ہم کھانا کھلاتے	محتاجوں	اور ہم تھے	بیہودہ باتوں میں مشغول رہتے	ساتھ	بیہودہ باتوں میں لگے رہنے والے	اور ہم جھٹلاتے تھے	روز جزا و سزا کو

اور ہم محتاجوں کو کھانا نہ کھلاتے تھے۔ اور ہم بیہودہ باتوں میں لگے رہنے والوں کے ساتھ بیہودہ باتوں میں مشغول رہتے تھے، اور ہم روز جزا و سزا کو جھٹلاتے تھے

حَتَّىٰ أَتَانَا الْيَقِينُ ﴿٤٧﴾ فَمَا تَنفَعُهُمْ شَفَاعَةُ الشَّافِعِينَ ﴿٤٨﴾ فَمَا لَهُمْ عَنِ التَّذْكِرَةِ مُعْرِضِينَ ﴿٤٩﴾

حَتَّىٰ	أَتَانَا	الْيَقِينُ	فَمَا تَنفَعُهُمْ	شَفَاعَةُ	الشَّافِعِينَ	فَمَا لَهُمْ	عَنِ	التَّذْكِرَةِ	مُعْرِضِينَ
یہاں تک کہ	ہمیں آگئی	موت	اور انہیں نفع نہ دیا	سفارش	سفارش کرنیوالوں	تو انہیں کیا ہوا	سے	نصیحت	منہ پھیرتے ہیں

یہاں تک کہ ہمیں موت آگئی۔ سو انہیں سفارش کرنیوالوں کی سفارش نے نفع نہ دیا۔ تو انہیں کیا ہوا کہ وہ نصیحت سے منہ پھیرتے ہیں؟

كَأَنَّهُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنفِرَةٌ ﴿٥٠﴾ فَرَّتْ مِن قَسْوَرَةٍ ﴿٥١﴾ بَلْ يُرِيدُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ أَن يُؤْتَىٰ صُحُفًا

كَأَنَّهُمْ	حُمُرٌ	مُّسْتَنفِرَةٌ	فَرَّتْ	مِن قَسْوَرَةٍ	بَلْ	يُرِيدُ	كُلُّ امْرِئٍ	مِّنْهُمْ	أَن يُؤْتَىٰ	صُحُفًا
گویا کہ وہ	گدھے	بھاگے ہوئے	بھاگے جاتے ہیں	شیر سے	بلکہ	چاہتا ہے	ہر آدمی	ان میں سے	کہ وہ دیئے جائیں	صحیفے

گویا کہ وہ بھاگے ہوئے گدھے ہیں، بھاگے جاتے ہیں شیر سے۔ بلکہ ان میں سے ہر آدمی چاہتا ہے کہ اسے دیئے جائیں صحیفے

مُّنَشَّرَةً ﴿٥٢﴾ كَلَّا ۖ بَل لَّا يَخَافُونَ الْآخِرَةَ ﴿٥٣﴾ كَلَّا إِنَّهُ تَذْكِرَةٌ ﴿٥٤﴾ فَمَن شَاءَ ذَكَرَهُ ﴿٥٥﴾

مُّنَشَّرَةً	كَلَّا	بَلْ	لَا يَخَافُونَ	الْآخِرَةَ	كَلَّا	إِنَّهُ	تَذْكِرَةٌ	فَمَن شَاءَ	ذَكَرَهُ
کھلے ہوئے	ہرگز نہیں	بلکہ	وہ نہیں ڈرتے	آخرت	ہرگز نہیں	بیشک یہ	نصیحت	سو جو چاہے	اسے یاد رکھے

کھلے ہوئے۔ ہرگز نہیں بلکہ وہ آخرت سے نہیں ڈرتے۔ ہرگز نہیں بیشک یہ نصیحت ہے۔ سو جو چاہے اسے یاد رکھے۔

وَمَا يَذْكُرُونَ إِلَّا أَن يَشَاءَ اللَّهُ ۚ هُوَ أَهْلُ التَّقْوَىٰ وَأَهْلُ الْمَغْفِرَةِ ﴿٥٦﴾

ع ۲۵ ۲ ۱۶

وَمَا يَذْكُرُونَ	إِلَّا	أَن	يَشَاءَ اللَّهُ	هُوَ	أَهْلُ التَّقْوَىٰ	وَأَهْلُ الْمَغْفِرَةِ
اور وہ یاد نہ رکھیں گے	مگر	یہ	اللہ چاہے	وہی	ڈرنے کے لائق	مغفرت کے لائق

اور وہ یاد نہ رکھیں گے مگر یہ کہ اللہ چاہے، وہی ہے ڈرنے کے لائق، اور مغفرت کے لائق۔

اٰیاتہا ۴۰ | ۷۵ سُوْرَةُ الْقِيٰمَةِ مَكِّيَّةٌ ۳۱ | فیہا رکوعان

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

لَآ اُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۝۱ وَلَآ اُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ ۝۲ اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَلَّنْ نَّجْمَعَ

لَآ اُقْسِمُ	بِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ	وَلَآ اُقْسِمُ	بِالنَّفْسِ	اللَّوَّامَةِ	اَيَحْسَبُ	الْاِنْسَانُ	اَلَّنْ نَّجْمَعَ
میں قسم کھاتا ہوں	قیامت کے دن کی	اور میں قسم کھاتا ہوں	دل کی	اپنے اوپر ملامت کرنیوالے	کیا گمان کرتا ہے	انسان	کہ ہم ہرگز جمع نہ کریں گے

میں قیامت کے دن کی قسم کھاتا ہوں۔ اور میں اپنے اوپر ملامت کرنیوالے دل کی قسم کھاتا ہوں۔ کیا انسان گمان کرتا ہے کہ ہم ہرگز جمع نہ کریں گے

عِظَامَهٗ ۝۳ بَلٰى قٰدِرِيْنَ عَلٰٓى اَنْ نُّسَوِّيَ بَنَانَهٗ ۝۴ بَلْ يُرِيْدُ الْاِنْسَانُ لِيَفْجُرَ اَمَامَهٗ ۝۵

عِظَامَهٗ	بَلٰى قٰدِرِيْنَ	عَلٰٓى	اَنْ نُّسَوِّيَ	بَنَانَهٗ	بَلْ يُرِيْدُ	الْاِنْسَانُ	لِيَفْجُرَ	اَمَامَهٗ
اس کی ہڈیاں	کیوں نہیں ہم قادر ہیں۔	پر	کہ ہم درست کریں	اسکے پورے پورے	بلکہ چاہتا ہے	انسان	کہ گناہ کرتا رہے	اپنے آگے کو بھی

اس کی ہڈیاں کیوں نہیں؟ کہ ہم اس پر قادر ہیں کہ اسکے پورے پورے درست کر دیں۔ بلکہ انسان چاہتا یہ ہے کہ آگے کو بھی گناہ کرتا رہے۔

يَسْـَٔلُ اَيَّانَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ ۝۶ فَاِذَا بَرِقَ الْبَصَرُ ۝۷ وَخَسَفَ الْقَمَرُ ۝۸ وَجُمِعَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ

يَسْـَٔلُ	اَيَّانَ	يَوْمُ الْقِيٰمَةِ	فَاِذَا	بَرِقَ الْبَصَرُ	وَخَسَفَ	الْقَمَرُ	وَجُمِعَ	الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ
اور پوچھتا ہے	کب؟	روزِ قیامت	پس جب	چندھیا جائیں گی آنکھیں	اور گرہن لگ جائے گا	چاند	اور جمع کر دیئے جائیں گے	سورج اور چاند

وہ پوچھتا ہے روزِ قیامت کب ہوگا؟ پس جب آنکھیں چندھیا جائیں گی اور چاند کو گرہن لگ جائیگا، اور سورج اور چاند جمع کر دیئے جائیں گے

يَقُوْلُ الْاِنْسَانُ يَوْمَىِٕذٍ اَيْنَ الْمَفَرُّ ۝۱۰ كَلَّا لَا وَزَرَ ۝۱۱ اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَىِٕذِ ۨالْمُسْتَقَرُّ ۝۱۲ يُنَبَّؤُا

يَقُوْلُ	الْاِنْسَانُ	يَوْمَىِٕذٍ	اَيْنَ	الْمَفَرُّ	كَلَّا	لَا وَزَرَ	اِلٰى رَبِّكَ	يَوْمَىِٕذِ	الْمُسْتَقَرُّ	يُنَبَّؤُا
کہے گا	انسان	آج کے دن	کہاں	بھاگنے کی جگہ	ہرگز نہیں	نہیں کوئی بچاؤ	تیرے رب کی طرف	آج کے دن	ٹھکانا	وہ جتلا دیا جائے گا

انسان کہے گا کہاں ہے آج کے دن بھاگنے کی جگہ؟ ہرگز نہیں، کوئی بچاؤ کی جگہ نہیں۔ آج کے دن تیرے رب کی طرف ٹھکانا ہے، وہ جتلا دیا جائے گا۔

الْاِنْسَانُ يَوْمَىِٕذٍۢ بِمَا قَدَّمَ وَاَخَّرَ ۝۱۳ بَلِ الْاِنْسَانُ عَلٰى نَفْسِهٖ بَصِيْرَةٌ ۝۱۴ وَّلَوْ اَلْقٰى مَعَاذِيْرَهٗ

الْاِنْسَانُ	يَوْمَىِٕذٍ	بِمَا قَدَّمَ	وَاَخَّرَ	بَلِ الْاِنْسَانُ	عَلٰى نَفْسِهٖ	بَصِيْرَةٌ	وَّلَوْ اَلْقٰى	مَعَاذِيْرَهٗ
انسان	آج کے دن	وہ جو اس نے آگے بھیجا	اور اس نے پیچھے چھوڑا	بلکہ انسان	اپنی جان پر (حالت)	باخبر	اگرچہ لا ڈالے	اپنے عذر

آج کے دن انسان کو وہ جو اس نے آگے بھیجا، اور اس نے پیچھے چھوڑا۔ بلکہ انسان اپنی جان پر باخبر ہے۔ اگرچہ اپنے عذر (حیلے) لا ڈالے (پیش کرے)

لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ ﴿۱۶﴾ إِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ﴿۱۷﴾ فَإِذَا قَرَأْنٰهُ فَاتَّبِعْ

لَا تُحَرِّكْ بِهٖ	لِسَانَكَ	لِتَعْجَلَ بِهٖ	إِنَّ عَلَيْنَا	جَمْعَهٗ	وَقُرْاٰنَهٗ	فَإِذَا قَرَأْنٰهُ	فَاتَّبِعْ
آپ حرکت نہ دیں اس (قرآن) کے ساتھ اپنی زبان کو		کہ جلد (یاد کر لیں) اسکو	بیشک ہم پر ہے (ہمارے ذمے)	اس کا جمع کرنا	اور اس کا پڑھنا	پس جب ہم اسے پڑھیں	تو آپ پیروی کریں

آپ قرآن کے ساتھ اپنی زبان کو حرکت نہ دیں کہ اس کو جلد یاد کر لیں۔ بیشک اس کا جمع کرنا اور اس کا پڑھنا (آسان کرنا) ہمارے ذمے ہے پس جب ہم اسے (فرشتے کی زبانی) پڑھیں تو آپ اس کی پیروی کریں

قُرْاٰنَهٗ ﴿۱۸﴾ ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ ﴿۱۹﴾ كَلَّا بَلْ تُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ ﴿۲۰﴾ وَتَذَرُوْنَ الْاٰخِرَةَ ﴿۲۱﴾

قُرْاٰنَهٗ	ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا	بَيَانَهٗ	كَلَّا بَلْ	تُحِبُّوْنَ	الْعَاجِلَةَ	وَتَذَرُوْنَ	الْاٰخِرَةَ
اس کے پڑھنے کی	پھر بیشک ہم پر (ہمارے ذمے)	اس کا بیان	ہرگز نہیں بلکہ	تم محبت رکھتے ہو	جلدی کو (دنیا)	اور تم چھوڑ دیتے ہو	آخرت

اس کے پڑھنے کی۔ پھر بیشک اس کا بیان کرنا ہمارے ذمے ہے۔ ہرگز نہیں بلکہ (اے کافرو!) تم دنیا سے محبت رکھتے ہو اور آخرت کو چھوڑ دیتے ہو۔

وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ ﴿۲۲﴾ إِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ﴿۲۳﴾ وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍۢ بَاسِرَةٌ ﴿۲۴﴾ تَظُنُّ أَنْ

وُجُوْهٌ	يَّوْمَئِذٍ	نَّاضِرَةٌ	إِلٰى رَبِّهَا	نَاظِرَةٌ	وَوُجُوْهٌ	يَّوْمَئِذٍ	بَاسِرَةٌ	تَظُنُّ	أَنْ
بہت سے چہرے	اس دن	تازہ (بارونق)	اپنے رب کی طرف	دیکھتے	اور بہت سے چہرے	اس دن	بگڑے ہوئے	خیال کرتے ہونگے	کہ

اس دن بہت سے چہرے بارونق ہونگے، اپنے رب کی طرف دیکھتے ہوں گے۔ اور بہت سے چہرے اس دن بگڑے ہوئے ہونگے خیال کرتے ہونگے کہ

يُّفْعَلَ بِهَا فَاقِرَةٌ ﴿۲۵﴾ كَلَّا إِذَا بَلَغَتِ التَّرَاقِيَ ﴿۲۶﴾ وَقِيْلَ مَنْ ۜ رَاقٍ ﴿۲۷﴾ وَّظَنَّ أَنَّهُ الْفِرَاقُ ﴿۲۸﴾

يُّفْعَلَ بِهَا	فَاقِرَةٌ	كَلَّا	إِذَا	بَلَغَتِ	التَّرَاقِيَ	وَقِيْلَ	مَنْ رَاقٍ	وَظَنَّ	أَنَّهُ	الْفِرَاقُ
ان سے کیا جائے گا	کمر توڑنے والا	ہاں ہاں	جب	پہنچ جائے	ہنسلی تک	اور کہا جائے	کون جھاڑ پھونک کرنیوالا	اور وہ گمان کرے	کہ یہ	جدائی

ان سے کمر توڑنے والا (معاملہ) کیا جائے گا۔ ہاں ہاں جب (جان) ہنسلی تک پہنچ جائے اور کہا جائے کون ہے جھاڑ پھونک کرنیوالا؟ اور وہ گمان کرے کہ یہ جدائی کی گھڑی ہے

وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ ﴿۲۹﴾ إِلٰى رَبِّكَ يَوْمَئِذِ ِۨالْمَسَاقُ ﴿۳۰﴾ فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰى ﴿۳۱﴾

وَالْتَفَّتِ	السَّاقُ	بِالسَّاقِ	إِلٰى رَبِّكَ	يَوْمَئِذٍ	الْمَسَاقُ	فَلَا صَدَّقَ	وَلَا صَلّٰى
اور لپٹ جائے	ایک پنڈلی	دوسری پنڈلی سے	اپنے رب کی طرف	اس دن	چلنا	نہ اس نے تصدیق کی	اور نہ اس نے نماز پڑھی

اور ایک پنڈلی دوسری پنڈلی سے لپٹ جائے (پاؤں میں حرکت نہ رہے) اس دن (تجھے) اپنے رب کی طرف چلنا ہے۔ نہ اس نے (اللہ، رسول کی) تصدیق کی اور نہ اس نے نماز پڑھی

وَلٰكِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ﴿۳۲﴾ ثُمَّ ذَهَبَ إِلٰى أَهْلِهٖ يَتَمَطّٰى ﴿۳۳﴾ أَوْلٰى لَكَ فَأَوْلٰى ﴿۳۴﴾ ثُمَّ أَوْلٰى لَكَ

وَلٰكِنْ	كَذَّبَ	وَتَوَلّٰى	ثُمَّ ذَهَبَ	إِلٰى أَهْلِهٖ	يَتَمَطّٰى	أَوْلٰى لَكَ	فَأَوْلٰى	ثُمَّ	أَوْلٰى لَكَ
اور لیکن (بلکہ)	جھٹلایا	اور منہ موڑا	پھر چلا گیا	اپنے گھر والوں کی طرف	اکڑتا	افسوس تجھ پر	پس افسوس	پھر	افسوس تجھ پر

بلکہ اس نے جھٹلایا اور منہ موڑا۔ پھر اپنے گھر والوں کی طرف اکڑتا ہوا چلا گیا۔ افسوس ہے تجھ پر افسوس۔ پھر افسوس ہے تجھ پر

فَاَوْلٰى ﴿۳۵﴾ اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَنْ يُّتْرَكَ سُدًى ﴿۳۶﴾ اَلَمْ يَكُ نُطْفَةً مِّنْ مَّنِيٍّ يُّمْنٰى ﴿۳۷﴾

فَاَوْلٰى	اَيَحْسَبُ	الْاِنْسَانُ	اَنْ يُّتْرَكَ	سُدًى	اَلَمْ يَكُ	نُطْفَةً	مِّنْ	مَّنِيٍّ	يُّمْنٰى
پھر افسوس	کیا وہ گمان کرتا ہے؟	انسان	کہ وہ چھوڑ دیا جائے گا	مہمل (یونہی)	کیا نہ تھا؟	نطفہ	سے (کا)	منی	ٹپکایا گیا

پھر افسوس۔ کیا انسان گمان کرتا ہے کہ وہ یونہی چھوڑ دیا جائے گا۔ کیا وہ منی کا ایک نطفہ (قطرہ) نہ تھا جو (رحم مادر میں) ٹپکایا گیا۔

ثُمَّ كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوّٰى ﴿۳۸﴾ فَجَعَلَ مِنْهُ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ﴿۳۹﴾

ثُمَّ كَانَ	عَلَقَةً	فَخَلَقَ	فَسَوّٰى	فَجَعَلَ	مِنْهُ	الزَّوْجَيْنِ	الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى
پھر وہ ہوا	جما ہوا خون	پھر اس نے اسے پیدا کیا	پھر اسے درست کیا	پھر بنائے	اس سے	دو جوڑے (قسمیں)	مرد اور عورت

پھر وہ جما ہوا خون ہوا، پھر اس نے اسے پیدا کیا، پھر اسے درست (اندام) کیا، پھر اس کی مرد اور عورت دو قسمیں بنائیں

اَلَيْسَ ذٰلِكَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِىَ الْمَوْتٰى ﴿۴۰﴾

اَلَيْسَ	ذٰلِكَ	بِقٰدِرٍ	عَلٰى	اَنْ يُّحْيِىَ	الْمَوْتٰى
کیا نہیں	وہ	قادر	پر	کہ وہ زندہ کرے	مُردے (رجع)

کیا وہ اس پر قادر نہیں کہ مُردوں کو زندہ کرے؟

ایاتھا ۳۱ — ۷۶ سُوْرَةُ الدَّهْرِ مَكِّيَّةٌ ۹۸ — فیھا رکوعان ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُنْ شَيْـًٔا مَّذْكُوْرًا ﴿۱﴾ اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ

هَلْ اَتٰى	عَلَى الْاِنْسَانِ	حِيْنٌ	مِّنَ الدَّهْرِ	لَمْ يَكُنْ شَيْـًٔا	مَّذْكُوْرًا	اِنَّا خَلَقْنَا	الْاِنْسَانَ
یقیناً آیا (گزرا)	انسان پر	ایک وقت	زمانہ کا	اور نہ تھا کچھ	قابل ذکر	بیشک ہم نے پیدا کیا	انسان

یقیناً انسان پر ایک وقت گزرا ہے کہ وہ کچھ (بھی) قابل ذکر نہ تھا۔ بے شک ہم نے انسان کو پیدا کیا

مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ نَّبْتَلِيْهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا ﴿۲﴾ اِنَّا هَدَيْنٰهُ السَّبِيْلَ اِمَّا شَاكِرًا

مِنْ نُّطْفَةٍ	اَمْشَاجٍ	نَّبْتَلِيْهِ	فَجَعَلْنٰهُ	سَمِيْعًا بَصِيْرًا	اِنَّا هَدَيْنٰهُ	السَّبِيْلَ	اِمَّا شَاكِرًا
نطفہ	مخلوط	ہم اسے آزمائیں	تو ہم نے اسے بنایا	سنتا دیکھتا	بیشک ہم نے اسے دکھائی	راہ	خواہ شکر کرنے والا

مخلوط نطفہ سے (کہ) ہم اسے آزمائیں تو ہم نے اسے سنتا دیکھتا بنایا۔ بیشک ہم نے اسے راہ دکھائی (اب وہ) خواہ شکر کرنے والا ہو

وَإِمَّا كَفُوْرًا ﴿٣﴾ إِنَّآ أَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ سَلٰسِلَا۟ وَأَغْلٰلًا وَّسَعِيْرًا ﴿٤﴾ إِنَّ الْاَبْرَارَ يَشْرَبُوْنَ

وَإِمَّا	كَفُوْرًا	إِنَّآ أَعْتَدْنَا	لِلْكٰفِرِيْنَ	سَلٰسِلَا۟	وَأَغْلٰلًا	وَسَعِيْرًا	إِنَّ	الْاَبْرَارَ	يَشْرَبُوْنَ
اور خواہ	ناشکرا	بیشک ہم نے تیار کیا	کافروں کے لئے	زنجیریں	اور طوق	اور دہکتی آگ	بیشک	نیک بندے	پئیں گے

خواہ ناشکرا۔ بیشک ہم نے کافروں (ناشکروں) کے لئے زنجیریں اور طوق، اور دہکتی آگ تیار کر رکھی ہے۔ بیشک پئیں گے نیک بندے

مِنْ كَأْسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُوْرًا ﴿٥﴾ عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا عِبَادُ اللّٰهِ يُفَجِّرُوْنَهَا تَفْجِيْرًا ﴿٦﴾ يُوْفُوْنَ

مِنْ كَأْسٍ	كَانَ مِزَاجُهَا	كَافُوْرًا	عَيْنًا	يَشْرَبُ بِهَا	عِبَادُ اللّٰهِ	يُفَجِّرُوْنَهَا	تَفْجِيْرًا	يُوْفُوْنَ
پیالے سے	اس میں آمیزش ہوگی	کافور کی	ایک چشمہ	اس سے پیتے ہیں	اللہ کے بندے	اسے رواں کرتے ہیں	نالیاں	وہ پوری کرتے ہیں

پیالے سے (وہ مشروب) جس میں کافور کی آمیزش ہوگی۔ ایک چشمہ اس سے اللہ کے بندے پیتے ہیں، اس سے نالیاں رواں کرتے ہیں۔ وہ پوری کرتے ہیں

بِالنَّذْرِ وَيَخَافُوْنَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِيْرًا ﴿٧﴾ وَيُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا

بِالنَّذْرِ	وَيَخَافُوْنَ	يَوْمًا	كَانَ	شَرُّهٗ	مُسْتَطِيْرًا	وَيُطْعِمُوْنَ	الطَّعَامَ	عَلٰى حُبِّهٖ	مِسْكِيْنًا
(اپنی) نذریں	اور وہ ڈر گئے	اس دن سے	ہوگی	اسکی برائی	پھیلی ہوئی	اور وہ کھلاتے ہیں	کھانا	اسکی محبت پر	محتاج مسکین

اپنی نذریں اور وہ اس دن سے ڈرتے ہیں جس کی برائی پھیلی (عام) ہوگی۔ اور وہ اس کی محبت پر کھانا کھلاتے ہیں محتاج،

وَّيَتِيْمًا وَّاَسِيْرًا ﴿٨﴾ اِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا نُرِيْدُ مِنْكُمْ جَزَآءً وَّلَا شُكُوْرًا ﴿٩﴾ اِنَّا نَخَافُ

وَيَتِيْمًا	وَاَسِيْرًا	اِنَّمَا	نُطْعِمُكُمْ	لِوَجْهِ اللّٰهِ	لَا نُرِيْدُ	مِنْكُمْ	جَزَآءً	وَلَا شُكُوْرًا	اِنَّا نَخَافُ
اور یتیم	اور قیدی	اسکے سوا نہیں	ہم تمہیں کھلاتے ہیں	رضائے الٰہی کے لئے	ہم نہیں چاہتے	تم سے	کوئی جزا	اور نہ شکریہ	بیشک ہمیں ڈر ہے

اور یتیم اور قیدی کو (اور کہتے ہیں)، اس کے سوا نہیں کہ ہم تمہیں رضائے الٰہی کے لئے کھلاتے ہیں ہم تم سے نہ جزا چاہتے ہیں اور نہ شکریہ۔ بیشک ہمیں ڈر ہے

مِنْ رَّبِّنَا يَوْمًا عَبُوْسًا قَمْطَرِيْرًا ﴿١٠﴾ فَوَقٰىهُمُ اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَلَقّٰىهُمْ نَضْرَةً

مِنْ رَّبِّنَا	يَوْمًا	عَبُوْسًا	قَمْطَرِيْرًا	فَوَقٰىهُمُ اللّٰهُ	شَرَّ	ذٰلِكَ الْيَوْمِ	وَلَقّٰىهُمْ	نَضْرَةً
اپنے رب سے	اس دن کا	منہ بگاڑنے والا	نہایت سخت	پس انہیں بچا لیا اللہ نے	برائی	اس دن	اور انہیں عطا کی	تازگی

اپنے رب کی طرف سے اس دن کا جو منہ بگاڑنے والا نہایت سخت ہے۔ پس اللہ نے انہیں اس دن کی برائی سے بچا لیا، اور انہیں تازگی عطا کی

وَّسُرُوْرًا ﴿١١﴾ وَجَزٰىهُمْ بِمَا صَبَرُوْا جَنَّةً وَّحَرِيْرًا ﴿١٢﴾ مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ لَا يَرَوْنَ

وَسُرُوْرًا	وَجَزٰىهُمْ	بِمَا صَبَرُوْا	جَنَّةً	وَحَرِيْرًا	مُتَّكِـِٕيْنَ	فِيْهَا	عَلَى الْاَرَآئِكِ	لَا يَرَوْنَ
اور خوش دلی	اور انہیں بدلہ دیا	ان کے صبر پر	جنت	اور ریشمی لباس	تکیہ لگائے ہوں گے	اس میں	تختوں پر	وہ نہ دیکھیں گے

اور خوش دلی۔ اور ان کے صبر پر انہیں جنت اور ریشمی لباس کا بدلہ دیا۔ اس میں تختوں پر تکیہ لگائے ہوئے ہوں گے۔ وہ نہ دیکھیں گے

فِيهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِيرًا ﴿۱۳﴾ وَدَانِيَةً عَلَيْهِمْ ظِلٰلُهَا وَذُلِّلَتْ قُطُوفُهَا تَذْلِيلًا ﴿۱۴﴾ وَيُطَافُ عَلَيْهِمْ

فِيهَا	شَمْسًا	وَّلَا زَمْهَرِيرًا	وَدَانِيَةً	عَلَيْهِمْ	ظِلٰلُهَا	وَذُلِّلَتْ	قُطُوفُهَا	تَذْلِيلًا	وَيُطَافُ	عَلَيْهِمْ
اس میں	دھوپ	اور نہ سردی	اور نزدیک ہو رہے ہونگے	اُن پر	انکے سائے	اور نزدیک کر دیئے گئے ہونگے	اس کے گچھے	جھکا کر	اور دور ہو گا	ان پر

اس میں دھوپ (کی تیزی) نہ سردی (کی شدت)، اُن پر اسکے سائے نزدیک ہو رہے ہونگے اور اس کے گچھے جھکا کر نزدیک کر دیئے گئے ہونگے۔ اور ان پر دَور ہوگا

بِاٰنِيَةٍ مِّنْ فِضَّةٍ وَّاَكْوَابٍ كَانَتْ قَوَارِيرَا ﴿۱۵﴾ قَوَارِيرَا مِنْ فِضَّةٍ قَدَّرُوهَا تَقْدِيرًا ﴿۱۶﴾ وَ

بِاٰنِيَةٍ	مِّنْ فِضَّةٍ	وَّاَكْوَابٍ	كَانَتْ	قَوَارِيرَا	قَوَارِيرَا	مِنْ فِضَّةٍ	قَدَّرُوهَا تَقْدِيرًا	وَ
برتنوں کا	چاندی کے	اور آبخورے	ہوں گے	شیشے کے	شیشے	چاندی کے	انہوں نے انکا اندازہ کیا ہو گا مناسب اندازہ	اور

چاندی کے برتنوں کا اور آبخوروں کا جو شیشوں کے ہونگے، شیشے چاندی کے۔ (ساقیوں نے) ان کا مناسب اندازہ کیا ہو گا۔ اور

يُسْقَوْنَ فِيهَا كَاْسًا كَانَ مِزَاجُهَا زَنْجَبِيلًا ﴿۱۷﴾ عَيْنًا فِيهَا تُسَمّٰى سَلْسَبِيلًا ﴿۱۸﴾ وَيَطُوفُ

يُسْقَوْنَ	فِيهَا	كَاْسًا	كَانَ	مِزَاجُهَا	زَنْجَبِيلًا	عَيْنًا	فِيهَا	تُسَمّٰى سَلْسَبِيلًا	وَيَطُوفُ
انہیں پلایا جائے گا	اس میں	ایسا جام	ہوگی	اسکی آمیزش	سونٹھ	ایک چشمہ	اس میں	موسوم کیا جاتا ہے سلسبیل	اور گردش کریں گے

اور انہیں اس میں ایسا جام پلایا جائے گا جس کی آمیزش سونٹھ کی ہوگی۔ اس میں ایک چشمہ ہے۔ جو سلسبیل سے موسوم کیا جاتا ہے۔ اور گردش کریں گے

عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُونَ اِذَا رَاَيْتَهُمْ حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤًا مَّنْثُورًا ﴿۱۹﴾ وَاِذَا رَاَيْتَ ثَمَّ

عَلَيْهِمْ	وِلْدَانٌ	مُّخَلَّدُونَ	اِذَا رَاَيْتَهُمْ	حَسِبْتَهُمْ	لُؤْلُؤًا	مَّنْثُورًا	وَاِذَا رَاَيْتَ	ثَمَّ
ان پر	لڑکے	ہمیشہ (نوعمر) رہنے والے	جب تو انہیں دیکھے	تو انہیں سمجھے	موتی	بکھرے ہوئے	اور جب تو دیکھے گا	وہاں

ان پر ہمیشہ نوعمر رہنے والے لڑکے، جب تو انہیں دیکھے تو انہیں بکھرے ہوئے موتی سمجھے۔ اور جب تو دیکھے گا تو وہاں (جنت میں)

رَاَيْتَ نَعِيمًا وَّمُلْكًا كَبِيرًا ﴿۲۰﴾ عٰلِيَهُمْ ثِيَابُ سُنْدُسٍ خُضْرٌ وَّاِسْتَبْرَقٌ وَّحُلُّوا اَسَاوِرَ

رَاَيْتَ	نَعِيمًا	وَّمُلْكًا كَبِيرًا	عٰلِيَهُمْ ثِيَابُ	سُنْدُسٍ	خُضْرٌ	وَّاِسْتَبْرَقٌ	وَّحُلُّوا	اَسَاوِرَ
تو دیکھے گا	بڑی نعمت	اور بڑی سلطنت	اُن کے اوپر کی پوشاک	باریک ریشم	سبز	اور دبیز ریشم (اطلس)	اور انہیں پہنائے جائیں گے	کنگن

بڑی نعمت اور بڑی سلطنت دیکھے گا۔ ان کے اوپر کی پوشاک سبز باریک ریشم اور اطلس کی ہو گی اور انہیں کنگن پہنائے جائیں گے

مِنْ فِضَّةٍ وَسَقٰهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُورًا ﴿۲۱﴾ اِنَّ هٰذَا كَانَ لَكُمْ جَزَآءً وَّكَانَ سَعْيُكُمْ

مِنْ فِضَّةٍ	وَسَقٰهُمْ	رَبُّهُمْ	شَرَابًا	طَهُورًا	اِنَّ هٰذَا	كَانَ	لَكُمْ	جَزَآءً	وَّكَانَ	سَعْيُكُمْ
چاندی کے	اور انہیں پلائے گا	ان کا رب	ایک شراب (مشروب)	نہایت پاک	بیشک یہ	ہے	تمہاری	جزا	اور ہوئی	تمہاری سعی

چاندی کے اور ان کا رب انہیں نہایت پاک ایک مشروب پلائے گا۔ بے شک یہ تمہاری جزا ہے، اور تمہاری سعی (کوشش)

مَشْكُوْرًا ۝٢٢ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ تَنْزِيْلًا ۝٢٣ فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ

مَشْكُوْرًا	اِنَّا نَحْنُ	نَزَّلْنَا	عَلَيْكَ	الْقُرْاٰنَ	تَنْزِيْلًا	فَاصْبِرْ	لِحُكْمِ رَبِّكَ	وَلَا تُطِعْ	مِنْهُمْ
مشکور (مقبول)	بیشک ہم	ہم نے نازل کیا	آپ پر	قرآن	تدریج	پس صبر کریں	اپنے رب کے حکم کے لئے	اور آپ کہا نہ مانیں	ان میں سے

مقبول ہوئی - بے شک ہم نے آپ پر قرآن تدریج نازل کیا، پس آپ اپنے رب کے حکم کے لئے صبر کریں، اور آپ کہا نہ مانیں ان میں سے

اٰثِمًا اَوْ كَفُوْرًا ۝٢٤ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝٢٥ وَمِنَ الَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهٗ وَسَبِّحْهُ

اٰثِمًا	اَوْ كَفُوْرًا	وَاذْكُرِ	اسْمَ رَبِّكَ	بُكْرَةً	وَّاَصِيْلًا	وَمِنَ	الَّيْلِ	فَاسْجُدْ	لَهٗ	وَسَبِّحْهُ
کسی گنہگار	یا ناشکرے کا	اور آپ یاد کریں	اپنے رب کا نام	صبح	اور شام	اور سے (کسی حصہ میں)	رات	پس آپ سجدہ کریں	اس کو	اور اسکی پاکیزگی بیان کریں

کسی گنہگار، ناشکرے کا - اور آپ اپنے رب کا نام صبح و شام یاد کرتے رہیں - اور رات کے کسی حصہ میں آپ اس کو سجدہ کریں اور اسکی پاکیزگی بیان کریں

لَيْلًا طَوِيْلًا ۝٢٦ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ يُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ وَيَذَرُوْنَ وَرَآءَهُمْ يَوْمًا ثَقِيْلًا ۝٢٧

لَيْلًا طَوِيْلًا	اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ	يُحِبُّوْنَ	الْعَاجِلَةَ	وَيَذَرُوْنَ	وَرَآءَهُمْ	يَوْمًا	ثَقِيْلًا
رات کا بڑا حصہ	بیشک یہ (منکر) لوگ	وہ دوست رکھتے ہیں	دنیا	اور چھوڑ دیتے ہیں	اپنے پیچھے	ایک دن	بھاری

رات کے بڑے حصے میں، بیشک یہ منکر دنیا کو دوست رکھتے ہیں اور ایک بھاری دن (روز قیامت) کو اپنے پیچھے (پس پشت) چھوڑ دیتے ہیں -

نَحْنُ خَلَقْنٰهُمْ وَشَدَدْنَآ اَسْرَهُمْ ۚ وَاِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَآ اَمْثَالَهُمْ تَبْدِيْلًا ۝٢٨ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ

نَحْنُ خَلَقْنٰهُمْ	وَشَدَدْنَا	اَسْرَهُمْ	وَاِذَا شِئْنَا	بَدَّلْنَا	اَمْثَالَهُمْ	تَبْدِيْلًا	اِنَّ هٰذِهٖ	تَذْكِرَةٌ
ہم نے انہیں پیدا کیا	اور ہم نے مضبوط کئے	ان کے جوڑ	اور جب ہم چاہیں	ہم بدل دیں	ان جیسے لوگ	بدل کر	بیشک یہ	نصیحت

ہم نے انہیں پیدا کیا، اور ہم نے ان کے جوڑ مضبوط کئے اور ہم جب چاہیں (انکی جگہ) ان جیسے اور لوگ بدل کر لے آئیں - بیشک یہ نصیحت ہے"

فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ۝٢٩ وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ

فَمَنْ شَآءَ	اتَّخَذَ	اِلٰى رَبِّهٖ	سَبِيْلًا	وَمَا تَشَآءُوْنَ	اِلَّآ	اَنْ	يَّشَآءَ اللّٰهُ	اِنَّ اللّٰهَ	كَانَ
پس جو چاہے	اختیار کرکے	اپنے رب کی طرف	راہ	اور تم نہیں چاہو گے	سوئے	جو	اللہ چاہے	بیشک اللہ	ہے

پس جو چاہے اپنے رب کی طرف راہ اختیار کرلے - اور تم نہیں چاہو گے اس کے سوا جو اللہ چاہے، بے شک اللہ

عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝٣٠ يُّدْخِلُ مَنْ يَّشَآءُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ۭ وَالظّٰلِمِيْنَ اَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝٣١

عَلِيْمًا	حَكِيْمًا	يُّدْخِلُ	مَنْ يَّشَآءُ	فِيْ رَحْمَتِهٖ	وَالظّٰلِمِيْنَ	اَعَدَّ لَهُمْ	عَذَابًا اَلِيْمًا
جاننے والا	حکمت والا	وہ داخل کرتا ہے	وہ جسے چاہے	اپنی رحمت میں	اور (رہے) ظالم	اس نے تیار کیا ہے ان کے لئے	دردناک عذاب

جاننے والا حکمت والا ہے - وہ جسے چاہے اپنی رحمت میں داخل کرتا ہے، اور رہے ظالم، تو ان کے لئے اس نے دردناک عذاب تیار کیا ہے -

ایاتها ۵۰ — ۷۷ سورة المرسلت مكية ۳۳ — فيها ركوعان

بسم الله الرحمن الرحيم

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا مہربان ہے۔

وَالْمُرْسَلٰتِ عُرْفًا ﴿۱﴾ فَالْعٰصِفٰتِ عَصْفًا ﴿۲﴾ وَّالنّٰشِرٰتِ نَشْرًا ﴿۳﴾ فَالْفٰرِقٰتِ فَرْقًا ﴿۴﴾ فَالْمُلْقِيٰتِ

وَالْمُرْسَلٰتِ	عُرْفًا	فَالْعٰصِفٰتِ	عَصْفًا	وَّالنّٰشِرٰتِ	نَشْرًا	فَالْفٰرِقٰتِ	فَرْقًا	فَالْمُلْقِيٰتِ
ہواؤں کی قسم	دل کو خوش کرنیوالی	پھر تند و تیز چلنے والی ہواؤں کی قسم	شدت سے	بادل اٹھا کر لانیوالی ہواؤں کی قسم	پھیلانیوالی	پھر پھاڑنیوالی ہواؤں کی قسم	بانٹ کر	پھر القا کرنیوالے فرشتوں کی قسم

دل خوش کرنیوالی ہواؤں کی قسم، پھر شدت سے تند و تیز چلنے والی ہواؤں کی قسم، بادلوں کو اٹھا کر لانیوالی پھیلانیوالی ہواؤں کی قسم، پھر بانٹ کر پھاڑنیوالی ہواؤں کی قسم، پھر وحی القا کرنیوالے فرشتوں کی قسم

ذِكْرًا ﴿۵﴾ عُذْرًا اَوْ نُذْرًا ﴿۶﴾ اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَوَاقِعٌ ﴿۷﴾ فَاِذَا النُّجُوْمُ طُمِسَتْ ﴿۸﴾ وَاِذَا السَّمَآءُ

ذِكْرًا	عُذْرًا	اَوْ نُذْرًا	اِنَّمَا	تُوْعَدُوْنَ	لَوَاقِعٌ	فَاِذَا	النُّجُوْمُ طُمِسَتْ	وَاِذَا	السَّمَآءُ
ذکر (وحی)	حجت تمام کرنے کو	یا ڈرانے کو	بیشک جو	تمہیں وعدہ دیا جاتا ہے	ضرور ہونے والا	پس جب	ستارے مٹائے جائیں (بے نور ہو جائیں)	اور جب	آسمان

حجت تمام کرنے کو یا ڈرانے کو۔ بیشک جو تمہیں وعدہ دیا جاتا ہے وہ ضرور ہونیوالا ہے۔ پھر جب ستارے بے نور ہو جائیں۔ اور جب آسمان

فُرِجَتْ ﴿۹﴾ وَاِذَا الْجِبَالُ نُسِفَتْ ﴿۱۰﴾ وَاِذَا الرُّسُلُ اُقِّتَتْ ﴿۱۱﴾ لِاَيِّ يَوْمٍ اُجِّلَتْ ﴿۱۲﴾ لِيَوْمِ الْفَصْلِ ﴿۱۳﴾

فُرِجَتْ	وَاِذَا الْجِبَالُ	نُسِفَتْ	وَاِذَا الرُّسُلُ	اُقِّتَتْ	لِاَيِّ يَوْمٍ	اُجِّلَتْ	لِيَوْمِ الْفَصْلِ
پھٹ جائے	اور جب پہاڑ	اڑتے پھریں	اور جب رسول (جمع)	وقت پر جمع کئے جائیں گے	کس دن کے لئے	ملتوی رکھا گیا ہے	فیصلے کے دن کے لئے

پھٹ جائے۔ اور جب پہاڑ اڑتے ریزہ ریزہ ہو کر پھریں، اور جب رسول وقت معین پر جمع کئے جائیں (ان کا معاملہ) کس دن کے لئے ملتوی رکھا گیا ہے؟ فیصلے کے دن کے لئے

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الْفَصْلِ ﴿۱۴﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۵﴾ اَلَمْ نُهْلِكِ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۶﴾

وَمَآ اَدْرٰىكَ	مَا يَوْمُ الْفَصْلِ	وَيْلٌ	يَّوْمَئِذٍ	لِّلْمُكَذِّبِيْنَ	اَلَمْ نُهْلِكِ	الْاَوَّلِيْنَ
اور تم کیا سمجھے؟	کیا ہے فیصلے کا دن؟	خرابی ہے	اس دن	جھٹلانیوالوں کے لئے	کیا ہم نے ہلاک نہیں کیا؟	پہلے لوگوں کو

اور تم کیا سمجھے فیصلے کا دن کیا ہے؟ اس دن خرابی ہے جھٹلانیوالوں کے لئے، کیا ہم نے ہلاک نہیں کیا پہلے لوگوں کو؟

ثُمَّ نُتْبِعُهُمُ الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۷﴾ كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۸﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۹﴾

ثُمَّ نُتْبِعُهُمُ	الْاٰخِرِيْنَ	كَذٰلِكَ	نَفْعَلُ	بِالْمُجْرِمِيْنَ	وَيْلٌ	يَّوْمَئِذٍ	لِّلْمُكَذِّبِيْنَ
پھر ہم انکے پیچھے چلاتے ہیں	پچھلوں کو	اسی طرح	ہم کرتے ہیں	مجرموں کے ساتھ	خرابی	اس دن	جھٹلانے والوں کے لئے

پھر پچھلوں کو ان کے پیچھے چلاتے ہیں۔ اسی طرح ہم مجرموں کے ساتھ کرتے ہیں۔ اس دن خرابی ہے جھٹلانے والوں کے لئے۔

اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ﴿٢٠﴾ فَجَعَلْنٰهُ فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ﴿٢١﴾ اِلٰى قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿٢٢﴾ فَقَدَرْنَا

اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ	مِّنْ مَّآءٍ	مَّهِيْنٍ	فَجَعَلْنٰهُ	فِيْ	قَرَارٍ مَّكِيْنٍ	اِلٰى	قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ	فَقَدَرْنَا
کیا ہم نے نہیں پیدا کیا تمہیں؟	پانی سے	حقیر	پھر ہمنے اسے رکھا	میں	ایک محفوظ جگہ	تک	وقت معین	پھر ہمنے اندازہ کیا

کیا ہم نے تمہیں حقیر پانی سے نہیں پیدا کیا؟ پھر ہم نے اسے ایک محفوظ جگہ میں رکھا، ایک وقت معین تک، پھر ہم نے اندازہ کیا

فَنِعْمَ الْقٰدِرُوْنَ ﴿٢٣﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿٢٤﴾ اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ كِفَاتًا ﴿٢٥﴾ اَحْيَآءً

فَنِعْمَ	الْقٰدِرُوْنَ	وَيْلٌ	يَّوْمَئِذٍ	لِّلْمُكَذِّبِيْنَ	اَلَمْ نَجْعَلِ	الْاَرْضَ	كِفَاتًا	اَحْيَآءً
تو کیسا اچھا	اندازہ کرنے والے	خرابی	اس دن	جھٹلانیوالوں کے لئے	کیا ہمنے نہیں بنایا	زمین	سمیٹنے والی	زندوں کو

تو ہم کیسا اچھا اندازہ کرنیوالے ہیں۔ اس دن خرابی ہے جھٹلانیوالوں کے لئے۔ کیا ہم نے زمین کو سمیٹنے والی نہیں بنایا؟ زندوں کو

وَّاَمْوَاتًا ﴿٢٦﴾ وَّجَعَلْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ شٰمِخٰتٍ وَّاَسْقَيْنٰكُمْ مَّآءً فُرَاتًا ﴿٢٧﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ

وَّاَمْوَاتًا	وَّجَعَلْنَا	فِيْهَا	رَوَاسِيَ	شٰمِخٰتٍ	وَّاَسْقَيْنٰكُمْ	مَّآءً فُرَاتًا	وَيْلٌ	يَّوْمَئِذٍ
اور مردوں کو	اور ہم نے رکھے	اس میں	پہاڑ (جمع)	اونچے اونچے	اور ہمنے پلایا تمہیں	پانی میٹھا	خرابی	اس دن

اور مردوں کو۔ اور ہم نے اس میں اونچے اونچے پہاڑ رکھے، اور ہم نے تمہیں میٹھا پانی پلایا۔ خرابی ہے اس دن

لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿٢٨﴾ اِنْطَلِقُوْٓا اِلٰى مَا كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿٢٩﴾ اِنْطَلِقُوْٓا اِلٰى ظِلٍّ ذِيْ ثَلٰثِ

لِّلْمُكَذِّبِيْنَ	اِنْطَلِقُوْٓا	اِلٰى	مَا كُنْتُمْ بِهٖ	تُكَذِّبُوْنَ	اِنْطَلِقُوْٓا	اِلٰى ظِلٍّ	ذِيْ	ثَلٰثِ
جھٹلانیوالوں کے لئے	تو تم چلو	طرف	جس کو تم تھے	تم جھٹلاتے	تم چلو	سایہ کی طرف	والا	تین

جھٹلانے والوں کے لئے۔ (حکم ہوگا) تم چلو اس کی طرف جس کو تم جھٹلاتے تھے۔ تم چلو تین شاخوں والے سایہ کی طرف۔

شُعَبٍ ﴿٣٠﴾ لَّا ظَلِيْلٍ وَّلَا يُغْنِيْ مِنَ اللَّهَبِ ﴿٣١﴾ اِنَّهَا تَرْمِيْ بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ ﴿٣٢﴾ كَاَنَّهٗ جِمٰلَتٌ

شُعَبٍ	لَّا ظَلِيْلٍ	وَّلَا يُغْنِيْ	مِنَ	اللَّهَبِ	اِنَّهَا	تَرْمِيْ	بِشَرَرٍ	كَالْقَصْرِ	كَاَنَّهٗ	جِمٰلَتٌ
شاخیں	نہ گہرا سایہ	اور نہ وہ بچائے	سے	شعلہ (تپش)	بیشک وہ	پھینکتی ہے	شعلے	محل جیسے	گویا کہ	اونٹ (جمع)

نہ گہرا سایہ، اور نہ وہ تپش سے بچائے۔ بیشک وہ محل جیسے (اونچے) شعلے پھینکتی ہے، گویا کہ وہ اونٹ ہیں

صُفْرٌ ﴿٣٣﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿٣٤﴾ هٰذَا يَوْمُ لَا يَنْطِقُوْنَ ﴿٣٥﴾ وَلَا يُؤْذَنُ لَهُمْ

صُفْرٌ	وَيْلٌ	يَّوْمَئِذٍ	لِّلْمُكَذِّبِيْنَ	هٰذَا يَوْمُ	لَا يَنْطِقُوْنَ	وَلَا يُؤْذَنُ	لَهُمْ
زرد	خرابی	اس دن	جھٹلانے والوں کے لئے	اس دن	وہ بول سکیں گے	اور اجازت دی جائے گی	انہیں

زرد۔ خرابی ہے اس دن جھٹلانے والوں کے لئے۔ اس دن نہ وہ بول سکیں گے۔ اور نہ انہیں اجازت دی جائے گی،

فَيَعْتَذِرُوْنَ ۝٣٦ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝٣٧ هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ ۚ جَمَعْنٰكُمْ وَ

فَيَعْتَذِرُوْنَ	وَيْلٌ	يَوْمَئِذٍ	لِلْمُكَذِّبِيْنَ	هٰذَا	يَوْمُ الْفَصْلِ	جَمَعْنٰكُمْ	وَ
کہ وہ عذر خواہی کریں	خرابی	اس دن	جھٹلانے والوں کے لئے	یہ	فیصلے کا دن	ہم نے جمع کیا تمہیں	اور

کہ وہ عذر خواہی کریں۔ خرابی ہے اس دن جھٹلانے والوں کے لئے۔ یہ فیصلے کا دن ہے، ہم نے تمہیں جمع کیا اور

ع ۱ ۲۱

الْاَوَّلِيْنَ ۝٣٨ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ كَيْدٌ فَكِيْدُوْنِ ۝٣٩ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝٤٠ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ

الْاَوَّلِيْنَ	فَاِنْ	كَانَ لَكُمْ	كَيْدٌ	فَكِيْدُوْنِ	وَيْلٌ	يَوْمَئِذٍ	لِلْمُكَذِّبِيْنَ	اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ
پہلے لوگوں کو	پھر اگر	ہے تمہارے پاس	کوئی داؤ	تو تم مجھ پر داؤ کر لو	خرابی	اس دن	جھٹلانے والوں کے لئے	بیشک پرہیزگار (جمع)

پہلے لوگوں کو۔ پھر اگر تمہارے پاس کوئی داؤ ہے تو مجھ پر داؤ کر لو۔ خرابی ہے اس دن جھٹلانے والوں کے لئے۔ بیشک پرہیزگار

فِيْ ظِلٰلٍ وَّعُيُوْنٍ ۝٤١ وَّفَوَاكِهَ مِمَّا يَشْتَهُوْنَ ۝٤٢ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا بِمَا كُنْتُمْ

فِيْ	ظِلٰلٍ	وَعُيُوْنٍ	وَفَوَاكِهَ	مِمَّا	يَشْتَهُوْنَ	كُلُوْا	وَاشْرَبُوْا	هَنِيْٓـًٔا	بِمَا كُنْتُمْ
میں	سایوں	اور چشموں	اور میوے	اس قسم کے جو	وہ چاہیں گے	تم کھاؤ	اور تم پیو	مزے سے	اسکے بدلے جو تم

سایوں اور چشموں میں ہوں گے۔ اور اس قسم کے میووں میں جو وہ چاہیں گے۔ (ہم فرمائیں گے) تم کھاؤ اور پیو مزے سے (با فراغت) اسکے بدلے جو تم

تَعْمَلُوْنَ ۝٤٣ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۝٤٤ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝٤٥ كُلُوْا وَتَمَتَّعُوْا

تَعْمَلُوْنَ	اِنَّا كَذٰلِكَ	نَجْزِي	الْمُحْسِنِيْنَ	وَيْلٌ	يَوْمَئِذٍ	لِلْمُكَذِّبِيْنَ	كُلُوْا	وَتَمَتَّعُوْا
کرتے تھے	بیشک ہم اسی طرح	جزا دیتے ہیں	نیکوکاروں کو	خرابی	اس دن	جھٹلانے والوں کے لئے	تم کھاؤ	اور تم فائدہ اٹھالو

کرتے تھے۔ بیشک ہم اسی طرح نیکوکاروں کو جزا دیتے ہیں۔ خرابی ہے اس دن جھٹلانے والوں کے لئے۔ تم کھاؤ اور فائدہ اٹھا لو

قَلِيْلًا اِنَّكُمْ مُّجْرِمُوْنَ ۝٤٦ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝٤٧ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ ارْكَعُوْا

قَلِيْلًا	اِنَّكُمْ	مُجْرِمُوْنَ	وَيْلٌ	يَوْمَئِذٍ	لِلْمُكَذِّبِيْنَ	وَاِذَا	قِيْلَ	لَهُمُ	ارْكَعُوْا
تھوڑا	بیشک تم	مجرم (جمع)	خرابی	اس دن	جھٹلانے والوں کے لئے	اور جب	کہا جائے	ان سے	تم رکوع کرو

تھوڑا (کسی قدر)، بیشک تم مجرم ہو۔ خرابی ہے اس دن جھٹلانے والوں کے لئے۔ اور جب ان سے کہا جائے تم رکوع کرو

ع ۲ ۱۰ ۲۲

لَا يَرْكَعُوْنَ ۝٤٨ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝٤٩ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۢ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ ۝٥٠

لَا يَرْكَعُوْنَ	وَيْلٌ	يَوْمَئِذٍ	لِلْمُكَذِّبِيْنَ	فَبِاَيِّ	حَدِيْثٍ	بَعْدَهٗ	يُؤْمِنُوْنَ
وہ رکوع نہیں کرتے	خرابی	اس دن	جھٹلانے والوں کے لئے	تو کونسی	بات	اس کے بعد	وہ ایمان لائیں گے

تو وہ رکوع نہیں کرتے۔ خرابی ہے اس دن جھٹلانے والوں کے لئے۔ تو اس کے بعد وہ کونسی بات پر ایمان لائیں گے؟

آیاتها ۴۰ — ۷۸ = سُورَةُ النَّبَإِ مَكِّيَّةٌ = ۸۰ — فيها ركوعان

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان رحم کرنے والا ہے

عَمَّ يَتَسَاءَلُونَ ۝١ عَنِ النَّبَإِ الْعَظِيمِ ۝٢ الَّذِي هُمْ فِيهِ

عَمَّ	يَتَسَاءَلُونَ	عَنِ	النَّبَإِ + الْعَظِيمِ	الَّذِي	هُمْ	فِيهِ
کیا - کس	آپس میں پوچھتے ہیں	سے (بابت)	خبر بڑی (قیامت)	جو - جس	وہ	اس میں

لوگ آپس میں کس کے بارے میں پوچھتے ہیں؟ (پوچھتے ہیں) بڑی خبر (قیامت) کی بابت جس میں وہ

مُخْتَلِفُونَ ۝٣ كَلَّا سَيَعْلَمُونَ ۝٤ ثُمَّ كَلَّا سَيَعْلَمُونَ ۝٥ أَلَمْ نَجْعَلِ الْأَرْضَ

مُخْتَلِفُونَ	كَلَّا	سَيَعْلَمُونَ	ثُمَّ	كَلَّا	سَيَعْلَمُونَ	أَلَمْ	نَجْعَلِ	الْأَرْضَ
اختلاف کرتے ہیں	ہرگز (نہیں)	عنقریب جان لیں گے	پھر	ہرگز نہیں	عنقریب جان لیں گے	کیا نہیں	ہم نے بنایا	زمین

اختلاف کر رہے ہیں۔ ہرگز نہیں، عنقریب جان لیں گے۔ پھر ہرگز نہیں، عنقریب جان لیں گے۔ کیا ہم نے زمین کو نہیں بنایا

مِهَادًا ۝٦ وَالْجِبَالَ أَوْتَادًا ۝٧ وَخَلَقْنَاكُمْ أَزْوَاجًا ۝٨ وَجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ

مِهَادًا	وَالْجِبَالَ	أَوْتَادًا	وَ	خَلَقْنَاكُمْ	أَزْوَاجًا	وَجَعَلْنَا	نَوْمَكُمْ
بچھونا	اور پہاڑ	میخیں	اور	ہم نے تمہیں پیدا کیا	جوڑے جوڑے	اور ہم نے بنایا	تمہاری نیند

بچھونا (فرش)؟ اور پہاڑوں کو میخیں، اور ہم نے تمہیں جوڑے جوڑے پیدا کیا، اور تمہارے لئے نیند کو بنایا

سُبَاتًا ۝٩ وَجَعَلْنَا اللَّيْلَ لِبَاسًا ۝١٠ وَجَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا ۝١١ وَبَنَيْنَا

سُبَاتًا	وَجَعَلْنَا	اللَّيْلَ	لِبَاسًا	وَجَعَلْنَا	النَّهَارَ	مَعَاشًا	وَبَنَيْنَا
آرام (راحت)	اور ہم نے بنایا	رات	اوڑھنا (پردہ)	اور ہم نے بنایا	دن	معاش کا وقت	اور ہم نے بنائے

آرام (راحت)، اور ہم نے رات کو اوڑھنا (پردہ) بنایا۔ اور ہم نے دن کو معاش کا وقت بنایا۔ اور ہم نے بنائے

فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا ۝١٢ وَجَعَلْنَا سِرَاجًا وَهَّاجًا ۝١٣ وَأَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرَاتِ

فَوْقَكُمْ	سَبْعًا	شِدَادًا	وَجَعَلْنَا	سِرَاجًا	وَهَّاجًا	وَأَنْزَلْنَا	مِنَ	الْمُعْصِرَاتِ
تمہارے اوپر	سات	مضبوط (آسمان)	اور ہم نے بنایا	چراغ	چمکتا ہوا	اور ہم نے اتاری	سے	پانی بھری بدلیاں

تمہارے اوپر سات مضبوط (آسمان)۔ اور ہم نے چمکتا ہوا چراغ (آفتاب) بنایا۔ اور ہم نے پانی بھری بدلیوں سے اتاری

مَاۗءً ثَجَّاجًا ﴿١٤﴾ لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّنَبَاتًا ﴿١٥﴾ وَّجَنّٰتٍ اَلْفَافًا ﴿١٦﴾ اِنَّ

مَاۗءً ثَجَّاجًا	لِنُخْرِجَ	بِهٖ	حَبًّا	وَنَبَاتًا	وَ	جَنّٰتٍ اَلْفَافًا	اِنَّ
بارش موسلا دھار	تاکہ ہم نکالیں	اس سے	دانہ (اناج)	اور سبزی	اور	باغ پتوں میں لپٹے ہوئے	بیشک

موسلا دھار بارش، تاکہ ہم اس سے اناج اور سبزی نکالیں، اور پتوں میں لپٹے ہوئے (گھنے) باغ۔ بیشک

يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيْقَاتًا ﴿١٧﴾ يَّوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَتَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا ﴿١٨﴾

يَوْمَ الْفَصْلِ	كَانَ	مِيْقَاتًا	يَوْمَ	يُنْفَخُ	فِي الصُّوْرِ	فَتَاْتُوْنَ	اَفْوَاجًا
فیصلہ کا دن	ہے	مقررہ وقت	دن	پھونکا جائیگا	صور میں	پھر تم چلے آؤ گے	گروہ در گروہ

فیصلہ کا دن ایک مقررہ وقت ہے، جس دن صور پھونکا جائے گا، پھر تم گروہ در گروہ چلے آؤ گے،

وَّفُتِحَتِ السَّمَاۗءُ فَكَانَتْ اَبْوَابًا ﴿١٩﴾ وَّسُيِّرَتِ الْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا ﴿٢٠﴾

وَفُتِحَتِ	السَّمَاۗءُ	فَكَانَتْ	اَبْوَابًا	وَسُيِّرَتِ	الْجِبَالُ	فَكَانَتْ	سَرَابًا
اور کھولا جائے گا	آسمان	تو ہو جائیں گے	دروازے	اور چلائے جائیں گے	پہاڑ	پس ہو جائیں گے	سراب

اور آسمان کھولا جائے گا، تو (اس میں) دروازے ہو جائیں گے، اور پہاڑ چلائے جائیں گے، پس سراب ہو جائیں گے۔

اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ﴿٢١﴾ لِّلطّٰغِيْنَ مَاٰبًا ﴿٢٢﴾ لّٰبِثِيْنَ فِيْهَآ

اِنَّ	جَهَنَّمَ	كَانَتْ	مِرْصَادًا	لِلطّٰغِيْنَ	مَاٰبًا	لّٰبِثِيْنَ	فِيْهَآ
بیشک	دوزخ	ہے	گھات میں	سرکشوں کے لئے	ٹھکانہ	وہ رہیں گے	اس میں

بیشک دوزخ گھات میں ہے، سرکشوں کا ٹھکانہ ہے، اور اس میں رہیں گے

اَحْقَابًا ﴿٢٣﴾ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا بَرْدًا وَّلَا شَرَابًا ﴿٢٤﴾ اِلَّا حَمِيْمًا وَّغَسَّاقًا ﴿٢٥﴾

اَحْقَابًا	لَا يَذُوْقُوْنَ	فِيْهَا	بَرْدًا	وَلَا	شَرَابًا	اِلَّا	حَمِيْمًا	وَغَسَّاقًا
مدتوں	نہ چکھیں گے	اس میں	ٹھنڈک	اور نہ	پینے کی چیز	مگر	گرم پانی	اور پیپ بہتی

مدتوں۔ نہ اس میں ٹھنڈک (کا مزہ) چکھیں گے، نہ پینے کی چیز کا، مگر گرم پانی اور بہتی پیپ۔

جَزَاۗءً وِّفَاقًا ﴿٢٦﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ حِسَابًا ﴿٢٧﴾ وَّكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا

جَزَاۗءً	وِفَاقًا	اِنَّهُمْ	كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ	حِسَابًا	وَكَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا
بدلہ	پورا	بیشک وہ	توقع نہیں رکھتے تھے	حساب	اور جھٹلاتے تھے	ہماری آیتیں

(دیہ) پورا پورا بدلہ ہو گا۔ بیشک، وہ حساب کی توقع نہ رکھتے تھے، اور ہماری آیتوں کو جھٹلاتے تھے

كِذَّابًا ﴿٢٨﴾ وَكُلَّ شَيْءٍ أَحْصَيْنَٰهُ كِتَٰبًا ﴿٢٩﴾ فَذُوقُوا فَلَن نَّزِيدَكُمْ

كِذَّابًا	وَكُلَّ شَيْءٍ	أَحْصَيْنَٰهُ	كِتَٰبًا	فَذُوقُوا	فَلَن	نَّزِيدَكُمْ
جھوٹ جان کر	اور ہر چیز	ہم نے گن رکھی ہے	لکھ کر	اب مزہ چکھو	ہرگز نہیں	بڑھاتے جائیں گے

جھوٹ جان کر۔ اور ہم نے ہر چیز گن کر لکھ رکھی ہے، اب مزہ چکھو پس، ہم تم پر ہرگز نہ بڑھاتے جائیں گے

١ ع ١

إِلَّا عَذَابًا ﴿٣٠﴾ إِنَّ لِلْمُتَّقِينَ مَفَازًا ﴿٣١﴾ حَدَآئِقَ وَأَعْنَٰبًا ﴿٣٢﴾ وَكَوَاعِبَ

إِلَّا	عَذَابًا	إِنَّ	لِلْمُتَّقِينَ	مَفَازًا	حَدَآئِقَ	وَأَعْنَٰبًا	وَكَوَاعِبَ
مگر	عذاب	بیشک	پرہیزگاروں کیلئے	کامیابی	باغات	اور انگور	اور نوجوان عورتیں

مگر عذاب۔ بیشک پرہیزگاروں کے لئے کامیابی ہے، باغات، اور انگور، اور نوجوان عورتیں

أَتْرَابًا ﴿٣٣﴾ وَكَأْسًا دِهَاقًا ﴿٣٤﴾ لَّا يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْوًا وَلَا كِذَّٰبًا ﴿٣٥﴾ جَزَآءً

أَتْرَابًا	وَكَأْسًا	دِهَاقًا	لَّا يَسْمَعُونَ	فِيهَا	لَغْوًا	وَلَا كِذَّٰبًا	جَزَآءً
ہم عمر	اور پیالے	چھلکتے ہوئے	نہ سنیں گے	اس میں	بیہودہ	اور نہ جھوٹ (خرافات)	یہ بدلہ

ہم عمر، اور چھلکتے ہوئے پیالے۔ وہ اس میں نہ سنیں گے کوئی بیہودہ بات اور نہ جھوٹ (خرافات)۔ یہ بدلہ

مِّن رَّبِّكَ عَطَآءً حِسَابًا ﴿٣٦﴾ رَّبِّ السَّمَٰوَٰتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمَٰنِ

مِّن	رَّبِّكَ	عَطَآءً	حِسَابًا	رَّبِّ	السَّمَٰوَٰتِ	وَالْأَرْضِ	وَمَا بَيْنَهُمَا	الرَّحْمَٰنِ
سے	تمہارا رب	انعام	حساب سے (کافی)	رب	آسمانوں	اور زمین	اور جو انکے درمیان	بہت مہربان

سے تمہارے رب کا انعام حساب سے (کافی) رب آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے، بہت مہربان

لَا يَمْلِكُونَ مِنْهُ خِطَابًا ﴿٣٧﴾ يَوْمَ يَقُومُ الرُّوحُ وَالْمَلَٰٓئِكَةُ صَفًّا

لَا يَمْلِكُونَ	مِنْهُ	خِطَابًا	يَوْمَ	يَقُومُ الرُّوحُ	وَالْمَلَٰٓئِكَةُ	صَفًّا
وہ قدرت نہیں رکھتے	اس سے	بات کرنا	دن	کھڑے ہونگے روح	اور فرشتے	صف باندھے

وہ اس سے بات کرنے کی قدرت نہیں رکھتے۔ جس دن روح اور فرشتے صف باندھے کھڑے ہونگے

لَّا يَتَكَلَّمُونَ إِلَّا مَنْ أَذِنَ لَهُ الرَّحْمَٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ﴿٣٨﴾ ذَٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ

لَا يَتَكَلَّمُونَ	إِلَّا	مَنْ	أَذِنَ	لَهُ	الرَّحْمَٰنُ	وَقَالَ	صَوَابًا	ذَٰلِكَ	الْيَوْمُ	الْحَقُّ
نہ بول سکیں گے	مگر	جو۔جس	اجازت دی	اسکو	رحمٰن	اور بولا	ٹھیک بات	یہ	دن	برحق

نہ بول سکیں گے مگر جس کو رحمٰن نے اجازت دی اور بولے گا ٹھیک بات۔ یہ دن برحق ہے

فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ﴿٣٩﴾ اِنَّآ اَنْذَرْنٰكُمْ عَذَابًا قَرِيْبًا ۚ

فَمَنْ	شَآءَ	اتَّخَذَ	اِلٰى رَبِّهٖ	مَاٰبًا	اِنَّآ اَنْذَرْنٰكُمْ	عَذَابًا	قَرِيْبًا
پس جو	چاہے	بنائے	اپنے رب کے پاس	ٹھکانا	بیشک ہم نے ڈرایا تمہیں	عذاب	قریب کے

پس جو کوئی چاہے اپنے رب کے پاس ٹھکانا بنائے۔ بیشک ہم نے تمہیں قریب آنے والے عذاب سے ڈرایا ہے،

٢ ع ١٠ ٢

يَّوْمَ يَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ وَيَقُوْلُ الْكٰفِرُ يٰلَيْتَنِىْ كُنْتُ تُرٰبًا ﴿٤٠﴾

يَوْمَ	يَنْظُرُ	الْمَرْءُ	مَا	قَدَّمَتْ يَدٰهُ	وَيَقُوْلُ	الْكٰفِرُ	يٰلَيْتَنِىْ	كُنْتُ	تُرٰبًا
جس دن	دیکھے گا	آدمی	جو	آگے بھیجا اس کے ہاتھ	اور کہے گا	کافر	کاش میں	ہوتا	مٹی

جس دن آدمی دیکھ لے گا، جو اس کے ہاتھوں نے آگے بھیجا، اور کافر کہے گا کاش میں مٹی ہوتا۔

اٰیاتُہا ٤٦ — ٧٩ = سُوْرَةُ النّٰزِعٰتِ مَكِّيَّةٌ = ٨١ — فیہا رکوعان ٢

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے، جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا ﴿١﴾ وَّالنّٰشِطٰتِ نَشْطًا ﴿٢﴾ وَّالسّٰبِحٰتِ سَبْحًا ﴿٣﴾

وَالنّٰزِعٰتِ	غَرْقًا	وَّالنّٰشِطٰتِ	نَشْطًا	وَّالسّٰبِحٰتِ	سَبْحًا
قسم گھسیٹ کر کھینچنے والے	غوطہ لگا کر (دشمن کے)	اور چھڑانے والے	کھول کر	اور تیرنے والے	تیزی سے

قسم ہے گھسیٹ کر (دشمن سے جان) کھینچنے والے (فرشتوں) کی اور کھول کر چھڑانے والوں کی، اور تیزی سے تیرنے والوں کی،

فَالسّٰبِقٰتِ سَبْقًا ﴿٤﴾ فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا ﴿٥﴾ يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ ﴿٦﴾

فَالسّٰبِقٰتِ	سَبْقًا	فَالْمُدَبِّرٰتِ	اَمْرًا	يَوْمَ	تَرْجُفُ	الرَّاجِفَةُ
پھر آگے بڑھنے والے	دوڑ کر	پھر تدبیر کرنے والے	حکم کے مطابق	دن	کانپے	کانپنے والی

پھر دوڑ کر آگے بڑھنے والوں کی، پھر حکم کے مطابق تدبیر کرنے والوں کی، جس دن کانپنے والی کانپے۔

تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ ﴿٧﴾ قُلُوْبٌ يَّوْمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ ﴿٨﴾ اَبْصَارُهَا خَاشِعَةٌ ﴿٩﴾

تَتْبَعُهَا	الرَّادِفَةُ	قُلُوْبٌ	يَّوْمَئِذٍ	وَّاجِفَةٌ	اَبْصَارُهَا	خَاشِعَةٌ
اسکے پیچھے آئے	پیچھے آنے والی	کتنے دل	اس دن	دھڑکنے والے	ان کی نگاہیں	جھکی ہوئی

اور اس کے پیچھے آئے پیچھے آنے والی۔ کتنے دل اس دن دھڑکتے ہوں گے، ان کی نگاہیں جھکی ہوئی۔

يَقُوْلُوْنَ ءَاِنَّا لَمَرْدُوْدُوْنَ فِي الْحَافِرَةِ ⑩ ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا نَّخِرَةً ⑪

يَقُوْلُوْنَ	ءَاِنَّا	لَمَرْدُوْدُوْنَ	فِي	الْحَافِرَةِ	ءَاِذَا	كُنَّا	عِظَامًا	نَّخِرَةً
وہ کہتے ہیں	کیا ہم	لوٹائے جائیں گے	میں	پہلی حالت	کیا جب	ہم ہونگے	ہڈیاں	کھوکھلی

وہ کہتے ہیں کیا ہم پہلی حالت میں لوٹائے جائیں گے ؟ کیا جب ہم کھوکھلی ہڈیاں ہو چکے ہوں گے ؟

قَالُوْا تِلْكَ اِذًا كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ ⑫ فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ ⑬

قَالُوْا	تِلْكَ	اِذًا	كَرَّةٌ	خَاسِرَةٌ	فَاِنَّمَا	هِيَ	زَجْرَةٌ	وَّاحِدَةٌ
وہ بولے	یہ	پھر	واپسی	خسارہ والی	پھر تو صرف	وہ	ڈانٹ	ایک

وہ بولے یہ پھر خسارے والی واپسی ہے ۔ پھر وہ تو صرف ایک ڈانٹ ہے

فَاِذَا هُمْ بِالسَّاهِرَةِ ⑭ هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ⑮ اِذْ نَادٰىهُ رَبُّهٗ

فَاِذَا	هُمْ	بِالسَّاهِرَةِ	هَلْ	اَتٰىكَ	حَدِيْثُ	مُوْسٰى	اِذْ نَادٰىهُ	رَبُّهٗ
پھر اس وقت	وہ	میدان میں	کیا	پہنچی تیرے پاس	بات	موسیٰ	جب پکارا اسے	اس کا رب

پھر وہ اس وقت میدان میں (آ رہے ہیں) ۔ کیا تمہارے پاس موسیٰؑ کی بات پہنچی ؟ جب اس کو اس کے رب نے پکارا

بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ⑯ اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ⑰ فَقُلْ

بِالْوَادِ	الْمُقَدَّسِ	طُوًى	اِذْهَبْ	اِلٰى	فِرْعَوْنَ	اِنَّهٗ	طَغٰى	فَقُلْ
میدان	مقدس	طویٰ	جاؤ	طرف (پاس)	فرعون	بیشک اس	سرکشی کی	پس کہو

طویٰ کے مقدس میدان میں ، کہ فرعون کے پاس جاؤ ، بیشک اس نے سرکشی کی ہے ، پس کہو

هَلْ لَّكَ اِلٰى اَنْ تَزَكّٰى ⑱ وَاَهْدِيَكَ اِلٰى رَبِّكَ فَتَخْشٰى ⑲ فَاَرٰىهُ

هَلْ	لَّكَ	اِلٰى	اَنْ	تَزَكّٰى	وَاَهْدِيَكَ	اِلٰى	رَبِّكَ	فَتَخْشٰى	فَاَرٰىهُ
کیا	تجھ کو	طرف	کہ	تو سنور جائے	اور تجھے راہ دکھاؤں	طرف	تیرا رب	پس تو ڈرے	اس کو دکھائی

کیا تجھ کو (خواہش ہے) کہ تو سنور جائے ، اور تجھے تیرے رب کی طرف راہ دکھاؤں ، پس تو ڈرے (موسیٰؑ نے) ، اس کو

الْاٰيَةَ الْكُبْرٰى ⑳ فَكَذَّبَ وَعَصٰى ㉑ ثُمَّ اَدْبَرَ يَسْعٰى ㉒ فَحَشَرَ فَنَادٰى ㉓

الْاٰيَةَ	الْكُبْرٰى	فَكَذَّبَ	وَعَصٰى	ثُمَّ اَدْبَرَ	يَسْعٰى	فَحَشَرَ	فَنَادٰى
نشانی	بڑی	اس نے جھٹلایا	اور نافرمانی کی	پھر پیٹھ پھیر کر چلا	دوڑتا ہوا	پھر جمع کیا	پھر پکارا

بڑی نشانی دکھائی ۔ اس نے جھٹلایا اور نافرمانی کی ، پھر دوڑتا ہوا پیٹھ پھیر کر چلا ۔ پھر (لوگوں کو) جمع کیا ، پھر پکارا

فَقَالَ اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلٰى ﴿٢٤﴾ فَاَخَذَهُ اللّٰهُ نَكَالَ الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى ﴿٢٥﴾

فَقَالَ	اَنَا	رَبُّكُمُ الْاَعْلٰى	فَاَخَذَهُ	اللّٰهُ	نَكَالَ	الْاٰخِرَةِ	وَالْاُوْلٰى
پھر اس نے کہا	میں	تمہارا رب سب سے بڑا	تو اس کو پکڑا	اللہ	سزا	آخرت	اور دنیا

پھر کہا میں تمہارا سب سے بڑا رب ہوں۔ تو اللہ نے اس کو دنیا اور آخرت کی سزا میں پکڑا۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ﴿٢٦﴾ ءَاَنْتُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمِ السَّمَآءُ

اِنَّ	فِيْ	ذٰلِكَ	لَعِبْرَةً	لِّمَنْ	يَّخْشٰى	ءَاَنْتُمْ	اَشَدُّ	خَلْقًا	اَمِ	السَّمَآءُ
بیشک	میں	اس	عبرت	اس کے لئے جو	ڈرے	کیا تم	زیادہ مشکل	بنانا	یا	آسمان

بیشک اس میں اس کے لئے عبرت ہے جو ڈرے۔ کیا تمہارا بنانا زیادہ مشکل ہے یا آسمان کا

بَنٰهَا ﴿٢٧﴾ رَفَعَ سَمْكَهَا فَسَوّٰهَا ﴿٢٨﴾ وَاَغْطَشَ لَيْلَهَا وَاَخْرَجَ

بَنٰهَا	رَفَعَ	سَمْكَهَا	فَسَوّٰهَا	وَاَغْطَشَ	لَيْلَهَا	وَاَخْرَجَ
اس کو بنایا	بلند کیا	اس کی چھت	پھر اس کو درست کیا	تاریک کر دیا	اس کی رات	اور نکالی

اس نے اس کو بنایا۔ اس کی چھت کو بلند کیا پھر اس کو درست کیا، اس کی رات کو تاریک کر دیا، اور نکالی

ضُحٰهَا ﴿٢٩﴾ وَالْاَرْضَ بَعْدَ ذٰلِكَ دَحٰهَا ﴿٣٠﴾ اَخْرَجَ مِنْهَا مَآءَهَا وَ

ضُحٰهَا	وَالْاَرْضَ	بَعْدَ	ذٰلِكَ	دَحٰهَا	اَخْرَجَ	مِنْهَا	مَآءَهَا	وَ
دن کی روشنی	اور زمین	بعد	اس	اس کو بچھایا	نکالا	اس سے	اس کا پانی	اور

دن کی روشنی، اور اس کے بعد زمین کو بچھایا۔ اس سے اس کا پانی نکالا ، اور

مَرْعٰهَا ﴿٣١﴾ وَالْجِبَالَ اَرْسٰهَا ﴿٣٢﴾ مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْ ﴿٣٣﴾ فَاِذَا

مَرْعٰهَا	وَالْجِبَالَ	اَرْسٰهَا	مَتَاعًا	لَّكُمْ	وَلِاَنْعَامِكُمْ	فَاِذَا
اس کا چارہ	اور پہاڑ	قائم کیا اس کو	فائدہ	تمہارے لئے	اور تمہارے چوپایوں کیلئے	پھر جب

اس کا چارہ، اور پہاڑ کو قائم کیا تمہارے اور تمہارے چوپایوں کے فائدہ کے لئے۔ پھر جب

جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰى ﴿٣٤﴾ يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ مَا سَعٰى ﴿٣٥﴾

جَآءَتِ	الطَّآمَّةُ	الْكُبْرٰى	يَوْمَ	يَتَذَكَّرُ	الْاِنْسَانُ	مَا	سَعٰى
آئے	ہنگامہ	بڑا	دن	یاد کرے گا	انسان	جو	اس نے کمایا

بڑا ہنگامہ آئے گا (قیامت)، جس دن انسان یاد کرے گا جو اس نے کمایا (اپنے اعمال)۔

وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِمَنْ يَّرٰى ﴿۳۶﴾ فَاَمَّا مَنْ طَغٰى ﴿۳۷﴾ وَاٰثَرَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿۳۸﴾

بُرِّزَتِ	الْجَحِيْمُ	لِمَنْ	يَرٰى	فَاَمَّا	مَنْ	طَغٰى	وَاٰثَرَ	الْحَيٰوةَ	الدُّنْيَا
ظاہر کر دی جائے گی	جہنم	اس کے لئے جو	دیکھے	پس	جو جس	سرکشی کی	ترجیح دی	زندگی	دنیا

اور جہنم اس کے لئے ظاہر کر دی جائے گی ہر اس کے لئے جو دیکھے۔ پس جس نے سرکشی کی اور دنیا کی زندگی کو ترجیح دی

فَاِنَّ الْجَحِيْمَ هِيَ الْمَاْوٰى ﴿۳۹﴾ وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى

فَاِنَّ	الْجَحِيْمَ	هِيَ	الْمَاْوٰى	وَاَمَّا	مَنْ	خَافَ	مَقَامَ	رَبِّهٖ	وَنَهَى
تو یقیناً	جہنم	وہ	ٹھکانہ	اور جو	جو	ڈرا	کھڑا ہونا	اپنے رب	اور روکا

تو یقیناً اس کا ٹھکانہ جہنم ہے۔ جو اپنے رب (کے سامنے) کھڑا ہونے سے ڈرا، اور اس نے روکا

النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ﴿۴۰﴾ فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى ﴿۴۱﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ

النَّفْسَ	عَنِ	الْهَوٰى	فَاِنَّ	الْجَنَّةَ	هِيَ	الْمَاْوٰى	يَسْـَٔلُوْنَكَ
جی۔ دل	سے	خواہش	یقیناً	جنت	وہ	ٹھکانہ	اور آپ سے پوچھتے ہیں

اپنے دل کو خواہش سے، تو یقیناً اس کا ٹھکانہ جنت ہے۔ وہ آپ سے پوچھتے ہیں

عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰهَا ﴿۴۲﴾ فِيْمَ اَنْتَ مِنْ ذِكْرٰهَا ﴿۴۳﴾ اِلٰى رَبِّكَ

عَنِ	السَّاعَةِ	اَيَّانَ	مُرْسٰهَا	فِيْمَ	اَنْتَ	مِنْ	ذِكْرٰهَا	اِلٰى	رَبِّكَ
سے (بابت)	قیامت	کب	اس کا ٹھہرنا (قیام)	کیا	تو	سے	اس کا ذکر	طرف	تمہارا رب

قیامت کی بابت کہ کب (ہوگا) اس کا قیام؟ تمہیں کیا کام اس کے ذکر سے؟ تمہارے رب کی طرف ہے

مُنْتَهٰهَا ﴿۴۴﴾ اِنَّمَا اَنْتَ مُنْذِرُ مَنْ يَّخْشٰهَا ﴿۴۵﴾ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا

مُنْتَهٰهَا	اِنَّمَا	اَنْتَ	مُنْذِرُ	مَنْ	يَّخْشٰهَا ﴿۴۵﴾	كَاَنَّهُمْ	يَوْمَ	يَرَوْنَهَا
اس کی انتہا	صرف	آپ	ڈرانے والے	جو	اس سے ڈرے	گویا وہ	دن	دیکھیں گے اس کو

اس کی انتہا۔ آپؐ صرف اس کو ڈرانے والے ہیں جو اس سے ڈرے۔ گویا وہ جس دن اس کو دیکھیں گے

لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰهَا ﴿۴۶﴾

۲ ع۲۰ ۴

لَمْ	يَلْبَثُوْٓا	اِلَّا	عَشِيَّةً	اَوْ	ضُحٰهَا
نہیں	ٹھہرے	مگر	ایک شام	یا	اس کی صبح

(ایسا لگے گا) وہ نہیں ٹھہرے مگر ایک شام یا اس کی صبح۔

رکوعها ١ — ٨٠ سورة عبس مكية = ٢٤ — آياتها ٤٢

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

عَبَسَ وَتَوَلّٰٓی ﴿۱﴾ اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰی ﴿۲﴾ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّهٗ يَزَّكّٰٓی ﴿۳﴾

عَبَسَ	وَتَوَلّٰی	اَنْ	جَآءَهُ	الْاَعْمٰی	وَمَا	يُدْرِيْكَ	لَعَلَّهٗ	يَزَّكّٰی
تیوری چڑھائی	اور منہ موڑ لیا	کہ	آیا اسکے پاس	ایک نابینا	اور کیا	خبر آپ کو	شاید وہ	سنور جاتا

تیوری چڑھائی اور منہ موڑ لیا کہ اس کے پاس ایک نابینا آیا ، اور آپ کو کیا خبر شاید وہ سنور جاتا ،

اَوْ يَذَّكَّرُ فَتَنْفَعَهُ الذِّكْرٰی ﴿۴﴾ اَمَّا مَنِ اسْتَغْنٰی ﴿۵﴾ فَاَنْتَ لَهٗ

اَوْ	يَذَّكَّرُ	فَتَنْفَعَهُ	الذِّكْرٰی	اَمَّا	مَنِ	اسْتَغْنٰی	فَاَنْتَ	لَهٗ
یا	نصیحت مانتا	اسے نفع پہنچاتا	نصیحت کرنا	اور جو	جس	بے پروائی کی	تو آپ	اس کے لئے

یا نصیحت مانتا تو نصیحت کرنا اسے نفع پہنچاتا ۔ اور جس نے بے پروائی کی آپ اس کے لئے

تَصَدّٰی ﴿۶﴾ وَمَا عَلَيْكَ اَلَّا يَزَّكّٰی ﴿۷﴾ وَاَمَّا مَنْ جَآءَكَ يَسْعٰی ﴿۸﴾ وَهُوَ

تَصَدّٰی	وَمَا	عَلَيْكَ	اَلَّا	يَزَّكّٰی	وَاَمَّا	مَنْ	جَآءَكَ	يَسْعٰی	وَهُوَ
فکر کرتے ہو	اور نہیں	آپ پر	اگر نہ	وہ سنورے	اور جو	جو	آیا آپکے پاس	دوڑتا	اور وہ

فکر کرتے ہیں، اور آپ پر (کوئی الزام) نہیں اگر وہ نہ سنورے ۔ اور جو آپ کے پاس دوڑتا ہوا آیا، اور وہ

يَخْشٰی ﴿۹﴾ فَاَنْتَ عَنْهُ تَلَهّٰی ﴿۱۰﴾ كَلَّآ اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ ﴿۱۱﴾ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ﴿۱۲﴾

يَخْشٰی	فَاَنْتَ	عَنْهُ	تَلَهّٰی	كَلَّا	اِنَّهَا	تَذْكِرَةٌ	فَمَنْ	شَآءَ	ذَكَرَهٗ
ڈرتا ہے	تو آپ	اس سے	تغافل کرتے ہو	ہرگز نہیں	یہ تو	نصیحت	سو جو	چاہے	اس سے نصیحت قبول کرے

ڈرتا بھی ہے تو آپ اس سے تغافل کرتے ہیں ۔ ہرگز نہیں یہ تو (کتاب) نصیحت ہے ۔ سو جو چاہے اس سے نصیحت قبول کرے

فِيْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ ﴿۱۳﴾ مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ ﴿۱۴﴾ بِاَيْدِيْ سَفَرَةٍ ﴿۱۵﴾

فِيْ	صُحُفٍ	مُّكَرَّمَةٍ	مَّرْفُوْعَةٍ	مُّطَهَّرَةٍ	بِاَيْدِيْ	سَفَرَةٍ
میں	صحیفے (اوراق)	باعزت	بلند مرتبہ	انتہائی پاکیزہ	ہاتھوں میں	لکھنے والے

باعزت اوراق میں ، بلند مرتبہ ، انتہائی پاکیزہ ، لکھنے والے ہاتھوں میں

كِرَامٍ بَرَرَةٍ ﴿۱۶﴾ قُتِلَ الْإِنْسَانُ مَا أَكْفَرَهُ ﴿۱۷﴾ مِنْ أَيِّ شَيْءٍ خَلَقَهُ ﴿۱۸﴾

كِرَامٍ	بَرَرَةٍ	قُتِلَ	الْإِنْسَانُ	مَا أَكْفَرَهُ	مِنْ	أَيِّ	شَيْءٍ	خَلَقَهُ
بزرگ	نیکوکار	مارا جائے	انسان	کیسا ناشکرا	سے	کس	چیز	اسے پیدا کیا

بزرگ، نیکوکار لوگ ۔ انسان مارا جائے کیسا ناشکرا ہے ، اُسے کس چیز سے پیدا کیا؟

مِنْ نُطْفَةٍ خَلَقَهُ فَقَدَّرَهُ ﴿۱۹﴾ ثُمَّ السَّبِيلَ يَسَّرَهُ ﴿۲۰﴾ ثُمَّ أَمَاتَهُ فَأَقْبَرَهُ ﴿۲۱﴾

مِنْ	نُطْفَةٍ	خَلَقَهُ	فَقَدَّرَهُ	ثُمَّ	السَّبِيلَ	يَسَّرَهُ	ثُمَّ	أَمَاتَهُ	فَأَقْبَرَهُ
سے	نطفہ	اسکو پیدا کیا	اسے اندازہ پر رکھا	پھر	راہ	اسکو آسان کردیا	پھر	اسے مُردہ کیا	پھر اسے قبر میں رکھوایا

اس کو ایک نطفہ سے پیدا کیا، پھر اُسے اندازہ پر رکھا، پھر اس کی راہ آسان کردی، پھر اس کو مُردہ کیا، پھر اسے قبر میں رکھوایا۔

ثُمَّ إِذَا شَاءَ أَنْشَرَهُ ﴿۲۲﴾ كَلَّا لَمَّا يَقْضِ مَا أَمَرَهُ ﴿۲۳﴾ فَلْيَنْظُرِ الْإِنْسَانُ

ثُمَّ	إِذَا	شَاءَ	أَنْشَرَهُ	كَلَّا	لَمَّا	يَقْضِ	مَا	أَمَرَهُ	فَلْيَنْظُرِ	الْإِنْسَانُ
پھر	جب	چاہا	اسے نکالا	ہرگز نہیں	ابھی تک	پورا کیا	جو	اس کو حکم دیا	پس چاہیئے کہ دیکھے	انسان

پھر جب چاہا اس کو نکالا۔ اس نے ہرگز پورا نہ کیا جو اس کو حکم دیا۔ پس چاہیئے کہ انسان دیکھ لے

إِلَى طَعَامِهِ ﴿۲۴﴾ أَنَّا صَبَبْنَا الْمَاءَ صَبًّا ﴿۲۵﴾ ثُمَّ شَقَقْنَا الْأَرْضَ شَقًّا ﴿۲۶﴾

إِلَى	طَعَامِهِ	أَنَّا	صَبَبْنَا	الْمَاءَ	صَبًّا	ثُمَّ	شَقَقْنَا	الْأَرْضَ	شَقًّا
طرف (کو)	اپنا کھانا	کہ ہم	اوپر سے ڈالا	پانی	گرتا ہوا	پھر	پھاڑا (چیرا)	زمین	پھاڑ کر

اپنے کھانے کو، ہم نے اوپر سے گرتا ہوا پانی ڈالا، پھر زمین کو پھاڑ کر چیرا،

فَأَنْبَتْنَا فِيهَا حَبًّا ﴿۲۷﴾ وَعِنَبًا وَقَضْبًا ﴿۲۸﴾ وَزَيْتُونًا وَنَخْلًا ﴿۲۹﴾ وَحَدَائِقَ

فَأَنْبَتْنَا	فِيهَا	حَبًّا	وَعِنَبًا	وَقَضْبًا	وَزَيْتُونًا	وَنَخْلًا	وَحَدَائِقَ
پھر ہم نے اگایا	اس میں	غلّہ	اور انگور	اور ترکاری	اور زیتون	اور کھجور	اور باغات

پھر ہم نے اس میں اُگایا غلّہ، اور انگور، اور ترکاری، اور زیتون، اور کھجور، اور باغات

غُلْبًا ﴿۳۰﴾ وَفَاكِهَةً وَأَبًّا ﴿۳۱﴾ مَتَاعًا لَكُمْ وَلِأَنْعَامِكُمْ ﴿۳۲﴾ فَإِذَا جَاءَتِ

غُلْبًا	وَفَاكِهَةً	وَأَبًّا	مَتَاعًا	لَكُمْ	وَلِأَنْعَامِكُمْ	فَإِذَا	جَاءَتِ
گھنے	اور میوہ	اور چارہ	فائدہ	تمہارے لئے	اور تمہارے چوپایوں کے لئے	پھر جب	آئے

گھنے، اور میوہ، اور چارہ تمہارے اور تمہارے چوپایوں کے فائدہ کے لئے پھر جب آئے

الصَّآخَّةُ ﴿۳۳﴾ يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ أَخِيهِ ﴿۳۴﴾ وَأُمِّهِ وَأَبِيهِ ﴿۳۵﴾ وَصَاحِبَتِهِ

الصَّآخَّةُ	يَوْمَ	يَفِرُّ	الْمَرْءُ	مِنْ	أَخِيهِ	وَأُمِّهِ	وَأَبِيهِ	وَصَاحِبَتِهِ
کان پھوڑنے والی	جس دن	بھاگے	آدمی	سے	اپنے بھائی	اور اپنی ماں	اور اپنا باپ	اور اپنی بیوی

کان پھوڑنے والی جس دن بھاگے آدمی اپنے بھائی، اپنی ماں، اور اپنے باپ، اور اپنی بیوی سے

وَبَنِيهِ ﴿۳۶﴾ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَأْنٌ يُغْنِيهِ ﴿۳۷﴾ وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ

وَبَنِيهِ	لِكُلِّ	امْرِئٍ	مِّنْهُمْ	يَوْمَئِذٍ	شَأْنٌ	يُغْنِيهِ	وُجُوهٌ	يَوْمَئِذٍ
اور اپنے بیٹے	واسطے ہر ایک	آدمی	ان سے	اس دن	حالت (فکر)	اسے کافی ہوگی	بہت چہرے	اس دن

اور اپنے بیٹے سے۔ اس دن ان میں سے ہر ایک آدمی کو ایک فکر ہے جو اسے کافی ہوگا۔ اس دن بہت سے چہرے

مُّسْفِرَةٌ ﴿۳۸﴾ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ ﴿۳۹﴾ وَوُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ ﴿۴۰﴾

مُّسْفِرَةٌ	ضَاحِكَةٌ	مُّسْتَبْشِرَةٌ	وَوُجُوهٌ	يَوْمَئِذٍ	عَلَيْهَا	غَبَرَةٌ
چمکتے	ہنستے	خوشیاں مناتے	اور بہت چہرے	اس دن	ان پر	غبار

چمکتے، ہنستے اور خوشیاں مناتے ہوں گے، اور اس دن بہت سے چہروں پر غبار ہوگا

۱ ع۲ ۵

تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ ﴿۴۱﴾ أُولَٰئِكَ هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ ﴿۴۲﴾

تَرْهَقُهَا	قَتَرَةٌ	أُولَٰئِكَ	هُمُ	الْكَفَرَةُ	الْفَجَرَةُ
چھائی ہوئی	سیاہی	یہی لوگ	وہ	کافر	گنہگار

سیاہی چھائی ہوئی (ہوگی)، یہی لوگ ہیں کافر گنہگار۔

آیاتها ۲۹ — ۸۱ = سُورَةُ التَّكْوِيرِ مَكِّيَّةٌ = ۷ — رکوعها ۱

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ﴿۱﴾ وَإِذَا النُّجُومُ انكَدَرَتْ ﴿۲﴾ وَإِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ ﴿۳﴾

إِذَا	الشَّمْسُ	كُوِّرَتْ	وَإِذَا	النُّجُومُ	انكَدَرَتْ	وَإِذَا	الْجِبَالُ	سُيِّرَتْ
جب	سورج	لپیٹ دیا جائے	اور جب	ستارے	ماند پڑ جائیں	اور جب	پہاڑ	چلائے جائیں

جب سورج لپیٹ دیا جائے، اور جب ستارے ماند پڑ جائیں، اور جب پہاڑ چلائے جائیں،

وَإِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ ﴿٤﴾ وَإِذَا الْوُحُوشُ حُشِرَتْ ﴿٥﴾ وَإِذَا الْبِحَارُ

وَإِذَا	الْعِشَارُ	عُطِّلَتْ	وَإِذَا	الْوُحُوشُ	حُشِرَتْ	وَإِذَا	الْبِحَارُ
اور جب	دس ماہ کی گابھن اونٹنیاں	چھٹی پھریں	اور جب	وحشی جانور	اکھٹے کیے جائیں	اور جب	دریا

اور جب دس ماہ کی گابھن اونٹنیاں چھٹی پھریں، اور جب وحشی جانور اکھٹے کئے جائیں، اور جب دریا

سُجِّرَتْ ﴿٦﴾ وَإِذَا النُّفُوسُ زُوِّجَتْ ﴿٧﴾ وَإِذَا الْمَوْءُودَةُ سُئِلَتْ ﴿٨﴾

سُجِّرَتْ	وَإِذَا	النُّفُوسُ	زُوِّجَتْ	وَإِذَا	الْمَوْءُودَةُ	سُئِلَتْ
بھڑکائے جائیں	اور جب	جانیں	جوڑے باندھے جائیں	اور جب	زندہ گاڑی ہوئی لڑکی	پوچھا جائے

بھڑکائے جائیں، اور جب جانوروں کے جوڑے باندھے جائیں، اور جب زندہ گاڑی ہوئی (زندہ درگور) لڑکی سے پوچھا جائے

بِأَيِّ ذَنْبٍ قُتِلَتْ ﴿٩﴾ وَإِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ ﴿١٠﴾ وَإِذَا السَّمَاءُ كُشِطَتْ ﴿١١﴾

بِأَيِّ	ذَنْبٍ	قُتِلَتْ	وَإِذَا	الصُّحُفُ	نُشِرَتْ	وَإِذَا	السَّمَاءُ	كُشِطَتْ
کس	گناہ	ماری گئی	اور جب	اعمال نامے	کھولے جائیں	اور جب	آسمان	کھال کھینچ لی جائے

وہ کس گناہ میں ماری گئی؟ اور جب اعمال نامے کھولے جائیں، اور جب آسمان کی کھال کھینچ لی جائے

وَإِذَا الْجَحِيمُ سُعِّرَتْ ﴿١٢﴾ وَإِذَا الْجَنَّةُ أُزْلِفَتْ ﴿١٣﴾ عَلِمَتْ نَفْسٌ

وَإِذَا	الْجَحِيمُ	سُعِّرَتْ	وَإِذَا	الْجَنَّةُ	أُزْلِفَتْ	عَلِمَتْ	نَفْسٌ
اور جب	جہنم	بھڑکائی جائے	اور جب	جنت	قریب لائی جائے	جان لے گا	ہر شخص

اور جب جہنم بھڑکائی جائے، اور جب جنت قریب لائی جائے ۔ ہر شخص جان لے گا

مَا أَحْضَرَتْ ﴿١٤﴾ فَلَا أُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ ﴿١٥﴾ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ ﴿١٦﴾ وَاللَّيْلِ

مَا	أَحْضَرَتْ	فَلَا أُقْسِمُ	بِالْخُنَّسِ	الْجَوَارِ	الْكُنَّسِ	وَاللَّيْلِ
جو کچھ	وہ لایا	سو میں قسم کھاتا ہوں	پیچھے ہٹ جانے والے	سیدھے چلنے والے	چھپ جانے والے	اور رات

وہ جو کچھ لایا ہے۔ سو میں قسم کھاتا ہوں (ستاروں کی) پیچھے ہٹ جانے والے، سیدھے چلنے والے، چھپ جانے والے، اور رات کی

إِذَا عَسْعَسَ ﴿١٧﴾ وَالصُّبْحِ إِذَا تَنَفَّسَ ﴿١٨﴾ إِنَّهُ لَقَوْلُ رَسُولٍ كَرِيمٍ ﴿١٩﴾

إِذَا	عَسْعَسَ	وَالصُّبْحِ	إِذَا	تَنَفَّسَ	إِنَّهُ	لَقَوْلُ	رَسُولٍ	كَرِيمٍ
جب	پھیل جائے	اور صبح	جب	دم بھرے	بیشک یہ	کلام	قاصد	عزت والا

جب وہ پھیل جائے، اور صبح کی جب دم بھرے (نمودار ہو)، بیشک یہ (قرآن) کلام ہے عزت والے قاصد (فرشتہ) کا

ذِی قُوَّۃٍ عِنۡدَ ذِی الۡعَرۡشِ مَکِیۡنٍ ﴿۲۰﴾ مُّطَاعٍ ثَمَّ اَمِیۡنٍ ﴿۲۱﴾ وَ مَا صَاحِبُکُمۡ

ذِی قُوَّۃٍ	عِنۡدَ	ذِی الۡعَرۡشِ	مَکِیۡنٍ	مُّطَاعٍ	ثَمَّ اَمِیۡنٍ	وَ مَا	صَاحِبُکُمۡ
قوت والا	نزدیک	عرش کے مالک	بلند مرتبہ	سب کا مانا ہوا	وہاں کا امانتدار	اور نہیں	تمہارا رفیق

قوت والا، عرش کے مالک کے نزدیک بلند مرتبہ سب کا مانا ہوا، وہاں کا امانتدار۔ اور تمہارے رفیق (حضرت محمدؐ)

بِمَجۡنُوۡنٍ ﴿۲۲﴾ وَ لَقَدۡ رَاٰہُ بِالۡاُفُقِ الۡمُبِیۡنِ ﴿۲۳﴾ وَ مَا ہُوَ عَلَی الۡغَیۡبِ بِضَنِیۡنٍ ﴿۲۴﴾

بِمَجۡنُوۡنٍ	وَ لَقَدۡ رَاٰہُ	بِالۡاُفُقِ	الۡمُبِیۡنِ	وَ مَا ہُوَ	عَلَی الۡغَیۡبِ	بِضَنِیۡنٍ
دیوانہ	اور اس نے اس کو دیکھا ہے	کنارہ پر	کھلا	اور نہیں وہ	غیب پر	بخل کرنے والا

کچھ دیوانے نہیں، اور اس (محمدؐ) نے اس (فرشتہ) کو کھلے (آسمان) کے کنارہ پر دیکھا اور وہ غیب پر بخل کرنے والے نہیں۔

وَ مَا ہُوَ بِقَوۡلِ شَیۡطٰنٍ رَّجِیۡمٍ ﴿۲۵﴾ فَاَیۡنَ تَذۡہَبُوۡنَ ﴿۲۶﴾ اِنۡ ہُوَ اِلَّا ذِکۡرٌ

وَ مَا ہُوَ	بِقَوۡلِ	شَیۡطٰنٍ	رَّجِیۡمٍ	فَاَیۡنَ	تَذۡہَبُوۡنَ	اِنۡ ہُوَ	اِلَّا	ذِکۡرٌ
اور نہیں	کہا ہوا	شیطان	مردود	پھر کدھر	تم جارہے ہو	نہیں وہ	مگر	نصیحت

اور یہ (قرآن) شیطان مردود کا کہا ہوا نہیں، پھر تم کدھر جارہے ہو؟ یہ نہیں ہے مگر (کتاب) نصیحت

لِّلۡعٰلَمِیۡنَ ﴿۲۷﴾ لِمَنۡ شَآءَ مِنۡکُمۡ اَنۡ یَّسۡتَقِیۡمَ ﴿۲۸﴾ وَ مَا تَشَآءُوۡنَ

لِّلۡعٰلَمِیۡنَ	لِمَنۡ	شَآءَ	مِنۡکُمۡ	اَنۡ	یَّسۡتَقِیۡمَ	وَ مَا تَشَآءُوۡنَ
تمام جہانوں کے لئے	لئے جو	چاہے	تم سے	کہ	سیدھا چلے	اور تم نہ چاہو گے

تمام جہانوں کے لئے، تم میں سے جو بھی چاہے کہ سیدھا راستہ چلے، اور تم نہ چاہو گے

۱ ع ۲۹ ۶

اِلَّاۤ اَنۡ یَّشَآءَ اللّٰہُ رَبُّ الۡعٰلَمِیۡنَ ﴿۲۹﴾

اِلَّا	اَنۡ	یَّشَآءَ	اللّٰہُ	رَبُّ	الۡعٰلَمِیۡنَ
مگر	یہ کہ	چاہے	اللہ	رب	تمام جہان

مگر یہ کہ تمام جہانوں کا رب چاہے۔

آیاتہا ۱۹ — ۸۲ سُوۡرَۃُ الۡاِنۡفِطَارِ مَکِّیَّۃٌ ۸۲ — رکوعہا ۱

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے۔

إِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ ۝١ وَإِذَا الْكَوَاكِبُ انْتَثَرَتْ ۝٢ وَإِذَا الْبِحَارُ

إِذَا	السَّمَآءُ	انْفَطَرَتْ	وَإِذَا	الْكَوَاكِبُ	انْتَثَرَتْ	وَإِذَا	الْبِحَارُ
جب	آسمان	پھٹ جائے	اور جب	ستارے	جھڑ پڑیں	اور جب	دریا

جب آسمان پھٹ جائے ، اور جب ستارے جھڑ پڑیں ، اور جب دریا

فُجِّرَتْ ۝٣ وَإِذَا الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ ۝٤ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ

فُجِّرَتْ	وَإِذَا	الْقُبُوْرُ	بُعْثِرَتْ	عَلِمَتْ	نَفْسٌ	مَّا	قَدَّمَتْ
اُبل پڑیں (باہر نکلیں)	اور جب	قبریں	کریدی جائیں	جان لے	ہر شخص	کیا	اس نے آگے بھیجا

اُبل پڑیں ، اور جب قبریں کریدی جائیں ، ہر شخص جان لے اُس نے آگے کیا بھیجا ؟

وَأَخَّرَتْ ۝٥ يٰٓأَيُّهَا الْإِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ ۝٦ الَّذِيْ

وَأَخَّرَتْ	يٰٓأَيُّهَا	الْإِنْسَانُ	مَا غَرَّكَ	بِرَبِّكَ	الْكَرِيْمِ	الَّذِيْ
اور پیچھے چھوڑا	اے	انسان	کس چیز نے تجھے دھوکہ دیا	اپنا رب	کریم	جس نے

اور پیچھے (کیا) چھوڑا ؟ اے انسان تجھے اپنے رب کریم کے بارہ میں کس چیز نے دھوکہ دیا جس نے

خَلَقَكَ فَسَوّٰىكَ فَعَدَلَكَ ۝٧ فِيْٓ أَيِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَ ۝٨ كَلَّا

خَلَقَكَ	فَسَوّٰىكَ	فَعَدَلَكَ	فِيْٓ	أَيِّ صُوْرَةٍ	مَّا شَآءَ	رَكَّبَكَ	كَلَّا
تجھے پیدا کیا	پھر تجھے ٹھیک کیا	پھر برابر کیا	میں	جس صورت	چاہا	تجھے جوڑ دیا	ہرگز نہیں

تجھے پیدا کیا، پھر ٹھیک کیا، پھر برابر کیا، جس صورت میں چاہا تجھے جوڑ دیا - ہرگز نہیں ،

بَلْ تُكَذِّبُوْنَ بِالدِّيْنِ ۝٩ وَإِنَّ عَلَيْكُمْ لَحٰفِظِيْنَ ۝١٠ كِرَامًا كَاتِبِيْنَ ۝١١

بَلْ	تُكَذِّبُوْنَ	بِالدِّيْنِ	وَإِنَّ	عَلَيْكُمْ	لَحٰفِظِيْنَ	كِرَامًا	كَاتِبِيْنَ
بلکہ	تم جھٹلاتے ہو	جزا و سزا کا دن	اور بیشک	تم پر	نگہبان	عزت والے	لکھنے والے

بلکہ تم جزا و سزا کے دن (قیامت) کو جھٹلاتے ہو، اور بیشک تم پر نگہبان (مقرر) ہیں، عزت والے (اعمال) لکھنے والے،

يَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ ۝١٢ إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ ۝١٣ وَإِنَّ الْفُجَّارَ

يَعْلَمُوْنَ	مَا تَفْعَلُوْنَ	إِنَّ	الْأَبْرَارَ	لَفِيْ	نَعِيْمٍ	وَإِنَّ	الْفُجَّارَ
وہ جانتے ہیں	جو تم کرتے ہو	بیشک	نیک لوگ	میں	جنت	اور بیشک	گنہگار

جو تم کرتے ہو وہ جانتے ہیں ۔ بیشک نیک لوگ جنت میں ہوں گے ۔ اور بیشک گنہگار

لَفِي جَحِيمٍ ﴿١٤﴾ يَصْلَوْنَهَا يَوْمَ الدِّينِ ﴿١٥﴾ وَمَا هُمْ عَنْهَا بِغَائِبِينَ ﴿١٦﴾

لَفِي	جَحِيمٍ	يَصْلَوْنَهَا	يَوْمَ الدِّينِ	وَمَا هُمْ	عَنْهَا	بِغَائِبِينَ
میں	جہنم	ڈالے جائیں گے اس میں	روز جزا و سزا (قیامت)	اور وہ نہیں	اس سے	غائب (جدا ہونے والے)

جہنم میں ہوں گے۔ اس میں روز جزا و سزا (قیامت کے دن) ڈالے جائیں گے اور وہ اس سے جدا ہونے والے نہ ہوں گے۔

وَمَا أَدْرَاكَ مَا يَوْمُ الدِّينِ ﴿١٧﴾ ثُمَّ مَا أَدْرَاكَ مَا يَوْمُ الدِّينِ ﴿١٨﴾

وَ مَا أَدْرَاكَ	مَا	يَوْمُ الدِّينِ	ثُمَّ	مَا	أَدْرَاكَ	مَا	يَوْمُ الدِّينِ
اور تمہیں کیا خبر	کیا	روزِ جزا و سزا	پھر	کیا	تمہیں خبر	کیا	روز جزا و سزا

اور تمہیں کیا خبر روزِ جزا و سزا کیا ہے؟ پھر تمہیں کیا خبر روزِ جزا و سزا کیا ہے؟

۱ ع ۱۹ ۷

يَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَيْئًا ۖ وَالْأَمْرُ يَوْمَئِذٍ لِّلَّهِ ﴿١٩﴾

يَوْمَ	لَا تَمْلِكُ	نَفْسٌ	لِّنَفْسٍ	شَيْئًا	وَالْأَمْرُ	يَوْمَئِذٍ	لِّلَّهِ
جس دن	مالک نہ ہوگا	کوئی شخص	کسی شخص کے لئے	کچھ	اور حکم	اس دن	اللہ کے لئے

جس دن کوئی شخص کسی شخص کا مالک نہ ہوگا (کچھ بھلا نہ کر سکے گا) اس دن حکم اللہ ہی کا ہوگا۔

آیاتها ۳۶ | ۸۳ = سُورَةُ الْمُطَفِّفِينَ مَكِّيَّةٌ = ۸۶ | رکوعها ۱

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، اور رحم کرنے والا ہے

وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِينَ ﴿١﴾ الَّذِينَ إِذَا اكْتَالُوا عَلَى النَّاسِ يَسْتَوْفُونَ ﴿٢﴾

وَيْلٌ	لِّلْمُطَفِّفِينَ	الَّذِينَ	إِذَا اكْتَالُوا	عَلَى	النَّاسِ	يَسْتَوْفُونَ
خرابی	کمی کرنے والوں کے لئے	وہ جو کہ	جب ماپ کریں	پر (سے)	لوگ	پورا بھر لیں

خرابی ہے کمی کرنے والوں کے لئے، جو (لوگوں سے) ماپ کر لیں تو پورا بھر کر لیں،

وَإِذَا كَالُوهُمْ أَو وَّزَنُوهُمْ يُخْسِرُونَ ﴿٣﴾ أَلَا يَظُنُّ أُولَٰئِكَ أَنَّهُم

وَإِذَا	كَالُو	هُمْ	أَو وَّزَنُوهُمْ	يُخْسِرُونَ	أَلَا	يَظُنُّ	أُولَٰئِكَ	أَنَّهُم
اور جب	ماپ کر دیں	وہ	یا تول کر دیں	گھٹا کر دیں	کیا نہیں	خیال کرتے	یہ لوگ	کہ وہ

اور جب (دوسروں کو) ماپ کر یا تول کر دیں تو گھٹا کر دیں۔ کیا یہ لوگ خیال نہیں کرتے کہ وہ

مَّبْعُوْثُوْنَ ۝۴ لِيَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝۵ يَّوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۶

مَّبْعُوْثُوْنَ	لِيَوْمٍ	عَظِيْمٍ	يَّوْمَ	يَقُوْمُ	النَّاسُ	لِرَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ
اٹھائے جانے والے ہیں	ایک دن	بڑا	دن	کھڑے ہونگے	لوگ	رب کے سامنے	تمام جہان

اٹھائے جانے والے ہیں ایک بڑے دن، جس دن لوگ کھڑے ہوں گے تمام جہانوں کے رب کے سامنے۔

كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ الْفُجَّارِ لَفِيْ سِجِّيْنٍ ۝۷ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا سِجِّيْنٌ ۝۸

كَلَّآ	اِنَّ	كِتٰبَ	الْفُجَّارِ	لَفِيْ	سِجِّيْنٍ	وَمَآ	اَدْرٰىكَ	مَا سِجِّيْنٌ
ہرگز نہیں	بیشک	اعمال نامہ	بدکار	البتہ میں	سجین	اور کیا	خبر سے تجھے	کیا ہے سجین

ہرگز نہیں، بیشک بدکاروں کا اعمال نامہ سجین میں ہے۔ اور تجھے کیا خبر سجین کیا ہے؟

كِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ ۝۹ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝۱۰ الَّذِيْنَ يُكَذِّبُوْنَ

كِتٰبٌ	مَّرْقُوْمٌ	وَيْلٌ	يَّوْمَئِذٍ	لِّلْمُكَذِّبِيْنَ	الَّذِيْنَ	يُكَذِّبُوْنَ
ایک دفتر	لکھا ہوا	خرابی	اس دن	جھٹلانے والوں کے لئے	جو لوگ	جھٹلاتے ہیں

ایک لکھا ہوا دفتر (نوشتہ) اس دن خرابی ہے جھٹلانے والوں کے لئے، جو لوگ جھٹلاتے ہیں

بِيَوْمِ الدِّيْنِ ۝۱۱ وَمَا يُكَذِّبُ بِهٖٓ اِلَّا كُلُّ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ۝۱۲ اِذَا تُتْلٰى

بِيَوْمِ الدِّيْنِ	وَمَا يُكَذِّبُ	بِهٖٓ	اِلَّا	كُلُّ	مُعْتَدٍ	اَثِيْمٍ	اِذَا	تُتْلٰى
روزِ جزا و سزا کو	اور نہیں جھٹلاتا	اس کو	مگر	ہر	حد سے بڑھ جانیوالا	گنہگار	جب	پڑھی جائیں

روزِ جزا و سزا کو۔ اور اسے نہیں جھٹلاتا مگر ہر حد سے بڑھ جانے والا گنہگار۔ جب پڑھی جاتی ہیں

عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝۱۳ كَلَّا بَلْ ۜ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ

عَلَيْهِ	اٰيٰتُنَا	قَالَ	اَسَاطِيْرُ	الْاَوَّلِيْنَ	كَلَّا	بَلْ	رَانَ	عَلٰى	قُلُوْبِهِمْ
اس پر	ہماری آیتیں	کہے	کہانیاں	پہلے	ہرگز نہیں	بلکہ	زنگ پکڑ گیا ہے	پر	اُن کے دل

اُس پر ہماری آیتیں تو کہے یہ پہلوں کی کہانیاں ہیں۔ ہرگز نہیں، بلکہ زنگ پکڑ گیا ہے ان کے دلوں پر

مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝۱۴ كَلَّآ اِنَّهُمْ عَنْ رَّبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّمَحْجُوْبُوْنَ ۝۱۵ ثُمَّ

مَا	كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ	كَلَّآ	اِنَّهُمْ	عَنْ	رَّبِّهِمْ	يَوْمَئِذٍ	لَّمَحْجُوْبُوْنَ	ثُمَّ
جو	وہ کماتے تھے	ہرگز نہیں	بیشک وہ	سے	اپنا رب	اس دن	روک دیئے جائیں گے	پھر

جو وہ کماتے تھے۔ ہرگز نہیں، وہ اس دن اپنے رب سے روک دیئے جائیں گے۔ پھر

إِنَّهُمْ لَصَالُوا الْجَحِيمِ ﴿١٦﴾ ثُمَّ يُقَالُ هَٰذَا الَّذِي كُنتُم بِهِ تُكَذِّبُونَ ﴿١٧﴾

إِنَّهُمْ	لَصَالُوا	الْجَحِيمِ	ثُمَّ	يُقَالُ	هَٰذَا	الَّذِي	كُنتُمْ	بِهِ	تُكَذِّبُونَ
بیشک وہ	داخل ہونیوالے	جہنم	پھر	کہا جائیگا	یہ	وہ جو کہ	تم تھے	اس کو	جھوٹ جانتے

بیشک وہ جہنم میں داخل ہونے والے ہیں۔ پھر کہا جائے گا یہ وہی ہے جس کو تم جھوٹ جانتے تھے۔

كَلَّا إِنَّ كِتَابَ الْأَبْرَارِ لَفِي عِلِّيِّينَ ﴿١٨﴾ وَمَا أَدْرَاكَ مَا عِلِّيُّونَ ﴿١٩﴾ كِتَابٌ

كَلَّا	إِنَّ	كِتَابَ	الْأَبْرَارِ	لَفِي	عِلِّيِّينَ	وَمَا	أَدْرَاكَ	مَا عِلِّيُّونَ	كِتَابٌ
ہرگز نہیں	بیشک	اعمالنامہ	نیک لوگ	البتہ میں	علیین	اور کیا	تجھے خبر	کیا علیین	ایک دفتر

ہرگز نہیں، بیشک نیک لوگوں کا اعمالنامہ "علیین" میں ہے۔ اور تجھے کیا خبر علیین کیا ہے؟ ایک دفتر ہے

مَّرْقُومٌ ﴿٢٠﴾ يَشْهَدُهُ الْمُقَرَّبُونَ ﴿٢١﴾ إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِي نَعِيمٍ ﴿٢٢﴾ عَلَى الْأَرَائِكِ يَنظُرُونَ ﴿٢٣﴾

مَّرْقُومٌ	يَشْهَدُهُ	الْمُقَرَّبُونَ	إِنَّ	الْأَبْرَارَ	لَفِي نَعِيمٍ	عَلَى	الْأَرَائِكِ	يَنظُرُونَ
لکھا ہوا	دیکھتے ہیں	نزدیک والے	بیشک	نیک بندے	البتہ نعمت آرام میں	پر	تخت (جمع)	دیکھتے ہوں گے

لکھا ہوا (اسے) دیکھتے ہیں (اللہ کے) مقرب (نزدیک والے)۔ بیشک نیک بندے آرام میں تختوں (مسندوں) پر دیکھتے ہوں گے،

تَعْرِفُ فِي وُجُوهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيمِ ﴿٢٤﴾ يُسْقَوْنَ مِن رَّحِيقٍ مَّخْتُومٍ ﴿٢٥﴾

تَعْرِفُ	فِي	وُجُوهِهِمْ	نَضْرَةَ	النَّعِيمِ	يُسْقَوْنَ	مِن	رَّحِيقٍ	مَّخْتُومٍ
تو پہچان لیگا	میں	ان کے چہرے	تروتازگی	نعمت کی	انہیں پلائی جاتی ہے	سے	خالص شراب	سربمہر

تو ان کے چہروں پر نعمت کی تروتازگی پائے گا۔ انہیں پلائی جاتی ہے خالص شراب، سربمہر،

خِتَامُهُ مِسْكٌ ۚ وَفِي ذَٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُونَ ﴿٢٦﴾ وَمِزَاجُهُ مِن

خِتَامُهُ	مِسْكٌ	وَفِي	ذَٰلِكَ	فَلْيَتَنَافَسِ	الْمُتَنَافِسُونَ	وَمِزَاجُهُ	مِن
اس کی مہر	مشک	اور میں	اس	چاہیے رغبت کریں	رغبت کرنے والے	اس کی آمیزش	سے

اس کی مہر مشک پر جمی ہوئی، اور چاہیئے کہ رغبت کرنے والے اس میں رغبت کریں۔ اور اس میں آمیزش ہے

تَسْنِيمٍ ﴿٢٧﴾ عَيْنًا يَشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُونَ ﴿٢٨﴾ إِنَّ الَّذِينَ أَجْرَمُوا

تَسْنِيمٍ	عَيْنًا	يَشْرَبُ	بِهَا	الْمُقَرَّبُونَ	إِنَّ	الَّذِينَ	أَجْرَمُوا
تسنیم	ایک چشمہ	پیتے ہیں	اس سے	مقرب	بیشک	وہ لوگ جو	جرم کیا

"تسنیم" کی، یہ ایک چشمہ ہے جس سے مقرب پیتے ہیں۔ بیشک جن لوگوں نے جرم کیا (گنہگار)

كَانُوْا مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَضْحَكُوْنَ ﴿۲۹﴾ وَاِذَا مَرُّوْا بِهِمْ يَتَغَامَزُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَاِذَا

كَانُوْا	مِنَ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	يَضْحَكُوْنَ	وَاِذَا	مَرُّوْا	بِهِمْ	يَتَغَامَزُوْنَ	وَاِذَا
تھے	سے (پر)	جو ایمان لائے (مومن)	ہنستے	اور جب	گزرتے	اُن سے	آنکھ مارتے	اور جب

وہ مومنوں پر ہنستے تھے ۔ اور جب اُن سے ہو کر گزرتے تو آنکھ مارتے ۔ اور جب

انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓى اَهْلِهِمُ انْقَلَبُوْا فَكِهِيْنَ ﴿۳۱﴾ وَاِذَا رَاَوْهُمْ قَالُوْٓا اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ

انْقَلَبُوْٓا	اِلٰٓى	اَهْلِهِمُ	انْقَلَبُوْا	فَكِهِيْنَ	وَاِذَا	رَاَوْهُمْ	قَالُوْٓا	اِنَّ	هٰٓؤُلَآءِ
وہ لوٹتے	طرف	اپنے گھر والے	لوٹتے	ہنستے (باتیں بناتے)	اور جب	اُنہیں دیکھتے	کہتے	بیشک	یہ لوگ

اپنے گھر والوں کی طرف لوٹتے تو ہنستے (باتیں بناتے) لوٹتے ۔ اور جب اُنہیں دیکھتے تو کہتے بیشک یہ لوگ

لَضَآلُّوْنَ ﴿۳۲﴾ وَمَآ اُرْسِلُوْا عَلَيْهِمْ حٰفِظِيْنَ ﴿۳۳﴾ فَالْيَوْمَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنَ الْكُفَّارِ

لَضَآلُّوْنَ	وَمَآ اُرْسِلُوْا	عَلَيْهِمْ	حٰفِظِيْنَ	فَالْيَوْمَ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	مِنَ	الْكُفَّارِ
گمراہ (جمع)	اور نہیں بھیجے گئے	ان پر	نگہبان	پس آج	ایمان والے	سے (پر)	کافر (جمع)

گمراہ ہیں، اور وہ اُن پر نگہبان بنا کر نہیں بھیجے گئے ۔ پس آج ایمان والے کافروں پر ﴿۳۶﴾

ع ۳۶ — ۱ — ۸

يَضْحَكُوْنَ ﴿۳۴﴾ عَلَى الْاَرَآئِكِ يَنْظُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ هَلْ ثُوِّبَ الْكُفَّارُ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ

يَضْحَكُوْنَ	عَلَى	الْاَرَآئِكِ	يَنْظُرُوْنَ	هَلْ	ثُوِّبَ	الْكُفَّارُ	مَا كَانُوْا	يَفْعَلُوْنَ
ہنستے ہیں	پر	تخت	دیکھتے ہیں	کیا	بدلہ دیا گیا	کافر (جمع)	جو وہ کرتے تھے	

ہنستے ہیں تختوں (مسہریوں) پر بیٹھے دیکھتے ہیں ۔ کافروں نے اب بدلہ پایا ہے جیسا کہ وہ کرتے تھے ۔

آیاتہا ۲۵ — ۸۴ سُوْرَةُ الْاِنْشِقَاقِ مَكِّيَّةٌ ۸۳ — رکوعہا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ﴿۱﴾ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ﴿۲﴾ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ﴿۳﴾

اِذَا	السَّمَآءُ	انْشَقَّتْ	وَاَذِنَتْ	لِرَبِّهَا	وَحُقَّتْ	وَاِذَا	الْاَرْضُ	مُدَّتْ
جب	آسمان	پھٹ جائے گا	اور سُن لے گا	اپنے رب کا	اور اسی لائق ہے	اور جب	زمین	پھیلا دی جائے گی

جب آسمان پھٹ جائے گا، اور اپنے رب کا حکم، سُن لے گا اور وہ اسی لائق ہے، اور جب زمین پھیلا دی جائے گی،

وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ۝۴ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝۵ يٰٓاَيُّهَا الْاِنْسَانُ

وَاَلْقَتْ	مَا فِيْهَا	وَتَخَلَّتْ	وَاَذِنَتْ	لِرَبِّهَا	وَحُقَّتْ	يٰٓاَيُّهَا	الْاِنْسَانُ
اور نکال ڈالے گی	جو اس میں	اور خالی ہو جائے گی	اور سن لے گا	اپنے رب کا	اور اسی لائق ہے	اے	انسان

اور جو کچھ اس میں ہے اسے نکال ڈالے گی، اور خالی ہو جائے گی، اور اپنے رب کا (حکم) سن لے گی اور اسی لائق ہے، اے انسان

اِنَّكَ كَادِحٌ اِلٰى رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلٰقِيْهِ ۝۶ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ۝۷

اِنَّكَ	كَادِحٌ	اِلٰى	رَبِّكَ	كَدْحًا	فَمُلٰقِيْهِ	فَاَمَّا	مَنْ	اُوْتِيَ	كِتٰبَهٗ	بِيَمِيْنِهٖ
بیشک تو	تکلیف اٹھانے والا	طرف	اپنا رب	خوب تکلیف	پھر اس کو ملنا ہے	پس	جو	دیا گیا	اسکا اعمالنامہ	اس کے دائیں ہاتھ میں

بیشک تو اپنے رب کی طرف (پہنچنے میں) خوب تکلیف اٹھانے والا ہے پھر اسکو ملنا ہے پس جس کو اس کا اعمالنامہ دائیں ہاتھ میں دیا گیا

فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا ۝۸ وَّيَنْقَلِبُ اِلٰٓى اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ۝۹ وَاَمَّا

فَسَوْفَ	يُحَاسَبُ	حِسَابًا	يَّسِيْرًا	وَيَنْقَلِبُ	اِلٰى	اَهْلِهٖ	مَسْرُوْرًا	وَاَمَّا
پس عنقریب	حساب لیا جائے گا	حساب	آسان	اور لوٹے گا	طرف	اپنے لوگ	خوش خوش	اور وہ

پس اس سے عنقریب آسان حساب لیا جائے گا، اور وہ اپنے لوگوں کی طرف خوش خوش لوٹے گا - اور

مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ وَرَآءَ ظَهْرِهٖ ۝۱۰ فَسَوْفَ يَدْعُوْا ثُبُوْرًا ۝۱۱ وَّيَصْلٰى سَعِيْرًا ۝۱۲

مَنْ	اُوْتِيَ	كِتٰبَهٗ	وَرَآءَ	ظَهْرِهٖ	فَسَوْفَ	يَدْعُوْا	ثُبُوْرًا	وَيَصْلٰى	سَعِيْرًا
جو	دیا گیا	اس کا اعمالنامہ	پیچھے	اس کی پشت	پس عنقریب	مانگے گا	موت	اور داخل ہوگا	آگ

جس کو اس کا اعمالنامہ اس کی پیٹھ پیچھے سے دیا گیا، وہ عنقریب موت مانگے گا، اور جہنم میں داخل ہو گا -

اِنَّهٗ كَانَ فِيْٓ اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ۝۱۳ اِنَّهٗ ظَنَّ اَنْ لَّنْ يَّحُوْرَ ۝۱۴ بَلٰٓى ۚ اِنَّ رَبَّهٗ

اِنَّهٗ	كَانَ	فِيْ	اَهْلِهٖ	مَسْرُوْرًا	اِنَّهٗ	ظَنَّ	اَنْ	لَنْ يَّحُوْرَ	بَلٰى	اِنَّ رَبَّهٗ
بیشک وہ	تھا	میں	اپنے لوگ	خوش و خرم	بیشک اس	گمان کیا	کہ	ہرگز نہ لوٹے گا	کیوں نہیں	بیشک اس کا رب

بیشک وہ اپنے لوگوں میں خوش و خرم تھا - اس نے گمان کیا تھا کہ وہ ہرگز نہ لوٹے گا - کیوں نہیں؟ اس کا رب بیشک

كَانَ بِهٖ بَصِيْرًا ۝۱۵ فَلَآ اُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ۝۱۶ وَالَّيْلِ وَمَا وَسَقَ ۝۱۷ وَالْقَمَرِ اِذَا

كَانَ	بِهٖ	بَصِيْرًا	فَلَآ اُقْسِمُ	بِالشَّفَقِ	وَالَّيْلِ	وَمَا	وَسَقَ	وَالْقَمَرِ	اِذَا
تھا	اس کو	دیکھنے والا	سو میں قسم کھاتا ہوں	شام کی سرخی	اور رات	اور جو	سمٹ آتی ہے	اور چاند	جب

اسے دیکھتا تھا - سو میں قسم کھاتا ہوں شام کی سرخی کی اور رات کی جو اس میں سمٹ آتی ہے اور چاند کی جب

اتَّسَقَ ﴿۱۸﴾ لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ﴿۱۹﴾ فَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿۲۰﴾

اتَّسَقَ	لَتَرْكَبُنَّ	طَبَقًا	عَنْ	طَبَقٍ	فَمَا	لَهُمْ	لَا يُؤْمِنُونَ
مکمل ہو جائے	تم کو ضرور چڑھنا ہے	ایک درجہ	سے	درجہ	سو کیا	انہیں	وہ ایمان نہیں لاتے

مکمل ہو جائے، تم کو درجہ بدرجہ ضرور چڑھنا ہے۔ سو انہیں کیا ہو گیا ہے کہ وہ ایمان نہیں لاتے؟

وَإِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْآنُ لَا يَسْجُدُونَ ﴿۲۱﴾ بَلِ الَّذِينَ كَفَرُوا

وَإِذَا	قُرِئَ	عَلَيْهِمُ	الْقُرْآنُ	لَا يَسْجُدُونَ	بَلِ	الَّذِينَ كَفَرُوا
اور جب	پڑھا جاتا ہے	ان پر	قرآن	وہ سجدہ نہیں کرتے	بلکہ	جن لوگوں نے کفر کیا (منکر)

اور جب اُن پر قرآن پڑھا جاتا ہے تو وہ سجدہ نہیں کرتے، بلکہ جن لوگوں نے کفر کیا (منکر)

يُكَذِّبُونَ ﴿۲۲﴾ وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا يُوعُونَ ﴿۲۳﴾ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ ﴿۲۴﴾

يُكَذِّبُونَ	وَاللَّهُ	أَعْلَمُ	بِمَا	يُوعُونَ	فَبَشِّرْهُمْ	بِعَذَابٍ	أَلِيمٍ
جھٹلاتے ہیں	اور اللہ	خوب جانتا ہے	جو	بھر رکھتے ہیں	سو انہیں خوشخبری سُنا	عذاب کی	دردناک

جھٹلاتے ہیں، اور اللہ خوب جانتا ہے جو وہ (دلوں میں) بھر رکھتے ہیں، سو انہیں دردناک عذاب کی خوشخبری سُنا

إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُونٍ ﴿۲۵﴾

إِلَّا	الَّذِينَ آمَنُوا	وَعَمِلُوا	الصَّالِحَاتِ	لَهُمْ	أَجْرٌ	غَيْرُ مَمْنُونٍ
سوائے	جو لوگ ایمان لائے	اور انہوں نے کام کئے	اچھے	ان کیلئے	اجر	نہ ختم ہونے والا

سوائے اُن لوگوں کے جو ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام کئے ان کے لئے ختم نہ ہونے والا اجر ہے۔

آیاتها ۲۲ | ۸۵ = سُورَةُ الْبُرُوجِ مَكِّيَّةٌ = ۲۷ | رکوعها ۱

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوجِ ﴿۱﴾ وَالْيَوْمِ الْمَوْعُودِ ﴿۲﴾ وَشَاهِدٍ وَمَشْهُودٍ ﴿۳﴾

وَالسَّمَاءِ	ذَاتِ الْبُرُوجِ	وَالْيَوْمِ	الْمَوْعُودِ	وَشَاهِدٍ	وَمَشْهُودٍ
قسم آسمان کی	برجوں والا	اور دن کی	وعدہ کئے ہوئے	اور حاضر ہونیوالا	اور جہاں حاضر ہوتے ہیں

برجوں والے آسمان کی قسم، اور وعدہ کئے ہوئے دن کی، اور حاضر ہونے والے (دن) کی اور جہاں حاضر ہوتے ہیں،

قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ ④ النَّارِ ذَاتِ الْوَقُوْدِ ⑤ اِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُوْدٌ ⑥

قُتِلَ	اَصْحٰبُ	الْاُخْدُوْدِ	النَّارِ	ذَاتِ	الْوَقُوْدِ	اِذْ هُمْ	عَلَيْهَا	قُعُوْدٌ
ہلاک کر دیئے گئے	والے	خندق (جمع)	آگ	والی	ایندھن	جب وہ	اس پر	بیٹھے تھے

ہلاک کر دیئے گئے خندقوں والے، ایندھن والی آگ والے، جب وہ اس پر بیٹھے تھے،

وَّهُمْ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ شُهُوْدٌ ⑦ وَمَا نَقَمُوْا مِنْهُمْ اِلَّآ اَنْ

وَهُمْ	عَلٰى	مَا	يَفْعَلُوْنَ	بِالْمُؤْمِنِيْنَ	شُهُوْدٌ	وَمَا نَقَمُوْا	مِنْهُمْ	اِلَّآ	اَنْ
اور وہ	پر	جو	وہ کرتے تھے	مومنوں کے ساتھ	دیکھتے	اور نہیں بدلہ لیا	ان سے	مگر	کہ

اور وہ جو مومنوں کے ساتھ کرتے (اپنی آنکھوں سے) دیکھتے۔ اور انہوں نے (مومنوں سے) بدلہ نہیں لیا مگر اس بات کا

يُّؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ⑧ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

يُؤْمِنُوْا	بِاللّٰهِ	الْعَزِيْزِ	الْحَمِيْدِ	الَّذِيْ	لَهٗ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ
وہ ایمان لائے	اللہ پر	زبردست	تعریفوں والا	وہ جو کہ	اس کے لئے	بادشاہت	آسمان (جمع)	اور زمین

کہ اللہ پر ایمان لائے جو زبردست ہے تعریفوں والا، جس کی بادشاہت ہے آسمانوں اور زمین میں،

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ⑨ اِنَّ الَّذِيْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ

وَاللّٰهُ	عَلٰى	كُلِّ	شَيْءٍ	شَهِيْدٌ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	فَتَنُوْا	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَالْمُؤْمِنٰتِ
اور اللہ	پر	ہر	چیز	سامنے (باخبر)	بیشک	وہ جو	تکلیفیں دیں	مومن (جمع) مرد	مومن عورتیں

اور اللہ ہر چیز پر باخبر ہے۔ بیشک جن لوگوں نے مومن مردوں اور مومن عورتوں کو تکلیفیں دیں

ثُمَّ لَمْ يَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيْقِ ⑩ اِنَّ

ثُمَّ	لَمْ يَتُوْبُوْا	فَلَهُمْ	عَذَابُ	جَهَنَّمَ	وَلَهُمْ	عَذَابُ	الْحَرِيْقِ	اِنَّ
پھر	انہوں نے توبہ نہ کی	تو ان کیلئے	عذاب	جہنم	اور ان کے لئے	عذاب	جلنا	بیشک

پھر انہوں نے توبہ نہ کی تو ان کے لئے جہنم کا عذاب ہے اور ان کے لئے جلنے کا عذاب ہے۔ بیشک

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوْا	الصّٰلِحٰتِ	لَهُمْ	جَنّٰتٌ	تَجْرِيْ	مِنْ	تَحْتِهَا
جو لوگ ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	اچھے	ان کے لئے	باغات	جاری ہیں	سے	ان کے نیچے

جو لوگ ایمان لائے، اور انہوں نے اچھے عمل کئے، ان کے لئے باغات ہیں، جن کے نیچے جاری ہیں

الْاَنْهٰرُ ۗ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيْرُ ﴿۱۱﴾ اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ ﴿۱۲﴾ اِنَّهٗ

الْاَنْهٰرُ	ذٰلِكَ	الْفَوْزُ	الْكَبِيْرُ	اِنَّ	بَطْشَ	رَبِّكَ	لَشَدِيْدٌ	اِنَّهٗ
نہریں	یہ	کامیابی	بڑی	بیشک	پکڑ	تمہارا رب	بڑی سخت	بیشک وہ

نہریں، یہ بڑی کامیابی ہے۔ بیشک تمہارے رب کی پکڑ بڑی سخت ہے۔ بیشک

هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيْدُ ﴿۱۳﴾ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ﴿۱۴﴾ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ ﴿۱۵﴾

هُوَ	يُبْدِئُ	وَيُعِيْدُ	وَهُوَ	الْغَفُوْرُ	الْوَدُوْدُ	ذُو الْعَرْشِ	الْمَجِيْدُ
وہی	پہلی بار پیدا کرتا ہے	اور لوٹاتا ہے	اور وہ	بخشنے والا	محبت والا	عرش والا (مالک)	بڑی شان والا

وہی پہلی بار پیدا کرتا ہے اور (وہی) لوٹاتا ہے اور وہی بخشنے والا، محبت کرنے والا ہے، عرش کا مالک بڑی شان والا ہے،

فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ﴿۱۶﴾ هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْجُنُوْدِ ﴿۱۷﴾ فِرْعَوْنَ وَثَمُوْدَ ﴿۱۸﴾

فَعَّالٌ	لِّمَا	يُرِيْدُ	هَلْ	اَتٰىكَ	حَدِيْثُ	الْجُنُوْدِ	فِرْعَوْنَ	وَثَمُوْدَ
کر ڈالنے والا	جو	وہ چاہے	کیا	تجھ تک آئی (پہنچی)	بات	لشکر (جمع)	فرعون	اور ثمود

جو چاہے کر ڈالنے والا ہے۔ کیا تمہارے پاس لشکروں کی بات (خبر) پہنچی، فرعون اور ثمود کی۔

بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ تَكْذِيْبٍ ﴿۱۹﴾ وَّاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ ﴿۲۰﴾

بَلِ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	فِيْ	تَكْذِيْبٍ	وَّاللّٰهُ	مِنْ	وَّرَآئِهِمْ	مُّحِيْطٌ
بلکہ	وہ جو کہ	انہوں نے کفر کیا	میں	جھٹلانا	اور اللہ	سے	ان کے ہر طرف	گھیرے ہوئے

بلکہ جن لوگوں نے کفر کیا (کافر) جھٹلانے میں (لگے ہوئے ہیں) اور اللہ انہیں ہر طرف سے گھیرے ہوئے ہے

بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ﴿۲۱﴾ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ﴿۲۲﴾

ع ۱ ۲۲ ۱۰

بَلْ	هُوَ	قُرْاٰنٌ	مَّجِيْدٌ	فِيْ	لَوْحٍ	مَّحْفُوْظٍ
بلکہ	وہ	قرآن	بڑی شان والا	میں	لوح	محفوظ

بلکہ یہ قرآن بڑی شان والا ہے، لوح محفوظ میں (لکھا ہوا) ہے۔

آیاتها ۱۷ — ۸۶ سُوْرَةُ الطَّارِقِ مَكِّيَّةٌ ۳۶ — رکوعها ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ① وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ② النَّجْمُ الثَّاقِبُ ③

وَالسَّمَآءِ	وَالطَّارِقِ	وَمَآ اَدْرٰىكَ	مَا الطَّارِقُ	النَّجْمُ	الثَّاقِبُ
قسم آسمان کی	اور رات کو آنے والے کی	اور تم نے کیا سمجھا	کیا ہے طارق ؟	ستارا	چمکتا ہوا

قسم ہے آسمان کی، اور "طارق" (رات کو آنے والی کی) اور تم نے کیا سمجھا "طارق" کیا ہے ؟ چمکتا ہوا ستارا۔

اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ④ فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ⑤

اِنْ	كُلُّ	نَفْسٍ	لَّمَّا	عَلَيْهَا	حَافِظٌ	فَلْيَنْظُرِ	الْاِنْسَانُ	مِمَّ	خُلِقَ
نہیں	کوئی	جان	مگر	اس پر	نگہبان	چاہیئے کہ دیکھے	انسان	کس چیز سے	پیدا کیا گیا

کوئی جان نہیں جس پر (کوئی) نگہبان نہ ہو۔ اور انسان کو چاہیئے کہ دیکھے وہ کس چیز سے پیدا کیا گیا ؟

خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ⑥ يَّخْرُجُ مِنْۢ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ⑦ اِنَّهٗ

خُلِقَ	مِنْ	مَّآءٍ	دَافِقٍ	يَّخْرُجُ	مِنْ	بَيْنِ	الصُّلْبِ	وَالتَّرَآئِبِ	اِنَّهٗ
پیدا کیا گیا	سے	پانی	اُچھلتا ہوا	نکلتا ہے	سے	درمیان	پیٹھ	اور سینہ	بیشک وہ

وہ پیدا کیا گیا اُچھلتے ہوئے پانی سے، وہ نکلتا ہے پیٹھ اور سینے کے درمیان سے۔ بیشک وہ (اللہ)

عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ⑧ يَوْمَ تُبْلَى السَّرَآئِرُ ⑨ فَمَا لَهٗ مِنْ قُوَّةٍ وَّلَا نَاصِرٍ ⑩

عَلٰى	رَجْعِهٖ	لَقَادِرٌ	يَوْمَ	تُبْلَى	السَّرَآئِرُ	فَمَا	لَهٗ	مِنْ	قُوَّةٍ	وَّلَا	نَاصِرٍ
پر	دوبارہ لوٹانا	قادر	دن	جانچے جائینگے	راز	تو نہ	اس کے لئے	سے	قوت	اور نہ	مددگار

دوبارہ لوٹانے پر قادر ہے جس دن (لوگوں کے) راز جانچے جائیں گے، تو نہ اسے (انسان) کوئی قوت ہوگی اور نہ مددگار۔

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ⑪ وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ⑫ اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ⑬

وَالسَّمَآءِ	ذَاتِ الرَّجْعِ	وَالْاَرْضِ	ذَاتِ الصَّدْعِ	اِنَّهٗ	لَقَوْلٌ	فَصْلٌ
قسم آسمان کی	بارش والا	اور زمین کی	پھٹ جانے والی	بیشک وہ	کلام	فیصلہ کر دینے والا

قسم آسمان کی بارش والا اور زمین کی پھٹ جانے والی بیشک وہ کلام ہے فیصلہ کر دینے والا

وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ⑭ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ⑮ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ⑯ فَمَهِّلِ

وَّمَا	هُوَ	بِالْهَزْلِ	اِنَّهُمْ	يَكِيْدُوْنَ	كَيْدًا	وَّاَكِيْدُ	كَيْدًا	فَمَهِّلِ
اور نہیں	وہ	بیہودہ بات	بیشک وہ	تدبیر کرتے ہیں	تدبیر	اور میں تدبیر کرتا ہوں	ایک تدبیر	پس ڈھیل دو

اور وہ بیہودہ بات نہیں۔ بیشک وہ (طرح طرح کی) تدبیریں کرتے ہیں، اور میں (بھی) ایک تدبیر کرتا ہوں۔ پس ڈھیل دو

الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ﴿۱۷﴾

رُوَيْدًا	اَمْهِلْهُمْ	الْكٰفِرِيْنَ
تھوڑی	ڈھیل دو	کافر (جمع)

کافروں کو تھوڑی ڈھیل۔

آیاتھا ۱۹ — ۸۷ سُوْرَةُ الْاَعْلٰى مَكِّيَّةٌ ۸ — رکوعھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اور اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى ﴿۱﴾ الَّذِيْ خَلَقَ فَسَوّٰى ﴿۲﴾ وَالَّذِيْ قَدَّرَ

قَدَّرَ	وَالَّذِيْ	فَسَوّٰى	خَلَقَ	الَّذِيْ	الْاَعْلَى	رَبِّكَ	اسْمَ	سَبِّحِ
اندازہ ٹھہرایا	اور جس نے	پھر ٹھیک کیا	پیدا کیا	جس نے	سب سے بلند	اپنا رب	نام	پاکیزگی بیان کر

پاکیزگی بیان کر اپنے سب سے بلند رب کے نام کی، جس نے پیدا کیا پھر ٹھیک کیا، اور جس نے اندازہ ٹھہرایا

فَهَدٰى ﴿۳﴾ وَالَّذِيْ اَخْرَجَ الْمَرْعٰى ﴿۴﴾ فَجَعَلَهٗ غُثَاءً اَحْوٰى ﴿۵﴾

اَحْوٰى	غُثَاءً	فَجَعَلَهٗ	الْمَرْعٰى	اَخْرَجَ	وَالَّذِيْ	فَهَدٰى
سیاہ	خشک	پھر اسے کر دیا	چارا	نکالا (اُگایا)	اور جس نے	پھر راہ دکھائی

پھر راہ دکھائی، اور جس نے چارا اُگایا، پھر اسے خشک سیاہ کر دیا۔

سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰى ﴿۶﴾ اِلَّا مَا شَاءَ اللّٰهُ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى ﴿۷﴾

يَخْفٰى	وَمَا	الْجَهْرَ	يَعْلَمُ	اِنَّهٗ	شَاءَ اللّٰهُ	مَا	اِلَّا	فَلَا تَنْسٰى	سَنُقْرِئُكَ
پوشیدہ	اور جو	ظاہر	جانتا ہے	بیشک وہ	اللہ چاہے	جو	مگر	پھر نہ بھولیں گے آپ	ہم جلد پڑھائیں گے آپ کو

ہم جلد آپ کو پڑھائیں گے، پھر آپ نہ بھولیں گے، مگر جو اللہ چاہے، بیشک وہ جانتا ہے ظاہر بھی اور پوشیدہ بھی۔

وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرٰى ﴿۸﴾ فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى ﴿۹﴾ سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ﴿۱۰﴾

يَّخْشٰى	مَنْ	سَيَذَّكَّرُ	الذِّكْرٰى	نَّفَعَتِ	اِنْ	فَذَكِّرْ	لِلْيُسْرٰى	وَنُيَسِّرُكَ
ڈرتا ہے	جو	جلد سمجھ جائے گا	سمجھانا	نفع دے	اگر	پس سمجھا دیں	آسان طریقہ	اور ہم آپ کو سہولت دیں گے

اور ہم آپ کو آسان طریقہ کی سہولت دیں گے، پس سمجھا دیں اگر سمجھانا نفع دے، جو ڈرتا ہے وہ جلد سمجھ جائے گا،

وَيَتَجَنَّبُهَا الْأَشْقَى ﴿١١﴾ الَّذِي يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرَى ﴿١٢﴾ ثُمَّ لَا يَمُوتُ

لَا يَمُوتُ	ثُمَّ	الْكُبْرَى	النَّارَ	يَصْلَى	الَّذِي	الْأَشْقَى	وَيَتَجَنَّبُهَا
نہ مرے گا	پھر	بہت بڑی	آگ	داخل ہوگا	جو	بدبخت	اور پہلوتہی کرے گا اس سے

اور اس سے بدبخت پہلوتہی کرے گا، جو بہت بڑی آگ میں داخل ہوگا ۔ پھر نہ مرے گا

فِيهَا وَلَا يَحْيَى ﴿١٣﴾ قَدْ أَفْلَحَ مَنْ تَزَكَّى ﴿١٤﴾ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهِ فَصَلَّى ﴿١٥﴾

فَصَلَّى	رَبِّهِ	اسْمَ	وَذَكَرَ	تَزَكَّى	مَنْ	قَدْ أَفْلَحَ	وَلَا يَحْيَى	فِيهَا
پھر نماز پڑھی	اپنا رب	نام	اور یاد کیا	پاک ہوا	جو	یقیناً اس نے فلاح پائی	اور نہ جیئے گا	اس میں

اس میں اور نہ جیئے گا۔ یقیناً اس نے فلاح پائی جو پاک ہوا، اور اپنے رب کا نام یاد کیا، پھر نماز پڑھی۔

بَلْ تُؤْثِرُونَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا ﴿١٦﴾ وَالْآخِرَةُ خَيْرٌ وَأَبْقَى ﴿١٧﴾ إِنَّ هَذَا

هَذَا	إِنَّ	وَأَبْقَى	خَيْرٌ	وَالْآخِرَةُ	الدُّنْيَا	الْحَيَاةَ	تُؤْثِرُونَ	بَلْ
وہ (یہ)	بیشک	اور باقی رہنے والی	بہتر	اور آخرت	دنیا	زندگی	بڑھاتے ہو (ترجیح)	بلکہ

بلکہ تم دنیوی زندگی کو ترجیح دیتے ہو۔ اور (جبکہ) آخرت بہتر اور باقی رہنے والی ہے۔ بیشک یہ

لَفِي الصُّحُفِ الْأُولَى ﴿١٨﴾ صُحُفِ إِبْرَاهِيمَ وَمُوسَى ﴿١٩﴾

وَمُوسَى	إِبْرَاهِيمَ	صُحُفِ	الصُّحُفِ الْأُولَى	لَفِي
اور موسیٰؑ	ابراہیمؑ	صحیفے	پہلے صحیفے	میں

پہلے صحیفوں میں، ابراہیمؑ اور موسیٰؑ کے صحیفوں میں (لکھی ہوئی) ہے۔

آیاتها ٢٦ — ٨٨ سُورَةُ الْغَاشِيَةِ مَكِّيَّةٌ ٦٨ — رکوعها ١

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ

اور اللہ کے نام سے، جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

هَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ الْغَاشِيَةِ ﴿١﴾ وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ خَاشِعَةٌ ﴿٢﴾ عَامِلَةٌ نَاصِبَةٌ ﴿٣﴾

نَاصِبَةٌ	عَامِلَةٌ	خَاشِعَةٌ	يَوْمَئِذٍ	وُجُوهٌ	الْغَاشِيَةِ	حَدِيثُ	هَلْ أَتَاكَ
مشقت اٹھانیوالے	عمل کرنے والے	ذلیل و عاجز	اُس دن	کتنے منہ	ڈھانپنے والی	بات	کیا تمہارے پاس آئی

کیا تمہارے پاس ڈھانپنے والی کی بات پہنچی، کتنے ہی منہ اُس دن ذلیل و عاجز ہوں گے، عمل کرنیوالے مشقت اٹھانے والے

تَصْلٰى نَارًا حَامِيَةً ④ تُسْقٰى مِنْ عَيْنٍ اٰنِيَةٍ ⑤ لَيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ

تَصْلٰى	نَارًا	حَامِيَةً	تُسْقٰى	مِنْ	عَيْنٍ	اٰنِيَةٍ	لَيْسَ	لَهُمْ	طَعَامٌ
داخل ہوں گے	آگ	دہکتی ہوئی	پلائے جائیں گے	سے	چشمہ	کھولتا ہوا	نہیں	ان کے لئے	کھانا

دہکتی ہوئی آگ میں داخل ہوں گے، ایک کھولتے ہوئے چشمے سے (پانی) پلائے جائیں گے۔ نہ ان کے لئے کھانا ہوگا

اِلَّا مِنْ ضَرِيْعٍ ⑥ لَّا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِيْ مِنْ جُوْعٍ ⑦ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ

اِلَّا	مِنْ	ضَرِيْعٍ	لَا يُسْمِنُ	وَلَا يُغْنِيْ	مِنْ	جُوْعٍ	وُجُوْهٌ	يَوْمَئِذٍ
مگر	سے	خاردار گھاس	نہ موٹا کرے گی	اور نہ بے نیاز کرے گی	سے	بھوک	کتنے منہ	اس دن

مگر خاردار گھاس سے، جو نہ موٹا کرے گی، نہ بھوک سے بے نیاز کرے گی۔ کتنے ہی منہ اُس دن

نَّاعِمَةٌ ⑧ لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ ⑨ فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ⑩ لَّا تَسْمَعُ فِيْهَا

نَاعِمَةٌ	لِسَعْيِهَا	رَاضِيَةٌ	فِيْ	جَنَّةٍ	عَالِيَةٍ	لَا تَسْمَعُ	فِيْهَا
تروتازہ	اپنی کوشش سے	خوش خوش	میں	باغ	بلند	نہ سنیں گے	اس میں

تروتازہ ہوں گے اپنی کوشش (کمائی) سے خوش خوش، بلند باغ میں، اس میں نہ سنیں گے

لَاغِيَةً ⑪ فِيْهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ ⑫ فِيْهَا سُرُرٌ مَّرْفُوْعَةٌ ⑬ وَّاَكْوَابٌ

لَاغِيَةً	فِيْهَا	عَيْنٌ	جَارِيَةٌ	فِيْهَا	سُرُرٌ	مَرْفُوْعَةٌ	وَاَكْوَابٌ
بیہودہ بکواس	اس میں	چشمہ	بہتا ہوا	اس میں	تخت	اونچے اونچے	اور آبخورے

بیہودہ بکواس، اس میں ایک بہتا ہوا چشمہ ہے۔ اس میں اونچے اونچے تخت ہیں، اور آبخورے

مَّوْضُوْعَةٌ ⑭ وَّنَمَارِقُ مَصْفُوْفَةٌ ⑮ وَّزَرَابِيُّ مَبْثُوْثَةٌ ⑯ اَفَلَا يَنْظُرُوْنَ

مَوْضُوْعَةٌ	وَنَمَارِقُ	مَصْفُوْفَةٌ	وَزَرَابِيُّ	مَبْثُوْثَةٌ	اَفَلَا يَنْظُرُوْنَ
چنے ہوئے	اور غالیچے	برابر بچھے ہوئے	اور گدّے	بکھرے ہوئے	کیا وہ نہیں دیکھتے؟

چنے ہوئے، اور غالیچے برابر بچھے ہوئے، اور گدّے بکھرے ہوئے (پھیلے ہوئے)۔ کیا وہ نہیں دیکھتے؟

اِلَى الْاِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ ⑰ وَاِلَى السَّمَآءِ كَيْفَ رُفِعَتْ ⑱ وَاِلَى الْجِبَالِ

اِلَى	الْاِبِلِ	كَيْفَ	خُلِقَتْ	وَ	اِلَى	السَّمَآءِ	كَيْفَ	رُفِعَتْ	وَاِلَى	الْجِبَالِ
طرف	اونٹ	کیسے	پیدا کئے گئے	اور	طرف	آسمان	کیسے	بلند کیا گیا	اور طرف	پہاڑ

اونٹ کی طرف کہ کیسے پیدا کئے گئے اور (نہیں دیکھتے) آسمان کی طرف کیسے بلند کیا گیا؟ اور پہاڑ کی طرف (نہیں دیکھتے)

كَيْفَ نُصِبَتْ ﴿١٩﴾ وَإِلَى الْأَرْضِ كَيْفَ سُطِحَتْ ﴿٢٠﴾ فَذَكِّرْ إِنَّمَا أَنْتَ مُذَكِّرٌ ﴿٢١﴾

كَيْفَ	نُصِبَتْ	وَ	إِلَى	الْأَرْضِ	كَيْفَ	سُطِحَتْ	فَذَكِّرْ	إِنَّمَا	أَنْتَ	مُذَكِّرٌ
کیسے	کھڑے کئے گئے	اور	طرف	زمین	کیسے	بچھائی گئی	پس سمجھاتے رہیں	صرف	آپ	سمجھانے والے

کیسے کھڑے کئے گئے؟ اور زمین کی طرف (نہیں دیکھتے) کیسے بچھائی گئی؟ پس آپ سمجھاتے رہیں آپؐ صرف سمجھانے والے ہیں۔

لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ ﴿٢٢﴾ إِلَّا مَنْ تَوَلَّى وَكَفَرَ ﴿٢٣﴾ فَيُعَذِّبُهُ اللَّهُ

لَسْتَ	عَلَيْهِمْ	بِمُصَيْطِرٍ	إِلَّا	مَنْ	تَوَلَّى	وَكَفَرَ	فَيُعَذِّبُهُ	اللَّهُ
نہیں آپؐ	ان پر	داروغہ	مگر	جو۔جس	منہ موڑا	اور کفر کیا	پھر اسے عذاب دے گا	اللہ

آپؐ اُن پر داروغہ نہیں، مگر جس نے منہ موڑا اور کفر کیا (منکر ہو گیا) پھر اللہ اسے عذاب دے گا

۱ ع ۲۶ ۱۳

الْعَذَابَ الْأَكْبَرَ ﴿٢٤﴾ إِنَّ إِلَيْنَا إِيَابَهُمْ ﴿٢٥﴾ ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ ﴿٢٦﴾

الْعَذَابَ	الْأَكْبَرَ	إِنَّ	إِلَيْنَا	إِيَابَهُمْ	ثُمَّ	إِنَّ	عَلَيْنَا	حِسَابَهُمْ
عذاب	بڑا	بیشک	ہماری طرف	ان کا لوٹنا	پھر	بیشک	ہم پر	ان کا حساب

بڑا عذاب ۔ بیشک انہیں ہماری طرف لوٹنا ہے، پھر بیشک ہم پر ہے (ہمارا کام ہے) اُن کا حساب لینا۔

النصف

آیاتہا ۳۰ — ## ۸۹ = سُورَةُ الْفَجْرِ مَكِّيَّةٌ = ۱۰ — رکوعہا ۱

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

وَالْفَجْرِ ﴿١﴾ وَلَيَالٍ عَشْرٍ ﴿٢﴾ وَالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ ﴿٣﴾ وَاللَّيْلِ إِذَا يَسْرِ ﴿٤﴾ هَلْ

وَالْفَجْرِ	وَلَيَالٍ	عَشْرٍ	وَالشَّفْعِ	وَالْوَتْرِ	وَاللَّيْلِ	إِذَا	يَسْرِ	هَلْ
قسم فجر کی	اور راتوں کی	دس	اور جفت کی	اور طاق کی	اور رات کی	جب	چلے	کیا

قسم فجر کی، اور دس راتوں کی، اور جُفت اور طاق کی، اور رات کی جب وہ چلے، کیا اس میں

فِي ذَٰلِكَ قَسَمٌ لِذِي حِجْرٍ ﴿٥﴾ أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ ﴿٦﴾ إِرَمَ

فِي	ذَٰلِكَ	قَسَمٌ	لِذِي حِجْرٍ	أَلَمْ تَرَ	كَيْفَ	فَعَلَ	رَبُّكَ	بِعَادٍ	إِرَمَ
میں	اس	قسم	ہر عقلمند کے نزدیک	کیا تم نے نہیں دیکھا	کیسا	معاملہ کیا	تمہارا رب	عاد کے ساتھ	ارم

(ان چیزوں کی) قسم ہر عقلمند کے نزدیک معتبر ہے؟ کیا تم نے نہیں دیکھا تمہارے ربّ نے کیا معاملہ کیا؟ عاد کے ساتھ، ارم کے

ذَاتِ الْعِمَادِ ﴿۷﴾ الَّتِي لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا فِي الْبِلَادِ ﴿۸﴾ وَثَمُودَ الَّذِينَ

ذَاتِ الْعِمَادِ	الَّتِي	لَمْ يُخْلَقْ	مِثْلُهَا	فِي	الْبِلَادِ	وَثَمُودَ	الَّذِينَ
ستونوں والے	وہ جو	نہیں پیدا کیا گیا	اس جیسا	میں	شہر (جمع)	اور ثمود	جنہوں نے

ستونوں والے، اس جیسا شہروں میں پیدا نہیں کیا گیا۔ اور ثمود کے ساتھ، جنہوں نے

جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ ﴿۹﴾ وَفِرْعَوْنَ ذِي الْأَوْتَادِ ﴿۱۰﴾ الَّذِينَ طَغَوْا فِي الْبِلَادِ ﴿۱۱﴾

جَابُوا الصَّخْرَ	بِالْوَادِ	وَ	فِرْعَوْنَ	ذِي الْأَوْتَادِ	الَّذِينَ	طَغَوْا	فِي الْبِلَادِ
کاٹے (تراشے) سخت پتھر	وادی میں	اور	فرعون	میخوں والا	وہ جو	سرکشی کی	شہروں میں

وادی میں سخت پتھر تراشے، اور میخوں والے فرعون کے ساتھ، جس نے شہروں میں سرکشی کی،

فَأَكْثَرُوا فِيهَا الْفَسَادَ ﴿۱۲﴾ فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ ﴿۱۳﴾

فَأَكْثَرُوا	فِيهَا	الْفَسَادَ	فَصَبَّ	عَلَيْهِمْ	رَبُّكَ	سَوْطَ	عَذَابٍ
بہت کیا	اس میں	فساد	پس ڈالا	ان پر	تمہارا رب	کوڑا	عذاب

پھر ان شہروں میں بہت فساد کیا۔ پس اُن پر تمہارے رب نے عذاب کا کوڑا ڈالا (پھینکا)۔

إِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ ﴿۱۴﴾ فَأَمَّا الْإِنْسَانُ إِذَا مَا ابْتَلَاهُ رَبُّهُ فَأَكْرَمَهُ

إِنَّ	رَبَّكَ	لَبِالْمِرْصَادِ	فَأَمَّا	الْإِنْسَانُ	إِذَا	مَا ابْتَلَاهُ	رَبُّهُ	فَأَكْرَمَهُ
بیشک	تمہارا رب	گھات میں	پس جو	انسان	جب	اس کو آزمائے	اس کا رب	اس کو عزت دے

بیشک تمہارا رب گھات میں ہے۔ پس انسان کو جب اس کا رب آزمائے، پھر اس کو عزت دے

وَنَعَّمَهُ فَيَقُولُ رَبِّي أَكْرَمَنِ ﴿۱۵﴾ وَأَمَّا إِذَا مَا ابْتَلَاهُ فَقَدَرَ عَلَيْهِ رِزْقَهُ

وَنَعَّمَهُ	فَيَقُولُ	رَبِّي	أَكْرَمَنِ	وَأَمَّا + إِذَا	مَا ابْتَلَاهُ	فَقَدَرَ	عَلَيْهِ	رِزْقَهُ
اور اسے نعمت دے	تو وہ کہے	میرا رب	مجھے عزت دی	اور جب	اسے آزمائے	اندازہ سے دیتا ہے	اس پر	اس کا رزق

اور نعمت دے، تو وہ کہے میرے رب نے مجھے عزت دی اور جب اُسے آزمائے اور اسے روزی اندازہ (تنگ کرکے) دے

فَيَقُولُ رَبِّي أَهَانَنِ ﴿۱۶﴾ كَلَّا بَلْ لَا تُكْرِمُونَ الْيَتِيمَ ﴿۱۷﴾ وَلَا تَحَاضُّونَ

فَيَقُولُ	رَبِّي	أَهَانَنِ	كَلَّا	بَلْ	لَا تُكْرِمُونَ	الْيَتِيمَ	وَلَا تَحَاضُّونَ
تو وہ کہے	میرا رب	مجھے ذلیل کیا	ہرگز نہیں	بلکہ	عزت نہیں کرتے	یتیم	اور رغبت نہیں دیتے

تو کہے کہ میرے رب نے مجھے ذلیل کیا۔ ہرگز نہیں بلکہ تم یتیم کی عزت نہیں کرتے، اور رغبت نہیں دیتے

